مرتبہ

ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاوی

استاذِ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

مرتبہ

ابو الفضل مولانا عبد الحفیظ بلیاوی

استاذِ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

اَمَّا بَعْدُ! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کی طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو' ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا' لیکن اپنی کم مائیگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثناء میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی' پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انہوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کرسکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہرحال مادری زبان نہیں ہے جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہرکیف اس احساس کے ساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے **تاج العروس' جمهرة اللغة' اقرب الموارد' قاموس کتاب الافعال لابنِ قوطیہ' تاج اللغات' مفرداتِ امام راغب' مجمع البحار' نہایہ ابنِ اثیر' منتهی الارب المنجد' صراح** یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مُراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامن عفو سے چھپائیں اور ہوسکے تو مجھے اطلاع کردیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کردی جائے' چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لیے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے **مصباح اللغات** تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دُشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہارِ تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کرچکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مدظلہ' نے دست گیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کرلیا' ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اس کی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا' اس لیے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے' دہلی کے ۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرولباغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہوگیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا' تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہوگی اگر صدیق مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی وارد حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن ندوی صاحب کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے مؤخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہنچایا خُدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی غفرلہ

دارالعلوم ندوۃ العلماء۔ بادشاہ باغ لکھنؤ

۱۰/شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۸/ مئی ۱۹۵۰ء

مصباح اللغات کے رموز و اشارات

فا	سے مراد اسم فاعل	مص	سے مراد مصدر	(س)	سے مراد باب سمع یسمع
مفع	سے مراد اسم مفعول	(ض)	سے مراد باب ضرب یضرب	(ک)	سے مراد باب کرم یکرم
ج	سے مراد جمع	(ن)	سے مراد باب نصر ینصر	(ح)	سے مراد باب حسب یحسب
جج	سے مراد جمع الجمع	(ف)	سے مراد باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی احکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تحلیہ: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صینونت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔

(۲۶) **قصر**: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) **لزوم و علاج**: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) **لیاقت**: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) **مبالغہ**: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) **مطاوعت**: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) **موافقت**: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) **نسبت بماخذ**: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) **اعطاء ماخذ**: ماخذ دینا۔

(۳۴) **تشارک**: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) **ابتداء**: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق - مہربانی کرنا) (۵)

(۲) **بلوغ**: جیسے اَعْرَقَ - عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) **تصبیر**: جیسے اَشْرَكَ النَّعْلَ - اس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) **تعدیہ**: جیسے اخرج - نکالا۔ (۱)

(۵) **تعریض**: جیسے اَبْعَثُ الحِمارَ - میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) **حینونت**: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ - کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) **لیاقت**: جیسے اَلامَ الفرعُ - سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) **سلب**: جیسے اَشْكَيْتُهُ - میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)

(۹) **صیرورت**: جیسے اَلْبَنَ البقرُ - گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)

(۱۰) **مبالغہ**: جیسے اَثْمَرَ النخلُ - کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) **نسبت بماخذ**: جیسے اَكْفَرْتُهُ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) **وجدان**: جیسے اَبْخَلْتُهُ - میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) **موافقت**: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلته یعنی فسخته (۳۱)

باب تفعیل

(۱) **ابتداء**: جیسے کَلَّمَ - اس نے کلام کیا (مجرد کلم - زخمی کرنا) (۵)

(۲) **الباس ماخذ**: جیسے جلل الفرس = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) **بلوغ**: جیسے خَیَّمَ - وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) **تحویل**: جیسے نَصَّرَ - اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) **تخلیط**: جیسے ذَهَّبَ - اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) **تصییر**: جیسے وَتَّرَ القَوْسَ - اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) **تعدیہ**: جیسے فَرَّحَنِیْ = اس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) **سلب**: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ - اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) **صیرورت**: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ - درخت شگوفہ دار ہو گیا۔ (۲۴)

(۱۰) **قصر**: جیسے هَلَّلَ - اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) **مبالغہ**: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) **نسبت بماخذ**: جیسے فَسَّقَنِیْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلہ

(۱) **اشتراک**: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) **موافقت مجرد**: جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُهُ بمعنی اَبْعَدْتُهُ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ (۳۱)

باب تفعل

(۱) **ابتداء**: جیسے تَكَلَّمَ = اس نے کلام کیا (۵)

(۲) **اتخاذ**: جیسے تَوَسَّدَ الْحَجَرَ = اس نے اپنے پتھر کو تکیہ بنایا۔ (۶)

(۳) **تجنب**: جیسے تَاَثَّمَ - اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) **تحول**: جیسے تَنَصَّرَ - وہ نصرانی ہو گیا۔ (۱۲)

(۵) **تعمل**: جیسے تَخَتَّمَ اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) **تدریج**: جیسے تَجَرَّعَ - اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف : جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔(۲۰)

(۸) صیرورت : جیسے تموّل = وہ مالدار ہو گیا(۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّل : جیسے علمته فَتَعَلَّمَ۔ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔(۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء : جیسے تَبَارَكَ اللّٰهُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اُونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک : جیسے تشاتما۔ دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔(۳۴)

(۳) تخیل : جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)

(۴) مطاوعت فاعَل : جیسے بَاعَدتُهٗ فَتَبَاعَدَ۔ میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہو گیا۔(۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء : جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا(مجرد طَلَقَ)(۵)

(۲) لزوم و علاج : جیسے اِنْكَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت فعل: جیسے كَسَرْتُه فَانْكَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفْعَلَ : جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)

فائدہ - باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ : جیسے اِخْتَجَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۶)

(۲) تخییر : جیسے اِكْتَالَ الشَّعِيْرَ = اُس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف : جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)

(۴) مطاوعت فَعَّل : جیسے غممته فاغتمّ۔ میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)

(۵) طلب : جیسے اِكْتَدَّ فُلَانًا۔ اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)

(۶) موافقت فَعَل : جیسے اجتذب بمعنی جذب

موافقت تفاعل : جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ(۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب : جیسے استطعمته۔ میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)

(۲) لیاقت : جیسے استرقع الثوب۔ کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)

(۳) وجدان : جیسے استکرمته۔ میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔(۴)

(۴) حسبان : جیسے اِسْتَحْسَنْتُهٗ۔ میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)

(۵) تحول : جیسے اِسْتَحْجَرَ الطين = مٹی پتھر بن گئی(۱۲)

(۶) اتخاذ : جیسے استوطن القریٰ۔ اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)

(۷) تکلف : جیسے اِسْتَجْرَأَ۔ اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)

(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ۔ اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن کہا۔(۲۶)

(۹) مطاوعت اَفعل : جیسے اَقَمْتُه فَاسْتَقَامَ۔ میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد : جیسے قَرَّ واِسْتَقَرَّ(۳۱)

موافقت اَفعل : جیسے اَجَاب واِسْتَجَابَ(۳۱)

(۱۱) ابتداء : جیسے اِسْتَعَانَ۔ زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ۔ رات بہت تاریک ہو گئی(۲۹)

فائدہ۔ اکثر یہ باب الوان و عیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب إفْعِيْعَال

(۱) مبالغہ : جیسے اِخْدَوْدَبَ۔ بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)

(۲) موافقت مجرد : جیسے اِحْلَوْلَى التَّمَرُ بَمَعنی حَلاَ(۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ : جیسے اِجْلَوَّذَ۔ وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ : جیسے اِحْمَارَّ۔ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)

یہ باب الوان و عیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت : جیسے دَحْرَجْتَهٗ فَتَدَحْرَجَ۔ میں نے اسے لڑھکا

دیا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم' مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالة ہے جیسے زِراعَة' تجارة' حیاکة۔

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلان ہے جیسے غَلَیان' جَولان' خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیْل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیْر' نَئِیْم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَة' زُرْقَة' خُضْرة۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فعل کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة' نَبَاهَة' فَصَاحَةٌ۔

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ۔

(۳) فعل لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ کے وزن پر جیسے فَهِم' نَصر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة' قَدَّمَ تقدمة۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنبِئَة وطّأ توطِئَة' هنَّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلَّى تحليه' زكى تزكية اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوسَّمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَةً کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ' مُیَاسَرَةً' یَامَنَ مُیَامَنَةً اور بَاوَمَ مُبَاوَمَةً و یَوامًا شاذ ہے۔

اَفعَلَ کا مصدر اِفعَالٌ ہے جیسے اکرَمَ اِکرَا اور اگر عین کلمہ میں حرفِ علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتة' اغاث اغاثة' اشار اشارة۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرفِ علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأنَّى' تَأنِّيًا' تفاضى تَفَاضِيًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر افْتِعَال' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال' اِفْعَوعَل کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا۔ انطلق اِنْطِلاَقًا' اِخْدَوْدَبَ اِخْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِستَقَامَ اِستِقَامَةً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَة اور فِعْلاَل ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلٌ اِفْعَلَّلَ کا اِفْعِلاَّلٌ ہے جیسے تدحرج تدحرجًا۔ احرنجم احرنجامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا۔

فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَربًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے منظر، مضرب، مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیْئٌ، مَرْجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِقٌ، مَقِیْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے موردٌ، مَوعِدٌ، مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر، مصطبَر، مزدَحم۔

اسم مرۃ و اسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فعلۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَۃً، جَلَسْتُ جَلسَۃً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُّ اِلتِفَاتَۃً، انطلقتُ انْطلاَقَۃً۔ اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربتہ ضربۃ واحدۃ، قاتلتہ مقاتلۃ، لا غیر وما التفت الیہ الا التفاتۃ وَاجِبَۃً اجابۃ فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفۃ الاسد ومشی مِشْیَۃَ المُخْتَالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقۃ، قبیح المعاشرۃ

ظرفِ مکان و ظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر، مَفْتَحْ، مَنْمَعْ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس، مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَطْلِعٌ، مَجزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَفْرِقٌ، مَسْکِنٌ، مَنْسِکٌ، مَنْبِتٌ، مَسْقِطٌ۔

مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد، مَوجِل، مَطْوٰی، مرمٰی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مفعلۃ کا وزن مقرر ہے، جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ۔ جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ۔ جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ۔ جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مفتاحٌ۔ مِفْعَلَۃٌ جیسے مِکْنَسَۃٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ، مُدھُن، مکحلۃ، مدق، مُسعُط، مَنَارَۃٌ، مُشط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے

کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے
قَدُوْم' سِکِّیْن' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقَبَّلٌ۔ مُکْرَمٌ۔ مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ۔ اَمْلَحَ سے مَالِحٌ۔ ایفع سے یَافِعٌ۔اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّہٗ سے مَحْبُوْبٌ۔ اَجَنَّہٗ سے مَجْنُوْنٌ۔ حَمَّہٗ سے مَحْمُوْمٌ۔اَزْکَمَہٗ سے مَزْکُوْمٌ۔ اَسَلَّہٗ سے مَسْلُوْلٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبّہ

صفت مُشبّہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' کَرِیْمٌ' لَیِّنٌ' سَہل' صَعْبٌ' لقیان' غضبَان' کسول' عطشٰی' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعوج' ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبّہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقیم

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً۔ اشد استِخرَاجًا۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد' حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "ھذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَالِکَ" میں اَخْصَرُ' اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "مابا لبادیة انوا منه" میں انواء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پتھر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں :

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ۔ نَصَّار۔ فَعَّالَةٌ جیسے عُلَّامَةٌ وَفهامة۔ فِعِّیل جیسے صِدِّیق و سکِّیر۔ مفعیل جیسے مِسْکِیْنٌ وَ مِعْطِیْرٌ۔ مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام۔ فعلة جیسے ضحکة وضُجْعَةٌ۔ فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ' وَحَذِرٌ۔ فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ' وَعَظِیْمٌ۔ فَعُوْلٌ جیسے

كَذُوْبٌ۔ وَدُوْدٌ۔ فَاعِلَةٌ جیسے رَاوِيَةٌ ۔ فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ۔ فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ۔ مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ۔ فُعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ۔ مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاكٌ اَدْرَكَ سے۔ معطاء اعطى سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ۔ اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ۔ اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامه، فهامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر، امراة نصيرة"۔ "جاء نصير و نصيره" ۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہو گی جیسے "زيد قتيل"۔ وانت المرأة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب وحبيبة۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیٰی البتول، مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول وبتولةٌ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول وتلك رسولة۔ وجاء رسل و رسولة۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة، قوة، نعمة، قدرة، الف مقصورہ جیسے عذرىٰ، فضلىٰ، كبرىٰ، عظمىٰ الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بيضاء، زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة، نخلة، ارطى وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی، مؤنث معنوی، مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں، جیسے اُخت، اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لیے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد، مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المبتكر في ما يتعلق بالمؤنث والمذكر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے، مشہور اسماء درج ذیل ہیں :

اتان، اذن، ارض، ارنب، اروىٰ، است، اصبع، افعىٰ، افق، بئر، باع، بنصر، ثعلب، جحيم، جهنم، حرب، خنصر، دار، دبر، ذراع، رجل، رحىٰ، ريح، سعير، سقر، سن، ساق، شمس، شمال، ضبع، عروض، عصا، عقب، عين، غول، فاس، فخذ، فلك، قدم، قدوم، قوس، كاس، كتف، كرش، كف، نار، نعل، ناب، ورك، يد، يمين، ينبوع۔

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء، قبول، جنوب، دبور، شمال، ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں الريح مؤنثة لاعلامة فيها وكذلك سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذكر ۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں : ابط، ابهام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سریٰ، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم، سماء، سوق، صاع، ضحیٰ، طرس، طریق، عجز، عضد،

عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قمیص، کبد اللسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء،
انہی کے ساتھ حروفِ تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔
کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نونِ مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان" - رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔
اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمٰن"
اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک۔
اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامٍ رامیان، داعٍ داعیان۔
اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان۔ فتی سے فتیان۔
اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قہقرآن، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقھریان، خوزلیان ہوتے۔
اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضرا سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالا سے لالاءان۔ قُرّاء سے قُرّاءان۔
اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔
ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابوتھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔
اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنۃ، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعا، کل، اور عریب، دیار، اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"۔
اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحۃ باجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واونون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف

اضافت کریں گے مثلاً ذو و معدی کرب، ذوو، علیک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکور و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علاّمة کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون، عالمون، عِلِیُّوْنَ، اهلوْن، بنون، سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات، مسلمة سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات، شجرة سے شجرات، امراۃ، شاۃ، قلة، أَمَةٌ، مِلَةٌ، شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات، امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حمی سے حمیات۔

اور ان اسماءِ مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے، جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات، سُرادقات، شمالات، امہات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، قناصل، بطارکة، کراولة۔

تنبیہ :۔ اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعلَ اور فَعلَةٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرة تمرات۔ رَحْمَةٌ رَحَمَاتٌ۔

اور اگر فِعْلٌ یا فُعْلٌ کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَةٌ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات، حُجْرَةٌ سے حُجَرَات، حُجرَات، حُجُرَات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوزَةٌ سے جَوزَات، بیعة سے بیعات

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیة سے رَمَیات اور زُقوة سے زُقَوات، زُقُوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہو گا۔ جیسے ضَمَّة سے ضَمَّات۔ عزَّة سے عزات۔

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْث سے بُعث۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں : جمع قلت، جمع کثرت۔

جمع قلة وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں :

اَفْعَال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالٌ۔ اَفْعُل جیسے نسر سے انھر۔ اَفعِلَةٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَةٌ۔ فِعْلَةٌ سے فعلة جیسے فتی سے فتیة۔

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مُراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوخُ لَا تَکُوْنُوا کالفِتیَةِ۔ احفَظُوا اَنْفُسَکُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلة کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَةٌ کی جمع جیسے غُلْبَةٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُرَّةٌ کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَةٌ کی جمع جیسے قِطعَةٌ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی۔ لحیة کی جمع ۔لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' حندس کی جمع حنادس' اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج' اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعِل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف' رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) اَفَاعِل افعل (بتثلیث الھمزہ) کی جمع اَفَاعِل اِصبعُ کی جمع جیسے اصابع اُنملة کی جمع اَنَامِل 'اجدل کی جمع اجادل۔

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب

اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفعَلَة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسة کی جمع مکانس۔

(۱۰) مفاعیل مَفَاعیل اور مَفعِیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع و شبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رہط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقہ۔ ہے' ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوس۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام' رفقہ۔ کی جمع رفق' نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مُشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہٗ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو' جیسے صادق صادقہ۔ ' عالم' عالمہ' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکریٰ' ظمآن سے ظمایٰ لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں: الیان' حبلان' خمصان' سخنان' صحیان' ضحیان' قشوان'

مَصَّان، موتان، ندمان، نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشٰی اور عطشانۃ، غضبان سے غضبٰی اور غضبانۃ۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء، اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لیے مؤنث کا صیغہ فعلٰی ہے جیسے اکرم سے کُرمٰی۔ اصغر سے صغرٰی لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حُلیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) فَعَّالَۃٌ جیسے رَجلٌ فَهَّامَۃٌ، اِمرَأۃٌ فَهامَۃٌ۔

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجلٌ مِفضَالٌ، امراۃٌ مِفضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ، امراۃٌ مِعطِیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغشَمٌ، اِمرَأۃٌ مِغشَمٌ۔

(۵) فُعَلَۃٌ اور فُعْلَۃٌ جیسے رجل ضُحَکَۃٌ امراۃ ضحکۃ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکۃ۔ بہت ہنسنے والا۔ ہمزۃ۔ بہت عیب لگانے والا هُزَأۃٌ۔ بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور، غُلَامٌ قتیل، امراۃ قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ، عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراۃ عقیم، یُحیی العِظَام وھی رَمِیمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق، مرضع، حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فَهِیَ مُرضِعَۃٌ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زُرْقٌ، اَعْرج کی عُرْجٌ، اعمٰی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غِید، بِیض، هِیف، اِغید، اِبیض، اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالٰی یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکارٰی و حیارٰی سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ، رماۃ، غزاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غزیۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت، درد یا تَشَتُّتْ کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلٰی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحٰی، صریع کی جمع صرعٰی، شتیت کی جمع شتٰی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضٰی —— یا فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکٰی۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ، فَعَلَۃٌ، فُعَّل، فَوَاعِلُ، فُعَلاءُ اور اِفعِلاء۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کتبۃ، ظالم کی جمع ظَلَمَۃ۔

فَعَلَۃٌ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سائقۃ، باعۃ، حاکۃ،

صاغة کہ اصل میں صوغة 'بیعة' حیکة 'صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّدٌ ساجِد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اُناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر' عَاقِر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر' کُبر۔ صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع الافاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مِصْرِیٌّ۔

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِیٌّ اور مَلِكٌ میں مَلَکِیٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عَصَوِیٌّ۔ فتی سے فَتَوِیٌّ۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واوٴ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمِیٌّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرمِیٌّ اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لیے ہو خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبلِّی اور ذِفِرِیٌّ کہا جائے گا اور واو سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واوٴ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِیٌّ۔ دُنیَاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واوٴ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌّ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہو تو واوٴ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوِی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِیٌّ۔ ماضٍ سے ماضِی اور واوٴ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌّ' ماضویٌّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلیٌّ' معتدی سے معتدیٌّ۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واوٴ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِیٌّ سے غَنَوِیٌّ۔ عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے

مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلة کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلة میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَيْلِيٌّ۔ قصی سے قُصَوِيٌّ۔ قُلَيلَةٌ سے قُلَيْلِيٌّ۔ اُمَيْمَةُ سے اُمَيْمِيٌّ۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوة سے قَلَنِسِيٌّ اور ترقوة سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَيَوِيٌّ۔

اور اگر دوسری یاء واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جاوے گی جیسے طی سے طَوَوِيٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنة کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِيٌّ دَمَوِيٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیّ۔ دمیّ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویّ اور بنویّ کہنا جائز ہے اور ابنیّ و اسمیّ بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنة سے سنوی' لغة سے لغوی اور زِنَةً سے وَزْنِيٌّ اور صِلَةٌ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی۔ عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے ابابیل و منادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماءِ صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکة سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔ اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی' عبد الاشہل سے اشہلی' ابوبکر سے بکری عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین إبل سے عینی' ابلی وادی آش سی وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطیّ' ذرحبًا سے ذریّ۔

حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کے تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

اسم		نسبت	اسم		نسبت	اسم		نسبت
الف کبیر	سے	أُنالِيٌّ	حروراء	سے	حَرُورِيٌّ	رَوحاء	سے	رَوحانِيٌّ
أُمَيَّه	"	أُمَوِيٌّ	حرمين	"	حِرْمِيٌّ	رے	"	رَازِيٌّ
بادِيَه	"	بَدَوِيٌّ	حضرموت	"	حَضرَمِيٌّ	رباب	"	رُبِيٌّ
بحرين	"	بِحرَانِيٌّ	خُزينة	"	خُزَنِيٌّ	سهل	"	سهلِيٌّ
بهراء	"	بَهْرَانِيٌّ	دهر	"	دُهرِيٌّ	سليقة	"	سَلِيقِيٌّ
تهامة	"	تهامِيٌّ یا تَهَام	دَير	"	دَيرانِيٌّ	سليمة الازد	"	سُلَيمِيٌّ
تيم اللات	"	تَيمَلِيٌّ	داريًّا	"	دَارَانِيٌّ	سُلَيمٌ	"	سُلَمِيٌّ
ثقيف	"	ثَقَفِيٌّ	رب	"	رَبَّانِيٌّ	شام	"	شامٍ
جمة عظيمة	"	جُمَّانی	رقبة عظيمة	"	رقبانِيٌّ	شعر كثير	"	شعرانِيٌّ
جذيمة	"	جذمِيٌّ	رامهرمز	"	رامِيٌّ	صدر كبير	"	صدرانِيٌّ
جلولاء	"	جَلُوَلِيٌّ	ردينه	"	رُدِيْنِيٌّ	صنعاء	"	صنعانِيٌّ
بنی الحبلی	"	حُبَلِيٌّ	روح	"	رُوحَانِيٌّ	طبيعة	"	طبيعِيٌّ
طيّی	"	طَائِيٌّ	فُقيم كنانه	"	فُقَمِيٌّ	مرو الشاهجهانی		مَروَزِيٌّ
عميرة كلب	"	عُمَيْرِيٌّ	فراهيد	"	فُرهُودِيٌّ	امروٴالقيس	"	مَرَقِسِيٌّ
بنی عبيده	"	عَبَدِيٌّ	قويم	"	قُوَمِيٌّ	هجر	"	هَاجرِيٌّ
عبد شمس	"	عَبشَمِيٌّ	قريش	"	قُرَشِيٌّ	هُذَيْلٌ	"	هُذَلِيٌّ
عبدالدار	"	عَبدَرِيٌّ	كنت	"	كُنتِيٌّ	انباط	"	نُبَاطِيٌّ یا نباطٍ
عبد قيس	"	عَبقَسِيٌّ	لحية عظيمة	"	لُحيانِيٌّ	ناصره	"	نَصْرَانِيٌّ
عبدالله	"	عبدلِيٌّ	مُليح خزاعة	"	مُلَحِيٌّ	يمن	"	يَمَانٍ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب۔ عبد سے عُبَید۔ رُجَل سے رجیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جَعفَر سے جُعَیفِرٌ۔ سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیلٌ کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیسٌ مضراب سے مُضَیرِیبٌ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائد تان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہو گا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرة کی تصغیر ثُمَیرَۃ بشریٰ کی بشیری۔ سمرا کی سمیراء۔ سکران۔ سکیرَان۔ غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة۔ شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہو گا ظاہر نہیں کریں گے' مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسة کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرفِ علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نییب ہو گی۔ اس لیے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوید ہونا چاہیے تھا اور اگر واو' یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیَّ' دلوٌ سے دُلَیَّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیْل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفر اور سلطان سے سُلَیْطِیْنٌ۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفة الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہو گی۔ اُبَیّ' اُخَیّ' دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی' تصغیر بُنَی ہو گی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنة عدة کی تصغیر و زینة وُعَیدَةُ ہو گی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّةُ بُنَیَّة آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفة کی اریغفة ہو گی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہو گی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واو نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہو گی اور اگر مذکر لا یعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات دِرہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہو گی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبید اللہ ہو گی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہو گی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضر موت کی تصغیر حضیر موت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسة عشر کی خمیسة عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ :

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔ ابیحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی' اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیة' عشیة کی۔ اُصَیبِیَة۔ صبیة۔ اغیلمة غلمة کی۔ اسی طرح قویس۔ ذُریع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونے چاہیے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد :

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف مُتَّصِل ہو جیسے باجمل' لافضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لیے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر

دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس یئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثنائے کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل الذن" اور "هذا الذی اؤتمنت علیه" اور ہمزہ متوسط متحرکہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ وکسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رمال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یا دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائہ بقاءہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شیءٌ فَیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے هَیُؤَ' لکأَ' ظَمِئَ۔

التَّلَب: نقصان۔ کہا جاتا ہے "تَبًّالَهُ و تَلْبًا" یعنی اللہ اس کے لیے نقصان وہلاکت کو لازم کرے۔

المَتالِب: ہلاکت کی جگہیں۔

التَّالِب: پہاڑی بکرا۔ مؤنث تَالِبَة۔

التَّوْلَب: گدھے کا بچہ۔ ج تَوَالِب۔

اُمُّ تَوْلَب: گدھی۔

التُّلْج: عقاب کا چوزہ۔

تَلَدَ (ض ن) تُلُوْدًا۔ الْمَالُ كَالابل وَالغنم: خاندان میں پرانے زمانے سے مال کا ہونا۔ صفت (تالِدٌ و تَلْدٌ و تُلْدٌ و تَلَدٌ و تِلادٌ و تَلِيدٌ) اور اس کے خلاف طارِفٌ وَطَرِيفٌ ہے۔ (___ ن وَ تَلِدَ) (س) فِي الْقَوْمِ و بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہتے ہیں "تَلِدَ فُلَانٌ عِنْدَنَا" یعنی فلاں کے ماں باپ ہمارے ہی یہاں پیدا ہوئے۔

اَتْلَدَ۔ الرَّجُلُ: موروثی مال والا ہوا۔ مال حاصل کرنا۔

تَلَّدَ: مال جمع کرنا۔

التُّلْد: عقاب کا چوزہ۔

التِلِسْكُوب: دوربین (جدید) اس کے لیے عربی معرب ہے۔

التِّلِّيْسَةُ: خصیہ۔

تَلَّصَهُ تَتْلِيْصًا: نرم وہموار کرنا۔

تَلَعَ (ف) تَلْعًا و تُلُوْعًا۔ النَّهَارُ: دن چڑھنا۔ الضُّحٰى: چاشت کا وقت ہونا۔

___ الرَّجُلُ اَوِ الظَّبْيُ: سر باہر نکالنا۔

تَلِعَ (س) تَلَعًا۔ الْإِنَاءُ: بھر جانا۔ (___ تَلَعًا و تَلَاعَةً) عُنُقُهُ: گردن لمبی ہونا ___ الرَّجُلُ: لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (اَتْلَع و تَلِيع)

اَتْلَعَ و تَتَالَعَ و تَتَلَّعَ۔ فِي مِشْيَتِهِ: چلنے میں گردن لمبی کرنا۔

التَّلِع: ادگرد بہت دیکھنے والا۔ اِنَاءٌ تَلِعٌ: بھرا ہوا برتن۔

التَّلْعَة: بلند زمین۔ پست زمین۔ ج تَلَعَات و تِلَاع و تَلَع۔

المُتْلِع: خوبصورت عورت۔

التِّلْعة: کشتی کا بادبان۔ ج تِلْعات۔

تَلِفَ (س) تَلَفًا: ہلاک ہونا۔ برباد ہونا۔

اَتْلَفَهُ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔

التَّلِيْفَة: ہلاک ہونے والی چیز۔

المِتْلَاف و التَّلَّاف: بہت تلف کرنے والا۔

المَتْلَف و المَتْلَفَة: ہلاکت کی جگہ۔ ہلاکت کا سبب۔ چٹیل میدان۔

تِلْكَ: مؤنث بعید کے لیے اسم اشارہ۔

التَّلَم: زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لیک ج اَتْلَام۔

التِلْم: سبز خط لڑکا۔ کاشتکار۔ سنار۔ سنار کی لمبی دھونکنی۔ ج تلام۔

التَّلْمُوْد: یہودیوں کے احکام کی کتاب

"تَلْمَذَ و تَتَلْمَذَ۔ لِفُلَانٍ" شاگرد ہونا۔ تَلْمَذَ و تَتَلْمَذَ الوَلَد: شاگرد بنانا۔

التِلْمِيْذ: شاگرد۔ ج تَلَامِيْذ و تَلَامِذَه۔

التُّلُنَّة و التُّلُوْنَة: حاجت۔

تَلَانَ: ابھی۔

تَلِهَ (س) تَلَهًا: حیران ہونا ___ الشَّيْئُ: تلف ہونا۔ تَلِهَهُ وَ تَلِهَ عَنْهُ: بھولنا۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ تَالِهُ الْعَقْلِ وَ مَتْلُوْهُ الْعَقْلِ" مرد عقل زائل شدہ۔

اَتْلَهَ۔ الشَّيْئَ: برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تَلَا (ن) تُلُوًّا۔ هُ: پیچھے چلنا ___ عنه: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَلَا بَعْدَ قَوْمِهِ" اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔

(___ تِلَاوَةً) الكِتَابَ: پڑھنا۔

تَلِيَ (س) تَلًى۔ مِنَ الشَّهْرِ يَوْمٌ: ایک دن باقی رہنا۔

اَتْلَاهُ: آگے بڑھنا۔ پیچھے کرنا۔ اَتْلَاهُ فلانا: پیچھے چلانا۔ اَتْلَاهُ عَلٰى فُلَانٍ: حوالہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتْلَيْتُ فُلَانًا ذِمَّةً" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کردیا۔ "اَتْلَيْتُ حَقِّيْ عِنْدَهُ" یعنی میں نے اس کے پاس اپنے حق میں سے کچھ باقی نہ رکھا۔

تَلَّاهُ تَتْلِيَةً: پیچھے چلنا۔ تَلَّى الرَّجُلُ: نذر پوری کرنا۔ آخری سانس میں ہونا۔

تَتَلّٰى۔ هُ: پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَلَّيْتُ حَقِّيْ" میں اپنے حق کے پیچھے ہوا۔ یہاں تک، کہ پورا وصول کرلیا ___ الرَّجُلُ: بہت مال جمع کرنا ___ حَقَّهُ عِنْدَهُ: کچھ چھوڑ دینا۔

تَتَالَتِ: الامُوْرُ اَوِ الْخَيْلُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْخَيْلُ تَتَالِيًا" یعنی پے در پے آئے۔

تَالَاهُ: موافقت کرنا۔ تابعداری کرنا۔

اِسْتَتْلَاه۔ الشَّيْئَ: پیچھے کرنے کو کہنا۔

___ ہ: انتظار کرنا۔

التَّالِي: پیچھے چلنے والا۔ میدان گھوڑدوڑ کا چوتھا گھوڑا۔ ج تَالِيَات۔

التَّالِيَه: التَّالِي کا مؤنث۔ ج التَّوَالِي۔

التَّوَالِي: سرین۔ توالي الخيل: گھوڑے کے پچھلے حصے۔ یعنی دم اور ٹانگ۔

التَّلَاء: ذمہ۔

التِّلْو: وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے چلے۔ ج اَتْلَاء۔ مؤنث تِلْوَة۔

التَّلُوُّ: ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔

التَّلِيُّ: بہت مال والا۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

التُّلَاوَة و التَّلِيَّة: بقیہ جیسے "تُلَاوَةُ الدَّيْنِ" یعنی قرض کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ تَلِيَّةُ الشَّبَابِ" جوانی کا بقیہ جاتا رہا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَقِيَّةُ الْكِرَامِ وَ تَلِيَّةُ الاحرار" فلاں بزرگوں کا اور شرفاء کا بقیہ ہے۔

المُتَالِي: تابع۔ گویے کے سُر میں سُر ملانے والا۔

التَّلَوِيُّ: ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔

تَمَّ (ض) تَمًّا و تِمًّا و تَمَامًا و تِمَامًا و تُمَامًا و تَمَامَةً و تِمَامَةً: پورا ہونا ___ بِالشَّيْئِ وَ عَلَيْهِ: پورا کرنا ___ عَلٰى اَمْرِهِ: جاری ونافذ کرنا ___ الٰى موضع كذا: پہنچانا۔ عَنْهُ الْعَيْنَ: تعویذ لگاکر نظر بد دور کرنا۔

تَمَّمَهُ و اَتَمَّهُ: پورا کرنا۔ مدت تک پہنچا دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَّمَ عَلَى الْجَرِيْحِ" یعنی اس نے زخمی کو مار ڈالا۔ تَمَّمَ المَوْلُوْدَ: تعویذ لٹکانا۔

اَتَمَّ عَلَى الْمَحَلِّ: ارادہ کرنا اور جانا۔ اَتَمَّتِ الحُبْلٰى: ولادت کا زمانہ قریب ہونا ___

القَمَرُ: بدر کامل ہونا۔
تَتامَّ۔القومُ: سب کا آنا۔
اِسْتَتَمَّ۔الشَّیْءَ: پورا کرنا ___ الشَّیْءَ: پورا کرنے کو کہنا۔
التَمُّ: بط کی ایک قسم جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔
التِمُّ: کلہاڑا۔البَدر التِم: ماہِ کامل۔
التَمَام بتثلیث التاء والاغلب الفتح: کمال۔وہ چیز جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔ اور اسی معنی میں (تَمّ وتِمّ وتُمّ وتِمامة وتَمامة): ہے۔چاند کے پورا ہونے کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "بدرٌ تَمَامٍ وبدرٌ تمامٌ" "لَیْلَةُ التَّمَام" جاڑے کی لمبی رات۔
التُمَامَة: بقیہ۔
التَتِمَّة: جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔
التَمِیْم: مضبوط۔پورے قد و قامت والا۔
التَمِیْمَة: تعویز۔ج تَمائِم وتَمِیْمات: اور "اِماطَةُ التَمائِم" کنایہ ہے بڑے ہونے سے۔
تَمْتَمَ تَمْتَمَةً۔فی الکلام: جلدی جلدی بولنا اور واضح نہ کرنا۔صفت (تمتام) مؤنث تَمْتامَة۔
تَمَرَہُ(ن)تَمْرًا وتَمَّرَہ: کھجور کھلانا۔
___ اللَحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا اور خشک کرنا۔
اَتْمَرَ وتَمَرَ۔الرُطَبُ: خشک کھجور رہونا۔
___ النَخْلَةُ: پھل دار ہونا۔اَتْمَرَ القومُ: بہت کھجوروں والا ہوا۔
تَتَمَّرَ۔اللَّحْمُ: خشک ہونا۔
التَمْر: خرما۔واحد تمرة۔ج تَمَرات وتُمُور وتُمران۔التمرة: چابک کے سرے کی گرہ۔
التَمرُ الهِندِی: املی۔
التَمَّار: خرما فروش۔
التَامِر: بہت کھجور والا۔کھجور والا۔
المُتَمَّوْرُ: کھجور کا توشہ دیا ہوا۔
التَمرِیّ: کھجوروں کا شائق۔
التَّامُرِی والتَامُوْرِی: انسان۔کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ تَامُوْرٌ او تُوْمُور" گھر میں کوئی نہیں یا کچھ نہیں۔

تَمُّوْزُ وتَمُّوْز: ترکی مہینہ۔مطابق ماہ جولائی۔
التِمْسَاح: گھڑیال۔ج تَمَاسِیْح۔
تَمِہ (س) تَمَہًا وتَمَاہَةً۔الطَعَامُ: بُو یا مزہ خراب ہونا۔صفت (تَمِہ)
تَانَّ۔بَیْنَهُمَا: مقابلہ کرنا۔اندازہ کرنا۔
اَتَنَّ۔المَرَضُ الصَّبِیَّ: بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعولی (تِنٌّ)۔الرَّجُلُ: دور رہونا۔
التِنُّ: شخص۔مثل۔ہمسر ج اَتْنَان۔
التِنِّیْنُ: مچھلی۔اژدھا۔آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ج تَنَّانِیْن۔
تَنَا (ف) تُنُوءًا۔بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت (تَانِی) ج تُنَّاء۔
التُنْبَک والتُنْبَاک: تمباکو۔
التِنْبَل والتِنْبَال والتُنْبُول والتِنْبَالَة: پست قد۔کند ذہن۔سست ج تَنَابِیْل وتَنَابِلَة۔
التَنْبُلُ والتَانْبُوْل: پان۔
التَنْجَرة: ہانڈی۔دیگ (جدید)
تَنَخَ (ن) تُنُوخًا وتَنَّخَ وتَتَنَّخَ۔بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔
تَنِخَ(س)تَنَخًا: بدہضمی ہونا۔
اَتْنَخَهُ: مبتلاء بدہضمی کرنا۔
التَنُّوْب: صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تَنُّوْبَة۔
التَنُّور: تنور۔ج تَنَانِیْر۔
التَنَّار: تنور بنانے والا۔
التَنْضُب: (دیکھئے مادہ نضب)
التَنُوْفَةُ والتَنُوْفِیَة: بے پانی کا جنگل ج تَنَائِف۔
التَنَک: ٹین (جدید)
التَنَکَجِی: ٹین بنانے والا۔(جدید)
تَهْتَہَ: لغویات میں مشغول ہونا۔
التُهَاتِہ: لغویات، باطل باتیں۔
تَهِمَ(س) تَهَمًا۔اللَّحْمُ: خراب ہونا۔صفت (تَهِم)
اَتْهَمَ وتَاهَمَ وتَتَهَّمَ: سرزمین۔تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔
التَهَمَة: بدبو۔
تِهَامَة: مکہ معظمہ۔ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کے لیے تهامی و تهام۔ج تَهَامِیُّون

و تہامُوْن۔
اِتَّهَمَ وتُهْمَة: (دیکھئے مادہ وہم)
تَهِنَ(س)تَهَنًا: صفت (تَهِن)
تَهَا(ن)تَهْوًا: غافل ہونا۔
التِهْوَاء: رات کا ایک حصہ۔کہا جاتا ہے "مَضٰی تِهْوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
التَوُّ: اکیلا۔ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی۔ج اَتْوَاء: کہا جاتا ہے "جَاءَ تَوًّا" وہ قصد کر کے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکتی۔
تَابَ(ن)تَوْبًا وتَوْبَةً وتَابَةً ومَتَابًا وتَتُوبَةً۔ اِلَی اللّٰهِ: گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔نادم و پشیمان ہونا۔صفت (تَائِب) ___ اللّٰهُ عَلَیْهِ: بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت (تَوَّاب)
اِسْتَتَابَهُ: توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔
التُوْت: توت کا درخت۔توت کا پھل۔
اَلتُوْتِیَا: یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔
تَاجَ(ن)تَوْجًا: تاج پہننا۔
تَوَّجَهُ: تاج پہنانا۔
تَتَوَّجَ: تاج پہننا۔
التَائِج: تاج والا۔
التَاج: شاہی ٹوپی۔ج تِیْجَان۔تَاجُ الْجَبَّارِ: ستارے۔تَاجُ الْعُمُوْدِ: ستون کے بالائی حصہ کے نقش و نگار۔
تَاحَ یَتُوحُ تَوْحًا۔لَهُ الشَّیْءُ: تیار ہونا۔
تَاخَتْ (ن) تَوْخًا وتَوَخًا۔الْاِصْبَعُ فِی الْجِسْمِ الْوَارِمِ اَوِ الرِّخْوِ: انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔
التُوْذَرِی والتُوذَرِی: ایک دوا کا نام
تَارَ(ن)تَوْرًا۔الماءُ: جاری ہونا۔
اَتَارَہ اِتَارَة: بار بار لوٹانا۔
التَوْر: چھوٹا برتن۔قاصد۔
التَارَة: (دیکھئے تار)

التَوْرَاة والتَوْرِيَة : آسمانی کتاب جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج تَوْرَات وَ تَورِيَات۔

تَازَ(ن)تَوْزًا۔الشَّيْئُ : سخت ہونا۔

التُوْس : طبیعت۔اصل۔کہا جاتا ہے۔"هُوَمِنْ تُوْسِ صِدْقٍ"

تَاعَ (ن ض) تَوْعًا : روئی کے ٹکڑے سے مکھن یا گھی اٹھانا۔

التَيُّوع : ہر ایک پودہ جس کو کاٹنے پر دودھ نکلے۔

تَافَ(ن)تَوْفًا۔البَصَرُ : نگاہ کا چندھیا جانا۔

التَافَةُ والتَوْفَةُ والتُوْفَة : عیب۔ کہا جاتا ہے "مَافِيْه تَوْفَة" اس میں کوئی عیب نہیں۔گناہ۔

تَاقَ (ن) تَوْقًا وتُتُوْقًا وتَوَقَانًا وتَوَقَانًا وتِيَاقَةً۔ه وَاِلَيْهِ : شائق ہونا۔اِلَى الْغَايَةِ : جلدی کرنا۔ صفت (تَائِق وتوأق)۔عينهُ بِالدُّمُوعِ : بہنا۔تَاقَ مِنْه : ڈرنا ___ بنفسه : جان دینا۔

تَتَوَّقَ۔ الى الشَّيَئَ : آرزو مند ہونا۔ شائق ہونا۔

تَالَ يَتُوْل تَوْلًا : جادو کرنا۔جادو کا علاج کرنا۔

التُولَةو التَوْلَة : مصیبت ج تولات۔

التَوَلَةو التِوَلَة : جادو وغیرہ۔

التُوْمَة : موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ۔ بالی۔ شترمرغ کا انڈا۔ ج تُوم وتُوَّم۔ : توم کو عوام ثوم (لہسن) کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔

المُتَوَّم : بالا پہنا ہوا۔کان میں بالی پہننے والا۔

تَتَاوَنَ وتَتَاءَ نَ۔ الصَّيْدَ : کبھی دائیں کبھی بائیں سے حملہ کرنا۔

التُوْنُ۔الحَمَّام : حمام کی بھٹی۔

تَاهَ(ن)تَوْهًا : ہلاک ہونا۔ضائع ہونا۔راستہ گم کرنا۔فاسد العقل ہونا۔

التَوْه والتُوْه : ہلاکت۔ فلاةٌ تَوْهٌ : گمراہ کر دینے والا بیابان۔ج اَتْوَاه وجج اَتَاوِيْه۔

تَوَّهَهُ واَتَاهَهُ : ہلاک کرنا۔

تَوِيَ (س) تَوًى۔ المالُ : برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (تَوٍ وتاوٍ) کہا جاتا ہے "لاتوى عَلَيْهِ" اسے کوئی نقصان نہیں۔

اَتْوَاهُ اِتْوَاءً۔اللّٰهُ : ہلاک کرنا۔

المَتْوَاة : باعث ہلاکت۔باعث نقصان کہتے ہیں "الشُّحُّ مَتْوَاة" بخل باعث نقصان ہے۔ج مَتَاوٍ ومَتْوِيَات۔

التِيَاتْرُوْ : تھیٹر۔ اس کی عربی مُمَثَّل ہے اور مولدین کے نزدیک مَسْرَح۔

تَاحَ(ض)تَيْحًا۔لَه : مقدر ہونا۔تیار ہونا ___ فِي مَشْيِهِ : جھکنا۔

اَتَاحَهُ اِتَاحَةً : تیار کرنا۔مقدر کرنا۔کہا جاتا ہے "اَتَاحَ اللّٰهُ لَهُ الشَّرَّ" اللہ نے اس کے لیے شر کو مقدر کر دیا۔

المُتَاح والمِتْيَاح : امر مقدر۔فیصل شدہ۔

التَيَّاح والتِيْحَان والتَيِّحَان والتَيَّحَان والمِتْيَح : لایعنی اُمور میں مشغول ہونے والا۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ تَيِّح" ہمیشہ بلا میں مبتلا رہنے والا مرد۔

تَاخَهُ(ض)تَيْخًا : کھجور کی چھڑی سے مارنا۔

المِتْيَخَة : کھجور کی چھڑی۔

التَيْد : نرمی کہا جاتا ہے "تَيْدَكَ زَيْدًا" زید سے نرمی کر۔

تَارَ(س)تَيَرَانًا۔البَحْرُ : جوش میں آنا۔

التَيَّار : جوش مارنے والے سمندر کی لہر۔ مغرور۔کہا جاتا ہے "قَطَعَ عِرقًا تَيَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا۔و "فَرَسٌ تَيَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔

التِيْر : تکبر و غرور۔

تَارَةً : (دیکھئے تَأَرَ)

تَازَهُ(ض)تَيْزًا و تَايَزَهُ : غلبہ کرنا۔کہا جاتا ہے "تَازَالسَّهْمُ فِي الرَّمِيَّةِ" شکار میں تیر نے حرکت کی۔

التَيَّاز : پست قد سخت جوڑوں والا۔

تَاسَ يَتِيْسُ۔الجَدْيُ : بکرا بن جانا۔

تَيَّسَ۔فَرَسَه : سدھانا ___ هُ عَنْ كَذَا : باز رکھنا۔

تَايَسَ : مدافعت کرنا۔

تَتَايَسَ۔ الْمَاءُ : موجوں کا ٹکرانا۔ (او اِسْتَتْيَسَتْ)العز : بکری کی طرح ہو جانا۔

التَيْس : بکرا۔ جنگلی بکرا۔ نر ہرن۔ ج تُيُوس والياس وتِيَسَة۔ لِحْيَةُ التيس : ایک قسم کی نباتات۔

التَيْسِيَّة والتَيُوْسِيَّة : بکرے جیسی طبیعت۔ کہتے ہیں۔فِي فُلَانٍ تَيْسِيَّةٌ وتُيُوسِيَّةٌ

التَيَّاس : بکری والا۔

الاَتْيَس : بکری جیسا۔

تَاعَ (ض) تَيْعًا و تَيَعًا وتَيَعَانًا۔ القَيْئُ : نکلنا ___ المَاءُ : بہنا اور زمین پر پھیلنا۔

___ اليه : جلدی کرنا اور مشتاق ہونا۔ (___ تَيْعًا) الطَرِيْقَ : طے کرنا ___ السَّمنَ : روئی کے ٹکڑے سے گھی اُٹھانا۔

اَتَاعَ۔ مَا اَكَلَهُ : اُلٹی کر دینا ___ الشَّيْئَ : لوٹانا۔

تَتَيَّعَ۔اِلَى الشَّرِّ و(تَتَايَعَ)فِي الشَّرِّ : بُرائی کی طرف سبقت کرنا۔صفت(تَيِّع وتَيِّعَان)

___ الرِيْحُ بِالوَرقِ : اُڑا لے جانا۔ تَتَيَّع فی الامر : اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ يَتَتَايَعُ فِي الْاُمُوْرِ" وہ اپنے آپ کو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔

تَاكَ (ض) تُيُوْكًا : بیوقوف ہونا۔ صفت (تائک)اَحْمَقٌ تَائِكٌ : بہت بیوقوف۔

اَتَاكَ۔الشَعْرَ : اُکھیڑنا۔

تِيْك : مؤنث کے لیے اسم اشارہ۔ اس کی تصغیر(تَيَّاك) ہے اور اس پر ھاء تنبیہہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے(ہاتیک)

تَامَهُ(ض)تَيْمًا و تَيْمَهُ۔الحبُّ : غلام بنا دینا۔ ذلیل کر دینا۔

التيم۔مہ۔ عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی۔ غلام کہا جاتا ہے "هُوَتَيْمُ اللّٰهِ" وہ اللہ کا بندہ ہے۔

التِيْمَة والتِئَمة : بکری جو گھر میں چارہ دے کر دوہی جائے۔ بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے۔

التَيْمَاء : بیابان۔نام ایک مقام کا۔

التِيْن۔ : انجیر۔انجیر کا درخت۔واحد(تينة)

المَتَانَة : وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت بوئے ہوں۔کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَتَانَةٌ" بہت انجیر والی سرزمین۔

التَيَّان : انجیر بیچنے والا۔انجیر خشک کرنے والا۔

تَاهَ (ض) تَيْهًا۔ : تکبر کرنا ___ (تَيْهًا

وتَیهَانًا) سرگشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت (تَیَّاہ و تَیْهَان)
تَیَّہَ و اَتَاہَ ہ : گمراہ کرنا۔ضائع کرنا۔
التَّائِه و التَّیْهان و التَّیَّاہ و التَّیِّهان : متکبر۔ مغرور۔
التِّیْه : ڈینگ۔ غرور۔ گمراہی۔ چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے۔ ج اَتْیَاہ و اَتَاوِیْه و الاتاوِهَةُ۔
اَرْض تَیْهَاء و مَتْیَهَة و مَتِیْهَة و مَتْیَهُ وَتِیْهُ : راستہ بھٹکانے والی سرزمین۔

ثَئِبَ(س) ثَأَبًا و ثُئِبَ و تَثَائَبَ: جمائی لینا۔ صفت(مَثْئُوب) و تَثَائَبَ الْأَخْبَارَ: جستجو کرنا۔

الثِأْب و الثُؤَبَاء و التَثَائُب: جمائی۔

ثَأثَأ: پیاسا رکھنا۔ سیراب کرنا ــــــ النارَ: آگ بجھانا ــــــ الغضبَ: غصّہ ٹھنڈا کرنا ــــــ هُ عَنِ الْأَمْرِ: کسی کام سے روکنا۔

ثأجَت(ف) ثاجًا۔ الْغَنَمُ: ممیانا۔

الثُؤَاج: بھیڑ بکری کی آواز۔

ثَئِدَ(س) ثَأَدًا۔ النَّبْتُ: شاداب ہونا۔ ــــــ الرَّجُلُ اَوِالْمَكَانُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (ثَئِدو ثَئِيْد)

الثَأْدو الثَأَد: نمناک مٹی۔ تری۔ سردی۔ بُرا کام۔ نرم و سرسبز نباتات۔

الثَأْدَة: موٹی عورت۔

الثَأْدَاء: لونڈی۔ "مَا اَنَا ابْنُ ثَأدَاء" میں عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔

الثَآدَة: موٹاپا۔

ثَأَرَ (ف) ثأرًا۔ القَتِيْلَ وَبِالْقَتِيْل: خون کا مطالبہ کرنا۔ قاتل کو قتل کرنا۔ صفت(ثَائِر) کہا جاتا ہے "ثَأرَه بِكَذَا"

یعنی اس نے فلاں کے ذریعہ خون کا بدلہ لیا "وَثُئِرَ زَيْدٌ" زید سے خون کا بدلہ لیا گیا۔

اَثْأَرَ و اِثَّأَرَ۔ مِنْهُ: خون کا بدلہ لینا۔

اِسْتَثْأَرَ: خون کا بدلہ لینے کے لیے فریاد کرنا۔

الثَأر و الثُؤْرَة: خون کا بدلہ۔ جرم کا بدلہ۔ ج اَثْآر و آثار و ثآئِر: کہا جاتا ہے "هُوَ ثَأْرُكَ" وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے۔ "وِيَا ثَأرَاتِ فُلَانٍ" اے فلاں کے قاتلو! "والثأرُ المُنِيم" خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام سے سو رہے۔

ثَئَطَ(ف) ثَأطاً۔ اللَّحْمُ: خراب ہونا۔ بگڑنا۔

ثُئِطَ۔ الرَّجُلُ: زکام ہونا صفت(مَثْؤُط)

الثُؤَاط: زکام۔

الثَأطَة: بدبودار کیچڑ۔ اور اسی سے مثل ہے "ثَأطَةٌ مدَّت بِمَاء" اس وقت بولتے ہیں جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری خرابی ہو جائے۔ جیسے اردو میں "مفلسی میں آٹا گیلا" ج۔ ثَأط۔

الثَأطَاء: بیوقوف عورت۔

ثُؤْلِلَ و تَثَألل۔ جَسَدُه: مسے والا ہونا۔

الثُؤْلُول: مسہ۔ پستان کا سرا۔ بھٹنی ج ثآلِيل۔

ثَأى (ف) ثأيًا و اَثْأَىٰ۔ الشَّئَ: چیرنا۔ پھاڑنا۔ کمزور کرنا۔ فاسد کرنا۔ و اَثأىٰ فِي الْقَوم کشت و خون کرنا۔

ثَئِيَ(س) ثَأَىَ۔ الشيُ: چھد جانا۔

الثَأَىُ: زخم کے نشان۔

الثَأى۔ مع کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْاَبُ الثَأْىَ" فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے۔

ثَبَّ (ن) ثَبَابًا: جم کر بیٹھنا۔ وقار سے بیٹھنا ــــــ الْأَمْرُ: پورا کرنا۔

ثَبُتَ(ک) ثَبَاتَةً وَ ثُبُوتَةً: بہادر ہونا۔ صاحب عزم ہونا۔

ثَبَتَ (ن) ثَبَاتًا و ثُبُوْتًا۔ فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔ قیام کرنا ــــــ علی الامر: مداومت کرنا۔ صفت (ثابتٌ و ثَبِيْتٌ و ثَبْتٌ) ــــــ الامرُ عنده: ثابت ہونا۔ موکد ہونا۔

ثَبَّتَهُ و اَثْبَتَهُ: ثابت کرنا ــــــ الحق: دلائل سے موکد کرنا۔ نام درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهَ فَاَثْبَتَ فِيْهِ الرُمْحَ" اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسا دیا۔

اَثْبَتَ و ثَابَتَ۔ الامرَ: پوری طرح سے پہچانا۔

اِسْتَثْبَتَ و تَثَبَّتَ۔ فِي الْأَمْرِ والرَّاى: جلدی نہ کرنا۔ مہلت سے کام لینا۔ مشورہ کرنا۔ اور حقیقت کی جستجو کرنا۔

الثَبَت: ثابت ہونا۔ حجت۔ دلیل۔ کہا جاتا ہے "لا اَحْكُمُ اِلا بِثَبَتٍ" میں بغیر حجت و برہان کے فیصلہ نہیں کرتا۔

الثِبَات: برقع کے بند۔ کجاوہ باندھنے کے تسمے۔

الثُبَات: ایسی بیماری جو حرکت سے عاجز کر دینے والی ہو۔ بہادر شہسوار جس کا حملہ بھرپور ہو۔

الإِثبَات: ایجاب۔ نفی کی ضد۔

الأَثْبَات: قوم کے معتبر لوگ۔ مفرد ثَبتٌ کہا جاتا ہے "فلانٌ ثَبتٌ مِنَ الْأَثباتِ" یہ مجاز ہے جیسے کہ "فلانٌ حُجَة" جبکہ روایت میں ثقہ ہو۔

الثَوَابِت مِنَ النُجُوْمِ: سیاروں کے علاوہ ستارے۔ واحد ثَابِتَة۔

المُثْبَت: مفع۔ تسموں سے بندھا ہوا۔ مَرِيْضٌ مُثْبَت: زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے سے جدا نہ ہونے والا۔

ثَبَجَ (ن) ثَبجًا وَ ثَبَّجَ۔ الْكَلَامَ: ٹھیک طریقے سے گفتگو نہ کرنا ــــــ الْخَطَّ: تحریر میں غیر معروف طریقہ استعمال کرنا۔

ثَبَجَ (ض) ثَبجًا وَ ثُبُوْجًا: پاؤں کی انگلیوں پر بیٹھنا۔

ثَبَّجَ و تَثَبَّجَ الرَّاعي بِالعَصَا: لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا۔

اِثبأَجَّ۔ السَّقاءُ: بھر جانا ــــــ الرجُلُ: موٹا اور ڈھیلا ہونا۔

الثَّبج : کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ "الثَّبَجُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" درمیانی حصہ۔ بڑا حصہ۔ بلند حصہ۔ ج "اَثْبَاج وَثُبُوْج" کہا جاتا ہے۔ "يَرْكَبُونَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ" وہ لوگ اس سمندر کے بڑے حصے پر سوار رہ گئے۔ "وتسنّمتِ الحُمرُ اَثْبَاجَ الْاَكَام" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں پر چڑھ گئے۔

الْاَثْبَج : چوڑی پیٹھ والا۔ کبڑا۔

رجُلٌ مُثَبَّج : لمبا بے ڈول مرد۔

الْمُثْبَجَة : آلو۔

ثَبَرَهُ (ن) ثَبْرًا : لعنت کرنا۔ دھتکارنا۔ محروم کرنا۔ ہلاک کرنا ___ عَنْ كَذَا : روکنا، ہٹانا۔ (___ ثُبُوْرًا) ہلاک ہونا۔

ثَبِرَت (س) ثَبَرًا۔ القرحةُ : پھٹنا اور بہنا۔

ثَابَرَ ثِبَارًا و مُثَابَرَةً۔ عَلَى الْاَمْرِ : مداومت کرنا۔ ہیشگی کرنا۔

ثَبَّر۔ فُلَانًا بِالشَّيْءِ : کسی کو کسی چیز پر روک دینا ___ اللّٰهُ فُلَانًا : ہلاک کرنا۔

تَثَابَرُوْا : ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الثَّبْرة : نرم زمین۔ زمین یا پہاڑ کا گڑھا۔

الْمَثْبِر : بوچڑ خانہ۔ عورت یا اُونٹنی کے جننے کی جگہ۔

الْمُثَبَّر : روکا ہوا۔ محروم۔

الثُّبْرَة : کھلیان میں صاف کیے ہوئے غلّہ کا ڈھیر۔

ثَبَطَهُ (ن) ثَبْطًا و ثَبَّطَهُ۔ عَنِ الْاَمْرِ : روکنا باز رکھنا ___ عَلَى الْاَمْرِ : کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا۔

اَثْبَطَهُ۔ المرضُ : بیماری کا جدا نہ ہونا۔

تَثَبَّط۔ عنِ الْاَمْرِ : دیر لگانا۔ رکنا۔

الثَّبِط : کمزور۔ بیوقوف۔ ج اَثْبَاط و ثِبَاط مؤنث ثَبِطَة۔

ثَبَق (ض) ثَبْقًا و ثَبَقَانًا۔ النَّهرُ : پانی کی زیادتی سے تیز بہنا ___ العَيْنُ : جلدی آنسو بہانا۔

الثَّبْل و الثَّبَل : برتن کی تلی کا باقی ماندہ

ثَبَنَ (ض) ثَبْنًا و ثَبَانًا۔ الثوبَ : کنارہ موڑ کر سینا۔ (___ و تَثَبَّنَ) الشَّيْءَ : پھانٹر میں لینا۔ پائجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا۔

الثُّبْنَة۔ ج ثُبَن و (الثِّبَان) ج ثُبُن : پھانٹر۔

الثِّبَان : چادر کا کنارہ جبکہ اس کو موڑ لیں۔

الْمَثْبَنَة : تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے۔ ج مَثَابِن۔

ثَبَى (ض) ثَبْيًا۔ الشَّيْءَ : جمع کرنا۔

ثَبَّى۔ الشَّيْءَ : جمع کرنا۔ تعظیم کرنا۔ درست کرنا۔ پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثَبَّى اللّٰهُ لَهُ النِّعَمَ" اللہ تعالیٰ نے اسے نعمتوں کے انبار دیئے ___ عَلَى الْاَمْرِ : ہمیشہ رہنا ___ عَلَى فُلَانٍ : کسی کے خلاف مدد طلب کرنا۔

الثُّبَة : حوض کا درمیان۔ جماعت۔ شہسواروں کی جماعت۔ ج ثُبَات و ثُبُون۔

الْاُثْبِيَّة : بڑی جماعت۔ ج اَثَابِيّ۔

الثَّبِيّ : لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا۔

ثَتِنَ (س) ثَتَنًا۔ اللَّحْمُ : بدبودار ہونا۔ اللِّثَةُ ڈھیلا ہونا۔ صفت ثَتِنَة۔

ثَجَّ (ن) ثُجُوْجًا۔ الْمَاءُ : بہنا (___ ثَجًّا) الْمَاءَ : بہانا۔

اِنْثَجَّ۔ الماءُ : بہنا۔

الثَّجَّة : باغ جس میں حوض ہو۔ ج ثَجَّات

مَطَرٌ (ثَجَّاجٌ) : بہت برسنے والی بارش۔ عَيْنٌ (ثَجُوْجٌ) : بہت پانی والا چشمہ۔

الثَّجِيج : زبردست سیلاب۔ الثَّجِيْجَة : دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے۔

الْمِثَجّ : زبان آور خطیب۔

ثَجْثَجَ۔ الْمَاءَ : بہانا۔ تَثَجْثَجَ : بہانا۔

ثَجَرَ (ن) ثَجْرًا۔ التمر : کھجور کو بسر کی گٹھل کے ساتھ ملانا۔

ثَجَّرَهُ : کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا۔

الثُّجْرَة : درمیان۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "اَقَامُوْا فِي ثُجْرَةِ الْوَادِي" انہوں نے وادی کے درمیان اقامت کی۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا اردگرد۔ ج ثُجَر : کہا جاتا ہے "طَعَنُوْهُمْ فِي الثُّغَرِ وَالثُّجَرِ"

الثَّجْر و الثَّجِر وَالْاَثْجَر۔ مِنَ الْوَرَقِ وَنَحْوِه : موٹا اور چوڑا۔

ثَجِلَ (س) ثَجَلًا : بڑے پیٹ والا ہونا صفت (الْاَثْجَل) مؤنث ثَجْلَاء ج ثُجْل۔ کہا جاتا ہے "مَزَادَةٌ ثَجْلَاءُ" کشادہ توشہ دان۔

ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا و اَثْجَمَتْ۔ السَّمَاءُ : جلدی سے برسنا۔ ثَجَمَهُ عَنْهُ : جلدی سے باز رکھنا۔

ثَجَا (ن) ثُجُوًّا : خاموش رہنا۔

اَثْجَاه : خاموش کرنا۔

ثَخُنَ (ک) ثِخَنًا و ثَخَانَةً و ثُخُوْنَةً : موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (ثَخِيْنٌ) ج ثُخَنَاء۔

اَثْخَنَ۔ فِي الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا ___ فِي الْعَدُوِّ : خونریزی میں مبالغہ کرنا ___ فِي الْاَرْضِ : سخت خونریزی کرنا۔ اَثْخَنَتْهُ الجراحُ : سست و کمزور کرنا۔

اِثَّخَنَ : سست و کمزور ہونا۔

اِسْتَثْخَنَ۔ منه المرضُ او النومُ : غالب آنا۔

ثَدَغَ (ف) ثَدْغًا۔ راسَهُ : کچلنا۔ پھوڑنا۔

اِنْثَدَغَ : کچلا جانا۔

ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا۔ المطر : بارش ہونا ___ السحاب : برسانا۔ صفت ثادِق۔

الثَّدَقِم : بیوقوف۔

اِنْثَدَقَ۔ الناسُ عليه : حملہ کرنا۔

ثَدَّمَ۔ الابريق : چھننا لگانا۔

الثَّدْم : گفتگو اور حجت میں عاجز۔ بیوقوف سست۔ مؤنث ثَدْمَة۔

الثِّدَام : چھننا۔

ثَدِنَ (س) ثَدَنًا۔ اللحم : بدبودار ہونا۔ (___ و ثَدُنَ) الرجُلُ : پُر گوشت اور بھاری ہونا صفت (ثَدِن و مُثَدَّن)

اَثْدَنَ۔ الشَّيْ : چھوٹا کرنا۔

ثَدَاه (ف) ثَدْوًا : تر کرنا۔

ثَدِيَ (س) ثَدًى : تر ہونا۔

الثَّدْي و الثَّدَى : پستان (مذکر و مؤنث) ج ثُدِيّ و ثِدِيّ و اَثْدٍ۔

الثَّدْيَاء : بڑی پستان والی عورت۔

ثَرَّ (ن ض) ثَرًّا و ثُرُوْرًا و ثَرُوْرَةً و ثَرَارَةً۔ الشَّيْ : کشادہ ہونا ___ السَّحَابَةُ او الْعَيْنُ : بہت پانی والا ہونا۔ صفت مؤنث (ثَرَّة و ثَرُوْر) صفت مذکر (ثَرٌّ) ج ثِرَار۔ کہا جاتا ہے۔ "مَطَرٌ ثَرٌّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "و فرسٌ

ثَرٌّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "شَاۃٌ ثَرَّۃٌ" کشادہ سوراخ۔ پستان۔ اور زیادہ دودھ والی بکری۔

ثَرَّہٗ(ن)ثَرًّا: متفرق کرنا ____ السَّحَابَۃُ مَاءَ ھَا: برسانا۔

ثَرَّ۔الْمَکَانَ: تر کرنا۔

الثَّرُّ: بہت بولنے والا۔

الثَّارَّۃ: بہت بولنے والی۔

الثَّرَّارَۃ۔مِنَ الْعُیُوْنِ: بہت پانی والا چشمہ۔

ثَرَبَہٗ(ض)ثَرْبًا و ثَرَّبَہٗ و ثَرَّبَ عَلَیْہِ و اَثْرَبَہٗ: ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔ "اَثْرَبَ الْکَبْشُ" زیادہ پردے کی چربی والا ہونا۔ صفت (اَثْرَب): مؤنث ثَرْبَاء۔

الثَّرْب: پردے کی چربی۔ ج ثُرُوْب و اَثْرُب۔ جج اَثَارِب۔

الْمُثَرِّب: گڑبڑی کرنے والا فسادانگیز۔

الثَّرَبَات: انگلیاں۔

ثَرْثَرَ ثَرْثَرَۃً ۔ الشَّیْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا ____ الْکَلَامَ: واہی تباہی بک بک کرنا۔ صفت(ثَرْثَار)

ثَرَدَ(ن)ثَرْدًا و اَثْرَدَ و اثَّرَدَ۔الْخُبْزَ: روٹی توڑ کر شوربے میں تر کرنا۔ صفت مفعولی (ثَرِیْد و مَثْرُوْد) ثرید تیار کرنا ثَرَدَ الثوبَ: کپڑا رنگ میں بھگونا۔

ثُرِدَ و ثُرِّدَ۔مِنَ الْمَعْرَکَۃِ: میدانِ جنگ سے زخمی اٹھایا جانا۔

الثَّرْد: ہلکی بارش۔

الثَّرَد: ہونٹوں کی پھٹن۔

الْاَثْرَد: پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔

الثَّرِیْد و الثَّرِیْدَۃ: شوربے میں تر کی ہوئی روٹی۔ ج ثرائد و ثُرُوْد۔

اَرْضٌ (مَثْرُوْدَۃٌ و مُثَرَّدَۃٌ) زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

الثَّرْط: سریش۔

ثَرِعَ(س)ثَرَعًا۔الرَّجُلُ: طفیلی ہونا۔

الثُّرْعُلَۃ: مرغ کی گردن کے پر۔

الثُّرْعُل: مادہ لومڑی۔

الثُّرْعُوْل: ایک قسم کی گھاس۔

ثَرَمَہٗ(ض)ثَرْمًا و اَثْرَمَہٗ: جڑ سے دانت توڑنا۔

ثَرِمَ(س)ثَرَمًا و اِنْثَرَمَ: ٹوٹے ہوئے دانت والا ہونا۔ صفت اَثْرَم۔ مؤنث ثَرْمَاء ج ثُرْم۔

الثَّرْمَان: ایک درخت ہے اُشنان کی مانند جس کی اُونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔

الْاَثْرَمَان: شب و روز۔ زمانہ و موت۔

ثَرَا(ن)ثَرَاءً و ثَرِیَ(س)ثَرِیَ۔الرَّجُلُ: بہت مال والا ہونا۔ ثراہُ: مالداری میں بڑھ جانا۔ ثَرَا اللّٰہُ الْقَوْمَ: زیادہ کرنا۔

اَثْرَیٰ اِثْرَاءً: بہت مال والا ہونا۔ صفت (ثَرِیٌّ و مُثْرٍ و الثَّرِیٰ) مؤنث ثَرْوَاء۔

الثَّرَاء و الثَّرْوَۃ: مال یا قوم کی کثرت۔

الثُّرَیَّا: مالدار عورت (ثَرْوَاء کی تصغیر) ستاروں کے مجموعے کا نام۔ جھاڑ۔

الثَّرْوَان: بہت مال والا۔

ثَرِیَ (س) ثَرًی و اَثْرَیٰ۔ التُّرَابُ: خشک ہونے کے بعد تر و نرم ہونا۔ صفت(ثَرِیٌّ و اَثْرَیٰ) مؤنث ثَرِیَّۃ و ثَرْیَاء۔ اَثْرَتِ الْاَرْضُ: زمین کا نمناک ہونا۔

ثَرَّیٰ۔ہٗ: تر کرنا ____ المکانَ: چھڑکنا۔

الثَّرٰی: تری۔(____ و الثراء) نمناک مٹی۔ خیر ج اَثْرَاء۔ کہا جاتا ہے "یَبِسَ الثَّرٰی بَیْنَھُمْ" یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد دشمن ہوگئے۔ و "فُلَانٌ قَرِیْبُ الثَّرٰی" یعنی فلاں خیر سے قریب ہے۔

الثَّرِیُّ و الثَّرِیُّ۔مِنَ الْمَالِ: بہت مال۔ رِمَاحٌ ثَرِیَۃ: بہت نیزے۔

الثِّرْیَاطَۃ: کیچڑ۔

ثَطَّ(ن) ثَطًّا۔الصَّبِیُّ: پائخانہ کرنا۔ (ض ن) الرَّجُلُ ثَطًّا و ثَطَاطَۃً و ثُطُوْطَۃً: باریک ابرو والا ہونا۔

رَجُلٌ (ثَطٌّ) کوسج۔ داڑھی اور ابرو میں کم بال والا۔ رَجُلٌ (ثَطُّ الحاجِبَیْنِ) باریک ابرو والا مرد (حاجبین کا ذکر ضروری ہے) ج اَثْطَاط ثُطٌّ ثُطَّان ثِطَاط ثِطَطَۃ۔ عَلٰی ھٰذَا الْقِیَاسِ "اِمْرَاَۃٌ ثَطَّۃُ الحاجِبَیْنِ و ثَطَّاءُ الحاجِبَیْنِ۔

الثَّطَّاء: عورت جس کے پیڑو پر بال نہ ہوں۔

ثَطَاَ(ف)ثَطْأً: روندنا۔

ثَطِئَ(س)ثَطَأً۔الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔

ثَطَعَ(ف)ثُطُعًا۔الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔

ثُطِعَ۔الرَّجُلُ: زکام زدہ ہونا۔

الثُّطَاع: زکام۔

الثُّطَاعِی: زکام زدہ۔

الثَّطَف: کھانے پینے میں فراخی۔

ثَعَّ(ض)ثَعًّا: کھایا ہوا قے کر دینا۔

اِنْثَعَّ۔ الْاَکْلُ مِنْ فمہ و الدَّمُ مِنْ اَنْفِہٖ اَوْ جُرْحِہٖ: قے ہونا۔ نکلنا۔ بہنا۔

ثَعَبَ(ف)ثَعْبًا۔الماءَ: جاری کرنا۔ عَلَیْھِمُ الْغَارَۃَ: لوٹ ڈالنا۔

اِنْثَعَبَ۔الْمَاءُ: نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا۔

الثَّعَب: وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج ثُعْبَان۔

مَاءٌ اَوْ دَمٌ ثَعْبٌ و ثَعَبٌ و اُثْعُوْبٌ: بہتا ہوا پانی یا خون۔

الثُّعْوُب: بیت۔

الثُّعْبَۃ و الثعبۃ: خبیث قسم کا گرگٹ۔

الْمَثْعَب: نالی یا پرنالہ۔

الثُّعْبَان: نر سانپ۔ اژدہا۔ ج ثَعَابِیْن۔

ثَعِطَ(س)ثَعَطًا۔اللَّحْمُ اَوِ الْمَاءُ: بدبودار ہونا ____ الشَّفَۃُ: سوجنا اور پھٹنا۔

الثَّعْطَۃ: گندہ انڈا۔

ثَعِلَتْ(س) ثَعَلًا۔ اَسْنَانُہٗ: ایک دوسرے کے اُوپر دانتوں والا ہوا۔ صفت (اَثْعَل) مؤنث ثعلاء ج ثُعْل۔

اَثْعَلَ۔ الْاَمْرُ: دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے ____ الضُّیُوْفُ: بہت ہونا۔

الثَّعَل۔ اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن میں بالکھ کی زیادتی۔ ج ثُعُوْل۔

الثُّعَل: ایک قسم کا کیڑا جو مشک میں بدبو ہونے پر پیدا ہو جاتا ہے۔

الثُّعْلُوْل: غضبناک۔

ثُعَالَۃ: مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)

اَرْضٌ (مَثْعَلَۃٌ): بہت لومڑیوں والی زمین

ثَعْلَبَ و تَثَعْلَبَ: لومڑی کی طرح مکر و فریب کرنا۔

الثَّعْلَب: لومڑی۔ جس کے متعلق مشہور ہے

که اس کے بال ہر سال گر جاتے ہیں اور اسی سے ہے "دار الثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثَعْلَبة اور نر کو ثُعلُبان کہتے ہیں۔ اور ثَعْلَبٌ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے۔ ج ثَعَالِب وَ ثَعَالٍ۔

الثَّعْلَبُ: بھالے کا سرا جو پھل کے اندر داخل ہو۔

الثَّعْلَبَة: دم کی ہڈی۔ سرین۔

عِنَبُ الثَّعْلَب: مکوے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ (مُثَعْلِبٌ) وَ اَرْضٌ (مُثَعْلِبَةٌ) بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔

+۲ ثَعَبَ (ف) ثَعْبًا۔ الجمدُ: پگھلنا۔ الدَّمُ: بہنا۔

تَثَعَّبَتْ۔ لِثَتهُ بِالدَّم: مسوڑھے سے خون بہنا۔

الثَّغَب۔ ج ثِغاب و اَثْغَاب و (الثَّغَبُ) ج ثِغْبان و ثُغبان: پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں دھوپ نہ پہونچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو۔

ثَغْثَغ ثَغْثَغَةً۔ کَلَامَه: گفتگو میں خلط ملط کرنا۔ صفت (ثَغْثَغ و ثَغْثَاغ): کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُثَغْثِغُ فِي كَلَامِه" فلاں گفتگو میں گڑبڑی کرتا ہے۔

ثَغَرَ (ف) ثَغْرًا۔ الاناءَ: سوراخ کرنا یا توڑنا ___ مِنْه: اکھیڑنا ___ الثُّلْمَةَ: بند کرنا ___ الجدار: گرا دینا ___ الرَّجُلَ: دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے "ثَغَرَهُم وَثَغَرَ عَلَيْهِم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کر دیا۔

ثُغِرَ و اَثْغَرَ۔ فَمُه کچلا جانا ___ الصبِيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

اِثَّغَرَ و اتَّغَرَ۔ الصَّبِيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

الثَّغْر: اگلے دانت۔ منہ۔ سرحد۔ پہاڑ یا وادی کی گھاٹی۔ ج ثغور۔ کہا جاتا ہے۔ "اَمْسَوا ثُغورًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

الثُّغْرَة: رخنہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ آسان راستہ۔ اور اسی سے ہے "هُوَ يَخْتَرِق ثُغَر المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔

الثُّغْرُور: ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ۔

المَثْغَر: منفذ۔

الثِّغْرُوب: زرد دانت۔

اَثْغَمَ۔ الوادي: درخت ثغامه والی ہونا ___ الرأسُ: سفید ہونا ___ الرَّجُلَ: غضب ناک بنانا۔ مبتلاء بد ہضمی کرنا۔

ثَاغَمَه: بوسہ دینا۔

الثَّغِم: کاٹنے والا کتا۔

الثَّغَام: ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت واحد ثغامة۔

الثَّاغِم: سفید۔

ثَغَتْ (ن) ثُغَاءً۔ الشَّاةُ: ممیانا۔ کہا جاتا ہے "مَالَه ثَاغِيةٌ ولا رَاغِيةٌ" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ "و ما بِالدَّار ثَاغٍ ولا راغٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اَثْغَى اِثْغَاءً۔ الشَّاةَ: ممیانے پر اکسانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُه فما اثغى ولا اَرْغى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔

الثَّغْيَة: بھوک۔ اور قبیلہ کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ الْحَيَّ ثَغْيَةٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلاء ہے۔

ثَفَأَ (ف) ثَفْأً۔ القدرَ: جوش ٹھنڈا کرنا۔

الثُّفَّاء: رائی۔ واحد (ثُفَّاءَة)

ثَفَد۔ الدرعَ: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا۔

الثَّفَافِيد: اوپر تلے سفید بادل (___ و المَثَافِيد) کپڑوں کے استر۔ واحد مِثْفَد۔

اَثْفَرَ و ثَفَرَ۔ الحمارَ: پیچھے سے ہانکنا۔

اِسْتَثْفَرَ۔ الكلب بذنبه: دم دبانا۔ المُصَارِعُ بِثَوبِه: لنگوٹ کسنا۔

الثَّفَر و الثَّفْر: زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ ج اَثْفَار۔

ثَفَلَ (ن) ثَفْلًا و ثَفَّلَ۔ الرَّحَى: چکی کے نیچے چمڑہ بچھانا ___ الشَّيَ: یکبارگی بکھیر دینا۔

اَثْفَلَ۔ الخَمْرُ: تھرنا ___ الشَّرَابُ: تلچھٹ والا ہونا۔

ثَافَلَهُ: ہم نشینی کرنا۔

تَثَفَّلَ: مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَثَفَّلَهُ عِرْقُ سُوْءٍ" اس کو بد اصلی نے مجد و بزرگی سے کوتاہ بنا دیا ___ اِسْتَهُ: بیٹھنا۔

الثِّفَال: سست رفتار اونٹ وغیرہ۔

الثِّفَال: چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ (___ و الثُّفَال): چکی کا نچلا پاٹ۔

الثُّفل و الثَّافِل: تلچھٹ۔ الثَّافِل: گوبر۔

الثَّفِل: تلچھٹ کھانے والا۔

ثَفَنَتْ (ض) ثَفْنًا۔ النَّاقَةُ گھٹنے سے مارنا۔

ثَفَنَه: دفع کرنا۔ مارنا۔ ثَفَنَ الشَّيَ: لازم ہونا۔

ثَفِنَتْ (س) ثَفَنًا۔ يَدُه: کام کرنے سے سخت ہونا۔ اَثْفَنَ الْعَمَلُ يَدَهُ: سخت کر دینا۔

ثَافَنَهُ: ہم زانو ہو کر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ لگے رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کر لینا ___ عَلَى كَذَا: مدد کرنا۔

الثَّفِنَة۔ مِنَ البَعِير: اونٹ کا وہ حصہ جو بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہو گیا ہو کہا جاتا ہے "خَوىَ البَعِيْرُ عَلَى ثَفِنَاته" یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔ مِنَ الانسان: زانو ___ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ۔ ج ثِفنات

السَّفِينَة: لوگوں کی جماعت۔

ثَفَا (ن) ثَفْوًا۔ ہ: تابع ہونا ___ پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

اَثْفَى۔ الرَّجُلُ: تین عورتوں سے نکاح کرنا (___ وَ ثَفَّى) القِدرَ: ہانڈی کو چولھے کے پایہ پر رکھنا۔

المُثْفِّي: وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو دفن کر چکا ہو۔

المُثْفَاة: وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر مر چکے ہوں۔

ثَقَبَ (ن) ثَقْبًا۔ الشَّيَ: سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ (___ ثُقُوبًا) النارُ: روشن ہونا ___ النَّجْمُ: چمکنا ___ الطَّائِرُ: اونچا اڑنا ___ النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا ___ رَايُهُ: نافذ ہونا ___ الرَّائِحَةُ: پھیلنا۔

ثَقُبَ (ک) ثَقَابَةً: سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا۔ صفت (ثَقِيب) مؤنث ثَقِيبَة۔

ثَقَّبَ و تَثَقَّبَ۔ الشَّيَ: سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔

ثَقَّبَهُ الشَّيْبُ وَ ثَقَّبَ فِيهِ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ (ثَقَّبَ وَ اَثْقَبَ) النَّارَ: روشن کرنا (تَثَقَّبَ و اِنْثَقَبَ): سوراخ ہونا۔

الثَقبُ :سوراخ-ج اَثقُب و ثقُوب-

الثَقبة :چھوٹا سوراخ-ج ثُقَب و ثُقَب

الثِقَاب و الثُقُوب- چھپٹی- چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور جس کو عوام شخط یا نفط کہتے ہیں-

الثَاقِب- رَایٌ ثاقِبٌ : عمدہ رائے- "عقلٌ ثاقبٌ" عقل کامل- حَسَبٌ ثَاقِبٌ : مشہور حسب کہا جاتا ہے نحن اَثقَبُ النَّاسِ اَحْسَابًا" ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے مشہور ہیں-

الاَثقُوب : امور میں بہت زیادہ دخل دینے والا-

المِثقَب :برما-سوراخ کرنے کا اوزار- کہا جاتا ہے "رجُلٌ مِثقَبٌ" یعنی سمجھ دار تجربہ کار عمدہ رائے والا-

المِثقَب و المَثقَب : بڑا راستہ - سخت و دشوار راستہ - کہا جاتا ہے "هُوَ طَلاَّعُ المَثَاقِب" یعنی وہ بہادر ہے-

المُثَقَّبُ :سوراخ کیا ہوا-

ثَقِفَ (س) و ثَقُفَ (ک) ثَقْفًا و ثَقَفًا و ثَقَافَةً : زیرک و سبک و چالاک ہونا- صفت (ثَقْفٌ و ثَقُفٌ و ثَقِفٌ و ثَقِيفٌ)

ثَقِفَه (س) ثَقَفًا : کامیاب ہونا- فتح مند ہونا- پالینا- (____ ثقفًا و ثَقَافَةً و ثُقُوفَةً) الکلامَ : جلدی سے سمجھ لینا-

ثَقَفَه(ن) ثَقْفًا :دانائی میں غالب ہونا-

____ بالرمح :نیزہ مارنا-

ثَقَّفَ- الرُّمْحَ :سیدھا کرنا ____ الولدَ : مہذب بنانا- تعلیم دینا-

ثَاقَفَهُ : ہتھیاروں سے باہم کھیلنا- دانائی میں غالب ہونے کی کوشش کرنا- جھگڑا کرنا- کہا جاتا ہے "ثاقَفْتُه فثَقَفْتُه" یعنی میں نے اس پر غالب آنے کی کوشش کی اور غالب ہو گیا-

تَثَاقَفَا : باہم جھگڑا کرنا- دانائی میں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا-

الثِقَاف : جھگڑا- نیزوں کے سیدھا کرنے کا اوزار-

اِمْرَأَة(ثَقَاف) :ذکی و ذہین عورت-

الثَقِيف :بہت زیرک و چالاک-خَلٌّ ثِقِّيفٌ : بہت کھٹا سرکہ-

المُثَقَّفُ :شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ-

ثَقُلَ (ک) ثِقْلاً و ثَقَالَةً : بھاری ہونا- صفت (ثَقِيل و ثُقَال و ثَقَال) ج ثُقَلاء و ثِقَال و ثقلٌ ____ السمعُ : کچھ بہرا ہونا ____ القولُ : سننا ناگوار ہونا ____ المَرْأَة : حمل ظاہر ہونا-

ثَقَلَهُ (ن) ثَقْلاً :وزن معلوم کرنے کے لیے ہاتھ میں اٹھانا-

ثَقُلَ(ک) ثَقَلاً-المَرِيضُ :سخت بیمار ہونا-

ثَقَّلَهُ :بوجھل کرنا ____ الحَرْفَ : تشدید دینا ____ عَلَيْهِ :بھاری بوجھ لادنا ____ هُ المَرَضُ : سخت ہونا- "اَثْقَلَتِ الْمَرْأَةُ" حمل کا بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا-

تَثَاقَلَ :بتکلف ثقل ظاہر کرنا ____ عَنْهُ :دیر لگانا ____ القَومُ :باوجود مدد طلب کیے جانے کے مدد کے لیے نہ اٹھنا-

اِثَّاقَلَ-اِلَى الدُّنْيَا :مائل ہونا-

اِسْتَثْقَلَ- الشَّئُ : بوجھل ہونا ____ الشَئِ : بوجھل پانا ____ بِفُلاَنٍ : بوجھ کو محسوس کرنا-

الثاقِل :بوجھل- مرضٌ ثاقِل : سخت مرض- دِينَارٌ ثَاقِل : پورا دینار-ج ثَوَاقِل :کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ ثَاقِلاً" یعنی اس کو مرض نے بوجھل کر دیا-

الثقَل :مسافر کا سامان اور اس کے نوکر چاکر-کہا جاتا ہے "اَعْطِهِ ثِقْلَه" اس کو اس کے برابر دیدو ج اَثقال- و الاَثقال- زمین کے خزانے اور دفینے- مُردے- قرآنِ مجید میں ہے ﴿ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ﴾ اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی-

الثِقْل :گرانباری-

الثَقْلَة و الثِقْلة و الثَقَلَة و الثِقَلَة و الثَقِلَة : کل ساز و سامان- کہا جاتا ہے "وَارْتَحَلُوْا بِثَقْلَتِهِمْ" وہ لوگ مع اپنے پورے ساز و سامان کے چلے گئے- الثَقْلَة : پیٹ میں خوراک کی گرانی- اونگھ- کہا جاتا ہے "وَجَدتُ ثَقْلَةً فِي جَسَدِي" میں نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی-

المِثقَال :تولنے کے اوزان- مِثقَالُ الشَّئُ : چیز کا وزن یا چیز کی ترازو- ج مَثَاقِيل اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے اور کبھی کم اور کبھی زیادہ-

ثِكلَ (س) ثُكلاً و ثَكَلاً- اِبْنَهُ : گم کرنا- صفت (ثَاكِل و ثكلاَن) : مؤنث ثاكل و ثاكِلة و ثكلى ج ثَوَاكِل و ثكالَى-

اَثْكَلَ-الاُمَّ وَلَدها و اَثْكَلَ الْوَلَدُ اُمَّه : بچے سے ماں کو گم کرا دینا- اور ماں کے سامنے بچے کا مر جانا-

الثَكُوْل و المِثكَال : بچے کو بہت گم کرنے والی عورت- جمع مَثَاكِيلُ- : کہا جاتا ہے "نِسَاءُ الغُزَاة مَثَاكِيل" غازیوں کی عورتیں بچے کو گم کرنے والی ہیں-

الْمَثْكَلَة : سبب گمشدگی فرزند- کہا جاتا ہے زُمْحُه لِلْوَالِدَاتِ مُثْكَلَةٌ" اس کا نیزہ ماؤں کے لیے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے-

ثَكَمَ(ن) ثَكَمًا-الاَمْرَ او الطريقَ : کسی امر یا کسی راستے کیلئے لازم ہونا- الآثارَ : پیروی کرنا ____ له الاَمْر :واضح طریقہ سے بیان کرنا-

و ثَكِمَ(س) ثَكَمًا-بِالمَكَان : اقامت کرنا-

ثَكَمُ-الطَّرِيقِ وَ ثُكْمَتَهُ :راستہ کا درمیان

الثُكْنَة : کبوتروں کی ڈار- فوجوں کا مرکز- لوگوں کی جماعت- چوپایوں کا گلہ- گردن بند جھنڈا- ج ثُكَن- کہا جاتا ہے "حَمَامٌ ثُكَن" یعنی اکٹھے کبوتر-

ثَلَّ (ن) ثَلاًّ- البِئْرَ : کنوئیں سے مٹی نکالنا ____ الوِعَاءَ : برتن سے سب کچھ نکال لینا (____ ثَلاًّ ثَلَلاً) القومَ : ہلاک کرنا ____ البَيْتَ :گرا دینا- ڈھا دینا- کہا جاتا ہے "ثَلَّ اللّٰهُ عرشَهُم" یعنی اللہ نے ان کے ملک کو برباد کر دیا- و ثلَّ عرشهم اُن کی عزت ضائع ہو گئی ____ التراب :گرانا- ڈالنا ____ ثَلَّ ذِىْ حَافِرٍ :لید کرنا-

اَثلَّه اِثْلاَلاً :مرمت کرنے کا حکم دینا- الرَّجُلُ : بہت بھیڑوں والا ہونا- فَمُه : بے دانت والا ہونا-

تَثَلَّلَ-البیتُ :آہستہ آہستہ گرنا۔
اِنْثَلَّ :ڈھے جانا۔گر جانا۔
الثَلَلُ :ہلاکت۔دانتوں کا گرنا۔
الثِلَّہ :ہلاکت۔ج ثِلَل۔
الثَلَّۃ : بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے "کِسَاء جَیِّد الثَلَّۃ" عمدہ اُون کا کمبل۔کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ ج ثِلَل و ثلال : اُون' بال اور اُونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُلَّۃ :لوگوں کی جماعت۔کہا جاتا ہے۔"فُلاَنٌ لاَ یُفَرِّقُ بَیْنَ الثَلَّۃ و الثُلَّۃ" فلاں بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں فرق نہیں کرتا۔
الثِلَّۃ : نیستی وہلاکی۔جمع ثِلَل۔
المَثَلَّۃ :بیابان میں سائبان۔
ثَلَبَہ(ض) ثَلْبًا :عیب لگانا۔ملامت کرنا۔غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا ___ الشَّیْئَ : رخنہ ڈالنا۔
ثَلَبَ-الرَّجُلُ :بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا گر جانا۔
ثَلِبَ(س) ثَلَبًا۔الشیئُ :رخنہ دار ہونا۔
___ الجِلْدُ :سکڑنا۔
الثِلْب :بوڑھا اُونٹ جس کے دانت گر گئے ہوں۔ج ثِلَبَۃ و اَثْلاب۔
و الثَلِب :عیب دار۔ذلیل۔رُمْحٌ ثَلِب :رخنہ دار نیزہ۔
الإِثْلِب و الاَثْلَب : مٹی یا پتھر کا چورہ۔ ج اَثَالِب۔
المِثْلَبُ :وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے کی ہو۔
المَثْلَبَۃ :عیب۔گالی۔کہا جاتا ہے"مَاعَرَفْتُ فِیْہِ مَثْلَبَۃً" میں اس کے اندر کوئی عیب نہیں جانتا۔ج مثالب۔ مَثَالِبُ الاَمْرِ : کسی امر کے عیوب۔
ثَلَثَ(ن) ثَلْثًا۔الشیئَ :تہائی لینا۔
___ القومَ :تہائی مال لے لینا۔تیسرا ہونا۔
ثَلَّثَ۔ الإثْنَین : اپنے کو ملا کر تین کر دینا ___ الشیئَ : مثلث بنانا ___ الشَّرَابَ : تہائی باقی رہنے تک پکانا ___ الشیئَ :تین مرتبہ کرنا۔

اَثْلَثَ۔ القومُ : تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً "کَانُوْا تِسْعَۃً وَّعِشْرِیْنَ فَاَثْلَثُوْا" وہ لوگ اُنتیس تھے تیس ہو گئے۔
الثَلاَثَۃ :تین۔مؤنث ثَلاَث۔
ذُو الثَلاَثِ :تین لڑ والی رسّی۔اور تم کہتے ہو "فَعَلَہٗ ثَلاَثًا" اس نے اس کو تین مرتبہ کیا۔
الثِلْث :اُونٹنی کا تیسرا بچّہ۔کہا جاتا ہے "سَقَی زَرْعَہٗ الثِلْثَ" اس نے اپنے کھیت کو تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُلْثُ و الثُلُث : تہائی۔ج اَثْلاَث۔ اور اسی معنی میں (الثلیث) ہے۔
الثَلاَثَاء و الثُلاَثَاء و یَوْمُ الثَلاَثَاء :منگل۔اس کا تثنیہ ثُلاَثَاء ان :اور جمع ثلاثاات و ثلاثاء ات و اثالث۔
الخطُّ الثُلُثِیُّ :موٹے حرفوں والا خط۔
اتو اثلاثَ اَوْ مَثْلَثَ وہ تین تین آئے۔یہ غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث دونوں کے لیے یکساں ہے۔
الثِلْثَان و الثَلَثَان :کوئے کا پودہ۔
الثَلاَثُون :تیس(مذکر و مؤنث)
الثَالُوث :تین سے مرکب۔
المِثْلَث :جو تانت کہ تین لٹ کا ہو۔بربط۔باجہ کا تیسرا تانت۔ج مثالِث۔
المُثَلِّث و المُثْلِث : بادشاہ کے پاس چغل خوری کرنے والا۔
المُثَلَّث : مِنَ الاَحْرُفِ : تین نقطوں والا یا تین حرکتوں والا۔و المُثَلَّثُ فِی الْہِنْدَسَۃِ : تین ضلعوں والی شکل۔
المَثْلُوْث : تین سے مرکب۔ وہ چیز جس کی تہائی لے لی گئی ہو ___ مِنَ الْحِبَالِ : تین لٹوں کی بٹی ہوئی رسّی۔کِسَاءٌ مَثْلُوْث : اُون بال اور اُونٹوں کے بال کا بنا ہوا کمبل۔
اَلْمَثْلُوْثَۃ :تین چمڑے کا بنا ہوا توشہ دان۔
ثَلَجَتْ(ن) ثَلْجًا و اَثْلَجَتِ السَّمَاءُ :برف گرانا۔تم کہتے ہو ثَلَجَتْنَا السَّمَاءُ" یعنی ہمارے اوپر برف پڑی۔
ثَلَجَت(ن) ثُلُوجًا۔نَفْسِی بِہٖ وَاِلَیْہِ :خوش ہونا۔مطمئن ہونا۔

ثَلِجَتْ(س) ثَلَجًا و اَثْلَجَت۔نَفْسِی بِہٖ : مطمئن ہونا۔خوش ہونا۔
ثُلِجَ۔فُؤَادُہٗ :بلید الطبع ہونا۔صفت (مَثْلُوْجُ) الفُؤَاد۔ ثُلِجَتِ الاَرْضُ وَ اُثْلِجَتْ : برف پڑنا۔
اَثْلَجَہٗ :خوش کرنا۔اَثْلَجَ القَوْمُ :برف میں داخل ہونا۔اَثْلَجَتْ عَنْہُ الحُمّٰی :زائل ہونا۔
اَثْلَجَ مَاءُ البِئْرِ :ختم ہونا۔
الثَلْج :برف۔ج ثُلُوج۔واحد ثَلْجَۃ۔مَاءٌ ثَلِجٌ :ٹھنڈا پانی۔
الثُلَج :عقاب کا چوزہ۔
الثَلاَّج :برف بیچنے والا۔
الثَلاَجِیُّ :بہت سفید۔کہا جاتا ہے "فِضَّۃٌ ثَلاَجِیٌّ"
المَثْلَجَۃ :برف کی حفاظت کی جگہ۔
المَثْلُوج : برف پڑی ہوئی چیز۔ رَجُلٌ مَثْلُوْجُ الفُؤَادِ :بلید الطبع مرد۔مَاءٌ مَثْلُوْج : برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
ثَلَخَ(ف) ثَلْخًا۔البَقَرُ :گوبر کرنا۔
ثَلِخَ(س) ثَلَخًا :گوبر میں آلودہ ہونا۔
ثَلَدَ(ض) ثَلْدًا۔الفِیْلُ :پتلا پاخانہ کرنا۔
ثَلَطَ(ض) ثَلْطًا۔الثَوْرُ اَوِ البَعِیْرُ :پتلا پاخانہ کرنا۔
ثَلَغَ(ف) ثَلْغًا۔رَاسَہٗ :کچلنا۔توڑنا۔
ثَلَغَ(ف) ثَلْغًا۔رَاسَہٗ :کچلنا۔توڑنا۔
المُثَلَّغ۔مِنَ التَّمْرِ : پھٹ کر زمین پر گری ہوئی کھجور۔ تم کہتے ہو۔ "تَنَاثَرَتِ الثِمَارُ فَثَلِغَتْ" پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔
ثَلَمَ(ض) ثَلْمًا و ثَلَّمَ۔الحَائِطَ : رخنہ ڈال دینا ___ الإِنَاءَ :کنارے سے توڑنا۔
ثَلِمَ(س) ثَلَمًا و تَثَلَّمَ و انْثَلَمَ :رخنہ پڑنا۔
ثُلِمَ ثُلْمَۃً فِی مالہ :کچھ ضائع ہونا۔
الثَلْم۔ج اثلام و (الثُلْمَۃ) فِی الحَائِطِ وَ نَحْوِہٖ :شگاف۔رخنہ۔خلل۔ٹوٹی ہوئی جگہ۔
الاَثْلَم :ہر وہ چیز جس کا رخنہ ظاہر ہو۔مٹی پتھر
ثَمَّ(ن) ثَمًّا۔الشَیْئَ :درست کرنا۔تم کہتے ہو "ثَمَمْتُ اُمُوْرِی" میں نے اپنے اُمور کو درست کر لیا۔ ثَمَّتِ الشَّاۃُ النَبتَ بِفِیْہَا :

بکری نے گھاس کو اپنے منہ سے صاف کر لیا۔
اِنْثَمَّ: اَلْجِسْمُ: گھلنا۔ کمزور ہونا ــــ
الشیخُ: بوڑھا ہونا۔ صفت (ثَمَّة)
ثَمَّ و ثَمَّةَ: وہاں۔ اسم ہے جس سے بعد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔
الثَّمُّ: ثم کا مصدر بمعنی درست کرنا۔ اور اسی سے ہے "کُنّا اَھْلَ ثَمِّہٖ وَرَمِّہٖ" ہم اصلاح ومرمت کے اہل تھے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ ثُمُّہٗ وَرُمُّہٗ اَوْ ثُمَّۃٌ وَرُمَّۃٌ اَوْ لِثَّۃٌ وَرِمَّۃٌ" وہ اس کا جید وردی قلیل وکثیر ہے۔ اور کہا جاتا ہے "مالہ ثُمٌّ وَلَا رُمٌّ" یعنی وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔
ثُمَّ: حرفِ عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لیے مستعمل ہے۔ اور اس پر تا بھی آتا ہے کہا جاتا ہے ثُمَّت۔
الثُّمَّة: سوکھی گھاس کا مٹھا۔
الثُّمام: ایک قسم کی گھاس جو لانبی نہیں ہوتی واحد ثُمامَة۔
المِثَم- مِنَ النَّاسِ: اچھا برا ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔
ثَمَاہ (ف) ثَمْأً: چربی کھلانا ــــ الرَّاسَ: کچلنا توڑنا ــــ الانْفَ: کنارہ توڑ دینے سے خون بہنا۔
اِنْثَمَأَ۔ الرَّاسُ: کچلا جانا۔ ٹوٹنا۔
اَلثَّمُوْت: وہ شخص جو جماع کے وقت پاخانہ کر دے۔
ثَمَجَہٗ (ض) ثَمْجًا: باہم ملانا۔
المُثَمِّج: مختلف رنگوں سے رنگنے والا۔ مؤنث مُثَمِّجَة۔
ثَمَدَ (ن ض) ثَمْدًا وَاَثْمَدَ وَاسْتَثْمَدَ۔ الْمَاءَ: پانی جمع ہونے کے لیے حوض کی مانند بنانا۔
ثَمَدَ الشَّيْءَ فُلَانًا: کسی کے پاس کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کا سارا مال ضائع ہو جائے۔
ــــ النَّاقَةَ بِالْحَلْبِ: دوہنے میں اونٹنی کا دودھ کو سنک لینا۔
اِثَّمَدَ واثْتَمَدَ وَتَثَمَّدَ: تھوڑے پانی کی طرف جانا۔
اِسْتَثْمَدَہٗ: بخشش طلب کرنا۔
الثَّمْدُ والثَّمَدُ: تھوڑا پانی جو جاڑوں میں جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ج ثِماد
الإِثْمِد والاَثْمُد: ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ تیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیمون کہتے ہیں۔
رَجُلٌ (مَثْمُوْد): وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔
ثَمَرَ (ن) ثُمُوْرًا وَاَثْمَرَ۔ الشَّجَرُ: پھلدار ہونا۔ صفت (ثامِر ومُثْمِر)۔ اَثْمَرَ الشَّجَرُ الثَّمَرَ: پھل لانا۔ اَلْمَرَ الْقَوْمَ: پھل کھلانا۔
ثَمَّرَ: مَالَہٗ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔
اِسْتَثْمَرَ: الشَّيْءَ: نتیجہ خیز بنانا ــــ الرَّجُلُ: پھل پانا۔
الثَّمَر: پھل۔ واحد ثَمَرَة۔ ج ثِمَارٌ جج اَثْمار وثُمُر۔ الثمرة: نسل۔ اولاد۔ ثمرة اللِّسان: زبان کا کنارہ ــــ السَّوْط: چابک کے سرے کی گرہ۔ اور اسی سے ہے "اَمَرَ الْجَلَّادَ اَنْ يَذُقَ ثَمرةَ سَوْطِہٖ" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل لے۔ ثمرة القلب: دوستی۔ محبت۔ اور اسی سے ہے "خَصَّنِيْ بِثَمْرَةِ قَلْبِہٖ" اس نے مجھ کو اپنی دوستی کے لیے خاص کیا۔
الثَّامِر: لوبیا۔
شَجَرَةٌ (ثَمْرَاء): پھل دار درخت۔ اَرْضٌ ثَمْرَاء: بہت پھلوں والی زمین۔
ثَمِلَ (س) ثَمَلًا: مست ہونا۔ صفت (ثَمِلٌ)
ثَمَلَہٗ (ن ض) ثَمْلًا: فریاد رسی کرنا۔ کھلانا پلانا۔ غمخواری کرنا۔
اَثْمَلَہٗ: مدہوش کرنا۔ اَثْمَلَ اللَّبَنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔
(ــــ وثَمَّلَ) اللَّبَنَ: جھاگ اٹھنے کے لیے اچھالنا۔
تَثَمَّلَ۔ مافی الاناء: پینا۔
الثَّمَلَة ج ثُمُول و (الثملة) ج ثُمَلٌ (الثَّمِيْلَة) ج ثَمِيْل وثَمَائِل و(الثُّمَالَة) ج ثُمال: حوض یا برتن میں باقی ماندہ پانی وغیرہ۔
الثُّمَالَة: جھاگ۔
الثِّمال والمُثَمَّل: زہر قاتل۔
ثِمَالُ۔ القَوْمِ: قوم کا فریاد رس۔
الثَّمِيْل: کھٹا دودھ۔
المَثْمَلَة: حوض۔ تالاب۔
المِثْمَلَة: حوض کی تلی کی کیچڑ۔ چرواہے کا تھیلا۔ جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔
ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا۔ الرَّجُلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا ــــ الشَّيْءَ: آٹھواں حصہ لینا ــــ القومَ: آٹھواں ہونا۔
ثَمُنَ (ک) ثَمَانَةً۔ الشَّيْءُ: قیمتی ہونا۔
ثَمَّنَ۔ الشَّيْءَ: قیمت کا اندازہ کرنا۔ آٹھ ضلعوں والی بنانا۔
اَثْمَنَ۔ القَوْمُ: آٹھ ہونا۔ اَثْمَنْتُ المالَ زَيْدًا ولِزَيْدٍ قیمت دینا۔
الثَّمَن: بیع شدہ چیز کا بدلہ۔ قیمت ج اَثْمَان واَثْمِنَہ واَثْمُن۔
الثُّمْن والثُّمُن: آٹھواں حصہ۔ ج اثمان اسی معنی میں ثَمِيْنٌ ہے اور الثَّمِيْن: قیمتی۔
اَتَوْا (ثُمَانَ ومَثْمَنَ): وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)
الثَّمَانِيَة: آٹھ۔ مؤنث ثَمَان۔ اور تم کہوگے "ثَمَانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا وَثَمَانِيَ عَشَرَةَ اِمْرَاۃً"
الثَّامِن: آٹھواں۔
الثَّمَانُوْن: اَسّی۔ (۸۰)
المُثَمَّن: وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ کیا گیا ہو۔ ہشت پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز۔
الثُّنَّة: گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصہ کے بال ج ثُنَن۔
الثُّنْدُؤَة والثُّنْدُوة: مرد کا وہ حصہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثَنَاد۔
الثَّنْطَب: خنجر بنانے والوں کی چھری۔
ثَنَى (ض) ثَنْيًا۔ الشَّيْءَ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہ کر دینا ــــ روکنا ــــ زَيْدًا: حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "ھٰذَا وَاحِدٌ فَاَثْنِہٖ" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ کہا جاتا ہے "ثَنَى عَلَيْہِ بِضَرْبَةٍ ثَانِيَةٍ" اس نے اس کو دوبارہ مارا۔ "وَفُلَانٌ لَا يَثْنِيْ وَلَا يَثْلُثُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ "وَثَنَى صَدْرَہٗ" یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔

ثَنّی الشَّیَ تَثْنِیَۃً : دوہرا کرنا ____ بِالْاَمْرِ : ایک کام کے ساتھ دوسرا کام ملا دینا- الْکَلِمَۃَ : تثنیہ کی علامت لگانا- ایک حرف پر دو نقطے لگانا-

اَثْنٰی- الرَّجُلَ : دوسرا ہونا ____ عَلَیْہِ : تعریف کرنا ____ عَلَیْہِ بِالضَّرْبِ : دوبارہ مارنا-

تَثَانَوْا- عَلَیْہِ : مہربانیاں ظاہر کرنا-

اِسْتَثْنٰی- الشَّیَٔ : حکم عام سابق سے نکالنا ____ فُلَانًا وَعَلٰی فُلَانٍ : کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا-

اِثْنَوْنٰی- صدرُہ عَلَی الْبَغْضَاءِ : بغض و عداوت پر مشتمل رہنا-

الثِّنْیُ- مِنَ الثَّوْبِ : پیچ- لپیٹ- تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُہ ثِنْیَ کِتَابِی" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کرکے بھیجا ____ مِنَ الْوَادِی : موڑ ____ مِنَ اللَّیْلِ : وقت ____ مِنَ الْحَیَّۃِ : کنڈلی ج اَثْنَاء- اَثْنَاءُ الْکَلَامِ : دورانِ گفتگو- تم کہتے ہو "جاؤُوا فِی اَثْنَاءِ الْاَمْرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے-

الثِّنْیُ : دہرائی ہوئی بات- ج ثِنْیَۃ (____ والثُّنْیَان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی-

الثَّنَاء : تعریف- ج اَثْنِیَۃ-

الثِّنَاء : اونٹ کے زانو باندھنے کی دوہری رسی-

اَتَوْا (ثُنَاَ ومَثْنٰی) : وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث کے لیے یکساں ہے)-

الثَّنِیُّ- ج ثِنَاء وثُنْیَان : وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں-

الثَّنِیَّۃ : سامنے کے اوپر کے نیچے کے دو دو دانت- ج ثَنَایا استثناء : کہا جاتا ہے "حَلَفَ یَمِیْنًا لَیْسَ فِیْھَا ثَنِیَّۃٌ" اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی- گھاٹی کا راستہ- کہا جاتا ہے- "فُلَانٌ طَلَّاعُ الثَّنَایَا" یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے-

تَثْنِیَۃُ الْاِشْتِرَاعِ : موسیٰ علیہ السلام کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب-

الثُّنَائِی- مِنَ الْاَلْفَاظِ : دو حرفوں والا-

اِثْنَانِ : مؤنث اِثْنَتَان وثِنْتَان : دو-

الْاِثْنَان ویَوْمُ الْاِثْنَیْنِ : پیر کا دن- سوموار-

الثَّانِی : مؤنث الثانیۃ : دوسرا-

الثَّانِیَۃ : سیکنڈ- ج الثَّوَانِی-

الثُّنْوَی والثُّنْیَا- مِنَ الْجَزُوْرِ : ذبح کیے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنیٰ کیا ہوا-

الْمَثْنٰی : بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد والا تار "مَثْنَی الْوَادِی : وادی کا موڑ- ج الْمَثَانِی-

المثانی : قرآن کی آیتیں- مَثَانِی الشَّیْءِ : کسی چیز کی لڑی وغیرہ- وَالْمَثَانِی مِنَ الدابۃ : زانو اور کہنیاں-

الْمِثْنَاۃ : اون اور بال وغیرہ کی رسّی- بٹی لپیٹ ج مثانیۃ-

ثَابَ (ن) ثَوْبًا و ثُؤُوبًا : لوٹنا ____ النَّاسُ : اکٹھا ہونا ____ الْمَاءُ : حوض میں جمع ہونا (____ ثوبانًا واَثْوَبَ اِثْوَابًا) الْمَرِیْضُ : چنگا ہونا-

ثَوَّبَہٗ- مِنْ کَذَا : بدلہ دینا ____ الرَّجُلُ : جانے کے بعد واپس ہونا- (____ وَتَثَوَّبَ) المُصَلِّی : فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا-

اَثَابَ اِثَابَۃً- الرَّجُلُ : چنگا ہونا ____ الرَّجُلَ : بدلہ دینا ____ ہ جزاءہ : دینا-

____ الحوضَ : بھرنا-

تَثَوَّبَ : ثواب حاصل کرنا-

اِسْتَثَابَ- المالَ : لوٹانا ____ الرَّجُلَ : بدلہ مانگنا-

الثَّائِبُ : فا- بارش سے پہلے کی تیز ہوا ____ مِنَ الْبَحْرِ : سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بہاؤ کے بعد-

الثَّوْبُ : کپڑا ج ثِیَاب واَثْوَاب واَثْوُب- کہا جاتا ہے "طَاہِرُ او دَنَسُ الثِّیَابِ" پاک نفس یا خبیث النفس-

الثَّوَاب والْمَثُوبَۃ والْمَثْوَبَۃ : اعمال کا بدلہ- خیر ہو یا شر عموماً خیر کے لیے مستعمل ہے-

الثَّوَّاب : شہد- شہد کی مکھی-

الثَّوَّاب : بزاز- کپڑے کا سوداگر- کپڑے والا-

الثِّیَابِی : کپڑوں کا محافظ-

الْمَثَاب والْمَثَابَۃ : جمع ہونے کی جگہ- "مَثَابُ الْبِئْرِ و مَثَابَتُھَا : کنوئیں کے ارد گرد کے اونچے پتھر-

الثَّوْجُ : مٹی چونہ اٹھانے کی ٹوکری-

ثَاخَت (ن ض) ثَوْخًا وثَیْخًا- الْاِصْبَعُ فِی الْوَرَمِ او الرِّجْلُ فِی الْوَحْلِ : انگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا-

ثَارَ (ن) ثَوْرًا و ثَوَرَانًا و ثُؤُوْرًا : جوش میں آنا- بھڑکنا- اور اسی سے ہے "ثَارَتِ الْفِتْنَۃُ بَیْنَھُمْ" ان کے درمیان فتنہ و فساد بھڑک اٹھا-

____ الْغُبَارُ او الدُّخَانُ : بلند ہونا ____ الْجَرَادُ : ٹڈیوں کا ظاہر ہونا ____ نَفْسُہ : جی کا متلانا ____ الیہ وبہ : حملہ کرنا- کود پڑنا-

ثَاوَرَہٗ مُثَاوَرَۃً وثِوَارًا : ایک دوسرے پر حملہ کرنا-

ثَوَّرَہٗ و اَثَارَہٗ و اِسْتَثَارَہٗ : جوش دلانا- ثَوَّرَ الْاَمْرَ : کھود کرید کرنا- ثَوَّرَ الْکِتَابَ : معانی میں بحث کرنا-

تَثَوَّرَ : جوش میں آنا-

ثَوَرَانُ- الشفق وثَوْرُہٗ : شفق کی سرخی-

الثَّوْرُ : بیل- آسمان کے ایک برج کا نام ج ثیران- واَثْوَار وثِیَارَۃ وثِیَرَۃ وثِوَرَۃ- الثَّوْرُ : پنیر کا بڑا ٹکڑا- ج اَثْوَار وثِوَرَۃ- الثَّوْر : ناخن کی جڑ کی سفیدی-

الثَّوْرَۃ : گائے- کثرت- کہا جاتا ہے "ثَوْرَۃ رِجَالٍ او رِمَالٍ" : لوگوں کی یا ریت کی کثرت- جوش وہیجان- بغاوت-

الثَّائِرُ : فا- کہا جاتا ہے "ثَارَ ثَائِرُہٗ و فَارَ فَائِرُہٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا- "رَاَیْتُہٗ ثَائِرَ الرَّاسِ" میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا-

الثَّائِرَۃ : شور- چیخ- ج ثَوَائِر-

الْمَثْوَرَۃ : بہت بیلوں والی زمین-

ثَاعَ (ن) ثَوْعًا- الْمَاءُ : بہنا-

ثَوِلَتْ (س) ثَوَلًا وثَالَتْ (ن) ثَوْلًا- الشَّاۃُ خَاصَّۃً : دیوانی ہونا ____ الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا- صفت (اَثْوَلُ) مؤنث ثَوْلَاء- ج ثُوْلٌ جج اَثَاوِلَۃ-

تَثَوَّلَ- النحلُ : اکٹھا ہونا ____ علیہ القوم : برا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا-

اِنْثَالَ اِنْثِیَالًا- عَلَیْہِ التُّرَابُ : گرنا- کہا جاتا ہے "اِنْثَالَ عَلَیْہِ النَّاسُ مِنْ کُلِّ وَجْہٍ" لوگ

اس پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے ـــــ عَلَیْہِ
الْقَوْلُ: زبان پر خود بخود آجانا۔
الثَّوْلِ: شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔
الثَّوِیْلَة: قبیلہ کے جمع ہونے کی جگہ۔ متفرق گھروں کے لوگوں کا جتھا۔ کہا جاتا ہے "اتی ثَوِیْلَةٌ مِنَ النَّاس" لوگوں کی جماعت آئی۔
الثُّوْم: لہسن۔
الثُّوْمَة: ایک لہسن۔ تلوار کے دستہ کے کنارے کی آرائش۔ تم کہتے ہو "سَیْفِی ثُوْمَتُه مِنْ فِضَّة" میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی کا ہے۔
تَثَاوَنَ: مکر و فریب کرنا۔
الثَّوْنَی: آٹے میں لگانے کی خشکی۔ پلیتھن۔
ثَوٰی (ض) ثَوَاءً و ثُوِیًّا۔ الْمَکَانِ و فیه و بِهٖ: اقامت کرنا ـــــ الرَّجُلُ: مرنا۔
ثُوِیَ: دفن کیا جانا۔
ثَوَّاہ تَثْوِیَةً فِی الْمَکَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
اَثْوٰی: اقامت کرنا۔ اَثْوَاہ: مہمانی کرنا۔
اثواہ فِی الْمَکَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
تَثَوَّاہ: مہمان بننا۔
الثُّوَّة: گھر کا سامان، راستہ کے نشان کے پتھر۔ ج ثُوًی۔
الثَّاوَة و الثَّایَة: اونٹوں کا باڑہ۔
الثَّوِیّ: مہمان۔ مہمان خانہ، قیدی۔ ج اَثْوِیَاءُ مؤنث ثَوِیَّة۔ الثَّوِیَّة: بھیڑ بکری گائے اونٹ کا باڑہ۔ عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ ثَوِیَّةُ فُلَانٍ" یہ فلاں کی بیوی ہے۔
الثَّوِیَّة: پتھر جو راستہ میں نصب کر دیا جائے تاکہ چرواہے کے لیے علامت رہے جبکہ وہ رات میں واپس ہو۔
الْمَثْوٰی: منزل۔ ج مَثَاوٍ۔ ابو الْمَثْوٰی: مہمان۔ اَبُو مَثْوَاہُ: میزبان۔ اُمّ مَثْوَاہ: میزبان کی بیوی۔
ثَیَّبَتِ و ثُیِّبَتْ۔ الْمَرْأَة زوجها: موت یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جدا ہونا۔ صفت (ثَیِّبٌ) و الثَّیِّب: باکرہ کی ضد۔ شادی شدہ مرد یا عورت۔ (مذکر و مؤنث) دونوں کے لیے یکساں ہے۔ تم کہتے ہو "رجل ثَیِّبٌ" شادی شدہ مرد "اِمْرَاَةٌ ثَیِّبٌ" شوہر سے جدا شدہ عورت ثیب: جو عورتوں کے لیے ہے اس کی جمع ثیبات ہے اور کہا جاتا ہے "بِئر ثَیِّبٌ" کنواں جس میں پانی جمع ہو۔
الْمُثَیِّب: خاوند سے جدا شدہ عورت۔
الثَّیْتَل: پہاڑی بکری۔ نامرد۔ عورتوں کے پاس بیٹھنے والا۔
ثَیْتَل و تَثَیْتَل۔ الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف بننا۔
الثِّیْل و الثَّیِّل: ایک قسم کی گرہ دار نباتات جو زمین پر پھیلتی ہے۔
الثِّیْن: موتی نکالنے کی جگہ، موتی میں سوراخ کرنے والا۔ موتی میں سوراخ کرنے کا آلہ (الثِّیَة) بکریوں کا باڑہ۔

جَأَبَ(ف)جَأْبًا :مال کمانا۔گیرو مٹی بیچنا۔
الجَأب : گیرو مٹی۔ سخت اور اجڈ آدمی۔ شیر۔ ج جُؤُوْب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ جَابُ الصَبر" فلاں اُمور میں بڑا صابر ہے۔ الجأب : موٹا گور خر۔
جَأْبَةُ البَطْن :ناف۔
جَأبَزَ جَأبَزَةً :بھاگنا۔
جَئِثَ (س) جَأثًا۔ الرجلُ : اُٹھنے یا بوجھ اٹھانے میں سُست ہونا۔
جُئِثَ جَأثًا وجُؤُوثًا : گھبرانا۔ صفت (مَجْؤُوْث)
اَجْأثَه۔الحِمْلُ :گرانبار کرنا۔
الجَأاث :بدخو۔سُست رفتار۔
جَأج(ف)جَأجًا :بزدلی سے کھڑا ہونا۔
حَزَّبَ۔ القومَ: پارٹی پارٹی کرکے جمع کرنا۔

حَازَبَه۔ کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہنچانا۔

تَحَزَّبَ۔ القومُ: اکٹھا ہونا یا پارٹی پارٹی ہونا۔

الحَازِبُ۔ ج حَوَازِب و (الحَزِیب) ج حُزُب و حُزُبٌ: امر شدید۔ تم کہتے ہو "نَزَلَتْ بِه حَوَازِبُ الخُطُوب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔ "وهذا امرٌ حَزِیْبٌ" یہ دشوار امر ہے۔

الحِزْب۔ لوگوں کی جماعت۔ ہتھیار۔ پارٹی۔ حصہ۔ ورد۔ وظیفہ۔ ج اَحْزَاب۔ ہر وہ قوم جس کے خیالات و افکار ایک ہوں اگرچہ آپس میں ملاقات نہ ہو۔

الحَزَابِي و الحزابِیَة۔ مِنَ الرجال: گھٹے بدن والا۔ پست قد۔

الحَزَنْبُوْن و الحَزَنْبُوْر۔ کھوسٹ بڑھیا۔

حَزَرَ (ن ض) حَزْرًا و مَحْزَرَةً۔ الشَّيْءَ: اندازہ کرنا' تخمینہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حزر قدومه یوم کذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا۔ (___ و حَزُرَ (ک) حَزْرًا و حُزُوْزًا) النبیذُ او اللبنُ: کھٹا ہونا۔ صفت (حَازِر)

الحَزْرَة۔ ج حَزَرَات و (الحَزِیْرَة) مِنْ کل شي: عمدہ حصہ۔

الحَازِر۔ جو کا آٹا جس میں بو پیدا ہو گئی ہو۔

الحَازِرَة: حَازِر کا مؤنث: مضبوط قوی اونٹنی۔

الحَزْوَر و الحَزَوَّر۔ طاقتور لڑکا۔ ج حَزَاوِرَة: کمزور مرد۔ طاقتور مرد۔

الحُزُّوْرَة۔ معمہ۔ چیستاں۔ پہیلی (عوام کی لغت ہے۔ فصیح لفظ "الاحجیّة" ہے۔

المُحْزَوْزِر۔ غضبناک۔

الحَزْوَرَة۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج حَزَاوِرُ و حَزَاوِرَة

الحَزْوَارَة۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج حَزَاوِیْر۔

حَزِیْرَان۔ ماہ جون۔ شمسی سال کا چھٹا مہینہ۔

حَزْفَرَ۔ القومُ لِلقَوْمِ: جنگ کیلئے آمادہ ہونا۔

حَزْفَرَ الإِنَاءَ: بھرنا ___ المتاعَ: باندھنا۔

الحَزْفَرَة۔ پتھریلی ہموار زمین۔

حَزَقَ (ض) حَزْقًا۔ الوَتَرَ او الرباطَ: خوب کھینچ کر باندھنا ___ الشَّيْءَ: دبا کر نچوڑنا۔ الحمارُ: گوز کرنا ___ بالحبل: رسّی سے باندھنا۔

اَحْزَقَهُ۔ منع کرنا۔ روکنا۔

تَحَزَّقَ۔ سکڑنا۔

الحِزْق و الحِزْقَة و الحَازِقَة و الحَزَاقَة و الحَزِیْقَة۔ آدمی وغیرہ کی جماعت۔ حَزِیْقَة کی جمع حَزَائِق و حَزِیق و حُزُق۔ الحِزْقَة: ہر چیز کا ٹکڑا۔

الحَازُوْقَة۔ ہچکی۔ (لغت عوام ہے فصیح لفظ الفُوَاق ہے)

الحُزُقُّ و الحُزُقُّ و الحُزُقَّة و الحُزُقَّة و الأُحْزُقَّة۔ پست قد۔ جو چھوٹے چھوٹے قدم سے چلے۔ (___ و المُتَحَزِّق) بد خلق۔ بخیل۔

المَحْزُوْق۔ مِنَ اَبَارِیق ونحوه: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔

حَزَكَهُ (ض) حَزْكًا۔ لپیٹنا اور دبانا۔ ه بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔

اِحْتَزَكَ۔ بالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔

اِحْزَأَلَّ۔ الشَّيْءُ: اکٹھا ہونا۔ القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا ___ الحبلُ: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا ___ البَعِیْرُ فی السیر: چلنے میں بلند ہونا۔

الحَزَوْزَل و الحَزَوْزَلَة۔ پست قد۔

حَزَمَهُ (ض) حَزْمًا و حَزْمَةً۔ باندھنا۔

حَزِمَ (س) حَزَمًا۔ سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔

حَزُمَ (ک) حَزْمًا و حَزَامَةً ہوشیاری اور دور اندیشی سے کام لینا۔ صفت (حَازِم) ج حَزَمَة و حُزَّم و اَحْزَام و (حَزِیم) ج حُزَمَاء۔ (اَحْزَم) الفرسَ: تنگ ہٹانا۔

تَحَزَّمَ و اِحْتَزَمَ۔ رسّی وغیرہ سے کمر کسنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ فی الاَمْر" یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لیا۔

اِحْزَوْزَمَ اِحْزِیْزَامًا۔ الشَّيْءُ: اکٹھا ہونا ___ المکانُ: سخت و بلند ہونا۔

الحِزَام ج حُزُم و (الحِزَامَة) ج حَزَائِم و (المِحْزَم و المِحْزَمَة) جانور کا تنگ۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَ حِزَامَ الطَّرِیْق" وہ وسط راستہ پر چلا۔

الحَزْم۔ مع۔ سخت و بلند زمین ___ ج حُزُوْم

الحَزَم۔ کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا' سینہ میں پھندا لگنا۔

الحُزْمَة۔ لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔

الحُزُمَّة۔ پست قد۔

الحَزِیْم۔ جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ' کہا

جاتا ہے "شَدَدتُ لِھٰذا الاَمرِ حَزِیمی" میں
نے اس معاملہ کیلئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے
آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط۔ ج حُزُوم و اَحزِمۃ
الاَحزَم۔ چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور
موٹی کمر والا۔
الاَحزَام۔ پارٹیاں۔
الحَیزُوم۔ سینہ کا وسط۔ سخت و بلند زمین۔ ج
حَیَازِم و حَیَازِیم۔ "شُدَّ الحَیَازِم" کنایہ ہے
صبر کرنے سے۔
المَحزِم۔ مِنَ الدابۃ: تنگ باندھنے کی جگہ۔
حَزَنَہٗ (ن) حُزنًا۔ غمگین کرنا۔
حَزِنَ (س) حَزَنًا۔ لہٗ و علیہ: غمگین ہونا
صفت (حَزِین) ج حُزَنَاء و حِزَان و حَزَانٰی و
(حَزِنٌ و حَزَنٌ و مَحزُونٌ و مُحزَن و مُحزَان و
حَزنَان)
حَزُنَ (ک) حُزُونۃً۔ المکانُ: سخت ہونا۔
اَحزَنَ۔ سخت زمین میں چلنا۔ (___ و حَزَّنَ)
الرجلَ: غمگین بنانا حَزَّنَ القارِئُ: باریک آواز
سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ و تَحَازَنَ و اِحتَزَنَ۔ غمگین ہونا۔
تَحَزَّنَ علیہ و لامرہ: دردمند ہونا۔
الحُزن و الحَزَن۔ غم۔ ج اَحزَان۔
الحَزن۔ سخت و بلند زمین۔ ج حُزُن و حُزُون۔
الحَزنَۃ۔ مِنَ الارض: سخت زمین۔
الحُزنَۃ۔ سخت پہاڑ۔ ج حُزَن۔ الحُزَن:
سختیاں۔
الحُزَانۃ۔ اہل و عیال جن کی وجہ سے آدمی فکر
مند رہتا ہے۔
الحُزُونۃ۔ زمین کی سختی۔
الحَزَنبَل۔ بیوقوف عورت۔ گٹھے بدن کی
پست قد عورت۔ کھوسٹ بڑھیا۔ کڑوے مزہ کی
ایک قسم کی نباتات۔
حَزَا (ن) حَزوًا و حَزٰی (ض) حَزیًا و
تَحَزّٰی الشَّئَ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
الطیرَ: شگون معلوم کرنے کے لیے اڑانا۔
حَزَا (ن) و حَزٰی۔ السرابُ الشَّئَ: نمایاں
کر دینا۔
اَحزٰی اِحزَاءً۔ الشَّئُ: بلند و نمایاں ہونا

___ بِالشَّئِ: جاننا۔
الحَازِی۔ فا۔ وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ کر
پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "عَلَی
الحازِی ھَبَطتُ" یعنی میں دانا اور واقف کار
کے پاس پہنچا۔
الحَزٰی و الحَزَاءُ۔ ایک قسم کی نباتات واحد
حَزَاۃ و حَزَاءَۃ۔
الحَزَّاءُ۔ نجومی و ستارہ شناس۔
حَسَّہٗ (ن) حَسًّا۔ قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
حسَّ الدابۃَ: کھریرا کرنا البردُ الزرعَ: جلانا۔
اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا النارَ: پختہ ہونے کے
لیے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ض) حَسًّا و اَحَسَّ۔ الشَّئَ و بِالشَّئِ:
معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ و اَحَسَّ منہ
خبرًا" اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حَسَّ (س ض) حَسًّا و حِسًّا۔ بالخبر: یقین
کرنا لفلان: نرم دل ہونا۔
حَسَّسَ۔ معلوم کرانا۔
تَحَسَّسَ۔ سننا، دیکھنا الخبرَ: معلوم کرنے کی
کوشش کرنا۔ الشئَ: حواس سے پہچاننا۔
تَحَسَّسَ منہٗ: حقیقت حال معلوم کرنا۔
اِنحَسَّتْ۔ اَسنانُہٗ: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
اِحتَسَّ۔ الشَّئَ: چھونا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
الحِسّ۔ مص۔ حرکت: آہستہ آواز۔ کہا جاتا ہے
"ما سَمِعتُ لہ حِسًّا" میں نے اس کی آہستہ
آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کا
درد۔ حَسُّ الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا
احساس۔
الحَسّ۔ مص۔ حیلہ۔ شور۔
الحَسَّۃ و الحِسَّۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ھو
فی حِسَّۃِ سوءٍ" وہ بری حالت میں ہے۔
الحَاسَّۃ۔ الحاسّ کا مؤنث۔ معلوم کرنے کی
قوت۔ ج حَوَاسّ الحَوَاسُّ الخمس: معلوم
کرنے کی پانچ قوتیں۔ (سننا، دیکھنا، سونگھنا، چکھنا،
چھونا) "حَوَاسُّ الارضِ خمس" زمین کے لیے
پانچ آفتیں۔ سردی، اولے، ہوا، ٹڈی، مویشی۔ کہا
جاتا ہے "مَرَّتْ بِالقَومِ حَوَاسُّ" لوگوں پر سخت
سال گزرے۔

الحَسِیس۔ آہستہ آواز۔ حرکت۔ مقتول۔
حِسَاس ___ الحُمّٰی: بخار کے شروع
ہونے کا احساس۔
الحِسّیّ۔ وہ چیز جس کا ادراک قوت حاسہ
سے ہو اور اس کا ضد عقلی ہے۔
الحُسَاس۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک
کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد
(حُسَاسَۃ) بد بختی۔ بد خلقی۔
الحَسُوس۔ سخت قحط کا سال۔
حُسَاسَاتُ۔ الحیا: کنایہ ہے شرمندگی کی
چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔
المَحسُوس۔ حس ظاہری سے معلوم کیا ہوا۔
بد بخت۔ اَرضٌ مَحسُوسَۃٌ۔ ٹڈی یا اولے
سے تباہ شدہ زمین۔
المِحَسَّۃ۔ کھریرا۔
الحَاسُوس جاسوس۔
حَسَبَہٗ (ن) حَسبًا و حِسَابًا و حِسبَانًا و
حُسبَانًا و حِسبَۃً و حِسَابَۃً۔ شمار کرنا۔
حَسِبَہٗ (س ح) حِسبًا و مَحسَبَۃً و
مَحسِبَۃً۔ گمان کرنا۔
حَسُبَ (ک) حَسَبًا و حَسَابَۃً۔ شریف
الاصل ہونا۔ صفت (حَسِیب) ج حُسَبَاء۔
حَسَّبَ۔ تکیہ دینا ___ المیتَ: کفنا کر
دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ (___
و اَحسَبَہٗ) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اٹھے
کہ بس۔ کہا جاتا ہے "اعطٰی فَاَحسَبَ" یعنی
اس نے دیا اور بہت دیا۔
حَاسَبَہٗ مُحَاسَبَۃً و حِسَابًا۔ حسابات کی جانچ
کرنا۔
تَحَسَّبَ۔ قناعت کرنا۔ تکیہ لگانا ___
الخبرَ: دریافت کرنا ___ ہ پہچاننا۔ قصد کرنا۔
تَحَاسَبَا۔ ایک دوسرے کے حساب کی جانچ
کرنا۔
اِحتَسَبَ۔ الامرَ: گمان کرنا۔ شمار کرنا ___
ما عند فلان: آزمائش کرنا۔ اِحتَسَبَ علیہ
الامرَ: امر منکر سے منع کرنا ___ بہ: قناعت
کرنا ___ عنہ: رک جانا، باز رہنا۔ احتسب
وَلَدًا لہٗ: بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا

بچہ مرجائے تو اس کے لیے افترطہ آتا ہے ___ عند اللّٰہ خیرًا ثواب کی اُمید رکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُحْتَسَبُ بِهٖ" یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں و "فلانٌ استعطانی فَاَحْتَسَبْتُهٗ" فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا اور میں نے اس کو کافی دیا۔

اَلْحَاسِبُ۔ فا۔ حساب داں۔ ج حَسَبَة

اَلْحَسْبُ ۔ مہ ۔ کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "حُسبک درهم" اور باء کی زیادتی سے "بِحَسْبِكَ درهم" بھی کہا جاتا ہے یعنی تمہارے لیے ایک درہم کافی ہے۔ و هذا رجلٌ حَسْبُکَ مِنْ رجلٍ "یہ مرد تمہارے لیے اس مرد سے کافی ہے و "زید صدیقی فَحَسْبِیْ او فَحَسْبُ" زید میرا دوست ہے اور میرے لیے کافی ہے۔

اَلْحَسَبُ۔ حسب کا مصدر۔ عدد۔ اندازہ کہا جاتا ہے "هذا بِحَسَبِ ذاک" یہ اس کے موافق ہے و اِعْمَلْ علی حَسَبِ ما اَمَرْتُکَ" یعنی کرو اس کے موافق جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔ "و حَسَبَمَا ذُکِرَ" موافق اس کے جو ذکر کیا گیا۔ خاندانی شرافت' آباء و اجداد کے مفاخر۔

اَلْحَسَبُ: شمار کیا ہوا۔

اَلْحِسَاب ۔ مہ ۔ شمار۔ کافی۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ عَطَاءً حِسَابًا" اس نے اس کو کافی دیا۔ لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "اتانی حِسَابٌ مِنَ النَّاس" جیسا کہ کہا جاتا ہے "جَاءَنِی عَدَدٌ مِنْهُم و یَرْزُقُ الله مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ" اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر کمی و تنگی کے رزق دیتا ہے۔ حسابُ الجُمَّل: حروفِ ابجد کا حساب۔ یَوْمُ الحِسَاب: قیامت کا دن۔

اَلْحِسَابِیُّ۔ حساب داں۔

اَلْحِسْبَة۔ مہ۔ میت کو پتھروں میں یا کفنا کر دفن کرنا۔ ثواب۔ جزا۔ ج حِسَب۔

اَلْحَسِیْبُ۔ خاندانی شرف والا۔ حساب جانچ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا"

اَلْحُسْبَان۔ حساب۔ چھوٹے تیر۔ واحد (حُسْبَانَة)

اَلْحُسْبَانَة۔ کڑک۔ بادل۔ اولے۔ چیونٹی (

___ وَالمِحْسَبَة) چھوٹا تکیہ۔

مُحْتَسِبُ۔ البَلَدِ: شہر میں حاکم کی طرف سے اوزان وغیرہ کی دیکھ بھال کے لیے جو مقرر ہو۔

حَسْبَلَ۔ حسبی اللہ کہنا۔

حَسْحَسَ۔ لَهٗ: درد مند ہونا ___ اللحمَ: گوشت کو انگاروں پر ڈال کر الٹنا پلٹنا۔

تَحَسْحَسَ۔ للقِیَامِ: حرکت کرنا ___ او بارُ الابل: متفرق و پراگندہ ہونا۔ گر جانا۔

حَسَدْتُ (ن ض) حَسَدًا و حَسَادَةً و حَسَدْتُ۔ فلانا نعمته و علی نعمته: زوال نعمت کی تمنا کرنا یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لیے حصول کی تمنا کرنا۔ صفت (حَاسِدٌ) ج حُسَّاد و حَسَدَة و حُسَّد۔

اَحْسَدَ۔ حاسد پانا۔

تَحَاسَدَا۔ ایک دوسرے کے زوال نعمت کی تمنا کرنا۔

اَلْحَسُوْد: وہ شخص جو طبعاً حاسد ہو (مذکر و مؤنث) ج حُسُد۔

اَلْحَسَّاد۔ بہت حسد کرنے والا۔

اَلْمَحْسَدَة۔ باعث حسد۔

اَلْحَسْدَل۔ چیچڑی۔

حَسَرَ (ن ض) حُسُوْرًا۔ البصرُ: نگاہ کا تھک جانا۔ الشَّیْئُ: کھل جانا ___ الماءُ: نیچے اُتر جانا (___ حَسْرًا) الرجلُ او الدابةُ: تھکنا۔

حَسَرَ (ن ض) حَسْرًا۔ الشَّیْئَ: کھولنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَرَ کُمَّه عن ذِرَاعِه" یعنی اس نے آستین چڑھائی۔ "و حَسَرَتِ الجاریةُ خِمَارَهَا عن وجهها" یعنی لڑکی نے اپنی اوڑھنی اپنے چہرہ سے ہٹا دی۔ صفت مؤنث (حَاسِرٌ) ج حُسَّر و حَوَاسِرُ۔

اَلْحُسَّر: میدانِ جنگ کے پیادے جن کے سر اور چہرے کھلے ہوئے ہوں یا جن کے جسم پر زرہ اور سر پر خود نہ ہوں ___ الغصنَ: چھیلنا ___ البیتَ: جھاڑو دینا ___ الدابةَ: چلا کر تھکا دینا۔

حَسِرَ (س) حَسَرًا۔ تھکنا۔ (___ حَسَرًا و حَسْرَةً) افسوس کرنا۔

حَسَّرَ۔ الطیرُ: پروں کا گرنا حَسَّرَهٗ: افسوس کرانا۔ افسوس کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا۔ حقارت کرنا۔

اَحْسَرَ۔ الدابة: چلا کر تھکانا۔

تَحَسَّرَ۔ علیه: افسوس کرنا ___ الشعرُ او الریش: گرنا۔ جھڑنا۔ تَحَسَّرَ الطائرُ: پروں کا گرنا۔ تَحَسَّرَتِ المرأةُ: برہنہ ہو کر بیٹھنا۔

اِنْحَسَرَ۔ الشَّیْئُ: کھلنا ___ الطیرُ: پرانے پَر گر کر نئے نکلنا۔

اِسْتَحْسَرَ۔ تھکنا۔

اَلْحَاسِر۔ فا۔ بغیر عمامہ یا بغیر زرہ یا بغیر خود والا۔ عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی کو ہٹا دیا ہو۔

اَلْحَسِر۔ تھکانے والا۔ افسوس کرنے والا۔

اَلْحَسِیْر۔ تھکا ہوا۔ کمزور۔ افسوس کرنے والا۔ تھکانے والا۔ ج حَسْرٰی۔

اَلْحَسْرَان۔ فوت شدہ چیز پر زیادہ افسوس و حسرت کرنے والا۔

اَلتَّحَاسِیْر۔ مصیبتیں۔ بلائیں۔ واحد (تَحْسِیْر)

اَلْمَحْسِر و المَحْسَر۔ چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَلِیْحُ المنظر و کَرِیْمُ المَحْسَر" فلاں دیکھنے میں خوبصورت اور باطن کے لحاظ سے کریم ہے۔ طبیعت۔ ج مَحَاسِر۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَارِیَةُ المَحَاسِر" بغیر نباتات والی زمین۔

اَلْمِحْسَرَة۔ جھاڑو۔

اَلْمَحْسُوْرُ۔ البصر: تھکی ہوئی نگاہ والا۔

حَسَفَ (ض) حَسْفًا و حَسِیْفًا الحیةُ: پھنکارنا۔ حَسَفَ (ض) حَسْفًا) السحابُ: چلنا ___ الغنمَ: ہانکنا التمرَ: صاف کرنا القرحةَ: چھیلنا۔

(حَسْفًا و حُسَافًا) الزرعَ: کاٹنا۔

حَسِفَ (س) حَسَفًا۔ له: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔

اَحْسَفَ۔ التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔

حَسَّفَ۔ التمر: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔

حَشَّفَ-التمر: ردی کھجوروں سے صاف کرنا-
تَحَشَّفَ-الجلدُ: چھلنا ____ ادبارُ الابل: اُونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا-
اِنْحَشَفَ-الشَّئُ فی یدی: ریزہ ریزہ ہونا-
الحُشاف-کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ-
الحُسافة-ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے- کہا جاتا ہے- "فلان لا یعطی مِنَ البُرِّ الانسافته و مِنَ التمر الاحُسافته" فلاں گیہوں کی صرف پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے- تھوڑا پانی-
حُسَافَةُ الناس: رذیل لوگ- (الحُسَافَة والحَسِیفة) دشمنی- غصہ- کہتے ہیں "رَجَعَ بِحَسِیفَةِ نَفْسِه" بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا-
الحَشفَة-پتلا بادل-
الحِسفِل و الحَسفِل- ردی- چھوٹے لڑکے-
الحِسنفِل-کشادہ پیٹ والا-
الحِسقِل-چھوٹے بچے-
حَسِكَ(س) حَسَكًا-علیه: غضبناک ہونا- صفت(حَسِک) الدابةُ: چارہ کھانا' دانہ چبانا-
اَحْسَكَ-الدَّابةَ: چارہ دینا-
النباتُ: کانٹے دار ہونا-
الحَسَک-مہ-کانٹے دار پودہ- باریک ہڈی واحد(حَسَکَة)
الحَسِیکَة-جانور کا دانہ-سیبی-
(والحَسِیکَة والحُساکَة) دشمنی-کینہ-
الحَسِیک-پست قد-
حَسکَلَ حَسکَلَة- چھوٹے دانتوں کو ذبح کرنا-
الحَسکَل-ردی-
الحِسکِل- چھوٹا بچہ- ج حِسکلة و حَساکِل: چنگاری- جو گرم لوہا کوٹتے وقت اُڑے-
حَسَلَ(ن) حَسلًا-الشَّئَ: ذلیل کرنا-
الدَّابةَ: تیز ہانکنا-
حُسِلَ-بِهِ: ذلیل کیا جانا-

حَسَّلَ-بنفسه: اپنے آپ کو ذلیل کرنا-دنائت اختیار کرنا-
تَحَسَّلَ و اِحْتَسَلَ-گوہ کے بچے کا شکار کرنا-
الحِسْل-گوہ کا بچہ- ج حِسلَة و اَحْسَال و حُسُول و حِسلَان- کہا جاتا ہے "لا آتیک سِنَّ الحِسْل" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لیے دوام سے کنایہ کیا گیا اور لفظ سِن منصوب بنزع الخافض ہے اس وجہ سے کہ تقدیر مدة بقاء سن الحسیل ہے-
ابو حِسْل و ابو حُسَیْل: گوہ-
الحُسالَة-چاندی-چاندی کے ذرات' جو وغیرہ کی بھوسی-(والحَسِیلة- قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ-
الحَسِیل-گائے کے بچے-واحد (حَسِیلَة) گھٹیا چیز-ج حُسُل-
المَحسُول-گھٹیا-ردی-
حَسَمَهُ(ض) حَسْمًا- جڑ سے کاٹنا-حَسَم العِرْق: رگ کاٹ کر خون روکنے کے لیے داغ دینا الداء: مرض کو دوا سے دور کرنا-
حَسَمهُ الشَّئَ: روکنا' منع کرنا-
اِنْحَسَم- جڑ سے کٹنا-
الاَحْسَم-باخبر فیصلہ کن مرد-
الحُسُوم- نامبارک- منحوس- کہا جاتا ہے "اَیَّامٌ حُسُومٌ" (علی الوصف) "اَیَّامُ حُسُوْمٍ" (علی الاضافة) یعنی نامبارک و منحوس دن-
الحُسَام- شمشیر بُران- حُسَام السیف: تلوار کی دھار-
المَحْسَمَة-کاٹنے کا ذریعہ-کہا جاتا ہے "هذا مَحْسَمَةٌ للداء" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے-
المَحْسُوم-دودھ چھڑایا ہوا بچہ-وہ بچہ جس کو بُری خوراک دی گئی ہو-
الحَیْسَمَان-گندی رنگ کا موٹا مرد-
حَسُنَ و حَسَنَ(ک-ن) حُسْنًا-خوبصورت ہونا- صفت (حَسَن) ج حِسَان و (حُسَّان) ج حُسَّانون و (حَاسِن و حَسِین) مؤنث حَسَنَةٌ و

حَسْنَاءُ ج حِسَان و حَسَنَات اور مبالغہ کے لیے (حُسَّان) مؤنث حُسَّانَة-
حَسَّنَهُ- آراستہ کرنا- خوبصورت بنانا-
حَاسَنَهُ مُحَاسَنَةً- خوبصورتی میں مقابلہ کرنا- نرمی برتنا- نیک سلوک کرنا- کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاُحَاسِنُ بِكَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں-
اَحْسَنَ- نیکی کرنا- اچھی طرح سے کرنا-
____ الشَّئَ: اچھی طرح بنانا- اچھی طرح جاننا- کہا جاتا ہے "فلان یُحْسِنُ القراءةَ" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے ____ الیه و به: نیک سلوک کرنا- نیکی کرنا-
تَحَسَّنَ- خوبصورت ہونا- اچھا ہونا- بکذا: آراستہ ہونا- مونڈنا- کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّامَ فَتَحَسَّنَ" وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی-
اِسْتَحْسَنَهُ- اچھا جاننا-
الحُسْن- جمال و خوبصورتی- ج مَحَاسِن (خلاف قیاس) المحاسِن: بدن کے خوبصورت مواقع حُسْنُ سَاعَةٍ: ایک قسم کی نباتات ہے' جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اس کی خوشنمائی تھوڑی دیر کیلئے ہوتی ہے اس لیے اس کا یہ نام ہے- سِتُّ الحُسْن: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے- الحُسْن: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام-
الحَسَن-مہ-کہنی کے پاس کی ہڈی- بلند ٹیلہ- الحَسَنَان: سیدنا حسن و سیدنا حسین رضی اللہ عنہما-
الحَسَنَة-نیکی-بھلائی-ج حَسَنَات-
الاَحْسَن- حسن کا اسم تفضیل-ج اَحَاسِن مؤنث حُسْنیٰ اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اُحَیْسِن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما اُحَیْسِنَ زیدًا" ____ احاسِنُ القوم: قوم کے خوبصورت لوگ-
الحُسْنیٰ- اچھا کام-اچھا انجام-اللہ تعالیٰ کو دیکھنا-کامیابی-شہادت-ج حُسْنَیَات و حُسَن

___ الاسماء الحُسنیٰ : اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔

الحُسَیَان۔ فتح مندی و بشارت۔ کہا جاتا ہے "حُسَیَاہ و حُسَیَناءُ ہٗ اَنْ یفعَلَ کَذَا" اس کیلئے انتہا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنے کی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔

الحَسُّون۔ ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔

المِحسَان۔ بہت بھلائی کرنے والا۔

التَحَاسِین۔ اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "ما اَبْدَعَ تَحَاسِینَ الطَاؤسِ وتَزَایِینه" مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادار اور عجیب ہے۔

المَحْسَنَة۔ سبب حسن۔ کہا جاتا ہے "هذا طعامٌ مَحْسَنةٌ للجِسْمِ" یہ خوراک جسم کیلئے باعث حسن ہے۔

الحِسْنَة۔ پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔

حَسَا (ن) حَسْوًا و تَحَسّٰی و اِحتَسٰی المرقَ : تھوڑا تھوڑا پینا ___ الطائرُ الماءَ : چونچ سے پانی پینا۔

حَسّٰی واَحْسٰی و حَاسٰی۔ الرجلَ المرقَ : تھوڑا تھوڑا پلانا۔

تَحَاسَیا۔ ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔

الحَسْو و الحَسَا و الحَسَاء و الحَسُوُّ۔ ہر رقیق چیز جو پی جاسکے۔ اور اسی سے ہے "یَوْمٌ کَحَسْوِ الطیر" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

الحَسُوُّ : بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا۔

الحَسْوَة۔ حسا کا اسم مرۃ۔ گھونٹ۔ ج حَسَوَات۔

الحُسْوَة۔ ایک مرتبہ گھونٹ لگانے کا اندازہ۔ کہا جاتا ہے "فی الاِنَاءِ حُسْوَة" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج اَحْسِیَة و اَحْسُوَة و جج اَحَاسِی۔

الحَسِیَّة۔ وہ چیز جو پی جاسکے۔

حَسٰی (ض) حَسْیًا و اِحتَسٰی۔ نرم دلدلی زمین۔

المِحسَاة۔ پانی کھینچنے کا تیل۔

حَشَّ (ن) حَشًّا۔ العشبَ : کاٹنا ___ النارَ : سلگانا اور کریدنا ___ الحربَ : بھڑکانا ___ الفرسَ : گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے مثل ہے ___ "اَحُشُّکَ و تَرُوثُنِی" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ برائی سے پیش آتا ہے ___ المالَ : بڑھانا۔ زیادہ کرنا ___ الصیدَ : دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ الیدُ : شل ہونا ___ الولدُ فی بطنِ الناقة : پیٹ میں خشک ہونا۔

___ الفرسُ : تیز دوڑنا۔

اَحَشَّ۔ الکلاءُ : کاٹنے کا وقت قریب آنا ___ الارضُ : گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔

اَحَشَّہٗ : گھاس کاٹنے میں مدد دینا۔ اَحشّتِ الناقةُ او المرأةُ : پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشٌّ) اَحشّهُ عن حاجته : جلدی کرانا۔

اِحْتَشَّ۔ الحَشِیْشَ : گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔

اِستَحَشَّ۔ الرجلُ : پیاسا ہونا ___ الغصنُ : لمبی ہونا ___ الیدُ : شل ہونا۔

___ العظمُ : باریک ہونا۔

الحشیش۔ خشک گھاس۔ واحد (حَشِیْشَة)

الحَشِیْشَة : بھنگ۔

الحُشَاشَةُ و الحُشَاش۔ مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَاکَ ان تفعل کذا" : تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَشُّ و الحُشُّ و الحِشُّ۔ باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔ پاخانہ۔ ج حشوش و حَشُون۔

الحُش بالضم : ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ۔

الحِشُّ بالکسر : کچھ۔ الحَشُّ بالفتح : چھوٹا مرجھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حِشَان۔

الحُشَّة۔ جاقبہ۔

الحِشَاش۔ گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَحِشَّة۔

الحَشَّاش۔ گھاس کا جمع کرنے والا یا بیچنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ ج حَشَّاشُون و حَشَّاشه۔

الاُحشُوش و المَحشُوش۔ ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔

المَحَش و المَحَشَة۔ بہت گھاس والی جگہ۔ ج مَحَاشُّ۔ المَحَشَّة : دبر۔

المِحَشُّ۔ گھاس کاٹنے کی درانتی۔

(___ و المِحَشَّة) آگ ہلانے کی لوہے کی کریلنی۔ المِحَشُّ : دلاور۔

حَشَأَ (ف) حَشْئًا۔ النارَ : روشن کرنا۔

___ ہٗ بسهمٍ : کسی کے جوف میں تیر مارنا

___ ہٗ بسوطٍ : پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا۔

___ المرأةَ : جماع کرنا۔

المِحْشَأ۔ موٹا کمبل۔ ج مَحَاشِیْ۔

اَحْشَبه۔ غضبناک کرنا۔

اِحْتَشَبُوْا۔ اکٹھا ہونا۔

الحَوْشَبَة۔ لوگوں کی جماعت۔

الحَوْشَب۔ خرگوش۔ بچھڑا۔ نر لومڑی۔ دبلا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا (ضد)

حَشْحَشُوْا و تَحَشْحَشُوْا۔ اٹھنے کیلئے حرکت کرنا۔ حَشْحَشَةً : النارَ : جلانا۔

تَحَشْحَشَ القومُ : متفرق ہونا۔

حَشَدَ (ن ض) حَشْدًا۔ الشیءَ : جمع کرنا۔ (حُشُوْدًا) الزرعُ : پوری طرح اگنا ___ الناقةُ : تھن میں دودھ جمع کرنا ___ القومُ : پکار کا جلدی جواب دینا۔

حَشَّدَ۔ الشیءَ : جمع کرنا۔

اَحْشَدَ و تَحَشَّدَ و تَحَاشَدَ و اِحْتَشَدَ القومُ : ایک مقصد کیلئے جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَدْنا فی الضِیافَة" اس نے مہمانی میں دریا دلی سے کام لیا۔ "واِحْتَشَدَ لِفُلَانٍ فی کَذَا" اس نے فلاں کیلئے تیار کیا۔

الحَشْد۔ مص۔ (___ و الحَشَد) جماعت۔ کہا جاتا ہے "عندی حَشْدٌ مِنَ الناسِ" میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ ج حُشُود۔

الحَاشِد۔ فا۔ بغیر کوتاہی کے اونٹنی کا دودھ دوہنے والا۔ بہت دانتوں والا کھجور کا گچھا۔ مستعد تیار۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَافِدٌ حَاشِدٌ" فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنے والا ہے۔

الحَشِد۔ وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے۔ ج حُشُد۔ عین حُشُدٌ : چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔

اَلحَشُوْد۔ تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اُونٹنی۔

اَلمَحْشُوْد۔ وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔

اَلمَحَاشِدُ۔ محفلیں۔ مجلسیں۔

حَشَر (ن ض) حَشْرًا۔ النَّاسَ : جمع کرنا۔

____ ہ عن و طنه : جلا وطن کرنا۔ حَشَر الجمعَ : ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا

____ العود : چھیلنا اور باریک کرنا ____ السنةُ الشدیدةُ المالَ :مال یعنی اُونٹوں کولاغر کردینااور ہلاک کردینا۔

حُشِر و اُحْتُشِرَ۔ فی راسه : بڑے سروالا ہونا۔ علی ھذا القیاس۔ حَشَر فی بَطْنه : بڑے پیٹ والا ہونااور جسم کے ہر حصّہ کے ساتھ مستعمل ہے۔ حُشِرتِ الوُحُوْش : مرنا و ہلاک ہونا۔

الحَشْر۔ م ____ مِنَ الاذان :باریک کان۔ کہا جاتا ہے۔ "اُذُنٌ حَشْرٌ" واُذُنَانِ حَشْرٌ واٰذَان حَشْرٌ۔ ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے۔ اس وجہ سے کہ مصدر ہے۔

الحشر مِنَ الاسنَّة۔ باریک نیزہ۔ ج حُشُر۔

یَوْمِ الحَشْر :قیامت کادن۔

الحُشَارَة۔ معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک "الحُشارة" کی تصحیف ہے۔)

الحَاشِر۔ فا۔ ج حَاشِرون و حُشَّار۔

الحَشَرَة۔ چھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو۔ ج حَشَر۔

الحَشَرَة۔ ج حَشَرات :کیڑامکوڑایاچھوٹے چھوٹے جانور۔

الحُشْر۔ بھوسی۔

الحَشْوَر۔ بڑے پیٹ والا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔ لطیف قدو قامت والا۔ کہا جاتا ہے "فرس حَشْور "اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔

المَحْشَر و المَحْشِر۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حَشْرَجَ حَشْرَجَةً۔ جاں کندنی کے وقت غرغرہ کا بولنا۔

الحَشْرَج۔ آب خورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو۔

حَشَطَ (ض) حَشْطًا۔ الاناءَ : ڈھکنا۔ کھولنا

____ الجُلَّ عن الفَرس :جھول اُتارنا ____ الجلدَ :کھال اُتارنا۔

حَشَفَ (ض) حَشْفًا۔ الضرعُ :دودھ خشک ہوجانا۔

اَحْشَفَت۔ النخلةُ : ردی کھجور والا ہونا

____ ضِرعُ الناقة :سکڑنا۔ سمٹنا۔

حَشَّفَ۔عینه :آنکھیں بھینچ کر دیکھنا۔

تَحَشَّفَ۔ پرانا کپڑا پہننا۔

اِسْتَحْشَفَ۔ اُذنُ الاِنْسان :خشک ہو کر سمٹنا

____ ضَرْعُ الأُنْثٰی :سکڑنا۔ سمٹنا۔

الحَشَف۔ ردی کھجور "اَحَشَفًا و سُوْءَ کَیْلة" : (ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بُری عادتیں جمع ہوں۔ جیسے اُردو میں "کریلااور نیم چڑھا"۔ خشک پستان۔

الحَشَفَة۔ ڈنٹھل جو کھیت کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔ خشک خمیر۔ گول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج حِشَاف۔

الحَشَفَة۔ عضو تناسل کی سپاری۔ بہت بڑھیا عورت۔

الحُشَافَة۔ تھوڑاپانی۔

الحَشِیْف۔ پُراناکپڑا۔

حَشَكَ (ض) حَشْكًا و حُشُوْكًا۔ الضرعُ : دودھ سے پُر ہونا ____ السحَابُ :بہت پانی والا ہونا ____ النخلةُ : بہت پھلدار ہونا۔ صفت (حَاشِک) ____ الوادی :پانی کو باہر پھینک دینا۔

____ القومُ : جمع ہونا ____ الریحُ : مختلف جہات سے چلنا ____ الناقةُ لبنَها : تھن میں دودھ جمع کرنا۔ صفت (حَشُوْک) ____ الناقةَ : دودھ جمع ہونے کے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (مَحْشُوْکَة)

حَشِکَت (س) حَشْکًا۔ الدابةُ :جو وغیرہ چبانا۔

حَشِک اللبنُ فی الضرع : جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَحْشَكَ۔ الدَّابَة :جو وغیرہ کھلانا۔

تَحَشَّكَ۔ الضرعُ :دودھ سے پُر ہونا۔

الحَشْكَة۔ بارش کی بوچھار۔

الحَشَكَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُ وا بَحَشْکَتِهِمْ" لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے۔

الحَشِیْكَة۔ جانوروں کے کھانے کیلئے جو وغیرہ (الریاح الحواشک) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حَاشِکَة)

الحُشَاکَة و الحُشَاک۔ لکڑی جو جانور کے بچّے کے منہ میں لگادی جائے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔

حَشَل (ن) حَشْلاً۔ الشَّیَٔ : حقیرو ذلیل کرنا۔

الحَشْل۔ حقیرو ذلیل چیز۔

حَشَمَهٗ (ن ض) حَشْمًا۔ ناپسند بات سنا کر غضبناک کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ شرمندہ کرنا۔

____ الشَّیَٔ :طلب کرنا۔ کہاجاتا ہے ماحَشَمَ الصَیْدَ اس نے شکار کو نہیں پایا و "مَاحَشَمَ مِن طَعَامِنَا" اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حَشَمَ (ض) حُشُوْمًا۔ تھکنا۔ لاغری کے بعد فربہ ہونا ____ منه : منقبض ہونا۔

حَشِمَ (س) حَشَمًا۔ غضبناک ہونا۔

حَشْمًا :غضبناک کرنا۔

حَشَّمَهٗ و اَحْشَمَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ و حَشَّمَهٗ : تکلیف پہنچانا۔

حَاشَمَهٗ :غضبناکی پر برانگیختہ کرنا۔

تَحَشَّمَ۔ مِن فلان : شرم کرنا۔ مذمت سے بچنا۔

اِحْتَشَمَ۔ منه و عنه : غضبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔

حَشَمُ۔ الرجل :نوکر چاکر۔ کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہوں یا جن کی وجہ سے یہ غضبناک ہو۔ اہل و عیال۔ قرابت ج اَحْشَام۔

الحَشْمَة۔ غضب۔

الحِشْمَة۔ شرم و حیا۔ انقباض۔ غصہ و غضب۔

الحُشْمَة۔ عورت ' قرابت ' ذمہ داری۔

الحَشِیْم۔ کامل حیا دار۔ پڑوسی۔ مہمان ج۔

خُشَمَاء۔

خَشِنَ (س) خَشَنًا۔ السقاءُ: دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔

أَخْشَنَ۔ السقاءَ: بدبودار کرنا۔

خَاشَنَهُ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَخَشَّنَ۔ میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔

الخَشَن۔ مہ۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔

الخِشْنَة۔ کینہ۔

حَشَا (ن) حَشْوًا۔ الوِسَادَةَ بالقُطْنِ: تکیہ میں روئی بھرنا ___ الرجلَ: کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھئے لفظ الحَشا)

حَاشَاه۔ تھوڑی چیز دینا۔

اِحْتَشٰی اِحْتِشَاءً۔ بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَتِ الرُّمَانَةُ بالحَبِّ" انار دانوں سے بھر گیا۔ و اِحْتَشٰی مِنَ الطَّعَامِ" وہ کھانے سے آسودہ ہوگیا۔ "اِحْتَشَتِ المرأةُ الحَشِيَّةَ وبها" عورت نے حَشِيَّة کا استعمال کیا۔ (دیکھئے لفظ الحَشِيَّة)

الحَاشِيَة۔ مِنَ الناسِ والإِبلِ: چھوٹے چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔

الحَشَا۔ پسلیوں کے اندر کی چیزیں۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ ج أَحْشَاء۔ کہا جاتا ہے "أَنَا فی حَشَا فُلَانٍ" میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ "و فلانٌ خیرُهم حَشًا" فلاں ان میں سے حفاظت کے لحاظ سے بہتر ہے۔

الحَشْو۔ مہ۔ چھوٹے چھوٹے آدمی یا اُونٹ کلام کی زیادتی۔ رذیل لوگ وہ چیز جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج المَحَاشِي۔ (خلاف قیاس)

الحِشْوَة والحُشْوَة۔ مِنَ البَطْنِ: آنتیں ردی چیز۔ کہا جاتا ہے "هو مِنْ حُشْوَةِ بنی فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے رذیل لوگوں میں سے ہے۔

الحَشِيَّة۔ توشک۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصّہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج حَشَايَا۔

الحَشَوِيُّ۔ بک بک کرنے والا۔

المَحْشٰی۔ پیٹ میں کھانے کی جگہ۔

المِحْشٰی۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصّہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج مَحَاشِيُّ۔

المُحَشَّاة۔ مِنَ البطنِ: پیٹ کا وہ نچلا حصّہ جس میں کھانا رہتا ہے اور جو مخرج تک پہنچتا ہے۔

حَشِيَ (س) حَشًى۔ الرجلُ: ضیقُ النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا ___ السِقَاءُ: مشک کے اندرونی حصّہ میں دودھ کی تہ جم جانا۔

حَشّٰی۔ الثوبَ: گوٹ لگانا۔ الکتابَ: حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعلی (مُحَشٍّ) اور مفعولی (مُحَشًّى)

حَاشَا مُحَاشَاةً۔ زیدًا مِنَ القومِ: استثناء کرنا۔

تَحَشّٰی۔ فلانًا: استثناء کرنا۔ تَحَشّٰی مِنَ الشَّيْءِ: و (تَحَاشٰی) عن الشَّيْءِ: بچنا، دُور رہنا۔ و تحَشّٰی فلانٌ: مذمت سے بچنا۔

الحَشٰی۔ ضِيقُ النفسِ کی بیماری۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں جیسے کلیجی، تلی، اوجھڑی وغیرہ ج أَحْشَاء۔

حَاشَا۔ کلمہ استثناء جس کے ذریعہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم سے تنزیہاً خارج کیا جاتا ہے جیسے ضربتُ القومَ حَاشَا زیدًا۔ یہی وجہ ہے کہ صلی النّاس حَاشَا زیدًا کہنا مستحسن نہیں، اس لئے کہ تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔ اگر حَاشَا فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرفِ جر ہو تو مابعد حاشا پر جر آئے گا۔

الحَاشِيَة۔ گوٹ۔ کنارہ۔ اہل و عیال اور خاص اپنے لوگ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج حَوَاشٍ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ رقیقُ الحواشِي" اچھی صحبت کا مرد۔ "و کلامٌ رقیقُ الحواشِي" نرم گفتگو۔

الحَشِي۔ مؤنث حَشِيَة و (الحَشْيَان) مؤنث حَشْيَاء: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونے والا۔

حَصَّ (ن) حَصًّا۔ الشعرَ: مونڈنا۔

___ الجلیدُ النبتَ۔ پالے کا نباتات کو جلا دینا۔

حَصَّنِي مِنَ المالِ کذا: مال میں سے حصّہ مقرر کرنا ___ الشَّيْءَ: کھنا، کاٹ لینا۔

حَصَّ (س) حَصَصًا۔ گرے ہوئے سر کے بال یا کم بال والا ہونا۔ صفت (اَحَصُّ)

حَصَّصَ۔ الأمرُ: ظاہر ہونا۔

أَحَصَّهُ۔ حصّہ دینا۔ أَحَصَّهُ المکانَ: جگہ میں اُتارنا۔

حَاصَّ مُحَاصَّةً۔ الغُرَمَاءُ: حصّے تقسیم کرنا۔

تَحَاصَّ۔ القومُ الشَّيْءَ: آپس میں حصّے تقسیم کرنا۔

اِنْحَصَّ۔ الشعرُ: جھڑنا، گرنا ___ اللحیةُ: ٹوٹے ہوئے بالوں والی ہونا ___ الذَّنَبُ: کٹ جانا۔

الحَصَص۔ سر کے بالوں کی کمی۔ سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔

الحِصَّة۔ حصّہ۔ ج حِصَص۔

الحُصُّ۔ زعفران۔ موتی۔ ج حُصُوص و أَحْصَاص۔

الحُصَاص۔ دوڑنے کی تیزی۔ خارش۔ گوز۔

الحُصَاصَة۔ انگور کاٹنے کے بعد ٹٹی میں جو باقی رہ جائے۔

الحُصَاصَاء۔ خاک۔

الحَاصَّة۔ ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں۔

الأَحَصُّ۔ سر میں کم بالوں والا۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں ___ مِنَ الطیورِ: پرندہ جس کے بازو کے پَر گر گئے ہوں۔ مؤنث حَصَّاء۔ یَوْمٌ أَحَصُّ: بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن۔ سَیْفٌ أَحَصُّ: بغیر جوہر کے تلوار۔ سَنَةٌ حَصَّاء: خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو۔ رِیحٌ حَصَّاء: بغیر غبار کے صاف ہوا۔

الحَصِيص۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "حَصِيصُهُمْ کذا" ان کی تعداد اتنی ہے۔ گدھے، اُونٹ کے گرے ہوئے بال۔

الحَصِيصَة۔ مونڈ کر یا اُکھیڑ کر حصّے کئے ہوئے بال۔ کان کے بال۔

حَصَأَ و حَصِئَ (س) حَصْأً۔ الرضیعُ: شکم سیر ہو کر دودھ پینا ___ مِنَ الماءِ: سیراب ہونا۔

أَحْصَأَهُ۔ سیراب کرنا۔

حَصَبَهُ۔ (ن ض) حَصْبًا۔ کنکری سے مارنا (و

حَصَّبَ)المکانَ : کنکر بچھانا۔
حَصَبَ فی الارض : جانا ــــ عنه : تیز بھاگنا حَصَبَه عن کَذَا : دُور کرنا۔
حَصِبَ (س) حَصَبًا و حُصِبَ۔ کھسرا کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ صفت (مَحْصُوب)
حَصِبَ الوتر۔ تانت کا کمان سے اُلٹ جانا۔
اَحْصَبَ۔ الفرسُ فی عدوہ : کنکری اُڑانا ــــ عنه : اعراض و رُوگردانی کرنا ــــ ہ عن کَذَا : دُور کرنا۔
تَحَصَّبَ۔ الحَمامُ : دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اُڑنا۔
تَحَاصَبُوا۔ ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا۔
الحَصَب۔ پتھر۔ سنگریزہ۔ ایندھن۔
الحَصِب۔ دودھ جس کا مکھن سرد ہونے کی وجہ سے نہ نکلا ہو۔
الحَصْبَة والحَصَبَة والحَصِبَة۔ کھسرا (ایک بیماری کا نام) الحَصِبَة : کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا۔ ارضٌ حَصِبَةٌ : بہت کنکری والی زمین۔
لَیْلَةُ الحَصْبَة : ایام تشریق کے بعد والی رات۔
الحَصْبَاء۔ سنگریزہ کنکری۔ واحد (حَصَبَة)
الحَاصِب۔ فا۔ کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا۔ اولہ۔ اولہ برسانے والا بادل۔ ج حَوَاصِب۔
المَحْصَبَة۔ بہت کنکریوں والی زمین۔
حَصْحَصَ حَصْحَصَةً۔ الحقُ : پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا ــــ الرجلُ : پیر میں بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ــــ الشَّیَٔ فی الشَّیِٔ : مضبوط و مستحکم کرنے کیلئے حرکت دینا ــــ الترابَ وغیرہ : دائیں بائیں ہلانا۔
تَحَصْحَصَ۔ زمین سے چمٹنا اور برابر ہونا۔
ــــ الوبرُ والزئبَرُ : اُون یا روئیں کا جھڑ جانا۔
الحَصْحَاص والحِصْحِص۔ مٹی والحِصْحِص : پتھر۔ رجل (حُصْحُص و حُصْحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تہ تک پہنچنے والا۔
حَصَدَ(ن ض)حَصْدًا و حِصَادًا و حَصَادًا واِحْتَصَدَ۔ الزرعَ : درانتی سے کاٹنا۔ اِسی سے ہے "مَنْ زَرَعَ الشَّرَّ حَصَدَ النَّدامَة" جو بُرائی بوئے گا پشیمانی کاٹے گا۔ صفت (حَاصِد) ج حَصَدَة و حُصَّاد
ــــ القومَ بالسیف : قتل کرنا۔
حَصِدَ(س)حَصَدًا۔ الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا ــــ الدرعُ : مضبوط بناوٹ کا ہونا۔
اَحْصَدَ۔ الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب ہونا ــــ الحبلَ : بٹنا۔
اِسْتَحْصَدَ۔ القومُ : جتھا بننا ــــ الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب آنا ــــ الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا ــــ الرجلُ : غضبناک ہونا۔
الحَصَّاد۔ کھیت کاٹنے والا۔
الحِصَاد والحَصَاد۔ مص۔ کھیت کاٹنے کا وقت۔ الحَصَاد : کٹی ہوئی کھیتی۔ حَصَادُ الشجرة : درخت کا پھل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذُوا حَصَادَ الشجر" اُنہوں نے درخت کا پھل لیا۔ حَصَادُ البُقول البَرِّیَّة : دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں۔
الحَصَد والحَصِیْدُ والحَصِیْدَة : کھیت کا کٹا ہوا حصہ۔ الحَصِیْدَة : کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو درانتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے۔ کھیتی۔ ج حَصَائد۔ و حَصَائِدُ الاَلْسِنَةِ : جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں۔
الاَحْصَد۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو مگر کھڑا ہوا۔ مؤنث حَصْدَاء دِرعٌ حَصْدَاءُ : تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ۔ شَجَرَةٌ حَصْدَاءُ : بہت پتوں والا درخت۔
المِحْصَد۔ درانتی۔
حَصَرَہٗ(ن ض)حَصْرًا۔ تنگی ڈالنا۔ گھیرنا ــــ الشَّیَٔ : پورا لے لینا ــــ القومُ بفلان : تنگی ڈالنا ــــ البَعِیْرَ : اُونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔
حُصِرَ۔ قبض ہونا۔
حَصِرَ(س)حَصَرًا۔ بخل کرنا۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا ــــ بالسِّر : چھپانا ــــ الرجلُ : تنگ دل ہونا ــــ عن الشی : شرم کر کے چھوڑ دینا۔ صفت (حَصِر و حَصُور و حَصِیر)
حَاصَرُوا حِصَارًا و مُحَاصَرَةً۔ العدوَّ : محاصرہ کرنا۔ گھیرا ڈال کر امداد کو روک دینا۔
اَحْصَرَہٗ۔ عن السفر : روکنا ــــ ہ المرضُ او البولُ : مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔
اُحْصِرَ۔ قبض ہو جانا۔
اِنْحَصَرَ۔ تنگ ہونا۔
اِحْتَصَرَ۔ البَعِیرَ : گدیلا باندھنا۔
اَلحِصَار۔ گدیلا جو اُونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ محاصرہ کی جگہ۔
الحُصْر والحُصُر۔ قبض۔
الحَصِیْر۔ بوریا۔ چٹائی۔ آدمیوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "دَابَّة عَرِیْضُ الحَصِیرین" چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ مونڈھے سے کمر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید۔ قید خانہ۔ قیدی۔ راستہ۔ لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل بادشاہ۔ اور اسی سے ہے۔ "اَثَّرَ حَصِیْرُ الحَصِیْر فی حَصِیْرِ الحَصِیْر" یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج حُصْر و اَحْصِرة۔
اَلْحَصِیْرَة۔ بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تک کا گوشت۔ ج حَصَائر۔
المِحْصَرة۔ للجمل : گدیلا۔
المُحْتَصِر۔ شیر۔
الحَصِیْرِیُّ۔ چٹائی بیچنے والا۔
الحَصُوْر۔ تنگ دل، بخیل۔ خوفزدہ۔ کسی کام سے رکنے والا۔ راز کا پوشیدہ رکھنے والا۔ باوجود طاقت کے عورتوں کی طرف رغبت نہ رکھنے والا۔
الحَصْرَبَة۔ تنگی، بخل۔
حَصْرَمَ۔ القوسَ : مضبوطی سے تانت کسنا۔
ــــ الحبلَ : مضبوط بٹنا ــــ القربَة : بھرنا
ــــ القلمَ : تراشنا۔
تَحَصْرَمَ۔ بخیل و تنگ دل ہونا۔
الحِصْرِم۔ کچا سبزا انگور۔ کچا پھل واحد (الحِصْرِمَة) سخت بخیل۔ پست قد۔ ہر چیز کا گھٹیا۔ الحِصْرِم : کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔
حَصُفَ(ک)حَصَافَةً۔ عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا۔ صفت (حَصِف و حَصِیْف)
حَصِفَ(س)حَصَفًا۔ خشک خارش والا ہونا۔

حَصَفَهُ(ن)حَصْفًا۔ دُور کرنا۔
اَحْصَفَ۔ تیز دوڑنا۔ صفت (مُحْصِف و مِحْصِف ومِحْصَاف)اَحْصَفَهُ :دور کرنا۔
الامرَ :مضبوطی سے کرنا ___ النَسِيْجَ :گف بُنا ___ الحَبْلَ : مضبوط بٹنا :الحرُّ فُلانًا : خشک خارش میں مبتلا کردینا۔
اِسْتَحْصَفَ۔الشَّئُ :مضبوط ہونا۔
___ القومُ :اکٹھا ہونا ___ الدهر عليه : سخت ہونا ___ الحبلَ :مضبوط بٹنا۔
الحَصِيْف۔ ہر بے عیب مضبوط چیز۔
الحَصَف۔ خشک خارش۔
حَصَلَ(ن)حُصُولاً ومَحْصُولاً۔
الشَّئُ :حاصل ہونا۔ ثابت ہونا۔ باقی رہنا۔ کہا جاتا ہے "حَصَلَ عَلَيْهِ مِنْ حَقِّي كَذَا" اس کے اُوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا ___ لَهُ كَذَا : واقع ہونا ___ عنده كذا : پایا جانا ___ علی الشَّئِ : جمع کرنا اور مالک ہونا ___ لی علیک کذا : ثابت ہونا۔ واجب ہونا۔
حَصِلَتْ(س)حَصَلاً۔ الدابةُ :جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
حَصَّلَ۔الشَّئَ او العِلمَ :حاصل کرنا۔
___ الكلامَ :نتیجہ اور مفاد کی جانب پھیر دینا۔
___ الدَّيْنَ :جمع کرنا۔
تَحَصَّلَ۔الشَّئُ :اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا۔
___ مِنَ المَسْئَلَةِ كَذَا :کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔
الحَاصِل۔ فا۔ کان سے نکالی ہوئی خالص چاندی ___ مِن کل شئ :بقیہ ___ عند المُحاسِبِيْن :حاصل ضرب۔ مخزن (مولّدة) اور اسی سے ہے "حَاصِلُ عَيْنِ الماءِ" پانی کی ٹنکی۔ ج حَوَاصِل۔
الحَصَل والحُصَالَة۔ کھلیان میں غلہ اُٹھانے کے بعد جو کوڑا کرکٹ باقی رہ جائے۔
الحَصِيْل۔ حاصل کیا ہوا مال۔ ایک قسم کی نباتات۔
الحَصِيْلَة۔ تحصیل کا اسم۔ حاصل کردہ بقیہ۔ ج حَصَائِل۔ کہا جاتا ہے "ما حَصِيْلَتُكَ وما حَصَائِلُكَ" تمہارا حاصل کردہ کیا ہے۔
المَحْصُوْل۔ حاصل۔ کہا جاتا ہے "هذا مَحْصُوْلُ كَلَامِهِ" یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے "وما لِفُلَانٍ مَحْصُوْلٌ ولاَ مَعْقُوْلٌ" یعنی فلاں کے لئے رائے و تمیز نہیں ہے۔
المِحْصَل۔ چھلنی۔
الحَنْصَل۔ بیگن۔
الحِصْلِب والحِصْلِم۔ مٹی۔
حَصَمَ (ض) حَصْمًا۔ گوز کرنا (بقول بعض گھوڑوں کے لئے مخصوص ہے)
اِنْحَصَمَ۔العودُ :ٹوٹنا۔
الحَصِيْم۔ چھوٹی کنکریاں۔
الحُصَام۔ گوز۔
الحَصَّام والحَصُوْم۔ گوز کرنے والا۔
الحَصْمَاء۔ گوز کرنے والی گدھی۔
المِحْصَمَة۔ لوہے کا ہتھوڑا۔
حَصُنَ (ک) حَصَانَةً۔ مضبوط و استوار ہونا۔ صفت(حَصِيْن)
حَصُنَت حُصْنًا وحِصْنًا وحَصَانَةً المرأةُ : پاکدامن ہونا۔ صفت (حَصَان) ج حُصُن و حَصَانات و(حَاصِنٌ وحَاصِنَة)ج حَوَاصِن و حَاصِنَات۔ و(حَصْنَاء)
حَصَنَهُ(ن ض)حَصْنًا۔ مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا۔
حَصَّنَ و اَحْصَنَ۔المكانَ :مضبوط بنانا۔
اَحْصَنَ : المرأةَ : شادی کرنا۔ اَحْصَنَتِ المرأةُ :شادی شدہ ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت (مُحْصَنة) بفتح الصاد۔ اَحْصَنَ الرَّجلُ : شادی شدہ ہونا۔ صفت(مُحْصَن)
تَحَصَّنَ۔ اپنے لئے قلعہ بنانا۔ تَحَصَّنَتِ المرأةُ : عفیفہ و پاکدامن ہونا ___ الفرسُ : اصیل ہونا۔
الحِصْن۔ محفوظ و بلند جگہ۔ قلعہ۔ ہتھیار ج حُصُوْن۔ و اَحْصَان و حِصَنَة۔
الحَاصِن و الحَاصِنَة۔ پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں۔ ج حَوَاصِن و حَاصِنَات۔
الحَوَاصِن :حاملہ عورتیں۔
الحَصَان۔ موتی۔
الحِصَان۔ اصیل گھوڑا۔ ہر نر گھوڑا۔ ج اَحْصِنَة و حُصُن۔
الحَصِيْن۔ مِنَ الاماكن : مضبوط۔ کہا جاتا ہے "دِرْعٌ حَصِيْنٌ" مضبوط زرہ۔ و "حِصْنٌ حَصِيْنٌ" مضبوط قلعہ۔
اَبُو الحُصَيْن۔ مُصَغرًا :لومڑی۔
المِحْصَن۔ زنبیل۔ تالا۔ محل۔
حَصَا(ن)حَصْوًا۔ ہ :روکنا۔ منع کرنا۔
الحَصْو۔ پیٹ کا درد۔
حَصَى (ض) حَصْيًا۔ الرجلَ : کنکری سے مارنا۔
حَصِيَ۔ مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا۔ صفت(مَحْصِيّ)
حَصِيَت(س) حصًا۔ الارض :بہت کنکری والی ہونا۔ صفت(مُحْصَاة)
حَصَّاهُ تَحْصِيَةً۔ بچانا۔
اَحْصَى۔ الشئَ۔ شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمرُ لا اُحْصِيْهِ" یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔
تَحَصَّى۔ بچنا۔
الحَصَى۔ کنکری۔ واحد (حَصَاة) ج حَصَيَات و حُصِيّ و حِصِيّ و طَرْق الحَصٰى : کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل۔ و الحَصَاة :عدد۔ عقل و رائے۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ثابتُ الحَصَاةِ" فلاں عاقل ہے۔
الحَصِيُّ۔ بڑا عقلمند۔
اَرْضٌ (حَصِيَةٌ) بہت کنکریوں والی زمین۔ نہر (حَصَوِيٌّ) بہت کنکری والی ندی۔
حَضَّهُ(ن)حَضًّا و حضّضة۔ علی الامر : اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَاضَّ۔ القومُ : ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
اِحْتَضَّ۔ نفسه : اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا۔
الحَضْحَض۔ چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "ما عِنْده

حَضْضٌ ولا بَضَضٌ "اس کے پاس کچھ نہیں۔
الحَضُّ والحِضِّيْضٰى والحُضِّيْضٰى
حَضٌّ کا اسم مصدر۔
الحُضِيّ۔ دامن کوہ کا پتھر۔
الحَضِيْض۔ دامن کوہ۔ ج اَحِضَّة و
حضض۔ پست زمین۔ اور علم ہیئت کی اصطلاح
میں اُس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے۔
الحُضَض والحُضُض۔ رسوت۔
الحَضِيْضَة۔ شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو۔
"اَخْرَجْتُ اِلَيْهِ حَضِيْضَتِي و بَضِيْضَتِي"
میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کردی۔
الحَضَوْضٰى۔ دُوری۔ آگ۔
اَحْمَرُ حُضِّي۔ بہت گہرا سرخ۔
حَضَأَ (ف) حَضْأً۔ النارَ : جلانا۔ حَضَأَت
النارُ : جلنا۔
اِحْتَضَأَت۔ النارُ : جلنا۔
المِحْضَأ۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔
اَبْيَضُ (حَضِيّ) بہت سفید۔
حَضَبَ (ض) حَضْبًا و اَحْضَبَ النارَ :
ایندھن ڈالنا۔
تَحَضَّبَ۔ دشوار گزار قریب کا راستہ اختیار
کرنا۔
الحَضْب والحِضْب۔ سانپ۔
الحِضْب و الحُضْب۔ کمان کی آواز۔ دامن
کوہ۔ ج اَحْضَاب۔
الحَضْب و الحَضَب۔ لکڑی۔ ایندھن۔
المِحْضَب۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔ گوشت
بھوننے کی کڑھائی۔
حَضَجَ (ن) حَضْجًا۔ النارَ : جلانا۔
ـــــ الشَّئَ فی المَاء : ڈبانا ـــــ
بفلانٍ : پچھاڑنا
ـــــ بِهِ الارضَ : پٹک دینا۔
حَضَّجَ۔ الکلامَ : کوتاہی کرنا۔
اِنْحَضَجَ۔ الرجلُ : غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔
الحُضَاج۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور
پیٹ نکلا ہوا ہو۔
الحِضَاج۔ بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک
لگادی گئی ہو۔

المِحْضَج و المِحْضَاج۔ آگ ہلانے کی
کریلنی۔ المِحْضَاج : کپڑا دھونے کی موگری۔
اِمرأة مِحْضَاج۔ کشادہ پیٹ والی عورت۔
الحِضْج۔ اُونٹوں کے حوض میں باقی ماندہ گدلا
پانی۔
الحِضْجَر۔ لاغر سرین اور بڑے شکم والا۔ بڑی
مشک۔ ج حَضَاجِر۔ حَضَاجِر : بجو کا علم جنس
ہے۔
حَضَرَ (ن) حُضُوْرًا و حَضَارَةً۔ موجود ہونا۔ (
ـــــ حَضَارَةً) شہر میں مقیم ہونا۔
حَضِرَ (س) و حَضَر (ن) حُضُوْرًا
المَجْلِسَ : حاضر ہونا ـــــ عن المكان :
منتقل ہونا۔ حَضَره الامرُ : دل میں گزرنا ـــــ ہ
الموتُ : موت کا وقت آنا ـــــ اليه : آنا۔ کہا
جاتا ہے۔ "حَضَرتُ الامر بخير" یعنی میں نے
درست رائے کا خیال کیا۔ "و حَضَرَت
الصلٰوة" نماز کا وقت آگیا۔
حُضِرَ۔ موت واقع ہونا۔ صفت (مَحْضُوْرٌ)
حَضَّرَهُ و حَضَّرَهُ و اَحْضَرَهُ۔ حاضر کرنا۔ کہا
جاتا ہے "اَحْضَرهُ الشئَ" اس کے پاس چیز کو لایا۔
اَحْضَرَ الفرسُ : تیز دوڑنا۔
حَاضَرَهُ مُحَاضَرَةً و حِضَارًا۔ ساتھ دوڑنا۔
مقابلہ کرنا۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا۔
حَاضَر الجَوَاب : حاضر جواب ہونا۔
تَحَضَّر و اِحْتَضَرَ۔ حاضر ہونا۔ تَحَضَّر و
اِحتَضَرَ الرجلَ : حاضر کرنا۔ اِحتَضَر الفرسُ :
دوڑنا۔ تَحَضَّرَ البَدْوِيُّ : شہری جیسا بننا۔
تَحَضَّرَهُ الهَمُّ : غم لاحق ہونا۔
اُحْتُضِرَ۔ قریب المرگ ہونا۔
اِسْتَحْضَرَ۔ الشَّئَ : حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو
کہنا ـــــ الفرس : دوڑانا۔
الحَضَر و الحَضَارَة و الحَاضِرَة۔ شہر اور
مقامات مسکونہ۔ یہ البَدْو و البَدَاوة و البَادِية کے
خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "هذا مِنَ كلامِ
الحَاضِرَةِ ولَمْ ارَالبَوادِی لَفظُوْا بِهِ ولَا
عَرَفُوه" یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے
دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ اُنھوں
نے اِس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اِسے جانتے ہیں۔

الحَضَارَة والحِضَارَة۔ شہر کی اقامت۔
الحَضَر و الحَضَرَة۔ موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔
مکان کے سامنے کا صحن۔
حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے
جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے
الحضرة العالیہ تامر بکذا۔ جناب عالی فلاں
کام کا حکم دیتے ہیں اور کہا جاتا ہے "کلمته
بحضرة فلان" میں نے فلاں کی موجودگی میں
اس سے گفتگو کی۔
الحُضْر۔ تیز دوڑ۔ احضر الفرسُ کا اسم ہے۔
الحَضِر و الحَضُر۔ لوگوں کے کھانے کے
وقت کا انتظار کر کے حاضر ہونے والا۔
الحَضُر : حاضر جواب۔ الحَضِر : وہ شخص جو سفر کا
ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔
الحُضْرَة والحِضْرَة والحَضْرَة۔ پہلو،
نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے
"فُلانٌ حَسَنُ الحَضْرَة" جبکہ بھلائی کے ساتھ
حاضر ہو "و جَمَعَ الحَضَرَة" یعنی وہ عمارت بنانا
چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ کرلیا ہے۔
الحَضَار۔ سفید۔
الحَضَرِيُّ شہری۔
الحَاضِر۔ فا۔ شہر کا رہنے والا۔ ج حُضَّر و
حُضَّار و حُضُوْر و حَضَرة۔ الحاضِر : بڑا
قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے "حاج" حاجیوں کے لئے کہا
جاتا ہے۔)
الحَاضِرَة۔ حاضر کا مونث۔ ہاتھی کا کان ج
حَوَاضِر۔
الحَضِيْرَة۔ لوگوں کی جماعت۔ فوج کا ہراول۔
زخم کا مواد۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ج
حَضَائِر و حَضِيْر۔
المَحْضَر۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ دستاویز ج
مَحَاضِر۔ المَحْضَر : حاضر ہونے والے
لوگ۔ کہا جاتا ہے "فلان حسن المَحْضَر"
جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ "و کان
ذلک بمحضر مِن فلان" فلاں کی موجودگی
میں یہ ہوا۔
المَحْضُوْر۔ مفـ۔ لبنٌ مَحْضُوْرٌ : بہت آفت
والا دودھ۔

المِحْضَار والمِحْضِير- مِنَ الخيل وغيرها : تیز دوڑنے والا- ج مَحَاضِير-
المُحْتَضِر- شہری- شہر میں آنے والا-
المُحْتَضَر- قریب المرگ- کہتے ہیں "اللبن مُحْتَضَر فغطِّ اناءک" دودھ کے لئے بہت آفت ہے اس لئے اپنے برتن کو چھپالو-
حَضْرَبَ- الحَبلَ او الوترَ : باندھنا یا مضبوط بٹنا-
المُحَضْرَب- بھرا ہوا-
حَضْرَمَ- في الكلام : اعرابی غلطی کرنا-
____ الشَّئَ : ملانا ____ لِحَاءَ الشجرِ : چھال اُتارنا-
____ القوسَ : کمان کو مضبوط کسنا-
الحَضْرَمِيَّة : گفتگو میں لکنت-
حضرموت کی جانب منسوب-
المُحَضْرَم- بمعنی المُخَضْرَم (دیکھئے لفظ المخضرم)
الحِضْف- سانپ-
حَضِلَت (س) حَضَلاً- النخلةُ : درخت خرما کے دُنْبل کے جڑ کا خراب ہونا-
حَضَنَ (ن) حَضْنًا و حِضَانَةً و احْتَضَنَ- الصبيَّ : گود میں لینا- پرورش کرنا- سینہ سے لگانا- حَضَنَه عن كذا : علیحدہ کرنا- دور کرنا-
حَضَنَ (ن) حَضْنًا و حضَانَةً و حضَانًا و حُضُونًا و احْتَضَنَ- الطيرُ بَيْضَهُ و على بَيْضِه : انڈے سینا-
حَضُنَتْ (ک) حِضَانًا- المرأةُ او الشاةُ او الناقةُ : ایک چھوٹے اور ایک بڑے پستان یا تھن والی ہونا- صفت (حَضُون)
أَحْضَنَ- الرجل و بالرجل : حقارت کرنا
أَحْضَنَ بِحَقِّه : حق مار لینا-
الحِضْن- گود- اتنی مقدار جو گود میں آسکے- کہا جاتا ہے "أعْطَاه حِضْنًا مِنَ التمر" اس نے اسے گود بھر کر کھجوریں دیں- کسی چیز کا کنارہ- پہاڑ کی جڑ- کہا جاتا ہے "عَشَّش الطَّائِرُ في حِضْنِ الجَبَل" پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا- ج أحْضَان و حُضُون- الحِضْن والحُضْن : بجو کا بھٹ-

الحُضْنَة- حَضَنَ الطائر کا اسم مصدر-
الحَاضِنَة- بچّہ کو پرورش کرنے والی دایہ- ج حَوَاضِن- کہا جاتا ہے "حَمَامَةٌ حَاضِنٌ و حَمَامٌ حَوَاضِن-"
الحِضَانَة- دایہ گری- پرورش-
الحِضَان- وہ شخص جس کا ایک خصیہ دوسرے سے بڑا ہو-
المِحْضَنَة- پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن-
المُحْتَضَن- گود-
حَضَا (ن) حَضْوًا- النارَ : کریلنی سے ہلانا-
المِحْضَأُ والمِحْضَاءُ- آگ ہلانے کی کریلنی-
المِحْضَى- مٹی کی بنی ہوئی انگیٹھی-
حَطَّ (ن) حَطًّا- اُترنا- نازل ہونا-
(____ حَطًّا و حُطُوطًا) السعرُ : سستا ہونا
(حَطَّ (ن) حَطَاطًا) البعير : ایک جانب نکیل کو دبانا (____ و أحَطَّ) الوجهُ : مہاسا نکلنا (حَطَّ (ن) حَطًّا و احْتَطَّ احْتِطَاطًا) الشَّئَ : چھوڑنا- رکھنا ____ الحِمْلَ : جانور کی پیٹھ سے اُتارنا- کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَه" اس نے اقامت کی
____ الجلدَ : پالش کرنا- لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا-
انْحَطَّ- اُترنا ____ النَّاقَةُ في سَيْرِها : تیز دوڑنا ____ السعرُ : سستا ہونا- کہا جاتا ہے "الأسْعَار حَاطَّةٌ و مُنْحَطَّة" بھاؤ سستا ہے-
اسْتَحَطَّ- نیچے اُترنے کو کہنا- کہا جاتا ہے "اِسْتَحَطَّ فُلَانًا وِزْرَهُ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا ____ مِنَ الثَّمَن شيئًا : کچھ گھٹانے کو کہنا-
الحِطَّة و الحِطِّيطَى- اِسْتَحطهُ وِزْرَه کا اسم ہے-
الحَطِيط- چھوٹا-
الحَطِيطَة- قیمت کی کمی-
الحُطَيْطَة- کھانسی-
الحَطَاط- مہاسہ- دودھ کے جھاگ- واحد (حَطَاطَة)
الحُطَاط- بدبو-
الحُطُط- نرم و نازک اجسام-

الحِطَّان- بکرا-
الحَطُوط- اصیل تیز رفتار اونٹنی-
الحَطُّ- نرم و چکنی پیٹھ والا-
المَحَطُّ و المَحَطَّة- اُترنے کی جگہ- ٹھہرنے کی جگہ- ج مَحَاطُّ و مَحَطَّات- المَحَطَّة : ریلوے اسٹیشن- (جدید)
المِحَطُّ و المِحَطَّة- لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو-
المَحْطُوط- منه اديم محطوط : پالش کیا ہوا چمڑہ- سَيْفٌ مَحْطُوط- تیز کی ہوئی تلوار-
حَطَأَ (ف) حَطْأً- الارضَ بِه : پچھاڑنا-
____ بِه عن كذا : دفع کرنا- ہٹانا- جھکانا-
____ بالشَّئ : پھینکنا-
الحُطَيْئَة- بدصورت پست قد مرد-
الحِطْء- برتن کا بقیہ پانی- کہا جاتا ہے "حطء من تمر" پیٹھ پر اٹھانے کے لائق کھجوریں-
الحَطِئُ- مِنَ الناس : ذلیل آدمی- کہا جاتا ہے "هو حَطِئٌ بَطِئٌ" وہ ذلیل ہے- بطئ کا لفظ تابع ہے-
حَطَبَ (ض) حَطْبًا و أَحْطَبَ و احْتَطَبَ لکڑی چننا- صفت (حَاطِب) کہا جاتا ہے "هو حَاطِبُ لَيْل" وہ گفتگو میں رطب و یابس ملانے والا ہے-
حَطَّبَه- لکڑی لانا-
حَطِبَ و أَحْطَبَ- المكانُ : بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا- صفت (حَطِيب) مؤنث (حَطِيبَة)
حَطَبَ- بِه و عليه : چغلی کھانا- تہمت لگانا- کہا جاتا ہے "حَطَبَ في حبله" اس نے اس کی مدد و اعانت کی- "و حَطَبَ عَلَيْه بِخَيْر" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا-
أَحْطَبَ و اسْتَحْطَبَ- الكرمُ : انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا-
الحَطَب- ایندھن ج أحْطَاب- ایک ٹکڑے کو حَطَبَة کہتے ہیں-
الحَطِب- مؤنث حَطِبَة و (الأحْطَب) مؤنث حَطْبَاء- ج حُطْب : بہت دبلا-
الحَطَّاب- لکڑی چننے والا- لکڑہارا-

الحَطُوبَة۔ لکڑی کا گٹھا۔

الحَطَّابَة۔ الحطّاب کا مونث۔ لکڑی چننے والی۔

المِحْطَب۔ ہنسیا۔

حَطْحَطَ۔ الشَّیُٔ : اُترنا ___ الرجلُ : جلدی کرنا۔

حَطَرَ(ن)حَطْرًا۔ الجاریةَ :جماع کرنا ___ القوسَ :تانت چڑھانا۔

حُطِرَ بِہٖ :زمین پر گر پڑنا۔

سیف(حَاطُوْرَةٌ) شمشیر براں۔

الحِطْل۔ بھیڑیا۔ ج اَحْطَال۔

حَطَمَہٗ(ض)حَطْمًا و حَطَّمَہٗ توڑنا۔

حَطِمَ(س)حَطَمًا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَحَطَّمَ و اِنْحَطَمَ۔ ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَطَّمَ الرَّجلُ غیظًا" وہ غصہ سے چور ہوگیا۔ "وانْحَطَمَ الناسُ علیہ" لوگوں نے اس پر بھیڑ کی۔

الحُطَم۔ بے رحم چرواہا (___ والحُطَمُ) بہت کھانے۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔

الحِطْمَة و الحُطَامَة و الحُطَام۔ سوکھی چیز کے ٹکڑے۔ حُطَامُ الدنیا :دنیاوی ساز و سامان۔ حُطَامُ البَیض :انڈے کا چھلکا۔

الحُطَّام و الحَطُوْم و المِحْطَم۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "ریحٌ حَطُوْمٌ" بہت تیز ہوا۔

الحَاطُوْم۔ ہضم کرنے والی دوا (___ والحَطَمَة و الحُطْمَة) سخت سال۔

الحُطَمَة۔ تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت اونٹ و بکریاں۔

الحَطِیْم۔ کعبہ کے کنارے کی دیوار۔ وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقام ابراہیم کے درمیان ہے۔

الحُطَمِیَّات۔ زرہیں جو ایک شخص حُطَمة نامی کی جانب منسوب ہیں۔ اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں۔ اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں۔

حَظَّ(س)حَظًّا و حُظُظًا و اَحَظَّ۔ نصیب والا ہونا۔ صفت (حَظِیٌّ و حَظِیْظٌ و محظوظ)

الحَظُّ۔ حصہ۔ بہرہ۔ نصیب۔ حصہ خیر و فضل۔ کبھی حصہ شر کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ دولت مندی و نیک بختی۔ ج حُظُوظ و حِظَاظ و اُحُظّ۔

حَظَبَ(ن) حُظُوْبًا و حَظِبَ(س) حَظَبًا۔ الرجلُ : موٹا ہونا۔ پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَظِب) مؤنث حَظِبَة

الحُظُبُّ۔ بڑے پیٹ والا پست قد سخت اُجڈ۔ بخیل۔ تنگ خو۔

حَظَرَهٗ (ض) حَظْرًا الشَّیَٔ و حَظَرَ علیہ الشَّیَٔ منع کرنا۔ روکنا ___ الشَّیَٔ : محفوظ کرنا۔ (اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا ___) المواشی :باڑہ میں بند کرنا۔ (___ واحْتَظَرَ) اپنے لیے باڑہ بنانا۔ اِحْتَظَرَ بِہٖ :بچنا۔

اَحْظَرَ۔ دوسرے کے لیے باڑہ بنانا۔

حَظَّرَ۔ بمعنی حَظَرَ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔

الحَظِر۔ درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں۔ تر کانٹا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الحَظِرِ الرطب" یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں۔ "و اوقَدَ فی الحَظِرِ الرطب" اس نے چغل خوری کی۔ "وجَاءَ بالحَظِرِ الرَّطْبِ" وہ بہت مال لایا یا بہت جھوٹ بولا۔

الحَظِیْرَة ج حَظَائِر و (الحَظَار و الحِظَار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور دوسرے کے درمیان میں حائل ہو۔ باڑہ۔ "وَاِنَّہٗ لَنَکِدُ الحَظِیْرَة" وہ بخیل و بے فیض ہے۔ حَظِیْرَةُ القُدس :جنت۔

المَحْظُوْر۔ روکا ہوا۔ حرام۔ ناجائز۔ کہا جاتا ہے "الضَّرُوْرَاتُ تُبِیْحُ المَحْظُوْرَاتِ۔"

حَظْرَبَ۔ القوسَ : سختی سے تانت چڑھانا ___ الحبلَ : مضبوط بٹنا ___ السقاءَ : بھرنا۔

تَحَظْرَبَ۔ بھر جانا۔

حَظَلَ(ن ض)حَظْلًا و حَظَلَانًا و حِظْلَانًا۔ علیہ : حرکت اور تصرف سے روکنا۔ (حَظَلَانًا) المشی : ٹھہر ٹھہر کر چلنا اور کہا جاتا ہے "ھو یَحْظُلُ حَظَلَانًا" وہ غضبناک کی چال چلتا ہے۔

حَظِلَ (س) حَظَلًا۔ البعیرُ : بہت اندرائن کھانا۔ صفت حَظِل۔ جمع حظالی۔

اَحْظَلَ۔ المکانُ : بہت اندرائن والی جگہ ہونا۔

الحَظِل و الحَظَّال و الحُظُلُّ۔ بخل کی وجہ سے اپنے اہل و عیال پر تنگی کرنے والا۔

حَظَا(ن)حَظْوًا۔ آہستہ چلنا۔

حَظِیَ (س) حُظْوَةً و حِظْوَةً و حِظَةً بالرزق : حصہ پانا۔ (___ واحْتَظَی) رتبہ والا ہونا۔ نصیب والا ہونا۔

اَحْظَاہُ۔ صاحب رتبہ بنانا۔ اَحْظَاہُ بالمال : مال کا حصہ دینا۔ اَحْظَاہُ علی فلان : فضیلت دینا۔

الحَظْو۔ مص۔ حصہ۔

الحَظِی۔ صاحب رتبہ۔

الحَظْوَة۔ چھوٹا تیر۔ درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی سخت نہ ہوئی ہو۔ ج حِظَاءٌ و حَظَوَات۔

الحِظَة۔ حصہ۔ مرتبہ۔ ج حِظًا و حِظَاء۔

الحُظْوة و الحِظْوة۔ مص۔ مرتبہ۔

الحَظِیُّ۔ وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں۔

الحَظِیَّة۔ الحَظِیّ کا مؤنث۔ امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی۔ ج حظایا۔

الحُظَیَّا۔ آہستہ چال۔ کہا جاتا ہے "مشی الحُظَیَّا" وہ آہستہ چال چلا۔

الحُظَیَّة۔ بے پھل کا چھوٹا تیر۔

الحَظِی۔ جوں۔ واحد (حَظَاة)

الحِظِی۔ حصہ ج اَحْظ و جج اَحَاظٍ۔

حَفَّ(ن)حَفًّا و حِفَافًا۔ الشَّیَٔ :چھلکا اتارنا ___ اللحیةَ :مونڈنا یا کترنا۔ الوجہَ :بال دور کرنا۔

حَفَّ(ن)حَفًّا۔ القومُ الرجلَ و بہٖ و حولَہٗ : گھیرنا۔ حَفَّہٗ۔ بکذا : احاطہ کر لینا۔ حَفَّتْہُ الحاجةُ :ضرورت لاحق ہونا۔

حَفَّتْ (ض) حَفِیْفًا۔ الشجرةُ او الحیّةُ : سرسراہٹ ہونا۔ حَفَّتِ الارضُ حُفُوْفًا۔ خشک ہونا ___ سمعہ :بہرا ہونا ___ اللحیةُ : پراگندہ ہونا۔ حَفَّ الرجلُ : تیز نظر ید لگانے والا ہونا۔

اَحَفَّ اِحْفَافًا۔ راسہ :مدت تک تیل نہ لگانا ___ الرجلَ :برائی سے یاد کرنا۔

حَفَّ-القومُ حولَه و حَفَّفُوهُ :احاطہ کرنا- گھیرنا ___ الرجلُ :مبتلائے مصیبت و کم مال والا ہونا ___ هُ بكذا :احاطہ کرنا-

إِحْتَفَّ-القومُ بِهِ :احاطہ کرنا-
النبتَ :کاٹنا ___ الشئَ :چھلکا اُتارنا-کہا جاتا ہے "إِحْتَفَّ جميع مَافى القِدْرِ" اس نے ہانڈی میں کا سب کچھ کھالیا-

إِسْتَحَفَّ-المالَ :سارا لے لینا-

الحَافُّ- فا- تیز نظر بد لگانے والا- سَوِيق حَافٌّ :خشک ستو-خبزٌ حافٌّ : سوکھی روٹی-بغیر سالن کے روٹی- کہا جاتا ہے "ماله حَافٌّ و لا رافٌّ" اس کے لیے کوئی نہیں جو اس کے امور کی دیکھ بھال کرے اور اس کی خدمت کرے-

الحِفَافُ-مہ-جانب-نشان قدم-کہا جاتا ہے "جاءَ على حِفافه" وہ اس کے نشانِ قدم پر آیا- گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال-ج أَحِفَّة-کہا جاتا ہے "كَانَ الطَّعَامُ حِفَافَ ما اَكَلُوْا" کھانا اتنا ہی تھا جتنا انہوں نے کھایا-

الحَفُّ-مہ-(___ والحَفَفُ) گوشہ-نشانِ قدم-کہا جاتا ہے "جَاءَ على حَفِّهِ او على حَفَفِهِ) وہ اس کے نشان قدم پر آیا-" وفلان حَفُّ على نَفْسِه-"

الحَفَف : مال کی کمی-کہا جاتا ہے "طعام حَفَف" تھوڑا کھانا- و مَعِيشَةٌ حَفَفٌ" تنگ زندگی-

الحَفُّ :رانچھ دھڑکی-

الحُفَافَة-گرے ہوئے بال وغیرہ-بھوسہ کا بقیہ-

الحَفَّان-شترمرغ کے چوزے-واحد (حَفَّانَة) نوکر چاکر- بھرا ہوا برتن- کہا جاتا ہے "إِنَاءٌ حَفَّان" بھرا ہوا برتن- و حَفَّان النعام :شترمرغ کے پر-

الحَفَّة- پوری فیاضی- بنتے وقت کپڑا لپیٹنے کی لکڑی- اُونٹ کی مقدار خوراک- الحَفَّة : گڑھے کے کنارے کی زمین (مولدہ)

المِحَفَّة- عورتوں کی پالکی- تخت رواں- اسٹریچر-

المَحْفُوف-مہ-محتاج-

الحَفِيف-سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ-

حَفَأَهُ(ف) حَفْأً-پچھاڑنا-

الحَفَأ-ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لیے استعمال کرتے تھے- واحد حِفَأَة-

حَفَتَهُ (ن) حَفْتًا- ہلاک کرنا- گردن توڑ دینا-
حَفَتَ الشئَ :کوٹنا-

الحفث والحَفِث- ج أَحْفَاث- و (الحُفَاث) ج حَفَافِيث :ایک قسم کا بڑا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا (الحِفْث الحَفِث-الحَفِثة) آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں-

حَفْحَفَ- الرجل : تنگ روزی والا ہونا الشئ :پرندے کے اُڑنے یا تیر کے پھینکنے یا آگ کی بھڑک میں آواز ہونا-

حَفَدَ (ض) حَفْدًا و حُفُودًا و حَفَدَانًا واحتَفَدَ- فى العمل : جلدی کرنا- وحَفَدَهُ : خدمت کرنا-

أَحْفَدَ-الظليمُ :تیز دوڑنا-دوڑنے پر برانگیختہ کرنا-

الحَفِيد-پوتا-ج حُفَدَاء-

الحَافِد-خادم- تابع- مددگار- پوتا-ج حَفَد و حَفَدَة-الحَفَدَة :نقش و نگار کرنے والا-

المَحْفِد-اصل-کوہان کی جڑ-کپڑے کا نقش و نگار-ج مَحَافِد (___ والمِحْفَد) جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن-المِحْفَد :پیمانہ کرنے کا پیالہ-کپڑے کا کنارہ-

المَحْفُود-مخدوم-

المُحْتَفِد-من السيوف :جلدی کاٹنے والی تلوار-

حَفَرَ (ض) حَفْرًا و إِحْتَفَرَ :گڑھا کھودنا حَفَر الطريقَ :چل کر نشان ڈالنا-حَفَر الشئَ :پتہ تک معلوم کرنا ___ العَنزَ :دبلی کرنا-

حَفَر (ض) حَفْرًا و حَفِر (س) حَفَرًا و حَفْرٌ-زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا-

أَحْفَرَ-الصبيُّ :دودھ کے دانت گرانا-
___ هُ نَهْرًا :کھودنے میں مدد دینا-

حَافَرَ-اليَرْبُوعُ :جنگلی چوہے کا اپنے ڈھونڈنے والوں پر سوراخ کو ملتبس کر دینا اور اسی سے مثل ہے "فُلَانٌ أَرْوَغُ مِنْ يَرْبُوعٍ مُحَافِرٍ"

تحفَّرَ-السيلُ :گڑھے ڈالنا-

إِسْتَحْفَرَ- النهرُ : کھودنے کا وقت قریب پہنچنا-

الحَفْر والحَفَر- کشادہ کنواں- دانتوں کی زردی- الحَفَر : مٹی جو کھودی ہوئی جگہ سے نکالی جائے-ج أَحْفَار و ج أَحَافِير-

الحُفْرَة ج حُفَر و (الحَفِيرَة) ج حَفَائِر و (الحَفِير) گڑھا- قبر-

الحَافِر- فا- جانور کا کھر-ج حَوَافِر- اور "النَّقْدُ عِنْدَ الحَافِرِ" کا مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی جانور کو خریدو تو بغیر دام ادا کیے ہوئے وہاں سے جدا مت ہو-

الحَافِرَة- الحافر کا مؤنث- کھودی ہوئی زمین- ابتدائی حالت- کہا جاتا ہے "الآنَ قَدْ تَعَسَّفَ وقَدْ كَانَ نَجِيبًا فِى الحَافِرَةِ" اب وہ راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتداءً شریف تھا- کسی چیز کی طرف لوٹنا-اور اسی سے ہے "رَجَعَ على حَافِرَتِهِ او فى حَافِرَتِه" یعنی وہ اسی راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا یا ایک کام میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہوگیا اور پھر دوبارہ اسی میں مبتلا ہوگیا- "رَجَعَ فى حَافِرَتِه" یعنی بوڑھا ہوگیا- "والتقى القَوْمُ فَاقْتَتَلُوْا عِنْدَ الحَافِرَةِ" یعنی قوم نے مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ کی-

الحِفْرَى-ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے-

الحَفَّار- کھودنے والا- عموماً گورکن کیلئے مستعمل ہے-

المِحْفَر و المِحْفَرة و المِحْفَار-کدال-

المَحْفُور-مہ-زرد دانتوں والا-

حَفَزَهُ (ض) حَفْزًا- پیچھے سے دھکا دینا- کہا جاتا ہے "حَفَزَ الليلُ النهارَ" یعنی رات نے دن کو ہٹایا- و "حَفَزُوا عَلَيْنَا الخَيْلَ و الرِّكَابَ" انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو جمع کر دیا ___ هُ بالرمح :نیزہ مارنا ___ هُ عن كَذَا : دور کرنا اور جلدی کرنا ___ المرأةَ :جماع کرنا-

حَافَزَةً- زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا-

تَحَفَّزَ و اِحْتَفَزَ- زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا- کودنے کیلئے آمادہ ہونا- کہا جاتا ہے- "اِحْتَفَزَ فی مَشْیِه" اس نے چلنے میں کوشش کی-

الحَفَزُ- مدت- کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ بینی و بَیْنَكَ حَفَزًا" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی-

الحَفُوزُ- مِنَ القِسِیِّ تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان-

حَفَسَ (ض) حَفْسًا- کھانا-

تَحَنْفَسَ- بستر پر تلملانا-

الحِنْفَس و الحَنْفَس- موٹا جس سے کسی چیز کی امید نہ ہو- بے وجہ غصہ اور راضی ہونے والا- الحَنْفَس : غضبناک-

حَفَشَهُ (ض) حَفْشًا- چھلکا اُتارنا-

حَفَشَ السیلُ الوادی : بھر دینا- المَطر الارضَ : روئیدگی ظاہر کرنا ــــ فلانًا : دھکا دینا-

ــــ السیلُ : ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا- ــــ القومُ علیه : اکٹھا ہونا- حَفَشَ فی الامر : کوشش کرنا ــــ الفرسُ : بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا-

حَفِشَ (س) حَفَشًا- السحابةُ : یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا-

حَفَّشَ و تَحَفَّشَ- الرجلُ : جھونپڑے میں رہنا-

الحَافِشَة- پانی بہنے کی جگہ- ج حَافِشَات و حَوَافِش-

الحِفْش- ٹوکری- جھونپڑا- بالوں کا بنا ہوا خیمہ- کوہان- بوسیدہ چیز- ج اَحْفَاش و حِفَاش- اَحْفَاش البَیْتِ : گھر کی معمولی چیزیں- اَحْفَاش الارضِ : سیہی- جنگلی چوہا- گوہ وغیرہ- الحِفش : اندام نہانی-

حَفَصَ (ض) حَفْصًا- الشَّیَ : جمع کرنا-

ــــ الشَّیَ من یده : ڈال دینا- گرا دینا-

الحُفَاصَة- جمع کی ہوئی چیز-

الحَفْص- مد- چمڑے کا تھیلا- چھوٹا گھر- شیر کا بچہ- ج اَحْفَاص و حُفُوص-

الحَفَص- بیر وغیرہ کی گٹھلی-

المِحْفَصَة- چمڑے کا تھیلا-

الحَفْصَة- بجو- (الحَفْصَة و اُمُّ حَفْصَة) ایک قسم کا گدھ- (اُمُّ حفصة) مرغی-

حَفَضَ (ن) حَفْضًا- العودَ : موڑنا (ــــ و حَفَّضَ) الشَّیَ : ہاتھ سے گرانا ــــ الارضَ : خشک کرنا ــــ القومَ : اپنے پیچھے چھوڑ دینا ــــ اللّٰهُ عنه : تخفیف کرنا-

الحَفَض- گھر کا سامان جو بار کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہو- گھر کا سامان اٹھانے والا- اُونٹ- بورا جس میں قوم کا سامان ہو- خیمہ کا ستون- بالوں کا خیمہ- کمزور اُونٹ- کہا جاتا ہے "انه لَحَفَضُ عِلْم" وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حَفَض سے قلت کی بنا پر تشبیہہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے- "نِعْمَ حَفَضُ العِلم هذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے- ج اَحْفَاض و حِفَاض-

حَفِظَ (س) حِفْظًا- الشَّیَ : ضائع ہونے سے بچانا- خراب و خستہ ہونے سے بچانا-

ــــ الکتابَ : زبانی یاد کرنا ــــ السرَّ : چھپانا-

ــــ المالَ : حفاظت کرنا- نگہبانی کرنا-

حَفَّظَهُ- الکتابَ : یاد کرانا-

حَافَظَهُ حِفَاظًا و مُحَافَظَةً- علی الامر : مداومت کرنا- نگہبانی کرنا ــــ عنه : مدافعت کرنا- ہٹانا- کہا جاتا ہے "اِنه لَذُو حِفَاظ و ذُو مَحافَظَة" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو-

اَحْفَظَهُ- غصہ دلانا-

اِحْتَفَظَ- غضبناک ہونا ــــ بِه : یاد کرنا-

ــــ الشَّیَ و بِه لنفسه : اپنے لیے خاص کرنا-

تَحَفَّظَ- عنه و منه : بچنا ــــ به الکتابَ : تھوڑا تھوڑا یاد کرنا-

اِسْتَحْفَظَهُ- مالًا او سِرًّا : محفوظ رکھنے کو کہنا-

الحِفْظ- مد- یاد- ہوشیاری-

الحَفِیْظَة- نگہبانی- تعویذ- جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں- ج حَفَائِظ- اهل الحَفَائِظ : محارم کی نگہبانی کرنے والے-

الحَفِیْظَة و الحِفْظَة- قابل حفاظت چیز کے لیے غضب و حمیت-

الحَافِظ- فا- کسی چیز پر مقرر- الطریق الحافظ : واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو- کہا جاتا ہے "رجلٌ حافِظُ العَیْن" مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو- ج حُفَّاظ و حَفَظَة و حَافِظونَ-

الحَافِظ و الحَفِیْظ- من الملائکة : نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ- الحفیظ : محفوظ- نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے-

الحَافِظَة- الحافظ کا مؤنث- یادداشت کی قوت-

المُحْفِظَة- غصہ دلانے والا معاملہ- ج مُحْفِظَات- المُحْفِظات- مصیبتیں-

حَفَلَ (ض) حَفْلًا و حُفُولًا و حَفِیْلًا الماءُ : کثرت سے جمع ہونا ــــ القومُ : اکٹھا ہونا ــــ الدمعُ : بہت ہونا ــــ الوادی بالسیل : لبالب بھرنا ــــ السماءُ : بہت برسانا ــــ الشَّیَ : صیقل کرنا- کہا جاتا ہے "ما حَفَلَهُ و مَا حَفَلَ بِه" اس نے اس کی پروا نہیں کی-

حَفَّلَهُ- اچھی طرح جمع کرنا- زینت دینا ــــ الشَّیَ : صیقل کرنا ــــ الناقة : تھن میں دودھ جمع ہونے کے لیے چھوڑ دینا-

تَحَفَّلَ- اللبَنُ : اکٹھا ہونا ــــ فلانٌ : آراستہ ہونا ــــ المَجْلِسُ : مجلس کا بھر جانا-

اِحْتَفَلَ- القومُ : جمع ہونا ــــ المَجْلِسُ بالنَاس : بھرنا ــــ الوادی بالسَیْل : لبالب بھرنا ــــ الطریقُ : واضح ہونا ــــ الشَّیُ : روشن ہونا ــــ بالامر : اچھی طرح انتظام کرنا ــــ فی الامر : مبالغہ کرنا- کہا جاتا ہے "ما احْتَفَل بِه" اس نے اس کی پروا نہیں کی-

الحَافِل- فا- ضَرْعٌ حافِلٌ : بھرا ہوا تھن- وَادٍ حافِلٌ : سیلاب سے بھری ہوئی وادی- جَمعٌ حَافِلٌ : بڑی جماعت- ناقةٌ او شاةٌ حَافِلٌ : بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری- ج حُفَّلٌ و حَوافِلُ-

الحَافِلَة- الحَافِل کا مؤنث- دَارٌ حَافِلَةٌ ہرا بھرا گھر- سُوْقٌ حافلة- بھرا ہوا بازار-

الحَفْل- مد- جماعت- کہا جاتا ہے "عنده حَفْلٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے- جمع حَفُول: بڑی جماعت-

الحَفِيْل- بہت- جیسے جمع "حَفِيْل" بہت جماعت "مَكَانٌ حَفِيْلٌ" بھری ہوئی جگہ "رَجُلٌ حَفِيْلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا-

الحَفُوْل- خوبصورت عورت- ج حفائل-

الحُفَال- بڑی جماعت- جمع شدہ بہت دودھ- ردی کھجور-

الحُفَالَة- ہر گھٹیا چیز- فرومایہ لوگ- حُفالة الطعام- کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے- حُفَالَةُ اللبن: جھاگ-

الحَفْلَة- اسم المرّة- اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر حَفْلته" اس نے معاملہ میں کوشش کی- وَجَاءوا بحفلتهم و بِحَفِيْلَتِهِم" وہ سب کے سب آئے-

الحَفْلى- عام دعوت-

المَحْفِل- مجلس- ج مَحَافِل (و المحتفل) جمع ہونے کی جگہ- مُحْتَفَلُ الأَمْرِ: معاملہ کا بڑا حصہ-

حَفْلَجَ حَفْلَجَةً- چلنے میں بدن ہلانا-

الحُفالج- وہ شخص جو چلنے میں پاؤں کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور رکھے-

الحَفَلَّج- چھوٹا اونٹ- جمع حَفَالِج-

الحَفَلَّج: بمعنی حُفَالج-

الحِفْلِيج- پست قد-

الحَفَلَّق- کمزور- بیوقوف-

حَفَنَ (ن) حَفْنًا- الشّئَ: لپ بھر لینا ____ لهٗ: لپ بھر دینا-

اِحْتَفَنَ- الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا- الشّئَ لنفسه: لینا ____ من الشّئ: بہت لینا ____ الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا-

الحَفْنَة و الحُفْنَة- لپ بھر- و الحُفْنَةُ: گڑھا- ج حُفَن-

الحَفَنَّج- پست قد-

الحَفَنْدَد- مالک مال جو مال کا بہتر منتظم ہو-

الحِفْنِس- بے حیا بدزبان عورت-

حَفَا (ن) حفوًا- فلانًا: دینا- حَفَاه من الشّئ: روکنا- منع کرنا- حَفَاهُ اللّٰهُ بِهٖ: عزت دینا- حَفَا البَرقُ: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا ____ شَارِبَه: خوب اچھی طرح مونڈنا-

حَفِيَ (س) حَفًا- زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا- ننگے پاؤں چلنا- صفت (حفٍ و حَافٍ) ج حُفَاة ____ الفرس: گھسے ہوئے کھروالا ہونا (____ حِفَاوَة و حَفَاوَة و حِفَايَة و تَحْفَايَة و اِحتفى) بِهٖ: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا- کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا- حفِيَ عنه: حالت بہت پوچھنا-

حَافَاه مُحَافَاة- گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا-

اَحْفَى اِحْفَاءً- گھسے ہوئے کھروالے جانور کا مالک ہونا ____ السُّؤَالَ: بار بار دہرانا ____ ہ: اصرار کرنا- خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا ____ اِلَيْهِ فِي الوَصِيَّةِ: مبالغہ کرنا ____ بِهٖ: عیب لگانا ____ شَارِبَه: کترنے میں مبالغہ کرنا-

تَحَفّى- في الشّئ: کوشش کرنا ____ لهٗ: بہت اکرام کرنا-

تَحَافَيَا- الى السلطان: فیصلہ کیلئے جانا-

اِحْتَفَى- ننگے پاؤں چلنا- جوتا اتارنا ____ البَقْلَ: چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے اکھیڑنا ____ القوم المرعٰی: چراگاہ میں کچھ نہ چھوڑنا-

اِسْتَحْفَى- ہ عن كَذَا: کسی شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا-

الحَفَاء- کھر یا پاؤں کی گھسائی-

الحَفَايَة و الحُفُوَة و الحِفْيَة- بمعنی الحَفَاء-

الحَفِيُّ- کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم رکھنے والا- عزت و اکرام و اظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا- کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا- سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا- ج حُفَوَاء-

حَقَّهٗ (ن) حَقًّا- حق میں غالب ہونا- حق الامرَ: ثابت کرنا ____ الخبرَ: حقیقت پر مطلع ہونا ____ العقدةَ: باندھنا ____ الرجلَ: وسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا ____ الطريقَ: وسط راستہ چلنا-

حَقَّ (ض) حَقًّا- عليه ان يفعل كَذَا: واجب ہونا- کہا جاتا ہے "حَقَّ لَكَ ان تفعل كذا- و حَقِقْتَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو-

حَقَّ (ن ض) حَقًّا و حَقَّةً- الامرُ: ثابت و واجب ہونا ____ الحاجة: سخت پیش آنا-

حَقَّ (س) حَقَقًا- الفرس: دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا- صفت (اَحَقُّ)

حَقَّقَهٗ- تاکید کرنا- واجب کرنا- حقق القولَ او الظَّن: تصدیق کرنا-

حَاقَّهٗ مُحَاقَّةً و حِقَاقًا- في الامر: جھگڑا کرنا- اپنے حق دار ہونے کا دعویٰ کرنا- کہا جاتا ہے "اِنَّ لَهٗ كَذَا و كذا لا يُحَاقُّه فيه اَحَدٌ" یعنی اس کیلئے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا-

اَحَقَّ- حق کہنا- اَحَقَّه: حق میں غالب آنا اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا- کہا جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَيْهِ القَضَاء" یعنی قضا کو اس کے ذمہ واجب کیا- احق الرمية: تیراندازی کے وقت ہی مار ڈالنا-

تَحَقَّقَ- الخبرُ: ثابت ہونا ____ الرجلُ الامرَ: یقین کرنا-

تَحَاقَّا- باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے جانا-

اِنْحَقَّ- الرباط: بندھ جانا-

اِحْتَقَّ- الفرس: دبلا ہونا- اِحْتَقَّتِ الطَّعْنَة بِهٖ: فوراً مار ڈالنا- احتقَّ القومُ: ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے-
____ الناقة: موٹی ہونا- کہا جاتا ہے "اِحْتَقَّهٗ اِلَى كَذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی-

اِسْتَحَقَّهٗ- ضروری و واجب ٹھہرانا- الدينُ: ادائیگی کا وقت قریب آنا-
الناقةُ: موٹی ہونا ____ الرجلُ: مستحق سزا ہونا-

الحَقُّ- مد- سچائی- راستی- یقین- انصاف- ثابت شدہ حصہ- مال اور ملک- ہوشیاری- فیصل شدہ معاملہ- موت- ج حقوق اور کہا جاتا ہے

"هو حق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "ولحقُّ لا آتيك" بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًا لا آتيك" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار: گھر کے منافع۔

الحَقَّة۔ مـ۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے اس وجہ سے کہ حصّہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "هذه حَقَّتِي" یہ میرا خاص حصّہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ علی حِقَّةِ ذٰلِكَ الْأَمْرِ" میں اس امر کی حقیقت پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔

الحُقُّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سُرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔ مکڑی کا جالا۔ حُقُّ الطيب: خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقَاق۔

الحُقَّة۔ چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج حُقُّ وحُقَق و حِقَاق۔

الحِقُّ۔ من الابل: چوتھے سال والا اونٹ نر ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لیے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہو گیا۔ اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔

الحِقَّة۔ حق و واجب۔

الحَقِيق۔ لائق سزاوار کہا جاتا ہے۔ "هو حَقِيقٌ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ "هو حقيق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ والحَقِيقُ علی الشَّيْءِ: حریص۔ لالچی۔ ج أَحِقَّاء۔

الحَقِيقَة۔ وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا جاتا ہے "هو حَامِي الحَقِيقَة" وهو مِنْ حُمَاةِ الحَقَائِقِ" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔

حق۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو۔ حَقِيقَةُ الشَّيْءِ: چیز کا منتہیٰ اور اصل۔ ج حقَائِق۔

الحَاقُّ۔ فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سَقَطَ عَلَى حَاقِّ رَاسِهِ" اس کے وسط سر پر گرا۔ "وجئته في حَاقِّ الشِتَاء" میں اس کے پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و "رَكِبَ حَاقَّ الطَّرِيقِ" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شُجَاعٌ حَاقُّ الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل ہے۔ و "أَخَذَنِي حَاقُّ الجُوعِ" مجھے خالص بھوک لگی۔

الحَاقَّة۔ الحاق کا مؤنث۔ مصیبت۔ قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الرَّجُل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ و "هو شجاعٌ حَاقَّةُ الشُّجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الأَحَقّ۔ اسم تفضیل۔ "هو أَحَقُّ مِنْ فُلَانٍ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے "زيدا حق بماله" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق۔ مـ۔ کلام مُحَقَّقٌ: منظّم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق۔ مـ۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هو محقوق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "هو محقوق ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِي۔ حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا وأَحْقَبَ۔ المطرُ: رُکنا ___ العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ___ المعدنُ: ختم ہونا ___ نائلُ فلانٍ: کم اور منقطع ہونا ___ الامرُ: خراب ہونا۔

أَحْقَبَهُ: پیچھے سوار کرنا۔

إِحْتَقَبَ۔ الاثم: مرتکب گناہ ہونا۔ زیدًا علی ناقتِهِ پیچھے سوار کرنا (___ واستحقَبَ) الشَيْءَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقْب۔ ج حِقَاب و (الحُقُب) ج احقاب وأَحْقُبٌ: اسّی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب۔ اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحِقْبَة۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب و حُقُوب۔

الحُقْبَة۔ ہوا۔

الحِقَاب۔ عورت کیلئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی۔ ج حُقُب۔

الحَقِيبَة۔ وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کیلئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب۔

الحَاقِب۔ وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔

الأَحْقَب۔ گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء۔

المُحْقَب۔ لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا وحَقْدًا وحَقِيدَةً وحَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحَقَّدَ۔ عليه: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة۔ حَقِدَ المطرُ: رُکنا ___ المَعْدَنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ___ الناقةُ: چربی سے بھر جانا۔

أَحْقَدَهُ۔ کینہ ور بنانا ___ القومُ: ___ کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

إِحْتَقَدَ۔ المطرُ: رکنا ___ علی فلانٍ: کینہ رکھنا۔

الحِقْدُ۔ ج أَحْقَاد و حُقُود و (الحَقِيدَة) ج حَقَائِد: کینہ۔

الحَقُود۔ بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حَقْرِيَةً۔ ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشَّيْءُ والرَّجلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا و حَقُرَ (ک) حَقَارَةً۔ ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير و حِنْقِر و حُنْقُر)

حَقَّرَهُ۔ ذلیل کرنا۔

أَحْقَرَهُ واحْتَقَرَهُ واسْتَحْقَرَهُ۔ چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُه" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارَة والحُقَارَة و المَحْقَرَة۔ ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر مَحْقَرَة لك" یہ امر تمہارے لیے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات۔ چھوٹے چھوٹے۔

الحَفْقَطَة۔ پست قد یا سبک جسم والی عورت۔
الحَیقُط و الحَیقُطان۔ تیتر۔ اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَیقُطَانَة۔
حقف (ن) حُقُوفًا۔ الظبیُ : ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا ___ الشَّیْئُ : ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِفٌ)
اِحقَوقَفَ۔ لمبا و ٹیڑھا ہونا۔
الحِقفُ۔ دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحقَاف و حُقُوف و حِقَاف و حِقَفَة و ج حقائِف۔
المِحقَف۔ وہ شخص جو نہ کھائے نہ پیئے۔
حَقِل (س) حَقَلًا و حَقلَةً۔ البعیرُ او الفرسُ : مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔
حَاقَلَهُ مُحَاقَلَةً۔ کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔
اَحقَلَت۔ الارضُ : قابل زراعت ہونا۔
اَحقَلَ الزرعُ : پتے پھوٹنا ___ الرجلُ فی الرکوب : سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔
الحَقل۔ عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول۔ واحد۔ حَقلَة۔
الحُقل۔ ہو ج۔ (___ و الحُقلَة) گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔
الحُقلَة۔ مثلثة۔ الحاء : دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔ الحَقلَة : بالفتح۔ حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔
الحِقلَة : بالکسر : پیالہ بھر سے کم۔
الحَاقِل۔ فا۔ کاشتکار۔
المَحقَلَة۔ کھیتی۔ ج مَحَاقِل۔
الحَقِیلَة و الحُقَال۔ ردی کھجور۔
الحَاقُول۔ ایک قسم کی سبز رنگ کی لمبی مچھلی۔
الحَیقَل۔ بے خبر آدمی۔
الحِقلِد۔ بدخو۔
الحَقم۔ کبوتر یا کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔
الحَقِیمَان۔ کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔
حَقَنَه (ن ض) حَقنًا۔ روک لینا۔ اور اسی سے ہے "حَقَنَ بَولَهُ" اس نے پیشاب کو روک لیا۔
___ دمَه : گرانے سے بچانا ___ ماءَ وجهه : آبرو کی حفاظت کرنا ___ اللبنَ : مکھن نکالنے کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا ___ المریض : حقنہ سے علاج کرنا۔
اَحقَنَ۔ مزیدار ہونے کے لیے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔
اِحتَقَنَ۔ المریض : پیشاب رکنا۔ حقنہ : استعمال کرنا ___ الدمُ : بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔
الحُقنَة۔ ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لیے چڑھائی جائے۔ ج حُقَن۔
الحُقنَة۔ پیٹ کا درد۔ ج اَحقَان۔
الحَاقِن۔ فا۔ پیشاب روکنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "لا رَایَ لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس لیے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل مضطر کے لیے بولتے ہیں۔
الحَاقِنَة۔ الحاقِن کا مؤنث۔ معدہ (اس معنی میں صفت غالبہ ہے اس وجہ سے کہ وہ کھانے کو روکتا ہے) ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لاَلحَقَنَّ حَوَاقِنَكَ بِذَوَاقِنِكَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِین۔ روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبنَ الحَقِینَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حُقنی۔
المِحقَن و المِحقَنَة۔ حقنہ کی پچکاری
المِحقَن : وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے۔
المِحقَان۔ پیشاب روکنے والا۔ عوام المِحقَن اور المِحقان کو پانی کی ٹینکی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاهُ (ن) حَقوًا۔ کوکھ پر مارنا۔
حُقِیَ۔ درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحقُوّ و مَحقِیّ)
تَحَقَّی۔ درد کمر والا ہونا۔
الحَقو۔ کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج حِقَاء و اَحقٍ و اَحقَاء و حُقِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "لاَذَ بِحَقوِیه" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحِقَاء و الحَقوة۔ ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَكَّ (ن) حَكًّا۔ الشیئَ بِالشیئِ او علیه : رگڑنا۔ گھسنا ___ الشیئَ : چھلکا اتارنا۔
(___ و اَحَكَّ و احتَكَّ) الکلام فی صدرہ : دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما حَكَّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اتری۔
حَكَّهُ و اَحَكَّهُ اِحكَاكًا و احتَكَّهُ و استَحَكَّهُ۔ راسه : کھجلانا۔ و احتک بالشیئ : کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حَاكَّ مُحَاكَّةً و حِكَاكًا۔ الرجلَ : برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَحَكَّكَ۔ بِهِ : درپے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تحككتِ العقربُ بالحیّة" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تَحَاكَّا۔ ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔
الحِكُّ۔ شک (___ و الحِكَاك) خارشتی اونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِكُّ او حِكَاكُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُكُّ۔ جمادی راتوں کا قطب نما (مولدة)
الحَكَّاكات۔ وسوسے۔ واحد (حَكَّاكَة)
الحَكَك۔ رخام کی مانند سفید پتھر۔ مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔
الحِكِكَة۔ نرم پتھروں والی زمین۔
الحُكُك۔ برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حَالِكٌ)
الحِكَّة۔ حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔ حکۃ الانف : ایک قسم کی سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ شک۔
الحَاكَّة۔ دانت۔ کہا جاتا ہے "ما بَقِیَ فی فِیهِ حَاكَّةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں۔

الحُكَاك۔ سودا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔
الحُكَاكة۔ وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔
الحَكِيكَة : پہیلی۔ج حَكِيكَات۔
الأَحْكَاك۔ ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَسْت مِنْ أَحْكَاكِهِ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔
الأَحَكُّ۔ دانتوں سے خالی منہ والا۔ ترشا ہوا کھر۔
الحَكَّاك۔ بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا۔
المِحَكُّ۔ کسوٹی۔
المُحَكَّك۔ مذ۔ الجِذْلُ المُحَكَّك : خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَيلُها المُحكّك وعُذَيقُهَا المُرجّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اُونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔
حَكَأَ(ف) حَكْأً و أَحْكَأَ و اِحْتَكَأَ۔ العقدة : باندھنا۔ اِحْتَكَأَتِ العقدةُ : سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَكَأَ الشَّئُ فِی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہو گیا۔ پس مجھے شک نہیں۔
الحُكَأَة و الحُكَاة۔ بڑا گرگٹ۔
حَكَدَ(ض) حَكْدًا۔ الی اصله : رجوع کرنا۔
أَحْكَدَ و حَاكَدَ۔ إِلَيْهِ : واپس ہونا اور بھروسہ کرنا۔
حَكَرَهُ (ض) حَكْرًا۔ گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔
حَكِرَ (س) حَكَرًا۔ اصرار کرنا۔ صفت (حَكِر) ____ بالامر : خود سر ہونا۔
حَاكَرَهُ مُحَاكَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔
تَحَكَّرَ و اِحْتَكَرَ۔ الشَّئَ : مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا۔ و تحكّر علیه : افسوس کرنا۔
الحَكَر۔ مه۔ (و الحُكْر) تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔

الحَكَر و الحُكَر۔ گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُكْرَةُ۔ غلہ کی بندش۔
الحَاكُورَة۔ پائیں باغ۔ (عامیہ)
حَكَشَ(ض) حَكْشًا۔ الرجلُ : سمٹنا۔ ____ الشَّئَ : جمع کرنا ____ الرجلَ : ظلم کرنا۔
الحَكِيص۔ وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں۔
حَكَفَ(ض) حُكُوفًا۔ الرجلُ : کام میں سست ہونا۔
حَكَلَ (ن) حَكْلًا و أَحْكَلَ و اِحْتَكَلَ۔ الامرُ علیه : دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَحَكَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔
الحُكْل۔ وہ جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ كَلَامَ الحُكْل" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔
الحَكَل۔ فی الفرس : گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔
الحُكْلَة۔ کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِهِ حُكْلَةٌ" اس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔
حَكَمَ (ن) حَكْمًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "احكمه فحكم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا ____ الفرَس : گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حکمہ) ____ ہ عن كَذَا : منع کرنا۔ باز رکھنا۔
حَكُمَ(ک) حِكْمَةً۔ دانا ہونا۔
حَكَّمَهُ۔ حاکم بنانا۔ حكمه فی الامر : فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا ____ عن كَذَا : لوٹانا اور منع کرنا۔
حَاكَمَهُ۔ جھگڑا کرنا۔ حَاكَمَه الی الْحَاكِم : جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا۔
أَحْكَمَ۔ الشَّئَ : مضبوطی سے کرنا۔ أَحْكَمَتْهُ التجاربُ : دانا و عقلمند بنا دینا۔ أَحْكَمَ السَّفِيهَ : کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا ____ ہ عن الامر : رد کرنا، منع کرنا ____ الفرَسَ : گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھئے الحکمہ)

تَحَكَّمَ۔ فی الامر : بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔
اِحْتَكَمَ۔ فی الامر : پنچ منظور کرنا ____ الناسُ الی الحاکم : مقدمہ لے جانا ____ علی فلان : ارادہ کے موافق طلب کرنا ____ فی الشَّئَ : خواہش کے مطابق تصرف کرنا ____ الامرُ : مضبوط ہونا۔
تَحَاكَمُوْا۔ الی الحاکم : مقدمہ لے جانا۔
اِسْتَحْكَمَ۔ الامرُ : مضبوط ہونا ____ علیه الکلامُ : مشتبہ ہونا۔
الحُكْم۔ مه۔ فیصلہ۔ ج۔ أَحْكَام۔
الحَكَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنے والا۔ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ حَكَمٌ۔ عمر رسیدہ مرد۔
الحِكْمَة۔ انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی۔ ج حِكَم۔
الحَكَمَة۔ لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو ____ من الانسان : چہرے کا سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔
الحُكُوْمَة۔ مه۔ گورنمنٹ۔
الحَاكِم۔ قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُكَّام و حَاكِمُوْن۔
الحَكِيم۔ دانا، عالم۔ ج حُكَمَاء۔ مؤنث حَكِيمة۔ قصيدة حكيمة : دانائی آمیز قصیدہ۔ الحکِیم : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔
الأُحْكُوْمَة۔ تحکم فی الامر کا اسم۔
المَحْكَمَة۔ کچہری۔ ج مَحَاكِم۔
المُحَكَّم۔ مذ۔ آزمودہ (____ و المُحَكِّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔
حَكَى (ض) حِكَايَةً۔ عنه الكلامَ : نقل کرنا ____ الخبرَ : بیان کرنا ____ فلانًا : مشابہ ہونا ____ الشَّئَ : مشابہ بنانا۔ حكی علیه : چغل خوری کرنا ____ العقدةَ : باندھنا۔
أَحْكَى إِحْكَاءً۔ العقدةَ : باندھنا۔
حَاكَى مُحَاكَاةً۔ ہ : مشابہ ہونا۔

اِحْتَكَى اِحْتِكَاءً-الامرُ : مضبوط ہونا-
الحَكِيُّ-چغل خور-(مذکر و مؤنث)
حَلَّ(ن)حَلاًّ-العقدةَ-کھولنا-
اِنْحَلَّتِ-العقدةُ : کھل جانا-
حَلَّ(ن ض) حُلُوْلاً-علیه امرُ الله :واجب ہونا-
حَلَّ(ن ض) حَلاًّ و حَلَلاً و حُلُوْلاً المكان وبالمكان :نازل ہونا ـــــ بِهٖ فی المكان : اُتارنا-
حَلَّ(ض) حَلاًّ-الشَّیءَ :حلال ہونا-
ـــــ الدینُ :ادائیگی کا وقت پہنچنا-
اليمينُ : قسم پوری ہونا ـــــ الرجلُ :احرام سے نکلنا-
حُلَّ-الجامدُ : پگھلایا جانا ـــــ المكانُ : آباد ہونا-
حَلَّ (س) حَلَلاً- پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا-صفت(اَحَلُّ) ج حُلٌّ-
حَلَّلَ تَحْلِيْلاً وتَحِلَّةً وتَحِلاًّ- الشَّیءَ : حلال ٹھہرانا ـــــ اليَمِينَ :کفارہ ادا کرنا-
حَلَّلَهٗ بالمكان :اُتارنا-
اَحَلَّ اِحْلاَلاً- عہد و میثاق سے آزاد ہونا ـــــ المُحْرِم :احرام سے نکل جانا-اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا ـــــ بنَفسِه : مستحق سزا ہونا- اَحَلَّهٗ بالمكان او المكانَ : اُتارنا ـــــ الشَّیءَ : حلال کرنا ـــــ علیه الامرَ :واجب کرنا ـــــ الناقةُ علی ولدها : دودھ جاری ہونا-
اِنْحَلَّ- کھل جانا-
تَحَلَّلَ- فی یمینه : شرطیہ قسم کھانا- جیسے والله لا فعلن ذلک ان شاء الله' یا الا ان یکون كَذَا ـــــ من یمینه : کفارہ ادا کر کے آزاد ہو جانا- تَحَلَّلَهٗ :حلال کر دینے کو چاہنا-
اِحْتَلَّ- المكان وبالمكان : اُترنا- اور ایسا ہی کہا جاتا ہے- اِحْتَلَّ القومَ وبالقومِ : وہ قوم کے پاس اُترا-
اسْتَحَلَّ- الشَّیءَ : حلال سمجھنا یا حلال کر لینا-
اِسْتَحَلَّهٗ الشَّیءَ : حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا-

الحَالُّ- فا- ج حُلَّل و حُلُوْل و حُلاَّل- و (الحَلاَّل) حَالٌّ کا اسم مبالغہ- کہا جاتا ہے- "فُلاَنٌ حَلاَّل للعُقَدِ كافٍ للمُهِمَّات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے-
الحَلُّ- تل کا تیل-
الحِلُّ- مه - حلال- مکہ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ- کسی جگہ میں اُترنے والا- جیسے "مازلتُ حِلاًّ بهذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں-
والاشهرُ الحِلُّ :اشہر حرم کے علاوہ مہینے-
الحِلُّ :نشانہ- جس پر تیر اندازی کی جائے- قسم سے بری ہونا-
الحِلُّ و الحُلُّ- احرام سے نکلنے کا وقت- کہا جاتا ہے "فعله فی حُلِّه و حُرْمِه" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا-
الحَلَّة- حلول کا اسم مرہ- نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا- (ه ـــــ والحِلَّةُ) اترنے کی جگہ- مجلس- جمع ہونے کی جگہ ـــــ من الشَّیءَ :جہت و جانب- ج حِلَل و حِلاَل- اور کہا جاتا ہے "فيه حَلَّة اَوْ حِلَّة" اس میں کمزوری ہے- الحِلَّة : اُترنے کی ہیئت- نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو- کہا جاتا ہے "حِیٌّ حَلاَل" اُترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے-
الحُلَّة- نیا کپڑا- کپڑوں کا جوڑا- ہتھیار- کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحارِبُ حُلَّته وبِزَّته" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا- ج حُلَل و حِلاَل-
الحَلاَّلَة- ج خه (مولدة)
الحَلاَل- ضد حرام- احرام سے نکلنے والا- والسِحر الحَلاَل : تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے- الحلو الحلال :کلام جس میں شک نہ ہو-
الحِلاَل- ضد حرام- کجاوہ کا سامان- عورتوں کی ایک سواری-
الحَلِيْل- حلال- شوہر(ـــــ والحَلِيْلَة) بیوی- الحلیل : گھر میں ایک ساتھ رہنے والا- ج اَحِلاَّء مؤنث حَلِيْل و حَلِيْلَة ج حَلاَئِل-
الاَحَلُّ- ٹانگوں میں کمزوری والا- مؤنث حَلاَّء ج حُلٌّ-

الِاحْلاَل- افعال حج سے فراغت-
الِاحْلِيْل- پیشاب نکلنے کا سوراخ- پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ- ج اَحَالِيل-
التَّحِلَّة- قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء
التَحْلِيْل- بمعنی الاحليل-
المَحَلُّ- اترنا- اُترنے کی جگہ- ج مَحَالٌّ-
مِحَلُّ- الدَّيْن :ادائیگی قرض کا وقت-
المُحِلُّ- فا- رجل مُحِلٌّ : حرم کی پردہ دری کرنے والا-
المَحَلَّة- اُترنے کی جگہ (المُحِلّتان) ہانڈی و چکی (المُحِلاَت) ہانڈی و چکی و ڈول- مشک و پیالہ و چھری- کلہاڑی- اس لیے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہوں گی وہ ہر جگہ اُتر سکتا ہے-
المُحَلَّل- مفه - ماء مُحَلَّل : اونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی- مكان مُحَلَّلٌ : وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اُتریں- روضة او مكان مِحلاَل : باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اُتریں-
حلاه (ف) حَلا- بالسيف : تلوار سے مارنا ـــــ ه بالسوط :کوڑے سے مارنا ـــــ بِهٖ الارضَ : پچھاڑ دینا- حَلاهُ الشَّیءَ : دینا- حَلا الجلدَ : کھال اُتارنا (حَلاه واَحْلاه) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا- حَلالَهٗ حَلُوءً ا : کسی کے لیے سُرمہ یا انجن رگڑنا-
حَلِیَ (س) حَلاً- الاديمُ : کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا- حَلِئَتِ الشفةُ :ہونٹ پر چھالہ پڑ جانا-
حَلاَهُ تَحْلِيْئًا و تَحْلِئَةً- عن الماء : دھتکارنا- پانی پر اُترنے سے روکنا ـــــ ه الشَّیءَ :دینا-
الحُلُوْء و الحُلاَءَة- سرمہ- چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے- ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے-
الحَلا و التِحْلِئ و التِحْلِئَة- چمڑے کے بال- یا چمڑے کا میل و سیاہی- التحلئ : چھری لگا ہوا چمڑہ- الحَلاَء : بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ-

الحَالِقَة۔ بہت زہریلا سانپ۔

التِحْلِئَة۔ مد۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحْلِئَة" بوجھل مرد۔

المِحْلا و المِحْلاة۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا و حَلَبًا و حِلاَبًا الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اشطُرَهٗ" اس نے زمانے کے اُمورِ خیر و شر کو آزمایا (اشطر اُونٹنی کے تھن کے ہاکہ کو کہتے ہیں) و "حَلَبْتَ بالساعدِ الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔

"وَمَالَه حلبٌ ولا جَلَبٌ" اس کیلئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَبْتُ و اَحْلَبْتُ۔ الرجلَ: دوسرے کے لیے دوہنا۔ حَلَبْتُهٗ و اَحْلَبْتُهٗ ناقتی: دوہنے کے لیے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا و حُلُوْبًا و اَحْلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَه۔ ساتھ مل کر دوہنا (____ و اَحْلَبَه) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ و انْحَلَبَ۔ العرق او الدمعُ: بہنا ____ عینُه: آنسو بہانا ____ فمه: تھوک ٹپکانا۔

اِحْتَلَبَ و اِسْتَحْلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ الناقةَ: دوہنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لیے جمع ہونا۔

الحَلَبُ۔ مد۔ (____ و الحَلِيْبُ) دوہا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الكَرْمِ و حَلَبُ العَصِيْرِ: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذَاقُوا حَلَبَ امرهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِيْبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقةٌ (حَلْبٰى) رَكْبٰى او (حَلْبَانَة) رَكْبَانَة" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔

الحَلْبَة۔ ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يركضُ في كلِّ حَلْبَةٍ من حَلَبَاتِ المَجْدِ" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَة: گھوڑے جو دوڑانے کے لیے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات و حَلَائِب۔

الحَلَبَتَان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں۔)

الحُلْبَة۔ میتھی۔ زچہ کی خوراک۔

الحُلْبَة۔ زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحَالِب۔ فا۔ ج حَلَبَة۔

الحَالِبَة۔ تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البئرِ: کنوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَيْنِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔

الحَالِبَان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحِلاَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلاَّب۔ بہت دوہنے والا۔ "يَوْمٌ حَلاَّب" نمناک دن۔

الحَلُوْب و الحَلُوْبَة۔ من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب و حَلاَئِب۔

الحَلاَئِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحُلْبُوْب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔

الحِلْبَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلَّب و الحُلَّبَان و الحِلَّبَاب و الحُلْبُوْب۔ مختلف نباتات کے نام۔

شاة (تِحِلاَّبَة و تُحُلُبَة و تِحْلِبَة و تُحْلِبَة و تِحْلَبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحْلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب۔

المَحْلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحْلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوہتا ہے اور نر کو بیچنے کے لیے لے جاتا ہے۔ المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحِلْبِد۔ چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حلبدة۔

الحَلْبَس۔ بہادر۔

الحَبَلْبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِيْس۔ شیر۔

حَلَتَ (ض) حَلْتًا۔ الراسَ: مونڈنا۔

____ الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا ____ الدَّيْنَ: ادا کرنا۔

____ ظهرَ الخَيْلِ: چمٹ کے رہنا۔

بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔

الحُلاَتَة۔ اُون کا اُکھیڑتے وقت گرا ہوا۔

الاَحْلَت۔ وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحَلِيْت۔ ج ء اولہ پالا۔

الحَلْتِيْت و الحِلْتِيْت۔ ہینگ۔

الحِلْتِيْت۔ ہینگ۔

حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا۔ الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ____ في المشي: آہستہ آہستہ چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ____ القومُ لَيْلَتَهُمْ: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القومُ يَحْلِجُوْنَ لَيْلَتَهُم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلاّج) اور صفت مفعولی (حَلِيْج و مَحْلُوْج)

____ الحَبْلَ: بٹنا ____ الرجلَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

تَحَلَّجَ۔ الحَلُوْجُ: بادل کا چمکنا ____ في صدره: کھٹکنا۔

اِحْتَلَجَ۔ حَقَّه: لینا۔

الحَلْجَة و الحَلَجَة۔ مسافت۔

الحِلاَجَة۔ دھننے کا پیشہ۔

الحَلُوْج۔ چمکنے والا بادل۔

الحُلُج۔ بہت کھانے والے۔

الحَلِيْجَة۔ دودھ جس میں کھجور ترکی گئی ہو۔ ج حُلُج۔

المِحْلَج و المِحْلاَج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحَالِج و مَحَالِيْج۔ المَحْلَج: لکڑی

جس پر چرخی گھومتی ہے۔

المِخلَج والمِخلَجَة : وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔

خَلْحَلَ۔ الشیٔ : حرکت دینا۔ ہٹانا ــــ القومَ : قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کردینا۔

تَخَلْحَلَ۔ عن مکانه : حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔

الخُلاحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج خَلاحِل (انہی معانی میں مُخَلخَل و مُلَخلَج بھی ہیں۔)

حَلَزَ (ن) حَلْزًا۔ الجلدَ و العُوْدَ : چھیلنا۔

تَحَلَّزَ۔ الشیٔ : باقی رہنا ــــ القلب : درد مند ہونا ــــ للامر : تیار ہونا ــــ بالمکان : اقامت کرنا۔

اِحْتَلَزَ۔ منه حقه : لینا۔

الحِلَّز۔ بخیل۔ بد خلق۔ پست قد۔ اُلو۔ ایک قسم کا گلہ۔ واحد (حلزة)

الحَلَزُوْن۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔

الحَلَزُونَة۔ فی عرف الحدادین والنجارین : لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل اَو خط (حلزونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔

حَلَسَ (ض) حَلْسًا۔ البعیرَ : ٹاٹ سے ڈھانپنا ــــ الرجلُ بالشیٔ : بہت حریص ہونا ــــ السماءُ : لگاتار نرم برسنا۔

حَلِسَ (س) حَلَسًا و تَحَلَّسَ۔ بالمکان : کسی جگہ میں جم کے رہنا ــــ بِالْامرِ : کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منه بشیٔ و ما تحلّس شیئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔

اَحْلَسَ۔ الرجلُ : مفلس ہونا ــــ فلانًا فی البیع : نقصان پہنچانا ــــ ہ : عہد و میثاق کرنا۔ اَحْلَسَتِ السماءُ : لگاتار ہلکی بارش ہونا ــــ الارض : سرسبز ہونا۔ اَحْلَسَه الخوفَ : خوف لازم کرنا۔

حَالَسَه۔ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ : ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اَحْلَسَ۔ سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (اَحْلَس) مؤنث (حَلْسَاء)

اِسْتَحْلَسَت۔ الارضُ : سرسبز ہونا۔ ــــ النبتُ : زمین کو ڈھانپ لینا ــــ اللیلُ : سخت تاریک ہونا ــــ الخوفُ فلانًا : خوف کا لازم رہنا۔

الحِلْس و الحَلَس ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحْلاس و حُلُوْس و حِلَسَة۔ اَحْلاسُ الخیل : گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بیته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابل مذمت ہے۔ "وهو حِلْسٌ من اَحْلَاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے (اور یہ قابل مدح ہے) و "کونوا اَحْلاسَ بُیُوتِکُم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو و "هذا لَیْسَ مِن اَحْلاسِ فلان" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ و "رَفَضْتُ کَذَا و نقضتُ اخلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس : عہد و پیمان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُمّ حِلْسٍ : گدھی۔

الحَلَس۔ سہ۔ عہد و پیمان۔

الحَلِس۔ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔

الحَلُوْس۔ حریص۔ لالچی۔

ارض (مُحْلِسَة) وہ زمین جس میں گھاس بہت اگی ہوئی ہو۔

الحِلْسِمُ۔ لالچی۔ حریص۔

حَلَطَ (ن) حَلْطًا۔ قسم کھانا ــــ فی الامر : اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔

حَلِطَ (س) حَلَطًا و اِحْتَلَطَ۔ علیه : غضبناک ہونا ــــ منه : زچ ہونا۔

اَحْلَطَ۔ بمعنی حَلَطَ ــــ ہ : غضبناک کرنا ــــ بالمکان : اقامت ــــ فی الیمین : کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوْفًا و مَحْلُوْفَةً و مَحْلُوْفَاءً۔ باللّٰه : قسم کھانا۔

اَحْلَفَهُ و حَلَّفَهُ و اِسْتَحْلَفَهُ۔ قسم کھلانا۔

حَالَفَهُ مُحَالَفَةً۔ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حزنُهُ : غم کا لازم ہونا۔

تَحَالَفُوْا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلْف و الحِلْف و الاُحْلُوْفَة۔ قسم۔

الحِلْف۔ سہ۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحْلاف۔ کہا جاتا ہے "فلان حلف کذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔

الحَلْفَاء۔ ایک بوٹی تو کیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حَلَفَة و حَلْفَاء۔

الحَلْفَاء۔ بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلْف و حُلُف۔

ارض (حَلِفَة و مَحْلِفَة) حلفاء گھاس والی زمین۔

الحَلَافِیُّ۔ وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اُگے۔

الحَلَّاف و الحَلَّافَة۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

الحَلِیْف۔ عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیْفُ الجُوْدِ" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے، یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِیْفُ اللِسَانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء۔

المُحْلِف۔ شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لیے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا غلامٌ مُحْلِف" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔

الحِلْقِس۔ بہت گوشت والی بکری۔

الحُلْفُق۔ جنگجو۔

حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تَحْلاقًا۔ الراسَ : مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) حَلْقًا۔ الرجلَ : حلق پر مارنا ــــ الحوضَ : بھرنا ــــ الشیٔ : چھیلنا۔ السَّنَةُ القومَ : مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَلْقَی) ــــ القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا : ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) حَلَقًا۔ حلق کے درد والا ہونا۔

حَلَّقَ۔ الراسَ : مونڈنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) ــــ الطائرُ : اڑنے میں چکر لگانا

ــــ القمرُ : ہالہ پڑنا ــــ الشَّیَ : حلقہ کی مانند بنانا۔
ــــ الاناءُمِن الشراب : بھرنا۔
الحوضُ : خشک ہونا ــــ عَیْنُ الحیوان : دھنس جانا ــــ النجمُ : بلند ہونا ــــ ضرعُ الناقَة : دودھ کا خشک ہو جانا۔
اَحْلَقَ۔الاناءَاو الحوضَ : بھرنا۔
تَحَلَّقَ۔ القومُ : حلقہ بنا کر بیٹھنا ــــ القمرُ : ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ۔الراسَ : مونڈنا۔
الحَلْق۔ مذ - گلا۔ ج اَحْلاق و حُلُوق و حُلُق۔ حُلُوق۔ الارض : نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا فِی حُلُوْقِ الطَّرِیْق" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔الحَلْقُ۔بد بختی۔
الحَلْقَة۔ ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسّی۔ ج حَلَق و حَلَقَات۔ و حلقة القوم : قوم کا دائرہ ــــ کہا جاتا ہے "سَاَلَهٗ فِیْ حَلْقَتِهٖ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض : حوض کا بھرنا۔
حَلِقَةُ۔الباب او القوم : دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلْق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔بہت مویشی۔
الحَلِق۔ بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ : بے بال کا سر۔
الحَلاَق و حَلاَق۔ بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة : موت۔
الحِلاَق۔گلا۔
الحُلاَق و الحَوْلَق۔گلے کا درد۔
الحَلاَّق۔نائی حجام۔
الحُلاَقَة۔مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاَقَة۔نائی کا پیشہ۔
الحَالِق۔ فا۔ ج حَلَقَة ــــ مِن الجبال : بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔کہا جاتا ہے "جاء مِنْ حَالِقٍ" وہ بلند جگہ سے آیا و "هَوٰی مِن حَالِق" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔ "ضرع حَالِق"۔ بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سمٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق و حَوَالِق۔

الحَالِقَة۔ الحالق کا مؤنث۔ موت۔ بڑا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔
الحَالُوْق۔موت۔
الحَالُوْقَة۔مِنَ السیوف او الرجال : تیز۔
الحَوْلَق و الحَیْلَق۔بلا و مصیبت۔
الحَوْلَقَة۔"لاحول ولاقوة اِلا باللّٰه" کہنا۔
الحَلِیْق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِیق ولِحیَة حَلِیْق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ج حَلْقَی۔
المِحْلَق۔استرہ۔سخت کمبل۔
الحِلْقد۔بد خو۔
حَلْقَمَه۔گلا کاٹنا۔
الحَلْقُوْم۔گلا۔ج حَلاَقِیم۔
حَلِكَ (س) حُلُوْكَةً و حَلَكًا و حُلُوْكًا واِحْلَوْلَكَ واِسْتَحْلَكَ۔ سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِک و حَلِک)
الحَلَک و الحُلکَة۔ سخت سیاہی۔
الحَلْكَةُ والحَلْكَاءُ والحُلْكَاءُ والحَلكَاء والحُلكَاءُ والحُلُكيُّ۔
الحُلْكُوْک والحُلكُلِک۔ سخت سیاہ۔
الحَلْكَم۔سیاہ۔
الحَلْكَمه۔سیاہی۔
حَلَم (ن) حُلْما و حُلُما۔ فی نومه : خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمهٗ وحَلَم به" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔حَلَمَ الصبیُّ (واِحْتلمَ) بالغ ہونا۔(ــــ حَلْمًا) الجلدَ : کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْمًا۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حلیم) ج حُلَمَاء واَحْلاَم۔ مؤنث حَلِیْمة۔
حَلِمَ (س) حَلَمًا۔ الجلدُ : خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم و حَلِیم)
اَحْلَمَتِ۔المَرأةُ : حلیم و بردبار بچے جننا۔
حَلَّمَهٗ تَحْلِیْمًا و حِلاَّمًا۔ بردبار بنانا۔ حَلَّمَ الجلْدَ : کیڑے نکالنا ــــ القِرْبة : بھرنا۔
تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا ــــ الحِلْم : بردباری سے کام لینا ــــ الرجلُ : موٹا ہونا۔ تَحلَّمت القربةُ پانی سے بھر جانا۔
تحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔

اِنْحَلَمَ واِحْتَلَمَ۔فی نومه : خواب دیکھنا۔
الحِلْم۔ صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاهَ الشیخ لاحِلمَ بَعْدَهٗ" عقل۔ ج اَحْلام و حُلُوْم۔ کہا جاتا ہے "تَاْمُرُهُمْ اَحْلاَمُهُمْ بِهٰذا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلْم۔ مذ۔ خواب۔ ج اَحْلاَم۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذه اَحْلاَم نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَة۔ سر پستاں۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ ج حَلَم۔
الحَلِیْم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔
الحُلاَّم۔ بکری کا بچہ۔
الحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر۔ یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہو جائے۔
الحَیْلَمُ۔ چھوٹے جانور۔
التَحْلِمَةُ۔ بہت کیڑے والا۔ ج تَحَالِم۔
الأَحْلام۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)
حَلاَ (ن) و حَلُوَ (ک) و حَلِیَ (س) حَلاَوَةً و حُلْوَانًا۔ میٹھا ہونا ــــ الفاکهةُ : پختہ ہونا حَلاَلَهٗ الشَّیُٔ : لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے۔ حَلِیَ فی عینی و بعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلاَ منه بخیر : خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلاَهُ (ن) و حَلْوًا و حُلْوَانًا۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاه كَذَا او بكذا : دینا۔ کہا جاتا ہے "حلاه حلوانه" اس نے اسے بدلہ دیا۔
(ــــ و حَلِیَٔ) الشَّیُٔ (تَحْلِیَة) میٹھا بنانا۔
(حالٰی مُحَالاَةً الرجلَ : خوش طبعی کرنا۔
اَحْلاَهُ اِحْلاَءً۔ میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما یُمِرُّ ولا یُحْلی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا۔
تحَلَّت۔ المرأةُ : زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلیٰ فلانٌ بِمَا لَیْسَ فِیْه" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے

اندر نہیں ہیں۔
تحَلّٰی وإحْلَوْلٰی واسْتَحْلٰی۔ الشَّئَ : میٹھا پانا۔ واِحْلَوْلی الشَّئُ : میٹھا ہونا۔
تَحَالٰی۔ حلاوت ظاہر کرنا۔
الحُلْو۔ میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔
الحُلْوَان۔ دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر۔ بدلہ۔
الحَلاَءَة والحَلاَوة والحَلاَوَاء والحُلاَوٰی۔ مِنَ القفاء۔ گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلاَوٰی۔
الحَلْوَاء والحَلْوٰی۔ حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلاَوٰی۔
الحَلْوَانِی۔ حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔
الحَلُوُّ۔ مِنَ الرجال : دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔
الحَلِیُّ۔ لذیذ اور میٹھا۔ ناقةٌ حلیّة :
حَلٰی (ض) حَلْیًا۔ المرأةَ : عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔
حَلِیَتْ (س) حَلْیًا۔ المرأةُ : زیور پہننا۔ صفت (حالٍ و حَالِیَة) ج حَوَالٍ۔ کہا جاتا ہے "شجرة حالیة" پتے والا پھل دار درخت۔
حلِیَ منه بخیر : خیر و منفعت پہنچانا۔
حَلّٰی تَحْلِیَة۔ المرأةَ : زیور پہنانا یا زیور بنانا۔ وحَلّٰی الشَّئَ : آراستہ کرنا۔
تَحَلّٰی۔ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔
الحَلٰی۔ پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔
الحَلْیُ۔ ج حُلِیٌّ و حِلِیٌّ و (الحِلْیَة) ج حِلی و حُلیً (خلافِ قیاس) زیور۔ حِلْیة الانسان : انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔
الحَلِیُّ۔ خشک۔
حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنُّورَ : گرم کرنا۔ الشحمَة : پگھلانا ـــــ الماءَ : گرم کرنا ـــــ الارتحالَ : جلدی کرانا۔ حَمَّ اللّٰه له کَذَا : مقدر کرنا ـــــ الامرُ فلانًا : غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّه" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔
حُمَّ۔ الامرُ : فیصلہ کیا جانا ـــــ الشَّئَ : قریب ہونا ـــــ الرجلُ : بخار زدہ ہونا ـــــ له کَذَا : مقدر کیا جانا۔
حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا ـــــ الماءُ : گرم ہونا۔
حَمَّمَ۔ الغلامُ : سبزہ آغاز ہونا ـــــ الراسُ : مونڈنے کے بعد بال نکلنا ـــــ المکانُ : روئیدگی ظاہر ہونا ـــــ الشَّئَ : کالا کرنا ـــــ الماءَ : گرم کرنا ـــــ الرجلَ : کوئلے سے منہ کالا کرنا۔
ـــــ المرأةَ : طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔
اَحَمَّهُ۔ اللّٰهُ : بخار میں مبتلا کرنا۔ اَحَمَّ الشَّئُ : قریب ہونا ـــــ المکانُ : بہت بخار والی جگہ ہونا ـــــ الماءَ : گرم کرنا ـــــ اللّٰه له کَذَا : مقدر کرنا ـــــ الشَّئَ : کالا کرنا ـــــ الامرُ فلانا : غم میں ڈالنا۔
تَحَمَّمَ۔ کالا ہونا۔
اِحْتَمَّ۔ غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ـــــ العینُ : بغیر درد کے بیدار رہنا۔
اسْتَحَمَّ۔ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔
الحَمُّ۔ سہ۔ حَمُّ الظَّهِیرةِ : دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ حَمٌّ عن ذٰلک او منه" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشَّئَ و (حُمُّه) چیز کا بڑا حصہ۔
الحُمّٰی۔ بخار۔ ج حُمَّیات۔
الحَمَّة۔ گرم پانی کا چشمہ۔
الحُمَّة۔ سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدور و فیصل شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّة الفِرَاق" کہا جاتا ہے "عجلت بِنَادِیْکُمْ حُمَّةُ الفِرَاقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم و حِمام۔
الحُمَم۔ حُمَّة کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَة)
الحِمَّة۔ موت۔ پسینہ۔
الحَمَام۔ کبوتر۔ واحد (حَمَامة) اور کہا گیا ہے کہ حمامة کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لیے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمَائِم و حَمَامَات
حَمَامُ الزَّاجِل او الزِّجَال : پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔
سَاقُ الحمام ورعیُ الحمام : دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمَام : انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحَمام : ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔
الحِمَام۔ موت۔
الحُمَام۔ جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔
الحُمَاضٰی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کمال کی سرخی۔
الحَمَّام۔ غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمَّامَات۔
الحَمَّامِی۔ حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔
الحَامَّة۔ اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اُونٹ۔
الحَمِیْم۔ قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج اَحِمَّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمَائِم۔ الحَمِیْم : گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِیْمٌ بالحَاجَةِ" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔
الحَمِیْمَة۔ حمیم کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اُونٹ۔ ج حَمَائِم۔
الاَحَمُّ۔ بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمٌّ۔
المِحَمُّ۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔
المُحِمُّ۔ قریب۔
المُحَامُّ۔ ثابت۔
المَحْمُوم۔ بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل بِهِ القَضَاءُ المَحْمُوْمُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔
المُسْتَحَمُّ۔ غسل کرنے کی جگہ۔
الیَحْمُوْم۔ کالا۔ دھواں۔
حَمَأَ (ف) حَمْأً۔ البئر : کنوئیں سے

کیچڑ نکالنا

حَمِئَ(س)حَمأً و حَمَأً-الماءُ :پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا-صفت-حَمِئٌ-

أَحْمَأَ-البئرَ :کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا-

الحَمْءِ والحَمَأُ والحمو والحما بلاهمزة : عورت کا خسر-شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور-جیٹھ-خسر-

الحَمَأُ و الحَمأَةُ-کیچڑ-

حَمَتَهُ(ض)حَمْتًا-اللّٰه علیه :

حَمِتَ (س) حَمَتًا- الجوزُ وغیره : اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا-

حَمُتَ (ک) حُمُوتَةً- الیومُ : دن کا سخت گرم ہونا-

تَحَمَّتَ- اللونُ او الطعْمُ : رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا-

الحَمْت-مـ-یَوْمٌ حَمْتٌ :سخت گرم دن-تمر(حَمْت و حامِتٌ)،بہت میٹھی کھجور-

الحَمِیت-مِنَ اللون او الطعم : خالص و صاف رنگ یا مزہ-کہا جاتا ہے "تمر حمیت و عَسَلٌ حَمِیتٌ" اچھے رنگ والی کھجور-خالص شہد-غضبٌ حَمِیتٌ :سخت غصہ-

الحَمِیت : بال دار مشک جس میں گھی ،شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں- بعضوں نے کہا کہ حَمیت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں-

حَمْحَت-العینُ : آنکھ کا اندر کو دھنس جانا-

حَمَّجَ الوَجهُ : چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا-

حَمَّجَ إلَیْه : تیز نظر سے دیکھنا ـــــ عینه : گھور کر دیکھنا-

الحَمُّوْج-ج-ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ-

حَمْحَمَ و تَحَمْحَمَ-البرذونُ او الفرسُ : ہنہنانا-تَحَمْحَمَ :کالا ہونا-

الحَمَاحِم- چوڑے پتے کا پودینہ- واحد (حَمَاحِمَة)

الحِمْحِم و الحُمْحُم-ایک قسم کا پرندہ گاؤ زبان-واحد(حِمْحِمَة و حُمْحُمَة)

حَمِدَهُ(س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و مَحْمِدًا و مَحْمَدَةً و مَحْمِدَةً-فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ـــــ ہ علی امر : بدلہ دینا ـــــ الشیءَ : قابل تعریف پانا-اور کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ إلَیْكَ اللّٰهَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی-

حَمَّدَ-اللّٰهَ :بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا-

أَحْمَدَ- قابل تعریف کام کرنا ـــــ الشیءُ : قابل تعریف ہونا ـــــ الشیءَ : قابل تعریف پانا ـــــ ہ :فعل پر راضی ہونا-تعریف کا حقدار ظاہر ہونا-

تَحَمَّدَ-بالشیءِ علی فلان :احسان جتانا-اور کہا جاتا ہے "یَتَحَمَّدُ الناسَ بِفَضْلِهِ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے-

إسْتَحْمَدَ- اللّٰه الی خلقه- مخلوق کو انعام و احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا-

اَلْحَمْدُ-مـ-تعریف-تعریف کیا ہوا-کہا جاتا ہے "رجل حَمْدٌ و امْرَأةٌ حَمْدَةٌ" تعریف کیا ہوا مرد ، تعریف کی ہوئی عورت-

حَمادِ-له :بمعنی حمدًا لهُ-

الحَمَاد-غایت- انتہائی کوشش- کہا جاتا ہے "حُمَادَک أوْحُمَاداک اَنْ تَفْعلَ کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو-

الحَمَّاد و الحُمَدَة-بہت تعریف کرنے والا-

المَحْمَدَة- قابل تعریف کام-ج مَحَامِد-

المُحَمَّد-بہت عمدہ خصلتوں والا-نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی-

الحَمِید و الحَمُوْد- تعریف کرنے والا- تعریف کیا ہوا-مؤنث حَمِیْدَة-

الحُمَدَة-بہت تعریف کرنے والا-

حَمَدَةُ-النار :آگ کے شعلہ کی آواز-

حَمْدَلَ-الحمد للہ کہنا-

الحُمَادِیُّ-گرمی کی سختی-

حَمِرَ(س)حَمَرًا-الفرسُ :بدہضمی والا ہونا ، یا بدبو دار منہ والا ہونا- صفت (حَمِرٌ) ـــــ الرجلُ :غصہ سے بھڑک اٹھنا-

حَمَّرَ-الجلدَ :بری دباغت دینا-الشیءَ : سرخ رنگنا ـــــ ہ : کسی کو اے گدھے کہنا-

أَحْمَرَ- سرخ بچہ والا ہونا ـــــ الدابةَ :چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبو دار ہو جائے-

إحْمَرَّ احْمِرَارًا- سرخ ہونا-

إحْمَارَّ احْمِیْرَارًا-بتدریج بہت سرخ ہونا-

إنْحَمَرَ-ماعلی الجلد :کھرچا جانا-

الحُمَر-ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر کہتے ہیں (ـــــ و الحُمَّر)ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرة و حُمَّرة)

الحُمْرَة- سرخ رنگ-ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں- حَشِیْئَةُ الحمرة :ایک قسم کا زہریلا پودہ-

الحِمَار- گدھا-اس کی دو قسمیں ہیں- اہلی اور جنگلی-اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش و حمار الوحش و الحمار الوحشی کہتے ہیں- ج حَمِیْر و أحْمِرَة و حُمُر و حُمُور و حُمُرات- مؤنث حِمَارَة ج حَمَائِر- حِمَارة القدم : پشت قدم- أُذُن الحمار و قِثّاء الحمار : دو پودوں کے نام- حِمَارُ الزَّرَدِ :ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں-

الحَمَارَّة-گرمی کی شدت-ج حمارّ-

الحَمَّارَة-گدھے والے-واحد حمَّار- جیسے جَمَّال و بَغَّال-دوغلا گھوڑا-

الأحْمَر- جس کا رنگ سرخ ہو-ج أحَامِر- سرخ رنگ سے رنگا ہوا-ج حُمُر و حُمْران- سونا- زعفران- گوشت- شراب- کہتے ہیں- "نحن مِنْ أهلِ الأسْوَدِینِ لامِنْ أهل الأحْمَرِین" ہم کھجور اور پانی والے ہیں- گوشت اور شراب والے نہیں- الموت الاحمر : قتل-کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے-

الحَمْرَاء- الاحمر کا مؤنث- سخت سال- گرمی کی شدت- الحمراء أو القلعة الحمراء : غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے-

الحَمْرَاء : تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحَمَائِر بھی کہتے ہیں-

الأَحْمَرِیُّ۔ سخت سرخ۔

الحِمِّر۔ گرمی کی سخت شدت۔ بڑا آدمی۔

غَیْثٌ حَمِّر: تیز بارش۔

الحُمَّرة۔ ایک قسم کا پرندہ۔

المِحْمَر۔ کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس۔ ج مَحَامِر۔ المِحْمَر: دوغلا گھوڑا۔

الیَحْمُوْر۔ سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ اور بقول بعض گورخر۔

الحَمْرَدَة۔ حوض کی تہ کی کیچڑ۔

الحُمَارِس۔ سخت۔ شیر۔ دلاور۔

الحِمْرِفَة۔ اُون۔

حَمَزَ (ض) حَمْزًا۔ الخردلُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا ___ الشفرة: تیز کرنا۔

حَمُزَ (ک) حَمَازَةً۔ سخت ہونا۔ الشرابُ: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔

الحَامِز۔ فا۔ حامز الفؤاد: تیز فہم، عقلمند۔

الحَمِیْز۔ سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔

اَلْحَمْزَة۔ شیر۔

حَمَسَهٗ (ض ن) حَمْسًا۔ غضبناک کرنا ___ اللحمَ: بھونا۔

حَمِسَ (س) حَمَسًا۔ دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغی: گھمسان کی جنگ ہونا ___ الامرُ: سخت ہونا۔

حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حمَسَ (ض) حَمْسًا۔ دلیر ہونا۔

حَمَّسَهٗ و اَحْمَسَهٗ۔ جوش دلانا۔ غضبناک کرنا ___ الدواءَ و نحوه: نیم گرم ہونا۔

تَحَمَّسَ۔ جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔

اِحْتَمَسَ۔ جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القِرنانِ: باہم جنگ کرنا۔

تَحَامَسَ۔ القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔

الحَمَاس۔ سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔

الحمَاسَة۔ معاملہ میں سختی۔ دلیری۔

الأَحْمَس۔ دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْسَا۔ ج حُمس و أَحَامِس۔ سَنَةٌ حَمْسَاء: سخت سال۔ سِنُون اَحَامِش۔ حُمْش: بہت سے سخت سال۔ الحُمْس: سخت جنگیں۔

الحَمِیْس۔ دلیر۔ سخت۔ تنور۔

الحَمِیْسَة۔ بھونا ہوا۔

الحَمْس۔ آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔

الحُمْسَة۔ عزت۔

الحَمْسَة۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمَس۔

حَمَشَهٗ (ن) حَمْشًا۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشَّیَٔ: جمع کرنا ___ القومَ: غصہ سے چلانا۔

حَمَشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوْشَةً۔ الساقُ: ہلدیک ہونا۔

حَمَشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ و اِحْتَمَشَ و اِسْتَحْمَشَ۔ غضبناک ہونا۔

حَمِشَ (س) حَمَشًا و حَمْشًا۔ الرَّجُلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ و اَحْمَش) ج حِماش و حُمْش۔ کہا جاتا ہے۔ "رجالٌ حِمَاشُ السُّوْق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "و سُوْقٌ حِمَاس" باریک پنڈلیاں۔

حَمَّشَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔

حَمَّشَ الشَّیَٔ: جمع کرنا ___ الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔

اَحْمَشَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا ___ القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ___ الحربَ: تیز کرنا۔

الحَمِیْش۔ پگھلائی ہوئی چربی۔

حَمَصَ۔ (ن) حَمْصًا و حُمُوْصًا۔ الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حمیص) الورمُ: ورم کا ختم ہونا ___ الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا ___ الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔

حَمَّصَ۔ الحَبَّ: بھونا۔

تَحَمَّصَ۔ الرجلُ: سمٹنا ___ اللحمُ: خشک ہونا۔

اِنْحَمَصَ۔ الوَرَمُ: کم ہونا ___ منه: سکڑنا۔ لاغر ہونا۔

الحِمَّص و الحِمِّص۔ چنا۔ واحد (حِمَّصة و حِمِّصة)

الحَمِیْص۔ بھونا ہوا۔

الحَمِیْصَة و المَحْمُوْصَة۔ چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِیْصَة کی جمع حَمَائِص۔

المِحْمَصَة۔ غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)

حَمَضَ (ن) حَمْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوْضَةً۔ کھٹا ہونا۔

حَمَضَ (ن) حَمْضًا۔ عنه: ناپسند کرنا ___ بِه: خواہش کرنا۔ (___ و اَحْمَضَ و حَمَّضَ) الجملُ: نمکین و کڑوے پودے چرنا۔ حَمَّضَ و اَحمَضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمَّضَ لَنَا فی القِرٰی" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی۔ حَمَّضَ و اَحمَضَ الشَّیَٔ: کھٹا کرنا ___ الشَّیَٔ عنه: پھیر دینا۔ اَحْمَضَ المکانُ: بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا۔ صفت (مُحْمِض)

تَحَمَّضَ۔ الرجلُ: ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

الحَامِض۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هو حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے۔ "و حَامِضُ الرئتین" کڑوے سانس والا۔

الحَامِضَة۔ الحامِض کا مؤنث۔ کسی چیز کی خواہش۔ کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔

الحَمْض۔ کڑوا و نمکین پودہ۔ واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض۔

الحَمْضَة۔ کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "فؤاد حمض، و نفس حَمْضة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا نفس۔

الحُمَّاض۔ ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَّیْضَه بھی کہتے ہیں۔ واحد (حُمَّاضَة) ترنج۔ حُمَّاض الکبّاد: ترنج کا اندرونی حصہ۔

الِاحْمَاض۔ مص۔ دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔ سنجیدگی سے مذاق کی طرف منتقل ہونا۔

الحَمِیْضَة۔ ج حُمْض و (المَحْمَض

والمُحْمِض) کثرت سے نمکین اور کڑوے
پودوں والی زمین۔
المُسْتَحْمِض۔مِنَ اللبن: دیر میں جمنے والا
دودھ۔
حَمَطَهُ(ض) حَمْطًا۔چھلکا اُتارنا۔
حَمَّطَ۔الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔
___ الشَّیَ: چھوٹا کرنا ___ الرجلَ: ہلکا
مارنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اِذا ضَرَبْتَ فلاَ
تُحَمِّط" جب مارو تو ہلکا مت مارو۔
الحَمَاطَة۔ گلے کی سوزش۔ انجیر کے مشابہ
ایک درخت اور بقول بعض گولر۔ دل کا نقطہ۔
دل کا خون۔ ج حَمَاطٌ و حَمَائِط۔
حَمَطَرَ۔القِربةَ: بھرنا ___ القوسَ: چلہ
کھینچنا۔
حَمَظَهُ(ن) حَمْظًا۔ نچوڑنا۔
حَمْظَلَ۔اندرائن چننا۔
الحَمْظَل۔اندرائن۔
حَمِقَ(س) و حَمُقَ(ک) حُمْقًا و حُمُقًا و
حَمَاقَةً۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (اَحْمَق) مؤنث
حَمْقَاء۔ ج حُمْق و حُمُق و حَمْقَی و حِمَاق
و حَمَاقَی و حُمَاقَی۔ (ک حماقة) السوقُ:
مندا پڑنا۔
حَمَّقَهُ۔بیوقوف کہنا۔
اَحْمَقَه۔ بیوقوف پانا۔ اَحْمَقَتِ المرأة:
بیوقوف بچے جننا۔ صفت (مُحْمِق و مُحْمِقَة)
حَامَقَه۔بیوقوفی میں مدد دینا۔
تَحَامَقَ و تَحَمَّقَ۔ بتکلف بیوقوف بننا۔
اِنْحَمَقَ۔بیوقوف ہونا ___ السوقُ: مندا
پڑنا ___ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَحْمَقَ۔بیوقوف ہونا ___ ہ: بیوقوف
سمجھنا۔
الحُمْق۔مص۔کم عقلی۔ بیوقوفی۔ شراب۔ نَوْمَةُ
الحُمَق۔ ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِق۔ بیوقوف۔ کم داڑھی والا۔
الحُمَاق والحَمَاق والحَمِيْق
والحُمَيْقَی والحُمَيْقَاء۔ ایک بیماری جو چیچک
کے مشابہ ہوتی ہے۔
البَقْلَةُ الحَمْقَاءُ و بَقْلَةُ الحَمْقَاء۔ خرفہ کا
ساگ۔
الحَمُوْقَة والحُمَيْقَة والاُحْمُوْقَة۔ بہت
بیوقوفی والا۔
المُحْمِقَات۔وہ راتیں جن میں اول سے آخر
تک چاندنی رہے۔
المِحْمَاق۔وہ عورت جس کو بیوقوف بچے جننے
کی عادت ہو۔
المَحْمُوْق۔حماق بیماری والا۔
تَحَمْقَس۔خبیث و پلید ہونا۔
الحَمَاقِيْس۔سختیاں۔بلائیں۔
حَمِكَ(س) حَمَكًا۔ فی الدلالة: رہنمائی
میں چلتے رہنا۔
الحَمَک۔چھوٹی و ردی چیزیں۔معمولی لوگ۔
بچے۔واحد (حَمَكَة)
حَمَلَ(ض) حَمْلاً و حُمْلاَنًا۔الشَّیَ علی
ظهرِه: اُٹھانا ___ الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا
___ عَلٰی نفسِه فی السَّيْرِ: چلنے میں مشقت
اٹھانا۔ حَمَلَه عَلَى الأمرِ: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
حمل عنه: بردبار ہونا ___ الشَّیَ علی
الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر لگانا ___
المرأةُ: حاملہ ہونا ___ الشجرةُ: پھل دار
ہونا ___ القرآنَ: یاد کرنا ___ العلمَ:
روایت کرنا۔ نقل کرنا۔ (___ حملةً) فی
الحرب علیهم: حملہ کرنا (___ حَمَالةً) بِه:
ضامن ہونا۔
حَمَلَهُ و اَحْمَلَهُ۔الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانے میں
مدد کرنا۔
حَمَّلَهُ تَحْمِيْلاً و حِمَّالاً۔الشَّیَ: اُٹھوانا۔
تَحَمَّلَهُ تَحَمُّلاً و تِحِمَّالاً۔ اُٹھانا ___
الامرَ: برداشت کرنا ___ القومُ: کوچ کرنا
___ الرجلُ: بار بننا۔
تَحَامَلَ۔فی الامر و بالامر: باوجود مشقت
کے اپنے ذمہ لینا ___ علی فلان: ظلم کرنا۔
طاقت سے زیادہ کام کو کہنا ___ عنه: اعراض
کرنا۔
اَلَيْه: متوجہ ہونا ___ الشیخ فی مَشْيِه:
چلنے میں گرا پڑا ہونا ___ علی نفسِه: باوجود
مشقت کے برداشت کرنا۔
اِنْحَمَلَ۔علیه: اُکسایا جانا۔
اِحْتَمَلَ۔الشَّیَ: اُٹھانا ___ الامرَ: کسی
امر کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا ___
ما کانَ مِنْه: چشم پوشی کرنا ___ معاف کرنا
___ الصَّنِيْعَةَ: شکر ادا کرنا۔
اُحْتُمِلَ۔ غضبناک ہونا ___ لونُهُ: رنگ
بدلنا۔
اِسْتَحْمَلَ۔اُٹھانے کی طاقت رکھنا۔
___ فلانًا: اُٹھانے کو کہنا۔
الحَمْل۔مص۔پیٹ کا بچہ۔ پھل۔ ج حِمَال و
اَحْمَال و حُمُوْل۔
الحِمْل۔ بوجھ۔ ج اَحْمَال و حُمُوْلَة۔
الحِمْل: ہودج یا ہودہ والے اونٹ۔ ج
حُمُوْل۔
الحَمَل۔بکری کا بچہ۔ ج حُمْلاَن و اَحمال۔
بہت پانی والا بادل۔ آسمان کے برجوں میں سے
ایک برج۔لسان الحَمَل: بارتنگ (ایک دوا کا
نام)
الحَمْلَة۔مص۔ایک مرتبہ کا بوجھ۔لڑائی کا حملہ۔
الحُمْلَة والحِمْلَة۔ ایک جگہ سے دوسری
جگہ منتقل ہونا۔
الحَامِل۔ فا۔ ج حَمَلَة۔ حَمَلَةُ القرآن:
قرآن کے یاد کرنے والے۔ قرآن کی روایت
کرنے والے۔مؤنث حَامِلَةٌ: اِمرأةٌ حامِلٌ و
حَامِلَةٌ: پیٹ والی عورت۔ ج حَوَامِل۔
الحَامِلة: انگور وغیرہ اٹھانے کی ٹوکری۔
الحَوَامِل: قدم۔ہاتھ اور قدم کے پٹھے۔
الحَمَال۔دیت۔تاوان۔ج حُمُل۔
الحَمَالة۔ضمانت۔دیت۔تاوان۔
الحِمَالة والحَمِيْلَة۔ ج حَمَائِل و
(المِحْمَل) ج مَحَامِل: تلوار کا پرتلہ۔ کہا جاتا ہے
"هو حَمِيْلَة عَلَيْنَا" وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔
الحِمَالة: مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال۔ قلی مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ عوام
اس کو عتّال کہتے ہیں۔ الحمّال: جزدوان۔ فصیح
لفظ القِمَطْر ہے۔
الحَمُوْل۔ صابر۔ بردبار۔ حَمُولُ البَحْر:
دریائی نباتات۔

الحَمُوْلَة۔ بار برداری کا جانور۔ ج حَمُوْلات

الحُمْلان۔ بار برداری کا جانور جو کسی کو ہبہ کیا جائے۔ مزدور کی اُجرت۔

الحَمِيْل۔ اُٹھایا ہوا۔ اجنبی۔ ضامن۔ پیٹ کا بچہ۔ تسمہ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ اُٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے۔ منہ بولا بیٹا۔

الحَامُوْلَة۔ تیز بارش کے وقت نالے میں اُچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوَامِيْل۔

المَحْمِل۔ وہ چیز جس میں کوئی چیز اُٹھائی جائے۔ ہودہ۔ ج مَحَامِل۔

المَحْمُوْل۔ مف۔ المَحْمُول والموضوع عند المنطقيين: اصطلاحِ علمِ منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ مسند و مسند الیہ کے ہیں۔ جیسے زَیْدٌ کَرِیْمٌ میں زید موضوع ہے اور کریم محمول۔

حَمْلَجَ۔ الحبلَ۔ مضبوط بٹنا۔

الحِمْلاج والحُمْلُوْج۔ سناروں کی دھونکنی۔ گائے کا سینگ۔ ج حَمَالِيْج۔

حَمْلَقَ۔ آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا۔

حُمْلاقُ العَيْن و حِمْلاقُهَا و حُمْلُوْقُهَا۔ پپوٹوں کا اندرونی حصہ۔ ج حَمَالِيْق۔

الحَمْن والحِمْنَان۔ چھوٹی چیچڑیاں۔ واحد۔ حَمْنَة و حِمْنَانَة۔ اصمعی نے کہا کہ چیچڑی جب بہت ہی چھوٹی ہو تو اس کو قمقامہ کہتے ہیں۔ پھر حَمْنَان پھر قُراد پھر حَلَمة پھر علٌّ و طلح۔

ارض (مَحْمَنَة و مُحْمِنَة) کثرت سے چھوٹی چیچڑیوں والی زمین۔

الحَمُو والحَمَاء والحَمْو والحَمْءُ۔ خسر۔ خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار۔ یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واؤ اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے۔ تثنیہ حموان و حمآن ج احماء۔

حماة۔ الرجل: خوش دامن۔ حماة المرأة: ساس۔ ج حَمَوات۔ الحَمَاة: پنڈلی کا عضلہ۔

حَمْوُ۔ الشمس: آفتاب کی گرمی۔

حُمُوَّة۔ الالم: درد کی شدت و تیزی۔

حَمٰى (ض) حَمْيًا و حِمْيَةً و حِمَايَةً و مَحْمِيَةً الشيئَ مِنَ الناس: روکنا۔ بچانا۔ (___ حِمْيَةً) المريضَ مايضُرُّهُ وعمايَضُرُّهُ: پرہیز کرانا۔

حَمِيَ (س) حَمِيَّةً و مَحْمِيَةً۔ مِنَ الشيئ: کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا۔

حَمِيَ (س) حَمْيًا و حُمِيًّا و حُمُوًّا۔ النارُ: تیز گرم ہونا ___ عليه: غضبناک ہونا۔

حَامٰى مُحَامَاةً و حِمَاءً۔ عنه: حمایت کرنا۔ مدافعت کرنا۔ على الضيف: اچھی طرح میزبانی کرنا۔

اَحْمٰى اِحْمَاءً۔ المكانَ: حمی بنانا ___ الحَدِيْدَ: بہت گرم کرنا۔

تَحَمّٰى و احْتَمٰى۔ المريضُ: رکنا، پرہیز کرنا۔ احتمٰى منه: بچنا۔

تَحَامٰى۔ ہ: بچنا۔ پرہیز کرنا۔

اِحْمَوْمٰى اِحْمِيْمَاءً۔ کالا ہونا۔

الحِمٰى۔ چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔

حَمْيُ۔ الشمس: آفتاب کی گرمی۔

الحِمَاء۔ بچائی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هو حِمَاءٌ لك" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے۔

الحِمْيَة۔ بچائی ہوئی چیز۔ پرہیز۔ کہا جاتا ہے "المِعْدَة بيت الداءِ والحِمْيَة راسُ الدواء" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے۔

الحَمِيَّة۔ نفرت۔ مروت۔ نخوت۔

الحُمّٰى۔ بخار۔ ج حُمَّيَات۔

الحُمَيَّا۔ غصہ کا ابتدائی جوش۔ کہا جاتا ہے "لا تكلمه في حُمَيَّا غَضَبِه" اس سے غصہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو۔ شراب کی تیزی۔ شراب۔ مِن كل شي: شدت و تیزی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ الحُمَيَّا" وہ بہت خوددار ہے۔

الحُمَة۔ زہر۔ ڈنک۔ ج حُمَات و حُمًى۔

حُمَةُ البرد: سردی کی شدت۔

الحَامِي۔ فا۔ شیر۔ کتا۔ ج حُمَاة و حَامِيَة۔ نر اونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اُس کے بال کترتے تھے۔

الحَمِيُّ۔ وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے۔ ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔ مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔

الحَامِيَة۔ الحامی کا مؤنث۔ حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لیے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو۔ ج الحَوَامِي۔

الحَامية: پایہ دیگدان۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا جائے۔

حَنَّ (ض) حَنِيْنًا۔ خوشی یا غم سے آواز نکالنا ___ القوسُ: کمان سے آواز نکلنا ___ اِلَيْه: مشتاق ہونا (___ حَنَّةً و حَنَانًا) عليه: مہربان ہونا۔ صفت (حَنُوْن)

حَنَّهٗ (ن) حَنًّا۔ پھیرنا۔ باز رکھنا۔ تم کہتے ہو "حُنَّ عني شرَّك" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔

حَنَّنَ۔ الشجرُ: شگوفہ دار ہونا۔

اَحَنَّ۔ القوسَ: کمان سے آواز نکالنا ___ الرجلُ: غلطی کرنا۔

تَحَنَّنَ۔ عليه: رحم کرنا۔

تَحَانَّ واسْتَحَنَّ۔ اِلَيْه: مشتاق ہونا۔

اِسْتَحَنَّ۔ الشوقُ فلانًا: طرب کو بڑھا دینا۔

الحَانُّ۔ فا۔ بہت خوش ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "مالَهُ حَانَّةٌ ولا آنَّةٌ" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔

التَّحْنَان۔ رحمت و مہربانی۔

الحِنُّ۔ جنوں کا ایک گروہ۔

الحَنَان۔ روزی۔ برکت۔ دل کی نرمی۔ کہا جاتا ہے "حنانيك و حنانك يا ربِّ" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں۔ "وحَنَانُ اللّٰهِ" اللہ کی پناہ۔

الحَنَّان۔ مہربان۔ رحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔ کسی چیز کا مشتاق۔ سهم حَنَّان: آواز نکالنے والی کمان۔ طَرِيْقٌ حَنَّان: واضح راستہ۔

الحِنَّان۔ مہندی۔

حَنَأَ (ف) حَنْأً۔ المکانُ : سرسبز ہونا۔ صفت (حَانِئ) اور حَانِئ کا کلمہ اَخْضَر کے لیے بطور تاکید کے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اَخْضَر حَانِئ جیسے اَسْوَد حَالِک۔ اَصْفَر فَاقِع۔ اَبْیَض نَاصِع۔ اَحْمَر قَانِئ۔

حَنَّأَہ تَحْنِیْئًا و تَحْنِئَةً۔ مہندی سے رنگنا۔

تَحَنَّأَ۔ بالحناء : مہندی سے رنگا جانا۔

الحِنَّاء۔ مہندی۔ واحد حِنَّاءَة ج حُنَّآن۔

ابو الحِنَّاء۔ ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ۔

حَنِبَ (س) حَنَبًا و حَنَّبَ و تَحَنَّبَ الشیخ : کبڑا ہونا۔ حَنَّبَه الکِبَر : جھکا دینا۔

تَحَنَّبَ عَلَیْه : مہربان ہونا۔

حَنْبَرَ حَنْبَرَةً۔ البردُ : سخت ہونا۔

الحَنْبَر۔ پست قد۔

حَنْبَلَ۔ لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔

تَحَنْبَلَ۔ سر جھکانا۔

الحُنْبُل۔ لوبیا۔

الحُنَابِل۔ مِنَ الاوتار : مضبوط اور موٹی تانت۔

الحَنْبَل۔ موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔

الحِنْبَال۔ فربہ پُرگوشت۔ بہت بولنے والا۔

الحِنْبَالَة۔ سندر۔ بہت بولنے والا۔

الحَانُوت۔ دکان۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ (مذکر و مؤنث) ج حَوَانِیت۔ نسبت کے لیے (حَانِیّ و حَانُوِیّ)

الحَنْتَم۔ سبز رنگ کی ٹھلیا کہ جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔

حَنِثَ (س) حِنْثًا۔ باطل کی طرف مائل ہونا ـــــ فی یمینه : قسم توڑنا۔

اَحْنَثَه۔ قسم تڑوانا۔

تَحَنَّثَ۔ گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا۔ بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا۔ عن کذا : توبہ کرنا۔

الحِنْث۔ مہ۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغلامُ الحِنْث" لڑکا بالغ ہو گیا۔

المَحَانِث۔ گناہ کے مواقع۔

حَنَجَهُ (ض) حَنْجًا۔ جھکانا ـــــ الحبلَ : مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حَاجَةٌ : پیش آنا۔

اَحْنَجَ۔ الشیئَ : جھکانا ـــــ الخبرَ : پوشیدہ کرنا ـــــ الکلامَ : رُخ پھیر دینا ـــــ الشیئُ : جھکنا ـــــ الرجلُ : تیز چلتے ہوئے پیچھے کی طرف نظر ڈالنا۔

اِحْتَنَجَ۔ الشیئَ : جھکنا۔

حَنْجَرَتِ۔ العینُ : اندر کو دھنسنا۔ حَنْجرة : ذبح کرنا۔

الحَنْجَرَة و الحُنْجُور۔ نرخرہ۔

حَنْحَنَ۔ علیه : خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں

حَنْحَنَ البُنْدق او الجَوْز و نحوهما : جبکہ گری خراب ہو جائے۔ فصیح لفظ حَمِت ہے۔

حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ۔ اللیلُ : تاریک ہونا۔

الحِنْدِس۔ سخت تاریک رات۔ تاریکی۔ ج حَنَادِس۔ الحَنَادِس : مہینے کی بائیسویں، تیئیسویں، چوبیسویں راتیں۔

الحِنْدَقُوْق و الحَنْدَقُوْق و الحَنْدَقُوقِی و الحِندقُوقِی۔ ایک قسم کی نباتات کا نام۔ لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔

الحَنْدَل۔ پست قد۔

حَنَذَ (ض) حَنْذًا و تَحْنَاذًا۔ اللحمَ : بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِیْذ)

(ـــــ حَنْذًا و حِنَاذًا) الفرسَ : پسینہ لانے کے لیے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنُوذ و حَنِیْذ)

حَنَذَتْهُ الشمسُ : جھلس دینا۔

اَحْنَذَ۔ شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم ملانا ـــــ اللحمَ : پکانا۔

اِسْتَحْنَذَ۔ دھوپ میں لیٹ کر پسینہ لانا۔

الحُنْذَة۔ سخت گرمی۔

حَنَاذِ۔ بروزن قطام : آفتاب۔

الحَنِیْذ۔ بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی۔ سرد ہونے کی خوشبودار چیز۔

الحِنْذِیْذ۔ بہت پسینہ والا۔

المُحَنْذِی۔ بہت گالی دینے والا۔

حَنَرَ (ض) حَنْرًا۔ الحَنِیْرَة۔ محراب بنانا، طاق میں خم دار جگہ بنانا۔

الحَنِیْرَة۔ طاق میں خم دار جگہ۔ کمان، دھنے کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خم دار ہو۔ ج حَنِیْر و حَنَائِر۔

حَنِسَ (س) حَنَسًا۔ دلیری سے وسط معرکہ میں ڈٹے رہنا۔

الحُنُس۔ پرہیزگار لوگ۔

حَنَشَه (ض) حَنْشًا۔ ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ غضبناک کرنا ـــــ الصیدَ : شکار کرنا۔

حَنَشَتِ الحَیَّةُ فلانًا : ڈسنا۔

اَحْنَشَهُ۔ شکار کرنا۔ عن الامر : جلدی کرانا۔

الحَنَش۔ سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرگٹ۔ چھپکلی وغیرہ ج اَحْنَاش و حُنْشَان۔

حَنَصَ (ن) حَنْصًا۔ الرجل : کمزور ہونا۔

الحِنْصَاء۔ باریک ہڈیوں اور بڑے پیٹ والا۔

الحِنْصَال و الحِنْصَالَة۔ بڑے پیٹ والا۔

الحِنْضِج۔ سست آدمی کہ جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے۔

الحَنْضَل۔ چھوٹا تالاب۔

الحَنْضَلَة۔ بڑی چٹان میں جمع شدہ پانی۔ بڑی چٹان میں گڑھا۔

حَنَطَ (ن) حُنُوْطًا و اَحْنَطَ۔ الزرعُ : کٹائی کے قابل ہونا ـــــ الشجرُ : پھل پکنا۔

حَنَّطَ (ض) حَنْطًا۔ الجلدُ : سرخ ہونا۔ صفت (حَانِط)

حَنَّطَ و اَحْنَطَ۔ المیتَ : مردہ پر حنوط ملنا۔

تَحَنَّطَ۔ حنوط استعمال کرنا۔

اِسْتَحْنَطَ۔ جان دینے کے لیے دلیری کرنا۔

الحَانِط۔ فا۔ بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا۔ پکے ہوئے پھلوں والا درخت۔ اَحْمَر حَانِط : بہت سرخ۔

الحِنْطَة۔ گیہوں۔ ج حِنَط۔

الحِنْطِیُّ۔ بہت گیہوں کھانے والا۔ پھولا ہوا۔

الاَحْنَط۔ بڑی اور گھنی داڑھی والا۔

الحِنَاطَة۔ گندم فروشی۔ مردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔

الحَنَّاط۔ مُردوں پر حنوط لگانے والا ـــــ (و الحَنَّاطِیّ) گیہوں بیچنے والا۔

الحِنَاط و الحُنُوط۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔

الحِنْطِی۔ وہ شخص جس کی خوراک گیہوں

ہو۔

الحِنطِئ۔پست قد۔

الحِنطأو الحِنطَأوَۃ۔ بڑے پیٹ والا۔پست قد۔

الحَنظَرِیَزۃ۔بادل۔

الحُنظُبَاءو الحُنظُبَاء۔ نرنڈی۔ نرگبریلا۔

الحُنظُوب۔ بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔

الحِنظَاب۔پست قد 'بدخو۔

الحَنظَل۔اندرائن جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔

حَنظَلَت۔الشجرۃُ :کڑوے پھل والا ہونا۔

حَنَفَ۔(ض) حَنفًا۔ جھکنا ـــــ رجلہ : پاؤں ٹیڑھا کر دینا۔

حَنِفَ (س) حَنفًا و حَنُفَ (ک) حَنَافَۃً : ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔صفت(اَحنَف)

حَنَّفَہٗ۔ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔

تَحَنَّفَ۔ حنیفی ہونا۔ حنفی ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَافِعِی تحَنَّفَ" شافعی حنفی ہوگیا ـــــ الیہ :مائل ہونا۔

الحَنفَاء ٹیڑھا پاؤں۔ کمان۔ اُسترا۔ گرگٹ۔ کچھوا۔

الحَنِیف۔ سیدھا۔ اسلام کے احکام پر چلنے والا۔ سیدنا ابراہیم ؑ کے دین کا متبع۔ موحد۔ کلیات میں ہے کہ قرآن پاک میں جہاں کہیں لفظ ﴿ حنیف ﴾ کے ساتھ ﴿ مسلم ﴾ ہے وہاں حاجی مُراد ہے جیسے ﴿ ولٰکن کان حَنِیفًا مسلمًا ﴾ اور جہاں بغیر لفظ ﴿ مسلم ﴾ کے تنہا ﴿ حنیف ﴾ ہے وہاں ﴿ مسلم ﴾ مراد ہے جیسے ﴿ حَنِیفًا لِلّٰہِ ﴾ ج حُنَفَاء۔ ادیان باطلہ کو چھوڑ کر دین حق کو اختیار کرنے والا۔

الحَنِیفِی۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کا تابع۔ ج اَحنَاف و حَنَفِیَّۃ۔

الحَنِیفِیَّۃ۔فی الاسلام او الدین :اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔

الحِنفِس۔بے حیا 'بدزبان عورت۔

الحِنفِش و الحِنفِیش۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ ج حَنَافِش و حَنَافِیش۔

الحِنفِص۔دُبلا پتلا۔

حَنِقَ (س) حَنَقًا۔منہ و علیہ :سخت غضبناک ہونا۔ صفت(حَنِق و حَنِیق) ج حُنُق اہل حُنُق و محَانِیق :موٹے اُونٹ۔

اَحنَقَہٗ۔ غضبناک بنانا۔ اَحنَقَ الدابۃَ :دبلا کرنا۔

اَحنَقَ الرجلُ :سخت کینہ رکھنا۔

اِحتَنَقَ۔موٹا ہونا۔

الحَنَق و الحَنِیق۔ سخت غصہ۔

الحُنقَط۔ایک قسم کا پرندیا تیتر۔

حَنَکَ (ن ض) حَنکًا۔الشَّیَ : سمجھنا۔(ـــــ واِحتَنَکَ۔ الفرسَ۔ گھوڑے کے منہ میں رسی لگانا۔)

حَنَک و حَنَّکَ۔چبا کر نرم بنانا۔

حَنَکَ (ن ض) حَنکا و حَنکا و حَنَّکَ واَحنَکَ و اِحتَنَکَ۔ الدھرُ الرجلَ :ناتجربہ کار بنا دینا۔ صفت (حَنِیک) ج حُنُک۔ حَنَّکَ الصبیَّ :مہذب بنانا۔

تَحَنَّکَ۔ پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے سے لا کر باندھنا۔

اِحتَنَکَ۔ الجرادُ الارضَ :کھا کر صاف کر دینا۔اِحتنکہٗ :غالب ہونا۔

اِستَحنَکَ۔کم خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہونا۔

الحَانِک۔فا۔اَسوَدُ حَانِک :سخت سیاہ۔

الحُنک و الحِنک و الحُنکَۃ۔ تجربہ۔

الحَنَک۔ تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَکُ الغُراب : کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔ کہا جاتا ہے "اَسوَدُ مِنْ حَنَکِ الغُرَاب" کوے کی چونچ سے کالا۔ ج اَحنَاک۔ الحَنَک :وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں۔ چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔ واحد (حَنَکَۃ)

الحُنک۔ عقل مند تجربہ کار مرد۔ مؤنث حُنُکَۃ۔

الحِنَّاک۔ ج حُنُک و (المِحنَک)

المُحتَنِک۔ تجربہ کار۔

حَنکَلَ۔فی الشَّیِٔ :گرانباری سے چلنا۔ آہستہ چلنا۔

الحَنکَلِیس۔ ایک قسم کی مچھلی۔ فصیح عربی الجِرِّیُّ ہے۔

حَنَا (ن) حَنوًا و حَنَی (ض) حِنَایَۃً۔ الشَّیَٔ :موڑنا۔ حَنَا الخَشَبَۃَ ای القوسَ :کمان بنانا۔

حَنَا (ن) حُنُوًّا و اَحنَی۔علیہ :مائل ہونا۔

حَنَّی تَحنِیَۃً۔الشَّیَٔ :موڑنا۔

تَحَنَّی۔ٹیڑھا ہونا ـــــ علیہ :مہربانی کرنا۔

اِنحَنَی۔ ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔

الحَانِیَۃ۔ ج الحَوَانِی و (الحَانَاۃ والحَانُوت) دُکان۔ مالک دُکان۔ الحَانِیَۃ : بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے مڑی ہوئی ہو۔

الحَانُوِی و الحَانِی سب سے لمبی پسلی۔

الحَانِیَۃ۔ شراب۔ الحانی کا مؤنث۔ شراب بیچنے والے۔

الحِنو و الحَنو۔بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ ہر ٹیڑھی لکڑی۔ حِنو الشی :چیز کا پہلو۔ و حِنوُ السَّرج :زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج اَحنَاء و حُنِی و حِنِی و اَحنَاءُ الاُمُور : مشابہاتِ اُمور۔

الحَنِیَّۃ۔ کمان ـــــ مِنَ البناء :کمان کی مانند خم دار۔ ج حَنَایا و حَنِیّ۔

الاَحنَی۔ کبڑا۔ مؤنث حَنوَاء۔ کہا جاتا ہے "فلان احنی الناس ضلوعًا علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے۔

المَحنِیَۃ و المَحنُوَۃ و المَحنَاۃ۔ ج محانٍ :وادی کا موڑ۔

المُنحَنَی۔وادی کا موڑ۔

حَابَ (ن) حَوبًا و حُوبًا و حُوبَۃً و حَابًا و حِیَابَۃً۔ بکذا :گنہگار ہونا۔

اَحوَبَ اِحوَابًا۔گناہ کی طرف مائل ہونا۔

تَحَوَّبَ۔گناہ سے بچنا ـــــ منہ :دردمند ہونا ـــــ فی دُعائہ۔ گڑگڑا کر دعا کرنا۔

اِستَحوَبَ۔دردمند ہونا۔

الحَوب و الحُوب۔ غم' وحشت (الحَوب والحُوب و الحُوبَۃ و الحاب و الحَابَۃ) گناہ۔

الحَوْبَة :ماں باپ۔بہن بیٹی۔

الحَوْبَة والحِیْبَة والحُوْبَة۔ ماں کی جانب سے قرابت۔کہا جاتا ہے "لی فیھم حَوْبَة" میری ان سے ننہالی رشتہ داری ہے۔حاجت۔حالت۔ کہا جاتا ہے "بات بَحَوْبَةِ سُوْءٍ" اس نے بری حالت میں رات گزاری۔الحَوْبَة :ماں کی ممتا۔ بیوی۔باندی۔

الحُوْبَة۔ کمزور مرد۔کہا جاتا ہے "اِنَّما فُلَانٌ حُوْبَةٌ" فلاں شخص کمزور ہے' نہ اس سے خیر کی امید ہے نہ شر کا خوف۔ و "اِنَّ لِیْ حُوْبَةً اَعُوْلُھَا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں۔

الاَحْوَب۔ گنہگار۔مؤنث حَوْبَاء۔

الحَوْبَاء۔ نفس۔ج حَوْبَاءَ ات۔

المُتَحَوِّب والمُحَوَّبُ۔وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے۔

حَاتَ(ن)حَوْتًا حَوْتَانًا۔الطیر او الوحش علی الشَّیْءِ :منڈلانا۔

حَاوَتَہٗ۔ مکر و فریب سے کام لینا۔دھوکا دینا ____ ہ عن کَذَا :مدافعت کرنا۔

الحُوْت۔ مچھلی۔عموماً بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے۔ج حِیْتَان و اَحْوَات و حِوَتَة آسمان کے ایک برج کا نام۔

الحَوْتَاء۔موٹی کمر والی عورت۔

اَحَاثَ اِحَاثَةً۔ الارض : زمین کھود کر اُلٹنا پلٹنا ____ الشَّیْءَ :نکالنا۔کہا جاتا ہے "ترکھم (حَوْثَ بَوْثَ او حِیْثَ بِیْثَ اَوْ حَاثِ بَاثِ او حَوْثًا بَوْثًا" یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا۔

الحَوْثَاء۔ جگر اور اس کے آس پاس کے حصے۔ موٹی عورت۔

الحَوْث۔ جگر کی رگ۔

حَاجَ(ن)حَوْجًا۔محتاج ہونا۔

حَوَّجَ۔بہٖ عن الشَّیْءِ : کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا۔

اَحْوَجَ۔اِلَیْہِ :محتاج ہونا ____ ہ :محتاج بنانا۔

تَحَوَّجَ۔ حاجت طلب کرنا۔کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ یتحوَّجُ" فلاں حاجت طلب کرنے کے لیے نکلا۔

اِحْتَاجَ۔اِلَیْہِ :محتاج ہونا۔

الحَاج۔ایک قسم کا کانٹا۔ایک قسم کا ترش پودہ۔

الحَوْج۔ مد۔ سلامتی۔کہا جاتا ہے "حَوْجًا لک" یعنی تمہارے لیے سلامتی ہو۔

الحُوْج۔ فقر و فاقہ۔

الحَوْجَاء۔ حاجت' ضرورت۔اور اسی سے ہے۔ ماکان فی نفسہٖ حَوْجَاء ولَا لَوْجَاء وبالتصغیر حُوَیْجَاء وَلَا لُوَیْجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں۔"و کلمتُہٗ فَمَا رَدَّ حَوْجَاءَ وَلَا لَوْجَاء" میں نے اُس سے گفتگو کی اُس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔

الحَاجَة۔ ضرورت۔سوال۔ج حَاج و حِوَج و حَاجَات و حَوَائِج۔اخیری جمع حَائِجَه کی تقدیر پر ہے۔مبالغہ کی غرض سے حاجةٌ حَائِجَةٌ کہا جاتا ہے۔

المَحَاوِیج۔محتاج لوگ۔

حَادَ(ن)حَوْدًا۔عنہ :ہٹ جانا۔

حَاوَدَتْہُ۔ الحُمّٰی :بخار کا بار بار آنا۔کہا جاتا ہے "ھو یحاوِدُنَا بالزِیَارَةِ" وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لیے بار بار آتا ہے۔

حَاذَہٗ(ن)حَوْذًا۔ حفاظت کرنا۔ علی الشَّیْءِ: نگہبانی کرنا (____ واَحْوَذَ) الدابة : تیز ہانکنا۔ اَحْوَذَ ثوبہ : کپڑے سمیٹنا۔ اَحْوَذَ السَّیْرَ : تیز چلنا۔اَحْوَذَ الشاعرُ قصیدةً : عمدہ قصیدہ کہنا۔

اِسْتَحْوَذَ۔علیہ :غالب ہونا۔

الحَاذ۔ایک قسم کا درخت۔واحد (الحاذة) ج آحاذ۔ پیٹھ۔کہا جاتا ہے "ھو خَفِیْفُ الحَاذِ" وہ تھوڑے مال والا ہے۔

الحِوَاذُ۔دُوری۔جدائی۔

الحَوْذَان۔ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے۔

الاَحْوَذِیُّ۔ماہر۔ہر کام میں چست و پھرتیلا۔

الحُوْذِیُّ۔ کوچوان۔ گاڑی بان۔ عوام العربجی کہتے ہیں۔

حَارَ (ن)حَوْرًا و حُؤُوْرًا و مَحَارًا و مَحَارَةً۔ لوٹنا۔متحیر ہونا (____ حَوِرَ) الثوب دھونا۔سفید کرنا۔حَارَ الشَّیْءُ :مندا پڑنا۔کہا جاتا ہے "حَارَ بَعْدَ مَا کَارَ" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا۔ (نعوذ باللّٰہ من الحَوْرِ بعد الکَوْرِ" ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔

حَوِرَت (س) حَوَرًا۔ العینُ : سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید و سیاہ ہونا۔صفت (حَوْرَاء)

حَوَّرَ۔ القرصَ : بیلن سے بیلنا ____ الثوبَ :سفید کرنا ____ ہ اللّٰہُ : محروم کرنا۔

حَاوَرَہٗ مُحَاوَرَةً وحِوَارًا و حَوَارًا۔ گفتگو کرنا۔ جواب دینا۔ اَحَارَ اِحَارَةً۔ الجوابَ : جواب دینا۔اور اسی سے ہے "لم یُحِر جَوَابًا" اس نے جواب نہیں دیا۔ اور کہا جاتا ہے "طحنتِ الطاحنةُ فَمَا اَحَارَتْ شیئًا" چکی پیسنے والی نے چکی پیسا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا۔

اَحَارَتِ النَّاقَةُ : بچے والی ہونا۔ احارَ البعیرَ : ذبح کرنا۔

تَحَاوَرَ۔ القومُ : ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔ایک دوسرے کو جواب دینا۔

اِحْوَرَّ اِحْوِرَارًا۔سفید ہونا۔اِحْوَرَّتِ العَیْنُ : بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا۔

اِسْتَحَارَہٗ۔گفتگو کرنا۔

الحُوْر۔ ہلاکت۔ کمی۔کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ فِی حُوْرٍ وبُوْرٍ" یعنی وہ نہ تو کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں۔

الحَوْر۔ گہرائی۔کہا جاتا ہے "بَعِیْدُ الحَوْرِ" یعنی عقلمند۔ومَا اَصَبْتُ حَوْرًا میں نے کچھ نہیں پایا۔

الحَوَر۔مد۔سفید پتلے چمڑے۔ سرخ رنگا ہوا چمڑہ۔ گائے۔ ایک مشہور درخت جس کے گوند سے کہرباء تیار ہوتا ہے۔ج اَحْوَار۔

الحُوَار و الحِوَار۔ اُونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔ج اَحْوِرَة و حِیْرَان۔

الحَارَة۔ گول چوک۔ محلہ۔کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا فِی حَارَةِ بَنِی فلانٍ" ہم لوگ بنو فلاں کے محلہ میں اُترے۔

الحَائِر۔ فالاغر۔دُبلا پتلا۔

الحَائِرَة۔ الحَائِر کا مؤنث۔کہا جاتا ہے "ما ھو الاحائرة مِنَ الحَوَائِر" یعنی اس کے اندر

کوئی خیر و برکت نہیں-
الأحْوَرِیُ-سپید-نازک-
الحُوَّارِیْ-میدہ- کھریا مٹی- ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے-
الحَوَارِیُّ- نصیحت کرنے والا- خیر خواہ- وعلی- رشتہ دار- مددگار- اور بقول بعض انبیاء (علیہم السلام) کے مددگار اور اسی سے ہے (الحواریُّون) سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے انصار و اعوان-
الحَوَارِیَّۃ- الحَوَارِیُّ کا مؤنث- شہری عورت ج حَوَارِیَّات-
المِحْوَر- وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے- المحور فی الھندسۃ: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے-
المِحْوَر- روٹی پکانے والے کا بیلن- وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھومے- ج مَحَاوِر- کہا جاتا ہے "قِلِقَت مَحَاوِرُہ" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا-
المَحَارَۃ- واپسی- کی- لوٹنے کی جگہ- اُونٹ کا کھر- تالو- ہر وہ ہڈی جو سیپی کی مانند ہو- محارۃ الاذن: کان کا گڑھا-
المَحْوَرَۃ والمَحُوْرَۃ- جواب- خُفٌّ (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سرخ چمڑے کا ہو-
حَازَ (ن) حَوْزًا و حِیَازَۃً و اِحْتَازَ اِحْتِیَازًا- الشَّیْءَ: اکٹھا کرنا- جمع کرنا- الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حَازَ حَوْزًا) الرجلُ: نرم چلنا-
حَوَّزَ تَحْوِیْزًا- الابلَ: پانی کی طرف لیلۃ الحوز میں اُونٹوں کو ہانکنا (دیکھئے لیلۃ الحوز)
حَاوَزَہٗ مُحَاوَزَۃً- باہم زندگی بسر کرنا- میل ملاپ کرنا- روندنا- ایک دوسرے کو دھتکارنا-
تَحَوَّزَ- علیحدہ ہونا ___ الحیۃ: کنڈلی مارنا- کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَیْہِ فَمَا تَحَوَّزَ لَہٗ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لیے علیحدہ نہیں ہوا-
تَحَاوَزَ- الفریقَانِ: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا-
اِنْحَازَ اِنْحِیَازًا- عنہ: ہٹ جانا ___ الیہ: مائل ہونا ___ القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا-
شکست کھانا-
الحَوْزَۃُ: گوشہ، کنارہ، طبیعت- حَوْزَۃُ المملکۃِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ-
الحَوْز- وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو- حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں- لیلۃُ الحوز: پانی کی طرف اُونٹوں کے جانے کی پہلی رات-
الحَوْزِی- اُونٹ کا ہانکنے والا- قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اترنے والا- کالا-
الحَیِّز والحَیْز- جگہ- کہا جاتا ہے "ھٰذَا فِی حیز التواتر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے-
الحَوْزَاء- لڑائی-
الحُوَیْزَاء- ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ-
الأحْوَزِی- ماہر- ہر کام میں پھرتیلا- بہتر کار گزار-
الحَوَّاز- الحائز کا مبالغہ- اور اسی سے ہے "الاثم حَوَّازُ القُلُوْب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدم غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے-
الحُوَّاز- بڑے بڑے گبریلے-
حَاسَ (ن) حَوْسًا- القومَ: میل ملاپ کرنا- روندنا- ذلیل کرنا ___ الذِّئْبُ الغَنَمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا- حَاسَتِ المرأۃُ ذیلَھا: دامن کھینچتے ہوئے چلنا ___ الجَزَّازُ الاِھَابَ: قصائی کا کھال کو اُتارنا-
حَوِسَ (ن) حَوَسًا- دلیر و بہادر ہونا- صفت (اَحْوَس)
تَحَوَّسَ- دلیری دکھلانا ___ فی الکلام: گفتگو کیلئے تیار ہونا ___ للشیئ: دردمند ہونا-
اِسْتَحْوَسَ اِسْتِحْوَاسًا- رُکنا- دیر کرنا-
الأحْوَس- دلیر و بہادر- وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کر لے- بھیڑیا- ج حُوْس-
الحُوُوس- لوگوں کو بہت قتل کرنے والا- بہادر-
الحُوَاسَۃ- غنیمت- حاجت (___ والحُوَیْسَاء) قرابت- رشتہ داری-
حَاشَ (ن) حَوْشًا- الابلَ: جمع کر کے ہانکنا (وأحَاشَ) اِحَاشَۃً وأحْوَشَ اِحْوَاشًا و اِسْتَحْوَشَ اِسْتِحْوَاشًا) الصیدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا- حَاشَ وأحْوَشَ وأحَاشَ علیہ الصَّیْدَ و أحْوَشَہٗ اِیَّاہُ: شکار کرنے میں مدد کرنا-
حَوَّشَہٗ: بہت جمع کرنا- حَوَّشَ الرجلُ: دلیری دکھانا، تیاری کرنا-
حَاوَشَہٗ- علی الامر: اُکسانا- برانگیختہ کرنا-
تَحَوَّشَ- عنہ: علیحدہ ہونا ___ منہ: شرم کرنا ___ المرأۃُ مِنْ زوجھا: بیوہ ہونا-
اِنْحَاشَ- اکٹھا ہونا ___ عنہ: بھاگنا- بدکنا ___ لہ الصیدُ: شکار کا خود آنا-
تَحَاوَشُوْا- عَلَیْہِ: اپنے درمیان میں کر لینا-
اِحْتَوَشَ- القومُ الصیدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا- اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ وعلیہ: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کر لینا-
الحَوْش- باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد-
الحُوَاشَۃ- باعث شرم- رشتہ داری- ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو-
الحَائِش- ف- حَائِشُ الشجر: درخت کا گنجان حصہ- رجل (حُوْشُ) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد-
الحُوْشِیُّ- مِنَ الکلام: نادر و غریب کلام رجلٌ حُوْشِیٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا- لَیْلٌ حُوشِیٌ: تاریک رات-
حَاصَ (ن) حَوْصًا- و حِیَاصَۃً- الثوبَ: دُور دُور سینا- حَوْلَۃَ منڈلانا ___ بینھما: تنگ کرنا-
حَوِصَ (س) حَوَصًا تنگ گوشہ چشم والا ہونا- صفت (اَحْوَص) مؤنث حَوْصَاء ج حُوْص و اَحَاوِص-
حَاوَصَہٗ- چپکے سے گوشہ چشم سے دیکھنا-
اِحْتَاصَ اِحْتِیَاصًا- فی امرہ: احتیاط کرنا-
الحَوْص- مد- پیٹ کا مروڑ- کہا جاتا ہے "لأطْعَنَنَّ فِی حَوْصِکَ" جو تم نے سیا ہے اس کو میں اُدھیڑ دوں گا اور جس کو تم نے درست کیا ہے

اُس کو بگاڑ دوں گا۔ "و ماطلعت فی حوصہ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ و "دخل فی حوص الناس" وہ لوگوں کے باطن اُمور میں داخل ہوا۔

الحیاصۃ۔ جانور کا تنگ۔

الحواص۔ لکڑی کی سوئی۔

الحوص۔ چھوٹی آنکھیں۔

حوصل۔ الطائر: پوٹا بھرنا ــــ الحنظلۃ: اکٹھا کرنا۔

الحوصل والحوصلۃ والحوصلۃ و الحوصلاء۔ پرندہ کا پوٹا۔

حاض (ن) حوضا۔ حوض بنانا ــــ الماء: جمع کرنا۔

حوّض۔ حوض بنانا ــــ حول الامر: گھومنا، چکر لگانا۔

اِحتاض و تحوّض۔ حوض بنانا۔

اِستحوض۔ الماء: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحوض۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج اَحواض و حیاض و حیضان۔ حوض الاُذن: کان کا گڑھا۔

المُحوّض۔ درخت کے ارد گرد پانی کا گڑھا، تھالا۔

حاطہٗ (ن) حوطا و حیطۃ و حیاطۃ۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا ــــ بہ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حوّطہٗ۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

السّاحۃ: گرداگرد دیوار بنانا ــــ الحائط: دیوار بنانا ــــ حوّل الامر: گھومنا۔ چکر لگانا۔

حاوطہٗ۔ کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

اَحاط و اِحتاط۔ بہ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحاط بہٖ علما" اس نے پورے طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحتاط الرجلُ: ہوش و حواس سے کام کرنا۔ اِحتاط علی الشیٔ: محافظت کرنا۔ اِحتاط لِنفسِہٖ: بھروسہ کے ساتھ لینا۔

تحوّطہٗ۔ حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فلانٌ یتحوّط اَخاہُ حیطۃً حسنۃً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔

اِستحاط۔ فی اَمرِہٖ او تجارتِہٖ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔

الحوطۃ والحیطۃ والحیطۃ۔ احتاط کا اسم۔ الحیطۃ: پاکدامن شریف عورت۔

الحوط۔ مہ۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ و سفید دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔

الحوط۔ وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔

الاَحوط۔ بہت احتیاط کرنے والا۔ قابلِ اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ احتیاط سے ماخوذ ہے۔)

الحائط۔ فا۔ دیوار۔ باغ۔ ج حیطان و حیاط۔

الحوّاط۔ حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔

حوّاط۔ الاَمر: کسی کام کا مدار۔

الحُواطۃ۔ غلّہ کی حفاظت کے لیے بنی ہوئی جگہ۔

المَحاط۔ وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔

المُحیط۔ فا۔ وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ البحر المُحیط: بحر اوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔

حاف (ن) حوفا و حوّف۔ الشیٔ: کنارہ پر کرنا۔ حوّف المکان:

تحوّف۔ الشیٔ: کناروں سے کم کرنا۔ کنارہ کو پکڑنا۔

الحوف۔ مہ۔ ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جس کو بچے پہنتے ہیں۔ جانب۔ کنارہ۔ گوشہ۔

الحافان۔ زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔

الحافۃ۔ جانب۔ کنارہ۔ شدت۔ حاجت۔ ج حافات و حیف۔ حافتا الوادی و نحوہ: وادی کے دونوں کنارے۔

حاق (ن) حوقا۔ البیت: جھاڑو دینا ــــ الشیٔ: رگڑ کر چکنا کرنا ــــ بہ: احاطہ کرنا۔

حوّق۔ علیہ: گڑبڑ گفتگو کرنا۔

الحوق والحوقۃ۔ بڑی جماعت۔

الحُوق۔ گھیرا۔ چوکھٹا۔

الحُواقۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ سامان۔

المِحوقۃ۔ جھاڑو۔ ج محاوق۔

حوقل۔ حوقلۃ و حیقالا۔ چلنے سے تھکنا۔ کمزور بڈھا ہونا ــــ الشیخ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہنا۔

الحوقل۔ عمر رسیدہ بڈھا۔

الحوقلۃ۔ مہ۔ لمبی گردن کی شیشی۔

حاک (ن) حوکا و حیاکا و حیاکۃ الثوب: بننا۔ صفت (حائک) ج حاکۃ و حوکۃ۔ مؤنث حائکۃ و حائک۔ ج حائکات و حوائک۔ کہا جاتا ہے "حاک الشاعرُ القصیدۃ" شاعر نے قصیدہ بنایا۔ "وحاک الشیٔ فی صدری" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔

مَا اَحاک سیفُہٗ: نہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضربہ فما اَحاک فیہ سیفُہٗ" اِس نے اُسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔ (یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

الحوک۔ جنگلی تلسی۔ کہا جاتا ہے "ھذا علی حوک ھذا" یہ ہیئت و شکل و عمر میں اس کی مانند ہے۔

المحاکۃ۔ کارگہ۔ کھڈی۔

المحوکۃ۔ لڑائی۔ جنگ۔

حال (ن) حولا و حوولا۔ الشیٔ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا ــــ الحولُ: گزرنا اور پورا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حالت الدارُ وحیل بھا" گھر پر بہت سے سال گزرے ــــ علیہ الحولُ: پورا سال گزرنا۔ القوسُ: کج ہونا ــــ العھدُ: پلٹ جانا ــــ الی مکان آخر: منتقل ہونا ــــ فی ظھر الدابۃ۔ جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا ــــ الشخصُ: متحرک ہونا۔ (ــــ حیلۃ و محالا) حیلہ کرنا۔

(ــــ حوولا و حیالا) الانثی: حاملہ نہ ہونا ــــ النخلۃُ: ناغہ سے پھلدار ہونا۔ (ــــ حولا و حوولا و حیلولۃ) درمیان میں

حائل ہونا۔
حَوِلَتْ(س)حَوَلاً عینهٗ۔ بھینگی ہونا۔
حَوَّلَهٗ تَحْوِيلاً۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ زائل کرنا۔ حَوَّلَهٗ اِلَيْهِ: پلٹ دینا۔ حَوَّلَ الرَّجُلُ: منتقل ہونا۔ حَوَّلَ الارضَ: ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا ___ الشَّئَ: محال بتانا (___ و اَحَالَ العینَ: بھینگا کرنا۔
حَاوَلَهٗ مُحَاوَلَةً وحِوَالاً۔ حیلہ سے طلب کرنا ___ له البصرَ: تیز کرنا ___ الشَّئَ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔
اَحَالَ۔ اللّٰه الحول: پورا کرنا ___ بالمکان: ایک سال قیام کرنا ___ الرَّجُلُ: محال بات کہنا ___ الشیُٔ: چند سال گزرنا۔
اَحَالَ الغَرِیْمَ بِدَیْنِهٖ عَلٰی آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔ صفت فاعلی (مُحِیْل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال علیه) مال کو (مُحَالٌ به) اور اس فعل کو (الحوالة) کہتے ہیں۔ اَحَالَ عَیْنَه: بھینگی کر دینا۔
اَحَالَ عَلَیْهِ المَاءَ مِنَ الدَّلْوِ: انڈیلنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَالَ عَلَیْهِ بِالسَّوْطِ یَضْرِبُه" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا۔ اَحَالَ فی ظَهْرِ الدَّابَّةِ: کود کر سوار ہونا۔ اَحَالَ الامرَ علٰی فلانٍ۔ کسی پر کسی کام کو منحصر کر دینا۔
اَحْوَلَ۔ الصبیُّ: یک سالہ ہونا اور کہا جاتا ہے "مااَحْوَلَهٗ و مااَحْیَلَه" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔ "وھُوَ اَحْوَلُ مِنكَ و اَحْیَلُ مِنكَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔
تَحَوَّلَ۔ عنه: پھر جانا ___ الرَّجُلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ___ فی الامر: حیلہ و مکر سے کام کرنا۔
اِحْتَالَ اِحْتِیَالاً۔ حیلہ کرنا ___ الشیُٔ: ایک سال کا ہونا ___ عَلَیْهِ بالدَّیْنِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔
اِحْتَوَلَه۔ القومُ: گھیر لینا۔
اِحْوَلَّتْ۔ عینُهٗ: بھینگی ہونا۔
اِحْوَالَّتِ۔ الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار اُگنا۔
اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً۔ ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا ___ القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا ___ فلانٌ الشَّئَ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔
الحَال۔ کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر و مؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حالُ مَتْنِ الفرسِ: گھوڑے کی پشت کا درمیان۔ ج اَحْوَال واَحْوِلَة۔
حَالَةُ۔ الشئ: کیفیت۔ حالت۔ ج حالات۔
حَالاَتُ الدَّهْرِ: زمانہ کی گردشیں۔
الحَوْل۔ مد۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لاَحَوْلَ ولاَ قوةَ اِلاَّ باللّٰه" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیئت سے۔ ہوشیاری۔ دُور بینی۔ سال۔ ج حُؤُول و اَحْوَال۔
الحَوْلِیُّ۔ یک سالہ بچہ۔ ج حَوْلِیَّات۔ اور اسی سے ہے "حَوْلِیاتُ زُھَیْر" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم و ترتیب و تہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔
الحِوَل۔ ہوشیاری۔ دُور بینی۔ قدرت، تصرف زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لاحِوَلَ عَنه"
الحَوَل۔ بھینگا پن۔
حَوْلٌ و حَوْلَی و حَوَال و حَوَالَي۔ الشئ او الشخص: گرداگرد۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ حَوْلَه و حَوْلَیه و حَوَالَه و حَوَالَیه"
الحَوَال والحَوَلان والحُؤُولاَن۔ تغیر و انقلاب۔
الحَوَالِیُّ والحُوَّل والحُوَّلِیُّ۔ حیلہ ساز۔ بہت سخت حیلہ گر۔
الحِوَال۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔
حِیَال۔ الشئ: مقابل۔ سامنے اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ کل علٰی حِیَالِه" ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا۔
الحِیْلَةَ والحَوْلَة۔ ہوشیاری۔ دُور بینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل و حِوَل۔
الحُوْلَة۔ تعجب۔ امر منکر۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوْلَة" یعنی بہت حیلہ گر مرد۔ "وھٰذا منْ حُوْلَةِ الدَّھْر" یہ عجائبات زمانہ سے ہے۔
الحِوَل۔ بھینگا۔ بہت حیلہ گر۔
الحَوِیْل۔ گواہ۔ ضامن۔
الاَحْوَل۔ بھینگا۔ مؤنث حَوْلاَء۔ ج حُوْلٌ۔
الحَائِل۔ فا۔ رنگ بدلا ہوا۔ یکسالہ۔ ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأةٌ حَائِلٌ و نَخْلَةٌ حَائِلٌ" ج حُوْل و حُوَّل و حِیَال و حَوَائِل
الحَائِلَة۔ الحائل کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "ما فیه حَائِلَة" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔
المُحَال۔ مشکل۔ باطل۔ ٹیڑھا۔ غیر ممکن۔
المُحْوِل۔ یک سالہ بچہ۔
المُحِیْل۔ مِنَ النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔
المَحَالَة۔ ہوشیاری۔ تصرف کی قدرت۔ رہٹ۔ پیٹھ کا درمیان۔ ج مَحَال و مَحَاوِل۔ کہا جاتا ہے "لا مَحَالَةَ مِنَ الاَمْرِ" ضروری۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ المحَالَة: رہٹ۔ بڑی چرخی۔
المِحْوَال۔ بہت محال باتیں کہنے والا۔
المُسْتَحِیْل۔ بیہودہ و لغو بات۔ بھرا ہوا۔
المُسْتَحِیْلَة والمُسْتَحالة مِنَ القِسِیِّ: ٹیڑھی کمان ___ مِنَ الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین۔
حَامَ (ن) حَوْمًا و حَوَمَانًا۔ علی الشئ و حوله: منڈلانا ___ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت (حَائِم) ج حُوَّم۔ مؤنث حَائِمَة۔ ج حَوَائِم و حُوَّم (___ حَوْمًا و حِیَامًا و حُؤُوْمًا) حَولَ غرضِه وعلیه: طلب کرنا۔
حَوَّمَ۔ فی الامر: کام میں لگا رہنا۔
الحَوْم۔ اُونٹوں کا بڑا گلہ۔
الحَوْم۔ شراب جو سر کو چکرا دے۔
حَوْمَة۔ القتالِ او البحرِ او الرملِ وغیر ذٰلک۔ بڑا حصہ۔ حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔
الحَوْمَة۔ بلور۔
حَوْمَلَ حَوْمَلَةً۔ پانی اُٹھانا۔
الحَوْمَل۔ صاف سیلاب۔ کالا بادل۔
تَحَوَّنَ۔ الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔
حَوِیَ (س) حَوًی و اَحْوَوَی اِحْوِوَاءً و

اِحْوَاوَیٰ اِحْوِیْوَاءً۔ سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا۔ صفت (اَحْویٰ) مؤنث حَوَّاء ج حُوٌّ۔
حَوَیٰ (ض) حَوَایَةً و حَیًّا۔ الشَّیَٔ: جمع کرنا۔ حَوَّاہُ تَحْوِیَةً۔ قبضہ کرنا۔
تَحَوَّیٰ۔ سمٹنا۔ گول ہونا۔ الحیَّةُ۔ کنڈلی مارنا۔ الشَّیَٔ۔ قبضہ کرنا۔
اِحْتَوَیٰ اِحْتِوَاءً۔ الشَّیَٔ و علیہ: جمع کرنا۔
الحَاوِی۔ فا۔ سانپ کا منتر کرنے والا۔ مؤنث حَاوِیَةٌ ج حَاوِیَات و حَوَاوٍ۔
الحَاوِیَاء۔ سمٹی ہوئی آنتیں ج حَاوِیَاءَ ات و حَوَاوٍ۔
الحَوَاءُ و الحَوَاةُ۔ آواز۔
الحَوِیُّ۔ استحقاق کے بعد مالک ہونے والا چھوٹا حوض۔
الحِوَاء۔ قریب قریب گھروں کا مجموعہ۔ ج اَحْوِیَةٌ۔
الحَوِیَّةُ۔ الحوی کا مؤنث۔ سمٹی ہوئی آنتیں۔ چھوٹا حوض۔ کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اُونٹوں کے کوہان کے ارد گرد رکھتے ہیں۔ ج۔ حَوَایَا۔ اور اسی سے مثل ہے "المَنَایَا عَلَی الحَوَایَا" اس شخص کیلئے جو موت کو خود ہی تلاش کرے۔
الحَوَّاء۔ سانپوں کا جمع کرنے والا۔
حَیْثُ۔ ظرفِ مکان۔ مبنی برضمہ۔ اور کہا جاتا ہے من ھذہ (الحَیْثِیَّةِ) یعنی اس اعتبار سے۔ اور کبھی حیثُ زمان کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
حَاجَ (ض) حَیْجًا۔ محتاج ہونا۔
اَحَاجَ و اَحْیَجَ۔ المکانُ: کانٹے اُگانا۔
الحَاجُ۔ کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔
حَادَ (ض) حَیْدًا و حَیَدَانًا و مَحِیْدًا و حَیْدَةً و حُیُوْدًا و حَیْدُوْدَةً۔ عَنِ الطَّرِیقِ: الگ ہونا۔ ہٹ جانا۔
حَیَّدَہُ۔ گرہ پر کرنا۔ حَیَّدَ السَّیْرَ: تسمہ میں گرہ لگانا۔
حَایَدَ مُحَایَدَةً و حِیَادًا۔ علیحدہ ہونا۔
الحَیْدُ۔ چیز کا اُبھرا ہوا حصہ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔ ج حُیُوْدٌ و حِیَدٌ و اَحْیَادٌ (۔۔۔ و الحِیَدُ) مثل و نظیر۔
الحَیْدَةُ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔
الحَیَدَیٰ۔ متکبر کی چال۔
الحَیْدَانُ۔ کنکری جو جانور کے چلنے سے اُڑے۔
المَحِیْدُ۔ حاد کا اسم ظرف۔
حَارَ (س) حَیْرًا و حَیْرَةً و حَیَرَانًا و حَیَرًا الماءُ: پانی کا اس طرح آتا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے۔ الرَّجُلُ: چکاچوند ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فی امرہ: حیران ہونا۔ صفت (حَیْران) مؤنث حَیْریٰ ج حَیَارَیٰ و حُیَارَیٰ۔
حَیَّرَہُ۔ حیرانی میں ڈالنا۔
تَحَیَّرَ۔ الماءُ: بمعنی حَارَ الماءُ۔
۔۔۔ المکانُ بالماء: بھر جانا (۔۔۔ و اِسْتَحَارَ) حیرانی میں پڑنا۔ اِسْتَحَارَ المکانُ و بالمکانِ: چند دن کے لیے اُترنا ۔۔۔ السحابُ: کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا۔
الحَیْرُ۔ حِمیٰ۔ باغ۔
الحَیْرُ و الحِیَرُ۔ بہت اہل و مال۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیهِ حَیْرَ دَهْرٍ" میں اُس کے پاس کبھی نہیں آوٴں گا۔
الحَارَةُ۔ محلہ۔
الحَائِرُ۔ فا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بلند کناروں والی نشیبی جگہ۔ ج حُوْرَان و حِیْرَان۔
المَحَارَةُ۔ سیپی۔ ج مَحَارٌ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ المَحَارَتَانِ: سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں۔
المِحْیَارُ۔ بہت حیران۔
المُتَحَیِّرَاتُ۔ کواکب۔ سیارہ۔ واحد (متحیرہ)
المُسْتَحِیْرُ۔ فا۔ وہ راستہ جو جنگل کے عرض میں ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے۔ بھاری بادل جس کے لیے ہوا نہ ہو جو کہیں لے جائے۔
حَازَ (ض) حَیْزًا۔ الابِلَ: ہانکنا۔
تَحَیَّزَ۔ الشَّیُٔ: کسی ایک ہی جگہ میں محصر ہونا ۔۔۔ الحیَّةُ: کنڈلی مارنا۔
الحَیِّزُ۔ دیکھئے مادہ ح وز۔
حَاسَ (ض) حَیْسًا۔ الشَّیَٔ: ملانا
الحَبْلَ: بٹنا (۔۔۔ و حَیَّسَ) الحَیْسُ: حیس بنانا۔ کہا جاتا ہے "حِیْصَ حَیْصُهُم" ان کی ہلاکت قریب ہوئی۔
الحَیْسُ۔ مص۔ ایک قسم کا کھانا جو کھجور، گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے۔ کچا کام۔ ردی کام۔
المَحْیُوْسُ۔ وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں۔
حَاشَهُ (ض) حَیْشًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
حَاشَ مِنْهُ: گھبرانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
الوادی: دراز ہونا۔
تَحَیَّشَ۔ گھبرانا۔
الحَیْشَانُ۔ بہت گھبرانے والا۔
حَاصَ (ض) حَیْصًا و حِیْصَةً و حُیُوْصًا و مَحِیْصًا و حَیَصَانًا و انْحَاصَ و تَحَایَصَ عن کَذَا: الگ ہونا۔ ہٹ جانا کہتے ہیں۔ "مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سَلِمَ" جو برائی سے الگ رہا محفوظ رہا۔ ووَقَعَ فِی حَیْصَ بَیْصَ اَوْفِی حِیْصَ بِیْصَ" وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔
حَالَصَهُ۔ قریب رہنا اور غلبہ کرنا۔
الاَحْیَصُ۔ وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو۔
دابَّةٌ (حَیُوص) بدکنے والا جانور۔
المَحِیْصُ۔ علیحدہ ہونے کی جگہ۔ بھاگنے کی جگہ۔
الحَیْصَاءُ و المِحْیَاصُ۔ وہ عورت جس کی اندامِ نہانی تنگ ہو۔
حَاضَتْ (ض) حَیْضًا و مَحِیْضًا و مَحَاضًا و تَحَیَّضَتْ۔ المرأةُ: ماہواری خون جاری ہونا۔ صفت (حائِض و حائِضَة) ج حُیَّض و حَوَائِض۔
حَیَّضَ۔ الماءَ: پانی بہانا۔
الحِیَاضُ۔ حیض کا خون۔
الحِیْضَةُ و المَحِیْضَةُ۔ حیض کا چیتھڑا۔
حَیْعَلَ۔ المؤذنُ: حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہنا۔
حَافَ (ض) حَیْفًا۔ علیہ: ظلم کرنا۔ صفت (حَائِف) ج حُیَّف و حُیُف و حَافَة۔
تَحَیَّفَ۔ الشَّیَٔ: کم کرنا۔ اطراف سے گھٹانا۔

الحَالِف-فا-حَائِفُ الجَبَل :پہاڑ کا کنارہ-
الحِيْفَةُ گوشہ- کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے- شکار کے واسطے ہنکایا ہوا جانور-ج حِيَف-
الأَحْيَف-مِنَ الأَمْكِنَة :وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو-مؤنث حَيْفَاء-
حَاقَ(ض)حَيْقًا و حُيُوْقًا و حَيَقَانًا و أَحَاق إِحَاقَةً-بِهِ :احاطہ کرنا- گھیرنا-حَاقَ بِهِم الامْرُ : لازم ہونا- واجب ہونا ـــــ بِهِمُ العذابُ : نازل ہونا ـــــ فِيْهِ السَيفُ : اثر کرنا- نشان ڈالنا-أَحَاقَ الشَّيئَ بکذا :گھیرا کرنا-
حَايَقَهُ مُحَايَقَةً- حسد کرنا- دشمنی کرنا- بغض رکھنا-
إِحْتَاقَ-علی الشيئ :احتیاط کرنا-
الحَيْق-بُرے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو-
الحَيْقَل-بے فیض آدمی-
حَاكَ(ض) حَيْكًا و حَيَكَانًا- متکبرانہ چال چلنا- صفت (حَائِک و حَيَّاک) مؤنث حَيَّاكَةٌ وحَيْكَانَةٌ و حَيْكي (ـــــ وأَحَاكَ) السيفُ :کاٹنا السیفُ او الکلام فِيْه :اثر کرنا-
إِحْتَاكَ إِحْتِيَاكًا- بثَوْبِهِ : لپٹنا- مِشْيَةٌ (حِيْكي) متکبرانہ چال-
حَالَ (ض) حُيُولاً- الشيئُ : بدلنا الماءُ : وادی میں جمع ہونا-
الحَيْل- قوة- وادی میں جمع شدہ پانی- ج أَحْيَال وحُيُول-
الأَحْيَل و الأَحْوَل-بہت حیلہ کرنے والا-
الحِيْلَة- ہوشیاری- دوربینی- تصرف کی قوت-ج حِيَل-
الحَيْلَة- بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ- حیلہ گری-
الحِيْلاَن-غلّہ کاٹنے کا اوزار-

حَانَ (ض) حَيْنًا و حَيْنُوْنَةً- الشيئُ :وقت قریب ہونا ـــــ فلان : ہلاک ہونا- رنج و تکلیف میں پڑنا-توفیق سے محروم ہونا-حَانَ لَهُ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا :وقت قریب آنا-السُنْبُلُ :خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا-
حَيَّنَهُ- وقت و میعاد مقرر کرنا ـــــ اللّٰهُ فلانا :ہدایت کے لیے توفیق نہ دینا-
حَايَنَه-وقت معین کیلئے معاملہ کرنا-
أَحْيَنَ إِحْيَانًا- الرَجُلُ او الشيئُ : وقت آنا ـــــ بالمکان :کچھ وقت کے لیے قیام کرنا-
أَحَانَه-اللّٰه :ہلاک کرنا-
تَحَيَّنَ-مِنْهُ غَفْلَةً :انتظار کرنا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَحَيَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے- توفیق و ہدایت سے محروم رہنا-
إِسْتَحْيَنَ-وقت مناسب کی آرزو رکھنا-
الحَانِ و الحَانَة- شراب فروشی کی دکان-
الحَيْن-ہلاکت-رنج و محنت-
الحِيْن-وقت-ج أَحْيَان-جج أَحَايِين-
الحِيْنَة و المِحْيَان-وقت-
الحَائِن-فا-بے وقوف-
الحَائِنَة-مصیبت-ج حَوَائِن-
حَيِيَ(س) حَيَاةً- زندہ رہنا- اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے- کہا جاتا ہے حَيَّ يَحَيُّ(ـــــ حَيَاءً)منه : منقبض ہونا-
الطريقُ :ظاہر ہونا-
حَيَّاه و تَحِيَّةً- حيّاک اللّٰهُ کہنا (یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا-حَيَّاهُ اللّٰهُ :باقی رکھنا- کہا جاتا ہے "حَيَّا الْخَمْسِيْنَ مِنْ عُمُرِهِ" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا-
حَايَا مُحَايَاةً-الصبيَّ :غذا دینا ـــــ زيدًا : شرم دلانا ـــــ النارَ :بھڑکانا-
أَحْيَاهُ- زندہ کرنا ـــــ النارَ :پھونک کر سلگانا

ـــــ الارضَ :سرسبز پانا-
الرائدُ الارضَ :گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا ـــــ الليلَ : بیدار رہنا-
(أَحْيَاه و إِسْتِحْيَاه) زندہ چھوڑنا-
إِسْتَحْيَا و إِسْتَحْي- مِنْه : شرم کرنا-
إِسْتَحْيَاهُ و إِسْتَحْيَا مِنْه : منقبض ہونا- باز رہنا-
حَيَّ وحَيَّ هَلاً و حَيَّهَل- اسم فعل بمعنی أَقْبِل و عَجِّل- کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَی الصَّلٰوة" یعنی نماز کے لیے آؤ- (حيَّ هلْ) بفلان :فلاں کو بلاؤ-
الحَيَا و الحَيَاء-بارش- تروتازگی-نباتات-
الحَيَا- شرم و حیا- کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا- بارش و تروتازگی-توبہ-
الحَيَاة-زندگی-
الحَيُّ- زندہ- نسبت کے لیے (حَيَوِيٌّ) مؤنث حَيَّة- أَرْضٌ حَيَّةٌ : سرسبز زمین- کہا جاتا ہے "لايَعْرِفُ الحَيَّ مِنَ اللَّيِّ" یعنی وہ بیوقوف ہے- الحَيُّ : محلہ- عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ-ج أَحْيَاء-
الحَيَّةُ- سانپ (مذکر و مؤنث) ج حَيَّات و حَيَوات-
الحَيُّوت-نر سانپ-
الحَيِيّ و الحَيِّي- شرم دلانا-
الحَيَوان-جاندار-ج حَيَوَانات-
المُسْتَحِيَّة-چھوٹی موئی-
المَحْيَا- وہ موقع جہاں شرم کی جائے- ج مَحَاي-زندگی-
المُحَيَّا-چہرہ-
ارض (مَحْيَاة) بہت سانپوں والی زمین-

خَبَّ (ن) خَبًّا۔ النباتُ : بلند ہونا۔ بڑھنا
____ الرَّجُلُ :اپنی چیز کو روکنا۔ بخل کی وجہ سے
بے نشان ہونے کیلئے پست زمین میں اُتر آنا (
____ خَبًّا و خَبِيبًا و خَبِيبًا و اِخْتَبَّ) الفرسُ
فی عَدْوِهِ : گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی
ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر۔(____ خِبًّا و
خَبَابًا) البَحْرُ :جوش مارنا۔

خَبَّ (س) خَبًّا و خِبًّا۔ مکار ہونا۔

خَبَّبَهُ۔ دھوکا دینا۔ خراب کرنا۔ کہا جاتا ہے
"خَبَّبَ عَلٰى فلانٍ صَدِيْقَه" اُس نے
فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا۔ خَبَّبَ لَحْمُه :
گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔

اَخَبَّ۔ الفرسَ :گھوڑے کو خَبَب چال چلانا
(دیکھئے مصدر خَبَب)

الخَبُّ۔ مـ - دغا باز۔ فریبی۔ فساد۔ ریت کی
دھاری۔ نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے
درمیان ہو۔ ج خُبُوب۔ کہتے ہیں "اَصَابَهُم
الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہوگئیں اور
موجوں میں اضطراب ہوگیا۔

الخُبُّ۔ پست زمین۔ درخت کی چھال۔ ج
خُبُوْب و اَخْبَاب۔

الخَبَّة۔ مُثَلثة الخَاء : ریت یا بدلی کی
دھاری۔ پٹی کی طرح دھجی۔ الخُبَّة :پانی کے جمع
ہونے کی جگہ۔ وادی کا درمیانی حصّہ۔ گوشت کا
پارچہ۔

ثوبٌ (خِبَبٌ و خَبَائِب و اَخْبَاب) پھٹے
پُرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت
میں جمع لانا جائز ہے)

الخَبِيب۔ زمین میں لمبا شگاف۔

الخَبِيبَة۔ ریت یا بدلی کی دھاری۔ گوشت کا
پارچہ۔ وادی کا درمیانی حصّہ۔ ج خَبَائِب۔

المَخَبَّة۔ وادی کا درمیانی حصّہ۔

خَبَأَ (ف) خَبأً و خَبَّأَ۔ الشَّیَٔ :چھپانا۔ پوشیدہ
کرنا۔

خَابَأَه۔ کسی سے چیستاں و پہیلی کہنا۔

اِخْتَبَأَ۔ منه : چھپنا ____ الشَیٔ : چھپانا۔ کہا
جاتا ہے "اِخْتَبأَلَهُ خَبِيأً" اس نے اس سے ایک
چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت کیا۔

اَلْخَبْ ءُ والخَبِیٔ۔ پوشیدہ۔ خَبْ ءُ
الارض : نباتات۔ خَبْ ءُ السماء : بارش۔
کہتے ہیں "اَخْرَجَ خَبْ ءُ السَّماءِ خَبِ ءَ
الارضِ" بارش نے نباتات کو اُگایا۔

الخِبَاء۔ اُون یا بالوں کا خیمہ۔ ج اَخْبِيَة۔

الخَبِيئَة۔ پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ ج خَبَايا۔

الخَابِئَة والخَابِيَة۔ مٹکا۔ ج الخَوابِی
والخَوابی۔ بِنْتُ الخَابِية : شراب۔

الخُبَأَة۔ بہت پوشیدہ رہنے والی عورت۔

المَخْبَأُ۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مخابی۔

خَبَتَ (ض) خَبْتًا۔ ذِكْرُهُ : پوشیدہ ہونا۔ مخفی
ہونا۔

اَخْبَتَ۔ القومُ : کشادہ و پست زمین میں آنا
____ الی الله :عاجزی و فروتنی کرنا۔

الخَبْت۔ کشادہ و پست زمین۔ ج اَخْبَات
وخُبُوت۔

الخَبْتَة والخِبْتَة۔ تواضع۔ عاجزی۔ فروتنی۔

الخَبِيت۔ حقیر و فرومایہ و خبیث۔ کہا جاتا ہے
"هو خَبِيتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔

خَبِثَ (ن) خُبْثًا و خَبَاثَةً و خَبَاثِيَةً پلید و
ناپاک ہونا۔ صفت (خَبِيث) ج خُبُثٌ و خُبَثَا
واَخْبَاث و خَبَثَة۔ خَبُثَتْ نَفْسُه : جی متلانا
____ بالمرأة :زنا کرنا۔

خَبُثَ (ک) خُبْثًا۔ ردی ہونا۔ مکار ہونا۔ (
____ واَخْبَثَ) بُرے لوگوں کے ساتھ رہنا۔
واَخْبَثَه : بُرائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ بُرائی کی
طرف منسوب کرنا۔

خَبَّثَهُ۔ خبیث بنانا ____ الطعامَ : کھانے کو
ناگوار کر دینا۔

تَخَابَثَ۔ بُرائی ظاہر کرنا اور اس پر عمل کرنا۔

تَخَبَّثَ۔ بتکلف شرارت کرنا۔

اِسْتَخْبَثَ۔ بُرائی کرنا۔ شرارت کرنا ____
ہ :بُرا پانا۔

الخَبَث۔ مِنَ الحديد و نحوه۔ لوہے کا میل
سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز۔

خَبَاثِ۔ بروزن قطَامِ۔ خبيثة سے معدول
ہے اور صرف ندا کی صورت میں عورت کو گالی
دینے کے لیے آتا ہے جیسے "یا خَبَاثِ" اے
بدکار عورت۔

خُبَثُ۔ خبیث' سے معدول ہے اور یہ بھی
صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے کے لیے
آتا ہے۔ جیسے "یا خُبَثُ" یعنی اے بدکار مرد۔

الخَبِيث۔ ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ چیز۔ ہر حرام
چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خُبُث و خُبَثاء و اَخْبَاث
و خَبَثَة۔ مؤنث خَبِيثَة۔ ج خَبِيثَات و
خَبَائِث۔

الخَبَائِث۔ بُرے افعال۔ وہ چیزیں جن کو عرب
گندی سمجھتے تھے اور کھاتے نہیں تھے۔ جیسے
سانپ و گبریلا وغیرہ۔

الأَخْبَثَانِ۔ پیشاب 'پائخانہ۔

الخِبِّيث۔ بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔

الخِبِّيثَى۔ بُرائی۔ پلیدی۔

المَخْبَثَة- سبب فساد- کہا جاتا ہے : الکفر مَخْبَثَةٌ لِنَفْسِ المُنْعِم "ناشکری منعم کی طبیعت کے لیے باعث فساد ہے-

خَبَجَهُ (ن) خَبْجًا- بالعصاء : لاٹھی سے مارنا ـــــ الرَجُلُ : گوز کرنا-

الخَبج و الخَبَاجَاء : بیوقوف-

الخَبج و الخُبَاج : گوز-

خَبْخَبَ- الرَجُلُ : ڈھیلے پیٹ والا ہونا ـــــ ہ : بیوفائی کرنا-

تَخَبْخَبَ- الشئُ المضطرِبُ : ڈھیلا ہونا ـــــ بَدَنُه : موٹائی کے بعد دبلا ہونا-

الحرُّ : گرمی کی تیزی کا کم ہونا-

الخُبْدُع- مینڈک-

خَبَرَ (ن) خُبْرًا و خِبْرَةً- الشَّئَ : آزمانا- تجربہ سے جاننا-

خَبَرَ (ن) خُبْرًا- الارضَ : کھیتی کیلئے جوتنا ـــــ الطَعامَ : مرغن کرنا-

خَبُرَ (ک) و خَبَرَ (ف) خُبْرًا و خِبْرًا و خُبْرَةً و خِبْرَةً و مَخْبَرَةً و مَخْبُرَةً- الشَّئَ و بِهٖ : حقیقت حال سے واقف ہونا-

خَبَّرَهُ و اَخْبَرَهُ- الشَّئَ و بِالشَّئ : آگاہ کرنا- خبردار کرنا- کہا جاتا ہے "اَخْبَرَهُ خُبُوْرَهُ" یعنی اُس نے اطلاع دی ہر اُس چیز کی جو اس کے پاس تھی-

خَابَرَهُ- بٹائی پر کھیت جوتنا- پروا کرنا- بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی میں استعمال کیا ہے-

تَخَابَرَ- ایک دوسرے کو خبر دینا-

تَخَبَّرَ- الامرَ : حقیقت حال سے واقف ہونا-

تَخَبَّرَهُ و اِسْتَخْبَرَهُ- خبر دریافت کرنا- تَخَبَّرَ القومُ : بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا-

اِخْتَبَرَ- الشَّئَ : آزمانا- حقیقت حال سے واقف ہونا ـــــ لِاَهْلِهٖ : اپنے گھر والوں کے لیے کھانا لینا-

الخَبْر- بڑا توشہ دان- زیادہ دودھ والی اُونٹنی- کھیتی- پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ- بیری یا اراک کا درخت اور اس کے اردگرد کی گھاس-

واحد (خَبْرة) ج خُبُور-

الخِبْر- مہ- بڑا توشہ دان- زیادہ دودھ والی اُونٹنی-

الخُبْر- مہ- علم- تجربہ- آزمائش- کہا جاتا ہے "صَدَّق الخبرَ الخُبْر" آزمائش نے خبر کی تصدیق کر دی- رَجُل خُبْرٌ و خَبِرٌ : خبر کا جاننے والا-

الخَبَر- خبر ج اَخْبَار و اَخَابِیْر-

الاَخْبَارِی- تاریخ کی تدوین کرنے والا مؤرخ-

الخَبْرَاء- بڑا توشہ دان- بیری کے درختوں کو اُگانے والی زمین- ج خَبَارَیٰ و خَبَارٍ و خَبْرَاوَات-

الخُبْرَة- مہ- بکری جس کو لوگ مختلف قیمت دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کرلیں اور ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے- زیادہ ثرید- خوراک وغیرہ جو اہل و عیال کیلئے خریدی جائے- کہا جاتا ہے "اِجْتَمَعُوْا علٰی خُبْرَتِهٖ" وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہو گئے- سالن

الخَبَار- نرم زمین- جڑیں- واحد (خَبَارَة)

الخَبِیْر- واقف- آگاہ- دانا- کسان- ج خُبَرَاء کھیتی- اُونٹ کے بال- گرے ہوئے بال- واحد (خَبِیْرة) ج خبائر- الخَبِیْر : اُونٹ کے منہ کی جھاگ-

الخَبُور- شیر-

الخَابُوْر- ایک درخت کا نام- راس العین اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام-

المَخْبَر و المَخْبُرَة و المَخْبَرَة- آگاہی جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو-

الخَیْبَرِیُ- کالا سانپ-

الخَبرجَلُ- کلنگ-

خَبَزَ (ض) خَبْزًا- الخُبْزَ : روٹی پکانا- القومَ : روٹی کھلانا- کہا جاتا ہے "خَبَزْتُهُمْ و تَمَرْتُهم" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی-

خَبَزَهُ و تَخَبَّزَهُ- مارنا- کہا جاتا ہے- "خَبَطَنِیْ بِرِجْلِهٖ و خَبَزَنِیْ" اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا-

اِنْخَبَزَ- المکانُ : پست ہونا-

اِخْتَبَزَ- الخُبْزَ : روٹی پکانا-

الخُبْز- روٹی- خُبْز الغُراب : ایک قسم کی نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیاں نکلتی ہیں-

الخَبْز- پست جگہ-

الخَابِز- فا- روٹی والا-

الخَبِیْز- پکی ہوئی روٹی- ثرید-

الخِبَازَة- نانبائی کا پیشہ-

الخَبَّاز- نانبائی-

الخُبَّازی و الخُبَّاز و الخُبَیْزَة و الخَبَّازَة- خُبازی (ایک دوا کا نام)

خَبَسَ (ن) خَبْسًا و اِخْتَبَسَ و تَخَبَّسَ- الشَّئَ- لے لینا- غنیمت حاصل کرنا- کہا جاتا ہے "خَبَسَ فلانًا حَقَّهُ" فلاں نے اس کے حق کو مار لیا- اِخْتَبَسَ مالَهُ : جاتا رہنا-

الخَابِس و الخَبَّاس و المُخْتَبِس- شیر-

الخَبُوْس- شیر- ظلم کرنے والا-

الخُبَاسَة- وہ چیز جو ظلماً لی جائے-

(ـــــ و الخُبَاسَاء) غنیمت-

خَبَشَ (ن) خَبْشًا و تَخَبَّشَ- الاشیاءَ من هٰهُنَا و هٰهُنَا : اِدھر اُدھر سے جمع کرنا-

الخَبَّاش- کمائی کرنے والا-

خُبَاشَات- العَیْشِ : زندگی بسر کرنے کی چیزیں جیسے کھانا کپڑا وغیرہ- خُبَاشَاتُ النَّاسِ : مختلف قوموں کی جماعت-

خَبَصَ (ض) خَبْصًا- الشئَ بِالشَّئ : ملانا (ـــــ خَبَّصَ و تَخَبَّصَ و اِخْتَبَصَ) کھجور اور گھی کا حلوا بنانا- اِخْتَبَصَ الرَجُلُ : اپنے لیے کھجور اور گھی کا حلوا بنانا- کھجور گھی کا حلوا کھانا-

الخَبِیْص و الخَبِیْصَة- کھجور اور گھی کا حلوا-

المِخْبَصَة- کڑھائی میں حلوے کو اُلٹنے پلٹنے کا چمچہ-

خَبَطَهُ (ض) خَبْطًا- زور سے مارنا- الشَّئَ : سخت روندنا ـــــ اللیلَ : ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا- کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" وہ رتوندی والی اُونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے- یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے "و ما اَدْرِی اَیُّ خَابِطِ لیلٍ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا

کون ہے۔
____ الشَّیطَانُ زَیْدًا: دیوانہ کر دینا ____ ہ
بخبیر: بغیر جان پہچان کے دینا۔ البَعِیْرَ: مُنہ کی
چوڑائی میں لمبا داغ لگانا ____ الشجرۃ: پتے
جھاڑنا۔
خُبِطَ زکام ہونا۔ صفت (مخبوط)
تَخَبَّطَهُ۔ زور سے مارنا ____ الشیطانُ
زیداً: دیوانہ کر دینا ____ البلادُ: فتنہ و فساد و
لوٹ مار واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیئ: روندنا۔
اِختَبَطَهُ۔ زور سے مارنا ____ زَیْدًا: بغیر
کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِختَبَطَتِ البلادُ: فتنہ و
فساد واقع ہونا۔
الخَبَط۔ درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر
گرائے جائیں۔
الخُبطة۔ زکام۔ تالاب یا برتن کا بقیہ پانی۔
مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز، دیوانگی۔ ج خِبط و
خُبط۔ کہا جاتا ہے "عَلَیْهِ خُبطَةٌ مِنَ الجَمَال"
اس کے اوپر جمال و خوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔
الخِبطة۔ ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔
"کَانَ ذٰلِکَ بعدَ خِبطَةٍ مِنَ اللَّیْلِ" یہ
رات کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبطَةُ مِنَ
المَاءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج خِبط۔
الخُبَاط۔ غبار۔
الخِبَاط۔ چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ۔ ج
خُبُط۔
الخُبَاط۔ دیوانگی۔
الخَبُوط و الخَبِیط والأخبَط۔ مِن
الخَیْلِ: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔
الخَبِیط۔ حوض جس کو اُونٹوں نے پاؤں مار
مار کر گرا دیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈال کر ملا
جلا دیا گیا۔
المِخبَط والمِخبَطَة والمِخبَاط۔ پتے
جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔
خَبَعَ (ف) خَبعًا۔ فی المکان: داخل ہونا
____ الشَّیئَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جارِیَة
خُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور
کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔ (____ خُبُوْعًا)
الصبیّ: روتے روتے سانس رکنا۔

خَبَقَ (ض) خَبقًا۔ گوز کرنا ____ ہ: اپنے سے
حقیر جاننا۔
تَخَبَّقَ۔ الشیئُ: بلند ہونا۔
الخِبَقّ۔ بہت کودنے والا مرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔
خَبَلَهُ (ن) خَبلاً و خَبَّلَهُ۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا
____ ہ الحزنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے
"خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَهُ" محبت نے اس کے دل کو تباہ
کر دیا ____ یدہ: لُنجا کرنا ____ ہ عن کَذَا:
روکنا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عَن فِعلِ أبِیْهِ"
اس نے اپنے باپ کے رویہ سے کوتاہی کی۔
خَبِلَ (س) خَبَلاً و خَبَالاً۔ جنون لاحق ہونا۔
صفت (خَبِلٌ و اَخبَلُ) خَبِلَتِ الیَدُ: لُنجا ہونا۔
اَخبَلَهُ۔ ناقةً: عاریت پر دینا۔
اِختَبَلَهُ۔ عقل کو خراب کرنا۔ اِختَبَلَتِ
الدَّابَّةُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔
تَخَبَّلَتِ۔ الیدُ: لُنجا ہونا۔
اِستَخبَلَهُ۔ الابلَ۔ عاریت پر مانگنا۔
الخَبْل۔ مص۔ قرض۔ منگنی۔ فتنہ (____
والخَبَل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول۔
الخَبَل۔ ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے
مشابہ ہے۔ دَهرٌ (خَبِلٌ) بگڑا ہوا زمانہ۔
الخَبَال۔ فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ خَبَالٌ عَلٰی اهلِهِ" وہ اپنے لوگوں
کے لیے بوجھ ہے۔
الخَابِل۔ فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے۔
"مَسَّهُ الخابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔
الخَابلان: رات دن۔
المُخَبَّل۔ فالمُخَبَّل۔ بغیر الف لام کے زمانہ کے
ناموں میں سے ہے۔
المُخْتَبَل۔ دیوانہ۔ لنجا۔ وہ شخص جو درد کی
وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔
خَبَنَ (ض) خَبنًا و خِبَانًا۔ الثوبَ: موڑ کر سینا
____ الشاعِرُ: شعر میں خبن واقع کرنا (دیکھئے
الخَبن) (____ و اَخبَنَ) الطَّعَامَ: کپڑے کی تہ
میں چھپانا۔
اِختَبَنَ۔ الشَّیئَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
الخُبنَة۔ کپڑے کی تہ۔ خوراک جو دامن کی تہہ
میں لے جائے۔ ج خُبَن۔

الخَبن۔ فی العروض: عِلمِ عروض کی
اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر
دینا۔ جیسے فَاعِلُن سے فَعِلُن۔ رجلٌ (خُبُنٌ) مرد
کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔
خَبَا (ن) خَبْوًا و خُبُوًّا۔ خبت النارُ او
الحِدَّةُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا
لَهِیْبُه" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔
اَخبَی۔ النارَ: آگ بجھانا۔
خَبَی۔ الشَّیئَ: چھپانا۔
اَخبَی وخَبَّی و تَخَبَّی واستَخبَی۔
الخِبَاءَ: خیمہ لگانا۔ اِستَخبَی الخِبَاءَ: خیمہ میں
داخل ہونا۔
الخِبَاء۔ اُون یا اُونٹ کے بالوں کا خیمہ۔ بالی
میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج اَخبِیَة۔
خَتَّ (ن) خَتًّا۔ السِّنَانَ الیه: پیاپے نیزہ
مارنا۔
اَخَتَّه۔ حصہ کم کرنا۔ اَخَتَّ الرَّجُلُ: باپ کے
ذکر پر شرمندہ ہونا۔
الخَتَت۔ بدن کی سُستی۔
الخَتِیت۔ گھٹیا، ناقص۔
خَتَأَهُ (ف) خَتْأً۔ عن کَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔
اِختَتَأَ۔ خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا
____ مِنْ فُلَانٍ: شرم، ڈر یا ذلت کی وجہ سے
چھپنا ____ لَهُ: فریب دینا ____ الشَّیئَ:
اُچک لینا۔
مفازة (مُختَتِئَةٌ) بیابان جس میں راستہ نہ ملتا
ہو۔
خَتَرَہ (ض) خَترًا۔ بُری طرح سے بیوفائی کرنا۔
صفت (خَاتِرٌ و خَتَّارٌ و خَتِیرٌ و خَتُورٌ و خِتِّیرٌ)
____ (ن ض) خَترًا و خُتُورًا۔ نفسُهُ: جی بگڑنا۔
خَتِرَ (س) خَتَرًا۔ زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ
سے بے حس ہونا۔
تَخَتَّرَ۔ سست و ڈھیلا ہونا۔ مرض وغیرہ کی وجہ
سے سست ہونا۔
خَتَّرَهُ۔ الشرابُ: بے حس کر دینا۔
خَتْرَبَهُ۔ کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
خَترَشَةُ۔ الجَرادُ: ٹڈیوں کے کھانے کی
آواز۔

خَتْرَفَهُ-خَتْرَفَةً :مارنا اور کاٹنا۔
خَتْرَمَ خَتْرَمَةً- عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چپ رہنا۔
خَتَعَ (ف) خَتْعًا و خُتُوْعًا- الدليلُ بالقوم : اندھیرے میں راہبری کرنا ____ على القوم : اچانک آجانا- (____ و انْخَتَعَ) فی الارض : دور تک نکل جانا۔
الخَوْتَع والخَتِع والخُتَع- ماہر راہبر- الخَوْتَع : خرگوش کا بچہ- الخُتَع :بجو- الخُتَعَة : مادہ چیتا۔
الخِتَاع- چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔
خَتْعَرَ خَتْعَرَةً- نیست و نابود ہونا۔
الخَيْتَعُوْد- بدخو عورت- تپتی ہوئی ریت- ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم نہ رہے اور نیست و نابود ہو جائے- تر مرے (یعنی وہ جو سخت گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتا ہوا معلوم ہوتا ہے) بے وفا- دنیا- بھیڑیا- بھوت- تحتی- شیطان- شیر- مصیبت- دور کی مسافت- ایک قسم کا کیڑا جو پانی پر ہر وقت اِدھر اُدھر پھرتا رہتا ہے۔
خَتَلَهُ (ن ض) خَتْلاً و خَتَلاَنًا و خَاتَلَهُ مُخَاتَلَةً- فریب دینا- کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصيادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو- صفت (خَاتِل و خُتُول)
تَخَاتَلُوا- باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِخْتَتَلَ- لِاَسْرَارِ القَوْمِ :چوری سے سننا۔
اِخْتَتَلَ الرجلَ : فریب دینا۔
الخِتْل- چھپنے کی جگہ- خرگوش کا سوراخ۔
الخَوْتَل- خوش طبع دانا مرد۔
الخَتَّال- بڑا فریبی- مؤنث خَتَّالَة۔
خَتْلَعَ- الرَّجُلُ خَتْلَعَةً : دیہات کی طرف نکلنا۔
خَتْلَمَ- الشَّيْئَ :خفیہ طریقہ سے لینا۔
خَتَمَ (ض) خَتْمًا و خِتَامًا- الشَّيْئَ و عليه : مہر لگانا ____ العملَ : ختم کرنا ____ الكتابَ : پوری پڑھ لینا ____ الاناءَ : مٹی وغیرہ سے بند کرنا- کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَيْكَ بَابَهُ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا ____ اللّٰه لَهُ بالخير : اچھا انجام کرنا ____ على قلبه : بے سمجھ کر دینا ____ الزَّرْعَ و عليه : پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔
خَتَّمَ- اچھی طرح ختم کرنا- خَتَّمَهُ : انگوٹھی پہنانا۔
اَخْتَمَ- خاتمہ پر پہنچنا۔
تَخَتَّمَ- الخاتمَ بِهِ :انگوٹھی پہننا- کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بالعَقِيْقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی ____ بامرِهِ : چھپانا ____ عنه : غفلت برتنا اور چپ رہنا- عمامہ باندھنا- کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعَمَامَتِهِ" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔
اِخْتَتَمَهُ- پورا کرنا۔
اَلْخَتْم- مہر- شہد۔
الخَاتَام- انگوٹھی- مہر- ج- خَوَاتِيْم۔
الخَاتَم والخَاتِم- ج خَوَاتِم و خُتُم : انگوٹھی- مہر- انجام- گدی کا گڑھا- ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔
الخَاتِمَة- الخَاتِم کا مؤنث- انجام- نتیجہ ج خَوَاتِم و خَاتِمَات۔
الخَتَم- انگوٹھی۔
الخِتَام- مُہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے- ج خُتُم۔
المُخَتَّم- مِنَ الخيلِ : گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔
خَتَنَ (ن ض) خَتْنًا- الشَّيْئَ : کاٹنا ____ الصبيّ : ختنہ کرنا- صفت مفعولی- (خَتِيْنٌ و مَخْتُوْنٌ) عَامٌ مَخْتُوْنٌ : خشک سال- و خَتَنَ الرجلَ : فریب دینا۔
خَتَنَهُ (ن) خُتُوْنًا و خُتُوْنَةً و خَاتَنَهُ- داماد بننا۔
خَاتَنَ الرجُلَ : فریب دینا۔
اِخْتَتَنَ- الصبيُّ : ختنہ شدہ ہونا۔
الخِتَان و الخِتَانَة- ختنہ- الختانة : ختنہ کرنے کا پیشہ۔
الخَتَن- عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سُسر، سالہ، داماد- ج اَخْتَان۔
الخَتَنَة- الخَتَن کا مؤنث- ساس۔
الخَاتُوْن- بیگم- معزز عورت کا لقب- ج خَوَاتِيْن (کلمہ عجمی ہے)
خَتَا يَخْتُوْ خَتْوًا- غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا- خَتَاه :روکنا۔
اَخْتَى- المتاعَ :ایک ایک کر کے بیچنا۔
اِخْتَتَى اِخْتِتَاءً- مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
خَثَّثَ- الشَّيْئَ :جمع کرنا اور درست کرنا۔
اِخْتَثَّ- شرم کرنا۔
الخُثّ- سیلاب کا کوڑا کرکٹ- یا خشک شدہ کائی۔
الخَثَّة و الخُثَّة- آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔
خَثَرَ (ن) خَثْرًا و خُثُوْرًا و خَثَرَانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا و خَثُرَ (ک) و تَخَثَّرَ اللبنُ : گاڑھا ہونا- دہی بننا- صفت (خَاثِر)
خَثَرت (ض) خَثْرًا- نفسُ الرجل : جی متلانا- مضطرب ہونا- کہا جاتا ہے "اِسْتَيْقَظَ فلانٌ خَاثِرَ النَّفْسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا۔
خَثِرَ (س) خَثَرًا- شرم کرنا۔
خَثَّرَ و اَخْثَرَ- اللبنَ :گاڑھا کرنا۔
اَخْثَرَ الزبدَ :مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا- اور امثلہ عرب میں سے ہے "ما یدری اَيُخْثِرُ امْ يُذِيْبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔
الخَاثِرَة- جماعت۔
الخُثَار- دسترخوان کا باقی ماندہ۔
الخُثَارَة- چیز کا باقی ماندہ حصہ- دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے- کہا جاتا ہے "ذَهَبَ صَفْوُهُ وَ بَقِيَت خُثَارَتُه" اس کا خالص حصہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔
تَخَثْعَمَ- خون سے آلودہ ہونا۔
الخَثْعَمُ و المُخَثْعَم- شیر۔
الخَثْعَمَة- جانور کو ذبح کرنا اور اکٹھے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔
الخَثْلَة و الخَثَلَة- مِنَ البطن : پیڑو- کہا جاتا

ہے "طَعَنَه فی خَثلَة بَطْنِه" اس نے اس کے
پیڑو پر نیزہ مارا- ج خَثلَات و خَثلات-
الخَثلَة-موٹی عورت-
خَثِم(س)خَثَمًا-موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا-
صفت (خَثِم واَخْثَم) خَثِمتُ اَخلَافُ
النَاقَة: اُونٹنی کے تھن کا بند ہونا-
خَثَم(ن)خَثمًا-اَنفَه: کچل دینا-
خَثَّمَ-الشَّئَ: چوڑا کرنا-
الخُثمَة-ناک کی چوڑائی یا موٹائی-
خَثَى(ض)خَثْيًا-البقر: گوبر کرنا-
الخِثْى-گوبر-
خَجَّهُ (ن) خَجًّا- ہٹانا- دفع کرنا ___
الحَطَب: پھاڑنا- چیرنا ___ برجله: پاؤں
سے خاک اُڑانا ___ بِسَلْحِه: پائخانہ کرنا-
ساعدہ: گٹھا ہوا ہونا ___ المرأة: جماع
کرنا-
اِختَجَّ-الجملُ: بیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا-
ریح(خَجُوج) تیز ہوا-
خَجَأَ(ف)خَجأً-الرَّجُلُ: چھپ کے گھر
میں داخل ہونا ___ اللَّيْلُ: ___ ہ: مارنا-
المرأة: جماع کرنا-
خَجِئَ(س)خَجأً-شرم کرنا-بیہودہ بکنا-
اَخْجَأَه-سوال میں اصرار کرنا-
تَخَاجَأَ-دیر لگانا-
الخُجَأَة-موٹا و سُست-بیوقوف-
الخَجر-کھانسی کی بدبو-
الخَجِرُ-بہت کھانے والا-بزدل-
الخَاجِر-دامن پہاڑ میں پانی بہنے کی آواز-
الخَجْف والخَجِيف-اوچھاپن-
خَجِلَ(س)خَجَلًا- شرم سے سرگشتہ و بے
خود ہونا- صفت (خَجِل و خَجْلان) ___
الثوبُ: کپڑے کے نیچے کا حصہ پھٹنا اور کشادہ
ہونا-
___ النَّباتُ: بہت اور گنجان ہونا- صفت
(خَجِل) ___ البعيرُ بالحَمْل: بوجھل ہونا
___ بِاَمرِه: مشتبہ ہونا ___ مِن كَذا:
زچ ہونا ___ فی طلب الرزق: ___
سُست ہونا-

خَجَّلَهُ واَخْجَلَهُ- شرمندہ کرنا- واَخْجَلَ
النَّباتُ: لمبا و گنجان ہونا-
الخَجِل-سمہ- شرم-
خَجَى (ض) خَجْيًا- الترابَ بِرِجلِه: پاؤں
سے خاک اُڑانا-
خَجِيَ(س)خَجًا-شرم کرنا-
خَدَّ (ن) خَدًّا- فیه الضربُ: بدھی پڑنا
___ الارضَ: کھودنا-
خَدَّدَ تَخدِيدًا- لَحْمُه: دُبلا ہو کر جھری پڑنا
___ لَحمَه: دُبلا کرنا-
خَادَّه مُخَادَّةً- کام میں مزاحم ہونا-
تَخَادًّا- ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا-
تَخَدَّدَ- لحمه: لاغری سے جھری دار ہونا
___ القومُ: فرقے فرقے ہونا-
الخَدُّ- چھوٹی ندی- طریقہ- لمبا گڑھا- لوگوں کی
جماعت- ج اَخِدَّة و خِداد و خِدّان- الخدُّ مِنَ
الوجه: رخسارہ- ج خُدُود-
الخُدَّة- لمبا گڑھا- ج خُدَد-
الاُخْدُود- لمبا گڑھا- ج- اَخادِيد- الاَخادِيد:
کوڑے کے مارنے کے نشانات- اور اسی سے ہے
اَخادِيد الاَرْشِيَة فی البئر: کنوئیں میں رسی
کھینچنے کے نشانات-
المِخَدَّة: چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے
رخسارہ رکھتے ہیں- سرہانہ- ہل کا پھار-
المِخَدّان- دونوں کلیاں-
خَدَبَ (ن) خَدْبًا- جھوٹ بولنا ___ ہ
بالسَّيف: تلوار سے مارنا-
___ ہ الحَيَّةُ: ڈسنا-
تَخَدَّبَ- درمیانی چال چلنا-
الخَدَب- لمبائی- کہا جاتا ہے "فی لِسَانِه
خَدَب" اس کی زبان میں اوچھاپن اور حماقت
ہے-
الخَدِب والاَخْدَب- بیوقوف- لمبا- جلدباز-
سيفٌ خَدِبٌ: تلوار قاطع-
طَعْنَةٌ اوضَرْبَةٌ خَدِبَةٌ و خَدْباءُ: سخت یا کشادہ
زخم والی نیزہ کی مار-
الخُدَبَة- لمبائی-
الخَدّاب- بڑا جھوٹا- دِرعٌ (خَدْباءُ) کشادہ
زرہ- الخَدْباء: ہر وہ جانور جو کٹ کھنا ہو-

خَدَجَتْ (ن ض) خِدَاجًا و اَخْدَجَتْ
الدابةُ: ناتمام بچہ گرا دینا- صفت (خادِج و
مُخْدِج) و صفت مفعولی خَدِيج و خَدُوجٌ و
مُخْدَج) اور خَدُوج کی جمع خُدُوج و خِدَاج
و خَدائِج- اَخْدَجَ الشئَ: گھٹنا ___
صلوته: نماز میں کچھ کمی کر دینا-
خَدَّجَتِ النَّاقَةُ: ناتمام بچہ گرانا-
الخِدَاج- نقصان-
خَدِرَ(س)خَدَرًا-العضوُ: سُن ہونا ___
العينُ: خارش یا تنکا پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا
بھاری ہونا ___ الحَرُّ او البَرْدُ: سخت ہونا
___ النهارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا-
خَدَرَ(ن)خُدُورًا- متحیر ہونا ___ الظبیُ:
ریوڑ سے پیچھے رہ جانا ___ الاَسَدُ فی
عرینه: ماند میں رہنا ___ بالمكانِ:
اقامت کرنا(___ و خَدَّرَ واَخْدَرَ)النبتَ:
پردہ میں رکھنا خَدَّرَ و اَخْدَرَ العُضْوَ: سُن و
بے حس کر دینا- اَخْدَرَ بالمكان: اقامت کرنا
___ مع اهله: اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا
___ الاسدُ: جھاڑی میں رہنا ___ الاسدَ
عرينَه: کچھار کا شیر کو چھپا لینا-
تَخَدَّرَ و اِخْتَدَرَ- چھپنا-
الخَادِر- سُست کاہل- حیران-
الخِدْر- پردہ جو لڑکی کے لیے مکان کے گوشہ
میں لگا دیا جائے- لڑکی کیلئے مکان کا مخصوص حصہ-
شیر کی جھاڑی- رات کی تاریکی ج اَخْدَار
و خُدُور- جج اَخادِير-
الخَدَر- عضو کی بے حسی- کاہلی، سُستی-
تاریکی- اندھیری جگہ-
الخَدِر- بے حس عضو والا- لَيلٌ خَدِرٌ:
تاریک رات- مكانٌ خَدِرٌ: پوشیدہ اندھیری
جگہ- نهارٌ خَدِرٌ: نمناک دن-
الخِدَر- شیر کی جھاڑی-
الخُدْرَة- سخت تاریکی-
الاَخْدَر والخُدَارِیُّ- تاریک رات
الخُدارِیُّ: کالا بادل-
الخُدَارِيَّة- عقاب-

الاَخْدَرو الخُدْرِيّ و الاَخْدَرِيُّ- ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
هَوْدَجٌ(مَخْدُوْر) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخَدَرْنَی- مکڑی۔
الخَدَرْنَق- نر مکڑی- اور بقول بعض بڑی مکڑی-ج خَدَارِن۔
خَدَشَهٗ(ض) خَدْشًا و خَدَّشَه- خراش لگانا- ٹکڑے ٹکڑے کرنا- عیب لگانا۔
الخَدْش-مہ- خراش-ج خُدُوْش و خِداش واخْدَاش۔
الخَدُوش- بہت خراش لگانے والا- پسو- مکھی۔
المُخَادِش و المُخَدِّش- بلی۔
المُخَدَّش- انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔
خَدَعَه (ف) خِدْعًا و خَدْعًا- دھوکا دینا- فریب دینا ___ الضَبُّ فی جُحره: داخل ہونا ___ المطرُ: کم ہونا ___ الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا- داد ودہش سے رُکنا ___ السوق: بازار کا ماند پڑنا- رائج ہونا (ضد) ___ الامورُ: مختلف ہو جانا ___ الشمسُ: غائب ہونا ___ الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔
___ الشئُ: خراب ہونا ___ الثوبَ: موڑنا۔
___ الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا۔
اَخْدَعَه- دغا بازی پر اُکسانا ___ الشئَ: چھپانا پوشیدہ کرنا۔
خَادَعَهٗ مُخَادَعَةً و خِدَاعًا و اِخْتَدَعَهٗ و تَخَدَّعَهٗ- دھوکا دینا- خَادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا- تَخَدَّعَ لَهٗ: بتکلف مدد کرنا۔
تَخَادَعَ- فریب خوردہ ظاہر کرنا ___ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِنْخَدَعَ- فریب خوردہ ہونا- دھوکے پر راضی ہونا ___ بِه: دھوکا کھا جانا ___ السوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔
الخَدِیْعَة- ج خَدَائِع و (الخُدْعَة والخِدَاع) فریب- دھوکا- مکر و حیلہ۔
الخُدْعَة- لوگوں کو دھوکا دینے والا۔

الخُدَعَة و الخَدَّاع و الخَیْدَع- بہت دھوکا دینے والا- سَنَةٌ خَدَّاعَةٌ: کم پیداوار والا سال۔
الخَادِع- فا- طَرِیقٌ خَادِعٌ- راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے- دینار خَادِعٌ: کھوٹا دینا۔
الخَادِعَة- مؤنث- بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ- مکان کے اندر کوٹھری۔
الاَخْدَع- اسم تفضیل- الاَخْدَعَان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لاُقِیْمَنَّ اَخْدَاعَیْكَ" میں تمہارے تکبر کو دُور کردوں گا- و "فلانٌ شَدِیْدُ الاَخْدَعِ" فلاں بڑا گردن کش ہے- ج اَخَادِع۔
الخَیْدَع- وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے- راستہ جو مقصد کے مخالف ہو- چمکتی ہوئی ریت- فریب دینے والا بھیڑیا۔
الخَدُوْع- بہت فریب دینے والا۔
طَرِیقٌ خَدُوْعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے- ج خُدُعٌ۔
المِخْدَع و المُخْدَع و المَخْدَع- کوٹھری جو بڑے کمرہ کے اندر ہو- ج مَخَادِع۔
المُخَدَّع- تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔
الخَدْعُوْنَة- کدو کا ٹکڑا۔
خَدَفَ(ض) خَدْفًا- تیز چلنا۔
خَدَفَتِ السَماءُ بالثلج: برف گرانا ___ و اِخْتَدَفَ الشئَ: اُچک لینا۔
الخَدَف-مہ- کشتی کا چپو۔
الخَدَافِر- پُرانے کپڑے۔
خَدْفَلَ: پُرانا کرتا پہننا۔
الخَدَافِل- پُرانے کپڑے (اس کا واحد نہیں)
خَدِلَتْ (س) خَدَلًا و خَدَالَةً و خُدُوْلَةً- السَّاقُ: پُرگوشت ہونا۔
سَاقٌ خَدْلَةٌ- پُرگوشت پنڈلی۔
خَدَمَه(ض ن) خِدْمَةً و خَدْمَةً- خدمت کرنا- صفت (خادم) ج خُدَّام و خَدَم- مؤنث خادِم و خادِمَة۔
اَخْدَمَهٗ- خادم دینا۔
خَدَّمَ- الرَّجُلُ امرأتَهٗ: پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَهٗ- خدمت لینا- خادم بنانا۔

اِخْتَدَمَ- اپنی خدمت کرنا ___ ہ: خادم مانگنا- خادم بنانا۔
اِسْتَخْدَمَهٗ- خادم بنانا ___ الرجلَ: خادم مانگنا۔
الخَدْمَة- وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔
الخَدَمَة- پازیب- پنڈلی- لوگوں کا حلقہ- کہا جاتا ہے- "فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهُم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کردے۔
(___ و الخِدْمَة) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اُونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے- ج خَدَم و خِدَام و خَدَمَات۔
الخَادِمِیَّة- نوکری۔
المَخْدُوْمِیَّة- آقائی۔
الخَدَّام- نوکر۔
الخَدِیْم- نوکر- غلام۔
الاَخْدَم- گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اُوپر گول سا ہو- مؤنث خَدْمَاء۔
الخدمَاء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔
المَخْدُوْم- مفعول آقا- مولی- کِتَابٌ مَخْدُوْم: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں۔
المُخَدَّم و المُخَدَّمَة- پازیب پہننے کی جگہ- تسمہ- عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا- قوم مُخَدَّمُوْن: بہت نوکر چاکر والے لوگ۔
خَادَنَهٗ مُخَادَنَةً- دوستی کرنا- ساتھی بننا۔
الخِدْن- دوست- یار، ساتھی (مذکر و مؤنث) ج اَخْدَان۔
الخَدِیْن- دوست، یار، ساتھی۔
الخُدَنَة- لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔
خَدَی- (ض) خَدْیًا و خَدَیَانًا- الفرسُ ام البعیرُ: تیز دوڑنا۔
اَخْدٰی اِخْدَاءً- آہستہ آہستہ چلنا۔
الخَدَا- کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے- واحد (خَدَاة)
الخُدَیْوِیُّ- عزیز مصر کا لقب- فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ- وزیر- سردار۔
خَدَأ و خَدِیَ(س) خَدْأً و خُدُوْءً او خَدَاءَةً

واسْتَخْذَأَ-لَهٗ : فروتنی کرنا- تابعدار ہونا-
اَخْذَاہ-ذلیل کرنا- تابع بنانا-
الخَذَأُ-نفس کی کمزوری-
خَذَّ(ن)خَذِیْذًا-الجَرحُ : پیپ بہنا-
الخُذْرَۃ-پھرکی-
خَذْرَف-جلدی چلنا ـــــ ہٗ بالسیف : جسم کے اطراف کاٹنا ـــــ الاناءَ : بھرنا-
تَجَذْرَفَتہ-النویٰ : پھینک دینا- تَخَذْرَفَ الثوبُ : پھٹنا-
الخُذْرُوْف-تیز چلنے والا-پھرکی-
اس کو خَرّارَہ بھی کہتے ہیں- اُونٹوں کا گلہ- اُونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو- "تَرَکَتِ السیوفُ راسَہ خَذَارِیْفَ" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا- رجلٌ (مُتَخَذْرَف) اچھے اخلاق والا مَرد-
خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ- اللحمَ او القرعَ : بغیر جدا کئے ہوئے قاشیں تراشنا-
تَخَذَّعَ- کٹنا- کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے-
الخَذْعَۃ-زمین وغیرہ کا ٹکڑا-
الخَذِیْعَۃ-ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے-
المِخْذَعَۃ-چھری-
الخَیْذَع-عیب-
خَذْعَبَ و خَذْعَلَ- البِطِّیْخَ و نحوہ : پھانکیں کرنا-
الخُذْعُوْبَۃ والخُذْعُوْلَۃ-پھانک- قاش-
خَذَفَ (ض) خَذْفًا- بالحَصاۃ و نحوھا : انگلیوں سے پھینکنا- گوپھن سے پھینکنا-
تَخَاذَفَت- عیناہ بالدموع : جلدی آنسو بہانا-
الخَذَّافَۃ-ذَیر-
المِخْذَفَۃ-گوپھن- غلیل-
الخَذُوْف-مِنَ الدَّوَابِّ : تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اُڑائے' جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اُٹھائے- ج خُذُف-
الخَذَفَان-تیز رفتاری-
خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا- الدابۃ : تیز چلنے کیلئے چبھونا ـــــ البازی : بیٹ کرنا-
الخَذْق-گوبر-لید-
خَذَلَ(ن)خَذْلًا و خَذْلَانًا و خِذْلَانًا- فلانًا و عنہ : مدد چھوڑنا- صفت (خَاذِل) ج خُذَّال- صفت مفعولی (مَخْذُوْل) ج مَخَاذِیْل- خَذَلَتِ الظَّبْیَۃُ : ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا- صفت (خَاذِل و خُذُول)
(خَذَّلَ عنہ اَصْحَابَہ : مدد چھوڑنے پر اُکسانا-
ـــــ ہ : پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا-
خَاذَلَہ مَخَاذَلَۃً-مدد چھوڑنا-
تَخَاذَلَ- القومُ : باہم مدد چھوڑنا- رِجْلَاہِ : ٹانگوں کا کمزور ہونا-
الخَذَّال-زیادہ مدد چھوڑنے والا-
الخُذَلَۃ- وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے-
الخَذُوْل-بہت مدد چھوڑنے والا-
رجلٌ خَذُوْلُ الرجل : وہ مَرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو-
خَذَمَ(ض)خَذْمًا و خَذَّمَ-الشَّیَٔ : جلدی سے کاٹنا-
خَذِمَ (س) خَذَمًا- نشہ میں ہونا- صفت (خَذِیْم) کٹنا-
خذِم (س) خَذَمًا- تیز چلنا- ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
اَخْذَمَ-ذلت کا اقرار کرنا ـــــ ہ الشرابُ : مست کر دینا-
تَخَذَّمَ-الشَّیُٔ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
الشَّیَٔ : تکلف سے کاٹنا-
اِخْتَذَمَ- قاطع ہونا ـــــ الشَّیَٔ : کاٹنا-
الخَذُوْم ج خُذُم و (الخَذِم والمِخْذَم والمُخَذَّم) ـــــ مِنَ السیوف : کاٹنے والی تلوار-
الخُذَامَۃ-چیز کا ٹکڑا-
المِخْذَم-کاٹنے کا اوزار-
خَذَا (ن) خَذْوًا و خَذِیَ (س) خَذًی ڈھیلا ہونا ـــــ لحمُہ : گٹھا ہونا ـــــ الاذنُ : لٹکتا ہوا ہونا-
اِسْتَخْذیٰ- تابعدار ہونا- فرمانبردار ہونا-
الاَخْذیٰ-ڈھیلے کان والا- اذنٌ (خَذْوَاء) لٹکے ہوئے کان-
خَرَّ(ن ض)خَرِیْرًا-الماءُ او الریحُ : پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا- صفت (خَرَّار) النائِمُ : خراٹے لینا-
خَرَّ(ن ض)خَرًّا و خُرُوْرًا- اُوپر سے نیچے گرنا
خَرَّ لِلّٰہِ سَاجِدًا- سجدہ میں گر پڑنا ـــــ لِوَجْہِہٖ گرنا ـــــ الرَّجُلُ : مرنا ـــــ علیہ : غیر معلوم جگہ سے اچانک آپڑنا-
اَخَرَّہٗ اِخْرَارًا- گرانا- کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ بالسَّیْفِ فَاَخَرَّہٗ" اس نے اسے تلوار مار کر گرا دیا-
اِنْخَرَّ-ڈھیلا ہونا-
الخُرُّ- کان کی جڑ- زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب شگاف ڈال دے- ج خِرَرَۃ
(ـــــ و الخُرِّیُّ) چکی کا سوراخ-
الخَرُوْر- بلی کی آواز- جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں-
الخَرِیْر- مہ- سونے والے کا خراٹا- دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ- ج اَخِرَّۃ-
الخَرَّار- بہت خراٹے لینے والا- مؤنث خَرَّارَۃ- الخَرَّارَۃ : پھرکی-
خَرِئَ (س) خَرْأً و خِرَاءَۃً و خَرَاءَۃً و خُرُوْءًا- پاخانہ کرنا- بیٹ کرنا- کہا جاتا ہے "خَرِئَتْ بَیْنَہُم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی-
الخُرْء- ج خُرُوْء و (الخِراء) پلیدی- پاخانہ- بیٹ-
المَخْرَاۃُ والمَخْرَأَۃُ والمِخْرَأَۃُ- پاخانہ کی جگہ- ج مَخَارِی-
خَرِبَ (س) خَرَبًا و خَرَابًا- البیتُ : اُجاڑ ہونا- صفت (خَرِب) مؤنث خَرِبَۃ- (ـــــ خَرَبًا) الرَّجُلُ : پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا- صفت (اَخْرَب) مؤنث خَرْبَاء- ج خُرْب-
خَرَبَہٗ (ض) خَرْبًا- ڈھانا- ہلاک کرنا- پھاڑنا- سوراخ کرنا-

خَرِبَ (س) خَرَابَةً و خَرَابًا و خَرْبًا و خُرُوْبًا۔ چور ہونا۔ صفت (خَارِب) ج خُرَّاب۔
خَرَّبَ۔ البَيْتَ: ویران کرنا۔ ڈھانا ___ المزادةَ: سوراخ کرنا۔
اَخْرَبَ۔ البیتَ: غیر آباد کرنا ___ المکانُ: خالی ہونا۔
تَخَرَّبَ۔ الدُّوْدَةُ الشجرةَ: سوراخ کرنا۔
اِسْتَخْرَبَ۔ الرَّجُلُ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا ___ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا ___ السِّقَاءُ: سوراخ دار ہونا۔
الخَرِب۔ ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "ھو خَرِبُ العِظَامِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وھُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وھُوَ خَرِبُ الاَمَانَةِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رجلٌ (خِرِبَّان) بزدل مرد۔
الخُرْبُ و الخُرَّابَةُ و الخُرْبَةُ۔ سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُرَب و اَخراب و خُرُوْب۔
الخُرْبُ و الخَرْبَةُ و الخُرْبَةُ۔ چرواہے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔
الخَرْبَةُ۔ چغلی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "ھو صَاحِبُ خَرْبَةٍ" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحی اللّٰه ادنانا الی کل خَرْبَةٍ" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَاَيْنَا مِنْ فلانٍ خَرْبَةً فی دِيْنِهٖ" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خَرَبات۔
الخِرْبَةُ و الخَرِبَةُ۔ ویران جگہ۔ ج خَرِبات و خِرَب و خَرِب و خَرَائِب الخِرْبَةُ: چور کی ہیئت۔
الخَرَاب۔ ویران۔ ج اَخْرِبَة و خِرَاب۔
خُرَّابَةٌ و خُرَابَةُ۔ الاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔
الخَرُّوْب و الخُرْنُوْب۔ ایک درخت کا نام واحد خَرُّوْبَة و خُرْنُوْبَة۔
التَّخَارِيْب۔ بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد تَخْرُوْب ہے (صحیح نخاریب بالنون ہے)
الخُرْبُد۔ کھٹا جما ہوا دودھ۔
الخِرْبِز۔ خربوزہ۔
ارض (خَرَبَبِيْس) سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "ھو ما يَمْلِكُ خَرْبَبِيْسًا" وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔
خَرْبَشَ۔ خَرْبَشَةً الکتابَ او العملَ بگاڑنا۔
خَرَابِيْش۔ الخطِّ: تحریر جو بگاڑی گئی ہو۔
خَرْبَصَ۔ الاشیاءَ۔ الگ الگ کرنا ___ المالَ: لے کر چمپت ہو جانا۔
الخَرْبَصَة۔ جوان و پُر گوشت عورت۔
خَرْبَقَ۔ چلنے میں جلدی کرنا ___ الشَّئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ العملَ بگاڑنا۔ الثوبَ: پھاڑنا ___ النبتُ: ایک دوسرے سے متصل ہونا۔
الخَرْبَق۔ ایک قسم کی گھاس جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہے اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔
اِخْرَنْبَقَ۔ سرجھکانا۔ زمین سے چمٹنا۔
خَرَتَ (ن) خَرْتًا۔ الاُذُنَ: سوراخ کرنا ___ الارضَ: راستوں سے واقف ہونا۔
خَرِتَ (س) خَرَتًا۔ ہوشیار راہبر ہونا۔
الخَرْت و الخُرْت۔ سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْيَقُ مِن خَرْتِ الاِبْرَةِ" و "اِجْعَلِ العُوْدَ فی خَرْتِ الفَاسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْرَات و خُرُوت و ذئبٌ خُرْت: تیر بھیڑیا۔
الخِرِّيْت۔ ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَرَارِيْت و خَرَارِت۔
المَخْرَت۔ واضح راستہ۔
المَخْرُوْت۔ مذ۔ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔
الخَرْثَاء۔ بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔
الخِرْثَاء۔ سرخ چیونٹی۔
الخُرْثِيُّ۔ ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْثِيُّ الکلام: بے فائدہ گفتگو۔
الخَرْثَمَة۔ جوتے کی نوک۔
خَرَجَ (ن) خُرُوْجًا و مَخْرَجًا۔ مِن موضعه: نکلنا ___ فی العِلم: فائق ہونا ___ بِهٖ: نکالنا ___ علیه: جنگ کیلئے نکلنا ___ الرَّعِيَّةُ علی المَلِكِ: سرکشی و بغاوت کرنا ___ الٰی فلانٍ مِن دَيْنِه: ادا کر دینا۔
خَرَّجَهٗ۔ مِنَ المکان: نکالنا ___ الارضَ: خراج مقرر کرنا ___ المسئلةَ: مسئلہ کی توجیہ کرنا۔
الولدَ فی الاَدَبِ: مہذب و تجربہ کار بنانا ___ العملَ: ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا۔ الغلامُ اللوحَ: کچھ لکھنا اور کچھ چھوڑ دینا ___ الرَّاعِيَةُ المرتعَ: کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
اَخْرَجَ۔ الشَّئَ: نکالنا ___ الرجلُ: خراج ادا کرنا ___ الرَّاعِيَةُ المرتعَ: کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔
خَارَجَ۔ السَّيِّدُ عَبْدَه: ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔
تَخَارَجَ۔ الشُّرَكَاءُ: آپس میں تقسیم کرنا۔
تَخَرَّجَ۔ الوَلَدُ فی الاَدَبِ: تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتَخَرِّج۔
اِخْتَرَجَ۔ الشَّئَ: نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا ___ فلانًا: نکلنے کو کہنا۔
اِخْرَجَّ و اِخْرَاجَّ۔ الحیوانُ: سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخْرَج) مؤنث خَرْجَاء۔
اِسْتَخْرَجَ۔ الشَّئَ: استنباط کرنا ___ ہ: نکلوانا ___ المسئلةَ: حل کرنا ___ اُسْتُخْرِجَتِ الارضُ: کھیتی کے قابل ہونا۔
الخَرْج۔ خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خراج میں فرق ہے۔ خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خرج۔ اوّل اوّل گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخراج۔
الخَرْجَة۔ خروج کا اسم مرة۔ جھروکا۔
الخُرْج۔ خرجی۔ ج خِرَجَة۔

الخُرَاج- مثلثة الخاء : زمین کا محصول- جزیہ- ج اَخرَاج واَخرِجَة وجج آخَارِيج-
الخُرَاج- پھوڑا پھنسی- واحد (خُرَاجَة) ج خُرَاجَات-
خَرَّاج ولَّاج وخُرَجَة وُلَجَة) بہت نکلنے والا- بہت داخل ہونے والا- بڑا ہوشیار- حیلہ گر-
الخَارِج- ہر چیز کا ظاہر- نکلنے والا-
الخَارِجَة- الخارج کا مؤنث - ج خَارِجَات وخَوَارِج- الخَوَارِج :باغی لوگ- جماعت سے نکلے ہوئے لوگ-
الخَارِجِيّ- بیرونی- وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو دلیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں- بادشاہ کا باغی- جماعت کا مخالف- مذہب خوارج کا معتقد-
الخَارِجِيَّة- الخارجی کا مؤنث- وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں-
المُخَرَّج والخِرِّيج والمُتَخَرِّج- تربیت یافتہ-
الخُرُوج- مص- یوم الخروج- عید کا دن- قیامت کا دن-
المَخرَج- مص- نکلنے کی جگہ- پائخانہ کا مقام- ج مَخَارِج- والمَخرج عند القُرَاء والصرفيين :منہ سے حروف نکلنے کی جگہ-
المُخرَج- مص- نکلنے کی جگہ-
خَرخَرَ- النَّائمُ :خراٹے لینا ___ النمِرُ اَو السِّنَّوْرُ :آواز کرنا-
تَخَرخَرَ- بطنُهُ : بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا-
الخَرخَر- پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز-
الخَرخَار- کثرت سے بہتا ہوا پانی-
خَرِدَت (س) خَرَدًا و تَخَرَّدَت- الجَارِيَةُ : باکرہ ہونا- دوشیزہ ہونا-
خَرِدَ و اَخرَدَ- الرَّجُلُ :زیادہ خاموش رہنے والا ہونا- کم گفتگو ہونا- ذلت کی وجہ سے شرم کرنا-
اَخرَدَ الی اللَّهوِ :مائل ہونا-

الخَرِيد و الخَرِيدَة و الخَرُود- باکرہ دوشیزہ- شرمیلی- زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی- ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد- صوتٌ خَرِيدٌ :نرم آواز جس میں شرم وحیا کی آمیزش ہو- لُؤلُؤةٌ خَرِيدٌ :ناسفتہ موتی-
الخَرِيدَة- ناسفتہ موتی- ج خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد-
الخُردَة- معمولی اسباب تجارت-
الخُردَجِي- خردہ بیچنے والا- معمولی تاجر- بساطی-
الخُردَاذِي- شراب-
خَردَقَ- العمل :بگاڑنا- کلمہ عامیہ ہے- فصیح خَربَقَ ہے-
الخُردُق- چھوج خَرَادِق (دخیل)
خَردَلَ- الطعامَ : اچھا حصہ کھانا ___ اللحمَ :چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا-
الخَرَادِل- گوشت کے ٹکڑے-
لحمٌ (خَرَادِيلُ) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت-
الخَردَل- رائی- واحد (خردلة)
خَرَزَ (ن ض) خَرزًا- الجلدَ :ستالی سے سینا-
خَرِزَ (س) خَرَزًا- کمزوری کے بعد مضبوط کرنا-
الخَرَز- پوتھ جس کو لڑی میں پرو لیا جائے- شیشہ کے چھدے ہوئے دانے- پتھر کے نگ- واحد (خَرَزَة) خرزة الظهر : ریڑھ کی ہڈی کے منکے- خَرَزات الملک :شاہی تاج کے جواہر-
الخُرزَة- سوراخ اور راس کا دھاگا- ج- خُرَز-
الخِرَازَة- موچی کا پیشہ-
الخَرَّاز- موچی-
طائر (مُخَرَّزٌ) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں-
المِخرَز- ستالی- ج مَخَارِز-
خَرِسَ (س) خَرَسًا- گونگا ہونا- خَرَسًا : مٹکے سے چپنا-
اَخرَسَهُ اللّهُ : گونگا کرنا- اَخرَسَتِ الارضُ واستَخرَسَت :ناقابل زراعت ہونا-
خَرَّسَ- علی النفساء :زچہ کو اس کی خوراک کھلانا-
تَخَارَسَ- گونگا بننا-

تَخَرَّسَت- النفساءُ :زچہ کو اپنے لئے کھانا تیار کرنا- اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِي یا نفس لا مُخَرِّسَةَ لكِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں-
الخُرس و الخِرَاس- بچہ کی پیدائش کا کھانا-
الخُرسَة و التَّخرِسَة- زچہ کا کھانا- اچھوانی-
الخَرس و الخِرس- مٹکا- ج خُرُوس
الخِرس :ناقابل زراعت زمین-
الخَرَّاس- مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا-
الخَرُوس- زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے-
الاَخرَس- گونگا- ج خُرس و خُرسَان و اَخَارِس مؤنث خرساء- لَبَن اَخرَس :جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے- "ولَّانِي عُرضًا اَخرَسَ اَمرَسَ" یعنی اُس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی-
الخَرسَاء- مصیبت- بغیر گرج و چمک کے بادل- رجل (خَرِس) رات کو نہ سونے والا مرد-
خَرَشَهُ (ض) خَرشًا و خَرَّشَهُ و خَارَشَهُ مُخَارَشَةً و خِرَاشًا واختَرَشَهُ- خراش لگانا ___ ہ الذبابُ : کاٹنا- خَرَشَ و خَرَّشَ الغصنَ :ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا-
خَارَشَ الکلبُ : برانگیختہ کرنا- خَرَشَ واختَرَشَ لِعِيَالِهِ :بال بچوں کے لئے کمائی کرنا-
اِختَرَشَتِ الجِرَاءُ :ایک دوسرے پر حملہ کرنا- خَارَشه الشَّيءَ واختَرَش منه الشَّيءَ :زبردستی لے لینا-
تَخَارَشَت- الکلابُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا-
الخَرَش- مکھی- واحد (خَرشَة) گھر کا ردی سامان- ج خُرُوش-
الخُرَاشَة- برادہ-
الخِرشَاء- سانپ کی کینچلی- انڈے کا چھلکا- غبار- خِرشَاء العَسَلِ :موم- شہد کہ جس میں مردہ مکھیاں پڑی ہوں- ج خَرَاشِيّ-
المِخرَش و المِخرَاش- مڑے ہوئے سر کا ڈنڈا- عوام اس کو بَعكُوزَة کہتے ہیں-

خَرْشَبَ-العملَ :کام کو اچھی طرح نہ کرنا-
الخَرْشَعَة- پہاڑ کی چھوٹی چوٹی-ج خَرْشَع و خَرَاشِع-
الخَرْشَفَة- گفتگو کی گڑبڑی-حرکت-
____(والخِرشاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو-
الخُرْشُوْف-ایک قسم کی نباتات-
الخَرْشُوْم- وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک-بڑا پہاڑ-ج خَرَاشِیْم-
خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا- جھوٹ بولنا- فی الامر :اٹکل سے کہنا-قیاس کرنا-اندازہ کرنا-کہا جاتا ہے "خَرَصَ النخلَةَ" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا-
خَرَصَ(ن)خِرَاصَةً-الشَّیَٔ :درست کرنا-
خَرِصَ (س) خَرَصًا- بھوک و سردی والا ہونا-صفت(خَرِصٌ وخَارِص)
تَخَرَّصَ واِخْتَرَصَ- تہمت لگانا- جھوٹ بولنا-توشہ دان میں رکھنا-
الخَرْص- اندازہ- تم کہتے ہو "کم خرص ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے-توشہ دان-چھوٹا نیزہ-بھالا-مٹکا-ٹوکری-
الخِرْص والخُرْص- ج خِرْصَان و خُرْصَان- سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ____ج خِراص واَخْراص :درخت خرما کی شاخ-
الخُرْص والخُرُص والخُرَص-شہد نکالنے کی لکڑی-ج اخراص-
الخُرْصَة-حصہ-زچہ کا کھانا-
الخَرِیْص- ٹھنڈا پانی-درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی-نہر کی ایک جانب-
الخَرَّاص-جھوٹا-
المِخْرَص-نیزہ-ج مَخَارِص-
خَرَطَ(ن ض)خَرْطًا-الوَرَقَ :ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا ____العنقودَ :انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا ____الشجرَةَ : کھینچ کر پتے جھاڑنا ____العُوْدَ : خراد سے ہموار کرنا ____الحَدیدَ : عمود کی مانند لمبا کرنا- الجَوَاهرَ : تھیلے میں جمع کرنا ____ البَازِیَ : شکار پر چھوڑنا ____ الرجلَ : فی الامرِ : کسی کام میں لگانا ____الرَّجُلُ :جھوٹ بولنا ____الدَّلْوَفی البئر :لٹکانا ____الابلَ فی الرعی : چرنے کے لئے چھوڑنا ____ جَارِیَتَهُ : جماع کرنا ____ بِاسْتِهٖ : گوز کرنا ____عبدَه علی النّاس :ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا-
خَرَطَهُ(ن)وخَرَّطَهُ-الدواءُ :اسہال لانا-
خَرِطَت (س) خَرَطًا و اَخْرَطَت-الشاةُ او النَاقَةُ : بکری یا اُونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا
____خَرِطَبالطَعَام :پھندا لگنا-
تَخَرَّطَ-فی الامور :دلیری و خود سری کرنا-
اِنْخَرَطَ- الجسمُ : لاغر ہونا- اِنْخَرَطَت الخَرْزَة فی السِّلک : پرویا جانا- اِنْخَرَطَ فی المَکَانِ :جلدی سے داخل ہونا ____مِن :نکلنا ____الصقر :شکار پر ٹوٹ پڑنا-
بطنُ الانسان :پیٹ چلنا-کہا جاتا ہے-"اِنْخَرَطَ عَلَیْنَا بِالقبیح" وہ ہمارے اُوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا-
اِخْتَرَطَ- السیفَ : سونتنا ____ العنقودَ : انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا-
اِسْتَخْرَطَ- فی البکاء : پھوٹ پھوٹ کے رونا-
الخَرَّاط- خراد کا کام کرنے والا-بڑا جھوٹا-
الخَرَط- سارے جسم کی کمزوری-جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے-
الخَرُوْط- مُنہ زور جانور-ج خُرُط-بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا-
الخِرَاطَة- خراد کے کام کا پیشہ-
الخُرَاطَة-برادہ-
الخَرِیْطَة- تھیلا- مُلک کا نقشہ-اٹلس-خَرِیْطَه کو خَارِطَه بھی کہتے ہیں اور عربی مُصَوَّر یا مُخَطَّط ہے-
المُخْرِط- وہ بکری یا اُونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو-ج مَخَارِیْط-
المِخْرَطَة- خراد کرنے کا اوزار-ج مَخَارِط-
المَخْرُوْط-مفعول-کم داڑھی والا-لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو ____ عند اهل المَسَاحَةِ : گاؤ دُم-گاجر کی شکل کا
بئر مخروطة :تنگ مُنہ کا کنواں-
الخِرْطِیْط- منقش پروں والا پروانہ- ج خَراطِیْط-
الخَرْطَل-ایک قسم کا غلہ-
الخُرْطُوم والخُرْطُم- سونڈ- جلدی نشہ لانے والی شراب- انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے-خراطیم القوم :سرداران قوم-
خَرْطَمَه-سونڈ پر مارنا-
اِخْرَنْطَمَ- ناک بلند کرنا- غضبناک ہونا- تکبر کرنا-
الخِرْطِمان-لمبا-
الخِرْطِمَانی-لمبی ناک والا-
الخُرَاطِیْن- کینچوا-
خَرَعَه(ف)خَرْعًا-پھاڑنا-
خَرِعَ(س)خَرَعًا-الشَّیُٔ :ٹوٹنا-
واِنْخَرَعَ و تَخَرَّعَ - الرَّجُلُ : سست ہونا- ناقص رائے ہونا- کمزور جسم ہونا- انخرعت القناة :پھٹنا- ٹکڑے ٹکڑے ہونا-
خَرُعَ(ک)خَرَاعَةً وخُرْعًا و خُرُوْعًا-ڈھیلے جوڑوں والا ہونا-صفت خَرِعٌ و خَرِیْعٌ-
خَرَّعَ-الثوبَ : عصفر (کسم) سے رنگنا-
اِخْتَرَعَ- الشَّیَٔ : پھاڑنا- پیدا کرنا- ایجاد کرنا اور اس سے (الخرعة) ہے-
____فلانًا :خیانت کرنا-دھوکا دینا-
____الدابةَ :دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا-
الخَراعَة-مص-بے باکی-
الخِرْوَع- ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرائل تیار ہوتا ہے ____ ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے-واحد خِروَعَة-
الخُرَاع- اُونٹنی کی دیوانگی- اُونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی-
الخُرُوع والخَرِیْع والخِرْوَع- مِنَ النساء : نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت- ج خَرَائِع و خُرُوْع- عَیْشٌ خَرُوْع-

آسودہ زندگی- رجلٌ خَرِیْعٌ: کمزور مرد- نَاقَۃٌ خَرِیْعٌ و مَخْرُوْعَۃٌ: اُونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو-

الخَرْعَبُ و الخُرْعُوْبُ و الخُرْعُوْبَۃُ- یک سالہ درخت کی نرم و نازک شاخ- جوان خوبصورت نازک عورت یا سفید نازک اندام پُر گوشت عورت- الخرعَب: لمبا پُر گوشت مرد-

الخرعُوْب: لمبی- بڑی- زیادہ دودھ دینے والی اُونٹنی-

خَرِفَ (س) و خَرُفَ (ک) خَرَفًا- بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا- صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفَۃ)-

خَرَفَ (ن) خَرْفًا و خِرَافًا و خَرَافًا و مَخْرَفًا- الثمرَ: چننا-

خُرِفَتْ- الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا- صفت (مَخْرُوْفَۃ) ___ البَھَائِمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اُگانا-

خَرَّفَہٗ- خَرِف (فساد عقل) کی جانب نسبت کرنا-

خَارَفَہٗ مُخَارَفَۃً و خِرَافًا- موسم خریف میں معاملہ کرنا-

اَخْرَفَہٗ- بگاڑنا- فاسد کرنا- اَخْرَفَتِ الشَّاۃُ: موسم خریف میں بچہ دینا- اَخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا ___ الشجرُ: پھل توڑنے کا وقت آپہنچا-

اِخْتَرَفَ- الثمرُ: چننا ___ فی مکان: موسم خریف میں اقامت کرنا-

الخَراف و الخِرَاف- پھلوں کے چننے کا زمانہ-

الخُرَافَۃ: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں-

الخَرُوف- بکری کا بچہ- ج خِرَافٌ و اَخْرِفَۃٌ و خِرْفَان-

الخَرُوْفَۃ- بکری کا مادہ بچہ- درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے-

الخُرْفَۃ- چنا ہوا میوہ-

الخَرِیْف- موسم خریف- گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ- موسم خریف کی بارش- اور نسبت کے لئے (خَرِیْفِیٌّ و خَرْفِیٌّ و خَرَفِیٌّ)- چنی ہوئی کھجور-

الخَرِیْفَۃ- درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں-

الخُرَافَۃ- باطل بات- ج خُرَافَات- چنا ہوا پھل-

المَخْرَف- چھوٹی ٹوکری- جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں-

المَخْرَفَۃ- درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ- ج مَخَارِف- بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی-

المُخَارِف مِن الرجال: محروم-

خَرْفَجَہٗ- بہت لینا-

الخُرْفُجُ و الخُرَافِجُ و الخِرْفَاجُ و

الخِرْفِیْجُ- فراخی زندگی- الخِرْفِیج: تر و تازہ و نرم-

الخُرْفُج- موٹا-

خَرْفَشَ- الشّیئَ: ملانا- خلط ملط کرنا-

خَرَقَ (ن ض) خَرْقًا- الثوبَ: پھاڑنا ___ فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا ___ الکذبَ: جھوٹ گھڑنا ___ المفازۃَ: طے کر کے انتہا تک پہنچنا ___ العادۃَ: عادت کے خلاف کرنا ___ البناء و فی البناء: روشندان کھولنا ___ الریحُ: تیز چلنا ___ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا-

خَرَقَ (ن) خُرُوْقًا- فی البیت: لگاتار قیام کرنا-

خَرِقَ (س) خَرَقًا- خوف یا شرم سے وحشت زدہ ہونا- صفت (خَرِق) ___ فی البیت: لگاتار قیام کرنا ___ الغزالُ او الطائر: اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا-

خَرِقَ (س) خَرُقَ (ک) خَرَاقَۃً- بیوقوف ہونا- ادھورا کام کرنا- صفت (اَخْرَق) مؤنث خَرْقَاء-

خَرَّقَہٗ- پھاڑنا- خَرَّقَ الرَّجُلُ: بہت جھوٹ بولنا-

اَخْرَقَہٗ- وحشت زدہ کرنا-

تَخَرَّقَ و انْخَرَقَ و اِخْرَوْرَقَ- پھٹنا و تَخَرَّقَ الکذبَ: جھوٹ گھڑنا- تَخَرَّقَ فِی الکَرَمِ: بے حد فیاضی کرنا- تَخَرَّقَتْ و انْخَرَقَتِ الریحُ: تیز چلنا-

اِخْتَرَقَ- الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا ___ القومَ: قوم کے درمیان سے چلنا ___ الکذبَ: جھوٹ گھڑنا-

الخَرْق- مص- سوراخ- کشادگی- بغیر گھاس پانی کا بیابان- کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں- ج خُرُوْق-

الخِرْق- ج اَخْرَاق و خُرَّاق و خُرُوْق و (الخِرِّیْق) فیاض- سخی-

الخُرْق و الخَرَق و الخُرْقَۃ- رائے کی کمزوری- نادانی و بیوقوفی- سختی- نومۃُ الخُرْق: چاشت کے وقت کی نیند- اس کو نومۃ الخُرْق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت بڑھتی ہے-

الخِرْقَۃ- کپڑے کا ایک ٹکڑا- ج خِرَق- چیتھڑا- دھجی-

الخَارِق- فا- وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو- ج خَوَارِق-

الخَرِیْق و الخَرُوْق- ٹھنڈی تیز ہوا-

الخَرِیْق: نرم ہوا- ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ- پانی بہنے کی جگہ-

الخَرْقَاء- اَخْرَق کا مؤنث- کشادہ زمین- تیز ہوا-

المَخْرَق- بے گھاس پانی کا بیابان- ج مَخَارِق- مَخَارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے منہ ناک وغیرہ پر ہوتا ہے-

المَخْرَقَۃ- جھوٹ-

المِخْرَاق- خوبصورت بدن والا- فیاض- تجربہ کار- ج مَخَارِیق- المخاریق: وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں-

المُنْخَرِق: تیز رفتار-

المُخْتَرَق- گزرگاہ- مُخْتَرَقُ الریاح: ہوا کے چلنے کی جگہ- اور کہا گیا ہے "مکانٌ خاویُ المُخْتَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو-

الخُرَّق- ایک چھوٹا سا پرندہ- ج خَرَارِیق-

خَرَمَهٗ(ن)خَرْمًا۔ شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخرزۃَ :توڑنا ــــــہ :ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا ــــــ الإبرۃَ : ناکہ توڑ دینا ــــــ عن الطریق : ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْہ الخَوَارِمُ" یعنی وہ مرگیا۔ و "ماخَرَمْتُ مِنْہُ شیئًا" :میں نے اُس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔

خَرِمَ(س) خَرَمًا۔ نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت(أخْرَم)

خَرُمَ(ک)خَرَامَۃً۔ شوخ وبیباک ہونا۔ صفت (خَارِم وخَرِیْم)

خَرَّم۔الخَرْزَۃَ :سوراخ کرنا۔

تَخَرَّم۔ٹوٹنا۔

تَخَرَّمَهٗ واِخْتَرَمَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ اِخْتَرمَه المرضُ :لاغر کرنا۔ تَخَرَّمَتْہ واِخْتَرَمَتْہ المَنِیَّۃُ :اس کو موت نے لے لیا۔

اُخْتُرِمَ۔عنّا :مرنا۔

اِنْخَرَمَ۔انفُه :نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذٰلِکَ القَرْنُ" یہ زمانہ ختم ہوگیا۔

الخَرْم۔ مہ ۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم۔

الخُرْمَان۔جھوٹ۔

الخَرَمَۃ۔ناک میں چھدنے کی جگہ۔

الخَرْمَاء۔ چھدا ہوا کان۔ عنزۃ خرماء : بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔

الخَوْرَمَۃ۔ انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔

الأَخْرَم۔ مونڈھے کا کنارہ۔ شاہ روم کا لقب۔

الأَخْرمَان :اُوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔

المَخْرِم۔ پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخَارِم۔ مخارمُ اللیل : رات کے ابتدائی حصے۔

الخِرْمِس۔اندھیری رات۔

خَرْمَشَ۔الکتابَ :مٹانا۔بگاڑنا۔

اِخْرَمَّصَ۔خاموش ہونا۔

تَخَرْمَلَ۔الثوبُ :پارہ پارہ ہونا۔

الخِرْمَل۔ بیوقوف عورت۔ جوان عورت۔ بڑھیا۔لوگوں کا گروہ۔

الخَرَامِل۔پُرانے کپڑے۔

الخِرْنَوص۔سور کا بچہ۔

خَرْنَقَهٗ۔بالسیف : تلوار سے مارنا۔

الخِرْنِف۔ روئی۔بہت دودھ والی اُونٹنی۔

الخُرَانِف۔لمبا۔

الخِرْنِق۔جوان خرگوش۔ج خَرَانِق۔

الخَوَرْنَق۔ بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ نعمان اکبر ابنِ امرأالقیس کے محل کا نام جو عراق میں تھا۔ایک نباتات۔

خَزَّ(ن) خَزًّا۔ الحائطَ : دیوار پر کانٹے رکھنا ــــــ خَزَّ التمرُ یَخْزَز : کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خَازٌّ) (ــــــ واِخْتَزَّہ) بالرمح : نیزہ مارنا ــــــ کہا جاتا ہے "خَزَّہٗ واِخْتَزَّہٗ بِبَصَرِہ :اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔

الخَزُّ۔ ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوْز۔

الخُزَز۔ نر خرگوش۔ج خِزَّان وأخِزَّۃ۔

الخَزِیْز۔بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)

الخَزَّاز۔ریشم فروش۔

المَخَزَّۃ۔ خرگوشوں کی جگہ۔

خَزِبَ(س)خَزَبًا و تَخَزَّبَ۔الجلدُ :بغیر درد کے سوجنا۔ صفت(خَزِب)

ــــــ الشاۃُ : سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت(خَزِبَۃ وخَزْبَاء)

الخَیْزَب والخَیْزَبَان۔ نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو(خَیْزَبَۃ وخَیْزَبَانَۃ) کہتے ہیں۔

الخَیْزَبَان :شتر مرغ کا نر بچہ۔

الخُزَیْبَۃ۔سونے کی کان۔

الخِزْبَاز والخَازِبَازِ۔ مبنی عَلَی الکَسْرَۃ : ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

خَزَرَ (ن) خَزْرًا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت(خازِر)

خَزِرَتْ(س)خَزَرًا۔عینُه :تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (أخْزَر) مؤنث خَزْراء ج خُزْرٌ۔ خَزِرَ الرَّجُلُ :بھاگنا۔

خَزَّرَ۔الشَّیءَ :تنگ کرنا۔

تَخَازَرَ۔نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔

الخَزَر۔ آنکھ کی تنگی۔ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحْرُ الخَزَر" یعنی بحر کیسپین۔

الخَزْرَۃ والخُزَرَۃ۔ پیٹھ کا درد۔

الخُزْرَۃ۔بد ترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔

الخَیْزُرَان۔ بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔ واحد(خَیْزُرَانَۃ)ج خَیَازِر۔

الخَیْزُوْر۔نرکل۔

الخَوْزَرَیٰ والخَیْزَرَیٰ۔ایک قسم کی چال ناز و انداز کے ساتھ۔

خَزْرَبَهٗ وخَزْرَبَۃً۔بیہودہ بکنا۔

الخَزْرَج۔ ٹھنڈی ہوا۔جنوبی ہوا۔شیر۔

خَزْرَفَ۔فی مشیته :ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

الخَزَرْنَق۔مکڑی۔

الخُزَرَانِق۔کپڑا یا سفید کپڑے۔

خَزَعَ (ف) خَزْعًا و تَخَزَّعَ۔ الشَّیءَ : کاٹنا ــــــ عن القوم : پیچھے رہ جانا۔ خَزَعَ مِنْه شیئًا :لینا۔تَخَزَّعُوا الشَّیءَ :باہم تقسیم کرنا۔

خَزَّعَ۔ الشَّیءَ : کاٹنا ــــــ الشَّیءَ بینهم : تقسیم کرنا۔

اِنْخَزَعَ۔الحبلُ :نصف سے کٹ جانا۔ ــــــ الرَّجُلُ : بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔

اِخْتَزَعَهٗ۔لینا ــــــہ عن القوم :جدا کرلینا۔

الخُزَاع۔موت۔

الخَزْعَۃ۔ایک پاؤں سے لنگڑا پن۔

الخِزْعَۃ۔گوشت کا ٹکڑا۔

الخُزَاعَۃ۔ ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔

الخَوْزَع۔بڑھیا۔

الخَوْزَعَۃ۔ ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔

الخَزَوَّع۔ وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اُڑا

لے۔

الخَزعْبَل والخُزعْبِل والخُزعْبِیل۔ خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔

الخُزعُبلَة۔ خوش طبعی ومذاق۔

خَزعَلَ۔ فی مشیہ: لنگڑانا ___ الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔

الخَزعَل۔ بجو۔

الخُزعَالَة۔ خوش طبعی وکھیل کود۔

خَزَفَ (ض) خَزفًا۔ فی مشیہ: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا ___ الثوبَ: پھاڑنا ___ الشَّیئَ: چیرنا۔

الخَزَف۔ واحد (خزفة) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔

الخَزّاف والخَزَفِیّ۔ مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔

خَزَقَهٗ (ض) خَزقًا۔ آہستہ نیزہ مارنا۔

خَزَقَهٗ بالسهم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا ___ الشَّیئَ فی الارض: گاڑنا۔

تَخَزَّقَ وانْخَزَقَ۔ چھدنا۔

اِختَزَقَ۔ السیفُ: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔

الخَازِق۔ فا۔ نیزے کا پھل۔

الخَازُوق۔ تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوَازِیق۔ مولدین نے اسی سے فعل "خَوزَقَ" بنایا ہے۔

المِخزَقَة۔ چھوٹا نیزہ۔

الخَیزَقَة۔ ایک ترکاری کا نام۔

خَزِكَ (س) خَزكًا۔ اصرار کرنا۔

خَزِلَ (س) خَزَلًا۔ شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخزَل ومَخزُول)

خَزَلَ (ض) خَزلًا۔ الشَّیئَ: کاٹنا ___ ہ عن حاجتِه: روکنا۔

تَخَزَّلَ۔ کٹنا۔ بوجھل چلنا ___ السَّحَابُ:

اِنْخَزَلَ۔ گرانباری سے چلنا ___ فی کلامِه: رک جانا ___ عن الجواب: لاپرواہی کرنا ___ مِنَ المَکان: علیحدہ ہونا۔

اِختَزَلَ۔ الشَّیئَ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔

___ ہ: عیب لگانا ___ برایِه: علیحدہ رائے رکھنا ___ ہ عن قومِه: علیحدہ کرنا ___ الوَدِیعَةَ: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔

الخُزْلَة۔ شکستگی پشت۔

الخُزَلَة۔ مراد سے روکنے والا۔

الخَوزَلی والخَیزَلی۔ ایک قسم کی چال جس میں نازوانداز ہو۔

خَزَمَ (ض) خَزمًا۔ اللّآلی: پرونا۔

(___ وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَلَ فی اَنفِهِ الخِزَامَةَ" فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع ومسخر کر لیا۔

خَازَمَهٗ مُخَازَمَةً۔ الطریقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔

تَخَزَّمَ۔ الشوکُ فی رجلِه: چبھنا۔

تَخَازَمَ۔ الجیشانِ: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

الخَزَم۔ ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔

الخُزَامی والخُزَام۔ ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔

الخِزَامَة۔ باریک چمڑا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائم۔

الخَزُومَة۔ گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔

الاَخزَم۔ نر سانپ۔

المَخزَم۔ پہاڑی راستہ۔ ج مَخَازِم۔ شراک (مَخزُوم) کٹا ہوا تسمہ۔

خَزَنَ (س) خَزنًا واختَزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا ___ السِّرَّ: چھپانا۔ اللسانَ: زبان روکنا۔ اِختَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔

خَزِنَ (ن) خَزنًا وخُزُونًا وخَزِنَ (س) خَزَنًا وخَزُنَ (ک) خَزَانَةً۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِینٌ)

اَخزَنَ۔ محتاجی کے بعد مالدار ہونا۔

اِستَخزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔

اِستَخزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔

الخِزَانَة والخَزِینَة۔ ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ ج خَزَائِن۔ الخِزَانَة: خزانچی کا پیشہ۔

الخَازِن۔ فا۔ ذخیرہ کرنے والا۔ خازن الامیر: خزانچی۔ ج خَزَنَة وخُزّان۔ الخازن: زبان۔

الخَزَنَة والخَزِینَة۔ خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔

الخَزّان۔ زبان۔

المَخزَن۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن۔ مَخَازِنُ الطریق۔ مقصود کی طرف قریب ترین راستہ۔

خَزَاهٗ (ن) خَزوًا۔ غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔ خَزَ الدَّابَةَ: سدھانا۔

خَزِیَ (س) خِزیًا و خَزًی۔ ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خَزِیَهٗ وخَزِیَ مِنهُ خَزَایَةً وخَزًی: شرم کرنا۔ صفت (خَزٍ) مؤنث خَزِیَةٌ و(خَزیان) مؤنث خَزیا ج خَزایا۔

خَزَیٰ (ض) خَزیًا۔ ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔

خَازَاهٗ مُخَازَاةً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔

اَخزَاهٗ اِخزَاءً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اَخزَاهُ اللّٰهُ مَا اَشعَرَه" جیسے کہ کہتے ہیں "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشجَعَهٗ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔

اِستَخزٰی۔ شرم محسوس کرنا۔

الخِزی۔ ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔

الخَزیَةُ والخِزیَة۔ بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔

المَخزَاة۔ باعث رسوائی وشرمندگی۔

خَسَّ (س) خَسَاسَةً وخُسُوسَةً وخِسَّةً۔ رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خَسِیس) ج خِسَاس واَخِسَّة۔

خَسَّ (ن) خَسًّا وخَسَسَ۔ نَصِیبَهٗ: حصہ کم کرنا۔

اَخَسَّ۔ گھٹیا کام کرنا ___ ہ: رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ اَخَسَّ حَظَّهٗ: حصہ کم کرنا۔

تَخَاسُّوا۔ الشَّیئَ: کسی چیز کو آپس میں لینا دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔

اِستَخَسَّهٗ۔ رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔
الخَسُّ۔ خس۔ خَسُّ الحِمَارِ و خَسُّ البَقَرِ : دو جنگلی گھاس کے نام۔
الخِسَاس۔ ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔
الخُسَاسَة۔ تھوڑا مال۔
الخَسِیْسَة۔ الخَسِیْس کا مؤنث۔ ج خَسَائِس و خَسَائِسُ الاُمُور : حقیر باتیں۔
شیٌٔ (خُسَاسٌ و مَخْسُوْس) معمولی گھٹیا چیز۔
الخُنَّسَان۔ ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔
خَسَأَ (ف) خَسْأً۔ الکلبَ : دھتکارنا۔ (___ خَسْأً و خُسُوْءًا) البصرُ : چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (___ وخَسِیَٔ (س) خَسَأً وَ اِنْخَسَأَ) الکلبُ : دور رہنا۔ دھتکارا جانا۔
خَاسَا مُخَاسَأَةً و تَخَاسَأَ و تَخَاسُؤًا۔ القومُ : آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخَسِیُٔ۔ گھٹیا اُون وغیرہ۔
الخَاسِیُٔ۔ فا ___ مِنَ الخنَازِیر والکِلَاب : دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔
الخَسِیْج۔ خیمہ۔ اُون کا بنا ہوا کمبل۔
خَسِرَ (س) خَسْرًا و خُسْرًا و خُسُرًا و خَسَارًا و خَسَارَةً و خُسْرَانًا۔ نقصان اُٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خَاسِرٌ و خَسِیْرٌ و خَیْسَرِیٰ)
خَسَرَ (ض) خَسْرًا و خُسْرَانًا۔ المِیْزَانَ : کم کرنا۔ گھٹانا ___ المالَ : ضائع کرنا۔
خَسَّرَهٗ و اَخْسَرَهٗ۔ نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اَخْسَرَ الرجُل : نقصان میں پڑنا۔ اَخْسَرَ المِیْزَان : گھٹانا۔ کم کرنا۔
الخَاسِر۔ فا۔ کَرَّةٌ خَاسِرَةٌ : غیر مفید حملہ۔
الخَنْسَر و الخَنْسَرِیُّ۔ وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خنَاسِرة۔
خُسِعَ خَسْعًا۔ عنه کذا : کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔
خَاسِعُ القَوْمِ و خَسِیْعَتُهُم۔ قوم کا خسیس ترین فرد۔
خَسَفَ (ض) خُسُوْفًا۔ المکانُ : دھنس جانا ___ القمرُ : گہن لگنا ___ العَیْنُ : آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا ___ السَقْفُ : گرنا ___ الشَّیئُ : کم ہونا ___ الرَجُلُ : دُبلا ہونا۔ خَسَفَ فی الاَرْض و خُسِفَ بِهٖ : زمین میں دھنسنا (___ خَسْفًا) الشَّیَٔ : کاٹنا ___ العینَ : پھوڑنا ___ اللّٰهُ الارضَ : مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔ اللّٰهُ الاَرْضَ بِفُلَانٍ : زمین میں دھنسا دینا۔ ___ البئر : پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے ___ فلانًا : ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خَسَفَ الشَّیَٔ فَخَسَفَ هُوَ : پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازی و متعدی)
اَخْسَفَت و اِنْخَسَفَت۔ عینُهٗ : اندھی ہونا ___ الارضُ : مع ساری چیزوں کے دھنس جانا ___ البئرُ : گر جانا۔
الخَسْف۔ مہ۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سَامَهٗ خَسْفًا و خُسْفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔
الخَسْف : کنوئیں کا سوت۔
الخَاسِف۔ فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ دبلا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج۔ خُسُف۔
الخَسْف و الخُسْف اخروٹ واحد (خَسْفَة) کہا جاتا ہے "بَاتُوْا عَلَی الخَسْف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ و "شَرِبْنَا عَلَی الخَسْفِ" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔
الخَسِیْف۔ ج اَخْسِفَة و خُسُف و (الخُسُوف) ج خُسُف۔ مِنَ الابار : کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخَسِیْفُ مِنَ العُیُون : دھنسی ہوئی آنکھ مِنَ النُوق : بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ مِنَ السَّحابِ : بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔
الاَخَاسِف و الاَخَاسِیْف۔ نرم زمینیں۔
الخَیْسَفُوْج و الخَیْسَفُوْجَة۔ پتوار۔
الخَیْسَفُوْج : بنولہ۔ پرانی لکڑی۔
خَسَقَ (ض) خَسْقًا و خُسُوْقًا۔ السهمُ : اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔
الخَسَّاق۔ بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ خَسَقَاتٍ فِی البَیْعِ" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا ہے۔ کبھی فسخ کرتا ہے۔
خَسَلَهٗ (ن) خَسْلًا۔ رذیل کرنا۔ دور کرنا۔
الخِسَالَة و الخُسَالَة۔ ہر چیز کا ردی حصہ۔
الخَسِیْل۔ فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسَال و خَسَائِل۔
الخُسَّل و الخُسَّال۔ کمینے و کمزور لوگ۔
المُخَسَّل و المَخْسُوْل۔ رذیل۔ حقیر۔
خَاسَی مُخَاسَاةً و اَخْسَی اِخْسَاءً خَسَّی تَخْسِیَةً ___ ہ : اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔
الخَسَا۔ طاق۔ ج الاَخَاسِی (خلافِ قیاس) کہا جاتا ہے "خَسًا اَوْ زَکًا" یعنی طاق یا جفت۔
الخَسِیّ۔ اُون کا کپڑا یا خیمہ۔
خَشَّ (ن) خَشًّا۔ فیه : داخل ہونا ___ السحابُ : تھوڑی بارش برسنا ___ زیدًا : نیزہ مارنا ___ البَعِیر : اونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")
اِنْخَشَّ۔ فیه : داخل ہونا ___ بَیْنَ القَوْمِ : گھل مل جانا۔
الخُشّ۔ مہ۔ تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ پیادے۔
الخُش۔ ٹیلہ۔
الخَاش۔ فا۔ الخَشُّ کا واحد بمعنی پیادہ۔
الخِشَاش۔ کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خِشَاشَةٌ) غضب۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ خِشَاشَهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ خِشَاشَا الشَّیَٔ : چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّة۔
الخُشَاش۔ ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔
الخَشَّاء۔ گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشَّاوَات و خَشَاشِیّ۔
الخُشَّاء۔ کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی۔
المِخَشّ۔ دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخَشَش والخُشَيْش۔ ہرن کا بچّہ جو چلنے لگے۔

خَشَبَ (ض) خَشْبًا۔ الشَّیَٔ بِالشَّیْءِ : ملانا ـــــ الشَّیَٔ : چھانٹنا۔ صاف کرنا ـــــ السَّیْفَ : صیقل کرنا (ـــــ واِخْتَشَبَ) الشِعْرَ : آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِخْتَشَبَ السَّیْفَ : تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشَّبَ۔ الشَّیْءُ : موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تَخَشَّبَ۔ چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السَّیْفَ : تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخْشَوْشَبَ۔ لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ فی عَیْشِہٖ : مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب۔ موٹی لکڑی۔ ج خَشَب و خُشُب و خُشْبَان۔

الخَشِب والاَخْشَب۔ موٹا کھردرا۔ عَیْشٌ خَشِبٌ : ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشَّاب۔ لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَة

الخَشْبَاء۔ سخت زمین جس میں پتھر کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِیْب۔ مِنَ السُّیُوفِ : تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز ـــــ مِنَ القِسِیّ : تراشی ہوئی کمان۔ ج خشب و خَشَائِب۔

المَخْشُوْب۔ مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المِخْشَاب۔ موٹا۔ پست قد۔

الخَشْبَلُ۔ سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق۔ کتاں۔ ریشم۔ چوبغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً و تَخَشْخَشَ۔ السِلَاحُ او الحُلِیُّ : جھنکار ہونا ـــــ فلانٌ بَیْنَ الشَجَرِ و بَیْنَ القَوْمِ : داخل ہو کر غائب ہو جانا۔

الخَشْخَاش۔ پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا۔ دسترخوان پر ردی چیز چھوڑنا ـــــ الشَّیْءَ : کسی چیز سے اس کے ردی حصّہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا۔ بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الخُشَار و الخُشَارَة۔ ہر چیز کا ردی حصّہ۔ دسترخوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خَاشِرَة۔ الناس : رذیل لوگ۔ واحد (الخَاشِر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً۔ ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَتِ۔ الضَبُعُ : کھانے میں چپڑ چپڑ کرنا۔

الخَشْرَم۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشَارِمَة۔

الخُشَارِم۔ موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوعًا۔ لہ : فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خَاشِعٌ) ج خُشَّع و خَشَعَة و خَاشِعُوْن ـــــ بِبَصَرِہٖ : پست کرنا ـــــ بَصَرُہٗ : نگاہ کا پست ہونا ـــــ الصوتُ : آواز کا پست ہونا ـــــ الشمسُ : ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ الوَرَقُ : پتے مرجھانا ـــــ الارضُ : بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

اِخْشَعَہٗ۔ کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَخَشَّعَ۔ فروتنی کرنا۔ (ـــــ و تَخَاشَعَ) فروتنی دکھانا۔

اِخْتَشَعَ۔ کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخَاشِع۔ فا۔ مَکَانٌ خَاشِعٌ : وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خَاشِعَةٌ : وہ شہر جس میں اترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدَارٌ خَاشِعٌ : دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔

الخِشْعَةُ۔ بچّہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَةُ۔ پست ٹیلہ۔ ج خُشَع۔

خَشَفَ (ن ض) خُشُوْفًا و خَشَفَانًا۔ ملک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ الماءُ : جمنا ـــــ البردُ : تیز ہونا (ـــــ و اِنْخَشَفَ) فی الشَّیْءِ : داخل ہونا۔

خَشَفَ (ض) خَشَافَةً۔ بالقَوْمِ : ساتھ چلنا اور راہبری کرنا (ـــــ خَشْفًا و خَشَفَةً) ـــــ الجَلِیْدُ : برف پر چلنے سے آواز نکلنا ـــــ فی السَیْرِ : تیز چلنا۔

خَشِفَ (س) خَشَفًا۔ البعیرُ : پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (اَخْشَف) مؤنث خَشْفَاء۔ ج خُشْفٌ۔

خَشَّفَ۔ راستہ بتلانا۔

خَاشَفَ۔ الی الشَرِّ : برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فی ذِمَّتِہٖ" اُس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔

خَاشَفَ السَّھْمُ : سنسناہٹ سنائی دینا۔

اَخْشَفَتِ۔ الظَبْیَةُ : بچّہ والی ہونا۔

الخَاشِف۔ فا۔ سَیْفٌ خَاشِفٌ : تیز تلوار۔ مَاءٌ (خَاشِفٌ و خَشْفٌ) جما ہوا پانی۔

الخَشْف۔ بتثلیث الخاء : ہرن کا نوزائیدہ بچّہ۔ ج خِشَفَةٌ (ـــــ و الخُشَف) سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخَشْف و الخَشَفَة و الخشَفَة۔ آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الخَشْف : ذلت۔ الخِشْف و الخُشْف : گھٹیا قسم کا اون۔

الخَشَف و الخَشِیْف۔ سخت برف۔ نرم یخ۔

الخَشُوْف۔ معاملات میں دخل دینے والا ـــــ مِنَ الرِّجَال۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز ـــــ مِنَ السُّیُوْف : تیز تلوار۔

الخُشَّاف۔ چمگادڑ۔

المَخْشَف۔ وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَفُ۔ راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خَشَلَہٗ۔ (ن) خَشْلًا و خَشْلَةً۔ حقیر بنانا۔ خَشَلَ الشَّرابَ : صاف کرنا۔

خَشِلَ (س) خَشَلًا۔ الثوبُ : بوسیدہ ہونا۔

تَخَشَّلَ۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخَشْل و الخَشَل۔ ردی۔ الخَشْل : ہر جوفدار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشْلَة) کہا جاتا ہے۔ رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ و خَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد۔

خَشَمَہٗ (ض) خَشْمًا۔ ناک کی جڑ توڑنا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خُشُوْمًا۔ چوڑی ناک

والا ہونا ___ الانف : بدبودار ہونا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خَشِمَ و اَخْشَمَ و تَخَشَّمَ۔ اللحْمُ : بدبودار ہونا۔ خَشَّمَهُ الشَّرابُ : ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الاَخْشَمُ۔ چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ اَنْفٌ اَخْشَمُ : بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْمَاءُ ج خُشْمٌ۔

الخَيْشُومُ۔ ناک کی جڑ۔ ج خَيَاشِيمُ۔ الخَيَاشِيمُ : ناک کے اندر کی رگیں۔ خَيَاشِيمُ الجبال : پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے۔ "اَشْرَفَتْ خَيَاشِيمُ الجِبَالِ۔"

الخُشَامُ۔ شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُومٌ) مست مرد۔

خَشُنَ (ک) خُشْنَةً و خَشَانَةً و خُشُونَةً و مَخْشَنَةً۔ سخت و کھردرا ہونا ___ صفت (خَشِنٌ) ج خِشَانٌ۔

خَشَّنَهُ۔ سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَشَّنَ صَدْرَهُ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خَاشَنَهُ۔ سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَخَشَّنَ۔ سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخَاشَنَ۔ بتکلف سختی برتنا۔

اِسْتَخْشَنَ۔ الشَّئَ : کھردرا پانا۔

اِخْشَوْشَنَ۔ سخت کھردرا ہونا۔ عَلَيْهِ صَدْرُهُ : غضبناک ہونا۔

الخَشِينُ۔ سخت طبیعت والا۔

الاَخْشَنُ۔ سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاءُ ج۔ خشن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَخْشَنُ" بُرے حال والا۔ و "هُوَ اَخْشَنُ الجَانِبِ" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "كَتِيبَةٌ خَشْنَاءُ" بہت ہتھیار والی فوج۔

خَشِيَهُ (س) خَشْيًا و خِشْيًا و خَشْيَةً و خَشَاةً و خَشْيَانًا و مَخْشِيَةً و مَخْشَاةً۔ ڈرنا۔ خَشَّاهُ تَخْشِيَةً و خَشَّاهُ۔ ڈرانا۔ خَشَّاهُ فُلانًا : کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِي والخَاشِي والخَشْيَانُ والخَشِيُّ۔ ڈرنے والا۔ مؤنث خَاشِيَةٌ و خَشِيَةٌ و خَشْيَانَةٌ و خَشْيَا۔ ج خَشَايَا۔ الخَشِيُّ والخَشِيُّ مِنَ النَّبَاتِ : خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا المَكَانُ اَخْشَى مِنْ ذَاكَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

الخَشْيَةُ۔ خوف۔ ڈر۔ کلیات میں ہے کہ خشية میں خوف سے زیادہ مبالغہ ہے' اس وجہ سے کہ خشية "شَجَرَةٌ خَاشِيَةٌ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں سوکھا درخت اور خوف "نَاقَةٌ خَوْفَاءُ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں بیمار اونٹنی اور ظاہر ہے کہ سوکھے درخت میں درخت کا بالکل خاتمہ ہو جاتا ہے بخلاف بیمار اونٹنی کے کہ اس میں اونٹنی کا خاتمہ نہیں ہوتا' نقصان ہوتا ہے اور خوف کے معنی نقصان ہی کے ہیں۔ اور خوف خائف کی کمزوری کی وجہ سے ہو جاتا ہے بخلاف خشية کے کہ جس سے ڈرا جائے اس کی عظمت کی وجہ سے ہوتا ہے۔

خَصَّ (ن) خَصًّا و خُصُوصًا و خُصُوصَةً و خُصُوصِيَّةً و تَخِصَّةً و خِصِّيَّةً و خِصِّيصَى و خِصِّيصَاءَ۔ فلانًا ب الشَّئِ : خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّهُ بِالْوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (___ خُصُوصًا) الشَّئُ : خاص ہونا ___ الشَّئَ لِنَفْسِهِ : اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ (س) خَصَاصَةً و خَصَاصًا و خَصَاصَاءَ۔ محتاج ہونا۔

خَصَّصَ۔ الشَّئَ : خاص کرنا ___ ہ بِالشَّئِ : کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا ___ الغلامُ : لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ بنیٹھی گھمانا۔

اِخْتَصَّ۔ محتاج ہونا ___ بِالشَّئِ : خاص ہونا ___ ہ بِالشَّئِ : خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اَللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَّشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَخَصَّصَ۔ بِالشَّئِ : خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرَّجُلُ : خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِسْتَخَصَّ۔ الشَّئَ : مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخُصُّ۔ بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج اَخْصَاص و خُصُوص و خِصَاص۔ شہر (خِصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخَاصُّ۔ فا۔ عام کی ضد۔ یکتا۔

الخَاصَّةُ۔ عَامَّةٌ کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لیے خاص کر لو۔ خَاصَّةُ المَلِكِ : بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خَاصَّةُ النَّبَاتِ : نباتات کی قوت و اثر۔ ج خَوَاصٌّ (___ والخَوَاصُّ والخُصَّانُ والخِصَّانُ) مِنَ القومِ : برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا يَفْعَلُ هٰذَا خِصَّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الخَاصِّيَّةُ۔ خاصہ کی جانب نسبت۔ ج خَاصِّيَّاتٌ و خَصَائِصُ۔

الاَخَصُّ۔ افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي اَطْبَائِهِ اَخَصُّ مِنْ هٰذَيْنِ"

الخُصَاصَةُ۔ انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصَاصٌ۔

الخَصُوصُ والخُصُوصُ۔ علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے۔ اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ و خُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ يَصْقُلَ الخَاطِرَ و يُنَشِّطَ الفَاتِرَ كَقَائِلَةِ الهَوَاجِرِ و خُصُوصًا فِي شَهْرَيْ نَاجِرٍ۔

الخَصَاصُ۔ مص۔ دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَ القَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الغَيْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہو گیا۔ وَلَمَحْتُهُ مِنْ خَصَاصِ البَابِ" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَةٌ) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فُلانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔

خُوَيْصَّةُ۔ الانسان : وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔

خَصَبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصْبًا

المکانُ : سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب وخَصِیْب ومُخْصِب ومِخْصَاب)
اَخْصَبَ۔ المکانُ : سرسبز ہونا ___ اللّٰہُ المکانَ : سرسبز کرنا ___ الشاۃُ : سرسبزی میں پہنچنا ___ القومُ : سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔
الخَصَب۔ شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصَبَة)
الخِصْب۔ سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج اَخْصَاب۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ خِصْبٌ واَخْصَابٌ" (جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَصِبَةٌ واَرَضُوْنَ خِصْبٌ واَرْضٌ خِصْبَةٌ وخَصْبَةٌ"
الخُصَب۔ جانب۔ ایک قسم کا پہاڑی سفید سانپ۔
الخِصَاب۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصَابَة)
(رجل خَصِیب) بہت فیض والا مرد۔
خَصِرَ (س) خَصَرًا۔ الیومُ : ٹھنڈا ہونا۔
___ الرَّجُلُ : ٹھنڈک کی وجہ سے اطرافِ اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔
اَخْصَرَ۔ القُرُّ اَنَامِلَهُ : سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔
خَاصَرَهُ مُخَاصَرَةً۔ ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔
اِخْتَصَرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الکلامَ : مختصر کرنا ___ الطَّرِیقَ : قریب کا راستہ چلنا۔ فی الشیئِ : زائد چیزیں حذف کرنا ___ الرَّجُلُ : ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ بِالعَصَا : ٹیک لگانا۔
تَخَاصَرَ۔ اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا ___ القومُ : ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔
تَخَصَّرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ بالمِخْصَرَةِ۔ لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔
الخَصْرُ۔ کمر۔ خَصْرُ القَدَمِ : تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُوْرٌ۔
الخَصَر۔ سردی۔
الخَصِر۔ ٹھنڈا۔
الخِصَار۔ ازار۔
الخَاصِرَة۔ من الانسان : پہلو۔ ج خَوَاصِر۔ پہلو کا درد۔
المِخْصَرَة۔ ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی، چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر۔ مَخَاصِرُ الطَّرِیقِ : اقرب ترین راستہ۔
المُخَصَّر۔ باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَیْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔
رَجُلٌ (مَخْصُوْرٌ) کمر یا پہلو میں درد والا۔
اَخْصَرَ۔ مختصر۔ اِخْتَصَرَ کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔
خَصَفَ (ض) خَصْفًا واَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ۔ النعلَ : جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشیئَ علی الشیئِ : چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ یَخْصِفُوْنَ اَقْدَامَ القَوْمِ بِاَقْدَامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔
خُصِفَ۔ پے بہ پے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔
خَصَّفَ۔ بدخلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَهُ الشَّیْبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیئے۔
الخَصْف۔ مد۔ جوتا۔
الخَصَف۔ سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔
الخَصَفَة۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف وخِصَاف۔
الخَصْف والخَصَفَة۔ چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔
الخُصْفَة۔ جوتے وغیرہ کا سوراخ۔
الخَصَّاف۔ بڑا جھوٹا۔ موچی۔
الخَصِیف۔ راکھ۔ سلا ہوا جوتا۔ تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے۔ (___ والاَخْصَف) سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔ الاَخْصَف : شترمرغ۔ مؤنث خَصْفَاء۔
المِخْصَف۔ سُتالی۔ ج مَخَاصِف۔ شاۃ (مَخْصُوْفَة) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔
خَصَلَ (ن) خَصْلًا۔ الشیئَ : کاٹنا۔ جدا کرنا۔
(خَصَلَ (ن) خَصْلًا و خِصَالًا) القومَ : فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خَصَّلَهُ۔ ٹکڑے کرنا ___ الشَّجَرَ : چھانٹنا۔
خَاصَلَهُ خِصَالًا و مُخَاصَلَةً۔ تیر اندازی میں شرط لگانا۔
اَخْصَلَ۔ الرَّامِی : نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تَخَاصَلَ۔ القومُ : تیراندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخَصْل۔ مد۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "اَحْرَزَ خَصْلَهُ واَصَابَ خَصْلَهُ" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خُصُوْل۔
الخَصْلَة۔ عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خِصَال (و الخُصْلَة) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خُصَل۔ الخُصَل : لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ۔ الخُصْلَة۔ بالوں کا گچھا گوشت کا عضو۔
الخَصِیلَة۔ بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خَصِیل و خَصَائِل۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُه واضْطَرَبَتْ خَصَائِلُه" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھرتھرانے لگا۔
المِخْصَل۔ شمشیر بُراں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)
المِخْصَال۔ دارنتی۔
خَصَمَهُ (ض) خَصْمًا۔ جھگڑے میں غالب آنا۔
خَاصَمَهُ خِصَامًا و مُخَاصَمَةً۔ جھگڑا کرنا۔ اسم (الخُصُوْمَة) ہے۔
اَخْصَمَهُ۔ جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سکھانا۔
تَخَاصَمَ واخْتَصَمَ۔ القومُ : ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخَصْم۔ مد۔ مدمقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے

والا- تثنیہ جمع اور مؤنث کے لیے بھی مستعمل ہے- کہا جاتا ہے "هُمَا وهُمْ وهِيَ خَصْمِيْ" ج خُصُوْم وخِصَام واَخْصَام"
الخُصْم- جانب- گوشہ- ج اَخْصَام و خُصُوْم-
الخَصِيْم- جھگڑالو- ج اَخْصَام وخُصَمَاء و خُصْمَان-
الخَصِم- ج اَخْصَام و خَصِمُوْن و (الخَصُوْم) جھگڑالو- مخالف- مدمقابل-
الخَصِيْن- کلہاڑی- ج خُصُن واخْصُن (مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے)
خَصَى (ض) خِصَاءً- ہ: خصی کرنا-
الخَصِي- فوطوں میں درد والا-
الخَصِيُّ- وہ شخص جس کے فوطے نکال لیے گئے ہوں- آختہ- ج خِصْيَةٌ وخِصْيَان-
الخُصْيَة- فوطہ- ج خُصًى- خُصْيَةُ البَحْر و خُصَى الثَّعْلَب وخُصْيَةُ الدِّيْك وخُصْيَةُ الكَلْب: مختلف نباتات کے نام-
خَضَّضَ- الجَارِيَةَ: سفید مہرے پہنا کر سنوارنا-
خَاضَّهُ مُخَاضَّةً- بیع بالعوض کرنا-
الخَضَض- سفید مہرے- رنگ برنگ کے کھانے- بیہودہ گفتگو- کہا جاتا ہے "منطق خضض"
الخَضَاض- کم حیثیت زیور- روشنائی- قیدی کی بیڑی- کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا- رجلٌ خَضَاض وخَضَاضَةٌ: بیوقوف مرد- مکان (خَضِيْض) پانی سے ترجگہ-
خَضَبَ (ض) خَضْبًا وخَضَّبَ- الشَّيْءَ: رنگین کرنا-
خَضَبَ (ض) وخَضِبَ (س) خُضُوْبًا وخُضِبَ واَخْضَبَ الشجرُ اوالمكانُ: سرسبز ہونا-
تَخَضَّبَ واِخْتَضَبَ- بالحِنَاء: رنگین ہونا- صفت (خَضِيْب) ج خُضُب و (مَخْضُوْب ومُخَضَّب)
اِخْضَوْضَبَ اِخْضِيْضَابًا- الشجرُ: سرسبز ہونا-

الخَاضِب شترمرغ جس کے بیخ پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں-
الخَضْب- مہ- درخت کی سبزی- بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی- ج خُضُوْب-
الخِضَاب- رنگ- رنگ کرنے کی چیز-
الخُضَبَة- بہت خضاب لگانے والی عورت-
الخَضُوْب- بارش کے بعد نئی لگی ہوئی سبزی-
الخَضِيْب- رنگا ہوا- کہا جاتا ہے "كَفٌّ خَضِيْبٌ وامْرَأَةٌ خَضِيْبٌ" رنگی ہوئی ہتھیلی- خضاب لگائی ہوئی عورت- ج خُضُب- الكَفُّ
الخَضِيْب: ایک ستارے کا نام-
المِخْضَب- کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن- لگن-
خَضْخَضَ خَضْخَضَةً- الماءَ و نحوه: ہلانا-
تَخَضْخَضَ- ہلنا-
الخُضَاخِض- مِنَ الأَمَاكِن: جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں- بڑے پیٹ والا موٹا مرد (____ والخُضْخُض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا-
خَضَدَ (ض) خَضْدًا- العودَ: بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا- موڑنا ____ الشجرَ: کانٹے کاٹنا ____ الرَّجُلُ: ککڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا-
خَضَّدَهُ- کاٹنا-
تَخَضَّدَ واِنْخَضَدَ- العودُ: ٹوٹنا- اِنْخَضَدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا-
الخَضَد- کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی- پھلوں کی پژمردگی- نباتات کی کمزوری-
خَضَد البَدَن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا- خَضَد السَّفر: تکانِ سفر (____ والخُضَاد) اعضاء کا درد-
الخَضِد والمَخْضُوْد- اُٹھنے سے عاجز- کمزور- کہا جاتا ہے "رجلٌ مَخْضُوْدٌ" دلیل سے عاجز مرد-
الأَخْضَد والمُتَخَضِّد- دوہرا ہونے والا-
المِخْضَد- بہت کھانے والا-

خَضِرَ (س) خَضَرًا- سبز ہونا ____ الزَّرْعُ: سرسبز وشاداب ہونا-
خَضَرَ (ن) خَضْرًا- النخلَ: کاٹنا-
اَخْضَرَ- الريُّ النباتَ: سرسبز وشاداب کرنا-
خَضَّرَ- الشيءَ: سبز کرنا-
خَاضَرَهُ مُخَاضَرَةً- درخت کے اوپر ہی کچا پھل بیچ دینا-
اِخْضَرَّ واِخْضَوْضَرَ- سبز ہونا- واِخْضَرَّ الليلُ: سیاہ ہونا-
اِخْتَضَرَ- الفاكهةَ: وقت سے پہلے کچا کھانا ____ العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا ____ الجَارِيَةَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا-
اُخْتُضِرَ: جوان مرنا-
الخِضْر والخَضِر- اس ذاتِ گرامی کا نام جن سے سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی- اور اس کی کچھ تفصیل سورۃ کہف میں ہے-
الخَضِر- سبز- ٹہنی- کھیتی- سبز ترکاری- سبزہ زار-
الخَضَار- نئی سبزی- زیادہ پانی ملا ہوا دودھ-
الخَضِيْر- سبز- سبز ترکاری-
الخُضْرَة- سبز رنگ- ترکاری- نرمی و تازگی- کہا جاتا ہے- "غُصْنٌ فِيْهِ خُضْرَةٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو- ج خُضَر وخُضَر و "خُضْرَة الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرةُ في ألْوَانِ الإبلِ والخَيْلِ: مٹیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو ____ في ألْوَانِ النَّاسِ: گندم گونی-
الخَضَّار- سبزی فروش-
الخُضَارَة- سبز ترکاریاں- خَضَارَة: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے-
الخُضَارِيُّ والخُضَيْرِيُّ- ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں- ج خَضَارِيُّ-
الخَضْرَاء- اَخْضَر کا مؤنث- القُبَّة الخَضْرَاء: آسمان- وخَضْرَاءُ القَوْم: قوم کا بڑا

حصہ۔ ج خَضْرَاوَات۔ الخَضْرَاوَات: ترکاریاں۔ میوے۔
الأُخْضَرَان۔ گھاس و درخت۔
الأَخَاضِر۔ سونا۔ گوشت و شراب۔
الأُخَيْضِر۔ مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔
المَخْضَرَة۔ سبزہ زار۔
خَضْرَب خَضْرَبَةً۔ الماءَ: لہریں۔ ماءٌ (خُضَارِب۔ لہریلنے والا پانی)
المُخَضْرِب۔ فصیح و بلیغ مرد۔
الخِضْرِنج۔ ککڑی، خربوزہ وغیرہ کی فالیز۔
الخُضَارِع والمُتَخَضْرِع۔ بخیل جو تکلف سے سخاوت کرے۔
خَضْرَم۔ الأُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔
الخِضْرِم۔ بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (___ والخُضَارِم) ج۔ خِضْرِمُوْن وخَضَارِم وخَضَارِمَة:
الخُضْرُم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی، گوہ کا بچہ۔
المُخَضْرَم۔ غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ مُخَضْرَمُ الدَّوْلَتَيْن: وہ شاعر جو بنو اُمیہ اور بنو عباس دونوں کی حکومتوں میں رہا ہو۔ نَاقَةٌ مُخَضْرَمَة: اونٹنی جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو "مَاءٌ مُخَضْرَم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ(ف) خُضُوْعًا وخَضْعًا وخُضْعَانًا۔ عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرفگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خُضْع ___ لَهُ: تابع و فرمانبردار ہونا ___ النجمُ: مائل بغروب ہونا ___ الرجلَ: ساکن کر دینا۔
خَضِعَ(س) خَضَعًا۔ الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (أَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء۔
خَضَّعَهُ۔ عاجز کرنا ___ اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

أَخْضَعَ۔ عاجز ہونا ___ ہ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَخْضَعَتْنِي إِلَيْكَ الحَاجَةُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔
الكِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔
خَاضَعَهُ۔ نرمی سے گفتگو کرنا۔
تَخَضَّعَ واخْضَوْضَعَ۔ بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔
اِخْتَضَعَ۔ عاجز ہونا ___ الصَّقْرُ: لوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا ___ فِي سَيْرِهِ: تیز چلنا۔
الخَضَعُ۔ سہ۔ پیدائشی گردن کی پستی۔
الأَخْضَعُ۔ ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَة۔ ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع۔
الخَضَعَة والخَضْعَة۔ تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِيْعَة۔ آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَيْضَعَة۔ لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَيْضَعُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ(ض) خُضَافًا وخَضْفًا۔ گوز کرنا۔ صفت (خَضِيْفٌ و خَضُوْفٌ و خَضَّافٌ)
الخَضْف۔ چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔
الأَخْضَف۔ سانپ۔
المُخْضِفَة۔ شراب۔
خَضِلَ(س) خَضَلًا وأَخْضَلَ واخْضَلَّ و اِخْضَوْضَلَ۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِلٌ و خَاضِل) کہا جاتا ہے "عَيْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ و "شِوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ و "سِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔
خَضَّلَ وأَخْضَلَ۔ الشيءَ: تر کرنا۔
اِخْضَالَّ واخْضَأَلَّ۔ تر ہونا۔ ___ الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا۔

الخَضَل والخَضْل۔ صاف موتی۔ ایک قسم کے مہرے۔ واحد (خَضْلَة)
الخُضْلَة۔ ترو تازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔
الخَضِيْلَة۔ سرسبز و شاداب باغ۔
المُخْضَل والمُخْضَلُّ۔ آسودہ زندگی والا۔
الخَضْلاف۔ گوگل کا درخت۔
خَضَمَ(ض) وخَضِمَ(س) خَضْمًا۔ الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔
أَخْضَمَ۔ لَهُ في العَطَاءِ: زیادہ دینا۔
الخِضَمُّ۔ بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ سَيْفٌ خِضَمٌّ: شمشیر براں۔
الخُضَام والخُضَامَة۔ وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔
الخَضِيْمَة۔ سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ اُبلا ہوا گیہوں۔
الخُضَمَّة۔ درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔
المُخْضَم والمُخَضَّم۔ آسودہ زندگی والا۔
خَطَّ(ن) خَطًّا۔ بالقلمِ: لکھنا۔
الخَطَّةَ لنفسِهِ: نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا۔
___ الشيءَ: قلم وغیرہ سے لکھنا ___ عَلَى الشيءِ: نشان لگانا۔ علامت لگانا ___ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ___ عِذَارُهُ: رخسار پر بال نکلنا۔ القبرَ: کھودنا ___ الرِّيَاحُ الرملَ: دھاری ڈالنا ___ فِي الأَرْضِ: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَاهُ فَمَا خَطَّ غُبَارَهُ" اس نے اس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فلانٌ يَخُطُّ فِي الأَرْضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خَطَّ الطعامَ وفي الطعامِ: تھوڑا کھانا ___ فِي نَوْمِهِ: خراٹے لینا۔
خَطَّطَ۔ لکیریں کھینچنا ___ الخُطُوْطَ: نقش کرنا ___ البلادَ: حدود مقرر کرنا۔
اِخْتَطَّ۔ الوجهُ او غيرُهُ: دھاری دار ہونا ___ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ___ الأرضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا ___ خُطَّةً: معین کرنا۔ علامت لگانا۔

الخاطُّ۔ قا۔ جادوگر۔

الخَطُّ۔ تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خَطُّ الِاسْتِوَاء: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطُوط۔ و خُطُوْطُ الکَفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطُّ و الخَطُّ۔ راستہ۔ سڑک۔ محلّہ۔

الخِطُّ و الخِطَّة۔ وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لیے خاص کر لے۔ ج خِطَط۔

الخُطَّة۔ کام۔ کہا جاتا ہے "تِلْكَ خُطَّةٌ لَيْسَتْ مِنْ بَالِي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفی رَاسِهٖ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ يَبْنِي خُطَطَ المَكَارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطِّيُّ۔ نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطِّيَّة

الخَطُوط۔ زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔

الخَطَّاط۔ بہت لکھنے والا۔

المِخَطُّ۔ کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔

المُخَطَّط۔ دھاری دار۔ خوبصورت۔

خَطِئَ (س) خَطَأً۔ غلطی کرنا ___ فی دِيْنِهٖ: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔ (___ خِطْأً و خِطْأَةً) گناہ کرنا۔ صفت (خَاطِئ) ج خُطَاةٌ۔ مؤنث خَاطِئَةٌ ج خَوَاطِئ۔

خَطَأَت (ف) خَطْأً۔ القِدْرُ بِزَبَدِهَا: جھاگ پھینکنا۔

خَطَّأَهٗ تَخْطِيْئًا و تَخْطِئَةً۔ غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

أَخْطَأَ إِخْطَاءً و خَاطِئَةً۔ غلطی کرنا ___ الطَّرِيْقَ: چوک جانا ___ الرجلَ: غلطی میں ڈالنا ___ الرامي الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا ___ فی عَمَلِهٖ: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تَخَطَّأَ و تَخَاطَأَ۔ غلطی کرنا۔ تَخَطَّأَ و تَخَاطَأَهٗ: غلطی میں ڈالنا ___ السهمُ الرَّمِيَّةَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَ لَهٗ فی المَسْئَلَةِ و بِهَا: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔

الخِطْء۔ گناہ۔

الخِطْء و الخَطَأُ و الخَطَاء۔ گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطَّاء۔ بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخَطِيْئَة۔ گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَايَا و خَطِيْئَات۔

خَطَبَ (ن) خُطْبَةً و خَطْبًا و خَطَابَةً۔ وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ القومَ و فی القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطَابَةً۔ واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْبًا و خِطْبَةً و خِطِّيْبَى الفَتَاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الفَتَاةَ عَلٰى فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ (س) خَطَبًا۔ الشَّيْءُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَهٗ خِطَابًا و مُخَاطَبَةً و تَخَاطُبًا۔ باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاطَبَهٗ فِيْ فُلَانٍ" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

أَخْطَبَ۔ الصيدُ فُلَانًا: قریب ہونا ___ الحنظلةُ: رنگین ہونا ___ الحنظلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِخْتَطَبَ۔ الفَتَاةَ: منگنی کرنا ___ القومُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا عَلَى المِنْبَرِ: خطبہ دینا۔

الخَطْب۔ مہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہے۔ ج خُطُوْب۔

الخِطَاب۔ گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَاب: فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اَمَّا بَعْد کہنا۔

الخُطْبَة۔ تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَةُ الكِتَاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَة: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطْب۔ منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِطْبُهَا و هِيَ خِطْبُهٗ" ج أَخْطَاب۔

الخِطْبَة۔ مہ۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب۔ منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔

الخَطَّابَة۔ بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخَطَّاب کا مؤنث۔

الخَطِيْب۔ منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِيْبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء۔

الخِطِّيْب۔ عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّيْبُون۔

الخِطِّيْبَى۔ عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الأَخْطَب۔ شکرا۔ مِنَ الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندرائن۔ الأَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَكْتَبُ اور شِعْرٌ سے أَشْعَر۔ کہا جاتا ہے "كَانَ أَخْطَبَ أَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا و خَطِيْرًا۔ فِيْ مِشْيَتِهٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا ___ بِسَيْفِهٖ اور رُمْحِهٖ: فخر و غرور سے ہلانا ___ بِيَدِهٖ: چلنے میں آگے پیچھے کرنا (___ خَطْرًا و خَطَرَانًا و خَطِيْرًا) الجَمَلُ بِذَنَبِهٖ: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ (ن ض) خُطُوْرًا۔ الامرُ لَهٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِثُ: پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ بِبَالِهٖ و عَلٰى و فی بَالِهٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا و خُطُوْرَةً۔ عالی مرتبہ

ہونا۔ صفت (خَطِیْرٌ) ج خُطُرٌ۔
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً۔ بِنَفْسِہٖ : خطرہ میں ڈالنا ـــــ ہ عَلٰی کَذَا : شرط لگانا۔
اَخْطَرَ۔ الشَّیْئَ فِی اَوْ عَلٰی اَوْ بِبَالِہٖ : یاد دلانا ـــــ ہ : بلند مرتبہ میں ہم شکل ہونا ـــــ المالَ : مال کو شرط پر رکھنا ـــــ المَرِیْضُ : خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)
تَخَطّٰی۔ پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَ اِلَیَّ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔
تَخَاطَرَ۔ القومُ عَلَی الشَّیْئِ : شرط لگانا۔
الخَطْر۔ غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (ـــــ و الخَطَر) اُونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔
الخِطْر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اُونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار۔
الخَطَر۔ قریب بہلاکت ج اَخْطَار۔ کہا جاتا ہے "رَکِبُوْا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِیْ ظِلِّ عیشٍ خَطِیْرٍ مَالَہٗ خَطَر۔ شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار۔ جج خُطُر۔
الخَطْرَة۔ ایک بار۔ تم کہتے ہو "مَا لَقِیْتُہٗ اِلَّا خَطْرَةً" میں اس سے ایک بار ملا۔
الخَاطِر۔ فا۔ اَمر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِیْ خَاطِرِیْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلَانٌ سَرِیْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جَاشَ الشِّعْرُ فِیْ خَاطِرِیْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر۔
الخَطَّار۔ الخاطِر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر
الخَطَّارَة۔ اُونٹوں کا باڑہ۔
الخَطِیْر۔ عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَہٗ خَطِیْرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔
المَخَاطِر۔ خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)
الخُطْرُب و الخُطَارِب۔ افتراپرداز۔ جھوٹا۔
خَطْرَفَ و تَخَطْرَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِیْف و خُطْرُوْف) خَطْرَفَہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا۔
خَطِفَ (س) خَطْفًا۔ الشَّیْئَ : اُچک لینا ـــــ البَرْقُ البَصَرَ : چندھا کر دینا ـــــ السمعَ : چوری سے سننا۔
خَطِفَ (س) و خَطَفَ (ض) خَطَفَانًا۔ تیز چلنا۔ صفت (خَطِیْف و خَیْطَف)
خَطَّفَ۔ اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لیے ہے)
اَخْطَفَہٗ۔ خطا کرنا ـــــ ہ المرضُ : بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا ـــــ الرجلُ : کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تَخَطَّفَ و اِخْتَطَفَ۔ الشَّیْئَ : چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخُطْف و الخَطَف۔ لاغری اور پہلوؤں کا دُبلا پن۔
الخُطْفَة۔ جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخَاطِف۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف۔
اَخْطَفُ۔ الحَشٰی : دُبلا۔
الخَاطُوْف۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخَطَّاف۔ الخاطِف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔ الخُطَّاف : آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِیْف و خَطَاطِیْف السِّبَاع : درندوں کے چنگل۔
الخَطْفٰی و الخَیْطَفٰی۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی الخَطْفٰی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخَطِیْفَة۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خَطِلَ (س) خَطَلًا و اَخْطَلَ۔ فِیْ کَلَامِہٖ : بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فِیْ مَنْطِقِہٖ اَوْ رَأْیِہٖ : غلطی کرنا۔ جیسے "اِصَالَةُ الرَّایِ صَانَتْنِیْ مِنَ الخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تَخَطَّلَ۔ فِی المَشْیِ : نازانداز سے چلنا۔
الخَاطِل۔ باطل۔
الخَطَل۔ مص۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "اَرٰی فِیْ مِشْیَتِہٖ خَطَلًا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔
الخَطِل۔ بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف۔ سَہْمٌ خَطِل : نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اَخْطَال اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ الیَدَیْنِ" سخت ہاتھوں والا مرد و "رُمْحٌ خَطِلٌ" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخَطِل : تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "اَحْوَسُ فِی الْھَیْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِلٌ" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خَطِلٌ بالمعروف : داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاَخْطَل۔ لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلَاء ج خُطْل۔
الخَیْطَل۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خَطَمَہٗ (ض) خَطْمًا و خَطَّمَہٗ۔ بالخِطَام : نکیل لگانا۔ خَطَمَہٗ بِالْکَلَامِ : خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ : ناک پر مارنا۔ (ـــــ خَطْمًا و خِطَامًا) القَوْسَ بِالْوَتَرِ : کمان پر تانت چڑھانا۔
اِخْتَطَمَ۔ الخِطَامَ : نکیل لگانا۔
المَخْطِم و المَخْطَم۔ ناک۔
الخَطْم۔ مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ ـــــ مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ اَمْرٌ عَظِیْمٌ : پہاڑ کی چوٹی۔
الخِطَام۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج۔ خُطُم۔

الخاطِم- فا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ خَاطِمُ اَمْرِ بَنِیْ فُلَانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے-
الخَطَّام- اسم مبالغہ- مِسْكٌ خَطَّامٌ: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری-
الاَخْطَم- لمبی ناک والا- کالا- مؤنث خَطْماء- ج خُطْم-
الخِطْمِیُّ- ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے- واحد (خِطْمِیَّة)
خَطَا (ن) خَطْوًا- قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا-
خَطَّا و اَخْطَی- الرجلَ: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا- خُطِّیَ عَنْهُ الشَّیْئُ: زائل کیا جانا-
تَخَطَّی تَخَطِّیًا و اِخْتَطَی اِخْتِطَاءً- ہ اِلٰی کَذَا: پھاندنا- تجاوز کرنا- آگے بڑھ جانا-
الخُطْوَة- چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ- عوام اسے فشخہ کہتے ہیں- مسافت- کہا جاتا ہے- قَرَّبَ اللّٰهُ عَلَیْكَ الخُطْوَةَ: اللہ تعالٰی مسافت کو تمہارے لیے قریب کر دیں- ج خُطًی و خُطْوَات و خُطُوَات و خُطَوَات-
الخَطْوَة- بمعنی خُطْوَة- خطا کا اسم مرۃ ___ فِی المَسَاحَةِ: چھ قدم-
الخَطِیئَة- گناہ-
خَظَا یَخْظُوْا خُظُوًّا- لَحْمُه: گٹھا ہونا-
اَخْظَی- الرَّجُلُ: موٹا ہونا- اَخْظَاه: موٹا کرنا-
الخَظِی- گٹھے بدن والا- کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ خَظِیَةٌ بَظِیَةٌ" گٹھیلی بدن کی عورت-
الخَیْعَل: بھیڑیا- چھلاوہ- بغیر آستینوں کی قمیص- کہا جاتا ہے "خَیْعَلَهُ" یعنی اس نے اس کو بغیر آستینوں کی قمیص پہنائی- اور (تَخَیْعَلَ) اس نے بغیر آستینوں کی قمیص پہنی-
خَفَّ (ض) خَفًّا و خِفَّةً و خَفَّةً- ہلکا ہونا- خفیف العقل ہونا- کم مال والا ہونا-
___ المطرُ: کم ہونا (___ خَفًّا و خِفَّةً و خُفُوْفًا) اِلَی العَدُوِّ: جلدی کرنا ___ القومُ: جلدی کوچ کر کے کم ہونا-

خَفَّفَ- الشَّیْئَ: ہلکا کرنا ___ الحرفَ: مشدد نہ کرنا ___ الثوبَ: باریک بنانا-
اَخَفَّ- کم سامان والا ہونا- سبک حال ہونا ___ الرجلُ: جہالت پر اُکسانا- عیب لگانا-
تَخَفَّفَ- چمڑی موزہ پہننا- جلدی کرنا-
تَخَافَّ- ہلکا پھلکا ہونا-
اِسْتَخَفَّهُ- ہلکا سمجھنا- جاہل سمجھنا- حق و صواب سے ہٹانا ___ ہ الغناءُ: طرب و نشاط میں ڈالنا ___ ہ الطَّرَبُ: ___
اِسْتَخَفَّ بِه: حقیر جاننا-
الخِفُّ- ہلکا- تھوڑی جماعت- کہا جاتا ہے "خرجَ فِیْ خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِهِ" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا-
الخُفُّ- لِلبَعِیْرِ و النَّعَامِ: اُونٹ اور شتر مرغ کی ٹاپ- چمڑی موزہ- ج اَخْفَاف و خِفَاف- کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَاحِكٌ" پھٹا ہوا موزہ- الخُفُّ: قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے- سخت زمین-
الخِفَّة- ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)
الخَفِیْف- ہلکا- پھرتیلا- کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے و "خَفِیْفُ القَلْبِ" ذکی و "خَفِیْفُ العَقْلِ" بیوقوف و "خَفِیْفُ الظَّهْرِ" کم اولاد والا و "خَفِیْفُ الیَدِ" پھرتیلا و "خَفِیْفُ العَارِضَیْنِ" داڑھی میں کم بال والا- ج اَخِفَّاء و خِفَاف و اَخْفَاف- الخَفِیْفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام-
الخُفَاف- ذکی تیز فہم-
الخَفَّاف- چمڑی موزوں کا بیچنے والا-
الخَفُّوف- بجو-
خَفَأَ (ف) خَفْأً- الشَّیْئَ: اُکھیڑ کر زمین پر پٹکنا ___ البیتَ: ڈھا کر گرا دینا ___ القِرْبَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو-
خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا- الصوتُ: پست ہونا- صفت (خَافِتٌ و خَفِیْتٌ)- (___ خُفَاتًا)- اچانک مرنا- (___ و خَفَتَا و خَافَتَ و تَخَافَتَ- بِکَلَامِهِ و بِصَوْتِهِ: پوشیدہ رکھنا- پست کرنا- آہستہ کرنا ___ بالقِرَاءَةِ: آہستہ پڑھنا- خَافَتَهُ: پست گفتگو کرنا- تَخَافَتَ: بتکلف ضعف و سکون ظاہر کرنا-
الخُفْتَة- ایک قسم کی نباتات-
الخَفْتَان- چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)
الخَافِتُ- بے پانی کا بادل- زرع خافت: کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو-
الخَفْتَل و الخُفَاتِل- کم عقل- ضعیف البدن- ج خفاتل-
خَفِجَ (س) خَفَجًا- البعیرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا-
الخَفِیْج- کمزور- سست-
الاَخْفَج- خفج کی بیماری والا- ٹیڑھے پاؤں والا- عمود اخفج: ٹیڑھا ستون-
الخَفَج- ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا-
خَفْخَفَ خَفْخَفَةً- الخِنْزِیْرُ او الضَّبُعُ- آواز کرنا ___ الرَّجُلُ قَمِیْصَهُ الجَدِیْدَ اَوِ القِرْطَاسَ: حرکت دینے سے آواز نکلنا-
الخَفْخَاف- وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو-
خَفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدَانًا و خَفِدَ (س) خَفَدًا- تیز چلنا-
الخُفْدُد و الخُفْدُوْد- چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ-
الخَفَیْدَد- تیز چلنے والا- شتر مرغ- ج خَفَادِد و خَفَادِیْد و خَفَیْدَدَات-
خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَرًا- ہ و بِهِ و عَلَیْهِ: پناہ دینا- حفاظت کرنا- امن دینا ___ ہ: پناہ دینے کی اُجرت لینا- خَفَرَ بالعَهْدِ: وفا کرنا- عہد پورا کرنا- (___ خَفْرًا و خُفُوْرًا) فلانًا: عہد توڑنا- بیوفائی کرنا-
خَفِرَتْ (س) خَفَرًا و خَفَارَةً الجَارِیَةُ: بہت شرمیلی ہونا- صفت (خَفِرٌ و خَفِرَةٌ و مِخْفَار)
خَفَّرَہ- امن دینا- حفاظت کرنا- شرمندہ کرنا- کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا-
تَخَفَّرَ- بِه: پناہ دینا- پناہ لینا- رہبر بننے کو کہنا-
تَخَفَّرَتِ الجَارِیَةُ: بہت شرمیلی ہونا-

الخِفَارَۃ- (بتثلیث الخاء) رہبری- عہد-
الخُفَارَۃ :راہبری کی اُجرت-
الخُفْرَۃ- خفارۃ کے معنی میں اسم ہے- کہا جاتا ہے "ھو فی خفرۃ اللّٰہ" وہ اللہ کے ذمہ ہے "ھٰذا خُفْرَتِیْ" یہ میرا رہبر ہے-
الخَفِیْر- پناہ دیا ہوا- پناہ دینے والا- حمایت و حفاظت کرنے والا- ج خُفَرَاء-
الخُفَرَۃ- پناہ دینے والا-
خَفَسَہٗ(ن)خَفْسًا- ٹھٹھا کرنا-
خَفَسَ الطَّعَامَ او الشَّرابَ :تھوڑا کھانا یا پینا-
البِنَاءَ :عمارت ڈھانا-
خَفَسَ (ض)خَفْسًا و اَخْفَسَ-بہت بدزبانی کرنا-
اِنْخَفَسَ-الماءُ :پانی کا متغیر ہونا-
تَخَفَّسَ-الرَّجُلُ :لیٹنا-
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی شراب-
خَفَشَ (ن) خَفْشًا- بِہٖ : پھینکنا ___ البناءَ :ڈھانا-
خَفِشَ (س) خَفَشًا- کمزور ہونا- پیدائشی کمزور نظر والا ہونا- تنگ آنکھ والا ہونا- رتوندوالا ہونا- صفت (خَفِشٌ و اَخْفَشُ)
خَفَّشَ-البدنُ :بدن کا کمزور رہونا-
___ البناءَ :عمارت ڈھانا ___ الرجلَ : پچھاڑ کر کچل دینا ___ بالارض :زمین سے چمٹنا-
الخُفَّاش- چمگادڑ-ج خَفَافِیْش-
خَفَضَہٗ(ض)خَفْضًا-پست کرنا-الصوتَ : آہستہ کہنا ___ الکلمۃَ : زیر دینا- خفض الصَّوْتُ : آہستہ ہونا ___ بالمکان : اقامت کرنا ___ الرَّجُلُ : مرنا ___ الابلُ :آہستہ چلنا ___ الجَارِیَۃَ :ختنہ کرنا-
خَفُضَ (ک) خَفَاضًا- العیشُ : آسودہ و خوشحالی ہونا- صفت (خَفِیْضٌ وخَفْضٌ و خَافِضٌ و مخفوضٌ)
خَفَّضَ-الشَّیْءَ :آسان کرنا- نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِّضْ عَلَیْکَ" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو-

تَخَفَّضَ-الامرُ :آسان ہونا-
اِنْخَفَضَ- بلندی کے بعد پست ہونا ___ الصوتُ :پست ہونا-
اِخْتَفَضَ-السعرُ :بھاؤ گرنا-
الخَافِض- فا- اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے- اور کہا جاتا ہے "ھُوَ خَافِضُ الطَّیْرِ و خَافِضُ الجَنَاحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے- مؤنث خَافِضَۃٌ- الخَافِضَۃ :لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی-
الخَفْض- مص (___ و الخَفِیْضَۃ) آسودگی- فراخی کی زندگی- کہا جاتا ہے "ھُوَ فِی خَفْضٍ مِنَ العَیْشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے-
خَفَعَ (ف) خَفْعًا- بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا- خَفَعَہٗ بالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا- (خَفْعاً و خَفَعَانًا)السترُ :ہلنا-
اَخْفَعَہٗ-الجُوْعُ :چکرا کر گرا دینا-
اِنْخَفَعَ-بیہوشی کے قریب ہونا-
المَخْفُوْع-دیوانہ-
خَفَقَہٗ(ن ض)خَفْقًا-بالسَّیْفِ :آہستہ تلوار سے مارنا ___ النَّعْلُ :جوتے سے آواز نکلنا (___ خَفْقًا و خُفُوْقًا و خَفَقَانًا)الفُؤَادُ :دھڑکنا ___ الرَّایَۃُ :پھڑپھڑانا ___ البَرْقُ :کوندنا (___ خُفُوْقًا) النجمُ : غروب ہونا ___ اللیلُ :اکثر حصّہ گزر جانا ___ الطائرُ : اُڑنا ___ الرَّجُلُ فِی البِلَادِ : سفر کرنا ___ المکانُ :خالی ہونا-
اَخْفَقَ- مضطرب ہونا- حاجت میں ناکام رہنا- محروم ہونا ___ القومُ :قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا ___ بِرَاسِہٖ : اونگھ سے سر ہلانا ___ بثَوْبِہٖ :کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا ___ النجمُ :غروب ہونا ___ الطائرُ :بازو پھڑپھڑانا ___ ہٗ :پچھاڑنا-
اِخْتَفَقَ- العَلَمُ او السرابُ : جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا-
الخَفْقَۃ-خَفَقَ کا اسم مرۃ-
الخِفْقَۃ-کوئی چیز جس سے مارا جائے- جیسے تسمہ وغیرہ-
الخَفِق و الخَفِقَۃ و الخُفَق و الخُفَقَۃ پتلی کمر

کا گھوڑا(خَفِقَۃ اور خُفَقَۃ)میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے-) ج خِفَاق و خَفِقَات و خُفَقَات-
الخَافِق- فا- مکانٌ خافِقٌ :انیس سے خالی جگہ- رَجُلٌ خافِقُ العَیْنِ : دھنسی ہوئی آنکھ والا-
الخَفَّاق-اسم مبالغہ-خَفَّاقُ القَدَمِ :وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصّہ چوڑا ہو-
الخَفَّاقَۃ-دُبر-اِمْرَأۃٌ خَفَّاقَۃُ الحَشَا :پتلی کمر والی عورت-
الخَافِقَان- پورب و پچھم-
الخَوَافِق و الخَافِقَات- خافقہ کی جمع- جھنڈے-خَوَافِقُ السَّمَاءِ :ہوا چلنے کی چاروں سمتیں-
الخَیْفَق- مصیبت- بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی- وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو-
المَخْفَق- ہموار زمین جس میں سیراب حرکت کرتا ہوا ہو-
المِخْفَق-چوڑی تلوار-
المِخْفَقَۃ- کوڑا جس سے مارا جائے- اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا-
مَخَافِق- النجم :ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں-
المَخْفُوْق-مفہ-پاگل-دیوانہ-
الخَافِل- بھاگنے والا-
الخَفَن- پیٹ کا ڈھیلا ہونا-
الخَیْفَان- ٹڈی-واحد(خیفانۃ)
الخَفَّان- شترمرغ کے چوزے-
الخُفَّان- ایک قسم کا نرم پتھر- یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفۃ" ہے-
خَفَا (ن) خَفْوًا وخُفُوًّا- البرقُ : چمکنا ___ الشئُ :ظاہر ہونا-
خَفَی(ض)خَفْیًا و خُفِیًّا- الشَّیَٔ :ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "خُفِیَ المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا- چھپانا- پوشیدہ کرنا- (ضد)
خَفِیَ (س) خَفَاءً و خُفْیَۃً و خِفْیَۃً- پوشیدہ

ہونا- صفت (خَافٍ و خفیّ)

خفَی و اَخْفَی- الشَّیَٔ : پوشیدہ کرنا- چھپانا- کہا جاتا ہے "اَخْفِ عَنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ- واَخْفَی الرجلُ : چھپنا- پوشیدہ ہونا- اَخفی الشَّیَٔ : سرپوش ہٹانا-

تَخفّی و اِستَخفی- چھپنا- پوشیدہ ہونا-

اِختفَی- الشَّیَٔ : ظاہر کرنا- نکالنا ___ مِنْ فُلَانٍ : چھپنا ___ البئرَ : کھودنا-

الخَفَاء- مـ - پوشیدگی- کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاءُ" یعنی معاملہ واضح ہوگیا- پردہ- چادر جو لباس کو چھپالے- پوشیدہ چیز- ج اَخْفِیَةٌ- اَلْاَخفِیَةُ الکَرَیٰ : آنکھیں- اَخفِیَةُ الزَّهْرَةِ : کلی کے غلاف-

الخَفِیُّ- لوگوں سے علیحدہ- مخفی جگہ میں رہنے والا- کہا جاتا ہے "رجلٌ خَفِیُّ البَطنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد-

الخَافِی و الخَافِیاء- جن-

الخَافِیَة- الخافِی کا مؤنث- پوشیدہ چیز- پوشیدگی- جن- ج خَوَافٍ- اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَافِیَةٌ" جنوں کی سرزمین-

الخَوَافِیُّ- پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر- اور امثال عرب سے ہے "لَیْسَ القَوَادِمُ کالخَوَافِی" سخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں-

الخَفِیَّة- الخَفِیُّ کا مؤنث- گنجان- جھاڑی- کنواں جس میں پانی ہو- ج خفایا و خفیّات کہا جاتا ہے- "بِهٖ خَفِیَّةٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے-

المُختَفِی- فا- کفن چور-

خَقَّتْ (ض) خَقًّا و خَقَقًا و خَقِیقًا- القدرُ : جوش سے سنسنانا- خَقَّ السَّیلُ فِی الارضِ : گہرا گڑھا کر دینا (___ و اَخَقَّتْ)

البَکَرَةُ : چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا-

الخَقُّ- ج اَخقَاق و خُقُوق و (الاُخقُوق و الاِخْقِیق) زمین کا شگاف- تالاب جبکہ خشک ہو جائے-

خَاقَان- ترکوں کے بادشاہ کا لقب- ج خَوَاقِینُ- کہا جاتا ہے (خَقَّنَهُ) القَوْمُ عَلَی اَنفُسِهِم : لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا-

خَلَّ (ن ض) خَلًّا و خُلُولًا- لحمُهٗ : دبلا ہونا- کم گوشت ہونا (ن خَلًّا) الشَّیَٔ : سوراخ کرنا- ___ الفَصِیلَ : زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا ___ فِی دُعَائِهٖ : خاص کرنا-

خَلَّ- اِلَیْهِ : محتاج و فقیر ہونا-

خَلَّلَ- العَصِیْرُ : کھٹا ہونا- سرکہ بننا ___ العَصِیْرَ : سرکہ بنانا ___ الاَسنَانَ : خلال کرنا-

خَلَّلَ فِی دُعَائِهٖ : خاص کرنا-

خَالَّهٗ مُخَالَّةً و خِلَالًا و خَلَالًا- دوستی کرنا- بھائی بندی کرنا-

اَخَلَّ- محتاج ہونا ___ بالشَّیِٔ : کوتاہی کرنا- چھوڑ دینا ___ الوالی بالثُّغُوْرِ : لشکر کم کر دینا ___ بِمَرْکَزِهٖ : مرکز کو چھوڑ دینا ___ بِقَوْمِهٖ : غائب ہو جانا ___ بِالرَّجُلِ : پورا حق نہ دینا- بالاَمْرِ : برے طریقے سے انجام دینا- بگاڑ دینا- اَخَلَّهُ اللّٰهُ : محتاج کر دینا- اُخِلَّ بالرجُلِ : محتاج ہونا-

تَخَلَّلَ- القومَ : قوم میں مل جانا ___ ہ بالرُّمحِ : پیاپے نیزے مارنا ___ الشَّیُٔ فیه : نفوذ کرنا ___ المطرُ : مخصوص جگہ میں برسنا ___ الرَّجُلُ : خلال کرنا-

اِختَلَّ- الاَمرُ : کمزور و فاسد ہونا ___ عَقلُهٗ : خراب ہونا ___ اِلَیْهِ : محتاج ہونا ___ العَصِیرُ : سرکہ بننا ___ العَصِیرَ : سرکہ بنانا ___ لَحمُهٗ : لاغری کی وجہ سے کم ہونا ___ الرَّجُلُ : اپنے لیے سرکہ بنانا-

تَخَالُّوا تَخَالًّا- باہم دوستی کرنا-

الخَلُّ- مـ - سرکہ- ریگستانی راستہ- دبلے جسم والا- لاغر- موٹا- بوسیدہ کپڑا- کپڑے کی پھٹن- ج اَخُلٌّ و خِلَال- کہا جاتا ہے "مَالَهٗ خَلٌّ وَلَا خَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "ولسْتُ مِنْ هٰذَا الاَمرِ فِی خَلٍّ وَلَا خَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام- اُمُّ الخَلِّ : شراب-

الخِلُّ و الخُلُّ- دوست- مؤنث خِلٌّ و خِلَّة- ج اَخلَال-

الخَلَل- سستی- فساد- رائے میں انتشار و پراگندگی- شگاف- دراڑ- ج خِلَال-

الخِلَل- دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ- واحد (خِلَّة) کہا جاتا ہے "هو خِلَلُ القَوْمِ" وہ قوم کے درمیان ہے-

الخَلَّة- عادت- سوراخ- تھوڑا سرکہ، تھوڑی سی کھٹی شراب- حاجت- محتاجی- ج خِلَال و خَلَل- الخَلَّة : ہلکی پھلکی عورت-

الخُلَّة- گھاس جس میں مٹھاس ہو- ج خُلَل- دوستی- عادت- بیوی- محبوبہ- دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "هُوَ وَهِیَ و هُنَّ خُلَّتِی"

الخِلَّة- دوستی- بھائی بندی- تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو- چمڑا جو منقش ہو- ج خِلَل و خِلَال-

الخِلَال- سوراخ کرنے کا آلہ- لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگادی جاتی ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے- ج اَخِلَّة (___ و الخِلَالَة) دانت صاف کرنے کا تنکا-

الخِلَال و الخُلَالَة- دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ- و خِلَالُ الدِّیَارِ : شہروں کا اردگرد- گھروں کے درمیان- کہا جاتا ہے هو خِلَالَهُمْ : وہ ان کے درمیان ہے-

الخَلَالَة و الخِلَالَة و الخُلَالَة- سچی دوستی-

الخَلِیْل- خالص دوست- ج اَخِلَّاء و خُلَّان- لاغر بدن- فقیر- مؤنث خَلِیْلَة- ج خلیلات و خلائل- شیٌٔ خلیلٌ : چھدی ہوئی چیز-

الخَلَّال- سرکہ بیچنے والا- سرکہ بنانے والا-

الاَخَلُّ- محتاج- دوسرے سے زیادہ محتاج- رجل (مخلٌّ) محتاج مرد-

خَلا (ف) خُلُوءًا- جگہ سے نہ ٹلنا- خَلَات النَّاقَةُ : اَڑ جانا-

خَالَا مُخَالَاةً- القومُ : ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا-

خَلَبَهٗ (ن ض) خَلْبًا- بِظُفُرِهٖ : خراش لگانا، زخمی کرنا ___ السَّبُعُ الفَرِیْسَةَ : چنگل سے پکڑنا ___ الفَتٰی : جوان کے دل کو چھین لینا-

اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔
خَلَبَه (ن) خَلْبًا وخِلاَبًا وخِلاَبَةً وخَالَبَه مُخَالَبَةً وخَلَّبَه واخْتَلَبَهُ: نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خَالِبٌ وخَلُوبٌ وخلاَّبٌ وخَلَبُوت) مؤنث خَالِبَةٌ وخَلِبَةٌ وخَلُوبٌ وخَلاَّبَةٌ وخَلَبُوت۔
خَلِبَت (س) خَلَبًا۔ المرأة: بیوقوف ہونا۔ صفت خلباء۔
اَخْلَبَ۔ الماءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)
اِسْتَخْلَبَهُ۔ بِظُفرِهٖ: خراش لگانا۔
الخِلْب۔ جگر کے اُوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخْلاَب (___ والمِخْلَب) چنگل۔ ج مَخَالِب۔ المخلب: درانتی۔
الخُلْب والخُلُب۔ کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسی۔
الخُلَّب۔ بے بارش کا بادل۔ والبرقُ الخُلَّب وبَرقُ الخُلَّب: بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنّما اَنتَ کَبَرقِ خُلَّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔
الخِلِّيبٰی فریب۔
المُخَلَّب۔ مِنَ الثِّیاب: بہت نقش ونگار والا کپڑا۔
الخُلْبُوب۔ فریبی۔
خَلْبَسَه۔ او خَلبس قلبه: فریفتہ کرنا۔
الخُلاَبِس۔ نرم بات۔
الخُلاَبِس والخَلاَبِس والخَلاَبِيس: باطل وجھوٹی باتیں۔ الخَلاَبِيس: کمینے وفرومایہ لوگ۔
الخَلَنْبُوس۔ چقماق۔
خَلْبَص۔ بھاگنا۔
الخَلَبُوص۔ چڑیا کا ہم رنگ اس سے چھوٹا ایک پرندہ۔
خَلَجَه (ن ض) خَلْجًا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ___ ہ بِعَينِهٖ: آنکھ سے اشارہ کرنا ___ الشَّيْ: حرکت دینا ___ ہ بالسَّیف: تلوار سے مارنا ___ الولدَ: دودھ چھڑانا ___ ہ الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْهُ اُمُوْرُ الدُّنْیا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔
خَلَجَت (ن ض) خَلْجًا و خُلُوْجًا و خَلَجَانًا۔ العین: پھڑکنا۔
خَلِجَ (س) خَلَجًا۔ چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا ___ الشَّيْ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔
خَالَجَ۔ قلبه امرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔
اَخْلَجَ۔ حَاجِبَيْهِ: مٹکانا۔
تَخَلَّجَ۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا' جھکنا ___ الشَّيَ: کھینچنا۔
تَخَالَجَتْه۔ الهُمُوْمُ: کہا جاتا ہے "تخالج فی صدری شی" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔
اِخْتَلَجَ۔ جھڑ جانا ___ العينُ: پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا ___ الشیئ فی صدره: خلجان ہونا ___ الشَّيَ: کھینچ کر نکالنا ___ الولدَ: دودھ چھڑانا۔
اُخْتُلِجَ۔ من بینهم: مرنا۔
الخَالِج۔ فا۔ موت۔
الخُلُج۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخْلَج۔ رسی۔
الخَلِيج۔ من البحر: کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسی۔ ج خُلجَان و خُلُج۔ خَلِيجَا النهر: دریا کے دونوں جانب۔
الخِلاَج۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر۔
الخَلُوْج۔ اُونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اُونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔
الاِخْلِيج۔ ایک قسم کی گھاس ___ مِنَ الخَیل: تیز رفتار گھوڑا۔
خَلْخَلَ۔ العظمَ: گوشت چھڑا کر صاف کرنا ___ المرأةَ: پازیب پہنانا۔
تَخَلْخَلَ۔ الشَّيْءُ: کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا ___ من مَکَانِهٖ: جگہ سے ہلنا ___ المرأة: پازیب پہننا ___ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال۔ ج خَلاَخِيل و (الخَلْخَل والخُلْخُل) ج خَلاَخِل۔ پازیب۔ ثوب (خَلْخَالٌ وخَلخَل) باریک کپڑا۔
المُخَلْخَل۔ پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ۔ عسکر (مُتَخَلْخِل) بکھری ہوئی فوج۔
خَلَدَ (ن) خُلُوْدًا۔ ہمیشہ رہنا۔ (___ خَلْدًا و خُلُوْدًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِد و مُخْلَد و مُخْلِد و مُخَلَّد)
___ الی المَکَانِ وبِالمَکَانِ: اقامت کرنا ___ الی الارضِ: چمٹنا۔
خَلَّدَ واَخْلَدَ۔ الی المکانِ وبالمَکَانِ: اقامت کرنا ___ ہ: ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخْلَدَ بِصَاحِبِهٖ: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ جھکنا۔
الخُلْد۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد: چھچھوندر۔ مَنَاجِذ الخلد: کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَة۔
الخَلَد۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلَدَة۔ بالی۔ کنگن۔
الخَالِد۔ فا۔ اَبُوْ خَالِد: کتا۔
الجزائرُ الخَالِدَات۔ جزائر کناری۔
الخَوَالِد۔ دیگ دان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔
الخُلَّر۔ ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ (ض) خَلْسًا وخِلِّيسٰی۔ الشَّيَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخْلَسَ۔ النبتُ: سبز اور خشک ملا جلا ہونا ___ الراسُ: بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلْسٌ و خَلِيسٌ و مُخْلِس اَخْلَسَتِ الارضُ: کچھ ہریالی ہونا۔
خَالَسَهٗ مُخَالَسَةً۔ جلدی کرنا۔
تَخَالَسَ۔ القوم الشَّيَ: ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَخَالَسَانِ اَنْفُسَهُما" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِخْتَلَسَ۔ الشَّيَ: فریب سے جھپٹا مار لینا ___ القارِیُ الحَرَکَةَ: پورا نہ پڑھنا۔ اس کے

مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرفِ علت پیدا ہو جائے۔

الخُلْسَة۔ جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت۔ اور اسی سے ہے "الخُلْسَةُ سَرِيعةُ الفوتِ بَطِيئةُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔

الخَلِيسُ و الخَلاَّس۔ چوکنا، بہادر۔

الخَلِيسَة۔ درندے کے مُنہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مرجائے۔

الخِلاَسِيُّ۔ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔

خَلَصَ (ن) خُلُوصًا و خَلاَصًا۔ خالص ہونا ___ مِنَ الهلاَکِ: نجات پانا۔ محفوظ رہنا ___ الماءُ مِنَ الكَدرِ: صاف ہونا ___ الى المكانِ و بالمَكَانِ: پہنچنا ___ مِنَ القَوْمِ: جدا ہونا۔

خَلِصَ (س) خَلَصًا۔ اللحمُ: گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔

خَلَّصَه۔ من كذا: نجات دینا۔ خَلَّصَ الشَّيَ: صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرَّجُلَ: مثل شئ دینا۔

خَالَصَه مُخَالَصَة۔ في العِشْرَةِ او المَوَدَّة: خلوص برتنا۔ خَالَصَهُ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔

تَخَالَصَا۔ باہم خالص دوستی کرنا۔

اَخْلَصَ۔ الشَّيَ: خلاصہ لینا۔ چن لینا۔

___ ہ اللّٰهُ: عیوب سے خالی کرنا ___ الطاعةَ و في الطَّاعَةِ: بے نام و نمود کے کرنا ___ له الحبَّ او القولَ: کھوٹ سے خالی کرنا۔

تَخَلَّصَ۔ منه: نجات پانا۔ جدا ہونا ___ من كذا الى كذا: منتقل ہونا۔

اِسْتَخْلَصَه۔ چن لینا ___ الشيَ منه: اپنے لیے حاصل کرنا۔

الخَلاَص۔ مص (___ و الخِلاَص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔ (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلاَصَة و الخِلاَصَة۔ خالص گھی۔ پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلاَصَةُ الكَلاَمِ"

الإخلاَص و الإخلاَصَة۔ مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "كَلِمَةُ الإخلاَصِ" لا اِلٰهَ الا اللّٰه

الخَلْص۔ ہر سفید چیز۔

الخِلْص۔ ج خُلَصَاء و (الخُلْصَان) یار یا خالص دوست۔ خُلْصَان مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خُلْصَانِيْ و هُم خُلْصَانِي"

الخَالِص۔ فا۔ بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخَالِصَة۔ خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَالِصَتِي" وہ میرا دوست ہے و "هٰذا الشَّيُ خَالِصَةٌ لَكَ" یہ چیز تمہارے لیے مخصوص ہے۔

الخُلُوْص۔ رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی

المُخَلِّص۔ فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خَلَّطَ۔ الشَّيَ بالشيَ: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِيْضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ فی الكَلاَمِ" اُس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشَّيِ: خراب و فاسد کرنا۔

اَخْلَطَ۔ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَه مُخَالَطَةً و خِلاَطًا۔ ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا ___ الداءُ فُلاَنًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُوْلِطَ۔ فی عَقْلِهِ: مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ۔ ملنا ___ الظَّلاَمُ: تاریکی کا چھا جانا ___ الرَّجُلُ: خراب عقل والا ہونا۔

___ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوْا۔ باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلْط۔ مص۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط۔ ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِلْطٌ بَيِّنُ الخلاَطَةِ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخْلاَط۔ حرامی۔ اور کہا جاتا ہے "رجل خِلطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الأخلاَط۔ ملی جلی قسمیں۔ اَخْلاَطُ الجَسَدِ فی عُرْفِ الأقْدَمِيْن۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ و اَخْلاَطُ القَوْمِ: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِيْط۔ بیوقوف۔

الخُلْطَة۔ شرکت۔

الخِلاَط۔ آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاَطَة۔ عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِيْط۔ ج خُلُط و خُلَطَاء: خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِيْطُ الرَّجُلِ: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِيْطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَّيْطَى و الخُلَيْطَى۔ معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے و "وَقَعُوْا فی خُلَّيْطَى" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلاَط و المِخْلَط۔ بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا۔ الشَّيَ: اُتارنا ___ كَتِفَه او وَرِكَه: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ___ القائدَ: معزول کر دینا ___ الدابةَ: بندش سے آزاد کر دینا ___ العَذارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) ___ عَلَيْهِ ثَوْبًا: خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَّجَرُ: پتے جھڑنا، نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا۔ ابنَه: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِيْع) زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔

___ اِمْرَأته: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خالِعٌ) اسم (الخُلْعَة)

خُلِعَ۔ المَيِّتُ: کفن جدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلاَعَةً۔ خواہشاتِ نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔

خَالَعَ مُخَالَعَةً- الرَّجُلُ زَوْجَتَه اَوِ الْمَرْاَةُ زَوْجَهَا :مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا-
خَالَعَ الرجلَ :جوا کھیلنا-
خَلَعَهٗ-جدا جدا- خالص کرنا-
اَخْلَعَ- السنبل : خوشہ میں دانے بیٹھنا ___ الشجرُ :نئے پتے نکلنا-
تَخَلَّعَ- فِی الْمَشْیِ :چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا ___ فی الشَّراب : منہمک ہونا ___ القومُ :چپکے سے کھسک کر چلا جانا-
تَخَالَعَ- الزَّوْج والزَّوْجَةُ : مال پر جدائی اختیار کرنا ___ القومُ :باہم عہد توڑنا-
اِنْخَلَعَ-ہٹ جانا- اُکھڑ جانا- زائل ہو جانا-
اِخْتَلَعَ-الشئَ :نکال لینا- کھینچ لینا-
اِخْتَلَعُوا الرجلَ : مال لے لینا- اِخْتَلَعَتِ المرأةُ مِنْ زَوْجِهَا : مال دے کر جدائی اختیار کرنا-اسم (الخُلْع)
الخِلْعَة- کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں- اُتارا ہوا کپڑا- عمدہ مال-
الخُلْعَة- عمدہ مال- کمزوری- کہا جاتا ہے "فیه خُلْعة" اس میں کمزوری ہے-
الخُلاَع-ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے-
الخَلِیْع- بے حیائی کا کام کر کے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا- معزول شدہ- خبیث- جوئے باز- ج خُلَعَاء- بھیڑیا- بھوت- ثوبٌ خَلِیْعٌ بوسیدہ کپڑا-
الخَلِیْعَة- بے حیائی- الخلیع کا مؤنث- من مانی عورت-
الخَوْلَع- بیوقوف- ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے- سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت- بھیڑیا (___ و الخَیْلَع) خوف جو دل پر طاری ہو- الخَیْلَع :بے آستینوں کی قمیص- رَجُلٌ خَیْلَعٌ :کمزور مرد-
المُخَلَّع- مفہ ___ من الرجال : کمزور سُست- اکھڑے ہوئے جوڑوں والا- وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو-
الخَلْعَلَع و الخَلَعْلَع- بجو-
خَلَفَهٗ (ن) خِلاَفَةً و خِلِّیْفَی- جانشین ہونا ___ رَبَّه فِی قَوْمِه: جانشین بنانا- الرجلَ : قائم مقام ہونا (___ خَلْفًا و خِلْفَةً) الفاکهةُ بَعْضُهَا بَعْضًا :ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (___ خَلاَفَةً و خُلُوْفًا) الغلامُ : بیوقوف ہونا- صفت (خَالِف خالِفَة) ___ عن خُلُقِ اَبِیْه : باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (___ خُلُوْفًا و خُلُوْفَةً) فمُ الصَّائم :منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلْفًا) الرجلُ لِاَهْلِه : اپنے گھر والوں کے لیے پانی لانا ___ البیتَ :پچھلے حصہ میں ستون لگانا ___ اَبَاه : باپ کے قائم مقام ہونا- کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰهُ لَكَ وَ عَلَیْكَ" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں ___ الثوبَ : مرمت کرنا ___ عَنْ اَصْحَابِه : پیچھے رہ جانا ___ فلانًا :پیچھے سے پکڑنا- جانشین ہونا- اور کہا جاتا ہے "خَلَفَ لَهٗ بِالسَّیْفِ" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری- و "خَلَفَ لَهٗ بِخَیْرٍ اَوْ شَرٍّ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا-
خَلِفَ (س) خَلَفًا- بائیں ہتھا ہونا- بھینگا ہونا- بیوقوف ہونا- خَلِفَتِ النَّاقَةُ : حاملہ ہونا- صفت (خَلِفَة)
خَلَّفَ-الشئَ :پیچھے چھوڑنا- مؤخر کرنا ___ ہ :جانشین بنانا-
خَالَفَهٗ خِلاَفًا و مُخَالَفَةً- ناموافقت کرنا-
خَالَفَ عَنْ کَذَا : پیچھے رہنا ___ بَیْنَ رِجْلَیْه : آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خَالَفَنِی عَنْ کَذَا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو- اور "خَالَفَنِی اِلٰی کَذَا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو-
اَخْلَفَ- بُو کا بدلنا یا خراب ہونا ___ الثوبَ :مرمت کرنا ___ لِاَهْلِه :اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا ___ وَعْدَهٗ و بِوَعْدِه : پورا نہ کرنا ___ ہ :وعدہ خلاف پانا ___ الغَیْثُ : اُمید کے بعد نہ برسنا ___ الشجرةُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا ___ الطَّائِرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا ___ الغلامُ : قریب البلوغ ہونا ___ لنفسه :ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا ___ ہ : پیچھے ڈالنا ___ الدَّوَاءُ فلانًا : کمزور کرنا ___ اللّٰهُ علیه :ضائع شدہ کا بدلہ دینا-
تَخَلَّفَ- عنهم : پیچھے رہنا ___ القومَ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا-
تَخَالَفُوْا و اِخْتَلَفُوْا- اختلاف کرنا- ناموافق ہونا- اِخْتَلَفَه : جانشین ہونا- پیچھے کرنا- پیچھے سے پکڑنا- و اِخْتَلَفَ اِلَی المکان :بار بار جانا-
اِسْتَخْلَفَهٗ- اپنا جانشین بنانا ___ فلانًا من فلان : قائم مقام کرنا- اِسْتَخْلَفَتِ الارضُ : گرمی کی گھاس کو اُگانا- اِسْتَخْلَفَ الرَّجُلُ لِاَهْلِه : اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا- پانی پلانا-
الخَلْف- مہ- ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "هٰؤُلَاءِ خَلْفُ سُوْءٍ" اُن لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں- ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سَکَتَ اَلْفًا و نَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات- کلہاڑی کی دھار، بڑا کلہاڑا- بے نفع شخص- پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی- ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے- بمعنی پیچھے و بعد ازاں-
الخُلْف- وعدہ پورا نہ کرنا- خلاف مفروض خلیف کی جمع- قِیَاسُ الخُلْفِ : منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا-
الخِلْف- مختلف- اونٹنی کے تھن کا سرا- موسم بہار کی گھاس- ج اَخْلاَف و خِلْفَة
الخِلْفَان : دو مختلف صفات والے- کہا جاتا ہے "لَهٗ وَلَدَانِ خِلْفَانِ" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے- اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَیْنِ" اونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے- ذَاتُ الخِلْفَیْنِ" کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں- ج ذَوَاتُ الخِلْفَیْنِ-
الخَلَف- ولد یا ولد صالح- بدلہ- کہا جاتا ہے "فِی هٰؤُلَاءِ القَوْمِ خَلَفٌ مِمَّنْ مَضٰی" یعنی

اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "أعْطَاكَ اللّٰهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامُ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "هُوَ خَلَفُ صِدْقٍ عن أبِيْهِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف۔ فا۔ بیوقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نَبِيْذٌ خَالِفٌ : بگڑی ہوئی شراب۔ الخَالِف : گوشت جس میں کچھ بو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخَالِفَة۔ الخالف کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رَجُلٌ خَالِفَةٌ : بیوقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِيْ أيُّ خَالِفَةٍ هُوَ وَأيُّ الخالف هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف۔ عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلَاف۔ ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المَسَائِلُ الخِلَافِيَة : مختلف فیہ مسائل۔

الخِلَافَة۔ امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخِلْفَة۔ مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خِلَف۔

الخِلْفَة۔ آنا جانا۔ مخالفہ۔ مختلف۔ کپڑے کا پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ و "قَوْمٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ و "فِي البِئْرِ خِلْفَةٌ مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة۔ مخالفت۔ بیوقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلِيْف۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلُف و خُلْف و خَلَف۔

الخَلِيْفُ : وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکائے۔

الخَلِيْفَة۔ جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا خَلِيْفَةٌ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ أُخْرَىٰ" ج خلفاء و خلائف۔ پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَةُ خُلَفَاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثلاثة أوْ ثلاث خَلَائِف"

الأَخْلَف۔ بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخْلَاف۔ بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخَالِيْف۔

المِخْلَاف : پروا۔ اور اسی سے مَخَالِيْف اليمن ہے۔

المَخْلَفَة۔ بید اگنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَهُ (ن) خَلْقًا و خِلْقَةً۔ پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا ___ الكَذِبَ : جھوٹ گھڑنا ___ الأَدِيْمَ : کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ___ الشَّيْءَ : ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا و خَلُقَ (ک) خُلُوْقًا و خُلُوْقَةً و خَلَاقَةً۔ چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً و خَلَقًا۔ الثوبُ : بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشَّيْءُ لَهٗ۔ لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔ خَلُقَ الغُلَامُ : اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَهٗ۔ خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ___ العودَ : ہموار کرنا ___ القِدْحَ : نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخَالَقَةً۔ خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

أَخْلَقَ۔ الثوبُ : بوسیدہ ہونا ___ الشبابُ : جوانی کا ختم ہونا ___ الثَّوْبَ : بوسیدہ کرنا ___ ہ الثوبَ : بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "أَخْلَقْتُ لَهٗ دِيْبَاجَتِيْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ۔ خلوق سے خوشبودار ہونا۔

___ بِغَيْرِ خُلُقِهٖ : بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا۔ اور اسی سے ہے "لَيْسَ التخلُّقُ بِالأَخْلَاقِ كَالخُلُقِ" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

(___ و اخْتَلَقَ) الكذبَ : جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخْلَوْلَقَ۔ الثوبُ : بوسیدہ ہونا ___ الرسمُ : زمین کے برابر ہو جانا ___ متنُ الفرسِ : چکنی ہونا ___ الدّارُ : ویران ہونا۔ اور عسیٰ کے معنی میں اُمید کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے اِخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ أنْ تُمْطِرَ "اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلْق۔ مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلْقَة۔ فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق۔

الخُلْق و الخُلُق۔ طبعی خصلت۔ طبیعت مروت۔ عادت۔ ج أخْلَاق۔ علم الاخلاق : حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق۔ مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثوبٌ خَلَقٌ وجُبَّةٌ خَلَقٌ" ج أخْلَاق و خُلْقَان اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ أخْلَاقٌ و ثِيَابٌ أخْلَاقٌ"

الخَلِق۔ بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلَاق۔ بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلَاق۔ چکنا۔

الخِلَاق و الخَلُوْق۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الخَلِيْق۔ لائق مناسب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِيْقٌ بِهٖ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقَاء۔

الخَلِيْقَة۔ طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلَائِق۔

الأَخْلَق۔ زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقَاء۔

المُخْتَلِق۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔

المُخْتَلَق۔ اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هو (مَخْلَقَة) بِذٰلكَ و لِذٰلكَ" وہ اس

کے لائق ہے۔
الخِلقِين۔ بڑا ریک۔ ج خَلاقِين۔
خَلَّمَهُ تَخلِيمًا و اِختَلَمَهُ۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔
خَالَمَهُ مُخَالَمَةً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِمٌ)
الخِلم۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج اَخلام و خُلَمَاء۔
الخَالِم۔ ہموار۔
ابل (خِلمَة) چرنے والے اونٹ۔
خَلاَ (ن) خُلُوًّا و خَلاءً۔ الاناءُ: خالی ہونا ___ المکانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا ___ الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا ___ عَلَى الشئِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا ___ عَلَى فلان: اعتماد کرنا ___ بِهِ: فریب کرنا ___ الشئُ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلتُه لِخَمسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّهرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا ___ عَنِ الأمْرِ و مِنْهُ: بیزار ہونا۔ عَنِ الشئِ: بھیجنا ___ بِالشَّئِ: منفرد ہونا۔
خَلاَ (ن) خَلوَةً و خَلوًا و خَلاءً۔ بِهِ وَمَعَهُ وَالِيهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلاَ الرَّجُلُ بِنَفسِهِ" منفرد ہونا ___ لِلأمْرِ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ___ بِالمَكَانِ: لازم رہنا ___ بَالُه: مطمئن ہونا ___ الحُزنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَال) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "اِفعَل كَذَا و خَلاكَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔
خَلَّى تَخلِيَةً۔ الامرَ و عَنْه: چھوڑنا ___ مَكَانَهُ: مرنا ___ سَبِيلَهُ: چھوڑنا" آزاد کرنا ___ بَيْنَ المُشتَرِي وَالمَبِيعِ: سپرد کرنا ___ بينهما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔
خَالاهُ مُخَالاةً۔ چھوڑ دینا۔
اَخلَى اِخلاءً۔ المکان: خالی کرنا یا پانا ___ المکانُ: خالی ہونا ___ ہ و بِہ و مَعَهُ: تنہائی میں ملنا ___ فُلانًا مَعَهُ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا ___ عَنْهُ: چھوڑنا۔

تَخَلَّى۔ تنہائی میں رہنا ___ مِنه و عَنْهُ: چھوڑنا ___ لَهُ: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ___ خَلِيَّةً: اپنے لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔
اِختَلَى: تنہائی میں رہنا۔
اِستَخلَى۔ ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا ___ بالمَلِكِ: تنہائی میں ملنا ___ المکانُ: خالی ہونا۔
الخَلاَء۔ مص۔ خالی مکان۔ پائخانہ۔ مکان خَلاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فِي البَلَدِ الخَلاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاؤكَ اَقنَى لِحَيَائِكَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "وَ اَنَا مِنهُ خَلاءٌ" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے۔
الخِلو۔ خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخلاء اور کبھی مؤنث کے لیے خلوۃ استعمال کرتے ہیں۔
خَلا و مَاخَلا۔ الاَّ کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہو گا جیسے "جَاءَ اَتبَاعُ الأمِيرِ خَلا او مَاخَلا زَيدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہو گا جیسے "خلا زَيدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔
الخَلوَة۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوَات۔
الخَلِيَّة۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلايَا۔
الخَلِيُّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَا خَلِيٌّ مِنْهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخلِيَاء و خَلِيُّون۔
الخِلي: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
الخَالي۔ فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخلاء۔
خَلَى (ض) خَلْيًا۔ النباتَ: کاٹنا۔
المَاشِيَةَ: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا۔
___ الفرسَ: منہ میں لگام دینا ___ اللِجَامَ مِنَ الفَرَسِ: اتارنا ___ الشعيرَ فِي المِخلاةِ: توبرا میں جو ڈالنا ___ القدرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا ___ ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔
خَالَى مُخَالاةً۔ ہ: پچھاڑنا۔ فریب دینا۔

اَخلَى۔ المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا ___ الدَّابَّةَ: گھاس کا چارہ دینا۔
اِختَلَى۔ العشبَ: کاٹنا۔
اِنخَلَى۔ الخَلَى: کٹنا۔
اِخلَولَى اِخلِيلاءً۔ الرَّجُلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔
الخَلَى۔ تر گھاس۔ ج اخلاء۔ واحد (خَلاة)
المِخلَى۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔
المِخلاة۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔
المُختَلِي۔ شیر۔
خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البَيتَ: جھاڑو دینا ___ البئرَ: کنواں صاف کرنا ___ الناقةَ: دوہنا ___ فلانا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَخِمُّ بِثِيَابِ فُلانٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا و خُمُومًا و اَخَمَّ) اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ و خَمٌّ و مُخِمٌّ) ___ اللبنُ۔ بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لاَ يَخِمُّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خُمَّ۔ الدجاجُ: دڑبہ میں بند کیا جانا۔
تَخَمَّمَ۔ مَا عَلَى الخُوانِ: دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔
اِختَمَّ۔ البيتَ: جھاڑو دینا ___ الشئَ: کاٹنا۔
الخُمَامَة۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
الخُمُّ۔ ڈربہ۔ ج خِمَمَة۔
الخِم۔ خالی باغ۔
الخِمان۔ مثلثة الخاء: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ رخت۔
المِخَمَّة۔ جھاڑو۔
الخَمِيم۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ سست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔
الخَمِيت۔ موٹا۔
خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ سے سست ہونا ___ اللحمُ: بدبودار ہونا ___ دِينُهُ او خُلُقُهُ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا ___ فلانا: برائی سے ذکر کرنا۔

خَمْخَم۔ گنگنانا۔
الخُمْخُم۔ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمْخِم۔ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خَمَدَت (ن) وخَمِدَت (س) خَمْدًا و خُمُوْدًا۔النَّارُ : آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا ـــــ الحُمّیٰ :بخار کی تیزی کا کم ہونا۔ المَرِیْض :بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
اَخْمَدَ۔ الرَّجُلُ : بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا ـــــ اَنْفَاسَه :مار ڈالنا یا ذلیل کرنا ـــــ النَّارَ ـــــ لپٹ کو بجھانا۔
الخَمُوْد۔ آگ بجھنے کے لیے دبانے کی جگہ۔
خَمَرَه (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا ـــــ الشهادَةَ :پوشیدہ کرنا ـــــ الرجلَ : شراب پلانا ـــــ العَجِیْنَ : خمیر ڈالنا ـــــ فُلَانًا : شرم کرنا۔
خَمِر (س) خَمَرًا۔ عَنْه : پوشیدہ ہونا' چھپنا ـــــ عَنْه الخبرُ : پوشیدہ رہنا ـــــ الشئَ :سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خَمَّرَ۔ العَجِیْنَ :خمیر ڈالنا ـــــ وَجْهَهٗ : ڈھانپ لینا ـــــ بَیْتَه : گھر میں جمے رہنا ـــــ
خامَرَ مُخَامَرَةً۔ بیع میں دھوکا دینا۔ ـــــ القلبَ : داخل ہونا ـــــ الشئُ الآخر :باہم ملنا ـــــ ہ الداءُ :بیماری کا اندر تک اثر کرنا ـــــ بَیْتَهٗ : گھر میں جمے رہنا ـــــ بِه :چھپنا۔
اَخْمَرَ۔ چھپنا ـــــ له : کینہ رکھنا ـــــ الشئَ : چھپانا ـــــ غافل کرنا ـــــ العَجِیْنَ :خمیر ڈالنا ـــــ الامرَ : پوشیدہ کرنا ـــــ الارْضُ : زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا ـــــ ہ الشئَ :تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَتِ واِخْتَمَرَت۔ المرأةُ : اوڑھنی ڈالنا۔ واِخْتَمَرَ العَجِیْنُ : خمیر ہو جانا۔ اِخْتَمَر العَصِیْرُ :شراب بن جانا۔
الخَمْرُ والخَمْرة۔ انگوری شراب۔ ہر نشلی چیز۔
الخِمْر۔ کینہ۔
الخَمَرِ۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "تَوَارَیٰ الصَّیْدُ عَنِّیْ فِیْ خَمَرِ الوَادِیْ" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔ رجلٌ خَمِرٌ :وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَار۔ شراب کی وجہ سے درد سر ـــــ والخُمَار والخَمَرَة)لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَار۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج اَخْمِرَة وخُمُر وخُمْر۔ کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمَارَکَ؟"یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الخَمِیْر والخَمِیْرَة۔ خمیر۔ الخَمِیْر : خمیری روٹی۔
الخُمْرَة۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمْرةُ اللَّبَن : وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (ـــــ والخُمْرة والخِمْرة)بُو جو تمہیں پہنچے۔
الخَمْرِیُّ۔ مِن الالوان : سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمَّار۔ شراب فروش و (الخَمَّارَة) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیْر والمُسْتَخْمِر۔ بہت شراب پینے والا۔
المَخْمُوْر۔ شراب کی وجہ سے مست۔
الیَخْمُوْر۔ سمندری گھونگا۔

خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا۔القومَ :پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔ المالَ : پانچواں حصہ لینا ـــــ الحَبْلَ : پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ۔ الشئَ : پانچ رکن والا بنانا۔ اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
اَخْمَسَ۔القومُ :پانچ ہونا۔
الخُمْس والخُمُس۔ پانچواں حصہ۔ ج اَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ"یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُمَاس و مَخْمَس۔پانچ پانچ(یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہے) کہا جاتا ہے "جَاءُوْا خُمَاسَ و مَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِیُّ۔ پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ خُمَاسِیَّةٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَة۔پانچ۔ مؤنث کے لیے خمس۔
خَمْسُوْن۔ پچاس۔
الخَمِیْس۔ و یَوْمُ الخَمِیْس : جمعرات۔ ج اَخْمِسَة و اَخْمِسَاء۔ الخَمِیْس : لشکر۔ اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمح (خَمِیْسٌ و مَخْمُوْسٌ)پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّس۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔

خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا و خُمُوْشًا۔ الوجهَ :خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَه۔زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش۔مص۔ خراش۔ ج خُمُوش۔
اَلْخَامِشَةُ : چھوٹی نالی۔ ج خَوَامِش۔
الخُمَاشَة۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ' کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَمُوْش۔ مچھر۔

خَمَصَ (ن) خَمْصًا و خُمُوْصًا و اِنْخَمَصَ۔الجرحُ :ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَهٗ خَمْصًا و خُمُوْصًا ومَخْمَصَةً الجوعُ : دُبلے پیٹ والا کر دینا (ـــــ و خَمِصَ (س) خَمَصًا و خَمُصَ (ک) خَمْصًا و خُمُوصًا و مَخْمَصَةً) البطنُ : پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔
تَخَامَصَ۔ اللیلُ : صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا ـــــ عَنْه :یکسو ہونا۔
الخَمْصَة۔بھوک۔

خَمَطَ (ن) خَمْطًا و خُمُوْطًا و خَمِطَ (س) خَمَطًا۔ الخمرُ او اللبنُ :اچھی بُو کا ہونا۔ بُو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط و خَمْط) خَمِط

الرجُلُ : تکبر کرنا- غضبناک ہونا-(خَمَطَ (ض) خَمْطًا)اللحمَ :بھونا-صفت مفعول خَمِیط
خَمَطَ(ن ض)خَمْطًا-اللبَنَ :دودھ کو برتن میں ڈالنا-
تَخَمَّطَ- تکبر کرنا- غضبناک ہونا ___ البحرُ :موج مارنا ___ الفَحْلُ :بڑبڑانا-
الخَمْط-مہ- ہر کھٹی یا کڑوی چیز- ہر درخت کا تھوڑا پھل- ہر بے کانٹے والا درخت- پیلو کا پھل-ایک قسم کی سانپ کی چھتری-
الخَمَطَة و الخَمْطَة- مِنَ اللّبَنِ :دودھ کی بو-
الخَمِیط-بکری کا بچہ کھال اُتار کر بھونا ہوا اور اگر بال اُتار کر بھونیں تو اس کو سَمِیط کہتے ہیں-
الخَمَّاط-بھوننے والا-
خَمِعَ(ف)خَمْعًا و خُمُوْعًا و خَمَعَانًا- الضَبُعُ :لنگڑاتے ہوئے چلنا-
الخَامِعَة-بجو-ج خَوَامِع-
الخُمَاع-لنگڑاہٹ-
الخِمْع-بھیڑیا-چور-ج اَخْمَاع-
الخَیْمَعُ و الخَمُوْع-بدکار عورت-
خَمَلَ(ن)خُمُوْلاً-ذِکرُہٗ اَوْصَوتُہٗ :پوشیدہ و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلاً) البُسْرَ : نرم ہونے کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا-کہا جاتا ہے "خَمَلَهُ اللّٰهُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال دے-
خَمِلَ-جوڑوں کی بیماری والا ہونا-
اَخْمَلَهُ- گمنام و بے قدر کرنا- اَخْمَلَتِ الارضُ :بہت گنجان درختوں والی ہونا-
اَخْمَلَ القَطِیفَة :روئیں دار بنانا-
اِخْتَمَلَتِ- المَاشِیَةُ : جانوروں کا اچھی گھاس والی زمین میں چرنا-
الخَامِل-فا ___ مِنَ الرِّجَال :گمنام و بے قدر-ج خَمَل-
الخَمْل-کپڑے کا رُواں-(___ و الخُمَالَة و الخَمِیْلَة)شترمرغ کے پر-
الخَمْلَة-چادر-روئیں دار کپڑا-
الخَمْلَة- راز- اندرونی کیفیتیں- ج خَمَلات-
الخُمَال-جوڑوں کا درد(___ و الخُمَالِیُّ و الخِمْل و الخُمْل)خالص دوست-
الخَمِیْل- روئیں دار کپڑے- نرم خوراک- گہرا بادل-واحد خَمِیْلَة-
الخَمِیْلَة- چادر- بہت گھنا درخت- بہت درختوں والی پست زمین-ج خَمَائِل-
المُخْمَل-روئیں دار کپڑا-
خَمَنَ(ن ض)خَمْنًا و خَمَّنَ-الشیَٔ : تخمینہ کرنا-قیمت لگانا-اندازہ کرنا-
الخَامِن-گمنام و بے قدر-
الخَمَن-بدبو-
الخَمَّان- کمزور نیزہ-گھٹیا درجہ کا آدمی-کہا جاتا ہے "هُمْ خَمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں-
الخَمَّانَة-کمزور نیزہ کا چھڑ-
خَنَّ(ض) خَنِیْنًا- ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا-صفت(اَخَنُّ)
خَنَّ(ن)خَنًّا-المالَ :لینا-
القومَ :قوم کے حریم میں داخل ہونا-
اَخَنَّهُ- عقل چھین لینا-صفت(مَخْنُوْن) قیاس کے مطابق(مُخَنٌّ)ہونا چاہیے-
اِسْتَخَنَّتْ-البِئرُ :بدبودار ہونا-
الخِن-خالی کشتی-
الخُنَّة-گنگناہٹ-ناک کی آواز-
الخَنَان- آسودگی- آرام-
الخُنَان و الخِنَان- اُونٹوں کا زکام- ناک کی ایک بیماری- پرندوں کے گلے کی ایک بیماری-
المِخَنُّ-لمبا مرد-
المَخَنَّة-گنگناہٹ و ناک کی آواز-ناک-گھر کا درمیان- صحن- واضح راستہ- راستہ میں داخل ہونے کی جگہ- وادی کی تنگ جگہ- کہا جاتا ہے "فلان مَخَنَّة لِفُلانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے-
خَنَأَ(ف)خَنْأً-الجذعَ-کاٹنا-
خَنِبَ (س) خَنَبًا- زکام والا ہونا- لنگڑا ہونا- ہلاک ہونا-کمزور ہونا-
اَخْنَبَ و اِخْتَنَبَ- ہلاک ہونا- اَخْنَبَ- ہلاک کرنا-کمزور کرنا-
تَخَنَّبَ- تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا-
الخَنَب-ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے-
الخِنْب- زانو کا باطنی حصہ- پسلیوں یا انگلیوں کے درمیان کی کشادگی-ج اَخْنَاب-
الخَنَاب-لمبا-بیوقوف-
الخَنَابَة-بڑا نشان-برائی-
الخِنَابَة و الخِنَّابَة- تکبر-غرور-
الخِنَّابَتَان و الخُنَّابَتَان-ناک کے نتھنے-
خَنِثَ(س)خَنَثًا-الرَّجُلُ :ہیجڑا ہونا-صفت (خَنِث)
خَنَثَه(ض)خَنْثًا- ٹھٹھا کرنا ___ السقاءَ : مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا-
خَنَّثَه-موڑنا-نرم کرنا-ہیجڑا بنانا-
اَخْنَثَ-دوہرا ہونا-لچکنا-
تَخَنَّثَ و انْخَنَثَ-ہیجڑا ہونا-
خَنَاثِ-مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے-کہا جاتا ہے "یا خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی-
خِنَاثُ-الثوبِ و اَخْنَاثُهٗ :کپڑے کی تہیں' کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلٰی خِنَاثِهٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو-واحد(خِنْث)
الخُنْث-لچک-
الخُنْثٰی-ہیجڑا-ج خناثی و خِنَاث-
المِخْنَاث-وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِخْنَاث و امْرَأَةٌ" مِخْنَاث-ج مَخَانِیث-
المُخَنَّث-ہیجڑا-وہ شخص جس میں لچک ہو-
الخَنْجَر و الخِنْجَر- بڑی چھری- ج خَنَاجِر-
خَنْخَنَ خَنْخَنَةً- ناک میں بولنا ___ فی کَلامِهٖ :گنگنانا-
الخُنْذُب-بدخلق-
الخَنْدَرِیْس-پرانی شراب-
الخُنْذُع- خسیس-لئیم-
الخندق- کھائی- ج خَنَادِق و (خَنْدَقَ خَنْدَقَةً) کھائی کھودنا-

تَخَنْذَذَ۔ بے شرم دلیر ہونا۔
الخِنْذِيْذ۔ لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ بگولہ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خَنَاذِيذ۔
الخِنْذِيَان۔ بدزبان۔
الخُنْذُع۔ خسیس۔ لئیم۔
خَنِزَ (س) خَنَزًا و خُنُوزًا۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِزو خَنَز)
الخُنْزُوَان و الخُنْزُوانَة۔ تکبر۔ غرور۔
الخُنْزُوان۔ بندر۔ نرسور۔
الخِنْزِير۔ سور۔ ج خَنَازِير۔ الخَنَازِير: کنٹھ مالا۔ خِنْزِيرُ البَحْرِ: مچھلی کی ایک قسم۔ خِنْزِيْرُ الهِنْدِ: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنْزِيْرَةُ البِئْرِ: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں۔
الخَنْزَرَة۔ موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔
خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا و خُنُوْسًا و خِنَاسًا۔ عَنْه: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطَّرِيْقُ عَنَا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ بَيْنَ اَصْحَابِهٖ: چھپنا۔
خَنَسَهٗ (ن ض) خَنْسًا۔ پیچھے کرنا ـــــ اِبْهَامَه: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَارَ بِاَرْبَعٍ و خَنَسَ اِبْهَامَه" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ـــــ القولَ: بری بات کہنا ـــــ الشيءَ عَنْه: چھپانا ـــــ فُلَانًا وبِهٖ: غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خَانِسٌ۔ ج خُنَّس۔
خَنِسَ (س) خَنَسًا۔ ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْنَس) مؤنث خَنْسَاء ج خُنْس اسم الخَنَس۔
اَخْنَسَهٗ۔ عَنْهُ: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْنَسْتُ عَنْهُ بَعْضَ حَقِّهٖ" میں نے اس کے کچھ حصہ کو روک لیا ـــــ اَوْعَارَ الطَّرِيْقِ: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔
تَخَنَّسَ۔ بِهٖ: غائب کر دینا۔

اِنْخَنَسَ۔ عَنْه: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔
الخُنُس۔ ہرنیوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔
الخُنَّس۔ ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔
الخَنْسَاء۔ نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔
الاَخْنَس والخِنَّوْس۔ شیر۔ الاَخْنَس: چیچڑی۔
الخَنَّاس۔ شیطان۔
الخِنِّيْس۔ فریبی۔ حیلہ گر۔
الخَنْسِر۔ لئیم۔ کمینہ۔
الخَنْسَر والخَنْسَرِي۔ وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خَنَاسِرَة۔
الخَنَاسِيْر۔ مصیبتیں۔
الخِنْشَار۔ ایک قسم کی نباتات۔
الخِنَّوْص۔ مؤنث الخِنَّوْصَةُ: سور کا بچہ۔ ج خَنَانِيْص۔
الخِنْصِر والخِنْصَر۔ چھنگلیا۔ ج خَنَاصِر۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا اَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَيْهِ الخَنَاصِرُ" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔
خَنَطَه (ض) خَنْطًا۔ رنج و غم پہنچانا۔
خَنْطَثَ۔ تکبر و غرور کے ساتھ چلنا۔
الخِنْطِيْر۔ بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔
الخَنْطَل۔ بلی۔ مصیبت۔ قطار، بڈی دل۔
خَنَعَ (ف) خُنُوْعًا۔ لَه و اِلَيْهِ: انکساری و فروتنی کرنا ـــــ الى اللّٰهِ: بغیر عمل کے گڑگڑانا ـــــ بِفُلَانٍ: بیوفائی کرنا ـــــ الى الاَمْرِ الشَّيْءِ: مائل ہونا۔
خَنَّعَهٗ۔ کلہاڑی سے کاٹنا۔
اِخْتَنَعَتْهُ۔ الحَاجَةُ لَهٗ و اِلَيْهِ: ذلیل و پست کر دینا۔
الخَنَع۔ ذلت۔
الخَنْعَة۔ عار۔ تہمت۔
الخَانِع والخَنُوْع۔ متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خَنَعَة و خُنُع۔

الخَنْعَابَة۔ کمینہ۔
شَعْرٌ (خَنْعَبٌ) لمبا بال۔
الخُنْعُبَة۔ چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
الخَنْعَس۔ بجو۔
خَنَفَ (ض) خِنَافًا۔ البعيرُ: دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خَنُوف) ج خُنُف۔ (ـــــ خُنُوفًا) غضبناک ہونا ـــــ الرَّجُلُ بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔ صفت (خَانِف) ـــــ المرأةُ: سینہ پر دو ہتڑ مارنا۔
خَنِفَ (س) خَنَفًا۔ صَدْرُهٗ او ظَهْرُهٗ: ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اَخْنَف) ج خُنْفٌ۔
الخُنُف۔ نشانات۔
خَنْفَسَ۔ عن القوم: نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔
الخُنْفُس والخِنْفِس والخُنْفَس و الخُنْفَسَا و الخُنْفَسَاءَة۔ گبریلا۔ ج خَنَافِس۔ و الخُنَافِس۔ شیر۔
خَنَقَه (ن) خَنْقًا و خَنِقًا و خَنَّقَه تَخْنِيْقًا۔ گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خَنَقَتْهُ العَبْرَةُ" یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ الاِنَاءَ: بھرنا۔ خَنَقَ السَّرَابُ الجَبَلَ: پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَقَ زَيْدٌ الاَرْبَعِيْنَ: قریب قریب ہونا۔
اِخْتَنَقَ۔ گلا گھٹنا۔
اِنْخَنَقَ۔ اپنا گلا گھونٹنا۔
الخَنِق و الخَنِيْق۔ گلا گھونٹا ہوا۔
الخُنَاق۔ ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔
الخُنَاقِيَّة۔ پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔
الخِنَاق۔ رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِخِنَاقِهٖ" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔
الخَانِق۔ فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خَانِقُ الذِّئْبِ و خَانِقُ النَّمِرِ و خَانِقُ الكَلْبِ: گھاسوں کے نام۔

الخَنَّاق۔ جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔
المِخْنَقَة۔ گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مَخَانِق و مَخَانِيْق۔
المُخَنَّق۔ مذ۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ مُخَنَّقُ الخَصرِ" پتلی کمر کا لڑکا۔
المُخْتَنَق۔ تنگ جگہ۔
المُخْتَنِق۔ گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خَنَا (ن) خَنْوًا و خَنِی (س) خَنًی و اَخْنٰی۔ عَلَيْهِ فِي الكَلَامِ : بدزبانی کرنا ــــ اَخْنٰی الجَرَادُ : بہت انڈے دینا ــــ المَرْعَی : بہت گھاس والی ہونا۔ اَخْنٰی عَلَيْهِ الدَّهْرُ : طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اَخْنٰی بِهٖ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔
الخَنٰی۔ بدزبانی۔ خَنَی الدَّهْرِ : مصیبتیں واحد (خَنَاة)
خَابَ (ن) خَوْبًا۔ محتاج ہونا۔
الخَوْبَة۔ بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خَاتَ (ن) خَوْتًا و خَوَتَانًا۔ الرجلُ۔ عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا ــــ المالَ : کم کرنا (ــــ و انْخَاتَ و اِخْتَاتَ) البَازِي عَلَی الصَّيْدِ : ٹوٹ پڑنا۔
خَاتَ (ن) خَوَاتًا۔ العقابُ : عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا۔
تَخَوَّتَ و اِخْتَاتَ۔ المالَ : کم کرنا ــــ الشَّیءَ : اُچک لینا ــــ حَدِيثَ القَوْمِ : سن کر یاد رکھنا ــــ الشَّاةَ : فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْتَاتُوْنَ اللَّيْلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
الخَوَّات۔ دلیر مرد۔
خَوِتَ (س) خَوَتًا۔ البطنُ : ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَت) مؤنث (خَوْتَاء)
اَخَاخَ اِخَاخَةً۔ العشبُ : پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔

الخَوْخ۔ شفتالو۔ واحد (خَوْخَة)
الخَوْخَة۔ روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔
الخَوْخَاء والخَوْخَاة والخَوْخَاءَة۔ بیوقوف۔
خَوَّدَ۔ الرَّجُلُ : تیز چلنا ــــ مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا : کچھ حاصل کرنا۔
تَخَوَّدَ۔ الغُصْنُ : جھکنا۔
الخَوْد۔ نازک بدن۔ جوان عورت۔ ج خَوْدَات و خُوْد۔
خَاوَذَهٗ مُخَاوَذَةً۔ الی الشیئ : ایک کا دوسرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَذْنَا اِلَی المَاءِ" یعنی ہم واپس آ رہے تھے اور وہ لوگ جا رہے تھے۔
خَاوَذَهٗ : بار بار زیارت کیلئے آنا۔ خَاوَذَتْهُ الحُمّٰی : غیر متعین وقت پر آنا۔ خَاوَذَ عَنْهُ۔ علیحدہ ہونا۔
تَخَاوَذَ۔ القَوْمُ : باہم عہد و پیمان کرنا۔
تَخَوَّذَ۔ نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوذنا بالزيارة" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔
الخُوْذَة۔ خود۔ ج خُوَذ۔
خُوْذَانُ۔ النَّاسِ : لوگوں کے خادم۔
خِوَاذُ۔ الحُمّٰی : غیر معین وقت میں بخار آنا۔
خَارَ (ن) خُوَارًا۔ البقرةُ : آواز کرنا۔ (ــــ خُؤُوْرًا و خَوِرَ (س) خَوَرًا) سست و کمزور ہونا۔ ٹوٹنا ــــ قوةُ المریض : کم ہونا۔
خَوَّرَ۔ کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا ــــ الاَرْضُ : کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا ــــ الرجلَ : کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔
اَخَارَهٗ۔ مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنَا الاِبِلَ اِلٰی مَوْضِعِ كَذَا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔
تَخَاوَرَتْ۔ الثِّيرَان : بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔
اِسْتَخَارَهٗ۔ مہربانی چاہنا ــــ المَنْزِلَ : صاف کرنا۔
الخَوْر۔ مذ۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔
الخُوَار۔ مذ۔ گائے کی آواز۔ بکریوں، ہرنوں اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے۔

الخَوَّار۔ بزدل۔ کمزور۔ سست۔ فَرَسٌ خَوَّارُ العِنَانِ : تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔ الخَوَّار مِنَ الزِّنَادِ : چقماق۔
الخَوْرِی۔ کاہن۔ ج خَوَارِنَة (دَخِيْل)
الخُوْرُس۔ گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)
خَازَه (ن) خَوْزًا۔ دشمنی کرنا۔
خَاسَت (ن) خَوْسًا۔ الجِيْفَةُ : بدبودار ہونا ــــ البِضَاعَةُ : مندا ہونا ــــ خَاسَ العَهْدَ و بِالعَهْدِ : بدعہدی کرنا ــــ بِالوَعْدِ : خلاف وعدہ کرنا ــــ بِفُلَانٍ : بیوفائی کرنا۔
خَوَّسَ۔ الشیئَ : کم کرنا۔ گھٹانا ــــ الابِلَ : ایک ایک کر کے پانی پر بھیجنا۔
خَاشَهٗ (ن) خَوْشًا۔ بالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ــــ الشیئَ : لینا ــــ الرَّجُلُ : ہجوم میں داخل ہونا۔
خَوَّشَ و تَخَوَّشَ۔ الشیئَ : کم کرنا۔ گھٹانا۔ و تَخَوَّشَ الرَّجُل : موٹائی کے بعد لاغر ہونا۔
الخَوْش۔ پہلو۔
الخَوْشَان۔ ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خَوْشَانَةٌ)
المُتَخَوِّش و المُتَخَاوِش۔ جھری دار دبلے پیٹ والا۔
خَوِصَ يَخْوَصُ خَوَصًا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَوْصَاء ج خُوْص ــــ الشَّاةُ : تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔
خَوَّصَ۔ پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ــــ التَّاجَ : سونے کے پتروں سے مزین کرنا ــــ ہ الشَّيْبُ : بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔
خَاوَصَ و تَخَاوَصَ۔ آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا ــــ النجومُ : مائل بغروب ہونا۔
خَاوَصَهٗ مُخَاوَصَةً و خَاوَصَهٗ البیعَ : بیچنے میں مقابلہ کرنا۔
اَخْوَصَ۔ النخلُ : پتے والا ہونا۔

تَخَوَّصَ-الشیئَ : تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا ___ العَطِیَّۃَ: تھوڑا تھوڑا کرکے لینا-
الخَوَّاص- کھجور کے پتوں کا بیچنے والا- اور اس کے عمل کو (الخِیَاصَۃ) کہتے ہیں-
الخُوْص- کھجور کے پتے- واحد (خُوْصَۃ)
الخَوْصَاء- گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے- کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِی الظَّھِیْرَۃِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے-
خَاضَ (ن) خَوْضًا و خِیَاضًا- المَاءَ :داخل ہونا- گھسنا ___ الشرابَ : ملانا ___ الغَمرَاتِ: سختیوں میں کود پڑنا ___ فِی الحَدِیْثِ : مشغول ہونا ___ الجَوَادُ فِی المَیْدانِ : کلیلیں کرنا- بِالفَرَسِ :پانی پر لے جانا ___ بالسَّیْفِ : زخم میں تلوار ہلانا- کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَخوض المَنَایَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے- وَھُوَ یَخُوْضُ اللَّیْلَ وہ رات کو ہولناکیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے-
خَوَّضَ-المَاءَ :داخل ہونا- گھسنا-
خَاوَضَ مُخَاوَضَۃً و اَخَاضَ
اِخَاضَۃً الفرسَ :پانی میں داخل کرنا-
اَخَاضُوْا المَاءَ :جانوروں کو پانی میں ڈال دینا-
تَخَوَّضَ- بتکلف گھسنا-
اِخْتَاضَ- المَاءَ :داخل ہونا- گھسنا-
تَخَاوَضَ- القومُ فِی الحَدِیْثِ : باہم مشغول ہونا-
الخَوْضَۃ- خاضَ کا اسم مرۃ- موتی-
الخَوَّاض- بہت گھسنے والا-
المَخَاضَۃ- پانی میں گھسنے کی جگہ- ج مَخَاوِض و مَخَاض و مَخَاضَات-
تَخَوَّطَہٗ- وقتاً فوقتاً آنا-
الخُوْط- نرم ٹہنی یا ہری شاخ- ج خِیْطَان-
خَوَّعَ تَخْوِیْعًا- منہ :کم کرنا- گھٹانا ___ فُلَانًا بِالضَّرب : توڑ دینا- کمزور کر دینا ___ السَّیلُ الوادیَ : وادی کے دونوں پہلوؤں کو ڈھا دینا ___ دَیْنَہ :ادا کرنا-
تَخَوَّعَ- الشَّیئَ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا- کھنکھار کر تھوکنا-

الخَوْعُ- وادی کا موڑ- ج اَخْوَاع-
خَافَ (س) خَوْفًا و خِیْفًا و مَخَافَۃً و خِیْفَۃً و تَخَوَّفَ- گھبرانا- احتیاط کرنا- ڈرنا- کہا جاتا ہے "خَافَہٗ و خَافَ مِنْہُ و خَافَ عَلَیْہِ"
صفت (خَائِف) ج خُوَّف و خُیَّف و خِیَّف و خَائِفُون- و تَخَوَّفَ الحقَّ : حق کو مار لینا- و تَخَوَّفَ الشیئَ : تھوڑا تھوڑا کم کرنا- تَخَوَّفَ عَلَیْہِ شَیْئًا :خوف کھانا-
خَوَّفَہ- ڈرانا ___ الطَّرِیقَ : ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں-
اَخَافَہٗ اِخَافَۃً- ڈرانا- اَخَافَ الطَّرِیْقُ : گھبراہٹ میں ڈالنا-
خَاوَفَہٗ- ڈرنے میں مقابلہ کرنا- کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُہ فَخُفْتُہ اَخُوْفُہ" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا-
الخَوَاف- شور-
الخَاف- بہت ڈرنے والا-
الخَافَۃ- چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے- جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے-
الخِیْفَۃ- ڈرنے والے کی حالت- ج خِیَف-
المَخُوْف- خوفناک- کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مَخُوْفٌ" خوفناک راستہ-
خَوِقَ (س) خَوَقًا و اِنْخَاقَ و تَخَوَّقَ- کشادہ ہونا- صفت (اَخْوَق) مؤنث خَوْقَاء ج خُوْق-
اَخَاقَ اِخَاقَۃً- ملک میں جانا-
خَوَّقَہٗ- کشادہ کرنا-
تَخَوَّقَ- عَنْہ :دور ہونا-
الخَوْق- بالی کا حلقہ-
الخَوَق- کشادگی- خارش-
الاَخْوَق- خارش والا- کانا-
مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ-
خَالَ یَخُوْل خَوْلًا و خِیَالًا- المَوَاشِیَ : نگہبانی کرنا ___ فلانٌ عَلٰی اَھْلِہٖ :تدبیر امور کرنا- انتظام کے لیے کافی ہونا-
خَالَ یَخَالُ خَوْلًا- تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا-
خَوَّلَہُ- الشَّیئَ :عطا کرنا- بخشش کرنا یا مالک بنانا-

اَخْوَلَ و اُخْوِلَ- ماموں والا ہونا-
اَخَالَ- فیہ خَالًا مِنَ الخَیْرِ و اَخَالَہٗ : فراست سے بھلائی معلوم کرنا-
تَخَوَّلَ فِیْہِ خَالًا مِنَ الخَیْرِ و تَخَیَّلَ- تَخَوُّلًا و تَخَیُّلًا- بھلائی معلوم کرنا- تَخَوَّلَ خَالًا- ماموں بنانا ___ فُلَانًا : نگہبانی کرنا-
اِسْتَخْوَلَھُمْ- خادم بنانا- اِسْتَخْوَلَ و اِسْتَخَالَ فِیْھِمْ :ماموں بنانا-
الخَوَل- خولی کی جمع- غلام- لونڈیاں- لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے- اور کبھی واحد کے لیے (خائِل) بولتے ہیں-
الخَال- ماموں- ج اَخْوَال و اَخْوِلَۃ و خُؤُوْل و خُؤُوْلَۃ-
الخَالَۃ- ماں کی بہن- موسیٰ- ج خَالَات- تم کہتے ہو- "ھُمَا اَبْنَاء خالۃ" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں- الخال :خیر کا نشان- فوج کا جھنڈا- چیز کا مالک- تم کہتے ہو "انا خال ھذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں-
الخَوْلِیّ- مال کا بہتر منتظم- ج خَوَل-
الخَائِل- فا- الخول کا واحد- کہا جاتا ہے "ھو خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں-
الخَوْلَۃ- ہرنی-
الاَخْوَل- وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں- رَجُلٌ (مُخْوِلٌ و مُخْوَلٌ و مُخَال) شریف ماموں والا-
خَامَت (ن) خَوْمَانًا- الاَرْضُ :ناموافق آب و ہوا والی ہونا-
اَخَامَ اِخَامَۃً- الفرسُ : تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا-
الخَام- روئی کا کپڑا- ج اَخْوَام- اَرْضٌ (خَامَۃ) ناموافق آب و ہوا والی زمین-
خَانَہٗ (ن) خَوْنًا و خِیَانَۃً و مَخَانَۃً و خَانَۃً- فِی کَذَا :امانت میں خیانت کرنا- خَانَہٗ سَیْفُہ : اچٹ جانا- خَانَہٗ الدَّھْرُ :آسودگی کو تنگی سے بدل دینا- خَانَتْہُ رِجْلَاہ :چلنے پر قادر نہ ہونا- خَانَ الدلوَ الرِشَاءُ :ٹوٹ جانا- العھدَ :توڑ دینا- کہا

جاتا ہے "خَانَه العَهْدَ اَوِ الاَمَانَةَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان و خَانَة و خَوَنَة (___ خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔

خَوَّنَهُ۔ خیانت کی نسبت کرنا۔

خَوَّنَهُ و خَوَّنَ مِنْهُ و تَخَوَّنَهُ۔ تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَهُ و تَخَوَّنَهُ۔ نگہبانی کرنا۔ اور اسی سے ہے "کَانَتِ الحُمّٰی تَتَخَوَّنَهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔

اِخْتَانَهُ۔ خیانت کرنا ___ المَالَ: چرانا۔

اِسْتَخَانَهُ۔ خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔

الخَان۔ دکان۔ سرائے۔ ج خَانَات۔ (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔

الخَائِنَة۔ الخَائِن کا مؤنث۔ الخَائِنَة: بہت خیانت کرنے والا۔ "ۃ" مبالغہ کے لیے ہے۔ جیسے رَاوِیَة بہت روایت کرنے والا۔

الخُوَان و الخِوَان۔ دسترخوان۔ عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں۔ ج اَخْوِنَة و خُوْن۔

الخَؤُوْن و الخَوَّان۔ بہت خیانت کرنے والا۔

الخَوَّانَة۔ بہت خیانت کرنے والا۔ "ۃ" مبالغہ کے لیے ہے۔ دبر۔

خَوَّتِ الدَّارُ تَخْوُخَوًّا۔ گر جانا ___ النجومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا۔

الخَوُّ۔ بھوک۔ کشادہ وادی (___ و الخَوُّ) شہد۔

الخَوَّة۔ کشادہ زمین۔

خَوٰی (ض) خَوَاءً۔ البَیْتُ: گرنا۔ خالی ہونا ___ رأسه: کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا (___ خَوًی و خَوَاءً) بھوکا ہونا ___ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا (___ خَیًّا) النجومُ: بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا ___ خَوًی و خَوَایَةً) الشیئ: اُچک لینا۔

خَوِیَ (س) خَیًّا و خُوِیًّا و خَوَایَةً۔ المکان: خالی ہونا۔

خَوّٰی تَخْوِیَةً۔ البَعِیْرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا ___ الطَّائِرُ: اُڑنے میں بازو لٹکانا۔

اَخْوٰی اِخْوَاءً۔ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا ___ النجومُ: بے بارش کے ہونا ___ الرجلُ: بھوکا ہونا ___ مَاعِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا (___ و خَوَّت) المَاشِیَةُ۔ بہت موٹا ہونا۔

اِخْتَوٰی اِخْتِوَاءً۔ بے عقل ہونا ___ البلدَ: عبور کرنا ___ مَاعِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا ___ الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔

الاَخْوٰی۔ عقل و ہوش رفتہ۔ مؤنث خَیًّا و خَوْیَاء۔

الخَوٰی و الخَوَاء۔ کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَوَاءُ الفَرَس: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔

الخَوِیُّ۔ خالی پیٹ والا۔

الخَوِیُّ۔ نرم و پست زمین۔

خَابَ (ض) خَیْبَةً و تَخَیَّبَ۔ محروم ہونا۔ ناامید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْیُه" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔

خَیَّبَهُ و اَخَابَهُ۔ محروم کرنا۔

قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔

المَخْیَبَة۔ باعث محرومی۔

خَاتَ (ض) خَیْتًا و خُیُوْتًا۔ آواز کرنا۔

خَارَ (ض) خَیْرًا۔ صاحب خیر ہونا۔

اللّٰهُ لَكَ فِی الاَمْرِ: بہتری کرنا۔

خَارَ (ض) خِیَرَةً و خِیْرَةً و خِیَرًا و خَیَّرَ۔ الشیئَ عَلٰی غَیْرِهٖ: فضیلت دینا۔ خَارَهٗ: انتخاب کرنا اور اسی سے ہے "اَللّٰهُمَّ خِرْلِی" اے اللہ میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔

خَیَّرَهٗ و خَایَرَهٗ۔ فِی الاَمْرِ وبَیْنَ الاَمْرَیْنِ۔ پسند کرنے کے لیے اختیار دینا۔ و خَایَرَهٗ فِی العِلْمِ فَخَارَهٗ: علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔

تَخَیَّرَهٗ و اِخْتَارَهٗ۔ چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَةً۔ طلب خیر کرنا۔

اللّٰهَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔

الخَیْر۔ ج خُیُوْر: بھلائی۔ نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا مال ___ ج اَخْیَار و خِیَار: بہت نیکی والا۔ اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخْیَرُ) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَیْرَةٌ) ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَةٌ خَیْرَةُ النَّاسِ و خَیْرُهُم"

الخِیْر۔ شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ ہیئت۔

الخَیِّرَة۔ بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَیِّرَات۔

الخِیَرَة و الخِیْرَة۔ مِنَ الشَّیئِ اوِ القَوْمِ: افضل۔

الخِیَار۔ پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالخِیَارِ" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِیَارُ الشیئِ: چیز میں کا افضل۔ الخِیَار: ککڑی۔ واحد (خِیَارَة) خِیَارُ شَنْبَر۔ املتاس۔

الخَیْرِیُّ۔ ایک قسم کی پھولوں والی نباتات۔

الخَیْرِیَّة۔ عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔

الخَیِّر۔ فیاض۔ مؤنث خَیِّرَة۔

الاَخْیَر۔ زیادہ اچھا۔ مؤنث خِیْرٰی و خُوْرٰی ج اَخَائِیْر۔

الخِیْرٰی و الخُوْرٰی و الخُوْرٰی و الخِیْرِیٰ۔ بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے رجل خیرٰی۔ الخ۔ یعنی بہت خیر والا۔

المُخْتَار: مفع۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالمُخْتَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔

خَاسَ (ض) خَیْسًا۔ اللَّحْمُ: بدبودار ہونا ___ البَیْعُ: سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا ___ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا ___ الرَّجُلَ او الدابَّةَ: مطیع کرنا۔

خَاسَ (ض) خَیْسًا و خَیَسَانًا۔ بالعهد: بدعہدی کرنا ___ بِالْوَعْدِ: خلاف وعدگی کرنا۔

خَیَّسَهُ۔ سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَیَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔

الخَیْس۔ غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔

الخِیْس۔ گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی۔ ج اَخْیَاس۔ دودھ۔

الخِیْسَة۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِیَس

المُخَیَّس و المُخَیِّس۔ جانور کے

سدھانے کی جگہ -قید خانہ-
خَاشَ (ض) خَیْشًا- مافی الوعاء :نکالنا-
الخَیْش- کتاں کا کھردرا کپڑا- ج خُیُوْش
و اَخْیَاش- واحد (خَیْشَۃ) کمینہ آدمی-
الخَیَّاش- کتاں کا کھردرا کپڑا بیچنے والا-
خَاصَ (ض) خَیْصًا- کم ہونا- صفت (خَائِص)
خَیِصَ (س) خَیَصًا- ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا- صفت (اَخْیَص) مؤنث (خَیْصَاء)
الخَیْص- تھوڑی چیز- کہا جاتا ہے "نِلْتُ مِنْهُ خَیْصًا خَائِصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز حاصل کی-
الخَیْصی- تھوڑی چیز- کہا جاتا ہے "فی المَرْعٰی خَیْصٰی مِنَ الْعُشْبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے-
الخَیْصَان- تھوڑا مال-
خَاطَ (ض) خَیْطًا- الثوبَ : سینا- صفت فاعلی (خَائِط و خَاطٌ و خَیَّاط) اور صفت مفعولی (مَخِیْط و مَخْیُوْط) ___ الحَیَّۃُ : زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "ھٰذا مَخِیْطُ الحَیَّۃِ" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے- خَاطَ اِلَیْهِ خَیْطَۃً : ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا-
خَیَّطَ- الشَّیْبُ فِی رَاسِهٖ : بڑھاپا شروع ہونا-
تَخَیَّطَ- رَاسُهٗ بالشَّیْبِ : بڑھاپا شروع ہونا-
اِخْتَاطَ و اِخْتَطٰی- اِلَیْهِ : ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا-
الخَیْط- مہ- دھاگہ- ج خُیُوْط و خُیُوْطَۃ و اَخْیَاط ___ مِنَ النَّعَامِ : شتر مرغ کا ریوڑ- مِنَ الجَرَادِ : ٹڈیوں کا دل- ج خِیْطَان-
الخَیْطُ الْاَبْیَضُ : صبح کی سفیدی- الخَیْطُ الْاَسْوَدُ : رات کی سیاہی- الخَیْطُ مِنَ الرَّقَبَۃِ : حرام مغز- کہا جاتا ہے "جَاحَشَ عَنْ خَیْطِ رَقَبَتِهٖ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی-
خَیْطُ بَاطِلٍ : ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُڑتی ہوئی معلوم ہوتی ہے-
الخِیْط و الخَیْطٰی- مِنَ النَّعَامِ او الجَرَادِ : شتر مرغ کا ریوڑ- ٹڈیوں کا دل-
الخِیَاطَۃ- درزی کا پیشہ-
الخَیَّاط- درزی-
الخِیَاط و المِخْیَط- سوئی-
خَیِفَ (س) خَیَفًا- ایک نیلگوں اور ایک سرمگیں آنکھ والا ہونا- صفت (اَخْیَف) مؤنث خَیْفَاء ج خِیْف-
خَیَّفَ- عَنِ القِتَالِ : روگردانی کرنا- ___ القومُ : کسی جگہ میں اُترنا- خَیَّفَتِ المراۃُ بِاَوْلَادِھا : اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا-
تَخَیَّفَ- الوانًا : مختلف رنگوں والا ہونا-
الخَیْف- دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین- پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ- تھن کی کھال-
الخَیْفَۃ- چھری- شیر کی جھاڑی-
الخَیْفَاء- کشادہ تھنوں والی- ج خَیْفَاوَات و خِیْف-
الاَخْیَاف- مختلف لوگ- کہا جاتا ہے "ھم اِخْوَۃُ اَخْیَافٍ اَوْ بَنُوْ اَخْیَافٍ" یعنی ان کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں-
الخَیْفَان- لوگوں کی کثرت- مختلف رنگوں والی ٹڈی- ایک قسم کی پہاڑی گھاس- واحد (خَیْفَانَۃ)
خَالَ یَخَالُ خَیْلًا و خِیْلًا و خَالًا و خَیْلَۃً و خِیْلَۃً و خَیْلَانًا و خَیْلُوْلَۃً و مَخِیْلَۃً و مَخَالَۃً- الشیئَ : خیال کرنا- گمان کرنا اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَالُ و اَخَالُ اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے-
خَیَّلَ تَخْیِیْلًا و تَخَیُّلًا- علیه : تہمت لگانا و (خَیَّلَ تَخْیِیْلًا) السحابُ : گرجنا، چمکنا اور برسنے کے لیے تیار ہونا ___ فِیْهِ الخَیْرَ : معلوم کرنا ___ عَنِ القَوْمِ : کمزور و بزدل ہونا-
خُیِّلَ- اِلَیْهِ و لَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے-
خَایَلَهٗ- فخر کرنے میں مقابلہ کرنا-
خَایَلَتِ السَّحَابَۃُ : بارش کی اُمید دلانا-
اَخْیَلَتِ- السماءُ : برسنے کیلئے تیار ہونا-
___ النَّاقَۃُ : تھنوں میں دودھ والی ہونا-
(___ و اَخَالَ) القومُ : ایسے بادل کو دیکھنا جس کے متعلق خیال ہو کہ برسے گا- (اَخْیَلَ و اِخْتَالَ) المَکَانُ بِالنَّبَاتِ : ہرا بھرا ہونا- اَخَالَ عَلَیْهِ الشیئُ : دشوار و مشتبہ ہونا-
تَخَیَّلَتِ- السَّحَابَۃُ : بارش کی علامتیں معلوم ہونا ___ الرَّجُلُ : تکبر کرنا ___ لَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے ___ فیه الخیرَ : معلوم کرنا ___ ہ : فراست سے معلوم کرنا ___ علیه : پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا-
تَخَایَلَ تَخَایُلًا و اِخْتَالَ و اِخْتِیَالًا- تکبر کرنا اور اکڑ کر چلنا-
اِسْتَخَالَ- السَّحَابَۃَ : برستا ہوا خیال کرنا-
الخَال- مہ- بادل جس سے بارش ضروری ہو- بے بارش کا بادل- بجلی- غرور- بڑا پہاڑ- جھنڈا- نرم کپڑا- سخی و فیاض آدمی- مغرور- گمان و توہم- بے بیوی والا- کمزور دل یا کمزور جسم والا- چھوٹا ٹیلہ- گھوڑے کی لگام- کفن- بدن کا تل- ج خِیْلَان-
الخَالَۃ- مغرور عورت-
الخَیْل- مہ- گھوڑوں کا گروہ- ج خُیُوْل و اَخْیَال- اور مجازًا خَیْل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے- کہا جاتا ہے "اتی بِخَیْلِهٖ و رَجِلِهٖ" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا-
الخَیْل- ہینگ-
الخَیْلَان- ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے-
الخَیَال- گمان و وہم- ج اَخْیِلَۃ (___ و الخَیَالَۃ) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے- انسانی شکل- ڈراوا- یعنی وہ چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں-
الخَائِل- مغرور- ج خَالَۃ-
المُتَخَیِّلَۃ و الخَیَالِیَّۃ- قوتِ خیالیہ-
الاَخْیَل- مؤنث خَیْلَاء- ج خِیْل و اَخَائِل- و (المَخِیْل و المَخْیُوْل) بدن میں تل والا-
الاَخْیَل : ایک منحوس پرندہ کا نام-
الاُخَائِل- مغرور- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اُخَائِلٌ"

الخیال۔ شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَة۔
الخُیَلاَء۔ والخِیَلاَء والخَیْلَة۔ تکبر و غرور۔
السحابة (المُخِیْلَة والمَخِیْلَة والمُخَیِّلَة والمُخْتَالَة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔
المُخِیْل: خیر سے ڈرانے والا۔ کَلاَمٌ مُخِیْلٌ: دشوار کلام۔
المَخَائِل۔ مِنَ السُحُب: بارش سے ڈرانے والے بادل۔ اور اسی سے ہے "ظَهَرَتْ فِيْهِ مَخَايِلُ النَجَابَةِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔
اَرْضٌ (مُتَخَیِّلَةٌ و مُتَخَایِلَةٌ)
خَامَ یَخِیْمُ خَیْمًا و خَیَمَانًا و خُیُوْمًا و خُیُوْمَةً و خِیَامًا و خَیْمُوْمَةً۔ اقامت کرنا ____ عنه: بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا ____ القومُ فِي القِتَالِ: جنگ میں کامیاب نہ ہونا ____ رِجلَه: پاؤں اُٹھانا۔
خَیَّمَ۔ خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا ____ بالمکان: اقامت کرنا۔ خَیَّمَتِ الکَرْمَةُ: خیمہ کی مانند ہونا۔ خَیَّمَتِ البَقَر: اپنے تھان پر کھڑے رہنا ____ اَلرِیحَ فی الثَوْب: کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔
اَخَامَ إخَامَةً و اَخْیَمَ إخْیَامًا۔ الخیمةَ نصب کرنا ____ الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
تَخَیَّمَ۔ المَکَانَ و بِالْمَکَان و فِيْه: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ تَخَیَّمتِ الرِّیْحُ الصَّبَّةُ بالثَّوْبِ و فِيْهِ: بھڑک اُٹھنا۔
الخِیْم۔ طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔
الخَام۔ ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔ پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو۔ کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخْوَام۔
الخَام موٹی۔
الخَامة۔ ترو تازہ گھاس۔ ج خَام و خامات۔
الخَیمة ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور [illegible] وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم و خِیَام و خیمات و خَیْم۔ الخِیَام: ہودے۔
الخَیَّام۔ خیمہ میں رہنے والا (____
الخیمی خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
المُخَیَّم۔ وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

دَأَبَ(ف)دَأْباً ودَأَبًا ودُؤُوْبًا-فِي العَمَلِ : لگاتار جانفشانی سے کرنا- صفت (دَائِبٌ ودُؤُوبٌ)- (دَأَبًا ودَأْبًا) الدابةَ : تیز ہانکنا ــــــ ہ :دھتکارنا-

اَدْأَبَهُ اِدْآبًا- تھکانا- لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا-

الدأْبِ و الدَأَب-مہ-عادت-حالت-

الدَائِبَان- رات دن-

الدَائِب- تھکاماندہ-

دَأَثَ (ف) دَأْثًا- بوجھل ہونا ــــــ الثوبُ : میلا ہونا ــــــ الثوبَ : میلا کرنا ــــــ الطَعَامَ :کھانا-

الدِئْث- سخت کینہ-

الدَأْثَاء- باندی-لونڈی-ج دِآث اِبْنُ دَأْثَاء : بیوقوف-

دَأدَأدَأْدَأَةً و دِئْدَاءً- تیز دوڑنا ــــــ فِيْ اَثَرِہ : کھوج لگانے کیلئے پیچھے جانا ــــــ الشئَ : ڈھانپنا- حرکت دینا- ٹھہرانا ــــــ القومُ :باہم ہجوم کرنا-

تَدَأْدَأَ- ہلنا- ٹھہرنا ــــــ فِي مَشْيِہ : لڑکھڑانا-

ــــــ عَنْ فَرَسِہ :گرنا-

الدَأْدَأ و الدَأْدَاء و الدَأْدَأَة و الدُأْدَاءَ ةُ-مِنَ اللَّيَالِيْ :سخت تاریک رات-ج الدَآدِئ-

الدُؤْدُؤ- مہینے کا آخر- بقول بعض پچیسویں' چھبیسویں' ستائیسویں رات- اور بقول بعض اٹھائیسویں' اُنتیسویں رات- ج دَادِئ- الدَّارَ صِيْنِيُّ- دارچینی-

دَئِصَ (س) دَأَصًا- اترانا ــــــ البَعِيْرُ : موٹا اور پُرگوشت ہونا-

الدَأْص- موٹاپا-

دَأَظَ (ف) دَأْظًا- الإِنَاءَ : بھرنا ــــــ الرجُلَ :باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا- غصہ دلانا- گلا گھونٹنا ــــــ القِرْحَةَ : دبا کر نچوڑنا-

دَأَظَ(ف)دَأْظًا- موٹا ہونا-

دَأَلَ (ف) دَأْلاً ودَأَلاً ودَأَلَى- سُست چلنا- (ــــــ لہ دَأْلاً و دَأَلانًا) فریب دینا-

دَاءَ لَہُ مُدَاءَ لَۃً- دھوکا دینا- تیز چلنے میں مقابلہ کرنا-

دُؤَالَة-لومڑی کے لئے علم جنس ہے-

الدَأْل والدُئِل والدُؤَل والدَأْلان- گیدڑ- بھیڑیا-نیولے کی مانند ایک جانور-

الدُؤْلُؤْل- مصیبت- ج دَآلِيْل- کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فِي دُؤْلُؤْلٍ" لوگ مصیبت میں پڑ گئے-

دَأَمَ(ف)دَأْمًا-الحَائِطَ :سہارا دینا ــــــ الرجُلَ :کود کر سوار ہونا-

تَدَأَّمَہُ- الماءُ : ڈھانپ لینا- تَدَأَّمَتِ السَّمَاءُ :لگاتار برسنا-

تَدَاءَ مَتْ- عَلَيْهِ الهُمُوْمُ والأُمُوْرُ : ہجوم کرنا-

الدَأم-مہ- ہر وہ چیز جو تمہیں چھپا لے-

الدَأْمَاء- سمندر-

دأى يَدْأُوْ ويَدْأَى دَأْواً ودَأْيًا- الذِئْبُ للصَيْدِ :دھوکے سے شکار کرنا-

الدَأْي- سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ- ج دَأْيَات-

(اِبْنُ دَأْيَة) کوا-

الدَايَة- دائی جنائی- ج دَايَات-

دَبَّ(ض)دَبًّا و دَبِيْبًا- رینگنا- ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا- کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مَنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ــــــ السُقْمُ فِي الجِسْمِ او البِلَى فِي الثوبِ : بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا' اثر کرنا ــــــ الجدْوَلُ : نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دَبت عَقَارِبُهُ" اس نے تفرقہ اندازی کیلئے چغل خوری کی-دَبَّ الشَيْخُ : آہستہ چلنا-

اَدَبَّ- الصَبِيَّ : ہاتھ پیروں پر چلانا ــــــ اِلَى اَرْضِہ جَدْوَلاً :نہر جاری کرنا- کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلاَدَ" اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا- و "هُوَ يُدِبُّ عَلَيْنَا عَقَارِبَهُ و يُحَرِشُ عَلَيْنَا اَقَارِبَه" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے-

الدُبُّ- ریچھ-ج اَدْبَاب وَدِبَبَة- مؤنث دُبَّة-

الدُبُّ الاَكْبَرُ و الدُبُّ الاَصْغَرُ :بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ- کہا جاتا ہے "رَكِبَ دُبَّ فُلان او دُبَّةَ فُلانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کرلیا-

الدَبَّة- تیل وغیرہ کا برتن- بط کی شکل کا شیشہ کا برتن- بہت ریتلی جگہ- ج دِبَاب- منہ کا زوال- ج دَبٌّ- کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِي الدَّارِ دُبِّيٌّ اَوْدِبِّيٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں- اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے-

الدَبَب- زوال- بال کی کثرت- گائے کا نومولود بچھڑا-

الدَبَّاب- تیز رینگنے والا- ناتوانی سے آہستہ چلنے والا- مؤنث دَبَّابَة-

الدَبَّابَة- ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں

استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں
داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے
اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج
دَبَّابَات۔ الدَّبَّابَة: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔
الدَّیِبب۔ مہ۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں
کھیلتا رہتا ہے۔
الدَّبُوب والدَّیبُوب۔ موذی۔ چغل خور۔ گہرا
غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔
الدَّابَّة۔ الدابُّ کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔
سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و
مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں
تا وحدت کی ہے۔ ج دَوَابٌّ۔ تصغیر (الدُّوَیبَّة)
الدُّبَّاء۔ کدو۔ واحد (دُبَّاءَة)
الدَّبَّان۔ زوال۔ بالوں کی کثرت۔
الأَدَبُّ۔ بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔
مؤنث دَبَّاء۔ بہت بالوں والا اونٹ۔
المَدَبُّ۔ جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے
"مَدَبُّ السَّیلِ" سیلاب بہنے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ
النَّمل" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔
أَرضٌ (مَدَبَّة) بہت ریچھوں والی زمین۔
دَبَأَهُ (ف) دَبْأً۔ لاٹھی سے مارنا ـــــ
الشَّیئُ: ساکن ہونا۔
دَبَّأَهُ۔ وَدَبَّأَ عَلَیهِ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا
دَبَجَهُ (ن) دَبْجًا و دَبَّجَهُ۔ نقش کرنا، مزین
کرنا، خوبصورت بنانا ـــــ الطَّیلَسَانَ:
ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔
الدِّیبَاج۔ ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِیج و دَیَابِیج۔
واحد (دِیبَاجَة) و (الدِّیبَاجَة) چہرہ۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ یَصُونُ دِیبَاجَتَهُ" فلاں اپنی آبرو کی
حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلَانٌ یَبذُلُ دِیبَاجَتَه"
فلاں اپنی آبروریزی کرتا ہے۔ "دِیبَاجَةُ
الکِتَابِ" کتاب کا دیباچہ۔ الدِّیبَاجَتَانِ۔ دونوں
رخسارے۔ دِیبَاجَةُ الوَجهِ: چہرہ کی رونق۔
الدِّیبَاجُ: جوان اونٹنی۔
الدَّبَّاج۔ ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔
المُدَبَّج۔ ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔
بدشکل۔ ایک بد شکل آبی پرندہ۔ اُلو۔
دَبَّجَ۔ سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔

فِی بَیتِهِ: گھر میں جمے رہنا۔
دَبَخ۔ بمعنی دَبَّخَ۔
دَبدَبَ دَبدَبَةً۔ الحَافِرُ عَلَی الأَرضِ: ٹاپ
سے آواز نکلنا۔
الدَّبدَابُ۔ ڈھول۔ طبل۔ ج دَبَادِیب۔
دَبَرَ (ن) دَبْرًا و دُبُورًا۔ النَّهَارُ أَوِ الصَّیفُ:
گزر جانا۔ ختم ہونا ـــــ الرَّجُلُ: مرنا۔ پشت
پھیرنا۔ بوڑھا ہونا ـــــ الرِّیحُ: پچھوائی رُخ پر
ہو جانا۔ (ـــــ دَبْرًا) السَّهمُ الهَدَفَ: نشانہ
سے ہٹ جانا ـــــ الکِتَابَ: نقل کرانا
ـــــ بِالشَّیئِ: لے جانا ـــــ ہ: پیچھے آنا
ـــــ الحَدِیثَ عَن فُلَانٍ: کسی کے مرنے
کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔
دُبِرَ۔ پچھوائی ہوا لگنا۔
دَبِرَ (س) دَبَرًا۔ البَعِیرُ: کجاوہ وغیرہ سے زخمی
پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)
دَبَّرَ۔ الامرَ: غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا
ـــــ الحَدِیثَ: دوسرے سے روایت کرنا
ـــــ عَلَی هَلَاکِهِ: کسی کی ہلاکت کیلئے حیلہ
اور کوشش کرنا۔
دَابَرَ مُدَابَرَةً و دِبَارًا۔ مرنا ـــــ ہ: دشمنی
کرنا۔
أَدبَرَ۔ البَعِیرُ: زخمی پیٹھ والا ہونا۔ أَدبَرَهُ
القَتَبُ: پیٹھ زخمی کرنا ـــــ فلانٌ: مرنا۔
پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ـــــ عَنهُ: پیٹھ
پھیرنا ـــــ ہ: پیچھے کرنا۔ أَدبَرَتِ الدُّنیَا:
اقبال کا ختم ہونا۔ الامرُ: ختم ہونا ـــــ
الرَّجُلُ: بدھ کے دن سفر کرنا۔
تَدَبَّرَ۔ الامرَ: انجام سوچنا۔
تَدَابَرَ۔ القَومُ: باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور
قطع تعلقات کرنا۔
اِستَدبَرَهُ۔ پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا
ـــــ الأَمرَ: غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔
الدَّبرُ۔ مہ۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد
(دَبرَة) ج أَدبُر و دُبُور۔ بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔
سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار
بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ
کَلَامِی دَبرَ أُذُنِهِ" اس نے میری بات سے

غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔
الدِّبر۔ بمعنی الدَّبر۔ بہت مال۔ واحد ہے مفرد
اور جمع دونوں کیلئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبرٌ
و اموالٌ دِبرٌ"
الدُّبْر و الدُّبُر۔ مِن کُلِّ شَیئٍ: پچھلا حصہ۔ ج
أَدبَار۔ دُبُرَ الصَّلوٰة: نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے
"جَاءَ دُبُرًا لشَّهرِ و فِی دُبُرِهِ و عَلَی دُبُرِهِ
و أَدبَارَ الشَّهرِ و فِی أَدبَارِهِ": وہ مہینہ کے آخر
میں آیا۔ دُبُرُ البَیتِ: گھر کا گوشہ۔
الدَّبرَة۔ انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت
زمین۔ ج دِبَار۔
الدَّبِر۔ زخمی پیٹھ والا جانور۔
الدِّبرَة۔ جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَیسَ لِهٰذَا
الامرِ قِبلَة و لا دِبرَة" یعنی اس معاملہ میں کوئی
قطعی فیصلہ نہیں ہے۔
الدَّبَرَة۔ جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے
ہو جائے۔ ج دَبَر و أَدبَار۔
الدِّبَار۔ ہلاکت۔
الدِّبَار۔ کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔
الدَّبُور۔ پچھوائی ہوا۔
الدَّبِیر۔ مِنَ الرَّجُلِ: پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا
یَعرِفُ قَبِیلَه مِن دَبِیرِهِ" وہ اپنے آگے پیچھے کو
نہیں پہچانتا۔ زیادتی، جہالت کے لئے بطور کنایہ
کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِیلَهُ
مِن دَبِیرِهِ" اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز
کرلی۔
الدَّبُّور۔ شکل و صورت۔ ج دَبَابِیر۔
الدَّبُّورَة۔ پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح
لفظ "الصَّاقُور" ہے۔
الدَّبَرَان۔ چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور
کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔
الدَّابِر۔ فا۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔
جیسے "أَمسِ الدَّابِرِ" گزشتہ کل۔ اور یہ تاکید کے
لئے ہے جیسے "رَأَیتُهُ بِعَینِی" بولتے ہیں۔ نشانہ پر
نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے
ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الکِنَانَةِ
غَیرُ الدَّابِرِ" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی
نہ رہا۔ اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دَابِرَهُم" اللہ ان

ئی جڑ کو کاٹ دے۔

الدَّابِرَۃ۔ الدَّابر کا مؤنث۔ شکست۔ بدفالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔ دَابِرَۃُ الطَّیْر : پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوَابِر۔

الدَّبَرِیُّ۔ نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے۔

الدَّبَرِیُّ۔ وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا۔ "شَرُّ الرَّای الدَّبَرِیُّ" یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔ و "جَاءَ دَبَرِیًّا" وہ آخر میں آیا۔

المُدَابِر۔ ناکامیاب تیر والا۔

المُقَابَل و المُدَابَر۔ نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔

المَدْبُور۔ زخمی۔ بہت مال والا۔

دَبَّسَ۔ الشیئَ : چھپانا ___ الشیئُ : چھپنا ___ العِنَبُ : میٹھا ہونا ___ العَصِیْرُ المَغْلِیُّ : گاڑھا ہو جانا ___ الرَّجُلُ العَصِیْرَ : پکا کر گاڑھا کر دینا۔

اَدْبَسَتِ۔ الاَرْضُ : اکھوا نکلنا۔

اِدْبَسَّ اِدْبِسَاسًا۔ الفرسُ : سرخ سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْبَس)

الدَّبس۔ ہر کالی چیز۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ دَبْسٌ" بہت مال۔

الدِّبس۔ پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔

الدَّبَّاس۔ شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

الدِّبس۔ شہد۔ کھجور کا شیرہ۔

الدُّبْسَۃ۔ سیاہی ملی ہوئی سرخی۔

الدَّبُّوس و الدُّبُّوس۔ آہنی گرز۔ ج دَبَابِیس۔

دَبَشَ (ن) دَبْشًا۔ الشیئَ : چھلکا اُتارنا ___ الطَّعَامَ : کھانا۔

الدَّبَش۔ گھر کا سامان۔ ردی سامان۔ مَکَانٌ (مَدْبُوش) وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو ٹڈیوں نے کھالیا ہو۔

سَیْلٌ (دُبَاشٌ) ہر چیز کو بہا لے جانے والا سیلاب۔

دَبَغَ (ف ن ض) دَبْغًا و دِبَاغًا و دِبَاغَۃً۔ الجلدَ : کھال کو پکانا۔

اِنْدَبَغَ۔ کھال کا نرم ہونا اور اس سے رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔

الدِّبغ و الدِّبغَۃ و الدِّبَاغ و الدِّبَاغَۃ۔ چمڑا پکانے کا مسالہ۔

جِلْدٌ (دَبِیغ) پکائی ہوئی کھال۔

الدِّبَاغَۃ۔ چمڑے کی پکائی کا پیشہ۔

الدَّبَّاغ۔ چمڑے کو پکانے والا۔

المَدْبَغَۃ و المَدْبُغَۃ۔ چمڑا پکانے کی جگہ۔ چمڑے جو پکانے کے لئے مسالہ میں ڈالے گئے ہوں۔

دَبَقَ (ض) دَبْقًا۔ الصَّائِدُ الطَّیْرَ : لاسہ سے شکار کرنا۔

دَبِقَ (س) دَبَقًا۔ بِہٖ : چمٹنا۔

دَبَّقَہٗ۔ لاسہ سے شکار کرنا۔

اَدْبَقَہٗ۔ چپکانا۔

تَدَبَّقَ۔ الطَّیْرُ : لاسہ سے شکار ہو جانا ___ الشیئُ : لیس دار ہونا۔

الدِّبْق و الدَّابُوق و الدَّبُوقَاء۔ پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔

دَبَلَ (ن) دَبْلًا و دُبُوْلًا۔ الاَرضَ : کھاد ڈالنا ___ الشیئَ : درست کرنا۔

دَبَلَہٗ (ن ض) دَبْلًا۔ بِالعَصَا : لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَلَتْہُ الدَّبُوْلُ" اس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔

(___ و دَبَّلَ) اللُّقْمَۃَ : بڑا لقمہ لینا ___ الشیئَ : انگلیوں سے جمع کرنا۔

دَبِلَ (س) دَبَلًا۔ موٹا ہونا۔

الدَّبْل۔ مہ۔ پلیگ۔ مصیبت۔ اولاد کی موت۔ نالا۔ ج دُبُول۔

الدُّبْلَۃ۔ بڑا لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ ج دُبَل و دُبَل۔

الدَّبْلَۃُ و الدُّبَیْلَۃ۔ مصیبت۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کا پھوڑا۔

الدُّبَال۔ کھاد۔

الدَّبُوْل۔ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔ ہلاکت و مصیبت۔

الدَّوْبَل۔ نر سور۔ چھوٹے قد کا گدھا۔

دُبِیَتْ۔ الاَرْضُ : چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِیَّۃ و مَدْبُوَّۃ)۔

اَدْبَتْ۔ الاَرْضُ : بکثرت چھوٹی ٹڈیوں والی ہونا۔

الدَّبَی۔ چھوٹی ٹڈی۔ چیونٹی۔ واحد (دَبَاۃ)

دَثَّ (ن) دَثًّا۔ الصَّیَّادُ بِہٖ : کسی چیز سے شکار کرنا۔ دَثَّہٗ۔ تکلیف دہ مار مارنا۔ ہٹا دینا۔ پتھراؤ کرنا۔

دَثَّتْ (ض) دَثًّا۔ السَّمَاءُ : ہلکی بارش ہونا۔

الدَّثُّ و الدَّثَّۃ و الدِّثَاث۔ ہلکی بارش۔

الدُّثَّۃ۔ معمولی زکام۔

الدَّثُوْث۔ ہٹ جانے والا۔

الدُّثَّاث۔ گوپھن سے پرندوں کا شکار کرنے والے۔ واحد (دَاثٌّ)

دَثَرَ (ن) دُثُوْرًا۔ الرسمُ : مٹنے لگنا۔ صفت (دَاثِر) ج دَوَاثِر ___ السَّیْفُ : زنگ آلود ہونا ___ الشَّجَرُ : پتے نکلنا ___ الثَّوْبُ : میلا ہونا ___ الرَّجُلُ : بڑھاپے کے آثار نمایاں ہونا۔

دَثَّرَہٗ۔ ہلاک کرنا۔ چادر سے ڈھانپنا ___ الطَّائِرُ : گھونسلہ بنانا۔

تَدَثَّرَ و اِدَّثَرَ۔ بِالثَّوْبِ : اوڑھنا۔ صفت (مُتَدَثِّرٌ) و (مُدَّثِّرٌ) اس کی اصل مُتَدَثِّر ہے تا کو دال میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ و تَدَثَّرَ فرسَہٗ : کود کر سوار ہونا۔

اِنْدَثَرَ۔ مٹنا۔ ناپید ہونا۔

اِدَّثَرَ۔ بہت مال جمع کرنا۔

تَدَاثَرَ۔ الرَّسْمُ : مٹنے لگنا۔

الدَّاثِر۔ فا۔ ہلاک ہونے والا۔

الدَّثْر۔ بہت۔ مالٌ دَثْرٌ۔ بہت مال، کہا جاتا ہے "مَالٌ دَثْرٌ و مَالَانِ دَثْرٌ و اَمْوَالٌ دَثْرٌ" اور کبھی دُثُوْر جمع بولتے ہیں۔ رَجُلٌ دَثْر : غافل۔ مرد ھُوَ (دِثْرُ) مَالٍ : وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔

الدَّثْر۔ میل کچیل۔ اور کہا جاتا ہے عَسْکَرٌ دَثْرٌ۔ بہت فوج۔

الدِّثَار۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے اوپر کا گرم کپڑا۔ سونے والا جس کپڑے کو اوڑھ کر لیٹے۔

الدَّثُوْر و الدِّثَارِیُّ۔ کاہل۔ سست۔ گمنام۔ بہت سونے والا۔

الاَدْثَر۔ غافل۔

دَثَطَ (ن) دَثْطًا۔ القَرحَۃَ : نشتر لگا کر مواد بہانا۔

دَثَعَ (ف) دَثْعًا۔ سخت روندنا۔

الدَّثِع۔ نرم زمین۔
دَثَقَ (ن) دَثْقًا۔ الماءَ: گرانا۔
الدَّثِيمَة۔ چوہا۔
دَثَّن تَدْثِيْنًا۔ الطَّائِرُ: درخت میں گھونسلہ بنانا۔ پھدکنا۔
الدَّثِيْنَة۔ دفینہ۔
الدَّثَنَة۔ تھوڑا پانی۔
دَجَّ (ض) دَجِيْجًا و دَجَجَانًا۔ القومُ: آہستہ چلنا ـــــ البيتُ: چھت ٹپکنا۔ (ـــــ دجًّا) السِترَ: لٹکانا۔
دَجْجَهٗ۔ ہتھیار بند کرنا۔ دَجَّجَتِ السَّمَاءُ: ابر آلود ہونا۔
تَدَجَّجَ۔ ہتھیار بند ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَدَجَّجَ فِيْ شِكَّتِهٖ" وہ پوری طرح ہتھیار بند ہوگیا۔
الدَّاجُّ۔ فا۔ (مثل لفظ الحَاجُّ کے مفرد و جمع ہے) خادم اور بوجھ اُٹھانے والوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ آہستہ چلتے ہیں۔ ج دَاجُّوْن و دَاجَّة۔
الدُّجَّة۔ سخت تاریکی۔
الدجاج۔ (بتثلیث الدال والفتح اعلٰی) مرغی۔ مرغ (پالتو و جنگلی) الدَجاجُ الهِنْدِي: ایک بڑا پرندہ ہے جس کو ملک شام میں دجاج حبش اور مصر میں دجاج رومی کہتے ہیں۔ واحد (دَجَاجَة) ج دُجج۔ الدَجَاجة: دھاگے کی انٹی۔ عیال۔
الدُّجُج۔ سخت تاریکی۔ سیاہ پہاڑ۔
الدَّجُوْجِي و الدَّيْجُوْج۔ تاریک رات۔ ج دَيَاجِيج۔
الدَّجَاجِي۔ مرغیوں کا بیچنے والا۔ اَسْوَدُ دُجَاجِي: سخت سیاہ۔
المُدَجَّج و المُدَجِّج۔ پوری طرح سے ہتھیار بند "دَجَّجَتِ السَّمَاء" سے ماخوذ ہے اور تشبیہًا کسی پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔
الدَّجَجَان۔ ماں کے پیچھے پیچھے پھرنے والا شیر خوار بچہ۔ مؤنث دَجَجَانَة۔
الدَّجْوَب۔ غلہ کی بوری جس کو عورتیں سفر میں ساتھ رکھتی ہیں۔

دَجْدَجَ و تَدَجْدَجَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَجِرَ (س) دَجَرًا۔ حیران ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت (دَجِرٌ و دَجْرَان) ج دَجْرَىٰ و دَجَارَىٰ۔
دَاجَرَ مُدَاجَرَةً۔ بھاگنا۔
الدِّجْرَان۔ تھونی۔ وہ لکڑی جو بیل چڑھانے کے لئے لگائی جائے۔ واحد (دِجْرَانَةٌ)
الدُّجْر۔ ایک وہ چیز جس میں سوراخ دار لوہا لگا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے بونے کے وقت غلہ گراتے ہیں۔
الدُّجْر۔ بتثلیث الدال والکسر افصح و الدُّجْر۔ لوبیا۔
الدَّيْجُوْر۔ تاریکی۔ خاکستری رنگ کی سیاہی مائل مٹی۔ ج دَيَاجِيْر و دَيَاجِر۔
دَجَلَ (ن) دَجْلًا۔ جھوٹ بولنا (ـــــ و دَجَّلَ) البعيرَ: اونٹ پر قطران ملنا ـــــ بالمَكَان: ٹھہرنا۔ مقیم ہونا۔ و (دَجَّلَ) الشيءَ: ڈھانپنا ـــــ الإِنَاءَ: سونے کے پانی سے ملمع کرنا ـــــ الأَرْضَ: گوبر ڈالنا۔
الدَّجَال۔ گوبر۔
الدَّجَّال۔ بڑا جھوٹا۔ نام ایک شخص کا جو آخر زمانہ میں ظاہر ہوگا۔ ج دَجَّالُوْن و دَجَاجِلَة۔
الدَّجَّال: سونے کا پانی۔
الدَّجَّالَة۔ ساتھیوں کا بڑا گروہ جو زمین پر چھا جائے۔
الدُّجَيْل و الدُّجَالَة۔ قطران (دیکھئے لفظ القطران)
دِجْلَة۔ عراق کا مشہور دریا۔ لفظ کے لحاظ سے مؤنث ہے اور نہر کی تاویل سے مذکر اور کبھی اس پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدِّجْلَة"
دَجَمَ (ن) دَجْمًا۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَجِمَ (س) و دُجِمَ دَجْمًا۔ غمگین ہونا۔
الدَّجْم۔ مِنَ الشيءِ: قسم۔
الدُّجْم۔ عشق کے بے تابیاں۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ دُجَمُ العِشْقِ" اس کو عشق کی بے تابیوں نے گھیر لیا۔
الدَّجْمَة۔ تاریکی ج دُجَم۔
الدُّجْمَة۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ دُجْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

الدِّجْمَة۔ یار دوست۔ ج دِجَم۔
غَدِيْرٌ (دَيْجَمٌ) لہریں مارنے والا تالاب۔
دَجَنَ (ن) دَجْنًا و دُجُوْنًا۔ اليَوْمُ: بادل و بارش والا ہونا ـــــ اللَّيْلُ: سیاہ ہونا۔ صفت (أَدْجَن) مؤنث (دَجْنَاء) ج دُجْن۔
دَجَنَ (ن) دُجُوْنًا۔ بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ الحَمَامُ و غَيْرُهٗ: پالتو ہونا۔ صفت (دَاجِن) مؤنث (دَاجِنٌ و دَاجِنَةٌ) ج دَوَاجِن۔ کہا جاتا ہے "دَجَنُوْا فِي لُؤْمِهِمْ" کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا۔
أَدْجَنَ۔ القَوْمُ: بارش میں داخل ہونا۔ ـــــ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا ـــــ المَطَرُ او الحُمّیٰ: ہمیشہ رہنا ـــــ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَاجَنَهٗ مُدَاجَنَةً۔ نمائشی رواداری برتنا۔
إِدْجَوْجَنَ۔ اليَوْمُ: بارش والا ہونا۔
الدَّجْنُ۔ مص۔ بہت بارش۔ گھٹا ٹوپ بادل ج دُجُن و دِجَان و دُجُوْن و أَدْجَان۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ دَجْنٌ و يَوْمٌ دَجْنٌ" بہت بارش کا دن۔ عَلٰى هٰذَا القِيَاس۔ لَيْلَةٌ دَجْنٌ و لَيْلَةٌ دَجْنٌ۔
الدُّجْنَة۔ تاریکی۔ ج دُجَن و دُجُنَات۔ و الدُّجْنَة فِي أَلْوَانِ الإِبِلِ۔ بدترین سیاہی۔
الدُّجُنَّة و الدَّجُنَّة و الدِّجِنَّة۔ تاریکی۔ بہت بارش والا گھٹا ٹوپ بادل۔ ج دُجُنَّات۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ دُجُنَّةٌ و يَوْمٌ دُجُنَّةٌ" بہت بارش کا دن و عَلٰى هٰذَا القِيَاسِ "لَيْلَةٌ دُجُنَّة و لَيْلَةٌ دُجُنَّةٌ" تاریک رات۔
الأَدْجَن۔ تاریک۔
لَيْلَةٌ (مِدْجَان) تاریک رات۔
الدَّاجِنَة و المُدْجِنَة۔ مِنَ السَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔
دَجَا (ن) دَجْوًا و دُجُوًّا۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (دَاجٍ) مؤنث دَاجِيَة۔
الثوبُ: کشادہ ہونا۔
دَاجٰی مُدَاجَاةً ـــــ ہ: نمائشی رواداری برتنا۔
أَدْجٰى إِدْجَاءً و تَدَجّٰى تَدَجِّيًا و إِدْجَوْجٰى

اِدْجِیْجَاءً۔ اللَّیْلُ : تاریک ہونا۔ اَدْجٰی الْبَیْتَ : پردہ لٹکانا۔
الدُّجَۃ۔ قمیص کا بٹن۔ تین انگلیاں مع لقمہ کے۔ ج دُجات و دُجَی۔
الدُّجْیَۃ۔ تاریکی یا بادل کی تاریکی۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ ج دُجَی۔
الدَّاجِی۔ فا ــــ مِنَ العَیْش : آسودگی نعمۃٌ دَاجِیَۃٌ : کامل نعمت۔
لَیْلٌ (دَجِیٌّ) تاریک رات۔
الدَّیَاجِی۔ تاریکیاں۔
دَحَّ (ن) دَحًّا۔ الشیئَ فی الارض : چھپانا ــــ الطَّعَامُ بَطْنَہ : شکم سیری سے لٹک آنا۔ ــــ الرَّجُلَ : گدی پکڑ کر دھکیلنا ــــ البَیْتَ فِی الثَّرٰی : کشادہ کرنا۔
اِنْدَحَّ اِنْدِحَاحًا۔ بَطْنُہ : کشادہ ہونا۔
الدَّحْدَح والدَّحْدَحَۃ والدَّحْدَاح والدَّحْدَاحَۃ والدُّحَادِح والدُّحَیْدِحَۃ۔ پست قد۔
دَحَبَ (ف) دَحْبًا۔ دفع کرنا (ــــ دَحْبًا و دُحَابًا) الجارِیَۃَ : جماع کرنا۔
الدُّحْبَۃ۔ بکریوں کا گلہ۔
دَحَجَہٗ (ف) دَحْجًا۔ زمین پر گھسیٹنا۔
دَحَّجَ الجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔
دَحَرَہ (ف) دَحْرًا و دُحُوْرًا و مَدْحَرَۃً۔ دھتکارنا۔ دور کرنا۔ دفع کرنا۔ صفت فاعلی (دَاحِرٌ و دَحُوْر) و صفت مفعولی (مَدْحُوْر)
دَحْرَجَہ۔ لڑھکانا۔
تَدَحْرَجَ۔ لڑھکنا۔
الدُّحْرُوْجَۃ۔ گبریلا کی گولی جس کو لڑھکا کر لے جاتا ہے۔ ج دَحَارِیج۔
الدَّحْز۔ سخت و مضبوط۔
دَحَسَ (ف) دَحْسًا۔ بَیْنَ القَوْمِ : فساد ڈالنا ــــ الشیئَ : بھرنا ــــ بِرِجْلِہٖ : کریدنا ــــ الجزاز : کھال اُتارنے کیلئے کھال میں ہاتھ داخل کرنا۔ الثوبَ فِی الْوِعَاء : کپڑے کو برتن میں داخل کرنا ــــ بِالشَّرِّ : خفیہ طریقہ سے شرانگیزی کرنا۔
(ــــ و اَدْحَسَ) السُّنْبُل : دانوں سے بھرا ہونا۔
دَحِسَتْ (س) دَحَسًا۔ اِصْبَعُہ : انگلی کا سوجنا۔ صفت (مَدْحُوْس) اور انگلی کو مَدْحُوْسَۃ کہتے ہیں۔
الدِّحَاس۔ مِنَ الْبُیُوْتِ : آدمیوں سے بھرا ہوا گھر۔
الدَّحَّاس والدُّحَّاس۔ ایک زرد رنگ کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے۔ ج دَحَّاسَات و دَحَاحِیْس۔
الدَّاحِس والدَّاحُوْس۔ انگلی کے کنارے پر ورم۔
الدَّیْحَس۔ ہر چیز کی کثیر مقدار۔
دَحَصَ (ف) دَحْصًا۔ المَذْبُوْحُ بِرِجْلِہٖ : ایڑیاں رگڑنا ــــ الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔
دَحَضَ (ف) دَحْضًا و دُحُوْضًا۔ الحُجَۃَ : باطل کرنا۔ دَحَضَتِ الحُجَّۃُ : باطل ہونا ــــ الشمسُ : ڈھلنا۔
دَحَضَ (ف) دَحَضًا۔ مذبوح کی طرح پاؤں پٹکنا ــــ رِجْلُہ : پھسلنا ــــ المطرُ التِلاَعَ : پھسلن کی جگہ بنا دینا ــــ عَنِ الاَمْرِ : تفتیش کرنا۔
اَدْحَضَ۔ الرجلَ : پھسلانا ــــ الحُجَّۃَ : باطل کرنا۔
اِنْدَحَضَ۔ البُرْھَانُ : باطل ہونا۔
الدَّحَض والدَّحْض۔ مِنَ الْاَمْکِنَۃِ : پھسلن کی جگہ۔ ج دِحَاض۔
المَدْحَضَۃ۔ پھسلانے والی جگہ۔
دَحَقَہٗ (ف) دَحْقًا و اَدْحَقَہٗ۔ دور کرنا۔ دھتکارنا۔
اِنْدَحَقَ۔ اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔
الدَّاحِق۔ فا۔ بیوقوف۔ غضبناک۔
الدَّحِیْق۔ دور۔ دور رہونے کی جگہ۔
دَحِیْقُ القَوم : قوم کا دھتکارا ہوا۔
مُنْدَحِق۔ البَطْنِ : کشادہ پیٹ والا۔
دَحْقَبَہ۔ پیچھے سے تیز ہانکنا۔
دَحَلَ (ف) دَحْلاً۔ بھاگ کر چھپنا۔ دور ہونا ــــ البِئْرَ : کنوئیں کے ایک جانب میں کھودنا۔
(ــــ و اَدْحَل) فی الدَّحْل : کھوہ میں داخل ہونا۔
دَحِلَ (س) دَحْلاً۔ ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت (دَحِل)
دَاحَلَہٗ مُدَاحَلَۃً۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔
الدَّحْل والدُّحْل۔ کھوہ۔ گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہو۔ ج دِحَال و اَدْحَال و اَدْحُل و دُحُوْل و دُحْلاَن۔
الدَّحْلَۃ۔ کنواں۔
الدَّحِل۔ فریبی' دغاباز۔ موٹا پست قد۔ ڈھیلے پیٹ والا۔
الدِّحَال۔ امتاع۔
البئر (الدَّحُول والدَّحْلاَء) اوپر سے تنگ نیچے سے چوڑا کنواں۔
الدَّاحُوْل۔ وہ لکڑی جو ہرن کے شکار کرنے کیلئے کھڑی کی جائے۔ ج دَوَاحِیْل۔ اور اس طریقہ سے شکار کرنے والے کو (الدَّحَّال) کہتے ہیں۔
دَحْلَطَ۔ اول فول بکنا۔
دَحْلَمَہٗ دَحْلَمَۃً۔ پہاڑ سے گرا دینا یا کنوئیں میں دھکیل دینا۔
دَحَمَہٗ (ف) دَحْمًا۔ زور سے دھکا دینا۔ دَحَمَ المرأۃَ : جماع کرنا۔
الدِّحْم۔ جڑ۔
الدَّاحُوْم۔ لومڑی کا جال۔
دَحْمَرَ۔ القِرْبَۃَ : مشک بھرنا۔
دَحْمَسَ۔ اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔
الدَّحْمَس والدُّحْمُس۔ سیاہ۔ بہت سخت تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَیْلٌ دَحْمس" بہت تاریک رات۔ ج دَحَامِس۔
الدُّحَامِس۔ بہت زیادہ گندم گوں موٹا آدمی۔ بہادر۔
الدُّحْمُوْق۔ بڑے ڈیل ڈول کا بڑے پیٹ والا۔
دَحْمَلَ۔ بِہٖ : زمین پر لڑھکانا۔
دَحِنَ (س) دَحَنًا۔ پست قد موٹا بڑے پیٹ والا ہونا۔
الدِّحَنَّۃُ۔ بلند زمین۔
دَحَا یَدْحُوْ و یَدْحٰی دَحْوًا۔ البَطْنُ : بڑا ہونا

اور نیچے کو لٹکنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَحَا المَطَرُ الحَصٰی عَنْ وَجْهِ الْأَرْضِ" بارش کنکریوں کو بہالے گئی۔
اِدْحَوْی اِدْحِوَاءً۔ پھیلنا۔
دَحٰی یَدْحٰی دَحْیًا۔ الشَّیْئَ: پھیلانا۔
تَدَحّٰی تَدَحِّیًا۔ الشَّیْئُ: پھیلنا۔
اِنْدَحٰی۔ البطنُ: کشادہ ہونا۔
الدَّحْیَة۔ بندریا۔
الدِحْیَة۔ فوج کا سردار۔ ج دِحَاء۔
الأُدْحِیُّ والإِدْحِیُّ والأُدْحُوَّة والأُدْحِیَّة۔ ریت میں شترمرغ کے انڈے دینے کی جگہ۔
الدُّخُّ والدَّخُّ۔ دھواں۔
دَخْدَخَ۔ الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا ____ عَنْهُ الشَّیْئَ: روکنا۔
تَدَخْدَخَ۔ الرجلُ: دلگیر ہونا۔
دَخْدَرَ۔ القُرطَ: سونے کا ملمع کرنا۔
دَخَرَ (ف) ودَخِرَ (س) دَخَرًا ودُخُورًا۔ ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔
اَدْخَرَهٗ۔ ذلیل کرنا۔
الدِخْرِص۔ دانا۔ عقل مند۔ ماہر۔
الدِخْرِیص۔ کرتے کی کلی۔
دَخَسَ (ف) دَخْسًا۔ الشَّیْئَ فِی الرَّمَادِ: چھپا دینا۔ دَخَسَ فِیْهِ: داخل ہونا۔
دَخِسَ (س) دَخَسًا۔ الحَافِرُ: ورم والا ہونا۔ صفت (دَخِس)
الدِّخْس۔ جوان ریچھ۔ موٹا گٹھے بدن والا۔
الدَّخَس۔ جانور کے کھر کا ورم۔
الدُّخَس۔ ایک بحری جانور کا نام ہے جس کو سوس کہتے ہیں۔
عَدَدٌ (دِخَاس) بہت۔ دِرْعٌ دِخَاسٌ: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔
الدَّخِیس۔ آپس میں اُلجھی ہوئی گھاس۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَخِیْسُ اللَّحْمِ" وہ پُرگوشت ہے۔
کَلَأٌ (دَیْخَسٌ) بہت اور اُلجھی ہوئی گھاس۔
الدَّوَاخِس والدُّخَس۔ دیگ دان کے پائے۔
دَخِشَ (س) دَخَشًا۔ پُرگوشت ہونا۔

دَخَصَتْ (ف) دُخُوْصًا۔ الجَارِیَةُ: چربی والی ہونا۔ صفت (دُخُوْص)
دَخَصَ (ف) دَخْصًا۔ الصَّبِیُّ او السَّبُعُ: پائخانہ کرنا۔
دَخَلَ (ن) دُخُوْلًا ومَدْخَلًا۔ الدَّارَ: اندر آنا۔ داخل ہونا ____ بِهٖ: اندر لانا۔ داخل کرنا ____ عَلَیْهِ: زیارت کرنا۔ ملاقات کرنا۔
دُخِلَ۔ فِی عَقْلِهٖ او جَسَدِهٖ و (دَخِلَ (س) دَخَلًا) عقل یا جسم میں خرابی لاحق ہونا۔ صفت (مَدْخُوْل) عَلَیْهِ ____ امْرُ فُلَانٍ: باطنی طور پر فاسد ہونا۔ (دَخَّلَهٗ) داخل کرنا۔
دَاخَلَهٗ مُدَاخَلَةً۔ العُجْبُ: خود پسندی آنا۔
دَاخَلَهٗ فِی اُمُوْرِهٖ: دراندازی کرنا۔ دخل دینا۔
اَدْخَلَهٗ اِدْخَالًا ومُدْخَلًا۔ داخل کرنا۔
تَدَخَّلَ۔ داخل ہونا ____ الشَّیْئُ: آہستہ آہستہ داخل ہونا۔
تَدَاخَلَهٗ۔ گھل مل جانا ____ الشَّیْئُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَدَاخَلَتِ الأُمُوْرُ: مشتبہ و ملتبس ہونا۔
اِدَّخَلَ واِنْدَخَلَ۔ داخل ہونا۔
الدَّخْل۔ مص۔ آمدنی۔ مرض۔ عیب۔ تہمت۔
دَخَلَ الرَّجُلِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔
الدَّخَل۔ عقلی یا جسمانی خرابی۔ مکر۔ خاندانی عیب۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو کسی کی جانب منسوب کرتے ہوں اور فی الحقیقت ان میں سے نہ ہوں۔
دَخْلَةُ الرَّجُلِ ودِخْلَتُه ودُخْلَتُهٗ نیت۔ مذہب۔ راز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَفِیْفُ الدَّخْلَة" وہ پاک نیت ہے۔ الدِخْلَةُ: راز۔ اسی سے ہے "فَرَشْتُهٗ دِخْلَةَ اَمْرِی" میں نے اُس کے سامنے اپنا راز ظاہر کر دیا۔ الدِخْلَة: مختلف رنگوں کو ملا کر ایک رنگ بنانا۔
الدُخَّل۔ بڑے ڈیل اور گٹھے بدن والا۔ درخت کے جڑ کی گھاس۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج دَخَاخِیل
(دُخَّلُ الرَّجُلِ و دُخَّیْلَاءُ و دُخَیْلَاهُ) نیت راز۔
الدَّاخِل۔ فا۔ اندر آنے والا۔ اندرونی۔
الدَّاخِلَة۔ مؤنث۔ دَاخِلَةُ الارض: زمین کا نشیبی حصہ ____ الإِزَارِ: ازار (تہ بند) کی اندرونی سطح ____ الانسانِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔ ج دَوَاخِل۔
الدِخَال۔ گھوڑے کا ایال۔ جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔
الدَّخِیْل۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔ ج دُخَلاء۔ عجمی کلمہ جو عربی زبان میں داخل ہو گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "دَاءٌ دَخِیْلٌ" اندرونی بیماری "هُوَ دَخِیْلُ فلانٍ" وہ فلاں کے ہر کام میں رازدار ہے۔ و دَخِیْلُ الرَّجُل: نیت۔ مذہب۔ راز۔
الدَّخِیْلَة۔ مِنَ الشَّیْئِ: چیز کا اندرونی حصہ۔
دَخِیْلَةُ الْمَرْءِ: نیت۔ اندرونی خیال۔
المَدْخَل۔ داخل ہونا۔ داخل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الْمَدْخَلِ فِی اُمُوْرِهٖ" وہ اپنے امور کا بہترین منتظم ہے۔
المُدْخَل۔ مفع۔ لئیم۔ کمینہ۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔
المَدْخُوْل۔ وہ شخص جس کی عقل میں فتور ہو۔ لاغر۔ عیب دار۔ نَخْلَةٌ مَدْخُوْلَةٌ: درخت خرما جس کے اندر کا حصہ کھوکھلا ہو گیا ہو۔ رَجُلٌ (مُتَدَاخِلٌ) موٹا گٹھے ہوئے بدن کا مرد۔
الدُخْلُل والدِخْلَل۔ راز دار۔ دُخْلُلُ الرَّجُلِ: نیت۔ راز۔ اُمور میں مداخلت کرنے والا۔
الدِخْلِل۔ چربی جو گوشت میں پیوست ہو۔
دَخَمَهٗ (ف) دَخْمًا۔ سختی سے ہٹانا۔ دَخَمَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
دَخْمَسَه دَخْمَسَةً۔ دھوکا دینا۔
دَخِنَ (س) دَخَنًا۔ الطَّعَامُ واللَّحْمُ وغیرهُمَا: دھوئیں کی بو دینا۔ صفت (دَخِن) ____ النَّارُ: دھواں اُٹھنا ____ خُلُقُهٗ: بداخلاق ہونا (____ ودَخُنَ (ک) دُخْنَةً) دھوئیں کے رنگ کا ہونا۔ صفت (اَدْخَن) مؤنث دَخْنَاء۔
دَخَنَتْ (ن ض) دَخْنًا ودُخُوْنًا ودَخَّنَتْ واَدْخَنَتْ واِدَّخَنَتْ۔ النَّارُ: دھواں اُٹھنا۔
اِدَّخَنَ الزَّرْعُ۔ دانوں کا سخت ہونا۔
دَخَّنَ۔ الشَّیْئَ: دھونی دینا۔

تَدَخَّنَ۔دھوئیں کی بو دینا۔
الدُّخن۔کنگنی۔چینا۔باجرا۔
الدَّخَن۔مـ۔دھواں۔کینہ۔فساد۔عقلی فتور۔ دین کی کمزوری۔ حسب کا عیب۔ کہا جاتا ہے "لَسْتُ اُصَالِحُه عَلٰی دَخَنٍ" میں اس سے مکر وفساد کی صورت میں صلح نہیں کروں گا۔
الدُّخنة۔دھندلا۔خوشبو جس سے مکانوں کو دھونی دیتے ہیں۔اَبُو دُخْنَة :ایک قسم کا پرندہ۔
الدُّخان والدُّخَّان۔ دھواں ج اَدْخِنَة ودَوَاخِن ودَوَاخِين۔ مولدین تمباکو وسگریٹ کو کہتے ہیں۔
الدَّاخِنَة۔ روشن دان جس سے دھواں نکلے۔ ج دَوَاخِن۔
الدَّخْتنان۔ وہ چیز جس پر دھواں چھا جائے۔ مؤنث دَخْتَنَانَة۔
اَلْمَدْخَنُ۔دھوئیں کی جگہ۔
المِدْخَنَة۔عودسوز۔انگیٹھی۔ج مَدَاخِن۔
المَدْخَنَة۔دھواں نکلنے کی چمنی۔
الدَّخي۔تاریکی۔
لَيْلَةٌ(دَخْيَاء) تاریک رات۔
الدَّدُ کھیل کود۔اس کا لام کلمہ مثل "غد" کے واؤ محذوف ہے اور کبھی واؤ کو الف سے بدل کر (الدَّدَا) کہا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے "مَا اَنَا فِيْ دَدٍ ولاَ الدَّدُمِنِّي" نہ تو میں کھیل کود میں ہوں اور نہ یہ میرا کام ہے۔الدَّد :وقت۔کہا جاتا ہے "مَضٰی دَدٌ مِنَ الدَّهرِ" زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔
الدَّدَن۔کھیل کود۔
الدَّدَان۔بے نفع آدمی۔کند تلوار۔بہت کاٹنے والی تلوار (ضد) الدَّيْدَن والدَّيْدَان عادت۔
الدَّيْدَب والدَّيْدَبَان۔ نگہبان۔ ہراول۔ راہبر۔جنگلی گدھا۔
الدَّيْدَبُون۔کھیل کود۔
دَرَّ (ن ض) دَرًّا۔الحَلِيبُ :دودھ زیادہ ہونا ـــــ الدُّنْيَا عَلٰی اَهْلِهَا :پیداوار زیادہ ہونا۔ ـــــ النَّاقَةُ بِلَبَنِهَا :بہت دودھ دینا۔کہا جاتا ہے "دَرَّتْ حَلُوْبَتُهٗ" وہ خوش حال ہوگیا۔ النَّبَاتُ : گتھ جانا۔ (ـــــ دَرًّا ودُرُوْرًا) العَرَقُ :بہنا ـــــ السَّمَاءُ بِالمَطَرِ : برسنا ـــــ السِّرَاجُ : روشن ہونا ـــــ السُّوْقُ :بازار کا چل پڑنا۔ ـــــ العُرُوْقُ :خون سے بھرنا۔
دَرَّ (س ض) دَرًّا۔وجْهُهٗ :بیماری کے بعد نکھر آنا۔
دَرَّ (ض) دَرِيْرًا۔الفرسُ :تیز دوڑنا۔
اَدَرَّ۔ المغْزَلَ : مضبوط بٹنا ـــــ الشَّيْءَ : حرکت دینا ـــــ عَلَيْهِ الضَّرْبَ :لگاتار مارنا۔ ـــــ الرِّيْحُ السَّحَابَ : تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔کہا جاتا ہے "اَدَرَّ اللّٰهُ لَكَ اَخْلاَفَ الرِّزْقِ" اللہ تعالیٰ تمہارے لئے رزق زیادہ کریں ـــــ النَّاقَةُ :بہت دودھ والی ہونا۔
اِسْتَدَرَّ۔ اللَّبَنُ : زیادہ۔ اِسْتَدَرَّهٗ : بہانا ـــــ الرِّيْحُ السَّحَابَ : تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔
الدَّر۔مـ۔دودھ۔دودھ کی زیادتی۔خون اور کہا جاتا ہے "لِلّٰهِ دَرُّه" اس کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے۔و "لاَ دَرَّ دَرُّه" خدا کرے کہ وہ خوش حال نہ ہو۔
الدُّر۔ بڑے موتی۔ واحد (دُرَّةٌ) ج دُرَرٌ ودُرَّات۔
الدَّار۔فا۔دو دھاری اونٹنی۔ج دُرُوْرٌ و دُرَّرٌ ودُرَّارٌ۔
الدِّرَّة۔دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ دودھ کا بہنا۔ خون۔کوڑا۔ج دِرَر۔کہا جاتا ہے "مَرَّ عَلٰی دِرَّتِهٖ" وہ اپنے ارادہ پر ڈٹا رہا کوئی چیز اس کے لئے مانع نہیں۔
دَرُّ۔الطَّرِيْقِ :راستہ کا درمیان۔دَرُّ الرِّيْحِ : ہوا چلنے کی سمت۔کہا جاتا ہے "هُمَا عَلٰی دَرٍّ وَاحِدٍ" ان دونوں کا قصد ایک ہے۔
الدَّرَّارَة تکلہ۔
الكوكَبُ (الدِّرِّيُّ) بتثليث الدال : روشن ستارہ۔ فرسٌ دَرِّيٌ : تیز رفتار گھوڑا۔ دُرِّيُّ السَّيْفِ :تلوار کی چمک۔
اِلدَّرُوْر۔بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔حَرْبٌ دَرُوْرٌ :خونریز جنگ۔
الدَّرِيْر۔مـ۔روشن چراغ۔تیز رفتار جانور۔
المِدَرَّة۔دودھ کی کثرت۔
المِدْرَار۔بہت بہنے والا۔کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ مِدْرَارٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔ "عَيْنٌ مِدْرَارٌ" بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
دَرَأَهٗ (ف) دَرْأً ودَرْأَةً۔ زور سے دھکا دینا ـــــ الشَّيْءَ :بچھانا ـــــ السَّيْلُ عَلَيْهِ : تیزی کے ساتھ آنا۔کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرَّجُلُ عَلَيْنَا" وہ ہمارے اوپر اچانک آگیا۔(ـــــ دُرُوْءًا) البَدْرُ : چمکنا ـــــ النَّارُ : روشن ہونا۔
دَارَأَهٗ مُدَارَأَةً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ نرمی برتنا۔مہربانی کرنا۔فریب دینا۔
تَدَرَّأَ تَدَرُّءًا۔الصائدُ :فریب دینے کے لئے چھپنا۔وتَدَرَّأَ عَلَيْهِ :دراز دستی کرنا۔
اِدَّرَأَ۔الصَّيْدَ ولِلصَّيْدِ :گھات لگانے کی جگہ بنانا۔
تَدَارَأَ تَدَارُءًا۔القَوْمُ :جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔
اِنْدَرَأَ۔ السَّيْلُ : تیزی کے ساتھ آنا۔ الطَّرِيْقُ: پھیل جانا ـــــ فُلاَنٌ عَلَيْنَا : اچانک آجانا۔
الدَّرْء۔مـ۔ نیزے کی چھڑ وغیرہ کی کجی۔ مخالفت۔کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُ دَرْءَهٗ" میں نے اس کی کجی کو درست کر دیا۔و "جَاءَ السَّيْلُ دَرْءًا" یعنی سیلاب تیزی سے اچانک طور پر آگیا۔
الدُّرِّيُّ والدِّرِّيُّ۔روشن ستارہ۔
الدَّرَارِي۔مجہول الاسم بڑے ستارے۔
الدَّرِيْئَة۔نشانہ ٹھیک کرنے کا گول دائرہ۔شکار کو دھوکہ دینے کیلئے گھات لگانے کی جگہ۔
التُّدْرَأَةُ والتُّدْرَأُ۔ایسا شخص جو صاحب قوت وشوکت ہو اور دشمن کو ہٹانے والا ہو۔
المِدْرَأُ۔ہٹانے کا ذریعہ۔
دَرِبَ (س) دَرَبًا و دُرْبَةً۔ ماہر کاریگر ہونا ـــــ بِالشَّيْءِ : عادی ہونا۔ شوقین ہونا۔ صفت (دَرِبٌ و دَارِب) مؤنث دَرِبَة ودَارِبَة ـــــ
دَرَّبَهٗ۔بِالشَّيْءِ وفِيْهِ وعَلَيْهِ :عادی بنانا۔
تَدَرَّبَ۔عادی بننا۔دَرَّبَ الجُنْدِيُّ :شکست کے وقت مستقل رہنا۔

اَدْرَبَ۔ بگل بجانا ــــ القَوْمُ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
الدَّرْب۔ گلی کا کشادہ دروازہ۔ پھاٹک۔ راستہ۔ ج دُرُوْب ودِرَاب۔
الدُّرْبَة۔ مص۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "فِي العَفوِ دُرْبَة" معاف کرنا بہت بڑا کام ہے۔
الدَّرُوْب والدَّرْبُوْت۔ مِنَ الجِمَالِ والنُّوْقِ: سدھایا ہوا۔
الدَّرَّابَة۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت ودلیری۔
المُدَرَّب۔ مفعو۔ تجربہ کار۔ سرد وگرم چشیدہ۔ ــــ مِنَ الاِبِلِ: سدھایا ہوا گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔ المُدَرَّب: شیر۔
تَدَرْبَأَ۔ الشَّيْئُ: لڑھکنا۔
دَرْبَجَ دَرْبَجَةً۔ سختی کے بعد نرم ہونا۔
الدَّرَابِج۔ ناز سے چلنے والا۔
دَرْبَجَ۔ خوف سے بھاگنا۔ پیٹھ جھکانا۔
تَدَرْبَسَ تَدَرْبُسًا۔ آگے بڑھنا۔
الدِّرْبَاس۔ شیر۔ پاگل کتا۔
دَرْبَصَ دَرْبَصَةً۔ خوف سے خاموش رہنا۔
دَرْبَلَ دَرْبَلَةً۔ ڈھول بجانا۔
الدِّرْبَان والدَّرْبَان۔ دروازہ کا محافظ۔ ج دَرَابِنَة۔ فارسی کلمہ ہے۔
الدَّرْبَزِیْن والدَّرَابَزِیْن والدَّرَابَزُوْن۔ جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ۔
دَرَجَ (ن ض) دُرُوْجًا و دَرَجَانًا۔ الشَّيْخُ او الصَّبِيُّ: چلنا ــــ الرَّجُلُ: سیڑھی پر چڑھنا ــــ القَوْمُ: ختم ہو جانا۔ مرجانا۔ کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مَنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ــــ الرَّجُلُ: بے اولاد مرنا۔ البِنَاءَ: اوپر تلے منزلیں بنانا۔ ــــ دَرْجًا و دَرَّجَ و اَدْرَجَ الثَّوْبَ اَو الكِتَابَ: لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ و دَرَّجَ البِنَاءَ: سیڑھی بنانا۔ دَرَّجَه اِلَى كَذَا: آہستہ آہستہ قریب کرنا۔ دَرَّجَهُ الاَمْرُ: تنگ دل کرنا۔ اَدْرَجَ الشَّيْئَ فِي الشَّيْئِ: داخل کرنا۔
دَرِجَ (س) دَرَجًا۔ اپنے راستہ پر چلنا۔ مراتب میں ترقی کرنا۔ کلام یا دین میں راہ راست پر قائم رہنا۔
تَدَرَّجَ۔ اِلَى كَذَا: آہستہ آہستہ آگے بڑھنا۔
اِنْدَرَجَ۔ القَوْمُ: ختم ہو جانا ــــ فِي كَذَا: داخل ہونا۔
اِسْتَدْرَجَهُ: اِلَى كَذَا: قریب کرنا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا۔ زمین پر چلانا۔ فریب دینا۔
الدَّرْج۔ مص۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَنْفَذْتُهُ فِي دَرْجِ الكِتَابِ" میں نے اس کو اپنے خط کے ساتھ بھیج دیا ــــ فِي القِرَاءَةِ: روانی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَهُمْ دَرْجُ يَدِكَ" وہ تمہاری مٹھی میں ہے۔
الدُّرْج۔ چھوٹا تھیلا یا کنڈیا جس میں عورتیں خوشبو اور اپنا سامان رکھتی ہیں۔ ج اَدْرَاج و دِرَجَة۔
الدَّرَج۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ راستہ۔ دو آدمیوں کے درمیان صلح کا سفیر۔ ج اَدْرَاج و دِرَاج۔ کہا جاتا ہے "رَجَعْتُ اَدْرَاجِي" میں اسی راستہ لوٹ گیا جس سے آیا تھا۔ و "ذَهَبَ دَمُهُ دَرَجَ اَوْ اَدْرَاجَ الرِّيَاحِ" اس کا خون رائیگاں اور قصاص نہیں لیا گیا۔ "وَخَلِّهِ دَرَجَ الضَّبِّ" اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔
الدَّرَجَة۔ ج دَرَج: سیڑھی۔ دَرَجُ السُّلَّمِ: سیڑھی کا پایہ ــــ ج دَرَجَات: مرتبہ۔ بڑے یا چھوٹے دائرہ کے ۳۶۰ اجزاء میں سے ایک جز۔
الدَّارِج۔ فا۔ تُرَابٌ دَارِجٌ: ہر جگہ پھیلنے والا غبار۔ کہا جاتا ہے "صَبِيٌّ دَارِج" پاؤں پاؤں چلنے لگنے والا بچہ۔ قَبِيْلَةٌ دَارِجَةٌ: تباہ و برباد ہونے والا قبیلہ۔
الدَّارِجَة۔ جانور کی ٹانگ ج دَوَارِج۔
الدَّرُوْج۔ مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی ہوا۔
الدُّرَّج۔ بڑے بڑے دشوار عاجز کرنے والے امور۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي الدُّرَّجِ" وہ بہت دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
الدَّرَّاج۔ بہت پھرنے والا۔ چغل خور۔ سیی۔
الدَّرَّاجَة۔ سائیکل۔
الدَّرَّاجَة۔ محاصرہ کرنے کا ایک آلہ۔ بمعنی دَبَّابَة (دیکھئے الدَّبَّابَة)
الدُّرَّاج۔ تیتر۔ مؤنث مذکر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج دَرَارِيْج۔ واحد دُرَّاجَة ہے اس میں "تا" وحدت کی ہے تانیث کی نہیں۔ نر کو حَيْقُطَان بھی کہتے ہیں۔
المَدْرَج۔ راستہ۔ مسلک۔ اور اسی سے ہے "اِمْشِ فِي مَدْرَجِ الحَقِّ" حق کے راستہ پر چلو۔ مَدْرَجُ النَّمْلِ: چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْفَى مِنْ مَدْرَجِ النَّمْلِ" وہ چیونٹیوں کے راستہ سے زیادہ پوشیدہ ہے۔
المَدْرَج: لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج۔
المُدْرَج والمُدْرَجَة۔ لپٹی ہوئی کتاب یا خط۔ ج مَدَارِج۔
المَدْرَجَة۔ ج مَدَارِج: افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ مَدْرَجَةٌ لِهٰذَا" یہ اس امر کے لئے ذریعہ ہے۔ راستہ۔ راستہ کا بڑا حصہ۔ کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے یا لپیٹی جائے۔ مَدَارِجُ الاَكَمَةِ: ٹیلہ کے درمیان کے راستے۔ اَرْضٌ مَدْرَجَةٌ: بہت تیتر والی زمین۔
الدُّرْجُع۔ غلہ کی ایک قسم جو بیلوں کو کھلاتے ہیں۔
دَرْجَلَ دَرْجَلَةً۔ القَوْسَ: کمان پر چمڑے کا تسمہ لگانا۔
الدَّرْجَلَة۔ چمڑے کا تسمہ۔
دَرَحَهُ (ف) دَرْحًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
دَرِحَ (س) دَرَحًا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (دَرِح)
الدِّرْحَايَة۔ پست قد۔
دَرِدَ (س) دَرَدًا۔ غضبناک ہونا۔ صفت (دَرِد) بے دانتوں کا ہونا۔ صفت (اَدْرَد) مؤنث دَرْدَاء۔ ج دُرْد۔
اَدْرَدَهُ۔ دانتوں کا گرانا۔
الدُّرْدِيُّ۔ تلچھٹ۔
دَرْدَبَ۔ الرَّجُلُ: خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا۔
اِمْرَأَةٌ (دَرْدَبٌ) رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت۔
الدَّرْدَبِيْس۔ مصیبت۔ بڈھا۔ بہت بڑھیا۔

محبت کا منتر-

الدِرْدِح- حریص- بہت بڑھا- ج دَرَادِح-

الدِرْدِحَة: وہ عورت جس کا طول عرض برابر ہو-

دَرْدَرَ- الشَّیخُ او الصَّبِیُّ البُسْرَةَ: مُنہ میں چبلانا-

الدَرْدَار- ڈھول کی آواز- ایک بڑا درخت جس کے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں-

الدُرْدُر بچے کے دانت نکلنے کی جگہ- ج دَرَادِر-

الدُرْدُوْر- بھنور-

الدَرْدَق- بچہ- شراب کا پیمانہ- ج دَرَادِق-

الدَرْدَاق- چھوٹی دکان- کوئی ہوئی ہموار زمین-

الدِردِم- رات میں آمدورفت رکھنے والی عورت-

دَرِزَ (س) دَرَزًا- دُنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا-

دَرَزَ (ن) دَرْزًا- الثوبَ: کپڑا باریک سینا ___ الخَیَّاطُ الدُرُوْزَ: درزی کا سیون کو باریک سینا-

الدَرْز- مص- دنیا کی نعمتیں اور لذتیں- دو کپڑوں کے درمیان کا سیون- ج دُرُوْز- بَنَاتُ الدُّرُوْز: جوں اور راس کے انڈے-

الدَرْزِیُّ- سلائی کا پیشہ کرنے والا- ابو محمد عبداللہ الدرزی- جن کی جانب ایک قوم منسوب ہے جو لبنان اور حوران میں پائی جاتی ہے- ج دَرَزَة اور دُرُوز بھی کہتے ہیں- واحد دَرْزِیٌّ- اور عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں-

(اَوْلَادُ دَرْزَة) جولاہے- درزی: نیچے درجہ کے لوگ- اُمُّ دَرْزَة: دنیا کی کنیت-

دَرَسَ (ن) دُرُوْسًا- الرسمُ: مٹنا- صفت (دَارِس) ج دَوَارِس ___ الشیُٔ: نشان مٹنا- (___ دَرْسًا) الرسمَ: نقش مٹانا ___ الثوبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا ___ الثوبَ: بوسیدہ کرنا ___ النَاقَةَ: سدھانا (___ دَرْسًا و دِرَاسَةً) لکِتَابَ اَو العِلْمَ): پڑھنا- متوجہ ہو کے یاد کرنا- دَرَسَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا- (___ دَرْسًا و دِرَاسَةً) الحِنْطَةَ: گیہوں کو گاہنا- (دَرَسَتِ المَرْأَةُ درسًا و دُرُوْسًا) حائضہ ہونا-

دَرَّسَهُ وَ اَدْرَسَهُ- الکِتَابَ: پڑھانا- دَرَّسَ البَعِیْرَ: سدھانا-

دَارَسَه مُدَارَسَةً و دِرَاسًا- باہم پڑھنا- ___ الذُنُوْبَ: ارتکاب کرنا-

تَدَارَسَ- الطَلَبَةُ الکِتَابَ: باہم پڑھنا اور کہا جاتا ہے "تَدَارَسَ الکِتَابَ و اِدَّارَسَهُ" اس نے کتاب پڑھی-

اِنْدَرَسَ- الرَسْمُ: مٹنا ___ الخَبَرُ: ناپید ہونا-

الدَرْسُ- مص- سبق- مخفی راستہ- ج دُرُوْس-

الدِرْس و الدَرْس و الدَرِیْس- پرانا کپڑا- اونٹ کی دم- ج اَدْرَاس و دِرْسَان- اَبُو اَدْرَاس: کنیت فرج- اَبُوْ اِدْرِیْس: کنیت ذکر-

الدُرْسَة- ریاضت- ورزش-

الدَارِس- حائضہ عورت-

الدَرَّاس- بہت پڑھنے والا-

المَدْرَسَة- طلبہ کے تعلیم حاصل کرنے کی جگہ- اور کہا جاتا ہے "هٰذہ مَدْرَسَةُ النَعَم" یہ چوپائے کا راستہ ہے-

المِدْرَس- پڑھنے کی کتاب- پڑھنے کی جگہ-

المِدْرَاس- توراۃ پڑھنے کی جگہ-

المَدْرُوْس- مفع- پرانا کپڑا- طَرِیْقٌ مَدْرُوْسٌ: چلتا ہوا راستہ- فِرَاشٌ مَدْرُوْسٌ: بچھا ہوا بچھونا- مجنون- پاگل-

الدِرْیَاس و الدِرْوَاس- شیر- الدِرْوَاس: بڑے سر کا کتا- دلیر مرد-

دَرِصَتْ (س) دَرَصًا- النَاقَةُ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا- صفت (دَرْصَاء)

الدَرْص و الدِرْص- چوہا، بلی، خرگوش، سیہی وغیرہ کا بچہ- ج اَدْرَاص و دِرَصَة و دِرْصَان و دُرُوْص و اَدْرُص-

الدَرِص و الدَرُوْص- تیز رفتار اونٹنی-

اُمُّ اَدْرَاص- جنگلی چوہا- بلا- مصیبت- کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِی اُمِّ اَدْرَاص" وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے-

اَبُو اَدْرَاص- بیوقوف-

دَرِعَ (س) دَرَعًا- الفَرَسُ و غَیْرُهُ: سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا- صفت (اَدْرَع) مؤنث دَرْعَاء ج دُرْع-

دَرَعَ (ف) دَرْعًا- الشَاةَ: بکری کے سر کی جانب سے کھال اُتارنا ___ الرَقَبَةَ اَوِ الیَدَ: گردن یا ہاتھ کا جوڑ اُکھاڑنا-

دُرِعَ- الزَرْعُ: کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا ___ الماءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا-

دَرَّعَهُ- زرہ پہنانا ___ المرأةَ: قمیص پہنانا ___ ہ: گلا گھونٹنا ___ الشیَٔ: ظاہر کرنا ___ الرَجُلُ: چلنے میں آگے بڑھنا-

اَدْرَعَ- الشهرُ: آدھے سے زیادہ گزرنا (و تَدَرَّعَ و اِدَّرَعَ) زرہ پہننا- اَدْرَعَ و اِدَّرَعَ اللَیْلَ: رات کی تاریکی میں داخل ہونا- اَدْرَعَ: کسی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا- اَدْرَعَ الماءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا-

اِنْدَرَعَ- فی السَیْرِ: آگے بڑھنا- اِنْدَرَعَ یَفْعَلُ کَذَا: وہ ایسا کرنے لگا ___ العظمُ: ہڈی کا گوشت سے جدا ہونا ___ البَطْنُ: پیٹ بھرنا- القَمَرُ مِنَ السَحَابِ: چاند کا بادل سے نکلنا-

الدِرْع- زرہ- مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں- ج دُرُوْع- و اَدْرُع و دِرَاع- تصغیر دُرَیْع- دِرْعُ المَرْأَة: عورت کی قمیص یا وہ قمیص جس کو وہ گھر میں پہنتی ہے- (مذکر) ج اَدْرَاع- اور درع اس چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جس کو چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے-

الدَرِعُ- مِنَ العُشْبِ: تازہ گھاس-

الدُرْعِ و الدُرَع- قمری مہینے کی سولھویں، سترھویں، اٹھارھویں راتیں- اس لئے کہ ان راتوں کی ابتداء میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی رہتی ہے-

الدَارِع- فا- زرہ پہننے والا-

الدُرْعَة- درخت خرما کی چھال کی مانند- ایک چیز جس کو درخت خرما کے ارد گرد لگا دیا جاتا ہے- ج دُرَع-

الدَّرْعَاءُ۔ مؤنث اَدْرَع ــــ مِنَ اللَّيَالِىْ : وہ رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے۔ ج دُرْع۔

الدِّرْعِيَّة۔ زرہ کو چھونے والا نیزہ۔ ج دَرَاعِيّ۔

الدُّرَّاعَةُ۔ ج دَرَارِيع و (المِدْرَعَة) ج مَدَارِع : جبہ۔ کوٹ۔ والمِدْرَعَة عِنْد اليهود : احبار یہود کے پہننے کا کتان کا ایک کپڑا۔

مَاءٌ (مُدْرِع و مُدَرَّع) پانی جس کے قریب قریب کی چراگاہ چر لی گئی ہو۔ رَوْضَةٌ مُدْرِعَة : باغ جس کے اردگرد کو کھالیا گیا ہو۔

المُدَرَّع۔ مفع۔ ایک قسم کا جانور۔

المُدَرَّعَة۔ فولاد سے ڈھکا ہوا جنگی جہاز۔

الدِّرْعَوْس۔ اچھی عادت والا۔

اِدْرَعَشَّ۔ الرَّجُلُ مِنْ مَرَضِهِ : درست ہونا۔

اِدْرَعَفَّ۔ الرَّجُلُ فِى القِتَالِ : صف سے نکل کر آگے بڑھنا۔

الدِّرْعِم۔ نالائق، بدزبان۔

الدَّرَف۔ پناہ۔ سایہ۔ جانب۔

الدَّرْفَة۔ عِنْدَ العَامَّةِ : دروازہ کا پٹ۔ فصیح لفظ (الصَّفق) ہے۔

الدِّرَفس۔ بڑے جسم کا اونٹ۔ موٹا مرد۔ بڑا نشان۔ ریشمی کپڑا۔

دَرْفَقَ و اِدْرَنْفَقَ۔ فى سيره : تیز چلنا۔

دَرَقَ (ن) دَرْقًا۔ فِى المَشْيِ : تیز چلنا۔

دَرَّقَهُ۔ نرم کرنا۔

الدَّرَق۔ مص۔ سخت خواہ کوئی چیز ہو۔

الدَّرْقَاء۔ بادل۔

الدَّرَقَة۔ چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں لکڑی اور پٹھا نہ ہو۔ ج دَرَق۔

الدَّرَّاق۔ ایک میوہ دار درخت۔ ایک قسم کا میوہ۔ واحد دَرَّاقَة۔ شراب۔ (الدَّرَّاق و الدِّرْيَاق و الدِّرْيَاقَة) تریاق۔

الدُّرَّاقِن۔ زرد آلو۔ شفتالو۔

الدَّوْرَق۔ بغیر ٹونٹی کے دو دستوں والا لوٹا۔ ج دَوَارِق (معرب) الدَّوْرَق : عابد زاہد لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔ اور اسی کی نسبت سے پہننے والے "الدَّوْرقيّون" کہلاتے ہیں۔

دَرْقَعَ۔ سختی سے تیز بھاگنا۔

الدُّرْقِع۔ پانی لانے والا اونٹ۔

الدُّرْقُوع۔ بزدل۔

المُدَرْقِع و المُدْرَنْقِع۔ لوگوں سے کھانا چاہنے والا اور ان کو گالی دینے والا۔

دَرْقَلَ دَرْقَلَةً۔ الرَّجُلُ : تیز گزرنا۔ ناچنا۔ ناز سے چلنا۔

الدِّرْقِل۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

الدَّرْقَم۔ بیکار۔ دجال کا نام۔

دَرَّكَ۔ المَطَرُ : پے در پے برسنا۔

اَدْرَكَ۔ الشَّيْءُ : اپنے وقت پر پہنچنا ــــ الثَّمَرُ : پھل کا پکنا ــــ الوَلَدُ : لڑکے کا بالغ ہونا ــــ الشَّيْءَ : لاحق ہونا ــــ المَسْأَلَةَ : سیکھنا ــــ بِثَأْرِهِ : خون کا بدلہ لینا ــــ الشَّيْءَ بِبَصَرِهِ : دیکھنا۔

دَارَكَهُ مُدَارَكَةً و دِرَاكًا۔ لاحق ہونا۔ ــــ الشَّيْءَ : ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا۔ ــــ الطَّعْنَ : پیاپے نیزہ مارنا۔

تَدَارَكَ۔ القَوْمُ : آخر کا اول سے آملنا اور اس میں اِدَّارَك بولا جاتا ہے ــــ الخَطَأَ بالصَّوَابِ : غلطی کی اصلاح کرنا۔ غلطی کے بعد درست کرنا ــــ مَافَاتَ : تلافی کرنا، درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَدَارَكَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ" یعنی اللہ کی رحمت اس کو لاحق ہو۔ و "تَدَارَكَ القَوْمُ" اس نے قوم کی تلافی کی۔

اِدَّرَكَهُ۔ ملنا۔ لاحق ہونا۔

اِسْتَدْرَكَ۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : کسی چیز سے کسی چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدْرَكَ النَّجَاةَ بِالْفِرَارِ" اس نے بھاگ کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا ــــ مَافَاتَ : تلافی کرنا ــــ الخَطَأَ بالصَّوَابِ : غلطی کی اصلاح کرنا ــــ عَلَيْهِ القَوْلَ : غلطی نکالنا۔

الدَّرْك و الدَّرَك۔ لاحق ہونا۔ حصول حاجت۔ کسی چیز کی انتہائی گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغَوَّاصُ دَرَكَ البَحْرِ" غوطہ خور سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہنچ گیا۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ دَرَكُ الطَّرِيْدَةِ" بھگائے ہوئے جانور کو پالینے والا گھوڑا۔ تاوان۔ اور اسی سے ہے "مَالَحِقَكَ مِنْ دَرَكٍ فَعَلَيَّ خَلَاصُه" جو تاوان تمہارے اوپر ہوگا اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہے۔

الدَّرَكَة۔ درجہ۔ لیکن درکہ اور درجہ میں فرق ہے۔ درکہ اُترنے کی حالت میں اور درجہ چڑھنے کی حالت میں۔ ج دَرَكَات۔ کہا جاتا ہے۔ "الجَنَّةُ دَرَجَاتٌ والنَّارُ دَرَكَاتٌ"

الإِدْرَاكُ۔ مص۔ قوت مدرکہ۔

دَرَاكِ۔ اسم فعل بمعنی اَدْرِك۔

الدِّرَاكُ۔ متصل۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ دِرَاك" متصل سیر۔

الدَّرَّاكُ۔ مرغوب چیز کو پالینے والا۔

الدَّرِيكَة۔ بھگائی ہوئی۔

الإِسْتِدْرَاك۔ مص۔ کلام سابق سے جو وہم پیدا ہو اس کو دور کرنا۔

رَجُلٌ مُدْرِكَةٌ۔ تیز ادراک کرنے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔

مَدَارِكُ۔ الشَّرْعِ : وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو۔

المُدْرَكَات و المَدَارِك۔ حواس۔

المُتَدَارِك۔ علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الدَّرْبَكَة۔ اختلاط۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

الدَّرَابُكَّة۔ ایک قسم کا باجہ (مولدہ)

دَرِمَ (س) دَرَمًا۔ العَضْوُ : گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا۔ صفت (دَرِم و دَارِم و دَرِيْم و اَدْرَم) ــــ السَّاقُ : ہموار ہونا۔

الأَسْنَانُ : گرنا : گرنے کے قریب ہونا۔

البَعِيْرُ : بے دانتوں والا ہونا۔

دَرَمَ (ض) دَرْمًا و دَرَمًا و دَرَمَانًا و دَرَامَةً۔ القُنْفُذ والأَرْنَبُ و نحوهُمَا : چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا۔ اور ایسا ہی "دَرَمَ الشَّيْخُ و الصَّبِيُّ" بھی بولا جاتا ہے۔

دَرَّمَ۔ اَظْفَارَهُ : ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا۔

اَدْرَمَ۔ الصَّبِيُّ : دودھ کے دانت ہلنا۔ صفت (اَدْرَم) مؤنث دَرْمَاء۔ الدَّرْمَاء : خرگوش۔ سرخ پتیوں والی ایک گھاس۔

دَارَمَ مُدَارَمَةً۔ گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا۔

الدَّرِمَة۔ درم کا مؤنث۔ خرگوش۔

دِرْعٌ دَرِمَةٌ: چمکدار یا نرم زرہ۔

الدَّرَّام والدَّرَّامَة۔ سیہی۔ خرگوش۔ الدَّرَّام: پست قد۔ بد رفتار۔ مؤنث دَرَّامَة۔

الدَّرِيْم۔ پُرگوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔

دِرْعٌ (مُدَرَّمَة) چمک دار نرم زرہ

المِدرَام۔ میل کچیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مَدَارِيْم۔

دَرْمَس۔ خاموش رہنا ___ الشي: چھپانا۔

دَرْمَص دَرْمَصَةً۔ خاکساری کرنا۔ ... و تنی کرنا۔

الدَّرْمَق والدَّرمَک۔ سفید آٹا۔ ... یدہ۔

دَرْمَكَ۔ دوڑنا ___ البِنَاءَ ... دار و چمکدار بنانا۔

الدَّرْمَک۔ نرم مٹی۔

الدُّرْمُوْک۔ غالیچہ۔

دَرِنَ دَرَنًا۔ الثوبُ: میلا ہونا۔

صفت (دَرِن ومِدْرَان) مؤنث دَرِنَة ومِدْرَان۔

اَدْرَنَ۔ الثَّوبَ: میلا کرنا ___ الثوبُ: میلا ہونا۔ اَدْرَنَتِ المَاشِيَةُ: ... نی خشک گھاس چرنا۔

الدَّرَن۔ میل کچیل۔ ج اَدْرَان۔ اُمُّ دَرَن: دنیا۔

الدَّرَان۔ لومڑی۔

الدَّرِيْن۔ پرانی خشک گھاس جس کو جانور نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔ اُمُّ دَرِيْن: قحط زدہ زمین۔

الدِرْنَاس۔ شیر۔

الدَّرْنُوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اُونٹ۔

الدُّرْنُوک والدِرْنِيک غالیچہ۔ قالین۔ ج دَرَانِيک۔

دَرَهُ (ف) دَرْهًا۔ عَلَيْهم: ناگاہ آنا ___ لهم و عَنْهُمْ: مدافعت کرنا۔ دَرَه عَلٰی كَذَا: زیادہ کرنا۔

دَارِهَاتُ الدهر: زمانے کے حوادث۔

التُّدْرَهُ۔ دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْتُدرَه" وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے۔

المِدْرَه۔ سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر۔ ج مَدَارِه۔

دَرْهَمَتِ۔ الخَبَّازِی: درہم کی مانند گول پتیوں والی ہونا۔

اِدْرَهَمَّ۔ بڑی عمر والا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا۔ صفت (مُدْرَهِمٌّ) البَصَرُ: نگاہ کا مدھم ہونا۔

الدِرْهَم والدِرْهِم والدِرْهَام۔ چاندی کا سکہ۔ ج دَرَاهِم (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مطلقاً نقود پر ہوتا ہے۔

المُدَرْهَم۔ بہت دراہم والا۔

الدَّرْوِيْش۔ راہب۔ عابد۔ زاہد۔ لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔

دَرَیٰ (ض) دَرْيًا ودِرْيًا ودَرْيَةً و دِرِيَةً ودَرَيَانًا ودِرْيَانًا ودُرِيًّا ودِرَايَةً۔ الشَّئَ و بِالشَّئْ: حیلہ سے جاننا۔ (آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے۔)

دَرَیٰ (ض) دَرْيًا و تَدَرَّیٰ واِدَّرَیٰ۔ الصَّيْدَ: دھوکا دینا۔ دَرَیَ الرَّاسَ: مِدْرَیٰ سے سر کو کھجلانا (دیکھئے مِدْرَیٰ)

دَارَیٰ مُدَارَاةً ___ ہ: باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا۔

اَدْرَیٰ۔ الرجُلَ بكَذَا: جتلانا۔ آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرَاکَ ومَا يُدْرِيْکَ" یعنی تم نہیں جانتے۔

المِدْرَیٰ والمِدْرَاة والمَدْرِيَة۔ کنگھی۔ باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں۔ ج مَدَارٍ و مَدَارَیٰ۔

دَزَرَهُ (ن) دَزْرًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

دَسَّ (ن) دَسًّا و دِسِّيْسَی۔ الشَّئَ تَحْتَ التُّرَابِ وفِيْه: دھنسانا۔ چھپانا۔ گاڑنا۔ دَسَّ عَلَيْهِ: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔

دَسَّسَ تَدْسِيْسًا۔ دھنسانا۔ چھپانا۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے اور بجائے دسَّسَ کے دسّیٰ کہا جاتا ہے جیسے بجائے تَظَنَّنَ کے تَظَنّیٰ۔

تَدَسَّسَ۔ بِهِ اِلٰی اَعْدَائِهِ: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔

اِنْدَسَّ۔ دھنسنا۔ دفن ہونا۔

الدَّسِيْسَة۔ خفیہ سازش و عداوت۔

الدَّسَّاس والدَّسَّاسَة۔ سرخ رنگ کا زہریلا سانپ جو مٹی میں چھپا رہتا ہے۔ الدسَّاسة: سانپ کی چھتری۔ اور امثال سے ہے "العِرْق دَسَّاس" یعنی باپ کی عادتیں بیٹوں تک پہنچتی ہیں۔

الدَّاسُوْس۔ جاسوس۔

الدَّسِيْس۔ وہ شخص جس کو خبر لانے کیلئے بھیجا جائے۔ وہ چیز جو مٹی میں دبادی جائے۔ گرم راکھ میں بھونی ہوئی چیز۔ ج دُسُس: الدسُس: ریا کار لوگ۔

المِدَسّ۔ زخم کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

الدَّسْت۔ حیلہ و فریب۔ مکان کا صدر حصہ۔ مجلس۔ تکیہ۔ کاغذ۔ لباس۔ بیابان۔ ج (دُسُوْت) اور شطرنج کے کھیلنے میں بولتے ہیں "الدَّسْتُ لِیْ" یعنی میں غالب رہا۔ و "الدَّسْتُ عَلَیَّ" میں مغلوب ہوگیا۔ اور عوام دست کا کلمہ دیگ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

الدَّسْتَجَة۔ دستہ۔ مٹھا۔ شیشہ کا بڑا برتن۔ ج دَسَاتِج۔

الدُّسْتُور۔ مجموعہ قوانین۔ اجازت۔ وزیر۔ وہ کتاب جس میں آئین و قوانین ضبط کئے جائیں۔ وہ رجسٹر جس میں فوجیوں کے نام اور ان کے وظائف لکھے جائیں۔ ج دَسَاتِيْر۔

الدَّسْتَان۔ فی اصطِلَاحِ اَصْحَابِ المَوسِيقی۔ بربط کا تار۔ ج دسَاتِيْن۔

اِنْدَسَجَ۔ منہ کے بل گرنا۔

المُدْسِج۔ مکڑی کی مانند ایک کیڑے کا نام۔

دَسَرَهُ (ن) دَسْرًا۔ نیزہ مارنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ ___ السَفِيْنَة: رسّی سے کشتی کے تختوں کو جوڑنا۔

___ الدِسَارَ فِیْ الشئ: زور سے گھسانا ___ الشئَ: میخ لگانا ___ الجَارِيَة: جماع کرنا۔

الدِسَار۔ کھجور کے ریشہ کی مانند ایک چیز جس سے کشتی کے تختوں کو جوڑتے ہیں۔ میخ ج دُسُرٌ و دُسْر۔

الدَّسْرَاء۔ کشتی۔ ج دُسْرٌ۔

الدَّوْسَر۔ گیہوں میں کا ایک تلخ قسم کا دانہ۔ شیر۔ موٹا اُونٹ۔ و دَوْسَر: نعمان بن منذر شاہ عراق کی ایک فوج کا نام۔

الدَّوْسَر والدَّوْسَرِيُّ والدُّواسِرِيُّ والدَّوْسَرَانِيُّ-موٹا-مضبوط-

دَسَعَ (ف) دَسْعًا- مُنہ بھر کے قے کرنا ___ بِقَيْئِهٖ : قے کرنا ___ الإِنَاءَ : بھرنا ___ العِرْقُ : رگ کا گوشت میں چھپنا ___ الرجُلُ :بہت دینا ___ الشَّيْءَ :ہٹانا' دفع کرنا ___ البَعِيرُ جِرَّتَه :جگالی کرنا-

الدَّسِيعَة- بہت بخشش- طبیعت- بڑا پیالہ- وسیع دسترخوان- قوت-ج دَسَائِع-

بَعِيرٌ(دَيْسَع)بہت جگالی کرنے والا اونٹ-

المَدْسَع-حلق کی نالی-

دَسِقَ(س)دَسَقًا-الحَوْضُ :پُر ہونا-لبالب ہونا-

أَدْسَقَ-الإِنَاءَ :بھرنا-

الدَّيْسَق- بھرا ہوا حوض- چاندی کا خوانچہ- صاف چاندی کا زیور- لمبا راستہ- بڈھا مرد- خوبصورتی-نور-سفیدی- سراب کی سفیدی اور اس کی چمک-

الدَّوْسَك-شیر-

الدَّسْكَرة- بڑا گاؤں- گرجا ___ ہموار زمین-ایسا مکان جس میں شراب اور کھیل کود کی چیزیں ہوں- محل کی مانند عمارت جس کے اردگرد مکانات ہوں اور ان میں شاطر لوگ جمع ہوتے ہوں-ج دَسَاكِرُ-

دَسَمَ(ن ض)دَسْمًا- القَارُوْرَةُ :ڈاٹ لگانا ___ البَابَ : بند کرنا ___ الجرحَ: زخم میں بتی رکھنا ___ المَطَرُ الأَرضَ :کچھ کچھ تر کرنا ___ البَعِيرَ : قطران وغیرہ ملنا (دیکھئے قطران) ___ الأَثَرَ : مٹنا ___ المرأةَ : جماع کرنا-

دَسِمَ(س)دَسَمًا و دُسُوْمَةً-چربی والا ہونا- صفت (دَسِم وأَدْسَم) مؤنث (دَسِيمَة و دَسْمَاء) ج دُسْم و دُسُم (دَسِمَ و تَدَسَّمَ) الشَّيْءُ : میلا ہونا-مٹیالا ہونا- و تَدَسَّمَ الرَّجُلُ : چکناہٹ کی چیز کھانا-

دَسَّمَ- الشَّيْءَ : چربی ڈالنا- کالا کرنا ___ المَطَرُ الأَرْضَ :تر کرنا-

أَدْسَمَ-القَارُوْرَةَ :ڈاٹ لگانا ___

الدُّسْم-کنارہ- کسی چیز کی انتہا- کہا جاتا ہے "أَنَا عَلٰی دُسْمِ الأَمْرِ" میں کام کے خاتمہ پر ہوں-

الدَّسَم-گوشت یا چربی کی چکنائی-چربی کا میل-

الدُّسْمَة- خاکستری (___ والدِّسَام)ڈاٹ-کاگ- کہا جاتا ہے "مَاهُوَ إِلَّا دُسْمَة" یعنی اس میں نفع نہیں-

الدَّيْسَم- ریچھ یا اس کا بچہ-لومڑی یا اس کا بچہ- گھاس- تاریکی- سیاہی- کام کا ساتھی-مہربان-

الدَّيْسَمَة-ذرہ-

دَسَا يَدْسُو دَسْوًا و دَسِي يَدْسَى دَسْيًا- کم ہونا ___ الرجُلُ :پوشیدہ ہونا-

دَسَّى- الرَّجُلَ : بگاڑنا- گمراہ کرنا ___ نَفْسَه :گمنام کرنا-

دَشَّ(ن)دَشًّا- دشیشہ(ایک قسم کا کھانا)تیار کرنا ___ الحَبَّ :غلّہ کو کچلنا-

الدَّشِيش-گیہوں کی مانند ایک غلّہ جس کو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے-

الدَّشِيشَة-ایک قسم کا کھانا جس کا جزء اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے-

الدَّوْشَق-بڑا مکان-موٹا اونٹ-

الدَّوشَك- بچھونا-

دَشَنَ(ن)دَشْنًا-الشَّيْءَ :دینا-

دَشَّنَ-الثَّوْبَ :پہلی مرتبہ پہننا- المَعْبَدَ : برکت دینے کے لیے سب سے پہلی مرتبہ نماز پڑھنا-

تَدَشَّنَ-الشَّيْءَ-لینا-

الدَّاشِن-فا-الدَّاشِنُ مِنَ الثِّيَابِ :نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو ___ مِنَ الدُّوْرِ :نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو-

دَشَا(ن)دَشْوًا-لڑائی میں گھس پڑنا-

دَصَّ (ن) دَصًّا- رعایت آداب کے ساتھ خدمت کرنا-

دَصْدَصَ- آٹا گرنے کیلئے چھلنی میں ہاتھ مارنا-

دَصَقَ(ن)دَصْقًا-الزُّجَاجَ :توڑنا-

دَضَّ (ن) دَضًّا- رعایت آداب کے ساتھ خدمت کرنا-

دَظَّهُ-دھتکارنا-

دَعَّهُ(ن)دَعًّا- سختی سے دھتکارنا-دھکے دینا-

أَدَعَّ-الرَّجُلُ : چھوٹے چھوٹے بال بچے والا ہونا-

الدَّعَاع-چھوٹے چھوٹے بال بچے-

الدُّعَاع- کھجور کے متفرق درخت-ایک جنگلی درخت کے دانے- پروں والی سیاہ چیونٹیاں- واحد دُعَاعَة-

دَعَبَهُ(ف) دَعْبًا و دَعَابَةً- دفع کرنا- مزاح کرنا- خوش طبعی کرنا- (___ دَعْبًا)المرأةَ : جماع کرنا-

دَاعَبَهُ مُدَاعَبَةً- کھیل کود کرنا- خوش طبعی کرنا-ہنسی مذاق کرنا-

تَدَاعَبَ-القَوْمُ :باہم ہنسی مذاق کرنا-

تَدَعَّبَ-عَلَيْهِ :ناز کرنا-

الدَّعِب والدَّاعِب- کھیل کود ہنسی مذاق کرنے والا-

الدَّعَّاب والدَّعَّابَة- بہت ہنسی مذاق کرنے والا- دَعَّابَة میں "ۃ" مبالغہ کی ہے' تانیث کی نہیں-

الدُّعَابَة-ہنسی مذاق-سیاہ چیونٹی-بیوقوفی-

الأَدْعَب- بیوقوف- مؤنث دَعْبَاء- ج دُعْب-

الدُّعْبُب- بہت کھیلنے والا- اچھا گانے والا- نازک بدن نوجوان-

الدُّعْبُوْب-سیاہ چیونٹی-ایک قسم کا سیاہ دانہ جو کھایا جاتا ہے- راستہ جس پر آمدورفت زیادہ ہو- پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے- شادمان- مخنث- بیوقوف-لمبا گھوڑا-لَيْلَةٌ دُعْبُوْب :بری رات یا بہت کالی رات-

الدَّعْبُوْث والدُّعْبُوْس-بیوقوف-کم عقل-

الدِّعْبِل- مینڈک کے انڈے (___ والدِّعْبِلَة)مضبوط اونٹنی-

دَعَتَ(ف)دَعْتًا- سختی سے ہٹانا- دھکے دینا-

دَعَثَ(ف)دَعْثًا-پاؤں یا ہاتھ وغیرہ سے مٹی باریک کرنا- دَعَثَ بِهِ الأَرْضَ : ___ پٹک دینا-

دُعِثَ- رونگٹے کھڑے ہونا- سستی لاحق ہونا-

أَدْعَثَ-فِي الشَّرِّ :برائی میں مبالغہ کرنا-

____ الشیئَ :باقی رکھنا۔چوری کرنا۔
اِنْدَعَثَ۔الشیئَ :روندا جانا۔
تَدَعَّثَتْ۔صُدُوْرُھُمْ :کینہ رکھنا۔
الدَعْث۔مہ۔مرض کی ابتداء۔
الدِعْث۔ کینہ۔ پانی کا بقیہ۔ ج اَدْعَاث ودِعَاث۔
دَعْثَرَ۔ الحَوْضَ : ڈھانا ____ الارضَ : روندنا۔
الدَعْثَر۔بیوقوف۔
الدُعْثُوْر۔ مِنَ الحَوْض : حوض جس کے چاروں طرف شکستہ ہوگیا ہو۔گڑھا ____ مِنَ النَعَم :بہت چوپائے۔
دَعِجَتْ (س) دَعَجًا۔ العینُ : آنکھ کا بہت سیاہ اور بڑی ہونا۔
اَدْعَج۔ بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا۔ مؤنث دَعْجَاء۔ ج دُعْج۔ الدَعْجَاء : قمری مہینہ کی اٹھائیسویں رات۔ اُنتیسویں کو سَرَار اور تیسویں کو فلتۃ کہتے ہیں۔جنون۔
الدُعْجَة۔آنکھ کی سیاہی۔مع وسعت کے۔لَیْل اَدْعَج۔تاریک رات۔
المَدْعُوْج۔مجنون۔پاگل۔
دَعْدَعَ دَعْدَعَةً ودَعْدَاعًا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا ____ الجَفْنَة :بھرنا ____ المِکْیَالَ : زیادہ سمانے کے لیے ہلانا۔
تَدَعْدَعَ۔بڈھے کی طرح چلنا ____ الشیئَ : بھرنا۔
دَعْدَعَ ودَعْدَعًا۔ کلمہ ہے جو گرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔اس کے معنی ہیں کھڑے ہو جاؤ۔
الدَعْدَاع۔مہ۔پست قد۔
دَعِرَ (س) دَعَرًا۔ العودُ :دھواں دینا اور نہ سلگنا۔بوسیدہ ہونا۔صفت (دَعِر) ____ الزَندُ : آگ نہ دینا۔صفت (اَدْعَر)
دَعَرَ (ف) ودَعِرَ (س) دَعَارَةً۔ الرَجُلُ : بدکار ہونا۔
تَدَعَّرَ۔وجھُه :چہرہ کا بری طرح سے داغ دار ہونا ____ الرَجُلُ :شریر ہونا۔خبیث ہونا۔
الدَعَر والدَعْرَة والدَعَارَة والدِعَارَة۔ بُرائی۔فسق۔فساد۔
الدَعَارَة والدَعَارَّة۔بدخلقی۔
الدَاعِر۔ فا۔ شریر۔ خبیث۔ ج دُعَّار مؤنث۔
دَاعِرَة۔ الدَائِرة : درخت خرما جو گابھا نہ دیا جا سکے۔ج مَدَاعِیْر۔
الدُعَر۔ لکڑی کھانے والا کیڑا۔ واحد (دُعَرَة)
رَجُلٌ (دُعَرٌ و دُعَرَةٌ) ساتھیوں کے ساتھ خیانت کرنے والا۔
الدَعْزَبَة۔سختی۔
الدِعْرِم۔بدصورت۔پست قد۔
دَعَزَ (ف) دَعْزًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا ____ الجَارِيَة :جماع کرنا۔
دَعَسَ (ف) دَعْسًا۔الشیئَ :روندنا۔
____ الوِعَاءَ :بھرنا ____ فُلَانًا :دفع کرنا۔
(____ ودَعَّسَه) بِالرُمْحِ :نیزہ مارنا ____ المَرْأَةَ :ذلیل ورسوا کرنا۔
دَاعَسَه مُدَاعَسَةً۔باہم نیزہ بازی کرنا۔
الدَعْس۔ مہ ۔ نشان۔ طَرِيْقٌ دَعْسٌ : بہت نشانوں والا راستہ۔
المَدْعَس۔امید کی جگہ۔
المِدْعَس والمِدْعَاس۔ بہت آمدورفت کا راستہ۔ نیزہ۔ ج مَدَاعِس و مَدَاعِيس۔
المِدْعَس۔ :نیزہ مارنے والا۔
دَعَصَهُ (ف) دَعْصًا و اَدْعَصَهُ۔ قتل کرنا۔
دَعَصَهُ بالرُمْحِ :نیزہ مارنا۔
دَاعَصَه۔عزت میں مقابلہ کرنا۔
تَدَعَّصَ۔اللحمُ :گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا۔
الدِعْص۔ج دِعَصَة و اَدْعَاص و (الدِعْصَة ج دِعَص) :ریت کا تودہ۔
المَدَاعِص۔نیزے۔
الدَعْصَاءُ : نرم زمین جہاں بنسبت دوسری جگہوں کے گرمی زیادہ ہو۔
دَعَظَ (ف) دَعْظًا۔المرأَةَ :جماع کرنا۔
دَعَقَ (ف) دَعْقًا۔ الطریقَ : بہت روندنا۔ صفت مفعولی (دَعْق ودَعِق و مَدْعُوْق)
الغَارَةَ :چاروں طرف لوٹ ڈالنا ____ المَاءَ : جاری کرنا ____ الرَجُلَ :فور أمار ڈالنا) ____ واَدْعَق) الخَیْلَ : ایڑ لگانا ____ عَلَيْهِمُ الخَیْلَ : کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کیلئے گھوڑوں کو لے آنا۔
دَعِقَ (س) دَعْقًا۔ الطَرِيْقُ :بہت آمدورفت والا ہونا۔
الدَعْقَة۔حملہ وچیخ۔
الدُعْقَة۔اُدنٹوں کا گلہ۔بارش کی بوچھاڑ۔
المَدْعَق۔پانی بہنے کی جگہ۔
خیل (مَدَاعِیْق) لڑائی میں لوگوں کو کچلنے والے گھوڑے۔
دَعَكَ (ف) دَعْكًا۔ الثوبَ : ملائم بنانا ____ الخصمَ :نرم کرنا ____ الجِلْدَ :ملنا ____ الشیئَ فِيْ التُرَابِ :مٹی میں لوٹانا۔کہا جاتا ہے "دَعَكَهُ بِالْقَوْلِ" اس نے اس کو سخت و سست کہہ کر تکلیف پہنچائی۔
دَعِكَ (س) دَعْكًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (دَاعِک و دَاعِكَةٌ) مؤنث (دَاعِكَة) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَحْمَقٌ دَاعِكَةٌ" فلاں بیوقوف ہے۔
دَاعَكَهُ مُدَاعَكَةً۔سخت جھگڑا کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
تَدَاعَكَ۔ القومُ : باہم سخت جھگڑنا۔
تداعَكوا فی الحُرب : لڑائی میں باہم زور آزمائی کرنا۔
الدَعِک۔سخت جھگڑالو۔
الدُعَک۔گمنام۔کمزور۔ایک قسم کا پرندہ۔
الدُعْكَة۔راستہ کا بڑا حصہ۔
المِدْعَک والمُدَاعِک۔سخت دشمن۔
دَعَلَهُ (ض) دَعْلًا۔دھوکا دینا۔
دَاعَلَه۔باہم فریب دینا۔
الدَاعِل۔فا۔بھاگنے والا۔
دَعْلَجَ دَعْلَجَةً۔ اللَيْلُ :تاریک ہونا ____ الشیئُ : کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا ____ الرَجُلُ :بار بار آنا جانا ____ الشیئَ :لڑھکانا۔
الدَعْلَج۔ بھری ہوئی گون۔ باہم لپٹی ہوئی نباتات۔خوبصورت نازک بدن جوان۔ تاریکی۔ بھیڑیا۔گدھا۔اونٹنی جو ہانکنے سے نہ چلے۔ آنے جانے والے کا نشان قدم۔
دَعَمَ (ف) دَعْمًا۔ الشیئَ :سہارا دینا۔ ٹیک لگانا ____ ہ :مدودینا۔قوی کرنا۔

اِدَّعَمَ۔ ٹیک لینا۔
تَدَاعَمَ۔ الْاَمْرُ فُلَانًا: ہجوم ہونا ___
الدِعمَۃ۔ ج دِعَم و (الدِعَام) ج دُعُم و
(الدِعَامَۃ ج دَعَائِم): ستون۔ کھمبا۔ لکڑی کا ستون جو
چھپر کیلئے کھڑا کیا جائے۔ الدِعْمَتَان و الدِعَامَتَان:
چرخی کے دونوں طرف کے ڈنڈے دِعَامَۃ
القوم: رئیس قوم۔
الدُعْمِیُّ۔ بڑھئی۔ کوئی چیز جس میں مضبوط
سہارا لگا ہوا ہو۔ راستہ کا بڑا حصہ۔
فَرسٌ (اَدْعَم و دُعْمِیٌّ) سینہ میں سفیدی والا
گھوڑا۔
المُدعَّم۔ جائے پناہ۔
دَعْمَصَ۔ المَاءُ: بہت سیاہ کیڑوں والا ہونا۔
الدُعْمُوص۔ پانی کا سیاہ کیڑا جو تالابوں میں پانی
کم ہو جانے پر ظاہر ہوتے ہیں اور عوام اس کو
(البُلْعُط) کہتے ہیں۔ ج دَعَامِص و دَعَامِیص۔
دَعَنَ (ف) دَعَانَۃً۔ شوخ و بیباک ہونا۔
الدِعَنُّ۔ شوخ و بیباک۔ ج دِعَنَّۃ۔
الدَعِن۔ بد خو۔ بد غذا۔
الدَعْن۔ کھجور کے پتے جن کو رسی سے بن کر
اس پر کھجور پھیلاتے ہیں۔
دَعَا (ن) دُعَاءً و دَعْوَیٰ ___ ہ: پکارنا۔
رغبت کرنا۔ مدد طلب کرنا ___ ہ الی الاَمْرِ
کسی کام کی طرف لے جانا ___ بِہ: حاضر
ہونے کو کہنا۔ دَعَاہُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نام رکھنا۔
___ المَیِّتَ: بین کرنا (___ ہ: دَعْوَۃً
و مَدْعَاۃً) دعوت کھانے کیلئے بلانا ___ دُعَاءً)
لَہٗ: دعا کرنا ___ عَلَیْہِ: بد دعا کرنا ___
اِلَیْہِ: کسی چیز کی طرف بلانا۔
دَاعَاہُ مُدَاعَاۃً۔ جھگڑا کرنا۔ باہم پہیلی کہنا
___ الحَائِط: گرانا۔
اَدْعَاہُ اِدْعَاءً۔ غیر باپ کی طرف منسوب
کرانا۔
تَدَعَّت تَدَعِّیًا۔ النَائِحَۃُ: نوحہ کرنے میں
آواز کو بلند کرنا۔
تَدَاعَی۔ العَدُوُّ: متوجہ ہونا ___ القَوْمُ:
ایک دوسرے کو بلانا۔ تَدَاعَوُا الشَیْئَ: دعوی
کرنا۔ تداعت الحِیْطَانُ: شکستہ و ویران ہونا۔

___ القَوْمُ عَلَیْہِ: دشمنی میں متفق ہونا۔
اِنْدَعَی اِنْدِعَاءً۔ لِدَعْوَتِہٖ: جواب دینا۔
اِدَّعَی۔ الشَیْئَ: حق یا باطل کا دعوی کرنا۔
___ بِہٖ: اپنی طرف نسبت کرنا ___ عَلَیْہِ:
مقدمہ کرنا ___ اِلٰی غَیْرِ اَبِیْہِ: باپ کے علاوہ
دوسرے کی طرف منسوب ہونا ___ الشَیْئَ:
تمنا کرنا ___ اِدَّعَی فِی الحَرْبِ: حریف کے
سامنے اپنا نام و نسب پیش کرنا۔
اِسْتَدْعَاہ اِسْتِدْعَاءً۔ پکارنا ___ الشَیْئَ:
طلب کرنا۔
الدُعَاء۔ دعا کا مصدر۔ ج اَدْعِیَۃ۔
الدَعْوَۃ۔ پکار۔ قسم۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنِّی
دَعْوَۃُ الرَّجُلِ" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے۔ اور یہ
مانند (ھُوَ مِنِّی رَمْیَۃَ السَّھْمِ و مَزْجَرَ الکَلْبِ"
کے ہے۔ کہ اس کا بھی مطلب یہی ہے۔ "وَلَھُمُ
الدَعْوَۃُ عَلٰی غَیْرِھِم" دُعا میں ان سے ابتداء
ہے۔ وَکُنَّا فِی دَعْوَۃِ فُلَانٍ ہم فلاں کی مہمانی میں
تھے۔
(___ و الدَعَاوَۃ الدِعَاوَۃ) اِدَّعَاء کے اسم
ہیں۔
الدَعْوَیٰ۔ مہ۔ مقدمہ۔ دعویٰ۔ ن الدَعَاوِی
و الدَعَاوَیٰ۔
الدَعَّاء۔ بہت دعا کرنے والا۔
الدَعَّاءَۃ۔ انگشت شہادت۔
الاُدْعِیَۃ والاُدْعُوَّۃ۔ چیستاں پہیلی۔
الدَعِیُّ۔ لے پالک۔ وہ شخص جس کے نسب میں
شبہ ہو۔ غیر باپ یا غیر قوم کی طرف اپنے آپ کو
منسوب کرنے والا۔ ج اَدْعِیَاء۔
الدَاعِی۔ فا۔ لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی
طرف بلانے والا۔ ج دُعَاۃ۔ مؤنث دَاعِیَۃ ج
دَاعِیَات و دَوَاعٍ (___ وَالدَاعِیَۃ) سبب۔ ج
الدَوَاعِی۔ دَاعِی اللَبَن: دودھ کا وہ حصہ جو تھن
میں چھوڑ دیا جائے تا کہ بقیہ دودھ آسانی سے دوہا
جا سکے۔ و دَوَاعِی الصَّدر: فکر و غم۔ و دَوَاعِیُ
الدَھْر: زمانہ کی گردشیں۔
المَدْعَاۃ۔ کھانے کی دعوت۔ سبب۔
دَغَتَ (ف) دَغْتًا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔
الدَغْثَر۔ بیوقوف۔

دَغْدَغَ دَغْدَغَۃً۔ فُلَانًا بِکَلِمَۃٍ: طعن و
تشنیع کرنا۔
الدَغْدَغَۃ۔ پھسپھسی گفتگو کرنا۔ چھپانا۔
استہزاء کرنا۔ گدگدی کرنا۔ عوام گدگدی کے
لیے "زَکْزَکَ و الزَکْزَکَۃ" بولتے ہیں۔
المُدَغْدَغ۔ حسب و نسب میں عیب دار۔
دَغَرَہٗ (ف) دَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دَغَرت
المَرْأۃ حَلْقَ الصَبِیِّ: انگلی سے دبانا ___
الاُمُّ اِبْنَھَا: آسودگی سے کم دودھ پلانا۔ وَغَرَ
الشَیْئَ فِی الشَیْئِ: ملانا ___ ہ: بھینچ کر مار ڈالنا
___ فِی البَیْتِ: داخل ہونا۔ عَلَیْہ: اچانک
آنا۔
دَغِرَ (س) دَغَرًا۔ الرَّجُلُ: بدخلق و کینہ ہونا۔
صفت (دَاغِر)
دَغِرَ (س) دَغْرًا و دَغْرَی۔ عَلَیْھِم: لوگوں پر
اچانک پہنچ جانا۔
اِنْدَغَرَ۔ بھینچ جانا ___ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔
الدَاغِرُ۔ ذلیل۔ حقیر۔ خبیث۔ مفسد۔
الدَغرَۃ۔ کسی چیز کو اُچک کر لے لینا۔
المَدْغَرَۃ۔ گھمسان کی جنگ۔
دَغَشَ (ف) دَغْشًا و اَدْغَشَ۔ تاریکی میں
داخل ہونا۔ دَغَشَ عَلَیْھِم: اچانک آنا۔
دَاغَشَہٗ۔ بھیڑ کرنا ___ حَوْلَ المَاءِ: پیاس
کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا ___ المَاءَ:
جلدی پینا ___ فِی الشَیْئِ: کسی چیز کو حرص کی
وجہ سے کسی سے مکر سے طلب کرنا ___
ظُلْمَۃَ اللَیْلِ: رات کی تاریکی میں بغیر کسی سستی
کے چل پڑنا۔
تَدَاغَشَ۔ القَوْمُ و (دَغْوَشُوْا) آپس میں گتھ
جانا۔
الدَغَش و الدُغْشَۃ و الدَغِیْشَۃ۔ تاریکی۔
دَغِصَ (س) دَغَصًا۔ خوراک یا غصہ سے
بھرنا۔
دَاغَصَ مُدَاغَصَۃً۔ فِی العَمَلِ: جلدی کرنا۔
اَدْغَصَہٗ۔ غصہ سے بھر دینا۔ اَدْغَصَۃُ
المَوْتُ: فوراً موت کا آنا۔
الدَاغِصَۃ۔ گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو صَابُوْنَۃُ
الرُکْبَۃِ کہتے ہیں۔ گٹھا ہوا گوشت۔ رقیق پانی۔ ج

دَوَاغِص-
الدَّغْصَان- غضبناک-
دَغَفَ (ف) دَغْفًا- الشيَ : سختی سے پکڑنا-
دَغَفَهُمُ الحَرُّ: گرمی کا زیادہ ہونا-
اَبُوْ الدَّغْفَاء- بیوقوف-
الدَّغْفَر- موٹا شیر-
الدَّغْفَصَة- موٹائی- گوشت کی زیادتی-
دَغْفَقَ دَغْفَقَةً- المَاءَ : بہت گرانا ____ المطرُ: سخت برسنا- عیش (دَغْفَق) آسودہ زندگی-
الدَّغْفَل- ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ- بہت سے پر-
عَيْشٌ دَغْفَلِيٌّ : آسودہ زندگی- عَامٌ دَغْفَلِيٌّ : سرسبز سال- فراخی کا سال-
دَغَلَ (ف) دَغْلاً- فِيْهِ : متہم کی طرح داخل ہونا-
اَدْغَلَ- الرَّجُلُ : درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا ____ الاَرْضُ : گنجان درختوں والی ہونا ____ بِهٖ : خیانت کر کے اچانک مار ڈالنا- چغل خوری کرنا ____ الشيَ : تباہ کن چیز ملا دینا-
الدَّغَل- ج اَدْغَال ودِغَال و (الدَّغِيْلَة) درختوں کا جھنڈ- فساد و تباہی- خوف و ہلاکت کی جگہ-
مکان (دَغِل) گنجان درختوں والی جگہ- پوشیدہ-
الدَّاغِلَة- باطنی کینہ- کسی کے عیوب و خیانت تلاش کرنے والے لوگ-
الدَّغَاوِل- مصیبتیں (جمع ہے بغیر واحد کے)
المَدْغَلُ- وادی کا درمیانی حصہ- ج مَدَاغِل-
دَغَمَهُمْ ودَغِمَهُم (ف س) دَغْمًا ودَغَمَانًا- الحَرُّ او البَرْدُ : گرمی یا سردی کا پڑنا ____ دَغَمَ اَنْفَهٗ : توڑنا- دَغَمَ الاِنَاءَ : ڈھانپنا-
اَدْغَمَ- اَللّٰهُ فُلاَنًا : سیاہ رو کرنا- ذلیل کرنا-
اَدْغَمَهُمُ الحَرُّ او البَرْدُ- گرمی یا سردی کا پڑنا-
____ الفَرَسَ اللِّجَامَ : لگام لگانا- اَدْغَمَهُ الشيَ : غمگین کرنا- اَدْغَمَ الرَّجُلُ : لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا- (____ واِدَّغَمَ) الشيَ فی الشيِ : ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا- اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے-
اِدْغَامَّ- الفَرَسُ (اِدْغِيْمَامًا) بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا- صفت (اَدْغَم)
الدَّغْمُ والدُّغْمَة- گھوڑے کا رنگ جس کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو-
الاَدْغَم- کالی ناک والا- ناک میں بولنے والا- ج دُغْم-
الدُّغَام- حلق کا درد-
دَغْمَرَهٗ دَغْمَرَةً- عیب لگانا- الشيَ : ملانا- الرَّجُلُ : بد خلق ہونا-
الدَّغْمَرِيُّ والدُّغْمُرِيُّ- برے بھلے ملے جلے اخلاق والا- رَجُلٌ (دُغْمُوْرٌ) مرد بدخو-
الدَّغَامِر- قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ-
المُدَغْمَر- پوشیدہ-
دَغْمَشَ- فی المَشْيِ : تیز چلنا-
الدُّغْمُوْز- بدخو-
دَغَنَ (ن) دُغُوْنًا- اليَوْمُ : بادل والا ہونا-
الدُّغُنَّة- گھٹاٹوپ بادل-
الدَّغْنَاس- ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا کے مشابہ ہوتا ہے-
الدَّغْوَة والدَّغْيَة- بری عادت- ج دَغَوَات ودَغَيَات-
دَفَّ (ض) دَفًّا ودَفِيْفًا- آہستہ چلنا- لَهُ الاَمْرُ : تیار ہونا- ممکن ہونا ____ الطَّائِرُ : پر پھڑپھڑانا-
دَفَّ (ض) دَفًّا- الشيَ : جڑ سے اکھیڑنا-
دَفَّفَ ودَافَّ- جلدی کرنا- دَفَّفَ الجَرِيْحَ ودَافَّهٗ ودَافَّ عَلَيْهِ : پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا- ودَفَّفَ الرَّجُلُ : دف بجانا-
اَدَفَّ اِدْفَافًا- الطَّائِرُ : پر پھڑپھڑانا- اَدَفَّتْ عَلَيْهِ الاُمُوْرُ : پے در پے آنا-
(____ و تَدَافَّ) القَوْمُ : ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا-
اِسْتَدَفَّ- الطَّائِرُ : زمین کے قریب اڑنا ____ الاَمْرُ : درست ہونا- پورا ہو جانا-
____ الرَّجُلُ بِالمُوْسَى : استرے سے مونڈنا-
الدَّفُّ- مہ- ہر چیز کا پہلو- کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِذَاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے-
(____ الدُّفُّ) ایک قسم کے باجہ کا نام- ج دُفُوْف-
الدَّفَّة- ہر چیز کا پہلو- دَفَّتَا الطَّبْل : ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے- پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے- اس کے لیے فصیح لفظ السُّكَّان ہے)
الدَّافَّة- دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج- لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے-
الدَّفَّاف- دف بجانے والا- دف بنانے والا- اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ دفاف مالک دف کو مُدَفِّف بنانے والے کو اور مُدَفِّف بجانے والے کو کہتے ہیں-
الدَّفُوْف- مِنَ الطَّيْرِ : کسی چیز پر ٹوٹ پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ-
دَفِئَ يَدْفَأُ دَفَأً ودُفُوْءً او دَفُؤَ يَدْفُؤُ دَفَاءَةً- مِنَ البَرْدِ : گرم ہونا- گرمی محسوس کرنا-
دَفَّأَهٗ- گرم کرنا-
اَدْفَأَهٗ- گرم کپڑا پہنانا- بہت دینا- گرم کرنا ____ الجَرِيْحَ : فوراً مار ڈالنا ____ القَوْمُ : جمع کرنا-
تَدَفَّأَ واِدَّفَأَ واِسْتَدْفَأَ- گرم کپڑا پہننا- گرم ہونا-
الدِّفْءُ- سخت گرمی- ج اَدْفَاء- اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو-
عطیہ دِفْءُ الحَائِط : دیوار کی اوٹ- کہا جاتا ہے "اُقْعِدَ فِي دِفْءِ الحَائِطِ" وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا- گرم کپڑے- گرمی حاصل کرنے کا سامان- تم کہتے ہو "مَا عَلَيْهِ دِفْءٌ" اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں-
الدَّفَأ- مہ- کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا-
الدِّفَاء- گرمی حاصل کرنے کا سامان- (کپڑا وغیرہ)
الدَّفِئُ الدَّفِيْئُ- گرمی حاصل کرنے والا- گرم کپڑے پہننے والا- مؤنث دَفِئَةٌ ودَفِيْئَةٌ- الدَّفِئَةُ مِنَ الاَرَاضِي : گرم زمین-
الدَّفَئِيُّ- بہار کی آخری بارش-
الدَّفْآن- گرمی حاصل کرنے والا- مؤنث

دَفْأَى۔
الْاَدْفَأْ۔ وہ شخص جس کا کندھا سینہ کی طرف جھکا ہوا ہو۔ مؤنث دفائی۔ الْاَدْفَاء: مرد خیمہ نشین۔
اَرْضٌ (مِدْفَاۃ) گرم زمین۔
اِبِلٌ (مُدْفِئَۃٌ و مُدْفَأۃٌ و مُدْفِئَۃٌ و مُدَفَّأۃٌ) بہت اُون اور چربی والا اونٹ۔
الدَفْتَر۔ رجسٹر۔ کاپی۔ ج دَفَاتِر۔
دَفْدَفَ۔ جلدی کرنا ـــــ الطَّائِرُ: زمین سے قریب اُڑنا ـــــ الدُفُوْف: جلدی جلدی دف بجانا۔
دَفَرَہٗ (ن) دَفْرًا۔ سینہ میں مار کر ہٹانا۔
دَفِرَ (س) دَفْرًا و دَفَرًا۔ ذلیل ہونا۔
اللَّحْمُ: کیڑے پڑنا ـــــ الشَّیْئُ: بدبودار ہونا۔ صفت (دَفِرٌ و اَدْفَر) مؤنث۔ دَفِرَۃ و دَفْرَاء۔ کَتِیْبَۃٌ دَفْرَاء: لشکر جس سے لوہے کے زنگ کی بو آئے۔
اَدْفَرَ۔ الرجلُ: تیز گندہ بغل ہونا۔
الدَفَر۔ مص۔ بدبو۔
دَفَارِ۔ مَبْنِیٌّ عَلَی الْکَسْرِ بروزن قَطَامِ: دنیا۔ لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لیے گالی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ اور اکثر نداء کے موقع پر آتا ہے)
اُمُّ دَفَارِ و اُمُّ دَفْر۔ دنیا۔ مصیبت۔
اِدْفَسَّ اِدْفِسَاسًا۔ اَلرجلُ: بغیر بیماری کے چہرہ کالا پڑنا۔
دَفَصَ (ض) دَفْصًا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
دَفْطَسَ۔ الرجلُ: اپنا مال ضائع کرنا۔
دَفَعَہٗ (ف) دَفْعًا و دَفَاعًا و مَدْفَعًا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ دَفَعَہٗ فی کَذَا: داخل کرنا۔
ـــــ اِلَیْہِ الشَّیْئَ: ادا کرنا ـــــ القَوْلَ: دلیل سے باطل کرنا ـــــ ہ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا ـــــ عَنْہُ الْاَذٰی: بچانا۔ محفوظ کرنا ـــــ عَنِ الْمَوْضِعِ: کوچ کرنا۔ چھوڑنا ـــــ اِلَیْہِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ یَدْفَعُ اِلٰی مَکَانِ کَذَا" راستہ جو فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔
دُفِعَ۔ اِلَی المکان: پہنچنا۔
دَافَعَہٗ مُدَافَعَۃً و دِفَاعًا۔ مزاحمت کرنا ـــــ عَنْہُ: حمایت کرنا۔ مدد کرنا ـــــ عَنْہُ الْاَذٰی: ہٹانا، دور کرنا۔ دَافَعَہٗ عَنْ حَقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا۔
تَدَفَّعَ۔ السَّیْلُ: زور سے بہنا۔
اِنْدَفَعَ۔ السَّیْلُ: زور سے بہنا ـــــ الفَرَسُ فِی سَیْرِہٖ: تیز دوڑنا ـــــ الرجلُ فِی الحَدِیْثِ: بات چیت میں مشغول ہونا۔ اِنْدَفَعَ یَقُوْلُ: کہنے لگنا۔ اِنْدَفَعَ الرجلُ: ہٹنا۔
تَدَافَعَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔ تَدَافَعُوْا الشَّیْئَ: ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَیْفٌ یَتَدَافَعُہُ الحَیُّ" مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں۔
اِسْتَدْفَعَ۔ اللّٰہَ الشَّرَّ: شر کو ہٹانے کی دعا کرنا۔
الدَفْعَۃ۔ دَفَعَ کا اسم مرۃ۔
الدُفْعَۃ۔ بوچھار۔ برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَع و دُفُعَات۔
الدَوَافِع۔ نشیب زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے۔
الدَفُوْع۔ بہت ہٹانے والا ـــــ مِنَ الدَّوَابِ: لات مارنے والا۔
الدَفَّاع۔ بہت دفع کرنے والا۔
الدُفَّاع۔ موج یا سیلاب کا زور۔ بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی دُفَّاعٍ مِنَ النَّاسِ" وہ بہت لوگوں میں آیا۔
المدفع۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدَافِع۔
المِدْفَع۔ ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج مَدَافِع۔
المِدْفَع: بہت دفع کرنے والا۔
المُدَفَّع۔ ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔
دَفَقَ (ض ن) دَفْقًا۔ المَاءُ: زور سے گرانا ـــــ اللّٰہُ رُوْحَہ: موت دینا ـــــ الکُوْزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوْقًا۔ المَاءُ: گرنا ـــــ اَلنَّہْرُ: بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے۔)
دَفَّقَ۔ دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "دَفَّقَتْ کَفَّاہُ العَطَاءَ" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔
اَدْفَقَ۔ الکوزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اِسْتَدْفَقَ۔ المَاءُ: گرنا ـــــ الدَابَّۃُ: تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَدَفَّقُ فِی البَاطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے۔
اِنْدَفَقَ و اِسْتَدْفَقَ۔ المَاءُ: گرنا۔
الدُفْقَۃ۔ ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُ وْا دُفْقَۃً" وہ سب یکبارگی آ گئے۔
سَیْلٌ دُفَاق۔ بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔
الْاَدْفَق۔ ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر۔ سَیْرٌ اَدْفَق: تیز چال۔ مؤنث دَفْقَاء۔
الدِفِقَّی۔ تیز چال۔ کہا جاتا ہے "مَشٰی الدِفِقَّی" وہ تیز چال چلا۔ (ـــــ و الدِفِقَّۃ۔ تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا۔
الدِفْل۔ قطران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کنیر۔
الدِفْلٰی۔ کنیر۔ ایک جماعت کے نزدیک الف الحاق کا ہے اس لیے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لیے تنوین نہیں آتی۔
دَفَنَ (ض) دَفْنًا۔ المیّتَ: گاڑنا۔ دفن کرنا ـــــ الحدیثَ: چھپانا ـــــ الابِلَ: تیز دوڑانا ـــــ الابِلُ: تیز دوڑنا۔
تَدَفَّنَ و اِنْدَفَنَ۔ چھپنا ـــــ الإبِلُ: تیز دوڑنا۔
اِدَّفَنَ۔ العَبْدُ: آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُوْن) ـــــ الشَّیْئَ: چھپانا۔
تَدَافَنَ۔ القَوْمُ: باہم چھپانا۔
دَافِنُ۔ الْاَمْرِ: کسی معاملہ کا اندرونی حصّہ۔
الدَفْن۔ مص۔ دفن کیا ہوا۔ ج اَدْفَان۔ مدفون زمین۔ ج دُفْن۔ رَجُلٌ دَفْن: گمنام و بے قدر مرد۔
دَاءٌ (دِفْنٌ و دَفِنٌ) پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔
الدَفِیْنَۃ۔ گاڑا ہوا۔ گاڑا ہوا خزانہ۔ ج دَفَائِن۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُثِیْرُ الدَّفَائِنَ" فلاں بڑا عالم ہے۔
الدَفِیْن۔ دفن کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ ج دُفُن و دُفَنَاء و اَدْفَان: حوض۔ رَکِیَّۃٌ دَفِیْنٌ: دفن شدہ کنواں۔ اِمْرَأۃٌ دَفِیْن: پوشیدہ عورت۔ ج دَفْنٰی۔ دَاءٌ دَفِیْن: پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر

ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَفِيْنُ الْمُرُوْءَةِ اودَفْنُ الْمَرُوءَة" وہ بے مروّت ہے۔

الدِفَان-مِنَ الرَّكَايَا۔ مٹی سے پٹا ہوا کنواں ج دُفُن۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌدِفَان" پوشیدہ پانی۔

الدَّفَافِيْن۔ کشتی کے تختے۔ واحد (دفّان)

المَدْفِنْ۔ گاڑنے کی جگہ۔

الدِفْنِس والدِفْنَاس۔ کمینہ و بیوقوف۔ بخیل۔ مِنَ النِسَاء : بیوقوف۔ بھاری جسم کی عورت۔

الدَّافِه۔ مسافر۔

دَفَا(ن) دَفْوًا ودَافٰى مُدَافَاة وأَدْفٰى إِذْفَاءً۔ الجَرِيْحَ : فوراً مار ڈالنا۔ وأَدْفَى الظَّبيُ : لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدَافَاة۔ تلافی کرنا۔

الدَّفَاء۔ خمیدگی۔

الأَدْفٰى۔ خمیدہ۔ مؤنث دَفْوَاءُ۔ طَائر أَدْفٰى : لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ ناقَةٌ دَفْوَاءُ : لمبی گردن والی اونٹنی۔ شَجَرَةٌ دَفْوَاءُ۔ بڑا درخت۔ عُقَابٌ دَفْوَاءُ : ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ(ض) دِقَّةً۔ باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دقیق و دشوار ہونا۔

دَقَّ(ن) دَقًّا۔ الشَيَ : توڑنا ــــ البَابَ : کھٹکھٹانا ــــ الشَيَ : ظاہر کرنا ــــ الشَيَ عَلَى الشيْ او بِالشَيْ : کوٹنا۔

دَقَّقَ۔ الشيَ : بہت باریک کرنا۔ آٹا کرنا ــــ فی الحِسَابِ وغَيْرِهٖ : باریک بینی سے کام لینا۔

اِدَقَّهٗ اِدْقَاقًا۔ باریک کرنا ــــ الرَّجُلَ : بکری دینا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُه فَمَا اَدَقَّنِي وَلاَ اَجَلَّنِيْ" میں اُس کے پاس آیا تو اُس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ۔ اَدَق الرَّجُلَ : بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَقَتُهٗ مُدَاقَّةً۔ الحِسَابَ فِی الحِسَاب : غور سے جانچ کرنا۔

اِنْدَقَّ اِنْدِقَاقًا۔ باریک ہونا۔ اِنْدَقَّت عُنُقَهٗ : ٹوٹنا۔

تَدَاقَّ۔ الرَّجُلاَن : باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ اِسْتِدْقَاقًا۔ پتلا و باریک ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِسْتَدَقَّ الهِلاَلُ" ہلال باریک ہے۔

الدِقُّ۔ باریک تھوڑا۔ اور اسی سے ہے "اَخَذْتُ دِقَّه وجِلَّه" میں نے قلیل و کثیر سب لے لیا۔ حُمَّیَ الدقِ : دق کا بخار۔

الدَقَّة۔ دَق کا اسم مرۃ۔

الدِقَّة۔ کوٹنے کی ہیئت۔ خست۔ چھوٹائی۔ باریکی اور اسی سے ہے "دِقَّةُ المَعَانِی" معانی کی باریکی۔

الدُقَّة۔ باریک خاکے۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔ خوبصورتی۔

الدُقَاق۔ چورہ۔ آٹا (ــــ والدُقَاقَة) باریک خاک جس کو ہوا اُڑائے۔ دُقَاقُ العِيْدَانِ ودِقَاقُها : چھپٹی۔

الدَقِيْق۔ باریک۔ آٹا۔ مشکل معاملہ۔ تھوڑا۔ ج اَدِقَّةٌ واَدِقَّاء۔ مؤنث دَقِيْقَةٌ۔

الدَقِيْقَة۔ دقیق کا مؤنث۔ منٹ۔ درجہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج دَقَائِق۔ الدَقِيْقَة : بکریاں۔ کہتے ہیں "كَمْ دَقِيقَتُكَ" تمہاری بکریاں کتنی ہیں؟

الدَقَّاق۔ بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔

الدَقَّاقَة۔ کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقُّ والمُدُقُّ۔ ج مَدَاق و (المِدَقَّه) کوٹنے کا اوزار۔

المُدَقَّقَة۔ قیمہ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت۔

المَدْقُوْق مف۔ دق کے بخار والا۔

مُسْتَدَقّ۔ السَاعِدِ۔ کلائی کا پتلا حصہ۔

مُسْتَدَقُّ كُلِ شَئٍ : ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقْدَقَ۔ النَاسُ : شور مچانا۔

الدَوَابُ : سم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِرَ(س) دَقَرًا۔ شکم سیر ہونا ــــ المَكَانُ : سبزہ زار ہونا ــــ النَبَاتُ : زیادہ ہونا۔ ــــ الرَجُلُ : شکم پُری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَقْرُ والدَقْرَة والدَقِيْرَةُ والدَقَرىٰ۔ سرسبز و خوبصورت باغ۔

اَرْضٌ (دَقْرَاءُ) سرسبز و نمناک زمین۔

الدُقْرَان۔ لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جائے۔ واحد دُقْرَانَة۔

الدَوْقَرَة۔ بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِقْرَار۔ جانگھیا۔ ج دَقَارِيْر۔

الدِقْرَارَة۔ چغلی۔ بُری عادت۔ جھگڑا۔ ج دَقَارِيْر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَقَارِيْر" وہ قبیح قسم کی جھوٹی چیزیں لایا۔ جانگھیا۔ پائجامہ۔ رَجُلٌ دِقْرَارة : چغل خور۔ پست قد۔

الدَقَارِيْس۔ لومڑیاں۔

دَقَسَ (ن) دَقْسًا ودُقُوْسًا۔ فِی الْبِلاَدِ : گھس جانا ــــ الوَتَدُ فِی الْاَرْضِ : گڑ جانا ــــ البِئرَ : بھر دینا۔

المِدْقَس۔ ریشم۔

الدَقْشَة۔ ایک چھوٹا سا جانور ہے۔

دَقِعَ(س) دَقَعًا۔ تھوڑے سے گزارہ پر راضی ہونا۔ ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔

اَدْقَعَهٗ۔ محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔

اَدْقَعَ بِهٖ واِلَيْهِ فِیْ الشَتْمِ ونَحْوِهٖ : گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدْقَعَ الرجُلُ : مٹی میں ملا ہوا ہونا۔

الدَاقِع۔ فا۔ رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔

الاَدْقَع۔ مٹی۔ جُوْعٌ اَدْقَعُ : سخت بھوک۔

الدَقَاع والدُقَاع والدِقْعِم۔ مٹی (دِقْعِم میں میم زائد ہے)

الدَقْعَاء۔ مٹی۔ بنجر زمین۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ القَوْمَ" (صَقْعَى دقْعَى) میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔

الدَيْقُوْع۔ سخت بھوک۔

الدَوْقَعَة۔ فقیری۔ ذلت۔

المُدْقِع۔ زمین پر پٹک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ دُبلا۔ جُوْعٌ مُدْقِعٌ : سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔

المِدْقَاع۔ لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج۔ مَدَاقِيْع۔

دَقَلَهٗ(ن) دَقْلاً۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا (ــــ دُقُوْلاً) غائب ہونا ــــ فِيْه : داخل ہونا۔

اَدْقَلَ۔ النَخْلُ : ردی کھجور والا ہونا۔ ــــ الرَجُلُ : کمزور بچے والا ہونا ــــ الشَاةُ۔ دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدْقِل۔

الدَقَل۔ ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَطْوَلَ مِنَ الدَقَلِ واَنْتَ تَنْثُرُ كَلاَمَكَ نَثْرَ الدَقَلِ" میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان کے

ڈنڈنے سے بھی زیادہ لمبے ہو اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔

الدَقْل۔ جسم کی ناتوانی۔

الدَقَلَةو الدَقِلَة والدَقِيْلَة۔ دُبلی پتلی بکری۔ ج دقَال و دَقَائِلَ۔

دَقَمَهٗ(ن)دَقْمًا۔ اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا ـــــ الرِيْحُ عَلَيْهِ :ہوا کا آنا۔

دَقِمَ(س) دَقَمًا۔ اگلے دانتوں کا گرنا۔ صفت دَقِمٌو اَدْقَم۔

اَدْقَمَ۔ فاه :اگلے دانتوں کو توڑنا۔

الدَقْم۔ سخت غم۔

الدَقَمَة۔ منہ کا اگلا حصہ۔

الدَقَم۔ نقصان۔

الدَقَمْس ۔ ریشم۔

دَقَن (ن)دَقْنًا۔ فی لحیَ الرَجُل :ٹھوڑی پر مکا مارنا۔ دَقَنَه : منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔

دَكَّ (ن) دكًّا۔ الحَائِطَ : دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا ـــــ الاَرْضَ : ہموار کرنا ـــــ التُرَابَ : مٹی کوٹ کر ہموار کرنا ـــــ البِئرَ : کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا ـــــ التُرَابَ عَلٰی المیّتِ : میت پر مٹی ڈالنا ـــــ ہ : دھکا دینا ـــــ الدَابةَ فی السَيْر : جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے "دكَّتِ الحُمَّی الرَجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔

دُكَّ۔ مریض ہونا۔

دَكَّكَ۔ الشَئُ بِالشَئِ :ملانا۔ مخلوط کرنا۔

اِنْدَكَّ۔ ہموار ہونا ـــــ الرَجُلُ : ریت کا تہ بتہ ہونا ـــــ السِنَامُ : کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔

تَدَاكَّ۔ عَلَيْه القَوْمُ : بھیڑ کرنا۔

الدَّكُّ۔ مص ۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ۔ ج۔ دُكُوْک۔

الدَكُّ۔ ج دِكَكَة و (الدِكَّاء) ج دكَّاءَ ات۔ نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔ الدَكَّاءُ : پست کوہان کی اونٹنی۔

الدِكَّة۔ ازاربند۔ صحیح لفظ التِكَّة ہے۔

الدَكَّة۔ ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لیے چبوترہ۔ ج دِكَاک۔

الدُكَّان۔ دکان۔ چبوترہ۔ ج دَكَاكِيْن۔

الدَكَّاک۔ بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔

الاَدَكُّ۔ چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اونٹ۔ اور اس سے اسم (الدَكَكُ) ہے۔ ج دُكٌّ و دُكُک مؤنث دكَّاء۔ يَوْمٌ او شَهْر او حَوْل (دَكِيْكٌ) پورا دن یا مہینہ یا سال۔

المِدَكُّ۔ مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا مرد۔ ہموار کرنے کا اوزار۔

اَمَةٌ (مِدَكَّة) کام کرنے میں قوی باندی۔

دَكْدَكَ۔ الحُفْرَةَ : گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔

تَدَكْدَكَتْ۔ الجِبَالُ : گرنا۔

الدَكْدَک والدِكْدِكْ۔ ج دَكَادِک و (الدَكْدَاک) ج دَكَادِيْک : سخت زمین۔

دَكَسَ(ن) دَكْسًا۔ الشَّئُ : بھرنا۔

دَكِسَ(س) وَكَسًا۔ الشَّئُ : تہ بتہ ہونا۔

اَدْكَسَ۔ المَكَانُ : سبزی ظاہر ہونا۔

الدَكِيْسَة۔ مِنَ النَاسِ : لوگوں کی جماعت۔

الدَاكِس۔ فا۔ چھینک وغیرہ سے بدفالی۔

الدَاكِس مِنَ الظِبَاءِ : وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

الدُكَاس۔ اُونگھ۔

الدَوْكَس۔ شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں۔

دَكَلَ (ن ض) دَكَلاً۔ الطِيْنَ : لیپنے کے لیے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا ـــــ الشَئَ : روندنا۔

دَكَّلَ۔ الدَابةَ : جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَكَّل۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ـــــ عَلَيْهِ : ناز کرنا ـــــ عَنْه : دیر کرنا۔

الدَكَلَة۔ پتلا گارا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

الاَدْكَل۔ سیاہی مائل۔

الدَكِيْل۔ روندا ہوا۔

الدَكَالٰی۔ شیطان کا نام۔ ایک لغت بضم دال بھی ہے۔

دَكَمَ (ن) دَكْمًا۔ الشَئَ : بعض کو بعض پر کوٹنا ـــــ ہ فی صَدْرِہ : سینہ پر مار کر ہٹانا ـــــ فاہ اَوْ اَنْفَه : منہ یا ناک توڑنا ـــــ المرأةَ : جماع کرنا۔

دَكَّمَهٗ۔ فی الشَّئ : داخل کرنا ـــــ ہ فی رَاسِهٖ : سر میں سینگ سے مارنا۔

تَدَاكَمَ۔ القومُ : ایک دوسرے کو ہٹانا۔

الدُكمة۔ سیاہی مائل رنگ۔

دَكَنَ (ن) دكْنًا و دكَّنَ۔ المتَاعَ : تہ بتہ رکھنا۔ دكَّنَ الدُّكَّانَ : دُکان لگانا۔

دَكِنَ (س) دَكَنًا۔ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْكَن) مؤنث دَكْنَاء۔ ج دُكْنٌ۔ ـــــ الثَوْبُ : میلا و گرد آلود ہونا۔

الدُكْنَة۔ سیاہی مائل رنگ۔

الدُكَّان۔ دکان کا چبوترہ۔ ج دَكَاكِيْن (کلمہ فارسیہ ہے)

الدُكَّانِی۔ دکان والا۔

دَلَّهٗ(ن) دَلاَلَةً و دُلُولَةً و دِلِّيْلٰی۔ اِلَی الشَئ و عَلَيْه : راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔ (ـــــ (ض) دَلًّا و دَلاَلاً و دَلَّ (س) دَلَلاً) ناز و نخرہ کرنا ـــــ المَرْأَةُ عَلٰی زَوْجِها : بناوٹی مخالفت کرنا ـــــ الرَجُلُ : فخر کرنا۔ اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ اِدْلاَلاً۔ عَلَيْهِ : محبت پر بھروسہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اس نے محبت پر بھروسہ کیا اور ملول کر دیا۔ دلیری کرنا ـــــ عَلٰی اَقْرَانِهٖ : اوپر سے دبا لینا ـــــ البَازِیْ عَلٰی صَيْدِہٖ : اوپر سے جھپٹا مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُدِلُّ بِهٖ" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے "اَدَلَّ بِالطَرِيْق" : پہچاننا۔

تَدَلَّلَ۔ عَلَيْهِ : گستاخی و جرأت کرنا ـــــ المرأةُ عَلٰی زَوْجِها : بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ۔ راستہ پانا ـــــ الماءُ : گرنا۔

اِسْتَدَلَّ۔ عَلَيْهِ : رہنمائی کرنے کو کہنا۔

اِسْتَدَلَّ بِكَذَا عَلٰی الاَمْرِ : دلیل کرنا۔

الدَالَة۔ دالٌّ کا مؤنث۔ ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيْهِ دَالَّة" اس کو اس کے اوپر ناز ہے۔

الدَلُّ۔ مص ۔ سکون و اطمینان کی حالت۔ اچھی سیرت۔

الدَلاَل۔ مص۔ ناز و نخرہ۔

الدَالُوْلاَء۔ ناز۔

الدِلاَلَة۔ دلالی کا پیشہ۔ دلال یا رہبر کی اُجرت۔

الدَّلَّال۔ خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی۔
الدَّلِیْل۔ ج اَدِلَّة واَدِلاَّء و (الدَّلاَلَة) ج دَلاَئِل: ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے۔ حجت و دلیل۔ الدَّلِیْل: رہنما۔ مرشد۔
الدَّلَّة۔ احسان۔ ناز و نخرہ کرنا۔
الاَدَلّ۔ احسان جتانے والا۔
الدُّلّٰی و الدَّلِیْلَة۔ واضح راستہ۔
المُدِلّ۔ فا۔ اپنے اُوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا۔ المُدِلّ بِالشَّجَاعَةِ: دلیر۔
الدُّلْب۔ چنار کا درخت۔ واحد (دُلْبَة)
الدُّلْبَة۔ سیاہی۔
الدَّالِب۔ چنگاری جو بجھی نہ ہو۔
الدَّوْلاَب و الدُّوْلاَب۔ رہٹ۔ چرخی پر گھومنے والی چیز۔ ج دَوَالِیْب۔ (دخیل)
المَدْلَبَة۔ بہت چنار کے درختوں والی زمین۔
الدَّلَبُوْث۔ ایک قسم کی گھاس کا نام۔
دَلَثَ (ض) دَلِیْثًا۔ قریب قریب قدم رکھنا۔
تَدَلَّثَ۔ اِلَیْهِ: کسی کے پاس گھس پڑنا۔
اِنْدَلَثَ۔ الرجُلُ: خود سر ہونا۔
اِدَّلَثَ۔ الشَّیْئُ: ڈھانکنا۔
الدِّلاَث۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رجُلٌ دِلاثٌ و ناقَةٌ دِلاَث۔ ج دُلُثٌ و دُلُثٌ"
دَلَجَ (ض) دُلُوْجًا۔ کوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالنا۔ صفت (دَالِج) ج دُلَّج۔
اَدْلَجَ اِدْلاَجًا و اِدَّلَجَ اِدِّلاَجًا۔ القَوْمُ: پوری رات یا آخری حصہ میں چلنا۔ اسم (الدَّلْجَة و الدُّلْجَة)
الدَّلَج و الدَّلَجَان و الدَّلَجَة۔ رات کے آخری حصہ کا وقت۔
الدَّوْلَج۔ تہ خانہ (۔۔۔ و المَدْلَجَة) وحشی جانوروں کا بھٹ۔
المِدْلَجَة۔ لکڑی یا چمڑے کا بڑا برتن جس میں دودھ لے جایا جائے۔ ڈول۔
المَدْلَج و المَدْلَجَة۔ حوض اور کنوئیں کے درمیان کا راستہ۔
المِدْلاَج۔ آخری رات میں چلنے کا عادی۔
المُدْلِج و اَبُو مُدْلِج۔ سیہی۔

دَلَحَ (ف) دُلُوْحًا۔ بوجھ کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
تَدَالَحَ۔ الرَّجُلاَنِ الشَّیْئَ بَیْنَهُمَا: کسی چیز کو لکڑی پر اُٹھانا۔
الدَّالِح۔ ج دُلَّح و دَوَالِح و (الدَّلُوْح) ج دُلُح: بہت پانی والا بادل۔
فرَسٌ (دُلَحٌ) سوار کو نہ تھکانے والا گھوڑا۔ بہت پسینہ والا گھوڑا۔
دَلِخَ (س) دَلَخًا۔ موٹا ہونا ۔۔۔ الاِنَاءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔
الدَّالِخ۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ دَالِخٌ و اِبِلٌ دُلَّخ و دَوَالِخ"
الدَّلُوْخ۔ موٹا۔ ج دُلُخ۔
دَلْدَلَ دَلْدَلَةً۔ اَعْضَاءَهُ اَوْ رَاْسَهُ: چلنے میں ہلانا۔
تَدَلْدَلَ۔ فِی مَشْیِهِ: لڑکھڑانا ۔۔۔ الشَّیْئُ: لٹکتے ہوئے ہلنا۔
الدُّلْدُل و الدُّلْدُوْل۔ سیہی۔ الدُّلْدُل: بڑا معاملہ۔
الدَّلْدَال۔ اضطراب۔ قَوْمٌ دَلْدَال: لڑکھڑاتی ہوئی چلنے والی قوم۔
دَلَّسَ۔ البائِعُ: سامان کے عیب کو چھپانا ۔۔۔ المُحَدِّث: محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کا نام نہ لینا بلکہ اس سے اُوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو۔
دَالَسَه مُدَالَسَةً۔ فریب دینا۔ ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لاَ یُدَالِسُ و لاَ یُوَالِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت۔
اَدْلَسَ۔ المَکَانُ: موسم گرما کے آخر میں یا چر لینے کے بعد سرسبز ہونا۔
تَدَلَّسَ۔ الرجُلُ: چھپنا ۔۔۔ الطَّعَامَ: تھوڑا تھوڑا لینا ۔۔۔ الدَّابَّةُ: چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو چٹ کر جانا۔
اِنْدَلَسَ۔ الشَّیْئُ: پوشیدہ ہونا۔
الدَّلْس۔ فریب، دھوکا۔
الدَّلَس۔ نباتات جو موسم گرما کے اخیر میں یا چر لینے کے بعد سبز ہو جائے۔ ج اَدْلاَس (۔۔۔ و الدُّلْسَة) تاریکی۔

دَلَصَ (ن) دَلِیْصًا۔ چمکنا۔ نرم ہونا۔ صفت (دَلِص) ج دِلاَص و (دَلِیْص) ج دُلُص۔
دَلِصَتْ (س) دَلاَصَةً۔ النَّاقَةُ: بوڑھی اور گرے ہوئے دانت والی ہونا۔
دَلَّصَ۔ الشَّیْئَ: چمکدار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَّصَ السَّیْلُ الحَجَرَ" سیلاب نے پتھر کو چمکدار بنا دیا ۔۔۔ الدِّرْعَ: ملائم کر دینا ۔۔۔ الجبین: بال اُکھیڑنا۔
اِنْدَلَصَ۔ الشَّیْئُ مِنْ یَدِهِ: پھسل کر گرنا۔ ۔۔۔ الشَّیْئُ من الشَّیْئِ: نکلنا۔
الدَّلِص و الدَّلِصَة۔ ہموار زمین۔
الدِّلاَص۔ نرم و چمکدار۔ کہا جاتا ہے "دِرْعٌ دِلاَصٌ" نرم و چمکدار زرہ۔
الدُّلاَّص۔ نرم، چکنا، چمکدار۔
دَلَظَه (ض) دَلْظًا۔ سینہ میں مار کر ہٹانا۔ دَلَظَ فِی سَیْرِهِ: تیز گزرنا۔
دَالَظَه۔ مدافعت کرنا۔
اِنْدَلَظَ۔ المَاءُ: زور سے بہنے لگنا۔
دَلَعَ (ف) دَلْعًا و اَدْلَعَ لِسَانَه: زبان نکالنا۔
دَلَعَ (ف ن) دَلْعًا و دُلُوْعًا و اِنْدَلَعَ و اِدَّلَعَ۔ لِسَانُه: زبان کا منہ سے باہر نکلنا۔ اِنْدَلَعَ البَطْنُ: پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا ۔۔۔ السَّیْفُ: تلوار کا میان سے باہر نکلنا۔
الدَّلِیْع و الدَّلُوْع۔ کشادہ راستہ۔ نرم راستہ۔ ج دَلاَئِع۔ و الدَّلُوْع مِنَ النُّوْقِ: اُونٹوں سے آگے رہنے والی اُونٹنی۔
الدُّلاَّع و الدُّوْلَعَة۔ سمندری سیپی کی ایک قسم۔
المُدَلَّع۔ ناز و نعمت میں پرورش یافتہ۔ اسم (الدَّلاَعَة) اور یہ مولدین کے نزدیک ہے۔
الدَّلْعَس و الدِّلِعْس و الدِّلْعَوْس و الدِّلْعَاس و الدُّلاَعِس۔ مِنَ الجِمَالِ: سدھا ہوا اُونٹ۔
الدِّلْعَان۔ چیکنے والی مٹی۔ (لغت عامیہ ہے)
دَلَفَ (ض) دَلْفًا و دَلَفًا و دُلُوْفًا و دَلِیْفًا و دَلَفَانًا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح آہستہ آہستہ چلنا ۔۔۔ النَّاقَةُ بِحِمْلِهَا: اونٹنی کا بوجھ لے کر اُٹھنا ۔۔۔ الجَیْشُ: لشکر کا آگے

بڑھنا۔ صفت (دَالِف) ج دُلَّف و دُلُف۔
اَدْلَفَ۔ لَهُ الْقَوْلَ: سختی سے گفتگو کرنا ـــــ ہ الْكِبَرُ: آہستہ چلانا۔
تَدَلَّفَ۔ اِلَيْهِ: چلنا اور نزدیک ہونا۔
اِنْدَلَفَ۔ علیہ: گرنا۔
الدَّالِف۔ تیر جو نشانہ کے قریب گرے اور پھر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔
الدِّلْف۔ بہادر۔
الدَّلُوْف۔ تیز اُڑنے والا گدھ۔ موٹا اونٹ۔ بہت پھلدار درخت خرما۔ ج دُلُف۔
الدُّلْفِيْن۔ ایک قسم کا تھن والا سمندری جانور جس کی تھوتھنی چونچ کی شکل کی ہوتی ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ ڈوبنے والے کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر بچاتی ہے۔ معرب ہے۔ عربی میں اس کا مرادف الدُّخس ہے۔
طَرِيْقٌ (دُلْفَق و دِلْفَاق) روشن و نمایاں راستہ۔
دَلَقَ (ن) دَلْقًا و اَدْلَقَ۔ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔ دَلَقَ الْبَابَ: دروازہ کو زور سے کھولنا ـــــ عَلَيْهِمُ الْغَارَةَ: لوٹ ڈالنا ـــــ الْبَعِيْرُ شِقْشِقَتَهٗ: اُونٹ کا جھاگ نکالنا۔ (ـــــ دَلْقًا و دُلُوْقًا۔ السَّيْفُ): تلوار کا میان سے نکل پڑنا ـــــ الْخَيْلُ: گھوڑوں کا پے در پے نکلنا۔ صفت (دُلُق) واحد (دَالِق و دَلُوْق)
اِنْدَلَقَ۔ الشَّيْئُ: اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔ ـــــ الْخَيْلُ: گھوڑوں کا بہت تیزی کے ساتھ نکل پڑنا ـــــ السَّيْفُ: تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔
تَدَلَّقَ۔ السَّيْلُ عَلَيْهِ: بہت تیزی کے ساتھ سیلاب کا بہہ پڑنا۔
اِسْتَدْلَقَ۔ السَّيْفَ: میان سے نکالنا۔
الدَّلَق۔ ایک جانور کا نام ہے جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد ہوتا ہے پیٹ اور گردن میں کچھ سفیدی ہوتی ہے۔ سَيْفٌ (دَلِق و دَالِق و دَلُوْق) میان سے آسانی سے نکلنے والی تلوار۔ غَارَةٌ دَلُوْق: سخت لوٹ۔ نَاقَةٌ دَلُوْق: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی۔ ج دُلُق۔
الدِّلْقِم بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی (میم زائد ہے۔)
دَلَكَ (ن) دَلْكًا۔ الشَّيْئَ: رگڑنا۔ ملائم کرنا ـــــ ہ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا ـــــ وَجْهَهٗ بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا ـــــ الرَّجُلَ حَقَّهٗ: ظلم کرنا ـــــ غَرِيْمَهٗ: قرض خواہ کو ٹالنا (ـــــ دُلُوْكًا) الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔ صفت (دَالِك)
دَالَكَ مُدَالَكَةً۔ الْغَرِيْمَ: قرض خواہ کو ٹالنا۔
تَدَلَّكَ۔ نہانے کے وقت بدن ملنا۔ بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا۔
الدَّلْك۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "فِيْ رُكْبَتِهٖ دَلْكٌ" اس کے زانو میں نرمی ہے۔ غروبِ آفتاب کا وقت۔
الدَّلُوْك۔ لگانے کی خوشبو یا دوا وغیرہ۔
الدَّلِيْك۔ وہ شخص جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔ ج دُلُكٌ۔ خاک جس کو ہوا اُڑا دے۔ ایک قسم کی نباتات۔
الدُّلُوْك۔ بڑا معاملہ۔ ج دَالِيْك۔
الْمِدْلَكُ و الْمِدْلَكَة۔ ملنے کا اوزار۔
الْمَدْلُوْك۔ مذ۔ الْبَعِيْرُ الْمَدْلُوْك: نرم گھٹنے والا اونٹ۔ وہ شخص جو سفر کی وجہ سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔
الْمُدَالِك۔ وہ شخص جو اپنے آپ کو گھٹیا باتوں سے بلند نہ رکھے۔
دَلِمَ (س) دَلَمًا و اِدْلَامَّ اِدْلِيْمَامًا۔ چمکدار سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْلَم) مؤنث دَلْمَاء۔ دَلِمَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اور لٹکنا۔
اِدْلَامَّ اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔
اَدْلَمَ شَفَتَهٗ: ہونٹ کا ڈھیلا کرنا۔
الدُّلَم۔ ہاتھی۔
الدِّلَام۔ سیاہی۔ سیاہ۔ کہا جاتا ہے "شَيْئٌ دِلَام" کالی چیز۔
الدَّلْمَاء۔ قمری مہینہ کی تیسویں رات۔
الْاَدْلَمُ مِنَ الْاَلْوَانِ: کالا۔ کالا سانپ۔ لمبا کالا۔
الدَّيْلَم۔ کردوں کی ایک جماعت کا نام۔ مصیبت۔ حوض کے پاس چیونٹیوں اور چیچڑیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ لشکر۔ نر تیتر۔ قطا پرندہ کی ایک قسم۔ جماعت۔ دشمن۔
الدُّلَمِث و الدُّلَامِث۔ تیز رفتار۔
دَلْمَزَ دَلْمَزَةً۔ بڑا لقمہ لینا۔
تَدَلْمَزَ۔ عَلَى الْاَمْرِ: ارادہ کرنا۔
الدِّلْمِز۔ بہت مضبوط۔
الدُّلَامِز۔ شیطان۔ قوی و دور بین مرد۔
اِدْلَمَسَّ اِدْلِمْسَاسًا۔ اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔
الدُّلْمِس و الدُّلَامِس۔ سخت تاریکی۔ مصیبت۔
الدِّلْمِس۔ مصیبت۔
تَدَلْمَصَ۔ رَاْسُهٗ: سر کا گنجا ہونا۔
الدُّلْمِص و الدُّلَامِص۔ چمکدار۔ رَاس دُلْمِص: گنجا سر۔
الدِّلْمِظ۔ بوڑھی اونٹنی۔
طَرِيْق (دَلَنْع) نرم راستہ۔ ج دَلَانِع۔
دَلِهَ (س) دَلَهًا و دَلْهًا و دُلُوْهًا و تَدَلَّهَ۔ غم و عشق وغیرہ سے سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔
دَلَهَ (ف) دَلْهًا۔ عَنْهُ: تسلی پانا۔
دَلَّهَہ۔ حیران کرنا۔ مدہوش کرنا۔
الدَّالِهُ و الدَّالِهَة۔ غم و عشق وغیرہ کی وجہ سے سرگشتہ و دیوانہ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ (دَلْهًا)" اس کا خون رائیگاں گیا۔
الْمُدَلَّه۔ عشق وغیرہ کی وجہ سے بے خود و دل رفتہ۔
دَلْهَثَ۔ الرَّجُلُ: جلد آگے بڑھنا۔
الدَّلْهَث و الدُّلَاهِث و الدِّلْهَاث۔ پیش قدمی کرنے والا۔ دلیر۔ شیر۔
اِدْلَهَمَّ۔ اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ ـــــ اَلظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا ـــــ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔
الدَّلْهَم۔ تاریک۔ بھیڑیا۔ نر گنگ خوار پرندہ۔ عشق کی وجہ سے عقل رفتہ و مدہوش۔
الدِّلْهَام و الدَّلْهَمَس۔ دلیر۔ بہادر مرد۔ شیر۔
الدَّلَهْمَس: بہت تاریک رات۔
اِدْلَهَنَّ اِدْلِهْنَانًا۔ بوڑھا ہونا۔
دَلَا (ن) دَلْوًا و دَلْيًا۔ الدَّلْوَ: ڈول کنوئیں میں لٹکانا۔ نکالنے کے لیے کھینچنا۔ حَاجَتَهٗ: حاجت

طلب کرنا۔ دَلَاہ : نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَوْتُ بِفُلَانٍ اِلَیْكَ" میں نے تیرے پاس فلاں کو سفارشی بنایا۔ و "دَلَّاہُ بِغُرُوْرٍ" اس نے اس کو دھوکے میں ڈالا۔ دَلَوْتُ بِالدَّلْوِ : ڈول سے پانی کھینچا۔ دَلَّاہُ بِالْحَبْلِ مِنَ السَّطْحِ : اس نے اس کو رسّی کے ذریعہ چھت سے لٹکایا۔

دَالَاہُ۔ نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔

اَدْلٰی اِدْلَاءً۔ کنوئیں میں ڈول لٹکانا۔

____ فِیْہِ : کسی کے بارے میں بُری بات کہنا۔

____ بِقَرَابَتِہٖ : قرابت سے وسیلہ پکڑنا۔

بِحُجَّتِہٖ : دلیل بیان کرنا ____ اِلَیْہِ بِمَالٍ : دینا۔ اَدْلٰی اِلٰی فُلَانٍ : کسی کے پاس جھگڑا لے جانا۔

تَدَلّٰی۔ الثَّمَرُ مِنَ الشَّجَرِ : پھل کا لٹکنا ____ مِنَ الْخَیْلِ : گھوڑے سے اُترنا۔

اِدْلَوْلٰی اِدْلِیْلَاءً۔ جلدی کرنا۔

الدَّلْوُ۔ مہ۔ ڈول (مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) ج دِلَاءٌ و اَدْلٍ و دُلِیٌّ و دِلِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "اَلْقِ دَلْوَكَ فِی الدِّلَاءِ" یعنی تم بھی کوشش کرو۔ الدَّلْوُ : ایک برج آسمانی کا نام۔ اُونٹ کا داغ۔ مصیبت۔

الدَّلَاۃُ۔ ڈولچی ج دَلًی و دَلَوَاتٌ۔

الدَّالِی۔ فا۔ ج دُلَاۃٌ۔ سیاہ انگور۔

الدَّالِیَۃُ۔ رہٹ۔ زمین جس کو ڈول یا رہٹ سے سینچا جائے۔ انگور کی بیل۔ ج دَوَالٍ (یہ مولد ہیں)

دَلِیَ (س) دَلًی۔ متحیر ہونا۔

تَدَلّٰی بِہٖ : قریب ہونا ____ لَہٗ فروتنی کرنا۔

دَمَّ (ن) دَمًّا۔ الشَّیْءَ بِالصِّبْغِ اَوِ الْقِیْرِ اَوْ نَحْوِھِمَا : کسی چیز پر ملنا ____ الْاَرْضَ : ہموار کرنا ____ الْیَرْبُوْعُ جُحْرَہٗ : جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے پاٹ کر برابر کرنا ____ الرَّجُلَ : پوری طرح سے عذاب دینا۔ مارنا یا سر کچلنا ____ الْقَوْمَ۔ نیزہ مار کر ہلاک کرنا ____ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔

دَمَّ (ن ض س) دَمَامَۃً۔ حقیر و بدصورت ہونا۔ صفت (دَمِیْمٌ) ج دِمَامٌ مؤنث دَمِیْمَۃٌ ج دَمَائِمُ و دِمَامٌ۔

دَمَّمَ۔ الشَّیْءَ : کسی چیز پر طلاء کرنا۔

اَدَمَّ۔ الرَّجُلُ : بُری بات کرنا یا بدصورت بچہ والا ہونا۔

الدَّمُّ و الدِّمَمُ و الدِّمَامُ۔ ہر وہ چیز جو بطور طلاء کے استعمال کی جائے۔

الدَّمُّ۔ بمعنی خون۔

الدِّمَّۃُ۔ چیونٹی۔ جوں۔ مینگنی۔ بکریوں کا باڑہ۔ بلی۔ حقیر و پست قد مرد۔

الدُّمَّۃُ۔ روش۔ طریقہ۔ گڑیا۔ ج دُمَمٌ۔

الدَّیْمُوْمُ و الدَّیْمُوْمَۃُ۔ وسیع بیابان۔ ج دَمَامِیْمُ۔ الدَّیْمُوْمَۃُ۔ بمعنی دوام و ہمیشگی۔

المِدَمَّۃُ۔ ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔

المَدْمُوْمُ۔ خون کی مانند سرخ۔ بہت موٹا۔ چربی دار۔

دَمُثَ۔ (ک) دَمَاثَۃً۔ نرم اخلاق ہونا۔

دَمِثَ (س) دَمَثًا۔ المَکَانُ وغیرُہٗ : نرم ہونا۔

دَمَّثَ۔ المَضْجَعَ : نرم بنانا ____ المَکَانَ : نرم کرنا ____ لَہُ الْحَدِیْثَ : ذکر کرنا۔

الدَّمْثُ و الدَّمَثُ و الدَّمِثُ و الدَّمِیْثُ۔ نرم ریتلی جگہ۔ ج دِمَاثٌ و اَدْمَاثٌ۔ اور اسی سے ہے "رجل دَمِثُ الْاَخْلَاقِ" نرم اخلاق والا مرد۔

اَرْضٌ (دَمْثَاءُ) نرم زمین۔

الدُّمُوْثَۃُ۔ نرم خوئی۔

الدَّمَائِثُ۔ نرم چیزیں۔ واحد (دَمِیْثَۃٌ)

الْاُدْمُوْثُ۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔

دَمَجَ (ن) دُمُوْجًا و اِنْدَمَجَ و اِدَّمَجَ۔ فی الشَّیْءِ : مضبوط گڑ جانا۔ دَمَجَ الْاَمْرُ : درست ہونا۔

دَمَّجَہٗ۔ فِی الشَّیْءِ : داخل کرنا۔ گاڑنا۔

دَامَجَہٗ دِمَاجًا۔ عَلَیْھِمْ : موافقت کرنا۔

اَدْمَجَ۔ الشَّیْءَ فِی الثَّوْبِ : کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا ____ الْحَبْلَ : رسّی کو اچھی طرح بٹنا۔ ____ الْکَلَامَ : بہتر ترتیب دینا ____ الفَرَسَ : دُبلا کرنا۔

تَدَامَجَ۔ القَوْمُ عَلَیْہِ : باہم مدد کرنا۔ اکٹھا جمع ہونا۔

تَدَمَّجَ۔ فِیْ ثِیَابِہٖ : کپڑوں میں لپٹنا۔

الدَّامِجُ۔ فا۔ تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَیْلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔

الدِّمْجُ۔ دوست۔ نظیر۔

الدُّمْجَۃُ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی تِلْكَ الدُّمْجَۃِ" اس طریقہ پر۔

الدُّمَاجُ و الدِّمَاجُ۔ بہت مضبوط۔ سیدھا۔

المُدْمَجُ۔ مغ۔ تیر کی چھڑ۔

المِدْمَاجَۃُ۔ پگڑی۔

دَمَّحَ تَدْمِیْحًا۔ سر جھکانا۔

الدُّمَاحِسُ۔ شیر۔

دَمْحَقَ۔ الثَّوْبَ : کپڑے پر مارہ لگانا۔

الدَّمْحَقُ۔ باسی دودھ۔

الدُّمْحُقُ۔ ناس کی ڈبیا۔

الدُّمْحُوْقُ۔ بڑے پیٹ والا۔

دَمْحَلَہٗ دَمْحَلَۃً۔ لڑھکانا۔

دَمَخَ (ف) دَمْخًا۔ بلند ہونا ____ رَاْسَہٗ : سر توڑنا۔ کچلنا۔ لَیْلٌ (دَامِخٌ) معتدل رات۔

دَمْخَقَ۔ فِی مَشْیِہٖ : گرانبار ہو کر چلنا۔

دَمْدَمَ دَمْدَمَۃً۔ عَلَیْہِ : غضبناک ہو کر گفتگو کرنا ____ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ : ہلاک کرنا ____ الشَّیْءَ : کسی چیز کو زمین سے چپکا دینا۔

الدِّمْدِمُ۔ خشک گھاس۔

الدُّمَادِمُ۔ مِنَ الْاَرْضِ : نرم ٹیلے۔

دَمَرَ (ن) دُمُوْرًا و دَمَارًا و دِمَارَۃً۔ ہلاک ہونا ____ دُمُوْرًا عَلَیْھِمْ : بغیر اجازت کے آنا یا برے ارادہ سے اچانک آنا۔

دَامَرَ۔ اللَّیْلَ : جاگتے رہنا۔

دَمَّرَھُمْ و دَمَّرَ عَلَیْھِمْ۔ ہلاک کرنا۔

تَدْمُرُ۔ ملک شام کے ایک بڑے شہر کا نام۔ ایک قلعہ کا نام۔

التَّدْمُرِیُّ۔ کمینہ۔ جنگلی چوہا جس کے ناخن ٹوٹ گئے ہوں اور گوشت سخت ہو۔ کہا جاتا ہے "مَافِی الدَّارِ تَدْمُرِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

دَمَسَ (ن ض) دَمْسًا و دُمُوْسًا۔ الظَّلَامُ اَوِ اللَّیْلُ : سخت سیاہ ہونا۔ صفت (دَامِسٌ) ____ المَوْضِعُ : مٹنا۔

دَمَسَہٗ (ن) دَمْسًا و دَمَّسَہٗ۔ ڈھانپنا۔ دفن

کرنا۔ چھپانا۔
دَمَسَ عَلَیْهِ السِرَّ اوالخَبَرَ : پوشیدہ کرنا ـــــ بَینَهُم۔ اصلاح کرنا۔
دَمِسَتْ (س) دَمَسًا۔ یَدُهٗ: گندگی سے آلودہ ہونا۔
دَامَسَ مُدَامَسَةً۔ الشَّئَ : چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
اَدْمَسَ۔ اللَّیْلُ : تاریک ہونا ـــــ الشَّیَٔ : پوشیدہ کرنا۔
تَدَمَّسَ۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔
اِنْدَمَسَ۔ تہ خانہ میں داخل ہونا۔
الدَّمْس۔ مہ۔ صورت جو دور سے دکھائی دے۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ دَمْسًا" میں نے صورت دیکھی۔
الدُّمْس۔ مِنَ الامُور : بڑے بڑے اُمور۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَابِاُمُوْرٍ دُمْسٍ" وہ ہمارے پاس بڑے بڑے اُمور لایا۔
الدَّمَس و الدَّمِیْس۔ ہر وہ چیز جو ڈھک دی جائے۔
الدِمَّاس۔ ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے۔
الدَّامُوْس۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج دَوَامِیْس۔
الدَّیْمَاس و الدِیْمَاس۔ تہ خانہ۔ غسل خانہ۔ قبر۔ ج دَیَامِیْس و دَمَامِیْس۔
لَیْلٌ (اُدْمُوْسٌ) تاریک رات۔
الدَّیَامِیْس۔ گہری جگہیں جہاں روشنی نہ پہنچے۔
الدُّمُسْتُق۔ رومیوں کے کمانڈر کا لقب۔ ج دَمَاسِق۔
دَمْشَقَ۔ الاَمْرَ : جلدی سے پورا کرنا ـــــ الشَّیَٔ : آراستہ کرنا۔
تَدَمْشَقَ۔ دمشق میں آنا۔
دَمْشَقُ۔ الیَدَیْنِ : دونوں ہاتھوں سے جلدی کام کرنے والا۔
دِمَشْق و دِمِشْق۔ شام کا دارالخلافہ۔ نسبت کے لیے دِمَشْقِیٌّ۔ ج دَمَاشِقَة۔
المُدَمْشَق۔ نیم پختہ بھنا ہوا گوشت۔
دَمَصَ (ن) دَمْصًا۔ فِی الشَّیٔ : جلدی کرنا۔

دَمَصَتِ الکَلْبَةُ بِجَرْوِهَا۔ ناتمام بچہ گرا دینا۔
دَمِصَ (س) دَمَصًا۔ سر میں کم بال والا ہونا۔ پچھلے حصہ میں باریک اور اگلے حصہ میں موٹی ابروؤں والا ہونا۔ صفت (اَدْمَص) مؤنث دَمْصَاء ج دُمْص۔
دَمَعَت (ف) دَمْعًا و دَمِعَت۔ (س) دَمَعًا و دَمَعَانًا و دُمُوْعًا۔ العَیْنُ : آنسو بہنا۔ دَمِعَ الاِنَاءُ : بھر جانا۔
اَدْمَعَ۔ الاِنَاءَ : لبالب بھر دینا۔
اِسْتَدْمَعَ۔ آنسو بہانا۔
الدَّمْع۔ آنسو۔ واحد (دَمْعَة) ج دُمُوْع و اَدْمُع۔
دَمْعَةُ الکَرْم : شراب۔
اِمْرَاَةٌ۔ (دَمِعَة و دَمِیْع) جلدی رونے والی۔ بہت آنسوؤں والی عورت۔ ج دَمْعٰی و دَمَائِع۔
و رَجُلٌ دَمِیْع : جلدی رونے والا۔ بہت آنسوؤں والا مرد۔ ج دُمَعَاء و دَمْعٰی۔
الدَّامِع۔ فا۔ مَکَانٌ دَامِعٌ۔ نمناک جگہ۔ شَجَّةٌ دَامِعَةٌ : خون بہانے والا زخم۔
الدَّمَّاع۔ پانی جو درخت کے کاٹنے سے نکلے۔ آنکھ کا پانی جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے نکلے۔
الدَّمَّاع و الدَّمُوْع۔ بہت آنسو والا۔
الدُّمَّاع : نمناک جگہ۔ یَوْمٌ دَمَّاع : خفیف بارش کا دن۔
قَدَحٌ (دَمْعَان) لبالب بھرا ہوا پیالہ۔
المَدْمَع۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ ج مَدَامِع۔
الدِمَاع۔ رخسارہ پر آنسو کا نشان۔
دَمَغَه (ف ن) دَمْغًا۔ دماغ تک زخمی کرنا۔ صفت مفعولی (دَمِیْغٌ و مَدْمُوْغ)
ـــــ هُ الشَّمْسُ : دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
ـــــ هُ : مغلوب کرنا ـــــ الحَقُّ البَاطِلَ : نیست و نابود کرنا۔ باطل کرنا۔ ناپید کرنا۔
دَمَّغَ۔ الاَطْعِمَةَ بالدَّسَمِ : چربی ڈالنا۔
اَدْمَغَه۔ اِلٰی کَذَا : محتاج بنانا۔ حاجت مند بنانا۔
اَدْمَغَ الطَّعَامَ : نگلنا ـــــ الشَّیَٔ : داخل کرنا۔
شَجَّةٌ (دَامِغَة) دماغ تک پہنچنے والا زخم۔
الدِّمَاغ۔ سر کا بھیجا۔ ج اَدْمِغَة۔ اُمُّ الدِّمَاغ : دماغ کے اوپر کی باریک جھلی۔
دَمَقَ (ن) دُمُوْقًا۔ عَلَیْهِ : بغیر اجازت کے داخل ہونا۔

دَمَقَ (ن ض) دَمْقًا۔ الشَّیَٔ : چرانا۔ فَاهُ : دانت توڑنا۔ (ـــــ و دَمَّقَ و اَدْمَقَ) الشَّیَٔ فِی الشَّیٔ : داخل کرنا۔
اِنْدَمَقَ۔ عَلَیْهِ : بغیر اجازت کے داخل ہونا۔ نکلنا۔
الدَّمَق۔ برف کے ساتھ سخت ہوا۔
الدَّامِق۔ فا۔ (ـــــ و الدَّمُوْق) مِنَ الرِّجَال : خراب آدمی جس سے کوئی نفع نہ ہو۔
الدَّمِیْق۔ دوسرے میں داخل کیا ہوا۔
المُنْدَمَق۔ داخل ہونے کی جگہ۔
الدِمَقْس و الدِمَقَّاس۔ سفید ریشم۔ دیبا۔ ثَوْبٌ (مُدَمْقَس) ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔
دَمَکَ (ن) دُمُوْکًا۔ الاَرْنَبُ : خرگوش کا تیز دوڑنا ـــــ الشَّیٔ : چمکدار و نرم ہونا۔ (ـــــ دَمْکًا) الشَّیٔ : پیسنا ـــــ الرِّشَاءَ : رسّی بٹنا۔
الدَّامِکَة۔ مصیبت۔ ج دَوَامِک۔
الدَّمُوْک۔ تیز گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَحًی دَمُوْک" تیز پیسنے والی چکی۔ ج دُمُک۔
المِدْمَك۔ بیلن۔
المِدمَاک۔ کچی اینٹوں یا پتھروں کا ردا۔ ج مَدَامِیْک۔
الدَّمَکْمَک۔ بہت مضبوط۔ رَحًی دَمَکْمَک : تیز پیسنے والی چکی۔
دَمَلَ (ن) دَمْلاً۔ الدُّمَّلَ : پھوڑا اچھا کرنا۔ (دَمَلَ و دَوْمَلَ) بَیْنَهُم : اصلاح کرنا۔
دَمِلَ (س) دَمَلاً و اِدَّمَلَ و انْدَمَلَ۔ الجُرْحُ : زخم اچھا ہونا۔
دَامَلَهٗ۔ نرمی سے سلوک کرنا۔
تَدَمَّلَ۔ المَکَانُ : کھاد پڑنا۔
تَدَامَلَ۔ القَوْمُ : باہم صلح کرنا۔
الدَّمْل۔ مہ۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَه بِالدَّمْلِ" اس نے اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا۔
الدُّمَل و الدُّمَّل۔ پھوڑا۔ واحد (دُمَّلَة) ج دَمَامِل و دَمَامِیْل۔
الدَّمَال۔ کوڑا کرکٹ جس کو سمندر پھینک دے۔ سیاہ بدبودار پرانی کھجور۔ چیکنی مٹی وغیرہ

جس کو جانور روند دیں- کھاد- کہا جاتا ہے- "هٰذا دَمَالُ ذَاكَ" یہ اس کا مصلح ہے-

الدَمَّال- زمین میں کھاد ڈالنے والا-

دَمْلَجَ دَمْلَجَةً و دِمْلاَجًا- الشَئَ : کسی چیز کو اچھے طریقے سے ڈھالنا-

الدُمْلُج و الدِمْلج- ج دَمَالِج و (الدُمْلُوْج) ج دَمَالِيْج : بازوبند- پہنچی- کہا جاتا ہے "اَلْقٰى عَلَيْهِ دَمَالِيْجَه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا- الدَمَالِيْج : سخت زمینیں-

المُدَمْلَج- ہموار راستہ-

دَمْلَحَه- لڑھکانا-

دَمْلَقَه- چکنا و ہموار کرنا-

حَجَرٌ (دَمْلَق و دُمَلِقٌ و دُمَالِق) چکنا پتھر-

دَمْلَكَ- الشَئَ : چکنا کرنا-

تَدَمْلَكَ- چکنا ہونا ____ الثَدْيُ : گول ہونا اور ابھرنا-

الدُمْلُوک- گول چکنا پتھر-

دَمَنَ (ن) دَمْنًا- الاَرْضَ : کھاد ڈالنا-

دَمِنَ (س) دَمَنًا- النَخْلُ : سیاہ و بدبودار ہونا ____ عَلَيْهِ : کینہ رکھنا-

دَمَّنَ- البَعِيْرُ المَكَانَ : اُونٹ کا مینگنی کرنا ____ بَابَ فُلاَنٍ : کسی کے دروازہ پر پڑ رہنا ____ فُلاَنًا : اجازت دینا-

اَدْمَنَ- الشَئَ : ہمیشہ کرنا- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُدْمِنُ خمر" ہمیشہ شراب پینے والا مرد-

تَدَمَّنَ- المَكَانُ او المَاءُ : جگہ یا پانی کا مینگنیوں سے پلید ہونا-

الدَمْن- مہ- کھجور کے درخت کی بوسیدگی و سیاہی-

الدِمْن و الدَمَان- گوبر- کھاد- راکھ- کھجور کے درخت کی بوسیدگی- کہا جاتا ہے "هُوَ دِمْنُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے-

الدِمْنَة- گھر کے نشانات- حوض کا بقیہ پانی- کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ- ج دِمَن و دِمْن- و "خَضْرَاءُ الدِمَن و خُضْرَةُ الدِمَن" کوڑے کی سبزی اور یہ دونوں مثال ہیں ان چیزوں کے لیے جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو- الدِمْنَة : پرانا کینہ- کہا جاتا ہے "فِي قَلْبِهٖ دِمْنَة" اس کے دل میں پرانا کینہ ہے-

دَمِهَ (س) دَمَهًا- الرمَلُ : ریت کا سخت گرم ہونا-

دَمَهَتْه- الشَمْسُ : دھوپ لگنا اور جلانا-

دَمِيَ (س) دَمًى و دُمِيًّا- الجُرْحُ : خون دینا- صفت (دَمٍ)

دَمَّى تَدْمِيَةً و اَدْمٰى اِدْمَاءً- الجُرْحَ : زخم سے خون نکالنا- اَدْمٰى الرَجُلَ : خون بہانا- دَمّىٰ لِفُلاَنٍ : راستہ آسان کرنا- قریب کرنا-

اِسْتَدْمٰى- مِنْ غَرِيْمِهٖ : قرض دار سے نرمی سے قرض وصول کرنا ____ الرَجُلُ : ناک سے خون بہتے وقت سر جھکانا ____ الذَبِيْحَ : خون لینا-

الدَامِي- فا- جس کا خون بہہ رہا ہو- و دَامِي الشَفَة : فقیر یا مانگنے کا حریص-

الدَامِيَة- الدامی کا مؤنث- زخم یا مار جس سے خون بہے-

الدَمُ- خون- اس کی اصل دَمِيٌ یا بقول بعض دَمَوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور کبھی میم سے بدل لیتے ہیں اور دَمٌّ مشدد بولتے ہیں- مثنی دَمَان و دَمَيَان و دَمَوَان- ج دِمَاء و دُمِيٌّ- تصغیر دُمَيٌّ- اور نسبت کے لیے (الدَمِيُّ و الدَمَوِی) دَمُ الاَخَوَيْن : ایک دوا کا نام- الدَم : بلی- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْدَمٍ" خون کا مطالبہ کرنے والا مرد-

الدَمَة- خون کا ٹکڑا-

الدُمْيَة- پتلی جو خون کی مانند سرخ و منقوش ہو- بت- ج دُمًى-

الدَمَيَاء- خیر و برکت-

المُدَمّٰى- بہت سرخ گھوڑا وغیرہ- خون لگا ہوا تیر-

دَنَّ (ن) دَنًّا و دَنَّنَ- الذُبَابُ : بھنبھنانا ____ (دَنِيْنًا) الرَجُلُ : گنگنانا- اس طرح بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے-

دَنَّ (س) دَنَنًا- پیٹھ میں جھکاؤ ہونا- صفت (اَدَنٌّ) مؤنث (دَنَّاء) ج دُنٌّ-

بيت اَدَنٌّ : پست مکان-

اَدَنَّ- بِالمَكَانِ : اقامت کرنا-

الدَنُّ- بڑا مٹکا جو بغیر زمین کھودے ہوئے نہ رکے- ج دِنَان-

الدَنِيَّة- لمبی ٹوپی-

الدِنَّة- چیونٹی کی مانند ایک کیڑا-

دَنَأَ (ف) و دَنُؤَ (ک) دُنُوْءَةً و دَنَاءَةً- خسیس ہونا- کمینہ و ذلیل ہونا- صفت (دَنِيٌ) ج اَدْنَاء و دُنَاء-

دَنِئَ (س) دَنَأً- الرَجُلُ : کبڑا ہونا- صفت (اَدْنَأُ) مؤنث (دَنْأىٰ)

اَدْنَأَ- ادنیٰ سواری پر سوار ہونا-

دَنَّأَهٗ- کمینہ بنانا-

تَدَنَّأَهٗ- کمینگی پر اکسانا-

الدَنِيْئَة : کمینگی، عیب-

الدِنَّب و الدِنَّبَة و الدِنَّابَة- پست قد-

الدَنْبح- بد خلق-

دَنَجَ (ن) دِنَاجًا- الاَمْرَ : کسی کام کو مضبوطی سے کرنا-

الدُنُج- عقل مند لوگ-

دَنَحَ (ف) دُنُوْحًا و دَنَّحَ- ذلیل ہونا- سر جھکانا-

الدِنْح- نصرانیوں کی ایک عید-

الدِنْحَبَة- خیانت-

دَنَخَ (ف) دَنَخَانًا- گرانبار ہو کر چلنا-

دَنَّخَ- فروتنی کرنا- ذلیل ہونا- سر جھکانا- گھر میں رہنا-

المُدَنَّخ- فحش بکنے والا- وہ شخص جس کے سر میں کہیں بلندی اور کہیں پستی ہو-

دَنْدَنَ دَنْدَنَةً- الذُبَابُ : بھنبھنانا ____ الرَجُلُ : گنگنانا ____ حَوْلَ المَاءِ : چکر لگانا- گھومنا-

الدِنْدِن- گنگناہٹ- پرانا ہونے کی وجہ سے سیاہ شدہ پودا-

دَنَّرَ الدِيْنَار تَدْنِيْرًا- دینار بنانا- دَنَّرَ الوَجْهُ : دینار کی طرح روشن و چمکدار ہونا-

دُنَّرٌ- بہت دینار والا ہونا-

الدِيْنَار- سونے کا ایک پرانا سکہ- ج دَنَانِيْر-

دَنِسَ (س) دَنَسًا و دَنَاسَةً- عِرْضُهٗ اَوْ ثَوْبُهٗ اَوْ خُلُقُهٗ : عیب دار ہونا- میلا ہونا- صفت

(دَنِس) ج اَدْنَاس و مَدَانِیس۔
دَنَّسَهٗ۔ میلا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَنَّسَهٗ سُوْءُ خُلُقِهٖ" اس کی بد خلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔
تَدَنَّس۔ میلا ہونا۔
الدَّنَس۔ مہ۔ میل کچیل۔ ج اَدْنَاس۔
المَدَانِس۔ عیوب۔ گندی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَصَوَّنُ مِنَ الْاَدْنَاسِ وَالْمَدَانِس" وہ عیوب سے بچتا ہے۔
دَنَعَ (ف) دُنُوْعًا و دَنَاعَةً۔ کمینہ و بے خبر ہونا۔ صفت (دَانِع و دَنَع و دَنِع و دَنِيْع و دَنِيْعَة)
دَنِعَ۔ ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
اَدْنَعَ۔ صلحاء کے طریقہ کی پیروی کرنا۔
رجُلٌ (دَنَعَةٌ) بے خیر و بے فیض آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ دَنَعِ النَّاسِ" وہ کمینے لوگوں میں سے ہے۔
دَنِفَ (س) دَنَفًا۔ المَرِيْضُ: بیماری کا بڑھ جانا اور قریب المرگ ہونا۔
الشمسُ: آفتاب کا زرد ہونا اور ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ ہ المَرَضُ: بیماری کا تیز ہو جانا۔ الشیئَ: قریب کرنا۔
الدَّنَف۔ مہ۔ مرض دائمی۔ ہمیشہ کا بیمار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ دَنَفٌ وَامْرَأَةٌ دَنَفٌ وَهُمْ دَنَفٌ" اور کہا جاتا ہے۔ "كَادَتِ الشَّمْسُ تَكُوْنُ دَنَفًا" آفتاب ڈوبنے کے قریب ہے۔
الدَّنِف۔ مرض لازم والا۔ ج اَدْنَاف مؤنث دَنِفَةٌ ج دَنِفَات۔
الدِنْفِس۔ بیوقوف عورت۔
الدُّنَافِس۔ بدخو۔
دَنْقَش۔ وزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
الدِنْفِصَة۔ ردّی عورت۔
دَنَقَ (ن ض) دُنُوْقًا۔ باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ صفت (دَنِيْق) ج دُنُق۔
دنَّقَ۔ الوَجهُ: غم یا مرض سے کمزور ہونا ـــ لِلْمَوْتِ: قریب المرگ ہونا ـــ العَيْنُ: آنکھ کا اندر دھنس جانا ـــ الشیئَ: پوری طرح سے لینا ـــ الشمسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ الرَّجُلُ: مرنا

ـــ اِلَيْهِ النَّظَرَ: لگاتار دیکھنا۔
الدُّنْقَة۔ گیہوں میں ایک قسم کا دانہ جس کو اکرایا منمنا کہتے ہیں۔
الدَّانِق۔ فا۔ بیوقوف۔ چور (ـــ و الدَّانَق) درہم کے چھٹے حصہ کا ایک سکہ۔ ج دَوَانِق و دَوَانِيق (کلمہ فارسیہ)
الدَّنْقَر۔ شورہ۔
دَنْقَس۔ دُزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔ بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔
دَنْكَس۔ فِيْ بَيْتِهٖ: گھر میں چھپ کے بیٹھنا اور لوگوں کی ضروریات کے لیے نہ نکلنا۔
دَنَا يَدْنُوْ دُنُوًّا و دَنَاوَةً۔ لِلشَّيْءِ و مِنْهُ و اِلَيْهِ: کسی چیز کے قریب ہونا۔ صفت (دَانٍ) ج دُنَاة۔
دَنِيَ يَدْنٰى دَنًا و دَنَايَةً۔ گھٹیا ہونا۔ ردی ہونا۔ صفت (دَنِيٌّ۔ ج اَدْنِيَاء)
دَنَّاهُ تَدْنِيَةً۔ قریب کرنا۔ دَنَّى فِي الْاُمُوْرِ: ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے پڑنا۔
دَانٰى مُدَانَاةً۔ القَيْدَ: بیڑی کو تنگ کرنا ـــ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ: قریب قریب کرنا۔
ـــ الْاَمْرَ: نزدیک ہونا۔
اَدْنٰى اِدْنَاءً۔ تنگ زندگی بسر کرنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کے قریب کرنا۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
تَدَنّٰى۔ تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْدٌ يَتَدَنّٰى خَيْرٌ مِنْ قَرِيْبٍ يَتَبَعَّدُ" دور کا آدمی جو تھوڑا تھوڑا قریب ہو اس قریب سے بہتر ہے جو دور ہو۔
تَدَانٰى تَدَانِيًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَدَانَتْ اِبِلُهٗ: کم ہونا۔
اِدَّنٰى۔ قریب ہونا۔
اِسْتَدْنَاهُ۔ قریب ہونے کو کہنا۔
الدَّنَاوَة۔ مہ۔ قرابت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا دَنَاوَةٌ" ان دونوں کے درمیان قرابت و رشتہ داری ہے۔
الاَدْنٰى۔ دَنِيٌّ کا اسم تفضیل۔ ج اَدَانٍ و اَدْنَوْنَ۔ مؤنث دُنْيَا۔ ج دُنًى۔ الْاَدْنَوْنَ: نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگ۔
الدُّنْيَا۔ موجودہ زندگی۔ ج دُنًى۔ نسبت کے لیے (دُنْيَوِيٌّ و دُنْيَاوِيٌّ و دُنْيِيٌّ) اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ دُنْيَا دَانِيَة" وہ آسودہ زندگی میں ہے جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے۔ وَهُوَ ابْنُ عَمِّيْ دِنْيًا و دِنْيَا و دُنْيَا و دِنْيَةً" وہ چچا کا بیٹا ہے جو نسب میں لاحق ہے۔
المُدْنِي۔ مغ۔ مِنَ الرِّجَالِ: کمزور۔
نَاقَةٌ (مُدْنٍ و مُدْنِيَة) وضع حمل کے قریب والی اونٹنی۔
الدَّهَب۔ شکست خوردہ لشکر۔
دَهْبَل دَهْبَلَةً۔ بڑے بڑے لقمے کھانا تاکہ کھانے میں دوسروں سے بازی لے جائے۔
دَهَثَهٗ (ف) دَهْثًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الدَّهْثَم۔ قوی شیر۔ نرم عادت والا۔ نرم زمین۔
دَهْدَقَ دَهْدَقَةً۔ اللَّحْمَ: مع ہڈی کے کاٹنا۔
دَهْدَقَتِ البَضْعَةُ: جوش کے وقت ہانڈی میں اوپر نیچے ہونا۔
الدَّهْدَاق۔ دیگ کا جوش۔
دَهْدَمَ۔ البِنَاءَ: ڈھانا۔
تَدَهْدَمَ۔ ویران ہونا۔ منہدم ہونا۔
الدَّهْدَمُوْز۔ بہت کھانے والا۔
الدَّهْدَن۔ مخلوق۔ لوگ۔
الدُّهْدُن۔ جھوٹ۔ باطل۔
دَهْدَهَ و دَهْدَى۔ الحَجَرَ: لڑھکانا۔
تَدَهْدَهَ و تَدَهْدَى۔ لڑھکنا۔
الدُّهْدُوْه و الدُّهْدُوَّة و الدُّهْدِيَّة۔ گبریلا کی گولی۔
الدَّهْدَا و الدَّهْدَاء۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الدَّهْدَاءِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔
دَهَرَ (ف) دَهْرًا۔ القَوْمَ و بِالْقَوْمِ اَمْرٌ مَكْرُوْهٌ: قوم پر امر ناپسندیدہ واقع ہونا۔
الدَّهْر۔ زمانہ طویل۔ لمبی مدت۔ دَهْرُ الْاِنْسَانِ: انسان کے زندگی گزارنے کا زمانہ۔ دہر عصر کا مرادف ہے۔ مصیبت۔ غایت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاكَ بِدَهْرِيْ" یہ میری عادت نہیں "وَمَا دَهْرِيْ بِكَذَا" یہ میری غایت و انتہا نہیں۔ غلبہ۔ ج اَدْهُر و دُهُوْر۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيْهِ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

الدَّهْرِيُّ۔ بد دین جو عالم کے قدیم وغیر مخلوق ہونے کا قائل ہو۔
الدَّهْرِيَّة۔ ایک فرقہ جو عالم کے قدیم ہونے کا قائل تھا۔
الدُّهْرِيُّ۔ وہ شخص جس کی عمر طویل ہو اور جس پر ایک زمانہ گزر چکا ہو۔
دَهْر (دَاهِر و دَهِير) سخت وطویل زمانہ۔
الدِّهَار و المُدَاهَرَة۔ غیر معین مدت کے لیے معاملہ کرنا۔
الدَّهَارِيْر۔ زمانہ گزشتہ کی ابتداء (اس کے لیے واحد نہیں) مصیبتیں۔ زمانہ کے حوادث۔ کہا جاتا ہے "دُهُوْرٌ دَهَارِيْر" طویل زمانے و "كَانَ ذٰلِكَ فِي دَهْرِ الدَّهَارِيْر" یہ زمانہ قدیم میں تھا۔
قَوْمٌ (مَدْهُوْرُوْنَ) آفت رسیدہ لوگ۔
دَهِسَ (س) دَهَسًا۔ المَكَانُ: نرم ہونا کہ جس میں نہ صرف ریت ہی ہو نہ صرف مٹی۔ صفت (أَدْهَس) مؤنث دَهْسَاء ج دُهْس۔
الأَدْهَس: سرخ مائل بسیاہی۔ الدَّهْسَاء: بڑے سرین والی عورت۔
أَدْهَسَ۔ القَوْمُ: نرم زمین میں چلنا۔
الدَّهْس: نباتات کہ ابھی سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ نرم زمین کہ جس میں نہ صرف ریت ہو نہ صرف مٹی۔ زمین کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی نہ ہو۔ ج أَدْهَاس۔
دَهَاسَةُ۔ الخُلُقِ: نرم خوئی۔
الدَّهُوْس۔ شیر (الدَّهَّاس) نرم خو۔
دَهْسَمَ۔ الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔
دَهِشَ (س) دَهَشًا و دُهِشَ۔ متحیر ہونا۔ صفت (دَهِش و مَدْهُوش و دَهْشَان)
دَهَّشَهُ و أَدْهَشَهُ۔ مدہوش کرنا۔
الدَّهْشَم۔ بہت ریالو۔ فیاض۔ سخی۔ سمندر۔
دَهْفَهُ دَهْفًا۔ مضبوط پکڑنا۔
دَهْفَشَ دَهْفَشَةً۔ عشق بازی کرنا۔ فریب دینا۔ مرد کا عورت سے بات چیت کرنا۔
دَهَقَ (ف) دَهْقًا۔ الكَأْسَ: پیالہ بھرنا۔ ___ المَاءَ: پانی کو تیزی سے گرانا ___ الشَّيْءَ: توڑنا۔ کاٹنا ___ ہ: مارنا۔
أَدْهَقَ۔ الكَأْسَ: پیالہ بھرنا ___ ہ: جلدی کرانا۔
إِدَّهَقَتِ۔ الحِجَارَةُ: مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ جانا۔
الدَّهَق۔ شکنجہ۔
الدِّهَاق۔ مِنَ الكُئُوس: بھرا ہوا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "كَأْسٌ دِهَاقٌ" چھلکتا ہوا پیالہ۔ و "مَاءٌ دِهَاقٌ" بہت پانی۔
الدُّهْقُوع۔ سخت بھوک۔
دَهْقَنَ۔ القَوْمُ فُلَانًا: قوم کا کسی کو چودھری بنانا۔
تَدَهْقَنَ۔ چودھری بننا۔
الدَّهْقَنَة۔ چودھراہٹ۔
الدُّهْقَان و الدِّهْقَان۔ چودھری ج دَهَاقِنَة و دَهَاقِيْن۔ الدُّهْقَان۔ سوداگر۔
دَهَكَ (ف) دَهْكًا۔ الشَّيْءَ: پیسنا۔ توڑنا ___ الأَرْضَ: روندنا ___ المرأة: جماع کرنا۔
الدَّهْكَك۔ پست قد۔
تَدَهْكَرَ۔ لڑھکنا ___ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ قابض ہونا۔ تَدَهْكَرَتِ المَرْأَةُ: تھلتھلانا۔
دَهْكَلَ دَهْكَلَةً۔ الأَرْضَ: روندنا۔
الدَّهْكَل۔ سخی وبلا۔
تَدَهْكَمَ۔ بن بلائے آنا ___ عَلَيْنَا: سرکشی کرنا۔
الدَّهْكَم۔ بہت بوڑھا۔
الدَّهْل۔ وقت موجود۔ تھوڑی مقدار۔
الدَّاهِل۔ سرگشتہ وحیران۔
الدَّهْلَب۔ وہ شخص جس کی صحبت کو لوگ ناپسند کریں۔
الدِّهْلَاث۔ شیر۔
الدِّهْلِيْز۔ ڈیوڑھی۔ لمبا تنگ راستہ۔ ج دَهَالِيْز۔ أَبْنَاءُ الدَّهَالِيْز: وہ بچے جو راستہ سے اٹھائے جائیں۔
دَهَمَهُ (ف) و دَهِمَهُ (س) دَهْمًا۔ الأَمْرُ: اچانک آپڑنا۔
دَهَمَتِ۔ النَّارُ القِدْرَ: آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا۔
أَدْهَمَهُ۔ غمگین کرنا۔
إِدْهَمَّ و إِدْهَامَّ إِدْهِيْمَامًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا۔
الدَّهْم۔ بڑی تعداد۔ ج دُهُوْم۔
الأَدْهَم۔ سیاہ۔ نئے نشانات۔ پرانے نشانات۔ مؤنث دَهْمَاء ج دُهْم۔ الأَدْهَم: بیڑی۔ ج أَدَاهِم۔
الدُّهْم۔ قمری مہینے کی آخری راتیں۔ مخلوق۔ کہا جاتا ہے "أَيُّ الدُّهْمِ هُوَ" وہ اللہ کی کونسی مخلوق ہے۔
الدُّهْمَة۔ سیاہی۔
الدَّهْمَاء۔ الادهم کا مؤنث۔ ہانڈی۔ لوگوں کی جماعت۔ قمری مہینہ کی انتیسویں رات۔ ایک چوڑی قسم کی گھاس جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔ حَدِيْقَةٌ (دَهْمَاء و مُدْهَامَّةٌ) سرسبز باغ جس کی سرسبزی مائل بسیاہی ہو۔
الدَّهِيْم و الدُّهَيْمَاء و أُمُّ الدُّهَيْم۔ مصیبت۔
الدُّهَيْم: بیوقوف۔
الدَّهْمَثَة۔ نرم زمین۔
الدَّهْمُوْث۔ جواں مرد۔
دَهْمَجَ۔ الشَّيْخُ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ___ الخَبَرَ: اپنی طرف سے زیادہ کرنا۔
الدَّهْمَج الدَّهَامِج۔ بڑے ڈیل ڈول کی چیز۔ دو کوہان کا اونٹ۔
دَهْمَسَ دَهْمَسَةً۔ سرگوشی کرنا۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔
صَنْعَةٌ (دِهْمَاص) مضبوط صنعت۔
دَهْمَقَهُ دَهْمَقَةً۔ توڑنا۔ کاٹنا ___ الوَتَرَ: نرم کرنا ___ الطَّعَامَ: اچھی طرح پکانا ___ الكَلَامَ: آراستہ کرنا۔
الدَّهْمَن۔ شاہان فارس کا لقب۔ ج دَهَامِنَة۔
دَهَنَ (ن) دَهْنًا و دَهْنَةً۔ الرَّأْسَ: سر پر تیل ملنا ___ الشَّيْءَ: تر کرنا۔ تیل لگانا۔ (دَهَنَهُ دَهْنًا و دَاهَنَهُ مُدَاهَنَةً و أَدْهَنَهُ) فریب دینا۔ باطن کے خلاف ظاہر کرنا۔ و أَدْهَنَ عَلَيْهِ: رحم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْهَنْتَ إِلَّا عَلَى نَفْسِكَ" تم نے صرف اپنے نفس پر رحم کیا۔
دَهَنَتِ (ف ن ض) دِهَانًا و دَهَانَةً۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔

دَهَنَ-الشَّيْءَ :تیل لگانا- تر کرنا-
تَدَهَّنَ وادَّهَنَ- تیل لگنا-
اَلدُّهْنَ- سہ-اتنی بارش جو زمین کو تر کردے-
الدَّهْن-دَهَنَ الشيئَ بمعنی تر کرنا کا اسم-
دُهْنُ الشَيئِ: کسی چیز کا تیل- ج اَدْهَان ودِهَان-
الدُّهْنَة- تھوڑا تیل- کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ الدُّهْنَة" وہ اچھی خوشبو والا ہے-
الدَهْنَاء- بیابان- سرخ رنگ کی ایک گھاس جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں-
الدَّهَّان- تیل لگانے والا- تیل بیچنے والا-
الدِّهَان- سرخ چمڑا- وہ روغن جس کو دیوار وغیرہ پر لگایا جائے- پھسلن کی جگہ-
الدَّهِين- کم دودھ والی اونٹنی- تیل لگا ہوا- کمزور-
المُدْهُن- پانی کے جمع ہونے کی جگہ- تیل کی شیشی-ج مَدَاهن-
دَهْوَر-الشيئَ: گڑھے میں پھینکنا- کہا جاتا ہے "دَهْوَرَ الكَلَامَ" وہ کلام کو ایک دوسرے کے پیچھے لایا-و "دَهْوَرَ اللقم" اس نے لقمہ کو گول کیا اور نگل گیا- دَهْوَرَ الحائطَ: اس نے دیوار دھکادے کر گرادی-
تَدَهْوَرَ- گڑھے میں گرنا- تَدَهْوَرَ اللَّيْلُ: گزر جانا-
دَهَى (ف) دَهْيًا و دَهْيٌ- فُلَانًا: چالاکی کی طرف نسبت کرنا- عیب لگانا- مرتبہ گھٹانا- آفت و بلا پہنچنا-
دَهِيَ (س) دَهْيًا و دَهَاءَةً و دَهَاءً- چالاک ہونا- چالاکی سے کام کرنا- صفت (دَاهٍ) ج دُهَاة و (دهٍ) ج دَاهُوْن-
دَاهِيَة- ج دَوَاهٍ اس میں تاء مبالغہ کی ہے- تم کہتے ہو "رَجُلٌ دَاهِيَةٌ وامْرَأَةٌ دَاهِيَةٌ" چالاک مرد چالاک عورت-
تَدَهَّى- چالاک ہونا-
تَدَاهَى- بہ تکلف چالاک بننا-
الدَّهَاء- زیرکی- ہوشیاری- مکر و حیلہ-
الدَّاهِيَة- بری بات- مصیبت- بڑا معاملہ- ج دَوَاهٍ- دَاهِيَةٌ دَهْيَاء: سخت مصیبت- و دَوَاهِي

الدَّهْر :زمانہ کے حوادث-
الدَّهِيُّ- عقلمند- تیز فہم ج اَدْهِيَاء و دُهَوَاء-
الدَّوُّ- جنگل-
دَاءَ يَدَاءُ دَاءً و دَوْءًا و اَدْوَأَ اِدْوَاءً واِدَاءَةً واِدَاءَةً- بیمار ہونا- صفت (داءٍ ومُدِيْئٌ) واَدْوَأَهُ: مرض لاحق ہونا-
الدَّاء- بیماری- ج اَدْوَاء- دَاءُ الذِّئْب: بھوک- دَاءُ الثَّعْلَب: ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں اور اس کو الحاصۃ بھی کہتے ہیں اور اگر کھال بھی گرنے لگے تو اس کو "دَاءُ الحَيَّة" کہتے ہیں- دَاءُ الفِيْل فیل پا کی بیماری- کہتے ہیں "بِهِ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں- و "فُلَانٌ مَيِّتُ الدَّاء" یعنی فلاں شخص ایسا ہے کہ اگر کوئی شخص اس سے بدسلوکی کرے تو وہ اس سے کینہ نہیں رکھتا-
الدَّيِّي- بیمار-
دَابَ (ن) دَوْبًا- کوشش کرنا- مشقت اٹھانا-
الدَّوْبَل- سور یا نر سور یا سور کا بچہ- گدھے کا بچہ- سیاہی سفیدی ملا ہوا بھیڑیا- لومڑی- ج دَوَابِل-
دَاثَ (ن) دَوْثًا- توڑنا- شکست دینا-
دَاجَ (ن) دَوْجًا- خدمت کرنا-
الدَّاجَة- لشکر کے خدام- چھوٹی چھوٹی حاجتیں- کہا جاتا ہے "مَا تَرَكْتُ حَاجَةً ولَا دَاجَةً" میں نے چھوٹی بڑی کوئی حاجت نہیں چھوڑی- اور یا "داجة" اس قول میں حاجت کا تابع ہے-
الدُّوَاج و الدَّوَّاج- لحاف-
دَاحَ (ن) دَوْحًا- البَطْنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا ___ الشَّجَرَةُ: بڑا ہونا- صفت (دَائِحَةٌ) ج دَوَائِح-
دَوَّحَ- المَالَ: بکھیرنا ___ البَطْنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا-
تَدَوَّحَ و اِنْدَاحَ- البطنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا- اِنْدَاحَ الشَّيْءُ: کسی چیز کا وسعت کے ساتھ پھیلنا-
الدَّوْحَة- بڑا پھیلا ہوا درخت- بڑا سائبان- ج دَوْح- جج اَدْوَاح- الدَّوْح: بڑا مکان-
الدَّاح- بچوں کا منقش کھلونا- ریشم کا بٹا ہوا کنگن-

الدَّاحَة- دنیا-
الدَّوَّاح- بہت بلند-
دَاخَ (ن) دَوْخًا- ذلیل ہونا- فروتنی کرنا ___ البِلَادَ: غالب ہونا-
دَوَّخَ- البِلَادَ: و (دَيَّخَهَا- شہروں میں چکر لگانا)- غالب ہونا ___ الرَّجُلَ: کسی کو ذلیل کرنا ___ الوَجْعُ رَاسَه: درد کا سر کو چکرا دینا-
اَدَاخَهُ اِدَاخَةً- ذلیل کرنا-
اَذْھَبَ و ذَھَّبَ۔ سونے کی قلعی کرنا۔ صفت مفعولی (ذَھِیْبٌ و مُذْھَبٌ و مُذَھَّبٌ) اَذْھَبَہ و اَذْھَبَ بِہٖ : لے جانا۔ جگہ سے ہٹانا۔

الذَھَب۔ مہ۔ سونا (کبھی مؤنث بھی بولتے ہیں) ج اَذْھَاب و ذُھُوْب و ذُھْبَان۔ ایک ٹکڑے کو (ذَھَبَۃ) کہتے ہیں۔ الذَھَب : انڈے کی زردی۔ ج ذِھَاب و اَذْھَاب و جج اَذَاھِیب۔

الذِھْبَۃ۔ ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِھَاب و اَذْھَاب و جج اَذَاھِیب۔

الذَھُوْب۔ جانے والا۔

المَذْھَبُ۔ مہ۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد۔ اصل۔ ج مَذَاھِب "تَمَذْھَبَ بِالمَذْھَبِ" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ مشہور مذاہب چار ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔

المُذْھَبَات۔ زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے آٹھ تعلقات کے علاوہ سات قصائد۔

ذَھِرَ (س) ذَھَرًا۔ فوہ : کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْھَر) مؤنث ذَھْرَاء۔ ج ذُھْر۔

ذَھَلَ (ف) ذَھْلًا و ذُھُوْلًا۔ الشیٔ و عَنْہُ : بھول جانا۔ غافل ہو جانا۔

ذَھِلَ (س) ذُھُوْلًا۔ ہکابکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا۔

اَذْھَلَ۔ غافل کر دینا۔

الذُھْل و الذَھْل۔ مِنَ اللَّیْلِ : رات کا ایک حصہ۔

المَذْھَل۔ ہکابکا ہونے کی جگہ۔

الذُھْلُوْل۔ مِنَ الخَیْلِ او الرِجَال : عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَھَالِیْل۔

ذَھَنَ (ف) ذَھْنًا۔ الاَمْرَ : سمجھنا۔ تیزی خاطر میں غالب آنا (____ و اَذْھَنَ و اِسْتَذْھَنَ) الرَجُلَ عَنِ الاَمْرِ : فراموش کر دینا۔

ذَھِنَ (س) ذَھَنًا۔ الشیٔ : سمجھنا۔

ذَھُنَ (ک) ذَھَانَۃً۔ اچھے حافظ والا ہونا۔

ذُھِنَ۔ ذہن کا زائل ہونا۔

ذَاھَنَہٗ۔ زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یُذَاھِنُ النَاسَ و یُفَاطِنُھُمْ" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔

اَقْرَبُ المَوَارِد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لئے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔

الذِھْن۔ سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی۔ تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت اور اسی سے ہے "مَا بِرِجْلِی ذِھْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذْھَان۔

الذَھَن۔ سمجھ۔ زیرکی۔ ج اَذْھَان۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اھلِ الاذھان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔

رجل (ذَھِن و ذِھِنٌ) ذکی اور سمجھ دار مرد۔

ذَھَا (ن) ذَھْوًا۔ تکبر کرنا۔

ذُو۔ صاحب۔ مالک۔ تثنیہ ذَوَان۔ ج ذَوُوْن (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُہٗ ذَا صَبَاحٍ" میں نے اس کو صبح کے وقت پایا و "جَاءَ مِنْ ذِیْ نَفْسِہٖ" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا۔ اور فقہاء کے قول "ذُو الیَدِ اَحَقُّ" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا زیادہ حق دار ہے "وَکَانَ ذٰلِکَ مِنْ ذِیْ قَبْلُ" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ذَوُو الاَرْحَام : رشتہ دار۔ اقربا۔

الذَوُوْن و الاَذْوَاء : یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذُوْیَزَن۔ ذُوْنُوَاس۔ ذُوْرِیَاش۔ وغیرہ۔

ذَاتٌ۔ ذُوْ کا مؤنث۔ تثنیہ ذَوَاتَان۔ ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ ذَاتَ یَوْمٍ او ذَاتَ لَیْلَۃٍ اَوْ ذَاتَ مَرَّۃٍ" میں نے اس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وَکَانَ ذٰلِکَ ذَاتَ العُوَیْمِ" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذَاتَ الیَمِیْنِ" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "وَلَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذَاتُ الصَدْرِ : فکر یا بھید۔ ذَاتُ الیَمِیْنِ : داہنی جانب۔ ذَاتُ البَیْنِ : حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُمْ" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔ ذَاتُ شَفَۃٍ : کلمہ۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُہٗ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ ذَاتَ شَفَۃٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔ ذَاتُ الیَدِ : ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلَّتْ ذَاتُ یَدِہٖ" اس کی ملکیت کم ہو گئی اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَجَاجَۃُ ذَاتَ بَطْنِھَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الجَنْبِ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ : نمونیا۔ ذَاتُ الرِئَۃِ و ذَاتُ الصَدْرِ و ذَاتُ الکَبِدِ : بیماریوں کے نام۔

الذَات۔ وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذَاتُ الشیٔ : نفس شیٔ۔ عین شیٔ۔ جوھر شیٔ۔ اِسْمُ الشیٔ۔ عِنْدَ النُحَاۃِ : نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو۔ جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔

الذَوَات عِنْدَ المُوَلَّدِیْن : قوم کے بڑے بڑے لوگ۔

الذَاتِی۔ ذات کی جانب منسوب۔

ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا۔ الثَلجُ او السَمَنُ : برف یا گھی پگھلنا ____ دَمْعُہٗ : آنسو بہنا ____ الشَمْسُ : آفتاب کا گرم و تیز ہونا ____ الرَجُلُ : عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِی عَلَیْہِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا و "مَا ذَابَ فِی یَدِی مِنْہُ خَیْرٌ" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ و "ذَابَ جِسْمُ الرجُل" لاغر ہو گیا۔

ذَوَّبَ۔ السَّمَنَ : گھی پگھلانا ___ الغُلَامَ : لڑکے کے گیسو بنانا۔
اَذَابَ اِذَابَةً۔ السَّمَنَ : گھی پگھلانا ___ حَاجَتَه : حاجت پوری کرنا ___ القَوْمُ اَمْرَهُمْ : درست کرنا ___ عَلَى العَدُوِّ : دشمن پر لوٹ ڈالنا۔
اِسْتَذَابَه۔ پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا ___ الشَّيْءَ :باقی رکھنا ___ حَاجَتَهٗ :پوری کرنا۔
الذَاب۔ عیب۔
الذَّوْب۔ مد۔ خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّهَب : سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔
الذَّوْبَة۔ ذَابَ کا اسم مرۃ : کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ مِنْهُ ذَوْبَةٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے۔ نَاقَة (ذَؤُوْبٌ) موٹی اونٹنی۔
الاِذْوَاب والاِذْوَابَة۔ مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کیلئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْلٰى مِنَ الذَّوْبِ بِالاِذْوَابَة" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ اس سے زیادہ میٹھا ہے۔
المِذْوَب۔ سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی۔
المِذْوَبَة۔ چمچہ۔
ذَاجَ (ن) ذَوْجًا۔ جلدی کرنا ___ المَاءَ : پانی پینا۔
ذَاحَ (ن) ذَوْحًا۔ سخت چال چلنا۔
(___ وذَوَّحَ) الاِبِلَ : اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔
ذَادَه (ن) ذَوْدًا و ذِيَادًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الاِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا (___ وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِه :بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد و ذُوَّاد و ذَادَة۔
اَذَادَ اِذَادَةً و اَذْوَدَه اِذْوَادًا ہٹانے میں مدد دینا۔
الذَّوَّاد۔ بہت دفع کرنے والا۔
المَذَاد۔ چراگاہ۔
المِذْوَد۔ مویشیوں کا تھان۔ جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔
رِجَال (مُذَاوِدُ و مَذَاوِيْدُ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔
الذُّوْر۔ مٹی۔
الذُّوْرَة۔ پرندے کے پوٹے کا اگلا حصہ جس میں پانی رہتا ہے۔
الذَّوْزَوْز۔ تھوڑا۔ کہا جاتا ہے "ما اَعْطَاه ذَوْزَوْزًا" اس نے اسے تھوڑا سا بھی نہیں دیا۔
ذَاطَهٗ (ن) ذَوْطًا۔ سخت گلا گھونٹنا۔
الاِنَاءَ :بھرنا۔
ذَوِطَ (س) ذَوَطًا۔ چھوٹی چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذْوَط)
الذُّوْطَة۔ زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج اَذْوَاط۔
الذَّوْط۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
ذَاعَ (ن) ذَوْعًا۔ مَالَهٗ :سب کچھ پراگندہ کر دینا۔
اَذَاعَ اِذَاعَةً۔ القَوْمُ بِمَا فِي الحَوْضِ : قوم کا سارا پانی پینا ___ الرَّجُلُ بِمَالِهٗ :لے جانا۔
ذَافَ (ن) ذَوْفًا۔ کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔
الذُّوْفَان۔ زہر۔
ذَاقَ (ن) ذَوْقًا و ذَوَاقًا و مَذَاقًا الشَّيْءَ : چکھنا ___ العَذَاب۔ عذاب برداشت کرنا ___ الرَّجُلَ و مَا عِنْدَ الرَّجُلِ : آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ ذَوَاقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔
تَذَوَّقَ۔ الشَّيْءَ :تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
تَذَاوَقَ۔ القَوْمُ الشَّيْءَ : چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" انہوں نے نیزوں کو سنبھالا۔
اِسْتَذَاقَه۔ آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔ لَهُ الاَمْرُ : آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا يَسْتَذِيْقُ لِيَ الشِّعْرُ اِلَّا فِي فُلَانٍ" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔
الذَّوْق والذَّائِقَة۔ چکھنے کی قوت۔
الذَّوْق و الذَّوَاق۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے الذَّوَاق :مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔
المَذَاق۔ مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُه طَيِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وهُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔
الذَّوِيْل۔ خشک گھاس وغیرہ۔
الذَّان۔ عیب۔
التَذَوُّن۔ تونگری و نعمت۔
ذَوَى (ض) وذَوِي (س) ذُوِيًّا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا پژمردہ ہونا۔
اَذْوَى اَذْوَاءً۔ پژمردہ کرنا۔
الذِوِيُّ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔
الذَّوَاة۔ خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔
اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لیے۔
ذَيْتَ ذَيْتَ اَوْ ذَيْتَ و ذَيْتَ۔ بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَهٗ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و "فَعَلْتُ ذَيْتَ ذَيْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا اور اسی کے مانند (ذَيًّا ذَيًّا و ذَيَّةَ ذَيَّةَ) ہیں۔
ذَاجَ (ض) ذَيْجًا۔ المَاءَ :پانی پینا۔
ذَايَجَهٗ مُذَايَجَةً۔ کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔
ذَيَّخَتْ۔ النَّخْلَةُ :گابھا لگنا۔
اَذَاخَ اِذَاخَةً۔ بِالمَكَانِ :گرد اگرد گھومنا ___ بَنِي فُلَانٍ :ذلیل کرنا۔
الذِّيْخ۔ دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِيْخَة۔ عمدہ گھوڑا۔ متکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذْيَاخ و ذُيُوْخ و ذِيَخَة۔
ذَارَهٗ يَذَارُهٗ ذَيْرًا۔ ناپسند کرنا۔
الذِّيْرَة۔ مٹی ملا ہوا گوبر۔
ذَاعَ (ض) ذَيْعًا و ذُيُوْعًا و ذَيْعُوْعَةً و ذَيَعَانًا۔ الخَبَرُ : پھیلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِي جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔
اَذَاعَ اِذَاعَةً۔ الخَبَرَ و بِالخَبَرِ : پھیلانا ___ السِّرَّ بِالسِّرِّ : ظاہر کرنا ___ القَوْمُ مَا فِي الحَوْضِ او بِمَا فِيْهِ : سارا پی لینا ___ بِالشَّيْءِ :لے جانا۔
اِنْذَاعَ۔ الخَبَرُ :پھیلنا۔
المِذْيَاع۔ راز کی حفاظت نہ کرنے والا۔ ج مَذَايِيْع۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْيَاعٌ و لِلْاَسْبَابِ مِضْيَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔

الذَيْفَان و الذِيْفَان۔ مہلک زہر۔
ذَالَ (ض) ذَيْلاً۔ الثَوْبُ : کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا ــــ الطَائِرُ : پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا ــــ النَاقَةُ بِذَنَبِهَا : اُونٹنی کا رانوں پر اِدھر اُدھر مارنا ــــ الجَارِيَةُ : لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا ــــ الشَيْئُ : ادنیٰ ہونا۔ حَالُه : پست و فروتر ہونا ــــ فُلاَنٌ اِلٰی فُلاَنٍ : گستاخی کرنا۔
ذَيَّلَ۔ الثوب۔ کپڑے کا لمبا کرنا۔ الكِتَابَ : کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔
اَذَالَ اِذَالَةً و اَذْيَلَ اِذْيَالاً۔ الثوبُ : دامن والا ہونا ــــ الرَجُلُ ثَوْبَهُ : کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا۔ مَالَه : خرچ کرنا ــــ ہ : اہانت کرنا ــــ فَرَسَه و غُلاَمَه : لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا۔

ــــ المرأةُ قِنَاعَهَا : عورت کا برقع کو لٹکانا۔
ــــ الدمعَ : آنسو بہانا۔
تَذَيَّلَ۔ فِي الكلام : گستاخی کرنا۔ الجَارِيَةُ : لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا ــــ الفَرَسُ فِيْ اِسْتِنَانِهِ : گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا۔
تَذَايَلَ۔ حَالُهُ : پست و فروتر ہونا۔
الذَيْل۔ چیز کا آخری حصہ۔ ذَيْلُ الثَوْبِ : دامن۔ ذَيْلُ الرِيْحِ : ریت پر ہوا کے نشانات۔ ذَيْلُ الفَرَسِ : دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي ذَيْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْيَال و ذُيُول و اَذْيُل۔
اَذْيَالُ النَاسِ و ذُيُوْلُهم : آخر کے لوگ۔
الذَائِل۔ فا۔ دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَةٌ : لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَيْلُه" یعنی

اس کا حال اچھا ہوگیا اور مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ (مُذَال او مُذَيَّل) لمبے دامن کا کپڑا۔
المُذَالَة۔ باندی۔ لونڈی۔ اور مثل ہے "اَخْيَلُ مِنْ مُذَالَةٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔ دِرْعٌ مذَالَةٌ : لمبی زرہ۔
اَرْضٌ (مُتَذَيِّلَةٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔
المِذْيَال۔ لمبے دامن والا (مذکر و مؤنث)
ذَامَهُ (ض) ذَيْمًا و ذَامًا۔ عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِيم و مَذْيُوْم)
الذَام و الذَيْم۔ عیب۔ مذمت۔
الذِيْن۔ عیب۔

رَأَبَ (ف) رَأْبًا- الصَدْعَ : پھٹن درست کرنا- مرمت کرنا ـــــ الشَئَ :جمع کرکے نرم باندھنا ـــــ بَيْنَهُم : صلح کرانا-

رَأَبَتِ الاَرْضُ : سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا-

اَرْأَبَ اِرْآبًا- الصَدْعَ : پھٹن درست کرنا- پیوند کرنا-

الرَأب- مہ- پھٹن- شگاف- سردار- ج رِئَابٌ- کہا جاتا ہے "كفى بِفُلاَنٍ رَأْبًا لِاَمْرِكَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے- (اِس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)

الرُؤْبَة- لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے- سوراخ بند کرنے کی چیز- گاڑھا دودھ- رات کا گزرا ہوا وقت- حاجت- ج رِئَاب ورُؤْبَات- کہا جاتا ہے "هُوَرِئَابُ بَنِي فُلاَنٍ" وہ بنوفلاں کے اُمور کا درست کرنے والا ہے-

الرَأَّاب والمِرْآب- درست کرنے والا-

رَأْبَل رَأْبَلَةً- ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے-

تَرَأْبَلَ- القَوْمُ : چور بننا ـــــ عَلَيْهِ :لوٹ ڈالنا-

الرِئبَال والرِيبَال- شیر- بھیڑیا- ج رَآبِل ورَآبِيْل ورَآبِلَة ورَئَابِيْل- الرِئبَال- اکلوتا لڑکا-

الرَاتِيْنَج- صنوبر کا گوند-

رَؤُدَ (ک) رُؤُدْوَةً- الغُصْنُ : ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا- صفت (رَؤُد)

تَرَأَدَت- الرِيْحُ : ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا- تَرَأَّدَ الرَجُلُ : اُٹھنے میں کانپنا (ـــــ (واِرْتَأَد) الغُلاَمُ :خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا تھلکنا ـــــ الغُصْنُ : جھکنا ـــــ العُنُقُ : گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأَّدو تَرَاءَ د) الضُحَى : روشنی پھیلنا- دن چڑھنا-

رَأْدو رَائِد- الضُحَى : آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت- والرأد : کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ-

الرِئْد- ہم عمر- کہا جاتا ہے "هٰذَارِئْدِى" یہ میرا ہم عمر ہے- درخت کا پودہ- ج اَرْآد-

الرَأْد والرَأْدَة والرُؤْد والرُؤْدَة- خوبصورت نوجوان عورت- الرُؤد : نرمی سہولت- کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ-

رَأْرَأَ- پتلی پھرانا- تیز دیکھنا- رَأْرَأَ بِعَيْنَيْهِ : آنکھیں پھرانا- صفت مذکر (رَأْرَأ) صفت مؤنث رَأْرَأ ورَأْرَأَةٌ ورَأْرَاء ورَأْرَاءَ ةٌ ـــــ الظِبَاءُ : ہرنیوں کا دُم ہلانا ـــــ السَحَابُ او السَرابُ :بادل یا سراب کا چمکنا ـــــ الرَجُلُ : پڑھنے یا بولنے میں حرف را زیادہ بولنا-

رَؤسَ يَرْؤُسُ رِئَاسَةً- رئیس ہونا-

رَأَسَ (ض) رِئَاسَةً- القَوْمَ : سردار قوم ہونا (رَأَسَهُ (ف) رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا ـــــ السَيْلُ الغُثَاء :سیلاب کا کوڑا کرکٹ جمع کرنا-

رُئِسَ- درد سر والا ہونا-

رَأَسَهُ- سردار بنانا-

تَرَأَّسَ واِرْتَأَسَ- سردار ہونا-

اِرْتَأَسَهُ :گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا-

اِرْتَأَسَ الشَئَ : کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا-

الرَأس- سر- ج اَرْؤُس ورُؤُوْس و رُؤْس و آرَاس- اس کا اطلاق ہر ذی روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے لیے جیسے اَرْبَعُوْنَ رَأْسًا مِنَ الغَنَمِ- الرَأس : چیز کی چوٹی- سردار قوم- رَأْسُ الشَهْرِ او العَام : مہینے یا سال کا پہلا دن- اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رَأْسًا" اس نے اس کام کو ابتداءً کیا- و "وَلَدَتْ ثَلاَثَةً رَاسًا عَلٰى راس" اس عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے- و "رُمِيْتُ مِنْكَ فِى الرَاسِ" تیری رائے میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری طرف دیکھتا بھی نہیں- و "هٰذَاقِسْمٌ بِرَأْسِهٖ" یہ مستقل ایک قسم ہے- و "اَنْتَ عَلٰى رَأْسِ اَمْرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے-

رِئَاسُ- السَيْفِ : تلوار کا قبضہ-

کہا جاتا ہے "اَنْتَ عَلٰى رِئَاسِ اَمْرِكَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے-

الرَائِس- فا- حاکم- ج رُؤَّاس-

الرَئِيْس والرَيِّس- سردارِ قوم- چودھری- ج رُؤَسَاء-

الرَئِيْس- مستحکم سرداری والا-

الرَوَائِس- وادیوں کی بلندیاں- اگلے بادل- واحد رَئِيْسَة-

الرَأَّاس- سری بیچنے والا-

الاَرْأَس- بڑے سر والا- مؤنث رَأْسَاء-

الرُؤَاسِىُّ- بڑے سر والا-

المِرْآس- مِنَ الخَيْلِ : وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے- گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا-

المُرَائِس- جنگ سے جی چرانے والا-

المَرْؤُوْس- رعیت' محکوم- بڑے سر والا (ـــــ والرَئِيْس) وہ شخص جس کے سر میں زخم لگا ہو-

المُرَئِس- شیر-

رَأَفَ (ف) رَأْفَةً ورَؤُفَ (ک) رَآفَةً ورَئِفَ

(س) رَأْفًا و تَرَأَّفَ بِه: بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوفٌ و رَؤُفٌ و رأفٌ و رَئِفٌ و رَائِفٌ)

تَرَاءَفُوْا۔ آپس میں مہربانی کرنا۔

رَأَّفَهٗ و اِسْتَرْأَفَهٗ۔ مہربان بنانا۔ مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّأْف۔ شراب۔

اِسْتَرْأَلَ۔ الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا قوی و مضبوط ہونا ــــ النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔

الرَّأْل۔ شترمرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَة۔ ج رِئَال و اَرْؤُل و رِئْلَان۔ رِئَالَة۔ کہا جاتا ہے "خَوَّد رَأْلُه" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرُّؤَال۔ گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔

الرَّائِل و الرَّاؤُوْل۔ دانتوں کے نیچے زائد نکلا ہوا دانت۔ نَعَامَةٌ (مُرْئِلَة) بچے والی مادہ شترمرغ۔

المُرَائِل۔ جلدی کرنے والا۔

رَأَمَ (ف) رَأْمًا۔ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔

ــــ القِدْحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔

رَئِمَ (س) رَأْمًا و رِئْمَانًا۔ الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا ــــ الشَّيْءَ: محبت کرنا۔ اُلفت کرنا ــــ النَاقةُ ولدَها: مہربان ہونا۔ صفت (رَائِمٌ و رَائِمةٌ رَؤُوْمٌ) ج رَوَائِم۔ کہتے ہیں "هو رَؤُوْمٌ لِلضَّيْم" وہ ذلیل ہے۔ ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔

اَرْأَمَ اِرْآمًا۔ الجرحَ: زخم کو علاج کرکے اچھا کرنا ــــ الحَبْل: رسّی کو مضبوط بٹنا۔

ہ عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا ــــ النَاقَةَ: اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔

تَرَأَّمَهٗ۔ و تَرَأَّمَ عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔

الرِّئْم۔ سفید ہرن۔ ج اَرْآم و آرَام۔ مؤنث رِئْمَة۔

الرُّؤَام۔ لعاب۔

الرَّوَائِم۔ دیگ دان کے پائے۔

الرَّأْم۔ اونٹ کا بچہ۔ اونٹ کے بچہ کا چمڑا جس میں بھوسہ بھر دیا گیا ہو۔

الرَّئِم۔ دبر کا حلقہ۔

رَأَى يَرَى رأْيًا و رُؤْيَةً و رَاءَةً۔ و رِئْيَانًا۔ بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔ يَرَى کی اصل يَرْأَى ہے اور اصل کا استعمال نادر ہی ہوتا ہے۔ اور امر کا صیغہ رَ ہے۔ کہا جاتا ہے "يَاتُرَى و يَاهَلْ تُرَى" یعنی اے شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔

رَآءَ۔ الشَيْءَ: دیکھنا۔

رَأَى (ف) رَأْيًا۔ الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا ــــ الزَنْد: چقماق سے آگ نکالنا۔

ــــ الزَنْدُ: آگ نکلنا ــــ الرَايَة: جھنڈا گاڑنا۔

رَأَّيْتُه تَرْئِيَةً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔

رَاءَ يْتُه مُرَاءَاةً و رِئَاءً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔ و رَائَيْتُه مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔

اَرْأَى اِرْءَاءً۔ عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا۔ دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا ــــ الرَايَة: جھنڈا گاڑنا ــــ الحَامِلُ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ والسَبُعِ: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِيَةٌ)

اَرَاه يُرِيْه اِرَاءَةً و اِرَاءً۔ الشَيْءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِيَة۔ کہا جاتا ہے "اَرِني بِرَأْيِكَ" مجھے مشورہ دو۔ و "اَرَى اللّٰه بِفُلَانٍ" اللہ تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔

تَرَأَّى و تَرَاءَى۔ فِي المِرْأَة: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّى و تَرَاءَى لَهٗ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ و تَرَاءَى النَّاسُ۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَاءَ يْنَا فِي الأَمْرِ" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ و "تَرَأَّى بِرَايِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہو گیا۔ و "تَرَاءَى لِيْ اَنَّ الأَمْرَ كَيْتَ كَيْتَ" میرے لئے یہ ظاہر ہو گیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ و "تَرَائَيْنَا الهِلَالَ" ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔

اِرْتَأَى۔ الأَمْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔

اِسْتَرْأَى۔ ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْأَيْتُه و اِسْتَرَيْتُه" اِسْتَرْأَى بِالمِرْأَة: آئینہ سے دیکھنا۔

الرَّاي۔ رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رَأْيِيْ كَذَا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آرَاء و اَرْآء۔

الرِيُّ و الرُّيُّ و الرُّوَاء و الرِيُّ۔ منظر اور حسن منظر۔

الرُّؤْيَا۔ خواب ج رُؤًى۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ حِيْنَ جُنَّ رُوْيًا او رَأْيًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہو گئی۔

الرُّؤْيَة۔ آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًى۔

الرِيَّة۔ دیکھنا۔

الرِّئَاء۔ مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ رِئَاءُ اَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ و "قَوْمٌ رِئَاءٌ"۔ ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

التَّرْئِيَة۔ منظر یا حسن منظر۔

الرَّءْ آء۔ بہت دیکھنے والا۔

الرِّئَة۔ پھیپھڑا۔ ج رِئَات و رِئُون اور نسبت کے لیے (رِئَوِيٌّ)

رَئِيُّ۔ القوم: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَئِيُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ هُوَ (اَرْأَى) بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔

المِرْأَة۔ آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے يَتَمَرْأَى یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)

المَرْأَى و المَرْأَة۔ منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآة بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ و "تُجْزِعَنْ مَجْهُوْلِهٖ مَرْآته"۔ اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے و "هُوَ مِنِّيْ مَرْأَى و مَسْمَعٌ او بِمَرْأَى و بِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔

رَبَّ (ن) رَبًّا۔ القَومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا ــــ النِعْمَة: زیادہ کرنا ــــ الشَيْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا ــــ الأَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

___ الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔

___ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا (___ رَبًّا وَرُبًّا) الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔

(___ رَبًّا و رَبَّبَ تَرْبِيبًا و تَرِبَّةً و اِرْتَبَّ اِرْتِبَابًا) الْوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔ وَرَبَّبَ الدُّهْنَ۔ تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔

اَرَبَّ۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ___ مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔

تَرَبَّبَ۔ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

الصَّبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَأَيْتُهُ يَتَرَبَّبُ اَرْضَكُمْ" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔

اُرْتُبَّ۔ الْعِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔

الرَّبُّ۔ مص۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّي و رَبَّانِي و رُبُوبِيٌّ)

الرَّبَّانِي۔ عارف باللہ۔ عالم۔

الرَّبَّةُ۔ رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔

الرِّبَّةُ۔ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّةٌ و رِبَابٌ۔

الرُّبُّ۔ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَابٌ و رُبُوبٌ۔

رُبَّ وَرُبَّةَ و رُبَّمَا و رُبَّتَمَا۔ حرفِ جر ہے حسبِ سیاقِ کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الْخَلِيْلُ مُقْبِلٌ وَرُبَّمَا اَقْبَلَ الْخَلِيْلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"

الرَّابُّ۔ سوتیلا باپ۔

الرَّابَّةُ۔ سوتیلی ماں۔

الرَّبَبُ۔ بہت پانی۔ میٹھا پانی۔

الرَّبَابُ۔ سارنگی کی مانند ایک باجہ۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَةٌ)

الرِّبَابُ۔ عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔

الرِّبَابَةُ۔ الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنْتُ امْرَءًا اَفْضَتْ اِلَيْكَ رِبَابَتِيْ"

الرُّبَّى۔ بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔

الرُّبُوبَةُ و الرُّبُوبِيَّةُ۔ الرب کا اسم۔

الرَّبَّابُ۔ جماعت۔

الرُّبَّانُ۔ ملاحوں کا سردار۔

الرَّبِيبُ و الرَّبُوبُ۔ سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّةٌ۔ الربیب: مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔

الرَّبِيبَةُ۔ وابہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج۔ رَبَائِبُ۔

الْمَرْبُوبُ۔ پرورش کیا ہوا۔ غلام۔ بندہ۔

الْمَرَبُّ۔ جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ الْقَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی۔

(___ الْمِرْبَابُ): بہت پیداوار والی زمین۔

الْمُرَبَّبُ۔ جس کے اوپر انعام کیا جائے۔

الْمَرَبَّةُ۔ مملکت۔

الْمُرَبَّيَات۔ رُب کی تیار کی ہوئی چیزیں۔

رَبَأَ (ف) رَبْأً۔ چڑھنا۔ بلند ہونا۔ عَلٰى جَبَلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا ___ فِي الْاَمْرِ: غور و فکر کرنا ___ الْقَوْمَ و لِلْقَوْمِ: دیدبان بننا ___ الشَّيْءَ: بلند کرنا ___ الْمَالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّيْ اَرْبَأُ بِكَ عَنْ ذَالِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا۔ "وَمَا رَبَأْتُ رَبْأَهُ" نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ وَاَرْبَأْ بِهِ یعنی اس کی حفاظت کرو۔

رَبَّأَهُ تَرْبِئَةً۔ لے جانا۔

رَابَأَهُ مُرَابَأَةً۔ چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔

اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً۔ بمعنی: دیدبان بننا۔

الْمِرْبَأَةُ: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا ___ عَلَى الْجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَأْ الشَّمْسَ مَتٰى تَغْرُبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔

الرَّبِيُّ و الرَّبِيئَةُ۔ فوج کا دیدبان۔ ج رَبَايَا۔ کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَايَاهُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔

الْمَرْبَأُ و الْمِرْبَأُ و الْمَرْبَأَةُ و الْمُرْتَبَأُ۔ دیدبانی کی جگہ۔ الْمِرْبَأُ: سیڑھی۔

رَبَتَ (ن) رَبْتًا و رَبَّتَ تَرْبِيتًا۔ پرورش کرنا۔

رَبَّتَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔

رَبِتَ (س) رَبَتًا۔ الشَّيْءُ: بند ہونا۔

رَبَثَهُ (ن) رَبْثًا و رَبَّثَهُ۔ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔

تَرَبَّثَ۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔

اِرْتَبَثَ و اِرْبَثَّ۔ الْقَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا ___ اَمْرُهُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔

الرِّبِّيثَى۔ مانع۔ روک۔

الرَّبِيثَةُ۔ مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِثُ۔

الرَّبِيثُ و الْمَرْبُوثُ۔ رکا ہوا۔

رَبُجَ (ک) و رَبِجَ (س) رَبَاجَةً۔ کودن ہونا۔ بلید ہونا۔

تَرَبَّجَ۔ متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔

الْاِرْبِجَانُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

رَبِحَ (س) رِبْحًا و رَبَحًا و رَبَاحًا۔ فِيْ تِجَارَتِهِ: نفع اٹھانا۔

رَبَّحَهُ۔ نفع کرانا۔

رَابَحَهُ مُرَابَحَةً و اَرْبَحَهُ۔ عَلٰى سِلْعَتِهِ: نفع دینا۔ اَرْبَحَ النَّاقَةَ: صبح اور دوپہر میں دوہنا۔

تَرَبَّحَ و اسْتَرْبَحَ۔ نفع طلب کرنا۔

الرَّابِحُ۔ فا۔ مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال۔

الرِّبْحُ۔ ج اَرْبَاحٌ (الرَّبَحُ و الرَّبَاحُ) نفع۔

الرُّبَحُ: اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔

الرَّبَاحُ۔ شراب۔

الرَّبَاجِی- کافور کی ایک قسم-

الرُّبَاح والرُّبَّاح- نر بندر- بکری کا بچہ- اونٹ کا بچہ- ج رَبَابِیح-

مَتْجَر (رَبِیح) فائدہ مند تجارت-

الرِّبَحْل- بڑے ڈیل ڈول والا- مؤنث رِبَحْلَة-

رَبَخَ (س) رَبْخًا- البَعِیرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (___ رَبْخًا رُبُوخًا رَبَاخًا) المرأةُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا-

اَرْبَخَ- الرَّمَلُ: = بتہ ہونا ___ الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا-

تَرَبَّخَ- الرَّجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا-

الرَّبِیْخ- بڑا پالان-

الرَّبُوخ- جماع کے وقت شدت شہوت سے بیہوش ہو جانے والی عورت-

رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا- بالمَکَانِ: اقامت کرنا-

رَبَدَهٗ (ن) رَبْدًا- روکنا- منع کرنا-

رَبَدَ الإبلَ: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا-

رَبِدَتِ- الشاةُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا- تَرَبَّدَ الضَّرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا-

تَرَبَّدَتِ- السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا ___ الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا ___ اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا-

اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا و اِرْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا- خاکستری رنگ والا ہونا-

الرُّبْد- مہ- ایک قسم کی نباتات-

الرُّبْد- تلوار کا جوہر-

الرَّابِد- مہ- ایک قسم کی نباتات-

الأرْبَد- خاکستری رنگ والا- عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال- مؤنث رَبْدَاء- الرَّبْدَاء: سخت و شدید- کہا جاتا ہے "دَاهِیَةٌ رَبْدَاء" بلائے بد- ج رُبْد- الأرْبَد- ایک قسم کا زہریلا سانپ- شیر-

المِرْبَد- اونٹ وغیرہ کا باڑہ- گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے- کھجور خشک کرنے کی جگہ-

الرَّبِیْد- کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو-

الرَّبِیْدَة- دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق-

المُتَرَبِّد- شیر-

رَبِذَ (س) رَبَذًا- چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا- صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "هُوَ رَبِذُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے- مؤنث رَبِذَة- لِثَّةٌ رَبِذَةٌ: کم گوشت والا مسوڑھا-

اَرْبَذَ- الثَّوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا-

الرِّبْذَة و الرَّبَذَة- چیتھڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے- کوڑے کا پھندنا- رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں- اُون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے- شیشی کا سربند- ج رِبَذ و رِبَاذ و رَبَذ-

الرِّبْذَة- بے خبر آدمی- ہرپلیدی-

الرَّبَذِیُّ- کمان کا چلہ- کوڑا-

الرَّبَاذِیَة- بدی-

الرَّبَذَانِی و المِرْبَاذ- بہت بیہودہ بکنے والا-

الرَّبْرَب- نیل گائیوں کا گلہ-

الرَّبْرَق- کوے-

رَبُزَ (ک) رَبَازَةً- زیرک و دانا ہونا-

___ الکَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا-

رَبَّزَ- القِرْبَةَ: مشک بھرنا-

اِرْتَبَزَ- الشَّیءُ: پورا و کامل ہونا-

الرَّبِیْز- زیرک و دانا-

رَبَسَهٗ (ن) رَبْسًا- بِیَدِهٖ: دھتر مارنا-

(___ و رَبَّسَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا-

اَرْبَسَهٗ اِرْبَاسًا- غضبناک کر دینا-

اِرْتَبَسَ- العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گتھنا- ٹھوس ہونا-

اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا- الرَّجُلُ: ملک میں جانا- فِیْ اَمْرِهٖ: تصرف کرنا ___ اَمْرُهُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا-

الرِّبْس- مہ- امر منکر- بہت- کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رِبْسٍ" وہ بہت مال لایا-

الرُّبَیْسَاءُ- سخت مصیبت- ج رُبْس- "جَاءَ بِاُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا-

الرَّبِیْس- بہادر- مصیبت- دھتر مارا ہوا- مصیبت زدہ- ٹھوس- (اُمُّ الرُّبَیْسِ) بڑا سانپ- مصیبت کی کنیت-

الرَّبَسَة- میلی کچیلی بدہیئت عورت-

الرِّیبَاس- چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے-

اَرْبَشَ- الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا-

الأرْبَش- مختلف رنگوں والا- مؤنث رَبْشَاء-

اَرْضٌ رَبْشَاءُ: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین-

الرُّبْشَة- رنگوں کا اختلاف-

الرَّبَش- نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی-

رَبَصَ (ن) رَبْصًا- بِهٖ: کسی کے لیے خیر و شر کا انتظار کرنا- برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا-

تَرَبَّصَ- انتظار کرنا ___ عَنِ الأمْرِ: رک جانا ___ فِی المَکَانِ: ٹھہرنا ___ بِفُلَانٍ: بمعنی رَبَصَ ___ بِسِلْعَتِهٖ: گرانی کا انتظار کرنا-

الرُّبْصَة- انتظار- رنگ برنگ-

رَبَضَتِ (ض) رَبْضًا و رُبُوْضًا و رِبْضَةً- الدَّابَّةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا- رَبَضَ الأسَدُ عَلٰی فَرِیْسَتِهٖ او القِرْنُ عَلٰی قِرْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا-

رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا و رُبُوْضًا- فُلَانًا او المَکَانَ: پناہ لینا-

رَبَّضَهٗ- بالمَکَانِ: ٹھہرانا ___ الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا- بوجھل کر کے بٹھا دینا ___ الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے-

تَرَبَّضَ- ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا-

الرَّابِض- فا- (___ الرَّبَّاض) شیر-

الرَّابِضَة- رابض کا مؤنث- بڑے بڑے کاموں سے عاجز- نک چڑھے کے لیے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَةٌ رَابِضَةٌ عَلٰی وَجْهِهٖ"

الرُّبْضُ و الرِّبْضُ و الرُّبُضُ و الرَّبَضُ- بیوی- بہن- ماں- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُبْضٌ عَنِ الأسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد-

الرُّبْض- عمارت کی بنیاد- کسی چیز کا وہ حصہ جو

زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔

الرِبْض۔ مِنَ البَقَرِ : بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔

الرَبَض۔ بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گردو نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہروہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض۔

الرُبْضَة و الرُبُضَة۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بست بیٹھنے والا مرد۔

الرِبْضَة۔ لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔

الرَبُوْض۔ مِنَ القُرَىٰ : آباد گاؤں۔ مِنَ الدُرُوْعِ۔ کشادہ زرہ ـــــ مِنَ الشَجَرة : بڑا درخت۔ ج رُبُض۔ قِرْبَةٌ رَبُوْضٌ : بڑی مشک جو اٹھائی نہ جاسکے۔

الرَبِيْض۔ باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔

المَرْبِض۔ جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (ـــــ والمَرْبَض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔

التِرْبَاض۔ عصفر۔

رَبَطَهُ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا۔ مضبوط کرنا ـــــ اللّٰهُ عَلٰی قَلْبِهٖ : قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (ـــــ رَبَاطَةً) مضبوط دل ہونا۔

رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَةً۔ الْاَمْرَ : مداومت کرنا ـــــ الجَيْشُ : لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔

تَرَابَطَ۔ المَاءُ فِی المَكَانِ : پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔

اِرْتَبَطَ۔ فَرَسًا : حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا ـــــ فِی الحَبْلِ : بندھنا اور لٹکنا۔

الرِبَاط۔ مہ۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج۔ رُبُط۔ الرِبَاط : فقراء کے لیے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهٗ" یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔

الرَابِط۔ فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ : قوی دل غیر خائف۔

الرَابِطَة۔ رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔

الرَبِيْط۔ بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔ رَبِيْطُ الجَاشِ : بہادر۔

الرَبِيْطَة۔ باندھے ہوئے جانور۔ خلافِ قیاس دَابَّةٌ رِبِيْطَةٌ۔ اور دَوَابٌ رَبِيْطَة کہا جاتا ہے اور دابۃ ربیط بھی کہا جاتا ہے۔

الرَبَّاط۔ تانت کو باندھنے والا۔

الرُبُط۔ بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِيْط)

المَرْبَط و المَرْبِط۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط۔

المُرَابَطة۔ آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرابِطات۔

رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَيْكَ اَوْ عَلٰی نَفْسِكَ او عَلٰی ظَلْعِک" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو ـــــ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا ـــــ عَنْه : رکنا۔ عَلَيْه : مہربانی کرنا ـــــ الرَجُلُ : فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا ـــــ بِعَيْشِهٖ : راضی رہنا ـــــ الابلُ : چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَيْه الحُمّٰی : چوتھے دن بخار آنا (ـــــ رُبُوْعًا) الربيعُ : موسم بہار آنا۔

رَبَع (ف ن ض) رَبْعًا۔ الحَبْلَ : چار بل کی رسّی بٹنا ـــــ القَوْمَ۔ اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِعَ۔ القومُ : موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَة) ـــــ الرَجُلُ : چوتھے دن بخار آنا۔

رَبَّعَ۔ البَيْتَ او الحَوْضَ : مکان یا حوض چوکور بنانا۔

رَابَعُوا۔ الحملَ : بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعْتُه" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔ ـــــ القَوْم : چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا ـــــ الاِبلَ : پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَجُلُ : بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ۔ الرَجُلُ : چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَرَبَّعَ۔ فِی جُلُوسِهٖ : چار زانو ہو کر بیٹھنا۔

(ـــــ واِرْتَبَعَ) الجَمَلُ : اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا ـــــ بِالمَكَان : فصل بہار میں اقامت کرنا۔ واِرْتَبَعَ الحَجَر : پتھر اٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ۔ الرَمَلُ : ریت کا تہ بتہ ہونا۔ ـــــ الشَیَٔ : طاقت رکھنا۔

الرَبْع۔ مہ۔ گھر۔ گھر کا ارد گرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع و رُبُوْع و اَرْبُع و اَرْبَاع (ـــــ والرَبَع) میانہ قد۔

الرُبْع و الرُبُع۔ چوتھائی ج اَرباع و رُبوع۔

الرُبَع۔ اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو هُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُمْ رُبَع ولاَ هُبَع" ج رِبَاع و اَرْبَاع مؤنث رُبَعَة۔ ج رُبَعَات و رِبَاع۔

الرِبْع۔ تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِبْع : چوتھیا بخار۔

الرَابِع۔ فا۔ چوتھا۔ رَبِيْعٌ رَابِع : بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبلٌ رَوَابِع : چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُبَاع۔ چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ" وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَبْعَة۔ میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبْعات و رَبَعَات۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ العَطَّارُ رَبْعَتَه" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَبَاع۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَبَاعَة و الرِبَاعَة۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِيْهِم مِنْ يَضْبِطُ رَبَاعَتَهٗ اِلا فُلاَنٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لاَ يُقِيْمُ رَبَاعَةَ القَوْمِ اِلاَّ فُلاَن" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس

سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِيَة۔ سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِيَات۔

الرَّبَاعِي۔ وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع و رُبُع و رِبْعَان و رِبَاع و رُبع و أَرْبَاع۔ مؤنث رَبَاعِيَة ج رَبَاعِيَات۔

الرُّبَاعِيُّ۔ چار سے مرکب۔

الرَّبِيع۔ ج أَرْبِعَة و رِبَاع و أَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِيعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ــــ ج أَرْبِعَاء و رُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ــــ ج رُبُع: چوتھائی۔

الرَّبِيعِيُّ۔ مِنَ الْمَسَاكِنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِيعَة۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اُٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَع۔ کمزور۔ کمینہ۔

الرَّوْبَعَة۔ پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

أَرْبَعَة۔ چار۔ مؤنث أَرْبَع۔ الرِّيَاحُ الْأَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الْأَرْبَع: چارپائے۔

أُمُّ أَرْبَع و أَرْبَعِين۔ ایک قسم کا کیڑا۔

الْأَرْبِعَاءُ۔ مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ أَرْبِعَاوَان۔ ج أَرْبِعَاءَات و أَرْبِعَاوَات۔ قَعَدَ (الْأُرْبُعَاء و الْأُرْبُعَاوِيّ) وہ چار زانو بیٹھا۔

الْأَرْبِعَاء: ستون خانہ۔

أَرْبَعُون۔ چالیس۔

الْمَرْبَع۔ موسم بہار کی بارش (ــــ و الْمُرْتَبَع) "موسم بہار کی اقامت گاہ۔"

الْمِرْبَع و الْمِرْبَعَة۔ لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

الْمُرْبِع۔ موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی۔

الْمُرْبَع۔ چوتھیا بخار والا۔

الْمُرَبَّع۔ چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے

۴=۴×۴=۱۶

الْمِرْبَاع۔ وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(ــــ و المرتبع و المربوع) درمیانہ قد۔

الْمَرَابِيع۔ ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔

الْيَرْبُوع۔ ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرَابِيع۔

رَبَغَ (ف) رَبْغًا۔ الْقَوْمُ فِي النَّعِيمِ: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِغَ (س) رَبَغًا۔ عَيْشُه: فراخ و آسودہ ہونا ــــ الرَّجُلُ۔ بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَةً۔ بہت ہونا۔

الْأَرْبَغ۔ کثیر و کشادہ۔

رَبَقَهُ (ن، ض) رَبْقًا و رَبَّقَهُ۔ پھندے سے باندھنا ــــ وفِي الْأَمْرِ: کام میں ڈالنا۔

و رَبَّقَ الْكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ أَثْنَاءَ حَبْلِهِ و أَرْبَاقَه" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسّی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَهُ۔ لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّيْءَ فِي عُنُقِي" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

إِرْتَبَقَ۔ فِي الْحِبَالَةِ: لٹکانا ــــ فِي الْأَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا۔ اور اسی سے ہے "إِرْتَبَقْتُ فِي حَبَالَتِهِ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِّبْق۔ پھندوں والی رسّی۔

الرِّبْقَة و الرَّبْقَة۔ رسّی کا پھندا۔ ج رِبَق و رِبَاق و أَرْبَاق۔ کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهُ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الْحِبَالَ وَأَكَلُوا الرِّبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔

الرَّبِيق۔ پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

الْمُرَبَّقَة۔ چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

التَّرْبِيق۔ بکری باندھنے کی رسّی۔

أُمُّ الرُّبَيْق۔ بلا۔

رَبَكَ (ن) رَبْكًا۔ الشَّيْءَ: ملانا۔ الرَّبِيكَة: گارا بنانا ــــ ہ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِكَ (س) رَبَكًا۔ پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ و رَبِيكٌ)

إِرْتَبَكَ۔ فِي الْوَحْلِ: کیچڑ میں گرنا ــــ فِي الْأَمْرِ: پھنس کے رہ جانا ــــ فِي كَلَامِهِ: رُک رُک کے گفتگو کرنا ــــ الصَّيْدُ فِي الْحِبَالَةِ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑپھڑانا ــــ الْأَمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔

إِرْبَاكَ إِرْبِيكَاكًا۔ رَأْيُه: رائے کا گڑبڑ ہو جانا ــــ الرَّجُلُ عَنِ الْأَمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَّبِيكَة۔ گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِرَبِيكَةٍ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (ــــ و الربیک و الرَّبُوک) ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الْأَرْبَك۔ مِنَ الْإِبِلِ: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا۔ الْقَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ الْمَرَاعِي: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبَّلَ و أَرْبَلَ۔ الْمَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابَلَ۔ بدکار ہونا اور بُرائی کا منتظر رہنا۔

تَرَابَلَ۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا ــــ جِسْمُه: پھولنا ــــ الْأَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ الْقَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

إِرْتَبَلَ۔ مَالُه: بہت ہونا۔

الرِّبْل۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُول۔

الرَّبْل۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔

الرَّبْلَة و الرَّبَلَة۔ ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلَات۔

الرَّبِيْل۔ تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَّبَالَة والرَّبِيْلَة۔ گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَة" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہوگیا۔ الرَّبِيْلَة: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِّبْيَال۔ لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَبَابِيْل۔
المِرْبَال۔ بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرَّبِيْل۔ ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹی اونٹنی۔
الرَّبَم۔ باہم ملی ہوئی گھاس۔
أَرْبَنَه۔ بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ۔ جہاز کا کپتان ہونا ___ السَّفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔
الرَّبُوْن او الأُرْبُوْن والأُرْبَان۔ بیعانہ۔
الرُّبَّان والرُّبَّانِي۔ جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة و ربابين۔ رُبَّانُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرُبَّابِهٖ" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُوْا رِبَاءً وَرُبُوًّا۔ المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا ___ الرَّابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (___ رَبْوًا وَرُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ وَرَبِيْتُ رَبَاءً وَرَبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔
رَبّٰى تَرْبِيَةً و تَرَبّٰى۔ الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُّفَّاحَ بالسُّكَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابٰى مُرَابَاةً۔ سود پر مال دینا۔ ___ الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
أَرْبٰى اِرْبَاءً۔ سود لینا ___ الشَّيْئَ: بڑھانا ___ ه: اُمید دلانا (___ عَلَيْهِ فِي كَذَا وارْتَبَا اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِّبَا۔ زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے رِبَوِيٌّ۔
الرِّبَا۔ زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَيَّ رِبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔
الرَّابِيَة۔ ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَة والرَّبْوَة والرِّبْوَة) ج رُبًى ورُبِيٌّ۔ ٹیلہ۔

الرُّبْوَة۔ عِنْدَ الحُسَّاب: دس لاکھ۔
الرِّبْوَة۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى۔
الرُّبْيَة۔ حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔
الرَّبَا والرَّبَاوَة۔ بتثلیث: ٹیلہ۔
الرَّبْو۔ ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج اَرْبَاء۔ الرَّبْوُ۔ الرَّبْوَةُ عِنْدَ الاَطِبَّاء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔
الأُرْبِيَّة من خاندان۔ چچازاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي اُرْبِيَّةِ قَوْمِهٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔
الإِرْبِيَان۔ جھینگا۔
رَتَّ (ض) رَتَتًا۔ ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ) وصفت مؤنث (رَتَّاء و رُتِّي) ج رُتٌّ۔
اَرَتَّهٗ اِرْتَاتًا۔ اللّٰهُ: ہکلا کردینا۔
الرَّتُّ۔ سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة۔
الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے۔
الرُّتَّة۔ ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔
رَتَأَ (ف) رُتُوْءًا۔ گلا گھونٹنا ___ العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا ___ فِي المَكَانِ: اقامت کرنا ___ الرَّجُلُ: چلاجانا۔
اَرْتَأَ۔ رک رک کر ہنسنا۔
رَتَبَ (ن) رَتْبًا و رُتُوْبًا۔ الشَّيْئُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوةِ" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔
رَتَّبَهٗ۔ ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔
اَرْتَبَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا ___ الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔
تَرَتَّبَ۔ ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔
الرَّتَب۔ سختی و تنگی۔ بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔ (___ والرُّتَب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة۔ انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُّتْبَة۔ مرتبہ۔ ج رُتَب۔
التُّرْتُب والتُّرْتَب۔ قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔
التُّرْتُبَة۔ راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔
الرَّاتِب۔ فا۔ عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔ والرَّاتِبُ عِنْدَ المُحَدِّثِيْن: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب۔ الرَّوَاتِب: سنن مؤکدہ۔
المَرْتَبَة۔ درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب۔
رَتَجَ (ن) رَتْجًا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا (___ رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔
رَتِجَ (س) رَتَجًا۔ الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہوجانا۔
اَرْتَجَ۔ البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا ___ الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔
___ الخَصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔
___ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھرجانا۔
___ البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔
اُرْتِجَ و اُرْتُتِجَ و اُسْتُرْتِجَ۔ الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہوجانا۔
الرَّتَج والرِّتَاج۔ پھاٹک۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔
سِكَّة (رَتَج) بند گلی۔ مَالٌ رِتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔
الرَّتَاجَة۔ چٹان۔ ج رَتَائِج۔
(___ والمَرْتَج) تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج۔
المِرْتَاج۔ تنگ راستہ۔ کنجی۔ مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ۔
رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا۔ العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ___ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا ___ مِنَ الخَيْرِ: پیچھے رہنا۔
الرَّتَخَة۔ سخت کیچڑ۔
جلد (اَرْتَخ) خشک کھال۔
رَتُوْتَ۔ حرف تا یا را کے بولنے میں ہکلانا۔
رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا۔ آسودہ

زندگی بسر کرنا ___ - فی المکانِ : اقامت
کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا- صفت (رَاتِع)
ج رُتَّع و رُتُع و رِتَاع و رُتُوع و راتِعُون- رَتَعَ
فِیْ مَالِ فُلاَنٍ : دوسرے کے مال سے کھانے
پینے میں فائدہ اُٹھانا- فِیْ لَحْمِ فُلاَنٍ : غیبت کرنا-
اَرْتَعَ- القَوْمُ : سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا
___ الاَرْضُ : چرنے والے کو آسودہ کرنا
___ الغَیْثُ : بارش کا چارہ کو اُگانا-
الدَّوَابَّ : جانوروں کو چرانا-
الرَّتْعَة- سبزے کی کثرت- اور اسی سے ہے
"اَسْمَنَنِیَ القَیْدُ و الرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی
نے موٹا کر دیا-
الرَّتِع- آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل
ہو- کَلاَءٌ رَتِیْعٌ : چرنے والے کے لیے کافی گھاس-
الاَرْتَاع- مِنَ النَّاس : بہت لوگ- کہا جاتا ہے
"رَاَیْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاس" میں نے بہت
لوگوں کو دیکھا-
الرَّتَّاع- سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے
جانے والا-
المُرْتِع- آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل
ہو-
المَرْتَع- چراگاہ-
رَتَقَ (ن) رَتْقًا- الثَّوْبَ : جوڑنا-
الفَتْقَ : درست کرنا- کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ
الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے- و "رَتَقَ
فَتقَهُمْ" اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی
___ الشَّیْءَ : بند کرنا-
اِرْتَتَقَ- الشَّیْءُ : جڑ جانا-
الرِّتَاق- دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے
گئے ہوں-
الرَّتَقَة- انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ-
الرُّتُوق- عزت و شرف-
رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكًا و رَتَكَانًا
البَعِیْرُ : اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے
دوڑنا-
اَرْتَكَ : البَعِیر : اونٹ کو چھوٹے چھوٹے
قدم سے دوڑانا- اَرْتَكَ الضِّحكَ : آہستہ ہنسنا-
المَرْتَک- مرداسنگ-

رَتِلَ (س) رَتَلاً- الشَّیْءُ : عمدہ نظم و ترتیب سے
ہونا- صفت (رَتِل)
رَتَّلَ- الکَلاَمَ : اچھی طرح ترتیب دینا-
___ القُرْآن : قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے
سے پڑھنا-
تَرَتَّلَ- فِی القَوْلِ : ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح
بولنا-
الرَّتَل- مہ- عمدہ گفتگو- کہا جاتا ہے "کَلاَمٌ
رَتَلٌ" خوبی- آراستگی- ہر چیز میں خوبی- ثَغْرٌ رَتَلٌ :
خوبصورت ہموار دانت-
التَّرْتِیْل- پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا- آواز
کو عمدہ بنانا- مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو
پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف
اچھی طرح ادا ہوں-
الاَرْتَل- اچھی ترتیب والا- تتلانے والا-
الرُّتَیْلاء- کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی،
مکھی وغیرہ- ج رُتَیْلاَوَات- ایک قسم کی نباتات
جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے
ہیں-
رَتَمَهُ (ض) رَتْمًا- توڑنا یا کوٹنا ___ فِی نِعَمِ
فُلاَنٍ : پرورش پانا- اور کہا جاتا ہے "مَا رَتَمَ
بِکَلِمَةٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا- (___ رَتِیْمًا)
رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا- سست ہونا-
اَرْتَمَ و تَرَتَّمَ و اِرْتَتَمَ : یاد رکھنے کے لیے انگلی پر
دھاگا لپیٹنا- اَرْتَمْتُ زَیْدًا : یاد آنے کیلئے میں نے
زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا-
الرَّتَم- ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور
کی مانند ہوتے ہیں- واحد (رَتَمَةٌ) الرَّتَم : بھرا ہوا
توشہ دان- کامل حیاء- آہستہ گفتگو- راستہ-
الرُّتَام- بوسیدہ-
الرَّتَمَة- ج رَتَم و رِتَامٌ و (الرَّتِیْمَة) ج رَتَائِم :
دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر
لپیٹ لیا جائے-
الرَّتِیْم- آہستہ چال- وہ شخص جس کو رتم کے
دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو- ج
رُتَامٰی-
شَرٌّ (تُرْتُم و تُرتَم) دائمی فساد-
رَتَنَ (ن) رَتْنًا- الشَّحْمَ بالعَجِیْنِ : گندھے

ہوئے آٹے میں چربی ملانا-
رَتَاهُ یَرْتُوهُ رَتْوًا- ڈھیلا کرنا- باندھنا- القَلْبَ :
دل کو قوی کرنا ___ هُ اِلَیْه : ملانا- الدَّلْوَ : ڈول
کو آہستگی سے کھینچنا- (___ رَتْوًا و رَتُوًّا)
بِرَاسِهٖ : سر سے اشارہ کرنا ___ الرَّجُلُ :
قدم رکھنا-
رُتِیَ- فِی ذَرْعِهٖ : سست بازو ہونا-
الرَّتْوَة- قدم، بلند زمین- تھوڑا سا وقت- حد
نظر تک- کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا و بَیْنَهُمْ رَتْوَةٌ"
ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو
بمقدار حد نظر کے ہے-
الرَّاتِی- دوسروں سے زائد علم والا-
رَثَّ (ض) رَثَاثَةً و رُثُوثَةً- الثَّوْبُ : کپڑے کا
بوسیدہ ہونا- صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث-
اَرَثَّ اِرْثَاثًا- الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا-
پرانا کرنا-
اُرْتُثَّ- زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا-
صفت (مُرْتَثّ)
الرَّثُّ- مہ- گھر کا ردی سامان- ج رِثَاث- کہا
جاتا ہے "کَلاَمٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا
کلام-
الاَرَثُّ- بوسیدہ- پرانا-
الرَّثِیْث- بوسیدہ- پرانا- زخمی نیم مردہ-
الرِّثَة- گھر کا ردی سامان- ج رِثَث و رِثَاث-
کمزور لوگ-
الرَّثَاثَة- مہ- کہنگی- بوسیدگی-
رَثَأَ (ف) رَثْأً- اللَّبَنَ : دودھ کا دہی بنانا- گاڑھا
کرنا ___ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا ___
غَضَبَهٗ : غصہ کا ٹھنڈا پڑنا-
اَرْثَأَ و اِرْتَثَأَ- اللَّبَنُ : دودھ کا گاڑھا ہونا-
اِرْتَثَأَ فِی رَایِهٖ : رائے میں گڑبڑی کرنا- اِرْتَثَأَ
عَلَیْهِمُ الاَمْرُ : گڑبڑ ہونا- اِرْتَثَأَ- الرَّثِیْئَةَ : دہی
پینا-
الرَّثْءُ و الرَّثَأَة- بیوقوفی- کم سمجھی- کمزوردلی-
الرَّثِیْئَة- رَثَأَ اللَّبَنَ کا اسم- دہی- بیوقوفی- میٹھا
ملا ہوا ترش دودھ-
رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزور دل- کم سمجھ-
رَثَدَ (ن) رَثْدًا و اِرْتَثَدَ- المَتَاعَ : سامان کو

اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِیْدٌ و مَرْثُوْدٌ)

رَثِدَ (س) رَثَدًا و اَرْثَدَ۔ الماءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَرَ حَتّٰی اَرْثَدَ" اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔

اَرْثَدَ القَوْمُ: جماعت ہونا۔

الرِّثْدُ و الرِّثْدَۃ۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

الرَّثَد۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ البَیْتِ: گھر کا ردی سامان۔

المَرْثَدُ و المَرْثِد۔ فیاض و سخی مرد۔ المَرْثَدُ: شیر۔

رَثَطَ (ن) رُثُوْطًا و اَرْثَطَ و تَرَثَّطَ۔ فِیْ قُعُوْدِہٖ: نشست میں جھکے رہنا۔

رَثِعَ (س) رَثَعًا۔ بہت حریص و لالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثِعُوْنَ۔

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا۔ المَطَرُ: لگاتار برسنا ___ فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا ___ الشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا۔ الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْمٌ و مَرْثُوْمٌ)

رَثِمَ (س) رَثَمًا و اِرْثَمَّ۔ الفَرَسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ و اَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَۃٌ و رَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ۔

الرَّثَمُ و الرُّثْمَۃ۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرِّثْمَۃ۔ ہلکی بارش۔ ج رِثَام۔

المَرْثِمُ و المِرْثَم۔ ناک۔ ج مَرَاثِم۔

رَثَّنَ تَرْثِیْنًا۔ اچھی طرح سے بارش ہونا۔

الرَّثَان۔ لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَۃٌ و مُرَثَّنَۃٌ) بارش شدہ زمین۔

رَثَا یَرْثُوْ رَثْوًا و رَثَی یَرْثِیْ رَثْیًا و رَثَاءً و رَثَایَۃً و مَرْثَاۃً و مَرْثِیَۃً۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رَثٰی لَہٗ: رحم کرنا۔

رَثٰی یَرْثِیْ رِثَایَۃً۔ عَنْہُ حَدِیْثًا: یاد کرنا۔

رَثِیَ یَرْثٰی رَثًی و رَثْیًا۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثّٰی و تَرَثّٰی۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَّاءَۃ و الرَّثَّایَۃ۔ نوحہ کرنے والی عورت۔

الرَّثْیَۃ۔ جوڑوں کا درد (___ و الرَّثِیَّۃ) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاۃ و المَرْثِیَۃ۔ وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَرَاثٍ و "المَرَاثِی السَّبْع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔

الرَّثُوْ۔ دہی۔

رَجَّ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّہٗ (ن) و رُجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ۔ البحرُ: موج مارنا ___ الکَلَامُ: ملتبس ہونا۔

الرَّجَّۃ۔ حرکت۔ رَجَّۃُ القَوْمِ: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجَاجُ۔ الغَنَمِ او النَّاسِ: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَۃٌ رَجَاجَۃ" لاغر بھیڑ۔

نَاقَۃٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجَأَ۔ الاَمْرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔

الصَّائِدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجَبَ (ن) رَجْبًا۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔

رَجَبَہٗ بِکَلَامٍ سَیِّئٍ: تہمت لگانا (___ رَجْبًا و رُجُوْبًا و اَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ مِنْہُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔

رَجِبَہٗ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَّبَہٗ۔ ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَّخلۃَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اور گرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُہَا المُحَکَّکُ و عُذَیْقُہَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عِذْق کی تصغیر ہے۔ جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا ___ الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَب۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَاب و رُجُوْب و رِجَاب۔ کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلٰی سَبْعَۃِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔

رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُّجْبَۃ۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب۔

الرَّاجِبَۃ۔ انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب۔

الاَرْجَاب۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرَجَّب۔ مفو۔ خوفناک۔ معظم۔

رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا و رُجُوْحًا۔ المیزانُ: جھکنا ___ الرَّائُ: غالب ہونا۔

___ ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔

___ دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ___ ہ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (___ رَجَاحَۃً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَہٗ و اَرْجَحَہٗ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔

رَجَّحَ و اَرْجَحَ لَہٗ: جھکتا ہوا دینا۔

رَاجَحَہ۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّحَ۔ الرَّائُ عِنْدَہٗ: غالب و برتر ہونا ___ فِی القَوْلِ: مائل ہونا ___ الشَّیْئُ: ہلنا ___ الاُرْجُوْحَۃِ بِہٖ: جھکنا۔

اِرْتَجَحَ۔ فِی الاُرْجُوْحَۃِ: جھولے میں جھکنا ___ الاِبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُّجُح۔ مِنَ الجِفَانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے ___ مِنَ الکَتَائِبِ۔ لشکر گراں۔

الاُرْجُوْحَۃُ۔ ج اَرَاجِیْح (الرُّجَاحَۃ و الرُّجَّاحَۃ و المَرْجُوْحَۃ) جھولا۔

الاَرَاجِیْح۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔

اِمْرَأۃٌ (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت۔

رَجَدَ (ن) رَجَادًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

رُجِدَ رَجْدًا و رُجِدَ و اُرْجِدَ۔ کانپنا۔

رَجْرَجَ۔ بے قرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَہ:

حرکت دینا ـــــ المَاءَ : کھود کر پانی نکالنا۔

تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔ ـــــ الشیَٔ فِیْ مَحَلِّهٖ : آنا جانا۔

الرَّجْرَج۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔

الرِجْرِج۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔

الرُّجْرُج۔ ایک قسم کی گھاس۔

الرَّجْرَاج۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ : چلنے میں ہلنے والا سرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ : کمزور عقل والے۔

الرِجْرِجَة۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت۔ تھوک۔ بے عقل۔

رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ ورَجَّازٌ ورَجَّازَة) رَجَزَ بِهٖ : کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَہٗ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ۔ صَاحِبَه : رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا ـــــ الرَعْدُ : لگاتار گڑگڑانا ـــــ السَحَابُ : بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا ـــــ الرَعْدَ : لگاتار گڑگڑانا ـــــ بِفُلَانٍ : کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا ـــــ الرَجْزَ فِی القِتَال : لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ۔ القَوْمُ : رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُّجْز والرِجْز۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِجز : گناہ۔

الرَجَز۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الرَجَازَة۔ عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الأُرْجُوْزَة۔ بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِیز۔

الأَرْجَز۔ رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا۔ البَعِیرُ : اونٹ کا آواز کرنا ـــــ السَمَاءُ : آسمان کا گڑگڑانا۔ ـــــ فلانًا عَنِ الأَمْرِ : روکنا (ـــــ واَرْجَس) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) ورَجُسَ (ک) رَجَاسَةً۔ برا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ۔ السَمَاءُ : گڑگڑانا۔ البِنَاءُ : عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِجْس والرَجَس والرَجِس۔ گندگی پلیدی۔ الرِجْس : برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَجَّاس۔ سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ اوسَحَاب رَجَاس" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔

بَعِیْرٌ رَجُوْسٌ مِرجس۔ تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

المِرْجَاس۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجوسَة۔ فساد وگڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوْعًا و مَرْجَعًا و مَرْجَعَةً۔ ورُجْعٰی ورُجْعَانًا۔ واپس آنا۔ لوٹنا۔ (ـــــ رُجْعًا و مَرْجعًا و مَرْجَعًا) الکَلَامُ فِیْهِ : فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلاَّ سَجْعٌ لَیْسَ فِیْهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العِلْفُ فِیْ الدابَةِ : چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدہ عَلٰی بَدْئِهٖ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا ـــــ الشَیَٔ عَنْه او اِلَیْهِ : پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (ـــــ رُجُوْعًا ورِجَاعًا) الطَیْرُ : گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ۔ فِی صَوْتِهٖ : حلق میں آواز کو گھمانا۔ (ـــــ وتَرَجَّعَ) فِی المُصِیْبَةِ : ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا رَجَّعَتِ الدَابَة : قدم رکھنا۔

تَرَجَّعَ النَاقَةُ : ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَهٗ۔ فِی الْاَمْرِ : دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ـــــ ہ الکَلَام : دوبارہ گفتگو کرانا ـــــ الرَجُلُ : اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَهٗ۔ رد کرنا۔ پھیرنا ـــــ الدَابَّةُ : چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَاقَةُ : اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ الرَجُلُ فی المُصِیْبَةِ : ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْن﴾ کہنا ـــــ اللّٰهُ بَیْعَته : نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ۔ النَاقَةَ : ایک اونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَی الشَیْٔ : واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهٗ : واپس کرنا۔ المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا : چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔ اِرْتَجَعَ عَلٰی الغَرِیْم : مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَیْلَه فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ۔ القَوْمُ : اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا ـــــ القَوْمُ الکلَامَ بَیْنَهُمْ : قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ۔ مِنْهُ الشَیَٔ : واپس لینا ـــــ فِی المُصِیْبَة : ﴿اِنَّا لِلّٰهِ واِنَّا اِلَیْهِ راجِعُوْن﴾ کہنا۔ الحَمَامُ فِیْ غِنَائِهٖ : کبوتری کا گٹ کری کرنا۔

الرَجْع۔ مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع ورُجْعَان ورِجْعَان۔ الرَجْعُ : لید ـــــ مِنَ الاَرْضِ : زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو ـــــ مِنَ الکَتِف : مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "کَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ کَتِفِهٖ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَدٰی : آواز باز گشت۔

الرَجِیْع۔ مِنَ الکَلَامِ : واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِیْر رَجِیْعٌ۔ سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِع۔ دَابَّةٌ رَجِیْعُ اَسْفَارٍ : بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَاجِع۔ فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع۔

الرِجْعَة۔ رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَجْعَة۔ واپسی۔

والرُّجْعَة والرُّجْعَى والرُّجْعَان و الرُّجُوْعَة۔ خط کا جواب۔ المَرْجِع۔ لوٹنے کی جگہ موںڈھے کا نچلا حصّہ۔

المَرْجُوع والمَرْجُوْعَة۔ خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا الْبَيْعُ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِع۔ مِنَ النِّسَاء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہوگیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو۔

الرِّجَاع۔ مہار کا وہ حصّہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَة و رُجُع۔

رَجَفَهٗ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا و رَجِيْفًا۔ تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی و متعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا ___ الرَّعْدُ: گڑگڑانا ___ الاَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔

اَرْجَفَ۔ لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا ___ القَوْمُ: بالشئِ وفيه: گھسنا ___ الرِّيْحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔

اَرْجَفَتِ الاَرْضُ۔ زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ و اِرْتَجَفَ۔ بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ۔ رَاسَه: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا يَسْتَرْجِفُوْنَ الاَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَّجْفَة۔ اسم مرة۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَّاجِف۔ فا۔ جوڑی والا بخار۔

الرَّاجِفَة۔ قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

الرَّجَّاف۔ بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الاَرَاجِيْف۔ گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ المَخَاوِيْفُ كَثُرَتِ الاَرَاجِيْف" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اُڑتی ہیں۔

التَّرْجَاف۔ اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلًا۔ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَّاةَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَه: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلًا۔ پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا ___ الدَّابَّةُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعْرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا۔ الفَصِيْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَهٗ۔ قوی کرنا ___ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَهٗ۔ مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِيْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ۔ سواری سے اُتر کر پیدل چلنا ___ المَرْأَةُ: مرد جیسی ہونا ___ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا ___ البِئْرَ وفي البِئْرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا ___ الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ۔ دیگچی میں پکانا۔ الشَّاةَ: ٹانگیں باندھنا ___ ه: پاؤں سے پکڑنا ___ الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا ___ الكَلَامَ: فی البدیہہ کہنا۔ ___ بِرَأْيِهٖ: منفرد ہونا ___ الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔ ___ النَّهَارُ: دن کا چڑھنا ___ الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رِجْلَكَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَّجِل۔ مه پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجِلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِّجْل۔ ج اَرْجُل: پاؤں۔ ج اَرْجَال۔ کسی چیز کا حصّہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلُ دِفَاعٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذَالِكَ فِيْ رِجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرجل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا امرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِيْ عَلٰى رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ۔ کھاڑی۔ خلیج۔ رِجْلَا السَّهْمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ و رِجْلُ الجَرَادِ: دو نباتات کے نام رِجْلُ الجَبَّار و رِجْلُ الجَوْزَاء و رِجْلُ قَنْطُوْرَس: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَدِّمُ رِجْلًا وَيُؤَخِّرُ اُخْرٰى" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اُٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَّجُل۔ مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال و رَجْلَة و رَجِلَة و اَرَاجِل و رَجَالَات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِي الرِّجَال" فلاں کامل مرد ہے۔

الرَّجَل۔ مه ___ مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجَال و رَجَالٰی۔

الرَّاجِل۔ پیدل چلنے والا۔ الرَّجِلُ مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔

الرَّاجِل۔ فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل و رَجَّالَة و رُجَّال و رِجَال و رَجَالٰی و رُجَالٰی و رُجْلَان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيَّالَةُ و الرَّجَّالَة" سوار و پیادے سب آئے۔ و "اَغَارَ عَلَيْهِم بِخَيْلِهٖ و رَجْلِهٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا امرد۔

الرِّجْلَة۔ خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل۔

الرُّجْلَة۔ چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَة: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجْلَة۔ عورت۔

الرَّجِيْل۔ ج۔ اَرْجِلَة و اَرَاجِل و اَرَاجِيْل: پیدل چلنے والا ___ ج رَجْلٰى و رُجَالٰى و رَجَالٰى۔ بہت چلنے پر قادر۔ كَلَامٌ رَجِيْلٌ: فی البدیہہ کلام۔ رَجُلٌ رَجِيْلٌ: قوی مضبوط مرد۔ مَكَانٌ رَجِيْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فَرَسٌ رَجِيْلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الاَرَاجِيْل۔ شکاری لوگ۔

الرُّجُوْلَة والرُّجُوْلِيَّة والرَّجُوْلِيَّة و الرُّجْلِيَّة۔ مردی۔ مردانگی۔

الرَّجْلَان۔ پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالٰی و رَجَالٰی و رَجْلٰی۔ مؤنث رَجْلٰى۔ ج رِجَال و رَجَالٰی۔

الاَرْجَل۔مِنَ الدَّوَابِ :ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُل اَرْجَل۔ بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاَءِ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَرجِيْل۔مۂ جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَرَاجِيْل۔کرفس(ایک دوا کا نام)

المِرْجَل۔دیگ۔ کنگھی۔ج مَرَاجِل۔

المُرَجَّل۔مِنَ النَسِيْجِ و نَحوَهٗ : کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل۔مِنَ الثِيَابِ : کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأَةٌ(مُرْجِل)لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهٗ (ن) رَجْمًا۔ سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

____ القَبْرَ :نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَجُلُ : اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَيَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَّمَ۔اٹکل سے بات کرنا۔کہاجاتا ہے"رَجَّمَ بِالغَيْبِ"اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔القَبر : نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً۔ ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهٖ : مدافعت کرنا ____ ہ فی الحَرْبِ او الكَلاَمِ او للعَدْوِ : لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْ۔ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔

بالكَلاَم :ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ۔الشَئَ :تہ بتہ ہونا۔

الرَجَم۔مہ دوست۔ ہم نشین۔وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ج رُجُوم۔الرَجْمُ :اٹکل کی گفتگو۔ کہاجاتا ہے"رَجْمًابِالغَيْبِ"اٹکل پچو۔وصَارَ فُلاَنٌ رَجْمًا۔ فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَجَم۔کنواں۔تنور۔قبر۔ج رِجَام۔

الرُجُم۔ستارے کی مانند جو آسمان سے گرتے ہوئے معلوم ہوں۔کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔واحد(رَجْم)

الرُجْمَةالرَجْمَة۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔بجو کا بھٹ۔ج رُجم و رِجام۔

الرَجِيْم۔سنگسار کیا ہوا۔ملعون۔

الرِجَام۔ کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ٹیلے۔واحد(رُجْمَةٌ)

الرِجَامَان۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔

المِرْجَم۔مِن الرجال :مضبوط قوی مرد۔

فَرَسٌ مِرْجَمٌ :بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَدِيْثٌ(مُرَجَّم) ظنی بات۔بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

المِرْجَام۔پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔مِنَ الابِل : مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالمَرَاجِم" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَنَ(ن)و رَجِنَ(س)و رَجُنَ(ک)رُجُوْنًا۔ بالمَكَان : اقامت کرنا ____ الحَيْوَانُ : مانوس ہونا۔

رَجَنَ (ن) رَجْنًا و ررجَّنَ و اَرْجَنَ الدَابَّةَ : چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رجَنَ فُلاَنًا : شرم کرنا۔و اَرْجَنَتِ النَاقَةُ : گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَن۔ بالمَكَانِ : اقامت کرنا ____ الزَبَدُ :پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا ____ عَلَى القَوْمِ اَمْرُهُمْ۔گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَجِيْن۔مہلک زہر۔

الرَجِيْنَة۔جماعت۔

المَرْجُوْنَة۔ٹوکرا۔خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔کہاجاتا ہے"هُمْ فِيْ مَرْجُوْنَةٍ"وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَهَ(ض)رَجْهًا۔ہلنا ____ بالشَئ :دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ۔الاَمْرَ :وقت سے پیچھے ہٹانا۔

رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً۔ و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً۔پُر اُمید ہونا ____ الشَئَ : اُمید کرنا۔ خوف کرنا ____ الرَجُلَ : کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔

رَجِيَ(س)رَجًا۔کلام سے رک جانا۔

رُجِيَ۔عَلَيْهِ :کلام منقطع ہونا۔

رَجَّيَ و تَرَجَّى و اِرْتَجَى۔الشَئَ :امید کرنا۔

رَجَّى و اِرْتَجَى فُلاَنًا : اُمید لگانا۔ و اِرْتَجَى الشَئَ :خوف کرنا۔

اَرْجَى۔الاَمْرَ :مؤخر کرنا ____ الصَيْدَ :نہ پانا۔ اَرْجَى البِئْر : کنوئیں کا من بنانا اَرْجَتِ النَاقَةُ :جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا و الرَّجَاء۔کنارا۔رَجَوَا البئر :کنوئیں کے دونوں پہلو۔الرَجَاء : چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقع نہ ہو۔

الرَجِيَّة۔امید کی چیز۔کہا جاتا ہے "اَلَيْسَ لِيْ فِيْ فلاَنٍ رَجِيَّة"فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔

الاُرْجِيَّة۔جو چیز موخر وملتوی کی جائے۔

الرَحَّة۔سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَحَح۔کھر کی چوڑائی۔

الرُحُح۔چوڑے پیالے۔

الاَرَحّ۔بھرے تلوے والا۔مؤنث رَحَّاء ج رُحٌّ۔

رَحِبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَةً۔ المَكَانُ : جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِيْبٌ و رُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحبَكُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے(اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ۔ المَكَان : کشادہ کرنا (____ بہ مُرحَبَةً)بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔خوش آمدید کہنا۔مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ۔ المَكَانُ : کشادہ ہونا ____ المَكَانَ : کشادہ کرنا۔اور کہاجاتا ہے"اَرْحِبْ يَا وَلَدُ"یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ۔کشادہ ہونا۔

الرَحْب۔کشادہ۔کہاجاتا ہے"مَكَانٌ رَحْبٌ و اُرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "و رحْبُ الصَدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَحْبُ البَاعِ او الذِرَاعِ"فیاض۔سخی۔

الرُحْبَى۔سب سے چوڑی پسلی۔الرُحْبَيَان :

بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَّحْبَة والرُّحْبَة۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ــــ مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن ــــ مِنَ الوَادِي۔ وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحْب و رَحَبَات و رَحَب و رَحْبَات۔
الرَّحِيْب۔ بہت کھانے والا۔
التَّرْحَاب۔ خوش آمدید۔
رَحَائِبُ۔ النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِيْبَةٌ۔
المَرْحَب۔ کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و "مَرْحَبَكَ اللّٰهُ و مَسْهَلَكَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اُتارے۔ "اَهْلًا و مَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَا مَرْحَبًا بِكَ"
رَحْرَحَ۔ مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ــــ الشَّيْئَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا ــــ بِالكَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔
تَرَحْرَحَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔
الرَّحْرَح والرَّحْرَاح والرَّحْرَحَان۔ پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ و رَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔
رَحَضَ (ف) رَحْضًا و اَرْحَضَ۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔
رُحِضَ۔ المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔
اِرْتَحَضَ۔ الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔
ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْض: مشک۔ پرانہ توشہ دان۔
الرُّحَاض۔ پسینہ کی آمد۔
الرُّحَاضَة۔ وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاء۔ بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔
الرَّحِيْض۔ دھویا ہوا۔
المِرْحَاض۔ غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْبَاط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِيْض۔
المِرْحَضَة و المِرْحَاضَة۔ کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔
اَرْحَفَ اِرْحَافًا۔ السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔
الرُّحَاق و الرَّحِيْق۔ شراب۔ الرحیق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِيْقٌ: بے داغ حسب ــــ مِسْكٌ رَحِيْقٌ: خالص مشک۔
رَحَلَ (ف) رَحْلًا و رَحِيْلًا و تَرْحَالًا۔ عَنِ المَكَانِ: ترک وطن کرنا ــــ اِلَى المَكَانِ: منتقل ہونا ــــ البَعِيْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهٗ نَفْسِيْ" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ــــ ہ بِالسَّيْفِ: کسی پر تلوار اُٹھانا ــــ البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔
رَحَّلَهٗ۔ کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ــــ الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔
رَاحَلَهٗ۔ کوچ کرنے میں مدد دینا۔
اَرْحَلَ۔ سواری کے بہت جانور والا ہونا ــــ الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا ــــ ہ: سواری دینا۔
ــــ الاِبِلَ اَو النَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔
تَرَحَّلَ۔ القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔
اِرْتَحَلَ۔ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا ــــ البَعِيْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔
ــــ الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔
اِسْتَرْحَلَهٗ۔ سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا ــــ النَّاسَ نَفْسَه: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔
الرَّحْل۔ مع کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلَى رَحْلِهٖ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَه و اَلْقٰی رَحْلَه" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کرلی۔ ج رِحَالٌ و اَرْحُلٌ۔ الرِّحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔
الرِّحْلَة۔ کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفرنامہ۔
الرُّحْلَة۔ جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْق رُحْلَتُنَا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِيْرٌ ذُوْ رُحْلَةٍ و رِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔
الرَّحِيْل۔ مع کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِيْلٌ و نَاقَةٌ رَحِيْلَة: چلنے میں قوی اونٹ۔
الرَّاحِل۔ فا۔ ج رَاحِلُوْن۔ و رُحَّل و رُحَّال۔
الرَّاحِلَة۔ مِنَ الاِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (ۃ مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل۔
الرِّحَالَة۔ بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِل۔
الاَرْحَل۔ مِنَ الخَيْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔
الرَّحَّال۔ کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة۔
الرَّحَّالَةُ۔ بہت سفر کرنے والا۔
الرَّحُوْل۔ بہت منتقل ہونے والا۔
الرَّاحُوْل۔ کجاوہ۔
المَرْحَلَة۔ مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل۔
المُرْحِل۔ بہت سواری کے جانور والا۔ (ــــ و المِرْحَل) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط و قوی۔
المُرَحَّل۔ مِنَ الاِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ ــــ مِنَ الثِّيَابِ: کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا۔
مُرْتَحَل۔ البَعِيْرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔
رَحِمَهٗ۔ (س) رَحْمَةً و مَرْحَمَةً و رُحْمًا

ورُحْمًا- نرم دل ہونا- مہربان ہونا- شفقت کرنا- بخش دینا-

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) رَحْمًا و رَحَمًا و رَحَامَةً و رُحِمَتِ- المَرْأَةُ : ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا- صفت (رَحُوْم ورَحِمَة ورَحْمَاء)

رَحَّمَ و تَرَحَّمَ- عَلَيْهِ : کسی کے متعلق "رَحِمَهُ اللهُ" کہنا-

تَرَاحَمَ- القَوْمُ : ایک دوسرے پر مہربانی کرنا-

اِسْتَرْحَمَهُ- مہربانی طلب کرنا-

الرَّحِم والرِّحْم (مؤنث) بچہ دانی- قرابت- رشتہ داری- کہا جاتا ہے "ذُوْالرَّحِم" یعنی رشتہ دار- ج اَرْحَام-

الرُّحَام- بچہ دانی کے ایک مرض کا نام-

الرَّحْمَة والرَّحْمٰى والرُّحْم- نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے-

الرَّحَمُوْت- بڑی مہربانی-

الرَّاحِم والرَّحُوْم- مہربانی کرنے والا-

الرَّحِیْم- مہربانی کرنے والا- جس پر مہربانی کی جائے- ج رُحَمَاء- الرَّحِیْم- اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے-

الرَّحْمٰن- مہربانی کرنے والا- یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے-

المَرْحَمَة- مہربانی- ج مَرَاحِم-

المُرَحَّم- جس پر مہربانی کی جائے (___ و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے-

الرَّحَامِس- دلاور مرد-

رَحَا يَرْحُوْ رَحْوًا و رَحٰى يَرْحِيْ رَحْيًا و تَرَحّيْ- الحَيَّةُ : کنڈلی مارنا- رَحَا الرَّحٰى : چکی چلانا-

الرَّحٰى (مؤنث) چکی- تثنیہ رَحَوَان ورَحَيَان ج اَرْحَاء واَرْحِيَة واَرْحٍ ورُحِيّ ورِحِيّ واُرْحِيّ- الرَّحٰى : سینہ- گھسان کی جنگ- سردار قوم- کہا جاتا ہے "هُوَ رَحٰى قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے- داڑھ- کہا جاتا ہے "طَحَنَهُ بِاَرْحَائِهٖ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا- بادل- وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے- ج اَرْحَاء-

المُرْحِي- چکی ساز-

المَرْحٰى- گھمسان کا رن-

رَخَّهُ (ن) رَخًّا- پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا ___ الشَّرَابَ : پانی ملانا-

رَخَّ (ض) رَخًّا- العَجِيْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا-

اَرَخَّ- في الاَمْرِ : مبالغہ کرنا ___ العَجِيْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا-

اِرْتَخَّ- الرَّجُلُ : ڈھیلا ہونا- سست ہونا- متردد ہونا-

الرَّخَخ- نرمی- سہولت-

الرُّخّ- ایک خیالی بڑے جانور کا نام- (واحد)

رُخَّة- شطرنج کے ایک مہرے کا نام- ج رِخَاخ و رِخَخَة-

الرَّخَاخ- نرم گھاس- عَيْشٌ رَخَاخٌ : آسودہ زندگی- رَخَاخُ العَيْشِ : زندگی کی فراخی و آسودگی- اَرْضٌ رَخَاخٌ : نرم زمین-

اَرْضٌ (رَخَّاء) نرم زمین- ج رَخَاخِيّ-

الرَّخْت- زین- ج رُخُوْت- (جدید)

الرَّخْرَخ والرَّخْرَاخ- پتلا گارا-

تَرَخَّشَ و اِرْتَخَشَ- ہلنا- مضطرب ہونا-

الرَّخْشَة- اضطراب- حرکت-

رَخُصَ- (ک) رُخْصًا- الشَّيْءُ : سستا ہونا- صفت (رَخِيْص) (___ رَخَاصَةً و رُخُوْصَةً) نرم و نازک ہونا- صفت (رَخْصٌ و رَخِيْصٌ) مؤنث رَخْصَةٌ- ج رِخَائِص-

رَخَّصَ- السِّعْرَ : بھاؤ سستا کرنا ___ لَهٗ كَذَا و فِي كَذَا : ممانعت کے بعد اجازت دینا-

اَرْخَصَهٗ- سستا کرنا- سستا پانا یا خریدنا-

تَرَخَّصَ- فِي الاَمْرِ : کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا ___ فِي كَذَا : اجازت دیا جانا- فِي حَقِّهٖ : اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا-

اِرْتَخَصَه- سستا سمجھنا یا سستا خریدنا-

اِسْتَرْخَصَ- الشَّيْءَ : سستا سمجھنا-

الرُّخْصَة والرُّخُصَة- تخفیف- آسانی- کہا جاتا ہے "لَكَ فِي هٰذَا الاَمْرِ رُخْصَةٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے- پینے کی باری-

مَوْتٌ (رَخِيْص) جلدی آنے والی موت-

رَخَفَ (ن) رخفًا و رَخِفَ (س) رَخَفًا و رَخُفَ (ک) رَخَافَةً و رُخُوْفَةً- العَجِيْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا- صفت (رَخْفٌ و رَاخِفٌ)

اَرْخَفَ- العَجِيْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا- پانی بڑھانا-

الرَّخْف والرَّخْفَة- پتلا مکھن- گیلا گندھا ہوا آٹا- ج رِخَاف-

الرَّخْفَة والرَّخِف- نرم و پتلا پتھر-

الرِّخْل والرَّخِل والرِّخْلَة- بھیڑ کا مادہ بچہ- ج اَرْخُل ورُخَال ورِخَال ورِخْلَان ورِخَلَة ورِخَلَة-

المُتَرْخِل- بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا-

رَخَمَ (ن) رَخْمًا ورَخُمَ (ک) رَخَامَةً الصَّوْتُ او الكَلَامُ : آواز یا گفتگو کا نرم ہونا- صفت (رَخِيْم) ___ الجَارِيَةُ : نرم گفتگو والی ہونا- صفت (رَخِيْمَة و رَخِيْم)

رَخَمَتْ (ن) رَخْمًا و رَخَمًا و رَخَمَةً- الدَّجَاجَةُ البَيْضَ و عَلَى البَيْضِ و (اَرْخَمَتْ) عَلَى البَيْضِ : مرغی کا انڈے سینا- صفت (رَاخِمٌ و مُرْخِمٌ و مُرْخِمَةٌ)

رَخِمَتْ (ف ن) رَخْمًا و رَخْمَةً و رَخَمَةً المَرْأَةُ وَلَدَهَا : کھیل کود کرنا- لاڈ پیار کرنا و رَخِمَهُ : مہربانی کرنا-

رَخِمَ- رَحِمَ میں ایک لغت ہے-

رَخَّمَ تَرْخِيْمًا- الشَّيْءَ : نرم کاٹ دینا- اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے- نرم آواز کر دینا- الدَّجَاجَةَ : مرغی کو انڈوں پر بٹھانا-

الرَّخَم- مہ گدھ- واحد (رَخَمَة) ج رُخْم- نرمی و محبت- گاڑھا دودھ-

الرُّخَام- سنگ مرمر- ایک ٹکڑے کو (رُخَامَة) کہتے ہیں-

الرُّخَامٰى- نرم ہوا- ایک قسم کی نباتات-

الاَرْخَم- مِنَ الخَيْلِ : گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو- مؤنث رَخْمَاء ج رُخْم-

التَرْخُوم والیَرْخُم والیَرْخُوْم- نر گدھ-

رَخِیَ(س)رَخًاورِخْوَةًورَخُوَ(ک)رَخَاوَةً- نرم ہونا- آسان ہونا- آسودہ زندگی والا ہونا- صفت(رَخْوورُخْوورِخْوْ)

رَخَا(ن)ورَخْی(ف)ورَخِیَ(س)ورَخُوَ(ک) رَخَاء العَیْشُ : زندگی کا آسودہ ہونا- صفت(رَاخٍ ورخِیّ)

رَاخَاهُ مُرَاخَاةً- دور کرنا- جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرارَ یُراخِیْ الاَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کردے گی ___ الشئَ : نرم کرنا ___ العُقْدَةَ : گرہ کھولنا- کہا جاتا ہے "رَاخِی خَنَاقَهٗ اورِبَاقَه" یعنی اس نے اسے مہلت دی- رَاخَتِ المَرْأةُ : بچہ جننے کے قریب ہونا-

اَرْخٰی اِرْخَاءً- الشَئَ : نرم کرنا ___ الفَرَسَ ولِلْفَرَس : گھوڑے کی رسّی ڈھیلی کرنا- کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَهٗ الحَبْلَ" اس کی رسّی ڈھیلی کر دو- یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو ___ السِّتْرَ : پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَه" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا ___ دَابَتَه : جانور کو آزادانہ چلنے دینا ___ زِمَامَ النَاقَةِ : اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا-

رَخّٰی- الشَّئَ بِالشَّئِ : ملانا-

تَرَاخٰی تَرَاخِیًا- عَنْه : دور رہنا- پیچھے ہٹنا- دیر کرنا- کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی- تَرَاخٰی الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا- کہا جاتا ہے "اِنَّ فِیْ الاَمْرِ تَرَاخِیا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے-

اِرْتَخٰی واِسْتَرْخٰی- نرم ہونا-

استَرخت بہ حالہٗ : تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہوگئی-

الرَّخَاء- مہ فراخی زندگی-

الرُخَاء- نرم ہونا-

الاُرْخِیَّة- ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے- ج اَرَاخِیّ-

المِرْخَاء- تیز دوڑنے والا جانور- ج مَرَاخٍ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخَاءٌ وَاَتَانٌ مِرْخَاءٌ"

رَدَّهٗ(ن)رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُوْدًا و رِدِّیْدَیٰ- عَنْ كَذَا : پھیرنا- واپس کرنا- لوٹانا رَدَّ فُلَانًا : خطا کار ٹھہرانا ___ البَابَ : بھیڑ دینا ___ عَلَیْهِ الشَئَ : پھیر دینا- قبول نہ کرنا-

___ اِلَیْهِ جَوَابًا : جواب بھیجنا ___ ہ اِلٰی بَیْتِهٖ : لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَایَرُدُّ هٰذا عَلَیْكَ شَیْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا ___ الشئَ : ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُوْرَهُنَّ السُّوْدَ بِیضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کردیا- رَدَّ القَولَ تَرْدَادًا : بار بار دہرانا-

رَدَّدَ- القَوْلَ : بمعنی رَدَّ القَوْل (تشدید کثرت کے لئے ہے)

رَادَّهٗ- الشئَ : واپس کر دینا ___ ہ فی الکَلَامِ : بحث کرنا-

اَرَدَّ- البَحْرُ : جوش میں آنا ___ الرَجُلُ : غصہ سے پھول جانا ___ الشَاةُ : تھن والی ہونا- صفت(مُرِدّ)

تَرَدَّدَ- رد ہونا ___ فی الاَمْرِ : شک و شبہ میں پڑ جانا ___ اِلَیْهِ : بار بار آنا ___ (وتَرَادَّ) فِی الجَوَاب : زبان کا لڑکھڑانا-

تَرَادَّا- البَیْعَ : بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا-

تَرَادَّ المَاءُ : روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا-

اِرْتَدَّ- الشئَ : واپس کرنا- واپس کرنے کو کہنا ___ عَلٰی اَثَرِهٖ او عَنْ طَرِیْقِهٖ : لوٹنا ___ عَنْ دِیْنِهٖ : دین کو چھوڑنا- دین سے پھر جانا- عَنْ هِبَةٍ : ہبہ کو لوٹا لینا ___ اِلَی الصَّوَابِ : صواب کی جانب لوٹ جانا-

اِسْتَرَدَّ- الشئَ : واپس کرنے کو کہنا ___ ہ الشئَ : واپسی چاہنا ___ الْهِبَةَ : ہبہ کو لوٹا لینا-

الرَدُّ- مہ زبان کی لڑکھڑاہٹ- نباتات کی کثرت- کہا جاتا ہے "ضَیْعَةٌ کَثِیْرَةُ الرَدِّ" بہت نباتات والی جائیداد- شَئٌ رَدٌّ ردی چیز- اَمْرٌ رَدٌّ : مخالف سنّت کام- دِرْهَمٌ رَدٌّ : کھوٹا درہم- کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنی مِنْ رُدُوْدِ الدَرَاهِم" مجھے کھوٹے درہم مت دو-

الرِدُّ- چیز کا سہارا-

الرُّدیٰ- طلاق دی ہوئی عورت-

الرَدَّة- رد کا اسم مرۃ- کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی- کہا جاتا ہے "فِی وَجْهِهٖ رَدَّةٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بد صورتی ہے-

الرِدَّة- اِرتداد کا اسم- ٹھوڑی کا پچکنا- پہاڑ کی گونج- بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا- کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الاِبِلُ رِدَّةً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا-

الرَدَادو الرِدَاد- واپسی-

الرَدِیْد- بادل جو برس چکا ہو-

التَرْدَاد- رد- تکرار-

الاَرَدُّ- نافع تر-

الرَادَّة و المَرَدَّة- فائدہ- کہا جاتا ہے "لَا رَادَّةَ او لَا مَرَدَّةَ فِیْهِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں-

المُرِدُّ- فا- مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا- غضبناک- سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی- اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو- ج مَرَادُّ-

المِرَدُّ- مِنَ الرِجَالِ : بہت رد کرنے والا- بہت حملہ کرنے والا-

المَرْدُوْد- مفع مہ زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا-

المَرْدُوْدَة- مردود کا مؤنث- استرا-

المُرَدَّد- حیران و سرگشتہ-

رَدَأ(ف)رَدْأً- الحَائِط : دیوار کو ٹیک لگانا- ___ الرَجُلَ : مدد کرنا- رَدَأَهٗ بِحَجَرٍ : پتھر مارنا-

رَدُؤَ(ک)رَدَاءَةً- ردی ہونا- صفت(رَدِیئ) ج اَرْدِیَاء واَرْدِئَا-

اَرْدَأَ- برا کام کرنا یا بری چیز پہنچانا ___ ہ : خراب کرنا- بگاڑنا ___ السِتْرَ : لٹکانا ___ الحَائِطَ : دیوار کو تھم لگانا ___ فُلَانًا : تسکین دینا- برقرار رکھنا ___ ہ عَلٰی مائةٍ : زیادہ کرنا- بڑھانا-

تَرَادَأَ- القَوْمُ : باہم مدد کرنا-

الرِدْءُ- مددگار- مدد- ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں- ج اَرْدَاء-

تَرَدَّبَهٗ- نرمی سے پیش آنا-

الرَدْب- راستہ جس کا آخری سرا بند ہو-

الاِرْدَبُّ- چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ- سطح زمین پر بہنے والی- ج اَرَادِبَ-

الاِرْدَبَّۃ۔ چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَحَ(ن) رَدْحًا۔ جانا۔ گزرنا۔
الرَّدَح۔ نوپید میمنے کی مینگنی۔ نوپید بچھڑے کی لید۔
الاَرْدَاح۔ سیاہ چمڑا۔
رَدَحَ(ف) رَدْحًا۔ ثابت قدم رہنا۔ الشَّیَٔ: زمین پر پھیلا کر رابر کرنا۔ (وَاَرْدَحَ) البَیْتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ۔ الشَّیَٔ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْح۔ مہلکا درد۔
الرَّدَح۔ لمبی مدت کہا جاتا ہے "اَقَامَ رَدْحًا مِنَ الدَّھْرِ" اُس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاح۔ بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ ___ مِنَ الکِبَاشِ: بڑی چکی والا دنبہ۔ ج۔ رُدُح۔
الرُّدْحَۃ۔ خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی رُدْحَۃُ الصَّائِد: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے اردگرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَۃ و الرِّدَاحَۃ۔ بجو کے شکار کے لئے مکان۔
المُرْتَدَح۔ گنجائش۔ کشادگی۔
الرُّدْحِی۔ دیہات کا سبزی فروش۔
رَدَخَ(ف) رَدْخًا۔ رَاْسَہٗ: سر توڑنا۔
رَدَسَ(ن ض) رَدْسًا۔ القَوْمَ: پتھر مارنا ___ الحَائِطَ: گرانا، ڈھانا ___ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ___ الاَرْضَ: ہموار کرنا ___ بِالشَّیِٔ: لے جانا ___ الحَجَر بالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَہٗ۔ ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ۔ مِنْ مَکَانِہٖ: گرنا۔
المِرْدَس و المِرْدَاس۔ پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوْس و رِدِّیْس) بہت دفع کرنے والا۔
رَدَعَہٗ (ف) رَدْعًا۔ عَنْ کَذَا: روکنا، ہٹانا ___ ہٗ بِالشَّیِٔ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ فَرَدَعَ بِہِ الاَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔
___ السَّھْمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا ___ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ۔ رَدْعَۃً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِہٖ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَہٗ۔ بِالزَّعْفَرَان: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ۔ لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا۔
اِرْتَدَعَ۔ باز رہنا ___ بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا ___ السَّھْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْع۔ مہ گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ رَدْعَہٗ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَہٗ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِیْصٌ (رَادِع) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرِّدَاع۔ کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاع۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔
الرَّدِیْع۔ پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِیْعٌ: زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَھْمٌ (رَدِیْعٌ و مِرْدَع) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَع۔ محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
الرِّدَعِل۔ چھوٹے بچے۔
رَدَغَتْ(ف) رَدْغًا۔ السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِہِ الاَرْضَ: پٹک دینا۔
اَرْدَغَ۔ المَکَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدْغ)
اِرْتَدَغَ۔ کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغ و الرِّدَاغ۔ کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدَغَۃ و الرَّدْغَۃ۔ سخت کیچڑ۔ ج رَدْغٌ رَدَغ و رِدَاغ۔ و رَدَغَات۔ مَاءٌ رَدَغَۃٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِیْغ۔ پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَۃ۔ گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پر رونق باغ۔ ج مَرَادِغ۔
رَدَفَہٗ (ف) وَرَدِفَ لَہٗ (س) رَدْفًا۔ پیچھے ہونا۔
رَدَفَہٗ و رَدِفَ لَہٗ: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔ رَدِفَ الاَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَہٗ۔ ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّۃٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
اَرْدَفَ۔ پے در پے ہونا ___ ہٗ: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّۃٌ لَا تُرْدِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ اَرْدَفَ الشَّیَٔ و بِالشَّیِٔ و عَلَیْہِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "اَرْدَفْتُ خَیْلاً عَلٰی خَیْلٍ لِّیْ" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ اَرْدَفَ لَہٗ: پیچھے آنا ___ الاَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کا پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الکَلِمَاتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔
اِرْتَدَفَہٗ۔ پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ___ ہٗ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَہٗ۔ پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَہٗ۔ پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔
الرِّدْف۔ پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فِی الجَاھِلِیَّۃِ: زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْدَاف۔ الرِّدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِّدْفَان: رات دن۔
الرِّدْف و الرِّدَاف۔ مِنَ الدَّابَّۃِ: جانور کا چوتڑ۔
الرَّدِیْف۔ سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِدَاف و رُدَفَاء نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِیْف فِی اصْطِلَاحِ الجُنْدِیَّۃِ: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بلا لیا جائے۔

الرَّادِفَة والرَّادُوْف- رَوَادِف کا واحد ہے
اور رَوَادِف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے
ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ
زمین میں نہ ہو- کوہان کے پیچھے حصّہ میں تہ بتہ
چربی- اگر اگلے حصّہ میں ہو تو اس کو رَوَاكِب
کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَهُمْ لَذَاتُ
رَوَاكِبَ وَرَوَادِفَ"
الرَّوَادِف- سُرین- پیچھے رہنے والی قوم-
الرِّوَادِفَة- بادشاہ کی قائم مقامی-
الرُّدَافٰی- مددگار لوگ- کہا جاتا ہے "جَاءُوْا
رُدَافٰی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے-
الرَّدْق- جانور کے نوزائیدہ بچّہ کا پاخانہ جو کچھ
کھانے سے پہلے کرے-
رَوْدَكَة- آراستہ کرنا- خوبصورت بنانا-
الرَّوْدَک- خوش شکل لڑکا- مؤنث رَوْدَكَة-
رَدَمَ (ن) رَدْمًا- الثُّلْمَةَ او البابَ: رخنہ یا
دروازہ بند کرنا ___ القَوْسَ: کمان کو کھینچ کر
آواز نکالنا ___ البَعِيْرَ: چھوٹا-
رَدَمَ (ن) رَدْمًا- الشَّيْءُ: بہنا ___
السَّحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا ___ الحُمّٰى:
ہمیشہ بخار رہنا ___ الشَّجَرَةُ: خشک ہونے
کے بعد سبز ہونا- رُدِمَ الشَّيْءُ: کسی چیز کے ایک
حصّہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا-
أَرْدَمَ- السَّحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا ___
الحُمّٰى عَلَيْهِ: ہمیشہ بخار رہنا-
رَدَّمَ- الثَّوْبَ: پیوند لگانا ___ النَّاقَةُ عَلٰى
وَلَدِهَا: اونٹنی کا اپنے بچّہ پر مہربان ہونا-
تَرَدَّمَ- ثَوْبَهٗ: کپڑے میں پیوند لگانا ___
الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا-
الخُصُوْمَةُ: جھگڑے کا طویل ہونا ___ ہ:
درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا ___ النَّاقَةُ
عَلٰى وَلَدِهَا: اونٹنی کا اپنے بچّہ پر مہربان ہونا
___ القَوْمُ الارضَ: زمین کی پیداوار کو بار بار
کھانا-
الرَّدْم- منہدم دیوار کا ملبہ- کمان کی آواز-
(___ والرَّدَام والمِرْدَام) ہر وہ چیز جو بے نفع
ہو-
الرَّدَم- رخنہ کی بندش- ج رُدُوْم-

الرَّدِيْم- مِنَ الثِّيَاب: پرانا کپڑا- ج رُدُم-
الأَرْدَم- ماہر ملاح- ج الارْدَمُوْن-
ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ و مُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا-
المُتَرَدَّم- پیوند لگائی ہوئی جگہ- زمانہ جاہلیت
کے شاعر عنترہ کے قول "هَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاءُ مِنْ
مُتَرَدَّم" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا
کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب
کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی
نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے-
رَدَنَ (ض) رَدْنًا- الاشياءَ: تہ بتہ رکھنا-
___ المرأةُ: تکلے پر کاتنا ___ النارَ: آگ
سلگانا-
رَدِنَ (س) رَدَنًا- الجلدُ: سکڑنا-
رَدَّنَ و اَرْدَنَ- القميصَ: آستین لگانا- اَرْدَنَتِ
الحمّٰى: بخار کا مدت تک رہنا-
اِرْتَدَنَت- المرأةُ: تکلا بنانا-
الرُّدْن- آستین کی جڑ- آستین کا کشادہ کنارہ-
عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے- اسی
وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثقل ردنه" یعنی وہ مالدار
ہو گیا- ج اَرْدَان-
الرَّدَن- مسلح ہتھیار کی جھنکار-
الرَّدَن- سوت- ریشم- ج اَرْدَان-
الرَّادِن- الزعفران-
احمر (رَادِنِی) سرخ جس میں زردی ملی ہو-
الاردن- ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم-
الرُّدَيْنِي- نیزہ- ردینہ نامی عورت کی جانب
منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی-
المِرْدَن- تکلا-
المُرْدِن- تاریک- اندھیرے والا- عرق مُرْدِن:
بدبودار پسینہ-
خَيْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا-
رَدَهَ- (ف) رَدْهًا- فلانا بحجر: سنگسار کرنا
___ البَيْتَ: بڑا مکان بنانا-
رَدَّهَ- الرجلُ: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ
سے سردار قوم بننا-
الرَّدْهَة- پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا
پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر- گھر کی سب سے
کشادہ جگہ- ج رَدْه و رِدَاه و رُدَه-

رَدَىٰ (ض) رَدْيًا و رَدَيَانًا- الشَّيْءَ: توڑنا- ہ:
دھکا دینا ___ ہ بحَجَرٍ: پتھر مارنا ___
الفَرَسُ: گھوڑے کا اُچھلتے ہوئے دوڑنا-
الجَارِيَةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں
سے اُچکتے ہوئے چلنا ___ فُلَانٌ: جانا- تم کہتے
ہو "مَا اَدْرِي اَيْنَ رَدَىٰ" میں نہیں جانتا کہاں گیا
___ فِي البِئْرِ: کنوئیں میں گرنا ___
فُلَانٌ: بلند پہاڑ سے گرنا ___ عَلٰى
الخَمْسِيْنَ مِنْ عُمْرِهِ: زائد ہونا-
رَدِيَ (س) رَدًى- ہلاک ہونا- گرنا-
رَدَّىٰ- الرَّجُلَ: ہلاک کرنا: چادر اُڑھانا-
___ ہ فی البئر: کنوئیں میں گرانا ___
مَالُهٗ: زیادہ ہونا ___ عَلَى الخَمْسِيْنَ:
زائد ہونا ___ الفَرَسَ: کدانا-
رَادَىٰ مُرَادَاة- الرَّجُلَ: پھسلانا- نرمی برتنا
___ عَنِ القَوْمِ: کسی قوم کی جانب سے
دوسروں پر پتھراؤ کرنا-
تَرَدَّىٰ- چادر اوڑھانا- تَرَدَّىٰ فِي البِئْرِ:
کنوئیں میں گرنا-
اِرْتَدَىٰ- چادر اوڑھنا- گلے میں تلوار لٹکانا-
اِرْتَدَتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر
دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا-
الرِّدَاء- چادر- عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش-
جمیل- تلوار- کمان- عقل- نادانی- باعث زینت-
باعث عیب- رِدَاءُ الشَّبَابِ: جوانی کی رونق-
رِدَاءُ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی- کہا جاتا ہے
"هُوَ غَمْرُ الرِّدَاءِ" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا
ہے و "خَفِيْفُ الرِّدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم
عیال والا ہے- ج اَرْدِيَة-
الرِّدَاءَة- بڑی چادر-
الرَّدَاة- چٹان- ج رَدًى-
الرَّدِي- ہلاک ہونے والا-
الرَّادِي- گونجنے والا شیر-
المِرْدَاة- لڑائی کا چکر- اور اسی سے ہے
"طَحَنَتْهُ مِرْدَاةُ طَحُوْنٍ" لڑائی کے چکر نے
اُسے پیس کر رکھ دیا (___ والمِرْدَىٰ) بڑی
چادر- ازار- پتھر توڑنے کا پتھر- ج مَرَادِي-
المَرَادِي: گھوڑے یا اونٹ کی ٹانگیں زمین پر

پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا۔ المَرادِی: ہاتھی۔
المُرْدِیّ۔ ملاح کا چپو۔ ج مَرادِیّ۔
رَذَّت(ن) رَذاذاً و اَرَذَّت۔ السَمَاءُ: پھوار برسانا۔ واَرَذَّتِ القِرْبَۃُ: بہہ پڑنا۔
الرَّذاذ۔ پھوار۔
الرَّوْذَق۔ اُتری ہوئی کھال۔ بھوننے کے لئے بالوں سے صاف کیا ہوا بکری کا بچہ۔ مسالہ ملا کر پکا ہوا گوشت۔ ج رَوَاذِق۔
الرَّوْذَکَۃ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔ ج رَوَاذِک۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَۃً۔ قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذَال و رُذُول و رُذْلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلاء و رِذَال۔
رَذَلَہٗ(ن) رَذْلاً و اَرْذَلَہٗ۔ حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرْذَلَ۔ بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ــــــ ہ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ ــــــ الدَّرَاھِمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔
اِسْتَرْذَلَہٗ۔ حقیر سمجھنا۔
الرُّذال۔ حقیر و کمینہ (ــــــ والرُّذَالَۃ) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَۃُ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔
الرَّذِیْلَۃ۔ نالائقی۔ بُری عادت۔ ج رَذَائِل۔
الاَرْذَل۔ اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل و اَرْذَلُوْن۔
المُرْذِل۔ رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔
رَذَمَ (ن ض) رَذْماً و رَذَمَاناً و رَذِمَ (س) رَذَماً و اَرْذَمَ۔ الاِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) واَرْذَمَ عَلَی الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمرِہٖ: زائد ہونا۔
الرِّذم والرَّذَمَان۔ مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ رَذَماً مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الرُّذَام و الرُّذَم۔ کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الرَّذُوْم۔ بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم و رَذَم۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَۃ و اُرْذِیَ۔ بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیّ) رُذَاۃ۔ مؤنث رَذِیَّۃ۔
اَرْذَاہ۔ نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذَی)
الرَّذِیّ۔ بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَّتِ (ن ض) رَزّاً۔ الجَرادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چبھونا۔ السَمَاءُ: گرجنا۔ ہ: نیزہ مارنا ــــــ البَابَ: دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَھْمَ فِی الحَائِط: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزَّتْ۔ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔
رَزَّزَ۔ الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا ــــــ الاَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرْتَزَّ۔ السَھْمُ فِی الحَائِط: تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَۃِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُّزّ۔ چاول (اُرْز میں ایک لغت ہے)
الرِّزّ والرِّزِّیْزیٰ۔ دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الرَّزَّۃ۔ زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز و رَزَّات و رُزَز۔
الرَّزَّۃ۔ پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَّزَاز۔ سیسہ۔
الرَّزَاز۔ چاول کا سوداگر۔
الاِرْزِیْز۔ کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الرَّزِیْز۔ ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیزُ الرَّعْدِ: گرج کی آواز۔
المُرَزَّر۔ مِنَ الطَّعَام: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
المَرَزَّۃ۔ چاول اُگنے کی جگہ۔ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأَ (ف) رَزْأً و رُزْأً و مَرْزِئَۃً۔ الرَّجُلَ مَالَہٗ: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ــــــ ورَزِیَ (س) رَزْأً و اِرْتَزَأَ الرجل: بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَأَ الشَّیْئَ: کم کرنا۔ واِرْتَزَأَ الشَّیْئُ: کم ہونا۔
الرُّزْء۔ ج اَرْزَاء و (الرَّزِیْئَۃ والرَّزِیَّۃ) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔
المُرَزَّأ۔ فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْنَ۔ والمُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَۃ۔ بڑی مصیبت۔
رَزَبَہٗ (ن) رَزْباً۔ چمٹے رہنا۔
الاِرْزَبّ۔ چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَّۃ والمِرْزَبَۃ۔ لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب۔
المِرْزَاب۔ پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرَازِیب۔
المَرْزُبَان۔ فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَۃ و (المَرْزُبَۃ) فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ (ف) رَزْحاً و رُزُوْحاً و رَزَاحاً۔ الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح ــــــ الرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا ــــــ الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا (ــــــ واَرْزَحَ) العِنَبَ: گرے ہوئے انگور اُٹھانا (رَزَحَتْ و تَرَازَحَتْ) حالہ: بُرا حال ہونا۔
رَزَّحَ۔ النَاقَۃَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزَاحیٰ و رَزْحیٰ و رُزَّح و رَوَازِح) لاغر و کمزور اونٹ۔
المَرْزَح۔ ہموار زمین۔
المِرْزَح والمِرْزَحَۃ۔ انگور کی بیل کو زمین سے اُٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِح۔ المِرزَح: آواز۔
المِرْزَاح۔ مِنَ الاِبِلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو ہلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیح۔
رَزَخَہٗ (ف) رَزْخاً۔ بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا۔
الرَّزْدَق۔ لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الرُّزْدَاق۔ دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں۔ ج رُزْدَاقات و رَزَادِیق۔
اَرْزَغَ۔ المَاءُ: پانی کم ہونا ــــــ المَکَانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا ــــــ المُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا ــــــ

المَطَرُ الارضَ : بارش کا زمین کو تر کر دینا
ــــــ الرَّجُلَ : عیب سے آلودہ کرنا ــــــ فِیْ
فُلَانٍ : بہت تکلیف پہنچانا' حقارت کرنا' عیب
لگانا' طعن و تشنیع کرنا۔
رَازَغَہ۔ کشتی کرنا اور فریب دینا۔
اِسْتَرْزَغَہ۔ کمزور سمجھنا۔
الرَّزَغَۃ۔ پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ رِزَاغ۔
الرَّزغ : تری۔
الرَّزِغ و الرَّازِغ۔ کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزَّفَ و اَرْزَفَ اِلَیْہِ :
آگے بڑھنا ــــــ الجَمَلُ : اونٹ کا بلبلانا۔
دوڑنا۔ رَزَفَ الاَمْرُ : قریب ہونا۔ اَرْزَفَ
النَّاقَۃَ : دُلکی چلانا۔ اُرْزِفَ القَوْمُ : جلدی سے
شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
نَاقَۃٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم' تیز رفتار اونٹنی۔
رَزَّافَاتُ۔ البَلَدِ : شہر کے قریب کی جگہیں۔
رَزَقَہٗ (ن) رَزْقًا۔ روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے
"رَزَقَہُ اللّٰہُ الغنی" اللہ اسے تونگری دے۔
رُزِقَ۔ روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔
اِرْتَزَقَہٗ۔ روزی مانگنا ــــــ الجُنْدُ : روزی
لینا۔
اِسْتَرْزَقَہٗ۔ روزی مانگنا۔
الرِّزْق۔ روزی۔ ج اَرْزَاق۔ بارش۔
الرِّزْقُ الحَسَنِ : بغیر محنت و مشقت کے حاصل
ہونے والی روزی (ــــ و الرَّزْقَۃ) ج
رَزَقَات۔ سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے
"اَخَذْتُ رَزْقَۃَ۔ ھٰذا الشَّھْرِ او ھٰذا العَامِ"
میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرَّازِقِیُّ۔ کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔
شراب۔
الرَّازِقِیَّۃ۔ کتان کے سفید کپڑے۔ شراب۔
الرَّزَّاق۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء
حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق
ہوتا ہے)
المُرْتَزَق۔ مفع۔ جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔
المُرْتَزِقَۃ۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد
حاصل کرلی ہو۔
المَرْزُوْق۔ مفع خوش نصیب۔

رَزَمَ (ن) رَزْمًا۔ الشَّیْئَ : جمع کر کے باندھنا
ــــــ بِالشَّیْئِ : پکڑنا ــــــ عَلٰی عَدُوِّہٖ :
دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا ــــــ
الرَّجُلُ : مرنا ــــــ الاُمُّ بِہٖ : جننا۔
رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا و رُزَامًا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا
لاغری کی وجہ سے اُٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج
رُزَّام (ــــ رَزْمَۃٌ) الشِّتَاءُ : سرد ہونا۔
رَزَّمَ۔ الثِّیَابَ : کپڑوں کا گٹھری میں باندھنا۔
ــــــ القَوْمُ : کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ۔ بَیْنَھُمَا : جمع کرنا ــــــ فِی
المَطَاعِمِ : بدل بدل کر کھانا کھانا ــــــ الدَّارَ :
دیر تک رہنا۔
اَرْزَمَ۔ الرَّعْدُ : سخت گرجنا۔ اَرْزَمَتِ النَّاقَۃُ :
بچہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ مَا
اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک
اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔
اِرْزَأَمَّ اِرْزِئْمَامًا۔ غضبناک ہونا۔
الرَّزْمَۃ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِّزْمَۃ۔ مِنَ الثِّیَابِ و غَیْرِھَا : گٹھری۔ ج
رِزَم۔
الرَّزَمَۃ۔ بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان
ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق
سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے
"لَا خَیْرَ فِیْ رَزَمَۃٍ لَا دِرَّۃَ فِیْھَا" اس اونٹنی کی
آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل
نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ
کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو
چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔
غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج
ختم نہ ہو۔
الرُّزَام۔ سخت مرد۔ ج رُزُم۔
اَسَدٌ (رَزَامَۃٌ و رُزَامٌ) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا
شیر۔
الرِّزْنِم۔ شیر کی گونج۔
الرَّزْأَم و المُرْزِم۔ اپنے شکار پر چکر لگانے والا
اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ
بِالمُرْتَزَم"
المِرْزَم۔ گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسّی۔

اُمُّ المِرْزَم : باد شمالی یا مطلقاً ہوا۔
المِرْزَمَان۔ دو ستارے جو دونوں شعری کے
ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا
کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَیْرَ فِی
الزَّمانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" یعنی اس زمانہ میں
خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ (ن) رَزْنًا۔ الشَّیْئَ : ہاتھ سے اٹھا کر وزن
کا اندازہ کرنا ــــــ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا۔
رَزُنَ (ک) رَزَانَۃً۔ سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔
بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر
(رَزِیْن) صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا
جاتا۔
رَازَنَ۔ الرَّجُلَ : دوست ہونا۔ ساتھ اُترنا۔
تَرَازَنَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَرَزَّنَ۔ فِی الاَمْرِ او فِیْ مَجْلِسِہٖ : سنجیدہ و
صاف رائے ہونا۔
الرَّزْن و الرِّزْن۔ بلند جگہ جس میں پانی رُک
جائے۔ ج رُزُوْن و رِزَان و اَرْزَان۔ الرَّزْن : کنارہ۔
الرِّزْنَۃ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان۔
الاَرْزَن۔ سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی
لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الرَّزِیْن۔ ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے
"ھُوَ رَزِیْنُ الرَّاْیِ"
الرَّوْزَنَۃ۔ روشن دان۔ ج رَوَازِن۔
رَزَیٰ۔ (ض) رَزْیًا۔ فُلَانًا : احسان قبول کرنا۔
اَرْزَیٰ اِرْزَاءً۔ اِلَیْہِ و اَرْزَیٰ اِلَیْہِ ظَھْرَہٗ : سہارا
لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ (ن) رَسًّا۔ البِئْرَ : کنواں کھودنا ــــــ
الشَّیْئَ : دھنسانا ــــــ لَہُ الخَبَرَ : بیان کرنا
ــــــ المَیِّتَ : میت کو دفن کرنا ــــــ
خبرھم : معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَیْنَھُمْ :
صلح کرانا۔ فساد ڈالنا ــــــ (ضد) (ــــ رَسًّا
و رَسِیْسًا و اَرَسَّ) السَّقَمُ فِیْ جَسَدِہٖ : بیماری
کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔
رَاسَّہٗ مُرَاسَّۃً۔ بِالاَمْرِ : کسی کام کی کسی کے
ساتھ ابتداء کرنا۔
تَرَاسَّ۔ القَوْمُ الخَبَرَ : رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ۔ الخَبَرُ فِی النَّاسِ : پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔

الرَّمْثُ۔مہ۔پرانا کنواں۔علامت۔معدن ہر چیز کی ابتداء۔بخار کی ابتداء۔کہا جاتا ہے "بِہٖ رَمْثٌ حُمّٰی" اسے بخار کی ابتداء ہے۔رَمْثُ الحُبِّ : آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنِی رَمْثٌ مِنَ الخَبرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔

الرَّسَّۃ۔مضبوط ستون۔

الرَّسَّۃ والأُرْسُوسَۃ۔ٹوپی۔

الرَّسِیْسُ۔مہ۔ثابت۔عاقل۔غیر صحیح خبر۔رِیحٌ رَسِیْسٌ : نرم ہوا۔ رَسِیْسُ الحُمّٰی : بخار کی ابتداء۔ رَسِیْسُ الحُبِّ : آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔اثر محبت۔

الرُّسّٰی۔ٹیلہ۔بڑی بوند کی بارش۔

رَسَبَ ورَسُبَ (ن و ک) رُسُوْبًا و رَسَبًا۔ الشَّیئُ فِی المَاءِ : تہ نشین ہونا ــــ العَیْنُ : آنکھ اندر کو دھنس جانا۔

اَرْسَبَہ۔نیچے اُتارنا۔

الرَّاسِبُ والرَّسُوْبُ۔مِنَ الرِجَالِ : حلیم۔ بردبار۔ثابت قدم۔

الرُّسَبُ والرَّسَبُ والرَّسُوْبُ و المِرْسَبُ۔مِنَ السُّیُوْفِ : اندر کو گھس جانے والی تلوار۔

الرَّوْسَبُ۔بلا۔مصیبت۔

الرُّسْتَاقُ۔دیہات۔ج رَسَاتِیْقُ۔

رَسِحَ (س) رَسَحًا۔دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاء) ج رُسْحٌ۔ اِمْرَأَۃٌ رَسْحَاءُ : بدصورت عورت۔

اَرْسَحَہ۔لاغر کرنا۔

رَسَخَ (ن) رُسُوْخًا۔گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحِبْرُ فِی الصَّحِیفَۃ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔"ورَسَخَ العِلْمُ فِی القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہوگیا۔ و فُلانٌ رَاسِخٌ فِی العِلْمِ فلاں مضبوط علم والا ہے ــــ الغَدِیْرُ : تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔

اَرْسَخَہٗ۔گاڑ دینا، ثابت کرنا، مضبوط کرنا۔

تَرَسَّخَ۔ فِی التُّقٰی : پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔

الرَّسْدَقُ والرُّسْدَاقُ بمعنی الرَّزْدَقُ والرُّزْدَاقُ۔

رَسَغَ (ف) رَسْغًا۔العَضْوُ : خراب اور ڈھیلا ہونا ــــ عَیْنُہٗ : چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا ــــ الصَّبِیَّ : بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

رَسِعَ (س) رَسَعًا۔ خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَعُ) ــــ عَیْنُہٗ : خراب پپوٹوں والی ہونا۔صفت (رَسْعَاء) ــــ بِہِ الشَّیئَ : چمٹنا۔

رَسَّعَ۔ خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا ــــ الشَّیئُ : چپکانا ــــ السَّیْرَ : ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا ــــ الصَّبِیَّ : بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

الرِسَاعَۃ۔ج رَسَائِعُ : تلوار کی پرتلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرُّسْوْعُ۔ کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرَّسِیْعُ۔چپکایا ہوا۔ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔

رَسَغَ (ن) رَسْغًا۔البَعِیرَ : اگلی ٹانگوں کے گٹے میں رسی باندھنا۔

رَسَّغَ۔ المَطَرُ : ٹخنے تک برسنا ــــ العَیْشَ : وسیع کرنا ــــ الکَلاَمَ : دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔

رَاسَغَہٗ۔گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔

اِرْتَسَغَ۔عَلٰی عِیَالِہٖ : نفقہ میں وسعت کرنا۔

الرُّسْغُ والرُّسُغُ۔ گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغٌ واَرْسُغٌ۔

الرَّسِیْغُ۔ مِنَ العَیْشِ : کشادہ زندگی۔ مِنَ الطَّعَامِ : بہت خوراک۔

الرِسَاغُ۔وہ رسی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔

المُرَسَّغُ۔ مِنَ الآراءِ : کمزور و نادرست رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِیْفًا و رَسَفَانًا۔ پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

اَرْسَفَ۔الدَّابَّۃَ : بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ۔الشَّیئُ : بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلاً و رَسَالَۃً۔الشَّعْرُ : بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا ــــ البَعِیْرُ : اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ۔فِی القِرأَۃِ : خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا ــــ الفُصْلاَنَ : اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَہٗ۔ فِی وعَلٰی وبِالأَمْرِ : خط و کتابت کرنا۔رَاسَلَہُ الغِنَاء : گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَہٗ۔بھیجنا۔چھوڑنا۔اَرْسَلَ القَوْلَ : بلا قید بولنا ــــ فلاَنًا عَلَیْہِ : مسلط کرنا۔ اَرْسَلَ بِہٖ اِلَیْہِ : پیغام کے ساتھ بھیجنا ــــ قولہ مثلاً : اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ۔ نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعوی کرنا ــــ فِی الرکُوبِ : اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا ــــ فِی القُعُوْدِ : اِردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چار زانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ۔القَوْمُ : باہم خط و کتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ۔ الشعرُ : بالوں کا سیدھا ہونا۔ لٹکنا ــــ الشَّیئُ : نرم ہونا ــــ اِلَیْہِ : بے تکلفی برتنا ــــ فِی الکَلاَمِ : گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرَّسْلُ۔ مِنَ السَّیْرِ : نرم چال ــــ مِنَ الشَّعرِ : لٹکے ہوئے بال ــــ مِنَ الإِبِلِ : نرم چال والا اونٹ۔

الرِسْلُ۔ نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج رِسَال۔ الرِسَال : اونٹ کی ٹانگیں (الرِسْل والرِسْلَۃ) آہستگی، نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَلٰی رِسْلِکَ یَا رَجُلَ" یعنی اے شخص آہستہ وباوقار رہ۔الرِسْلَۃ : جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا رِسْلَۃً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَلُ۔ مہ ۔ جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج اَرْسَالٌ۔

الرَّسْلَۃ۔ کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِیْہِ رَسْلَۃ نَاقَۃٌ رَسْلَۃٌ" : نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِی رَسْلَۃٍ مِنَ العَیْشِ" وہ لوگ۔

نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَة :وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔

الرِّسَالَة و الرَّسَالَة۔ پیغام۔ پیغامبری خط۔ ج رَسَائِل و رَسَالَات۔

الرَّسُوْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسْل و رُسُل و اَرْسُل و رُسَلاء۔ الرُّسُل :چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَّسِیْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ سانڈ۔ میٹھاپانی۔ ج اَرْسُل و رُسُل و رُسَلاء۔

الرُّسَیْلَة۔ الرِّسْلَة کی تصغیر۔ کہاجاتا ہے "اَلْقَی الْكَلَامَ عَلٰی رُسَيْلَاتِهٖ" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔

الْمُرْسَلَة۔ لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَات۔ الْمُرْسَلَات : ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

الْمِرْسَال۔ چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ مِرْسَالٌ : نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِیْل۔

رَسَمَ (ن) رَسْمًا۔ الْمَطَرُ الدِّيَارَ : مٹاکر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا۔ لَهٗ كَذَا : حکم دینا ___ عَلٰی كَذَا : لکھنا ___ الْكِتَابَ : لکھنا ___ نَحْوَهٗ : دوڑتے ہوئے جانا ___ ہ الْاَسْقُفُ : گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔ اسم "الرِّسَامَة" ہے۔

رَسَمَ (ض) رَسِیْمًا۔ الْبَعِیْرُ : پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْم)

رَسَّمَ۔ الثَّوْبَ : دھاری دار بنانا (___ و اَرْسَمَ) النَّاقَة :چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔

تَرَسَّمَ۔ الدَّارَ :گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا ___ الشَّیْءَ : یاد کرنا ___ الْبَانِیْ و الْحَافِرُ : عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ۔ الْاَمْرَ : فرمانبرداری کرنا۔ کہاجاتا ہے "رَسَمَ لَهٗ كَذَا فَارْتَسَمَه" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا ___ لِلّٰهِ تعالیٰ : تکبیر کہنا اور دعا کرنا ___ الرَّجُلُ : گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔

الرَّسْمُ۔ مد۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَیٰ وُدَّكُمْ رَسْمًا وَوُدِّیْ حَقِیْقَةٌ" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوْم و اَرْسُم۔ محالہ ___ عِنْدَ اَهْلِ الْجِبَايَةِ : ٹیکس۔

الرَّاسِم۔ فا۔ بہتا ہوا پانی۔

الرَّسَم۔ رفتار کی خوبی۔

الرَّاسُوْم۔ ج رَوَاسِیْم و (الرَّوْسَم) ج رَوَاسِم :مہر۔ مٹکے وغیرہ پر مہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلّہ کے ڈھیر پر مُہر کی جائے۔

الرَّوْسَمُ :علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَّوَاسِم : زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم و رَاسِمَة)

الْمَرْسُوْم۔ مفعو۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِم و مَرَاسِیْم۔

الرَّسَّام۔ نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔

الرَّسَمَان و الْمِرْسَم :زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا و اَرْسَنَ۔ الدَّابَّةَ : جانور کے سر میں رسّی ڈالنا۔ رَسَنَ و اَرْسَنَ الدَّابَّةَ : جانور کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمٰی بِرَسَنِهٖ عَلٰی غَارِبِهٖ" اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسّی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ الْمُهْرُ : بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسّی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔

الرَّسَن۔ جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی۔ ج اَرْسَان و اَرْسُن۔

الْمَرْسِن و الْمِرْسَن۔ مِنَ الدَّابَّةِ :رسّی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن۔ ناک۔

رَسَا يَرْسُوْ رَسْوًا و رُسُوًّا۔ ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (رَاسٍ) صفت مؤنث (رَاسِيَة) ج رَوَاسٍ و رَاسِيَات۔ رَسَتِ السَّفِیْنَةُ : لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَیْنَ الْقَوْمِ : صلح کرانا ___ عَنْهُ حَدِیْثًا : کسی سے روایت کرنا۔ لَهُ الْحَدِیْثَ : کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا ___ الصَّوْمَ : روزے کی نیت کرنا۔

رَاسٰی۔ ہ : تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسٰی اِرْسَاءً۔ الشَّیْءُ : ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا ___ السَّفِیْنَةَ : کشتی کو لنگرانداز کرنا ___ الْوَتَدَ فِی الْاَرْضِ : کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔

الرَّسْوُ۔ خبر کا ایک حصہ۔

الرَّاسِیْ۔ فا۔ قِدْرٌ رَاسِیَة :ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔

الرَّوَاسِیْ۔ مضبوط پہاڑ۔

الرَّسِیُّ۔ ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا تھم۔

الْمَرْسٰی۔ بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ۔

الْمُرْسٰی۔ مفعو۔ باری تعالٰی کے قول "يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"

الْمِرْسَاة۔ کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ۔ کہاجاتا ہے "اَلْقٰی مَرَاسِيَهٗ" یعنی اس نے اقامت کی "وَاَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِیَهَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا۔ الْمَاءَ :پانی چھڑکنا ___ السَّمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا ___ الشَّیْءَ :دھونا۔

اَرَشَّتْ۔ السَّمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا ___ الطَّعْنَةُ : کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا ___ الشِّوَاءُ : بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا ___ الْفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ۔ عَلَیْهِ الْمَاءُ :متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔

الرَّشُّ۔ مد۔ پھوار۔ ج رِشَاش۔ تکلیف دہ مار۔

الرَّشَاش۔ پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

الْمِرَشَّة۔ پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأَ (ف) رَشْأً۔ الظَّبْیُ : ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا ___ الظَّبْيَةُ : ہرن کا جننا۔

الرَّشَأُ۔ ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج اَرْشَاء۔

الرُّشْبَة۔ مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔

الْمَرَاشِب۔ مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کر

دیں۔
رَشَحَ (ف) رَشْحًا و رَشَحَانًا و اَرْشَحَ
و اِرْتَشَحَ۔ الْاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا ___
الْجَسَدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا و رَشَحَ الظَّبْیُ:
ہرن کا اُچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ یَرْشَحْ لَهٗ:
بِشَیْءٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔
رَشَحَتِ النَّاقَةُ وَلَدَهَا رَشْحًا و اَرْشَحَتْهُ
و رَشَّحَتْهُ۔ اونٹنی کا اپنے بچّے کی دم کی جڑ کو اپنے
سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر
جانا تاکہ بچّہ اس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح
مُرْشِح و مُرَشِّح)
رَشِحَ۔ پسینہ سے تر ہونا۔
رَشَّحَ۔ الْمَالَ: بہتر انتظام کرنا ___ الْوَلَدَ:
پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے
"هُوَ یُرَشَّحُ لِوِلَایَةِ الْعَهْدِ" وہ ولی عہدی کیلئے
تیار کیا جا رہا ہے ___ الظَّبْیَةُ وَلَدَهَا: جننے
کے وقت آلائش چاٹنا ___ النَّاقَةُ وَلَدَهَا:
بمعنی رَشَحَتْهُ ___ الْغَیْثُ النَّبَاتَ: بارش کا
نباتات کو بڑھانا۔
تَرَشَّحَ۔ وَلَدُ النَّاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے
لائق ہونا ___ الظَّبْیَةُ: جننے کے وقت آلائش
چاٹنا ___ الْمَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔
___ الرَّجُلُ لِلْاَمْرِ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔
اِسْتَرْشَحَ۔ النَّبَاتَ: بلند ہونا۔ بڑھنا ___
النَّبَاتُ: چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔
الرَّشْحُ۔ مص۔ پسینہ۔
الرَّاشِحُ۔ فا۔ پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔
___ مِنَ الْفُصْلَانِ: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس
کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج
رَوَاشِح۔
الرَّشِیْحُ۔ پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔
الْمِرْشَحُ و الْمِرْشَحَةُ۔ زین کے نیچے کا
خوگیر۔
الْاَرْشَحُ۔ بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ
اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔
رَشَدَ (ن) رُشْدًا و رَشَادًا و رَشِدَ (س)
رَشَدًا۔ ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا ___
اَمْرَهٗ: ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهٗ و اَرْشَدَهٗ۔ اِلٰی کَذَا و عَلَیْهِ و لَهٗ:
ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ الْقَاضِیْ: سیدھے راستہ پر
چلانا۔
اِسْتَرْشَدَ۔ لِاَمْرِهٖ: راہ راست پانا۔
___ ہ: ہدایت طلب کرنا۔
الرُّشْدُ۔ مص۔ ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔
الرَّشْدَةُ و الرِّشْدَةُ: حلال زادہ۔
الرُّشْدٰی۔ ہدایت۔
الرَّشِیْدُ۔ سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت
یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔
الرَّشَادُ و الرَّشَدُ۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرَّشَادَةُ۔ چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد۔
الْمَرَاشِدُ۔ سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے
واحد نہیں)
اُمُّ رَاشِدٍ (چوہیا)۔
رَشْرَشَ رَشْرَشَةً۔ الشَّیْءُ: ڈھیلا ہونا۔
___ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ
سے زمین رگڑنا۔
تَرَشْرَشَ۔ الْمَاءُ: بہنا۔ خُبْزٌ او عَظْمٌ
(رَشْرَشٌ و رَشْرَاشٌ) نرم روٹی یا ہڈی۔
رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا و رَشِیْفًا و تُرْشَافًا
و رَشِفَ (س) رَشَفًا و رَشَفَانًا الْمَاءَ و نَحْوَهٗ:
چوسنا ___ الْاِنَاءَ: پی کر خالی کرنا۔
رَشَّفَ و اَرْشَفَ و تَرَشَّفَ و اِرْتَشَفَ
الْمَاءَ: خوب چوسنا۔
الرَّشْفُ و الرَّشَفُ۔ حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا
جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض۔
الرَّشَّافُ۔ بہت چوسنے والا۔
الْمِرْشَفُ۔ پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف
الْمَرَاشِفُ: ہونٹ۔
رَشَقَهٗ (ن) رَشْقًا۔ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا۔
بِبَصَرِهٖ: گھور کے دیکھنا ___ ہ بِلِسَانِهٖ: طعن و
تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "اِیَّاکَ و رَشَقَاتِ
اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔
رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً۔ الْغُلَامُ: خوبصورت قد
والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت
(رَشِیْق) ج رَشَق۔
رَاشَقَهٗ مُرَاشَقَةً۔ ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر

مارنا۔
تَرَاشَقَ۔ الْقَوْمُ: باہم تیر اندازی کرنا اور کہا
جاتا ہے "تَرَاشَقُوْا بِاَلْسِنَتِهِمْ و تَرَاشَقُوْا
بِاَعْیُنِهِمْ" انہوں نے اپنی زبانوں سے طعن و
تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔
تَرَشَّقَ۔ فِی الْاَمْرِ: تیز ہونا۔
اَرْشَقَ۔ النَّظَرَ اِلَیْهِ: تیز نظر سے دیکھنا۔
الْقَوْمَ بِبَصَرِهٖ: نگاہ ڈالنا ___ الظَّبْیَةُ: ہرنی کا
گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا ___
الرَّامِیْ: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِیْ
مَقْصَدِیْ": اس نے میرے مقصد کی طرف
چلنے میں میرا مقابلہ کیا و "مَا اَرْشَقَ هٰذِهِ
الْقَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔
اَلرَّشَق۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ رَشِیْق کی
جمع۔
الرَّشْقُ و الرِّشْقُ۔ قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے
ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهٖ" میں نے اس کے قلم
کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْقُ: تیر اندازی ج
اَرْشَاق۔
الْاَرْشَقُ۔ سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِیْدٌ
اَرْشَقُ" کھڑی گردن۔
الرَّشِیْقُ: نازک اندام خوبصورت۔
مِنَ اللَّفْظِ او الْخَطِّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط۔
الرِّشْکُ۔ گھنی داڑھی۔ گھنی داڑھی والا۔
بچھو۔
رَشَمَ (ن) رَشْمًا۔ بَیْدَرَ الْحِنْطَةِ: گیہوں
کے کھلیان پر مہر کرنا۔ (___ و رَشَّمَ) لکھنا۔
رَشِمَ (س) رَشَمًا۔ کھانے کی بو سونگھنا اور
خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)
اَرْشَمَ۔ الشَّجَرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔
الْاَرْضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا ___ الْبَرْقُ:
بجلی چمکنا۔ الْمَاشِیَةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔ (___
و اِرْتَشَمَ) الْاِنَاءَ: برتن پر مہر کرنا۔
الرَّشْمُ۔ ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (
___ و الرَّشَمُ) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا
اثر۔
الْاَرْشَمُ۔ داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے نتھنوں
کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) ___ مِنَ الْغَیْثِ

: تھوڑی بارش۔ عامٌ اَرْشَمُ: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔

اَلرَّوْشَمُ و الرَّاشُوْمُ۔ غلّہ کے انبار پر مُہر کرنے کی منقوش تختی۔

اَلرُّشْمَةُ۔ بجو کے منہ کی سیاہی۔

رَشَنَ (ن) رَشْنًا و رُشُوْنًا۔ بن بلائے مہمان بننا ___ الکَلْبُ فِی الاِنَاءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔

الرَّوْشَن و الرَّشْن۔ پانی نکلنے کا دہانہ۔

الرَّاشِن۔ فا۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان" بھی کہا جاتا ہے۔

الرَّوْشَن۔ روشن دان۔ ج رَوَاشِن۔

رَشَاہ (ن) رَشْوًا۔ رشوت دینا۔

رَاشٰی مُرَاشَاةً۔ فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔

اَرْشٰی۔ الدَّلْوَ: ڈول میں رسّی لگانا ___ الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا ___ القَوْمُ فِی دَمِهٖ: کسی کے خون میں شریک ہونا ___ اَرْشَوْا بِسلَاحِهِمْ فِیهِ: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔

تَرَشّٰی۔ الرَّجُلُ: باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَشٰی۔ رشوت لینا ___ مِنْهُ رِشْوَةً: رشوت لینا۔

اِسْتَرْشٰی۔ فِی حُکْمِهٖ: رشوت مانگنا ___ الفَصِیْلُ: اونٹ کے بچّہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا ___ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔

الرُّشْوَة و الرَّشْوَة و الرِّشْوَة۔ رشوت۔ ج رُشًی و رِشًی۔

الرِّشَاء۔ رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِیَة کہا جاتا ہے "اَتبِع الدَّلْوَ رِشَاءَ هَا" ڈول کے پیچھے رسّی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کراتا ہو۔ و ارشیة النبات: نباتات کی بیلیں۔

الرَّشَاة۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج رَشًا۔

الرَّشِیّ۔ اونٹ کا بچّہ۔

التَّرْشَاء۔ ڈول کی رسّی۔

رَصَّ (ن) رَصًّا۔ الشَّیْءَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا ___ الدَّجَاجَةُ: بَیْضَتَهَا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا۔

رَصَّصَهٗ۔ ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا ___ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ و اِرْتَصَّ۔ باہم چمٹنا۔ جڑنا۔

الرَّصَاص۔ سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَة)

الرَّصَاصِیّ۔ سیسہ کے رنگ کا۔

الرَّصَص۔ دانتوں کی پیوستگی۔

الرَّصِیْص۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَةٌ۔ ج رَصَائِص۔ کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی القَبْرِ الرَّصَائِص" قبر پر پتھر بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِیْص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔

الاَرَصّ۔ قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء۔ ج رُصّ۔ فَخِذٌ رَصَّاءُ: ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔

الاُرْصُوْصَة۔ خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَّصَّاصَة۔ بخیل۔ جاری چشمہ کے ارد گرد کے پتھر۔ بنیان (مَرْصُوْص) مضبوط عمارت۔

الرَّصَب۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔

رَصِحَ (س) رَصَحًا۔ قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء۔

رَصِخَ۔ فِی الاَمْرِ: بمعنی رَسَخ۔

رَصَدَهٗ (ن) رَصْدًا و رَصَدًا۔ انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔

رُصِدَ۔ المَکَانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)

رَاصَدَہ۔ نگہبانی کرنا۔

اَرْصَدَ۔ الرَّقِیْبَ: گھات میں واسطہ پر کھڑا کرنا ___ لَهٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا ___ لَهٗ خَیْرًا او شرًّا: بدلہ دینا ___ الحِسَابَ: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔

اِرْتَصَدَهٗ و تَرَصَّدَهٗ۔ امید لگانا۔ تَرَصَّدَ لَهٗ: گھات میں بیٹھنا۔

تَرَاصَدَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔

الرَّاصِد۔ فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد و رَصَد۔

الرَّصَد۔ راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد۔ گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے ارصاد بولتے ہیں)

الرَّصْدَة۔ بوچھار ج رِصَاد۔

الرُّصْدَة۔ تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔

الرَّصُوْد۔ پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔

الرَّصِیْد۔ گھات میں رہنے والا۔

المِرْصَاد۔ راستہ (___ و المَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِیْد و مَرَاصِد۔ مَرَاصِدُ الحَیَّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَةٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔

رَصْرَصَ۔ البِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا ___ فِی المَکَانِ: ٹھہرنا۔ رہنا۔

الرَّضْرَاصَة۔ سخت زمین۔ جاری چشمہ کے ارد گرد کے پتھر۔

رَصَعَهٗ (ف) رَصْعًا۔ بیدہ: تھپڑ مارنا ___ بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فِی المَطْعُوْنِ: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا ___ الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (___ رُصُوْعًا) اقامت کرنا۔

رَصِعَ (س) رَصَعًا۔ بالشیء: چپکنا ___ بالطیب: مہک اُٹھنا ___ المرأة رِصَاعًا: جماع کرنا۔

رَصَّعَ۔ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا اور بُننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّهٗ بالقُضْبَانِ" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا۔ الذَّهَبَ بالجَوَاهِر: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَوَاهِر" جواہر کا جڑا ہوا تاج ___ العِقْدَة بالجَوَاهِر: ہار میں جواہر پرونا۔

اَرْصَعَهٗ۔ بالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔

اِرْتَصَعَ۔ اَلحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا ___ بِهٖ: چپکنا ___ اَسْنَانُهٗ:

دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ۔ جڑاؤ ہونا۔ شاداں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔

تَرَاصَعَتِ۔العَصَافِیْرُ :جفتی کرنا۔

الرَّصِیْعَۃُ۔ کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع۔

الأَرْصَع۔لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ أَرْصَعُ :پورا گھسا ہوا نیزہ۔

الرَّصَّاع۔بہت جماع کرنے والا۔

المِرْصَاع۔لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔

الرُّصْغ۔بندوبست۔ گٹا۔

الرِّصَاغ۔بمعنی الرساغ۔

رَصَفَ (ن) رَصْفًا۔ الحِجَارَۃَ : پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا ___ المصلّی قَدَمَیْہِ او بَیْنَ قَدَمَیْہِ :نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "ھٰذا الأمْرُ لا یَرْصُفُ بِكَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ (ک) رَصَافَۃً۔العَمَلُ :مضبوط ہونا۔

رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا أسْنَانُہ :دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔

أرْصَفَ۔ شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ الحِجَارَۃُ :پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔

___ القَوْمُ فِی الصَّفِّ : ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا ___ أسْنَانُہ : دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔

الرَّصَف۔پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَۃ)

الرَّصَفَتَانِ : گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔

الرَّصَف : پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف : پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِّصَاف۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رَصَف و رُصُف۔

الرَّصِیْف۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِیْفٌ : مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِیف کا اطلاق پتھروں کے فرش کیے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔

الرَّصَافَۃ۔پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُّصُوْفَۃ۔ثابت قدمی۔

المِرْصَافَۃ۔ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الأسْنَان : قریب قریب دانتوں والا مرد۔

ارْتَصَقَ ارْتِصَاقًا۔ چپک کر مضبوط ہونا۔

رَصِمَ (س) رَصَمًا۔ پہاڑ کی تنگ گھاٹی میں داخل ہونا۔

رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔الأمْرَ :پورا کرنا۔ مضبوط کرنا ___ الدَّابَّۃَ :داغ لگانا ___ ہ بِلِسَانِہ :گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَۃً۔ العَقْلُ وغَیْرُہٗ : سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِیْنٌ)

رَصَّنَ۔الشَّیْءَ مَعْرِفَۃً :خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لِی ھٰذَا الخَبَر" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

أرْصَنَہ۔مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔

الرَّصَن۔ایک قسم کی نباتات۔

الرَّصِیْن۔اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔

المِرْصَن۔جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّیْءَ : مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

أرْضٰی۔بالمَكَانِ :جم کے رہنا۔

رَضَّہٗ (ن) رَضًّا۔کوٹنا۔ دلنا۔

رَضَّضَ۔الشَّیْءَ :اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضَّضَ۔کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

أرَضَّ۔سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا ___ فی الأرْضِ :جانا۔ التَّعَبُ العَرَقَ :پسینہ بہانا۔

ارْتَضَّ۔الشَّیْءُ :ٹوٹنا۔

الأرَضُّ۔جم کر بیٹھنے والا۔

الرَّضِیْض والمَرْضُوْض۔کوٹا ہوا۔

الرُّضَاض۔ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّۃ والمِرَضَّۃ والرَّضُّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔ المِرَضَّۃ : کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ (ن) رَضْبًا و أرْضَبَ۔المَطَرُ :زور سے بارش ہونا ___ السَّمَاءُ : آسمان کا برسانا

(رَضَبَ و تَرَضَّبَ) الرِّیْق :تھوک چوسنا۔

الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ : زور سے برسنے والی بارش۔

الرُّضَاب۔چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءٌ رُضَابٌ :میٹھا پانی۔

المَرَاضِب والمَرَاضِیْب۔ خوش مزہ تھوک۔

رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوَی او الحَصٰی : گٹھلی یا کنکری توڑنا ___ رَاسَہ بالحَجَر : کچلنا۔

تَرَضَّحَ۔ الحَصٰی :کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ : روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوْا۔بالنُّشَّابِ :ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔

ارْتَضَحَ۔مِنَ الأمْرِ :عذر کرنا۔

الرَّضْح۔مص۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَا رَضْحٌ مِنَ الخَبَرِ" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔

الرُّضْح۔شکستگی۔

الرَّضِیْح۔ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضْحَۃ۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْحَۃٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رِضَاح۔

المِرْضَاح۔گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔

رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوَی او الحَصٰی : گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا ___ الشُّیُوْسَ :

باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَهُ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔

رَاضَخَهُ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا ____ الشَّيْءَ: بادلِ ناخواستہ دینا ____ مِنْه شَيْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔

اَرْضَخَ۔لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔

تَرَاضَخَ۔القَوْمُ بِالحِجَارَةِ: باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ۔الحَصٰى: کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبْزَ: توڑ کر کھانا ____ الخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخ۔ مـ۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔

الرَّضِيخ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِيخَة والرُّضَاخَة۔ تھوڑا عطیہ۔

المِرْضَاخ۔ ج مَرَاضِيخ (المِرْضَخَة) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعُ: سامان ترتیب سے رکھنا۔

رَضْرَضَهُ۔ توڑنا۔ چورہ کرنا۔

تَرَضْرَضَ۔ الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔

الرَّضْرَاض۔ چھوٹی اور باریک کنکریاں۔ بہت گوشت والا مرد۔ مؤنث رَضْرَاضَة۔

رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ف ض) رَضْعًا ورَضَعًا ورَضِعًا ورَضَاعًا ورِضَاعًا ورَضَاعَةً ورِضَاعَةً وارْتَضَعَ۔ الوَلَدُ أُمَّهُ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔

رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَع۔

رَاضَعَهُ رِضَاعًا ومُرَاضَعَةً۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا ____ اِبْنَه: دائی پلائی کو دینا ____ الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

اَرْضَعَه۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْأَةُ: دودھ پیتے بچے والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) (اس کلمہ میں تاء علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِعُ)

اِسْتَرْضَعَ۔ دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَةَ وَلَدِي" عورت سے میں نے اپنے بچے کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع۔ کمینگی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)

الرَّاضِع۔ فا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَة۔ راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَانِ بچہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع۔

الرَّضِيع۔ ج رُضَعَاء والرَّضِع ج رُضُع دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِيعك: تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَة۔ مـ۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (____ والرِّضَاعَة) اِرضاع کا اسم۔

الرَّضُوْعَة۔ اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی عورت۔

الرَّضَّاع۔ بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔

المَرَاضِيع۔ کمینے۔

رَضَفَه (ض) رَضْفًا۔ داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا ____ اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَهُ۔ سخت غضبناک کر دینا۔

الرَّضْف۔ گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔

الرَّضَف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضَفَة۔ گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضَف ورَضَفَات۔

الرَّضِيف۔ گرم پتھر (____ والرَّضِيفَة) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيفَةَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔

الرَّضِيف والمَرْضُوْف۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيفَة والمَرْضُوفَة۔ اوجھ جس کی دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کا ٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَة۔ داغ کرنے کا آلہ۔

مُطْفِئَةُ (الرَّضْفِ) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

اَرْضَكَ۔ عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔

رَضَمَ (ض) رَضْمًا۔ الأَرْضَ: زمین کو جوتنا ____ البَيْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيم و مَرْضُوْم)

المَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ: توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ: ڈالنا (____ رَضْمًا ورَضَمَانًا) فِي المَشْيِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا ____ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ۔ المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام۔ بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضَم کا واحد (رَضَمَةٌ)

الرُّضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوْهُ رَضْوًا۔ پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضَوْتُه" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

رَضِيَ (س) رُضًى ورِضًى ورُضْوَانًا ورِضْوَانًا ومَرْضَاةً۔ عَنْه وعَلَيْه: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْنَ ورُضَاةٌ ورَضٍّ ج رَضُوْنَ و (رَضِي) ج اَرْضِيَاء ورُضَاةٌ۔

رَضِيَ۔ الشَّيْءَ ورَضِيَ بِهِ وفِيْهِ: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِي ومَرْضُوٌّ) کہا

جاتا ہے "رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ فُلَانٍ وَرَضِیَ عَنْہ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رُضِیَتْ مَعِیْشَۃٌ" :اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔

رَاضَی رِضَاءً وَمُرَاضَاۃً۔ الرَّجُلَ : رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضَی وَرَضَّی۔ الرَّجُلَ : رضا مند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضَّی۔ الرَّجُلَ :رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَی۔ الْقَوْمُ الشَّیْئَ :قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاہُ۔ لِخِدْمَتِہٖ اَوْ لِصُحْبَتِہٖ :پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاہُ۔ رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَیْتُہٗ : کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ وَ اِمْرَأَۃٌ (رِضیً) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)

عِیْشَۃٌ (رَاضِیَۃٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوَی۔ مدینہ طیبہ اور یَنْبُع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضَوِی۔

الرِّضَاء۔ خوشنودی۔

الرِّضْوَۃ۔ خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ ذٰلِکَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِہٖ" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرَّضِیّ۔ عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔

اِرْطَأَ اِرْطَاطًا۔ بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِی مَقْعَدِہٖ :جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرْطَہٗ۔ بیوقوف سمجھنا۔

الرَّطِیْط۔ شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف۔ ج رِطَاط۔

الرَّطَائِط۔ بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)

رَطَأَ (ف) رَطْأً۔ الْقَوْمَ : قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا ___ بِسَلْحِہٖ : پاخانہ کرنا ___ الْمَرْأَۃَ :جماع کرنا۔

اِسْتَرْطَأَ۔ الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا ___ الرَّجُلَ :بیوقوف سمجھنا۔

الرَّطْأُ۔ بیوقوفی۔

الرَّطِیْئُ۔ بیوقوف۔ ج رِطَاء مؤنث رَطِئَۃٌ و رَطْآء۔

رَطَبَ (ن) رَطَابَۃً الْبُسْرُ پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔

رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوْبًا۔ الدَّابَّۃَ : جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔

رَطِبَ (س) و رَطُبَ (ک) رُطُوْبَۃً و رَطَابَۃً۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔ رَطَبَ الْبُسْرُ : پختہ ہونا۔

رَطَّبَ و اَرْطَبَ۔ الثَّوْبَ وَنَحْوَہٗ :تر کرنا۔

رَطَّبَ وَاَرْطَبَ الْبُسْرُ : پختہ ہونا۔ رَطَّبَ الْقَوْمَ : پختہ کھجور کھلانا۔ و اَرْطَبَتِ الْاَرْضُ : زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ اَرْطَبَ النَّخْلُ : کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ اَرْطَبَ الْقَوْمُ :پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔

تَرَطَّبَ۔ تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِیْ بِذِکْرِکَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔

الرَّطْبُ وَالرَّطِیْبُ۔ تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیْبٌ" خوش حال زندگی۔

الرَّطْبُ وَالرُّطْبُ۔ سبز چارہ۔

الرُّطَبُ۔ پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَۃ) ج رِطَاب و اَرْطَاب۔

الْمَرْطَبَۃ۔ کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔

الرَّطَاب۔ بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔

الرَّطْز۔ کمزور بال وغیرہ۔

الرَّطَازَات۔ خرافات۔

رَطَسَ۔ (ن ض) رَطْسًا۔ تھپڑ مارنا۔

اِرْطَسَّت۔ عَلَیْہِ الْحِجَارَۃُ : پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔

رَطَعَ (ف) رَطْعًا۔ الْجَارِیَۃَ :جماع کرنا۔

الرَّطْع۔ زکام۔

رَطَلَ (ن) رَطْلًا۔ الشَّیْئَ :ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا ___ الرَّجُلُ :دوڑنا۔

رَطَّلَ۔ الشَّعْرَ : تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا ___ الشَّیْئَ : رطل پیمانہ سے وزن کرنا (___ و اَرْطَلَ) الرَّجُلُ : ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔

رَاطَلَ۔ رطل سے بیچنا۔

الرَّطْلُ وَالرِّطْلُ۔ بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ ج اَرْطَال۔ الرِّطْلُ مِنَ الرِّجَالِ : بیوقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔

الرِّطْلَۃ۔ سبک رفتار گھوڑی۔

الرُّطَیْلَاء۔ رتیلا کی تصحیف ہے۔

الْمُرْطِل۔ مِنَ الرِّجَالِ :نرم۔ لمبا۔

رَطَمَہٗ (ن) رَطْمًا۔ کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔

رَطَمَ وَاَرْطَمَ۔ فِیْ قُعُوْدِہٖ : جم کے بیٹھنا۔ وَاَرْطَمَ الرَّجُلُ :خاموش رہنا۔

رُطِمَ۔ الْبَعِیْرُ :اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

تَرَطَّمَ۔ السَّلْحَ :پاخانہ روکنا۔

اِرْتَطَمَ۔ کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا ___ فِی الْاَمْرِ : کسی معاملہ میں پھنس جانا ___ عَلَیْہِ الْاَمْرُ : مشتبہ ہونا ___ الشَّیْئُ :ڈھیر لگنا۔

الرَّطْمَۃ۔ پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔

الرُّطَام۔ قبض۔

الرَّطُوْم۔ بیوقوف مرد۔

الرَّاطِم۔ کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔

اِمْرَأَۃٌ (مَرْطُوْمَۃٌ) بدی کے ساتھ متہم عورت۔

رَطَنَ لَہٗ (ن) رِطَانَۃً و رَطَانَۃً و رَاطَنَہٗ مُرَاطَنَۃً۔ عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

تَرَاطَنَ۔ الْقَوْمُ وَتَرَاطَنُوْا فِیْمَا بَیْنَہُمْ :باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

الرُّطَیْنٰی۔ کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاءُ رُطَیْنَاکَ ھٰذِہٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔

رَطَا (ن) رَطْوًا۔ الْجَارِیَۃَ :جماع کرنا۔

رَعَّتَ (ن) رَعًّا۔ الرِّیْحُ :ہوا کا ٹھہر جانا۔

الرَّعَاعُ۔ کمینے ورذیل لوگ۔
الرَّعَاعَۃُ۔ شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ(ف)رَعْبًا و رُعْبًا۔ خوف کرنا ـــــ الرَّجُلَ: خوف دلانا (ـــــ رَعْبًا) الْإِنَاءَ او الْحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا ـــــ السَّنَامَ و نَحْوَہٗ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔
رَعَبَتِ الْحَمَامَۃُ: کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِیْبًا و تَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ: خوف دلانا ـــــ الْإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا ـــــ فُلَانًا۔ کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ۔ ڈرنا۔
الرَّعْبُ۔ جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ برا وعدہ۔
الرُّعْبُ و الرُّعُبُ۔ گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَۃٌ۔
الرَّعِیْبُ۔ خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِیْبُ الْعَیْنِ و مَرْعُوْبُ الْعَیْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّابُ۔ جادو کرنے والا۔ مقفی نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَۃُ۔ لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوْبُ۔ بزدل۔ ج رَعَابِیْبُ (ـــــ الرُّعْبُوْبَۃُ و الرِّعْیَبُ) مِنَ الْجَوَارِیْ: نازک اندام لڑکی۔
الْمُرْعَبُ۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِیْبَۃُ۔ کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِیْبُ۔
الْمَرْعَبَۃُ۔ ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَلَ: اللَّحْمُ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔
ـــــ الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
ـــــ الرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا ـــــ الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَلُ۔ مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَۃُ و الرُّعْبُوْلَۃُ۔ پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِلُ و رَعَابِیْلُ۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ رَعَابِیْلُ" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَۃُ و الرَّعْبَلِیْلُ۔ مِنَ الرِّیَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُوْلَۃُ۔ پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَتْ (ف) رَعْثًا و رَعِثَتْ (س) رَعَثًا۔ الْعَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ و اِرْتَعَثَتْ۔ الْمَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْثُ و الرَّعَثُ۔ رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَۃُ و الرَّعَثَۃُ۔ بالی۔ مرغ کی کلغی، مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاثٌ و جج رُعُثٌ۔
الرَّعْثَاءُ۔ بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں، لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوْفَۃُ۔ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَہٗ(ف) رَعْجًا و رَعَجًا و اَرْعَجَہٗ۔ غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا اَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔
رَعِجَ (س) رَعَجًا الْمَالُ او الْعَدَدُ۔ بہت ہونا۔ الوادی: وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ۔ کانپنا۔ کہا جاتا ہے خَرَجُوْا وَ لَھُمْ اِرْتِعَاجٌ۔ لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا۔ الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادی۔ بھر جانا۔ الْمَالُ: بہت ہونا۔
الرَّعَجُ۔ بہت مویشی۔
رَعَدَ(ف ن) رَعْدًا و رُعُوْدًا۔ السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "وَ رَعَدَ لِیْ فُلَانٌ و بَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ الْمَرْأَۃُ و بَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
اَرْعَدَ۔ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا، گڑگڑاہٹ سننا ـــــ زَیْدًا: دھمکی دینا ـــــ ہ الْخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا، لرزا دینا۔
اُرْعِدَ۔ کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ۔ حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ۔ اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْدُ۔ مہ۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ و الصَّلِیْلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرِّعْدَۃُ و الرُّعْدَۃُ۔ کپکپی۔
الرَّعَّادُ۔ بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَکَۃُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَۃُ۔ بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَۃُ۔ گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَۃِ: اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِدُ۔
ذَاتُ الرَّوَاعِدِ: مصیبت۔
الرُّعَیْدَاءُ۔ گیہوں کا پچھوڑن۔
رَعْدَدَ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ۔ کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِیْدُ و الرِّعْدِیْدَۃُ۔ بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِیْدٌ: نرم و نازک نباتات۔ ج۔ رَعَادِیْدُ۔
رَعْرَعَ۔ الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ـــــ الْفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا ـــــ ہ اللّٰہُ: اُگانا۔
تَرَعْرَعَ۔ الصَّبِیُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔
ـــــ الْمَاءُ او السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا ـــــ السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَعُ و الرُّعْرُعُ و الرَّعْرَاعُ۔ اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِعُ و رَعَارِیْعُ۔
الرَّعْرَاعُ: بزدل۔ لمبا نرکل۔
رَعَزَ(ف)رَعْزًا۔ الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
رَاعَزَ مُرَاعَزَۃً۔ سکڑنا۔
الْمِرْعِزُّ و الْمِرْعِزَّی و الْمِرْعِزَاءُ۔ بھیڑ کے لئے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں۔

ثوبٌ (مُمَرْعَزٌ) چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا-
مُرَاعِز- غضبناک-
رَعَسَ (ف) رَعْسًا- کانپنا- تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (___ رَعْسًا و رَعَسَانًا) رَاسَهٗ : بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا-
اَرْعَسَه- کپکپا دینا- لرزا دینا-
تَرَعَّسَ و اِرْتَعَسَ- کانپنا-
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو-
الرَّعُوْس- خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا-
الرَّعِيْس- چلنے میں لڑکھڑانے والا-
الرَّعَّاس- نرم نیزہ جس میں لچک ہو-
المِرْعَس- خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے-
رَعِشَ (س) رَعَشًا و اِرْتَعَشَ- کانپنا- صفت (رَعِش و رَعِيْش)
اَرْعَشَهٗ و رَعَّشَهٗ- کپکپا دینا- لرزا دینا- عاجز کرنا-
الرَّعِش و الرِّعْشِيْش- بزدل- جلد باز-
الرَّعْشَة- جلد بازی-
الرُّعَاش- مرض کی وجہ سے کپکپی-
نَاقَةٌ (رَعُوْش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی-
الرَّعْشَاء- مِنَ النَّعَامِ : تیز رفتار شترمرغ- ___ مِنَ النُّوْقِ : تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی-
المُرْعَش و المَرْعَش- ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے-
الرَّعْشَن- کانپنے والا- بزدل- جلدی کرنے والا-
رَعَصَ (ف) رَعْصًا و اَرْعَصَ- الشَّيْءَ : حرکت دینا- ہلانا- کھینچنا ___ عَلَيْهِ جِلْدُهٗ : کھال کا پھڑکنا-
تَرَعَّصَ و اِرْتَعَصَ- عَلَيْهِ جِلْدُهٗ : کھال کا پھڑکنا ___ الجَدْيُ : بکری کے بچّے کا خوشی میں اکڑ اُچھلنا-
رَعَظَ (ف) رَعْظًا- السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا- پیکان کی جگہ توڑ دینا-
رَعَّظَهٗ- عَنْ كَذَا : سست کر دینا- جلدی کرانا ___ الوَتَدَ : اُکھیڑنے کے لئے ہلانا-
اَرْعَظَ- السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا- ___ فُلَانًا : سست کر دینا-
الرُّعْظ- تیر میں پیکان لگانے کی جگہ- ج اَرْعَاظ- کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَّبَالِ" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے-
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا- الفَرَسُ الخَيْلَ : آگے بڑھ جانا-
رَعِفَ (س) رَعْفًا- الدَّمُ : نکسیر پھوٹنا- (___ و رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا و رُعَافًا) الرَّجُلُ : نکسیر والا ہونا- کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا-
اَرْعَفَهٗ- جلدی کرانا ___ القِرْبَةَ : مشک کو لبا لب بھرنا ___ القَلَمَ : قلم میں زیادہ روشنائی لگانا-
اِرْتَعَفَ و اِسْتَرْعَفَ- آگے بڑھنا- و اِسْتَرْعَفَتِ الحَصٰى رِجْلَه : کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا-
الرَّعْفُ- مـ- نیزہ مارنے کی پھرتی-
الرُّعَاف- نکسیر- بہت بارش-
الرَّعَّاف- بہت نکسیر والا- بہت آگے بڑھنے والا-
الرُّعَافِي- بہت دینے والا- (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے-)
الرَّاعِف- فا- نتھنے کا کنارہ- پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا- ج رَوَاعِف-
الرَّوَاعِف- نیزے-
الرَّعُوْف و الرَّاعُوْف و الرَّاعُوْفَة و الاُرْعُوْفَة- مِنَ البِئْرِ : کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں-
الرَّعُوْف- ہلکی بارش-
المَرَاعِف- ناک اور اس کا ارد گرد- کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا-
المُسْتَرْعِف- مِنَ الخَيْلِ : آگے رہنے والا گھوڑا-
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا و رَعِيْقًا- بَطْنُ الدَّابَّةِ : جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا-
رَعَلَ (ف) رَعْلًا الشَّيْءَ : کشادہ- پھاڑنا- فُلَانًا : سخت نیزہ مارنا-
رَعِلَ (س) رَعَلًا- بیوقوف ہونا- النَّبَاتُ : لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا- صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ- الكَرْمُ : انگور کی کونپلیں پھوٹنا-
اَرْعَلَهٗ- سخت نیزہ مارنا-
اِسْتَرْعَلَتِ- الغَنَمُ : بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا- اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ : جنگ میں آگے آگے چلنا-
الاَرْعَل- بیوقوف- مؤنث رَعْلَاء ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات- ضَرْبٌ اَرْعَل : گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب-
الرَّعْل- پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک- رَعْلٌ الرَّجُل : کپڑے-
الرَّعْل- شہد کی نر مکھی-
الرُّعَال- رینٹ- ناک کی رطوبت-
الرَّعَالَة- بیوقوفی-
الرَّعْلَة- شترمرغ- بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصّے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا- عیال- تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ- ج رِعَال و اَرْعَال و اَرَاعِيْل- کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَيْلُ رِعَالًا و اَرَاعِيْل" اَرَاعِيْل الرِّيَاحِ اَوِ السَّحَابِ : ابتدائی ہوائیں یا بادل-
الرُّعْلَة- انگور وغیرہ کی کونپل- ج رُعَل- ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج-
اَبُوْ رِعْلَة- بھیڑیا-
الرَّعِيْل- آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال-
المِرْعَل- شمشیر براں-
المِرْعَل- عمدہ مال-
المُسْتَرْعِل- گلہ سے نکلا ہوا جانور- گلہ بان- اونٹ والا-
رَعَمَ (ن) رَعْمًا- الشَّيْءَ : نگہبانی کرنا-

____ الشَّمْسَ : آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ۔ الشَّاةَ : بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَّمَ۔ الشَّاةَ : بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَّعَام۔ نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة۔
الرُّعَامة والرُّعَامٰی۔ ایک قسم کا درخت۔
الرُّعَامٰی۔ جگر کی زیادتی۔
الرِغْم۔ چربی۔ اُمِّ رِغْم : بجو۔
الرَّعُوْم۔ نفس۔
الرُّعْوُم۔ نازک بدن عورت۔
رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا ورَعُنَ (ک) رُعُوْنَة۔ بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)
رَعَنَتْه (ن) رَعْنًا۔ الشَّمْسُ : دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔
الرَّعْن۔ مہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُوْن۔
الاَرْعَن۔ چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔
الرَّعُوْن۔ تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔
رَعَا يَرْعُوْ رَعْوًا ورِعْوَةً ورَعْوَةً و رُعْوَةً۔ غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوٰی والرُّعْيَا)
اِرْعَوٰی اِرْعَوَاءً۔ مِنَ الجِهْلِ : رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔
رَعٰی يَرْعٰی رَعْيًا ورَعَايَةً ومَرْعًی۔ الماشِيَةُ الكَلاَءَ : جانور کا گھاس چرنا ____ المَاشِيَةَ : جانور کو گھاس چرانا ____ النُّجُوْمَ : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ____ الاَمِيْرُ رَعِيَّةً رِعَايَةً : امیر کا انتظام مملکت کرنا ____ عَلَيْهِ حُرْمَتَه : پاس عزت کرنا ____ الاَمْرَ : حفاظت کرنا۔
رَاعٰی مُرَاعَاةً۔ النُّجُوْمَ : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ____ الاَمْرَ : حفاظت کرنا۔

انجام پر غور کرنا ____ الرَّجُلَ : کسی کے حق کو نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا۔
رَاعَيْتُهُ سَمْعِيْ : توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَلاَ يُرَاعِيْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ : گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔
اَرْعٰی۔ المَاشِيَةَ : جانور کو چرانا ____ المَكَانَ : چراگاہ بنانا ____ عَلَيْهِ : شفقت۔ مہربانی کرنا۔ اَرْعَيْتُه سمعِيْ : بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا ____ اللّٰهُ المَاشِيَةَ : چری اُگانا۔
رَعَّاهُ تَرْعِيَةً۔ کسی سے "رَعَاهُ اللّٰهُ" کہنا۔
اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتِ۔ المَاشِيَةُ : جانور کا چرنا۔
استَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً۔ المَاشِيَةَ : چرانے کے لیے کہنا ____ ه مَاشِيَتَهُ : رکھوالی کیلئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیئے سے رکھوالی کیلئے کہا۔ اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کیلئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ____ ه السَّمْعَ : توجہ کرنے کو کہنا ____ ه الشَّیْءَ : کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔
الرِّعْيَة۔ چرائی۔
الرُّعْيَا والرُّعْوٰی والرَّعْيَا والرَّعْوٰی۔ حفاظت۔
الرَّعْی۔ مہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لكَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔
الرِعْی۔ گھاس۔ ج اَرْعَاء۔ رِعْيُ الحَمَامِ والاِبِلِ : دو گھاسوں کے نام۔
الرَّعِيَّة۔ چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا۔ رَعِيَّةُ المَلِک و رعاياهُ : تابع فرمان لوگ۔
الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی۔ لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔
الرَّعَاوِيَّة۔ عوام کے مویشی۔
الاَرْعَاوِيه۔ شاہی مویشی۔
الرَّاعِی۔ فا۔ بہت الفت کرنے والا حاکم قوم۔
رَاعِیُ المَاشِيَة : چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج

رُعَاةٌ ورُعْيَان ورُعَاء ورِعَاء۔ مؤنث رَاعِيَة ج رَوَاعٍ۔ رَاعِيَةُ الشَّيْبِ ورَوَاعِيه : بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِیُ الجَوْزَاءِ ورَعِیُ النَّعَائِم : دو ستاروں کے نام۔ رَاعِیُ البُسْتَانِ ورَاعِيَةُ الاُتُنِ : ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاس : جوں۔
المَرْعٰی۔ مہ۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (____ والمَرْعَاة) چراگاہ۔
المَرْعِیّ۔ جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔
رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا ورَغْبَةً۔ فِيْهِ : چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه : اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔
بِه عَنْ غَيْرِه : دوسرے پر فضیلت دینا۔
رَغِبَ (س) رَغْبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رُغْبَةً ورَغَبَةً ورَغَبُوْتًا ورَغَبَاتًا ورُغْبَاءً اِلَيْهِ : خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔
رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً۔ بہت کھاؤ ہونا ____ الوَادِی : فراخ و کشادہ ہونا۔
رَغَّبَهُ واَرْغَبَهُ۔ فِی الشَّیْءِ : رغبت دلانا۔ رَغَّبَهُ : مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰهُ قَدْرَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔
اِرْتَغَبَ۔ فِيْهِ : خواہش کرنا۔ چاہنا۔
تَرَاغَبَ۔ الوَادِی : کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فی الخَيْرِ : خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔
الرَّغَب۔ مرغوب۔
الرُّغْب والرُّغَاب۔ مِنَ الاَرْضِ : بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔
طَرِيْقٌ (رَغْبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ۔
الرَّغِيْب۔ بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِيْبٌ و سِقَاءٌ رَغِيْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حَمِلٌ رَغِيْبٌ : بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِيْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب۔
الرَّغُوْب۔ خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِيبَة- رَغِيب کا مؤنث- امر مرغوب- بہت عطیہ- ج رَغَائِب-
المَرَاغِب- خواہشیں- وہ عورتیں جو معاش کے لیے مضطرب ہوں-
الرُّغَابي- جگر کی زیادتی-
رَغَثَ (ف) رَغْثًا- الولدُ اُمَّه: ماں کا دودھ پینا ــــ ہ: لگاتار نیزے مارنا ــــ القومُ فُلَانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا-
رُغِثَ- کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا- پستان کی رگوں میں ورد ہونا-
اَرْغَثَتْ- المَرْاَةُ: دائی پلائی ہونا-
وَلَدَها: دودھ پلانا- صفت (رَغُوث ورَغُوثَة و مُرْغِث): اَرْغَثَه: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا- بار بار نیزہ مارنا-
اِرْتَغَثَ- الوَلَدُ اُمَّه: بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا-
الرُّغَثَاء- پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے-
المُرْغَث- انگلی میں انگوٹھی کی جگہ-
رَغِدَ (س) رَغَدًا ورَغُدَ (ک) رَغَادَةً عَيْشُه: آسودہ و خوش حال ہونا- عیش کی صفت (رَغْدٌ و رَغَدٌ و رَغِيدٌ)
اَرْغَدَ- القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا ــــ مَوَاشِيَهم: جانوروں کے چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا ــــ اللّٰهُ عَيْشَه: آسودہ بنانا-
اِرْغَادَّ- رائے میں متردد ہونا ــــ اللَّبَنُ: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا-
اِسْتَرْغَدَ- العَيْشَ: آسودہ زندگی پانا- قَوْمٌ (رَغَدٌ) ونِسَاءٌ رَغَد: آسودہ زندگی والی قوم- اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خَادِم کی جمع خَدَم-
الرَّغِيدَاء- گیہوں کا پچھوڑن-
الرَّغِيدَة- ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے-
المَرْغَدَة- باغ-
رَغْرَغَ- آسودگی کی زندگی ہونا- آسودگی میں ڈوب جانا- رَغْرَغَتِ اِبِلُه: اونٹوں کا ہر روز جب جی چاہے گھاٹ پر آنا ــــ الاَمْرَ: چھپانا-

رَغَسَهُ (ف) رَغْسًا واَرْغَسَهُ- اللّٰه مالاً وولدًا: بہت دینا-
اِسْتَرْغَسَهُ- نرم سمجھنا-
الرَّغْس- نعمت و برکت- نمو- ج اَرْغَاس-
المُرْغِس- مِنَ العَيْش: فراخ زندگی-
المَرْغُوس- مبارک-
المَرْغُوسَة- اطرغوس کا مؤنث- کثرت سے بچّے جننے والی عورت-
رَغَشَ (ف) رَغْشًا- عَلَيْهِ: شور مچانا-
رَغَفَ (ف) رَغْفًا- العَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا ــــ البَعِيرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا-
اَرْغَفَ- چلنے میں جلدی کرنا ــــ اِلَيْهِ: تیز نظر سے دیکھنا-
الرَّغِيف- گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا- چپاتی' روٹی- ج اَرْغِفَة ورُغْف ورُغُف و رُغْفَان و تَرَاغِيف-
وَجْهٌ (مُرَغَّف) تخت چہرہ-
رَغَلَ (ف) رَغْلاً- الولدُ اُمَّهُ: بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا-
اَرْغَلَ- الرَّجُلُ: غلطی کرنا- گمراہ ہونا ــــ اِلَيْهِ: مائل ہونا ــــ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا ــــ الشَّيءَ: بے موقع رکھنا-
ــــ الجَدْيُ اُمَّه: بکری کے بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا ــــ المَكَانُ: رغل نامی گھاس اگانا ــــ المَاءَ: بہت گرانا-
الرُّغْل- ایک قسم کی کڑوی گھاس- ج اَرْغَال-
الرَّغُوْل- اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچّہ- کہا جاتا ہے "هُوَ رَمْرَغُوْل" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے-
الاَرْغَل- مِنَ العَيْش: فراخ زندگی-
الرِّغْلَة- بکری- بھیڑ کا بچّہ-
رَغَمَهُ (ف) رَغْمًا- مغلوب و مجبور کرنا- رَغَمَ الشَّيءَ: ناپسند کرنا-
رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورَغَمًا- اَنْفُه لِلّٰه: ذلیل ہونا- فروتنی کرنا- صفت (رَاغِم) الاَنْف- ج رُغَّمُ الاُنُوْف- ورَغِمَه: ناپسند کرنا-

رَغَّمَهُ- ذلیل کرنا اور رغماً رغماً کہنا- اَنْفَه: خاک آلود کرنا- کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰه اَنْفَه": یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے ــــ فُلَانٌ اَنْفَه: فروتنی کرنا-
اَرْغَمَهُ- ذلیل کرنا- ناراض کرنا- ناپسندیدہ کام پر اکسانا ــــ ہ الذُّلُّ: خاک آلود کرنا- اَرْغَمَ اَهْلَه: اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا ــــ اللُّقْمَةَ مِنْ فِيْه: لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا ــــ اللّٰهُ اَنْفَه: ذلیل کرنا- اَرْغَمَتِ الغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ: بکری' بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا-
رَاغَمَهُ- باہم غضبناک ہونا- ایک دوسرے کو چھوڑنا- دشمنی کرنا- غصہ سے علیحدہ ہونا-
تَرَغَّمَ- عَلَيْهِ: غضبناک ہونا- تَرَغَّمَتْ الرَّجُلَ: کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا-
الرَّغْم والرُّغْم والرِّغْم- ناپسندیدگی- مجبوری- ذلت- مٹی- کہا جاتا ہے "اَتَى عَلَى رَغْمِه" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا-
الرَّاغِم- فا- رَاغِمُ الاَنْف: ذلیل: ج رُغَّمُ الاُنُوْف-
الرَّغَام- مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت-
الرُّغَام- رینٹ- ج اَرْغِمَةٌ-
الرُّغَامَة- حاجت- مطلوب- کہا جاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلَانٍ رُغَامَة" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے-
الرَّغْمَاء- مِنَ الشَّاءِ: ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری-
المَرْغِم والمَرْغَم- ج مَرَاغِم و(الرُّغَامَي) ناک الرُّغَامَي: جگر کی زیادتی- پھیپھڑوں کی رگیں-
المُرَاغَم- مفع- بھاگنے کی جگہ- جانے کی جگہ- کہا جاتا ہے "اِذْلِيْ عَنْ دَارِ الهَوَانِ مُرَاغَم" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے- قلعہ-
المَرْغَمَة- ناپسندیدگی- کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلٰى مَرْغَمَتِه" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا-

المِزْغَام۔ غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِزْغَامَة۔

رَغَنَ (ف) رَغْنًا۔ فِيْهِ : لالچ کرنا۔ اِلَيْهِ : کان لگانا۔

اَرْغَنَه۔ طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الاَمْرَ : آسان کرنا ـــــ اِلَيْهِ : کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلاَنٍ : اطاعت و فرماں برداری کرنا۔

الاَرْغُن والاُرْغُنُوْنَ۔ (آرگن) (ایک باجہ کا نام)

رَغَا (ن) رُغَاءً۔ البَعِيْرُ او النَعَامُ او الضَبُعُ : بلبلانا۔ چیخنا ـــــ الصَبِیُّ : بہت رونا۔

ـــــ الرَعْدُ : زور سے گرجنا۔

رَغَا (ن) رَغْوًا ورَغَّى تَرْغِيَةً وَاَرْغى اِرْغَاءً۔ اللَبَنُ وَ نَحْوُهُ : دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغى الرَجُل و اَزْبَدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ "و آتَيْتُهٗ فَمَا اَثْغى ولاَ اَرْغى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ـــــ ہ ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ ورَغى فُلاَنًا : غضبناک کرنا۔

اِرْتَغى۔ اللَبَنَ : دودھ سے جھاگ اتار لینا

ـــــ الرُغْوَة : جھاگ پینا۔

الرَغْوَة والرُغْوَة والرِغْوَة۔ ج رُغًى ورِغًى و (الرُغَايَة والرِغَايَة والرِغَاوَة والرُغَاوَى والرِغَاوَى) مِنَ اللَبَن : دودھ کا جھاگ۔

الرَاغِيَة۔ اونٹنی۔ کہتے ہیں "مَالَهٗ ثَاغِيَةٌ ولاَ رَاغِيَة" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔

المِرْغَاة۔ کفگیر۔

المُرْغِیُّ۔ مِنَ الكلامِ : مبہم گفتگو۔

رَفَّ (ن ض) رَفًّا بہت کھانا ـــــ ہ : خدمت کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا ـــــ النَاسُ بِهٖ : گھیر لینا ـــــ بِهٖ : اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهٗ ويَرُفُّهٗ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔

البَيْتَ : گھر میں الگنی بنانا ـــــ الی كذا : خوش ہونا۔ رَفَّتْ عَيْنُهٗ : پھڑکنا ـــــ البَرْقُ : بجلی کا چمکنا ـــــ شَفَتَيْهِ : ہونٹ کا چوسنا۔

ـــــ اللَبَنَ : ہر روز دودھ پینا ـــــ ثَوْبَه : دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا۔

الدَابَّة : بھوسہ کھلانا۔

رَفَّ (ض) رَفًّا ورَفِيْفًا وارْتَفَّ۔ النَبَاتُ : لہلہانا۔ رَفَّتِ العَيْنُ : پھڑکنا۔

رَفَّ البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُه : چمک اٹھنا۔

اَرَفَّ اِرْفَافًا۔ الطَائِرُ : پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا۔

الرَفُّ۔ مہ۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفُوف و رِفَاف۔

الرِفُّ۔ اونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْه الحُمیُّ رِفًّا" اس کو روزانہ بخار آیا۔

الرُفُ و الرُفَّة۔ بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔

الرُفَاف۔ بھوسہ کا چورہ۔

الرَفِيْف۔ مہ۔ چھت۔ فراخ سالی ـــــ فتى رفيف الاَخْلاَق : اچھے اخلاق والا جوان۔

الرَفَّاف۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثَغْرٌ رَفَّاف" سفید و شفاف دانت۔

رَفَأَ (ف) رَفْأً۔ الثَوْبَ : کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمت کرنا ـــــ ہ : خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا ـــــ بَيْنَهُمْ : صلح کرانا ـــــ السَفِيْنَة : کشتی کو کنارہ پر لانا۔

رَفَّأَهٗ تَرْفِئَةً و تَرْفِيْئًا۔ مبارک باد دینا اور "بِالرَفَاءِ والبَنِيْنَ" کہنا۔ (بالرَفَاءِ والبَنِيْنَ) : شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔

اَرْفَأَ۔ اِلَيْهِ : قریب ہونا اور پناہ لینا۔

الشَئَ اِلَيْهِ : قریب کرنا ـــــ الرَجُلُ : کنگھی کرنا۔

ـــــ السَفِيْنَةُ : کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔

ارْفَأَهٗ و رَافَأَهٗ۔ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔

الرِفَاء۔ اتفاق۔

الرَفَّاء۔ رفوگر۔

المَرْفَأُ والمُرْفَأُ۔ مِنَ البَحْرِ : بندرگاہ۔ ج مَرَافِئ۔

رَفَتَ (ن ض) رَفْتًا۔ الشَئَ : توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا (ـــــ وارْفَتَّ و تَرَفَّتَ) ٹوٹنا، چورہ ہونا

ـــــ العَظْمُ : ریزہ ریزہ ہونا۔

الحُبْلُ : رسّی کا کٹ جانا۔

الرُفَت۔ بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔

الرُفَات۔ چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔

رَفَثَ (ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ (س) رَفَثًا وَاَرْفَثَ۔ فِیْ كَلاَمِهٖ : فحش گوئی کرنا۔

الرَفَث۔ مہ۔ گندی گفتگو۔ جماع۔

رَفَّحَهٗ۔ نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔

رَفَخَ۔ عَيْشٌ رَافِخ : ناز و نعمت کی آسودہ زندگی۔

الرُفُوْخ۔ مصیبتیں۔

رَفَدَهٗ (ض) رَفْدًا او اَرْفَدَهٗ۔ دینا۔ مدد دینا۔

رَفَدَ الحَائِطَ : سہارا دینا۔ رَفَدَ الدَابةَ وعَلَيْهَا وَاَرْفَدَلَهَا : چوپایہ کیلئے پالان بنانا۔

رَافَدَهٗ۔ مدد دینا۔

رَفَّدَه۔ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔

تَرَافَدَ۔ القَوْمُ : باہم مدد کرنا۔

اِرْتَفَدَ۔ المَالَ : کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔

اِسْتَرْفَدَهٗ۔ عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔

الرَفْد۔ مہ۔ حصہ، بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "اُرِيْقَ رَفَدُهٗ" اس کا انتقال ہو گیا۔

الرِفْد۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج اَرْفَاد و رُفُوْد۔

الرِفْدَة۔ لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد۔

الرَافِد۔ فا۔ بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفَّد۔

الرَافِدَان۔ دریائے دجلہ و فرات۔

الرَافِدَة۔ پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وُصْلَة" کہتے ہیں۔ ج رَوَافِد۔

الرِفَادَة۔ زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔

نَاقَةٌ (رَفُوْدٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد۔

المَرْفَد والمُرْفَد۔ مدد۔ ج مَرَافِد۔

المِرْفَد۔ بڑا پیالہ۔ ج مَرَافِد۔

المَرَافِيْد۔ بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی

میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُرْفِد۔ بازی گر۔
رَفْرَفَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا ـــــ الشَّیْئَ: آواز کرنا۔
الرَّفْرَف۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّیحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر اُدھر کر دیا۔ رَفْرَفَ الدِّرْعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفَارِف۔
الرَّفْرَاف۔ ایک پرندہ جس کو "خاطف ظِلّه" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔
رَفَزَہ (ض) رَفْزًا۔ مارنا۔
الرَّافِز۔ حرکت کرنے والی رگ۔
رَفَسَهٗ (ن ض) رَفْسًا و رِفَاسًا۔ سینہ پر مارنا ـــــ البَعِیرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا ـــــ اللَّحْمَ و نحوَهٗ: گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرِّفَاس۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الرَّفْسَة۔ سینہ پر لات مارنا۔
نَاقَةٌ رَفُوْسٌ: دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رَفَشَ (ن) رَفْشًا۔ کھانے پینے میں فائدہ اُٹھانا۔ خوب کھانا پینا ـــــ القَمحَ: گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا کر لے جانا ـــــ الشَّیْئَ: کوٹنا ـــــ رُفُوْشًا فِی الاَمْرِ: کشادہ ہونا۔
رَفِشَ (س) رَفَشًا۔ چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء۔ ج رُفْش۔
رَفَّشَ۔ لِحْیَتَهٗ: داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرَّفَّاش۔ گیہوں کو بیلچہ سے اُٹھا اُٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرَّفْش۔ مہ۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔
المِرْفَشَة۔ بیلچہ۔
رَفَصَ۔ تَرَافَصُوا المَاءَ: باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِیص) کہتے ہیں۔

کہا جاتا ہے "ھُوَ رَفِیصُکَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
اِرْتَفَصَ۔ السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔
الرُّفْصَة۔ پانی پینے کی باری۔
رَفَضَ (ن ض) رَفْضًا و رَفَضًا۔ الشَّیْئَ: پھینکنا، چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُوْنَ و رَفَضَه و رُفَّاض (ـــــ و اَرْفَضَ) الابلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَضَ و اَرْفَضَ الوَادِی: کشادہ ہونا۔
رَفَضَت (ن) رُفُوْضًا۔ الابلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔
تَرَفَّضَ۔ بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا ـــــ الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔
اِرْفَضَّ۔ الدَّمْعُ: آنسو بہنا و ٹپکنا ـــــ الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا ـــــ الشَّیْئَ: ـــــ متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "اِرْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ": لوگ متفرق ہو کر چلے گئے ـــــ الوَجَعُ: درد کا زائل ہونا۔
اِسْتَرْفَضَ۔ الوَادِی: کشادہ ہونا۔
الرَّفْض۔ مہ ـــــ رِفَاض و (الرَّفَض) ج اَرْفَاض۔ اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفْضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِی القِرْبَةِ رَفْضٌ مِنْ مَّاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔
الرَّافِضَة۔ جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض۔ اور اسی سے ہے "لَا خَیْرَ فِی الرَّوَافِضِ"
الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لیے "رَافِضِیٌّ"
الرِّفَاض۔ پریشان راستے۔
الرُّفَاض۔ مِنَ الشَّیْئِ: ٹکڑے۔ ریزے۔ رَجُلٌ (قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔
الرُّفُوْض۔ متفرق گھاس۔ رُفُوْضُ النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوْضُ الاَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو۔ زمین جو حمی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔
الرَّفِیْض۔ چھوڑا ہوا۔ پسینہ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الرَّفِیْض و المَرْفُوْض۔ چھوڑا ہوا۔
المَرْفَض۔ مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض۔
رَفَعَ (ف) رَفْعًا۔ الشَّیْئَ: اُٹھانا ـــــ فُلَانًا عَلٰی صَاحِبِهٖ فِی المَجْلِسِ: آگے بڑھانا ـــــ الکَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا ـــــ الشَّیْئَ: لینا ـــــ الشَّیْئَ فِی خِزَانَتِهٖ: چھپانا ـــــ الجَمَلُ فِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ـــــ القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا ـــــ الجَمَلَ: تیز چلانا ـــــ الحَدِیْثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔
(ـــــ رَفْعًا و رِفَاعًا و رَفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (ـــــ رَفْعًا و رُفْعَانًا) زَیْدًا اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لیے جانا ـــــ ہ اِلَی السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ یَرْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے۔ و "فُلَانٌ لَا یَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِهٖ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔
رَفُعَ (ک) رِفْعَةً و رَفَاعَةً۔ عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِیْع) و رَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا ـــــ الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِیْع)
رُفِعَ۔ لَهُ الشَّیْئُ: دور سے دیکھنا۔
رَفَّعَهٗ۔ بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔
رَافَعَهٗ۔ اِلَی الحَاکِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ـــــ ہ: قطع تعلق کرنا ـــــ بِهِمْ: رحم کرنا۔
تَرَفَّعَ۔ برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِیْ هِمَّتِیْ عَنْ کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے ـــــ الشَّیْئَ او الرَّجُلَ: بلند کرنا۔
تَرَافَعَا۔ ایک دوسرے کو بلند کرنا ـــــ الخَصْمَانِ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لیے جانا۔
اِرْتَفَعَ۔ بلند ہونا ـــــ السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا ـــــ النَّهَارُ: دن کا چڑھنا ـــــ دراز ہونا۔
ـــــ مِنْ بَیْنِهِمُ الخِصَامُ: دشمنی زائل ہونا۔

____ الشَّیَٔ: بلند ہونا۔
اِسْتَرْفَعَ۔ الشَّیَٔ: اٹھانے کو کہنا ____ الخَوَانُ: دسترخوان خالی ہونا اور اٹھانے کا وقت آنا۔
الرَّافِع۔ فا۔ بَرْقٌ رَافِعٌ: چمکنے والی بجلی۔
الرِّفْعَة۔ مص۔ بلندی و مرتبہ۔
الرَّفَاع و الرِّفَاع۔ کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔
الرَّفَاعَة و الرُّفَاعَة و الرِّفَاعَة۔ مِنَ الصَّوْتِ: آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَة والرُّفَاعَة: گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الرَّفِیْعَة۔ حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔
المَرْفُوع۔ مف۔ ایک قسم کی تیز دوڑ ____ مِنَ الکَلَامِ: بلند گفتگو۔ والْحَدِیْثُ المَرْفُوْعُ عِنْدَ المُحَدِّثِیْنَ: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔
المِرْفَع۔ بلند کرنے کا آلہ۔
المَرْفَع و المَرَافِع۔ عِنْدَ المَسِیْحِیِّیْنَ: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔
رَفُعَ (ک) رَفَاعَةً۔ العَیْش: کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِع و رَفِیْع و اَرْفَع)
اَرْفَغَ۔ لَهُ المَعَاشَ: آسودہ و کشادہ بنانا۔
تَرَفَّغَ۔ آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لیے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔
الرُّفْغ۔ ج اَرْفُغ و رِفَاغ: وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ کَرُفْغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ____ ج اَرْفَاغ و رُفُوْغ۔ جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔
اَرْفَاغُ النَّاسِ: نااہل و کمینے لوگ۔
(الرُّفْغ و الرَّفَاغَة و الرَّفَاغِیَة) آسودہ زندگی
کِلْسٌ رَفْغ: نرم چونے کا گارہ۔ الرُّفْغ: ناخن کا میل۔
الرُّفْغ۔ بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے "اِذَا الْتَقَی الرُّفْغَانِ وَجَبَ الغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔
الرُّفْغ: ناخن کا میل۔
المَرَافِغ۔ کُنج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)
المَرْفُوْغَة۔ تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔
رَفَقَهُ (ن) رَفْقًا۔ نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا ____ النَّاقَةَ: اونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ العَمَلَ: مضبوطی سے کرنا۔
رَفَقَ و رَفُقَ (ن و ک) و رَفِقَ (س) رِفْقًا و مَرْفِقًا و مَرْفَقًا و مِرْفَقًا۔ بِهِ و لَهُ و عَلَیْهِ: مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
رَفِقَ (س) رَفْقًا۔ البَعِیْرُ: پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَق)
رَفُقَ (ک) رَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: ساتھی ہونا۔
رَافَقَهُ۔ رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَافَقَهُ فِی السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔
اَرْفَقَهُ۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔
تَرَفَّقَ۔ بِهِ: مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ عَلَیْهِ: سہارا لینا۔
تَرَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِرْتَفَقَ۔ کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔ الاِنَاءُ: بھر جانا القَوْمُ: سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بِهِ: نفع اٹھانا۔
اِسْتَرْفَقَهُ۔ مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔
تَمَرْفَقَ۔ تکیہ لینا۔
الرِّفْق۔ مص۔ نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔
الرَّفِق۔ مص۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ رَفِقُ الْبُغْیَة" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔ الرَّفَق: تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔ نَاقَةٌ (رِفْقَة، و رَفْقَاء) اونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔
الرِّفْقَة و الرَّفْقَة و الرُّفْقَة و الرُّفَاقَة۔ ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفَاق و رِفَق و رُفَق و اَرْفَاق۔
الرَّافِقَة۔ لطف و مہربانی۔ بہتر سلوک۔
الرِّفَاق۔ اونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج رُفُق۔
الرَّفِیْق۔ ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقَاء۔
المِرْفَق و المَرْفِق۔ کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرَافِق۔
المَرْفِق۔ ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچی خانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و "مَرَافِق البِلَادِ" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔
المِرْفَقَة۔ چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَق المُرْتَفَق۔ تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِق۔ بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا و رُفُوْلًا و رَفَلَانًا۔ دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر (رَفِل)
صفت مؤنث رَفِلَةٌ۔
رَفَلَ (ن) رَفْلًا و رَفِلَ (س) رَفَلًا۔ بد نما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر (اَرْفَل و رَفِل) و صفت مؤنث رَفْلَاء۔
اَرْفَلَ۔ دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔ ثِیَابَهُ: کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَهُ" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَهُ۔ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الاِزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ۔ تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ۔ عَلَیْهِ: رئیس و سردار بننا۔
الرِّفْل۔ دامن۔
الرَّفْل۔ مص۔ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرِّفَل۔ لمبے دامن والا۔ لمبی دم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔
عَیْشٌ رِفْلٌ: کشادہ زندگی۔
الرُّفَال۔ مِنَ الشَّعْرِ: لمبے بال۔
المِرْفَال۔ مِنَ الرِّجَالِ و النِّسَاءِ: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
اِرْفَأَنَّ اِرْفِئْنَانًا۔ بھاگنا اور پھر ٹھہر جانا۔ اِرْفَأَنَّ غَضَبُهُ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

الرَّفَاہِیَۃ۔ فراخی زندگی۔
الرِّفْن۔ انڈا۔
الرِّفَان۔ آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
الرَّافِنَہ۔ ناز سے چلنے والی عورت۔
الرِّفَنّ۔ لمبی دُم والا گھوڑا۔
رَفُہَ (ف) رَفْہًا و رِفْہًا و رُفُوْہًا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (رَافِہ و رَفْہَان)
رَفَہَتِ الْاِبِلُ : حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت (رَافِہَۃ) ج رَوَافِہ۔
رَفُہَ (ک) رَفَاہًا و رَفَاہِیَۃً و رَفَاہَۃً العَیْشُ : زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِہ و رَفِیہ)
رَفَّہَ و اَرْفَہَ۔ الرَّجُلَ : آسودہ و خوشحال بنانا۔
رَفَّہَ عَنْہ : مہلت دینا۔ بار غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔
اَرْفَہَ و رَفَّہَ الرَّاعِی۔ الابِلَ : حسب مرضی آنے دینا۔ اَرْفَہَتِ الْاِبِلُ : اونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ اَرْفَہَ الْقَوْمُ قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّہَ۔ عَنْہ : تنگی و رنج دور کیا جانا۔
اَرْفَہَ و تَرَفَّہَ و اِسْتَرْفَہَ۔ آرام لینا۔
الرُّفْہُ۔ مہ۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَّفَہَۃ۔ رحمت و مہربانی۔
ھُوَ رَافِہٌ بِہٖ : وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَہْنِیَۃُ۔ فراخی عیش، ارزانی۔
الرُّفَہ۔ خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنیٰ مِنَ التُّفَہ عَنِ الرُّفَہ"
رَفَا (ن) رَفْوًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت (رَافٍ) ج رُفَاۃ اور صفت مفعولی (مَرْفُوٌّ) ــــ ہ : ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفّٰی تَرْفِیَۃً۔ العَرِیْسَ : شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِّفَاءِ و البَنِیْن" کہنا۔
رَافٰی رِفَاءً و مُرَافَاۃً۔ الرَّجُلَ : موافقت کرنا۔
اَرْفٰی۔ اِلَیْہِ : پناہ لینا۔
تَرَافٰی۔ القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔
الرِّفَاء۔ اتفاق و موافقت۔
الاَرْفٰی۔ ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں والا۔ مؤنث رَفْوَاء ج رُفْوٌ۔

الاَرْفِیُّ۔ ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ (ض) رِقَّۃً۔ پتلا ہونا ــــ لَہٗ : رحم کرنا ــــ وَجْہُہٗ : شرم کرنا ــــ الرَّجُلُ : بُرے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ (ض) رِقًّا۔ العَبْدُ : غلام بنایا غلام رہنا۔
رَقَّقَہٗ : پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ : نرمی سے پڑھنا ــــ الکَلَامَ : خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔
ــــ مَشْیَہٗ : آہستہ چلنا ــــ مَا بَیْنَ القَوْمِ : فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ۔ الشَّیْءَ : پتلا کرنا ــــ الوَاعِظُ قَلْبَہٗ : دل کو نرم کرنا ــــ الرَّجُلُ : کم مال والا ہونا۔
ــــ العِنَبُ : انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا ــــ العَبْدَ : غلام کا مالک ہونا۔
تَرَقَّقَ۔ الشَّیْءُ : پتلا ہونا ــــ لَہٗ : رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ۔ الشَّیْءُ : پتلا ہونا ــــ العَبْدَ : غلام کا مالک ہونا ــــ اللَّیْلُ : رات کا اکثر حصہ گزر جانا ــــ المَاءُ : پایاب ہو جانا۔
الرِّقُّ۔ مہ۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لیے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقُّ۔ لکھنے کے لیے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوْق۔
الرِّقُّ و الرُّقُّ و الرَّقَق۔ نرم و کشادہ زمین۔ الرَّق : سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الرَّقَق۔ کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الرَّقَّۃ۔ زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق۔ الرَّقَّۃ : ایک شہر کا نام۔ الرَّقَّتَان : دو شہر ہیں جن کے نام رَقَّہ و رَافِقَہ ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّۃ۔ رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّۃُ العَیْشِ : زندگی کی آسودگی۔ رِقَّۃُ الجَانِبِ : ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاق۔ بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔

الرُّقَاق۔ پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَۃ) نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرَّقِیْق۔ پتلا۔ ج اَرِقَّاء مؤنث رَقِیْقَۃ۔ ج رِقَاق۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَقِیْقُ المَعَانِی" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَیْشٌ رَقِیْقُ الحَوَاشِی" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی زندگی۔ و "رَجُلٌ رَقِیْقُ الحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفْظٌ رَقِیْقٌ" یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔
الرَّقِیْق : غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِیْقٌ و عَبِیْدٌ رَقِیْقٌ اور کبھی اَرِقَّاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لیے رَقِیْق اور رَقِیْقَۃ دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِیْقُ الاَنْفِ : ناک کا نرم حصہ۔ الرَّقِیْقَان : ناک کے نتھنوں کے کنارے۔
مَرَاقُّ۔ البَطْنِ : پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔
المُرَقَّق۔ چوڑی پتلی روٹی۔
المِرْقَاق۔ بیلن۔
المُسْتَرَقّ۔ چیز کا نرم حصہ۔
رَقَأَ (ف) رَقْأً و رُقُوْءًا۔ الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ : آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَأَ بَیْنَہُمْ : صلح کرانا۔ فساد ڈالنا ــــ فِی الدَّرَجَۃِ : چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلٰی ضَلْعِکَ" اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔
اِرْقَأَ الدَّمَ اَوِ الدَّمْعَ : خشک کرنا۔
الرَّقُوْء۔ خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔
المَرْقَأۃ و المِرْقَاۃ۔ سیڑھی۔ زینہ۔
الرَّقَاء۔ فساد۔
رَقَبَہٗ (ن) رُقُوْبًا و رَقُوْبًا و رَقَابَۃً و رِقْبَانًا و رِقْبَۃً و رَقَبَۃً۔ نگہبانی کرنا، انتظار کرنا، ڈرانا ــــ النَّجْمَ : ستاروں کی دیکھ بھال کرنا ــــ ہ : گلے میں رسّی ڈالنا۔
رَاقَبَہٗ۔ نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰہَ فِیْ اَمْرِہٖ : خوف کرنا۔
اَرْقَبَہٗ۔ الدَّارَ : بشرط رُقْبٰی زندگی بھر کے

لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبٰی) اَرْقَبَه الرُقْبٰی : کسی کے لیے رقبیٰ کرنا (دیکھو لفظ رُقْبٰی)
تَرَقَّبَه و اِرْتَقَبَه۔ انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَکَانَ : چڑھنا۔
تَرَاقَبَا۔ ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔
الرَقَب۔ گردن کی موٹائی۔
الرُقْبٰی۔ کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مرجاؤں تو یہ مکان تمہارے لیے ہے اور تم مرگئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔
الرِقْبَة۔ احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالاً عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباء واجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہا جاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔
الرَقَبَة۔ گردن یا پس گردن۔ ج رِقَاب و رَقَبَات و رَقَب و اَرْقُب۔ الرَقَبَة : مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُمْ غِلَاظُ الرِقَاب" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔
الرُقْبَة۔ چیتے کے شکار کے لیے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔
الاَرْقَب۔ مؤنث رَقْبَاء۔ و (الرَقَبَان والرَقَبَانی) موٹی گردن والا۔ الاَرْقَب : شیر۔
الرَقُوْب۔ میراث کے لیے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچّہ مرگیا ہو یا وہ جس کا بچّہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الرَقُوْبُ مِنَ الشُیُوْخِ والاَرَامِل : وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ اُمُّ الرَقُوْب : مصیبت۔
الرَقِیْب۔ ج رُقَبَاء : نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس ماندگان۔ چچازاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِیْبُ الجَیْش : دیدبان۔ ج رُقُبٌ و رَقِیْبَات : ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْبُ نَفْسِه" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَقِیْب" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الرَقَابَة۔ مالک کی غیوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔

المَرْقَب والمَرْقَبَة۔ نگرانی کرنے کی اونچی جگہ ج مَرَاقِب۔
المِرْقَب۔ دوربین۔
رَقَّحَ۔ مَالَهُ : بہتر انتظام کرنا۔
تَرَقَّحَ۔ لِعِيَالِهِ : کمائی کرنا۔
اِرْتَقَحَ۔ زیادہ ہونا۔
الرَقَاحَة۔ کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَة) اَهْلِهِ" وہ اپنے اہل و عیال کیلئے کمائی کرنے والا ہے۔
الرَقَاحِي۔ سوداگر۔
رَقَدَ (ن) رَقْدًا و رُقُوْدًا و رُقَادًا۔ سونا۔ صفت (رَاقِد) ج رُقُوْد و رُقَّد۔ السُوْقُ : بازار کا مندا پڑنا ___ الحَرُّ : گرمی کم ہونا۔ عَنِ الاَمْرِ : کام سے غافل ہونا ___ عَنْ ضَيْفِهِ : مہمان کی خبرگیری نہ کرنا ___ الثَوْب : پرانا ہونا۔
اَرْقَدَ۔ سلانا۔ اَرْقَدَ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔
تَرَاقَدَ۔ سوتا ہوا ظاہر کرنا ___ القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ : قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔
اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا۔ جلدی کرنا۔
اِسْتَرْقَدَ۔ نیند کا غالب ہونا۔
الرَقْدَة۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔
الرَقَدَة و اليَرْقُوْد۔ بہت سونے والا۔
الرَقُوْد۔ ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَة رَقُوْدُ الضُحٰی" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔
الرَقَدَان۔ بکری کے بچّے وغیرہ کی اُچھل کود۔
الرَاقُوْد۔ بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِيْد۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔
التَرْقِيْد۔ ایک قسم کی چال۔ تَرْقِيْدُ البَيْض : بچے نکالنے کے لیے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔
المَرْقَد۔ خواب گاہ۔ ج مَرَاقِد۔
المُرْقِد۔ خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔
رَقْرَقَ۔ المَاءَ : چھڑکنا ___ العَيْنَ : آنسو بہانا ___ الخَمْرَ : پانی ملانا ___ الطِيْبَ فِي الثَوْب : خوشبو لگانا۔
تَرَقْرَقَ۔ المَاءُ : آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا

___ العَيْنُ : آنسو بہانا ___ الدَمْعُ : آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَمْسُ : آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔
الرَقْرَاق۔ وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَمْع : آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔
___ مِنَ السَحَابِ : آنے جانے والا بادل۔
الرَقَارِق۔ سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔
رَقَزَ (ن) رَقْزًا۔ ناچنا ___ العِرْقُ : اُچھلنا۔
الرَقَّاز۔ ناچنے والا۔
رَقَشَه (ن) رَقْشًا۔ نقش کرنا ___ الكَلَامَ : لکھنا، سجانا۔
رَقَّشَ۔ الكَلَامَ : لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا ___ الصَحِيْفَةَ : سطریں کرنا ___ الرَجُلَ : عتاب کرنا ___ الرَجُلُ : چغل خوری کرنا۔
تَرَقَّشَ۔ مزین ہونا۔
اِرْتَقَشَ۔ حسن زینت ظاہر کرنا ___ الجَيْشُ : لڑائی میں گتھ جانا۔
الاَرْقَشُ۔ سفید و سیاہ چیتوں والا۔ مؤنث رَقْشَاء۔
الرَقْش و الرَقْشَة۔ ایک قسم کا رنگ جس میں ٹیالا پن اور سیاہی ہو۔
الرَقْشَاء۔ مِنَ الحَيَاتِ : چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔
رَقَصَ (ن) رَقْصًا۔ ناچنا۔ اضطراب کرنا ___ النَبِيْذُ : جوش مارنا ___ فِي الكَلَامِ : جلدی جلدی بولنا (___ رَقْصًا و رَقَصًا و رَقَصَانًا) الجَمَلُ : اونٹ کا دوڑنا۔
رَقَّصَه و اَرْقَصَه۔ نچانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِرْقَصَ القَوْمُ فِي سَيْرِهِمْ" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔
اِرْتَقَصَ۔ السِعْرُ : بھاؤ گراں ہونا۔
تَرَقَّصَ۔ الشَيْئُ : جلدی جلدی پست و بلند ہونا۔
الرَقَّاص۔ بہت ناچنے والا۔ اور اسی سے ہے رَقَّاصُ السَاعَةِ (گھڑی کا پنڈولم)
الرَقَّاصَةُ۔ رقّاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک

کھیل کا نام- باوجود بارش کے پیداوار نہ اگانے والی زمین-
شِعْرٌ (مُرَقِّص) وجد میں لانے والا شعر-
فَلَاةٌ (مُرَقِّصَة) بیابان جو چلنے والے کو دوڑنے پر اُبھارے-
رَقِطَ (س) رَقَطًا- سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا-
رَقَّطَ- عَلَی الثَّوْبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا-
تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا و اِرْقَطَّ اِرْقِطَاطًا و اِرْقَاطَّ اِرْقِيطَاطًا- سیاہ یا سفید داغ والا ہونا- صفت (اَرْقَط) مؤنث رَقْطَاء ج رُقط الاَرْقَط: چیتا-
الرُّقْطَة- سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ-
الرَّقْطَاء- فتنہ و فساد-
رَقَعَ (ف) رَقْعًا- الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا ___ الغَرَضَ بِسَهْمِهِ: نشانہ پر مارنا ___ ذَنَبَهُ بِالسَّوْطِ: دُم پر کوڑے سے مارنا ___ فِي السَّيْرِ: تیز چلنا ___ الرَّجُلَ: ہجو کرنا ___ الشَّيْخُ: اُٹھنے کے لیے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا-
رَقُعَ (ک) رَقَاعَةً- بیوقوف و بے حیاء ہونا- صفت (رَقِيع و اَرْقَع و مَرْقَعَان)
رَقَّعَ تَرْقِيعًا- الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْيَاهُ بِآخِرَتِهِ" اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی- و "هُوَ صَاحِبُ تَرْقِيعٍ و تَوْصِيلٍ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو-
رَاقَعَ- الخَمْرَ: ہمیشہ شراب پینا-
اَرْقَعَ- الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا ___ الرَّجُلُ: حماقت کا کام کرنا-
تَرَقَّعَ- البِلَادَ: شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا- کہا جاتا ہے "مَا (ارْتَقَعَ) بِهِ و لَهُ" یعنی اس نے اس کی پرواہ نہیں کی-
اِسْتَرْقَعَ- الثَّوْبُ: قابل مرمت ہونا-
الرَّقِيع- مہ- متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان-
الرَّقَعَة- نشانہ میں تیر کی آواز-
الرُّقْعَة- تحریر کا پرزہ- کپڑے کا پیوند- رُقْعَةُ الشِّطْرَنْج: شطرنج کا تختہ- رُقْعَةُ الغَرَضِ: جس پر نشانہ لگایا جائے- رُقْعَةُ الأَرْضِ: زمین کا ایک ٹکڑا- رُقْعَةُ الشَّيْءِ: چیز کا اصل و جوہر- ج رُقَعٌ و رِقَاعٌ- کہا جاتا ہے "فِي هٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے-
الرُّقْعَة- ایک بڑا درخت ہے جس کے پتے کدو کے پتوں کی مانند اور پھل انجیر کی مانند اور رنگ چنار کی مانند ہوتا ہے- ج رُقَع-
الرَّقْعَاء- اَرْقَع کا مؤنث- بَقَرَةٌ رَقْعَاء: مختلف رنگوں والی گائے-
الرَّقِيع- آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان- ج اَرْقِعَة-
جُوعٌ (يَرْقُوع) سخت بھوک-
المُرْتَقَع- کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَا اَرَى فِيهِ مُرْتَقَعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں-
اُرْقِفَ اِرْقَافًا- سردی سے کانپنا-
التَّرْقِفَة- کپکپی-
اَرْقَلَ- دوڑنا- پویہ چلنا ___ المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا- اَرْقَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا-
الرَّقْلَة- کھجور کا لمبا درخت- ج رِقَال و رِقَل-
الرَّاقُول- کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسّی- پاسی-
المِرْقَال و المُرْقِل و المُرْقِلَة- مِنَ الاِبِلِ: تیز رفتار اونٹ- ج مَرَاقِيل و مَرَاقِل و مُرْقِلَات-
رَقَمَ (ن) رَقْمًا و رَقَّمَ- لکھنا ___ الكِتَابَ: اعراب و نقطے لگانا- رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا ___ البَعِيرَ: اونٹ پر داغ لگانا ___ الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ يَرْقُمُ عَلَى المَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو-
الرَّقْم- مہ- دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم- مہر ج اَرْقَام و رُقُوم الأَرْقَامُ الهِنْدِيَّةُ: ہندسے-
الرَّقْم الرَّقِم و بِنْتُ الرَّقِم- مصیبت- کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْمِ او بِالرَّقِمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا- و "جَاءَ بِالرَّقِمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا-
الرَّقْمَة- باغ- وادی کا پہلو- وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ- خبازی- کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي الأَرْضِ الأَرْقَمَةَ مِنْ كَلَاءٍ" میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی-
الرَّقَمَة- ایک قسم کی نباتات-
الرَّقِيم- کتاب- لکھا ہوا-
الأَرْقَم- ایک خبیث قسم کا سانپ- چتی دار سانپ- ج اَرَاقِم- اس کی مادہ کو رَقْمَاء نہیں رَقْشَاء کہتے ہیں- الارقَمُ: قلم-
الرَّقَم و الرُّقْمَة- چتی دار سانپ کا رنگ-
المِرْقَم- قلم- نقش کرنے کا آلہ- داغ لگانے کا آلہ- ج مَرَاقِم-
المَرْقُوم- مہ- كِتَابٌ مَرْقُوم: واضح لکھی ہوئی کتاب- ثَوْرٌ مَرْقُومُ القَوَائِمِ: ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل- اَرْضٌ مَرْقُومَةٌ: تھوڑی گھاس والی زمین-
رَقَنَت (ن) رَقْنًا- الجَارِيَةُ: لڑکی کا مہندی لگانا-
رَقَّنَهُ- نقش و نگار کرنا- لکھنا- رَقَّنَ الكِتَابَ: مزین کرنا- سجانا- قریب قریب سطریں لکھنا- ___ الخَطَّ: نقطے لگانا (___ و اَرْقَنَ) لِحْيَتَهُ: داڑھی پر خضاب لگانا-
اَرْقَنَ و تَرَقَّنَ اِرْتَقَنَ و اسْتَرْقَنَ- خضاب لگایا ہوا ہونا-
الرَّقِين و المَرْقُون- لکھا ہوا-
الرِّقَان و الرَّقُون و الاِرْقَان- مہندی یا زعفران-
الرَّقْن- مردار خوار پرند کا انڈا-
الرَّقْوُ و الرَّقْوَة- گول و بلند ریت کا ٹیلہ-
رَقِيَ (س) رُقِيًّا و رَقْيًا- الجَبَلَ و فِيهِ و اِلَيْهِ: پہاڑ پر چڑھنا- کہا جاتا ہے "اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو-
رَقَى (ض) رَقْيًا و رُقِيًّا و رُقْيَةً- ہ و عَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لیے منتر کرنا-
رَقَّاهُ تَرْقِيَةً- بلند کرنا- چڑھانا-

اِرْتقٰی اِرْتِقَاءً وتَرَقّٰی تَرَقِّیًا۔ الجَبَلَ وفِیْهِ والَیْهِ: پہاڑ پر چڑھنا ــــ فِی السُلَّم: سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا ــــ بِهِ الاَمْرُ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَازالَ فُلاَنٌ یَترقّٰی بِهِ الاَمْرُ حَتیّٰ بَلَغَ غَایَتَه" فلاں کے لیے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔ و تَرَقّٰی الرَجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقٰی۔ اَمْرُهُمْ اِلٰی الفَسَادِ: معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

اِسْتَرْقَاہ۔ منتر کرنے کو کہنا ــــ لَهٗ: کسی کے لیے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُقْیَة۔ منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ ج رُقٰی ورُقْیَات ورُقَیَات۔

الرَاقِی۔ فا۔ منتر کرنے والا۔ ج رُقَاة ورَاقُوْنَ مؤنث رَاقِیَة ج رَوَاقِ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِیَةٌ" مثل رَجُلٌ رَادِیَةٌ کے۔ تا مبالغہ کیلئے ہے "تانیث کی نہیں۔

الرَقَّاء۔ ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

المُرْتَقٰی۔ چڑھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَیْتُ مُرتَقیً صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَرْقُوَة۔ ہنسلی کی ہڈی۔ ج تَرَاقِی۔

المَرْقٰی والمِرْقَاة والمَرْقَاة۔ سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاق۔

رَكَّ (ض) رَكًّا ورِكَّةً ورَكَاكَةً۔ ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْه مِنْ حَیْثُ رُكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو ــــ الرَجُلُ: کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَكَّ (ن) رَكًّا۔ الشَیَٔ: بعض کو بعض پر جمانا۔ کہا جاتا ہے "رُكَّ الاَمْرَ فِی عُنُقِهٖ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا ــــ الشَیَٔ بِیَدِهٖ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔

رَكَّكَ واَرَكَّ۔ السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔

اَرَكَّ الحَقُّ فُلاَنًا: غالب ہونا۔

اُرِكَّتْ ورُكِكَتِ الاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔

اِرْتَكَّ۔ مضطرب ہونا۔ ہلنا۔ فی الاَمْرِ: شک کرنا۔

اِسْتَرَكَّهٗ۔ کمزور سمجھنا یا کمزور پانا ــــ

الرَكُّ والرِكُّ۔ ج رِكَاك واَرْكَاك و(الرَكَّة والرَكِیْكَة) ہلکی بارش۔ اَرْضٌ رِكٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔ الرِك: لاغر۔

الرُكَاك والاَرَكُّ۔ کمزور عقل۔ کمزور رائے۔

الرَكِیْك۔ ج رِكَاك ورَكَكَة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔ الرَكِیْك مِنَ الكَلاَم: پھس پھسی گفتگو۔ رَجُلٌ رَكِیْكُ العِلْمِ: کم علم مرد۔ ثَوْبٌ رَكِیْكُ النَسْج: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

الرُكَاكَة۔ کمزور عقل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ وامْرأةٌ رُكَاكَة" ج رِكَاك۔

الرُكْرُكَة۔ کمزوری۔

الرَكَّاء۔ اُلو کی آواز۔

الرُكِیُّ۔ جلدی پگھلنے والی چربی۔

رَكِبَ (س) رُكُوْبًا و مَرْكَبًا۔ الدَابةَ و عَلٰی الدَابَةِ: چڑھنا۔ سوار ہونا ــــ البَحْرَ: دریائی سفر کرنا ــــ الطَرِیْقَ: راستہ پر چلنا۔ ــــ اَثَرَه: پیچھا کرنا ــــ هَوَاه: مطیع خواہشات ہونا ــــ رَاسَهٗ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا ــــ الذَنْبَ: ارتکاب کرنا ــــ الخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

رَكِبَهٗ الدَیْنُ: مقروض ہونا۔

رَكِبَ (س) رَكَبًا۔ بڑے زانو والا ہونا۔

رَكَبَه (ن) رَكْبًا۔ زانو پر مارنا۔

رُكِبَ۔ زانو میں درد والا ہونا۔

رَكَّبَ۔ الشَیَٔ: ترکیب دینا۔ بعض کو بعض پر رکھنا ــــ ہ الفَرَسَ: سوار کرانا۔

اَرْكَبَهٗ۔ سواری دینا ــــ المُهْرُ: سواری کے قابل ہونا۔

تَرَكَّبَ۔ ترکیب پانا۔

اِرْتَكَبَهٗ۔ سوار ہونا ــــ الذَنبَ: گناہ کر بیٹھنا ــــ الاَمْرَ: دلیری سے گھس پڑنا۔ ــــ الدَیْنَ: قرض زیادہ لینا۔

تَرَاكَبَ۔ الاَمْرُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَكْبُ۔ اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔ یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ ج اَرْكُبٌ ورُكُوْب۔

الرِكْبَة "رَكِبَ الدَابَةَ" کا اسم۔ سوار ہونے کی ایک قسم۔ کہا جاتا ہے "هُوَحَسَنُ الرِكْبَة" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُكْبَة۔ زانو۔ گھٹنا۔ ج رُكَب ورُكْبَات ورُكَبَات۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ اِصْطَكَّتْ فِیْهِ الرُكَب" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُكْبَةُ الدَجَاجَة ورُكْبَةُ الرَامِیْ: دو ستاروں کے نام۔

الرِكَاب۔ زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ ج رُكُب۔ الرِكَاب: سواری کے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَةٌ ہے۔ ج رُكُب ورَكَائِب ورِكَابات۔ رِكَابُ السَحَابِ: ہوائیں۔

الرَكُوْب۔ بہت سوار ہونے والا۔

(ــــ والرَكُوبة) سواری کا اونٹ۔ سواری۔ ج رَكَائِب۔ طَرِیْقٌ رَكُوْبٌ: چلتا ہوا راستہ۔

الرَكَّاب۔ بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث رَكَّابَةٌ۔

الرُكَّاب۔ کابوس۔

الرَاكِب۔ فا۔ سوار۔ ج رُكَّاب و رُكْبَان و رُكوب و رِكَبَة ورَكْبٌ ورَكَبَةَ۔ مؤنث رَاكِبَة ج رَوَاكِب۔ پہاڑ کی چوٹی۔

الرَاكِب الرَاكِبَة والرَاكُوب والرَاكُوبة۔ درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔

الرَكِیْب۔ جڑا ہوا۔ دوسرے کے ساتھ سوار۔ کھیتی۔ نخلٌ رَكِیْبٌ: ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔

الاَرْكَب۔ بڑے زانو والا۔ بَعِیْرٌ اَرْكَب: اونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔

المَرْكَبُ۔ مص۔ سواری خواہ بری ہو یا بحری۔

المُرَكَّبُ۔ مف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ كَرِیْمُ المُرَكَّبِ" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے۔ الجَهْلُ المُرَكَّب: باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔

المَرْكُوْب۔ مف۔ سواری۔ ج مَرَاكِیب۔

رَكَحَ (ف) رَكْحًا واِرْتَكَحَ۔ عَلَی الشَیِٔ والَیْهِ: سہارا لینا۔ ٹیک لگانا (ــــ رُكُوْحًا)

اِلَیْهِ :مائل ہونا۔
اَرْکَحَ۔ عَلَیْهِ :سہارا لینا ___ ہ اِلَیْهِ :ٹیک لگانا۔ کہا جاتا ہے "اَرْکَحْتُ اِلَیْهِ ظَهْرِیْ" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔
تَرَکَّحَ۔ فِی الْمَعِیْشَةِ :حصول معیشت کے لیے تصرف کرنا ___ فِی الدَّارِ :فراخی و کشادگی کرنا ___ بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا، ٹھہرنا۔
الرُّکْحُ۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُکُوْح۔ اِرْکَاح۔
الْاِرْکَاحُ :راہبوں کے مکانات۔
الرُّکْحَة۔ گھر کا صحن۔ ج رُکَح
الرَّکْحَاءُ۔ سخت بلند زمین۔
جَفْنَةٌ (مُرْتَکِحَةٌ) ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔
رَکَدَ (ن) رُکُوْدًا۔ الْمَاءُ اَوِ الرِّیْحُ :ٹھہرنا۔
___ الْمِیْزَانُ :ترازو کا برابر ہونا۔ عَصِیْرُ الْعِنَبِ :جوش ٹھنڈا پڑنا ___ الْعَکَرُ وَالثُّفْلُ :تلچھٹ بیٹھنا ___ الشَّمْسُ :بالکل سر پر آکر ٹھہر جانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَدَتْ رِیْحُهُمْ" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔
الرَّاکِدُ۔ فا۔ ٹھہرا ہوا۔
الرَّکُوْدُ۔ بھرا ہوا پیالہ :ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔
الْمَرَاکِدُ۔ ٹھہرنے کی جگہیں۔
رَکْرَکَ۔ الشَّیْءُ :کمزور ہونا ___ الرَّجُلُ :بزدل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ رَکْرَکَةٌ" وہ ہر چیز میں کمزور ہے۔
رَکَزَ (ن ض) رَکْزًا۔ الرُّمْحَ وَنَحْوَهٗ :زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا ___ الْعِرْقُ :رگ کا حرکت کرنا۔
رَکَّزَ۔ الرُّمْحَ :گاڑنا۔
اَرْکَزَ۔ الْمَعْدِنُ :دھات والا ہونا۔
الرَّجُلُ :کان پانا۔
اِرْتَکَزَ۔ الْعِرْقُ :رگ کا حرکت کرنا۔
الشَّیْءُ :اپنی جگہ میں برقرار رہنا ___ عَلَی الْعَصَاءِ :لاٹھی پر سہارا لینا۔
الرِّکْزُ۔ دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا و فیاض آدمی۔
الرِّکْزَة۔ حزم۔ حکمت۔ ثبات عقل۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُهٗ فَمَا رَأَیْتُ لَهٗ رِکْزَةً" میں نے اس سے گفتگو کی تو اس کے اندر میں نے عقل کا کچھ حصہ نہیں دیکھا۔ الرِّکْزَة :چاندی یا سونے کا بڑا ٹکڑا۔ کھجور کا درخت جو جڑ سے اُکھیڑ لیا جائے۔
الرَّکِیْزَة۔ زمین کے اندر دفن کیے ہوئے جواہر۔ ج رَکَائِز۔
الرِّکَاز۔ زمین کے اندر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی دھاتیں۔ واحد (رِکْزَةٌ) ج اَرْکِزَة و رِکْزَانٌ۔
الْمَرْکَز۔ دائرہ کا وسطی نقطہ کہ جس سے دائرہ تک جتنے خط نکلیں باہم برابر ہوں۔ رہنے کی جگہ۔ ج مَرَاکِز۔ مَرَاکِزُ الْاَسْنَانِ۔ دانت نکلنے کی جگہیں۔
رَکَسَ (ن) رَکْسًا۔ الشَّیْءَ :اُلٹ دینا۔ ___ الْبَعِیْرَ :اونٹ پر رکاس باندھنا (دیکھیے لفظ رکاس)
اَرْکَسَهٗ۔ اوندھا کرنا ___ الشَّیْءَ :پہلی حالت پر لوٹا دینا ___ الثَّوْبَ فِی الصِّبْغِ :کپڑے کو دوبارہ رنگ میں ڈالنا ___ الْجَارِیَةُ :پستان اُبھرنا شروع ہونا۔
تَرَاکَسَ۔ الشَّعْرُ :بالوں کا تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَکَسَ۔ اوندھا ہونا۔ دوبارہ مبتلائے مصیبت ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ فِی مَکَانِهٖ :اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔
الرِّکْسُ۔ پلیدی۔ گندگی ___ مِنَ النَّاسِ :جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔
الرَّاکِسُ۔ وہ بیل جو کھلیان کے وسط میں ہو اور دوسرے بیل اس کے بعد ہوں۔
الرِّکَاسُ۔ رسی جو اونٹ کی مہار میں باندھ کر زانو میں باندھ دیں۔
الرَّکَاسَة و الرِّکَاسَة۔ جو چیز زمین میں گاڑی جائے۔ جیسے میخ، کیل وغیرہ۔
الرَّکِیْسُ۔ اوندھا کیا ہوا۔ کمزور۔
رَکَضَ (ن) رَکْضًا۔ دوڑنا۔ پاؤں ہلانا ___ ہ :دفع کرنا ___ الْفَرَسَ بِرِجْلَیْهِ :گھوڑے کو ایڑ لگانا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ :پرندہ کا جلدی سے پر پھڑپھڑانا ___ مِنْهُ :جلدی سے بھاگنا۔
___ النُّجُوْمُ :ستاروں کا چلنا ___ الْقَوْسَ :تیر اندازی کرنا ___ الْاَرْضَ وَالثَّوْبَ :پیر سے ملنا۔
رُکِضَ۔ الْفَرَسُ :دوڑایا جانا۔ صفت (مَرْکُوْض)
رَاکَضَهٗ مُرَاکَضَةً۔ گھوڑا دوڑانے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَاکَضَ۔ الْقَوْمُ :باہم دوڑانا۔
اِرْتَکَضَ۔ ہلنا۔ مضطرب ہونا ___ الْجَنِیْنُ :پیٹ میں حرکت کرنا ___ الرَّجُلُ فِی اَمْرِهٖ :اپنے معاملہ میں تصرف کرنا ___ خَیْلَهُمْ اِلَیْهِ :دوڑانا ___ الْقَوْمُ فِی الْمَیْدَانِ :دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔
الرَّکْضَة۔ حرکت۔ دھکا۔
الرَّکُوْض۔ تیز دوڑنے والا۔ قَوْسٌ رَکُوْضٌ :جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔
الْمِرْکَاض۔ بہت دوڑنے والا۔
الْمِرْکَض۔ آگ سلگانے کی چیز ___ مِنَ الْقَوْسِ :کمان کا گوشہ۔ ج مَرَاکِض۔ مَرَاکِضُ الْحَوْضِ۔ حوض کے کنارے۔
الْمِرْکَضَة۔ کمان کا گوشہ۔ گھوڑا جو زمین پر اپنی ٹانگوں کو مارے۔ قَوْسٌ (مِرْکَضَة) جلدی تیر پھینکنے والی کمان۔
رَکَعَ (ف) رَکْعًا و رُکُوْعًا۔ سر جھکانا۔ پشت خم کرنا ___ اِلَی اللّٰهِ :اللہ کے سامنے پست ہونا ___ الرَّجُلُ :تونگری کے بعد محتاج ہونا۔ اوندھا ہونا و پھسلنا۔
رَکَّعَهٗ و اَرْکَعَهٗ۔ جھکوانا۔
الرَّاکِعُ۔ فا۔ سر جھکانے والا۔ ج رَاکِعُوْنَ و رُکَّعٌ و رُکُوْعٌ۔
الرُّکْعَة و الرَّکْعَة۔ زمین کا گڑھا۔ الرَّکْعَة :رَکَعَ کا اسم مرۃ۔
اِرْتَکَفَ۔ الثَّلْجُ :برف گر کر جم جانا۔
رَکَلَهٗ (ن) رَکْلًا و رَکَّلَهٗ۔ لات مارنا۔ ایڑ لگانا۔ کہا جاتا ہے "رَکَلَ الْفَرَسَ" اس نے گھوڑے کو دوڑانے کے لیے ایڑ لگائی۔
رَکَلَتِ الْخَیْلُ الْاَرْضَ :زمین پر سم مارنا۔
رَاکَلَ۔ صَاحِبَهٗ :ایک دوسرے کو لات مارنا۔
تَرَاکَلَ۔ الْقَوْمُ :باہم لات مارنا۔
تَرَکَّلَ۔ الْحَافِرُ بِالْمِسْحَاةِ وَعَلَیْهَا :پاؤں

سے زمین میں دھنسانا۔ تَرَكَّلَتِ الْاَرْضُ : کھروں سے کھدنا۔
الرَّكْل۔ گندنا۔ و(الرَّكَّالُ) گندنا فروش۔
الرَّكْلَة۔ رکل کا اسم مرۃ۔ ساگ کا گٹھا۔
الْمَرْكَل۔ راستہ۔ جانور کو ایڑ لگنے کی جگہ۔ ج مَرَاكِل۔ تم کہتے ہو "فَرَسٌ نَهْدُ الْمَرَاكِلِ" بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔
الْمِرْكَل۔ سوار کا پیر۔ ج مَرَاكِل۔
رَكَمَ(ن) رَكْمًا۔ الشَّيْءَ : تہ بتہ کرنا۔ ڈھیر لگانا۔
تَرَاكَمَ وارْتَكَمَ۔ الشَّيْءُ : ڈھیر لگنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاكَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں موٹا ہو گیا۔
الرَّكْم۔ تہ بتہ بادل۔
الرُّكْمَة۔ کیچڑ کا ڈھیر۔
الرُّكَام۔ تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر۔ قَطِيعٌ۔ رُكَام۔ بڑا ریوڑ۔
مُرْتَكَمُ۔ الطَّرِيْقِ : شاہراہ۔
الْمَرْكُوْم۔ ۔ سَحَابٌ مَرْكُوْمٌ : تہ بتہ بادل۔ نَاقَةٌ مَرْكُوْمَةٌ : موٹی اونٹنی۔
رَكَنَ (ن) ورَكِنَ (س) رُكُوْنًا۔ اِلَيْهِ : مائل ہونا۔ آرام لینا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا۔
رَكُنَ (ک) رَكَانَةً ورُكُوْنَةً۔ صاحب وقار و سنجیدہ و ثابت قدم بنانا۔
اَرْكَنَ۔ اِلَيْهِ : بھروسہ کرنا۔
تَرَكَّنَ۔ مضبوط و صاحب وقار ہونا۔
الرُّكْن۔ باعث تقویت۔ عزت و قوت و غلبہ۔ بڑا معاملہ ــــ مِنَ الشَّيْءِ : جزء۔ ہر چیز کا قوی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رُكْنٌ مِنْ اَرْكَانِ قَوْمِهِ" فلاں اپنی قوم کے اشراف میں ایک شریف ہے۔ رُكْنُ الرَّجُلِ : آدمی کی قوم۔ ج اَرْكَان واَرْكُن۔ الْاَرْكَان : اجسامِ بسیط جن سے مادیات کی ترکیب ہوتی ہے اور قدماء کے نزدیک وہ چار ہیں۔ آگ' پانی' ہوا اور مٹی۔
الرُّكْن۔ چوہا۔ جنگلی چوہا۔
الرَّكِيْن۔ ثابت قدم۔ سنجیدہ۔ باوقار۔ الرَّكِيْنُ مِنَ الْجِبَالِ : بلند اطراف والا پہاڑ۔
الرُّكَيْن۔ چوہا۔ جنگلی چوہا۔
الْاُرْكُوْن۔ رئیس۔ بڑا کسان۔ ج اَرَاكِنَة (کلمہ یونانیہ ہے)

الْمِرْكَن۔ لگن۔ کپڑے وغیرہ دھونے کا ٹب۔ ج مَرَاكِن۔
الْمُرْكَنّ۔ بڑا تھن۔ نَاقَةٌ مُرْكَنَّةٌ : بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
رَكَا(ن) رَكْوًا۔ الْاَرْضَ : کھودنا۔ الْحَوْضَ : حوض کو بنا کر تیار کرنا ــــ الْاَمْرَ : درست کرنا ــــ الشَّيْءَ : باندھنا ــــ الْاَمْرَ : مؤخر کرنا ــــ الْحِمْلَ عَلَى الْبَعِيْرِ : بوجھ دو چند لادنا ــــ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ــــ عَلَى فُلَانٍ : برائی بیان کرنا۔
اَرْكَى اِرْكَاءً۔ الْاَرْضَ : کھودنا۔ الْحَوْضَ : حوض کو تیار کرنا ــــ الْاَمْرَ : مؤخر کرنا۔ ــــ عَلَيْهِ : برائی بیان کرنا ــــ اِلَيْهِ : پناہ لینا۔
ــــ لَهُمْ جُنْدًا : کسی کے لیے فوج تیار کرنا۔
رَاكَى۔ عَلَى الْاَمْرِ : کسی معاملہ پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔
تَرَكَّى وارْتَكَى۔ عَلَيْهِ : کسی پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔
الرَّكْوَة۔ بتثلیث الزاء : چھوٹی ڈونگی۔ وہ برتن جو انگور وغیرہ نچوڑتے وقت جمع ہونے کیلئے نیچے رکھیں۔ الرَّكْوَة : چھاگل ج رِكَاء ورَكَوَات۔
الرَّكِيَّة۔ پانی والا کنواں۔ ج رَكَايَا ورَكِيّ۔
الْمُرْتَكِي والْمُرَاكِي۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الْمَرْكُوّ۔ کنوئیں کا چوبچہ۔ بڑا حوض۔
الرَّكِيّ۔ ضعیف و سست۔
رَمَّ (ن ض) رَمًّا ومَرَمَّةً۔ الْبِنَاءَ اَوِ الْاَمْرَ : درست کرنا۔ مرمت کرنا ــــ السَّهْمَ بِعَيْنِهِ : تیر کو دیکھنا اور اسے ہموار کرنا ــــ الْبَهِيْمَةُ : چوپائے کا لکڑیوں کو منہ سے پکڑنا اور کھانا ــــ الشَّيْءَ : کھانا۔
رَمَّ (ض ن) رِمَّةً ورَمًّا ورَمِيْمًا۔ الْعَظْمُ : ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِيْم) ج اَرِمَّاء رَمَّ الْحَبْلُ : رسی کا ٹوٹنا۔
اَرَمَّ۔ الْعَظْمُ : بوسیدہ ہونا۔ پرمغز ہونا۔ اَرَمَّ اِلَى اللَّهْوِ : کھیل کی طرف مائل ہونا۔
ــــ الْقَوْمُ : خاموش ہونا۔
رَمَّمَ۔ الْبِنَاءَ : عمارت کی مرمت کرنا۔ درست کرنا۔
تَرَمَّمَ۔ الشَّيْءَ : کسی چیز کی اصلاح و درستی کے درپے ہونا ــــ الْعَظْمَ : ہڈی سے گوشت چھڑا لینا۔
اِرْتَمَّت۔ الْبَهِيْمَةُ : چوپائے کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ اِرْتَمَّ مَا عَلَى الْخِوَانِ کھا کر دستر خوان کا سب کچھ صاف کر دینا۔
اِسْتَرَمَّ۔ الْبِنَاءُ : عمارت کا قابل مرمت ہونا ــــ الرَّجُلُ : کسی چیز کی درستی کیلئے بلانا۔
الرَّمُّ : مغز اور کہا جاتا ہے "مَا لِيَ مِنْهُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" مجھے اس سے چارہ نہیں یعنی یہ میرے لئے ضروری ہے۔ و "مَا لَهُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
الرِّمُّ۔ نمناک مٹی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ والرِّمِّ" : وہ بری و بحری چیزیں یا خشک و تر چیزیں یا مٹی و پانی یا بہت مال لے کر آیا۔
الرُّمَّ۔ غم۔ جماعت۔
الرَّمَّاء۔ مِنَ النِّعَاجِ : سفید بھیڑ۔
الرُّمَّة۔ پرانی رسی کا ٹکڑا۔ ج رُمَم اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِرُمَّتِهِ" اس نے اس کو سب کچھ دے دیا۔
الرِّمَّة۔ پرانی رسی کا ٹکڑا۔ پردار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج رِمَم ورِمَام۔
الرَّامَّة۔ مِنَ الْجَوَارِي : بہتر کار پرداز و ماہر لڑکی۔ ج رُمَّم۔
حَبْلٌ (رِمَامٌ واَرْمَامٌ ورِمَمٌ) : پرانی و بوسیدہ رسی۔
الرَّمِيْم والرُّمَام۔ بوسیدہ۔
الرُّمَامَة۔ بقدر ضرورت گزارہ۔ کہا جاتا ہے "اِكْتَفٰى بِالرُّمَامَةِ" اس نے بقدرِ ضرورت گزارہ پر کفایت کی۔
الْمِرَمَّة والْمَرَمَّة۔ کھردار جانور کا ہونٹ۔
الْمُرِمَّات۔ مصیبتیں۔
رَمَاَ(ف) رَمْاً ورُمُوْءًا۔ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ــــ الْخَبَرَ : گمان کرنا اور اندازہ کرنا (ــــ واَرْمَاَ) عَلَى الْمِائَةِ : زائد ہونا۔ اَرْمَاَ اِلَيْهِ : قریب ہونا۔
مُرَمَّآت۔ الْاَخْبَارِ : جھوٹی خبریں۔

رَمَثَه (ن) رَمْثًا۔ درست کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا۔ چرانا۔ اَلشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

رَمِثَ (س) رَمَثًا۔ اَلْبَعِیْرُ: رمث درخت کے پتوں کے کھانے سے بیمار ہونا۔ اَمْرُھُمْ: گڈ مڈ ہونا۔ مخلوط ہونا۔

رَمَّثَ۔ عَلَی الْمِائَةِ: زائد ہونا۔ (___ و اَرْمَثَ) اَلْحَالِبُ فِی الضَّرْعِ: تھن میں کچھ دودھ چھوڑ دینا۔

اَرْمَثَ واسْتَرْمَثَ۔ فِیْ مَالِهٖ: باقی رکھنا۔

اَرْمَثَ الشَّیْئَ: نرم کرنا۔

الرِّمْثُ۔ غضا کے مشابہ ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی شور و تلخ گھاس جس کو اونٹ چرتے ہیں۔ پرانے کپڑوں والا مرد۔ کمزور ریٹھ والا۔

الرَّمَثُ۔ تھن کا بقیہ دودھ۔ دریا کے عبور کرنے کے لیے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ رَمَثٌ" فلاں کو فلاں پر فضیلت ہے۔ پرانی رسی۔ ج اَرْمَاث و رِمَاث۔ اور کہا جاتا ہے "حَبْلٌ اَرْمَاثٌ" پرانی رسی۔

الرَّمَثَة۔ دھونے کے بعد تھن کا بقیہ دودھ۔

الرَّمْثَاء و الْمَرْمَثَة۔ رمث گھاس اگانے والی زمین۔

الرَّمَّاثَة۔ مادہ نیل گائے۔

رَمَجَ (ن) رَمْجًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

رَمَّجَ۔ الکَاتِبُ: لکھنے کے بعد خراب کرنا۔

رَامِجٌ۔ فا۔ پرندہ جس کو جال میں باندھ دیتے ہیں تاکہ اس کے ذریعہ سے شکاری پرندوں کا شکار کریں یا الو کہ اُس کے پر باندھ دیتے ہیں تاکہ اِس کے ذریعہ سے باز کا شکار کریں۔

الرَّمَاج۔ نیزے کی گرہیں اور پورے۔

رَمَحَ (ف) رَمْحًا۔ نیزہ مارنا۔ رَمَحَتْه الدَّابَّةُ: جانور کا لات مارنا۔ رَمَحَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا۔

رَامَحُوْا۔ باہم نیزہ بازی کرنا۔

تَرَامَحَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

الرُّمْحُ۔ نیزہ۔ ج رِمَاح و اَرْمَاح۔ کہا جاتا ہے "کَسَرُوْا بَیْنَهُمْ رُمْحًا" یعنی ان کے درمیان شر و فساد واقع ہو گیا۔ و "رُمِیْنَا بِیَوْمٍ کَظِلِّ الرُّمْحِ" یعنی ہم ایسے دن میں پھنس گئے جو لمبا تھا اور تنگ تھا۔ و "هُمْ عَلٰی بَنِیْ فُلَانٍ کَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف مانند جماعت واحدہ کے ہیں۔ "وَاَخَذَتِ الْاِبِلُ رِمَاحَهَا" یعنی اونٹنیاں موٹی ہو گئیں یا دودھ دینے لگیں اور ان وجوہ سے انہوں نے اپنے آپ کو ذبح ہونے سے بچالیا۔ الرُّمْحُ: فقر و فاقہ۔

الرَّامِحُ۔ نیزہ والا (اس معنی میں فاعل ذِیْ کَذَا ہے اور اس کے لیے فعل نہیں)

ثَوْرٌ رَامِحٌ: سینگوں والا بیل۔ السَّمَاکُ الرَّامِحُ: ایک ستارہ کا نام۔

الرَّمَّاح۔ نیزہ ساز۔ نیزہ لینے والا۔ ج رَمَّاحَة۔ و الرَّمَّاحَةُ مِنَ الْقِسِیِّ: زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔

الرِّمَاحَة۔ نیزہ سازی۔

دَابَّةٌ (رَمَّاحَةٌ و رَمُوْحٌ) بہت کاٹنے والا جانور۔

رِمَاحُ۔ الْجِنِّ: طاعون۔

الرُّمَاحِس۔ دلیر و بہادر مرد۔ شیر۔

اَرْمَخَ۔ الرَّجُلُ: نرم و تابع ہونا۔

اَرْمَخَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کے دانت نکلنا۔ موٹا ہونا۔

الرِّمْخ۔ بہت سے درخت جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

رَمَدَ (ض) رَمْدًا و رِمَادَةً۔ سردی سے ہلاک ہونا۔ (ن ض) (رَمْدًا) الْقَوْمَ: قوم پر پہنچ کر ہلاک کر دینا۔

رَمِدَتْ (س) رَمَدًا۔ الْعَیْنُ: آنکھ دکھنا ___ الرَّجُلُ: آشوبِ چشم والا ہونا۔ رَمِدَ عَیْشُ الْقَوْمِ: ہلاک ہونا۔

رَمَّدَ۔ الشَّیْئَ: راکھ میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَّاقَةُ: تھن والی ہونا۔

اَرْمَدَ۔ محتاج ہونا ___ الْقَوْمُ: قحط و خشک سالی میں پڑنا۔ قوم کے مویشیوں کا ہلاک ہونا۔

___ الْعَیْنَ: مبتلائے آشوبِ چشم کرنا۔ اَرْمَدَهٗ: راکھ جیسا کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔

اِرْمَدَّ۔ الشَّیْئَ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

___ الْعَیْنُ: آنکھ دکھنا ___ فُلَانٌ: شتر مرغ کی طرح دوڑنا۔

الرَّمَد۔ آشوبِ چشم۔ آنکھ کا دکھنا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کے لیے تکلیف دہ ہو۔

الرَّمِد۔ آشوبِ چشم والا ___ مِنَ الْمِیَاهِ: متغیر پانی ___ مِنَ الثِّیَابِ: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمِدَةٌ۔

الْاَرْمَد۔ آشوبِ چشم والا۔ خاکستری رنگ کا۔ ثَوْبٌ اَرْمَد: میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاء۔

الرَّمْدَاء: شتر مرغ۔ ج رُمْدٌ۔

الرَّمَاد۔ راکھ۔ ج اَرْمِدَة اور عرب کا قول "هُوَ یَنْفُخُ فِیْ رَمَادٍ" مثال ہے اور اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو بے فائدہ کام کرے۔

الرَّمَادَة۔ ہلاکت۔

الرِّمْدَة۔ تھوڑی سی چیز۔

الرُّمْدَة۔ خاکستری رنگ۔

الرَّمَادِیّ۔ خاکستری رنگ کا۔

الرِّمْدِدَاء و الْاِرْمِدَاء۔ خاکستر۔ راکھ۔

الْمُرْمَدُ و الْمُرْمَدُّ۔ آشوبِ چشم والا۔

الْمُرَمَّد۔ گرم راکھ میں بھونا ہوا۔

رَمْرَمَ۔ حالت درست کرنا۔

تَرَمْرَمَ۔ گفتگو کیلئے ہونٹ ہلا کر رہ جانا۔

رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا۔ اِلَیْهِ: اشارہ کرنا۔

___ ہٗ بِکَذَا: برانگیختہ کرنا ___ الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

رَمَزَ (ن) رَمَزَانًا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا چھلانگ مارنا ___ غَنَمَهٗ: ایک چرواہے سے ناراض ہو کر بکریوں کو دوسرے کے سپرد کرنا۔

رَمُزَ (ک) رَمَازَةً۔ بہت حرکت کرنا۔ عقلمند ہونا۔ بزرگ و شریف ہونا۔

تَرَمَّزَ وارْتَمَزَ۔ تیار ہونا ___ مِنَ الضَّرْبَةِ: مار سے تلملا اٹھنا ___ الْقَوْمُ: اٹھنے کے لیے یا خصومت کے لیے اپنی جگہ ہی پر کلبلانا۔

اِرْمَازَّ اِرْمِئْزَازًا۔ الرَّجُلُ: جگہ سے ہٹنا۔ جگہ سے چمٹے رہنا (ضد) منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔

تَرَامَزَ۔ الْقَوْمُ: ہر ایک کا دوسرے کی جانب اشارہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ عَلَیْهِمْ فَتَغَامَزُوْا اَوْ تَرَامَزُوْا" میں ان کے پاس گیا تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو اشارے کرنے لگے۔

الرَّمْزُ و الرُّمْزُ و الرَّمَزُ- اشارہ- ج رُمُوْزٌ-
الرَّمِيْزُ- مکرم و معظم- اصیل- عقلمند- بہت حرکت کرنے والا- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَمِيْزُ الفُؤَادِ" تنگ دل مرد-
الرَّمَّازَة- دبر- زانیہ- رنڈی- بڑا لشکر-
التَّرَامِزُ- مِنَ الإبِلِ: پوری قوت والا اونٹ ___ إبِلٌ (مَرَامِيْزُ) بہت حرکت کرنے والا اونٹ-
الرَّامُوْزُ- سمندر- اصل- نمونہ- ج رَوَامِيْزُ-
الرُّمَيْزُ- چھڑی-
رَمَسَهُ (ض ن) رَمْسًا- ڈھانپنا- دفن کرنا ___ الخَبَرَ: چھپانا- اَلْقَبْرَ: قبر پر مٹی ہموار کرنا-
___ ہ بالحَجَرِ: کسی پر پتھر پھینکنا- صفت مفعولی (رَمِيْس و مَرْمُوْس)
اَرْمَسَ- المَيِّتَ: دفن کرنا-
اِرْتَمَسَ- فِي المَاءِ: پانی میں ڈوبنا-
الرَّمْسُ- مص قبر جو سطح زمین سے بلند نہ ہو- قبر کی مٹی- پست آواز- ج رُمُوْس و اَرْمَاس-
الرَّوَامِسُ- رات میں اُڑنے والے پرندے- ہر جانور جو رات کو نکلے- واحد (رَامِس)
(___ و الرَّامِسَات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں-
الرَّامُوْسُ- قبر- ج رَوَامِيْس-
المُرْتَمَسُ- قبر کی جگہ-
رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا- الشَّيْءَ: انگلیوں سے پکڑنا- رَمَشَتِ الغَنَمُ: بکریوں کا تھوڑا چرنا ___ ہ بالحَجَرِ: کسی کو پتھر مارنا ___ ہ بِيَدِہٖ: ہاتھ سے چھونا-
اَرْمَشَ- الشَّجَرُ: درخت پر پتے آنا- پھلدار ہونا ___ الرَّجُلُ: کمزوری و سستی سے کسی چیز کی طرف بہت دیکھنا ___ فِي الدَّمْعِ: تھوڑے آنسو بہانا-
الرَّمَشُ- پلکوں کی سرخی سیلانِ آب کے ساتھ- پلک کے بالوں کا آپس میں چمٹ جانا-
الرُّمْشُ- نوجوانوں کے ناخن کی سفیدی-
الرُّمْشُ- مہ- پھولوں کا دستہ- رَمْشُ العَيْنِ: پلک-

الأرْمَشُ- خوبصورت بناوٹ والا- مؤنث رَمْشَاء- ج رُمْش (___ و المُرَمَّش) چندھی آنکھوں والا- الأرْمَش: مختلف رنگوں والا-
اَرْضٌ (رَمْشَاء) بہت گھاس والی زمین- خشک بے گھاس کی زمین (ضد)
المِرْمَاش- دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت پھرانے والا- ج مَرَامِيْش-
رَمَصَ (ن) رَمْصًا- اَللّٰہُ مُصِيْبَتَهٗ: مصیبت کو دفع کرنا- دور کرنا ___ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا ___ الشَّيْءَ: ٹٹولنا ___ اِلَيْهِ: کسی طرف پست نگاہ سے دیکھنا ___ الدَّجَاجَةُ: بیٹ کرنا- صفت (رَمُوْص) ___ السِّبَاعُ: بچہ جننا- کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰہُ اُمًّا رَمَصَتْ بِہٖ" بُرا کرے اللہ اس ماں کے لیے جس نے اس کو جنا ہے-
رَمِصَتْ (س) رَمَصًا- عَيْنُہٗ: کیچڑ بہنا- صفت مذکر (اَرْمَص) صفت مؤنث (رَمْصَاء) ج رُمْص- رَمِصَ الرَّجُلُ: کیچڑ بہتی ہوئی آنکھوں والا ہونا-
الرَّمَصُ- مہ- آنکھ کا کیچڑ-
رَمِضَ (س) رَمَضًا- النَّهَارُ: دن کا سخت گرم ہونا ___ الشَّمْسُ: ریت وغیرہ پر سخت دھوپ پڑنا ___ الرَّجُلُ: گرم زمین سے پاؤں جلنا-
___ الطَّائِرُ: پیاس کی تیزی سے پرندہ کے جوف کا گرم ہونا ___ عَيْنُهٗ: گرم ہو کر جل اُٹھنا ___ لِلأمْرِ: غصہ سے جل اٹھنا-
رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا- النَّصْلَ: باریک ہونے کیلئے دو ہموار پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا (___ و رَمَّضَ و اَرْمَضَ) الغَنَمَ: گرم زمین میں چرانا- و رَمَّضَ الصَّوْمَ: روزہ کی نیت کرنا- رَمَّضَ الرَّجُلَ: کچھ انتظار کر کے چلا جانا- و اَرْمَضَ الشَّيْءَ: جلانا- اَرْمَضَ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا- دکھ دینا- اَرْمَضَ الحَرُّ القَوْمَ: گرمی تیز ہونے سے تکلیف پہنچنا ___ الأمْرُ فُلَانًا: غصہ سے جلانا-
تَرَمَّضَ- الصَّيْدَ: سخت گرم جگہ میں شکار کرنا-
تَرَمَّضَتْ نَفْسُہٗ: جی متلانا-
اِرْتَمَضَ- مِنَ الحُزْنِ: غم سے جل اٹھنا ___ لِفُلَانٍ: کسی کے لیے غمگین ہونا ___ كَبِدُہٗ: خراب ہونا ___ الفَرَسُ بِہٖ: کودنا-
الرَّمَضُ- مہ- گرمی کی جلن- خریف سے پہلے کی بارش جو گرم زمین پر ہو-
الرَّمَضِيُّ- مِنَ السَّحَابِ و المَطَرِ: گرمی کے آخر اور خریف کی ابتداء کی بارش یا بادل-
رَمَضَان- قمری مہینوں کا نواں مہینہ- ج رَمَضَانَات و رَمَاضِيْن و اَرْمِضَاء و اَرْمِضَة-
الرَّمْضَاء- گرمی کی تیزی- دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین-
الرَّمَاضَة- ہر چیز کی تیزی-
الرَّمِيْض و الرَّمِيْضَة- مِنَ النِّصَالِ: تیز بھالا-
رَمَطَہٗ (ض) رَمْطًا- عیب لگانا- طعن و تشنیع کرنا-
رَمَعَ (ف) رَمَعَانًا- اَنْفُهٗ: غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا- صفت (رَمِعٌ) ___ عَيْنُهٗ بِالدُّمُوْعِ: آنسو بہانا ___ بِيَدِہٖ: ہاتھ سے اشارہ کرنا ___ رَاْسَهٗ: سر ہلانا- رَمَعَتِ المَرْاَةُ بِالصَّبِيِّ: عورت کا بچہ جننا (___ رَمْعًا و رَمَعَانًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا-
رُمِعَ و اُرْمِعَ- السَّاقِي: شراب پلانے والے کی پیٹھ یا پیٹ میں درد ہونا-
رُمِعَتِ- المَرْاَةُ بِالصَّبِيِّ: عورت کا بچہ جننا-
تَرَمَّعَ- غصہ سے کانپنا-
الرَّامِع- فا- سر کو جھکا کر اٹھانے والا-
الرُّمْعَة- ٹکڑا- کہا جاتا ہے "رُمْعَةٌ مِنْ نَبْتٍ" گھاس کا ایک قطعہ-
الرَّمَّاعَة- دبر- بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے-
اليَرْمَع- پھرکی- سفید چمکتی ہوئی کنکریاں جو توڑنے سے ٹوٹ جائیں- ج يَرَامِع- کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ يَفُتُّ اليَرْمَعَ" میں نے اس کو کنکریاں توڑتے ہوئے چھوڑا- یعنی وہ مغموم و شکستہ دل تھا-
المُرْمِعَة- بیابان- کہا جاتا ہے "اَتٰى بِمُرْمِعَاتِ الأخْبَارِ" وہ جھوٹی خبریں لایا-
الرُّمَاع- ساقی کی پیٹھ کا درد جس کی وجہ سے وہ

پلانہ سکے یا پیٹ کا درد جس سے چہرہ زرد پڑ جائے۔
اِرْمَعَلَّ اِرْمِعْلَالاً۔ الصَبِیُّ: بچے کی رال ٹپکنا ــــ الثَّوْبُ: تر ہونا ــــ الشِّوَاءُ: بھنے ہوئے گوشت سے روغن ٹپکنا۔ الرَّجُلُ: دوڑنا۔
اِرْمَعَلَّتِ الْاِبِلُ: متفرق و پراگندہ ہونا۔
اِرْمَعَنَّ۔ دَمْعُه: آنسو جاری ہونا۔ بہنا۔
رَمَغَ (ف) رَمْغًا۔ الشَّیْءَ: چمڑے وغیرہ کو ہاتھوں سے ملنا۔
رَمَّغَ۔ رَاْسَهٗ: سر پر تیل لگانا ــــ الْكَلَامَ: گفتگو میں نمک مرچ لگانا ــــ الطَّعَامَ: سالن سے تر کرنا۔
اِرْمَغَلَّ اِرْمِغْلَالاً۔ الدَّمْعُ: لگاتار آنسو کے قطرے گرنا۔
الْمُرْمَغِلَّ۔ دباغت کیلئے مسالہ میں رکھا ہوا چمڑا۔
رَمَقَهٗ (ن) رَمْقًا۔ جھلکتی ہوئی نگاہ ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔
رَمَّقَ۔ دیر تک دیکھنا ــــ الْكَلَامَ: گھڑنا۔ باطل سے آراستہ کرنا ــــ الْعَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا ــــ ہ بِالشَّیْءِ: کسی کی آخری سانس کو کسی چیز کے ذریعہ بچالینا۔
رَامَقَ مُرَامَقَةً۔ الْعَمَلَ: اچھی طرح نہ کرنا ــــ الرَّجُلَ: شر سے بچنے کے لیے سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ النَّخْلَةُ تُرَامِقُ بِعِرْقٍ" یعنی یہ درخت خرمانہ بڑھتا ہے نہ ہی مرجھاتا ہے۔
تَرَمَّقَ۔ الْمَاءَ وَاللَّبَنَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِرْمَقَّ وَاِرْمَاقَّ۔ الشَّیْءُ: کمزور ہونا۔ پتلا ہونا۔
اِرْمَاقَّ الرَّجُلُ: دبلے پن سے ہلاک ہونا۔
اِرْمَقَّ الطَّرِیْقُ: راستہ کا دراز ہونا۔
عَیْشٌ (رَمِقٌ وَ رِمَاقٌ) تنگ زندگی۔ الرِّمَاقُ: نفاق و دشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرَّمَقُ۔ بقیہ زندگی۔ مِنَ الْعَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کے آخری سانس کو باقی رکھے۔ ج اَرْمَاقٌ۔ الرَّمَقُ: بکریوں کا گلہ (رمہ فارسی کا معرب)
الرُّمْقَةُ وَالرَّمَاقُ وَالرِّمَاقُ۔ مِنَ الْعَیْشِ: تھوڑا گزارہ جو زندگی کو باقی رکھے۔ قوت لا یموت۔
الرَّامِقُ وَالرَّمُوْقُ۔ فقیر۔ حاسد۔ ج رُمُقٌ۔ رَجُلٌ (رُمَّقٌ) کمزور مرد۔
الْمُرْمَقُّ وَالْمُرْمَقُّ۔ الْعَیْشِ: تنگ گزارہ والا۔
الْمُرَامِقُ۔ بد خلق۔ تھوڑی محبت والا۔
الْيَرْمُوْقُ۔ کمزور نظر والا۔
حَبْلٌ (اَرْمَاقٌ): کمزور رسی۔
رَمَكَ (ن) رُمُوْكًا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ــــ الْاِبِلُ عَلَى الْمَاءِ: اونٹوں کا پانی پر قیام کرنا، ٹھہرنا۔
اَرْمَكَهٗ۔ بِالْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔
اِرْمَكَّ اِرْمِكَاكًا۔ دبلا پتلا ہونا۔ الْبَعِیْرُ اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْمَكُ) و صفت مؤنث رَمْكَاءُ ج رُمْكٌ۔
اِسْتَرْمَكَ۔ الْقَوْمُ: حسب میں عیب دار ہونا۔
الرَّامِكُ وَالرَّامَكُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔
الرَّمَكَةُ۔ گھوڑی یا ترکی گھوڑی جو نسل بڑھانے کے لیے رکھی جائے۔ ج رَمَكٌ وَرِمَاكٌ وَرَمَكَاتٌ وَاَرْمَاكٌ رَجُلٌ رَمَكَةٌ: کمزور مرد۔
الرُّمْكَةُ۔ اونٹوں میں خاکستری رنگ۔
رَمَلَ (ن) رَمْلاً۔ الطَّعَامَ: کھانے میں ریت ملانا ــــ النَّسِیْجَ: باریک بنّا ــــ السَّرِیْرَ: جواہر وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے کو خون سے لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ (ــــ رَمَلاً وَرَمَلَانًا وَمَرْمَلاً) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا۔
رَمَّلَتْ۔ الْمَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا: عورت کا بیوہ ہونا ــــ النَّسِیْجَ: باریک بنّا ــــ الْكَلَامَ: کلام کو گھٹیا قرار دینا ــــ الْخَطَّ: خشک ہونے کے لئے ریت ڈالنا ــــ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے کا خون سے لتھڑنا۔
اَرْمَلَ۔ الْقَوْمُ: توشہ ختم ہونا۔ محتاج ہونا۔ زَادَهُمْ: توشہ ختم کرنا ــــ الْمَرْاَةُ: بیوہ ہونا۔ الْحَبْلَ: رسی دراز کرنا ــــ السَّهْمُ بِالدَّمِ: تیر کا خون سے آلودہ ہونا ــــ النَّسِیْجَ: باریک بنّا۔
تَرَمَّلَتْ۔ الْمَرْاَةُ: عورت کا بیوہ ہونا۔
تَرَمَّلَ وَاِرْتَمَلَ۔ بِالدَّمِ: خون سے آلودہ ہونا۔
الرَّمْلُ۔ ریت۔ رَمْلَةٌ اس سے خاص ہے ج رِمَالٌ وَاَرْمُلٌ عِلْمُ الرَّمْلِ: ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے احوال کو معلوم کرتے ہیں۔ اُمُّ رِمَالٍ: بجو۔
الرَّمَلُ۔ تھوڑی بارش۔ زیادتی۔ گائے کی ٹانگوں میں بدن کے رنگ کے مخالف دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام۔ فن موسیقی کا ایک راگ۔
الرَّمْلَةُ۔ زمین کا ٹکڑا جس پر ریت ہو۔
الرُّمْلَةُ۔ کالی دھاری ج رُمَلٌ وَاَرْمَالٌ۔
الْاَرْمَلُ۔ مسکین۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا۔ ج اَرَامِلُ وَ اَرَامِلَةٌ مؤنث اَرْمَلَةٌ۔ عَامٌ اَرْمَلُ: کم بارش والا سال۔
الْاَرْمَلَةُ۔ ضعیف و محتاج لوگ۔
سَنَةٌ (رَمْلَاءُ) کم بارش والا سال۔ نَعْجَةٌ رَمْلَاءُ بھیڑ جس کی ٹانگیں سیاہ اور بقیہ جسم سفید ہو۔
الرَّمَّالُ۔ ریت بیچنے والا۔
الْمِرْمَلُ۔ چھوٹی بیڑی۔
الْمُرْمِلُ وَالْمُرَمِّلُ۔ شیر۔
الرُّمَّانُ۔ انار۔ انار کا درخت۔ واحد (رُمَّانَةٌ)
الرُّمَّانَةُ: ناف اور اس کا اردگرد۔
الْمَرْمَنَةُ۔ انار اُگنے کی جگہ۔
رَمِهَ (س) رَمْهًا۔ الْيَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔
رَمٰی (ض) رَمْيًا وَرِمَايَةً۔ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ: پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "رَمٰی السَّهْمَ عَنْ اَوْعَلَى الْقَوْسِ" تیر کو کمان سے پھینکنا ــــ الْمَكَانَ: کسی جگہ کا قصد کرنا ــــ اللّٰهُ لَهٗ: مدد کرنا۔ رماہ بِاَكَذَا: عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمٰی بِحَبْلِهٖ عَلٰى غَارِبِهٖ" اس نے اس کی رسی اس کے کاندھے پر رکھ دی یعنی اسے آزاد چھوڑ دیا۔ "رَمٰی عَلَى الْخَمْسِیْنَ": زائد ہونا ــــ الْمَالُ: بہت ہونا۔ رَمٰی بِهٖ عَلَى الْبَلَدِ: حاکم و والی بنانا۔
اَرْمٰی اِرْمَاءً۔ الشَّیْءَ مِنْ يَدِهٖ: پھینکنا۔
ــــ ہ عَنْ فَرَسِهٖ: گھوڑے سے گرا دینا۔
اَرْمٰی عَلَى الْخَمْسِیْنَ: زائد ہونا۔ اَرْمَتْ بِهِ الْبِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔

رَامَاهُ مُرَامَاةً وَرِمَاءً وَتَرْمَاءً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا۔ رَامَی عَنْ قَوْمِهٖ: تیراندازی کرنا۔

تَرَامٰی تَرَامِيًا۔ الْقَوْمُ: بعض کا بعض پر تیر اندازی کرنا اور پتھراؤ کرنا ___ الْاَمْرُ: تاخیر ہونا۔

___ السَّحَابُ: بعض کا بعض سے مل جانا۔

تَرَامَتْ بِهِ الْبِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔ تَرَامَی الشَّیْئُ: لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ الشَّرُّ يَتَرَامٰی بَيْنَهُمْ" شر ان کے درمیان لگاتار ہوتا رہا۔ "وَتَرَامٰی اَمْرُهٗ اِلَی الظَّفَرِ اَوِ الْخُذْلَانِ" اس کا معاملہ کامیابی یا ناکامی کی طرف پہنچ گیا۔

اِرْتَمٰی اِرْتِمَاءً۔ پھینکا جانا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ فَارْتَمٰی" اس نے اسے پھینکا وہ پھینکا گیا ___ الصَّيْدَ: شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ بِهِ الْبِلَادُ: وطن سے دور کر دینا۔ اِرْتَمَيَا: ایک کا دوسرے پر تیر پھینکنا۔

تَرَمِّيْ۔ تیر پھینکنا اور شکار کرنا۔

الرِّمْيُ۔ پتھر پھینکنے کی آواز۔

الرَّمَاءُ۔ زیادتی۔ ربوا۔ سود۔

الرَّمْيَةُ۔ زیادتی "فِيْ هٰذَا رَمْيَةٌ عَمَّا قِيْلَ لِيْ" جو کچھ مجھ سے کہا گیا ہے اس سے اس میں زیادتی ہے۔ و "هُوَ صَاحِبُ رَمْيَةٍ" وہ باتوں میں زیادتی کرنے والا ہے۔ رَمْيٌ کا اسم مرۃ اور عرب کا قول "رَمْيَةٌ مِنْ غَيْرِ رَامٍ" مثال ہے، اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو غلط کار ہو اور اتفاقاً کوئی صحیح کام کرے۔

الرَّامِيْ۔ فا۔ ج رُمَاةٌ وَرَامُوْنَ۔ ایک ستارہ کا نام۔

الرَّمِيُّ۔ سخت بارش برسانے والا بادل۔ ج اَرْمَاءٌ وَاَرْمِيَةٌ وَرَمَايَا۔

الرَّمِيَّةُ۔ شکار جس پر تیر پھینکا جائے۔ ج رَمَايَا۔

الْمِرْمٰی۔ تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج مَرَامٍ۔

الْمِرْمَاةُ۔ چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔

الْمَرْمٰی۔ مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْكَلَامُ بَعِيْدُ الْمَرَامِيْ" یہ کلام دور رس ہے۔ "وَمَا اَبْعَدَ مَرْمٰی هِمَّتِهٖ" اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے "وَلَهٗ هِمَّةٌ قَصِيَّةُ الْمَرْمٰی" اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔

رَنَّ (ض) رَنِيْنًا وَاَرَنَّ۔ رونے میں آواز بلند کرنا۔ فریاد کرنا۔ رَنَّ وَاَرَنَّ اِلَيْهِ: کان لگانا۔ رَنَّتْ وَاَرَنَّتِ الْقَوْسُ: آواز کرنا (رَنَّ وَاَرَنَّ وَاسْتَرَنَّ) لِكَذَا: کھیل کود کرنا۔

رَنَّنَ۔ الْقَوْسَ: آواز نکالنا (___ تَرْنِيْنًا وَتَرْنِيْنَةً) چیخنا۔

الرَّنَّةُ۔ آواز مطلقاً یا کمان وغیرہ کی آواز کے لئے خاص ہے۔

الرَّنِيْنُ۔ آواز مطلقاً یا غمگین آواز۔

الرَّنَنُ۔ تھوڑا پانی۔ ایک جانور جو گرمی کے زمانہ میں ٹراتا ہے۔

قَوْسٌ (مِرَنَّةٌ وَمِرْنَانٌ) بہت آواز کرنے والی کمان۔

الرُّنَّی۔ تمام مخلوق۔ ماہ جمادی الاخری کا نام اس معنی میں اس پر الف لام نہیں آتا۔

رَنَأَ (ف) رَنْأً۔ آواز کرنا ___ اِلَيْهِ: دیکھنا ___ فِيْ مِشْيَتِهٖ: گرانبار چلنا۔

الْاَرْنَبُ۔ خرگوش۔ (یہ بزدلی کے لیے ضرب المثل ہے) ایک قسم کا زیور۔ ج اَرَانِبُ (___ وَالْيَرْنَبُ) چھوٹی دم کا ایک قسم کا جنگلی چوہا۔

الْاَرْنَبَةُ۔ اَرْنَب کا واحد۔ ناک کا بانسہ "جَدَعَ فُلَانٌ اَرْنَبَةَ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ لی یعنی اہانت کی۔ ج اَرَانِب۔

نَسِيْجٌ (مُؤَرْنَبٌ وَمُرْنَبٌ) خرگوش کے بال ملا کر بنا ہوا۔

اَرْضٌ (مَرْنَبَةٌ وَمُؤَرْنِبَةٌ وَمُؤَرْنَبَةٌ) بہت خرگوش والی زمین۔

الرَّانِجُ۔ سیاہ چمکدار کھجور۔ اخروٹ۔

رَنَّحَهٗ تَرْنِيْحًا۔ کمزور کرنا۔ الرِّيْحُ الْغُصْنَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُهٗ حَتّٰی رَنَّحْتُهٗ" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ اس پر بیہوشی طاری ہو گئی۔

رُنِّحَ۔ عَلَيْهِ: غشی طاری ہونا۔ فرار یا خوف یا غم کی وجہ سے سست و کمزور ہو کر جھک پڑنا۔ صفت (مُرَنَّحٌ)

تَرَنَّحَ وَارْتَنَحَ۔ نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھکنا ___ عَلَيْهِ: فخر و برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَنَّحَ بِالْكَلَامِ عَلَيَّ جَهْلًا" اس نے جہالت کی وجہ سے میرے اوپر فخر کا اظہار کیا۔

الرُّنْحُ۔ چکر۔ دورانِ سفر۔

الْمُرَنَّحَةُ۔ جہاز کا اگلا حصہ۔

رَنَخَ (ن) رَنْخًا۔ سست ہونا۔

رَنَخَهٗ۔ خوار و ذلیل ہونا۔

تَرَنَّخَ۔ خوار و ذلیل ہونا ___ بِهٖ: کسی چیز سے لٹک جانا۔

الرَّنْدُ۔ ایک قسم کی خوشبودار جنگلی گھاس جو آس کے مشابہ ہوتی ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی چھوٹی گون۔

الرُّنْزُ۔ چاول۔

رَنَعَ (ف) رُنُوْعًا۔ دبلا و لاغر ہونا۔ لَوْنُهٗ: رنگ کا متغیر ہونا ___ الدَّابَّةُ: جانور کا سر ہلا کر مکھی اڑانا ___ الرَّجُلُ: کھیلنا۔

رَنَّعَ۔ رَاسَهٗ: حرکت دینا۔

الْمَرْنَعَةُ۔ کھیل کود کی آواز۔ وسعت باغ۔ ارزانی و فراخ سالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي الْمَرْنَعَةِ لِكُلِّ قَوْمٍ مَقْنَعَةً" ارزانی اور فراخی سال میں ہر قوم کے لیے آسودگی ہے۔

اَرْنَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا ___ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا سر ہلاتے ہوئے چلنا ___ النَّاقَةُ بِاُذُنَيْهَا: اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلا کرنا۔

الرَّانِفُ۔ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ: ہر ایک چیز کا کنارہ۔

الرَّانِفَةُ۔ ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ چوتڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے ___ مِنَ الْكُمِّ: آستین کا کنارہ۔ ج رَوَانِفُ اور کہا جاتا ہے "عَلَوْا رَوَانِفَ الْاَكَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔

رَنَقَ (ن) رَنْقًا وَرُنُوْقًا وَرَنِقَ (س) رَنَقًا۔ الْمَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت (رَنْقٌ وَرَنِقٌ وَرَنَقٌ)

رَنَّقَ۔ الْمَاءَ: پانی کا گدلا کرنا۔ پانی صاف کرنا۔

___ الْقَوْمُ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

___ الطَّائِرُ: پرندہ کا بغیر اڑنے کے پر پھڑپھڑانا۔

___ النَّوْمُ فِيْ عَيْنَيْهِ: آنکھوں میں نیند بھر آنا۔

____ جَنَاحُ الطَّائِرِ : بازو ٹوٹنے سے پرندہ کا گرنا ____ عَيْنَاهُ : بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا ____ جِسْمُه اوزَائِدُهُ : کمزور ہونا ____ السَّفِيْنَةُ : کشتی کا اپنی جگہ پر گھومنا

____ الرَّجُلُ : حیران ہونا۔

____ المَنِيَّةُ مِنْهُ : موت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "رَنِّقْ ولَا تَعْجَلْ" یعنی ٹھہرو انتظار کرو جلدی مت کرو ____ النَّظْرَ اِلَيْهِ : دیر تک دیکھنا۔

اَرْنَقَ- المَاءَ : پانی گدلا کرنا ____ اللِّوَاءَ : حملہ کرنے کے لیے جھنڈا ہلانا ____ اللِّوَاءَ : جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ- المَاءُ : پانی کا گدلا ہونا۔

الرَّنَقُ- مه- جھوٹ۔

الرُّنْقَاءُ- مِنَ الطَّيْرِ : انڈے سینے والا پرندہ۔ عوام اس کو فرقہ کہتے ہیں۔ اَرْضٌ رُنْقَاءُ : بنجر زمین۔ ج رَنْقَاوَات۔

الرَّنْقَةُ- کیچڑ ملا ہوا پانی۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ج رَنَائِق (یہ رنائق کا مقلوب ہے)

الرَّوْنَقُ- چمک دمک۔ خوبصورتی۔

التُّرْنُوْقُ والتُّرْنُوْقُ والتُّرْنُوْقَاءُ- نہروں کا کیچڑ۔ سیلاب کے بہنے کی جگہ جبکہ پانی خشک ہو چکا ہو۔

رَنِمَ (س) رَنِيْمًا ورَنَمًا وتَرَنَّمَ- خوش آوازی سے گانا۔

الرَّنَمُ والرَّنَمَةُ- ایک قسم کی نباتات۔

الرُّنُمَ- گانے والی عورتیں- خوش الحانی سے گانے والیاں۔ ہوشیار لونڈیاں۔ اور کہا جاتا ہے "عُوْدٌ رُنُمٌ" بجنے والا بربط۔

رَنَا (ن) رُنُوًّا ورَنَا- اِلَيْهِ ولَهُ : ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ____ الرَّجُلُ : مشغولی قلب کے ساتھ طرب اور کھیل کود میں ہونا (____ وترانی) عَنْهُ : غفلت برتنا۔

رَنَّى تَرْنِيَةً- گانا ____ اِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔

(____ واَرْنَى) الحَسَنُ فُلَانًا : تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاهُ اِلَى الطَّاعَةِ : کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

رَانَاهُ- سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لَهُ شَرَفٌ يُرَانِي الكَوَاكِبَ" یعنی اسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

تَرَنَّىٰ- محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔

الرَّنَا- مه- وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔

الرَّنَاءُ- خوبصورتی۔

الرَّنَاءُ- اچھی آواز۔ طرب۔

الرَّنَّاءُ والرَّنُوُّ- دل پسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَنُوُّ الأَمَانِي" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔

رَهِبَ (س) رَهْبَةً ورُهْبًا ورَهْبًا ورَهَبًا ورُهْبَانًا ورَهَبَانًا- خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَرْهَبْ بِكَ"

رَهَّبَ- الجَمَلُ : اٹھنے لگنا پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهِبَتِ النَّاقَةُ : سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَهْبٌ) ج رِهَاب۔

اَرْهَبَ- تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهَبَ عَنْهُ النَّاسَ بَاسُهُ ونَجْدَتُهُ" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔

تَرَهَّبَ- راہب بننا ____ ہ : دھمکی دینا۔

اِسْتَرْهَبَهُ- خوف دلانا۔

الرَّهْبُ- نیزہ کا باریک پھل۔ مِنَ الاِبِلِ : سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِهَاب۔

الرُّهْبُ- آستین۔

الرَّهْبَةُ والرُّهْبَى والرَّهْبَى والرَّهْبَاءُ- ڈر- خوف۔

الرَّهْبَانِيَّةُ والرُّهْبَانِيَّةُ- دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔

الرَّاهِبُ- فا- شیر- گرجاؤں کا گوشہ نشین۔ ج رُهْبَان۔ مؤنث رَاهِبَة ج رَاهِبَات و رَوَاهِب۔

الرَّاهِبَةُ : ڈراؤنی حالت۔

الرُّهْبَانُ- بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَهَابِيْن ورَابِنَة ورُهْبَانُوْن۔ مؤنث رُهْبَانَة ج رُهْبَانَات۔

الرُّهْبَانُ- راہب۔ ج رَهَابِيْن مؤنث رُهْبَانَة ج- رُهْبَانَات۔

الرَّهَبُوْتُ والرَّهَبُوْتَى- بہت ڈر۔ شدید خوف۔

الرَّهْبَنَةُ- راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔

المَرَاهِبُ- خوفناکیاں۔

الرَّهِيْبُ والمَرْهُوْبُ- خوفناک- شیر۔

رَهْبَلَ- غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَرَهْبَلَ- تیز چال چلنا۔

الرَّهْبَلُ- مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔

الرَّهْبَلَةُ- تیز چال۔

اَرْهَجَ- غبار- اڑانا ____ بَيْنَ القَوْمِ : بعض کو بعض پر بھڑکانا ____ السَّمَاءُ : آسمان کا برسنے لگنا۔

الرَّهْجُ والرَّهَجُ- اڑایا ہوا غبار۔ والرَّهَجُ : فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل۔ واحد (رَهْجَةٌ)

الرَّهْوَجَةُ- ایک قسم کی چال۔

رَهَدَهُ (ف) رَهْدًا- باریک پیسنا۔

رَهَّدَ- سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَهَادَةُ- العَيْشِ : زندگی کی آسودگی۔

الرَّهُوْدِيَّةُ- مہربانی و نرمی۔

الرَّهِيْدُ- نرم و نازک۔ ارزاں۔

الرَّهِيْدَةُ- نرم و نازک عورت۔ الرَّهِيْدَةُ : ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

اَمْرٌ (مَرْهُوْدٌ) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُم مَرْهُوْدِيْنَ" یعنی میں نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَّهْدَلُ- بیوقوف- کمزور۔

الرَّهْدَنُ والرُّهْدُنُ والرِّهْدَنُ- بزدل- بیوقوف- چڑیا کی مانند ایک پرندہ کا نام۔ ج رَهَادِن ورَهَادِنَةٌ۔

الرُّهْدُوْنُ- جھوٹا۔

رَهْرَهَ رَهْرَهَةً- مَائِدَتَهُ : جود و سخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔

تَرَهْرَهَ- السَّرَابُ : سراب کا متواتر چمکنا ____ جِسْمُهُ : جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید

ونرم ونازک ہونا۔
الرَّهْرَهَة۔ مص۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔
جِسْمٌ (رَهْرَةٌ ورَهْرَاهٌ ورَهْرُوْةٌ) سرخ سفید نازک بدن۔ طَسْتٌ رَهْرَةٌ ورَهْرَاهٌ : تھوڑی گہرائی کا طست۔ ومَاءٌ رَهْرَاهٌ ورُهْرُوْةٌ : صاف پانی۔
رَهَزَ (ف) رَهْزًا ورَهَزَانًا۔ المُبَاضِع : جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔
اِرْتَهَزَ۔ لِلْاَمْرِ : خوشی سے جھومنا۔
رَهَسَ (ف) رَهْسًا۔ الشَيْئَ : سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔
تَرَهَّسَ۔ الشَيْئُ : ہلنا۔ اِدھراُدھر ہونا۔
اِرْتَهَسَ۔ القَوْمُ : بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَسَتْ رِجْلَا الدَّابة : رگڑ کھانا ــــ الوَادِي : بھر جانا ــــ الجَرَادُ : تہ بتہ ہونا۔
اِرْتَهَشَ۔ الرَّجُلُ : کانپنا ــــ القَوْمُ : قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا ــــ القَوْسُ : نرم وسست ہونا ــــ الفَرَسُ : گھوڑے کا ٹکرانا۔
تَرَهَّشَ۔ الرَّجُلُ : کریم وسخی ہونا۔ النَاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
الرَّهَش۔ جانوروں کا اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔
الرَّهِيْش۔ مِنَ التُرَابِ : گرتی ہوئی مٹی جو نہ رکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ نَاقَة رَهِيْشَة : بہت دودھ والی اونٹنی۔
الرَّاهِشَان۔ بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔
الرُّهْشَة۔ کرم۔ حیا۔
الرَّوَاهِش۔ ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاهِش ورَاهِشَة)
رَهَصَ (ف) رَهْصًا۔ الشَيْئَ : سخت نچوڑنا ــــ الصَيْدَ : شکار کو سست کر دینا ــــ ہ : ملامت کرنا۔ جلدی کرانا ــــ الحَائِطَ : دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ــــ الفَرَسَ : کھر کو زخمی کرنا۔
رَهِصَ (س) ورُهِصَ رَهَصًا۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا۔
اَرْهَصَ۔ الحَائِطَ : دیوار کا پہلا ردہ رکھنا ــــ الشَيْئَ : بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ــــ ہ : بھلائی کا منبع بنانا ــــ الفَرَسَ : گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔
رَاهَصَ۔ غَرِيْمَه : قرض دار کی نگرانی کرنا۔
تَرَاهَصَتْ۔ الصُخُوْرُ : چٹانوں کا آپس میں جمنا۔
الرِهْص۔ مِنَ الحَائِط : دیوار کا پہلا ردہ۔ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے۔
الرَّهَّاص۔ مٹی گارہ بنانے والا۔
الرَّهْصَة۔ گھوڑے کے سم کا زخم۔
الرَّهِيْص۔ مِنَ الخَيْلِ : سم کے زخم والا۔
خُفٌّ رَهِيْصٌ : اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔
اَسَدٌ رَهِيْصٌ : شیر جو اپنی جگہ سے ٹلتا نہ ہو۔
الرَّوَاهِص۔ مِنَ الحَجَارَةِ : سم کو زخمی کرنے والا پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں۔ واحد (رَاهِصَةٌ)
المَرْهَصَة۔ مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاهِص۔
رَهَطَ۔ (ف) رَهْطًا۔ اللُقْمَةَ : بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَرْهِطُ" وہ بہت کھاتا ہے۔
رَهَّطَ۔ بہت کھانا ــــ اللُقْمَةَ : بڑا لقمہ لینا ــــ الرَّجُلُ : سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔ گھر سے نہ نکلنا۔
اِرْتَهَطَ۔ القَوْمُ : اکٹھا ہونا۔
الرَّهْط والرَّهَط۔ آدمی کی قوم اور قبیلہ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج اَرْهُط واَرْهَاط وج اَرَاهِيْط واَرَاهِط اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مُراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عِشْرُوْنَ رَهْطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نَحْنُ ذُوْرَهْطٍ" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّهْط : دشمن۔
الرِهَاط۔ گھر کا سامان۔
الرُّهَطَة والرُّهَطَاء والرَّاهِطَاء۔ مِنْ جُحْرَةِ اليَرْبُوع : جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رُهَاطِي۔
التِرْهُوْط۔ بہت کھانے والا۔
رَهَفَ (ف) رَهْفًا۔ السَيْفَ : تلوار کو باریک کرنا۔
رَهُفَ (ک) رَهَافَةً ورَهَفًا۔ باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَهِيْف)
اَرْهَفَ۔ السَيْفَ : تلوار کی دھار پتلی کرنا۔
اَرْهَفَ بِالْكَلَامِ : فی البدیہہ کہنا۔
الرَّهِيْف۔ پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز۔
المُرْهَف۔ مف۔ سَيْفٌ مُرْهَفٌ : تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فَرَسٌ مُرْهَفٌ : دبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْرٌ مُرْهَفٌ : پتلی کمر ــــ مُرْهَفُ الجِسْمِ : دبلا پتلا۔ رَجُلٌ (مَرْهُوْف) البَدَن : پتلے جسم والا مرد۔
رَهِقَ (س) رَهَقًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (رَهِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ برائیوں کا مرتکب ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا ــــ السَفَرُ : قریب ہونا۔ وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَهِقَتِ الكِلَابُ الصَّيْدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔
رَهَّقَهُ۔ برائی کی تہمت لگانا۔
رَاهَقَ۔ الغُلَامُ : جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت (مُرَاهِق) کہا جاتا ہے "صَلَّى الصَّلٰوةَ مُرَاهِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔
اَرْهَقَهُ۔ ظُلْمًا : مبتلائے ظلم کرنا ــــ ہ اِثْمًا : گناہ پر برانگیختہ کرنا ــــ ہ عُسْرًا : تکلیف دینا۔
ــــ ہ : پالینا۔ فوق الطاقة کام پر اُکسانا۔
ــــ الصَّلٰوة : آخر وقت تک مؤخر کرنا۔
زَيْدًا اَنْ يُصَلِّي : نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لَاتُرْهِقْنِي لَا اَرْهَقَكَ اللّٰهُ" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالے گا۔
الرَّهَق۔ مص۔ گناہ و تہمت۔ سبکی عقل۔ جہالت۔ فوق الطَّاقة کام پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّهَقِي۔ ایک قسم کی ڈور۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَعْدُو الرَّهَقِي"
الرِهَاق والرُّهَاق۔ مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "كَانُوْا رِهَاقَ مِائَةٍ" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔
الرَّهِيق۔ شراب۔
الرَّيْهُقَان۔ زعفران۔
المُرْهَق۔ قتل کرنے کے لیے گرفتار۔ تنگی میں

ڈالا ہوا۔

المُرَھَّق۔ مفع۔ خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔فیاض۔

رَھَكَ (ف) رَھْكًا۔ الشئَ : باریک پیسنا۔ صفت مفعولی(رَھِيكٌ ومَرْھُوكٌ) بِالمَكَانِ :اقامت کرنا۔

اِرْتَھَكَ۔ چلنے میں سست ہونا۔

الرَّھْكُ۔مہ۔ نیک کام۔

الرَّھْكَةُ۔ کمزوری۔

الرَّھْكَةُ والرُّھَكَةُ۔مِنَ الرِجَالِ أَوِالإِبِلِ : کمزورو ناتواں۔

رَھِلَ (س) رَھَلاً۔ ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رَھِلٌ) کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ فِيهِ رَھَلٌ" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔

رَھَّلَهُ وأَرْھَلَهُ۔ النومُ : نیند کا سست و ڈھیلا کرنا۔

تَرَھَّلَ۔ڈھیلا ہونا۔

الرِھْلُ۔ شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔

المُتَرَھِّلُ۔عِنْدَ الأَطِبَّاءِ :ڈھیلے بدن والا۔

أَرْھَمَتِ۔السَّمَاءُ : نرم بارش برسانا۔

الرِھْمَةُ۔ نرم لگاتار بارش۔ج رِھَم ورِھَام۔

الرَّھَامُ والرَّھُومُ۔ دبلی بکری۔

الرُّھَامُ۔ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔

الأَرْھَمُ۔ زیادہ فراخی وارزانی والا۔

المَرْھَمُ۔ مرہم۔ ج مَرَاھِمُ

مَكَانٌ (مَرْھُومٌ) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو۔

الرَّھْمَجُ۔ کشادہ۔

رَھْمَسَ رَھْمَسَةً۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔ لَهُ برائی کی تعریض کرنا۔

رَھَنَ (ف) رَھْنًا۔ الشئَ فُلاَنًا وعِنْدَفُلاَنٍ : گرو رکھنا۔ الشَّئُ : ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نِعْمَةُ اللّٰهِ رَاھِنَةٌ" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے ___ الشَّئَ : ہمیشہ رکھنا۔ بالمَكَانِ : اقامت کرنا(رُھُونًا)دبلا ہونا۔ صفت(رَاھِن)

رَاھَنَه رِھَانًا و مُرَاھَنَةً۔ عَلَى الخَيْلِ : دوڑانے کیلئے شرط لگانا ___ عَلَى كَذَا : شرط ٹھہرانا۔

أَرْھَنَهُ۔ الشئَ : کسی کے پاس گرو رکھنا۔ أَرْھَنَ فُلاَنًا : کمزور کرنا۔ پیشگی دینا۔ فِي السِلْعَةِ : گران کرنا ___ لِضَيْفِهِ الطَعَامَ والشَرَابَ : مہمان کے لیے ہمیشہ کھانا پانی تیا۔ رکھنا۔ أَرْھَنَ المَيِّتَ القَبْرَ :میت کو قبر میں رکھنا۔

تَرَاھَنَ۔ القَوْمُ : آپس میں شرط لگانا۔

اِرْتَھَنَ۔ الشئَ مِنْهُ : گروی لینا ___ بِالأَمْرِ : کسی معاملہ میں مقید ہونا۔

اِسْتَرْھَنَهُ۔ الشئَ :گروی طلب کرنا۔

الرَاھِنُ۔ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ حُجَّةٌ رَاھِنَةٌ" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ۔ لاغر' دُبلا۔

الرَاھِنَةُ۔ گھوڑے کی ناف اور راس کا ارد گرد۔

الرَّھْنُ۔مہ۔گروی۔ کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رِھَان ورُھُون ورَھِينٌ و رُھُنٌ۔ کہا جاتا ہے "إِنِّي لَكَ رَھْنٌ بِكَذَا" میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔

هٰذَا (رَھْنٌ) مَالِ : یہ مال کے برابر ہے۔ شَئٌ مَرْھُونَةٌ کے لیے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جا رہا ہے اس کے یہ برابر ہے۔

الرِھَانُ۔ مہ۔ خَيْلُ الرِھَانِ : شرط لگانے کے گھوڑے اور "هُمَا كَفَرَسَيْ رِھَانٍ" : وہ ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔

الرَّھِينُ۔ گروی رکھا ہوا۔ کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "أَنَا رَھِينٌ بِأَعْمَالِي" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔

الرَّھِينَةُ۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "أَنَا رَھِينَةٌ بِكَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔ و "كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَھِينَةٌ" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ و "الخَلْقُ رَھَائِنُ المَوْتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔

المُرْتَھَنُ۔ مفع۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ المُرْتَھَنُ بِالأَمْرِ : کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كُلُّ اِمْرِءٍ بِالمَوْتِ مُرْتَھَنٌ" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔

الأُمُوْرُ (مَرْھُونَةٌ) بِأَوْقَاتِهَا : کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔

الرَّھْنَامِجُ و الرَّھْنَامَجُ۔ ملاحوں کے لیے بحری راستہ کا نقشہ (راہ نامہ کا معرب)

رَھَا (ن) رَھْوًا۔ نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ رَھْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ و "أُرْهُ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو ___ البَحْرُ : دریا کا ساکن ہونا ___ بَيْنَ رِجْلَيْهِ : کھولنا ___ الطَائِرُ : پرندہ کا بازو پھیلانا۔

رَاھَى مُرَاھَاةً۔ الرَّجُلَ : قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔

أَرْھَى إِرْھَاءً۔ کشادہ جگہ پانا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا ___ لَهُمُ الطَعَامَ : ہمیشہ تیار رکھنا ___ عَلَى نَفْسِهِ : نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْهِ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے اوپر نرمی کرو و "أَرْھَى لَكَ الشَّئُ" تمہارے لیے یہ چیز ممکن ہے و "أَرْھَيْتُهُ لَكَ" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔

تَرَاھَى۔القَوْمُ :باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَھَى۔القَوْمُ :باہم مختلط ہونا۔ رہیہ تیار کرنا۔ (دیکھئے لفظ رَھِيَّةٌ)

الرَّھْوُ۔ سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِھَاءٌ (والرَّھْوَةُ) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بِئْرٌ رَھْوٌ :چوڑے منہ کا کنواں۔

ثَوْبٌ رَھْوٌ : باریک کپڑا۔ غَارَةٌ رَھْوٌ : لگاتار لوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ رَھْوٌ مَابَيْنَ المَدِيْنَةِ والجَبَلِ" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آرہے ہیں۔

الرَّھَاءُ۔مِنَ الأَمَاكِنِ :کشادہ جگہ۔

مِنْ كُلِّ شَئٍ :ہر چیز کا ہموار حصہ۔

الرَّاھِي۔مِنَ العَيْشِ :آسودہ زندگی۔

الرَّاھِيَةُ۔الرَّاھِي کا مؤنث۔ شہد کی مکھی۔

الرَّھِيَّةُ۔ ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

الرَّھْوَانُ۔ پست زمین۔ ترکی گھوڑے کو بھی رَھْوَان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو

(معرب)

الاَرْھَاء۔ اطراف وجوانب۔

المُرْھِی۔ مِنَ الخَیْلِ : تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو اور مقابلہ کے وقت ہانکا نہ لگے۔ ج المَرَاہِی۔

رَھْوَکَ۔ الرَّجُلُ : چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا ___ القَوْمُ : مضطرب ہونا۔

الرَھْوَکُ۔ موٹا بکری کا بچہ یا ہرن) شابٌ۔

رَھْوَکٌ۔ نازک بدن جوان۔

رَھْیاً۔ کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا ___ السَحَابُ : برسنے کے لیے تیار ہونا۔

تَرَھْیاً۔ مضطرب ہو کر حرکت کرنا ___ فِی اَمْرِہٖ : کام میں کاہلی کرنا، کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا ___ السَحَابُ : برسنے کے لیے تیار ہونا۔

رَوَّأَتَرْوِیْئًا وتَرْوِئَۃً۔ فِی الْاَمْرِ : کام کے انجام میں غور و فکر کرنا۔

الرَوِیْئَۃُ والرَوِیَّۃُ۔ غور و فکر۔

الْاِرْتِیَاءُ۔ سوچ بچار غور و فکر کرنا۔

الرَاءُ۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَاءَۃٌ)

رَابَ (ن) رَوْبًا ورُؤُوْبًا۔ اللَبَنُ : جمنا۔ صفت (رَائِبٌ) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُہٗ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آگیا ___ الرَّجُلُ : متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور رہنا۔ سست ہونا۔ نیند، بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔

رَوَّبَتِ۔ الدَّابَّۃُ : جانور کا تھکنا۔

رَوَّبَ واَرَابَ۔ اللَبَنَ : دہی جمانا۔

الرَائِبُ۔ فا۔ جما ہوا دودھ، دہی۔

الرَائِبُ مِنَ الْاُمُوْرِ : صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)

الرَابُ۔ اندازہ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَابُ کَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔

الرَوْبُ۔ جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ، دہی۔ کہا جاتا ہے "مَاعِنْدَہٗ شَوْبٌ ولَا رَوْبٌ" اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شَوْبٌ ولَا رَوْبٌ فِی البَیْعِ والشِرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا، فریب اور گڑبڑ نہیں ہونی چاہیے۔

الرُوْبَۃُ والرَوْبَۃُ۔ جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لیے دودھ میں ڈالا جائے، دودھ کا بقیہ۔)

الرُوْبَۃُ۔ حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا یَقُوْمُ بِرُوْبَۃِ اَھْلِہٖ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کیلئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسل مندی۔ الرُوْبَۃُ مِنَ اللَحْمِ : گوشت کا ٹکڑا ___ مِنَ اللَیْلِ : رات کا ایک حصہ۔

الرَّجُلُ : مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "ھُوَیُحدثنی وَاَنَا اِذْ ذَاکَ غُلَامٌ لَیْسَتْ لَہٗ رُوْبَۃٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو۔

الاَرْوَبُ۔ حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند۔

الرَوْبٰی۔ وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہو گئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبٰی : سست طبیعت کے لوگ، وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہو گئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ ورَوْبَانُ)

المِرْوَبُ۔ دودھ جمانے کا برتن۔

سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔

رَاثَ (ن) رَوْثًا۔ الفَرَسُ : لید کرنا۔

الرَوْثُ۔ لید۔ ج اَرْوَاثٌ۔

الرَوْثَۃُ۔ روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَضْرِبُ بِلِسَانِہٖ رَوْثَۃَ اَنْفِہٖ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے۔ کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے۔ چونچ۔

المَرَاثُ والمَرْوَثُ۔ لید کا مخرج۔

رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا۔ الاَمْرُ : جلدی ہونا ___ السِلْعَۃَ : رائج ہونا ___ الدَرَاھِمُ : رواج پکڑنا ___ الطَعَامُ : کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَخْبِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِیْحُ : ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ۔ الشَیْءَ و بِہٖ : جلدی کرنا ___ السِلْعَۃَ والدَرَاھِمَ : رائج کرنا ___ فُلَانٌ کَلَامَہٗ : مزین و مبہم کرنا۔

تَرَوَّجَ۔ حوض کے گرد اگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاجٌ)

الرَوْجَۃُ۔ جلدی۔

رَاحَ (ن) رَوَاحًا۔ شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔

(___ رَوَاحًا ورَوْحًا) القَوْمَ والَیْھِمْ وعِنْدَھُمْ : شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا۔

(___ رَوْحًا) الیَوْمُ : تیز ہوا والا ہونا۔

رَاحَ یَرِیْحُ رِیْحًا۔ الشَیْءَ : بو محسوس کرنا۔

رَاحَ یَرَاحُ رِیْحًا۔ الیَوْمُ : تیز ہوا والا ہونا ___ البَیْتُ : ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَحِ البَابَ حَتّٰی یَرَاحُ البَیْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے ___ الرِیْحُ الشَیْءَ : ہوا لگنا۔ القَوْمُ الرِیحَ : ہوا میں داخل ہونا۔

رَاحَ یَرَاحُ رَاحَۃً۔ لِلْمَعْرُوْفِ : بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا۔ یَدُہٗ لِلْاَمْرِ : سبک ہونا ___ الشَجَرُ : نئے پتے نکالنا ___ الشَیْءَ : بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنکَ مَعْرُوْفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔

رَاحَ یَرَاحُ رَوَاحًا ورَاحًا ورَاحَۃً ورِیَاحَۃً ورُؤُوْحًا واَرْیَحِیَّۃً۔ لِلْاَمْرِ : کسی کام کیلئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔

رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَۃً۔ الاِبِلُ : اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِیح ہوا لگنا۔ صفت مَرُوْحٌ مَرِیْحٌ۔

رَوِحَ یَرْوَحُ رَوَاحًا۔ کشادہ ہونا۔

رَوَّحَ۔ القَوْمَ : قوم کے پاس شام کے وقت جانا ___ الرَّجُلَ : آرام دینا۔ الاِبِلَ : شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا ___ بِالجَمَاعَۃِ : تراویح کی نماز پڑھانا ___ قَلْبَہٗ : کسی کے دل کو بیدار کر دینا۔ ___ الدُھْنَ : تیل کو خوشبودار بنانا۔

عَلَيْهِ بِالْمَروحَةِ: پنکھا جھلنا۔
اَرَاحَ اِرَاحَةً۔ القَوْمُ: ہوا میں داخل ہونا ــــ ہ: آرام پہنچانا ــــ عَلٰی فُلَانٍ حَقَّه: واپس کرنا ــــ الاِبِلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں کو واپس لانا ــــ المَعْرُوْفَ: بھلائی حاصل کرنا، پانا ــــ الشَئَ: بُو محسوس کرنا ــــ المَاءُ او اللَحْمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا۔
الرَجُلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاحَ فَاَرَاحَ" اس نے مرکر آرام پہنچایا۔
اَرْوَحَ۔ المَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا ــــ الشَئَ: بُو محسوس کرنا ــــ عَلَيْهِ حَقَّه: واپس کرنا۔
رَاوَحَ۔ بَيْنَ العَمَلَيْنِ: باری باری مشغول ہونا ــــ بَيْنَ رِجْلَيْهِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
تَرَوَّحَ۔ شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔ ــــ القَوْمَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا ــــ الشَجَرُ: نئے پتے نکالنا ــــ النَبت: نباتات کا طویل ہونا ــــ المَاءُ: پانی کا بودار ہونا ــــ بِالمِرْوَحَة: پنکھا ہلانا۔
الشَئُ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔
تَرَاوَحَ۔ الرَجُلَانِ الاَمْرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے "اِنَّ يَدَيْهِ تَتَرَّاوَحَان بِالمَعْرُوْفِ" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔
اِرْتَاحَ۔ خوش ہونا ــــ اَللّٰهُ لَهُ بِرَحْمَتِهِ: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَرْتَوِحَانِ عَمَلاً" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔
اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَةً۔ آرام پانا۔ اِلَيْهِ: سکون پانا۔
اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا۔ آرام پانا۔ الشَئَ: سونگھنا ــــ الغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا ــــ الصَيْدُ: شکار کا انسان کی بُو محسوس کرنا ــــ الشَجَرَ: سرسبز کرنا۔
الرَاحُ۔ مع۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ يَوْمٌ رَاحٌ: سخت ہوا کا دن۔

الرَاحَة۔ مع۔ آرام۔ الرَاح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلٰى اَنقٰى مِنَ الرَاحَةِ" میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثَوْبَ عَلٰى رَاحَتِهِ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج رَاحَات۔ لَيْلَةٌ رَاحَةٌ: تیز ہوا والی رات۔
الرَوْح۔ آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت ومہربانی۔ يَوْمٌ رَوْحٌ: عمدہ وخوشگوار دن۔ سہانا دن۔
الرَوْحَة۔ راح کا اسم مرۃ۔ ج رَاحَات۔ لَيْلَةٌ رَوْحَةٌ: سہانی رات۔
الرُوْح۔ جان (مذکر ومؤنث) نفس۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الرُوْحِ" یعنی وہ لطیف وپاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغامِ خداوندی۔ جبرئیل۔ الرُوْحُ الاَعْظَمُ: اللہ تعالیٰ۔ رُوْحُ القُدُس: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم: الرُوْحُ الاَمِيْن: حضرت جبرئیل علیہ السلام نسبت کیلئے (رُوْحَانی) ج اَرْوَاح اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست وجواہر پر بولا جاتا ہے۔ الاَرْوَاحُ الخَبِيْثَة: شیاطین۔
الرَوَح۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔
الرَوَاح۔ مع۔ شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجوا بِرَوَاحٍ مِنَ العَشِيِّ" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ و "اَفْعَلُ ذَالِكَ فِيْ سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" میں صبح شام اس کو کرتا ہوں (والرَوِيْحَة والرَوَاحَة والرَاحَة) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔
الرِيْح۔ ہوا (مؤنث) ج اَرْيَاح و اَرْوَاح ورِيَاح ورِيَح و جج اَرَاوِيْح واَرَايِيح۔ بُو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ وقوت اور ہوائیں چار ہیں۔ الجُنُوْب: دکھنی۔ الشِمَال: اُتری۔ الصَباء: پُروائی۔ الدَبُوْر: پچھوائی۔
الرِيْحَة۔ ہوا۔ بُو۔

الرَيْحَان۔ ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت وروزی۔ فرزند۔ ج رَيَاحِيْن۔
الرَيْحَانَة۔ گلدستہ۔
الرَيِّح۔ مِنَ الاَيَّام: تیز یا اچھی ہوا والا دن۔
الرَائِحَة۔ رائح کا مؤنث۔ بُو۔ ج رَائِحَات ورَوَائِح۔ الرَوَائِح: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَارِحَةٌ ولاَ رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔
الاَرْوَح۔ ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مؤنث رَوْحَاء ج رُوْح (ــــ والاَرْيَحُ) کشادہ۔
الاَرْيَحِيّ۔ کشادہ اخلاق والا۔
الاَرْيَحِيَّة۔ وہ خصلت جو انسان کو افعال حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہے۔
التَرَاوِيْح۔ ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔ المَرَاح۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔
المُرَاح۔ اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔
المَرُوْح والمَرِيْح۔ ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔ يَوْمٌ مَرُوْح: اچھی ہوا والا دن۔
المِرْوَح والمِرْوَحَة۔ پنکھا۔ ج مَرَاوِح۔
المَرْوَحَة۔ بیابان۔ ج مَرَاوِح۔
المُرَوَّح۔ مذ۔ دُهْنٌ مُرَوَّحٌ: خوشبودار تیل۔
المُسْتَرَاح۔ پاخانہ۔
تَرَوَّخَ۔ فِيْ الطِيْنِ: کیچڑ میں پڑنا۔
رَادَ يَرُوْدُ رَوْدًا ورِيَادًا۔ الشَئَ: طلب کرنا ــــ الاَرْضَ: قیام کے لیے چراگاہ وپانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا ــــ قَوْمَهُ مَرْعًى او مَنْزِلاً: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
رَادَ يَرُوْدُ رَوَدَانًا ورِيَادًا۔ کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رَادَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔

رَادَتْ رَوْدًا ورَوَدَانًا- المَرْأَةُ : پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا ـــــ الرِيْحُ : ہوا کا نرم چلنا ـــــ المَاشِيَةَ : مویشیوں کا چرنا-

رَاوَدَهُ مُرَاوَدَة ورِوَادًا- چاہنا- رَاوَدَهُ عَنْ و عَلٰی نفسِهٖ : فریب دینا- بُرائی کی ترغیب دینا- پھسلانا ـــــ عَلٰی كَذَا : ارادہ کرنا-

رَوَّدَهُ- طلب و جستجو پر اُکسانا-

اَرَادَ اِرَادَة- چاہنا- خواہش کرنا- راغب ہونا ـــــ ہ : عَلٰی الاَمْر : برانگیختہ کرنا-

اَرْوَدَ اِرْوَادًا و مَرْوَادًا و مُرْوَدًا و رُوَيْدًا و رُوَيْدَاءَ و رُوَيْدِيَةً- فِي السَيْرِ : آہستگی سے چلنا- نرم چلنا-

اِرْتَادَ اِرْتِيَادًا- الشَيْئَ : طلب کرنا-

اِسْتَرَادَ- فرمانبردار ہونا- لِاَمْرِ اللّٰهِ : حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا-

الدَابةُ : جانور کا چرنا ـــــ الرَجلُ : چل پھر کر روزی طلب کرنا-

الرَائِد- ج رَادَةٌ و رُدَّادٌ و رَائِدُوْن- جاسوس- وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو- چکی کا دستہ و رَائِدُ العَيْن : آنکھ کا تنکا- کہا جاتا ہے "هُوَ رَائِدُ الوِسَادِ" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے-

الرَاد- بمعنی الرائد-

الرِيْد- طلب- تلاش-

الرَادَة والرَائِدَة والرُوَادَة- پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت-

الرَوْد- مص- رِيْحٌ (رَوْدٌ و رَائِدَةٌ) نرم چلنے والی ہوا- کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَی الرَوْد" یعنی آہستہ چلو-

رُوَيْد- اَرْوَدَ کا مصدر مصغر ہے- کہا جاتا ہے "رُوَيْدًا" یعنی آہستہ- و "رُوَيْدَكَ زَيْدًا" و "رُوَيْدَ زَيْدٍ" یعنی زید کو مہلت دی- و "سَارُوا سَيْرًا رُوَيْدًا" و "سَارُوا رُوَيْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے-

الاَرْوَد- کام میں آہستگی کرنے والا- اور کہتے ہیں "الدَهْرُ اَرْوَدُ ذُوغِيَر" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی- و "الدَهْرُ اَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے-

المِرْوَد- سرمہ کی سلائی- لگام کے حلقہ کا لوہا- چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے- کھونٹی ج مَرَاوِد-

المَرَاد والمُسْتَرَاد : چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ- مُسْتَرَادُ- الرَجُلِ : آمد و رفت کی جگہ-

المَرَاوِيْد- جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی-

الرَوَنْدُ والرِوَنْدُ والرَاوَنْدُ- ریوند چینی- ایک دوا کا نام-

رَاذَ (ن) رَوْذَةً- آنا جانا-

رَازَ (ن) رَوْزًا- الحَجَرَ : پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ـــــ الرَجُلَ : آزمانا ـــــ الدِيْنَارَ دینار کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا- الاَرَاضِيْ : زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ـــــ مَا عِنْدَهُ : طلب کرنا- چاہنا- صفت (رَائِزٌ) ج رَازَة-

رَوَّزَ- الكَلَامَ او الرَايَ : آہستہ آہستہ غور کرنا-

رَازَّاهُ- آزمائش کرنا-

الرَازِي- منسوب بہ شہر رے-

الرُوَيْزِيَّ- بڑی چادر-

الرَاز- معماروں کا سردار- ج رَازَة اور اس کی اصل رَائِزٌ ہے- مثل شائِك و شائک کے-

الرِيَازَة- معماری-

المَرَاز والمَرَازَة- وزن- مقدار-

المَرَازَان- دونوں پستان-

الرُوْزْنَامَة- روزنامچہ- کیلنڈر- جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)

رَاسَ يَرُوْسُ رَوْسًا- متکبرانہ چلنا- بہت کھانا ـــــ السَيْلُ الغُثَاءَ : سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا-

اِسْتَرَاسَ- کھانا طلب کرنا-

الرَوْس- مص- مرد- کہا جاتا ہے "اِنَّهُ رَوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے- عیب- بہت کھانا-

رَوَائِس- الاَوْدِيَةِ : وادیوں کے بلند حصے-

رَوَائِسُ السَحَابِ : اگلے بادل-

رَاشَ يَرُوْشُ رَوْشًا- بہت کھانا ـــــ ہ المَرَض : کمزور کرنا-

الرَاش- مِنَ الجِمَال او الرِمَاحِ : کمزور اونٹ یا نیزہ- یہ رَائِش کا مخفف ہے- مؤنث رَاشَةٌ-

الرَوْش- کمی عقل-

الاَرْوَش- کمی عقل والا- مؤنث رَوْشاء-

رَاضَ (ن) رَوْضًا- بیوقوفی کے بعد عقل مند ہونا-

رَاضَ يَرُوْض رَوْضًا ورِيَاضَةً و رِيَاضًا- المهَر : بچھیرے کو سدھانا- صفت (رَائِض) ج رَاضَة ورُوَّاض و رُوَّض و رَائِضُوْن اور صفت مفعولی (مَرُوْضٌ) مؤنث مَرُوْضَةٌ-

رَوَّضَ- المهَر : بچھیرے کو خوب سدھانا ـــــ الرَجُلُ : باغوں میں رہنا ـــــ المَطَرُ الاَرْضَ : باغ کی مانند بنا دینا-

رَاوَضَهُ- عَلَی الاَمْرِ : کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا-

اَرَاضَ اِرَاضَةً- سیراب ہونا- القَوْمَ : سیراب کرنا ـــــ المَكَانُ : بکثرت باغات ہونا ـــــ اللّٰهُ الاَرْضَ : مرغزار بنانا- باغات بنانا ـــــ الحَوْضُ : حوض کی تہ کا پانی سے ڈھکنا-

اَرْوَضَ- المَكَانُ : بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا ـــــ الاَرْضُ مِنَ المَطَرِ : زمین کا بارش سے تر ہونا-

تَرَاوَضَ- القَوْمُ فِي الاَمْرِ : کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا ـــــ فِي البَيْعِ والشِرَاءِ : آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا-

اِرْتَاضَ- المُهْرُ : بچھیرے کا سدھ جانا- کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القَوَافِي الصَعْبَةُ لِلشَاعِرِ" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی-

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَةً : المَكَانُ : جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھکنا- کشادہ ہونا- النَفْسُ : خوش ہونا ـــــ المَكَانُ : بکثرت باغات والی ہونا-

الرَوْض- مص- باغ- وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو-

الرَوْضَة- باغ- ج رَوْض و رِيَاض و رَوْضَات و رِيْضَان- رَوْضَاتُ الجَنَّات :

باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ الرَّوْضَةُ : حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فِي الحَوْضِ رَوْضَةٌ مِنَ المَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپالیا ہے۔

الرِّيْضَة۔ الرَّوْضَة میں ایک لغت۔

الرِّيَاضَة۔ مص۔ جسمانی ورزش۔ بُری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العِلْمُ الرِّيَاضِي و عِلْمُ الرِّيَاضِيَّات۔ علم حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّيِّض۔ وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ "اَمْرٌ رَيِّضٌ" : غیر محکم کام۔

الرَّيْضَة۔ باغ۔

المَرَاض۔ نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَايِض و مَرَاضَات۔

اَرْضٌ (مُسْتَرْوِضَةٌ) عمدہ نباتات اُگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ : نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ يَرُوْطُ و يَرِيْطُ رَوْطًا و رَيْطًا۔ بِالمَكَان : پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ يَرُوْعُ رَوْعًا و رُوُوْعًا۔ مِنْهُ : گھبرانا۔ صفت (رَائِع و رَوِعٌ) ـــــ فِي يَدَيْ كَذَا : فائدہ دینا۔ رَاعَهُ الاَمْرُ : گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ يَرُوْعُ و يَرِيْعُ رَوَاعًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِيْعَ۔ فُلَانٌ : گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَهُ و رَوَّعَهُ۔ گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا۔ اَرْوَع ہونا۔ (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا۔ الرَّاعِي الغَنَمَ : چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ و تَرَوَّعَ۔ مِنْهُ و لَهُ : ڈرنا۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ : خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْع۔ مص۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَة۔ ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْع۔ دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِغْ رُوْعَكَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَع۔ اَرْوَع کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

الاَرْوَع۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوْع و اَرَاوِع۔ مؤنث رَوْعَاء۔ قَلْبٌ اَرْوَع : جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ (رُوَاعُ) القَلْبِ : ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِع۔ فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُوْن و رُوَّع۔ مؤنث۔ رَائِعَةٌ۔ ج رَوَائِع و رُوَّعٌ۔ كَلَامٌ رَائِعٌ : خوشگوار کلام۔

رَائِعَةُ۔ الشَّيْبِ : بڑھاپے کی ابتداء میں رَائِعَةُ النَّهَارِ او الضُّحٰى : دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّع۔ خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا۔ الصَّيْدُ : شکار کا اِدھر اُدھر جانا ـــــ الرَّجُلُ عَنِ الطَّرِيْقِ : مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا۔ اِلٰى كَذَا : چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ ـــــ عَلَيْهِ بِالضَّرْبِ : مارنے کیلئے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ۔ اللُّقْمَةَ فِي الدَّسَمِ : لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں اُلٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَهُ مُرَاوَغَةً۔ کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔ رَاوَغَهُ عَلَى الاَمْرِ : پھسلانا، ورغلانا۔

رَاوَغَ القَوْمُ : مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَهُ اِرَاغَةً و اِرْتَاغَهُ اِرْتِيَاغًا۔ مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اُرِيْغُ حَاجَةً لِي" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العُقَابُ الصَّيْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرنے میں اِدھر اُدھر جاتا رہا۔ اَرَاغَهُ عَلَى اَمْرٍ و عَنْ اَمْرٍ : پھسلا بہلا کر طلب کرنا ـــــ اَرَاغَ الرَّجُلَ : دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ۔ الحِمَارُ : گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا۔ ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

الرَّائِغ۔ فا۔ طَرِيْقٌ رَائِغٌ : کج راستہ۔

الرَّوَاغ و الرُّوَيْغَة۔ مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغ۔ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و "هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

الرِّيَاغ۔ سرسبزی۔

الرِّيَاغَةُ و الرَّوَاغَة۔ کشتی کا اکھاڑہ۔

رَافَ يَرَافُ۔ رَأَفَ يَرْأَفُ میں ایک لغت ہے۔

الرَّوْف۔ سکون، اطمینان۔

الرَّوْفَة۔ رحمت۔

رَاقَ يَرُوْقُ رَوْقًا۔ الشَّرَابُ : صاف ہونا ـــــ عَلَيْهِ : فضیلت و خوبی میں بڑھ جانا۔

رَاقَهُ رَوْقًا و رَوَقَانًا۔ الشَّيْءُ : تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔

رَوِقَ يَرْوَقُ رَوَقًا۔ اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَرْوَق) مؤنث رَوْقَاء ج رُوْقٌ۔

رَوَّقَ۔ الشَّرَابُ : صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهُ : سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ و اَرْوَقَ اِرْوَاقًا) اللَّيْلُ : تاریکی پھیلانا۔

رُوِّقَ۔ البَيْتَ : سائبان بنایا جانا۔

رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً۔ کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِي" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔

اَرَاقَ اِرَاقَةً۔ المَاءَ : بہانا ـــــ دَمَهُ : خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔

الرَّائِق۔ فا۔ ج۔ رَوَق و رُوْقَة۔

الرَّوْق۔ مص۔ سینگ ـــــ مِنَ البَيْتِ : سائبان، برآمدہ ـــــ مِنَ الشَّبَابِ : جوانی کی رونق و ابتداء ـــــ مِنَ الخَيْلِ : خوبصورت گھوڑا ـــــ مِنَ اللَّيْلِ : رات کا ایک حصہ۔ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهِ : صاف۔ رَوْقُ الفَرَسِ : تیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "اَرْوَق" کہتے ہیں۔ الرَّوْق : خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقَيْنِ" یعنی بڑی مصیبت و "رَمٰى بِاَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ" یعنی وہ سوار ہوا و "اَلْقٰى بِاَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ" یعنی وہ دابہ سے اُتر پڑا۔ و "اَلْقٰى اَرْوَاقَه" یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی

اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهُ بِمَنْزِلِ كَذَا" وہ فلاں منزل پر اُترا اور اُس نے خیمہ لگایا۔ و "اَلْقِي عَلَيْكَ اَرْوَاقَه و شَرَاشِرَه" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبّت کرتے ہو۔ و "اَلْقَتِ السَّحَابَةُ اَرْوَاقَهَا" بادل نے اپنا دہانہ کھول دیا۔

الرِّوَاق والرُّوَاق۔ برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج اَرْوِقَة و رِوَاقَات وَرُوْق۔ رِوَاقُ العَيْن: ابرو۔ رِوَاقُ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصّہ۔

الرَّاوُوْق۔ چھنا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔

رَيِّق۔ الشَّبَاب: جوانی کی رونق و ابتداء اور کہا جاتا ہے "كُنْتُ فِيْ رَيِّقِ زَمَانِيْ" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ و رَيِّقُ كُلِّ شَيْئٍ: ہر چیز کا افضل حصّہ۔

الرَّوَق۔ اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)

الرَّوْقَة۔ بہترین حسن و جمال۔

الرُّوْقَة۔ رَائِق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَة" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر، مؤنث، واحد اور جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِيَةٌ رُوْقَةٌ و جَوَارٍ رُوْقَةٌ"

الاَرْوَق۔ سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔

المُرَوَّق۔ صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَيْتٌ مُرَوَّق۔ سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔

الرَّوْكَة والرَّوْكَاء۔ نر اُلو کی آواز۔

رَوَّلَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الخُبْزَ: گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔

الرُّوَال۔ گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِيْل۔

المِرْوَل۔ بہت رال والا۔

رَامَ (ن) رَوْمًا و مَرَامًا۔ الشَّيْئَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّم و رُوَّام۔

رَوَّمَ۔ ٹھہرنا ___ فُلَانًا وَبِهِ: خواہش دلانا ___ رَايَهُ: ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔

تَرَوَّمَ۔ بِهِ: ٹھٹھا کرنا۔

الرَّام۔ ایک درخت کا نام۔

الرَّامَة۔ جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔

الرُّوْم والرُّوْم۔ کان کی لو۔

الرُّوْم والاَرْوَام۔ بحرِ متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِي) نصرانیوں کا ایک گروہ۔

بَحْرُ الرُّوْم: بحرِ متوسط جس کو بحرِ ابیض بھی کہتے ہیں۔

رُوْمَة و رُوْمِيَة۔ قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دار السلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانِيّ۔

الرُّوْمِي۔ خالی کشتی کا بادبان۔

الرُّوْمَة۔ سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔

المَرَام۔ مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات۔

رَانَ يَرُوْنُ رَوْنًا۔ الاَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّيْلَةُ: سخت خوفناک ہونا۔

الرُّوْن۔ سختی۔ ج رُوُوْن۔

رُوْنَةُ۔ الشَّيْئَ: چیز کا بڑا حصّہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُوْنَةَ هٰذَا الاَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔

الاَرْوَنَان۔ سخت۔ دشوار (الاَرْوَنَان و الاَرْوَنَانِيّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی، گرمی، خوشی، غمی، شور وغیرہ کی) مؤنث اَرْوَنَانَة و اَرْوَنَانِيَّة۔

مَرْوُوْنٌ۔ بِهِ۔ مغلوب۔

رَاهَ (ن) رَوْهًا و رُوَاهًا۔ المَاءُ: پانی کا سطحِ زمین پر لہرانا۔

رَوَى (ض) رِوَايَةً۔ الحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ۔ ج رُوَاةٍ و رَاوُوْنَ ___ الحَبْلَ: رسّی بٹنا ___ الرَّحْلَ: اونٹ پر رسّی سے کجاوہ باندھنا ___ القَوْمَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِيَ (س) رِيًّا و رَيًّا و رِوًى۔ مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّان) مؤنث رَيًّا۔ ج رِوَاء ___ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّى تَرْوِيَةً۔ سفر میں پانی ساتھ لے جانا ___ ہ الشِّعْرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا ___ النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا۔ رَوَّى فِي الاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوَّى تَرَوِّيًا۔ سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا ___ الحَدِيْثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا ___ القَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوَى۔ اِرْتِوَاءً مِنَ المَاءِ۔ سیراب ہونا۔ ___ الحَبْلُ۔ رسّی کا بٹ جانا۔ مَفَاصِلُهُ۔ جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّيّ۔ سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرَّوِيّ۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوُّ۔ سرسبزی (اس کی اصل رَوْيٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّيَّا۔ عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ رَيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّيَّة۔ رَوِي کا اسم نوع۔ پھیپھڑا۔ رِيَّةُ البَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِيّ۔ مِنَ الشُّرْب: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِيًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ مَاءٌ رَوِيٌّ: اور اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "كَاْسٌ رَوِيَةٌ" الرَّوِيّ سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّة۔ الرَّوِيّ کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّان۔ سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا۔ ج رِوَاء۔ وَجْهٌ رَيَّانٌ: پُر گوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانٌ مِنَ العِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاء۔ ج اَرْوِيَة (المِرْوَى) ج مَرَاوٍ و مَرَاوِي: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسّی۔

الرَّوَاء۔ خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاء۔ خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهُ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الزَّاوِیَة۔ حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے۔ ج رَوَایَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الْاُرْوِیَّةُ وَالْاِرْوِیَّةُ۔ پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج اَرَاوِی واَرَاوٍ اَرْوٰی۔

یَوْمُ (التَّرْوِیَة) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَهُ یَرِیْبُهُ رَیْبًا۔ شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیْبُهُ اَحَدٌ بِشَیْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

اَرَابَهُ اِرَابَةً۔ شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا ___ الرَّجُلُ اَوِ الْاَمْرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَابَهُ مِنْهُ اَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَیَّبَ تَرَیُّبًا۔ مِنْهُ: خوف کرنا، ڈرنا ___ بِهٖ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ اِرْتِیَابًا۔ مِنَ الشَّیْءِ: شک کرنا بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً۔ شک میں پڑنا ___ بِهٖ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّیْبُ۔ تہمت۔ شک۔ حاجت۔

رَیْبُ الْمَنُوْنِ گردش زمانہ۔

الرِّیْبَةُ۔ شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِیَبٌ۔

اَمْرٌ (رَیَّابٌ) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ یَرِیْثُ رَیْثًا و تَرَیَّثَ۔ تاخیر کرنا، دیر کرنا۔ رَیَّثَ۔ تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَیَّثَ عَمَّا کَانَ عَلَیْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی ___ الشَّیْءَ: نرم کرنا۔

اَرَاثَهُ اِرَاثَةً۔ دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَهُ اِسْتِرَاثَةً۔ دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّیْثُ۔ مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَ (رَیْثَمَا) صَلَّیْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَهُ اِلَّا رَیْثَ اَعْقِدُ شِسْعِیْ" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ یُرِیْدُ یَفْعَلَ بجائے یُرِیْدُ اَنْ یَفْعَلَ کے ہے۔

الرَّیِّثُ۔ سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَیَّثُ) الْعَیْنَیْنِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ یَرِیْخُ رَیْخًا و رَیَخَانًا و رُیُوْخًا۔ ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَیَّخَهُ۔ کمزور کرنا۔

الْمَرِیْخُ۔ سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج اَمْرِخَةٌ۔

الرَّیْدُ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُیُوْدٌ۔

رِیْحٌ (رَیْدَةٌ و رَادَةٌ و رَیْدَانَةٌ) نرم ہوا۔

رِیْرَ۔ الْقَوْمُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔

رَیَّرَ۔ الْقَوْمُ: موٹاپا غالب ہونا۔ رَیَّرَتِ الْبِلَادُ: ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رُیِّرَ الْقَوْمُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔

الرِّیْرُ۔ رال جو بچّہ کے منہ سے نکلے۔ (الرَّیْرُ والرِّیْرُ و الرَّارُ) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔

الرَّائِرَةُ۔ زانو کی ہڈی کا مغز۔

رَاسَ یَرِیْسُ رَیْسًا و رَیَسَانًا۔ متکبرانہ چال چلنا ___ الشَّیْءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا ___ الْقَوْمَ: برتر ہونا، غالب ہونا۔

الرَّیِّسُ۔ سردار قوم۔

رَاشَ یَرِیْشُ رَیْشًا۔ مال و متاع جمع کرنا ___ ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ___ ہ مَالًا: دینا ___ مِنْ حَالِهٖ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیْشُ وَلَا یَبْرِیْ" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ و "لَا تَرِشْ عَلَیَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ (___ و اَرَاشَ و رَیَّشَ) السَّهْمَ: پر لگانا۔ رَیَّشَ السُّقْمُ فُلَانًا: کمزور کرنا۔

اِرْتَاشَ۔ السَّهْمُ: تیر میں پر لگانا (___ و تَرَیَّشَ) خوش حال ہونا۔

الرِّیْشُ۔ پرندے کے پر۔ واحد (رِیْشَةٌ) ج رِیَاشٌ و اَرْیَاشٌ۔ الرِّیْشُ: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔

الرَّاشُ۔ پرندے کے پر۔ ج اَرْیَاشٌ۔ جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ۔ طَیْرٌ رَاشٌ: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَةٌ کَلَأٌ (رَیِّشٌ و رَیْشٌ) بہت پتیوں والی گھاس۔

الرَّیْشُ۔ کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔

الرِّیَاشُ۔ مِنَ النُّوْقِ: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔

الرِّیَاشُ۔ عمدہ لباس و سامان۔ سرسبزی۔ معاش۔ مال۔

الرَّیَّاشُ۔ تیروں پر پر لگانے والا۔

الرَّائِشُ۔ فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔

الْاَرْیَشُ۔ کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیْشَاءُ ج رِیْشٌ و رَجُلٌ اَرْیَشُ: مال و لباس والا مرد۔

الْمَرِیْشُ و الْمُرَیَّشُ۔ مِنَ السِّهَامِ: پر لگایا ہوا تیر۔ و اَلْبُرْدُ الْمُرَیَّشُ: پروں کے نقش والی چادر۔ الْمُرَیَّشُ۔ بہت بالوں والا۔ کم گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔

الْمُرَیَّشُ مِنَ الرِّجَالِ: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔

الرَّیْطَةُ۔ ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیْطٌ و رِیَاطٌ۔

الرَّائِطَةُ۔ ایک پاٹ کی چادر۔

رَاعَ یَرِیْعُ رَیْعًا و رُیُوْعًا و رِیَاعًا و رَیَعَانًا۔ الشَّیْءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا ___ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا (___ رَیْعًا) السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ___ مِنْهُ: ڈرنا ___ عَنْهُ و اِلَیْهِ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "هَرَبَتِ الْاِبِلُ فَصَاحَ بِهَا الرَّاعِیْ فَرَاعَتْ اِلَیْهِ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ و "فُلَانٌ لَا یَرِیْعُ لِکَلَامِكَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔

رَیَّعَ۔ الْقَوْمُ: جمع ہونا ___ الطَّعَامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا ___ الطَّعَامَ: بڑھانا اور زیادہ

کرنا۔
اَرَاعَ اِرَاعَةً۔ الزرعُ : کھیتی کا بڑھنا ___ اَللّٰہُ الزَّرْعَ : کھیتی کو بڑھانا ___ القَومُ : بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا ___ الاِبِلُ :اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ۔ ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا ___ المَاءُ : بہنا۔ السَّرَابُ : سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ___ القَومُ :اکٹھا ہونا۔
___ یَدَاہُ بِالجُودِ :فیاضی کرنا۔
اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَةً۔ حیران ہونا ___ یَدَاہُ بِالجُودِ :فیاضی کرنا۔
الرَّیْعُ۔ مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف ___ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ :ہر چیز کا اول و افضل۔ مِنَ الضُّحٰی : چاشت کے وقت کی روشنی و چمک ___ مِنَ الدِّرْعِ :دامن و آستین کی زیادتی۔
الرَّیْعُ : ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے (لَیْسَ لَہٗ رَیْعٌ) اس کے لیے پیداوار نہیں۔
الرِّیْعُ۔ بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاعٌ و رُیُوعٌ و اَرْیَاعٌ۔
الرِّیْعَةُ۔ بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّیْعَانُ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ :ہر چیز کا اول و افضل
اَرْضٌ (مَرِیْعَةٌ) سرسبزی والی زمین۔
مَطَرٌ (مُرِیْعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔ نَاقَةٌ (رَیْعَانَةٌ و مِرْیَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔
رَاغَ یَرِیْغُ رَیْغًا۔ بھاگنا۔
رَیَّغَ تَرْیِیْغًا۔ الثَّرِیْدَةَ :گھی میں تر ہونا۔
تَرَیَّغَتِ۔ الثَّرِیْدَةُ :گھی میں تر کرنا۔
الرِّیْغُ۔ گرد و غبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغُ۔ خاک آلود۔
رَافَ یَرِیْفُ رَیْفًا و اَرْیَفَ اِرْیَافًا و تَرَیَّفَ۔ سبزہ زار زمین میں آنا۔ رَافَتِ المَاشِیَةُ :سبزہ چرنا۔
رَایَفَ مُرَایَفَةً۔ لِلظِّنَّةِ: تہمت کے قریب ہونا۔
اَرَافَ اِرَافَةً و اَرْیَفَ اِرْیَافًا۔ المَکَانُ :سبزہ زار ہونا۔
الرَّافُ۔ شراب۔

الرِّیْفُ۔ سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین۔ ج اَرْیَافٌ و رُیُوفٌ۔ الرِّیْفُ : کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّفٌ) سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَةٌ
رَاقَ یَرِیْقُ رَیْقًا۔ اَلْمَاءُ عَلٰی وَجْہِ الاَرْضِ : سطح زمین پر پانی کا بہنا ___ الشَّیْءُ :چمکنا۔
___ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
(___ رَیْقًا و رُیُوقًا) بنفسہٖ :جان دینا۔
رَیَّقَہٗ۔ الشَّرَابَ :نہار منہ پلانا۔
اَرَاقَ اِرَاقَةً۔ المَاءَ :گرانا۔
تَرَیَّقَ۔ السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔
الرَّیْقُ۔ مص۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَیِّقٌ :بغیر سالن کے خشک روٹی (___ والرَّیِّقُ والرَّیُّوقُ) مِنْ کُلِّ شَیْءٍ :ہر چیز کا اول و افضل۔
الرِّیْقُ۔ ج اَرْیَاقٌ و رِیَاقٌ و (الرِّیْقَةُ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی عَلَی الرِّیْقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَی الرِّیْقِ و عَلٰی رِیْقِ النَّفْسِ اَوْ رِیْقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِّیْقُ : قوت۔ بقیہ جان۔
الرَّائِقُ۔ فا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس۔ خُبْزٌ رَائِقٌ :بغیر سالن کے خشک روٹی۔ المَاءُ الرَّائِقُ : وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔
الرَّیِّقُ۔ نہار منہ والا۔
رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا۔ الصَّبِیُّ : بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔
الرِّیَالُ۔ رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)
رَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا۔ حَمْلُ البَعِیْرِ :بوجھ کا جھک پڑنا ___ المَکَانَ و مِنْہُ :دور ہونا۔ علیحدہ ہونا ___ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا ___ عَنْہُ : ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَامَ بِفِعْلِ کَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَایَرِیْمُ مُتَیَّمًا" بمعنی لَایَزَالُ مُتَیَّمًا۔ (___ رَیْمًا و رَیَمَانًا) الجُرْحُ :زخم کا انگور باندھنا۔
رِیْمَ۔ بِہٖ :چھوڑ دیا جانا۔
رَیَّمَ تَرْیِیْمًا۔ بِالمَکَانِ :اقامت کرنا۔
___ عَلٰی کَذَا : بڑھنا ___ السَّحَابَةُ : بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔
الرَّیْمُ۔ مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِیْ ھٰذَا العِدْلِ رَیْمٌ عَلَی الاٰخَرِ" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (___ والرِّیْمُ) خالص سفید اونٹنی۔
رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا و رُیُوْنًا۔ الشَّیْءُ فُلَانًا و عَلَیْہِ و بِہٖ : غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ ھَوَاہُ عَلٰی قَلْبِہٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُہٗ :جی متلانا۔ رَانَ المَوْتُ عَلَیْہِ و بِہٖ :موت کا آجانا۔
رِیْنَ۔ بِہٖ :لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
اَرَانَ اِرَانَةً۔ القَوْمُ :ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِیْنُوْنَ)
الرَّانُ۔ موزہ کی طرح جوتا۔
الرَّیْنُ۔ میل کچیل۔
الرَّیْنَةُ۔ شراب۔ ج رَیْنَاتٌ۔
رَجُلٌ (مَرِیْنٌ) عَلَیْہِ :شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہوگئے ہوں۔
رَاہَ یَرِیْہُ رَیْھًا۔ الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔
رَیَّہَ تَرْیِیْھًا۔ آمد و رفت کرانا۔
تَرَیَّہَ۔ السَّرَابُ : سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔
اَرْیٰی اِرْیَاءً۔ الرَّایَةَ : جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔
رَیّٰی۔ الرَّایَةَ :جھنڈا بنانا۔
الرَّایَةُ۔ علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الحَرْبِ" ہے اور یہ لواء سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَایَاتٌ و رَایٌ۔
الرَّیُّ۔ مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)
الرِّیُّ۔ خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ (رَیَّةٌ) بہت پانی والا چشمہ۔

زَأَبَ(ف)زَأْبًا-ڈگڈگا کے پینا ــــ الدَّهْرُ بِهٖ : زمانہ کا لٹنا ــــ المَاشِيَةَ : مویشی ہانکنا- بِحَمْلِهٖ :بوجھ کھینچنا ــــ وازْدَأَبَ اِزْدِئَابًا القِرْبَةَ:مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا-

زَأْبَرَ-الثَّوْبُ :کپڑے کا رواں والا ہونا-

ــــ الثَّوْبَ :کپڑے سے رواں نکالنا-

الزِئْبِرُ و الزُؤْبُرُ و الزِئْبَرُ-کپڑے کا رواں- کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الاَيَّامُ بِنَضَارَتِهٖ و نَفَضَتْ زِئْبِرَهٗ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا-یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا-

زَأْبَقَ-الشَّيْءَ :پارہ کی قلعی کرنا-

الزِئْبَقُ و الزِئْبِقُ-پارہ-

زَأَجَ (ف) زَأْجًا- بَيْنَهُمْ : بھڑکانا- اُکسانا- ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا-

زَأَدَهٗ(ف)زَأْدًا و زَأَدًا و زُؤُدًا و زُؤْدًا- گھبرا دینا-

الزُؤْدُ و الزُؤُد-گھبراہٹ-

لَيْلَةٌ(مَزْؤُودَةٌ)خوف و گھبراہٹ کی رات-

زَأَرَ(ف ض)وزَئِرَ(س)زَئِيرًا و زَأْرًا و تَزْآرًا وأَزْأَرَ ازْآرًا و تَزَأَّرَ- الاَسَدُ :شیر کا چنگھاڑنا- صفت(زَئِرٌ و زَائِرٌ و مُزْئِرٌ)

الفَحْلُ :آواز کو گڑگڑانا-

الزَأْرَةُ- زَأَرَ کا اسم مرۃ- جنگل ،جھاڑی-باغ- مِنَ الاِبِلِ و الغَنَمِ :اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ-

زَأْزَأَ- سر اور دم اُٹھا کر تیز چلنا ــــ ہ :خوف ولانا ــــ الشَّيْءَ :ہلانا ،حرکت دینا-

تَزَأْزَأَ- ڈر کر چھپنا- اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا ــــ مِنْهُ :ڈر کر خاکساری کرنا ــــ الشَّيْءُ :ہلنا-

زَأَطَ(ف)زَأْطًا-بہت شور مچانا-

زَأَفَهٗ(ف)زَأْفًا-جلدی کرانا-

اَزْأَفَ اِزْآفًا- عَلَيْهِ : ادھ مری کو مار ڈالنا-

اَزْأَفَهٗ بَطْنُهٗ :بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے-

الزُؤَافُ-جلدی کرانا-مَوْتٌ زُؤَافٌ :جلدی کی موت-

زَأَكَ(ف)زَأْكًا-نازسے چلنا-

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا-مِنْهُ :شرم کرنا-

زَأَمَ(ف)زَأْمًا و زُؤَامًا-جلدی مرنا-خوب ڈٹ کے کھانا ــــ ہ :گھبرا دینا-

ــــ ہ البَرْدُ :کپکپا دینا ــــ لِيْ كَلِمَةً :ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَا زَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا-

زَئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ (س) زَأْمًا و اِزْوَأَمَّ- بہت گھبرانا-زَئِمَ بِفُلَانٍ : چلانا- آواز دینا-

زَأْمَهٗ تَزْئِيمًا-گھبراہٹ میں ڈالنا-

اَزْأَمَهٗ- عَلَى الاَمْرِ : کسی کام پر مجبور کرنا-

الجُرْحَ : زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا-

المَوْتُ(الزُؤَام)مکروہ موت-جلدی کی موت-

الزِئْمُ- اَنکھ- حسب-کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِي زِئْمِهٖ" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی-

الزَئِمُ-بہت خوفزدہ-

الزَأْمَةُ-حاجت-بہت کھانا پینا-ہوا-سخت آواز- کلمہ-کہا جاتا ہے "مَا يَعْصِيْهِ زَأْمَةً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا- الزَأْمَةُ مِنَ الطَّعَامِ کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو-

الزُؤَانُ-ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے-واحد(زُؤَانَةٌ)

زَأَى(ف)زَأْيًا- تکبر کرنا-

اَزْأَى- فُلَانًا بَطْنُهٗ : پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا-

زَبَّ(ض)زَبِيبًا- چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا ــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا-

زَبَّ(ن) زَبًّا- القِرْبَةَ : مشک بھرنا ــــ الحِمْلَ :بوجھ اُٹھانا-

زَبَّبَتِ- الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ــــ العِنَبَ : انگور خشک کرنا- الرَّجُلُ :زیادہ بولنے سے جھاگ آنا- کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰى زَبَّبَ فَمُهٗ" فلاں نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے منہ سے جھاگ آنے لگا-

اَزَبَّ اِزْبَابًا-العِنَبُ :انگور خشک کرنا ــــ الشَّمْسُ :ڈوبنے کے قریب ہونا-

تَزَبَّبَ-العِنَبُ :انگور خشک ہونا-

الرَّجُلُ :غصہ سے بھر جانا ــــ فِي الكَلَامِ : زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا-

اِزْدَبَّتْ-اِزْدِبَابًا القِرْبَةُ :مشک کا بھر جانا-

الزَبَبُ-مص-بالوں کی زیادتی و لمبائی-

الزَبَابَةُ-ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبَابَةٍ"

الزَبِيبُ- خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبَّابٌ" کہتے ہیں-سانپ کے منہ کا زہر-

الزَبِيبَةُ- زبیب کا واحد-ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے-منہ کے جھاگ-الزبیبتان سانپ

یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔ اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِيْبَتَيْنِ" کہتے ہیں۔

الأَزَبُّ۔ چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء۔ عَامٌ أَزَبُّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "كُلُّ أَزَبَّ نَفُوْرٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

دَاهِيَةٌ زَبَّاء: بڑی مصیبت۔

الزَّبِيْبِيُّ۔ کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المُزِبُّ والمُزَبِّب۔ فا۔ بہت مال والا۔

الزَّبِنْتَل۔ پست قد۔

زَبَدَ (ن) زَبْدًا۔ مکھن کھلانا ـــــ السِّقَاءَ مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلونا۔

زَبَدَ (ض) زَبْدًا۔ السَّوِيْقَ: ستو میں مکھن ملانا ـــــ لَهُ: مکھن دینا۔

زَبَّدَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا۔ شِدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا ـــــ القُطْنَ: روئی دھننا۔

أَزْبَدَ۔ اَلْبَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَى الرَّجُلُ وَأَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی۔ الشَّيْئُ: بہت سفید ہونا ـــــ السِّدْرُ ونَحْوُهُ: شگوفہ نکلنا۔

تَزَبَّدَ۔ الشِّدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔ الزُّبْدَةَ: مکھن لینا ـــــ الشَّيْئَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نگلنا ـــــ اليَمِيْنَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُّبْدَةُ و الزُّبْد۔ مکھن۔ ج زُبَد و زُبْدَةُ الشَّيْئِ: چیز کا عمدہ و افضل حصہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزَّبْد۔ دادودہش۔

الزَّبَد۔ ج أَزْبَاد و (الزَّبَدَة) ج زَبَد: جھاگ۔ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہوگیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزَّبَاد۔ ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَاد و سِنَّوْرُ الزَّبَاد اور قِطُّ الزَّبَاد کہا جاتا ہے۔

الزُّبَّاد۔ ایک قسم کی نباتات۔ زُبَّادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "إِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِّبْدِيَّة۔ مٹی کا پیالہ۔ ج زَبَادِيُّ۔

المِزْبَد۔ مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزَابِد۔

المُزْبِد۔ فا۔ جھاگ پھینکنے والا۔ بَحْرٌ مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزْدَبِد۔ مکھن والا۔

زَبَرَهُ (ن ض) زَبْرًا۔ عَنِ الأَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا ـــــ السَّائِلَ: جھڑکنا ـــــ الرَّجُلَ: پتھر مارنا ـــــ البِنَاءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا ـــــ عَلَيْهِ: صبر کرنا (ـــــ وزَبَرَ و ازْدَبَرَ) الكِتَابَ: لکھنا۔

زَبُرَ (ک) زَبَارَةً۔ بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِيْر)

أَزْبَرَ۔ الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔ الكَبْشَ: موٹا کرنا۔

اِزْبَأَرَّ اِزْبِئْرَارًا۔ الكَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا ـــــ الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادہ شرارت ہونا ـــــ النَّبَاتُ و الوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اُگنا۔

الزَّبْر۔ مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔

الزِّبْر۔ کتاب۔ ج زُبُور عقل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ زِبْرٌ" اس کو عقل نہیں۔

أَخَذَهُ (بِزَبَرِهِ او بِزَأْبَرِهِ) یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔

الزِّبِرُّ۔ بہت قوی۔

الزُّبْرَة۔ لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) ناف۔ ج زُبَر و زُبْر۔

الزَّبُوْر۔ فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُر۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب۔

الزَّبِيْر۔ لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔

الأَزْبَر۔ بڑے کندھوں والا۔ ایذا رساں۔ مؤنث زَبْرَاء۔ ج زُبْر۔

التَّزْبِرَة۔ زَبَّرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔

المِزْبَر۔ قلم۔

المُزْبِر۔ بڑے کندھے والا۔

أَرْضٌ (مَزْبَرَة) بہت بھڑوں والی زمین۔ أَسَدٌ (مَزْبَرَانِي) بہت ایال والا شیر۔

بِئْرٌ (مَزْبُوْرَة) پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں۔

زَبْرَجَ۔ الشَّيْئَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِّبْرِج۔ نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِج۔

الزَّبَرْجَد۔ زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زَبَارِج۔

زَبْرَقَ۔ الثَّوْبَ: سرخ یا زرد رنگنا۔

الزِّبْرِقَان۔ پوری رات کا چاند۔ سبک داڑھی والا مرد۔

زَبْزَبَ۔ غضبناک ہونا۔ شکست کھانا۔

الزَّبْزَب۔ بلی کی مانند ایک جانور۔ ایک قسم کی کشتی۔ ج زَبَازِب۔

زَبَطَ (ض) زَبْطًا و زَبِيْطًا۔ البَطُّ: کڑکڑانا۔

الزَّبَاطَة و الزَّبَّاطَة۔ بط۔

تَزَبَّعَ۔ بدخلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزِّبْيَع۔ غصہ ور جھگڑالو۔

الزَّوْبَع۔ حقیر۔ پست قد۔

الزَّوْبَعَة۔ بگولہ۔ اس کو أُمُّ زَوْبَعَةٍ اور أَبُو زَوْبَعَة بھی کہا جاتا ہے۔ ج زَوَابِع۔ الزَّوَابِعُ: مصیبتیں۔

الزِّنْبَاعَة۔ چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔

الزَّبَعْبَق و الزَّبَعْبَاق۔ بدخلق۔

الزَّبَعْبَك و الزَّبَعْبَكِي۔ شوخ چشم و بیباک مرد۔

زِبَعْر۔ الزِّبَعْرِيُّ: بدخلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھا لیتا ہے۔

الزِبْعَرِی۔ لمبے پروالا تیر۔
زَبَقَ (ض) زَبْقًا۔ شَعْرَهُ : بال اُکھیڑنا ــــ ہ فِی السِجْن : قید کرنا۔ تنگی ڈالنا ــــ ہ فِی الشَیْءِ : داخل کرنا ــــ الشَیْءَ بالشَیْءِ : خلط کرنا۔ ملانا ــــ القُفْلَ : تالا کھولنا ــــ المَرْأَةُ بِوَلَدِهَا : پھینک دینا۔
اِنْزَبَقَ۔ فِی البَیْتِ : گھر میں داخل ہونا۔
ــــ فِی الحِبَالَةِ : جال میں پھنسنا۔ چھپنا۔
الزَابُوقَة۔ مِنَ البَیْتِ : مکان کا گوشہ۔
الأَزْبَق۔ بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔
المَزْبُوقَة والزَبِیقَة۔ مِنَ اللُحٰی : نوچی ہوئی داڑھی۔
زَبَلَ (ض) زَبْلًا و زَبَّلَ۔ الأَرْضَ : زمین میں کھاد ڈالنا ــــ و اِزْدَبَلَ الشَیْءَ : اُٹھانا۔
الزَابِل و الزَابَل۔ پست قد۔
الزِبَالَ و الزُبَال۔ وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اُٹھا کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا أَصَابَ مِنْهُ زُبَالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔
الزِبْل و الزِبْلَة و الزَبِیل۔ گوبر۔ کھاد۔
الزَبِیل و الزِبِّیل۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔
الزُبْلَة۔ لقمہ۔
الزُبَالَة۔ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی البِئْرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے۔
الزَبِیل۔ ج زُبُل و زُبْلَان و (الزِبِّیل) ج زَبَابِیل و (الزِنْبِیل) والزِنْبِیل ج زَنَابِیل ٹوکرا۔ برتن۔ توشہ دان۔
المَزْبَلَة و المَزْبُلَة۔ کوڑا خانہ۔ ج مَزَابِل۔
زَبَنَهُ (ض) زَبْنًا۔ دفع کرنا۔ ٹکر لگانا۔ علیحدہ کرنا۔
زَبَنَتِ النَاقَةُ : اونٹنی کا دوہنے کے وقت زانو سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّا مَعْرُوفَهُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔ زَبَنَ الثَمَرَ : درخت پر پھل بیچنا۔
اَزْبَنَ۔ بَیْتَهُ عَنِ الطَرِیقِ : راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔
زَابَنَهُ مُزَابَنَةً۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ درخت پر پھل بیچنا۔

تَزَابَنَ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے کو ہٹانا۔
اِنْزَبَنَ۔ القَوْمُ : علیحدہ ہونا۔ کنارہ پر ہونا۔
تَزَبَّنَهُ۔ زبردستی غلبہ کرنا۔
اِسْتَزْبَنَهُ۔ غالب ہونا۔
الزَبَن۔ مص۔ بَیْتٌ زَبَن : گھروں سے علیحدہ گھر۔ مَقَامٌ زَبَن : تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں۔
الزَبَن۔ گوشہ۔
الزَبِن و الزَبُون۔ بہت دفع کرنے والا۔
زُبَنَتَا۔ النَاقَةِ : اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔
الزَبِین۔ پیشاب پاخانہ کو روکنے والا۔
الزِبْنِیَة۔ سخت۔ جن و انسان میں سے سرکش۔ سپاہی ج زَبَانِیَة۔
الزَبَانِیَة۔ عِنْدَ العَرَب : سپاہی۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔
الزَبُون۔ مِنَ النُوق : دوہنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔ حَرْبٌ زَبُونٌ : سخت لڑائی۔
الزَبُون : بیوقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)
الزَبُّونَة و الزُبُّونَة۔ گردن اور کہا جاتا ہے "فِیهِ زَبُّونَة" اس میں تکبر ہے۔
زُبَانَی۔ العَقْرَب : بچھو کا ڈنک۔
زُبَانَیَا۔ العَقْرَب : بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔
المُزَابَنَة۔ مص۔ اندازہ سے بیچ کرنا۔
الزِبَنْتَر۔ پست قد مرد۔ بدصورت و پست قد بلاو مصیبت۔
الزِبَنْتَرِی۔ بلاو فتنہ۔
زَبَی (ض) زَبْیًا و اِزْدَبَی ــــ ہ : اُٹھانا۔ ہانکنا۔
زَبَاهُ بِشَرٍّ : تہمت لگانا۔
اَزْبَاهُ اِزْبَاءً۔ اُٹھانا۔
زَبَّی۔ فُلَانًا : ہانکنا ــــ اللَحْمَ : شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔
زَبَّی و تَزَبَّی۔ الزُبْیَةَ : شکار کا گڑھا کھودنا۔ تَزَبَّی فِی الزُبْیَةِ : شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا۔
تَزَابَی تَزَابِیًا۔ تکبر کرنا۔
الزُبْیَة۔ درندوں کے شکار کا گڑھا۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ ج زُبًی۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَیْلُ الزُبٰی" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا۔

الأُزْبِیّ۔ جلدی۔ نشاط۔ ایک قسم کی چال۔ برائی۔ بڑا معاملہ۔ ج أَزَابِیّ۔
زَتَّ (ن) زَتًّا۔ آراستہ کرنا۔
تَزَتَّتَ۔ العُرُوسُ : دلہن کا آراستہ ہونا۔
زَتَخَ (ن) زُتُوخًا۔ القُرَادُ : چیچڑی لگنا۔
زَجَّ (ن) زَجًّا۔ دوڑنا ــــ ہ : کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔ زَجَّهُ بِالرُمْحِ : کسی کو نیزہ مارنا ــــ بِالشَیْءِ : کوئی چیز پھینکنا۔
زَجَّ (ض) زَجَجًا و اِزْوَجَّ۔ حَاجِبُهُ : لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت (أَزَجّ) مؤنث زَجَّاء ج زُجّ (ایسی بھوں کو بھی أَزَجّ کہتے ہیں۔)
زَجَّجَ۔ الحَاجِبَ : ابرو کو لمبی اور باریک بنانا ــــ المَوْضِعَ : درست و ہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَقَرَ خَشَبَةً ثُمَّ زَجَّجَ مَوْضِعَ النَقْرِ" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔
أَزَجَّ۔ الرُمْحَ : نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔
الزُجّ۔ نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل ہے "جَعَلَ الزُجَّ قُدَّامَ السِنَانِ" یعنی اس نے ادنی کو اعلی پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج و أَزِجَّة و زِجَجَة اور کبھی الزِجَاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔
الزَجَاج و الزُجَاج و الزِجَاج۔ شیشہ (زَجَاجَة زِجَاجَة زُجَاجَة) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِیشَةُ الزُجَاجِ : ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔
الزُجَاجِیّ۔ شیشہ بیچنے والا۔
الزَجَّاج۔ شیشہ بنانے والا۔
الزِجَاجَة۔ شیشہ گری کا پیشہ۔
الزُجُج۔ پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔
الأَزَجّ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شتر مرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ۔
المِزَجّ۔ چھوٹا نیزہ۔ زُمْحٌ (مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔
المِزجَّة۔ وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی

کریں۔
الزَّجْبَۃ۔ کلمۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ مِنْہُ زُجْبَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
زَجَرَہٗ (ن) زَجْرًا۔ عَنْ کَذا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا ــــ الرِّیحُ السَّحَابَ ہوا کا بادلوں کو اُٹھا کر لانا ــــ الکلبَ وبالکلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا ــــ الطَّیْرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اُڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت اَنْ یَکُوْنَ کَذَا و کَذَا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔
اِزْدَجَرَہ۔ منع کرنا، روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (ــــ وانْزَجَر) رک جانا۔
تَزَاجَرَ۔ القَوْمُ عَنِ الشَّرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔
الزَّجْر۔ مص۔ (ــــ والزَّجَر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجُور۔
الزَّاجِر۔ فا ــــ زَاجِرُ الاِنْسَانِ: ضمیر۔ اَبُو زَاجِر: کوا۔
الزَّجَّار۔ بہت ڈانٹنے والا۔
نَاقَۃٌ (زَجُوْر) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔
المَزْجَر۔ ڈانٹنے کی جگہ (ــــ والمَزْجَرَۃ) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِکْرُ اللّٰہِ مَزْجَرَۃٌ لِلشَّیْطَانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔
زَجَلَ (ن) زَجْلاً۔ ہٗ وبِہٖ: تیر مارنا۔ دفع کرنا ــــ ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الحَمَامَ: کبوتر کو دور جانے کے لیے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمَامُ الزَّاجِل یا حَمَامُ الزَّجَّال کہتے ہیں۔
زَجِلَ (س) زَجَلاً۔ خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل و زَاجِل)
القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔
الزَّجَل۔ شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُوْزَجَلٍ۔ گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: جنّوں کی گنگناہٹ۔
الزَّجَلَۃ۔ لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات۔
الزُّجْلَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل۔ مَسَافَۃٌ زَجُوْل) دور کی مسافت۔
الزِّجل و الزَّاجِل۔ حلقہ کی مانند لکڑی جو رسّی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے نچلے حصّہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل۔
الزَّجَّالَۃ چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔
المِزْجَل و المِزْجَال۔ چھوٹا نیزہ۔
المَزْجَل۔ کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَۃٌ (زَجْلاء) تیز رفتار اونٹنی۔
الزِّنْجِیْل۔ کمزور بدن والا مرد۔
الزَّوَاجِل۔ کمزور سست بدن والا مرد۔
الزَّجَنْجَل۔ آئینہ۔
زَجَمَ (ن) زَجْمًا۔ آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سَکَتَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
الزُّجَّم۔ ایک قسم کا پرندہ۔
الزَّجْمَۃ و الزُّجْمَۃ۔ آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَسْمَعْ لَہٗ زَجْمَۃً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وَھُوَ لَا یُخَالِفُہٗ بِزَجْمَۃٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔
الزَّجْمَۃ: رطوبتیں جو بچّہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔
قَوْسٌ (زَجُوْمٌ) کمزور آواز والی کمان۔
الزَّجْنَۃ۔ نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَاسَمِعْتُ لَہٗ زَجْنَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجَّی تَزْجِیَۃً وَاَزْجَی اِزْجَاءً واِزْدَجَی۔ ہٗ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "کَیْفَ تُزَجِّی اَیَّامَکَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ و "زَجّٰی فُلَانٌ حَاجَتِی" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ اَزْجَی الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ اَزْجَی الدِّرْھَمَ: دراہم کا رائج کرنا۔
زَجَا (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجَاءً۔ الاَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا ــــ الخَرَاجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا ــــ فُلَانٌ: خفی منقطع ہونا۔
تَزَجّٰی تَزَجِّیًا۔ بالشَّیْءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔
المُزْجٰی۔ تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاۃٌ۔
الاَزْجٰی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَزْجٰی مِنْ فُلَانٍ بِھٰذَا الاَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔
المُزْجِیُّ۔ کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔
زَحَّہٗ (ن) زَحًّا۔ دفع کرنا، ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا ــــ عَنْ مَکَانِہٖ: علیحدہ کرنا۔
زَحَبَ (ف) زَحْبًا و زُحُوْبًا۔ اِلَیْہِ نزدیک ہونا۔
زَحَرَ (ف ض) زَحِیْرًا و زُحَارًا و زُحَارَۃً۔ پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَحَرَتْ بِہٖ اُمُّہٗ: جننا۔ زَحَرَہٗ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
زُحِرَ۔ مبتلائے پیچش ہونا۔
زَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا۔
زَاحَرَہٗ۔ دشمنی کرنا۔
تَزَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا ــــ عَنْہُ اُمُّہٗ: جننا۔
الزُّحَار و الزَّحِیْر۔ پیچش۔
الزُّحَرو الزَّحَّار و الزَّحْرَان۔ بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔
زَحْزَحَہٗ۔ عَنْ مَکَانِہٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ۔ دور ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّحْزَح۔ دوری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِزَحْزَحٍ مِنْہُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔
الزَّحْزَاح۔ دور۔
زَحَفَ (ف) زَحْفًا و زَحَفَانًا و زُحُوْفًا۔ آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا ــــ اِلَیْہِ: چلنا ــــ کہا جاتا ہے "زَحَفَ العَسْکَرُ اِلَی العَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا ــــ الشَّیْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔
ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔ زَاحِفٌ و زَاحِفَۃ تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت

مؤنث زَاحِفَة ج زَوَاحِف و (زَحُوف) ج
زُحُف ___ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے
گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف)
ج زَوَاحِف۔
اَزْحَفَ۔ اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا ___ ہ
طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا ___ البَعِيْرُ: اونٹ کا
تھکنا ___ الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا
گھوڑے والا ہونا۔ اَزْحَفَ بَنُوْ فُلَانٍ: بڑا لشکر
بننا۔
زَاحَفْنَاهُمْ۔ ایک دوسری کی طرف گھسٹنا۔
تَزَحَّفَ و اِزْدَحَفَ۔ اِلَيْهِ: چلنا۔
تَزَاحَفَ۔ القَوْمُ فِي الْحَرْبِ: بعض کا بعض
کی طرف جانا اور قریب ہونا۔
الزَّحْف۔ مص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف
جائے۔ ج زُحُوف۔
الزُّحَفَة۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور
نہ جائے۔
الزِّحَاف۔ فِي الْعُرُوْضِ: علم عروض کی
اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے
دوسرے حرف میں واقع ہو۔
الزَّحَّاف۔ گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَة۔
الزَّحَّافَاتُ مِنَ الْحَيَوَانِ: رینگنے والے جانور۔
المَزْحَف۔ گھسٹنے کی جگہ ج مَزَاحِف۔
مَزَاحِفُ الحَيَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ
مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔
بَعِيْرٌ (مِزْحَاف) اونٹ جس کو تھک جانے کی
عادت ہو۔ ج مَزَاحِف و مَزَاحِيْف۔
زَحَكَ (ف) زَحْكًا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا
___ مِنْهُ: قریب ہونا ___ عَنْهُ: بعید ہونا
___ البَعِيْرُ: اونٹ کا تھکنا۔
اَزْحَكَ۔ تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔
زَاحَكَهُ۔ عَنْ نَفْسِهِ: دور کرنا۔
تَزَاحَكَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید
ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)
زَحَلَ (ف) زُحُوْلًا۔ عَنْ مَكَانِهِ: زائل ہونا۔
دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل و زَحِل)
زَحِلَ (ف) زَحْلًا۔ تھکنا۔
اَزْحَلَهُ۔ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔

اَزْحَلَهُ و زَحَّلَهُ۔ دور کرنا۔
تَزَحَّلَ۔ عَنْ مَكَانِهِ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔
زُحَل۔ ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد کے
لیے بطورِ مثال کے بیان کرتے ہیں ___
و رَجُلٌ زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا
کام ہو یا برا۔
الزُّحَلَة۔ کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب
قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی
طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مَسَافَةٌ
(زَحُوْل) دور کی مسافت۔
الزِّحْلِيْل۔ تیز۔ علیحدہ رہنے والا (___
و الزُّحْلُوْل) تنگ پھسلنے کی جگہ۔ الزُّحْلُوْل: ہلکے
پھلکے جسم والا۔
المَزْحَل۔ وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر
جائیں۔ زَحَلَ کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "إِذَا لَمْ
يَكُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّيْفِ مَزْحَل" جبکہ تلوار کی
دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔
زَحْلَفَ۔ الشَّيَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا ___
الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِي الْكَلَامِ:
جلدی جلدی بولنا۔
تَزَحْلَفَ۔ لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔
تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب
ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔
الزُّحْلُوْفَة۔ چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا
جائے۔ ج زَحَالِف و زَحَالِيْف۔
الزَّحَالِف۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی
کے مشابہ ہوتے ہیں۔
زَحْلَقَ و زَحْلَكَ و تَزَحْلَقَ و تَزَحْلَكَ
و الزُّحْلُوْقَة و الزُّحْلُوْكَة۔ بمعنی زَحْلَفَ و
تَزَحْلَفَ و الزُّحْلُوْفَة۔
الزُّحْلُوْقَة۔ لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں
جانب بیٹھ کر جھولیں۔
الزِّحْلِق۔ تیز و تند ہوا۔
زَحَمَهُ (ف) زَحْمًا و زِحَامًا۔ تنگی کرنا۔ بھیڑ
کرنا۔
زَاحَمَهُ۔ تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الخَمْسِيْنَ: قریب
ہونا۔
اِزْدَحَمَ و تَزَاحَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر

تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔
___ الأَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔
الزَّحْم۔ مص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔
الزَّحْمَة۔ بھیڑ۔ تنگی۔
الزِّحَام۔ مص۔ يَوْمُ الزِّحَامِ: قیامت کا دن۔
المِزْحَم۔ بہت بھیڑ کرنے والا (أَبُوْ مَزَاحِم)
ہاتھی۔
زَحْمَرَ۔ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
زَحَنَ (ف) زَحْنًا۔ دیر کرنا ___ ہ عَنِ
المَكَانِ: دور کرنا۔
تَزَحَّنَ۔ دیر کرنا۔ سمٹنا ___ عَنْ مَكَانِهِ: ہلنا
___ عَلَى الشَّيْءِ و عَنْهُ: ناپسندیدگی کے
باوجود کرنا۔
رَجُلٌ زُحَنٌ۔ پستہ قد مرد۔ مؤنث زُحَنَةٌ۔
الزَّحْنَة۔ سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے
قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُحْنَةٌ" ان لوگوں کے
لیے دیر کا کام ہے۔ "وَلَهُ زُحْنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر
کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے
تاخیر ہو جائے۔
الزُّحْنَة۔ وادی کا موڑ۔
زَخَّ (ن) زَخًّا۔ غضبناک ہونا ___ بِالإِبِلِ:
اونٹوں کو تیز چلانا ___ ہ: گڑھے میں دھکیلنا
___ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَخَّ (ن) زَخًّا و زَخِيْخًا۔ الجَمْرُ: چنگاری کا
تیز چمکنا۔
الزَّخّ۔ مص۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔
الزَّخَّة۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب (___
و المَزَخَّة و المِزَخَّة) بیوی۔
زَخْزَخَ۔ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَخَرَ (ف) زَخْرًا و زُخُوْرًا و تَزْخَارًا۔
البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا ___
الوَادِي: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا
___ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا ___
القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کیلئے پرجوش ہونا
___ الحَرْبُ اوِ القِدْرُ: جوش مارنا
ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا ___
بِمَا عِنْدَهُ: فخر کرنا۔
زَاخَرَهُ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے

"زَاخَرَهٗ فَزَخَرَهٗ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَزَخَّرَ۔ البَحْرُ او الوَادِي : دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔
تَزَخْوَرَ۔ بِمَاعِندہ : فخر کرنا۔
الزَّاخِر۔ فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا ـــــ مِنَ الشَّرَفِ : بلند عزت۔
زَوَاخِرُ۔ الوَادِي : وادی کی گھاس۔
الزَّخَّار۔ زَخِر کا اسم مبالغہ۔
نَبَاتٌ (زَخْوَرٌ وزُخَارِي وزَخْوَرِي) لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِيُّ النَّبَاتِ : پودہ کی تر و تازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِيَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔ کَلَامٌ زَخْوَرِيٌّ : متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔
الزَّخْوَرِيُّ۔ لمبا۔
زَخْرَفَهٗ۔ خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا ـــــ الکَلَامَ : جھوٹ سے آراستہ کرنا۔
تَزَخْرَفَ۔ الرَّجُلُ : مزین ہونا۔
الزُّخْرُف۔ سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔
زُخْرُفُ الکَلَامِ : جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخْرُفُ الاَرْضِ : زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخَارِف۔ الزَّخَارِف : کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔ زَخَارِفُ المَاءِ : پانی کے راستے۔
زَخَفَ (ف) زَخْفًا و زَخِيفًا۔ تکبر کرنا۔
زَخَّفَ۔ فِي القَوْلِ : بہت بولنا۔
تَزَخَّفَ۔ مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔
المِزْخَف۔ فخر کرنے والا متکبر۔
زَخَمَهٗ (ف) زَخْمًا۔ سختی سے ہٹانا۔
زَخِمَ (س) زَخَمًا و اَزْخَم۔ اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِم)
اِزْدَخَم۔ الحِمْلَ : بوجھ اٹھانا۔
الزَّخَمَة۔ بدبودار گوشت۔
الزَّخْمَاء۔ بدبودار عورت۔
الزِّدْب۔ حصہ۔ ج اَزْدَاب۔
زَدَرَ۔ لوٹنا۔ (صَدَرَ میں ایک لغت ہے)

اَزْدَرَ۔ لوٹانا۔ (اَصْدَرَ میں ایک لغت ہے)
الاَزْدَرَان۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَزْدَرَيْهِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔
اِزْدَرَم۔ نگلنا۔
زَدَعَ (ف) زَدْعًا۔ المَرْاَةَ : جماع کرنا۔
المِزْدَع۔ کاموں کو جلدی سرانجام دینے والا۔
تَزَدَّغَ۔ تکیہ لگانا۔ تکیہ بنانا۔
المِزْدَغ۔ تکیہ (مِصْدَغ میں ایک لغت ہے)
اَزْدَفَ۔ اللَّيْلُ : تاریک ہونا (اَسْدَفَ میں ایک لغت ہے)
الزِّدْق۔ سچائی (الصدق میں ایک لغت ہے)
زَدَا (ن) زَدْوًا۔ الصَّبِيُّ الجَوْزَ و بِالجَوْزِ : بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔
المِزْدَاة و المِزْدَاء۔ اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔
اَزْدَى اِزْدَاءً۔ سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔
زَرَّ (ن) زَرًّا۔ القَمِيصَ : کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا ـــــ الشَّيْءَ : جمع کرکے باندھنا ـــــ المَتَاعَ : سامان کو جھاڑنا ـــــ الرَّجُلَ : دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ زَرَّهٗ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ـــــ الشَّعْرَ : بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَيْنَهٗ : آنکھ تنگ کرنا۔
زَرَّ (س) زَرًّا۔ الرَّجُلُ : گھنڈی لگانا، اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔
زَرَّ (ض) زَرِيْرًا۔ سِنَانُ الرُّمْحِ : نیزے کے پھل کا چمکنا ـــــ العَيْنُ : آنکھ چمکیلی ہونا۔
اَزَرَّ۔ القَمِيصَ : بٹن لگانا۔
زَرَّرَ۔ ثَوْبَهٗ : بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔
تَزَرَّرَ۔ القَمِيصُ : بٹن لگا ہوا ہونا۔
الزِّرُّ۔ گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزْرَار و زُرُوْر۔ دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَّيْفِ : تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّيْءِ : وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "اَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِزِرِّهٖ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّهٖ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔
الزَّرَّة۔ دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزَّرَّة۔ دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل۔
الزُّرَازَة۔ ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے اور وہ اسے چمٹ جائے۔
الزُّرَّار و الزِّرِّيْر۔ سریع الفہم۔ تیز خاطر۔
الزَّرِيْر : ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زَرِيْرَة)
الزَّرَّازَة۔ جانوروں کو لگنے والی مکھی۔
حِمَارٌ (مِزَرٌّ) دانت سے کاٹنے والا گدھا۔
زَرَامِ اِزْرَاَمَّ اِزْرِئْمَامًا و اِزْرَامَّ۔ اِزْرِيْمَامًا۔ کَلَامُهٗ او دَمُهٗ او بَوْلُهٗ : گفتگو یا خون یا پیشاب کا منقطع ہونا۔
زَرَبَ (ن) زَرْبًا۔ المَوَاشِيَ۔ جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ : بکریوں کے لیے باڑہ بنانا۔
زَرِبَ (س) زَرَبًا۔ المَاءُ : پانی کا بہنا۔
اِنْزَرَبَ۔ باڑہ میں داخل ہونا۔
اِزْرَبَّ۔ النَّبَاتُ۔ نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔
الزَّرْب۔ مف۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (ـــــ و الزِّرْب) باڑہ۔ ج زُرُوْب۔
الزِّرْب۔ پانی بہنے کی جگہ۔
الزَّارُوْب۔ عِنْدَ العَامَّةِ : لمبی تنگ گلی۔ فصیح لفظ الزُّقَب ہے۔
الزَّرْبِيّ و الزُّرْبِيَّة۔ مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے ـــــ مِنَ النَّبْتِ : گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِيّ۔
الزَّرْبِيَّة۔ جی حضوری۔
الزَّرِيْبَة : باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زِرَاب و زَرَائِب۔
المِزْرَاب۔ پرنالہ۔ ج مَزَارِيْب۔
الزَّرْبُوْن۔ جوتا۔
زَرَتَ (ف) زَرْتًا۔ گلا گھونٹنا۔
زَرْجَنَهٗ۔ فریب دینا ـــــ القَوْمُ : شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔
الزَّرَجُوْن۔ انگور کی ٹہنیاں۔ واحد ـــــ (زَرَجُوْنَة) ایک قسم کا سرخ رنگ۔ شراب

(معرب)

المُزَرَّج-مست-متوالا-

زَرِحَ(س)زَرَحًا-ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا-

الزَارِح-فا-چست-ج زُرَّاح-

الزَرُوح والزَرُوحَة-چھوٹا ٹیلہ-ج زَرَاوِح-

المُزرِح-پست زمین-

زَرَدَہُ(ن)زَرْدًا-گلا گھونٹنا-

الدِرْعَ: زرہ بنتا-کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَيْنَهُ عَلٰى صَاحِبِهٖ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا-

زَرِدَ(س) زَرَدًا وازْدَرد وتَزَرَّدَ-اللُقْمَةَ: لقمہ کو جلدی نگلنا اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ الْيَمِيْنَ" اس نے لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی-

الزَرْد-بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں-ج زُرُوْد- حِمَارُ الزَرْد: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں-گورخر-

الزَرِد-جلدی نگلنے والا-

الزَرْدَة-ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار-

الزِرَاد والمِزْرَد-اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسّی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے-

الزَرَّاد-گلا گھونٹنے والا-زرہ بنانے والا-

الزِرَادَة-زرہ بنانے کا پیشہ-

المَزْرَد-گلا-

المُزْدَرَد- مفعو- کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِمُزْدَرَدِهٖ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی-

زَرْدَبَهُ وزَرْدَمَهُ-گلا گھونٹنا-الطَعَامَ: کھانے کو نگلنا-

الزَرْدَمَة-سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ-

زَرْزَرَ-الزُرْزُوْرُ: زر زور پرندہ کا آواز کرنا ___ الرَجُلُ: ہمیشہ زُرزُور پرندہ کو کھانا-

___ بالمَكَانِ: اقامت کرنا-

الزُرْزُوْر-ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے-بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعض میں سفید چتی ہوتی ہے-ج زَرَازِيْر و زَرَازِر-

الزَرْزَار والزُرَازِر-سریع الفہم تیز خاطر-ج زَرَازِرَة-

الزُرْزُوْرِی-وہ جو زُرزُور پرندہ کے رنگ کا ہو-

زَرَطَ(ض)زَرْطًا-اللُقْمَةَ: لقمہ کو نگلنا-

الزِرَاط-راستہ (الصراط میں ایک لغت ہے)

زَرَعَ (ف) زَرْعًا وازْدَرَعَ-بونا-بیج ڈالنا ___ الاَرْضَ: جوتنا-زَرَعَ اللّٰهُ النَبَاتَ: اُگانا-کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَهُ بَعْدَ شَقَاوَةٍ" یعنی اس کو فقر وحاجت کے بعد مال ودولت حاصل ہوئی-

زَارَعَ مُزَارَعَةً-بونا ___ فُلَانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا-

اَزْرَعَ-الزَرْعُ: پتے نکلنا-کھیت کاٹنا ___ القَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا-

تَزَرَّعَ-اِلَى الشَرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا-

الزَارِع-فا-ج زَارِعُوْنَ وزُرَّاع-ایک کتے کا نام اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زارع" کہتے ہیں-

الزَرْع-مص-کھیت-اولاد-ج زُرُوْع-

الزُرْعَة-بیج (___ والزِرعة والزَرْعَة الزَرعة) کھیتی-کہا جاتا ہے "مَا فِي هٰذِهِ الاَرْضِ زَرْعَةٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے ___ الزُرْعَة: چکور کا بچہ-

الزِرَاعَة-کاشتکاری-کھیت-

الزَرِيْعَة-بوئی ہوئی چیز-کھیتی-

الزَرَّاع-بہت کھیتی کرنے والا-چغل خور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زَرَّاعُوْن وزَرَّاعَة-

الزَرَّاعَة- زَرَّاع کا مؤنث- کشت زار ج زَرَّاعَات-

الزَرِيْع- صرف بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی-

الزَرِيْع-وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے-

المَزْرَعَة والمَزْرُعَة-کھیتی-ج مَزَارِع-

المُزْدَرَع-کھیتی کرنے کی جگہ-کشت زار-

الزَرْغَب- کھٹ- مردہ گدھے یا گائے کی کھال-

زَرَفَ(ن) زَرْفًا-کودنا ___ فِي الكَلَامِ: زیادتی کرنا-جھوٹ بولنا- (___ زُرُوْفًا وزَرِيْفًا) اِلَيْهِ قریب ہونا-دیر لگانا-جلدی کرنا (ضد)

زَرِفَ(س)زَرَفًا-الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا-

زَرَّفَهُ-علیحدہ کرنا-دور کرنا ___ الشَيْءَ: زیادتی کرنا ___ فِي الكَلَامِ: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا ___ القَوْمَ: جدا جدا کرنا ___ الرُمْحَ فِيْهِ: نیزہ بھونکنا-کہا جاتا ہے "زَرَّفَ عَلَى السِتِّيْنَ" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا-

اَزْرَفَ-آگے بڑھنا-جلدی کرنا-

الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا-

___ النَاقَةَ: اونٹنی کو اکسانا-تیز کرنا ___ الرَجُلُ: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

اِنْزَرَفَ-القَوْمُ: گھاس پانی کی تلاش میں جانا ___ الرِيْحُ: گزر جانا ___ الشَيْءُ: آر پار ہونا-

الزَرَافَة والزُرَافَة والزَرَافَّة والزُرَافَّة-ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں-ج زَرَافِيّ زَرَافِي زَرَافَات- زَرَائِف-

الزُرَافَة-بہت چھوٹا-

الزَرَافَة والزَرَافَّة-دس یا بیس آدمیوں کا گروہ-ج زَرَافَات اور اسی سے ہے- "طَارُوْا اِلَيْهِ زَرَافَاتٍ وَوُحْدَانًا"

الزَرَّافَة والزَرَافَة-وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے-ج زَرَافَات زَرَّافَات-

المِزْرَاف والزَرُوْف والزَرُوْف- مِنَ النُوْقِ: تیز رفتار اونٹنی-

زَرْفَنَ-شَعْرَهُ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا-

الزُرْفِيْن-چھوٹی زنجیر-ج زَرَافِيْن-

زَرَقَ (ض ن) زَرْقًا-الطَائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا-زَرَقَتْ عَيْنُهُ نَحْوِي: کنکھیوں سے دیکھنا-

___ زَرَقَ الطَائِرَ: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا ___ الرَجُلَ بِبَصَرِهٖ: گھورنا

ـــــ النَاقَةُ الرَحْلَ : اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔
زَرِقَ(س)زَرَقًا۔الرَجُلُ :اندھا ہونا۔
ـــــ عَيْنُه : نیلگوں ہونا ـــــ الشَّيءُ : نیلگوں ہونا۔آسمانی رنگ کا ہونا۔
اَزْرَقَتْ۔ عَيْنُه نَحْوِيْ : آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا ـــــ النَاقَةُ حَمْلَهَا : اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔
اِزْرَقَّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقَّ اِزْرِيْقَاقًا۔ نیلگوں ہونا ـــــ عَيْنُه نَحْوِي۔ بمعنی اَزْرَقَتْ عَيْنُهُ۔
اِنْزَرَقَ۔ پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا۔ السَهْمُ : آرپار ہونا۔
الزَرَق و الزُرْقَة۔ آسمانی رنگ۔ نیلگونی۔
الزُرَق : کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔
الزَرْقَة۔ تعویذ کا مہرہ۔
الزُرَّق۔ ایک شکاری پرندہ۔ ج زَرَارِق۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔
الاَزْرَق۔ نیلگوں۔ مؤنث زَرْقَاء۔ ج زُرْق۔
الاَزْرَق : باز۔ نَصْلٌ اَزْرَق : چمکیلا تیر کا پھل۔
مَاءٌ اَزْرَق : صاف پانی۔ عَدُوٌّ اَزْرَقُ : سخت دشمن (اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اس لیے ان پر بھی زُرق کا اطلاق کرتے ہیں۔
الزَرْقَاء۔ اَزْرَق کا مؤنث۔ ج زُرْق۔ شراب۔ آسمان۔
الزُرَيْق و اَبُوْ زُرَيْق۔ چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔
الزُرَيْقَاء۔ دودھ اور زیتون کے تیل میں ترکیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔
الزَرَّاقَة۔ والعَامَّةُ تُسَمِّيْهَا الزَرَاقُوقَةَ : پچکاری (عوام اسے زَارُوقه کہتے ہیں۔)
الاَزَارِقَة۔ خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔ واحد (الاَزْرَقِيُّ)
المِزْرَاق۔ چھوٹا نیزہ ـــــ مِنَ الاَبَاعِرِ : پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مَزَارِيْق۔
زَرْقَفَ واِزْرَنْقَفَ۔ جلدی کرنا۔
زَرْقَلَ زَرْقَلَةً۔ لِيْ بِحَقِّيْ : حق دینا۔ الشَّعْرَ : بالوں کو جھاڑنا۔
الزُرْقُم۔ بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زَرَاقِم۔
الزَرَاقِم۔ بہت سے سانپ۔
زَرِكَ(س)زَرَكًا۔ بد خلق ہونا۔
زَرَمَهُ(ض)زَرْمًا وزُرْمَةً واَزْرَمَهُ۔ کاٹنا۔ کہتے ہیں "زَرَمَتْ بِهِ اُمُّهُ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔ وزَرَمَهُ الدَّهْرُ : زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔
زَرِمَ(س)زَرَمًا۔ الشَّيءُ : منقطع ہونا۔
اِزْدَرَمَه۔ نگلنا۔
اِزْرَامَّ۔ غضبناک ہونا۔ سکڑنا۔
الزَرِم۔ ذلیل تھوڑے جتھے والا۔ بخیل۔ تنگ حال۔
الاَزْرَم۔ منقطع۔ بلی۔
الزَرِيْم۔ تھوڑے جتھے والا۔ ذلیل۔
الزُرْمُوْج۔ جوتا۔
الزُرْمَانِقَة۔ بے آستین کا اونی جبہ۔
الزَرْنَب۔ ایک خوشبودار پودہ۔ جس کو رِجْلُ الجَرَاد بھی کہتے ہیں۔ زعفران۔ نیل گائے۔
الزِرْنِيْخ۔ ہڑتال۔
زَرْنَقَ زَرْنَقَةً۔ الاَرْضَ : چھوٹی نہر سے پانی دینا۔ کنوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھئے "زرنوق"
ـــــ فُلَانًا اللِبَاسَ : کسی کو لباس پہنانا۔
تَزَرْنَقَ۔ بالثِيَابِ : کپڑے پہننا ـــــ الرَجُلُ : چھوٹی نہر سے اجرت پر آب کشی کرنا۔
الزُرْنُوْق۔ چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔
الزُرْنُوْقَان : کنوئیں کے منہ پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔
الزَرْنَقَة۔ مص۔ زیادتی۔ حسن کامل۔
الزِرْنِيْق۔ ہڑتال۔
الزَرَاهِمَة۔ آزاد لونڈی۔ نوجوان موٹی عورت۔
زَرَىٰ(ض) زَرْيًا وزُرْيًا وزَرَايَةً و مَزْرِيَةً ومَزْرَاةً واَزْرَىٰ وتَزَرَّىٰ۔ عَلَيْهِ عَمَلَه : کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔ اَزْرَىٰ بِالاَمْرِ : سستی کرنا۔ اَزْرَىٰ بِهِ واَزْرَاهُ : عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔
زَارَاهُ مُزَارَاةً۔ ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔
اِزْدَرَىٰ واِسْتَزْرَىٰ۔ ہ : حقیر سمجھنا۔
الزَرِيّ۔ ناکارہ۔ ذلیل۔
المِزْرَاء۔ لوگوں کو عیب لگانے والا۔
زَطَّ(ن)زَطًّا۔ الذُبَابُ : مکھی کا بھنبھنانا۔
الزُطّ۔ جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِّيٌّ۔
زَعَبَ (ف) زَعْبًا۔ الاِنَاءَ : برتن کو بھرنا ـــــ القِرْبَةَ : مشک بھری ہوئی اٹھانا۔ القِرْبَةُ : پانی گرانا ـــــ السَيْلُ : سیلاب کا وادی کو بھر دینا ـــــ الوادی : وادی کا بھر جانا ـــــ الشَّيءَ : کاٹنا ـــــ لَهُ مِنَ المَالِ : زَعْبًا وزَعْبَةً وزُعْبَةً۔ مال کا کچھ حصہ دینا ـــــ المَرْأَةَ : جماع کرنا۔
زَعَبَ (ف) زَعِيْبًا۔ الغُرَابُ : کائیں کائیں کرنا۔
تَزَعَّبَ۔ غضبناک ہونا۔ شادماں ہونا۔
ـــــ فِي اَكْلِهِ و شُرْبِهِ : بہت کھانا پینا۔ القَوْمُ المَالَ : قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔
اِزْوَعَبَ۔ الشَّيءَ : کاٹ لینا۔
الزَعْبَة و الزُعْبَة و الزِعْب : مال کا ایک حصہ۔
الاَزْعَب۔ پستہ قد کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زَعْبَاءُ ج زُعْبٌ۔
سَيْلٌ (زَاعِبٌ و زَعُوْب) وادی کو بھرنے والا سیلاب۔
الزَاعِب۔ اچھا رہبر۔
زَعِيْبُ۔ النَحْلِ : شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الزُعْبُوْب۔ پستہ قد کمینہ۔
الزَعْبَج والزِعْبِج۔ سفید بادل۔ پتلا بادل۔ ہر چیز میں کا خوبصورت۔ زیتون۔
الزَعْبَرِي۔ ایک قسم کا تیر۔
زَعْبَقَ۔ القَوْمَ : پریشان و متفرق کرنا۔
ـــــ الشَّيءَ : جدا جدا کرنا۔
تَزَعْبَقَ۔ الشَّيءُ مِنْ يَدَيَّ : بکھر جانا اور متفرق

ہو جانا۔

زَعْبَلَ۔ بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل۔

زَعَجَه (ف) زَعْجًا و اَزْعَجَ۔ بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زَعَجَ الرَّجُلُ: چِلّانا۔

اَزْعَجَهِ اِلَى الْمَعْصِيَةِ: گناہ پر اُبھارنا۔

اِنْزَعَجَ۔ بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔

الزَّعَج۔ بے قراری۔

الْمِزْعَاج۔ ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔

الزَّعْجلة۔ بد خلقی۔

زَعِرَ (س) زَعَرًا و اِزْعَرَّ و اِزْعَارَّ۔ شَعْرُهُ اَوْ رِيْشُهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا۔

زَعِرَ الرَّجُلُ: بے خیر ہونا۔

الزَّعَارَة و الزَّعَارَّة۔ بد خوئی و تند مزاجی۔

الزَّعِر و الْاَزْعَر۔ کم اور متفرق بالوں والا۔

مَوْضِعٌ زَعِرٌ و اَزْعَر: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زَعِرَةٌ و زَعْرَاءُ۔

الزُّعْرَة۔ ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔

الزُّعْرَان۔ نوجوان لوگ۔

الزُّعْرُوْر۔ ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُوْرَة) رَجُلٌ زُعْرُوْر: بد خلق بے خیر مرد۔ ج زَعَارِيْر۔

الزَّعَارِيْر: گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔

الزَّعْرَاء۔ ایک قسم کا شفتالو۔

بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔

زَعْزَعَه زَعْزَعَةً۔ سخت حرکت دینا۔

ــــ الْاِبِلَ فِي السَّيْرِ: ہانکنا۔

تَزَعْزَعَ۔ ہلنا۔

الزَّعْزَعَة۔ مص۔ ج زَعَازِع۔ الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔

رِيْحٌ (زَعْزَعٌ و زُعْزُعٌ و زَعْزَاعٌ و زُعَازِعٌ و زَعْزَعَان) آندھی۔ ہوا کا طوفان ــــ جَزْيٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔

بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔

زَعَطَ (ف) زَعْطًا۔ گلا گھونٹنا ــــ الْحِمَارُ: گدھے کا رینگنا۔

الزَّاعِط۔ فا۔ مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت۔

زَعَفَه (ف) زَعْفًا و اَزْعَفَهُ و اِزْدَعَفَه۔ فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الْجَرِيْحَ و اَزْعَفَ عَلَيْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الْحَدِيْثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔

سَمٌّ (زُعَاف) زہر قاتل۔

مَوْتٌ (مُزْعِف) فوراً ہلاک کرنے والی موت۔

سَيْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔

الزُّعُوْف۔ ہلاکت کی جگہیں۔

الزَّعُوْفَة۔ پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔

الْمِزْعَافَة۔ سانپ۔

زَعْفَرَهُ۔ زعفران سے رنگنا ــــ الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔

تَزَعْفَرَ۔ زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔

الزَّعْفَرَان۔ زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَافِر۔

زَعْفَرَانُ الْحَدِيْدِ: لوہے کا زنگ۔

زَعْفَق۔ الزُّعَافِق: بخیل۔ بد خلق۔ ج زَعَافِق۔

زَعَقَ (ف) زَعْقًا۔ چلانا۔ چیخنا ــــ ہ و زَعَقَ بِهِ: ڈرنا ــــ بِالدَّابَّةِ: تیز چلا کر ہانکنا۔

الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اُڑانا ــــ ہ الْعَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا ــــ الْقِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔

زَعُقَ (ک) زَعَاقَةً۔ الْمَاءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔

زَعِقَ (س) زَعَقًا۔ شادماں ہونا (ــــ و زُعِقَ و اِنْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔

اِنْزَعَقَ الْفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔

اَزْعَقَهُ۔ ڈرنا۔ خوف دلانا ــــ السَّيْرَ: چلنے میں جلدی کرنا ــــ الْقِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔

الزَّعِق۔ رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔

الزَّعْقَة۔ چیخ۔

الزُّعَاق۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔

الزُّعْوُقَة۔ زُعَاق کا اسم۔

الزَّعَاق۔ مِنَ الْخَيْلِ: بہت اور تیز چلنے والا گھوڑا۔ پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔

الزَّعِيْق۔ خوفزدہ۔

الْمِزْعَق۔ زمین کھودنے کا اوزار۔

الزُّعْقُوْقَة۔ چکور کا چوزہ۔

الزَّعْكَة۔ دیر۔ اقامت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زَعْكَةٌ فِي الْمَكَانِ" ان کو جگہ میں کچھ ٹھہرنا ہے۔

الزُّعْكُوْك۔ موٹا اونٹ۔ پستہ قد حقیر۔ ج زَعَاكِك و زَعَاكِيْك۔

الْاَزْعَكِي۔ پستہ قد حقیر۔

زَعِلَ (س) زَعَلًا۔ شادماں ہونا ــــ مِنَ الْمَرَضِ وَ غَيْرِهِ: تنگ دل و مضطرب ہونا۔

اَزْعَلَه۔ شادماں کرنا۔ مِنْ مَكَانِهِ: ہٹانا۔

تَزَعَّلَ۔ شادماں ہونا۔

الزَّعِل و الزَّعْلَان و الْاِزْعِيْل۔ شادماں۔

الزَّعِل: بھوک سے بلبلانے والا۔

الزَّعْلَة۔ ایک سال کے ناغہ سے بچہ دینے والی۔ مادہ شتر مرغ۔

الزُّغْلُوْل۔ سبک۔

الزَّعْلَجَة۔ بد خلقی۔

الزُّعْلُوْق۔ شادماں۔

زَعَمَ (ف ن) زَعْمًا و زِعْمًا و زُعْمًا و مَزْعَمًا۔ سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے (ــــ زَعَامَةً) ــــ عَلَى الْقَوْمِ: سردار بننا۔

زَعَمَ (ف ن) زَعْمًا۔ بِالْمَالِ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ــــ اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا۔

زَعِمَ (س) زَعَمًا۔ فِيْهِ: لالچ کرنا۔

اَزْعَمَ۔ الْاَمْرُ: ممکن ہونا ــــ اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا ــــ اِلَيْهِ: فرمانبردار ہونا۔ تابع ہونا ــــ عَلَى الْقَوْمِ: سردار بننا۔ ــــ الْاَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا ــــ ہ: کھلانا۔ اَزْعَمَهُ الْمَالَ: مال کا ضامن بنانا۔

زَاعَمَہ۔ بھیڑ کرنا۔
تَزَعَّمَہٗ۔ جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاعَمَ۔ القَومُ عَلَی الاَمرِ :ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَّعِمِ۔ مِنَ الشِّوَاءِ :بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزَّعمَۃ۔ زَعَمَ کا اسم مرۃ۔ ج زَعَمَات کہا جاتا ہے "هٰذا ولا زَعمتكَ او زَعَمَاتك" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزَّعِمِیّ۔ جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔
الزَّعَامَۃ۔ مص۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار۔ زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔
الزَّعُوم۔ گفتگو میں عاجز۔ چربی دار عورت۔ کم چربی والی عورت (ضد)
الزُّعمُوم۔ گفتگو میں عاجز۔
الزَّعِیم۔ ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ ج زُعَمَاء۔
المَزعَم۔ مص۔ لالچ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذا اَمرٌ مَزعَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثوق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ و "هٰذا اَمرٌ فِیهِ مَزَاعِم" یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔
المِزعَامَۃ۔ سانپ۔
زَعنَفَت۔ المَاشِطَۃُ العَرُوسَ : مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔
الزِّعنِفَۃ و الزِّعنَفَۃ۔ پستہ قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ ج زَعَانِف
الزَّعَانِف : مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔
زَعَا یَزعُو زَعوًا۔ منصف ہونا۔ عادل ہونا۔
زَغِبَ (س) زَغَبًا و زَغَبَ و اَزغَبَ الصَّبِیُّ اَوِ الفَرخُ : بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔ صفت (زَغِب)
اَزغَبَ۔ الکَرمُ : انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔

الزَّغَب۔ پروں یا بالوں کے روئیں۔ واحد (زَغَبَۃ)
الزُّغَابِیّ و الزُّغَابَۃ۔ چھوٹے روئیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبتُ مِنهُ زُغَابَۃً" میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔
الاَزغَب۔ روئیں دار۔ مؤنث زَغبَاء۔ ج زُغب۔ قطا کا چوزہ۔
الزُّغبَۃ۔ گلہری۔
الزُّغبُب۔ پستہ قد بخیل۔
زَغبَرَ۔ الثَّوبُ :روئیں دار ہونا۔
الزِّغبِر و الزِّغبِرُ و الزِّغبُر۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیءَ بِزِغبِرِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُّغبُرَۃ۔ عِندَ العَامَۃِ :رواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزَّغَب ہے۔
الزُّغبُد۔ مکھن۔
زَغَدَ (ف) زَغدًا۔ السِّقَاءَ : مشک نچوڑنا ___ فُلَانًا : گلا دبانا ___ البَعِیرُ : اونٹ کا سخت بلبلانا ___ النَّھرُ : دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا ___ ہ بِالکَلَامِ : اکسانا۔ بھڑکانا۔
اَزغَدَت۔ المَرأَۃُ وَلَدَھَا۔ عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
الزَّغِید و الزَّغِیدَۃ۔ مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔
نَھرٌ (زَغَّادٌ) بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔
المُزغَئِد۔ غضبناک۔
زَغدَبَ۔ غضبناک ہونا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
الزَّغدَب۔ سخت آواز۔ بہت جھاگ۔ پگھلی ہوئی چربی۔
الزُّغَادِب۔ بہت جھاگ۔ کریہ المنظر مرد۔
زَغَرَ (ف) زَغرًا۔ الشَّیءَ : چھین لینا۔ زبردستی لینا ___ الشَّیءُ : بکثرت ہونا ___ البَحرُ : چڑھنا۔ موج مارنا۔
الزَّغرِ۔ مِن کُلِّ شَیءٍ :زیادتی۔ افراط۔
الزُّغَار۔ کیچوا۔
زَغرَبَ۔ ہنسنا۔
الزُّغرَب۔ بہت پانی۔ بِئرٌ زَغرَبٌ و زَغرَبَۃٌ : بہت پانی والا کنواں۔

زَغرَدَ زَغرَدَۃً۔ البَعِیرُ : اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔
زَغزَغَ۔ الکَلَامَ : رکیک گفتگو کرنا۔ الشَّیءَ : چھپانا ___ بِالرَّجُلِ : تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
الزُّغزُغ۔ سبک و چست آدمی۔ حسب و نسب میں مطعون۔
الزُّغنُغ۔ پستہ قد حقیر۔ ایک پرندہ۔
الزُّغزُغِیَّۃ۔ عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الزَّغزَغِیَّۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ (ف) زَغفًا۔ المَاءُ : پانی بہت ہونا ___ فِی حَدِیثِہٖ : بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ کَلَامًا کَثِیرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالًا کَثِیرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا ___ ہ بِالرُّمحِ : نیزہ مارنا۔
اِزدَغَفَ۔ الشَّیءَ : سارا لے لینا۔
الزَّغف۔ مص۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرعٌ (زَغِیفٌ) کشادہ، مضبوط، اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوعٌ زَغفٌ و زَغَفٌ و اَزغَافٌ و زُغُوفٌ"
الزَّغَف۔ کھپچیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَّغَّاف۔ بہت بولنے والا۔
الزَّغفَۃ و الزَّغَفَۃ۔ کشادہ یا مضبوط زرہ۔
المِزغَف۔ حریص۔ بہت خواہش مند۔
زَغفَلَ زَغفَلَۃً۔ جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زَغلًا۔ المَاءَ : پانی بار بار گرانا ___ الشَّرَابَ : کلی کرنا ___ الصَّبِیُّ اُمَّہٗ : بچہ کا دودھ پینا۔
اَزغَلَ۔ المَاءَ : گرانا ___ الاُمُّ وَلَدَھَا : بچہ کو دودھ پلانا ___ الطَّائِرُ فَرخَہٗ : پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا ___ الشَّرَابَ : کلی کرنا۔
الزَّغَل۔ دھوکا۔
الزُّغلِیّ۔ دھوکا دینے والا۔
الزُّغلَۃ۔ کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُّغلُول۔ بچہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ ج

زَغَالِيْل۔

الزَّغْلَجَة۔ بد خلقی۔ تند مزاجی۔

الزَّغْلَمَة و الزُّغْلَمَة۔ گمان۔ وہم۔ کینہ۔ دلی دشمنی۔

تَزَغَّمَ۔ الجَمَلُ : اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔

الزُّغْمُوْم و الزُّغْمُوْم : گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔

الزُّغْمُل۔ کینہ۔ دلی دشمنی۔

زَغَا (ن) زَغْوًا۔ الصَّبِيُّ : بچّہ کا رونا۔

زَفَّ (ض) زَفًّا و زُفُوْفًا تیز دوڑنا ___ الرِّيْحُ : ہوا کا چلنا ___ زَفًّا و زَفِيْفًا الطَّائِرُ : پرندہ کا پر پھیلا کر اُترنا۔

زَفَّ (ن) زَفًّا و زِفَافًا۔ العَرُوْسَ اِلٰی زَوْجِهَا : دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ___ البَرْقُ : چمکنا۔

اَزَفَّ۔ العَرُوْسَ اِلٰی زَوْجِهَا : دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ___ الرَّجُلُ : تیز دوڑنا ___ ہ : تیز دوڑانا۔

اِزْدَفَّ۔ الحِمْلَ : بوجھ اُٹھانا ___ العَرُوْسَ : دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

اِسْتَزَفَّ۔ السَّيْلُ : سیلاب کا بہالے جانا۔ ___ ہ السَّيْرُ : سبک بنانا۔

الزِّف۔ چھوٹے چھوٹے پر۔

الزِّفَف۔ پرندہ کے رُوئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔

الزَّفَّة۔ زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهٗ زَفَّةً اَوْ زَفَّتَيْنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔

الزُّفَّة۔ گروہ۔

الاَزَفّ۔ تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔

الزَّفِيْف و الزَّفَّان و الزَّفَّاف۔ سبک تیز رفتار۔

الزَّفُوْف۔ شتر مرغ ___ مِنَ النُّوْقِ : عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَوْسٌ زَفُوْفٌ۔ آواز دینے والی کمان۔

المِزَفَّة۔ پالکی۔

زَفَتَ (ن) زَفْتًا۔ الاِنَاءَ : بھرنا ___ الرَّجُلَ : غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيْثَ فِي اُذُنِ الاَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔

زَفَّتَ۔ السَّفِيْنَةَ : کشتی پر زفت ملنا۔

الزِّفْت۔ تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔

زَفَدَ (ن) زَفْدًا۔ الاِنَاءَ : برتن بھرنا۔

فَرَسَهٗ شَعِيْرًا : گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔

اِزْدَفَتَ۔ المَالَ : سارا لے لینا۔

زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا و زَفِيْرًا۔ النَّارُ : آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا ___ الاَرْضُ : نباتات اُگانا۔ زَفَرَ الرَّجُلُ : لمبی لمبی سانس لینا۔ الحِمَارُ : گدھے کا رینکنا شروع کرنا۔ وزَفَرَ الشَّيْءَ زَفْرًا : اُٹھانا ___ المَاءَ : پانی کھینچنا۔

اِزْدَفَرَ۔ الشَّيْءَ : اُٹھانا۔

الزِّفْر۔ بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت یا دستہ فوج۔ ج اَزْفَار۔

الزِّفْر۔ درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔

الزُّفَر۔ شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اُٹھانے کیلئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج۔

الزَّفِيْر۔ مص۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو الشَّهِيْق کہتے ہیں۔

الزَّفْرَة و الزُّفْرَة۔ لمبی سانس۔ گرم سانس۔ زَفْرَةُ الدَّابَّةِ زُفْرَتُهَا : جانور کا پھولا ہوا پہلو۔ الزُّفْرَة : زَفَرَ الرَّجُلُ اَوِ الحِمَارُ کا اسم ج زَفَرَات۔ کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْرَات کہتے ہیں۔ فَرَسٌ (اَزْفَر) بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر۔

الزَّافِرَة۔ جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زَافِرَةُ الرَّجُلِ : مرد کے اقارب و انصار۔ زَافِرَةُ البِنَاءِ : عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر الزَّوَافِر : پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيْدُ الزَّوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اُٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ المَجْدِ : بزرگی کے اسباب۔

المُزْفَر و المُزْدَفَر۔ لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

المُزْفُوْر۔ مِنَ الدَّوَابِّ : مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ۔ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا ___ الطَّائِرُ : پر پھیلا کر اُترنا ___ الرِّيْحُ الحَشِيْشَ : ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا ___ المَرْكَبُ : سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

الزَّفْزَف و الزَّفْزَاف و الزَّفْزَافَة۔ متواتر تیز چلنے والی ہوا۔ الزَّفْزَاف : شتر مرغ ہلکا۔

زَفْقَلَ زَفْقَلَةً۔ تیز دوڑنا۔

الاَزْفَل۔ غصہ۔ تیزی۔

الاَزْفَلَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَزْفَلَةً و بِاَزْفَلَتِهِمْ" وہ سب مع اپنی جماعت کے آئے۔

الاَزْفَلَّة۔ سبکی عقل۔

زَفَنَ (ض) زَفْنًا۔ ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْهُ فَزَفَنَنِي" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِّفْن۔ چھت کے اوپر کا سامان۔ النَّاقَةُ (الزَّافِنَةُ و الزَّفُوْنُ) لنگڑی اونٹنی۔

الزَّفَّان۔ ناچنے والا۔

الاِزْفَنَّة۔ حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَّةٌ : متحرک مرد۔

الزَّيْزَفُوْن۔ ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔ نَاقَةٌ زَيْزَفُوْنٌ : تیز رفتار اونٹنی۔

زَفَى يَزْفِي زَفْيًا و زَفَيَانًا۔ زَفَتِ القَوْسُ : آواز دینا ___ الرِّيْحُ السَّحَابَ و التُّرَابَ : ہوا کا بادل یا مٹی کو اُڑانا ___ الرَّجُلُ بِنَفْسِهٖ : جان دینا۔

اَزْفَى۔ الشَّيْءَ : ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "اَزْفَيْتُ العَرُوْسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزَّافِي۔ سبک تیز رفتار۔

الزَّفَيَان۔ مص۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَيَانٌ : تیز رفتار اونٹنی۔

المَزْفِيُّ و المُنْزَفِيُّ و المُتَزَفِّي۔ ڈرایا ہوا۔

زَقَّ (ن) زَقًّا۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا بیٹ کرنا۔

___ فَرْخه : چوزہ کو چوگا دینا ___ الکَبْش :مینڈھے کی کھال اتارنا- الجِلْدَ :بال کاٹنا-
الزِق- مشک- زِقُّ الحَدَّادِ :لوہار کی بھٹی- ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَّاق وازْقُق-
الزِق- شراب- ج زَقَقَة-
الزَقَقَة- چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں- چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے-
الزُقَاق- گلی- تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج اَزِقَه وزُقَّان- الزُقَّان و بَحرُ الزُقَاقِ :جبرالٹر کی آبنائے-
الزُقَّة و الزُقَق- پن ڈبی نامی ایک پرندہ-
الزَقَاق- مشک بنانے والا-
زَقَبَ(ن) زَقْبًا- الجُرَذُ فِي الحُجْرِ :چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا- وزَقَبَه فِي الحُجْرِ : داخل کرنا (لازم ومتعدی)
زَقَّبَ- المُکَّاءُ : آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)
اِنْزَقَبَ- الجُرَذُ فِي الحُجْرِ : چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا-
الزَقَب- تنگ راستہ- نزدیکی- کہا جاتا ہے "رَمَيْتُه مِن زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا-
زَقَحَ (ف) زَقْحًا وزُقَاحًا- القِرْدُ : بندر کا آواز کرنا-
الزَقْر- شکرا- (الصَقْر میں ایک لغت ہے-
الزَقْر- ودرخ (السَقْر میں ایک لغت ہے-)
زَقْزَقَ زَقْزَقَةً وزَقْزَاقًا- الطَائِرُ : پرندہ کا بیٹ کرنا- چہچہانا ___ فَرْخَهُ : چوزہ کو چوگا دینا ___ الصَبِيَّ : بچّہ کو کدانا ___ الرَجُلُ : آہستہ ہنسنا- ہلکا ہونا-
الزَقْزَاق- آہستہ چلنے والا- ایک قسم کی چیونٹیاں-
زَقَعَ (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا- الدِيْكُ : مرغ کا ککڑوں کوں کرنا ___ الحِمَارُ : گدھے کا زور سے گوز کرنا-
زَقَفَ(ن) زَقْفًا و تَزَقَّفَ وازْدَقَفَ الشَيْءَ : چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا- اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الکُرَةَ بِالصَوْلَجَانِ" وہ گیند کو بلے سے جلدی سے لے گیا- تَزَقَّفَ وازْدَقَفَ اللُقْمَةَ :لقمہ نگلنا-
الزُقْفَة- ہر وہ چیز جو نگل لی جائے- ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے-
زَوْقَلَ- العِمَامَةَ : سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا-
زَوَاقِيْلُ- العِمَامَةِ : عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال-
الزَوْقَل والزَوَاقِيْل- چور- لٹیرے-
الزَقِيْلَة- تنگ گلی-
زَقَمَهُ(ن) زَقْمًا وازْدَقَمَهُ- نگلنا-
اَزْقَمَهُ- الشَيْءَ :نگلوانا-
زَقَّمَه- تھوہر کھلانا-
تَزَقَّمَ- لقمہ کرنا- نگلنا- تھوہر کھلانا- اللَبَنَ :دودھ بہت پینا-
الزَقُّوم- جہنم کے ایک درخت کا نام- تھوہر مہلک خوراک- ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے-
الزَقْمَة- زقم کا اسم مرۃ- طاعون-
زَقَنَ(ن ض) زَقْنًا- الحِمْلَ :بوجھ اُٹھانا-
اَزْقَنَهُ- اُٹھانے میں مدد دینا-
زَقَا يَزْقُو زَقْوًا وزُقَاءً وزُقِيًّا وزَقِيًّا وزُقُوًّا وزَقِيَ(ض) زَقْيًا- الطَائِرُ :پرندہ کا چہچہانا- صفت مذکر (زَاقٍ) ج زَوَاقٍ- صفت مؤنث (زَاقِيَة) ج زَوَاقٍ ___ الصَبِيُّ : بچّہ کا بہت رونا-
اَزْقَاهُ- رلانا-
الزُقْيَة- روپے پیسوں کا ڈھیر-
الزَقِيَة- چیخ-
زَكَّ (ن) زَكًّا وزَكَكًا وزَكِيْكًا الشَيْخُ : دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا- (___ زَكَّ الغُلَامُ : دوڑنا ___ القِرْبَةَ : مشک بھرنا ___ بِسَلْحِهِ :بیٹ کرنا- زَكَّهُ المَاءُ : آسودہ کرنا ___ عَلَى فُلَانٍ :غضب ناک ہونا-
زَكَّ- الرَجُلُ : بوڑھا ہونا- بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا-
اَزَكَّ- عَلَى الأَمْرِ :اصرار کرنا ___ بِرَايِهِ : خود رائے ہونا-
تَزَكَّكَ- سازو سامان لینا یا ہتھیار اُٹھانا-
اِزْدَكَّ- الزَرْعُ :سیراب ہونا-
الزُكُّ- فاختہ کا چوزہ-
الزِكَّة- ہتھیار-
الزُكَّة- غم و غصہ-
زَكَأَهُ (ف) زَكْأً- مارنا ___ زَكَأَهُ الدَرَاهِمَ :نقد دینا یا جلدی نقد دینا ___ زَكَأَهُ حقه : پورا کرنا ___ اِلَيْهِ :پناہ لینا-
اِزْدَكَأَ- حَقَّهُ مِنْهُ :حق وصول کرنا-
رَجُلٌ (زُكَأٌ وزُكَأَةٌ وزُكَاءٌ) النَقْدِ : جلدی نقد دینے والا-
المَزْكَأُ- جائے پناہ-
زَكَبَ (ن) زَكْبًا وزُكُوْبًا- الإِنَاءَ : برتن کو بھرنا ___ المَرْأَةُ : عورت کا ایک ہی مروڑ میں بچّے کو جننا ___ المَرْأَةَ :جماع کرنا-
اِنْزَكَبَ- البَحْرُ :سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا-
الزُكْبَة- لڑکا- نطفہ-
زَكَتَ(ن) زَكْتًا وأَزْكَتَ وزَكَّتَ- الإِنَاءَ : برتن کو بھرنا-
اَزْكَتَتِ- المَرْأَةُ بِغُلَامٍ :لڑکے کو جننا-
المَزْكُوْت- انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی- بھرا ہوا غمگین-
زَكَرَ(ن) زَكْرًا وزَكَّرَ- الإِنَاءَ :برتن کو بھرنا-
زَكَّرَ وتَزَكَّرَ- الإِنَاءُ :برتن کا بھر جانا-
الزُكْرَة- شراب وغیرہ کیلئے چمڑے کا برتن- ج زُكَر-
زَكْزَكَ- الشَيْخُ : قریب قریب قدم رکھ کر چلنا-
تَزَكْزَكَ- ہتھیار اُٹھانا-
زَكَمَهُ(ن) زَكْمًا وأَزْكَمَه- مبتلائے زکام کرنا ___ القِرْبَةَ : مشک بھرنا- زَكَمَتْ بِهِ اُمُّهُ : جننا-
زُكِمَ- زکام زدہ ہونا- صفت (مَزْكُوْم)
الزُكْمَة- زکام- اولاد- کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُكْمَةُ سُوْءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے-
الزُكْمَة- اُجْذ- آخری بچّہ- کہا جاتا ہے "هُوَ زُكْمَةُ وَلَدِ اَبِيْهِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچّہ ہے-

زَکِنَ (س) زَکَنًا۔ الْاَمْرَ : تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اَنَّہٗ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ بُرا آدمی ہے ____ مِنْہُ عَدَاوَۃً کسی کی دشمنی کا علم ہونا ____ زُکُوْنًا اِلَیْہِ : پناہ لینا۔ مل جل جانا۔

زَکَّنَ۔ گمان کرنا ____ عَلَیْہِ : مشتبہ کرنا۔

زَاکَنَہٗ۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْجَیْشُ یُزَاکِنُ الْاَلْفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے ____ ہ : قریب و ہم نشین ہونا۔

اَزْکَنَہٗ۔ الْاَمْرَ : جتانا۔ سمجھانا ____ الشَّیْئَ : صحیح گمان کرنا۔

الزَّکَانَۃُ و الزَّکَانِیَۃُ۔ صحیح گمان۔

رَجُلٌ (زَکِنٌ) سمجھدار مرد۔

رَجُلٌ (زُکَنٌ) اچھی یادداشت والا مرد۔

زَکَا یَزْکُوْ زَکَاءً و زُکُوًّا و زَکِیَ (س) زَکًی۔ الزَّرْعُ : بڑھنا ____ الرَّجُلُ : نیک و صالح ہونا۔ خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا ____ الْاَرْضُ : عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَا یَزْکُوْ بِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔

زَکَّیٰ۔ بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔

ہُ اللّٰہُ : نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوۃ لینا۔ زَکّٰی لَہٗ : زکوۃ ادا کرنا ____ نَفْسَہٗ : خود ستائی کرنا۔

اَزْکٰی۔ الزَّرْعُ : بڑھنا ____ ہُ اللّٰہُ : نشوونما کرنا۔

تَزَکّٰی۔ صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا ____ الشَّیْئُ : بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

الزَّکَا۔ جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا ھٰذَا اَمْ زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔

الزَّکَاۃُ۔ چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زَکًا و زَکَوَات۔

التَّزْکِیَۃُ۔ زَکّٰی کا مصدر۔

الزَّاکِی۔ فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃٌ۔

الزَّکِیُّ۔ اچھی نشوونما پانے والا۔ ج اَزْکِیَاءُ مؤنث زَکِیَّۃٌ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّۃٌ" عمدہ زرخیز زمین۔

زَلَّ (ض س) زَلًّا و زَلَلًا و زُلُوْلًا و زَلِیْلًا و مَزِلَّۃً و زِلِّیْلٰی و زِلِیْلَاءَ۔ پھسل کر گرنا ____ عَنِ الْحَقِّ اَوِ الصَّوَابِ : پھر جانا ____ عُمْرُہٗ : گزر جانا ____ (زَلَّ زَلِیْلًا و زُلُوْلًا) جلدی گزرنا۔

زَلَّ زُلُوْلًا۔ الدِّرْھَمُ : کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زَوَالٌّ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاھِمُ زَوَالٌّ" کم وزن والے درہم۔

زَلَّ (س) زَلَلًا۔ ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ) مؤنث زَلَّاءُ۔ ج زُلٌّ۔

اَزَلَّہٗ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیْہِ نِعْمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَیْہِ مِنْ حَقِّہٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّہٗ اِلَی الْقَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔

اِسْتَزَلَّہٗ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔

الزَّلُّ۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زَلٌّ و اَرْضٌ زَلٌّ"۔

الزَّلَلُ۔ مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ مِیْزَانِہٖ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔

التَّسَاخِيْن۔ ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَن یا تَسْخَان واحد ہے۔)
المِسْخَنَة۔ ہانڈی۔ ج مَسَاخِن۔
سَخَا يَسْخُوْ و سَخِيَ يَسْخَى و سَخُوَ يَسْخُوْ سَخَا و سَخَاءً و سَخَاوَةً و سُخُوًّا و سُخُوَّةً۔ فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخِيَتْ نَفْسِي و بِنَفْسِيْ عَنِ الشَّيْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان اودھر نہیں ہوا۔
سَخَا النَّارَ يَسْخُوْهَا سَخْوًا و يَسْخَاهَا سَخْوًا و سَخْيًا۔ راکھ نکال کر آگ جلانا ـــــ القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا ـــــ الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَسَاخَى و تَسَخَّى۔ بتکلف فیاض بننا۔
السَّخَاوَة۔ فیاضی۔ بخشش۔
السَّخَاءَة۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخَاء۔
السَّخِيُّ۔ فیاض۔ ج اَسْخِيَاء و سُخَوَاء مؤنث سَخِيَّة۔ ج سَخَايَا و سَخِيَّات۔
الاَرْضُ (السَّخْوَاء) کشادہ نرم زمین۔ ج سُخَاوِيّ و سَخَاوٍ۔
اَرْضٌ (سَخَاوِيَة) نرم کشادہ زمین۔ ج سَخَاوِيُّ۔
مَسْخَى۔ النَّار: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تا کہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسْخَاة۔ چھپٹی۔ آگ کی کریلنی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا۔ الاِنَاءَ: برتن بند کرنا ـــــ الثُّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا ـــــ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (س ض) سَدَدًا و سَدَادًا۔ درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسِدُّ فِيْ قَوْلِه" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "قُلْتُ لَهُ سَدَادًا مِنَ الْقَوْلِ و سَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی ـــــ الشَّيْءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ۔ الرُّمْحَ: سیدھا کرنا ـــــ ہ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔
اَسَدَّ۔ الشَّيْءُ: سیدھا ہونا ـــــ الرَّجُلُ: راہ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔
تَسَدَّدَ۔ سیدھا ہونا ـــــ الشَّيْءُ: درست ہونا۔
اِنْسَدَّ و اِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا و اِسْتِدَادًا۔ بند ہونا۔
اِسْتَدَّ۔ الشَّيْءُ: درست ہونا۔
السَّدُّ و السُّدُّ۔ ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ بِالاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے۔ و السَّدُّ ج اَسِدَّة: عیب مثل اندھے پن کے۔ و السُّدُّ۔ ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ و السُّدُّ۔ ج سِدَدَة وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مَسَايَة۔
كَلَامٌ (سِدٌّ) صحیح و درست کلام۔
السَّدَد۔ مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔
السَّدَاد۔ مص۔ درستی و راستی۔ ہدایت۔
السِّدَاد۔ ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔
السِّدَادَة۔ ڈھکنا۔
السُّدَاد۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔
رَجُلٌ (سَدَّاد) راہ راست پر رہنے والا مرد۔
السُّدَّة۔ دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد۔
عَيْنٌ (سادَّة) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدُد۔
الاَسَدُّ۔ ج سُدٌّ (السَّدِيْد) ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔
المَسَدُّ۔ بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّهُ" یعنی قائم مقام۔
سَدَجَ (ن) سَدْجًا۔ بِالشَّيْءِ: گمان کرنا۔ (ـــــ و تَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)
اِنْسَدَجَ۔ اوندھا گرنا۔
سَدَحَهُ (ف) سَدْحًا۔ ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا ـــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا ـــــ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بِالْمَكَانِ۔ اقامت کرنا (سَدَحَهُ و سَدَّحَه) قتل کرنا۔
اِنْسَدَحَ۔ چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔
السَّادِح۔ فا۔ مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَة۔ السَّادِحَة: گھٹاٹوپ بادل۔
السَّدِيْح و المَسْدُوْح۔ چت لیٹا ہوا۔
اِنْسَدَحَ۔ پھیلنا۔
سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا و سُدُوْرًا۔ الشَّعْرَ: بال لٹکانا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔
ـــــ الرَّجُلُ فِي الْبِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔
سَدِرَ (س) سَدْرًا و سَدَارَةً۔ حیران ہونا۔ لاپرواہ ہونا ـــــ البَعِيْرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

اِنْسَدَرَ- الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَیَرْکُضُ" وہ آہستہ دوڑا- نیچے اُترنا اور ہمیشہ چلنا-

تَسَدَّرَ- بِثَوْبِہٖ :اوڑھ لینا-

السِّدْرُ- بیر کا درخت- ج سُدُوْر-

السِّدْرَۃُ- بیر کا درخت- ج سِدْرَات- و سِدِرَات و سِدَرَات و سِدَر- و سِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی- ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لیے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے-

السَّدِرُ- حیران- سمندر- نَاقَۃٌ سَدِرَۃٌ :بوڑھی اونٹنی-

السِّدَارُ- پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے-

السَّدَّارُ- بیر کے پتوں کا بیچنے والا-

السَّدِیْرُ- تازہ گھاس- حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام- شاہ نعمان کے ایک محل کا نام- یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں- سَدِیْرُ النَّخْلِ :وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں-

الْاَسْدَرَانِ- آنکھ کی دو رگیں- دونوں مونڈھے- کہا جاتا ہے "جَاءَ یَضْرِبُ اَسْدَرَیْہِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا-

سَدَسَ (ض) سَدْسًا- القَوْمَ :چھٹا ہونا-

سَدَسَ (ن) سَدْسًا- القَوْمَ :چھٹا حصہ لینا-

سَدَّسَ- الشَّيْءَ :چھ پہل بنانا-

اَسْدَسَ- القَوْمُ :چھ ہونا- چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا ___ البَعِیْرُ : آٹھویں سال میں دانت گرانا-

السِّدْسُ- اونٹ کے لیے چھٹے روز پانی پینے کی باری- ست کی اصل سدس ہے-

السُّدْسُ و السُّدُسُ- چھٹا حصہ- ج اَسْدَاس اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ مکروفریب کی کوشش کرتا ہے-

السَّدَسُ- آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ-

السَّادَاسُ- فا- چھٹا- مؤنث- سَادِسَۃٌ-

السُّدَاسِیُّ- چھ سے مرکب- چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنجبیل- کہا جاتا ہے جاءُ وْا سُدَاسَ وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے-

السُّدُوْسُ و السَّدُوْسُ- سبز رنگ کی چادر-

السُّدُوْسُ- چراغ کی سیاہی-

السَّدِیْسُ- چھٹا حصہ- ج سُدُس- چھ سے مرکب- آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ- چھ سال والی بکری-

المُسَدَّسُ- شش پہل- وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو- المُسَدَّسُ :ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں-

سَدَعَہٗ (ف) سَدْعًا- ذبح کر کے پھیلانا ___ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ :ٹکرانا-

سُدِعَ- رنج و اذیت پہنچایا جانا-

السَّدْعَۃُ- رنج و اذیت-

المِسْدَعُ- اپنے ارادہ پر چلنے والا- ہادی رہنما-

سَدَفَ (ض) سَدْفًا- القَوْمُ :تاریکی میں داخل ہونا ___ الحِجَابَ :پردہ لٹکانا- صفت مفعولی (مَسْدُوْف)

اَسْدَفَ- سونا- بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا ___ القَوْمُ :تاریکی میں داخل ہونا ___ اللَّیْلُ :تاریک ہونا- صفت (اَسْدَف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ ___ الفَجْرُ :روشن ہونا ___ السِّتْرَ :پردہ اُٹھانا ___ المَرْأَۃُ القِنَاعَ :برقعہ ڈالنا- اَسْدَفَ عَنْ کَذَا :الگ ہونا- کہا جاتا ہے "اَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے-

سَدَّفَہٗ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا-

السَّدَفُ- تاریکی- روشنی (ضد) بھیڑ- ج اَسْدَاف-

السُّدْفُ- وجود جو دُور سے دکھائی دے- ج سُدُوف-

السُّدْفَۃُ و السَّدْفَۃُ- تاریکی - روشنی- (ضد)

السُّدْفَۃُ :دروازہ- دروازے کا چھجہ جو اس کو بارش سے بچائے-

السَّدِیْفُ- کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا- ج- سِدَاف و سَدَائِف-

السِّدَافَۃُ- پردہ-

السَّدَقُ و السَّوْذَقُ- سذق و سوذق کی تصحیف ہے-

السِّیْدَاقُ- ایک تنہ دار درخت کا نام- جس کی چھال تیز جلتی ہے اور اس کی راکھ سے کتاں کے دھاگے کو سفید کرتے ہیں-

سَدِكَ (س) سَدَكًا و سَدْكًا- بِالْاَمْرِ :لازم ہونا- چمٹنا- صفت (سَدِكٌ) بِہٖ کہا جاتا ہے "ھُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے-

سَدَلَ (ن ض) سَدْلًا و سَدَّلَ- الشَّعْرَ اَوِ الثَّوْبَ :بال یا کپڑا لٹکانا- سَدَلَ الثوبَ :کپڑا پھاڑنا ___ فِي البِلَادِ :جانا-

سَدِلَ (س) سَدَلًا- خِلْقَۃً :جھکاؤ والا ہونا-

تَسَدَّلَ و اِنْسَدَلَ- لٹکنا-

سَوْدَلَ- الرجلُ :لمبی مونچھوں والا ہونا-

السِّدْلُ- ہار جو سینہ تک لمبی ہو-

(___ و السُّدْلُ) پردہ- ج اَسْدَال و اَسْدُل و سُدُوْل- کہا جاتا ہے اَرْخَی اللَّیْلُ سُدُوْلَہٗ- رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھاگئی-

السَّدَلُ- جھکاؤ- میلان- کہا جاتا ہے "فِیْہِ سَدَلٌ اِلٰی جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے-

السَّدِیْلُ- ہودہ پر جو لٹکایا جائے- پالکی وغیرہ کا پردہ- ج سُدُل و اَسْدَال و سَدَائِل-

شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ) بہت لمبے بال-

السَّوْدَلُ- مونچھ-

سَدَمَ (ن) سَدْمًا- البَابَ :دروازہ بند کرنا- بھیڑنا-

سَدِمَ (س) سَدَمًا- ندامت کے ساتھ غمگین ہونا- غم کے ساتھ غضبناک ہونا ___ بِالشَّيْءِ : بہت خواہش مند ہونا- حریص ہونا ___ المَاءُ : پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا-

سَدَّمَ- المَاءَ طُوْلُ عَھْدِہٖ :متغیر کر دینا- مَاءٌ (سَدْمٌ و سُدُمٌ و سِدَمٌ و سُدُمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لیے کہا جاتا ہے-

مِیَاہٌ سُدُمٌ و اَسْدَامٌ و سِدَامٌ- رَجُلٌ سَدِمٌ :

غضبناک مرد۔

السَّدَم۔ ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصّہ۔

السَّدْمَان۔ ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَان نَدْمَان"

سَدُوْم۔ سیدنا لوط علیہ السلام کی قوم کا گاؤں۔ بعض سذوم بالذال کہتے ہیں۔

السَّدِیْم۔ ج سِدَام :بہت یاد کرنے والا۔ ج۔ سُدُم :گہرا باریک کہرا۔

سَدَن (ن ض) سَدْنًا و سِدَانَةً :کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ و آذِنُه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔ سَدَنَ السِّتْرَ :پردہ لٹکانا۔

السِّدْن والسَّدَن۔ ج اَسْدَان - و (السَّدْرَان) پردہ۔

سِدَانَةُ الكَعْبَةِ :کعبہ کی خدمت۔

السَّدِیْن۔ چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔

السَّدَّان۔ نمائی (صحیح لفظ سدّان ہے۔)

سَدَا یَسْدُو سَدْوًا۔ بِیَدِهٖ نَحْوَ الشَّیْءِ : کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا ___ الصَّبِیُّ بِالْجَوْزِ : اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِی الْمَشْیِ : کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهٗ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

اَسْدَی اِسْدَاءً۔ النَّخْلُ :غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَی اِسْتِدَاءً۔ بِیَدِهٖ : ہاتھ بڑھانا ___ الصَّبِیُّ بِالْجَوْزِ : اخروٹ سے کھیلنا ___ الفَرَسُ :پسینہ والا ہونا۔

السَّادِی۔ فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِیَةٌ۔ ج سَوَادٍ۔

النُّوْقُ السَّوَادِی : کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدِیَ یَسْدَی سَدًی۔ البُسْرُ :غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) ___ الاَرْضُ : زمین کا بہت نمناک ہونا ___ اللَّیْلَةُ : بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَةٌ) ___

سَدَّی یُسَدِّی سَدْیًا۔ الثَّوْبَ : تانا تننا۔

سَدَّیَ الثَّوْبَ (تَسْدِیَةً) تانا تننا۔

___ اِلَیْهِ :احسان کرنا ___ مَعْرُوْفًا :بھلائی کرنا ___ الاَرْضَ :نمناک کرنا۔

اَسْدَی اِسْدَاءً۔ الثَّوْبَ : تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "اَلْحِمْ مَا اَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو ___ اِلَیْهِ :احسان کرنا ___ الاَرْضَ :نمناک کرنا ___ بینهما : اصلاح کرنا ___ الاَمْرَ :بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّی تَسَدِّیًا۔ الشَّیْءَ : سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا ___ الثَّوْبَ : تانا تننا۔

السَّدَی۔ تانا۔ ج اَسْدِیَة۔ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (___ والسَّدَاء) سبز کچی کھجور۔

السَّدَاة۔ مِنَ الثَّوْبِ : تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

اِبِلٌ (سُدًی وسَدًی) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد و جمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ كَلَامُه سُدًی" اس کی گفتگو لغو و بیکار گئی۔

الاَسْدِیُّ والاُسْدِیَّ۔ وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

المِسْدَاة۔ تانا تننے کا آلہ۔

السَّذَاب۔ ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّذْبَة۔ ایک قسم کا برتن۔

السَّاذَج۔ سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیزپات۔

السَّذَاجَة۔ سادگی۔

السَّذَق۔ سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّوْذَق السِّیْذَاق والسِّیْذَقَان والسَّیْذُقَان۔ کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَق : زنجیر کا حلقہ۔

السَّوْذَقِیّ۔ چست۔ چالاک۔ متکبر۔

السَّذَانِق والسَّوْذَنِیْق والسَّوْذَانِق۔ شکرا۔

سَرَّهٗ (ن) سُرُوْرًا و مَسَرَّةً و سُرًّا و سُرًّی و تَسِرَّةً۔ خوش کرنا۔

سَرَّهٗ (ن) سَرًّا۔ ناف میں نیزہ مارنا۔ الصَّبِیَّ : بچے کا نال کاٹنا ___ فلانًا : پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔

سَرَّ (س) سَرَرًا۔ ناف میں درد ہونا۔

سُرَّ سُرُوْرًا۔ خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْر)

___ الصَّبِیُّ :ولادت کے وقت نال کاٹا جانا۔

اَسَرَّهٗ اِسْرَارًا۔ خوش کرنا۔ اَسَرَّ السِّرَّ :بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) ___ اِلَیْهِ بِکَذَا :چپکے سے بیان کرنا ___ اِلَیْهِ المَوَدَّةَ و بِالمَوَدَّةِ : اپنی دوستی کو چھپانا۔

سَرَّرَهٗ۔ خوش کرنا۔ سَرَّرَهٗ سَرِیَّةً :لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں ایک لغت سَرَّاہ بھی ہے۔

سَارَّهٗ۔ پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَرَّرَ۔ لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّیٰ بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تظنّیٰ ___ الثَّوْبُ :کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ۔ القَوْمُ : باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارَّ زَیْدٌ اِلٰی مَا تَکْرَهُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا۔ لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مخصوص کرنا ___ عَنْهُ : چھپنا ___ القَمَرُ : چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے) ___ الشَّیْءَ : چھپانے میں مبالغہ کرنا ___ الرَّجُلُ : خوش ہونا ___ الرَّجُلُ :اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرّ۔ ج۔ اَسْرَار :بھید، راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الاَحْرَارِ قُبُوْرُ الاَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لیے قبریں ہیں۔ و "رَجُلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ و "فُلَانٌ سِرُّ هٰذَا الاَمْرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔

السِّرُّ : طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج اَسِرَّةٌ جیسے قن کی

جمع اَقِنَّة۔

السِّرُّ و السُّرَّ۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج اَسْرَار جمع اَسَارِیْر۔ الاَسَارِیْر :چہرہ کی خوبیاں۔

السُّرَّ۔ نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچّے کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج اَسِرَّة :اور سُرٌّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَّرَر و السُّرَر۔ ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصّہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔ السَّرَر :قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السَّرَّة۔ گلدستہ۔

السُّرَّة۔ نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ ناف۔ ج سُرَّات و سُرَر سُرَّةُ الوَادِی : وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّةُ البَلَدِ : وسط شہر۔ سُرَّةُ الحَوْضِ :حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّةُ الفَرَسِ :ایک ستارہ۔ اِمْرَأَةٌ سُرَّةٌ :لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السَّرُوْر۔ خوشی۔

السُّرُور۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَّرِیْر۔ تخت۔ عموماً تخت شاہی کیلئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّةَ رُؤُوسِهِمْ" انہوں نے ان کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج اَسِرَّةٌ و سُرُرٌ۔

السَّرِیْرَة۔ بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَیِّبُ السَّرِیْرَة" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِر۔

السُّرِّیَّة۔ لونڈی جو ہم خوابی کے لیے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِیّ۔ اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

السِّرِّیْر۔ بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَّرَّاء۔ خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَدِیْقٌ لَهُمْ فِی السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاء : عمدہ زمین۔

السَّرَّاءُ :مجوف نالی۔

السِّرَار۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج اَسِرَّة۔ السِّرَار :قمری مہینے کی آخری رات۔

السَّرَار۔ خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ : قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الوَادِی : وادی کی عمدہ جگہ۔

السَّرَارَة۔ خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان۔ سَرَارَةُ الشَّیْءِ : عمدہ خالص۔ ج سَرَار۔ السَّرَارَة : خلوص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سِرُّ بَیْنُ السَّرَارَة" وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ و "هُوَ فِی سَرَارَةٍ مِنْ عَیْشِه" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَّارُوْرَاء۔ خوشی و خوش حالی۔

الاَسَرّ۔ کھوکھلا چقماق ــــ مِنَ الرِّجَالِ : اجنبی۔ زیادہ موٹا۔

المَسَرَّة۔ مص۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج مَسَار۔

المِسَرَّة۔ ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

المَسْرُوْر۔ خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَة۔

سَرَأَتْ (ف) سَرْأً و سَرَّأَتْ تَسْرِئَةً الجَرَادَةُ او السَّمَکَةُ او الضَّبَّةُ : ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا ــــ المَرْأَةُ :بہت اولاد والی ہونا۔

اَسْرَأَتِ السَّمَکَةُ :انڈے دینے والی ہونا۔

السَّرْء و السِّرْء و السَّرْأَة و السِّرْأَة۔ ٹڈی، مچھلی، گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَّرُوْء۔ مِنَ السَّمَکِ وَ نَحْوِهَا : بہت انڈے والی۔ ج سُرُوْء و سُرَأ۔

اَرْضٌ (مَسْرُوْءَة) ٹڈیوں والی زمین۔

سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا۔ المَاءُ : پانی کا جاری ہونا ــــ الرَّجُلُ :گھٹتے چلے جانا۔ الاِبِلُ :چرنے کے لیے جانا ــــ سَرْبًا القِرْبَةَ : مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا۔ الاِنَاءُ : برتن ٹپکنا ــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ :برتن سے پانی کا بہنا۔

سُرِبَ۔ ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسْرُوْب۔

سَرَّبَ۔ الاِبِلَ :گروہ گروہ بھیجنا۔ اِلَیَّ الاَشْیَاءَ : ایک کے بعد ایک دینا ــــ الحَافِرُ :دائیں بائیں کھودنا ــــ القِرْبَةَ :مشک میں پانی ڈالنا ــــ و اَسْرَبَ المَاءَ مِنَ الاِنَاءِ : برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ۔ مِنَ المَاءِ :پانی سے بھر جانا۔ ــــ الوَحْشُ فِی جُحْرِهٖ :وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْسَرَبَ۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ ــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ :برتن سے پانی بہنا۔

السَّرْب۔ مص۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْلِیَّ السَّرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "دَخَلِّ لَهٗ سَرْبَهٗ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِّرْب۔ ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج اَسْرَاب۔

السَّرَب۔ وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَاب۔

السَّرِب۔ بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ : بہنے والی مشک۔

السَّرْبَة۔ قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔

السُّرْبَة۔ ہرن، اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَب۔

السَّرَاب۔ وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکر و فریب کے لیے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔

السَّارِب۔ فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْیَةٌ سَارِبَةٌ :

چراگاہ میں جانے والی ہرن (۔۔۔ والسَّرُوْب) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَب۔ج مَسَارِب :جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ و مَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔مَسْرَبُ المَاءِ :پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْرَبَة و المَسْرُبَة۔ چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔دبر۔ج مَسَارِبُ۔
المُنْسَرِب۔بہت لمبا۔تیز بہنے والا پانی۔
سَرْبَخَ۔الرَّجُلُ : خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔دوپہر میں چلنا۔
السَّرْبَخ۔ کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔
قفر (سِرْبَاخٌ و مُسَرْبَخٌ) بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہوجائے۔
مُسَرْبَطَة۔لمباپتلا خربزہ۔
سَرْبَلَهُ۔کرتا پہنانا۔
تَسَرْبَلَ۔بِالسِّرْبَالِ :کرتا پہننا۔
السِّرْبَال۔کرتا یا ہروہ لباس جو پہنا جائے۔ج سَرَابِيل۔
السِّرْتَاج۔بہت گھاس اُگانے والی نرم زمین۔
سَرَجَ(ن)سَرْجًا۔جھوٹ بولنا ۔۔۔ المَرْأَةُ شَعْرَهَا :چوٹی بنانا۔
سَرِجَ(س)سَرَجًا۔جھوٹ بولنا۔خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ۔ الشَّيْءَ : خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰهُ :توفیق دینا۔سَرَّجَ الشَّعْرَ :چوٹی بنانا ۔۔۔ الحَدِيْثَ : گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَيَّ أُسْرُوْجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔و "إِنَّهُ لَيُسَرِّجُ الأَحَادِيثَ تَسْرِيْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَّوْبَ" اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ شین معجمہ سے ہے۔
أَسْرَجَ۔الفَرَسَ :گھوڑے پر زین کسنا۔
۔۔۔ السِّرَاجَ :چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ۔عَلَيْهِ :جھوٹا گمان کرنا۔

السَّرْج۔زین۔ج سُرُوْج۔
السِّرَاج۔ چراغ۔ ج سُرُج۔ سِرَاجُ اللَّيْلِ : جگنو۔
السِّيْرَج۔ تل کا تیل۔اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَّرَّاج۔ جھوٹا۔ زین ساز و (السِّرَاجَةُ) زین سازی کا پیشہ۔
السُّرَيْجِيَّات۔ سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
الأُسْرُوْجَة۔جھوٹ۔
المَسْرَجَة۔چراغ دان۔ج مَسَارِج۔
المِسْرَجَة۔چراغ۔ج مَسَارِج۔
السَّرْجَم۔لمبے قد والا۔
السِّرْجِن والسِّرْجِيْن والسِّرْجُوْن۔گوبر۔
سَرَحَتْ(ف)سَرْحًا وسُرُوْحًا۔المَوَاشِي : جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔
۔۔۔ السَّيْلُ :سیلاب کا آہستہ بہنا(۔۔۔ سَرْحًا) المَوَاشِيَ :جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔
سَرَحَهُ :بھیجنا۔سَرَحَ مَافِي صَدْرِهِ :دل کی بات ظاہر کردینا۔
سَرِحَ(س)سَرَحًا۔الرَّجُلُ :کسی کا اپنے اُمور کے لیے نکلنا۔
سَرَّحَ۔ المَوَاشِيَ : جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا ۔۔۔ القَوْمَ : آزاد کرنا' چھوڑ دینا ۔۔۔ الزَّوْجَةَ : طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے۔ إِلَيْهِ رَسُوْلًا :پیغامبر بھیجنا ۔۔۔ الأَمْرَ :آسان کردینا۔
۔۔۔ اللّٰهُ فُلَانًا لِلْخَيْرِ :بھلائی کی توفیق دینا۔
۔۔۔ الشَّعْرَ : کنگھا کرنا ۔۔۔ عنه : کشادگی کر دینا۔
إِنْسَرَحَتْ۔الدَّابَّةُ : جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ۔ مِنَ المَكَانِ : نکلنا ۔۔۔ عَنْهُ : کشادگی کیا جانا ۔۔۔ الكِتَانُ :کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَّرْح۔مص۔جانور۔گھر کے سامنے کا صحن۔ہر لمبا درخت۔بے کانٹوں کا درخت۔واحد(سَرْحَةٌ) ج سُرُوْح۔

السَّرْحَة۔جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَيْلٌ(سُرُحٌ و نَاقَةٌ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔مِشْيَةٌ سُرُحٌ :نرم چال۔عَطَاءٌ سُرُحٌ :بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السِّرْحَان۔ بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سِرَاحٍ و سَرَاحٍ و سَرَاحِيْن۔ ذَنَبُ السِّرْحَانِ :فجر کاذب۔
السِّرْحَانَة۔سِرْحان کا مؤنث۔
السَّرِيْح مِنَ الأُمُوْرِ :آسان۔جلدی کیا ہوا۔جلدی۔ والسَّرِيْحُ مِنَ الخَيْلِ : ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔
السَّرِيْحَة۔ تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے۔کپڑا کا ٹکڑا۔تنگ زمین کا روشن راستہ۔ج سَرَائِح۔
السَّارِح۔ فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المِسْرَح۔ ج مَسَارِح و (المِسْرَحَة) کنگھی۔بال یا کتاں وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔
المَسْرَح۔چراگاہ۔ج مَسَارِح۔
المُنْسَرِح۔ اوزان شعر کا ایک وزن (۔۔۔ السِّرْيَاح)مِنَ الخَيْلِ :تیز رفتار گھوڑا۔رَجُلٌ سِرْيَاحٌ :لمبامرد۔السِّرْيَاح :ٹڈی۔
السَّرَاح۔تَسْرِيح کا اسم۔کہا جاتا ہے"إِفْعَلْهُ فِي سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ"یعنی اس کو آسانی سے کرو۔
السُّرْحُوْب۔گیدڑ۔لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِيْب۔
السِّرْحَال۔بھیڑیا۔
سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا و سِرَادًا۔ الجِلْدَ : چمڑے کو سینا ۔۔۔ الشَّيْءَ :کسی چیز میں سوراخ کرنا ۔۔۔ الدِّرْعَ :زرہ بنانا ۔۔۔ الحَدِيثَ او القِرَاءَةَ : اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا ۔۔۔ الصَّوْمَ : پے درپے روزے رکھنا ۔۔۔ الكِتَابَ :جلدی سے پڑھنا۔
سَرَدَ و سَرِدَ (س) سَرَدًا۔ لگاتار روزے

رکھنا۔

سَرَّدَ وأَسْرَدَ۔الأَدِيْمَ ونَحْوَهُ :چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا ___ النَّخلُ :درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔

تَسَرَّدَ۔الدُّرُّ :موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دَمْعُهُ كَمَا يَتَسَرَّدُ اللُّؤلُؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔

السَّرْد۔مص۔ ہر زرہ اور حلقہ کے لیے اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "نُجُوْمٌ سَرْدٌ۔"

السَّرْد۔مص۔ لگاتار ہونا۔

السَّرَاد۔ پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔

السِّرَاد والسَّرِيْد والمِسْرَد۔ ستالی۔

المِسْرَد :زبان۔دوہرا سلا ہوا جوتا۔

السَّارِد۔موچی۔

السَّرَّاد۔زرہ بنانے والا۔

المَسْرُوْدُ والمُسَرَّدُ والمَسْرُوْدَة۔زرہ۔

السِّرْدَاب۔ تہ خانہ۔ج سَرَادِيْب۔

سَرْدَحَهُ۔بیکار چھوڑنا۔

السِّرْدَاح والسِّرْدَاحَة۔لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پر گوشت اونٹنی۔

السِّرْدَاح : کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْدَاحَةٌ۔أَرْضٌ سِرْدَاحَةٌ :ہموار زمین۔دور کی زمین۔ج سَرَادِح وسَرَادِيْح۔

سَرْدَقَ۔البَيْتَ :پردہ لگانا۔شامیانہ لگانا۔خیمہ لگانا۔

السُّرَادِق۔شامیانہ۔خیمہ۔بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ج سُرَادِقَات۔

سَرِسَ (س) سَرَسًا۔بد خلق ہونا۔جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔

السَّرِيْس۔ عقل مند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔

سَرْسَرَ۔الشَّفرةَ :دھار تیز کرنا۔

السُّرْسُوْر۔ زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے۔"هُوَ سُرْسُوْرُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔

السِّرسَام۔ایک دماغی بیماری کا نام۔

سَرَطَ (ن) وسَرِطَ (س) سَرَطًا وسَرَطَانًا و

تَسَرَّطَ واسْتَرَطَ۔الشَّيْءَ :نگلنا۔

اِنْسَرَطَ۔الشَّرَابُ فِي حَلْقِهِ :حلق میں آسانی سے اُترنا۔

السِّرَاط۔واضح راستہ۔

السُّرَاط۔ مِنَ السُّيُوْفِ : بہت کاٹنے والی تلوار۔

السُّرَاطِيّ۔بہت کاٹنے والی تلوار۔

(___ والسُّرَط والسِّرْوَاط والسَّرَطَة والسَّرَّاط والسِّرْطِيْط) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانے والا۔السُّرَط :تیز چلنے والا۔

السَّرَيْطَى۔اسم ہے سَرَطَ کا۔نگلنا۔

السَّرَطَان۔مص۔ کیکڑا۔ اور اس کا نام عَقْرَبُ المَاءِ بھی ہے اور عوام اس کو السَّلَطَعُوْن کہتے ہیں۔السَّرَطَان :ایک برج آسمانی کا نام ہے۔ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ سَرَطَانٌ أَوْسَرَطَانُ المَجْرِي" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المَسْرَط والمِسْرَط۔ حلق۔ المِسْرَط : جلدی کھانے والا۔

سَرْطَعَ۔گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔

السَّرْطَل والسَّرْطَمُ۔بے ڈول۔لمبا۔

السَّرْطَم والسِّرْطِم۔بہت کھانے والا۔

سَرِعَ (س) وسَرُعَ (ک) سُرْعَةً وسِرَعًا و سَرَعًا وسِرْعًا وسَرْعًا وسَرَاعَةً۔جلدی کرنا۔

سَارَعَ۔إِلَيْهِ : سبقت کرنا ___ فِي الأَمْرِ : کوشش کرنا۔

أَسْرَعَ۔فِي المَشْيِ :جلدی چلنا۔

تَسَارَعَ و تَسَرَّعَ۔إِلَى الأَمْرِ :سبقت کرنا۔جلدی کرنا۔(تَسَرَّعَ بِالأمْرِ) :سبقت کرنا۔تَسَرَّعَ الأَمْرُ :جلدی ہونا۔

السَّرْعُ والسِّرْعُ۔ انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ج سُرُوْع۔

سَرْعَانَ وسِرْعَانَ وسُرْعَانَ۔ اسم فعل مبنی بر فتحہ۔ بمعنی أَسْرِعْ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعَانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لیے آتا ہے۔ جیسے "لَسَرْعَانَ مَا فَعَلْتَ" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔

سَرَعَانُ وسَرْعَانُ۔القَوْمِ او الخَيْلِ :سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي سَرَعَانِ النَّاسِ" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔

السَّرِيْع۔ جلد باز۔ ج سُرْعَان۔ مؤنث سَرِيْعَة۔ج سِرَاع۔اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔

السَّرِع والسَّرْعَان۔ جلد باز۔ مؤنث سَرْعَى۔

الأَسَارِيْع۔ کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذَاتُ أَسَارِيْعَ" لکیروں والی کمان۔سفید جسم اور سرخ سر والے کیڑے۔واحد (أُسْرُوْع و يَسْرُوْع)

المِسْرَع والمِسْرَاع۔ خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ج مَسَارِع و مَسَارِيْع۔

السُّرْعُوْب۔نیولا۔

سَرْعَفَ سَرْعَفَةً۔ الصَّبِيَّ : بچے کی اچھی طرح پرورش کرنا۔

تَسَرْعَفَ۔ الصَّبِيُّ : بچہ کا اچھی طرح پرورش پانا۔

السُّرْعُوف۔ نازک و سبک گوشت۔ مؤنث سُرْعُوفَة۔السُّرْعُوفَة :لمبے قد کی نازک بدن عورت۔ٹڈی۔کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔

سَرِغَ (س) سَرَغًا۔ انگور کے گچھوں کو مع ڈنڈی کے کھانا۔

السَّرْغ۔انگور کی شاخ۔ج سُرُوْغ۔

سَرَفَت (ن) سَرْفًا۔ السُّرْفَةُ الشَّجَرَةَ : کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا ___ الأُمُّ وَلَدَهَا :ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔

سَرِفَ (س) سَرَفًا۔الأَمْرَ :بیکار چھوڑنا۔جاہل ہونا۔خطا کرنا۔کہا جاتا ہے "مَافِي عَطَاءِ هِمْ مَنٌّ ولا سَرَفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دے دیں اور مستحق کو محروم کر دیں۔سَرِفَ القَوْمَ : تجاوز کرنا ___ الطَّعَامُ : گھن لگنا ___ الرَّجُلُ بِالخَمْرِ :شراب کا حریص ہونا۔

أَسْرَفَ۔المَالَ : فضول خرچی کرنا ___

فِیْ كَذَا :حد سے تجاوز کرنا۔زیادتی کرنا۔خطا کرنا۔
جاہل ہونا۔غافل ہونا۔صفت(مُسْرِف)
السُّرْفَة۔گھن۔سرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا
جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا
ہے اور اس میں داخل ہو کر مرجاتا ہے۔اسی سے
مثال ہے "هُوَ اَصْنَعُ مِنْ سُرْفَةٍ" وہ سرفہ سے
زیادہ کاریگر ہے۔
السَّرَف۔حد و اعتدال سے تجاوز کرنا۔زیادتی۔
خطاء۔کہا جاتا ہے "اَكَلَهُ سَرَفًا" اس نے جلدی
سے کھایا۔
السَّرَاف۔ سرفہ (مذکورہ بالا کیڑے) کا
درخت کے پتوں کو چاٹ جانا۔
رَجُلٌ (سَرِفُ) الفُؤاد :غافل مرد۔سَرِفُ
العقل :خراب یا کم عقل والا۔
ارض (سَرِفَة) زمین جس میں سرفہ کیڑے
بہت ہوں۔
السَّرُوْف۔سخت اور بڑا۔
السَّرِيف۔انگور کی بیل کی قطار۔
السَّرْفَج۔شیطان کا نام۔
اِسْرَافِيْل و اِسْرَافِيْن۔فرشتہ کا نام جو قیامت
کو صور پھونکے گا۔
سَرَقَ(ض)سَرَقًا و سَرِقًا و سَرِقَةً و سَرْقَةً و
سَرَقَانًا۔مِنْهُ الشَّیْءَ و سَرَقَهُ الشَّیْءَ :چرانا۔کہا
جاتا ہے "سَرَقُوْا لَيْلَةً مِنَ الشَّهْرِ" جبکہ اس
رات میں عیش کے ساتھ رہیں۔و "سَرَقَتْنِيْ
عَيْنِيْ" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی۔
سُرِقَ۔الرَّجُلُ :کسی کے مال و متاع کا چوری
ہو جانا ____ صَوْتُهٗ :آواز پڑنا۔گلا بیٹھ جانا۔
صفت مَسْرُوْقُ الصَّوْتِ۔
سَرِقَ (س) سَرَقًا۔ الشَّیْءُ :پوشیدہ ہونا۔
سَرِقَتْ مَفَاصِلُهٗ :جوڑوں کا سخت ست ہو جانا۔
سَرَّقَهٗ۔چوری کی نسبت کرنا۔سَرَّقَ الشَّیْءَ :
چرانا۔
سَارَقَهٗ۔النَّظَرَ :ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ
سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو۔
سَارَقَ النَّظَرَ اِلَيْهِ :کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
تَسَرَّقَ۔تھوڑا تھوڑا چرانا ____ النظر
والسَّمْعَ :چوری سے دیکھنا یا سننا۔

اِنْسَرَقَ۔عَنْهُ :جانے کیلئے پیچھے ہٹنا۔اِنْسَرَقَتْ
مَفَاصِلُهٗ :جوڑوں کا سست ہو جانا۔
اِسْتَرَقَ۔مِنْهُ الشَّیْءَ :چرانا ____ السَّمْعَ :
چھپ کر سننا ____ الكَاتِبُ بعضَ
الْمُحَاسِبَاتِ :چھپالینا۔ظاہر نہ کرنا۔
السَّرِقَة۔مص۔چرائی ہوئی چیز۔
السَّارِق۔فا۔ج سَرَقَة و سُرَّاق و سَارِقُوْن
مؤنث سَارِقَةٌ۔السَّارِقَة :لوہے یا چمڑے کا طوق۔
ج سَوَارِق۔السَّوَارِق :تالے کی زائد جھڑ۔
السَّرَقَة۔مص۔حریر کا ٹکڑا۔ج سَرَق (یہ کلمہ اس
معنی کے لحاظ سے فارسی ہے۔)
السَّرَّاق۔بہت چرانے والا۔
السَّرُوْق۔چور۔ج سُرُق۔
السُّرَاقَة۔چرائی ہوئی چیز۔
الْمُسْتَرِق۔فا۔ناقص، کمزور۔مُسْتَرِقُ
العُنُقِ :چھوٹی گردن والا۔
السُّرْقُع :ترش نبیذ۔
السَّرْقِيْن و السِّرْقِيْن۔گوبر۔کھاد۔
سَرِكَ(س)سَرَكًا۔قوت و توانائی کے بعد کمزور
جسم والا ہونا۔
سُرُوْك و تَسَرُّوْك۔لاغری یا تھکن کی وجہ سے
آہستہ چلنا۔
السَّرْكُوْك۔لاغر اونٹ۔
سَرَّمَهٗ۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَسَرَّمَ۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
السُّرْم۔مستقیم آنت کا کنارہ۔ج اَسْرَام۔
السَّرْم۔دبر کا درد۔
السَّرْمَان و السِّرْمَان۔زرد و سیاہ بھڑ۔
السَّرْمَد۔ہمیشہ۔لَيْلٌ سَرْمَدٌ :لمبی رات۔
السَّرْمَدِی۔جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو۔
تَسَرْمَطَ۔الشَّعَرُ :بال ہلکے اور کم ہونا۔
السَّرْمَط والسُّرَامِط والسَّرَوْمَط
والمُسْرَمَط والسَّرْمَطِيط۔ہر ایک لمبی چیز۔
السَّرَوْمَطُ :ہر کمبل وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی
جائے۔رَجُلٌ سَرَوْمَطٌ :ہر چیز کو نگلنے والا مرد۔
السَّرْمَق۔ایک گھاس کا نام۔
السَّرَنْدَى۔اپنے کاموں میں جلد باز۔مؤنث
سَرَنْدَاةٌ۔

السُّرْنُوْف۔ایک شکاری پرندہ۔
السَّرْنَاف۔لمبے قد والا۔
السَّرْهَب۔بیوقوف۔بہت کھانے پینے والا۔
السَّرْهَبَة۔اچھے تن و توش کی اور لمبے قد والی
عورت۔
سَرْهَجَ سَرْهَجَةً۔سرکشی کرنا ____
الحَبْلَ :رسی کو مضبوط بٹنا۔
سَرْهَدَ۔السَّنَامَ :کوہان کو کاٹنا ____
الصَّبِيَّ :بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔
السَّرْهَد۔کوہان کی چربی۔مَاءٌ سَرْهَدٌ :بہت
پانی۔
المُسَرْهَد۔مفعو۔موٹا۔
سَرْهَفَ۔الغذاءَ :غذا کو عمدہ بنانا۔
____ الصَّبِيَّ :بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔
سَرَا يَسْرُوْ سَرْوًا۔سَرَتِ الجَرَادَةُ :ٹڈی کا
انڈے دینا (____ و سَرَّى تَسْرِيَةً و اَسْرَى
اِسْرَاءً)الثَّوْبَ عَنْهُ :کپڑے اتارنا۔
سَرُوَ يَسْرُوْ وسَرُوَ يَسْرُوْ وسَرِيَ يَسْرَى
سَرْوًا و سَرَاوَةً و سَرًا و سَرَاءً۔صاحب مروت
و سخاوت ہونا۔
سُرِّيَ وانْسَرَى اِنْسِرَاءً۔عَنْهُ الهَمُّ :غم
زائل ہونا۔دور ہونا۔سُرِّيَ القَوْمُ :سردار قوم
کا مارا جانا۔
سَارَاهُ مُسَارَاةً۔ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
تَسَرَّى تَسَرِّيًا۔بتکلف مروت و سخاوت کرنا۔
لونڈی کو ہم خوابی کے لیے مقرر کرنا۔
اِسْتَرَى اِسْتِرَاءً۔اختیار کرنا۔چننا۔المَوْتُ
القَوْمَ :قوم کے سرداروں میں موت واقع ہونا۔
السَّرْو۔مص۔فضل۔مروت و سخاوت۔ایک
درخت کا نام۔واحد(سَرْوَة)اَبُوالسَّرْو :بخور۔
السَّرْوَة والسِّرْوَة والسُّرْوَةُ۔چھوٹا تیر اور
بقول بعض چوڑے پھل کا تیر۔ج سِرَى و سُرَى
السِّرْوَة :ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔
السَّرَاة۔پیٹھ۔دن کی چڑھائی ____ مِنَ
الطَّرِيْقِ :درمیانہ راہ۔ج سَرَوَات۔سَرَوَاتِ
القَوْمِ :سرداران قوم۔
السَّرِي۔صاحب شرف و مروت یا صاحب
مروت و سخاوت۔شریف سخی سردار۔ہر چیز میں

عمدہ- ج سُرَیٰ وسُرَاۃ وسَرَاۃ واَسْرِیَاء و سُرَوَاء مؤنث سَرِیَّۃٌ ج سَرِیَّات وسَرَایَا-

سَرْوَلَہٗ- پاجامہ پہنانا-

تَسَرْوَل- پاجامہ پہننا-

السِرْوَال والسِرْوَالَۃ والسِرْوِیْل- پاجامہ- ازار- کلمہ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے- ج سَرَاوِیْل- فَرَسٌ (مُسَرْوَل) بازوؤں اور رانوں تک سفیدی والا گھوڑا-

حَمَامَۃٌ (مُسَرْوَلَۃ) ٹانگوں پر پروالا کبوتر-

سَرَیٰ یَسْرِی سُرًی وسَرْیَۃً وسُرْیَۃً وسِرَایَۃً وسَرَیَانًا ومَسْرًی واِسْتَرَیٰ- رات میں چلنا- صفت (سَارٍ) ج سُرَاۃ وسَرَیٰ بِہٖ: رات میں سفر کرانا وسَرَیٰ عِرْقُ الشَّجَرَۃِ: درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا- سَرَیٰ الدَّمُ فِی العُرُوقِ: خون کا رگوں میں دوڑنا ___ الھَمُّ: غم زائل ہونا اور کہا جاتا ہے "سَرَیٰ الجَرْحُ اِلَی النَّفْسِ" یعنی زخم نے اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہوگئی-

سُرِیَ عَنْہُ: غصہ یا غم کا زائل ہونا-

اَسْرَیٰ اِسْرَاءً- رات میں چلنا ___ الرَّجُلُ: کشادہ زمین کی طرف جانا-

سَرَّیٰ- عَنْہُ اور عَنْ قَلْبِہٖ: کسی سے غم دور کرنا ___ قَائِدُ الجَیْشِ: کمانڈر کا دستہ فوج بھیجنا-

سَارَیٰ- صَاحِبَہٗ: ساتھ ساتھ رات میں چلنا-

تَسَرَّیٰ وانْسَرَیٰ- دیکھئے مادہ س ر و-

السُّرَیٰ والسَّرَیَان والسُّرْیَۃ- مصادر- رات کا سفر اور عرب کا قول "عِنْدَ الصَّبَاحِ یَحْمَدُ القَوْمُ السُّرَیٰ" مثال ہے جو ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو- اِبْنُ السُّرَیٰ: رات کا مسافر-

السِرْیَۃ- ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو-

السَّرَاۃ- ہر چیز کا بالائی حصہ- سَرَاۃُ الجَبَلِ- پہاڑ کی چوٹی- سَرَاۃُ الضُّحَیٰ: ابتدائے وقت چاشت-

السَّرَاء- ایک درخت جس سے کمان بنائی جاتی ہے- واحد (سَرَاءَۃ)

السَّرَّاء- رات میں بہت چلنے والا-

السَّارِی- فا- ج سُرَاۃ (___ والمُسَارِی و المُسْتَرِی) شیر-

السَّارِیَۃ- ساری کا مؤنث- رات کو چلنے والی جماعت- رات کو آنے والا بادل- ستون ___ عِنْدَ المَلاَّحِیْن: مستول- ج سَوَارٍ-

السَّرَایَۃ والسَّرَایَا- شاہی محل (کلمہ فارسیہ ہے)-

السِّرْی- چھوٹی نڈی- ج اَسْرِیَۃ وسُرْیَان-

السَّرِیَّۃ- دستہ فوج- تیر کا چھوٹا اور گول پھل- ج سَرَایَا-

السَّاسَب والسِیْسَب والسَیْسَب- ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں-

السِیْسَبَان- ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں-

الاَسْبَطُ- لمبی ٹانگوں والا امرد-

السُّطْط- ظالم لوگ-

سَطَأَ (ف) سَطْأً- الجَارِیَۃَ: جماع کرنا-

الاَسْطَبَۃ- کتاں کا وہ حصہ جو صاف کرنے کے وقت گرے-

المَسْطَبَۃ والمِسْطَبَۃ- چبوترہ- نہائی کہکشاں- فقراء اور سائلین کے جمع ہونے کی جگہ- سرائے- ج مَسَاطِب (صاد کے ساتھ ابلغ ہے-)

سَطَحَہٗ (ف) سَطْحًا- بچھانا- پچھاڑنا- "لٹانا- کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَسَطَحَہٗ" اس نے اس کو مارتے مارتے بچھادیا (وسَطَّح) البَیْتَ: چھت کو ہموار کرنا- سَطَحَ وسَطَّحَ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو بٹھانا-

تَسَطَّحَ- ہموار ہونا-

اِنْسَطَحَ- بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا- پھیلنا-

السَّطْح- مص- چھت- چوڑی چوٹی- ج سُطُوح-

السَّطِیْح- پھیلا ہوا- کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سستی سے اٹھنے والا (والسَّطِیْحَۃ) توشہ دان-

السُّطَّاح- ایک قسم کی گھاس- زمین پر پھیلی ہوئی بیل- واحد (سُطَّاحَۃٌ)

المِسْطَح- ہموار کرنے کا اوزار- بیلن- خیمہ کا ستون- کھلیان- کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ (___ والمِسْطَاح) کھجور کی شاخوں کی چٹائی- کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ الاَرْضَ مَسَاطِحَ" میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا-

اَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک-

المَسْطُوح- مقتول لمبا پڑا ہوا-

سَطَرَ (ن) سَطْرًا- لکھنا ___ ہ بِالسَّیْفِ- تلوار سے کاٹنا- سَطَرَ الرَّجُلُ: پچھاڑنا-

سَطَّرَ- بے اصل باتیں جمع کرنا ___ عَلَیْہِ: گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا ___ القِرْطَاسَ: سیدھی سطر ہونے کیلئے لکیریں کھینچنا-

اَسْطَرَ- پڑھنے میں غلطی کرنا-

اِسْتَطَرَ- لکھنا- کہا جاتا ہے "ھٰذَا مُسْتَطَرٌ" یہ لکھا ہوا ہے-

السَّطْر والسَّطَر- قطار- لکیر- کہا جاتا ہے "کَتَبَ سَطْرًا" و "غَرَسَ سَطْرًا وبَنَی سَطْرًا مِنْ بِنَائِہٖ" ج اَسْطُر و سُطُور و اَسْطَار و ج اَسَاطِیْر اور کہا جاتا ہے "اِنْ ھٰذَا اِلاَّ اَسَاطِیْرُ الاَوَّلِیْنَ" یہ تو کچھ بھی نہیں- صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں- السَّطْر: تحریر و کتابت- یک سالہ بکری-

السُّطْرَۃ- آرزو-

السُّطُر- چکنی چپڑی باتیں-

الاِسْطَار والاَسْطَار والاُسْطُوْر و الاُسْطِیْر- وایضا بالھاء فِی کُلِّھَا: ہر وہ چیز جو لکھی جائے- ج اَسَاطِیْر- الاُسْطُوْرَۃ والاُسْطِیْرَۃ- بے اصل بات-

السَّاطِر والسَّطَّار- قصاب-

السَّاطُوْر- گوشت کاٹنے کی چھری- ج سَوَاطِیْر-

المِسْطَرَۃ والمُسْطَرَۃ- لکیروں کے کھینچنے کا رولر- ج مَسَاطِر-

المُسْطَار والمُسْطَارَۃ والمِسْطَار والمِسْطَارَۃ: تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے- شیرۂ انگور پکانے سے پہلے بلند غبار-

سَطَعَ (ف) سَطْعًا و سُطُوْعًا و سَطِيْعًا۔ الغُبَارُ او الرَّائِحَةُ والنُّوْرُ: غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا۔ پھیلنا اور اسی سے ہے "سَطَعَتْ رَائِحَةُ المِسْكِ" یعنی مشک کی خوشبو پھیلی ___ بِيَدَيْه: تالی بجانا۔ تم کہتے ہو "سَطَعَتْنِيْ رَائِحَةُ المِسْكِ" جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہنچے (___ سَطْعًا) رَاسَهٗ: گردن لمبی کرکے سر اٹھانا البَعِيْرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

سَطِعَ (س) سَطَعًا۔ دراز گردن ہونا۔ صفت (اَسْطَع) مؤنث (سَطْعَاء)

سَطَّعَهٗ۔ بلند کرنا۔ اٹھانا۔ پھیلانا ___ البَعِيْرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔

السَّطَع۔ مص۔ ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی۔

السَّطَع۔ تالی۔ تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز۔

السِّطَاع۔ لمبا اونٹ۔ خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون۔ اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ۔ ج سُطُع و اَسْطِعَة۔

السَّطِيْع۔ صبح۔ لمبا۔

المِسْطَع۔ فصیح۔ خوش بیان۔ کہا جاتا ہے "خَطِيْبٌ مِسْطَعٌ ومِصْقَعٌ" یعنی بلیغ لیکچرار۔

الأُسْطُقُس۔ عنصر۔ ج اَسْطُقُسَّات۔

سَطَلَهٗ (ض ن) سَطْلًا۔ الدَّوَاءُ: مدہوش کرنا۔

اِنْسَطَلَ و اِسْتَطَلَ۔ مدہوش ہونا (لغت عوام ہے) کہا جاتا ہے جَاءَ (يَتَسَيْطَلُ) وہ تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا۔

السَّاطِل۔ مِنَ الغُبَار: بلند غبار۔

السَّطْل۔ ایک تانبے کا برتن جس میں دستہ لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اٹھاتے ہیں۔ ج اَسْطَال و سُطُوْل۔ مرد دراز قامت۔

السَّيْطَل۔ بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت۔

الأُسْطُوْل۔ جہازوں کا بیڑا۔ ج اَسَاطِيْل (کلمہ عجمی ہے)

سَطَمَ (ن) سَطْمًا۔ البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔ بند کرنا۔

السِّطَام۔ آگ کی کریلنی۔ شیشی کی ڈاٹ۔ تلوار کی دھار۔

السَّطْم۔ مص۔ تلوار کی دھار۔

السُّطْم۔ جڑیں۔

الإسْطَام۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔

الأُسْطُم والأُسْطُمَّة۔ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ: درمیان۔ بڑا حصہ ___ مِنَ البَحْرِ: سمندر کا بڑا حصہ اور اسی سے ہے "ولَيْلٌ طَمَا أُسْطُمُّه" رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی۔ أُسْطُمَّةُ القَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اشراف قوم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ أُسْطُمَّةِ قَوْمِه" وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے۔ ج اَسَاطِم۔

السَّاطِن۔ خبیث۔ پلید۔

الاسطان۔ ایک پیتل کا برتن۔

الأُسْطُوْن۔ مِنَ الجِمَالِ: لمبی گردن کا اونٹ۔

الأُسْطُوَانَة۔ کھمبا۔ ستون۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَسَاطِيْن (کلمہ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے "هُمْ اَسَاطِيْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانہ کے یکتا ہیں۔ و "أَسَاطِيْنُ مُسَطَّنَة" مضبوط کھمبے۔

المُسَطَّن۔ لمبی ٹانگوں والا۔

سَطَا يَسْطُوْ سَطْوًا و سَطْوَةً۔ بِهٖ وعَلَيْهِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔

___ الفَرَسُ: خود سری سے دور دور قدم رکھنا ___ المَاءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَطَوْتُ فِي الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔

اَسْطَى اِسْطَاءً۔ عَلَيْهِ: بمعنی سطا۔

سَاطَى۔ الرَّجُلَ: سختی برتنا۔ نرمی کرنا۔ (ضد)

السَّاطِيْ۔ فا۔ دور دور قدم رکھ کر چلنے والا گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو چلنے میں دم کو اٹھائے۔

تَسَعَّبَ۔ الشَّیْءُ: تار سا کھینچنا (جیسے شہد شیرہ وغیرہ سے)

اِنْسَعَبَ۔ المَاءُ: پانی بہنا۔

السَّعْب۔ ہر لزوجت والی چیز جس سے تار کی مانند کھنچے۔

السُّعْبُوْب۔ شہد۔ شیرہ۔ لعاب خطمی وغیرہ کا تار۔ ج سَعَابِيْب۔

المُسَعَّب۔ جائز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسَعَّبٌ لَهٗ" وہ اس کے لیے جائز ہے۔

السَّعْبَر۔ بہت پانی والا کنواں۔ مَاءٌ سَعْبَرٌ بہت پانی۔ سِعْرٌ سَعْبَر: ارزاں نرخ۔ ج سَعَابِر۔ سَعَابِرُ الطَّعَام: گیہوں کا پھوٹرن۔

السَّعْتَر۔ پہاڑی پودینہ (لغت جیدہ صَعْتَر بالصاد ہے۔)

السَّعْتَرِيُّ او الصَّعْتَرِيُّ۔ بہادر۔ سخی۔ چالاک۔

سَعَدَ (ف) سَعْدًا و سُعُوْدًا۔ اليَوْمُ: مبارک ہونا۔

سَعِدَ (س) و سُعِدَ سَعَادَةً۔ نیک بخت ہونا۔ صفت (سَعِيْدٌ) ج سُعَدَاءُ و (مَسْعُوْد) ج مَسَاعِيْد۔

سَاعَدَهٗ۔ عَلَى الأَمْرِ: کسی کی کسی کام پر مدد کرنا۔

اَسْعَدَهٗ۔ عَلَى الأَمْرِ: مدد کرنا۔ اَسْعَدَهُ اللّٰه: نیک بخت بنانا۔ صفت (مُسْعُوْد) مُسْعَدٌ نہیں کہا جاتا۔

تَسَعَّدَ۔ مبارک ہونا ___ الرَّاعِيْ: سَعْدَان گھاس کی چراگاہ تلاش کرنا۔

اِسْتَسْعَدَ۔ بِالشَّیْءِ: اپنے لیے مبارک سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَسْعَدَ فُلَانٌ بِرُوْيَةِ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کے دیکھنے کو اپنے لیے مبارک سمجھا۔

السَّعْد۔ برکت۔ خوش بختی۔ ج اَسْعُد سُعُوْد۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ و سَعْدَيْكَ" یعنی میں تمہاری خدمت کے لیے بار بار حاضر ہوں۔ سُعُوْدُ النُّجُوم: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سَعْد کہا جاتا ہے۔

السَّاعِد۔ فا۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُمْ سَاعِدٌ يَعْتَمِدُوْنَه" ان کے لیے کوئی سردار نہیں جس پر اعتماد و بھروسہ کریں۔ بازو۔ کہا جاتا ہے ___ "شَدَّ اللّٰهُ عَلَى سَاعِدِكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے بازو کو مضبوط کریں۔ سَاعِدَا الطَّيْرِ: پرندے کے بازو۔ ج سَوَاعِد۔ کہا جاتا ہے طَائِرٌ شَدِيْدُ السَّوَاعِدِ: مضبوط بازو والا پرندہ۔

السَّاعِدَة۔ چرخی کا ڈنڈا۔ ج سَوَاعِد۔

السَوَاعِد: دریایا سمندر کی طرف پانی جانے کے نالے۔ہڈی میں مغز کی نالی۔ تھن میں دودھ نکلنے کے سوراخ۔السَاعِدَة: سونے یا چاندی کا بازو بند۔شیر۔

السَعَادَة۔نیک بختی۔

السُعَادَی۔ موتھا جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جو زخموں کے لیے بہت مفید ہے۔

السَعْدَان۔ ایک خار دار پودہ جو اونٹوں کے لئے بہتر چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے "مَرْعًی وَلَا کَالسَعْدَان" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کم پر قناعت کرلے۔

سُعْدَان۔ اِسعاد کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَسُعْدَانَهٗ" یعنی میں خدا کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی تابعداری کرتا ہوں۔

السَعْدَانَة۔کبوتر۔پستان کا سرا یا پستان کے سر کی اردگرد کی سیاہی۔ حلقہ دُبر۔ ترازو کی رسّی کی گرہ۔

السُعُوْدَة۔نیک بختی۔

سُعَاد و سُعْدٰی۔ فرضی محبوبہ کے نام۔جن کو قدیم شعراء تشبیب میں استعمال کرتے تھے۔

سَعَرَ(ف)سَعْرًا و اَسْعَرَ۔النَارَ: آگ بھڑکانا ____ البَعِیْرُ الاِبِلَ بِجَرْبِهٖ: کھجلی پھیلانا۔سَعَرَ القَوْمَ شَرًّا۔ ساری قوم میں بدی پھیلا دینا۔ سَعَرَنَاهُمْ بالنَبْلِ: جلانا۔ پیوست کرنا۔ سَعَرَ اللَیْلَ بِالمَطِیِّ: طے کرنا۔ سَعَرَتِ النَاقَةُ فِیْ سَیْرِهَا اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ صفت (سَعُوْر) کہا جاتا ہے "سَعَرْتُ الیَوْمَ فِی حَاجَتِیْ سَعْرَةً" یعنی میں آج اپنی ضرورت سے تمام دن چکر لگاتا رہا۔

سَعِرَ(س)سَعَرًا۔الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

سُعِرَ۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا پاگل ہونا۔ صفت (مَسْعُوْرٌ) ____ الرَجُلُ: گرم ہوا سے جھلس جانا۔

سَعَّرَ۔النَارَ: آگ بھڑکانا ____ الشَیْئَ: کسی چیز کا بھاؤ مقرر کرنا یا بھاؤ کا اندازہ کرنا۔ ____ القَوْمُ: بھاؤ پر اتفاق کرنا۔

سَاعَرَهٗ مُسَاعَرَةً۔ بھاؤ ٹھہرانا۔

تَسَعَّرَت۔ النَارُ: آگ بھڑکنا ____ الحَطَبُ: لکڑی کا جل اٹھنا۔

اِسْتَعَرَ۔ بھڑکنا ____ الشَرُّ: برائی کا پھیلنا ____ الجَرَبُ فِی البَعِیْرِ: اونٹ کی بغل وغیرہ میں کھجلی شروع ہونا۔

السَعْر۔ مص۔ رَمْیٌ سَعْرٌ: سخت تکلیف دہ تیر اندازی۔

السِعْر۔نرخ۔ج اَسْعَار۔

السُعْر۔ گرمی۔ سخت بھوک (____ والسُعُر) دیوانگی۔السُعُرُ: رنج وعذاب۔

السَعِر۔پاگل۔دیوانہ۔ج سَعْرٰی۔

السَعْرَة۔ کام کی ابتداء اور اس کی تیزی۔ کھانسی۔

السَعَر و السُعْرَة۔سیاہی مائل رنگ۔

السَعِیْر۔ آگ کی لپیٹ۔ج سُعُر۔

السُعَار۔ گرمی۔ بھوک کی تیزی۔ پیاس کی شدت۔

السَاعُوْر۔ آگ۔تنور۔

السَاعُوْرَة۔آگ۔

الاَسْعَر۔ دبلا پتلا جس کے پٹھے ظاہر ہوں۔سیاہی مائل رنگ والا۔مؤنث سَعْرَاء ج سُعْر۔

المِسْعَر۔ آگ جلانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِسْعَرُ حَرْبٍ" وہ لڑائی بھڑکانے والا ہے۔ سخت۔ لمبی گردن۔ کَلْبٌ مِسْعَرٌ: دیوانہ کتا (____ و المِسْعَار) آگ جلانے کی چیز۔

المَسْعُوْر۔ باوجود شکم سیری کے کھانے کا حریص۔نَاقَةٌ مَسْعُوْرَة: دیوانہ اونٹنی۔

مَسَاعِرُ۔البَعِیْرِ: اونٹ کی ران کی جڑیں اور بغل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الجَرَبُ فِیْ مَسَاعِرِ البَعِیْرِ" اونٹ کی ران کی جڑوں میں کھجلی شروع ہوگئی۔

السِعْرَارَة و السُعْرُوْرَة۔ صبح۔شعاع۔ آفتاب جو روشن دان میں داخل ہو۔

سَعْسَعَ و تَسَعْسَعَ۔بہت بوڑھا ہونا۔ ____ الشَیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے لڑکھڑانا۔ قریب قریب قدم رکھنا۔ سَعْسَعَ رَاْسَهٗ: سر کو تیل سے تر کرنا۔

السُعْسُع۔بھیڑیا۔

سَعَطَه (ف ن) سَعْطًا و سَعَّطَه و اَسْعَطَه۔ الدَوَاءَ: ناک میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْعَطَه الرُمْحَ" اس نے ناک میں نیزہ مارا۔و "اَسْعَطَه عِلْمًا" اس نے اس کو علم سمجھانے میں بہت کوشش کی۔

اِسْتَعَطَ۔الدَوَاءَ: ناک میں چڑھانا۔

اِسْتَسْعَطَه۔ناک میں دوا چڑھانے کو کہنا۔

السَعِیْط۔ خوشبو۔بان کا درخت۔بان کا تیل۔ رائی کا تیل (____ و السُعَاط) بُو کی تیزی۔

السَعُوْط۔ ناک میں چڑھانے کی دوا۔ نسوار (مولدہ) اور عوام "عَطُوْس" کہتے ہیں۔

المِسْعَط و المُسْعُط۔ نسوار کی ڈبیا۔

سَعَفَه (ف) سَعْفًا۔بِحَاجَتِهٖ: کسی کی حاجت پوری کرنا۔

سَعِفَ (س) سَعَفًا۔ ناخن کے اردگرد پھٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔

سُعِفَ۔ الوَجْهُ: پھنسیوں والا ہونا۔ صفت (مَسْعُوْف)

سَعَّفَ۔المِسْكَ: مشک کو دوسری خوشبوؤں سے ملانا۔

سَاعَفَه۔موافقت کرنا۔مدد دینا۔

اَسْعَفَه۔بِحَاجَتِهٖ: کسی کی حاجت پوری کرنا۔ ہ عَلَی الاَمْرِ: مدد کرنا۔ اَسْعَفَ بِالرَجُلِ: کسی کے قریب ہونا ____ الشَیْئُ: قریب ہونا۔

اَسْعَفَ لَهُ الصَیْدُ: شکار کا موقع دینا۔

اَسْعَفَتِ الحَاجَةُ: حاجت کا قریب پہنچنا۔وقت آنا ____ اِلَیْهِ: توجہ کرنا۔قصد کرنا۔

تَسَعَّفَت۔اَظْفَارُه: پھٹنا۔

السَعَف۔مص۔سامان۔کمینہ آدمی۔

السَعْفَة۔پھنسیاں جو منہ یا سر میں نکلتی ہیں۔

السَعْف۔مص۔ دلہن کا جہیز۔ سامانِ خانہ۔ ج سُعُوْف۔ کھجلی کی مانند اونٹ کے منہ کا ایک مرض۔ کھجور کی شاخ۔واحد (سَعَفَة)

السُعُوْف۔ بڑے پیالے۔ انسانی خصلتیں۔ مثل جود و کرم۔ گھریلو سامان (اس کے لیے واحد نہیں)

الاَسْعَف۔ مِنَ الاِبِلِ: منہ کی بیماری والا اونٹ ____ مِنَ الخَیْلِ: سفید پیشانی والا

گھوڑا۔مؤنث سَعْفَاء۔ج سُعْفٌ۔

السُّعَاف۔ناخن کے ارد گرد چیٹ اُکھڑنا۔

المُسَاعِف۔فا۔ قریب۔کہا جاتا ہے "مکان مُسَاعِفٌ" قریب جگہ۔

سَعَل (ن) سُعَالاً و سُعْلَةً۔کھانسنا (___ سَعْلاً) کام وغیرہ کے لیے چست ہونا۔

اَسْعَلَه۔چست بنانا۔کھانسی پیدا کرنا۔

اِسْتَسْعَلَتِ۔المَرْأَةُ :بھتنی جیسی ہونا۔

السُّعَال۔ کھانسی۔ قَصَبُ السُّعَالِ : پھیپھڑے کی رگیں۔

السِّعْلَاء و السِّعْلَاة و السِّعْلِيّ۔ بھتنی یا بھوت۔ج سَعَالِي و سِعْلِيَات۔

السَّعَالِي۔ پودہ کا نام جو حشيشة السُّعَال کے نام سے بھی مشہور ہے۔

السَّاعِل و المَسْعَل۔ حلق یا حلق میں کھانسنے کی جگہ۔

سَعَمَ (ف) سَعْمًا۔ البَعِيْرُ :اونٹ کا تیز چلنا۔ صفت (سَعُوْم)

سَعَمَهُ و سَعَّمَهُ۔غذا دینا۔

سیل (مِسْعَامٌ و مُسْعَامٌ) تیز سیلاب۔

اَسْعَنَ۔ بڑا خیمہ یا سائبان بنانا۔

تَسَعَّنَ۔الجَمَلُ :خوب موٹا ہونا۔

السَّعْن۔ چربی۔خالص شراب۔

السُّعْن۔ مشک جس کا نصف حصہ کاٹ کر ڈول بنالیں۔ج سِعَنَة۔

السَّعْنَة۔ مبارک۔ منحوس (ضد) کھانے کی کثرت یا قلت۔کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَعْنَةٌ و لَا مَعْنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

السُّعْنَة۔سائبان۔اونٹ کے بالائی ہونٹ کا لٹکا ہوا حصہ۔ج سُعَن۔

المُسْعَن۔بڑا ڈول۔

السَّعَانِيْن۔عیسائیوں کا تہوار جو عید فصح سے پہلے ہوتا ہے۔مشہور الشَّعَانِيْن معجمہ سے ہے۔(معرب)

السَّعْوُ السِّعْوُ والسَّعْوَة والسِّعْوَة والسِّعْوَاء والسُّعْوَاء۔ رات کا ایک حصہ

السِّعْوَاء و السُّعْوَاء : بدزبان خلع کرنے والی عورت۔

الاَسْعَاء۔رات کے حصے۔

السَّعْوَةُ۔موم۔

السُّعَاوِيُّ۔بیداری اور سفر پر صبر کرنے والا۔

سَعٰى يَسْعٰى سَعْيًا۔ عمل کرنا۔ چلنا۔ دوڑنا ___ اِلَيْهِ : قصد کرنا ___ فِيْ حَاجَةِ الرَّجُلِ : کسی کی حاجت پوری کرنے کی کوشش کرنا۔

___ لِلْاَمْرِ :حاصل کرنے کے لیے اہتمام کرنا۔

___ لِعِيَالِهِ :کمائی کرنا (سِعَايَةً) صدقات وغیرہ وصول کرنا (___ سِعَايَةً و سَعْيًا) بِفُلَانٍ عِنْدَ الاَمِيْرِ :چغل خوری کرنا۔سَعَتِ الْاَمَةُ :بدکاری کرنا۔زنا کرنا۔

سَاعٰى۔هُ :کوشش کرنے میں مقابلہ کرنا۔کہا جاتا ہے "سَاعَانِيْ فُلَانٌ فَسَعَيْتُهُ" فلاں نے کوشش کرنے میں مقابلہ کیا میں اس پر غالب رہا۔

اَسْعٰى اِسْعَاءً۔ الرَّجُلَ : کوشش کرانا۔

اَسْعَوْا بِهِ :تلاش کرنا۔

اِسْتَسْعٰى اِسْتِسْعَاءً۔ الرَّجُلَ : وصولِ صدقات کے لیے مقرر کرنا ___ العَبْدَ : آزادی حاصل کرنے کے لیے کام کرانا۔

السِّعَايَة۔مص۔چغل خوری۔

السَّاعِي۔ فا۔ محصل۔ خراج و صدقات وصول کرنے والا۔ج سُعَاة۔السَّاعِي :ڈاکیہ۔

المَسْعٰى۔ کوشش۔ مسلک۔ تصرف۔ ج مَسَاعٍ۔

سَغَبَ (ن) و سَغِبَ (س) سَغْبًا و سُغُوْبًا و سَغَبًا و سَغَابَةً و مَسْغَبَةً۔ بھوکا ہونا۔ صفت (سَاغِبٌ و سَغِبٌ و سَغْبَانُ) مؤنث سَغْبٰى۔ج سِغَاب۔

اَسْغَبَ۔القَوْمُ :قوم کا قحط میں مبتلا ہونا۔

السَّغَاب۔بھوک۔

المُسْغَب۔جائز۔

سَغْبَلَ سَغْبَلَةً۔بہت زخموں والا ہونا۔

___ الرَّاسَ : سرکو تیل سے تر کرنا۔

___ الشَّحْمَ :چربی پگھلا کر سالن بنانا۔

تَسَغْبَلَ۔الدِّرْعَ :زرہ پہننا۔

المُسَغْبَل۔نرم و آسان۔

سَغِدَ سَغْدًا۔سوجنا۔

فِصَالٌ (سَاغِدَةٌ و مُسْغَدَةٌ و مُسَاغَدَةٌ) اونٹ کے دودھ سے آسودہ موٹے بچے۔

السَّغْد۔ نرم و ہلکی بارش (اس کا تنہا استعمال نہیں ہوتا) کہا جاتا ہے "اَغْضَهُ اللّٰهُ بِسَغْدٍ مَغْدٍ" یعنی اللہ تعالیٰ اس کو نرم بارش سے تر و تازہ رکھے۔

السُّغَادَى۔ایک قسم کی گھاس۔

سَغَرَهُ (ف) سَغْرًا۔جلاوطن کرنا۔

سَغْسَغَ۔ الوَتَدَ : کھونٹی کو ہلانا ___ فِي التُّرَابِ : مٹی میں دھنسانا ___ رَاْسَهُ بِالدُّهْنِ : سر میں تیل لگا کر جذب کرنا۔

الدُّهْنَ فِي رَاسِهِ : سر میں تیل لگانا۔

تَسَغْسَغَ۔مِنَ الاَمْرِ :کسی معاملہ سے رہائی پانا ___ فِي الاَرْضِ :داخل ہونا۔

سَغِلَ (س) سَغَلاً۔لاغر ہونا۔جھریوں والا ہونا۔ صفت (سَغِل)

سَغَّمَهُ۔المَاءَ :گھونٹ گھونٹ پانی پلانا۔سَغَّمَ الوَلَدَ :بچہ کو اچھی غذا دینا۔پرورش کرنا۔

اَسْغَمَهُ۔ تکلیف پہنچانے میں مبالغہ کرنا۔

اُسْغِمَ و سُغِمَ۔اچھی غذا دیا جانا۔

المُسَغَّم و المُسْغَم۔ اچھی غذا والا۔ ناز و نعمت سے پرورش پایا ہوا فربہ لڑکا۔

الاَسْغَمَان۔ردی غذائیں۔

السَّاغِبَة۔پینے کی لذیذ چیز۔

سَفَّ (ن) سَفِيْفًا۔ الطَّائِرُ اَوِ السَّحَابُ : زمین سے قریب ہو کر اُڑتا یا گزرنا۔

___ الخُوْصَ : کھجور کی پتیوں سے بننا ___ المَاءَ :بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔

سَفَّ (س) سَفًّا۔ الدَّوَاءَ السَّوِيْقَ و نَحْوَهُمَا :دوا یا ستو وغیرہ پھانکنا۔

اَسَفَّ اِسْفَافًا ___ الخُوْصَ : بننا ___ الرَّجُلُ :بھاگنا۔ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا۔اور کہا جاتا ہے "اَسَفَّ اِلَى الْاُمُوْرِ الدَّنِيَّةِ" یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا ___ البَعِيْرَ :خشک چارا دینا ___ الفَرَسَ اللِّجَامَ :گھوڑے کے منہ میں لگام لگانا ___ الطَّائِرُ او السَّحَابُ : زمین سے قریب ہو کر اُڑتا یا گزرنا۔کہا جاتا ہے "مَا اَسَفَّ مِنْهُ بِشَيْءٍ" اس نے اس سے کچھ

حاصل نہیں کیا۔ اَسَفَّ النَّظَرَ : تیز نظر سے دیکھنا
___ الشَّیْئَ : بعض کو بعض سے ملا کر جوڑنا
___ الْاَمْرَ : قریب ہونا۔ اُسِفَّ وَجْهُهٗ :
رنگ بدل جانا گویا کہ خاک آلود ہے۔
اِسْتَفَّ۔ الدَّوَاءَ : دوا پھانکنا۔
السِّفُّ و السُّفُّ۔ ایک قسم کا باریک لمبا
سانپ جو ریگستانوں اور چٹانوں کے درمیان
اُچھلتا ہے جس کی وجہ سے عربوں کا گمان تھا کہ وہ
اُڑتا ہے اور اس کے نام القَفَّازَة و الطَّفَّارَة بھی
ہیں۔
السَّفَّةُ۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ ایک مٹھی
گیہوں یا ستو وغیرہ۔ موباف (___
و السَّفُوْف) دوا وغیرہ کی پھنکی۔
السَّفِیْفُ۔ مص۔ ابلیس کا نام۔ کھجور کے پتوں کی
ٹوکری۔ کجاوہ اور ہودہ کا تنگ۔
السَّفِیْفَةُ۔ کجاوہ باندھنے کی چوڑی تنگ
___ مِنَ الْخُوْصِ : کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی
چیز۔ ج سَفَائِفُ۔
سَفِتَ (س) سَفْتًا۔ بہت پینا اور سیراب نہ
ہونا۔
السَّفِتُ۔ بے برکت کھانا۔
سَفْتَجَةُ۔ ہنڈی دینا۔
السُّفْتَجَةُ۔ ہنڈی۔ ج سَفَاتِجُ۔
السَّفْجُ۔ ہوا چلنے کی تیزی۔ السَّفْجُ : جھوٹ۔
السَّفْجَرُ۔ بچے۔ اس کے لیے واحد نہیں۔ کہا
جاتا ہے "ذَرُّ سَفْجَرٍ"
سَفَحَ (ف) سَفْحًا و سُفُوْحًا۔ الدَّمَ او
الدَّمْعَ : خون یا آنسو بہانا۔ گرانا ___ سَفْحًا
و سُفُوْحًا و سَفَحَانًا) الدَّمْعُ : آنسو گرنا۔
صفت (سَافِحٌ) ج سَوَافِحُ (جیسے فَارِسٌ کی جمع
فَوَارِسُ)
سَفَّحَ۔ الرَّجُلُ : غیر مفید کام کرنا۔
سَافَحَ و تَسَافَحَا۔ زنا کرنا۔ بدکاری کرنا۔
سَفْحُ الْجَبَلِ : دامن کوہ۔ ج سُفُوْحٌ۔
الْاَسْفَحُ۔ وہ شخص جس کے سر کے اگلے حصہ
کے بال گر گئے ہوں۔
السَّفَّاحُ۔ بہت خون بہانے والا۔ بہت دینے
والا۔ قادر الکلام فصیح۔

السَّفِیْحُ۔ موٹا کمبل۔ جوئے کے تیروں میں سے
ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ بورا۔ گون۔
السِّفَاحُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ سِفَاحٌ" ان
کے درمیان خونریزی ہے۔ زنا کاری۔ کہا جاتا ہے
"تَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ سِفَاحًا" اس نے عورت سے زنا
کاری کی۔
سَفَدَ (ض) الذَّکَرُ اُنْثَاهُ و سَفِدَ (س) سِفَادًا و
سَفِدَ عَلَیْهَا و سَافَدَهَا سِفَادًا و مُسَافَدَةً۔ جفتی
کرنا۔
سَفَّدَ۔ اللَّحْمَ : گوشت کو بھوننے کے لیے سیخ
میں پرونا۔
اَسْفَدَ۔ جفتی کرانا۔
اِسْتَسْفَدَ۔ الْبَعِیْرَ : اونٹ کے پیچھے سے آ کر
سوار ہونا۔
السَّفُّوْدُ۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔ ج سَفَافِیْدُ۔
اِسْفِیْذَاج۔ سفیدہ۔ قلعی۔
سَفَرَ (ن) سُفُوْرًا۔ سفر کے لیے روانہ ہونا
___ الْمَرْأَةُ : چہرہ کھولنا۔ صفت (مُسَافِرٌ)
___ الصُّبْحُ : روشن ہونا ___ الْحَرْبُ :
لڑائی کا ختم ہونا (___ سَفْرًا) الْبَیْتَ : گھر کو
جھاڑو دینا ___ الرِّیْحُ الْغَیْمَ : ہوا کا بادل کو اُڑا
دینا۔
___ الْکِتَابَ : لکھنا ___ الشَّیْئَ : جدا جدا
کرنا۔
___ الْبَعِیْرَ : ناک میں نکیل لگانا۔ کھیت کے نچلے
حصہ کو چرانا۔
سَفَرَ (ن ض) سَفْرًا و سَفَارَةً و سِفَارَةً بَیْنَ
الْقَوْمِ : لوگوں میں صلح کرانا۔ صفت (سَفِیْرٌ) ج
سُفَرَاءُ۔
اَسْفَرَ۔ چہرہ کھولنا ___ الصُّبْحُ : روشن ہونا۔
___ الْوَجْهُ : چہرہ خوبصورت و منور ہونا۔
الْحَرْبُ : لڑائی سخت ہونا ___ مُقَدَّمُ رَاْسِهٖ :
سر کے اگلے حصہ کے بال جھڑنا ___ اَسْفَرَ
الشَّجَرُ : پتے گرنا ___ الْبَعِیْرَ : بمعنی سَفَرَهٗ۔
سَفَّرَ۔ الرَّجُلَ : سفر کے لیے بھیجنا۔
الْبَعِیْرَ : نکیل لگانا ___ النَّارَ : آگ بھڑکانا۔
سَافَرَ سِفَارًا و مُسَافَرَةً۔ اِلٰی بَلَدِ کَذَا : روانہ
ہونا ___ فُلَانٌ : مرنا۔ سَافَرَتْ عَنْهُ الْحُمّٰی :

بخار چھوٹنا۔
تَسَفَّرَ۔ ابتدائی رات میں آنا یا چرانا۔
شَیْئًا مِنْ حَاجَتِهٖ : کچھ حاصل کرنا ___
الْجِلْدُ : کھال کا اثر پذیر ہونا ___ الْمَرْأَةَ :
عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
اِنْسَفَرَ۔ شَعْرُهٗ عَنْ رَاْسِهٖ : سر سے بال جھڑنا۔
___ الْغَیْمُ : بادلوں کا پراگندہ ہونا۔
___ الْاِبِلُ : جانا۔
اِسْتَسْفَرَ۔ الْمَرْأَةَ : عورت سے چہرہ کھولنے کو
کہنا۔
السَّفْرُ۔ مص۔ جسم انسانی کا داغ۔ ج سُفُوْرٌ اور
کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَفْرٌ" یعنی مُسَافِرٌ و "قَوْمٌ
سَفْرٌ" یعنی مسافرین۔ و "نَاقَةٌ سَفْرٌ" سفر کرنے
والی اونٹنی۔ اور سفر جمع سافر کی ہے جیسے صَاحِبٌ
کی جمع صَحْبٌ۔
السِّفْرُ۔ بڑی کتاب۔ توریت کے اجزاء میں
سے ایک جز۔ ج اَسْفَارٌ۔
السَّفَرُ۔ مسافت کو طے کرنا۔ غروب آفتاب کے
کچھ بعد کا وقت۔ ج اَسْفَارٌ۔
السُّفْرَةُ۔ مسافر کا کھانا۔ زاد سفر۔ دستر خوان۔ ج
سُفَرٌ
السِّفَارُ و السِّفَارَةُ۔ مہار۔ چمڑا یا لوہا جس کو
اونٹ کی ناک پر رکھتے ہیں۔ ج اَسْفِرَةٌ و سُفُرٌ و
سَفَائِرُ۔
السَّافِرُ۔ فا۔ مسافر۔ ج اَسْفَارٌ و سَفْرٌ و سَفَرَةٌ
و سُفَّارٌ و جج اَسَافِرُ۔ و السَّافِرُ : کاتب۔ ج
سَفَرَةٌ۔
سَلّٰی تَسْلِيًا- بتکلف تسلی ظاہر کرنا- تسلی پانا- کہا جاتا ہے "سَلَّاهُ و اَسْلَاهُ فَتَسَلّٰی" اس نے اسے تسلی دی اور اسے تسلی حاصل ہو گئی (___ وانْسَلٰی) الهَمُّ: غم زائل ہونا-

اِسْتَلَتْ اِسْتِلَاءً- الشَّاةُ: موٹی ہونا-

السَّلْوَة و السُّلْوَة- تسلی- کہا جاتا ہے "هُوَ فِي سُلْوَةٍ مِنَ الْعَيْشِ" وہ فراخی و فارغ البالی کی زندگی میں ہے- "اَسْقَيْتَنِي سَلْوَةً مِنْ نَفْسِكَ" یعنی میں نے تجھ سے وہ چیز دیکھی جس سے مجھے تسلی ہو گئی-

السُّلْوَان- مص- (___ والسُّلْوَانَة و السُّلْوَانَة) ایک قسم کا مہرہ جس کو تعویذ کے طور پر یا نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں-

السَّلْوٰی- شہد- باعث تسلی- لوا- احد (سَلْوَاةٌ)

المَسْلَاة- ہر وہ مقام جہاں پر تسلی زیادہ ہو- ہر وہ چیز جو باعث تسلی ہو-

المُسَلِّي- فا- گھڑدوڑ کا تیسرا گھوڑا-

سَلِيَتْ تَسْلٰی سَلًی- الشَّاةُ: ٹوٹی ہوئی جیل والی ہونا- صفت (سَلْيَاء)

اَسْلَتِ- الشَّاةُ: بکری سے جیلی نکالنا-

السَّلٰی- جیلی (وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اور اگر وہ پیٹ میں ٹوٹ جاتی ہے تو بچہ اور ماں دونوں مر جاتے ہیں) ج اَسْلَاء- "اِنْقَطَعَ السَّلٰی فِي الْبَطْنِ" اس وقت بولتے ہیں جبکہ سارے حیلے ختم ہو جائیں اور مصیبت بڑھ جائے- و "هُوَ آكِلُ السَّلَاءِ" وہ خسیس و کمینہ ہے-

سَمَّهٗ (ن) سَمًّا- زہر دینا ___ الطَّعَامَ: کھانے میں زہر ڈالنا ___ القَارُوْرَةَ: بند کرنا ___ الشَّيْءَ: درست کرنا ___ بَيْنَهُمَا: صلح کرانا-

___ الأَمْرَ: آزمانا اور تہ تک پہنچنا- سَمَّ النِّعْمَةَ اِلَيْهِ: مخصوص کرنا- سَمَّ الشَّيْءُ: سب کو عام ہونا-

سَمَّتْ (ن) سُمُوْمًا- الرِّيْحُ: جھلسنا-

سُمَّ- اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا یا گرم ہوا والا ہونا ___ النَّبَاتُ: باد سموم سے جھلسنا- صفت (مَسْمُوْم)

سَمَّ- ک الطَّعَامَ: کھانے میں زہر ڈالنا-

اَسَمَّ اِسْمَامًا- اليَوْمُ: باد سموم چلنا-

السُّمُّ و السَّمُّ و السِّمُّ- سوئی کا ناکا- زہر- ج سِمَام و سُمُوْم- سَمُّ الحِمَار: کنیر- سَمُّ الفَار: سنکھیا- سَمُّ السَّمَك ماہی زہرہ- (ایک دوا کا نام) سَمُّ سَاعَة: فوراً ہلاک کرنے والا زہر- کہا جاتا ہے "اَصَابَ سَمَّ حَاجَتِهٖ" اس نے اپنا مقصد حاصل کر لیا- السَّم: ہر وہ چیز جو سمندر سے نکلے مثل سنکھ گھونگا وغیرہ کے-

السُّمَّة- قرابت- کھجور کی چٹائی جس کو درخت خرما کے نیچے بچھا دیں تاکہ کھجوریں اسی پر گریں- زینت کے لیے پروئی ہوئی کوڑیاں- ج سُمَم و سِمَام-

سُمِّيَّةُ- الشَّيْءِ: کسی چیز کا زہریلا اثر-

السَّمَام- ہلکا پھلکا تیر- ایک چھوٹا سا پرندہ- واحد (سَمَامَة)

السِّمَام و السُّمُوْم- مِنَ الإِنْسَان: منہ- نتھنے- کان- السَّمَام: بھیڑیا-

السَّمُوْم- گرم ہوا- مؤنث- ج سَمَائِم-

السَّمَامَة- کالبد انسانی- تم کہتے ہو "فُلَانٌ

بَهِيُّ السَّمَامَةِ "فلاں خوبصورت بدن والا ہے-
کھنڈرات- جھنڈا- گھوڑے کی گردن کا خوبصورت دائرہ- ابابیل کی مانند ایک پرندہ جس کے انڈوں کا حاصل ہونا غیر ممکن ہے- اسی وجہ سے عرب کا قول ہے "كَلَّفْتَنِيْ بَيْضَ السَّمَائِمِ" تم نے مجھ کو تکلیف مالا یطاق دی- اور ایک قول بَيْضَ السَّمَاسِمِ کا ہے- سَمَاسِم سِمْسِمَةٌ کی جمع ہے جس کے معنی سرخ چیونٹی کے ہیں-

السَّامُّ- زہریلا-

السَّامَّة- سام کا مؤنث- خاص- کہا جاتا ہے "عَرَفَ ذٰلِكَ السَّامَّةُ و العَامَّةُ" اس کو خاص اور عام سب جانتے ہیں-

سَامُّ أَبْرَص و سَمُّ أَبْرَص- چھپکلی- مثنٰی- سَامَّا أَبْرَص- ج أَبَارِص و سَوَامُّ أَبْرَص-

يَوْمٌ سَامٌّ و مُسِمٌّ و مَسْمُوْمٌ ___ گرم ہوا والا دن-

الأَسَمُّ- الأَنْفِ: تنگ نتھنے والا-

المَسَام- مِنَ الجِلْدِ: جسم کے باریک سوراخ اور بعض لوگ- اس کو سَمٌّ بمعنی سوراخ کی جمع قرار دیتے ہیں جیسے مَحَاسِن حُسْن کی جمع-

أَهْلُ (المَسَمَّة) خاص لوگ- رشتہ دار-

سَمَأَلَ- الخَلُّ: مکھی والا ہونا-

إِسْمَأَلَّ- إِسْمِئْلَالاً- دبلا ہونا-

الظِّلُّ: کوتاہ ہونا-

السَّمَأَل- سایہ-

السَّمَوْأَل- سایہ- سرکہ کے اوپر کی مکھی- ایک شخص کا نام جو وفاء عہد کے لیے ضرب المثل ہے-

المُسْمَئِل- فا- پرانا کپڑا-

سَمَتَ (ن ض) سَمْتًا- راستہ اختیار کرنا- راہ راست پر چلنا- گمان سے راستہ پر چلنا- سَمَتَ الشَّيْءَ و سَمَتَ نَحْوَهُ: قصد کرنا اور اسی سے ہے "وَهُنَّ إِلَى البَيْتِ العتيق سَوَامِتُ" وہ سب خانہ کعبہ کی جانب قصد کرنے والی ہیں-

سَمَتَ لَهُمْ: رائے و تدبیر و طریقہ گفتگو کی رہنمائی کرنا-

سَمَّتَ- راستہ اختیار کرنا ___ لِلعَاطِسِ: يرحمك الله کہہ کے دعا کرنا ___ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا-

سَامَتَهُ- مقابل ہونا-

تَسَمَّتَهُ- قصد کرنا-

السَّمْت- مص- راستہ- کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هٰذَا السَّمْتِ" اس راستہ کو اختیار کرو- ج سُمُوْت

سَمْتُ الرَّاسِ فِي عِلْمِ الهَيْئَةِ: علم ہیئت کی اصطلاح میں کسی کھڑے ہوئے شخص کے سر کی سیدھ میں آسمان کا وہ نقطہ جس پر کرۂ ارض کے مرکز سے نکلا ہوا خط پہنچے- سمت الراس کہلاتا ہے اور اس کے مقابل کو سَمْتُ القَدَمِ یا سَمْتُ الرِّجْلِ کہتے ہیں- اور سمت کا لفظ اہل خیر و صلاح کی ہیئت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے- کہا جاتا ہے "مَا أَحْسَنَ سَمْتَ فُلَانٍ" اس کی ہیئت و حالت کس قدر اچھی ہے-

سَمُجَ (ک) سَمَاجَةً و سُمُوْجَةً- قبیح ہونا- صفت (سَمْجٌ و سَمِجٌ و سَمِيْجٌ) ج سِمَاجٌ و سَمْجُوْنَ و سُمَجَاء و سَمَاجَى-

سَمَّجَهُ- قبیح بنانا-

إِسْتَسْمَجَه- قبیح سمجھنا-

سَمْجَرَ سَمْجَرَةً- اللَّبَنَ: دودھ میں پانی زیادہ ملانا-

سَمُحَ (ک) سَمَاحًا و سُمُوْحًا و سَمَاحَةً و سُمُوْحَةً و سَمْحًا و سِمَاحًا- فیاض و سخی ہونا- صفت (سَمْح و سَمِيْح و مِسْمَح و مِسْمَاحٌ) ج سِمَاح و سُمَحَاء و مَسَامِيْح- تم کہتے ہو "رِجَالٌ و نِسَاءٌ سِمَاح و سُمَحَاء و مَسَامِيْح-"

سَمَحَ (ف) سَمَاحَةً و سَمَاحًا- بِكَذَا: بخشش کرنا ___ لَهُ بِالشَّيْءِ: دینا ___ العُوْدُ: لکڑی کا نرم ہونا ___ النَّاقَةُ: اونٹنی کا مطیع و تیز رفتار ہونا-

سَمَّحَ- نرم ہونا اور نرم برتاؤ کرنا ___ الرُّمْحَ: نیزہ کو نرم کرنا ___ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا- دوڑنا- بھاگنا-

أَسْمَحَ- الرَّجُلُ: فیاض و سخی ہونا- أَسْمَحَتِ الدَّابَّةُ: سرکشی کے بعد نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "أَسْمَحَتْ قَرُوْنَتُهُ" یعنی اس کا نفس تابع و فرمانبردار ہوگیا-

سَامَحَهُ- فِي الأَمْرِ و بِالأَمْرِ: نرم برتاؤ کرنا- نرمی کرنا- مقصد میں موافقت کرنا ___ ہ بِذَنْبِهِ: درگزر کرنا-

تَسَمَّحَ و تَسَامَحَ- فِي كَذَا: نرمی برتنا-

السَّمَاح- مص- بَيْعُ السَّمَاحِ: وہ بیع جس میں قیمت گھٹانے میں نرمی ہو- کہتے ہیں "السَّمَاحُ رِبَاحٌ" یعنی معاملات میں نرمی نفع بخش ہوتی ہے-

السِّمَاح- مص- چمڑے کا خیمہ-

السَّمْحَة- السمح کا مؤنث- ج سِمَاح-

المَسْمَح- وسعت و فراخی-

السَّمْحَج- دراز پشت گھوڑا یا گدھی- پتلی کمر اور سخت گوشت والا گھوڑا-

السِّمْحَاق- سر کی ہڈی پر باریک جھلی-

سَمَاحِيْقُ- السَّمَاءِ: بادل کے پتلے ٹکڑے- اور کہا جاتا ہے "عَلَى ثَرْبِ الشَّاةِ سَمَاحِيْقُ مِنَ الشَّحْمِ" بکری کے اوجھ کی چادر پر چربی کی کچھ جھلی سی ہے-

سَمَخَ (ن) سَمْخًا- الزَّرْعُ: کھیتی کا اُگنا-

(سَمَخَهُ (ف) سَمْخًا) کان کے سوراخ پر چوٹ لگا کر زخمی کرنا- کہا جاتا ہے "سَمَخَنِيْ بِحِدَّةِ صَوْتِهِ و كَثْرَةِ كَلَامِهِ" اس نے آواز کی تیزی اور کثرتِ گفتگو سے میرے کان کو زخمی کر دیا-

___ زَرْعٌ حَسَنُ (السِّمْخَة) اچھی اُگنے والی کھیتی-

السِّمَاخ- کان کا سوراخ-

سَمَدَ (ن) سُمُوْدًا- حیران کھڑا ہونا- متحیر ہونا- گانا- تکبر سے سر اُٹھانا اور سینہ تاننا ___ فِي العَمَلِ: کوشش کرنا اور تکلیف اُٹھانا ___ الإِبِلُ: اونٹ کا تیز چلنا (___ سَمْدًا) الرَّجُلَ: قصد کرنا-

سَمَّدَ- الأَرْضَ: کھاد ڈالنا ___ الشَّعْرَ: بال کو جڑ سے مونڈنا ___ الرَّجُلُ: کھیل کود میں ڈالنا- غافل کر دینا-

إِسْمَدَّ إِسْمِدَادًا و إِسْمَأَدَّ إِسْمِئْدَادًا

الرَّجُلُ : غصہ سے پھولنا ___ یَدَہٗ : ہاتھ کا سوجنا ___ الشَّیْئُ :ضائع ہونا۔ کہاجاتا ہے "هُوَ لَكَ (سَمْدًا)" وہ تمہارے واسطے ہمیشہ کے لیے ہے۔

السَّمَاد۔ کھاد۔

السَّامِد۔ فا۔ وَطْبٌ سَامِدٌ :بھری ہونے سے کھڑی مشک۔

اِسْمَدَرَّ اِسْمِدْرَارًا۔ نگاہ کمزور ہونا۔

السُّمْدُوْر۔ آنکھ کا پردہ۔ بادشاہ (اس وجہ سے کہ اس کی طرف دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔)

السَّمَادِیْر۔ نشہ یا بیہوشی یا دوران سر کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری۔

السَّمَنْدَر و السَّمَیْدَر۔ ایک جانور جو پانی اور خشکی میں رہتا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کے جسم پر کچھ ایسا مادہ ہوتا ہے جو آگ بجھا دیتا ہے اور اسی بنا پر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ جلتا نہیں۔

السَّمَیْدَع۔ فیاض سردار۔ شریف بہادر بھیڑیا۔ تلوار۔ ج سَمَادِع۔

السَّمِیْذ و السَّمِیْد۔ سفید آٹا۔

سَمَرَ (ن) سَمْرًا۔ العَیْنَ : گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا (___ سَمْرًا و سُمُوْرًا) رات میں قصہ گوئی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَا سَمَرَ السَّمِیْرُ او ابْنُ سَمِیْرٍ و ابْنَا سَمِیْرٍ" میں اس کو جب تک لوگ قصہ بیان کرتے رہیں گے نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

سَمَرَ (ن ض) سَمْرًا و سَمَّرَ۔ اللَّبَنَ :دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا ___ الخَمْرَ : شراب پینا ___ النَّبَاتَ :گھاس چرنا ___ البَابَ وغیرہ: دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا ___ السَّهْمَ : تیر چلانا۔

سَمِرَ (س) و سَمُرَ (ک) سُمْرَةً اِسْمَرَّ اِسْمِرَارًا و اِسْمَارَّ اِسْمِیْرَارًا۔ سفیدی۔ سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونا۔ گندم گوں ہونا۔ صفت (اَسْمَر) مؤنث سَمْرَاء۔ ج۔ سُمْرٌ۔

سَامَرَهٗ۔ رات کو باتیں کرنا۔ رات کو قصہ گوئی کرنا۔

تَسَمَّرَ۔ میخ لگنے سے مضبوط ہونا۔

تَسَامَرَ۔ القَوْمُ :رات کو باہم باتیں کرنا۔

السَّمَر۔ مص۔ قَوْمٌ سَمَرٌ : رات کو باتیں کرنے والے لوگ۔

السَّمَر۔ رات کو باتیں سنانے والا۔ ج اَسْمَار : رات' رات کی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیْهِ سَمَرًا" میں اس کے پاس رات کو نہیں آؤں گا۔ رات کی گفتگو۔ چاند کا سایہ اور کبھی سمر قمر کے مقابلے میں بولتے ہیں جہاں سایہ ہو اس کو سَمَر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں۔ زمانہ۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ اور "حَلَفْتُ بِالسَّمَرِ وَالقَمَرِ" و "لَا آتِیْكَ السَّمَرَ وَالقَمَرَ" و "لَا اُکَلِّمُهُ السَّمَرَ وَالقَمَرَ" ان سب ترکیبوں میں "مُدَّةُ وَجُوْدِ السَّمَرِ وَالقَمَرِ" محذوف ہے۔ مراد ہمیشگی ہے۔

السَّمَرَة۔ رات کی گفتگو۔

السَّمُر۔ ببول کا درخت۔ ج اَسْمُر۔ واحد (سَمُرَة)

السَّامِر۔ فا۔ ج سُمَّر و سُمَّار۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ تم کہتے ہو "اَمْسَیْتُ البَارِحَةَ فِی سَامِرِ الحَیِّ" میں گزشتہ رات قبیلہ کی مجلس گفتگو میں تھا (___ و السَّامِرَة) اسم جمع بمعنی رات کو باتیں کرنے والے۔

السَّامُوْر۔ ہیرا۔

السَّمَار۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

الاَسْمَر۔ نیزہ۔ ہرن کا دودھ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ اَسْمَر" بغیر بارش کا خشک سال۔

الاَسْمَرَان۔ پانی اور گیہوں' پانی اور نیزہ۔

السَّمُوْر۔ تیز رفتار۔ اصیل اونٹنی۔

السَّمُّوْر۔ ایک جانور جو نیولے کے مشابہ اور اس سے کچھ بڑھا ہوتا ہے اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور اس کی کھال سے بہت بیش قیمت پوستین تیار ہوتی ہے او بسا اوقات اس جانور کی کھال کو بھی سَمُّوْر کہتے ہیں۔ ج سَمَامِیْر۔

السَّمِیْر۔ رات کو باتیں سنانے والا۔ رات کا قصہ گو۔ زمانہ۔ اِبْنَا سَمِیْرٍ :دن اور رات۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ سَمِیْرَ اللَّیَالِیْ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔ اور کہا جاتا ہے "اِبْنُ سَمِیْرٍ" بے چاند کی رات۔

السِّمِّیْر۔ رات میں باتیں سنانے والا۔

المِسْمَار۔ کیل۔ میخ۔ اونٹوں کا بہتر رکھوالا۔ ج مَسَامِیْر۔

المَسْمُوْر۔ کم گوشت' مضبوط پٹھوں والا۔ مکدر زندگانی۔

السَّمْرَاء اَسْمَر کا مؤنث۔ گیہوں۔ گیہوں کا آٹا جس سے بھوسی جدا نہ کی گئی ہو۔

السُّمَیْرِیَّة۔ ایک قسم کی کشتی۔

سَمْرَتَ۔ السُّمْرُوْتُ :لمبا (السُّمْرُوْد) لمبا۔

السَّمَرْمَر۔ ایک قسم کا پرندہ جو ٹڈیوں کا بہت شکار کرتا ہے اور ٹڈیاں اس کی آواز سے بھاگتی ہیں۔ السَّمَرْمَرَة :بھوت۔

سَمْسَرَ سَمْسَرَةً۔ دلال ہونا۔

السِّمْسَار۔ دلال۔ چیز کا مالک و منتظم۔

سِمْسَارُ الاَرْضِ :زمین کا ماہر۔ ج سَمَاسِرَة و سَمَاسِر و سَمَاسِیْر۔

السَّمْسَرَة۔ مص۔ دلالی کا پیشہ۔ دلالی کی اجرت۔

السِّمْسِق والسَّمْسَق والسُّمْسُق والسُّمْسَق۔ چنبیلی۔ مرزنجوش۔

سَمْسَمَ۔ الثَّعْلَبُ : لومڑی کا دوڑنا ___ الرَّجُلُ :نرم چال چلنا۔

السَّمْسَم۔ لومڑی۔ بھیڑیا۔ زہر۔

السُّمْسُم۔ سرخ چیونٹی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد (سُمْسُمَة) ہلکا پھلکا مرد۔ ج سماسم۔

رَجُلٌ (مُسَمْسِمُ) الوَجْه :خاندار چہرے والا مرد۔

سَمَطَ (ن) سُمُوْطًا۔ الرَّجُلُ :چپ رہنا۔ عَلَی الیَمِیْنِ :قسم کھانا ___ اللَّبَنُ :مٹھاس میں تغیر ہونا۔ صفت (سَامِط)

سَمَطَ۔ (ن ض) سَمْطًا۔ الجدی :بکری کے بچے کو بالوں سے صاف کرکے بھوننا۔ ___ الشَّیْئَ :لٹکانا ___ السِّکِّیْنَ :چھری تیز کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَطَتُ الرَّجُلَ یَمِیْنًا عَلٰی حَقِّی" میں نے مرد کو اپنے حق پر قسم کھلائی۔

___ سَمَّطَ۔ چپ رہنا ___ الشَّیْئَ : لازم ہونا۔ زین کے تسمہ سے لٹکانا ___ الشَّاعِرُ : مُسَمَّط اشعار نظم کرنا (دیکھو مُسَمَّط)

"سَمَّطَ قَصِيْدَةَ فُلَانٍ" کسی کے قصیدہ کے اشعار کے ہر ہر شعر کے مصرعوں میں اپنی جانب سے ایک مصرعہ بڑھانا۔

اَسْمَطَ۔ چپ ہونا۔

تَسَمَّطَ۔ الشَّيْءُ بِهٖ۔ لٹکنا۔

السِّمْطُ۔ لڑی جس میں مہرہ یا موتی پروئے ہوئے ہوں۔ زین کا تسمہ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ کہا جاتا ہے "عَلَّقَهٗ بِسُمُوْطِ سَرْجِهٖ" اس نے اس چیز کو زین کے تسموں سے لٹکایا ۔۔۔ مِنَ الْعِمَامَةِ: پگڑی کا شملہ۔ گلوبند (زیور) سے لمبا ہار۔ السِّمْطُ مِنَ الثِّيَابِ: چادر کے نیچے نمایاں ہونے والا کپڑا ۔۔۔ مِنَ الرَّمْلِ: ریت کی لکیر۔ رَجُلٌ سِمْطٌ: ہلکا پھلکا چالاک مرد۔ ج سُمُوْط۔

السَّمْطُ۔ مص۔ فقیر۔

السُّمْطُ۔ اونی کپڑا۔

نَعْلٌ (سَمْطٌ و اَسْمَاطٌ) اکہرے چمڑے کا جوتا۔

نَاقَةٌ سُمْطٌ و اَسْمَاطٌ: بے داغ کی اونٹنی۔

سَرَاوِيْلُ اَسْمَاطٌ: اکہرا پاجامہ۔

السَّامِطُ۔ فا۔ مَاءٌ سَامِطٌ: جوش دیا ہوا پانی جو کسی چیز سے بال وغیرہ صاف کر دے۔

السِّمَاطُ۔ صف بستہ چیز۔ دسترخوان۔ سِمَاطُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دونوں جانب۔ سِمَاطُ الْقَوْمِ: قوم کی قطار۔ ج سُمُط اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى سِمَاطٍ وَاحِدٍ" وہ ایک نظام میں ہیں۔

السَّمِيْطُ۔ بال صاف کر کے بھونا ہوا بکری کا بچہ۔ مرد سبک حال۔ فقیر۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔ نَعْلٌ سَمِيْطٌ: ایک چمڑے کا جوتا۔

السُّمَيْطُ۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔

الْمُسَمَّطُ۔ مِنَ الشِّعْرِ: وہ شعر جو اجزاء عروضیہ پر ہو اور قافیہ کے حروف روی کے علاوہ دوسرے قافیہ پر ہو اور کہا جاتا ہے "حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" تمہارا حکم پورا کیا ہوا ہے۔ تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس کی تقدیر یہ ہے "لَكَ حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" اور مُسَمَّطًا حالیت کی وجہ سے منصوب ہے۔ و "هُوَ لَكَ مُسَمَّطًا" وہ تمہاری لیے خوشگوار ہے۔ و "خُذْ حُكْمَكَ مُسَمَّطًا" تم اپنے حکم کو جاری کرو جو رد نہیں ہوگا۔

السَّمَيْطَرُ۔ ایک قسم کا پرندہ جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور ہمیشہ اُتھلے پانی کے قریب دکھائی دیتا ہے۔

سَمِعَ (س) سَمْعًا و سِمْعًا و سَمَاعًا و سَمَاعَةً و سَمَاعِيَةً و مَسْمَعًا۔ الصَّوْتَ: سننا۔ صفت (سَامِعٌ) ج سُمَّاع و سَمَعَة و سَامِعُوْنَ ۔۔۔ لَهٗ اللّٰهُ: قبول کرنا ۔۔۔ مِنْهُ و لَهٗ: دینا۔ اِلَيْهِ: کان لگانا۔ متوجہ ہونا۔

سَمَّعَهُ۔ الصَّوْتَ: سنانا۔ سَمَّعَ بِهٖ: عیوب کو پھیلانا۔ رسوا کرنا۔ بری باتیں سنانا اور گالی دینا۔

سَمَّعَ بِكَذَا: کسی کے متعلق کوئی چیز پھیلانا۔

۔۔۔ بِفُلَانٍ فِي النَّاسِ: شہرت دینا۔

اَسْمَعَهٗ۔ سنانا۔ گالی دینا۔ ڈول میں دستہ لگانا۔

تَسَمَّعَ و اِسَّمَّعَ۔ الرَّجُلَ و اِلَيْهِ: کان لگانا۔

تَسَامَعَ۔ بِهِ النَّاسُ: کسی کے متعلق لوگوں کا ایک دوسرے سے سننا۔

اِسْتَمَعَ۔ لَهٗ و اِلَيْهِ: کان لگانا۔

اِسْتَسْمَعَهٗ۔ سننا۔

السَّمْعُ۔ مص۔ سننے کا حاسہ۔ کان۔ سنی ہوئی بات۔ سنا ہوا ذکر۔ ج اَسْمَاع و اَسْمُع و جج اَسَامِع و اَسَامِيْع۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَابَيْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ وَ بَصَرِهَا" جبکہ کوئی نہ جانتا ہو کہ کہاں گیا یا ایسی زمین میں ہو جہاں اس کو کوئی دیکھنے والا' سننے والا نہ ہو۔ و "اَلْقٰى نَفْسَهٗ بَيْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ وَ بَصَرِهَا" اس نے اپنے آپ کو ایسی جگہ میں ڈال دیا جہاں کوئی دیکھنے والا' سننے والا نہیں۔ و "سَمْعَكَ اِلَيَّ" میری بات سنو۔ میری طرف توجہ کرو۔ و "سَمِعَ اُذُنِيْ فُلَانًا يَقُوْلُ ذٰلِكَ" فلاں کو یہ کہتے ہوئے میرے کانوں نے سنا اور کہتے ہیں "سِمْعَ اُذُنِيْ و سَمْعَةَ اُذُنِيْ و سِمْعَةَ اُذُنِيْ"۔

اُمُّ السَّمْعِ: دماغ۔

السِّمْعُ۔ اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سِمْعٌ" اچھی شہرت کا مرد۔ و "هٰذَا اَمْرٌ ذُوْ سِمْعٍ" یہ سننے کے لائق ہے اور جب کوئی آدمی کسی غیر پسندیدہ خبر کو سنتا ہے تو کہتا ہے "سِمْعًا لَا بِلْغًا او سَمْعًا لَا بَلْغًا" یعنی خدا کرے کہ سنی جائے اور پہنچے نہیں۔ السِّمْعُ: بھیڑیئے کا بچہ بجو سے۔ مؤنث (سِمْعَةٌ) اس کی قوت سامعہ بہت تیز ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مثال ہے "هُوَ اَسْمَعُ مِنْ سِمْعٍ"۔

السَّمْعَةُ۔ سَمِعَ کا اسم مرۃ۔ اُذُنٌ سَمْعَةٌ: سننے والا کان۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ رِيَاءً و سُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لیے کیا۔

السُّمْعَةُ۔ شہرت۔ سنی ہوئی بات۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهٗ رِيَاءً و سُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سننے کے لیے کیا۔

السَّمَاعُ۔ مص۔ شہرت۔ گیت اور اصطلاح میں سماع خلافِ قیاس کو کہتے ہیں یعنی جس کو عرب سے سن کر استعمال کیا جائے اور اس پر قیاس نہ کیا جا سکے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ ذُوْ سَمَاعٍ" یہ امر سننے کے قابل ہے۔ و "قَالُوْا ذٰلِكَ سَمَاعَ اُذُنِيْ" لوگوں نے اس کو میرے سامنے کیا۔

سَمَاعِ۔ بروزن قطام اسم فعل بمعنی اِسْمَعْ۔

السَّمَّاعُ۔ بہت سننے والا۔ فرمانبردار۔ جاسوس۔

السَّمِيْعُ۔ سننے والا۔ سنانے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ سنی ہوئی بات۔ ج سُمَعَاء۔ اُمُّ السَّمِيْعِ: دماغ۔ اُذُنٌ سَمِيْعٌ و سَمِيْعَةٌ: سننے والا کان۔

السَّامِعَةُ۔ کان۔

السَّامِعَانِ۔ دونوں کان۔

اُذُنٌ (سَمْعَةٌ و سَمِعَةٌ و سَمُوْعٌ و سَمِيْعٌ و سَمَّاعَةٌ) سننے والا کان۔ السَّمَّاعَةُ: ایک آلہ کا نام جو سننے کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے۔

التَّسْمِعَةُ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهٗ تَسْمِعَتَكَ او تَسْمِعَةً لَكَ" میں نے اس کو کیا ہے تاکہ تم سن سکو۔

الْمَسْمَعُ۔ سننے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّيْ بِمَرْأًى و مَسْمَعٍ" یا "هُوَ مِنِّيْ مَرْأًى و مَسْمَعٌ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتوں کو سن سکتا ہوں۔

الْمِسْمَعُ و الْمِسْمَعَةُ۔ کان۔ ج مَسَامِع۔ ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔

الْمُسْمِعُ۔ فا۔ قید۔

المُسْمِعَة- گانے والی- کہا جاتا ہے "غَنَّتْهُمْ مُسْمِعَةٌ"
المُسَمَّع- مفو- قید کیا ہوا (السَّمَعْمَع) شیطان خبیث-
سَمْعَنَ- اَلسَّمْعَنَة والسِمْعَنَة: بہت سننے والی-
السَّمَعْمَج- میٹھا دودھ-
اِسْمَعَدَّ اِسْمِعْدَادًا- غصہ سے بھر جانا-
اِسْمَعَدَّتْ اَنَامِلُهُ: سوجنا-
اِسْمَعَطَّ- العُجَاجُ: غبار کا اوپر چڑھنا-
اِسْمَعَطَّ: سخت غضبناک ہونا-
اِسْمَغَدَّ اِسْمِغْدَادًا- الجُرْح: زخم کا سوجنا-
المُسْمَغِدُّ- فا- پھولا ہوا- زور سے پکڑنے والا- یہاں تک کہ انگلیاں سوج جائیں-
سَمَقَ (ن) سَمْقًا و سُمُوْقًا- النَبَاتُ: بلند ہونا- صفت (سَامِق و سَمِقٌ)
السُّمَاق- خالص- کہا جاتا ہے "أُحِبُّكَ حُبًّا سُمَاقًا" میں تم سے خالص محبت کرتا ہوں-
السُّمَّاق و السُّمُّوق- ایک درخت جس کا پھل بہت کھٹا ہوتا ہے- پھل کو بھی کہتے ہیں- واحد سُمَّاقَة و سُمُّوْقَة-
السَّمِيْق- ہل کا جوا-
السِمِقُّ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا مرد-
اِسْمَقَرَّ اِسْمِقْرَارًا- اليَوْمُ: بہت گرم ہونا-
سَمَكَ (ن) سَمْكًا- الشَّيْءَ: بلند کرنا- کہا جاتا ہے "سَمَكَ اللّٰهُ السَّمَاءَ" اللہ نے آسمان کو بلند کیا-
سَمَكَ (ن) سَمْكًا و سُمُوْكًا و سَمُكَ (ن) سَمَاكَةً: بلند ہونا-
سَمَّكَ- الشَّيْءَ: کسی چیز کو دبیز بنانا-
تَسَمَّكَ- بلند ہونا-
اِسْتَسْمَكَ- الثِّيَابَ: کپڑوں میں سے لمبا اختیار کرنا- مچھلی کھانا-
السَّمْك- مص- چھت یا چھت کی دبازت- ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد-
السَّمَك- مچھلی- ج سِمَاك و سُمُوْك و اسماک- واحد (سَمَكَةٌ)
السِمَاك- چیز کے اٹھانے کا اوزار- ج سُمُك ــــ مِنَ الزَوْرِ: پسلی سے ملی ہوئی پسلی-
السِمَاكَان- دو روشن ستارے ایک کو السِمَاک الرامح اور دوسرے کو السِمَاكُ الأَعْزَل کہتے ہیں-
السُّمَيْكَاء- ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے-
السَّمَّاك- مچھیرا- مچھلی بیچنے والا-
السَّمِيْك و المَسْمُوْك- لمبا- المَسْمُوْكُ مِنَ الخَيْلِ: مضبوط گھوڑا-
المِسْمَاك- خیمہ وغیرہ اٹھانے کی لکڑی-
المُسْمَكَات و المَسْمُوْكَاتُ السَّبْع- ساتوں آسمان-
سَمَلَ (ن) سَمْلاً- عَيْنَه: آنکھ پھوڑنا- الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا ــــ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا ــــ الدَلْوُ: ڈول کا تھوڑا پانی نکالنا-
سَمَلَ (ن) سُمُوْلاً و سُمُوْلَةً و سَمُلَ (ک) سَمَالَةً- الثَوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا- صفت (سَمِل)
سَمَّلَ- الحَوْضَ: حوض کا تھوڑا پانی دینا- ــــ الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا ــــ فُلَانًا بِالقَوْلِ: نرمی سے بات کرنا-
اَسْمَلَ- الثَوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا ــــ بَيْنَهُمْ. صلح کرانا-
تَسَمَّلَ- تھوڑا پانی پینا ــــ النَبِيْذ: نبیذ کے پینے میں اصرار کرنا-
اِسْمَلَ- عينهُ: آنکھ پھوڑنا-
السمل- آنکھ پھوڑنے والا-
السَمِل- پرانا بوسیدہ کپڑا- ج اَسْمَال- حوض کا بقیہ پانی
ثَوْبٌ (سَمَل- سَمُوْل و سَمِيْل) پرانا بوسیدہ کپڑا-
السَمَال- پانی سے غرض کا [illegible]
السُّمْلَة و السَمَلَة- تھوڑا پانی- ج سَمَل و اَسْمَال و سِمَال و سُمُول-
السُّمْلَان- مِنَ السَاءِ و النَبِيْذِ- پانی یا شراب کا بقیہ-
السَّوْمَل- پرانا بوسیدہ کپڑا-
السَوْمَلَة- چھوٹی پیالی-
السَّمَوَّل- وسیع زمین- نرم مٹی والی زمین-
سَمْلَجَ- اللَبَنَ فِي حَلْقِهِ: آسانی سے نگلنا-
السَمَلَّج و السُمَالِج- میٹھا دودھ-
السِمْلَاخ و السُمْلُوْخ- کان کا سوراخ- کان کا میل-
السُمَالِخِي- بے مزہ دودھ یا کھانا-
السَّمَلَّع- بھیڑیا- بد اور خبیث کے لیے بھی بولتے ہیں-
السَمْلَق- ہموار و بنجر زمین-
سَمِنَ (س) سِمَنًا و سَمَانَةً- موٹا ہونا- صفت (سَامِنٌ سَمِيْنٌ) ج سِمَان-
سَمَنَ (ن) سِمْنًا و سَمَّنَ- الطَعَامَ: گھی ڈالنا- و سَمَّنَه: موٹا کرنا- سَمَّنَ القَوْمَ: گھی کا توشہ دینا- سَمَّنَ لَهُ: بہت دینا-
اَسْمَنَ- موٹا ہونا- بہت گھی والا ہونا- موٹے جانوروں والا ہونا- موٹا جانور خریدنا یا اس کا مالک ہونا یا اسے ہبہ کرنا-
ــــ الفَرَسَ: گھوڑے کو موٹا کرنا ــــ الخُبْزَ: روٹی گھی میں تر کرنا ــــ الرَّجُلَ: گھی کھلانا-
تَسَمَّنَ- موٹا ہونا- بغیر شرافت کے مدعی شرافت ہونا-
اِسْتَسْمَنَ- اپنے لیے گھی طلب کرنا ــــ ہ: موٹا پانا یا سمجھنا اور اسی سے مثال ہے "اِسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَمٍ" تم نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا- اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ کوئی شخص حقیقت واقعہ کے خلاف محض ظاہر سے دھوکا کھا جائے-
السَامِن- فا- بہت گھی والا (فاعل ذیکذا ہے باب تَامِر و لَابِن سے-)
السَمْن- مص- گھی- ج اَسْمُن و سُمُوْن و سُمْنَان-
السَمَّان- گھی بیچنے والا-
السَمْنَة- گھی- یہ السمن سے خاص ہے-
السُمْنَة- موٹا کرنے والی ایک دوا- ایک قسم کی گھاس جس کے دانے فلفل کی طرح ہوتے ہیں اور اس کو عورتیں فربہی کے لیے

استعمال کرتی ہیں۔

السَّمِیْن۔ موٹا ___ مِنَ الْکَلَامِ: باموقع گفتگو۔

السَّمِیْنَۃ۔ السَّمِیْن کا مؤنث۔ ج سِمَان۔

اَرْضٌ سَمِیْنَۃٌ: بغیر پتھر والی زمین۔

الْمُسْمِن۔ پیدائشی موٹا۔

طَعَامٌ (مُسْمِنَۃ) موٹا کرنے والی خوراک۔

السُّمَانی۔ بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ۔ واحد و جمع دونوں کے لیے اور کہا گیا ہے کہ واحد (سُمَانَاۃ) ہے۔ ج سُمَانِیَات۔

السَّمَنْجُوْنِیّ۔ آسمانی رنگ والا۔ (جدید)

السَّمَنْدو السَّمَنْدَل و السَّنْدَل۔ ایک قسم کا پرندہ۔

سَمَہَ (ف) سُمُوْھًا۔ مدہوش ہونا ___ الْفَرَسُ: گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا۔

سَمَّہَ۔ الْاِبِلَ: بیکار چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (سُمَّۃ)

السَّامِہ۔ حیران۔ ج سُمَّۃ۔

السُّمَّھِی۔ فضاء آسمانی۔ ترمرے (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضاء آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے)

(___ والسُّمَّہ والسُّمَّیْھِی والسُّمَیْھِی والسُّمَیْھَاء والسُّمَّیْھَاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔

سَمْھَجَ۔ کَلَامَہٗ: جھوٹ بولنا۔ الْحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا ___ الشَّیْئَ: چھوڑنا۔

___ الدَّرَاھِمَ: رواج دینا ___ الْیَمِیْنَ: قسم میں سختی کرنا۔

السِّمْھَاج۔ جھوٹ۔

اِسْمَھَدَّ۔ السَّنَامُ: کوہان کا بڑا ہونا۔

السَّمْھَد۔ خشک و سخت چیز۔

السَّمْھَد و السَّمَھْدَد۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

اِسْمَھَرَّ۔ مضبوط و سخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا ___ الظَّلَامُ: بہت اندھیرا ہونا۔

السَّمْھَرِی۔ مضبوط نیزہ۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ سَمْھَرِیٌّ وَرِمَاحٌ سَمْھَرِیَّۃٌ" قَدٌّ سَمْھَرِیٌّ: معتدل قد۔

سَمَا یَسْمُوْ سُمُوًّا۔ بلند ہونا ___ الْبَصَرُ: اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَوْتُ اِلَیْہِ بَصَرِیْ" اس کی طرف میں نے نگاہ اٹھائی و "سَمَا اِلَیْہِ بَصَرِیْ" اس کی طرف میری نگاہ اٹھی۔ و "نَفْسُہٗ تَسْمُوْ اِلٰی مَعَالِی الْاُمُوْرِ" اس کا نفس بڑے بڑے امور کی طرف مائل ہے ___ بِہٖ: بلند کرنا ___ الْقَوْمُ: شکار کیلئے جانا (سَمَا یَسْمُوْ سَمْوًا) الرَّجُلُ زَیْدًا او بِزَیْدٍ: نام رکھنا۔

سَمّٰی۔ الرَّجُلَ زَیْدًا اَوْ بِزَیْدٍ: نام رکھنا ___ الشَّارِعُ فِی الْعَمَلِ: کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔

اَسْمٰی۔ الشَّیْئَ: بلند کرنا ___ الرَّجُلَ زَیْدًا او بِزَیْدٍ: نام رکھنا ___ ہٗ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: روانہ کرنا۔

سَامٰی مُسَامَاۃً۔ الرَّجُلَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُسَامٰی" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جاسکتا۔

تَسَامٰی تَسَامِیًا۔ اَلْقَوْمُ: باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا ___ عَلَی الْخَیْلِ گھوڑے پر سوار ہونا۔

تَسَمّٰی۔ نام پانا ___ اِلٰی و بِالْقَوْمِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَمٰی اِسْتِمَاءً۔ الصَّائِدُ: شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا ___ ہ: کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر و صلاح معلوم کرنا۔

اِسْتَسْمٰی اِسْتِسْمَاءً۔ نام پوچھنا۔

السَّامِی۔ فا۔ ج سَامُوْن و سُمَاۃ۔ مؤنث سَامِیَۃٌ۔ ج سَامِیَاتٌ و سَوَامٍ۔ کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سَامِیْ طَرْفِہٖ" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السَّامِی: شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری۔ ج سُمَاۃ۔

السَّمَاء۔ آسمان۔ فضاء واسع جو زمین کو احاطہ کئے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش، بادل، گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَمَاوَات و سَمٰوٰت (الف کو صرف کتابت میں حذف کر کے) و سُمِیٌّ و اَسْمِیَۃ (___ والسَّمَاوَۃ) گھر کا چھجہ۔ و سَمَاوَۃُ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا ڈھانچہ۔

السُّمَاء۔ اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "شَاعَ سُمَاہٗ" اس کی شہرت و نیک نامی پھیل گئی۔

الْاِسْمُ و الْاُسْمُ۔ نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزۂ وصل ہے۔ ج اَسْمَاء و اَسَامٍ و اَسَامِی و اَسْمَاوَات اور بَسْمَلَہ میں ھمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَلَہ کے معنی بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اسم الجلالۃ: باری تعالیٰ کا نام۔

السَّمُ و السِّمُ و السُّمُ۔ اسم کے لغات۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا سَمُہٗ" یعنی یہ اس کا نام ہے۔

السَّمِیُّ۔ بلند ہونے والا۔ سَمِیُّکَ: ہمنام نظیر۔

السَّمَوِیُّ۔ اسم کی جانب منسوب۔

الْمِسْمَاۃ۔ شکاری کی اونی جراب۔

الْمُسَمّٰی۔ مفع۔ معین۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ مُسَمّٰی قَوْمِہٖ و مِنْ مُسَمَّاتِھِمْ" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

سَنَّ (ن) سَنًّا۔ السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔ "ھٰذَا مِمَّا یَسُنُّکَ عَلٰی طَعَامٍ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے ___ الرُّمْحَ: تیر پر پھل لگانا ___ الْاَسْنَانَ: مسواک کرنا ___ الْعُقْدَۃَ: گرہ کھولنا ___ الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ___ الرَّجُلَ: کسی کو بھالا مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ دانت توڑنا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا ___ الْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ آسان کرنا۔ جاری کرنا۔

___ الطَّرِیْقَۃَ: طریقہ اختیار کرنا ___ عَلَیْھِمُ السُّنَّۃَ: طریقہ مقرر کرنا ___ الطِّیْنَ: مٹی کا برتن وغیرہ بنانا ___ الشَّیْئَ: تصویر بنانا ___ الْمَاءَ او التُّرَابَ: پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا۔

___ الْعَیْنُ الدَّمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا ___ الْاَمِیْرُ رَعِیَّتَہٗ: بہتر انتظام کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ فُلَانٌ طَرِیْقًا مِنَ الْخَیْرِ" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی

تھی۔

سُنَّتِ۔الارضُ : زمین کا چرنے سے صاف ہونا۔

سَنَّنَ۔السِکِّیْنَ : چھری تیز کرنا۔صیقل کرنا۔ ___ الرُمْحَ : نیزے پر پھل لگانا ___ الرُمْحَ اِلَیْہِ : کسی کے سامنے نیزہ کرنا ___ القَوْلَ : اچھی گفتگو کرنا ___ الاَسْنَانَ : مسواک کرنا۔

اَسَنَّ۔الرَجُلُ :بوڑھاہونا ___ الصَبِیُ : بچے کا دانت نکلنا۔ اَسَنَّ اللّٰہ سِنَّہٗ : دانت اگانا ___ المَاءَ :پانی گرانا ___ الرُمْحَ :نیزے پر پھل لگانا۔

اِسْتَنَّ۔ المَاءُ : پانی گرنا ___ الطَرِیْق : راستہ واضح ہونا ___ الفَرَسُ : گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا ___ السَرَابَ : سراب کا چمکنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بِہِ الھَوٰی حَیْثُ اَرَادَ" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گئی ___ الرَجُلُ : دانتوں کو خلال کر کے صاف کرنا۔ (___ و تَسَنَّنَ) بِسُنَّتِہٖ : عمل کرنا۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بِسِیْرَۃِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی۔ و تَسَنَّنَ فِی عَدْوِہٖ :اپنے رخ پر دوڑنا۔

اِسْتَسَنَّ۔زیادہ عمروالاہونا ___ الطَرِیْقَۃَ : طریقہ اختیار کرنا ___ الطَرِیْقُ : آمدورفت والا ہونا ___ العَیْنُ : بہتے ہوئے آنسو والی ہونا ___ بِسَیْفِہٖ : تلوار کو حرکت دینا ___ بِالشَیْءِ :تابعداری کرنا۔

السِنَّ۔ ج اَسْنَان واَسِنَّۃ واَسُنَّ : دانت (مؤنث) دارنتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ۔ لہسن کا جوا۔ قلم میں تراشنے کی جگہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ چربیدگی۔ اور اسی سے ہے "اَعْطُوْا السِنَّ حَظَّھَا مِنَ السِنِّ" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو۔ ج اَسْنَان : عمر(مؤنث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ و طُعِنَ فِی سِنِّہٖ" یعنی وہ بوڑھا ہوگیا۔ و "ھُوَ حَدِیْثُ السِنِ" وہ نئی عمر کا ہے "ھُوَ کَبِیْرُ السِنِّ وکَبُرَتْ سِنُّہٗ" وہ بوڑھا ہے و "ھُوَ سِنُّ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم عمر ہے۔ و "لَہٗ اِبْنٌ سِنُّ اِبْنِکَ واَوْلَادٌ اَسْنَانُ بَنِیْکَ" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہم عمر ہیں۔

السَنَن۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِستقَامَ فُلَانٌ عَلٰی سَنَنٍ وَاحِدٍ" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا ___ "اِمْضِ عَلٰی سُنَنِکَ" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مَرَّ السَّھْمُ فِیْ سَنَنِہٖ" تیر سیدھا نکل گیا اِدھر اُدھر نہیں ہوا۔ (___ والسِنَن والسُنَن والسُنُن)مِنَ الطَرِیْقِ :کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔

السَنَّۃ۔سَنَّ کا اسم مرۃ۔مادہ ریچھ۔مادہ چیتا۔

السُنَّۃ۔ خصلت۔ طریقہ۔ طبیعت۔ شریعت۔ چہرہ یا اس کا دائرہ۔ ج سُنَن۔

اَھْلُ السُنَّۃ :وہ لوگ جو حضرت ابوبکر صدیق' عمر فاروق اور عثمانِ غنی رضی اللہ عنہم کی خلافت کے قائل ہیں۔

السُنِّیَّۃ۔اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سُنّت کی جانب منسوب ہے۔واحد(سُنّی)

السِنَّۃ۔ دو سروں والا کلہاڑا۔ سِنَّۃ مِنَ الثوْمِ : لہسن کا ایک جوا۔

السِنَان۔ نیزے کا پھل۔ ج اَسِنَّۃ۔ السِنَان : سان۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ سِکِّیْنَہٗ بِالسِنَان" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا۔

السَنُوْن۔ منجن۔

السَنِیْن۔سان پر تیز کیا ہوا۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو۔

سَنِیْنُ المَرْءِ : ہم عمر۔ مؤنث سَنِیْنَۃٌ السَنِیْنَۃ ایک طرز پر چلنے والی ہوا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ ج سَنَائِن۔

المِسَنَّ۔ سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے۔

المُسِنَّ۔مِنَ الدَوَابِ : بڑی عمر والا جانور۔ج مَسَانَّ۔

المَسْنُوْن۔ مفع۔ حَمَاٌ مَسْنُوْنٌ : بدبودار کیچڑ رَجُلٌ مَسْنُوْنُ الوَجْہِ : چمکدار کتابی چہرے والا۔ مَرْمَرٌ مَسْنُوْنٌ :نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر۔

طَرِیْقٌ (مُسْتَسِنٌّ و مُسْتَسَنٌّ) آمدورفت والا راستہ۔

مُسْتَنَّ۔ الطَرِیْق : راستہ کا نمایاں حصہ۔

المُسْتَنَّ :شیر۔

السَنَاب۔سخت برائی۔

السِنَاب والسِنَابَۃ۔لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔

السَنِب۔بہت دوڑنے والا۔

السَنَب والسَنْبَۃ والسَنْبَتَۃ۔ زمانہ کا ایک حصہ۔

السَنُوْب والسَنْبَاب والسِنْبَاب و السَنْبُوْت۔غضبناک۔بہت شروالا۔غیبت کرنے والا۔جھوٹا۔

السَنْبَاء۔ دُبُر۔

السُنْبَاذَج۔سان کا پتھر۔(جدید)

السَنْبُوْسَق والسَنْبُوْسَک۔ سموسہ (")

السُنْبُوْق۔ڈونگی۔چھوٹی کشتی۔

السُنْبُک۔ کھر کا کنارہ والسُنْبُک مِنَ السَیْفِ : آرائش تلوار کا کنارہ ___ مِنْ بَیْضَۃِ الحَدِیْدِ : خود کا بالائی حصہ ___ مِنَ المَطَرِ :ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سَنَابِک۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ الرِزْقَ فِیْ سَنَابِکِ الاَرْضِ" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔

سَنْبَلَ۔الزَرْعُ :خوشوں والی ہونا۔ ___ الرَجُلُ ثَوْبَہٗ : کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔

السُنْبُل۔مِنَ الزَرْعِ کَالبُرِّ و الشَعِیْرِ :خوشہ بالی۔واحد(سُنْبُلَۃٌ)ج سَنَابِل و سُنْبُلَاتٌ۔ایک خوشبودار گھاس۔السُنْبُلُ الرُوْمِیُ :ایک خوشبودار بوٹی و السُنْبُلَۃ :آسمان کے ایک برج کا نام۔

اَسْنَتَ۔القَوْمُ :قحط زدہ ہونا۔

سَنَّتَ۔القِدْرَ :ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔

سَانَتُوْا۔الارضَ :نباتات تلاش کرنا۔

عَامٌ(سَنِتٌ و سَنِیْتٌ و مُسْنِتٌ) قحط سالی۔

رَجُلٌ سَنِتٌ :بے نفع مرد۔

السَنُّوْت والسِنُّوْت۔ زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔

المُسْنِت۔ مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

الشُنْتُب۔بدخلق۔

سَنَجَ(ن)سَنْجًا۔الثَوْبَ :کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔

السِنَاج۔دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر (___ والسِنِیْجُ)چراغ۔

سَنْجَۃ۔ المِیْزَان : باٹ۔ ج سَنْجَات

(دخیل)

السُّنْجَة۔ سیاہ سفید رنگ (ثَوْبٌ مُسَنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِّنْجَاب و السُّنْجَاب۔ چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دُم بہت گھنے دار بالوں سے اوپر کو اُٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السِّنْجَق۔ جھنڈا۔ ج سَنَاجِق۔ جدید۔

سَنَحَ (ف) سُنُحًا و سُنْحًا و سُنُوحًا۔ الأَمْرُ اوِ الرَّائِيُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔ لِيَ الشِّعْرُ: آسان ہونا ___ بِكَذَا: اشارہ سے سمجھانا ___ الرَّجُلُ عَنْ رَأْيِهِ: رائے سے پھیر دینا۔

___ بِهِ و عَلَيْهِ: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

(___ سُنُوحًا و سَانَحَ سِنَاحًا و مُسَانَحَةً) الطَّيْرُ اوِ الظَّبْيُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تَسَنَّحَ۔ مِنَ الرِّيحِ: ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔

تَسَنَّحَهُ و اسْتَنْسَحَهُ۔ عَنْ كَذَا: کھود کرید کرنا۔

السُّنْح۔ مص۔ برکت ___ مِنَ الطَّرِيقِ: درمیانی راہ۔

السَّانِح۔ فا۔ بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بَارِح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سَانِح" سے نیک شگون اور "بَارِح" سے بد شگون لیا کرتے تھے۔ اور اسی سے مثال ہے "مَنْ لِيْ بِالسَّانِحِ بَعْدَ البَارِحِ" یعنی میرے لیے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السَّنِيح۔ بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح۔

السَّنَحْنَح۔ رات کو نہ سونے والا۔

سَنَخَ (ف) سُنُوخًا۔ فِي العِلْمِ۔ راسخ ہونا۔

سَنِخَ (ف) سَنَخًا۔ بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سَنِخَةٌ ___ مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا ___ الفَمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔ اَسْنَانُهُ: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِّنْخ۔ اصل ___ مِنَ السِّنِّ: دانت اُگنے کی جگہ۔ ج اَسْنَاخ و سُنُوخ۔ سَانِخ النَّصْلِ: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنْخ الكَلِمَةِ: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سِنْخ الحُمَّى: بخار کی تیزی۔

السَّنَخ۔ اونٹ۔

السَّنْخَة و السَّنَاخَة۔ بدبودار ہوا۔

سَنَدَ (ن) سُنُودًا و اسْتَنَدَ و تَسَانَدَ۔ اِلَيْهِ: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سَنَدَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ سَنَدَ لِلْأَرْبَعِيْنَ: چالیس کے قریب ہونا۔ سَنَدَ ذَنَبُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سَنَّدَ۔ سَنَد (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔

___ الشَّيْئَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

سَانَدَ مُسَانَدَةً و سِنَادًا۔ شِعْرَهُ و فِيْ شِعْرِهِ: شعر میں مختلف ردیف لانا ___ الرَّجُلَ: مدد کرنا ___ ہٗ عَلَى العَمَلِ: کفایت کرنا ___ ہٗ اِلَى الشَّيْئِ: ٹیک لگانا۔

اَسْنَدَ۔ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ___ ہٗ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھانا ___ فِي العَدْوِ: دوڑنے میں کوشش کرنا ___ اَسْنَدَهُ اِلَى الشَّيْئِ: ٹیک لگانا۔

السَّنَد۔ ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سَنَدَات پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَسْنَاد۔

السَّنَدَة۔ ایک قسم کی نباتات۔

السِّنَاد۔ قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ نَاقَةٌ سِنَادٌ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی۔ قوی۔

الاِسْنَاد۔ مص۔ عِنْدَ اَهْلِ المُنَاظَرَةِ: حوالہ دینا۔ ج اَسَانِيد و الاَسْنَادُ فِيْ عِلْمِ العَرَبِيَّةِ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ و قَامَ زَيْدٌ۔

السِّنْدَان۔ نہائی۔ اہرن۔ ج سَنَادِين (دخیل)

السِّنْدَان۔ بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّنْدَانَة۔ گدھی۔

السِّنْدِيَان۔ شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سِنْدِيَانَةٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السَّنِيْد۔ لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد۔ مِنَ الحَدِيْثِ: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسَانِد و مَسَانِيْد۔

المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو بنو حمیر استعمال کرتے تھے۔ منہ بولا بیٹا۔ زمانہ۔

المُسْنَد و المِسْنَد۔ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَسَانِد۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ القَوْمُ (مُتَسَانِدِيْنَ)" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد۔ جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔

السِّنْدَأْوُ و السِّنْدَأْوَة۔ ہلکا۔ دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم والا۔ السِّنْدَأْوَة: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لیے باندھا جاتا ہے۔

جَمَلٌ (سَنْدَأْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدَرَ۔ جلدی کرنا۔

السَّنْدَرَة۔ مص۔ جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول "اَكِيْلُكُمْ بِالسَّيْفِ كَيْلَ السَّنْدَرَةِ" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِيُّ۔ دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔ کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیمانہ (___ و السَّنْدَر و السِّنْدَر) دلیر۔

السِّنْدَرُوْس۔ ایک قسم کا گوند یا کہرباء کی مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل۔ ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا پائتابہ۔

سَنِرَ (س) سَنَرًا۔ بد خلق ہونا۔

السَّنَوَّر۔ (س) سَنَرًا۔ بد خلق ہونا۔

السَّنَوَّر۔ ایک ہتھیار، زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَّوْر۔ بلی۔ سردار۔ دُم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنَانِير۔

السُّنَّار۔ بلی۔

سَنْسَنَتِ الرِّيحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

السِّنْسِن۔ پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سَنَاسِن (___ والسِّنْسِنَة) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الرِّيحُ سَنَاسِن" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔

سَنُطَ (ک) سَنَاطَةً و سَنِطَ (س) سَنَطًا۔ کوسج یا ہلکی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِنَاط و سُنَاط و سَنُوط) ج سُنُط و اَسْنَاط۔

السِّنْط۔ گٹا۔ پہنچا۔

السَّنْطَبَة۔ بے ڈول لمبائی۔

السِّنْطَاب۔ لوہار کا ہتھوڑا۔

السِّنْطِير و السَّنْطُور۔ ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔

سَنْطَلَ الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔

السَّنْطَلَة۔ مص۔ لمبائی۔

السُّنْطَالَة۔ سر جھکا کر سکون کی چال۔

السِّنْطِيل۔ لمبا۔

المُسَنْطَل۔ مفع۔ سست چال چلنے والا۔ جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔

السَّنْطَلِيل۔ لمبے قد والا۔

سَنَعَ (ف ن) وسَنُعَ (ک) سَنَاعَةً و سُنُوعًا۔ حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِيعٌ) مؤنث سَنِيعَةٌ۔

اَسْنَعَ الغُلَامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا ___ الرَّجُلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا ___ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔

السِّنْع۔ گٹے کے مقام کی بریدگی۔ گٹے کا جوڑ۔ ج سِنَعَةٌ و اَسْنَاعٌ۔

السَّنَع۔ خوبصورتی۔

الاَسْنَع۔ لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَسْنَعُ مِنْ ذَاكَ" یہ اس سے افضل ہے۔ مؤنث سَنْعَاء۔

السَّنِيعَة۔ پہاڑی راستہ۔ ج سَنَائِع۔

السُّنْعُبَة۔ نیولا۔ اوپر والے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں اُبھرا ہوا گوشت۔

سَنَفَ (ن ض) سَنْفًا۔ البَعِيرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا ___ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا۔

اَسْنَفَ البَعِيرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔

اَسْنَفَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا ___ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ البَرْقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا ___ الاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا ___ البَعِيرَ: تنگ باندھنا۔

السِّنْف۔ لکڑی جو پتوں سے خالی ہو، پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ ج سُنُوف۔

السِّنْف۔ ایک تلخ دانہ جو گیہوں، جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَةٌ) ج سِنَفٌ۔ جج سِنَفَة۔

السَّنِيف۔ بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنُفٌ و سُنْفٌ و اَسْنِفَةٌ۔

المُسْنِفَة۔ مِنَ السِّنِينَ: خشک سال۔ مِنَ الاَرَاضِي: قحط زدہ زمین۔

سِنَاف۔ البَعِيرِ: اونٹ کا تنگ۔ ج سُنُفٌ و سُنْفٌ و اَسْنِفَةٌ۔

السِّنْفَتَان و السُّنْفَتَان۔ دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔

المِسْنَاف۔ وہ اونٹ جو کجاوہ کو اِدھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسَانِيف۔

سَنِقَ (س) سَنَقًا۔ بدہضمی ہونا (بقول بعض سَنِقَ صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے۔)

اَسْنَقَهُ النَّعِيمُ: نازونعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔

السُّنْقُر و السُّنْقُو۔ ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔

السُّنْک۔ نمایاں راستے۔

السِّنْکِسَار و السِّنْکْسَار۔ عِنْدَ النَّصْرَانِيِّينَ نصرانیوں کے اولیاء و صالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)

سَنِمَ (س) سَنَمًا۔ البَعِيرُ: بڑے کوہان والا ہونا ___ النَّبْتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔

سَنَّمَ الكَلَا البَعِيرَ: موٹے کوہان والا کر دینا ___ الاِنَاءَ: برتن بھرنا ___ الشَّيْءَ: بلند کرنا ___ القَبْرَ: قبر کو کوہان نما کرنا ___ المِكْيَالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔

اَسْنَمَ الكَلَا البَعِيرَ: موٹے کوہان والا کر دینا ___ الدُّخَانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔ اَسْنَمَتِ النَّارُ: آگ سے لپٹ اٹھنا۔

تَسَنَّمَ النَّاقَةَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا ___ الشَّيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا ___ فُلَانًا: غفلت میں پکڑ لینا ___ ہ الشَّيْبُ: بڑھانا۔ پھیل جانا۔

السَّنِم۔ مِنَ الاِبِلِ: بڑے کوہان والا اونٹ ___ مِنَ النَّبَاتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔

السَّنَام۔ کوہان۔ ج اَسْنِمَةٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَنَامُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔

سَنَمَةُ النَّبَات: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی، شگوفہ۔ رَجُلٌ (سَنِيمٌ) عالی مرتبہ مرد۔

السُّنَّم۔ گائے۔

التَّسْنِيم۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

المُسَنَّم۔ مِنَ الجِمَال: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔

السِّنِمَّار۔ چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔

السَّنَمْوَرَة۔ ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)

سَنِهَ (س) سَنَهًا۔ بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِهٌ) ___ الطَّعَامُ اَوِ الشَّرَابُ: بگڑ جانا متغیر ہونا۔

سَانَهَ الرَّجُلَ: سال وار معاملہ کرنا۔

سَانَهَتِ النَّخْلَةُ: ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔

تَسَنَّهَ۔ بہت برسوں والا ہونا ___ الخُبْزُ: بدبودار ہونا ___ عِنْدَهُ: ایک سال تک اقامت کرنا۔

السَّنْهَاء۔ مِنَ النَّخْلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے "سَنَةٌ سَنْهَاء" بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔

سَنَا يَسْنُو سَنْوًا و سَنَاوَةً و سُنُوًّا و سِنَايَةً۔

السَّحَابُ الْأَرْضَ: بادل کا زمین کو سیراب کرنا ___ الْبَرْقُ: بجلی کوندنا ___ الْبَابَ: دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النَّارُ: روشنی بلند ہونا ___ السَّمَاءُ: برسنا۔ سَنَا عَلَى الدَّابَّةِ: جانور پر پانی لانا ___ الدَّلْوَ: ڈول کو کنوئیں سے کھینچنا۔

سَانَى سِنَاءً و مُسَانَاةً۔ الرَّجُلَ: ایک سال کیلئے معاہدہ کرنا یا اُجرت پر رکھنا۔

تَسَنَّى تَسَنِّيًا۔ الشَّيْءَ: چڑھنا۔ "تَسَنَّتِ الْعُقْدَةَ" گرہ کھلنا۔

السَّنَة۔ سال۔ ج سُنُوْن و سِنُوْن و سَنَوَات و سَنَهَات۔ تصغیر سُنَيَّة و سُنَيْنَة و سُنَيْهَة۔ نسبت کیلئے سَنَوِي و سَنَهِي۔

سَنَةٌ سَنْوَاءُ۔ سخت سال۔

السَّنَاء۔ بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّانِي۔ فا۔ پانی لانے والا۔ ج سُنَاة۔

السَّانِيَة۔ رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ ج سَوَانٍ۔

الْمَسْنُوُّ و الْمَسْنِيُّ۔ رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔

الْمُسَنَّاة۔ بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّوَات و مُسَنَّيَات۔ کہا جاتا ہے "عَقَدُوْا الْمُسَنَّيَاتِ لِحَبْسِ الْمِيَاهِ" انہوں نے پانی روکنے کے لیے بند باندھا۔

سَنِيَ (س) سَنَاءً۔ بلند مرتبہ ہونا۔

سَانَى مُسَانَاةً و سِنَاءً۔ الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَانَيْتُهُ حَتَّى اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَهُ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کرکے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوالیا۔

اَسْنَى اِسْنَاءً۔ الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ ___ النَّارَ: آگ روشن کرنا ___ لَهُ الْجَائِزَةَ: بیش قیمت انعام دینا "جَاوَرْتُهُ فَاَسْنَى جِوَارِي" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوس کا حق ادا کردیا ___ الْقَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنَّى۔ الْاَمْرُ: تیار ہونا ___ الرَّجُلُ: آسانی و نرمی کرنا ___ الشَّيْءَ: متغیر ہونا ___ الْقُفْلُ: تالا کھلنا ___ الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنِي۔ بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَاء۔ مص۔ بمعنی سَنِيَ۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنَايَا۔ شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَنَايَا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِي۔ عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِيَّةٌ۔

السِّنَايَة۔ تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِسِنَايَتِهِ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

السُّنُوْنُو۔ ابابیل۔ واحد سُنُوْنُوَةٌ و سُنُوْنِيَةٌ۔

سَهَبَ (ف) سَهْبًا۔ الشَّيْءَ: لینا۔

اَسْهَبَ۔ اَلْكَلَامَ و فِي الْكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِب و مُسْهَب) ثانی نادر ہے۔ ___ الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص ولالچی ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔ اَسْهِبُوْا الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کیلئے چھوڑ دینا۔

اُسْهِبَ۔ مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔

اُسْهِبَتِ الْبِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (سَهْبَةٌ و مُسْهَبَةٌ)۔

اِسْتَهَبَ۔ بہت دینا۔

السَّهْب۔ مص۔ بیابان ___ مِنَ الْخَيْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى سَهْبٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السُّهْب و السُّهُب۔ مِنَ الْاَرْضِ: وسیع و ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوْا سُهُبًا و سُهْبًا مِنَ الْاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

السَّهْبَل۔ دلاور۔

سَهَجَتِ (ف) سَهْجًا۔ الرِّيحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا ___ الرِّيحُ الْاَرْضَ۔ ہوا کا زمین کو صاف کردینا ___ الطِّيبَ: خوشبو گھسنا ___ الْقَوْمُ لَيْلَتَهُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاهِج۔ ج سُهَّجٌ (و السَّيْهَج و السَّهْوَج و السَّيْهُوْج) مِنَ الْاَرْيَاحِ: تیز ہوائیں۔

الْمَسْهَج۔ تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

الْمِسْهَج۔ ہر حق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔

سَهْجَرَ سَهْجَرَةً۔ ڈرتے ہوئے دوڑنا۔

سَهِدَ (س) سَهَدًا و تَسَهَّدَ: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَهَّدَهُ۔ بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَهَّدَهُ الْهَمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّهْد و السُّهَاد۔ بے خوابی۔

السُّهُد۔ کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهُدٌ" کم سونے والا مرد "عَيْنٌ سُهُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السَّهْدَة۔ بیداری اور کہا جاتا ہے "مَا رَأَيْتُ مِنْهُ سَهْدَةً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔

السَّهْوَد۔ بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَهْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْهَدُ مِنْكَ رَأْيًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

الْمُسَهَّد۔ مفع۔ کم نیند والا۔

السَّهْدَر۔ بعید۔

سَهِرَ (س) سَهَرًا۔ ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (سَاهِرٌ و سَهْرَانُ) اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاهِرَةٌ" رت جگے والی رات۔ سَهِرَ الْبَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْهَرَ۔ جاگتے رکھنا۔

سَاهَرَهُ۔ اکٹھے جاگنا۔

السُّهَار۔ بیداری۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهَارُ الْعَيْنِ" کم سونے والا مرد۔

السَّاهُوْر۔ بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الْقَمَرُ فِي السَّاهُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔ سَاهُوْرُ عَيْنِ الْمَاءِ: چشمہ کا منبع۔ السَّاهُوْر: مہینے کے باقی نو دن۔

السَّهَّار و السُّهَرَة۔ بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاهِرَة۔ السَّاهِر کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الْاَسْهَرَان۔ آنکھ کی دو رگیں، ناک کی دو

رگیں۔

المِسْهَار۔ بیداری پر قادر۔

سَهِفَ (س) سَهَفًا۔القَتِيلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔

سَهِفَ (س) سَهَفًا۔ بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَهْفَهٗ۔ خفیف سمجھنا۔

السَّاهِف۔ فا۔ ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔ سَاهِفُ الوَجْهِ: متغیر چہرے والا۔

السَّهْف۔ مہ۔ مچھلی کے سفنے۔

السُّهَاف۔ پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طَعَامٌ (مَسْهَفَةٌ) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رَجلٌ مَسْهُوْفٌ: بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔

السَّهْوَق۔ بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔

السَّهْوَق۔ کشادہ قدم والا۔

سَهَكَتْ (ف) سَهْكًا۔الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا ـــــ الرِّيحُ التُّرَابَ عَنْ وَجْهِ الْأَرْضِ: غبار اُڑانا ـــــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو گھسنا۔

سَهَكَتْ سُهُوْكًا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا آہستہ چال چلنا۔

سَهِكَ (س) سَهَكًا۔ بدبودار ہونا۔ صفت (سَهِک) کہا جاتا ہے "يَدِي سَهِكَةٌ مِنَ السَّمَكِ" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔

السَّهَک والسُّهْكَة والسُّهُوْكَة۔ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔ السَّهَكُ: لوہے کا زنگ۔

رِيحٌ (سَاهِكَةٌ) بہت تیز ہوا۔ ج سَوَاهِک و سَاهِكَات۔ (رِيحٌ سَهُوْک و سَيْهَک و سَيْهُوْك و مَسْهَكَة) بہت تیز ہوا۔

السَّيْهَک۔ غبار جس کو ہوا اُڑا دے۔

السَّهَاک والمِسْهَک۔ ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔ المِسْهَک مِنَ الخَيْلِ تیز رفتار گھوڑا۔

المَسْهَک والمَسْهَكَة۔ تیز ہوا کی گزرگاہ۔

سَهُلَ (ک) سُهُوْلَةً۔المَكَانُ: نرم ہونا۔

سَهُلَ (ک) سُهُوْلَةً و سَهَالَةً۔ الْأَمْرُ: آسان ہونا۔ صفت (سَهْلٌ و سَهِلٌ)

سَهَّلَ۔ الْأَمْرَ لَهٗ و عَلَيْهِ: آسان کر دینا۔ المَوْضِعَ: نرم کر دینا۔

سَاهَلَهٗ مُسَاهَلَةً۔ نرم برتاؤ کرنا۔

اَسْهَلَ۔ پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اُترنا ـــــ هٗ الدَّوَاءُ: پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔ الرَّجُلُ: لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔ الْأَمْرَ: نرم پانا۔

اُسْهِلَ۔ الرَّجُلُ: اسہال والا ہونا۔

تَسَهَّلَ۔ الْأَمْرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَسَهَّلَ لِي اَنْ اَفْعَلَهٗ" میرے لیے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔

تَسَاهَلَا۔ ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔

تَسَاهَلَ الْأَمْرُ عَلَيْهِ: آسان ہونا۔

اِسْتَهَلَ۔ المَكَانَ: نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔

اِسْتَسْهَلَهٗ۔ آسان سمجھنا۔

السَّهْل۔ نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سُهُوْلٌ و سُهُوْلَةٌ۔ اور نسبت کے لیے (سُهْلِي) جیسے "بَعِيْرٌ سُهْلِيٌّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو "اَرْضٌ سَهْلٌ" "سَهْلُ الوَجْهِ: کم گوشت والا چہرہ۔ سَهْلُ الخُلُقِ: نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "اَهْلًا وَسَهْلًا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔

السِّهْلَة والسِّهْل۔ ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔ السِّهْلَةُ: اسہال۔

الإِسْهَال۔ عِنْدَ الأَطِبَّاء: دست آنا۔

السُّهُوْل۔ دست آور دوا۔

سُهَيْل۔ ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گبریلے مر جاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔

وتُنْكِرُ مَوْتَهُمْ وَاَنَا سُهَيْلٌ
طَلَعْتُ بِمَوْتِ اَوْلَادِ الزِّنَاءِ

سَهَمَ (ف) و سَهُمَ (ک) سُهُوْمَةً و سُهُوْمًا۔ لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا ـــــ وَجْهُهٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سَهَمَهٗ: قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔

سُهِمَ۔ لو کی لپٹ لگنا۔

سَاهَمَهٗ۔ قرعہ اندازی کرنا۔

اَسْهَمَ۔ لَهٗ فِي كَذَا: حصہ مقرر کرنا ـــــ بَيْنَ الْقَوْمِ: قرعہ ڈالنا ـــــ فِي الْكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِمٌ مُسْهَمٌ)

تَسَاهَمَ و اِسْتَهَمَ۔ الْقَوْمُ: باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تَسَاهَمُوا الشَّيْءَ: باہم تقسیم کرنا۔

السَّهْم۔ ج سِهَام: قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سَهْمُ الرَّامِي: ایک ستارہ۔ ج اَسْهُم و سُهْمَة و سُهْمَان: حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ فِي القِسْمَةِ سَهْمَانِ" تقسیم میں اُس کو دُہرا حصہ ملا۔

السُّهْمَة۔ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔

السُّهُم۔ آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔

السَّاهِمَة۔ مِنَ النُّوق۔ دبلی پتلی اونٹنی۔

السَّهَام۔ لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

السُّهَام۔ دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

السَّهِيْم۔ شریک۔ حصہ دار۔

المُسْهَم۔ لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔

المُسَهَّمَة۔ مِنَ الثِّيَاب: دھاری دار کپڑا۔

المُسَهَّم والمَسْهُوْم۔ مِنَ الإِبِلِ: سُهَام بیماری والا اونٹ۔

السَّهُوْم۔ عقاب۔

سَهَا يَسْهُوْ سَهْوًا و سُهُوًّا۔ فِي الْأَمْرِ وعَنِ الْأَمْرِ: غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَاهٍ و سَهْوَان)

ـــــ اِلَيْهِ: پست نگاہ سے دیکھنا۔

سَهُوَ يَسْهُوْ سَهَاوَةً۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَهْوٌ)

أَسْهى- الرَّجُلُ: سہو بنانا (دیکھئے نیچے لفظ سَهْوَة)

سَاهي- الرَّجُلَ فِي الْمُعَاشَرَةِ: نرمی کرنا- خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ــــ ہ: غافل کرنا- استہزاء کرنا-

سَهَّاهُ- فربہان میں گرم کرکے خشک کرنا-

السَّهْو- مص- سکون- نرمی- کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ سَهْوًا رَهْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو- "مَاءٌ سَهْوٌ" نتھرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَهْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَهْوٌ" نرم کام- "رِيْحٌ سَهْوٌ" نرم ہوا- ج سِهَاءٌ-

السُّهى و السُّهَا- بنات نعش صغری میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ- اور اسی سے مثل ہے "اُرِيْهَا السُّهى و تُرِيْنِي الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں-

السِّهْو و السِّهْوَاء- رات کا ایک حصہ-

السَّهْوَة- السهو کا مؤنث- سہا کا اسم مرۃ ــــ ج- سِهَا: کانس- مچان- طاقچہ ' روشندان- صحن کے سامنے کا پردہ- پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے- پتھر کی چٹان یا لکی- نرم کمان-

الساهي- فا- کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ سَاهٍ رَاهٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ- ج جِمَالٌ سَوَاهٍ رَوَاهٍ ــــ

الأَسَاهِي- الوان- رنگ (اس کے لیے مفرد نہیں-)

سَهْوَكَهُ- پچھاڑنا- ہلاک کرنا-

تَسَهْوَكَ- پچھاڑا جانا- ہلاک ہونا- پشت پھیرنا- نرم چلنا-

سَاءَ يَسُوْءُ سَوَاءً- الشَّيْئُ: قبیح ہونا- برا ہونا- کہا جاتا ہے "سَاءَتْ سِيْرَتُهُ" اس کی عادت بری ہے-

سَاءَ يَسُوْءُ سَوْءًا و سُوْءًا و سَوَاءَةً و سَوَايَةً و سَوَائِيَةً و مَسَاءً و مَسَاءَةً و مَسَايَةً و مَسَائِيَةً و مَسَائِيَةً الأَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا- مکروہ سلوک کرنا ــــ بِهٖ ظَنًّا: برا گمان کرنا-

سَوَّأَهُ تَسْوِئَةً و تَسْوِيْئًا- خراب کرنا- بگاڑنا-

سَوَّأَ عَلَيْهِ عَمَلَهٗ: عیب لگانا- سرزنش کرنا-

اَسَاءَ إِسَاءَةً- الشَّيْئَ: خراب کرنا- بگاڑنا ــــ إِلَيْهِ: برا سلوک کرنا-

إِسْتَاءَ- غمگین ہونا- کہا جاتا ہے "سَاءَهٗ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا-

السُّوْءُ- سَاءَهٗ کا اسم- آفت- شر و فساد- ج أَسْوَاءٌ-

السَّوْءُ- مص- رَجُلُ سَوْءٍ و رَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد- و السُّوْءُ: فساد- آگ- آنکھ کی کمزوری-

السَّيِّئُ- قبیح- برا- کہا جاتا ہے "هُوَ سَيِّئُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے-

السَّيِّئَةُ- السَّيِّئُ کا مؤنث- برائی- گناہ- ج سَيِّئَاتٌ-

السَّوْءَةُ- فاحشہ- بری عادت- شرمگاہ- ج سَوْءَاتٌ-

الأَسْوَاءُ- اسم تفضیل مؤنث سُوْأَى- برا-

السُّوْأَى: جہنم کی آگ-

السُّوْءَاءُ- بری عادت- بدشکل عورت-

المَسَاءَةُ- برا قول یا فعل- ج مَسَاوِئُ-

المَسَاوِئُ: برائیاں- عیوب- نقائص-

السُّوْبَةُ- دور کا سفر-

السُّوْبِيَةُ- گیہوں کی شراب-

سَاجَ يَسُوْجُ سَوْجًا و سُوَاجًا و سَوَجَانًا- آہستہ آنا جانا-

سَوَّجَ وسَيَّجَ- الكَرْمَ و نَحْوَهٗ او عَلَى الكَرْمِ- انگور وغیرہ میں باڑ لگانا-

السِّيَاجُ- دیوار- انگور وغیرہ کی باڑ- ج سِيَاجَاتٌ و أَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ-

السَّاجُ- ساکھو کا درخت- ج سِيْجَانٌ- واحد (سَاجَةٌ) کشادہ گول چادر-

كِسَاءٌ (مُسَوَّجٌ) گول کیا ہوا کمبل-

السَّاحَةُ- گوشہ- کنارہ- مکانوں کے درمیان کا چوک- ج سَاحٌ و سُوْحٌ و سَاحَاتٌ-

سَاخَ يَسُوْخُ سَوْخًا و تَسَوَّخَ- فِي الطِّيْنِ: گارے میں دھنس جانا- سَاخَ الشَّيْئُ فِي الْمَاءِ: تہ نشین ہونا (سَاخَتْ بِهِمُ الأَرْضُ)-

سُيُوْخًا و سُوُوْخًا و سَوَخَانًا- نگل لینا-

السُّوَاخُ والسُّوَّاخُ والسُّوَّاخِي و السُّوَاخِيَةُ- بہت کیچڑ- کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتّٰى صَارَتِ الأَرْضُ سُوَّاخِي" ہمارے اوپر بارش ہوئی- یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہوگئی- و "بَطْحَاءُ سُوَّاخِي" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے-

سَادَ يَسُوْدُ سِيَادَةً و سُوْدَدًا و سُوْدُدًا و سَيْدُوْدَةً و سُوْدًا- شریف ہونا- بزرگ ہونا ــــ قَوْمَهٗ: سردار ہونا ــــ ہ: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا- صفت (سائد) ج سَادَةٌ: جج سَادَاتٌ ــــ الرَّجُلَ: کسی سے راز کی بات کہنا- (ــــ سُوَادًا) الرَّجُلُ: زرد کائی جمے ہوئے پانی کو پینا-

سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا و اسْوَدَّ اِسْوِدَادًا و اِسْوَادَّ اِسْوِيْدَادًا- کالا ہونا-

سَوَّدَ- دلیر ہونا ــــ ہ: سردار بنانا- ــــ الشَّيْئَ: کالا کرنا ــــ الرَّجُلُ: سرداروں کو قتل کرنا-

سَاوَدَهٗ- مکروفریب کرنا- رات کے اندھیرے میں ملنا- سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا- راز کی بات کہنا- سَاوَدَ الأَسَدَ: شیر کو ہٹانا- ہانکنا-

أَسْوَدَتْ اِسْوَادًا و أَسَادَتْ إِسَادَةً المَرْأَةُ: کالا بیٹا جننا- سردار جننا-

تَسَوَّدَ- نکاح کرنا- سردار ہونا- کالا ہونا-

إِسْتَادَ- القَوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا ــــ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا-

السَّوْدُ- سیاہ پتھروں والا ہموار میدان- ج أَسْوَادٌ- ایک قطعہ کو (سَوْدَةٌ) کہتے ہیں-

السَّوْدَةُ: کھجور کے درختوں والی زمین-

السُّوْدُ- مص- سرداری- ایک قسم کی نباتات-

السَّوَادُ- سیاہی- وجود- تم کہتے ہو "رَأَيْتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا- ج أَسْوِدَةٌ- جج أَسَاوِدُ- بہت مال- بہت تعداد- سَوَادُ الْبَلْدَةِ: شہر کے اردگرد کی آبادیاں- سَوَادُ اللَّيْلِ: پوری رات- سَوَادُ النَّاسِ: عام لوگ- سَوَادُ العَسْكَرِ: اسلحہ و سامان فوج- سَوَادُ العَيْنِ: آنکھ کا سیاہ حصہ- پتلی- سَوَادُ القَلْبِ: دل کا سیاہ نقطہ-

السُّوَاد۔ رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔رنگ کی زردی۔

السِّوَاد۔ آواز۔

السَّوَادِیَّۃ والسُّوذَانِیَّۃ۔ بھمنا۔

السُّوذَان۔ سوذان کا باشندہ۔ واحد (سوذانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔

السِّیْدُ۔ بھیڑیا۔شیر۔ج سِیدَان۔السِّیدَۃ :مادہ بھیڑیا۔

السِّیدَانَۃ۔بھیڑیا۔

السَّیِّد۔ سردار۔ تخفیفاً (سَیْد) بھی ایک لغت ہے۔ج اَسْیَاد و سَادَۃ و سَیَائِد۔

عِنْدَ الْمُسْلِمِیْن : حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد اوران کی نسل سے جو لوگ ہوں۔

السَّیِّدَان :حضرت حسین رضی اللہ عنہ۔

السَّائِد۔فا۔ج سَادَۃ۔جج سَادَات۔

اَسْوَد۔ ج سُوْدٌ و سُوْدَانٌ۔ مؤنث سَوْدَاء : کالا ____ مِنَ الْعَیْنِ : آنکھ کی پتلی۔مِنَ الْقَوْمِ : بزرگ تر۔کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر اُسَیْوِد و اُسَیِّد۔

الْاَسْوَدَان : کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔

والْاَسْوَد : مؤنث اَسْوَدَۃ ج اَسَاوِدۃ بڑا کالا سانپ جس کو منش بھی کہتے ہیں۔

السَّهْمُ الْاَسْوَد : مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَسْوَدُ الْكَبِدِ" فلاں دشمن ہے۔ وعَلٰی هٰذَا الْقِیَاسِ "هُمْ سُوْدُ الْاَكْبَادِ"

السَّوْدَاء والسُّوَیْدَاء۔ عِنْدَ الْاَطِبَّاء :ایک خلط کا نام۔مالیخولیا کی بیماری۔الْحَبَّۃُ السَّوْدَاء : کلونجی۔سَوْدَاءُ الْقَلْبِ و سُوَیْدَاؤہ :دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوْدَدُ و السُّوْدُد۔ مرتبہ بلند۔ سرداری۔ مَاءٌ(مَسْوَدَۃ)

الْمَسْوُوْد۔مرض مالیخولیا کا بیمار۔

الْمُسَوَّدَۃ والسَّوَاد۔ عِنْدَ الْكُتَّاب : پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَیَّضَۃ کہتے ہیں۔

____ عِنْدَ الطَّبَّاعِیْن : پروف (الْمُسَوَّدَۃ والْمُسَوَّدَۃ) مِنَ الْاَیَّامِ : بخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔

السَّوْذَق والسَّوْذَق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَنِیق۔شکرا یا شاہین۔

سَارَ یَسُوْرُ سَوْرًا۔ الْحَائِطَ : دیوار پر چڑھنا۔پھاندنا (____ سَوْرًا و سُؤُوْرًا) اِلَیْهِ : کودنا ____ الشَّرَابُ فِيْ رَاسِهٖ : شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ۔ الْمَدِیْنَۃَ : شہرپناہ بنانا ____ الْمَرْاَۃَ : کنگن پہنانا ____ الْحَائِطَ :دیوار پر چڑھنا۔

سَاوَرَہٗ سِوَارًا و مُسَاوَرَۃً۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الْحَیَّۃُ الرَّاكِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ____ ہ الشَّرَابُ : سرکو چکرانا۔

تَسَوَّرَ۔ کنگن پہننا ____ الْحَائِطَ و عَلَیْهِ : دیوار پر چڑھنا۔پھاندنا۔

السُّوْر۔ شہرپناہ۔ج اَسْوَار و سِیْرَان۔السُّوْر : عمدہ اونٹ۔کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ سُوْرٌ مِنَ الْاِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِیَۃ و سُوْرِیَّۃ۔ملک شام۔

السَّوْرَۃ۔سَارَ کا اسم مرۃ۔

سَوْرَۃ۔الْخَمْرِ و (سُوَارُهَا) شراب کی تیزی سَوْرَۃ السُّلْطَانِ : بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَۃُ الْمَجْدِ : بزرگی کا اثر۔ سَوْرَۃُ الْبَرْدِ : سردی کی تیزی۔

السُّوْرَۃ۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عِنْدَكَ سُوْرَۃ" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "و لَهٗ سُوْرَۃٌ فِي الْمَجْدِ" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَیْكَ سُوْرَۃ" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت ____ مِنَ الْكِتَابِ : قرآن پاک کی سورت اوراس کو السُّوْرَۃ بھی کہا جاتا ہے۔ج سُوَرٌ و سُوْرٌ و سُوْرَات و سُوَرَات۔

السِّوَار و السُّوَار و الْاِسْوَار۔ کنگن۔ج سُوْر واَسْوِرَۃ واُسْوِرَۃ واَسَاوِرُ و اَسَاوِرَۃ و سُؤُوْر۔الْاَسَاوِرَۃ : عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔

السَّوَّار۔ وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ كَلْبٌ سَوَّار : لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔السَّوَّار :شیر۔

الْاُسْوَار والْاِسْوَار۔ گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیرانداز ____ عِنْدَ الْفُرْسِ :فوجی افسر۔ج اَسَاوِر واَسَاوِرَۃ۔

السُّوَّارَی۔بلندی۔

الْمِسْوَر والْمِسْوَرَۃ۔ چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر۔

الْمُسَوَّر۔ کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔مَلِكٌ مُسَوَّرٌ :طاقتور بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان۔ ایک دوا کا نام۔جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ یَسُوْسُ سِیَاسَۃً۔ الدَّوَابَّ : دیکھ بھال رکھنا۔سدھانا ____ الْقَوْمَ :اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا ____ الْاَمْرَ : انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَۃ و سُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْسَاسَ و سِیْسَ عَلَیْهِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ یَسَاسُ وسَوِسَ یَسْوَسُ و سِیْسَ یَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ۔ الطَّعَامُ : گھن پڑنا ____ الشَّاۃُ :بکری کا بہت جوں والی ہونا۔

سَوَّسَ۔الطَّعَامُ : گھن پڑنا ____ لَهٗ اَمْرًا : مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ الْقَوْمِ" فلاں قوم کے امور کا مالک بنایا گیا۔

اَسَاسَ۔الطَّعَامُ : گھن پڑنا۔اَسَاسَهُ النَّاسُ : رئیس و سردار بنا لینا۔اَسَاسَتِ الشَّاۃُ : بہت جوں والی ہونا۔صفت(مُسِیْس)

السَّاس۔ منتظم۔دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھا لیا ہو(اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ کے۔)

السُّوْس۔ اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَۃ) کسی چیز کا کھانے والا۔السُّوْس :اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الْفَصَاحَۃُ مِنْ سُوْسِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت۔

السُّوَس۔ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔

السُّوَاس۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کر دیتی ہے۔
السِیَاسَة۔ مص۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔
السِیَاسَة المُدَنِیَّة: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔
السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان۔ ایک خوشبودار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَةٌ) ج سَوَاسِن۔
سَاطَهٗ یَسُوْطُهٗ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا ___ الشَّیْئَ: مخلوط کرنا ___ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا ___ الأَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (___ سَوْطَانًا) نَفْسَه: جی کا متلانا۔
سَوَّطَ۔ الکُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا ___ الأَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا ___ الحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔
اِسْتَوَطَ۔ الأَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
السَّوْطُ۔ کوڑا۔ چابک۔ ج۔ أَسْوَاط و سِیَاط
السَّوْط: حصّہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا یتعاطیَان سَوْطًا واحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّیَاط۔ گندنا کی شاخیں۔
السَّوَّاط۔ سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔
السَّوِیْط۔ گڈمڈ۔ ملا ہوا۔
المِسْوَاط۔ بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (___ والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔
المِسْیَاط۔ پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔
سَوْطَرَ۔ دیکھئے سَیْطَرَ۔
سَاعَ یَسُوْعُ سَوْعًا۔ ضائع ہونا۔
سَاعَتِ الإِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔
سَاوَعَهٗ مُسَاوَعَةً و سِوَاعًا۔ گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا ___ الرَّجُلُ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
أَسَاعَ إِسَاعَةً۔ الشَّیْئَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔

أَسْوَعَ إِسْوَاعًا۔ ایک گھنٹہ مؤخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
السَّوْعُ والسُّوَاعُ۔ رات کا ایک حصّہ۔
السَّائِع۔ ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَةٌ۔
السَّاعَةُ۔ گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقْضِنِیْ حَقِّیْ السَّاعَةَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات و سَاع
السَّاعَةُ الرَّمْلِیَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِیَّةُ: دھوپ گھڑی۔
سَاعَةٌ سَوْعَاء۔ سخت وقت۔
السُّوَیْعَة۔ ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔
رَجُلٌ (مِسْیَاعٌ و مُسِیْعٌ) لِلْمَالِ: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُوَ مِضْیَاعٌ مِسْیَاعٌ و مُضِیْعٌ مُسِیْعٌ"
السَّوَاعُ والسُّوْعَاء۔ مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فِی السُّوْعَاءِ الوُضُوْء۔ السُّوَاع: ایک بُت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔
المُسَوَّع۔ جائز۔
سَاغَ (ن) سَوْغًا و سَوَاغًا و سَوَغَانًا۔ الأَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ)
الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَیِّغ و أَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِیَ الشَّرَابُ سَاغَتْ بِهِ الأَرْضُ" دھنسا دینا۔
سَاغَ یَسُوْغُ سَوْغًا و سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت (أَسَاغَهٗ) ہے۔
سَوَّغَ۔ الأَمْرَ: جائز کرنا ___ لَهٗ كَذَا: دینا۔ کسی کے لیے خاص کر دینا۔
أَسَاغَ۔ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "أَسِغْ لِیْ غُصَّتِیْ" یعنی مجھے مہلت دے۔
أَسْوَغَ إِسْوَاغًا۔ الصَّبِیُّ أَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ و سَوْغَةٌ و سَیِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذَا و هُوَ أَخُوْهُ سَوْغُهٗ و هِیَ أُخْتُه سَوْغُهٗ و هُوَ أَخُوْهُ سَیِّغُهٗ و هِیَ أُخْتُهٗ و سَیِّغُهٗ" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان

کوئی تیسرا نہ ہو۔
اِسْتَسَاغَ۔ الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔
السَّیِّغ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔
السِّوَاغ۔ حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "المَاءُ سِوَاغُ الغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔
سَافَ یَسُوْفُ و یَسَافُ سَوْفًا۔ المَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔
سَافَ یَسُوْفُ سَوْفًا۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا ___ و اِسْتَافَ اِسْتِیَافًا) الشَّیْئَ: سونگھنا۔
سَوَّفَهٗ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ___ ہ الأَمْرَ: پورا اختیار دینا۔
سَاوَفَهٗ مُسَاوَفَةً۔ سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔
أَسَافَ إِسَافَةً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِیْف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ أَسَافَهُ اللهُ: ہلاک کرنا۔
سَوْفَ۔ مبنی بر فتحہ: حرفِ استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔
السَّائِفَة۔ باریک ریت اور رتیلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔
السَّوَاف والسُّوَاف۔ جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی المَالِ سَوَاف" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی سے مثل ہے "أَسَافَ حَتّٰی مَا یَشْتَكِیْ السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔
السَّاف و السَّافَة۔ مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف و سَافَات۔ کہا جاتا ہے "بَنٰی سَافَیْنِ او ثَلَاثَ سَافَاتٍ" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَّاف: ایک شکاری پرندہ۔
السَّافَة والسُّوْفَة۔ رتیلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوْف و سُوَف۔
المَسَافَة والمَسَاف۔ ج مَسَاوِف و (السِّیْفَة) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "کَمْ

مَسافُ هٰذِهِ الْاَرْضِ و مَسافَتُها و سِيْفَتُها" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ و "بَيْنَهُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِل" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔
اَلْمَسَاف :ناک۔
المِسْيَاف۔ وہ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔
المُسْتَاف۔ قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔
المُسَوَّف۔ فا۔ صابر۔ خود مختار۔
المِسْوَف۔ عطردان۔
سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا و سِيَاقًا و سِيَاقَةً و مَسَاقًا و اِسْتَاقَ و اِسْتِيَاقًا۔ المَاشِيَةَ۔ جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة و سُوَّاق و سَائِقُوْن۔ صفت مفعولی (مَسُوْقَة) اور کہا جاتا ہے "سَاقَه مَسَاقَ غَيْرِهٖ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الحَدِيْثَ : بیان کرنا۔
سَاقَهٗ يَسُوْقُهٗ سَوْقًا و سِيَاقًا۔ پنڈلی پر مارنا۔
سَاقَ اِلَيْهِ المَالَ : بھیجنا۔ پیش کرنا ___ مِنَ امْرَاَتِهٖ : مہر دینا ___ المَرِيْضُ نَفْسَه عِنْدَ المَوْتِ و سِيْقَ عَلَى المَجْهُوْلِ : جانکنی ہونا۔
سَوِقَ يَسْوَقُ۔ سَوَقًا۔ اچھی اور پُرگوشت پنڈلی والا ہونا۔
سَوَّقَ۔ النَبْتُ : تنہ دار ہونا ___ ہ الاَمْرَ : مالک بنانا ___ المَاشِيَةَ : جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
سَاوَقَهٗ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔
اَسَاقَهٗ اِسَاقَةً و اسْتَسَاقَهٗ اِسْتِسَاقَةً المَاشِيَةَ : ہانکنے کے لیے دینا۔
تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔
تَسَاوَقَتِ۔ المَاشِيَةُ : قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔
اِنْسَاقَ۔ ہانکا جانا ___ الاَبِلُ : قطار میں چلنا۔
السَّاقُ۔ پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق و سِيْقَان و اَسْوُق۔ سَاقُ الشَّجَرَةِ : درخت کا تنہ۔
سَاقُ الحَمَامِ و سَاقُ الغُرَابِ : دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍّ : تر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الاَمْرُ عَنْ سَاقِهٖ" یعنی معاملہ سخت ہوگیا۔ و
"قَامَتِ الحَرْبُ عَلٰى سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہوگئی۔ و "وَلَدَتِ المَرْاَةُ ثَلَاثَةَ بَنِيْنَ عَلٰى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔
السَّاقَةُ۔ جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ سَاقَةِ الجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔
السُّوْقُ۔ بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق۔ سُوْقُ الحَرْبِ : میدان جنگ۔
السَّوَقُ۔ پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَةُ۔ رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث)
السَّيِّقُ۔ مِنَ السَّحَابِ : بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔
السَّيِّقَةُ۔ جانور جن کو دشمن ہانک کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "المَرْءُ سَيِّقَةُ القَدَرِ" مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّيِّقَة : شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِق۔ و سَيِّقَات۔
السَّوِيْقُ۔ ستو۔ ج اَسْوِقَة۔ شراب۔
السِّيَاقُ۔ مہ۔ عورت کا مہر۔ سِيَاقُ الكَلَامِ : اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ هٰذِهِ العِبَارَةُ فِيْ سِيَاقِ الكَلَامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاقُ۔ ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔
الاَسْوَقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء ج سُوْق۔
السُّوَّاقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔
المِسْوَقُ۔ لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔
المُنْسَاقُ۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔
سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا و سَوَّكَ۔ الشَّيْءَ : رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الاَسْنَانَ بِالعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔
سَاكَ سِوَاكًا و تَسَاوَكَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔
تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا و اِسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا۔ مسواک کرنا۔
السِّوَاكُ۔ مہ۔ ج سُوْك و (المِسْوَاكُ) ج مَسَاوِيْك۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مِسْوَاك۔
سَالَ يَسَالُ سُؤَالًا و سَوَالًا۔ سَأَلَ کا ایک لغت۔
سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلًا۔ ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَل۔ مؤنث سَوْلَاء۔ ج سُوْل۔
سَوَّلَ۔ لَهُ الشَّيْطَانُ : گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لیے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيْلَاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهٗ نَفْسُه كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔
تَسَوَّلَ۔ البَطْنُ : ڈھیلا پڑنا۔
السُّؤْلُ۔ السُّوْلُ کا مخفف۔
السُّؤَلَةُ۔ بہت پوچھنے والا۔
السَّوْلَاءُ۔ اَسْوَل کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔
السَّوِيْلُ۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِيْ هٰذَا الاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔
سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا و سَوَامًا۔ السِّلْعَةَ فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔
___ المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ : بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِهٖ كَذَا وَ كَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ المَاشِيَةُ : جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَهُ الاَمْرَ تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا : ذلیل کرنا ___ الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ : پرندہ کا منڈلانا۔
___ الرِّيْحُ : ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔
سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الحَوْضِ : اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔
سَوَّمَهُ۔ الاَمْرَ : کرنے کی تکلیف دینا۔
___ ہ فِيْ مَا يَمْلِكُهٗ : حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا ___ فُلَانًا : کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے "عَبْدٌ و سُوِّمَ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں

جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو ـــــ الخَيْلَ : گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا ـــــ عَلَيْهِمْ : لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا ـــــ الفَرَسَ : گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا و مُسَاوَمَةً۔ بِالسِّلْعَةِ : سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ۔ السِّلْعَةَ : فروخت کرنے میں جھگڑنا۔ ـــــ فِي السِّلْعَةِ : سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَةً۔ المَاشِيَةَ : جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا ـــــ اِلَيْهِ بِبَصَرِهِ : نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ۔ فُلَانًا السِّلْعَةَ : قیمت دریافت کرنا ـــــ بِهَا : زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ۔ علامت لگانا۔

السَّام۔ موت۔ نرکل۔ واحد (سَامَةٌ)

السَّامَةَ : موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِيَمٌ۔

السِّيمَةَ و السُّوْمَةَ و السِّيمَا و السِّيْمِيَا۔ علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سُوْمَةُ الصَّلَاحِ وَ سِيْمَةٌ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

السِّيمِيَاءُ و السِّيمِيَاءُ۔ علامت۔ خوبصورتی۔

السَّائِمِ۔ فا۔ خود سری سے چلنے والا۔ چرواہا۔

السَّائِمَةُ و السَّوَام۔ چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم۔

السُّوَامِ۔ مص۔ ایک پرندہ۔

المَسَامِ۔ جلدی گزرنا۔

المَسَامَةَ۔ چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

المُسَوَّمِ۔ خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَيْلُ المُسَوَّمَةَ۔ چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِيَ يَسْوَى سِوًى۔ الرَّجُلُ : درست کام والا ہونا۔

سَوَّى۔ الشَّيْءَ : درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ المُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوَى" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الأَبَّارُ يُسَوِّي الابر۔ (ـــــ وَسَاوَى) بَيْنَهُمَا و سَوَّاهُ و سَاوَاهُ بِهِ : برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّيَتْ عَلَيْهِ الارض : یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔ وسَاوَى الشَّيْءَ : برابر کرنا۔ سَاوَى الرَّجُلُ قِرْنَهُ : ہم مثل ہونا۔ قدر وقیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا يُسَاوِي دِرْهَمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوَى اِسْوَاءً۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست اُمور والا ہونا ـــــ الشَّيْءَ : ہموار کرنا ـــــ

اَسْوَاهُ : برابر کرنا۔

تَسَوَّى۔ ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِهِ الاَرْضُ" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَيَا۔ فِي كَذَا : ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوَى۔ الشَّيْءُ : معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ الشَّيْءَ فَمَا اسْتَوَى" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی ـــــ الرَّجُلُ : درست اُمور والا ہونا۔ پوری جوانی کو پہونچنا ـــــ عَلَيْهِ : غالب ہونا ـــــ عَلَى ظَهْرِ الدَّابَّةِ : جم کے بیٹھنا۔ "اِسْتَوَى عَلَى سَرِيْرِ المَلِكِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے ـــــ اِلَى الشَّيءِ : قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِهِ الأَرْضُ : ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوَى الطَّعَامُ : پک کر تیار ہونا۔

السَّوَى۔ ارادہ۔

السَّوَاءِ۔ برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَهُ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِيْتُهُ فِي سَوَاءِ النَّهَارِ" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءُوْا سَوَاءَ زَيْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَكَانٌ سَوَاءٌ و ثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَّبِيْلِ" سیدھا راستہ۔ و هٰذَا دِرْهَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی۔ السَّوَاءِ : مثل مانند "هُمَا فِي هٰذَا الأَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءِ ان ہی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ۔ سَوَاءٌ یا هُمْ اَسْوَاء اور خلافِ قیاس "هُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِيَةٌ و سَوَاسِوَةٌ" بھی کہہ سکتے ہیں۔ ولَيْلَةُ السَّوَاءِ : تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ و العَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزہ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ اَزَيْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لیے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَيَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لیے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ" اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ اَوْ قُعُوْدُكَ و قِيَامُكَ و قُعُوْدُكَ"

السِّوَى و السُّوَى۔ برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءُوْا سِوَى زَيْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِي رَجُلٌ سِوَاكَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًى و العَدَمِ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "هُمَا عَلَى حَدٍّ سِوًى" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَّوِيُّ۔ ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَكَانٌ سَوِيٌّ : بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِيٌّ : بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِيَاء۔

السَّوِيَّةُ۔ السَّوِيُّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى سَوِيَّةٍ فِي هٰذَا الأَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَايَا۔

السِّيُّ۔ بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا سِيَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان سِيٌّ : ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لیے کہا جاتا ہے "مَاهِيَ بِسِيٍّ لَكَ و لَيْسَتِ المَرْأَةُ لَكَ بِسِيٍّ و مَا لَكَ بِاَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَا سِيَّمَا" سی اور ما

سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور لَاسِیَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

الأَسْوٰی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا المَكَانُ اَسْوٰی هٰذِهِ الأَمْكِنَةِ"

الِاسْتِوَاء۔ مص - درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِيِّيْن : وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصّوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَيَّأَت و تَسَيَّأَت۔ النَّاقَةُ : اونٹنی کا بغیر دوھنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَيَّأَتْ عَلَيَّ الأُمُوْرُ" میرے اُوپر اُمور مختلف ہوگئے۔ و "تَسَيَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّيْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

اِنْسَيَأَ۔ اللَّبَنُ :دودھ کا بغیر دوھنے کے بہنا۔

السَّيُّ و السِّيُّ۔ دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوھے ہوئے نکلے۔ ج سُيُوْء۔

سَابَ يَسِيْبُ سَيْبًا۔ المَاءُ :پانی کا ہر طرف کو بہنا ـــــ الرَّجُلُ :تیز چلنا ـــــ فِيْ كَلَامِهٖ ـــــ بغیر غور و فکر کے بولنا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَيَّبَهٗ۔ چھوڑ دینا ـــــ العَبْدَ :غلام کو آزاد کر دینا۔

اِنْسَابَ اِنْسِيَابًا۔ تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ الحَيَّةُ : سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

ـــــ فُلَانٌ نَحْوَنَا۔ لوٹنا۔

السَّيْبُ۔ مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال، زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُيُوْب۔

السِّيْبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُيُوْب سِيَب۔ (فارسی)

السَّيَابُ و السَّيَّابُ و السُّيَّابُ۔ کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَيَابَةٌ و سَيَّابَةٌ۔

السَّيَابَةُ : شراب۔

السِّيْبَان۔ صِئْبَان کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔

السَّائِبَة۔ چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس، پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُيَّب و سَوَائِب۔

سَيَّحَ۔ الكَرْمَ :انگور میں باڑ لگانا۔

السِّيَاج۔ دیوار۔ باڑ۔ ج سِيَاجَات و اَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔

السِّيْحَان۔ ایک قسم کی مچھلی۔

سَاحَ يَسِيْحُ سَيْحًا و سَيَحَانًا۔ المَاءُ :پانی کا سطحِ زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ سَائِحٌ و سَيْحٌ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الارضُ تُسْقَى بِالمَاءِ سَيْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے ـــــ الظِّلُّ :پھرنا۔ ہٹ جانا (ـــــ سَيْحًا و سَيَحَانًا و سِيَاحَةً و سُيُوْحًا) زمین میں عبادت کے لیے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت (سَائِح) ج سُيَّاحٌ و سَائِحُوْن۔

سَيَّحَهٗ و اَسَاحَهٗ۔ بہانا۔ کہا جاتا ہے "يَسِحُّ تَسْبِيْحًا كَثِيْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اَسَاحَ الفَرَسُ بِذَنَبِهٖ : گھوڑے کا دم کو لٹکانا۔

اِنْسَاحَ۔ بَطْنُهٗ : پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ـــــ الثَّوْبُ : کپڑے کا پھٹنا ـــــ بَالُهٗ : کشادہ دل ہونا۔ اِنْسَاحَتِ الصَّخْرَة : چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّيْح۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار کمبل۔ ج سُيُوْح و اَسْيَاح۔

السَّائِح۔ مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

السَّيَّاح۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا۔

المِسْيَاح۔ بُرائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَايِيْح۔

المُسَيَّح۔ مِنَ الثِّيَاب :دھاری دار کپڑا۔

سَاخَ يَسِيْخُ سَيْخًا و سَيَخَانًا۔ مضبوط ہونا۔

سَاخَتْ قَدَمُهٗ فِي الطِّيْنِ : گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِّيخ۔ بڑی چھری۔ (فارسی)

السِّيَاخ۔ مٹی کی عمارت۔ ج سُيُوْخ۔

سَارَ (ض) سَيْرًا و تَسْيَارًا و مَسِيْرًا و مَسِيْرَةً و سَيْرُوْرَةً۔ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ـــــ ہٗ و بِهٖ : چلانا ـــــ الدَّابَّةَ : جانور پر سوار ہونا ـــــ السُّنَّةَ : عمل کرنا۔ جیسے "وَ اَوَّلُ رَاضِي سُنَّةً مَنْ يَسِيْرُهَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عَنْكَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْوَدَعْ عَنْكَ الشَّكَّ و المِرَاءَ" سَارَ الكَلَامُ اوالمَثَلُ فِي النَّاسِ :مشہور ہونا۔

سَيَّرَ وَاَسَارَ۔ الرَّجُلَ : چلانا ـــــ الجُلَّ عَنْ ظَهْرِ الدَّابَّةِ : اتار دینا۔ سَيَّرَ الثَّوْبَ او السَّهْمَ :دھاری ڈالنا۔ سَيَّرَ المَثَلَ :لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَيَّرَ سِيْرَةً : پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَيَّرَهٗ مِنْ بَلَدِهٖ : جلاوطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَايَرَهٗ۔ ساتھ چلنا۔

تَسَيَّرَ۔ الجِلْدُ : چھل جانا۔

تَسَايَرَا۔ باہم مل کر چلنا۔ تَسَايَرَ عَنْ وَجْهِهٖ الغَضَبُ :زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِيَارًا۔ زاد راہ خریدنا ـــــ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ : کسی کی سیرت و عادت پر چلنا۔

سَائِرُ۔ الشَّيْءِ : تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَّيْرُ۔ تسمہ۔ ج سُيُوْرٌ و سُيُوْرَةٌ و اَسْيَارٌ۔

السِّيْرَة۔ سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرز زندگی۔ ہیئت۔ سِيْرَةُ الرَّجُلِ : سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ السِّيْرَةِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِيْرَتُهٗ حُمِدَتْ سِيْرَتُه" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِيَر۔

السِّيَرَاء۔ دھاری دار چادریں یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی

نباتات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔

السَّائِر۔ فا۔ سَائِرُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ۔ المَثَلُ السَّائِر:

السَّیَّارُ و السَّیِّرَۃُ و السَّیُوْرُ۔ بہت چلنے والا۔

السَّیَّارَۃ۔ السَّیَّار کا مؤنث۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل، مشتری، مریخ، زمین، زہرہ، عطارد وغیرہ۔ ج سَیَّارَات۔

السَّیَّارَۃ: موٹر کار۔

التَّسْیَار۔ مص۔ سیر کا مبالغہ۔

المَسُوْر۔ مفع۔ قیاس کے لحاظ سے مَسِیْر ہے۔ مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمد و رفت والا راستہ۔

المَسِیْرَۃُ۔ مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔

المُسَیَّر۔ مِنَ الثِّیَابِ: دھاری دار کپڑا۔

السِّیْرَجُ۔ تل کا تیل۔

سَیَّسَ یُسَیِّسُ سَیْسًا۔ الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔

سَاسَاہ۔ شرم دلانا۔ عار دلانا۔

السِّیْس۔ چنبیلی کا پودہ۔

السِّیْسَاء۔ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔ سِیْسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔

سَیْطَرَ سَیْطَرَۃً و تَسَیْطَرَ۔ نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا و سُیُوْعًا۔ الشَّیْءُ: ضائع ہونا ___ و اِنْسَاعَ و تَسَیَّعَ: المَاءُ: پانی کا اِدھر اُدھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔

سَیَّعَ۔ الحَائِطَ بِالطِّیْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا ___ الشَّیْءَ: تیل وغیرہ ملنا۔

اَسَاعَ۔ الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔

السَّیْعُ۔ مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔

السِّیَاع۔ گارا۔ کہگل۔

السِّیْعَاءُ و السَّیْعَاءُ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر جانے کے بعد میں نکلا۔

المِسْیَعَۃُ۔ کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔ نَاقَۃٌ (مِسْیَاعٌ) بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لیے جانے والی اونٹنی۔

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابُ: خوشگوار بنانا۔

السَّیْغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا۔ اَلْیَدُ: ناخن کے اردگرد چھٹنا۔

سَافَهُ یَسِیْفُهُ سَیْفًا۔ تلوار سے مارنا۔

تَسَیَّفَهُ۔ تلوار سے مارنا۔

سَایَفُوْا و تَسَایَفُوْا و اسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا۔ باہم تلوار بازی کرنا۔ و اُسْتِیْفَ الْقَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔

السَّیْفُ۔ تلوار۔ ج اَسْیَاف و سُیُوْف و اَسْیُف و مَسْیَفَۃٌ و (السَّائِف) تلوار سے مسلح۔ سَیْفُ الجَبَّارِ: تین ستاروں کے نام۔ سَیْفُ الرِّیَاحِ: ایک قسم کی نباتات۔

السَّیْفُ و السِّیْفُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔ السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ یا ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْیَاف وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔

السَّیْفَانُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا و پتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَۃٌ۔ اور بقول بعض عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے۔

السَّیَّاف۔ شمشیر زن۔ ج سَیَّافَۃٌ۔ رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔ سَیَّافُ الاَمِیْرِ: جلاد۔

الاَسْیَاف۔ پارٹیاں۔

المَسَایِف۔ خشک سالی۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمُ المَسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔

المُسِیْف۔ تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔

المُسَیَّف۔ مِنَ الدَّرَاهِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں ___ مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔

السِّیْکَاہُ۔ فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ (ض) سَیْلًا و سَیَلَانًا و مَسِیْلًا و مَسَالًا۔ المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔

اَسَالَ اِسَالَۃً و سَیَّلَ تَسْیِیْلًا۔ المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔ اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔

تَسَایَلَ۔ القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔

السَّائِلَۃُ۔ مِنْ غُرَرِ الخَیْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی۔ ج سَوَائِل۔

السَّیْل۔ مص۔ بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَیْلٌ" بہنے والا پانی۔ السیل: سیلاب۔ ج سُیُوْل۔

السِّیْلَۃُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ سال کا اسم مرۃ۔

السَّیْلَۃ۔ پانی کا بہاؤ۔

السِّیْلَان۔ ایک قیمتی پتھر۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو۔ ج سَیَالِیْن۔

السَّوَائِل۔ مِنَ المَعَادِنِ وَ غَیْرِهَا: بہنے والی چیزیں۔

السَّیَال۔ سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے۔ واحد۔ سَیَالَۃٌ۔

السَّیَّال۔ زور سے بہنے والا۔ مؤنث سَیَّالَۃ

السَّیَّال: ایک قسم کی مچھلی۔

مَسِیْلُ۔ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَسَائِل و مُسُل و اَمْسِلَۃ و مُسْلَان۔

المَسَال۔ مِنَ الْوَجْهِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب۔

السِّیْمُوْنِیَّۃ۔ سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش۔

سِیَۃُ۔ القَوْسِ: کمان کا سرا۔ ج سِیَات۔

الشُؤْبُوب- بارش کی بوچھاڑ- دھوپ کی تیزی- ہر چیز کی حد- ہر چیز کی شدت دفع- آغازِ حسن- ج شَآبِیب- کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِيبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے-

الشَئِيت- ٹھوکر کھانے والا گھوڑا-

شَأجَهُ يَشْأجَهُ الاَمْرُ : غمگین کرنا-

شَئِزَ (س) شَأَزًا و شُؤْزَةً و شُؤَازًا- المَكَانُ : سخت اور بلند ہونا- ناہموار ہونا- صفت (شَأْزٌ و شِئَزَةٌ) (ـــــ و شُئِزَ) بے آرام ہونا- ڈرنا-

شَأَز(ف)شَأَزًا :العَجَارِيَةَ :جماع کرنا-

اَشْأَزَهُ- رنجیدہ کرنا- بے آرام کرنا- ڈرانا-

اَشْأَزَ الرَجُلُ :عَنْ كَذَا :بلند ہونا-

اِشْتَأَزَ- بدکنا-

الشَأزَةُ- اسم مَرة خَيْلٌ شَأْزَةٌ :موٹا گھوڑا-

المَشْئُوْزُ و المَشْؤُزُ- بے آرام- بے قرار- خوفزدہ-

شَئِسَ(س)شَأْسًا- الشَئُ : سخت ہونا-

ــــ الرَجُلُ : مرض یا غم سے بے قرار ہونا

ــــ اَلْمَكَانُ : سخت و سنگریزہ دار ہونا- مَكَانٌ (شَئِسٌ و شَأْسٌ) سخت و سنگریزہ والی جگہ- ج شَئِيس و شُؤُسٌ-

شَأْشَأَ شَأْشَأَةً و شَأْشَاءً- الرَاعِي- الغَنَمَ اَو الحَمِيْرَ و بِهَا : شَأْشَأ یا شُؤْشُؤْ کہہ کر ہانکنا-

النَخْلَةُ : درخت خرما میں گابھا لگنا-

تَشَأْشَأَ- القَوْمُ : متفرق ہونا- بکھرنا-

الشَأشَاء- مد- ایک قسم کی ردی کھجور- کھجور کے لمبے درخت-

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا- الرَجُلُ : آبلہ پڑنا- صفت (مَشْؤُفَةٌ) شَئِفَتْ اَصَابِعُه : ناخنوں کے اردگرد پھٹنا- (ــــ شَأْفًا و شَآفَةً) فُلاَنًا و لِفُلاَنٍ : بغض رکھنا-

شُئِفَ- خوفزدہ ہونا- ڈرایا جانا- صفت (مَشْؤُف) شُئِفَتِ الرَجُلُ : آبلہ پڑنا-

اِسْتَشْأَفَتِ- القَرْحَةُ : خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا-

شَأْفَ- الجُرْحِ : زخم کی خرابی-

الشَأْفَةَ- جڑ تلوے کا زخم- کہا جاتا ہے "اِسْتَاصَلَ شَأْفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھودیا- و "بَيْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے- واِسْتَاصَلَ اللّٰهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے- شَأْفَةُ الرَجُلِ : اہل و مال-

رَجُلٌ شَأَفَةٌ- معزز و بلند مرتبہ مرد-

شَأَمَ (ف) شَأْمًا- القَوْمَ و عَلَيْهِمْ : بدبختی ڈالنا- صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً و شُئِمَ- عَلَيْهِم : منحوس و نامبارک ہونا-

شَأَّمَهُمْ- ملک شام کی طرف روانہ کرنا-

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً- بِه : بائیں طرف لینا-

الرَجُلُ : ملک شام میں آنا-

اَشْأَمَ- ملک شام کا ارادہ کرنا- ملک شام میں آنا- سر اُٹھائے ہوئے گزرنا-

تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ- ملک شام کی جانب منسوب ہونا- بائیں طرف ہونا-

تَشَاءَمَ و اِسْتَشْأَمَ- بِه : بدفالی کرنا- بد شگون لینا-

الشُؤْمُ- نحوست- کالے اونٹ-

الشَامُ و الشَأْمُ- ملک شام-

الشَأمِيُّ و الشَآمِيُّ و الشَآمِيُّ- ملک شام کی جانب منسوب-

الشَائِم- فا- نحوست لانے والا-

الشَأْمَةُ و المَشْأَمَة- نحوست-

الشِيمَةُ و الشِئْمَة- خلق- طبیعت- عادت- ج شِيَم-

الاَشْأَم- اسم تفضیل اور اسی سے ہے "اَشْأَمُ كُلِّ امرِئٍ بَيْنَ لِحْيَيْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے- یعنی زبان- بدبختی لانے والا- مؤنث شُؤْمٰی-

و اليَدُ الشُؤْمٰی : بایاں ہاتھ-

الاَشَائِم- اِشأم کی جمع-

المَشْئُوْم و المَشْؤُوْم- منحوس- بدبخت- ج مَشَائِيم-

شَأَنَ (ف) شَأْنًا- صاحب عزت و مرتبہ ہونا- کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَك" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا- "مَاشَأَنَ شَأْنَك" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی- و "اشْأَنْ شَأنَك" اپنی حالت پر رہو-

اِشْتَأَن- شَأنك : کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا-

الشَأْن- ج شُؤُوْن و شِئَان و شِئِين : بڑے بڑے اُمور و احوال- معاملہ- حالت- کہا جاتا ہے "مِنْ شَانِهِ كَذَا و اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے- و "مَاشَأْنُك" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُن و شُؤُوْن : سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ- کہا جاتا ہے- "بَلَغَتِ الرَائِحَةُ اِلٰى شُؤُوْنِ رَاْسِه" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی- پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں

ــــ شُؤُوْنٌ و اَشْؤُنٌ : رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں- کہا جاتا ہے "فَاضَتْ

شُؤُونَهُ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں
____ الشُّؤُون :حاجتیں-کہا جاتا ہے "کَلِّفْنِي
شُؤُونَکَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد
کردو ____ شُؤُونُ الخَمرِ :شراب کا اثر جو
جسم کی رگوں میں سرایت کرے-

شَأَى يَشْؤُ وشَأْوًا واشْتَأَى اِشْتِيَاءً ا-
القَوْمَ :آگے بڑھ جانا-شَأَىٔ التُرَابَ مِنَ البِئْرِ :
کنوئیں سے مٹی نکالنا-

شَاءَ یُ مُشَاءَ اۃً-القَوْمَ :آگے بڑھنا-آگے
بڑھنے میں مقابلہ کرنا-

تَشَاءَ ی تَشَائِیًا-القَوْمَ :ایک دوسرے سے
آگے بڑھنا-متفرق ہونا-تَشَاءَ یُ مَا بَيْنَهُمَا :
فاصلہ پر ہونا-

الشَّاؤ-مع-مدت-غایت-کہا جاتا ہے "فُلَانٌ
بَعِيْدُ الشَّاوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و
"عَدَا شَاوًا" وہ ایک چکر دوڑا-الشَّاؤ :اونٹنی
کی مہار-اونٹنی کی مینگنیاں-زنبیل-کنوئیں کی
نکلی ہوئی مٹی-

المِشْأَۃ-کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی-ٹوکری جس
سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے-ج المَشَائِی-

الشَّبْأَۃ-تالے کی جھڑ-

شَبَّ (ض) شَبَابًا و شَبِيبَۃً-الغُلَامُ :جوان
ہونا-کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلٰی دَبَّ" :جوانی سے
بڑھاپے تک-

شَبَّ (ن ض) شَبِيْبًا و شِبَابًا و شُبُوْبًا-
الفَرَسُ :اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا-نشاط میں ہونا-
عرب کا مقولہ ہے "الجَوْهَرُ يَشُبُّ بَعْضُهُ
بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو
بڑھاتا ہے-

شَبَّ (ن) شَبًّا و شُبُوبًا-النَّارَ :آگ روشن
کرنا-شَبَّتِ النَّارُ :آگ روشن ہونا ____
الشَّیْئَ :بلند ہونا-بڑھنا-

شُبَّ-الشَّیْئُ :زیادہ کیا جانا-بلند کیا جانا-شُبَّتْ
النَّارُ :روشن ہونا-شُبَّ لَهُ الشَّیْئُ :اللہ کی
طرف سے مقدر کیا جانا-

شَبَّبَ و تَشَبَّبَ-جوانی اور کھیل کود کے زمانہ
کا ذکر کرنا ____ الشَّاعِرُ بِالفَتَاۃِ :عورتوں کے
محاسن و اوصاف کو بیان کرنا-شَبَّبَ قَصِيْدَۃً :
عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا-کہا جاتا
ہے "شَبَّبَ قَصِيْدَتَهُ بِفُلَانَۃٍ" شعراء کی عادت
تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے
تھے-پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ
ایام شباب کا ذکر نہ ہو-شَبَّبَ الكِتَابَ :کتاب
شروع کرنا-تَشَبَّبَتْ النَّارُ :آگ روشن ہونا-
بھڑکنا-

اَشَبَّ-الغُلَامُ :لڑکے کا جوان ہونا-
____ الرَّجُلُ :جوان اولاد والا ہونا ____ اللّٰهُ
الغُلَامَ :لڑکے کو جوان کرنا ____ الفَرَسَ :
گھوڑے کو اکسانا ____ الثَّوْرُ :بیل کا بوڑھا
ہونا-صفت (مُشِبٌّ و مُشَبٌّ و شَبَبٌ و مِشَبٌّ)

اُشِبَّ-لَهُ كَذَا :مقدر کیا جانا-

الشَّبُّ-پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک
جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے-
جوان-شَبُّ اللَّيْلِ :ایک قسم کی نباتات-

الشَّبَابُ و الشَّبِيْبَۃُ-مع-جوانی بلوغ سے
تیس برس تک کا زمانہ-ابتداء جیسے "شَبَابُ
النَّهَارِ" دن کی ابتداء-الشَّبَابُ بمعنی تشبیب کہا
جاتا ہے-"قَصِيْدَۃٌ حَسَنَۃُ الشَّبَابِ" اچھی
تشبیب والا قصیدہ اور شبیبہ کی جمع شَبَائِبُ-

الشَّبُوْبُ-عمدہ بنانے والا-آراستہ کرنے والا-
کہا جاتا ہے "هٰذَا شَبُوْبٌ لِكَذَا" یہ اس کے
حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے-مثلاً "الخِمَارُ
شَبُوْبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی
رونق کو بڑھا دیتی ہے (____ والشِّبَابُ) جس
سے آگ جلائی جائے-

الشَّبَّابَۃُ-ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اس
کو مُنجَبِرۃ کہتے ہیں-

الشَّابُّ و الشَّبُّ-جوان-ج شَبَابٌ و شُبَّانٌ
و شَبَبَۃٌ-مؤنث شَابَّۃٌ و شَبَّۃٌ-ج شَابَّاتٌ و
شَبَّاتٌ و شَوَابٌّ و شَبَائِبُ-

المُشِبُّ-شیر-

المَشْبُوْبُ-مِنَ الرِّجَالِ :تیز خاطر مرد-
المَشْبُوْبَتَانِ :زہرہ و مشتری-نَارٌ مَشْبُوْبَۃٌ :
بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّۃٌ نہیں بولتے-)

الشِّبِتُّ-سوئے کا ساگ-

شَبِثَ (س) شَبَثًا و تَشَبَّثَ-بِكَذَا :چمٹنا-
معلق ہونا-

رَجُلٌ (شَبِثَۃٌ) اپنے مقابل کو چمٹنے والا-

الشِّبِثُ-ایک قسم کی ترکاری-

الشَّبَثُ-مکڑی-ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں
بہت ہوتی ہیں-ج اَشْبَاثٌ و شِبْثَانٌ-رَجُلٌ
(شَبِثٌ) چمٹنے والی طبیعت والا مرد-

الشِّبَّاثُ و الشَّبُّوْثُ-ٹیڑھے سرے والی
میخ-ج شَبَابِيْثُ-

اَشْبَجَ-البَابَ :دروازہ بھیڑنا-

الشَّبَجُ-بلند دروازہ یا دروازہ-واحد (شَبَجَۃٌ)

شَبَحَ (ف) شَبْحًا-الشَّیْئَ :پھاڑنا-چیرنا
____ الجِلْدَ :کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا
____ الرَّجُلَ :گھسیٹنا ____ الدَّاعِی :دعا
کے لئے ہاتھ پھیلانا ____ فُلَانًا لَهُ :کسی کے
سامنے سیدھا کھڑا ہونا-

شَبُحَ (ک) شَبَاحَۃً-لمبے چوڑے بازوؤں
والا ہونا-

شَبَّحَ-بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو
دیکھنا ____ الشَّیْئَ :چھیلنا-چوڑا کرنا-

تَشَبَّحَ-الحِرْبَاءُ عَلَى العُوْدِ :گرگٹ کا
لکڑی پر دراز ہونا-

الشَّبَحُ و الشَّبْحُ شخص-بلند عمارت کا
دروازہ-ج شُبُوْحٌ و اَشْبَاحٌ-اَشْبَاحُ المَالِ :
نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ-

الشَّبْحَۃُ-اسم مرۃ-کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفُ
بَيْتِي شَبْحَۃً شَبْحَۃً" اس نے میرے گھر کی
چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی-
____ عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ :گھوڑے کی ٹانگیں
باندھنے کی رسی-

الشَّبَحَانُ-لمبا-

الشَّبَحَانِ-مِنْقَلَۃٌ کھیل کود کی دو لکڑیاں-
(دیکھئے مِنْقَلَۃٌ)

الشَّبِيْحُ-دودھ دوہنے کی آواز-

الشِّبْدِعُ و الشِّبْدَعُ و الشِّبْدِعَۃُ-بچھو-
مصیبت-زبان-ج شَبَادِعُ-

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا-الثَّوْبَ و نَحْوَهُ :بالشت
سے ناپنا-شَبَرَهُ مَالًا :کسی کو مال دینا-

شَبِرَ (س) شَبَرًا-الرَّجُلُ :اکڑنا-اترانا-

شَبَّرَ- الشَّیْئَ : اندازہ کرنا ــــ فُلَانًا : تعظیم کرنا۔
اَشْبَرَ- فُلَانًا : فضیلت دینا ــــ ہ مَالًا : دینا ــــ الرَّجُلُ : لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پست قد بیٹوں والا ہونا۔
تَشَابَرَ- الفَرِیْقَانِ فِی الْحَرْبِ : ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔
تَشَبَّرَ- بڑا ہونا۔
الشَّبْرُ- مص- مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَم یُعْطِهَا شَبرها" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قدو قامت۔
الشِّبْرُ- عمر- بالشت۔ ج اَشْبَار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔
الشَّبَر- عطیہ- خیر۔
الشِّبْرة- قدو قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشِّبْرة- عطیہ۔
الشَّبُّوْر- بگل۔ ج شَبَابِیْر و شَبُّوْرَات (کلمہ عبرانی ہے)
الشَّابُوْرَة- خلیج- کہر (جدید)
شَابِر- المیزان : چور۔
فُلَانٌ (اَشْبَر) مِنْكَ : فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔
الاُشْبُوْر- ایک قسم کی مچھلی۔
المَشَابِر- نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرة)۔
شَبْرَقَهُ- ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ : پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِی مَشْیِهَا ــــ جانور کا دور دور قدم رکھنا ــــ البَازِی الصَّیْدَ : نوچنا اور پھاڑنا ــــ الثَّوْبَ : برا بننا۔
الشَّبَارِق و الشُّبَارِق- ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ و شُبَارِقُ و شَبَارِیْقُ و شَبْرَق و شِبْرَاقٌ" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِق- بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق۔
الشِّبْرِقَة- کپڑے کا ٹکڑا۔

الشِّبْرَاق- مِنْ کُلِّ شَیْئٍ : تخی۔
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) برا بنا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِم- پستہ قد۔
الشُّبْرُمَة- بلی۔
الشَّبْرَق- آسیب زدہ۔
تَشَبَّصَ- الشَّجَرُ : آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الشَّبَص- درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ تخی۔
شُبَاط- ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔
الشَّبُّوْط و الشَّبُوْط و الشَّبْوط- ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِیْط۔
شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا- و مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ و رَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ۔
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً- عَقْلُهُ : بہت عقل والا ہونا۔
شَبَّعَتْ- غَنَمُهُ : آسودگی کے قریب ہونا۔
اَشْبَعَهُ- کھلا کر شکم سیر کرنا ــــ الشَّیْئَ : زیادہ کرنا ــــ الثَّوْبَ مِنَ الصَّبغ : خوب گہرا رنگنا ــــ الکَلَامَ : مکمل کہنا۔
تَشَبَّعَ- بتکلف شکم سیر ہونا- ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔
الشِّبْعُ و الشِّبَعُ- کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔
الشُّبَاعَة- آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔
الشُّبْعَة- ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔
الشَّبْعَانُ- شکم سیر- مؤنث شَبْعٰی و شَبْعَانَةٌ ج شِبَاعٌ و شَبَاعٰی۔ کہا جاتا ہے "هِیَ شَبْعٰی الذِّرَاعِ" وہ پر گوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعٰی الخَلْخَالِ اَوِ السِّوَارِ و الدِّرْعِ" یعنی موٹی۔
الشَّبِعَة- شکم سیر عورت۔
الشَّبِیْع- بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِیْعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِیْعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِیْعٌ" بہت لٹوں والی رسی۔ ج شُبُع۔
شَبِقَ (س) شَبَقًا- بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ۔

مِنَ اللَّحْمِ : گوشت کھانے سے بد ہضمی ہونا۔
الشُّوْبَق- بیلن- ج شَوَابِق (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شَوْبَک) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔
شَبَکَتْ (ض) شَبْکًا- الاُمُوْرُ : ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَکَهُ عَنْهُ : غافل کر دینا (شَبَکَ و شَبَّکَ) الشَّیْئَ : ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَکْتُ اَصَابِعِی بَعْضَهَا فِی بَعْضٍ و شَبَکْتُ بَیْنَ اَصَابِعِی" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔
اَشْبَکَ- القَوْمُ : نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "اَشْبَکَ المَکَانُ" : قریب کنوئیں والی ہونا۔
شَابَکَ- بَیْنَ الاَصَابِعِ : انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔
تَشَابَکَتْ- الاُمُوْرُ : باہم مخلط ہونا۔
اِشْتَبَکَ و تَشَبَّکَ- مخلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا ــــ الکَلَامُ اَوِ الاُمُوْرُ : پیچیدہ ہونا۔
الشَّبَکَة- شکاری کا جال- ج شَبَک و شِبَاک و شَبَکَات- الشَّبَکَة : بہت کنوئیں والی زمین- قریب قریب والے کنوئیں۔
الشُّبْکَة- قرابت۔
طَرِیْقٌ (شَابِکٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ- ج شوابک۔
الشَّبَّاک- جال بنانے والا۔
الشُّبَّاک- دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں- کھڑکی- ج شَبَابِیْک
الشُّبَّاک : شکاری کا جال- شکاری- گویا کہ یہ شابک کی جمع ہے- جیسے قاری کی جمع قراء۔
الشَّبَائِک- جھگڑے۔
المُشَبَّک- ایک قسم کا کھانا۔
شَبَلَ (ن) شُبُوْلًا- الغُلَامُ : لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا- صفت (شَابِل) ــــ فِی بَنِی فُلَانٍ : پرورش پانا۔
اَشْبَلَ- عَلَیْهِ : مہربانی کرنا- مدد کرنا۔ اَشْبَلَتِ المَرْاَةُ عَلٰی اَوْلَادِهَا : شوہر کی وفات کے بعد

بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔
الشِبْلُ۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال و اَشْبُل و شُبُوْل۔ اَبُو الْاَشْبَال: شیر۔
لَبُؤَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔
مَکَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔
شَبَمَ (ن) شَبْمًا و شَبَمَ الْجُدَیَ: بکری کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔
شَبِمَ (س) شَبَمًا۔ الْمَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔
الشَبَمُ۔ سردی۔
الشَبِمُ۔ صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔
الشَبِمُ۔ ہتھیار۔ زہر۔ موت۔
الشِبَامُ و الشِبَمَۃُ۔ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔
الشِبَامُ۔ برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔
الْمُشَبَّمُ۔ تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔
شَبَنَ (ن) شَبْنًا۔ الْغُلَامُ: لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا۔ (ــــ شُبُوْنًا) الشَّیْءُ: قریب ہونا۔
الشَابِنُ۔ مِنَ الْغِلْمَانِ: نازک اندام پرگوشت لڑکا۔
الشَبِیْنُ و الْاِشْبِیْنُ۔ دولہا کا خدمت گار۔
شَبِیْنَۃٌ و اِشْبِیْنَۃٌ: دلہن کی خدمت گار (کلمہ سریانیہ ہے)
الشَبَانِیّ و الْاُشْبَانِیّ و الشَّبَّانِیّ۔ سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔
شَبَّهَہٗ۔ اِیَّاہُ و شَبَّهَہٗ بِہٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّهَ عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّهَ الشَّیْءُ: مشکل ہونا۔
شُبِّهَ عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔
اَشْبَهَہٗ و شَابَهَہٗ۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَہَ فُلَانٌ اُمَّہٗ فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔
تَشَبَّہَ بِہٖ: مانند ہونا، عمل میں مشابہت کرنا۔
تَشَابَہَ۔ الرَّجُلَانِ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ الْاَمْرُ۔ مُتَشَابِہٌ یعنی غیر محکم ہونا۔
اِشْتَبَهَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِشْتَبَہَ فِی الْاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا ــــ الْاَمْرُ عَلَیْہِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔
الشِبْہُ و الشَبَہُ۔ مثل مانند۔ ج اَشْبَاہ و مَشَابِہ جیسے (حسن و محاسن) الشَبَہ: مشابہت ایک خار دار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں۔ (الشِبْہ و الشَبَہ و الشَبَہَان و الشِبْہَان) پیتل۔
الشُبْہَۃُ۔ مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَہ و شُبُہَات۔
الشَبِیْہُ۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاہ۔
الْمُشْبِہ و الْمُشَبِّہ۔ مِنَ الْاُمُوْرِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ و الْمُشَبِّہَات" اپنے آپ کو امورِ مشکلہ سے بچاؤ۔
شَبَا یَشْبُوْ شَبْوًا۔ الشَّیْءُ: بلند ہونا ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ ــــ الْوَجْہُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا ــــ النَّارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔
اَشْبٰی اِشْبَاءً۔ الرَّجُلَ: دینا ــــ عَلَیْہِ: مہربان ہونا ــــ ہ: تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا ــــ الشَّجَرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا ــــ الشَّیْءَ: ہٹانا ــــ الرَّجُلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبِیٌّ و مُشْبٍ)
الْاَوْلَادُ اَبَاہُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
الشَبَاۃُ۔ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ــــ مِنَ السَّیْفِ: دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبًا و شَبَوَات۔ بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا رَجُلٌ شَبَاۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔
شَبْوَۃُ۔ بچھو کے لئے علم ہے اور علمیت تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَّبُوْ۔ دکھ۔ تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتًّا و شَتَاتًا و شَتِیْتًا۔ متفرق ہونا (ــــ و شَتَّتَ و اَشَتَّ) الْاَشْیَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ و انْشَتَّ و اسْتَشَتَّ۔ الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔

الشَتُّ۔ مص۔ پراگندگی۔
اَمْرٌ (شَتٌّ و شَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَاتٍ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
شَتَّانَ۔ مبنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَہُمَا و مَا بَیْنَہُمَا و مَا زَیْدٌ و اَخُوْہُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَتِیْتُ۔ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی (جیسے مریض و مرضی) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے دانت۔
اُنَاسٌ (شَتّٰی و شُتُوْتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اَشْیَاءُ شَتّٰی: مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ــــ الرَّجُلَ: زخمی کرنا ــــ الْعَیْنَ: پلک الٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَرًا۔ کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا ــــ بِہٖ: گالی دینا۔ (ــــ و شُتِرَ) الٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔
شَتَّرَ۔ عَیْنَہٗ: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔
اِنْشَتَرَتْ۔ عَیْنُہٗ: الٹی ہوئی پلک والی ہونا۔
الشَتَرُ: مص۔ کٹنا۔ پلک الٹنا۔ عیب و نقص۔
الشُتْرَۃُ۔ دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الشَتِّیْرُ۔ بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔
الْاَشْتَرُ۔ الٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ۔ ج شُتْر۔
الشَوْتَرَۃ۔ بڑے سرین کی عورت۔
شَتِعَ (س) شَتَعًا۔ بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَتَفَہٗ (ض) شَتْفًا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا۔
اَشْتَفَہٗ۔ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔

المَشَاتِيعُ- ہلاکتیں-

شَتَمَهُ (ن ض) شَتْمًا و مَشْتَمَةً و مَشْتِمَةً و مَشْتُمَةً و تَشْتَامًا- گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا- کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا-

شَتُمَ (ک) شَتَامَةً- بدصورت و کریہہ المنظر ہونا- صفت (شَتِيمٌ) الشَّتِيمُ- غضبناک شیر-

شَتَّمَهُ- بہت گالی دینا-

شَاتَمَهُ- باہم گالی گلوچ کرنا-

تَشَاتَمَ- القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا-

تَشَتَّمَ- گالی سننے کے درپے ہونا-

الشَّتَامَة- مص - بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی-

الشَّتِيمَة- گالی- ج شَتَائِم-

الشَّتَّامُ و الشَّتَّامَةُ- بُرے چہرہ والا- بدخلق-

الشَّتَّام و الشَّتَّامَة- بہت گالی دینے والا-

الشَّتَّامَة- شیر غضبناک-

شَتَنَ (ن) شَتْنًا- الثَّوْبَ: کپڑے کو بُنا- صفت (شَاتِن)

الشَّتْن- مص - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الكَف" سخت ہتھیلی والا مرد-

الشُّتُون- بُننے والا-

شَتَا يَشْتُو شَتْوًا و شَتَّى تَشْتِيَةً و تَشْتِي تَشْتِيًا- بِالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا- شَتَا و تَشَتَّى المَكَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا- شَتَّاهُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا-

شَتَا يَشْتُوا شَتْوًا و شُتِيَ و اَشْتَى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا- موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اُٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْئٌ يُشْتِيْنِي" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی- شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا-

شَاتَى مُشَاتَاةً و شِتَاءً- الرَّجُلَ: جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا-

الشِّتَاء- مص- موسم سرما- ج اَشْتِيَة و شُتِيّ اور نسبت کے لئے (شَتْوِيّ و شَتَوِيّ) الشَّتَوِيّ: جاڑے کی بارش فَاكِهَةُ الشِّتَاءِ: آگ-

الشِّتَاءُ و الشِّتَا- قحط-

الشَّتَاةُ و الشَّتْوَةُ- جاڑا- صاحب الشَّتْوَة: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں-

الشَّتِي- جاڑے کی بارش-

المَشْتِي و المَشْتَاة- جاڑے کا زمانہ یا جاڑے کی جگہ- موسم سرما گزارنے کی جگہ- ج المَشَاتِي-

کہا جاتا ہے هٰذِهٖ مَشَاتِيْنَا و مَصَايِفُنَا و مَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں-

اَلشَّثُّ- چھوٹے سیب کی طرح خوشبو دار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں- جنگلی اخروٹ- شہد کی مکھیاں- پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے- ج شِثَاثٌ- واحد (الشَّثَّةُ)

الشَّثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد-

شَثِرَتْ (س) شَثَرًا- عَيْنُهُ: آنکھ موٹی ہونا-

الشِّثْرُ- پہاڑ کا کنارہ- ج شُثُورٌ- قَنَاةٌ (شَثِرَةٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اُڑیں-

شَثِلَتْ (س) شَثَلًا و شَثُلَتْ (ک) شُثُولَةً- اصَابِعُهُ: موٹی ہونا-

شَثِلُ- الاَصَابِع: سخت اور موٹی انگلیوں والا-

قَدَمٌ (شَثْلَةٌ) موٹا اور سخت قدم-

شَثِنَ- بمعنی شَثِلَ-

شَجَّ (ن ض) شَجًّا- الرَّاسَ: زخمی کرنا- توڑنا- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً و يَأْسُوْ مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے- شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے کرنا-

___ المَرْكَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا-

___ الشَّرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا- کہا جاتا ہے "شَجَّ الارضَ بِرَاحِلَتِهٖ" یعنی بہت تیز چلایا-

شَجَّ (س) شَجَجًا- سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا- صفت (اَشَجّ و شَجِيج) ج شُجِّي و (مَشْجُوجٌ و مُشَجَّجٌ) الشَّجِيج و المشجج: میخ- کھونٹی-

شَجَّجَهُ- سر کو بہت زخمی کرنا- شَجَّجَ عَلَى الاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا-

شَاجَّ مُشَاجَّةً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ- القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا-

الشَّجَاج- فضائے آسمانی-

الشَّجَّة- سر کا زخم- ج شِجَاج-

الشَّجِيج- مص- پیشانی میں زخم کا نشان-

الشَّجَّاج- سر کو بہت زخمی کرنے والا-

شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا- ہلاک کرنا- غمگین کرنا- کھینچ کر مشغول کرنا- کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَتَشْجُبُنِي عَنْ حَاجَتِي" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے "شَجَبَ القِنِّينَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی-

شَجَبَ (ن) شَجْبًا و شُجُوبًا و شَجِبَ (س) شَجَبًا- ہلاک ہونا- مرنا- غمگین ہونا- صفت (شَجِبٌ و شَاجِبٌ) ___ الشَّيْئُ: جانا-

شَجَبَ (ن) شَجِيبًا- الغُرَابُ: کوے کا جدائی کے لئے آواز کرنا-

اَشْجَبَهُ- غمگین کرنا-

تَشَاجَبَ- الشَّيْئُ: خلط ملط ہونا- بعض کا بعض میں داخل ہونا-

تَشَجَّبَ- غمگین ہونا-

الشَّجْبُ- مص - حاجت- غم- ستون خانہ- مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں- ج شُجُوب و اَشْجَاب-

الشَّجَب- مص- رنج و تکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو- ج شُجُوب-

الشَّاجِب- بہت بک بک کرنے والا- مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنے والا کوا-

الشِّجَاب- شیشی وغیرہ کی ڈاٹ- ج شُجُب (___ و الشُّجُب و المِشْجَب) لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں-

الشَّجْبَاء- مشک-

الشَّجْذَة- نرم بارش-

المِشْجَاذ- گوپھن-

شَجَرَ (ن) شَجْرًا- الشَّيْئَ: باندھنا- فُلَانًا: علیحدہ کرنا- منع کرنا- کہا جاتا ہے "مَا شَجَرَكَ عَنْ كَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا ___ الرَّجُلَ بالرمح: نیزہ مارنا ___ فَمَهُ: لکڑی سے کھولنا ___ الدَّابَّةَ: جانور کو

ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک کہ مُنہ کھول دے ___ الشَّجَرَةَ : درخت کے بعض حصّے کو پکڑنا ___ البَیْتَ :ستون لگانا۔ ___ النَّبَاتَ : جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اُٹھانا۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا و شُجُوْرًا۔ بَیْنَهُمْ اَمْرٌ : مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ مَابَیْنَهُمْ" باہم جھگڑنا۔

شَجِرَ (س) شَجَرًا۔ الرَّجُلُ : بہت جمعیت والا ہونا۔

شَجَّرَ۔ النَّبَاتُ : درخت ہو جانا ___ النَّخْلَ : ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔

شَاجَرَهُ مُشَاجَرَةً۔ جھگڑا کرنا ___ المَاشِیَةُ : گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے پتوں پر گزارہ کرنا ___ المَاشِیَةَ : جانوروں کو درخت چرانا۔

اَشْجَرَ۔ المَکَانُ : درخت اُگانا۔

تَشَاجَرَ۔ القَوْمُ : باہم مخالفت کرنا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ تَشَاجَرُوا بِالرِّمَاحِ : باہم نیزہ بازی کرنا ___ الشَّیْئُ : بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

اِنْشَجَرَ۔ جلدی سے چھٹکارا پانا ___ نَوْمُهُ : نیند کا دور رہونا۔

اِشْتَجَرَ۔ القَوْمُ : باہم جھگڑنا ___ الرَّجُلُ : آگے بڑھنا۔ جلدی سے چھٹکارا پانا۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے "بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا"
___ نَوْمُهُ۔ نیند کا دور ہونا۔

الشَائِلَة۔ الشَائِل کا مؤنث ـــــ مِنَ الإبِلِ :اونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہوگیا ہو۔ج شَوْل۔وأشْوَال وشَوَائِل۔
شَوَّال۔ قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کرکے الشَوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ ج شَوَّالات۔وج شَوَاوِيل۔
المِشْوَل۔چھوٹی درانتی۔
المِشْوَال۔پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اٹھایا جائے۔
شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا۔ الرُؤُوْس :دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کو کھولنا۔
تَشَوَّنَ۔کم عقل ہونا۔
الشُوْنَة۔بیوقوف عورت۔
الشُوْنَة۔غلہ جمع کرنے کی جگہ۔جنگی جہاز۔ج شَوَانِ۔
الشَوَّان۔غلہ جمع کرنے والا۔
شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً۔الوَجْهُ :چہرہ بدشکل ہونا ـــــ الرَجُلَ : خوفزدہ کرنا۔گھبرا دینا۔حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔کہا جاتا ہے"شَاهَت نَفْسُه إلٰى كَذَا"اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔
شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا۔الوَجْهُ :چہرہ کا بدشکل ہونا ـــــ العُنُقُ :گردن لمبی ہونا۔چھوٹی ہونا۔ (ضد)
شَوَّهَ۔اللّٰهُ وَجْهَهُ :چہرہ کا بدشکل بنانا۔کہا جاتا ہے"لاَتُشَوِّهْ عَلَيَّ"مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔
تَشَوَّهَ۔ بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَجُلُ شَاةً : شکار کرنا ـــــ لِفُلاَنٍ :اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناس کرنا۔ نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا۔کہا جاتا ہے"هُوَيَتَشَوَّهُ أمْوَالَ النَاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالعَيْنِ"وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔
الشَوْه۔مص۔بدشکلی۔خوبصورتی (ضد) گردن

کی لمبائی وبلندی۔ سربلند کرنا۔
الشَّوْهَة۔ دوری۔ بدشکلی۔
الشَّاه۔ بادشاہ۔ نسبت کیلئے (شاہی وشاہانی)
الشَّائِه۔ فا۔ حسد کرنے والا۔ ج شُوَّه۔
شَاهبَنْدَر۔ سوداگروں کا رئیس۔
شَاهبَلُّوْط۔ شاہ بلوط کا درخت۔
رَجُلٌ (شَاهُ الْبَصَرِ وشَائِهُهُ وشَاهِيْه) : تیز نظر والا۔
الشَّاة۔ بکری۔ بکرا۔ جنگلی گائے۔ ج شَاء وشِيَاه وشِوَاه واَشاوه وشِيْه وشَيَه وشَوِيٌّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَيْهَه وشُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لیے شَاوِيٌّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيٌّ۔
الشَّاهِيّ۔ بکری والا۔
الاَشْوَه۔ بدشکل۔ جلدی نظر بد لگانے والا۔ متکبر۔ مؤنث شَوْهَاء۔ ج شُوْهٌ۔ الشَّوْهَاء : ترش رو عورت۔ بدشکل عورت۔ خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت۔ فَرَسٌ شَوْهَاء۔ تیز نگاہ والا گھوڑا۔ اَرْضٌ (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔
المُشَوَّه۔ بدشکل : ناہموار شکل و صورت والا۔
شَوَىٰ يَشْوِي شَيًّا۔ اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں بھونا۔ صفت مفعولی (مَشْوِيٌّ)
الْمَاء : پانی گرم کرنا۔
شَوَّىٰ واَشْوَىٰ۔ الْقَوْمَ : بھنا ہوا گوشت کھلانا ـــــ الرَّجُلَ : جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔ اَشْوَىٰ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ اَشْوَىٰ الزَّرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا ـــــ الرَّجُلُ : رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔ اَشْوَىٰ السَّعَفُ : درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا۔ اور اسی سے ہے "مَا اَعْيَاه ومَا اَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے۔
اِنْشَوَىٰ اِنْشِوَاءً واِشْتَوَىٰ اِشْتِوَاءً۔ بھن جانا۔ اِشْتَوَى الرَّجُلُ : بھونا۔
الشَّوَىٰ۔ گھٹیا مال۔ آسان معاملہ۔ ہاتھ پیر۔ جسم کے اطراف۔ وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (ـــــ الشَّوَاة) کھوپڑی کا چمڑا۔
الشِّوَاء والشُّوَاء۔ بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِّوَاءَة والشُّوَاءَة والشَّوَاءَة بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
الشَّوَّاء۔ گوشت بھوننے والا۔
الشُّوَايَة والشَّوَايَة والشِّوَايَة والشَّوِيَّة مِنَ الْمَالِ : ردی مال۔ ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ ج شَوَايَا سَعَفَة (شَاوِيَّةٌ) درخت خرما کی خشک شاخ۔
الشَّوِيّ۔ بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَاة۔ گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشَاوٍ۔
شَاءَهُ يَشَاءُهُ شَيْئًا ومَشِيْئَةً ومَشَاءَةً ومَشَائِيَةً۔ چاہنا۔ صفت فاعلی (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مَشِيْءٌ) ـــــ اللّٰهُ الشَّيْءَ : مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَاشَاءَ اللّٰهُ" کہا جاتا ہے۔
شَيَّأَهُ۔ عَلَى الْاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔ شَيَّا اللّٰهُ وَجْهَه : چہرہ کا بدشکل بنانا۔
اَشَاْءَهُ اِلَيْهِ اِشَاءَةً۔ مجبور کرنا۔
تَشَيَّأَ تَشَيُّؤًا۔ غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّيْءُ۔ مص۔ چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اشياء جج اَشَاوِيُّ واَشْيَاوَات واَشَاوَات واَشَايَا۔ اور تصغیر شُيَيْءٌ وشِيَيْءٌ اور اَشْيَاء کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّيْئَة۔ شَاءَ کا اسم (ـــــ والمَشِيْئَة) ارادہ۔
المُشَيَّأ۔ بدشکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ يَشِيْبُ شَيْبًا وشَيْبَةً ومَشِيْبًا۔ سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (اَشْيَبُ وشَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَةٌ) (مؤنث کی صفت میں شَيْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوْسُ الْآكَامِ" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔
اَشَابَ۔ الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا۔
اَشَابَ وشَيَّبَ۔ الْحُزْنُ فُلَانًا وبِفُلَانٍ : غم کا بوڑھا کر دینا۔
الْاَشْيَب۔ سفید سر والا ـــــ مِنَ الْاَيَّامِ : برف و بادل والا دن۔ ج شِيْبٌ وشُيُب۔
الشِّيْب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِب۔ فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَةٌ۔ ج شَيَّب۔ مبالغہ کے طور پر "شَيْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَيْلٌ لَائِلٌ کے۔
يَوْمٌ (شَيْبَان) اولہ برف بادل کا دن (ـــــ وشِيْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشَّيْبَة۔ اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام (افسنتین) ہے۔
الشِّيْتَان۔ ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔
شَاحَ يَشِيْحُ شَيْحًا۔ عَلٰى حَاجَتِهِ : چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔
شَيَّحَهُ۔ ڈرانا۔ شَيَّحَ خَصْمَهُ : تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔
اَشَاحَ اِشَاحَةً۔ فِيْ اَمْرِهِ : کوشش کرنا۔ چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا ـــــ وَجْهَهُ وبِوَجْهِهِ واَشَاحَ عَنْهُ وَجْهَهُ : نفرت سے منہ پھیر لینا ـــــ المَكَانُ : شیح نامی گھاس اگانا ـــــ الفَرَسُ بِذَنَبِهِ : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شَايَحَ مُشَايَحَةً وشِيَاحًا۔ جنگ کرنا۔ فِي الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔
الشِّيْح۔ ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِيْحَةٌ) ـــــ مِنَ الرِّجَالِ : کاموں میں کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔
الشِّيَاح۔ مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ لحظ۔
الشَّيْحَان والشِّيْحَان والمُشِيْح۔ لمبا۔ غیرت مند۔ محتاط۔
شَاخَ يَشِيْخُ شَيْخًا وشِيُوْخَةً وشُيُوْخَةً وشِيُوْخِيَّةً وشُيُوْخِيَّةً وشَيْخُوْخَةً وشَيْخُوْخِيَّةً۔ بوڑھا ہونا۔
شَيَّخَ۔ بوڑھا ہونا ـــــ ہ : تعظیم کیلئے یا شیخ کہہ کے پکارنا ـــــ عَلَيْهِ : عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا ـــــ بِهِ : رسوا کرنا۔
تَشَيَّخَ۔ بوڑھا ہونا۔
الشَّيْخُ۔ بڈھا۔ ج شُيُوْخ وشِيُوْخ واَشْيَاخ وشِيْخَة وشِيَخَة وشِيْخَان۔ ومَشْيَخَة ومَشِيْخَةٌ و جج مَشَائِخ

وَاَشَایِخ مؤنث شَیخَۃ اور شیخ کی تصغیر شُیَیخ و شِیَیخ۔ شَیخُ المرأۃِ۔ شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم و فضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شَیخُ النَّارِ: ابلیس سے کنایہ ہے۔
الشَّیخُوخُون۔ بڈھا۔
شَادَ یَشِیدُ شَیدًا و شَیَّدَ۔ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا ـــــ الحَائِطَ: دیوار پر گچ کرنا۔ جِلدَہُ بِالطِّیبِ: جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِیَادًا) اونٹوں کو بلانا۔
اَشَادَہُ اِشَادَۃً۔ ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکْرِہٖ: تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ قَبِیْحًا و بِقَبِیْحٍ: بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ۔ کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا ـــــ المُغَنِّی: گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَہُ و بِصَوْتِہٖ: برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ الضَّالَّۃَ: گم شدہ چیز کی تعریف کرنا ـــــ البُنْیَانَ: لمبا کرنا۔
الشِّیدُ۔ گچ وغیرہ کا پلستر۔
المَشِیدُ۔ مفع۔ پلستر کیا ہوا (ـــــ و المُشَیَّدُ) بلند کیا ہوا۔
الشَّیَّارُ۔ یوم شنبہ۔ ج اَشْیُرٌ و شُیُرٌ و شِیَرٌ۔
شَیَّزَہُ۔ البُرْدَ: سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِّیزُ و الشِّیزَیٰ۔ آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اَشَاشَتِ۔ النَّخْلَۃُ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔
الشِّیشُ۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ و الشِّیشُ عِندَ العَامَّۃِ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّود ہے۔
شَیَّصَ۔ القَوْمَ: رنج و تکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ: ردی کھجور والا ہونا۔
الشِّیصُ۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِیصَۃٌ)۔
الشِّیصُ۔ بدخلقی۔
الشِّیصَاءُ۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِیصَاءَۃٌ)
المُشَایَصَۃُ۔ ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔
شَاطَ یَشِیطُ شَیْطًا و شِیَاطَۃً و شَیْطُوطَۃً۔ الشَّیءُ: جلنا۔ شَاطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ الزَّیتُ: زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ الذَّبِیحَۃُ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہو کر ختم ہو جانا ـــــ فُلَانٌ: ہلاک ہونا ـــــ فِی الاَمْرِ جلدی کرنا ـــــ دَمُہُ: بیکار جانا ـــــ فُلَانٌ الدِّمَاءَ: ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔
شَیَّطَ و اَشَاطَ۔ الصَّقِیعُ النَّبتَ او الدَّوَاءُ الجُرحَ: جلانا ـــــ الرَّاسَ او الکُرَاعَ: سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لیے جھلسنا ـــــ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
اَشَاطَ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَّحْمَ عَلَی القَوْمِ: گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُّلْطَانُ دَمَہُ و بِدَمِہٖ: قتل کرنے کے لیے سامنے لانا۔
تَشَیَّطَ۔ جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔
اِشْتَاطَ اِشْتِیَاطًا۔ عَلَیْہِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا ـــــ الحَمَامُ: کبوتر کا خوش ہو کر اڑنا ـــــ مِنَ الاَمْرِ: ہلکا ہونا ـــــ فِی الحَرْبِ: اپنے آپ کو قتل کے لیے پیش کرنا۔
الشِّیَاطُ۔ روئی، اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔
التَّشْیِیطُ و المُشَیَّطُ۔ گوشت جو قوم کے لیے بھونا جائے۔
الشَّیْطِیُّ۔ غبار جو فضا میں بلند ہو۔
المُسْتَشِیطُ۔ بہت ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ۔
شَیْطَن و شَیْطَان۔ (دیکھو مادہ شطن)
شَاعَ یَشِیعُ شَیْعًا۔ بِالخَبَرِ: خبر کو پھیلانا۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
شَاعَ یَشِیعُ شَیْعًا و شُیُوعًا و مَشَاعًا و شَیَعَانًا و شَیْعُوعَۃً۔ الخَبَرُ: پھیلنا ـــــ فِیہِ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
شَاعَہُ شِیَاعًا۔ پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَکُم السَّلَامُ و شَاعَکُمُ اللّٰہُ بِالسَّلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔
اَشَاعَ اِشَاعَۃً۔ الخَبَرَ و بِالخَبَرِ: پھیلانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَکُم اللّٰہُ السَّلَامَ و بِالسَّلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بِالاِبِلِ: پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا۔
شَیَّعَہُ۔ رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَھْرَ رَمَضَانَ: شش عید کے روزے رکھنا ـــــ الرَّجُلَ: جرأت دلانا۔ قوی کرنا ـــــ النَّارَ: آگ تیز کرنے کے لیے لکڑیاں ڈالنا ـــــ الشَّیءَ بِالنَّارِ: جلانا۔ الرَّجُلُ۔ شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ـــــ الشَّیءَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَایَعَہُ۔ کام کے لیے کسی کے ہمراہ جانا۔
شَایَعَ بِھِمُ الدَّلِیلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بِالاِبِلِ: پکارنا، آواز دینا۔
تَشَیَّعَ۔ شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ـــــ اللَّبَنُ فِی المَاءِ: بکھرنا ـــــ ہ الغَضَبُ: دل میں غصہ بھڑکنا ـــــ فُلَانٌ فِی الشَّیءِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ـــــ ہ الشَّیبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَایَعَ تَشَایُعًا۔ القَوْمُ: مختلف گروہ ہونا۔ تَشَایَعُوا عَلَی الاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔ تَشَایَعُوا فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔ تَشَایَعَتِ الاِبِلُ: متفرق ہونا۔
اِشْتَاعَ اِشْتِیَاعًا۔ فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔
الشَّیعُ۔ مص۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْیَاعٌ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا شَیعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِھِم" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ و اَقَمْتُ عِندَہُ شَھرًا او شَیعَ شَھرٍ: میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ و "کَانَ مَعَہُ مِائَۃُ رَجُلٍ او شَیعُ ذٰلِکَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوا مَوضِعَ کَذَا او شَیعَہُ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب

اُتِرے۔ "آتِیکَ غَدًا وشَیْعَهٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَاعَة۔ بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع کی جمع ہے۔

شِیْعَةُ۔ الرَّجُلُ: پیرو' مددگار۔ ج شِیَع واَشْیَاع والشِیْعَةُ: فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِیْعِیٌّ)

الشَیِّع۔ حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیِّعٌ لِهٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَاء۔ مؤنث شَیِّعَة۔ کہا جاتا ہے "الدَار شَیِّعَةٌ بَیْنَهُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِیَاع۔ آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔

الشَیُوْع۔ آگ سلگانے کی چیز۔

الشَائِع۔ فا۔ حَدِیْثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بحذف عین: پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ: مشترک غیر منقسم حصہ۔

المَشَاع والمُشَاع۔ پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مَشَاعُ القُرَیٰ" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

المُشِیْع۔ بھرا ہوا برتن۔ کینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔

المِشْیَعَة۔ ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔

المُشَیَّع۔ مغم۔ بہادر۔ جلد باز۔

المِشْیَاع۔ تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ رَجُلٌ مِشْیَاع: راز کو پھیلانے والا مرد۔

المُتَشَایِع والمُشْتَاع۔ شریک۔

شَاقَه یَشِیْقه شَیْقًا۔ اِلَیْهِ: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُنُبَ اِلَی الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔

الشِیْق۔ پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِیْق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَة)

الشَیَّال۔ قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِیَالَة) بوجھ اُٹھانے کا پیشہ۔

شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا۔ بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْیَم) مؤنث شَیْمَاء۔ ج شِیْم وشُوْم۔ السَیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد) ــــ البَرْقَ: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَایِلَ الشَیْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اُٹھائی (ــــ شَیْمًا وشُیُوْمًا) الرَّجُلُ: جم کے حملہ کرنا ــــ فِی الشَیْءِ: داخل ہونا۔ الشَیْءَ فِی الشَیْءِ: چھپانا ــــ الشَیْءَ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَیْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

شَیَّمَ واَشَامَ واِنْشَامَ واِشْتَامَ۔ فی الشَیْءِ اَوْ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَیَّم یَدَیْه فی رَاسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِه: لڑائی کرنے کے لیے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔

اِنْشَامَ الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔

تَشَیَّمَ۔ اَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ــــ الشَیْءَ فِی الشَیْءِ: داخل ہونا ــــ الشَیْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔

الشَامَة۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَام وشَامَات۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہوگئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِیْمَة والشِیْمَة۔ عادت۔ طبیعت۔ ج شِیَم۔

الشَیَمَ۔ ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔

الشَیَام۔ نرم زمین۔ مٹی۔

الشِیَام۔ مٹی۔ چوہا۔ ج شِیَم۔

المَشِیْم والمَشُوْم والمَشْیُوْم۔ تل والا۔

المَشِیْمَة۔ بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِیْمٌ ومَشَائِمٌ۔

شَانَه یَشِیْنُهٗ شَیْنًا۔ عیب لگانا۔

شَیَّنَ۔ حرف "ش" لکھنا۔

المَشَایِن۔ عیوب۔

شَاهَهٗ یَشِیْهُهٗ شَیْهًا۔ نظر بد لگنا۔

الشَیُوْه۔ نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَیُوْهٌ مِنْ اَشْیَهِ النَاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔

الشِیَة۔ (دیکھو ش ی) الشَای۔ چائے۔

ص

صَئِبَ (س) صَأْبًا۔ مِنَ الشَّرَابِ : شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَئِبَ و اَصْأَبَ الرَّاسُ : سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّؤَابَة۔ جوں کے انڈے۔ ج صُؤَاب صِئْبَان۔ الصِّئْبَان : چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

الصُّؤْبَة۔ غلہ کا ڈھیر۔

المِصْئَاب۔ شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ۔ الجَرْوُ : پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا ___ الرَّجُلُ : مرد کا بزدل ہونا ___ مِنْ فُلَانٍ : ڈرنا (___ تَصَأْصَأَ) مِنْهُ : خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِّئْصَأ۔ ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَةُ۔ الدِّيْكِ : مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِكَ (س) صَأَكًا۔ بدبودار پسینہ نکلنا ___ الدَّمُ : خون جمنا ___ بِهِ : چپکنا۔

صَاءَكَهُ مُصَاءَكَةً۔ سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَّئِكُ۔ مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط آدمی۔

صَئُولَ (ک) يَصْئُولُ صَآلَةً۔ البَعِيْرُ : اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِل و صَئُوْل۔

صَأَلَ يَصْأَلُ صَئِيْلًا۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَيْشُ عَلَى القَوْمِ : لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْأَمُ صَأْمًا۔ بہت پانی پینا۔

الصَّائِمُ۔ پیاسا۔

صَأَى يَصْئِي و يَصْأَى صَئِيًّا صَئِيًّا صِئِيًّا تَصَاءَى۔ الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "يَلْدَغُ وَيَصِئُّ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَى وَ صَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

اَصْأَى۔ چوں چوں کرانا۔

صَبَّ (ن) صَبًّا۔ المَاءَ : پانی انڈیلنا ___ فِي الوَادِيْ : وادی میں اترنا ___ الدِّرْعَ : زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلَانٍ : میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ" : اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً : اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ۔ رِجْلَهُ فِي القَيْدِ : یعنی بیڑی پہنا دی۔

صَبَّ (ض) صَبًّا۔ المَاءُ : پانی گرنا۔

صُبَّ۔ الشَّيْءُ : مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ (س) صَبَابَةً۔ اِلَيْهِ : عاشق ہونا۔

اَصَبَّ اِصْبَابًا۔ القَوْمُ : قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ۔ المَاءُ : پانی گرنا ___ عَلَيْهِ : اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الوَادِيْ" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ۔ المَاءُ : پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ۔ المَاءَ : بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ و تَصَابَّ۔ العَيْشَ : بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ۔ المَاءُ و نَحْوُهُ : پانی بہنا۔

الصَّبُّ۔ عاشق ج۔ صَبُّوْنَ۔ مؤنث صَبَّةٌ ج صَبَّاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ : پانی بہا ہوا۔

الصُّبُّ و الصُّبَّةُ۔ گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّةُ۔ آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے، اونٹ، بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَب۔ نشیب۔ ج اَصْبَاب۔

الصُّبَابَةُ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اُدْرِكْ مِنَ العَيْشِ اِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَةُ۔ عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِيْب۔ زرد رنگ۔ اولہ۔ عرق شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيْبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابُّ۔

المِصَبُّ۔ حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوْب۔ گرایا ہوا۔ المَصْبُوْبُ عَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَأَ (ف) صَبُؤَ (ک) صَبْأً و صُبُوْءًا۔ مذہب تبدیل کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صَابِئٌ ___ عَلَيْهِمْ : اچانک پہنچ جانا ___ العَدُوُّ عَلَيْهِمْ : دشمن کی رہنمائی کرنا (___ و اَصْبَأَ اِصْبَاءً) ___ النَّابُ و النَّبَاتُ : دانت نکلنا۔ نباتات اگنا و اَصْبَأَ القَوْمَ : قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصَّابِئُوْنَ و الصَّابِئَةُ۔ ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصَّبَاؤُوْت و الصَّبَاؤُوْت۔ جمع صِبْئِي عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَّبَاؤُوْت" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ (ف) صَبْحًا۔ القَوْمُ : صبح کے وقت

آنا ـــــ عَنِ الحق: حق ظاہر کرنا۔
صَبِحَ (س) صَبَحًا و صُبْحَةً۔ چمکدار روشن ہونا ـــــ الشَعْرُ: بال کا چمکدار ہونا ـــــ الحَدِیْدُ: لوہے کا چمکدار ہونا۔
صَبُحَ (ک) صَبَاحَةً۔ الوَجْه: چہرے کا روشن و چمکدار ہونا ـــــ الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ۔
صَبَّحَهُ۔ صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔
صَبَّحَ القَوْمُ الْمَاءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا ـــــ الرَجُلُ: صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَکَ اللّٰهُ بِخَیْرٍ"۔
اَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا ـــــ المِصْبَاحَ: چراغ جلانا۔
الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔
اَصْبِحْ یَا رَجُلُ: اے شخص چوکنا ہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُکَ۔
تَصَبَّحَ۔ صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِهِ: صبح کے وقت ملنا۔
تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔
اِصْطَبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشَمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِهِ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔ الرَجُلُ: صبح کی شراب پینا۔
اِصْبَاحَّ اِصْبِیْحَاحًا۔ الشَعْرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔
اِسْتَصْبَحَ۔ الرَجُلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔
الصُبْحُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاح۔
الصُبْحَة۔ مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (ـــــ و الصَبْحَةُ) صبح کی نیند۔
الصَبَاحُ و الصَبِیْحَة الاُصْبُوْحَة۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتِیْهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو مبنی کر کے اور "آتِیْتُهٗ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یَوْمُ الصَبَاحِ": لوٹ کا دن۔

الصُبَاحُ۔ قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ۔ خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاحٌ۔
الصُبَاحِیَّة۔ چوڑا نیزہ۔
الصُبَاحِیُّ۔ بہت سرخ خون۔
الاَصْبَحُ۔ شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ۔ ج صُبْحٌ۔
الصَبُوْحُ۔ جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ ذَا صَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔
الصَبِیْحُ۔ خوبصورت۔ ج صِبَاحٌ۔ مؤنث صَبِیْحَة۔ ج صِبَاحٌ۔
الصَبْحَانُ۔ خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی۔ ج صُبَاحَی۔ وہ شخص جو صبح کی شراب پیے۔
رَجُلٌ صَبْحَانٌ۔ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔
الصَبَاحِیَّة۔ خوبصورتی۔
التَصْبِحُ۔ صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔
المِصْبَحُ۔ بڑا پیالہ۔ چراغ۔
المِصْبَاحُ۔ چراغ۔ چوڑہ نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیْحُ۔
صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَى الاَمْرِ: دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ صَبُوْرٌ ـــــ عَنِ الشَیْءِ: رک جانا ـــــ الدَابَّةَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ـــــ ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا ـــــ ہ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا۔ بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کَذَا یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلَى مَا اَکْرَهُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ۔ جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ وحُلِفَ صَبْرًا۔ قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔
صَبَرَ (ن) صَبْرًا و صَبَارَةً بِهِ: ضامن ہونا۔ ـــــ ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اُصْبُرْنِی یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهُ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا ـــــ المَیِّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَأْسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔
اَصْبَرَ۔ اللَبَنُ: کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ـــــ الرَجُلَ: ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا ـــــ القَاضِی فُلَانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔
صَابَرَهُ صِبَارًا و مُصَابَرَةً۔ صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ۔ تکلف سے صبر ظاہر کرنا ـــــ عَلَیْهِ: صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ و اِصَّبَرَ۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا ـــــ مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِصْبَارَّ اِصْبِیْرَارًا۔ عَلَیْهِ: صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ۔ الشَیْءُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ تہ بتہ ہونا۔
الصَبْرُ۔ بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔
شَهْرُ الصَبْرِ: رمضان کا مہینہ۔ یَمِیْنُ الصَبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لیے قید کر دیا جائے۔
الصِبْرُ و الصُبْرُ۔ کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَیْءَ بِاَصْبَارِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ و "مَلَأَ الکَأْسَ اِلَى اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُبْرُ و الصُبُرُ۔ کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَبَرُ۔ برف۔ ج اَصْبَار۔
الصَبِرُ۔ ایلوا۔ ج صُبُوْر۔ واحد صَبِرَة۔ اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُبْرَة۔ غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَابِرُ۔ فا۔ اَبُوْ صَابِرٍ: نمک۔
الصَابُوْرَة۔ بوجھ جو سواری یا کشتی، جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ ادھر ادھر نہ جھکنے پائے۔
الصَبْرَة و الصَبَارَّة۔ سخت سردی۔ صَبْرَةُ الشِتَاءِ: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِبَارُ۔ کاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔

الصَّبَارة۔ ضمانت۔ سردی کی شدت۔
(___ والصُّبَارَة) چکنے پتھر۔
الصُّبار والصُّبَّار۔ املی۔ ناگ پھنی۔ واحد صُبَارَة۔ صُبَّارَة۔
الصَّبَارَة۔ بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْر۔ ج۔ صُبُر۔ بردبار۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (___ والصَّبَّار) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَة۔ مِنَ الرِّجَالِ: قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِيْر۔ صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صُبَرَاء۔
الصَّبِيْرُ والصَّبِيْرَةُ۔ چوڑی روٹی۔
أُمّ صَبَّارٍ وأُمّ صَبُّوْرٍ۔ مصیبت۔
المَصْبُوْر۔ قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر۔ مؤنث مَصْبُوْرَةٌ۔
صَبْصَبَ۔ متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ۔ متفرق ہونا۔ تَصَبْصَبَ اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا ___ الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا ___ عَلَيْنَا فُلَانٌ: بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَاب والصَّبْصَب والصُّبَاصِب۔ سخت مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا۔ بِهٖ و عَلَيْهِ: انگلی سے اشارہ کرنا ___ فُلَانًا عَلَيْهِ: اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهُ (ف) صَبْعًا و مُصْبَعَةً۔ متکبر بنانا۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّيْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔ شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔ صَبَعَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا ___ بَيْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔ فِي الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الأَصْبَع الإِصْبَع الأُصْبُع الأَصْبُع الإِصْبِع الأَصْبِع الإِصْبَع الأُصْبِع الأُصْبَع۔ انگلی۔ مؤنث۔ سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ ج أَصَابِع أَصَابِعُ الفَتَيَات: ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک أَصَابِعُ العَذَارَىٰ او أَصَابِعُ العَرُوْس: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَغَة۔ غرور، تکبر، گھمنڈ۔
المَصْبُوْغ۔ گھمنڈی۔ متکبر۔
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا و صِبْغًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا ___ يَدَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا ___ يَدَهُ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا۔ فُلَانًا بِالنِّعَمِ: نعمتوں سے چھپا دینا۔ صَبَغَه بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ۔ پانی سے بپتسمہ دینا۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِي فِي عَيْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ (ن) صُبُوْغًا۔ ضَرْعُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے تھن کا ابھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ۔ گہرا رنگنا (___ و اَصْبَغَ) کھجور کا پکنے لگنا۔ اَصْبَغَ عَلَيْهِ النِّعْمَةَ: کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ۔ فِي دِيْنِهٖ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ۔ سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالخَلِّ أَوْ فِي الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔ بِكَذَا: رنگین ہونا۔
الصِّبْغ والصِّبَغ۔ ج۔ أَصْبَاغ و الصِّبَاغ۔ ج أَصْبِغَة و الصِّبْغَة۔ رنگ۔
الصِّبْغ۔ سالن۔
الصِّبْغَة۔ نوع۔ ملت۔ دین۔ بپتسمہ کا رنگ۔
الصِّبْغَة۔ ادھ کچری کھجور۔
الصِّبَاغَة۔ رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغ۔ رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِيْغ۔ رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِيْغٌ ثِيَابٌ صَبِيْغٌ"۔
الصَّبَّاغ۔ رنگریز۔ جھوٹا۔
الأَصْبَغ۔ بڑا سیلاب ___ مِنَ الطَّيْرِ والشَّاءِ۔ پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو ___ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صَبْغَاء۔ ج صُبْغٌ۔
المَصْبَغَة۔ رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ: روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ___ المُقَامِر الكَعْبَيْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لیے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ و اِصْطَبَنَ۔ عَنْهُ: رک جانا۔ پھر جانا۔
الصَّابُوْن۔ صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُوْنِي کہتے ہیں۔
الصَّابُوْنِيَّة۔ ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة۔ صابون کا کارخانہ۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً و صُبُوَّةً و صُبُوًّا۔ إِلَيْهِ وَلَهُ: مشتاق ہونا۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوًا و صُبُوًّا و صِبَاءً و صَبَاءً۔ بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ مؤنث صَابِيَةٌ۔
صَبَتْ صَبَاءً و صُبُوًّا۔ الرِّيْحُ: پروائی ہوا کا چلنا۔
صُبِيَ و اَصْبَى۔ القَوْمُ: پروائی ہوا کا لگنا۔
اَصْبَى۔ الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ اَصْبَى الشَّيْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَكَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِيَ يَصْبَى صِبًا و اِسْتَصْبَى۔ بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ إِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ اِسْتَصْبَاهُ: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابَى مُصَابَاةً۔ نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لیے جھکانا ___ السَّيْفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا ___ الكَلَامَ: بے قاعدہ بولنا ___ بَيْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔
تَصَبَّى تَصَبِّيًا و تَصَابَى تَصَابِيًا۔ کھیل کود کی طرف مائل ہونا ___ المَرْأَةَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّيْءُ: شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا۔ پروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔
الصِّبَا۔ شوق۔

الصِبَاء والصَبَاء۔ بچپنا۔ کہا جاتا ہے رَأَيْتُهٗ فِي صِبَاه او فِيْ صَبَائِهٖ۔ یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَبْوَة۔ بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَبِيّ۔ بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صَبْيَان وصِبْيَان وصُبْوَان وصِبْوَان وأَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبْيَة وصُبْيَة وصِبْوَة وأَصْبٍ مؤنث صَبِيَّة۔ ج صَبَايَا۔ الصَبِيَّة: لڑکی۔ الصَبِيّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ وَجَعٌ فِيْ صَبِيِّ قَدَمِهٖ" اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصَبِيَّان۔ ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُبَيَّة الأُصَيْبِيَة۔ صَبِيّ کی جمع صِبْيَة اور أَصْبِيَة کی تصغیر ہے۔

الصَابِيَة۔ پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِيَة: مصیبت۔

صَتَّهٗ (ن) صَتًّا۔ زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ــــ بِكَلَامٍ أَوْ بِدَاهِيَةٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَاتَّهٗ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا۔ جھگڑا کرنا۔

تَصَاتَّ۔ القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَتُّ والصِتُّ والصُتَّة۔ جماعت الصِتُّ والصُتَّة: ضد۔ ہٹ۔

الصَتَت۔ درپے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهٖ" وہ اس کے درپے ہے۔

الصَتِيْت۔ جماعت۔ آواز۔ شور۔

المِصْتِيْت۔ اپنے کاموں میں مستعد۔

صَتَعَهٗ (ف) صَتْعًا۔ پچھاڑ دینا ــــ لَهٗ: کسی کا قصد کرنا۔

تَصَتَّعَ۔ کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَتَع۔ مضبوط جوان۔ گورخر۔

صَتَّمَ۔ الشَيْءَ: مکمل کرنا۔

تَصَتَّمَ۔ تیز دوڑنا۔

الصَتْم والصَتَم۔ سخت مضبوط۔ کامل مضبوط۔

الصَتْمَة والصَتِيْمَةُ۔ سخت پتھر۔

المُصَتَّم۔ گلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔

صَبَّحَ (ن) صَبْحًا۔ لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصُبْح والصَبِيْح۔ لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔

صَحَّ (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا۔ تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ــــ الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِيْحٌ وصحاح۔ کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلٰى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لیے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ۔ المَرِيْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ــــ الكِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

أَصَحَّهٗ إِصْحَاحًا۔ تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ أَصَحَّ الرَجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ۔ بِكَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔

إِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے تندرست ہونا ــــ الكَلَامَ: صحیح پانا۔

الصِحَّة۔ مص۔ تندرستی۔

الصَحَاح۔ مص۔ مِنَ الطَرِيْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔

الصَحِيْح۔ تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج أَصِحَّاء وصِحَاح وأَصِحَّةٌ وصَحَالِح۔

المَصَحُّ۔ صحت کی جگہ۔

المَصَحَّة والمَصِحَّةُ۔ صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و "أَرْضٌ مَصِحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً وصِحَابَةً وصَاحَبَهٗ مُصَاحَبَةً۔ ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا۔ المَذْبُوْحَ: کھال اتارنا۔

أَصْحَبَ۔ الرَجُلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا ــــ المَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا ــــ فُلَانًا: محفوظ رکھنا ــــ ہ عَنْ كَذَا: روک دینا ــــ ہ الشَيْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ۔ مِنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يَتَصَحَّبُ مِنْ شَيْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

إِصْطَحَبَ۔ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔

إِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

إِسْتَصْحَبَهٗ۔ ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لیے کہنا۔ ساتھی بننا۔ إِسْتَصْحَبَهُ الشَيْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لیے کہنا ــــ الشَيْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَاحِب۔ ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حُمَاةٍ" یعنی حاکم حماة اور "یا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب وأَصْحَابٌ وصُحْبَةٌ وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصُحَابَة اور أَصْحَاب کی جمع أَصَاحِيْب۔

الصَاحِبَة۔ صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَحَابَة۔ وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرور کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَحَابِيُّ۔ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہو۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد۔ (رضی اللہ عنہ)

المُصَاحِبُ۔ ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَبُ۔ پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ أَدِيْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں۔

المُصْحِب و المِصْحَاب۔ فرمانبردار۔ ذلیل۔ أَدِيْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔ عُوْدٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

المَصْحُوْب۔ مفع۔ ادیم مصحوب: وہ

چمڑا جس پر سے بال نہ اُتارے گئے ہوں- عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو- کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت وعافیت کے ساتھ جاؤ-

صَحَرَ (ف) صَحْرًا- اللَّبَنَ: دودھ کو اُبالنا- صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا-

صَحَرَ (ف) صَحِيْرًا و صُحَارًا- الحِمَارُ: گدھے کا زور سے رینکنا-

صَحِرَ (س) صَحَرًا- سرخی مائل مٹیالا ہونا- صفت اصحر مؤنث صَحْراء ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَة-

اَصْحَرَ- جنگل کی طرف جانا ــــ المَكَانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا ــــ الاَمْرَ و بالاَمْرِ: ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "لَاتُصْحِرْهُ اَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو- اور "اَصْحِرْ مَافِي قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو ــــ الرَّجُلُ: کانا ہونا-

اِصْحَارًّا اِصْحِيْرَارًا- سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا-

الصَّحَرُ- سرخ سفید رنگ-

الصَّحْرَاء- بیابان جس میں نباتات نہ ہو- ج صَحَارَى صَحَارٍ و صَحَارِيّ و صَحْرَاوات-

الصَّحِيْرَةُ- دودھ جو اُبالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملادیا جائے-

المُصَاحِرُ- وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے-

المُصْحِرُ- شیر-

صَحْصَحَ- الاَمْرُ: روشن ہونا- ظاہر ہونا-

الصَّحْصَحُ والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان- ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو- ج صَحَاصِح- التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ و تُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ: لغویات- خرافات- اضافت کے ساتھ بہتر ہے-

الصُّحْصُحُ والصُّحْصُوْح- مِنَ الرِّجَالِ: مرد باریک بیں-

المُصَحْصِح- خالص محبت والا- باطل کوش-

صَحَّفَ- الكَلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا-

اَصْحَفَ- الكِتَابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا-

تَصَحَّفَ- القَارِئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا- کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَّحِيْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہوگیا-

الصَّحْفَة- بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں- ج صِحَاف- الصِحَاف: چھوٹے چھوٹے چشمے-

الصِحَافَة- ایڈیٹری- عَالَم الصِحَافَةِ: محررینِ اخبار-

الصَّحِيْفَةُ- لکھا ہوا کاغذ- ورق- صَحِيْفَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال- کہا جاتا ہے صُنْ صَحِيْفَةَ وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ- ج صَحَائِف و صُحُف-

الصُّحَيْفَة- چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو-

الصَّحِيْف- رُوئے زمین-

الصَّحَّاف- پڑھنے میں غلطی کرنے والا- کتب فروش-

الصَّحَفِيّ- بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا- (ــــ والمُصَحِّف) پڑھنے میں غلطی کرنے والا-

المَصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف- مجلد کتاب- مَصَاحِف- جمع-

المُصَحَّف- تغیر کیا ہوا-

صَحِلَ (س) صَحَلًا صَوْتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا- صفت صَحِلٌ و اَصْحَل-

اِصْطَحَمَ- الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا-

اِصْحَامَّ اِصْحِيْمَامًا- النَّبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا- سبزی کا زردی سے ملنا- صفت اَصْحَم مؤنث صَحْمَاء- رنگ- صُحْمَة ــــ الاَرْضُ: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا ــــ الزَّرْعُ: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا-

صَحَنَه (ف) صَحْنًا- مارنا- کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اِس نے اُس کو بیس کوڑے مارے- صَحَنَهُ بِرِجْلِهِ: پیر سے مارنا ــــ الرَّجُلُ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا- صَحَنَهُ دِيْنَارًا: دینار دینا ــــ بَيْنَهُمْ: اصلاح کرنا-

الصَّحْن- چھوٹا پیالہ- بڑا پیالہ- گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَّحْنِ" صَحْن الدَّار: انگنائی- الصَّحْن مِنَ الاَرْض: ہموار زمین- ج صُحُوْن الصَّحْنَان- جھانجھ ایک قسم کا باجا-

صَحْنَا- الاُذُنَيْنِ: کان کے اندرونی حصے-

فَرَسٌ صَحُوْنٌ- لات مارنے والا گھوڑا-

الصَّحْنَى والصَّحْنَاة والصَّحْنَاء والصَّحْنَاءَة- چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی-

المِصْحَنَة- برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو-

صَحَا يَصْحُوْ صَحْوًا و صُحُوًّا و صَحِي يَصْحٰى صَحًا و اَصْحٰى اِصْحَاءً- اليَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا- صفت صَحْو و صَاحٍ و مُصْحٍ ــــ السَّكْرَانُ: نشہ اتر جانا ــــ الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا- افاقہ میں آنا- صفت صَاحٍ- ج صَاحُوْن صُحَاة- مؤنث صَاحِيَةٌ ج صَاحِيَات و صَوَاحٍ- أصحاه: ہوش میں لانا- اَصْحَى القَوْمَ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا-

الصَّحْو- کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ و يَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر وباد ہیں- اور یہ وصف بالمصدر ہے-

المَصْحَاة- باعث افاقہ- کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ و مَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے-

المِصْحَاة- برتن- طشت- پیالہ-

صَخَّ- (ن) صَخًّا- الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا ــــ الصوتُ الاذنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (ــــ صَخًّا صَخِيْخًا) الحَدِيْدَ: لوہے کا آواز کرنا ــــ لحَدِيْثِهِ: کان لگانا-

الصَّخَّة- اسم مرة- باری (ــــ والصخ و الصخيخ) پتھر یا لوہے کی آواز-

الصَّخِيْخ- خوف زدہ کوّے کی آواز-

الصَّاخَّة۔ سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔
صَخِبَ (س) صَخَبًا۔ شور مچانا۔
صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً۔ ایک دوسرے کا شور مچانا۔
تَصَاخَبَ۔ القَوْمُ: باہم شور مچانا اور ریپیٹ کرنا۔
اِصْطَخَبَتِ۔ الطَّيْرُ او الضِفْدَعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مخلوط ہونا۔
الصَّخَب۔ مص۔ شور۔
الصَّاخِب والصَخِب والصَّخَّاب و الصَخُوْب والصَخْبَان۔ شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَةٌ و صُخُبَةٌ و صَخَّابَةٌ و صَخُوْبٌ و صَخْبَى۔
صَخِدَ (س) صَخَدًا و صَخَدَانًا ___ اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔
صَخَدَتْه (ف) صَخْدًا۔ الشَّمْسُ: جلانا۔
الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔
صَخَدَ (ف) صُخُوْدًا۔ اِلَيْه: کان لگانا۔
اَصْخَدَ۔ الحَرُّ: گرمی تیز ہونا ___ الرَّجُلُ گرمی میں داخل ہونا ___ الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصَّاخِدَة۔ دوپہری۔
الصَّخْدَان و الصَّخَدَان۔ سخت گرمی کا دن۔
صَيْخَدُ۔ الشَّمْسِ: گردۂ آفتاب۔
هَاجِرَةٌ صَيْخُوْدٌ۔ سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيْد۔ صَيَاخِيْدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔
المَصْخَدَة۔ دوپہر۔ ج مَصَاخِد۔
المُصْطَخِد۔ دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔
صَخَّرَهُ۔ فرمانبردار کرنا۔
اَصْخَرَ۔ المَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِر۔
الصَّخْرَة الصَّخَرَة۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صَخْرٌ و صَخَرٌ و صُخُوْرٌ و صُخُوْرَةٌ و صَخَرَات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔
الصَخِر۔ مِنَ الاَمْكِنَة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ او اَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیا ہے۔
الصَّاخِر۔ لوہے پر لوہے کی جھنکار۔
الصَّاخِرَة۔ پینے کے لیے مٹی کا پیالہ۔
صَخَفَ (ف) صَخْفًا۔ الاَرْضَ: زمین کھودنا۔
المِصْخَفَة۔ زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔
صَخَمَتْهُ (ن) صَخْمًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
اِصْطَخَمَ۔ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صَخِيَ يَصْخَى صَخًا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صَخٍ۔
الصَّخَاة۔ میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ (ن) صَدًّا۔ عَنْ كَذَا: روک دینا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِيْلَ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہو گئی۔
صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا۔ عَنْه: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ۔ جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ و صُدَّاد۔
صَدَّ (ن ض) صَدِيْدًا۔ مِنَ الشَّئِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔
صَادَّهُ۔ مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهُ و يُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّدَ۔ تالی بجانا ___ الجُرْحُ: پیپ دینا۔
اَصَدَّهُ۔ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
اِصْطَدَّتْ۔ المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔
الصَّدُّ۔ مص ___ الصُّدّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَاد و صُدُوْد۔
الصَّدَد۔ درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔
الصِّدَاد۔ پردہ۔ ج اَصِدَّة۔
الصَّدُوْد۔ روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيْد۔ مص۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔ صَدِيْدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔
الصُّدَّاد۔ سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِد۔
صَدِئَ (س) صَدَأً و صَدُؤَ (ک) صَدَاءَةً۔ الحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَة ___ الشَّئ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ مؤنث صَدْآء ___ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔
صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّئَ: زنگ دور کرنا ___ المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔
اَصْدَأَه۔ مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ۔ لَهُ: درپے ہونا۔
الصَّدَأ۔ زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِئ۔ جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدْأة۔ مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا۔ الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَح و صَيْدَاح و صَدُوْح و صَيْدَحِيّ و مِصْدَح و مِصْدَاح۔
الصَّدَح۔ علم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَئٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَان۔
الصَّدْحَة و الصُّدْحَة و الصَّدَحَة۔ مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا۔ عَنِ المَكَانِ و عَنِ المَاءِ: واپس ہونا ___ اِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا ___ الرَّجُلَ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا (___ صُدُوْرًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا ___ مِنْهُ: ظاہر ہونا ___ عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا۔ سینہ پر مارنا۔
صَدِرَ۔ سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ۔
صَدَّرَهُ۔ واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
اَصْدَرَه۔ عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا ___ الرَّجُلَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ و لَا يُصْدِر" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔

صَادَرَہ-عَلَی الشَّیْءِ وبِہٖ :اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا-
تَصَدَّرَ- صدرِ مجلس میں بیٹھنا- کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا-
___ الفَرَسُ :گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا-
تَصَادَرُوا-عَلٰی مَاشَاءُوْا :
صدروا-
الصَّدْرُ- ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ- سینہ- ہر چیز کا ابتدائی حصہ- ہر چیز کا ایک ٹکڑا- تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْہُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا- صَدْرُ القَوْمِ : رئیس- الصَّدْرُ الاَعْظَمُ :وزیر اعظم-ج صُدُوْر-
بَنَاتُ الصَّدْرِ-افکار-
ذَاتُ الصَّدْرِ- سینہ کی ایک بیماری کا نام-
صُدُوْرُ الوَادِی :وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ- کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِہٖ" یعنی اول حصہ کو لے لیا- فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ "یعنی غیر مہربان-
الصَّدَرُ- پانی پر سے واپسی- سفر سے واپسی- صَادِر کا اسم جمع-
الصَّادِرُ-فا- لوٹنے والا- پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے- یعنی پانی پر آنے والا- اور اسی سے ہے "مَالَہٗ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں-
طَرِیْقٌ صَادِرٌ : پانی پر لے جانے والا راستہ-
طَرِیْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ :ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں-
الصُّدْرَۃُ-مِنَ الاِنْسَانِ :سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ-صدری-واسکٹ-
التَّصْدِیْرُ- تنگ اُونٹ کے سینے کا-
الصِّدَارُ-صدری-اُونٹ کے سینے پر نشان-
الصَّدَارَۃُ- تقدم- وزارتِ عظمٰی کا عہدہ (والصَّدِیْرَۃُ) سینے کا اوپر کا حصہ-ج صَدَائِر-
الاَصْدَرُ- مضبوط بڑے سینے والا-
الاَصْدَرَانِ :کنپٹی کے نیچے کی رگیں-
المَصْدَرُ-جائے صدور-ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لیے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل و جڑ ہیں-

المُصْدِرُ-فا-رَجُلٌ مُصْدِرٌ : کاموں کو پورا کرنے والا-
المُصَدَّرُ- قوی اور بڑے سینہ والا- آگے بڑھنے والا گھوڑا- شیر- بھیڑیا-
صَدَعَ(ف)صُدُوْعًا-اِلٰی کَذَا :مائل ہونا-
صَدَعَ(ف)صَدْعًا-الشَّیْءَ :اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو ___ القَوْمَ :متفرق کر دینا ___ الاَمْرَ : ظاہر کرنا ___ بِالحَقِّ : حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا ___ فِی الاَمْرِ :کر گزرنا ___ الاَمْرَ بِالحَقِّ :حق کا فیصلہ کرنا ___ فُلَانًا :قصد کرنا-صَدَعَہٗ عَنْ کَذَا :روک دینا ___ النَّھْرَ : کاٹ دینا ___ فِی المَکَانِ :گزرنا-عبور کرنا- کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِی اَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے ___ اللَّیْلَ : رات میں چلنا-
صُدِعَ وصُدِّعَ- درد سر میں مبتلا ہونا- صفت مَصْدُوْع-
صَدَّعَ-الشَّیْءَ :پھاڑنا ___ الفَلَاۃَ والنَّھْرَ : بیابان یا نہر کو طے کرنا-
تَصَدَّعَ- القَوْمُ : متفرق ہونا- تَصَدَّعَتِ الاَرْضُ بِہٖ :وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا-
تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ-الشَّیْءُ :پھٹنا- کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی- اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ :صبح کی روشنی پھیلنا-
الصَّادِعُ-فا- قاضی- جَبَلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا پہاڑ- وَادٍ صَادِعٌ :دور تک پھیلی ہوئی وادی- سَبِیْلٌ صَادِعٌ :دور تک پھیلا ہوا راستہ- صُبْحٌ صَادِعٌ :روشن صبح-
الصَّدْعُ-شگاف-ج صُدُوْع-
الصَّدْعُ والصَّدَعُ- ہلکا پھلکا مرد- قوی جوان-
صَدَعُ الحَدِیْدِ :لوہے کا مورچہ' زنگ- کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَیْھِم صَدْعٌ وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں-
الصِّدْعُ- آدمیوں کی جماعت- دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ-
الصَّدْعَۃُ-اسم مرۃ- پھٹن- پراگندگی- تفرق-ج صَدَعَات- کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ بَیْنَھُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات و "اَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو-
الصِّدْعَۃُ-ج صِدَع والصَّدِیْعُ-ج صُدُع- بکریوں کا ریوڑ- اُونٹوں کا گلہ- دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ- صدیع بمعنی مصدوع- صبح- پھٹا ہوا کپڑا- وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے-
الصُّدَاعُ-درد سر-
التَّصْدَاعُ- تفریق-
المَصْدَعُ- سخت زمین میں نرم راستہ-ج مَصَادِع-
المِصْدَعُ- نیزہ- تیر- چھری کا چوڑا پھل- خَطِیْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ- بلیغ خطیب-
صَدَغَہٗ(ف)صَدْغًا-عَنِ الاَمْرِ :باز رکھنا- روکنا- سیدھا کرنا ___ النَّمْلَۃَ :چیونٹی کو مارنا-
صَدَغَہٗ(ف)صَدْغًا- مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا-
صَدَغَ(ن)صَدْغًا وصُدُوْغًا-اِلَی الشَّیْءِ : مائل ہونا-
صَدُغَ(ک)صَدَاغَۃً- کمزور و ناتواں ہونا-
صُدِغَ- کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا-
صَادَغَہٗ- مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا-
الصُّدْغُ- کنپٹی- کنپٹی کے بال-ج اَصْدَاغ-
الصَّدَغُ- کجی- ٹیڑھا پن-
الصِّدَاغُ- کنپٹی پر نشان-
الصَّدِیْغُ- کمزور- تین دن کا بچہ-
الاَصْدَغَانِ-دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں-
المِصْدَغَۃُ- تکیہ-
بَعِیْرٌ مُصَدَّغٌ ومَصْدُوْغٌ- کنپٹی پر نشان والا اُونٹ-
صَدِفَ(ن ض)صَدْفًا وصُدُوْفًا- پھر جانا-
صَدَفَ (ض) صَدْفًا- عَنْہُ : اعراض کرنا ___ فُلَانًا :پھیر دینا-ہٹانا-
صَدِفَ (س) صَدَفًا- گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور رہنا-
اَصْدَفَہٗ-عَنْہُ :پھیر دینا-ہٹا دینا-

صَادَقَهٗ۔ پانا۔
تَصَادَفَ۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَّدَفُ۔ سیپی۔
الصَّدَفَةُ۔ ایک سیپی۔ ج اَصْدَاف۔ صَدَفَةُ الْاُذُنِ : کان کا اندرونی حصّہ۔
الصَّدَفُ۔ فِي الْخَيْلِ : رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ : جانب۔ کنارہ۔
الصَّدَف والصُّدُف والصُّدَف والصَّدُف۔ پہاڑ کا کنارہ۔ الصَّدَف : زبان اور جبڑے کا درمیانی حصّہ۔
فَرَسٌ اَصْدَف۔ وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الْاَصْدَاف۔ سمندر کی موجیں۔
الصِّدْفَةُ۔ ملاقات۔
الصَّدُوْف۔ گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
الْمَصْدُوْف۔ مغم۔ چھپا ہوا۔
صَدَقَ (ن) صَدْقًا و صِدْقًا و مَصْدُوْقَةً و تَصْدَاقًا۔ سچ بولنا ___ فِي وَعْدِهٖ و وَعِيْدِهٖ : پورا کرنا ___ فِي الْجملة : بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَقَ الْقِتَالَ و صَدَق فُلَانًا الْقِتَالَ" سخت جنگ کی ___ ہ النَّصِيْحَةَ او الْمَحَبَّةَ : خالص نصیحت یا محبّت کرنا ___ ہ الْحَدِيْثَ : سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔
صَدَّقَهٗ۔ سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَهٗ صِدَاقًا و مُصَادَقَةً۔ دوست بننا۔
صَادَقَهُ الْمَوَدَّةَ : خالص دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ۔ الْاِبْنَةَ : بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ۔ صدقہ دینا ___ عَلَى الْفَقِيْرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا۔ محبّت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الْحَدِيْثَ او الْمَوَدَّةَ او فِيْهِمَا۔ ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدْقُ۔ مص۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہونا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ و قَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ و النَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدْق و صُدُق و صَدْقُوْن۔ مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَات۔
الصِّدْقُ۔ سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ و صَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَةُ۔ خیرات۔ ج صَدَقَات۔
الصَّدُقَةُ و الصُّدْقَة و الصَّدْقَة و الصُّدُقَة۔ مہر۔
الصَّدَاق و الصِّدَاق۔ مہر۔ ج اَصْدِقَة و صُدُق۔
الصَّدَاقَةُ۔ سچی دوستی۔
الصَّادِقُ۔ سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الْحَلَاوَةِ۔ بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ : خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ : شدید حملہ۔
الصَّدُوْق۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدْق و صُدُق۔
الصَّدِيْق۔ پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاء و صُدَقَاء و صُدْقَان۔ جج اَصَادِق۔ مؤنث صَدِيْقَةٌ۔
الصِّدِّيْق۔ بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا لقب۔
الْمِصْدَاق۔ کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
الْمَصْدُوْقَةُ۔ سچائی۔
صَدَمَهٗ (ض) صَدْمًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَهٗ اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الْكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَهٗ مُصَادَمَةً۔ مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ۔ الْفَارِسَانِ : ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
الصِّدَام۔ جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدْمَة۔ اسم مرۃ۔ دفعۃ و احدۃ کہا جاتا ہے "صَرَعَهٗ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاهٗ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصَّدْمَتَانِ و الصَّدِمَتَانِ۔ پیشانی کے دونوں جانب۔
الْاَصْدَم۔ وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ۔ جنگجو بہادر۔
صَدَا يَصْدُوْا صَدْوًا و صَدًّى۔ بِيَدَيْهِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ و صَادٍ و صَدْيَان۔ مؤنث صَدْيَا و صَادِيَة ج صَوَادٍ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَانُ اِلٰى حَدِيْثِكَ وَلِيَ اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِيَ الشَّيْءُ : لمبا ہونا۔
صَادَاهُ مُصَادَاةً۔ مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
صَدَّى تَصْدِيَةً۔ بِيَدَيْهِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
اَصْدَى اِصْدَاءً۔ مرنا ___ الْجَبَلُ : گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔
تَصَدَّى لَهٗ : درپے ہونا ___ لِلْاَمْرِ : کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَّدَى۔ سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاء کہا جاتا ہے "هُمُ الْيَوْمَ اَعْدَاءٌ وَهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے" و مَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا و "صَمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کر دے۔
الصَّدَى۔ الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اُجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانۂ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ (ن) صَرًّا۔ الصُّرَّةَ : تھیلی کو باندھنا ___ الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ : تھیلی میں رکھنا ___

الفَرَسُ اُذُنَهٗ و بِاُذُنِهٖ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا ـــ النَّاقَةَ و بِالنَّاقَةِ : تھن کو باندھ دینا تاکہ بچّہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِیْرًا۔ الشَّیْئُ : چرچرانا ـــ الرَّجُلُ : زور سے چیخنا چلّانا۔ پیاسا ہونا۔ الاُذُنُ : کان بجنا۔

صُرَّ۔ النَّبَاتُ : ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّرَتِ النَّاقَةُ : آگے بڑھنا۔ صَرَّرَ اُذُنَهٗ سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهٗ مُصَارَّةً۔ عَلٰی کَذَا : مجبور کرنا۔

اَصَرَّ۔ عَلَی الاَمْرِ : پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر بُرائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے ﴿کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ﴾ یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے ـــ السُّنْبُلُ : خوشے میں خار نکلنا ـــ الفَرَسُ اُذُنَهٗ و بِاُذُنِهٖ : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ و الصِّرَّةُ۔ سردی۔ رِیْحٌ صِرٌّ : سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِّرَّةُ۔ چیخ۔

الصَّرَّةُ۔ شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُّرَّةُ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَرٌ۔

یَمِیْنٌ صِرِّیٌ۔ سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِیَ مِنِّیْ صِرِّیٌ" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرَرُ۔ خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَةٌ۔

الصَّارُّ۔ فا۔ شَجَرٌ صَارٌّ : گنجان درخت۔

الصَّارَّةُ۔ الصَّارُّ : کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ۔

الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِیُّ والصَّارُوْرِیُّ۔ جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَارِیُّ۔ ملاح۔ ج صَرَارِیُّوْنَ۔

الصِّرَارُ۔ دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچّہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّةٌ۔

الصَّرَّارُ۔ صَارٌّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّیْلِ : جھینگر۔

الصَّرَارَةُ والصَّرُوْرَةُ والصَّارُوْرَةُ و الصَّارُوْرَاءُ۔ وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَّارَةُ۔ عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔ الصَّرِیْرَةُ تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِرُ۔

المَصَارُّ۔ آنتیں۔

المَصْرُوْرُ۔ مفع۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ (ض) صَرْبًا۔ کاٹنا۔ کمانا۔ دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ـــ الصَّبِیُّ : بچّہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ (س) صَرَبًا۔ اللَّبَنُ : تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ۔ اِلَیْهِ مَالًا : دینا۔

صَرَّبَ۔ ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ۔ اللَّبَنَ فِی الوَطْبِ : دودھ کو ترش ہونے کے لیے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَابَّ۔ الشَّیْئُ : صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْبُ و الصَّرَبُ۔ بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ و صَرَبَةٌ۔

الصِّرْبُ۔ غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔

الصَّرِیْبُ۔ کھٹا دودھ۔ ج صُرُوْبٌ۔

المَصْرُوْبُ۔ مفع۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَبُ۔ برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِبُ۔

صَرَّجَ۔ الحَوْضَ : حوض کو چونا مٹی ملا کر بنانا۔ الحَوْضَ بِالنُّوْرَةِ : حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَّارُوْجُ۔ چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً و صُرُوْحَةً۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِیْحٌ جمع صُرَحَاءُ مؤنث صَرِیْحَةٌ۔

صَرَحَ (ف) صَرْحًا۔ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ۔ المُتَکَلِّمُ : بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ : ظاہر کرنا ـــ الاَمْرَ : واضح کرنا۔ الاَمْرُ : واضح ہونا ـــ لازم و متعدی ہے۔ النَّهَارُ۔ دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ : شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہو گیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ : خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِیْ : تیرانداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ۔ الاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهٗ صِرَاحًا و صُرَاحًا و مُصَارَحَةً۔ کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتْمَةٌ مُصَارَحَةٌ او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔ صَارَحَ و صَرَّحَ بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ : دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ۔ الحَقُّ : واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ۔ الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ : شراب سے جھاگ دُور ہونا۔

الصَّرْحُ۔ قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْحٌ۔

الصَّرْحَةُ۔ سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ : گھر کا صحن۔ ج صَرَحَاتٌ۔

الصَّرْحُ والصَّرَاحُ والصِّرَاحُ والصُّرَاحُ۔ خالص۔

الصَّرَاحَةُ والصُّرُوْحَةُ۔ خلوص۔ وضاحت۔

الصُّرَاحِیَّةُ۔ مِنَ الخَمْرِ : خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِیَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُّرَاحِیُّ۔ واضح۔ ظاہر۔

یَوْمٌ مُصْرِحٌ و مُصَرِّحٌ۔ بے بادل کا دن۔

صَرَخَ (ن) صُرَاخًا و صَرِیْخًا۔ سخت چیخنا۔ فریاد کرنا ـــ القَوْمَ : فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَصْرَخَهٗ۔ فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ۔ بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ و اِصْطَرَخَ۔ القَوْمُ : چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنی صَرَخَ۔

الصَّارِخُ۔ فا۔ مرغ۔

الصَّارِخَةُ۔ الصَّارِخُ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سنی۔

الصَّرَّاخُ۔ بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔

الصَّرِیْخُ۔ مع۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخَاءُ۔

صَرِدَ(س)صَرَدًا- السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا- نشانہ پر بیٹھنا ___ الرَّجُلُ : سردی برداشت کر لینا- سردی محسوس کرنا ___ السِّقَاءُ : جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا- کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِیْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا-

صَرَدَ(ن)صَرْدًا و اَصْرَدَ- الرَّامِی السَّهْمَ : نشانہ لگانا- اَصْرَدَ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا-

صَرَّدَ- الشَّیْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ___ اَلْعَطَاءَ : کم دینا ___ الرَّجُلَ : سیرابی سے کم پلانا-

الصَّرْد- محض خالص- کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی- اُحِبُّهٗ حُبًّا صَرْدًا خالص محبت کی- پہاڑ میں اونچی جگہ- بڑا لشکر- سردی- یَوْمٌ صَرْدٌ : ٹھنڈا دن- کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدتِ سردی سے مر گیا- اَرْضٌ صَرْدٌ- سرد ملک- ج صُرُوْد- اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُوْمٌ ہے- یعنی گرم ممالک-

الصَّرِد- بڑا لشکر- بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے-

الصَّارِد- فا- سَهْمٌ صَارِدٌ : نشانہ پر لگنے والا تیر-

الصَّوَارِد- ٹھنڈی ہوائیں-

الصُّرَد- لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان-

الصُّرَدَان- زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں-

الصَّرِد- مِنَ الْخَیْلِ : وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو ___ مِنَ الرِّجَالِ : سردی کو برداشت کرنے والا- سردی کو محسوس کرنے والا- ج صَرْدٰی یَوْمٌ صَرِدٌ : سخت ٹھنڈا دن-

الصُّرَّاد و الصَّرِیْد- بے پانی کا پتلا بادل- نَعْجَةٌ صَرِیْدَةٌ- سردی زدہ بھیڑ- ج صَرَائِد-

المِصْرَاد- بے درخت کی زمین- سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا- سَهْمٌ مِصْرَادٌ- نشانہ پر لگنے والا تیر-

سَهْمٌ مُصْرِد- نشانہ پر لگنے والا تیر-

المُصْطَرِد- سخت غضبناک-

صَرْصَرَ- الصُّرَدُ و الصَّقْرُ : آواز کرنا ___ الرَّجُلُ : چیخنا ___ الشَّیْءَ : چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا-

الصَّرْصَر- مِنَ الرِّیَاحِ : تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا- مرغ (___ الصُّرْصُرُ) ج صَرَاصِر-

الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِیْر- جھینگر- مچھیرا-

الصَّرْصُوْر : کشتی-

الصِّرَاط- راستہ- ج صُرُط-

الصُّرَاط- لمبی تیز تلوار-

صَرَعَهٗ (ف) صَرْعًا و صِرْعًا و مَصْرَعًا- پچھاڑ دینا- زمین پر گرا دینا ___ الشِّعْرَ : دو مصرعے بنانا ___ البَابَ : دو کواڑ لگانا-

صُرِعَ- مرگی ہونا- کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا-

صَرَّعَهٗ- سخت پچھاڑنا ___ الشِّعْرَ : مصرعے لگانا ___ البَابَ : کواڑ لگانا-

صَارَعَهٗ صِرَاعًا و مُصَارَعَةً- کشتی لڑنا-

تَصَارَعَ و اِصْطَرَعَ- الرَّجُلَانِ : باہم کشتی لڑنا-

اِنْصَرَعَ- پچھاڑا جانا-

تَصَرَّعَ- لِصَاحِبِهٖ : تواضع کرنا- عاجزی ظاہر کرنا- کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَتَصَرَّعُ لَهٗ وَ اِلَیْهِ حَتّٰی اَجَابَنِیْ" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی-

الصَّرْع- مص- مرگی- مثل- مقابل- قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ کَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے- ج اَصْرُع صُرُوْع- و الصَّرْعَان : رات دن یا صبح شام- کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ صَرْعَیِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَیْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَکْتُهُمْ صَرْعَیْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں-

الصِّرْع- مص - مثل قسم- رسی کی لڑی- ج اَصْرُع و صُرُوْع- کشتی لڑنے والا- کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں-

الصَّرْعَة- اسم مرۃ- حالت- کہا جاتا ہے "هُوَ یَفْعَلُهٗ عَلٰی کُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے-

الصُّرْعَة- جس کو لوگ پچھاڑ دیں-

الصُّرَعَة و الصَّرَّاع و الصُّرَّاعَة و الصِّرِّیْع و الصَّرُوْع- لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا- کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے- الصُّرَعَة : حلیم و بردبار- اس لیے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے- الصُّرُع جمع صَرُوْع کی ہے-

الصِّرَاعَة- کشتی کا فن-

الصَّرِیْع- زمین پر پچھاڑا ہوا- مجنون- ج صَرْعٰی- کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِیْعَ الْکَاْسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری- درخت کی جھکی ہوئی شاخ- ج صُرُع-

المَصْرَع- مص - پچھاڑنے کی جگہ- ج مَصَارِع-

المِصْرَاع مِنَ البَابِ : دروازے کا ایک پٹ ___ مِنَ الشِّعْرِ : شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِیْع-

صَرَفَهٗ (ض) صَرْفًا- پھیرنا- ہٹانا- دفع کرنا- واپس کرنا- کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے-

صَرَفَ الشَّرَابَ : خالص شراب پینا ___ "الدَّنَانِیْرَ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا ___ المَالَ : خرچ کرنا ___ الکَلِمَةَ : منصرف بنانا- یعنی جر و تنوین لاحق کرنا-

صَرَفَ(ن)صَرِیْفًا- بِنَابِهٖ : دانت پیسنا ___ البَابُ : بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا-

صَرَّفَهٗ- مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے- صَرَّفَ الشَّیْءَ : بیچنا ___ الدَّرَاهِمَ : تبدیل کرنا ___ الخَمْرَ : خالص شراب پینا ___ الکَلَامَ : بات سے بات نکالنا ___ ہ فِی الاَمْرِ : سپرد کر دینا ___ صَرَّفَ المَاءَ : جاری کر دینا- اللّٰهُ الرِّیَاحَ- ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا-

صَارَفَهٗ- مبادلہ کرنا- صَارَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَّیْءِ : پھیر دینا- باز رکھنا-

اَصْرَفَهٗ- عَنْ کَذَا : رد کر دینا- ہٹا دینا- اَصْرَفَ الشَّرَابَ : کچھ نہ ملانا-

تَصَرَّفَ فِي الْاَمْرِ : کسی معاملہ میں تصرف کرنا- تَصَرَّفَتْ بِهِ الْاَحْوَالُ : مصائب و آفات کا غالب آجانا-

اِنْصَرَفَ- الرَّجُلُ : باز رہنا- اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ : منصرف ہونا-

اِصْطَرَفَ- کمائی کرنے کیلئے پھرنا ___ الدَّرَاهِمَ : بدل لینا- تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِيْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا-

اِسْتَصْرَفَ- اللّٰهَ الْمَكَارِهَ : مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا-

الصَّرْفُ- ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے- صَرْفُ الدَّهْرِ و صُرُوْفُهُ : مصائب زمانہ- فضیلت- کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے- صَرْفُ الْحَدِيْثِ او الْكَلَامِ : کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین- صَرْفُ الْمَالِ : خرچ کرنا-

الصِّرْفُ- خالص- جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب- ایک قسم کا سرخ رنگ-

الصَّرَفَانِ الصِّرْفَانُ- رات دن-

الصَّرَفَانُ- موت- پیتل- سیسہ-

الصِّرَافَةُ- صرافی کا پیشہ-

الصَّرْفَةُ- اسم مرة- گردش- مہرہ منتر یا تعویذ کا- ایک منزل منازلِ قمر میں سے- اونٹنی کو صبح کے وقت دوھ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا-

الصَّرُوْفُ- وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے-

الصَّرِيْفُ- مص - چاندی خالص- صَرِيْفُ الْبَابِ : دروازے کی چرچراہٹ- صَرِيْفُ الْقَلَمِ : قلم کے چلنے کی آواز (___ والْمَصْرُوْفُ) ہر شے خالص- درخت کی خشک شدہ شاخ-

الصَّرِيْفَةُ- الصَّرِيْفُ کا مؤنث- درخت خرما کی خشک ٹہنی- چپاتی- ج صُرُفٌ و صَرَائِفُ و صَرِيْفٌ-

تَصَارِيْفُ- الدَّهْرِ : مصائب زمانہ-

الصَّرَّافُ و الصَّيْرَفُ و الصَّيْرَفِيُّ- روپے پیسے کی تجارت کرنے والا- ج صَيَارِفَةٌ-

الصَّرَّافُ و الصَّرْفِيُّ- علمِ صرف کا جاننے والا-

الْمُتَصَرِّفُ- ملک کے ایک حصہ کا حاکم-

الْمُتَصَرِّفِيَّةُ- ملک کا ایک حصہ- ملک کے ایک حصہ کا حاکم-

الصَّرِيْقَةُ- چپاتی- ج صَرِيْقٌ و صُرُقٌ و صَرَائِقُ-

صَرْقَعَ- اَصَابِعَهُ : انگلیاں چٹخانا-

صِرْقَاعَةٌ- گوپھن- گوپھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے-

صَرُمَ (ک) صَرَامَةً- السَّيْفُ : کاٹنا ___ الرَّجُلُ : دلیر و چالاک ہونا-

صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا- الْحَبْلَ : توڑنا ___ الشَّيْءَ : کاٹنا- فُلَانًا : چھوڑنا- گفتگو بند کرنا ___ فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا : اقامت کرنا-

صَرَّمَهُ- صرم کا مبالغہ ہے-

صَارَمَهُ مُصَارَمَةً- مقاطعہ کرنا- علیحدہ ہونا-

اَصْرَمَ- الرَّجُلُ : محتاج ہونا ___ النَّخْلُ : پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا-

تَصَرَّمَ- الرَّجُلُ : بہادری کرنا-

تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ- کٹ جانا- ٹوٹ جانا-

تَصَرَّمَتْ وانْصَرَمَتِ السَّنَةُ : سال ختم ہونا-

تَصَارَمَ- الْقَوْمُ : قطع تعلق کرلینا-

اِصْطَرَمَ- الشَّيْءَ : کاٹنا-

الصَّرْمُ : مص - کھال (معرب چرم) الصَّرَّامُ : چرم فروش-

الصِّرْمُ- جماعت- مکانوں کا اجتماع- قسم- چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا- ج اَصْرَامٌ و اَصَارِمُ و اَصَارِيْمُ و صُرْمَانٌ-

الصُّرْمُ- مص- بے تعلقی-

الصِّرْمَةُ- قسم- اونٹوں کا گلہ- بادل کا ٹکڑا- چاندی کا ٹکڑا- ج صِرَمٌ-

الصَّارِمُ- فا- بہادر- شیر- کاٹنے والی تلوار- ج صَوَارِمُ-

الصَّرَامَةُ- مص - رَجُلٌ صَرَامَةٌ : مستقل بالرائے- ذہن کا پکا-

الصَّرُوْمُ- کاٹنے والی تلوار- اچھی طرح کاٹنے والا- الصَّرَامُ جنگ- معیبت- رَجُلٌ صُرَامٌ : کاٹنے میں قوی مرد-

الصَّرِيْمُ- کٹا ہوا- رات یا اس کا ایک حصہ- صبح- لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پئے- زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو- غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو- صَرِيْمَا اللَّيْلِ : رات کا اول و آخر حصہ- اَمْرٌ صَرِيْمٌ : لازمی امر-

الصَّرِيْمَةُ- عزیمت- رات کا ٹکڑا-

الصَّيْرَمُ- پختہ رائے والا- معیبت- دن میں ایک بار کھانا-

الْاَصْرَمُ- جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں- مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْمٌ (___ والْمُصْرِمُ) بہت بال بچے والا مفلس-

الْاَصْرَمَانِ- رات دن- کوا و بھیڑیا- کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِوَحْشِ الْاَصْرَمَيْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں-

الصَّرْمَاءُ- الْاَصْرَمُ کا مؤنث- بے پانی کا جنگل- ہانڈی- کم دودھ والی اونٹنی-

الْمَصْرِمُ- ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے-

الْمِصْرَمُ- درانتی-

الصُّرْنَايَةُ- بانسری کی قسم کا ایک باجہ-

صَرَا يَصْرُو اصْرُوًّا- اِلَيْهِ : دیکھنا-

صَرَىٰ يَصْرِيْ صَرْيًا- الشَّيْءَ : دفع کرنا- ہٹانا- دور کرنا- کہا جاتا ہے "صَرَى اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دور کرے- صَرَى بَوْلَهُ : پیشاب روک دینا-

___ فُلَانًا : منع کرنا- بچانا- ہلاکت سے نجات دینا-

___ الشَّيْءُ : بلند ہونا- نیچے ہونا ___ الْقَوْمُ : آگے بڑھ جانا- پیچھے ہٹ جانا ___ بَيْنَهُمْ : فیصلہ کرنا-

صَرِيَ يَصْرٰى صَرًى- الْمَاءُ : دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا ___ اللَّبَنُ : دودھ کا مزہ بدل جانا ___ فُلَانٌ فِيْ يَدِ فُلَانٍ : کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا ___ الدَّمْعُ : آنسو کا

بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَت و اَصْرَت۔ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرّٰی تَصْرِیَۃً۔ الشَّاۃَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لیے تھن میں روک دینا۔
الصَّرٰی۔ باقی ماندہ (۔۔۔ الصِّرٰی) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًی" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِی۔ فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاء و صَرَارِیّ و صَرَارِیُّوْن۔ بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔
الصَّارِیَۃ۔ الصَّارِی کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاۃ و الصُّرّٰی و المُصَرَّاۃ۔ مِنَ الشَّاۃِ او النُّوْقِ: وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَۃ و المِصْطَبَّۃ۔ چبوترہ۔
المِصْطَب۔ لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح۔ خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلّہ کی گہائی کے لیے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح۔
صَطَرَ (ن) صَطْرًا۔ لکھنا۔
صَیْطَرَ۔ داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع۔ فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّۃ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوْبَۃً۔ عَلَیْہِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ۔ مؤنث صَعْبَۃٌ۔ ج صِعَاب۔
اَصْعَبَ۔ الاَمْرُ: مشکل ہونا ۔۔۔ الشَّیْءَ: مشکل پانا ۔۔۔ الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَہٗ مُصَاعَبَۃً۔ سختی کرنا۔
صَعَّبَہٗ۔ دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ۔ دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ۔ دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ۔ باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ۔ مشکل ہونا۔ الشَّیْءَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب۔ مص۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب۔ دشوار۔ ج صُعُب۔

الصَّعُوْب۔ دشوار۔
المَصَاعِب۔ سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب۔ سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب و مَصَاعِیْب۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ وَمَصَاعِیْبُ" سرکش اونٹ۔
صَعْتَرَ۔ النَّحْلُ: پہاڑ پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّیْءَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَر۔ پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِیّ۔ چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا و صَعَدًا و صُعُدًا فِی السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا ۔۔۔ بِہٖ: چڑھانا ۔۔۔ صُعُوْدًا المَکَانَ: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ۔ فِیْ و عَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ۔۔۔ فِی الوَادِیْ: وادی میں اُترنا۔
صَعَّدَ فِیْہِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ۔ مکہ کو جانا ۔۔۔ فِی الاَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا ۔۔۔ فِی الوَادِیْ: وادی میں اترنا ۔۔۔ فِی العَدْوِ: تیز دوڑنا ۔۔۔ ہٗ: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَّفِیْنَۃُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اُڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ۔ چڑھنا۔ تَصَعَّدَہٗ و تَصَاعَدَہُ الاَمْرُ: دشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصْطَعَدَ۔ چڑھنا۔
الصَّاعِدُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد۔ بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اُترا و "هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد۔ مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔
الصَّعِیْد۔ مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الحَدِیْقَۃُ صَعِیْدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُد و صُعُدَات و صُعْدَان۔ مصر میں چند شہروں کا نام صَعِیْد ہے۔
الصُّعُوْد۔ چڑھائی۔ خَمِیْسُ الصُّعُوْدِ: جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔
الصَّعُوْد۔ چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُد و اَصْعِدَۃ و صَعَائِد کہا جاتا ہے "لَاُرْهِقَنَّكَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔
الصُّعَدَاء۔ غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔
الصَّعْدَاء۔ مشقت۔
الصَّعْدَۃ۔ اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَاد و صَعَدَات۔
الصَّعُوْدَاء۔ دشوار گزار گھاٹی۔
المُصَعَّد۔ مِنَ الاَشْرِبَۃِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔
جَبَلٌ مُصْعِد۔ بلند پہاڑ۔
المِصْعَاد۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔
صَعِرَ (س) صَعَرًا۔ وَجْهُهٗ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر۔ مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر ۔۔۔ رَاْسَہٗ: سر کا چھوٹا ہونا۔
صَعَّرَ و صَاعَرَ و اِصْعَرَّ۔ تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقۃً ہوتا ہے۔
تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ۔ تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔
صَعْرَرَ۔ الشَّیْءَ: گھمانا۔
تَصَعْرَرَ۔ گھومنا۔
اِصْعَنْرَرَ و اِصْعَرَّرَ۔ پیچ و تاب کھانا۔
اِصْعَرَّتِ۔ الاِبِلُ: تیز دوڑنا۔
الصَّعَّار۔ مغرور و متکبر۔
الصُّعْرُوْر و الصُّعْرُوْر۔ درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِیْر۔
الصُّعْرُوْرَۃ۔ گبریلا کی گولی۔
صَعْصَعَ۔ القَوْمَ: متفرق کر دینا ۔۔۔ الشَّیْءَ۔ حرکت دینا۔ مِنْ فُلَانٍ خوف کرنا۔ رَاْسَہٗ بِالدُّهْنِ۔ سر کو تیل سے چکنا کرنا۔ تَصَعْصَعَ۔ متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ

بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہو گئیں۔

الصَّعْصَع۔ متفرق (___ والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِع۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا۔ کپکپی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْف۔

أَصْعَفَ۔ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَة۔ کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَق والصَّعْفُوْق والصَّعْفَقِي۔ وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْق: کمینہ۔ ج صَعَافِيْق و صَعَافِقَة۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً۔ السَّمَاءُ الْقَوْمَ۔ بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا۔ الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا ___ الرَّكِيَّة: کنوئیں کا گر جانا (___ وصُعِقَ صَعْقًا و صَعَقًا و صَعْقَة و تَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ۔ مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

أَصْعَقَتْهُ السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ أَصْعَقَه: قتل کرنا۔

الصَّعَق۔ مص۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق۔ بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة۔ مص۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِق۔

الْمَصْعُوْق۔ غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْفُر۔ مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا و اِصْعَالٌ۔ چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت أَصْعَل۔ مؤنث صَعْلَاء ج صُعْل۔

الصَّعْل۔ چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً۔ محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ۔ فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوْك۔ فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك و صَعَالِيْك۔ صَعَالِيْكُ الْعَرَب: عرب کے چور اور فقراء۔

أَصْعَنَ۔ الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ۔ الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُوْ صَعْوًا۔ باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو۔ چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَةٌ صَعَوَات۔ ممولا۔ ج صِعَاء و اَصْعَاء نَاقَةٌ صَعْوَةٌ۔ چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّعْب۔ جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صَغَرًا و صَغَارَةً و صِغَرًا و صُغْرَانًا۔ چھوٹا ہونا۔

صَغُرَ (ک) صِغَرًا و صُغْرًا و صَغَارًا و صَغَارَةً و صُغْرَانًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) و صَغِرَ (س) صَغْرًا۔ الْقَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَهُ و اَصْغَرَهُ۔ چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "اَصْغَرَتِ الْاَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ الْقَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ۔ الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔

اِسْتَصْغَرَهُ۔ چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا ___ فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِّغْرَة۔ اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ اَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ اَوْلَادِ اَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَّغَار و الصُّغْر۔ ذلت۔ ظلم۔

الصَّغَارَة۔ چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُّغَار و الصُّغْرَان۔ چھوٹا۔

الصَّاغِر۔ ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة و صَاغِرُوْن۔

الصَّغِيْر۔ چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار و صُغَرَاء۔

الْاَصْغَر۔ اسم تفضیل۔ ج اَصَاغِرُ اَصَاغِرَةٌ و اَصْغَرُوْن۔ مؤنث صُغْرٰی۔ ج صُغَر۔

الْاَصْغَرَان۔ دل و زبان۔ اور اسی سے مثل ہے "اَلْمَرْءُ بِاَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا يَصْغُوْ و يَصْغَى صَغْوًا و صَغِيَ يَصْغَى صَغًى و صُغِيًّا۔ اِلَيْهِ: جھکنا ___ النُّجُوْمُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ۔

اَصْغٰى اِصْغَاءً۔ اِلٰى حَدِيْثِهِ: کان لگانا ___ اِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا ___ الْاِنَاءَ: جھکانا ___ الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "اَصْغٰى حَقَّهُ" جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِّغْو۔ کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُ الْكَفِّ او الْمِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج اَصْغَاء۔

صَاغِيَةُ۔ الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "اَكْرِمُوْا الرَّجُلَ فِيْ صَاغِيَتِهِ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ۔ الشَّيْءَ: صف بنانا ___ الْقَوْمَ: میدانِ جنگ میں صف بندی کرنا ___ صَفَّ الْقَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحِهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا ___ الْاِبِلُ قَوَائِمَهَا: اونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا ___ اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا ___ السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً۔ الْقَوْمُ فِي الْقِتَالِ: میدانِ جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا ___ فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔

بتانے والاالمُصَافِقِی کہلاتا ہے۔
اَصَفَّ۔السَّرْجَ :زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ۔القَوْمُ :صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ۔القَوْمُ :صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفّ۔سیدھی قطار۔کلاس۔صف بستہ قوم۔ ج صُفُوْف۔
الصَّفَف:زرہ کے نیچے کالباس۔
الصُّفَّة۔ ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرجِ او الرحلِ :زین یا کجاوہ کی گدی۔صُفَّةُ المَسْجِدِ : مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُّفَّة : گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ : زمانے کی ایک مدت۔ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف۔
الصَّافّ۔ فا۔ الصافَّةُ مِنَ الْإِبِلِ : جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات و صَوَافّ۔الصَّافَّات :فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوْف۔بہت دودھ دینے والی اُونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگادے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کرلے۔
الصَّفِيف۔خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
المَصَفّ۔ صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ۔
تَصَفَّتَ۔الرَّجُلُ :قوی و مضبوط ہونا۔
الصِّفِتُّ و الصِّفِتَّان و الصِّفِتَّان۔ بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔
صَفَحَ (ف) صَفْحًا۔ عَنْهُ : روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهِ : حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَيْتُهُ فِي حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ____ ہ بِالسَّيْفِ : تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا ____ الشَّيَئَ :چوڑا کرنا ____ النَّاسَ :لوگوں میں مقابلہ کرکے ان کی حالت دیکھنا ____ وَرَقَ المُصْحَفِ : ایک ایک ورق کو پیش کرنا ____ فِي الْأَمْرِ : غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا۔ النَّاقَةُ و غَيْرُهَا۔ دودھ کا ختم ہوجانا۔ صفت صَافِح۔
صَفَّحَ۔الشَّيَئَ :لمبا چوڑا کرنا ____ المَكَانَ : مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔ صَفَّحَ بِيَدَيْهِ :تالی بجانا۔
اَصْفَحَ۔السَّائِلَ: محروم واپس کردینا ____ الشَّيَئَ :اُلٹنا پلٹنا۔
صَافَحَهُ مُصَافَحَةً و صِفَاحًا۔ ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ۔ الشَّيَئَ : تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا ____ القَوْمَ :چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہوسکے۔حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ۔ القَوْم : باہمدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الْأَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِسْتَصْفَحَهُ۔الذَّنْبَ :گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَّفْح۔ جانب ____ مِنَ الْوَجْهِ : رخسارہ ____ مِنَ الْإِنْسَانِ :پہلو ____ مِنَ السَّيْفِ۔ چوڑا پہلو۔ج صِفَاح۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَّفْحَة۔مِنَ الشَّيِّ :جانب۔چہرہ ____ مِنَ الكِتَابِ :ورق کا ایک جانب۔صَفْحَةُ الرَّجُلِ۔ سینہ کی چوڑائی۔ج صَفَحَات۔
الصَّفْحَان و الصَّفْحَتَان۔ رخسارے۔
الصُّفْح۔ چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِّفَاحُ و الصَّفَح۔ رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَّفِيح۔ آسمان۔ ہرچوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَّفِيْحَة۔ چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ :چہرے کی کھال۔ج صَفِيح و صَفَائِح۔الصَّفَائِح : سر کی چارہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُّفَّاح۔ پتلے چوڑے پتھر۔ اُونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ج صُفَّاحَات صَفَافِيح۔
الصَّفَّاح و الصَّفُوْح۔ معاف کرنے والا۔
الصَّفُوْح بمعنی کریم۔
المُصْفَح۔ چوڑا۔ اُلٹا جھکا ہوا ____ مِنَ الوُجُوْهِ : ملائم و خوبصورت ____ مِنَ الْأُنُوْفِ۔ ستواں ناک ____ مِنَ الرُّؤُوْسِ : کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ____ مِنَ القُلُوْبِ :جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ____ مِنَ النَّاسِ :جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّح۔ چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔اَنْفٌ مُصَفَّحٌ :ستواں ناک۔
المُصْفِحَة و المُصَفَّحَة۔ تلوار۔ ج مُصَفَّحَات و مُصَفَّحَات۔
صَفَدَهُ(ض) صَفْدًا و صُفُوْدًا و صَفَّدَهُ۔قید کرنا۔ہتھکڑی لگانا۔
اَصْفَدَهُ۔قید کرنا ____ مَالًا :دینا۔
الصَّفَد۔ بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔
الصِّفَاد۔ ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا۔ ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَر بِالْفَرَسِ عِنْدَ وِرْدِهِ : گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفْرًا۔ پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْر (دیکھئے صُفَار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا و صُفُوْرًا و صُفُوْرَة الإِنَاءُ : برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ او اِنَاءُهُ" یعنی ہلاک ہوگیا۔
صَفَّرَ۔الشَّيَئَ :زرد کرنا ____ الثَّوْبَ :زرد رنگنا ____ البَيْتَ :خالی کرنا ____ لِلدَّابَّةِ : ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ____ بِالدَّابَّةِ :جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصْفَرَ۔ محتاج ہونا ____ الإِنَاءُ : خالی ہونا ____ البَيْتَ :خالی کرنا۔
اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا۔زرد رنگ ہونا۔
الصِّفْر و الصِّفِر و الصُّفْر۔ خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُّفْر۔سونا۔ پیتل۔
الصِّفْر۔ زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَر- قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ- کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے- ج اَصْفَار-
الصَّفَرَان- عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا-
الصَّفَر- مص- یرقان- بھوک- کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا- عقل کہا جاتا ہے "لَا یَلْتَاطُ هٰذَا بِصُفْرِی" یہ میری عقل میں نہیں آتا- میرے دل میں نہیں چپکتا-
الصِّفْر- خالی- ج اَصْفَارٌ- کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَار" خالی برتن-
الصَّفْرَة- ایک مرتبہ بھوکا ہونا-
الصُّفْرَة- زردی- سیاہی-
الصِّفْرِیْت- کثیر العیال محتاج- ج صَفَارِیْت-
الصَّفَرِیّ و الصَّفَرِیَّة- فصل خریف کی بارش- ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے-
الصُّفَار- آواز- زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے- کینچوا- پیٹ کے کیڑے- زردی جو رنگ پر غالب ہو (___ و الصِّفَار) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ-
الصُّفَارَة- مرجھایا ہوا پودہ-
الصَّفِیْر- ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو- حُرُوْفُ الصَّفِیْرِ: زای معجمہ سین وصاد مہملہ ہیں-
الصَّفَّار- ٹھٹھیرا-
الصَّفَّارَة- سیٹی- مقعد-
الصَّفَّارِیَّة- زرد پروں کا پرندہ-
الصَّافِر- سیٹی بجانے والا چور- ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے- مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے- ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا- پرندہ- کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں-
الاَصْفَر- زرد رنگ والا- مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر-

الصُّفْر- ودانیر-
الاَصْفَرَان- زعفران اور سونا-
الصَّفْرَاء- مؤنث اَصْفَر- سونا- پتا- ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو- ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں-
المُصْفِر- فا- محتاج-
المَصْفُوْر و المُصَفَّر- بھوکا-
الصِّفْرِد- ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے-
صَفْصَفَ- الرَّجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا ___ العُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا-
الصُّفْصُف- چڑیا-
الصَّفْصَفَة- بیابان-
الصَّفْصَاف- بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے- واحد صَفْصَافَة-
صَفَعَهٗ (ف) صَفْعًا- تھپڑ مارنا-
صَافَعَهٗ و تَصَافَعَا- ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا-
الصَّفْعَان و المَصْفَعَانِیّ- جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں-
صَفَقَهٗ (ن ض) صَفْقًا- تھپکی لگانا- تالی بجانا-
صَفَقَ البَابَ: دروازہ بند کرنا- کھولنا- (ضد) ___ الرَّجُلُ عَنْ مُرَادِهٖ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا ___ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا ___ عَیْنَهٗ: آنکھ بند کر دینا ___ العُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا ___ القَدَحَ- پیالہ بھرنا ___ الشَّرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا ___ لَهٗ بِالبَیْعِ و صَفَقَ عَلٰی یَدِهٖ و صَفَقَ یَدَهٗ بِالبَیْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ___ الرَّجُلُ: جانا ___ ہ بِالسَّیْفِ: تلوار مارنا ___ الرِّیْحُ الاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا- کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی-
صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً- الرَّجُلُ: بے حیا ہونا ___ الثَّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا-
اَصْفَقَهٗ- باز رکھنا- اَصْفَقَ البَابَ و القَدَحَ و الشَّرَابَ بمعنی صَفَقَ ___ الحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا ___ لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے ___ الثَّوْبَ: کپڑے کو گف بننا- کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا ___ القَوْمُ: مضطرب و پریشان ہوئے-
صَفَّقَ- الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا ___ الرَّجُلُ یَدَیْهِ: تالی بجانا ___ حَوْلَ الشَّیْءِ: طواف کرنا ___ الرَّجُلُ: جانا ___ الشَّرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا-
صَافَقَ- الرَّجُلَانِ عِنْدَ البَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا- صَافَقَ الرَّجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ: ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ___ - بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا-
تَصَافَقَ- القَوْمُ: خرید و فروخت کرنا-
تَصَفَّقَ- الرَّجُلُ: تردد کرنا ___ لِلْاَمْرِ: درپے ہونا-
اِنْصَفَقَ- واپس ہونا- پھر جانا ___ القَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا-
اِصْطَفَقَ- العُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا ___ البَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا ___ القَوْمُ: مضطرب ہونا ___ الاَشْجَارُ: حرکت کرنا ___ النِّسَاءُ عَلَى المَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا-
الصَّفْق- گوشہ- جانب- دروازہ کا کواڑ- صَفْقَا العُنُقِ: گردن کی دونوں اطراف- صَفْقَا الفَرَسِ: گھوڑے کے رخسارے- صَفْقُ الجَبَلِ: پہاڑ کی سطح- ج صُفُوْق-
الصِّفْق- دروازے کا کواڑ- پٹ-
الصَّفْقَة- خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا- عقد بیع- کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع- "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے-
الصَّفَق- گوشہ- دماغ کا آخری حصہ-
الصِّفَاق- کھال کے نیچے کی جھلی- پیٹ پر کی جھلی- وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں- ج صُفُق-

الصَافِقَة۔ نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔
الصَّفَاق۔ صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔
الصَّفُوْق۔ بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق۔
الصَفَائِق۔ آنے جانے والے قافلے۔
الصَفَائِق والصَوَافِق۔ مصیبتیں۔ حوادث۔
الصَفِيْق۔ بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف۔ کپڑا۔
المَصْفَق۔ راستہ۔
المُصَافِق۔ فا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا ___ مِنَ الإبِلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔
صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا ___ الرَّجُلُ: دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا ___ بِهِ الأرْضَ: زمین پر دے مارنا ___ صَفْنًا) الطَائِرُ الحَشِيْشَ او الوَرَقَ: پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا ___ الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔
صَافَنَ۔ القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔
تَصَافَنَ۔ القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔
الصَفَن۔ خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان' مستی کے وقت اُونٹ کے منہ کی جھاگ۔ ج صُفْن وصُفُن واَصْفَان وصُفْنَان۔
الصُفْن۔ چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔
الصَفْنَة۔ ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اُونٹ کے منھ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔
الصَفَن۔ ج اَصْفَان وصُفْنَان الصَفَنَة۔ خصیہ کی تھیلی۔
الصَافِن۔ پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات وصَوَافِن وصُفُوْن۔
صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا و صَفَاءً و صُفُوًّا۔ صاف ہونا ___ الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔ صَفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا و صَفُوَتْ صَفَادَةً النَاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔
صَفَّى تَصْفِيَةً۔ الشَيْئَ: صاف ستھرا کرنا۔
اَصْفَى اِصْفَاءً۔ فُلَانًا الوُدَّ: و اَصْفَى لَهُ الوُدَّ۔ خالص محبت کرنا ___ الَّذِيْ يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ اَصْفَتِ الدَجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رُک جانا ___ الشَاعِرُ: شعر کہنے سے رُک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "اَنَا شَاكِرُكَ الَّذِي يَصفي و شاعرک الذي لا يصفي" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رُکتا نہیں۔ اَصْفَى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ___ ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا ___ الشَيْئَ: کل لے لینا۔
صَافَى مُصَافَاةً۔ فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔
تَصَافَى۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔
اِسْتَصْفَى۔ المَالَ: کل لے لینا ___ الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاه واصْطَفَاه" یعنی چن لینا۔
الصَفْو۔ مص۔ خالص محبت (___ الصَفْوَة والصِفْوَة والصُفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْئٍ: خالص اور عمدہ۔
الصَافِي۔ صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابر و باد کا دن۔ كِلَاءٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔
الصَافِيَة۔ زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مرگئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو۔ ج صَوَافِ۔
الصِفْوَة۔ خالص دوست۔ طرز صفائی۔
الصِفْوَةُ مِنَ المَاءِ و نَحْوِهٖ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔
الصَفَاء۔ جمع صَفَاة کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)
الصَفَاة۔ ج صَفَاء صَفَوَات جج اَصْفَاء و صُفِيّ وصِفِيّ۔
الصَفْوَانَة۔ ج صَفْوَان و صَفَوَان والصَفْوَاء۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَاتَنْدَى صَفَاتُه" مراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهٗ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔
الصَفْوَان۔ چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔
الصَفِي۔ مخلص دوست۔ ج اَصْفِيَاء۔ مؤنث صَفِيَّةٌ۔ ہر چیز کا خالص حصہ۔
الصَفِيّ والصَفِيَّة۔ مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔
الصَفِيَّة۔ زیادہ دودھ والی اُونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفايا۔
المِصْفَاة۔ چھننا۔ ج مَصَافٍ۔
المُصْطَفَى۔ برگزیدہ۔ چنا ہوا۔
صَقِبَ (س) صَقَبًا۔ المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔
صَقَبَهٗ (ن) صَقْبًا۔ تھپڑ مارنا ___ الشَيْئَ: جمع کرنا ___ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
صَاقَبَهٗ صِقَابًا و مُصَاقَبَةً۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ صِقَابًا یعنی رو در رو ملاقات کی۔
اَصْقَبَهٗ۔ نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَيْئُ۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصْقَبَكَ الصَيْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔
الصَقْب۔ مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب ___ لمبا۔ ج صِقَاب وصُقْبَان۔
الصَقْب والصَقَب۔ قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِيْ مِنْ دَارِهٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِهٖ"

پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَّيْقَبَانِي۔ عطر فروش۔
الصَّقَح و الصَّقْحَة۔ گنج۔ سر کے اگلے حصّہ کے بال گر جانا۔
الأَصْقَح۔ گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح۔
صَقَرَهُ (ن) صَقْرًا۔ بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِي بِكَلَامِهِ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی ـــــ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ـــــ الْحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَرَ و صَقَّرَ۔ النَّارَ: آگ کو جلانا۔
صَقَرَت (ن) صَقْرًا و صَقْرَةً و أَصْقَرَتِ۔ الشَّمْسُ أَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقَرَ (ن) صَقْرًا و إِصْقَرَّ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تَصَقَّرَ۔ شکرہ سے شکار کرنا ـــــ بِالْمَكَانِ۔ مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ و إِصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الصَّقْر۔ گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔ ج أَصْقُر و صُقُور و صُقُورَة و صِقَار و صِقَارَة و صُقُر۔ کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَّقْر۔ بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُور و صِقَار۔
الصَّقْر و الصَّقَر۔ شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هَذَا التَّمرُ أَصْقَرُ مِنْ ذَاكَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَّقْرَة۔ بہت کھٹا دودھ۔
صَقَر۔ طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَّقِر۔ مِنَ الرُّطَبِ أَوِ الزَّبِيبِ: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَأَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصُّقَرِ وَالْبُقَرِ أَوْ بِالصُّقَارَى وَالْبُقَارَى" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَة۔ پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔
الصَّقَرَة۔ حوض کا بقیہ پانی۔
الصَّاقُوْر۔ ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (ـــــ و الصَّاقِرَة) مصیبت۔ بڑی مصیبت۔
الصَّاقُوْرَة۔ کھوپری کا اندرونی حصّہ۔
الصَّقَّار۔ چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَهُ (ف) صَقْعًا۔ سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الْأَرْضَ: پچھاڑ دینا ـــــ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِيْ أَيْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا ـــــ الْحِمَارَ بِكَيٍّ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے صَقَعَتْهُ الصَّاقِعَةُ بمعنی صَعَقَتْهُ الصَّاعِقَةُ یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔
صَقَعَ (ف) صَقْعًا و صُقَاعًا و صَقِيعًا الدِّيْكُ: مرغ کا بانگ دینا (ـــــ صَقْعًا و صُقَاعًا) بِصَوْتِهِ: آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ (س) صَقَعًا۔ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا۔ الْفَرَسُ أَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت أَصْقَع۔ صَقِعَتِ الْبِئْرُ: کنواں گر جانا۔
صُقِعَ و أُصْقِعَ۔ الْمَكَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔
صَقَّعَ۔ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
أَصْقَعَ۔ الرَّجُلُ: یخ پر چلنا ـــــ الصَّقِيْعُ الْأَرْضَ۔ یخ پڑنا۔
الصُّقْع۔ جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع۔
الصَّقَع۔ سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَّقِع۔ گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَكَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصُّقْعَة۔ گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔
الصَّقْعَاء۔ مؤنث أَصْقَع کا۔ آفتاب۔
الصَّاقِع۔ جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَهْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَّاقِعَة۔ مؤنث صَاقِعُ کا۔ بجلی۔

الصِّقَاع۔ برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اُونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اُونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاع الْخِبَاءِ وہ رسّی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اُکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَّقِيع۔ یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
الْمِصْقَع۔ فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع۔
صَوْقَعَهُ۔ سر پر مارنا۔
الصَّوْقَعَة۔ عمامہ۔ سر کا درمیانی حصّہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔
الصَّقْعَب۔ لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)
صَقْعَرَ۔ فِي أُذُنِهِ: کان میں چلانا۔
الصُّقْعُر۔ ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔
صَقَلَ (ن) صَقْلًا و صِقَالًا۔ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِل ج صَقَلَة۔ صفت مفعولی مَصْقُوْل ـــــ الدَّابَّةَ: دبلا کرنا ـــــ ہ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا ـــــ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
صَقِلَ (س) صَقَلًا۔ صاف شدہ ہونا۔
الصَّقَل۔ گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔
الصُّقْل۔ پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔
الصُّقْل و الصُّقْلَة۔ کمر۔
الصَّقِلُ۔ مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ: لمبے پہلو کا گھوڑا۔
الصَّيْقَل۔ صَاقِل کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَيَاقِل و صَيَاقِلَةٌ۔
الصَّقِيْل۔ صاف کیا ہوا۔ تلوار۔
الصَّقَّال۔ صَاقِل کا مبالغہ۔
صِقِلِّيَّة و صَقَلِيَّة۔ جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔
الْمِصْقَل۔ مِنَ الْخُطَبَاءِ: فصیح و بلیغ۔
الْمِصْقَلَة۔ جس سے صیقل کیا جائے۔
الصَّقْلَب و الصَّقْلَبِي و الصَّقْلَابِي۔ ایک

قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان رہا کرتی تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔

صَکَّہٗ (ن) صَکًّا۔ زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔

صَکَّ الباب: دروازہ بند کر دینا۔

صَکَّ (س) صَکَکًا۔ الرَّجُلُ او الفَرَسُ: چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَکُّ۔

اِصْطَکَّتْ رُکْبَتَاہُ: چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا "اِصْطَکَّ الْقَوْمُ بِالسُّیُوْفِ" تلوار سے لڑنا۔

تَصَاکَّتِ الرُّکَب: زانو کا رگڑ کھانا۔

الصَکُّ۔ چک۔ اقرار نامہ۔ ج اَصُکٌّ و صُکُوْک و صِکَاک۔

الأَصَکُّ۔ چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا۔ قوی۔ مؤنث صَکَّاء ج صُکٌّ۔

الصَکَّاک۔ زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چیک لکھنے والا۔ چیک کی حفاظت کرنے والا۔

الصَکِیْک۔ کمزور۔

المِصَکُّ۔ مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔

المَصْکُوْکَات۔ درواہم و دنانیر۔

صَکَمَہٗ (ن) صَکْمًا۔ مارنا۔ صَکَمَ الفَرَسُ عَلٰی لِجَامِہٖ: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔

الصَکْمَۃ۔ صدمہ شدیدہ۔

الصَوَاکِم۔ مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے "صَکَمَتْہٗ صَوَاکِمُ الدَّھْرِ" اس کے اوپر زمانہ کے مصیبتیں پڑیں۔

صَلَّ (ض) صَلِیْلًا۔ السَّلَاحُ: جھنکار ہونا ___ الشَّیْءُ: آواز دینا ___ المِسْمَارُ: ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا ___ الإِبِلُ: اُونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے ___ السَّقَاءُ: مشک کا خشک ہونا۔ (___ صُلُوْلًا) اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ___ المَاءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

صَلَّ (ن) صَلًّا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا ___ الحَبَّ المُخْتَلِطَ بِالتُّرَابِ: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا ___ الخُفَّ: چڑی موزہ پر استر لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَلَّتْھُم الصَّالَّۃُ" یعنی ان کو مصیبت لاحق ہو گئی۔

اَصَلَّ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ___ القِدَمُ المَاءَ: دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔

الصِلُّ۔ گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔

الصِلُّ۔ خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا صِلُّ ذَاکَ" یعنی اس کے مماثل ہے۔ تلوار۔ ج اَصْلَال۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صِلُّ اَصْلَالٍ" یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔

الصِلُّ والصَلُّ والصَلَّۃ۔ تھوڑی متفرق بارش۔

الصَلَّۃ۔ دباغت سے پہلے خشک چمڑا، بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ تر مٹی۔

الصُلَّۃ۔ بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔

الصَالَّۃ۔ مصیبت۔

الصِلَالَۃ۔ چرمی موزے کا استر۔ ج اَصِلَّۃ۔

صُلَالَۃُ الحَبِّ: غلے کا کوڑا کرکٹ۔

الصَلِیْل۔ جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔

الصَلَّال والمِصْلَال۔ مِنَ الطِّیْنِ۔ خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلَّالٌ: متغیر پانی۔

الصِلِّیَان۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّیَانَۃٌ۔

المُصَلِّل۔ سردار۔ شریف۔ خالص النسب۔ کثیر بارش۔

صَلَبَہٗ۔ (ن ض) صَلْبًا۔ سولی دینا ___ اللَّحْمَ: گوشت بھونا ___ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا ___ صَلَبَتْہُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔ صَلَبَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔

صَلُبَ (ک س) صَلَابَۃً۔ سخت ہونا ___ عَلَی المَالِ: بخل کرنا۔

صَلَّبَ۔ الشَّیْءَ: سخت کرنا ___ الشَّیْءَ: سخت ہونا اور خشک ہونا ___ اللِّصَّ: چور کو سولی دینا۔

___ المَسِیْحِیُّ: ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔

اَصْلَبَتِ۔ النَّاقَۃُ: بچّہ کو دودھ پلاتے ہوئے اُونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اُٹھانا۔

تَصَلَّبَ۔ سخت ہونا۔

اِصْطَلَبَ۔ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔

الصَلَب۔ ریڑھ کی ہڈی۔ چربی۔ گودا۔ سخت زمین۔ ج صِلَبَۃٌ و اَصْلَاب۔ ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں۔ "اِنَّھَا الأَصْلَابُ مُنْذُ اَعْوَامٍ"

الصُلْب۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صُلْبٌ فِیْ دِیْنِہٖ" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "زَاعٍ صُلْبُ العَصَا" جبکہ اُونٹوں پر سختی کرتا ہو۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج اَصْلَاب و اَصْلُب و صِلَبَۃ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔

الصُلْب۔ قوۃ۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَۃ۔

الصُلْب۔ ایک پرندہ ہے۔

الصَالِب۔ فا۔ حُمّٰی صَالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔

الصَالِب والصَالَب۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُلَّب۔ سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُلَّبَۃ۔ سان رکھنے کا پتھر۔

الصُلَّبِی۔ سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔ سِنَانٌ صُلَّبِیٌّ: تیز نیزے۔

الصُلَّبِیَّۃ۔ بمعنی صُلَّبِی۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الصَلِیْب۔ وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ہر وہ جو دو خط کی شکل پر ہو جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبَان و صُلُب۔ قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِیْبَ العَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ جھنڈا۔ لَدَی صَلِیْبٍ عَلَی الزَّوْرَاءِ مَنْصُوْبٍ۔ اُونٹ کا داغ۔ ج صُلُب۔ خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ صَلِیْبٌ" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُو الصَلِیْب" لقب ہے "الأخطل نصرانی شاعر کا۔"

الصَلِیْبِیّ۔ واحد الصَلِیْبِیَّۃ۔ کا یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ

حاصل کرنے کے لیے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انہوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔

بَعِيْرٌ مُصَلَّبٌ و مَصْلُوْبٌ۔ جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَةٌ و مَصْلُوْبَةٌ سِنَانٌ مُصَلَّبٌ۔ تیز نیزے۔ شَيْءٌ مُصَلَّبٌ عَلَيْهِ: جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ: جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔

صَلَتَ (ن) صَلْتًا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو ایڑ مارنا۔

صَلُتَ (ک) صُلُوْتَةً۔ الرَّجُلُ: کشادہ پیشانی والا ہونا۔

اَصْلَتَ۔ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

اِنْصَلَتَ۔ فِيْ عَدْوِهٖ: دوڑ میں آگے نکل جانا۔

الصَّلْتُ۔ کشادہ ہموار اُبھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِيْنٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔

الصَّلْتُ و الصُّلْتُ۔ بڑی چھری۔ ج اَصْلَاتٌ۔

الصَّلْتُ والصَّلَتَانُ والاِصْلِيْتُ والاَصْلَتِيُّ والاِصْلَاتُ والمِصْلَتُ و المِصْلَاتُ والمُنْصَلِتُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَصَالِيْتِ الرِّجَالِ" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔ الصَّلْتُ والاِصْلِيْتُ والمُنْصَلِتُ مِنَ السُّيُوْفِ: صیقل شدہ تیز تلوار۔

المُصَالَتَةُ۔ باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنی لے لینا اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے۔

صَلَجَ (ن) صَلْجًا۔ الفِضَّةَ: چاندی پگھلانا۔ صَلَجَهٗ۔ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

صَلِجَ (س) صَلَجًا۔ سَمْعُهٗ: بہرا ہونا۔

تَصَالَجَ۔ الرَّجُلُ: بہرا بننا۔

الصُّلَجُ۔ کھرے درہم۔

الصُّلْجَةُ۔ ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صُلَجٌ۔

الصَّلِيْجَةُ۔ پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔

الصَّوْلَجَانُ والصَّوْلَجَانَةُ۔ ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَةٌ۔

الصَّوْلَجُ۔ خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔

الاَصْلَجُ۔ سخت چکنا۔ بہرا۔

صَلُحَ (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوْحًا و صَلَاحِيَةً۔ درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہوگیا ـــ الرَّجُلُ: نیک ہونا ـــ فِيْ عَمَلِهٖ: کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَصْلُحُ لَكَ صَلَاحًا" یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔

صَالَحَهٗ صِلَاحًا و مُصَالَحَةً۔ موافق ہونا۔ صلح کرنا۔

اَصْلَحَ۔ الشَّيْءَ: درست کرنا۔ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا ـــ اِلَيْهِ: اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰهُ فِيْ ذُرِّيَّتِهٖ و مَالِهٖ۔"

تَصَالَحَ واصْتَلَحَ واصْطَلَحَ واصَّلَحَ۔ القَوْمُ: رضامند ہونا۔

اِسْتَصْلَحَ۔ الشَّيْءَ: درستی چاہنا۔

الصُّلْحُ۔ سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوْحٌ" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔

الصَّلَاحِيَةُ۔ وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔

الاِصْطِلَاحُ۔ عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کر لینا۔ ج اِصْطِلَاحَاتٌ۔

الصَّالِحُ۔ نیک۔ ٹھیک۔ درست۔ حقوق و واجبات کا پورا کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَالِحٌ بِكَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَهٗ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الاَدَبِ" یعنی اس کیلئے ادب کا حصہ کثیر ہے۔ ج صَالِحُوْنَ و صُلَّاحٌ۔

الصَّالِحَةُ۔ مؤنث صَالِح کا۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْنِيْ صَالِحَةٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِيْحُ۔ بمعنی صَالِح۔ ج صُلَحَاءُ۔

المَصْلَحَةُ۔ جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی۔ ج مَصَالِحُ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ المَفَاسِدِ لَا المَصَالِحِ۔"

صَلِخَ (س) صَلَخًا۔ سَمْعُهٗ: سخت بہرا ہونا۔

تَصَالَخَ۔ بہرا بننا۔

اِصْلَخَّ۔ لیٹنا۔

الصَّالِخُ۔ بمعنی السَّالِخ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "جَرَبٌ صَالِخٌ و سَالِخٌ" کالا سانپ۔

الاَصْلَخُ۔ بہت بہرا۔ مِنَ الجِمَالِ: خارشی اونٹ۔ مؤنث صَلْخَاءُ ج صُلْخٌ۔

الصَّلَخُ۔ بہرا پن۔ خارش۔ وَاهِيَةٌ صَلُوْخٌ۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الصَّلْخَدُ والصِّلْخَدُ والصِّلْخِدُ والصِّلْخَادُ والصُّلَاخِدُ والصَّلَخْدَى۔ قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلَاخِدُ۔

الصَّلْخَدَمُ۔ مِنَ الاِبِلِ: قوی اونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا ـــ صَلَدَتِ الاَرْضُ: زمین کا سخت ہونا ـــ صَلْعَتُهٗ: سر کے گنج کا چمکنا۔

صَلَدَتْ (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا ـــ الرَّجُلُ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلَ: کچھ نہ دینا ـــ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلَادَةً و صَلَّدَ تَصْلِيْدًا۔ بخل کرنا۔

اَصْلَدَ۔ الزَّنْدَ: بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا آواز کرنا۔ اَصْلَدَتِ الاَرْضُ: سخت ہونا۔ اَصْلَدَ الزَّنْدَ: بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکلنا۔

الصَّلْدُ۔ ٹھوس۔ چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ صَلْدٌ و مَكَانٌ صَلْدٌ" ج اَصْلَادٌ۔ فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذمومہ ہے۔ رَاْسٌ صَلْدٌ: جس سر پر بال نہ نکلیں۔ جَبِيْنٌ صَلْدٌ: سخت

پیشانی۔ رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد۔
الاَصْلَد۔ بخیل۔ مؤنث صَلْدَاء ج صُلْدٌ۔
الصَّالِد۔ فا۔ وہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے۔
الصَّالِدَة۔ مؤنث صَالِد کا۔ دانت جس کے پیسنے میں آواز نکلے۔ ج صَوَالِد۔
الصَّلُوْد۔ آگ نہ دینے والا چقماق۔ ٹھوس۔ اکیلا۔ بہت بخیل۔ خشک۔ فَرَسٌ صَلُوْدٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔ قِدْرٌ صَلُوْدٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔ اِمْرَاَةٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت۔
الصَّلَوْدَد۔ ٹھوس چکنا۔
الصَّلِيْد۔ اکیلا۔
عُوْدٌ صَلَّادٌ و مِصْلَاد۔ نہ سلگنے والی لکڑی۔
نَاقَةٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی۔
الصِّلْدَاء و الصِّلْدَاءَة۔ سخت ٹھوس زمین۔
الصَّلْدَح۔ چوڑا پتھر۔
الصَّلَوْدَح۔ سخت قوی۔
الصِّلْدِم۔ ٹھوس۔ سخت کھر۔ شیر۔ ج صَلَادِم۔
الصِّلَّوْر۔ ایک قسم کی مچھلی۔
صَلْصَل صَلْصَلَةً الحُلِيُّ او اللِّجَام: زیور یا لگام سے آواز نکلنا ـــــ الرَّعْدُ: صاف گرجنا۔ الجَرْسُ: آواز کو دہراتا ـــــ فُلَانًا: دھمکی دینا۔
تَصَلْصَلَ۔ اللِّجَام او الحُلِيُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔
الصُّلْصُل۔ گھوڑے کی پیشانی۔ گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔ چھوٹا پیالہ۔ برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ ماہر چرواہا۔ فاختہ۔
الصَّلْصَال۔ کھنکھنانے والی خشک مٹی (ـــــ والصُّلَاصِل و المُصَلْصَل) آواز دینے والا گدھا۔
الصَّلْصَالَة۔ زمین جس میں کوئی نہ ہو۔
المُصَلْصَل۔ مصدر میمی۔ خالص النسب۔ شریف سردار۔
اِصْلَنْطَحَت۔ البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔
الصُّلَاطِح و المُصْلَنْطَح۔ چوڑا کشادہ۔
صَلِعَ (س) صَلَعًا سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔ صفت اَصْلَع ج صُلْعٌ و صُلْعَان کہا جاتا ہے "صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ" یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے۔
صَلَّعَتْ و تَصَلَّعَتْ و انْصَلَعَتْ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا ـــــ الحَيَّةُ۔ سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔ تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔
صِلَاعُ۔ الشَّمْس: آفتاب کی گرمی۔
الصُّلْعَة و الصَّلَعَة۔ سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔
الصَّلْعَاء۔ اَصْلَعُ کا مؤنث۔ خالی بیابان۔ مصیبت۔ رَمْلَةٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان۔ ج صُلْع۔
الصُّلْع و الصَّلِيْع و الصُّلَاع۔ چوڑا پتھر۔
مِنَ الاَمْكِنَةِ: بنجر زمین۔ رَاْسٌ صَلِيْعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔
صَلْعَم۔ صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔
صَلِفَ (س) صَلَفًا۔ ڈینگ مارنا۔ صفت صَلِفٌ ج صَلِفُوْن صُلَفَاء و صَلَافَى ـــــ لِصَاحِبِهٖ: غیر پسندیدہ باتیں کرنا ـــــ المَرْاَةُ عِنْدَ زَوْجِهَا: شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا۔ صفت صَلِفَة۔ ج صَلِفَات و صَلَائِف ـــــ السَّحَاب: زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔
اَصْلَفَ۔ بے برکت ہونا۔ گراں جان ہونا۔ فُلَانًا: بغض رکھنا۔
تَصَلَّفَ۔ بہ تکلف ڈینگ مارنا۔ چاپلوسی کرنا ـــــ القَوْم: سخت زمین میں پڑنا۔
الصَّلْف۔ درخت خرما میں خالی ہونا۔ صَلْفَةٌ واحد ہے۔
الصَّلِف۔ بے مزہ کھانا۔ بھاری برتن۔ اِنَاءٌ صَلِفٌ: کم پانی لینے والا برتن۔ سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔ اَرْضٌ صَلِفَةٌ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
الصَّلِيْف۔ گردن کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِصَلِيْفِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ "طَعَامٌ صَلِيْفٌ" بے مزہ کھانا۔
الاَصْلَف۔ زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ ج اَصَالِف۔
الصَّلْفَاء و الصِّلْفَاء و الصَّلَفَاءَة و الصِّلْفَاءَة۔ زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ ج الصَّلَافِي۔
المُصْلِف۔ بیوی کی بے قدری کرنے والا۔
صَلْفَعَ۔ مفلس ہونا۔ رَاْسَهٗ: مونڈ دینا۔
صَلَقَ (ن) صَلْقًا۔ الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔ صَلَقَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ صَلَقَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا۔
صَلَقَ (ن) صَلْقًا۔ نَابَه: دانت پیسنا۔
اَصْلَقَ۔ الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔ ـــــ النَّاب: دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔
تَصَلَّقَ۔ المَرِيْضُ: درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا ـــــ المَرْاَةُ: درد زہ میں مبتلا ہونا۔
اِصْطَلَقَ۔ البَعِيْرُ بِنَابِهٖ: اونٹ کا دانت پیسنا۔
الصُّلَاقَة۔ پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔
الصَّلْق۔ سخت آواز۔
الصَّلَق۔ ہموار زمین۔ ج اَصْلَاق۔ جج اَصَالِيْق۔
الصَّلِيْق۔ چکنا۔
الصَّلِيْقَة۔ پتلی روٹی۔ چپاتی۔ گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ ج صَلَائِق۔
المِصْلَق و المِصْلَاق۔ مِنَ الخُطَبَاء: بلیغ خطیب۔ ج مَصَالِق و مَصَالِيْق۔
المَصَالِيْق۔ بڑے بڑے پتھر، ہلکے پھلکے اونٹ۔
صَلْقَعَ۔ مفلس ہونا ـــــ رَاْسَهٗ: سر مونڈنا۔
صَوْتَه: آواز تیز کرنا۔
الصَّلْقَع۔ خالی۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ و صَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ" خالی مکان۔ بَلْقَع و بَلَنْقَع صَلْقَع و صَلَنْقَع کے لیے تابع ہیں۔
الصَّلَنْقَع۔ مردود لا اور روتوانا۔
صَلَمَ (ن ض) صَلْمًا و صَلَّمَ۔ الشَّئَ: جڑ سے کاٹنا۔ صَلَمَهٗ و صَلَّمَهٗ جڑ سے ناک، کان کاٹ لینا۔
اِصْطَلَمَهٗ۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے ان کو برباد کر دیا۔

الصَّلَم و الصَّلَمَة۔ مضبوط اور بہادر لوگ۔ واحد صَالِمٌ۔

الصُّلمة۔ خود۔

الصُّلاَمَة و الصِّلاَمَة و الصُّلاَّمَة۔ آدمیوں کی جماعت۔ سخاوت میں بہادری میں اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ ج صُلاَمَات صِلاَمَات، صَلاَمَات۔

رَجُلٌ اَصْلَمُ۔ الاُذُنَین: وہ شخص جس کے دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقتاً ایسے ہی ہیں۔ مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم۔

ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا و ضُجُوْعًا و انْضَجَعَ و اضَّجَعَ و إضْطَجَعَ۔ پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ

النَّجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

أضْجَعَهٗ۔ پہلو کے بل لٹانا ـــــ الشَّئَ: پست کرنا ـــــ الحَرْفَ: حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا ـــــ جَوَالِقَهٗ: بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَّعَتِ۔ الشَّمْسُ: غروب کیلئے مائل ہونا ـــــ و تَضَجَّعَ فِي الأمْرِ: کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهٗ۔ ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع۔ کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ۔ عَنِ الأمْرِ: غفلت کرنا۔

الضَّجْعُ۔ مع۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔

الضَّجْعَة۔ صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔

الضِّجْع۔ جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضِجْعُهٗ إلَيَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِّجْعَة۔ پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔

الضُّجْعَة۔ رائے کی کمزوری (ـــــ و الضُّجَعَة و الضُّجَعِيّ و الضِّجْعِيّ و الضُّجْعِيَّة و الضِّجْعِيَّة) بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔

الضَّاجِع۔ فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بیوقوف ـــــ مِنَ الدَّوَابِّ۔ بے برکت جانور ـــــ مِنَ النُّجُوْمِ: غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع۔ رَجُلٌ ضَاجِع بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "أرَاكَ ضَاجِعًا إلَيْهِ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَّاجِعَة۔ مؤنث ضَاجِع۔ نہر کا دھانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (ـــــ و الضَّجْعَاء) زیادہ بکریاں۔

الضَّجُوْع و المَضْجُوْع۔ کمزور رائے والا۔

الضَّجُوْع: مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔

الضَّجِيْع۔ ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِيْعَة۔

المَضْجَع۔ خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع۔

اَلْمُضْطَجَع۔ خواب گاہ۔ مَضَاجِعُ الغَيْثِ: بارش کی جگہ۔

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ: مُنہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اضجم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فِيْ فَمِهِ ضَجَمٌ" یعنی اس کے مُنہ میں کجی ہے۔

تَضَاجَمَ۔ الفَمُ: مُنہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الاَمْرُ بَيْنَهُمْ: مختلف فیہ ہونا۔

الضَحُّ۔ آفتاب کی روشنی۔ جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔

ضَحْضَحَ و تَضَحْضَحَ۔ السرابُ: سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ ضَحْضَحَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔

الضَحْضَح۔ تھوڑا پانی۔

الضَحْضَاح۔ تھوڑا پانی یا نایاب پانی۔ بہت اونٹ۔

ضَحِکَ (س) ضَحْکًا و ضِحْکًا و ضِحِکًا و ضَحِکًا۔ ہنسا۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْهُ و بِهِ و عَلَيْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہو گئے۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا ــــ السَحابُ: بادل کا چمکنا ــــ الطَرِيْقُ: راستہ کا ظاہر ہونا۔ ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَبَاتِ: اُگانا ــــ الشَيْبُ بِرَاسِهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا ــــ طَلْعُ النَخْلَةِ: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (ــــ ضَحْکًا) الرَّجُلُ: تعجب کرنا۔

ضَاحَكَهُ۔ ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ہنسی میں غالب آنا۔

اَضْحَكَهُ۔ ہنسانا۔ اَضْحَکَ الحَوْضَ: لبریز کرنا۔

تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ و اِسْتَضْحَكَ۔ ہنسنا۔ و تَضَاحَکَ الرَّجُلُ: بتکلف ہنسنا۔ تَضَاحَكَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہنسانا۔

الضَحْکُ۔ مص۔ سفید دانت۔ گل۔ جھاگ۔ برف۔ درمیان راستہ۔ تعجب۔ شہد یا شہد مع موم کے۔ کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔

الضَاحِک۔ فا۔ ہنسنے والا۔ پہاڑ میں نہایت سفید چمکتا ہوا پتھر۔ کہا جاتا ہے "لَهُ رَاْیٌ ضَاحِكٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔

الضَاحِكَة۔ مؤنث ضَاحِک۔ دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ ج ضَوَاحِک۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهِ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔

الضُحْكَة والضُحُكَّة والضَحَّاك والضَحُوْک والمِضْحَاک۔ بہت زیادہ ہنسنے والا۔ الضَحُوْک والضَحَّاک: درمیان راستہ۔ الضَحُوْک کی جمع ضُحُک۔

الضُحْكَة۔ جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔

الضُحَكَة۔ جو لوگوں پر ہنسے۔

الاُضْحُوْكَة۔ وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ ج اَضَاحِیک۔

ضَحَلَ (ف) ضَحْلاً۔ الغَدِيْرُ: تالاب کا پانی کم ہونا ــــ المَاءُ: پانی کا پایاب ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَيْرَکَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔

الضَحْل۔ پایاب پانی۔ ج ضِحَال و اَضْحَال و ضُحُوْل۔

المَضْحَل۔ وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔

ضَحَا يَضْحُو ضَحْوًا و ضُحُوًّا و ضُحِيًّا الرَّجُلُ: دھوپ کھانا ــــ الشَیْءُ: دھوپ کا لگنا ــــ الطَرِيْقُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهُ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِيَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔

ضَحِيَ يَضْحَى ضَحًا و ضَحَاءً۔ دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ ضَحِيَتِ اللَّيْلَةُ: بے بادل کا ہونا۔

ضَحَّى تَضْحِيَةً۔ فُلَانًا: چاشت کے وقت کھانا کھلانا ــــ بِالشَاةِ: بقرعید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔ الغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا ــــ الرَّجُلُ: فدیہ ہو جانا ــــ عَنِ الاَمْرِ: دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔ اِلَيْهِ: بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

ضَاحَى مُضَاحَاةً۔ الرَّجُلُ: چاشت کے وقت آنا۔

اَضْحَى۔ چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحَى يَفْعَلُ كَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کَانَ جیسا عمل کرتا ہے) ــــ الشَیْءَ: ظاہر کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ: دور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَى اللّٰهُ ظِلَّكَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کر دے۔ مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے۔

تَضَحَّى تَضَحِّيًا۔ چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔

اِسْتَضْحَى اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا۔

الضَحَاء۔ چاشت کا وقت۔

الضَحْوُ الضَحْوَة۔ چاشت کا وقت۔

الضُحٰی۔ چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِكَلَامِهِ ضُحًى" یعنی اس کے کلام کے لیے بیان نہیں۔

الضَحْيَان۔ چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْيَانَةٌ۔

الضَحِيَّة۔ دن کا بلند ہونا۔ قربانی کی بکری۔ ذبیحہ۔ ج ضَحَايَا۔

الاَضْحَاة۔ قربانی۔ ج اَضْحًى۔

الاُضْحِيَّة الاِضْحِيَّة۔ قربانی۔ ج اَضَاحِيّ۔

يَوْمُ الاَضْحٰی۔ قربانی کا دن۔ الاَضْحٰی مِنَ الخَيْلِ۔ سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْيَاء۔

الضَاحِي۔ فا۔ دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِي الجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ۔

الضَاحِيَة۔ مؤنث ضَاحِي۔ ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ج ضَوَاحٍ۔ ضَوَاحِي البَلْدَةِ: اطراف شہر۔ ضَوَاحِي الحَوْضِ: حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ ضَاحِيَةً" یعنی اعلانیہ کیا۔ شَجَرَةٌ ضَاحِيَةُ الظِلِّ۔ بے سایہ درخت۔

يَوْمٌ اِضْحِيَان۔ بے بادل کا دن۔

لَيْلَةٌ اِضْحِيَانَةٌ و اِضْحِيَةٌ۔ چاندنی رات۔

اَرْضٌ مَضْحَاةٌ۔ سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔

ضَخَّ (ن) ضَخًّا۔ المَاءَ: پانی گرانا۔

ضَخَّتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْضَخَّ الْمَاءُ : گرنا۔
الْمِضَخَّة۔ پچکاری۔
ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَيْنَهُ۔ آنکھ نکال لینا۔
ضَخُمَ (ک) ضَخَامَةً و ضِخَمًا۔ موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ۔ ج ضِخَام مؤنث ضَخْمَة۔ ج ضَخْمَات۔
ضَخَّمَه۔ موٹا بنانا۔
الضَخَام۔ ہر شے کا بڑا۔
الاَضْخَم۔ موٹا۔ زیادہ موٹا۔
الْمِضْخَم۔ بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔
ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِي الْخُصُوْمَةِ : جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّهُ عَنْ كَذَا : نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا ____ الْقِرْبَةَ : مشک کو بھر دینا۔
ضَادَّهُ مُضَادَّةً۔ مخالفت کرنا۔
اَضَدَّهُ۔ غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔
تَضَادًّا اتَضَادًّا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔
الضِدُّ۔ مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَاد وضِدّ۔
الاَضْدَاد۔ ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔
الضَدِيْد۔ ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لاَ ضَدِيْد لَهُ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔
ضَدِيَ يَضْدٰى ضَدًى۔ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِيَةٌ۔ ج ضَوَادٍ و ضَادِيَاتٌ۔
ضَادَاهُ مُضَادَاةً۔ مخالفت کرنا۔
اَضْدٰى اِضْدَاءً۔ الِاِنَاءَ : برتن کو بھر دینا۔
ضَرَّ (ن) ضَرًّا و ضُرًّا۔ فُلَانًا و لِفُلَانٍ : نقصان دینا ____ ہ اِلٰى كَذَا : مجبور کرنا۔
ضُرَّ۔ بَصَرُهُ : اندھا ہونا۔
ضَارَّهُ ضِرَارًا و مُضَارَّةً۔ نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَهُ : اپنی بیوی پر سوکن لانا۔
ضَرَّرَهُ تَضْرِيْرًا۔ بہت زیادہ نقصان دینا۔

اَضَرَّهُ۔ تکلیف پہنچانا ____ ہ عَلَى الاَمْرِ : مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِهِ : بہت قریب ہونا ____ اِلَيْهِ و عَلَيْهِ : جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بِعَدْوٍ : کچھ تیز دوڑنا ____ عَلَى السَيْرِ الشَدِيْدِ : تیز چلنے میں صبر کرنا ____ الرَجُلُ : سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔
تَضَرَّرَ۔ نقصان پہنچنا۔
اِضْطَرَّهُ۔ اِلٰى كَذَا : محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔
اُضْطُرَّ۔ مجبور کیا جانا۔
اِسْتَضَرَّ۔ بِهِ : نقصان پہنچنا۔
الضَرّ والضُرّ والضَرر۔ نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ج اَضْرَار۔ اور عوام کے استعمال میں ضرّہ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ (ذَرّ) ہے۔
الضِرّ والضُرّ۔ سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔
الضَرَّاء۔ سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان۔
الضُرَّة۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَرَّة۔ حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مالِ کثیر۔ ضَرَّةُ الْمَرْاَةُ۔ سوکن۔ ج ضَرَائِر۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ دَاءُ الضَرَّائِرِ" یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَرَّتَانِ : چکی کے دونوں پاٹ۔
الضَارّ : نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔
الضَرُوْرَة والضَارُوْرَة والضَارُوْرِ والضَارُوْرَاء۔ حاجت۔ الضَارُوْرَة بمعنی ضرر۔
الضَرَارَة۔ اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَرِيْر۔ اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء و اَضْرَار مؤنث ضَرِيْرَة۔ ج ضَرَائِر۔
الضَرِيْر۔ غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ ضَرِيْرٌ وَ ذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَيْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَرُوْرِيّ۔ جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
التَضِرَّة والتَضُرَّة۔ بدحالی۔

الْمَضَرَّة۔ نقصان۔ ج مَضَارّ۔
ضَرَاَ (ف) ضَرْاً۔ الشَيْءُ : مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضَرَاَتْ اِنْضِرَاءً۔ الاِبِلُ : اونٹوں میں موت کا واقع ہونا ____ الشَجَرَةُ : درخت کا خشک ہونا۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا۔ الشَيْءُ : متحرک ہونا۔ العِرْقُ : رگ کا پھڑکنا ____ الجُرْحُ او الضِرْسُ : زخم یا داڑھ میں درد ہونا ____ العَقْرَبُ : بچھو کا ڈنک مارنا ____ اللَيْلُ : رات طویل ہونا ____ الزَمَانَ : گزرنا ____ الطَيْرُ : پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا ____ ہ : مارنا ____ ہ البَرْدُ : سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَيْمَةَ : خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا : مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ : مدت مقرر کرنا ____ المثل : مثال بیان کرنا ____ الدِرْهَمَ : درہم پر ٹھپہ لگانا ____ الخَاتَم : انگوٹھی ڈھالنا ____ الصَلاَةَ : نماز قائم کرنا ____ الشَيَ بِالشَيْءِ : ملانا ____ الحَاسِبُ كَذَا فِيْ كَذَا : ضرب دینا ____ الجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ : جزیہ مقرر کرنا ____ عَلَيْهِمُ الذِلَّةَ : ذلت کو لازم کر دینا ____ لَهُ سَهْمًا مِنْ مَالِهِ : مال سے حصہ مقرر کرنا ____ عَلٰى يَدِهِ : روک دینا ____ القَاضِيْ عَلٰى يَدِهِ : قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِهِ الاَرْضَ : اقامت کرنا۔ سفر کرنا ____ فِيْ الْمَاءِ : تیرنا ____ بَيْنَهُمْ : فساد کرا دینا ____ فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ : روک دینا۔ منع کر دینا ____ بِيَدِهِ : اشارہ کرنا ____ عَنْ فُلَانٍ كَذَا : روک لینا ____ الدَهْرُ بَيْنَنَا : جدا کر دینا ____ بِالقِدَاحِ : تیروں کو گھمانا ____ عَلٰى اُذُنِهِ : سننے سے منع کرنا ____ عَلَى المَكْتُوْبِ : مہر لگانا ____ فِيْ البُوْقِ : بگل بجانا ____ اِلَيْهِ : مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِي" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقْنِهِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِيْ الاَرْضِ ضَرْبًا و

ضَرْبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لیے سفر کرنا۔

ضَرِبَ (س) ضَرَبًا۔ النَّبَاتُ : نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔

ضُرِبَتِ الأَرْضُ : زمین پر کہرا پڑنا۔

ضَرَّبَهُ۔ بہت مارنا ـــــ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : ملانا ـــــ المَظَلَّةَ بِالخُيُوْطِ : چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا ـــــ ہ النَّجَّادُ المُضَرَّبَةَ : درزی کا رضائی کو سینا ـــــ ضَرَّبَتْ عَيْنَهُ : آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ : بھڑکا دینا ـــــ هٗ فِي الحَرْبِ : برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔

ضَارَبَه مُضَارَبَةً و ضِرَابًا۔ ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَه و ضَارَبَ لَهٗ فِي المَالِ و بِالمَالِ : کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔

اضرب في المكان : اقامت کرنا۔ سر جھکانا ـــــ عَنْهُ : اعراض کرنا ـــــ القَوْمُ : پالے سے ڈھک جانا ـــــ الخُبْزُ : پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَأْشَا لِلأَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کرلیا۔

تَضَرَّبَ۔ الشَّيْءُ : متحرک ہونا۔ موج مارنا۔

تَضَارَبَ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے کو مارنا۔

اِضْطَرَبَ۔ متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا ـــــ الأَمْرُ : خلل پذیر ہونا۔ القَوْمُ : ایک دوسرے کو مارنا ـــــ فِي أَمْرِهٖ : متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہوگیا ـــــ مِنْ كَذَا : تنگ دل ہونا ـــــ فُلَانٌ : حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لیے کہا۔

اِسْتَضْرَبَ۔ العَسَلُ : شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔

الضَّرْب۔ مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب۔ خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے ـــــ فِي العُرُوْضِ۔ فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ و اَضْرَابٌ و اَضْرُبٌ۔ دِرْهَمٌ ضَرْبٌ : ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُ الضَّرْبِ : ٹکسال۔

الضَّرْب و الضَّرَب۔ سفید گاڑھا شہد۔

الضَّرْبَة۔ اسم مرۃ۔ دفعتاً واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِيْ عَلَيْكَ إِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔

الضَّرَبَان۔ مص۔ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ : زمانے کے حوادث۔

الضروب و الضَّرِب۔ مارنے والا۔

الضَّرَّاب۔ زیادہ مارنے والا۔

الضَّارِب۔ فا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب۔ الطَّيْرُ الضَّوَارِب : خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔

الضَّرِيْب۔ مارنے والا۔ ج ضُرَبَاءُ ـــــ پٹا ہوا۔ ج ضَرْبٰی ـــــ قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ' آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب۔

الضَّرِيْبَة۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ ضَرِيْبَتُهُ الَّتِيْ ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ ـــــ مِنَ السَّيْفِ : دھار ـــــ مِنَ الصُّوْفِ و نَحْوِهٖ : اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب۔

المَضْرِب۔ مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (ـــــ و المَضْرَبُ) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب۔

المِضْرَب و المِضْرَاب۔ مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ المِضْرَب : بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب۔

المُضْرِب و المُضْرِبَة مِنَ الحَيَّاتِ : غیر متحرک سانپ۔

مَضْرِبَةُ السَّيْفِ و مَضْرَبَتُهٗ۔ تلوار کی دھار۔

بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ۔ سلا ہوا بچھونا۔

المُضَرَّبَة۔ دلائی۔ رضائی۔

ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا۔ الشَّيْءَ : پھاڑنا ـــــ الثَّوْبَ بِالدَّمِ : خون میں لتھیڑنا ـــــ الشَّيْءَ إِلَى الأَرْضِ : ڈالنا۔

ضَرَّجَهٗ۔ لتھیڑنا ـــــ ضَرَّجَ الثَّوْبَ : سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ـــــ الأَنْفَ بِالدَّمِ : خون آلود کر دینا ـــــ الكَلَامَ : آراستہ کرنا ـــــ الإِبِلَ : لوٹ میں دوڑانا۔

ضَرَّجَ و اَضْرَجَ۔ الجَيْبَ : لٹکانا۔

تَضَرَّجَ۔ پھٹنا ـــــ الزَّهْرُ : پھول کا کھلنا ـــــ الشَّي : لت پت ہونا ـــــ الخَدُّ : رخسارہ کا سرخ ہونا ـــــ المَرْأَةُ : عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔

اِنْضَرَجَ۔ پھٹنا ـــــ لَنَا الطَّرِيْقُ : کشادہ ہونا ـــــ مَا بَيْنَ القَوْمِ : دوری ہونا۔

اِنْضَرَجَتِ العُقَابُ : شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

الضَّرِيْج۔ ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيْجٌ۔ تیز دوڑ۔

الإِضْرِيْج۔ زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المِضْرَج۔ پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج المَضَارِج : مشقتیں۔

عَيْنٌ مَضْرُوْجَةٌ۔ بڑی خوبصورت آنکھ۔

الضَّرْجَع۔ چیتا۔ ج ضَرَاجِع۔

ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا۔ الشَّيْءَ : پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّيْ" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اُتار دیا۔ القَبْرَ : قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ : میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔

ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوْحًا و ضَرْحًا۔ السُّوْقُ : کساد بازاری ہونا ـــــ ضَرْحًا و ضِرَاحًا۔ الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا۔ دولتی مارنا۔

ضَارَحَهٗ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔

اَضْرَحَهٗ۔ فاسد کرنا۔ دُور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوْقَ : کساد بازاری کرنا۔

اِنْضَرَحَ۔ الشَّيْءُ : پھٹنا ـــــ مَا بَيْنَ القَوْمِ۔ دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔

اِضْطَرَحَ۔ الشَّيْءَ : ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

الضَّرَاح۔ چوتھے آسمان میں ﴿ بیت المعمور﴾

الضَّرْح۔ مص۔ کھال۔ دُوری۔ وحشت۔

الضَّرْح۔ خراب آدمی۔ نِیَّةٌ ضَرْحٌ: دُور دراز کا ارادہ۔

الضَّرُوْح مِنَ الدَّوَابِّ: دولتی مارنے والا جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوْح: زور سے پھینکنے والی کمان۔

الضَّرِيْح۔ دور۔ قبر۔ ج ضَرَائِح۔

المُضَرَّح و المُضَرَّحِيّ۔ شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المَضْرَحِيُّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔

ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا۔ الشَّيْئَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا ـــــ الرَّجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔

ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا۔ الأَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔

ضَرَّسَهُ۔ الزَّمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔ ضَرَّسَهُ الحُرُوْبُ او الأَيَّامُ: تجربہ کار کر دینا۔

أَضْرَسَ۔ الحَامِضُ الأَسْنَانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ـــــ هُ: رنجیدہ کرنا ـــــ هُ عَنِ الكَلَامِ: خاموش کر دینا۔

ضَارَسَهُ۔ لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَارَسَ الأُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔

تَضَارَسَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِنَاءُ: ناہموار ہونا۔

الضِّرْس۔ ڈاڑھ کے دانت۔ ج أَضْرَاس۔

الضِّرْس۔ ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوْس۔

الضَّرِس۔ سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔

الضَّرُوْس۔ مِنَ النُّوْقِ: وہ اُونٹنی جو دوہنے والے کو کاٹ کھائے۔ حَرْبٌ ضروس: سخت جنگ۔

الضَّرِيْس۔ پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرَاسِي۔

المُضَرَّس۔ مصیبت زدہ۔ مِنَ الوَشْيِ: وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِيْ اليَاقُوْتَةِ تَضْرِيْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِيْس۔ تَضَارِيْسُ الأَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔

الضَّرْضَم۔ شیر۔ زور درندے۔

ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا و ضَرِطًا و ضُرَاطًا و ضَرِيْطًا۔ گوز کرنا۔

ضَرِطَ (س) ضَرَطًا۔ ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت أَضْرَط۔

ضَرَّطَ و أَضْرَطَ۔ الحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔ ضَرَّطَ و أَضْرَطَ الحِمَارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ و أَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔

الضَّرَّاط و الضَّرُوْط و الضِّرُّوْط۔ گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضُّرَّيْط۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَّيْطٌ و نَعْجَةٌ ضُرَّيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الأَخْذُ سُرَّيْطٌ و القَضَاءُ ضُرَّيْطٌ يَا الأَخْذُ سُرَّيْطَي و القَضَاءُ ضُرَّيْطَي يا الأَخْذُ سِرِّيْطَي و القَضَاءُ ضِرِّيْطَي يَا الأَخْذُ سُرَّيْطَاء و القَضَاءُ ضُرَّيْطَا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

أَوْدَى البَعِيْرُ إِلَّا ضَرِطًا۔ مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

أَضَرِطًا و أَنْتَ الأَعْلَى۔ مثال ہے قوی کے لیے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔

الضُّرَاط و الضَّرِيْط۔ گوز۔

الضِّرْطِم۔ بڑے پیٹ والا۔

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا۔ مِنَ الشَّيْئِ: قریب ہونا ـــــ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ (ن) ضَرْعًا۔ فَرَسَهُ: سدھانا۔

ضَرَعَ (ف) ضَرَاعَةً و ضَرِعَ (س) ضَرَعًا و ضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً۔ کمزور ہونا۔ إِلَيْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع و ضَرِعٌ۔ ج ضَارِعُوْنَ و ضُرُوْع و ضَرَعَة۔

ضَرَّعَ۔ مِنْ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضَرَّعَتِ الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا ـــــ القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُّبَّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَهُ۔ مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

أَضْرَعَتِ الشَّاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء و ضُرُوْع و ضَرِيْعٌ و ضَرِيْعَةٌ: بچّے کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اُترنا۔ أَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ـــــ لِفُلَانٍ مَالًا: کسی کے لیے مال خرچ کرنا ـــــ الحُمّٰى فُلَانًا: کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمّٰى أَضْرَعَتْنِي لِلنَّوْمِ اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔

أَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ إِلَى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ۔ ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا ـــــ إِلَى اللّٰهِ: عاجزی سے دعا کرنا ـــــ الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ۔ لَهُ: انکساری کرنا۔ ذلیل ہونا۔

الضَّرْع۔ تھن۔ ج ضُرُوْع۔

الضِّرْع۔ مثل۔ رسّی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع۔

الضَّرَع۔ مص۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ و قَوْمٌ ضَرَعٌ"۔

الضَّارِع۔ لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَّرْعَاء و الضَّرِيْعَة۔ مِنَ الشَّاءِ و البَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَّرُوْع۔ بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔

الأَضْرَع۔ لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

المُضَارِع۔ مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علمِ عروض کی ایک

بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ و تَضَرْغَمَ۔ شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضِّرْغَم۔ شیر۔ ج ضَرَاغِم۔

الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة۔ شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَّرْف۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لیے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضَّرْفَة۔ کثرت۔

ضَرْفَطَهٗ۔ بِالْحَبْلِ: رسّی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُکَ (ک) ضَرَاکَةً۔ بیوقوف ہونا۔

الضَّرِیْک۔ احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِک و ضُرَکَاء۔

الضِّرَاک۔ موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ (س) ضَرَمًا۔ بھوک یا غصّہ سے بھڑکنا۔ ضرمت النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا ــــ عَلَیْهِ: غصّہ سے بھڑک اٹھنا ــــ فِی الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَمَ و ضَرَّمَ و اِسْتَضْرَمَ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَت و تَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔

تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَیْهِ: غصّہ سے بھڑک اٹھنا۔

اِضْطَرَمَ الْمَشِیْبُ: بڑھاپا آجانا۔

الضَّرْم و الضِّرَم۔ ایک خوشبودار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِّرْم: عقاب کا بچّہ۔

الضَّرَم۔ بھوک کی وجہ سے غصّہ۔ ایندھن۔ اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِیْ غَیْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضَّرِم۔ بھوکا۔ عقاب کا بچّہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَّرَمَة۔ چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِّرَام۔ بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔

الضِّرَامَة۔ لکڑی جو مشتعل ہو۔ مطلم کا درخت۔

الضَّرِیْم۔ جلا ہوا۔

الضَّرِیْمَة۔ ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا یَضْرُو ضُرُوًّا۔ العرقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو ــــ الرَّجُلُ: چھپنا۔

ضَرِیَ یَضْرَیٰ ضَرَاوَةً و ضَرًی و ضَرْیًا و ضَرَاءَةً بِالشَّیْءِ: حریص ہونا ــــ ضَرِیَ و ضِرَاءً و ضَرَاءً الْکَلْبُ بِالصَّیْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِیّ و ضَارٍ۔ مؤنث ضَارِیَةٌ۔ ج ضَوَارٍ۔ ضَرِیَ النَّبِیْذُ: جھاگ والا ہونا۔

ضَرَّیٰ و اَضْرَیٰ۔ الْکَلْبَ بِالصَّیْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَی الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔

اِسْتَضْرَیٰ۔ لِلصَّیْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔

الضَّرَاء۔ مم۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِی الضَّرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔

الضَّرَیٰ۔ مم۔ لڑائی کی شدت۔

الضِّرْو۔ شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة۔ ج ضِرَاء و اَضْرٍ۔ ایک قسم کا درخت۔

الضَّرِیُّ۔ ایک قسم کی نبیذ۔

الضَّوَارِی۔ جمع ضَارٍ ــــ مِنَ الْحَیَوَانَاتِ۔ درندے جیسے شیر، چیتا وغیرہ۔

ضَرَیٰ یَضْرِی ضَرْیًا۔ العِرْقُ بِالدَّمِ: رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِیّ۔

ضَزَّ (س) ضَزَزًا۔ بد خلق ہونا۔

اَضَزَّ عَلَیْهِ: بخل کرنا۔ اَضَزَّهٗ: پینا۔

الاَضَزُّ۔ بد خلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزٌّ۔

المِضَزُّ۔ بد خلق۔ غضبناک۔

ضَزَنَهٗ (ن ض) ضَزْنًا۔ جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔

تَضَازَنَ۔ الْقَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔

الضَّیْزَن۔ قابل اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔

ضَعْفَعَهٗ۔ زمین تک ڈھا دینا۔

تَضَعْضَعَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دُبلا ہونا ــــ مَالُهٗ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔

الضَّعْضَع و الضَّعْضَاع۔ کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔

الضَّعْضَعَة۔ مم۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔

ضَعَطَهٗ (ف) ضَعْطًا۔ ذبح کرنا۔

ضَعَفَ (ن) ضَعْفًا و ضُعْفًا و ضَعُفَ (ک) ضَعَافَةً و ضَعَافِیَةً۔ کمزور ہونا۔

ضَعَفَ (ف) ضَعْفًا۔ الْقَوْمَ: زیادہ کرنا ــــ الشَّیْءَ: دوچند کرنا۔

ضَعَّفَهٗ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔

ضَعَّفَ الْحَدِیْثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا ــــ و تَضَعَّفَهٗ و اسْتَضْعَفَهٗ: ضعیف سمجھنا۔

اَضْعَفَهٗ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مَضْعُوْف۔ قیاس کے مطابق مُضْعَف ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰهُ" سے مَسْعُوْد نہ کہ مُسْعَد۔ اَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔

ضَاعَفَهٗ۔ دوچند کرنا۔

تَضَاعَفَ۔ دوچند ہونا۔

الضَّعْف و الضُّعْف۔ کمزوری۔

ضِعْفُ۔ الشَّیْءِ: دوچند اور یا دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَکَ ضِعْفُهٗ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لیے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف۔ اَضْعَافُ الْکِتَابِ: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔ الاَضْعَافُ مِنَ الْجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔

الضَّعَف۔ کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔

الضَّعْفَان۔ کمزور۔ ج ضَعَافٰی۔

الضَّعُوْف۔ کمزور۔

الضَّعِیْف۔ کمزور۔ ج ضِعَاف و ضُعَفَاء و ضَعَفَة و ضَعْفٰی مؤنث ضَعِیْفَة۔ الضَّعِیْفُ مِنَ الْکَلَامِ: درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔

المُضَاعَفَةُ۔ مِنَ الدُّرُوْعِ: ایسی زرہ جس کے

حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔

اَرْضٌ مُضَغَّفَة۔ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

ضَغِلَ (س) ضَغَلاً۔ ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دُبلا ہونا۔

ضَغَا یَضْغُوْ ضَغْوًا۔ پوشیدہ ہونا۔

اَضَغَّ۔ الْقَوْمُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ **اَضَغَّتْ واِضْطَغَّتِ الْاَرْضُ۔** سبزہ زار ہونا۔

الضَغِیْغ۔ تروتازگی۔

الضَغِیْغَة۔ سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مخلوط جماعت۔

ضَغَبَ (ف) ضَغْبًا۔ بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔

الضَغِیب والضُغَاب۔ خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔

الضَغَبُوْس۔ لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ ہلیون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضَغَابِیْس

ضَغَثَ (ف) ضَغْثًا۔ الحَدِیْثَ: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا ___ **الشَیْئَ:** جمع کرنا۔

اَضْغَثَ۔ الحَالِمُ الرُؤْیَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔

ضَغَّثَ۔ النَبَاتَ: سبزی کا مٹھا بنانا۔

اِضْطَغَثَ۔ الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔

الضِغْث۔ تروخشک گھاس کا مٹھا۔

___ **مِنَ الخَبَرِ والاَمْرِ:** مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج اَضْغَاث۔ **اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ:** گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔

کَلَامٌ ضَغِثٌ و ضَغَثٌ۔ ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

التَضْغِیْث۔ بارش سے تر زمین یا نباتات۔

ضَغَطَهٗ (ف) ضَغْطًا و اَضْغَطَهٗ۔ بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔

ضَاغَطَهٗ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَةً۔ ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔

تَضَاغَطُوْا۔ تنگی کرنا۔

اِنْضَغَطَ۔ مغلوب ہونا۔

اِضْتَغَطَ۔ عَلَیْهِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔

الضُغْطَة۔ تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتَ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔

الضَغْطَة۔ قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ **ضَغْطَةُ القَبْرِ۔** فشار قبر۔

الضَاغِط۔ فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔

الضَاغُوْط۔ کابوس (ایک قسم کی بیماری)

الضَغِیْط۔ کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطٰی مؤنث ضَغِیْطَة۔

المَضْغَط۔ پست زمین۔ ج مَضَاغِط۔

ضَغَلَ ضَغِیْلًا۔ پچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔

الضَغِیْل۔ پچھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔

ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا۔ الشَیْئَ وبِهٖ: بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهٗ ضَغْمَةَ الاَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔

الضُغَامَة۔ دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الضَیْغَم۔ شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَیَاغِم۔

الضَیْغَمِیُّ۔ شیر۔

ضَغِنَ (س) ضَغَنًا۔ عَلَیْهِ: کینہ رکھنا ___ **اِلَیْهِ:** مائل ہونا۔

اِضْطَغَنَهٗ۔ بغل کے نیچے لینا۔

اِضْطَغَنَ و تَضَاغَنَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰی فُلَانٍ ضَغِیْنَتَهٗ" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔

الضِغْنُ۔ کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان۔

الضَاغِنُ والضَغِن۔ کینہ ور۔ **فَرَسٌ ضَاغِنٌ و ضَغِنٌ:** اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔

عُوْدٌ ضَغِنٌ: ٹیڑھی لکڑی۔

الضَغِیْنَة۔ کینہ۔ ج ضَغَائِن۔

ضَغَا یَضْغُوْا ضَغْوًا۔ المُقَامِرُ: خیانت کرنا ___ **اِلَیْهِ:** عاجزی کرنا (___ ضَغْوًا و ضَغَاءً) **السِنَّوْرُ:** بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

اَضْغَاهٗ اِضْغَاءً۔ میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَضَاغٰی۔ بھوک یا مار سے بلبلانا۔

الضُغَاء۔ مص۔ ذلیل آدمی کی آواز۔

ضَفَّ (ن) ضَفًّا و ضَفَفًا۔ الْقَوْمُ عَلَی المَاءِ او الطَعَامِ: بھیڑ کرنا (___ ضَفًّا) **الشَیْئَ۔** جمع کرنا۔

تَضَافَّ۔ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔

ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔

الضَفَّة۔ جماعت۔

الضَفَّة والضِفَّة۔ دریا کا کنارہ۔

___ **مِنَ البَحْرِ:** سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف۔

الضَفَف۔ مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلدبازی۔

الضَفَافَة۔ بے عقل۔

عَیْنٌ ضَفُوْفٌ۔ بہت پانی والا چشمہ۔

مَاءٌ مَضْفُوْف۔ جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔

ضَفَدَهٗ (ض) ضَفْدًا۔ طمانچہ مارنا۔

ضَفْدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا ___ **الرَجُلُ:** سکڑنا۔ گوز کرنا۔

الضِفْدِع۔ مینڈک۔ ج ضَفَادِع و ضَفَادِی اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَةٌ۔

ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ۔ الحَبْلَ: رسی بٹنا ___ **الشَعْرَ:** بال گوندھنا۔ **ضَفْرُ البِنَاءِ:** عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔

الرَجُلُ: دوڑنے میں کودنا ___ **الدَّابَّةَ:** جانور کے منہ میں لگام دینا۔

ضَافَرَهٗ۔ عَلَی الاَمْرِ: مدد کرنا۔

تَضَافَرُوْا۔ عَلَی الاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِنْضَفَرَ۔ گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔

الضَفْر۔ مص۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُوْرٌ و اَضْفَارٌ۔

الضِفَار۔ کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر۔

الضَفِرَة۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ **کِنَانَةٌ ضَفِرَةٌ:** بھرا ہوا ترکش۔

الضَّفِيرُ۔ گندھے ہوئے بالوں کی رسّی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔

الضَّفِيْرَةُ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ج ضَفَائِر۔ کہا جاتا ہے "كِنَانَةٌ ضَفِيْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔

ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا۔ کودنا ___ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا ___ الفَرَسَ: گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا ___ البَعِيْرَ: اُونٹ کے مُنہ میں زبردستی لقمہ دینا۔

اِضْطَفَزَهٗ۔ زبردستی نگلنا۔

الضَّفَّازُ۔ چغل خور۔

الضَّفِيْزَةُ۔ بڑا لقمہ۔ ج ضَفَائِز۔

ضَفْضَفَةُ۔ الْقَوْمِ: جماعت۔ قوم۔

ضَفَطَهٗ (ن) ضَفْطًا۔ بِالحَبْلِ: رسّی سے باندھنا ___ الرَّجُلُ: حاجت پوری کرنا ___ بِسَلْحِهٖ: پائخانہ کرنا۔

ضَفُطَ (ک) ضَفَاطَةً۔ ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔

تَضَافَطَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔

الضَّفْطَةُ۔ جہالت۔ کمزوری رائے۔

الضَّافِطُ۔ فا۔ مسافر جس کا سفر دور کا نہ ہو۔

الضَّافِطَةُ۔ مؤنث ضَافِطٌ۔ بار برداری کا اُونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتربان۔

الضَّفَّاطُ و الضِّفِطُّ و الضَّفِيْطُ۔ موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بیوقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتربان۔

الضُّفَّاطُ۔ کمینہ آدمی۔

الضَّفَطُّ۔ موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔

ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا۔ اِلَيْهِ: کسی کے پاس جاکر بیٹھنا ___ بِحَاجَتِهٖ: حاجت پوری کر دینا۔ بِرِجْلِهٖ: لات مارنا ___ مَعَ الضَّعِيْفِ: ساتھ آنا ___ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ___ فُلَانًا: چوتڑ پر لات مارنا ___ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

تَضَافَنَ۔ الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مل کر مدد کرنا۔

الضِّفَنُ و الضِّفَنُّ۔ بیوقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔

ضَفَا يَضْفُوْ ضَفْوًا۔ الرَّأْسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا ___ الحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا ___ الثَّوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ۔

الضَّفَا۔ جانب۔ مثنّی ضَفَوَان۔

ضَفْوَةُ۔ العَيْشِ: خوش عیشی۔

ضَقَّ (ض) ضَقًّا۔ آواز کرنا۔

ضَكَّهٗ (ن) ضَكًّا۔ بھینچنا ___ الأَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا ___ هٗ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا۔

ضَكَزَهٗ (ن) ضَكْزًا۔ زور سے چبھونا۔

الضَّكْلُ۔ تھوڑا پانی۔

الضِّيْكَلُ۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا۔ فقیر۔ ج ضَيَاكِلُ و ضَيَاكِلَةٌ۔

الأَضْكَلُ۔ ننگا۔

ضَلَّ (س ض) ضَلَالًا و ضَلَالَةً۔ گمراہ ہونا۔ دینِ حق یا راہِ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضَالٌّ۔ ج ضُلَّالٌ و ضَالُّوْنَ ___ الطَّرِيْقَ او عَنْهُ: ہدایت نہ پانا ___ الشَّيْءُ عَنْهُ: ضائع ہونا: بیکار جانا۔ ضَلَّ سَعْيُهٗ: کامیاب نہ ہونا ___ الشَّيْءُ: تلف ہونا ___ الرَّجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا ___ الرَّجُلَ: بھول جانا۔

ضَلَّلَهٗ تَضْلِيْلًا و تَضْلَالًا۔ گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔

اَضَلَّ۔ الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا ___ ہ اللّٰہ: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا ___ فُلَانٌ فَرَسَهٗ: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا ___ الشَّيْءَ او الرَّجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "أَتَى قَوْمَهٗ فَأَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔

تَضَالَّ۔ گمراہی کا دعویٰ کرنا۔

اِسْتَضَلَّ۔ گمراہ ہونے کو کہنا۔

الضَّلُّ و الضُّلُّ و الضَّلَال و الضَّلَالَةُ۔ گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بْنُ ضُلٍّ او ضِلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضُلُّ أَضْلَالٍ او ضِلُّ أَضْلَالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔

الضَّلَلُ۔ گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔

الضَّلَّةُ۔ اسم مرة۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔

الضِّلَّةُ۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا۔ "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "هُوَ يَبْغِ ضِلَّةً" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ يَلُوْمُنِيْ ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔

الضُّلَّةُ۔ کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلِيْلٌ بِهٖ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔

الضَّالَّةُ۔ مؤنث ضَالٌّ۔ گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوَالُّ۔

الضِّلِّيْلُ۔ بہت زیادہ گمراہ۔

الأُضْلُوْلَةُ۔ گمراہی۔ ج أَضَالِيْلُ۔

المَضَلُّ۔ جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔

المُضِلُّ۔ فا۔ سراب۔

المَضَلَّةُ و المَضِلَّةُ۔ گمراہی۔ أَرْضٌ مَضَلَّةٌ و مَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کیلئے کہا جاتا ہے "أَرَضُوْنَ مَضَلَّاتٌ۔"

المُضَلَّلُ۔ بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔

ضَلُعَ (ک) ضَلَاعَةً۔ قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلِيْعٌ۔

ضَلَعَ (ف) ضَلْعًا۔ الشَّيْءَ: ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت ضَالِعٌ ___ الرَّجُلَ: پسلی پر مارنا ___ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔

ضَلِعَ (س) ضَلَعًا و ضَلْعًا۔ پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضَلِعٌ اور اسی سے ہے "لَأُقِيْمَنَّ ضَلَعَكَ او ضَلْعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کر دوں گا۔ ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا ___ الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔

ضَلَّعَهٗ۔ جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔ ضَلَّعَ الثَّوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش و نگار بنانا۔

أَضْلَعَهٗ۔ جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَضْلَعَتْهُ الخُطُوْبُ" یعنی فلاں کو

حوادث نے بوجھل کر دیا۔

تَضَلَّعَ۔ شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ العُلُوْمِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔

اِضْطَلَعَ۔ قوی ہونا ـــــ بِحَمْلِہٖ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔

الضَّلْع۔ میلان و ٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضَلْعُكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔

الضِّلْع والضِّلَع۔ پسلی (مؤنث) اَضْلُع و ضُلُوْع و اَضْلَاع۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ ضِلْعٌ جَائِرَةٌ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلْع والضِّلَع مِنَ البِطِّيْخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضِلْعُ السِّلْقِ و نَحْوِهٖ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔

الضِّلْع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال۔ آبرو۔

الضِّلَعَة۔ جانب۔

الضِّلَعَة۔ ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔

الاَضْلَع۔ مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع۔

الضَّلُوْع۔ زمین کا ڈھلوان۔

الضَّلِيْع۔ مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلُع۔ مؤنث ضَلِيْعَة رَجُل ضَلِيْعُ الفَمِ: بڑے منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِيْعٌ و ضَلِيْعَةٌ و مَضْلُوْعَةٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

المُضْلَع مِنَ الاَحْمَال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مُضْلِعٌ بِهٰذَا الاَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔

المُضَلَّع۔ پہلوؤں والا ـــــ مِنَ الثِّيَاب۔ دھاری دار کپڑا۔

ضَمَّ (ن) ضَمًّا۔ الشَّيْءَ: جمع کرنا ـــــ الشَّيْءَ اِلَيْهِ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا ـــــ عَلَى الشَّيْءِ: قبضہ کرنا ـــــ فُلَانًا اِلَيْهِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّهٗ اِلٰى صَدْرِهٖ۔ معانقہ کرنا ـــــ الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَهٗ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔

ضَامَّهٗ۔ اِلَيْهِ: ملانا۔

اَضَمَّهٗ۔ الشَّيْءَ اِلٰى فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔

اِنْضَمَّ۔ ملنا ـــــ عَلٰى كَذَا: مشتمل ہونا۔

تَضَامَّ۔ الشَّيْءُ: پوری طرح سے شامل ہونا۔

اِضْطَمَّهٗ۔ اپنی طرف ملانا۔ اِضْطَمَّ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا۔

الضَّمُّ والضَّمَّةُ۔ پیش کی حرکت۔ الضَّمَّةُ۔ گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔

الضِّمَام۔ ملانے کا ذریعہ۔

الضُّمْزُوْم۔ دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔

الضَّمِيْم۔ ساتھی۔ مؤنث ضَمِيْمَة۔

الاِضْمَامَة۔ جماعت۔ ج اَضَامِيْم ـــــ مِنَ الكُتُبِ: کتابوں کا بنڈل۔

المُنْضَمّ۔ عَلٰى كَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

ضَمَجَ (ن) ضَمْجًا و ضَمَّجَ۔ جَسَدَهٗ: خوشبو لگانا۔

ضَمِجَ و اَضْمَجَ۔ بِالاَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔

الضَّمْجَة۔ ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔

الضُّمَج۔ آفت جو انسان کو لاحق ہو۔

اِضْمَحَلَّ۔ نیست و نابود ہونا ـــــ السَّحَابُ۔ بادل کا کھل جانا۔

ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا و ضَمَّخَ۔ جَسَدَهٗ بِالطِّيْبِ: بدن میں خوشبو لگانا۔

تَضَمَّخَ و اِنْضَمَخَ و اِضْطَمَخَ۔ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا۔

الضِّمْخَة۔ موٹی عورت یا اونٹنی۔

ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا و ضَمَّدَ۔ الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَدَهٗ بِالعَصَا" اِس نے اُس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضَمَدَ رَاسَهٗ بِالسَّيْفِ"

ضَمِدَ (س) ضَمَدًا۔ خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ـــــ عَلَيْهِ: کینہ کرنا۔

اَضْمَدَ۔ القَوْمَ: جمع کرنا۔

تَضَمَّدَ۔ الجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔

الضَّمْد۔ مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضِّمْد۔ دوست۔ ساتھی۔

الضَّمَد۔ ظلم۔ پرانا حق۔

الضَّامِد۔ فا۔ لازم۔

الضِّمَاد و الضِّمَادَة۔ پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ـــــ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰى ضِمَادَةٍ مِنَ الاَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔

ضَمَرَ (ن) و ضَمُرَ (ک) ضُمُوْرًا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ مؤنث ضَامِرٌ و ضَامِرَةٌ ج ضُمَّر و ضَوَامِر۔

اَضْمَرَ الاَمْرَ: پوشیدہ کرنا ـــــ فِيْ نَفْسِهٖ شَيْئًا۔ اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا ـــــ الخَبَرَ: تہ تک پہنچنا۔ اَضْمَرَتِ الاَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کر دیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اِضْمَار اصطلاحِ فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلُنْ کے دوسرے حرف کو ساکن کر دیں تو مُتْفَاعِلُنْ ہو کر مُسْتَفْعِلُنْ کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَرَ و ضَمَّرَ۔ الفَرَسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ الغُصْنُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ۔ مل جانا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

الضُّمْر۔ چھریرا۔ دبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضُمْرَةٌ۔ تنگ۔ راز (ـــــ المُضْمَر) پوشیدہ۔

الضُّمْرُ والضُّمُر۔ دبلا پن۔

الضَّمِيْر۔ راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا۔ اَنْتَ۔ هُوَ ج ضَمَائِر۔

الضِّمَار۔ پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو ـــــ مِنَ الدَّيْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الاِضْمَار۔ مص۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم،

تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔
الضَوْمَرَان والضَیْمَرَان۔ ایک قسم کی خوشبو دار گھاس۔
المِضْمَار۔ گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔
ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا۔ چپ رہنا ـــــ اللُّقْمَۃَ۔ بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا ـــــ عَلٰی مَالِہٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ و ضَمُوْزٌ۔ ج ضُمُوْزٌ۔
ضَمَسَہٗ (ض) ضَمْسًا۔ آہستہ آہستہ چبانا۔
ضَمْضَمَ ضَمْضَمَۃً۔ دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا ـــــ الْاَسَدُ: شیر کا گونجنا ـــــ فُلَانٌ عَلَی الْمَالِ: کل لے لینا۔
الضَمْضَم والضُمَاضِم۔ دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانًا الشَیْءَ و بِہٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا ـــــ ہ جمع کرنا۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا و ضَمَانَۃً۔ الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِن۔
ضَمَّنَ الشَیْءَ الوِعَاءَ: برتن میں رکھنا ـــــ ہ الشَیْءَ: ذمہ دار بنا دینا ـــــ الشَاعِرِ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔
تَضَمَّنَ۔ الشَیْءَ: مشتمل ہونا ـــــ الشَیْءَ عَنِّی: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔
الضَمَن و الضُمْنَۃ و الضُمَان و الضَمَانَۃ۔ ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔
الضِمْن۔ اندرون شئی۔ ضِمْنَ الکِتَابِ: کتاب کا بیچ۔
الضَمِن۔ عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَھْلِہٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔
الضَامِن۔ فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
الضَمِیْن۔ کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰی۔
الضَمَان۔ مص۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔
المَضْمُوْن۔ مفع۔ جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الجُمْلَۃِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لیے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْن۔
المُضَمَّن۔ مفع۔ تضمین کیا ہوا ـــــ مِنَ الاَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔
ضَنَّ (س ض) ضَنًّا و ضِنًّا و ضِنَّۃً و ضَنَانَۃً و مَضَنَّۃً و اِضْطَنَّ۔ بِالشَیْءِ: بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالْمَکَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا۔
الضِنّ و الضِنَّۃ۔ جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ضِنِّیْ و ضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔
الضَنَن۔ بہادر۔
الضَنِیْن۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَنِیْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔
الضَنَائِن۔ وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللّٰہِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔
الضَنَانَۃ۔ مص۔ بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَجَمْتُ عَلَی الْقَوْمِ وَھُمْ بِضَنَانَتِھِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔
المَضَنَّۃ و المَضِنَّۃ۔ جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانّ۔
ضَنَأَ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْءًا۔ چھپنا ـــــ فِی الاَرْضِ: جانا ـــــ المَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً و ضُنُوْأً و ضَنِئَتْ (س) ضَنْأً و اَضْنَأَتِ) المَرْاَۃُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَۃٌ۔ ج ضَوَانِئُ۔
اِضْطَنَأَ لَہٗ و مِنْہُ: شرمانا اور منقبض ہونا۔
الضَنْءُ۔ اصل۔ معدن۔ کثرتِ نسل۔ ج ضُنُوْءٌ۔
الضَنْءُ و الضِنْءُ۔ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)
الضُنَاءَۃ و الضُنَأۃ۔ ضرورت۔
ضَنَبَ (ن) ضَنْبًا بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ ضَنَبَ بِالشَیْءِ: قبضہ کرنا۔
ضَنِطَ (س) ضَنَطًا۔ الشَحْمُ: موٹا اور ٹھوس ہونا۔
اِنْضَنَطَ۔ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔
الضَنَط۔ تنگی۔
الضَنَط۔ چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔
الضِنَاط۔ کوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔
ضَنُكَ (ک) ضَنَاکَۃً۔ سست رائے۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن والا۔ صفت ضَنِیْکٌ ج ضُنُکٌ (ـــــ ضَنَاکَۃً و ضَنْکًا و ضُنُوْکَۃً) تنگ ہونا۔
ضُنِكَ ضَنْکًا۔ زکام زدہ ہونا۔
اَضْنَکَہُ اللّٰہُ: زکام میں مبتلا کرنا۔
الضَنْک۔ تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے مَکَانٌ ضَنْکٌ و عِیْشَۃٌ ضَنْکٌ۔"
الضِنَاک۔ مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاکٌ و امْرَاَۃٌ ضِنَاکٌ" بڑا درخت۔
الضُنَاک و الضُنْکَۃ۔ زکام۔
الضَنَاکَۃ۔ مص۔ تنگ زندگی۔
الضَنِیْک۔ تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کٹی ہوئی چیز۔
ضَنِیَ (س) ضَنًی (دادی) مرض کی وجہ سے کمزور دلاغر ہونا۔ صفت ضَنِیٌ و ضَنٍ۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ ضَنًی و ضَنِیًا" ضَنًی بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ ضَنِی کی جمع اَضْنَاءٌ۔
ضَانٰی مُضَانَاۃً الشَیْءَ او الاَمْرَ: مشقت برداشت کرنا۔
اَضْنٰی اِضْنَاءً۔ المَرَضُ فُلَانًا: بیماری کا سست کر دینا ـــــ الرَّجُلُ: بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحب فراش ہونا۔
تَضَنّٰی۔ بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔
اِنْضَنٰی۔ سست ہو جانا۔
الضَنٰی۔ بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔
الضِنو و الضَنو و الضُنٰی۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے

"لَهُ ضِنْوٌ كَثِيْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔
الضِنٰی۔ مخفی بیماریاں۔
ضَنَتْ تَضْنٰی و ضَنِيَت تَضْنٰی ضَنًی و ضَنَاءً المَرْاَةُ : کثیر اولاد ہونا۔ ضَنٰی نَصِيْبُ فُلَانٍ : حصہ کا بڑھنا۔
ضَهَب (ف) ضَهْبًا بِالنَّارِ : آگ سے متغیر کرنا۔
ضَهَبَ (ف) ضُهُوْبًا۔ کمزور ہونا۔
ضَهَّبَ اللَّحْمَ : گوشت کو بریاں کرنا ـــــ القَوْسَ : نرم کرنے کے لیے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ : زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً۔ برا تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضِهْبُ۔ القَوْمِ : مخلوط لوگ۔
الضَيْهَب۔ پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَهَتَهُ (ن) ضَهْتًا۔ سخت روندنا۔
ضَهَدَهُ (ف) ضَهْدًا۔
اَضْهَدَهُ و اَضْهَدَ بِهِ و اِضْطَهَدَهُ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
الضُهْدَة۔ غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضُهدة لِكُلِّ اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
الضَهِيْدُ۔ سخت مضبوط۔
الضَهْر و الضَاهِر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔
الضَهْرُ۔ کچھوا۔
ضَهَزَهُ و ضَهَسَهُ (ف) ضَهْزًا و ضَهْسًا۔ سخت روندنا ـــــ الدَابَّةُ : جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَهَلَ (ف) ضَهْلًا و ضُهُوْلًا۔ اللَّبَنُ : تھوڑا تھوڑا جمع ہونا ـــــ النَاقَةُ و نَحْوُهَا : تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَهُوْل ج ضُهُل
ضَهِلَهُ۔ حَقَّهُ۔ حق کم کرنا (ـــــ و تَضَهَّلَ) اِلٰی فُلَانٍ : کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
اَضْهَلَ۔ النَخْلُ : کھجوریں پکنے لگنا ـــــ اِلٰی فُلَانٍ مَالًا : مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔
اِسْتَضْهَلَ۔ الخَبَرَ : حسب امکان خبر طلب کرنا۔
الضَهْل۔ مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
الضَاهِلَة۔ مِنَ العُيُوْنِ : تھوڑے پانی کا چشمہ۔
الضَهْوَاء : بے پستان عورت۔
الضَهْوَة۔ جوہڑ۔ ج اَضْهَاء۔
ضَهِيَتْ تَضْهٰی ضَهًی۔ المَرْاَةُ : عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَهْيَاء ج ضُهْي۔ ضَهِيَتِ الاَرْضُ : زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔
ضَاهٰی مُضَاهَاةً۔ الرَجُلَ : مشابہ ہونا۔
الضَهِيُّ۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے "هو ضَهِيُّكَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ يَضُوْءُ ضَوْءًا و ضُوْءًا و ضِيَاءً۔ القَمَرُ و غَيْرُهُ : روشن ہونا۔ چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِئَةً۔ البَيْتَ : روشن کرنا۔ عَنِ الاَمْرِ : پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَةً۔ البَيْتُ : روشن ہونا۔ البَيْتَ : روشن کرنا۔
تَضَوَّاَ۔ تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوَّاَهُ : کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِسْتَضَاءَ بِهِ : روشن ہونا ـــــ مِنْ فُلَانٍ : مشورہ کرنا۔
الضَوْءُ و الضُوْءُ۔ روشنی۔ ج اَضْوَاء۔
الضِيَاءُ و الضِوَاء۔ روشنی۔
الضَوِيُّ و المُضِيُّ۔ روشن۔ روشن کرنے والا۔
ضَاجَ يَضُوْجُ ضَوْجًا۔ عَنْ كَذَا : اعراض کرنا۔ پھر جانا (ـــــ و انْضَاجَ) الوَادِيْ : کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِي : وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔
اِنْضَوَجَ فِيْ ضَوْجِ الوَادِيْ : وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
الضَوْج۔ وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاج۔
الضَوْجَان۔ سخت خشک۔ مؤنث ضَوْجَانَةٌ۔
ضَوَّجَ۔ اللَّبَنَ : دودھ میں پانی ملانا۔
ضَارَ يَضُوْرُ ضَوْرًا۔ سخت بھوکا ہونا۔ ضَارَهُ الاَمْرُ : نقصان پہنچنا۔
تَضَوَّرَ۔ درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا ـــــ الذِئْبُ و نَحْوُهُ : بھوک سے بلبلانا۔
الضَوْر۔ سخت بھوک۔
الضُوْر۔ کالی بدلی۔
الضُوْرَة۔ ذلیل، حقیر۔
ضَازَ يَضُوْزُ ضَوْزًا۔ الثَمْرَةَ : پھل کو چبانا ـــــ هُ حَقَّهُ : کم کر دینا۔
ضَوْضٰی ضَوْضَاةً و ضِيْضَاءً۔ شور مچانا۔
الضَوْضٰی و الضَوْضَا و الضِيْضَاء۔ شور و غوغا۔
ضَوَّطَ۔ الاَشْيَاءَ : جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ۔ الشَيْءُ : جمع ہونا۔
الاَضْوَط۔ ٹیڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔
الضَوْيَطَةُ۔ بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔
ضَاعَهُ يَضُوْعُهُ ضَوْعًا۔ حرکت دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ بھڑکا دینا۔ گھبرا دینا۔ ضَاعَ المِسْكُ : مشک کی خوشبو پھیلنا ـــــ الدَابَّةَ : جانور کو دبلا کرنا ـــــ الصَبِيُّ : رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ۔ المِسْكُ : مشک کی خوشبو بھڑکنا۔ ـــــ الصَبِيُّ : رونے میں پیچ و تاب کھانا (ـــــ و انْضَاعَ) الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لیے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔
الضُوْع و الضُوَع۔ نر اُلو۔ رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔
الضُوَاع۔ نر اُلو کی آواز۔
رَجُلٌ مَضُوْعٌ۔ خوفزدہ۔
ضَافَ يَضُوْفُ ضَوْفًا۔ عَنِ الشَيْءِ : الگ ہونا۔
ضَانَ يَضُوْنُ ضَوْنًا۔ زیادہ اولاد ہونا۔
الضَوْنَة۔ مص۔ چھوٹی بچی۔
الضَيْوَن۔ بلا۔ ج ضَيَاوِن۔
الضَوْة۔ شور۔ لڑائی کا شور۔
ضَوِيَ يَضْوٰی ضَوًی۔ خلقتًا یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔
ضَوٰی يَضْوِيْ ضَيًّا و ضُوِيًّا۔ اِلَيْهِ : ملنا۔ پناہ لینا ـــــ الرَجُلَ : رات کو آنا۔ ضَوَاهُ اِلَيْهِ : مائل کرنا۔
اَضْوٰی۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا ـــــ الرَجُلُ :

کمزور کرنا ـــــ ہ حَقَّہٗ : کم کرنا ـــــ
الْاَمْرَ : کچا کام کرنا- اَضْوَتِ الْمَرْاَۃُ : کمزور بچہ
جننا- اَضْوَاہُ اِلَیْہِ : اپنی طرف مائل کرنا-
اِنْضَوٰی اِنْضِوَاءً- اِلَیْہِ : شامل ہونا- ملنا-
الضَّاوِی- فا- رات کو آنے والا-
الضَّاوِیّ- کمزور دُبلا- خلقتاً یا لاغری سے کمزور
جسم والا- مؤنث ضَاوِیَۃٌ-
ضَاحَ یَضِیْحُ ضَیْحًا و ضُیُوْحًا و ضَیَحَانًا
عَنْہُ و اِلَیْہِ : جھکنا- مائل ہونا- ضاحت
عِظَامُہٗ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا-
ضَاحَتْ تَضِیْحُ ضَیْحًا- الْبِلَادُ : خالی ہونا-
ضَاحَ و ضَیَّحَ- اللَّبَنَ : پانی ملانا- ضَیَّحَ
فُلَانًا : پانی ملا ہوا دودھ پلانا-
تَضَیَّحَ اللَّبَنُ : پانی میں دودھ ملنا ـــــ
الرَّجُلُ : پانی ملا ہوا دودھ پینا-
الضَّیْحُ- شہد-
الضَّیْحُ و الضَّیَاحُ- پانی ملا ہوا دودھ- شوربا-
الضَّیْحَۃُ- پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ
پینے کی مقدار-
ضَازَہٗ یَضِیْزُہٗ ضَیْزًا- الْاَمْرَ : نقصان دینا-
ضَازَہٗ یَضِیْزُہٗ ضَیْزًا- ظلم کرنا- ضَازَہٗ حَقَّہٗ :
کم کرنا-
الضَّیْزُ- ٹیڑھ- کجی-
قِسْمَۃٌ ضِیْزٰی- ناقص تقسیم- ظالمانہ تقسیم-
ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا و ضَیَطَانًا- فِیْ مِشْیَتِہٖ-
موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو
حرکت دینا- صفت ضَیْطَانٌ و ضَیَّاطٌ-
ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا و ضِیْعًا و ضَیْعَۃً
و ضَیَاعًا- ضائع ہونا- تلف ہونا- بیکار ہونا-
صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّعٌ و ضِیَاعٌ-
اَضَاعَہٗ- ضائع کرنا- اَضَاعَ الرَّجُلُ : بہت
جائیداد والا ہونا-
تَضَیَّعَ- الْمِسْکُ : مشک کا بھڑکنا- مشک کو
خوشبو کا پھیلنا-
الضَّیَاعُ- مد- ایک قسم کی خوشبو- بے فائدہ-
کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَیَاعًا و ضِیْعًا و ضَیْعًا"
یعنی مرگیا اور کسی کو اس کی پروانہ ہوئی-
الضَّیْعَۃُ- جائیداد- زمین میر حاصل- اس کی

تصغیر ضُیَیْعَۃٌ ہے اور جمع ضِیَعٌ و ضِیَاعٌ و
ضَیْعَاتٌ- الضَّیْعَۃُ : پیشہ- کہا جاتا ہے "کَانَتْ
ضَیْعَۃُ الْعَرَبِ سِیَاسَۃَ الْاِبِلِ" عرب کا پیشہ
اُونٹوں کا انتظام کرنا تھا-
الْمِضْیَاعُ- بہت ضائع کرنے والا-
الْمَضْیَعَۃُ و الْمَضِیْعَۃُ- موضع ہلاکت- جہاں
ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں- کہا جاتا ہے
"بَلَدُکُمْ مَضْیَعَۃُ الْعِلْمِ" تمہارے شہر میں علم
کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں-
ضَافَ یَضِیْفُ ضَیْفًا اِلَیْہِ : مائل ہونا- ہٹ
جانا- ضَافَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لیے
مائل ہونا ـــــ السَّھْمُ عَنِ الْھَدَفِ : تیر کا
نشانہ سے ہٹ جانا ـــــ الرَّجُلُ : خوف کرنا
ـــــ مِنْہُ : پرہیز کرنا اور ڈرنا-
ضَافَہٗ یَضِیْفُہٗ ضَیْفًا و ضِیَافَۃً- مہمان ہونا-
مہمانی طلب کرنا- کہا جاتا ہے "ضَافَ الْھَمُّ
فُلَانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا-
ضَیَّفَہٗ- مہمان بنانا- مہمانی کا کھانا پیش کرنا-
ضَیَّفَہٗ اِلَیْہِ : جھکانا- ضَیَّفَ الرَّجُلُ : مائل ہونا-
ہٹ جانا ـــــ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے
لیے مائل ہونا-
اَضَافَ الرَّجُلُ : دوڑنا- جلدی چلنا- خوف کرنا
ـــــ الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ : جھکانا- سہارا دینا- ملانا
ـــــ الرَّجُلَ : پناہ دینا- مجبور کرنا ـــــ مِنْہُ :
چوکنا رہنا ـــــ عَلَیْہِ : جھانکنا ـــــ فُلَانًا
عَلٰی فُلَانٍ : مہمان اُتارنا ـــــ الْکَلِمَۃَ اِلَی
الْکَلِمَۃِ : ایک کی نسبت دُوسرے کی طرف
طریقہ مخصوص پر کرنا-
تَضَیَّفَہٗ- مہمان ہونا- طلب ضیافت کرنا-
تضیف الرَّجُلُ : مائل ہونا ـــــ الشَّمْسُ :
ـــــ غروب کی طرف مائل ہونا-
اِنْضَافَ اِلَیْہِ : ملنا-
تَضَایَفَ الْوَادِیْ : تنگ ہونا-
اِسْتَضَافَہٗ- ضیافت طلب کرنا- اِسْتَضَافَ بِہٖ :
فریاد کرنا ـــــ مِنْ فُلَانٍ اِلٰی فُلَانٍ : پناہ لینا-
الضَّیْفُ- مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَیْفٌ و
ضَیْفَۃٌ ج اَضْیَافٌ و ضُیُوْفٌ و ضِیَافٌ و
ضِیْفَانٌ و اَضَائِفُ-

الضَّیْفَنُ- طفیلی-
الضِّیْفُ- پہلو- کہا جاتا ہے "ھُوَ فِیْ ضِیْفِ
فُلَانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے-
الضِّیَافَۃُ- مہمانی کا کھانا-
الْمُضَافُ فِی الْحَرْبِ : جو جنگ میں گھر گیا
ہو، جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو-
الْمَضِیْفُ و الْمَضْیَفَۃُ- مہمانی کی جگہ-
الْمِضْیَافُ- بہت مہمانوں والا میزبان-
الْمَضِیْفَۃُ و الْمُضِیْفَۃُ- حزن- غم-
مَضَائِفُ- الْوَادِیْ : وادی کے پہلو-
ضَاقَ یَضِیْقُ ضِیْقًا و ضَیْقًا- تنگ ہونا-
صفت ضَیْقٌ و ضَائِقٌ و ضَیِّقٌ ـــــ الرَّجُلُ :
بخل کرنا-
ضَیَّقَہٗ تَضْیِیْقًا- تنگ کرنا- ضُیِّقَ عَلَیْہِ : سختی
کیا جانا-
اَضَاقَ اِضَاقَۃً- تنگ کرنا- اَضَاقَ الرَّجُلُ-
محتاج ہونا-
تَضَیَّقَ و تَضَایَقَ- تنگ ہونا- و تَضَایَقَ الْاَمْرُ
بِہٖ او عَلَیْہِ : تنگ ہونا- کہا جاتا ہے "تَضَایَقَ
الْقَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان
کشادہ نہیں-
ضَایَقَہٗ مُضَایَقَۃً- سختی کرنا-
الضَّیْقُ و الضِّیْقُ- سختی- حزن غم جس سے
تنگ دلی ہو-
الضَّیَقُ و الضِّیَقُ- شک-
الضِّیْقَۃُ و الضَّیْقَۃُ- بدحالی- محتاجی- ج ضِیَقٌ
و ضَیَقٌ-
الضَّائِقُ- فا- تنگ- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقٌ
صَدْرُہٗ بِکَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے- ج
ضَاقَۃٌ جیسے سَائِدٌ کی جمع سَادَۃٌ-
الْاَضْیَقُ- بہت تنگ- مؤنث ضِیْقٰی و ضُوْقٰی-
الْمَضِیْقُ- تنگ جگہ- مشکل کام- گھاٹی- ج
مَضَایِقُ-
ضَامَہٗ یَضِیْمُہٗ ضَیْمًا- ظلم کرنا- مجبور کرنا-
ضَامَہٗ و اِسْتَضَامَہٗ- حَقَّہٗ : کم کرلینا-
الضَّیْمُ- ظلم- ج ضُیُوْمٌ-
ضِیْمُ- الْجَبَلِ : پہاڑ کا کنارہ-
الضَّامَۃُ- حاجت- ضرورت-

طَأطَأَ۔ الرَاسَ وغیرہ : پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهٗ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کر لیا ____ فَرَسَهٗ : گھوڑے کو تیز دوڑانے کیلئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأطَأَتِ المَرْاَة سِتْرَهَا : عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأطَأَ يَدَهٗ بِالعِنَانِ لگام کو ڈھیلا چھوڑنا ____ الحُفْرَةَ : گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ : کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأطَأَ فِيْ قَتلِ القَوْمِ : قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔

تَطَأطَأَ۔ پست ہونا۔

الطَأْطَأَ۔ پست زمین۔ چھوٹا اونٹ۔

الطَآة۔ کیچڑ۔

طَبَّهٗ (ن ض) طَبًّا۔ علاج کرنا۔ طَبَّ الرَجُلُ : جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ احَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنَعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کرو اس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے ____ خَرزَ القِرْبَةُ مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰى وَجْهِهٖ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہو گیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَاكُنْتَ طِبِيّبًا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ۔ الرَجُلُ : جادو کیا جانا۔

طَبَّبَه۔ علاج کرنا۔ طَبَّبَ الخَيَّاطُ الثَوْبَ۔ درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لیے جوڑ لگانا۔

القِرْبَةَ : مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً۔ الاَمْرَ : مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذا الاَمْرَ مُنْذُ حِيْنَ كَيْ اَبْلُغَه" یعنی میں ایک مدت سے اس امر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کر لوں۔

تَطَبَّبَ۔ الرَجُلُ : طبیب بننا ____ لِفُلَانٍ : علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّه۔ دوا تجویز کرانا۔

الطَبّ۔ طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِبّ۔ ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طِبُّه المجون" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَبَّ۔ و الطِبّ و الطُبُّ۔ جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِبَاب۔ جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطَبَّة۔ مؤنث۔ طَبٌّ۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ تِلْكَ الطَبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطِبَّة ج طَبَب الطِبَابَة ج طِبَابٌ۔ زمین' کپڑے' کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ و الطِبَابَة مِنَ الخرز : مشک کے نچلے حصّہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَبِيْب۔ فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج اَطِبَّه۔ اَطِبَّاء۔ مؤنث طَبِيْبَة۔

المَطْبُوْب۔ سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا۔ الرَجُلُ : بیوقوف ہونا۔ صفت اَطْبَج ____ عَلٰى رَاَسِه و عَلٰى كُلِّ اَجْوَفِ : سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ۔ فِيْ الكَلَامِ : مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ (ف ن) طَبْخًا و طَبَّخَ۔ اللَحْمَ : گوشت پکانا۔ طَبَّخَ الصَبِيُّ : بچّہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ۔ پکنا۔

اَطَّبَخَ۔ الرَجُلُ : اپنے لیے پکانا ____ اللَحْمَ : گوشت پکانا۔

الطَبْخ و الطِبْخ۔ جو کچھ پکایا جائے۔

الطُبَاخَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِبَاخَة۔ باورچی گیری۔

الطَبَّاخ۔ پکانے والا۔ اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق انگیٹھی پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَبِيْخ۔ پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَة۔

الطَابِخ۔ پکانے والا۔ سخت بخار۔

الطَابِخَة۔ مؤنث طَابِخٌ۔ دوپہر۔

الطَبَاخ و الطُبَّاخ۔ مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَافِيْ كَلَامِهٖ طُبَاخٌ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔

الاَطْبَخ۔ بہت زیادہ بیوقوف۔

المَطْبَخ۔ باورچی خانہ۔ ج مَطَابِخ۔

المِطْبَخ۔ پکانے کا اوزار۔ ج مَطَابِخ۔

المُطَبَّخ و المُطَّبَخ۔ باورچی خانہ۔

طَبَرَ (ن) طَبْرًا۔ اچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔

الطَبَر و الطَبَرْزِيْنُ۔ کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

الطُبَّار۔ انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طُبَّارَةٌ۔

الطَبَرِی۔ طبرستان کی طرف منسوب۔

طَبَزَّهٗ(ن)طَبْزًا۔ بھردینا۔

الطِّبْز۔ پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔ دوکوہان کا اُونٹ۔

طَبَّسَهٗ۔ گارے سے لیپنا۔

الطِّبْس۔ ہر ایک کالی چیز۔

الطِّبْس۔ بھیڑیا۔

بَحْرٌ طَبِيْشٌ۔ بہت پانی والا سمندر۔

الطَّبْش۔ لوگ۔

الطَّبْشَة۔ استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقَه ہے۔

طَبْطَبَ طَبْطَبَةً: الْمَاءُ: او السَّيْلُ: پانی یا سیلاب کا آواز کرنا ___ الْوَادِي: وادی کا بہنا۔ الْمَاءَ: پانی کو حرکت دینا۔

الطَّبْطَابَة۔ گیند کا بلا۔

الطَّبْطِبِيَّة۔ کوڑا۔

طَبَعَ(ف)طَبْعًا۔ الشَّيْءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا ___ عَلَيْهِ: مہر لگانا ___ الدِّرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔ السَّيْفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا ___ اللّٰهُ الْخَلْقَ: پیدا کرنا ___ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ" یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کے دل پر مہر کردی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔

طَبِعَ(س)طَبَعًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا ___ السَّيْفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طَبِعٌ و اَطْبَعُ۔

طُبِعَ۔ عَلَى الْجَهْلِ: پیدا کیا جانا۔

طَبَّعَ۔ الْإِنَاءَ: بھردینا ___ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَّابَّةَ" یعنی سدھالیا۔ فصیح لفظ اس کے لیے "رَاضَهَا" ہے۔

تَطَبَّعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا ___ بِطِبَاعِ اَبِيْهِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا ___ النَّهْرُ بِالْمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔

اِنْطَبَعَ۔ بھر جانا۔ ڈھلنا۔

الطَّبْع۔ پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْهُ عَلٰى طَبْعِ هٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ ج طِبَاع۔

الطِّبْع۔ پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ج طُبُوْع و طِبَاع (___ و الطَّبَع) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ج اَطْبَاع۔

الطَّبِع۔ کمینہ۔ سَيْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔

الطَّابَع و الطِّبَاع۔ خلقی عادت۔

الطَّابَع و الطَّابِع۔ مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ ج طَوَابِع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ عَلَيْهِ طَابِعُ الْفَصَاحَةِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔

الطَّبَّاع۔ طابع اسم فاعل کا مبالغہ۔

الطِّبَاعَة۔ تلوار سازی۔ چھاپنے کا پیشہ۔ دَارُ الطِّبَاعَةِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔

الطَّبِيْعَة۔ خلقی و جبلی عادت۔ ج طَبَائِع۔

الطَّبَائِعُ الْاَرْبَع: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔

الطَّبِيْعِي۔ جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعات کا ماہر ہو اور علم طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔

الطُّبْعَان۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طُبْعَانُ الْاَمِيْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔

الْمَطْبَعَة و الْمَطْبَع۔ چھاپنے کی جگہ۔ ج مَطَابِع۔

الْمِطْبَعَة۔ چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ج مَطَابِع۔

الْمَطْبُوْع۔ مفع۔ چھپا ہوا۔ پسندیدہ ___ مِنَ الشُّعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔

طَبِقَتْ(س)طَبَقًا و طَبَقَايَدُه: بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔ طَبِقَ يَفْعَلُ الشَّيْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔

طَبَّقَ الشَّيْءُ: عام ہونا ___ السَّحَابُ الْجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا ___ الْمَاءُ وَجْهَ الْاَرْضِ: ڈھانپ لینا۔ السَّيْفُ الْمَفْصَلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يُطَبِّقُ الْمَفْصَلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَّقَ الْحَاكِمُ فِيْ حُكْمِهٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا ___ الْفَرَسُ فِيْ عَدْوِهٖ۔ دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔

طَابَقَهٗ طِبَاقًا و مُطَابَقَةً۔ موافقت کرنا۔ طَابَقَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا ___ بَيْنَ قَمِيْصَيْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا ___ هٗ عَلَى الْاَمْرِ: برابری کرنا ___ الرَّجُلُ عَلَى الْعَمَلِ: حاوی ہونا ___ بِالْحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا ___ الْمُقَيَّدُ۔ قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ___ الْفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔

اَطْبَقَ الشَّيْءَ: ڈھانپنا ___ اللَّيْلُ: تاریک ہونا ___ النُّجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا ___ الرَّحٰى ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْبِقْ شَفَتَيْكَ" یعنی چپ رہ۔ اَطْبَقَ الرَّاكِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کرلینا۔ اَطْبَقُوْا۔ عَلَى الْاَمْرِ: اجماع کرلینا۔ اَطْبَقَتِ الْحُمّٰى: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْبَقَ فُلَانًا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔

تَطَابَقَ۔ الْقَوْمُ: اتفاق کرلینا۔

تَطَبَّقَ و اِنْطَبَقَ۔ الشَّيْءُ: بند ہونا۔

الطِّبْق۔ مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبْقُ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِّبْقُ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔

الطَّبَق۔ مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج اَطْبَاق

الطَّبَق: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی ___ مِنَ اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ طَبَقًا مِنَ النَّهَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی ___ مِنَ الْمَطَرِ: عام بارش۔ کہا جاتا ہے مَطَرٌ طَبَقٌ و دِيْمَةٌ طَبَقٌ حال۔ کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ اَطْبَاقٌ" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى طَبَقٌ بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جَاءَهٗ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "اَطْبَاقُ الرَّاْسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ اُمُّ طَبَقٍ: مصیبت۔

الطِّبْقَة۔ جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طِبَق و طِبَق۔

الطَّبَقَة۔ مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "اَنْ كُتُبَه اِلَيَّ طَبَقَةٌ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طَبَقَات۔

الطَّبِق۔ بند۔
الطِّبْق۔ رات کا ایک حصہ۔ ج طُبُق (____ و الطِّبَاق) مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبْقُ ذَاكَ او طِبَاقُه" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طِبَاقُ الْاَرْضِ: زمین کی سطح۔
الطَّابق و الطَّابَق۔ کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طَوَابِق و طَوَابِيق۔
الطَّابِق و الطَّابَق و الطَّابَاق۔ شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)
المُطْبَق۔ زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجُنُوْنُ المُطْبِق: لگاتار جنون۔ سَنَةٌ مُطْبِقَةٌ: سخت قحط۔
المُطْبِقَات: مصیبتیں۔ الحُرُوْفُ المُطْبِقَة: ص ض ط ظ۔
المُطَبِّق۔ صائب الرائے۔ سَحَابَةٌ مُطَبِّقَةٌ: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔
طَبَلَ (ن) طَبْلاً و طَبَّلَ۔ ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں۔ طَبَّلَ فِي الْمَشْيِ: یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بَلَّطَ) ہے۔
الطَّبْل۔ ڈھول۔ ج طُبُوْل و اَطْبَال۔
الطَّبَّال۔ ڈھول بجانے والا۔
الطِّبَالَة۔ ڈھول بجانے کا پیشہ۔
الطَّبْلَة۔ ڈھولک۔
الطَّبْلِيَّة۔ خراج کے روپے۔ ج طَبْلِيَّات۔
الطُّوْبَالَة۔ مادہ بھیڑ۔ ج طُوْبَالَات۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا۔ النَّارَ: آگ کو دبا دینا۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِنَ (س) طَبَنًا و طَبَانَةً و طَبَانِيَةً و طُبُوْنَةً۔ الشَّيْءَ و لِلشَّيْءِ۔ سمجھ دار ہونا۔ صفت طَبِنٌ و طَابِنٌ۔
طَابَنَهُ۔ موافق ہونا۔ طَابَنَ الحَفِيْرَةَ: گہرا کرنا۔
اِطْبَاَنَّ اِطْبِئْنَانًا۔ بِالْمَكَانِ: مطمئن ہونا۔
الطَّبْن و الطِّبْن۔ بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "اَيُّ الطِّبْنِ هُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے۔
الطِّبْن۔ طنبور یا بربط۔
الطِّبْن۔ گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔
الطَّبْن و الطِّبْن و الطَّبَن۔ مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔
الطِّبْنَة۔ سمجھ۔ ج طِبَن۔

الطُّبْنَة۔ طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔
الطَّابُوْن۔ گڑھا جس میں حفاظت کے لیے آگ کو دبا دیا جائے۔
الطُّبَنْجَة۔ تمنچہ۔ ج طَبَنْجَات۔
طَبَاهُ يَطْبُوْهُ طَبْوًا و اِطَّبَاهُ اِطِّبَاءً۔ پکارنا۔ بلانا۔
طَبَاهُ يَطْبِيْهِ طَبْيًا۔ کھینچنا ____ ہ عَنْهُ۔ باز رکھنا ____ ہ اِلَيْهِ: بلانا۔
طَبِيَتْ تَطْبَى طَبًى۔ النَّاقَةُ: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔
اَطْبَاهُ اِطْبَاءً: بلانا۔
الطِّبْي و الطُّبْي: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج اَطْبَاء۔
الطَّبْوَاء و الطَّبِيَّة۔ مِنَ النُّوْقِ: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔
طَثَّ (س) طَثًّا۔ الشَّيْءَ: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔
الطَّثُّ۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔
المِطَثَّة۔ بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔
طَثَرَ (ن) طَثْرًا و طُثُوْرًا و طَثَّرَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طَاثِرٌ۔
الطَّثْرَة۔ کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔
اَطْثَرَ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔
طَجَنَ (ن) طَجْنًا و طَجَّنَ۔ الشَّيْءَ: بھونا۔
الطَّاجِن و الطَّيْجَن۔ کڑاہی۔ ج طَيَاجِن و طَوَاجِن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
المُطَجَّن۔ بھنا ہوا۔
طَحَرَتْ (ف) طَحْرًا۔ العَيْنُ قَذَاهَا: خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت طَحُوْرَةٌ
الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا و طَحِيْرًا و طُحَارًا۔ آہ کرنا۔
الطَّحْرُ و الطَّحَر۔ متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَة و الطِّحْرِيَة۔ بادل کا ٹکڑا۔
الطَّحُوْر۔ جلدی کرنے والا۔
الطَّحُوْرُ و المِطْحَر۔ مِنَ القِسِيِّ: دور پھینکنے والی کمان۔

الطُّحَار۔ سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ آہ کرنے لگے۔
الطُّحْرُوْر۔ بدلی۔ ج طَحَارِيْر۔ الطَّحَارِيْر: بادل کے ٹکڑے۔
طَحْرَبَ۔ تیز دوڑنا ____ القِرْبَةَ: مشک بھرنا ____ گوز کرنا۔
الطِّحْرِب۔ کوڑا کرکٹ۔
الطِّحْرِبَة۔ مُثَلَّثَةٌ: بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
طَحْطَحَهُ۔ توڑنا۔ طَحْطَحَ القَوْمُ بِالْقَوْمِ: متفرق کر دینا۔ ہلاک کرنا ____ مَالَهُ: بکھیرنا۔
طَحْطَحَ الرَّجُلُ: ہلکی ہنسی ہنسنا۔
تَطَحْطَحَ۔ ٹوٹنا۔ متفرق ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بکھرنا۔
طَحَلَهُ (ف) طَحْلاً۔ تلی پر مارنا۔ طَحَلَ الْاِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔
طَحِلَ (س) طَحْلاً و طَحَلاً۔ تلی کا بڑھنا ____ المَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا۔
طُحِلَ طَحْلاً۔ تلی کی بیماری ہونا۔ صفت مَطْحُوْلٌ۔
الطِّحَال۔ تلی۔ ج اَطْحِلَة و طُحُل و طِحَالَاتٌ۔
الطُّحَال۔ مرض جو تلی کو لاحق ہو۔
الطُّحْلَة۔ خاکستری رنگ۔
الْاَطْحَل۔ خاکستری رنگ والا۔ مؤنث طَحْلَاء ج طُحْلٌ۔
الطَّحِل۔ بڑی تلی والا۔ غضبناک۔ بھرا ہوا۔ کیچڑ والا پانی۔
الطُّحْل۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: باریک تنکے اور فصیح لفظ حَتَا ہے۔
طَحْلَبَ۔ المَاءُ: کائی والا ہونا۔ صفت مُطَحْلِب۔ مُطَحْلَب ____ الْاَرْضُ: سرسبز ہونا۔ الرَّجُلُ: قتل کرنا۔
الطِّحْلِب و الطُّحْلُب و الطُّحْلَب۔ کائی۔ ایک ٹکڑا کائی کا۔
طَحْلَبَة۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَةٌ" یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً۔ عَلَيْهِ: کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ

کی تحریف ہو۔
الطُّخمَۃُ مُثَلَّثَۃٌ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ مِنَ السَّیلِ: سیلاب کا زور۔ مِنَ اللَّیلِ: بہت تاریکی (۔۔۔ و الطُّخمَاء) ایک قسم کی سبزی۔
الطُّحمَۃ۔ سخت جنگجو۔ بہت اُونٹ۔
الطُّحوُم۔ تیز ہانکنے والا۔
المَطحُوُم۔ بھرا ہوا۔
طَحَنَ (ف) طَحنًا و طَحَّنَ۔ البُرَّ: گیہوں پیسنا ۔۔۔ المَنِیَّۃُ القَومَ: ہلاک کرنا۔
طَحَنَتِ الاَفعٰی۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔ صفت مِطحَان۔
تَطَحَّنَ۔ پیسنا۔
الطِحنُ و الطَحِین۔ پسا ہوا آٹا۔
الطَّاحِنَۃ۔ مؤنث طَاحِن۔ ڈاڑھ۔ ج طَوَاحِن۔
الطَّحَّان۔ پیسنے والا۔ آٹے کا بیچنے والا۔
الطِحَانَۃ۔ پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُوُن و الطَّاحُوُنَۃ۔ چکی پیسنے کا مکان۔ ج طَوَاحِین۔
الطَّحُوُن و الطَّحَّانَۃ۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔ بہت اُونٹ۔
المِطحَنَۃ۔ چکی۔ ج مَطَاحِن۔
المَطحَنَۃ۔ پیسنے کا مکان۔ ج مَطَاحِن۔
طَحَا یَطحُوُ طَحوًا۔ بعید ہونا۔ ہلاک ہونا۔ الشَّیئَ: دفع کرنا ۔۔۔ بِالکُرَۃِ: پھینکنا ۔۔۔ القَومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا یَطحَا طَحوًا۔ الشَّیئُ: پھیلانا۔ دراز کرنا۔ الشَّیئُ: پھیلنا۔ دراز ہونا ۔۔۔ القَمَرُ: روشن ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "طَحَابِہٖ ھِمَّتُہٗ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔ پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحمُہٗ: موٹا ہونا۔
الطَّحَا۔ چوڑی زمین۔
الطَّاحِی۔ بلند۔ پھیلنے والا۔ بڑی جماعت۔ مَظَلَّۃٌ طَاحِیَۃٌ و مَطحُوَّۃٌ و مَطحِیَّۃٌ۔ بڑا سائبان۔
بَقلَۃٌ مُطحِیَّۃٌ۔ زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحِی یَطحٰی طَحیًا۔ پہلو پر لیٹنا۔

الطَّخیَۃ۔ بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ (ن) طَخًّا۔ الشَّیئَ: پھینکنا اور دُور کرنا۔
(طُخُوُخًا) بد خلق ہونا۔
المِطخَّۃ۔ ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَتْ (س) طَخَشًا۔ العَینُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخطَخَ۔ الشَّیئَ: برابر کرنا۔ ایک کو دوسرے سے ملانا ۔۔۔ اللَّیلَ: تاریک کرنا۔
تَطَخطَخَ۔ اللَّیلُ: تاریک ہونا ۔۔۔ السَّحَابُ: بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخطَاخ۔ گھرا ہوا بادل۔ بد خلق۔
الطُّخَاطِخ۔ تاریکی۔
طَخَمَ۔ (ف) طَخمًا و طَخُمَ (ک) طَخَامَۃً۔ تکبر کرنا۔
اِطخَمَّ۔ اللَّحمُ: خشک ہو کر سیاہی مائل ہونا۔
الطَّخمَۃ۔ بکریوں کا گلہ۔
الطُّخمَۃ۔ ناک کے اگلے حصّے کی سیاہی۔
الاَطخَم۔ جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصّہ (۔۔۔ و الطَّخِیم) خشک گوشت۔
طَخَا یَطخُوُ طَخوًا و طُخُوًّا۔ اللَّیلُ: تاریک ہونا۔
الطَّخَاء۔ بلند بادل۔ دِل کی گھبراہٹ۔
الطَّخیَۃ و الطِّخیَۃ و الطُّخیَۃ۔ تاریکی۔ بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطَّخیَۃ: بیوقوف ج طَخیُوُن۔
الطخواء و الطخیاء۔ مِنَ اللَّیَالِی: تاریک راتیں۔
الطَّاخِیَۃ۔ سخت تاریکی۔
طَرَّ (ن) طَرًّا۔ المَاشِیَۃ: جانوروں کو زور سے ہانکنا ۔۔۔ الاِبِلَ: اُونٹوں کو اطراف سے گھیرنا ۔۔۔ الشَّیئَ: کاٹنا ۔۔۔ الثَّوبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔ الاِبِلُ الجِبَالَ: اُونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔
طَرَّ القَومَ: کسی قوم پر گزرنا ۔۔۔ السِّکِّینَ: چھری تیز کرنا۔ البُنیَانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا۔ الحَوضَ: حوض کو لیپنا ۔۔۔ المَالَ: مال چھینا اور اسی سے ہے "طَرَّ عَقلَہٗ" فُلَانًا: طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔
طَرَّ (ن ض) طَرًّا و طُرُوُرًا۔ الشَّارِبُ او النَّبَاتُ۔ مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔ طَرَّتِ النُّجُوُمُ: ستاروں کا روشن ہونا ۔۔۔ یَدُہٗ: زخم کی وجہ سے گر جانا۔ الرَّجُلُ مِنَ السَّطحِ: گرنا۔
اَطَرَّہٗ۔ گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ اَطَرَّہٗ عَلَی الاَمرِ۔ برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجَارِیَۃُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطَّرّ۔ کنارہ ج اَطرَار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَحمِیْ اَطرَارَ البِلَادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جَاؤُا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطُّرَّۃ۔ کمر۔
الطُّرَّۃ۔ پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر و طِرَار و اَطرَار اور اس لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغراء ہے۔
غُلَامٌ طَارٌّ و طَرِیرٌ۔ جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔ سِنَانٌ طَرِیرٌ: تیز نیزہ۔
المُطِر۔ فا۔ غَضَبٌ مُطِرٌّ: بے موقع غضب۔
الطِّرِّیَان۔ تشتری۔ طباق۔
المُطَرَّۃ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَھُم مُطَرَّۃٌ حَسَنَۃٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ (ف) طَرءًا و طُرُوْءًا۔ عَلَیْھِم: دُور سے اور اچانک آجانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَیَّ ھَمٌّ لَا اُطِیقُہٗ" میرے اوپر ایسا غم آپڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ (ک) طَرَاءَۃً و طَرَاءً: النَّبَاتُ۔ ترو تازہ ہونا۔ صفت طَرِیٌّ۔
اَطرَأَہٗ۔ حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِی۔ فا۔ اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج طُرَّاءٌ طَرَاءٌ۔
الطَّارِئَۃ۔ مؤنث طَارِی۔ مصیبت۔ ج طَوَارِی و طَارِئَات۔ اور طَارِئَۃٌ کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطُّرآن۔ راستہ۔ اَمرِ منکر۔ غیر پسندیدہ بات۔

کہا جاتا ہے "حَمَّامٌ طُرآنِی" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "کَلَامٌ طُرآنِی" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب وتہذیب سے گرا ہوا ہو۔

طُرْاَۃُ السَّیْلِ۔ سیلاب کا زور۔

طَرِبَ (س) طَرَبًا۔ خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ۔

طَرَّبَ۔ گانا ــــ فِیْ صَوْتِہٖ : سُر نکالنا ــــ عَنِ الطَّرِیْقِ :ہٹ جانا۔ طَرَّبَہٗ و اَطْرَبَہٗ و تَطَرَّبَہٗ۔ خوشی پر برانگیختہ کرنا۔

اِسْتَطْرَبَ۔ بہت خوش ہونا ــــ فُلَانًا۔ خوش ہونے کو کہنا ــــ الْاِبِلَ :حُدِی سے حرکت میں لانا۔

الطُّرُوْبُ و المِطْرَابُ و المِطْرَابَۃُ۔ بہت زیادہ خوش۔

المَطْرَبُ و المَطْرَبَۃُ۔ تنگ راستہ۔ ج مَطَارِبُ۔ المَطَارِبُ :متفرق راستے۔

الطِّرْبَالُ۔ ہر بلند عمارت۔ دور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِیْلُ۔ طَرَابِیْلُ الشَّامِ : ملک شام کے گرجے۔

الطِّرْبِیْلُ۔ گانے کی مشین۔ ج طَرَابِیْلُ۔

طَرَحَ (ف) طَرْحًا۔ الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ :پھینک دینا ــــ عَنْہُ :ڈال دینا اور دور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوٰی بِفُلَانٍ کُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَیْہِ :کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الْاُنْثٰی : حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ : حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا ــــ عَلَیْہِ المَسْاَلَۃَ :مسالہ پیش کرنا۔

طَرِحَ (س) طَرَحًا۔ بدخلق ہونا۔ خوش عیش ہونا۔

طَرَّحَ۔ طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِہٖ السَّفَرُ اِلٰی نَاحِیَۃِ کَذَا : سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الْاُنْثٰی : حمل گرواتا ــــ البِنَاءَ :عمارت کو بہت بلند کرنا۔

طَارَحَہٗ مُطَارَحَۃً۔ الکَلَامَ او الشِّعْرَ او الغِنَاءَ :گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔

اِطَّرَحَہٗ۔ پھینک دینا۔ دور کر دینا۔

تَطَارَحَ۔ القَوْمُ الکَلَامَ او الغِنَاءَ :ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔

الطِّرْحُ۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔

الطَّرْحُ و الطَّرُوْحُ و الطَّرَاحُ۔ مکان بعید۔

الطَّرُوْحُ : لمبی شاخوں والا درخت خرما ج طُرُوْحٌ۔

الطَّرْحَۃُ۔ چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔

الطَّرِیْحُ۔ ڈالا ہوا، پھینکا ہوا ج طَرْحٰی۔

الطُّرَّحُ۔ ڈالا ہوا، پھینکا ہوا۔

الْاُطْرُوْحَۃُ۔ سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔

المَطْرَحُ۔ ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطَارِحُ۔ کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَکَ ھٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔

طَرْفٌ مِطْرَحٌ۔ دور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔

المُطَّرَحُ مفع قَوْلٌ مُطَّرَحٌ : وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

الطَّرْخَانُ و الطُّرْخَانُ۔ رئیس۔ ج طَرَاخِنَۃُ۔

الطَّرْخُوْنُ۔ ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔

الطِّرِّیْخُ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

اِطْرَخَمَّ۔ اللَّیْلُ : تاریک ہونا ــــ الرَّجُلُ :نگاہ کمزور ہونا۔

طَرَدَہٗ (ن) طَرْدًا و طَرَدًا۔ دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا ــــ ہٗ مِنْ بِلَادِہٖ :جلاوطن کرنا۔ طَرَدَ الْاِبِلَ :ادھر ادھر سے جمع کر کے ہانکنا۔

طَرِدَ (س) طَرَدًا۔ شکار کا پیچھا کرنا۔

طَرَّدَ السَّوْطَ : اُٹھانا۔ طَرَّدَہٗ عَنِ البَلَدِ۔ جلاوطن کرنا۔

طَارَدَ طِرَادًا و مُطَارَدَۃً۔ الْاَقْرَانَ : ایک کا دوسرے کے اوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔

اَطْرَدَہٗ۔ جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔

تَطَارَدَ۔ القَوْمُ :بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔

اِنْطَرَدَ۔ جلاوطن ہونا۔

اِطَّرَدَ۔ دور رہنا ــــ الْاَمْرُ :ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا ــــ الْاَنْھَارُ : جاری ہونا ــــ القَوْمُ اِلَی المَسِیْرِ : پے در پے چلنا۔

اِسْتَطْرَدَ لَہٗ :فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَیْہِ الْاَمْرُ : پہنچنا۔

الطَّرَدُ۔ کھجور کے پودے۔ ج طُرُوْدٌ۔

الطَّرَدُ۔ پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔

الطَّرَّادُ۔ طَارِدٌ کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز، کشادہ مکان۔ لمبا دن۔

الطَّرِیْدُ۔ دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے ــــ مِنَ الْاَیَّامِ لمبا دن۔

الطَّرِیْدَانِ۔ رات دن۔

الطَّرِیْدَۃُ۔ بھگایا ہوا شکار، ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لیے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِدُ۔

الطِّرَادُ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَمْشِیْ مَشْیًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔

المِطْرَدُ۔ چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِدُ۔

یَوْمٌ مُطَّرِدٌ۔ لمبا دن۔

حُکْمٌ مُطَّرِدٌ۔ عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَۃٌ مُطَّرِدَۃٌ"

المَطْرَدَۃُ و المِطْرَدَۃُ۔ وسط راستہ۔ شاہراہ

المَطْرَدَۃُ :دھتکارنے کا سبب۔

طَرِزَ (س) طَرَزًا۔ بدخلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا ــــ فِی المَلْبَسِ :لباسِ فاخرہ استعمال کرنا۔

طَرَزَہٗ (ن) طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَرَّزَ۔ الثَّوْبَ :بیل بوٹے بنانا۔

تَطَرَّزَ۔ الثَّوْبُ : بیل بوٹے والا ہونا۔ فِیْ لُبْسِہٖ :لباسِ فاخرہ پہننا۔

الطَّرْزُ۔ ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔

الطِّرَازُ۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے

"هٰذَاعَلٰی طِرَازِذَاكَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَیْسَ هٰذَامِنْ طِرَازِذَاكَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں۔ ج طُرُز۔

الطِرَازَة۔ بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔

الطَرَّازَ و المُطَرِّز۔ بیل بوٹے بنانے والا۔

طَرَسَ (ض) طَرْسًا۔ الشَّیَٔ : مٹانا ___ الکِتَابَ : لکھنا۔

طَرَّسَ۔ الکِتَابَ : اچھی طرح مٹانا ___ البَابَ : دروازہ کالا کرنا ___ الکَاتِبُ : لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَه : فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔

تَطَرَّسَ فِی المَآکِلِ : عمدہ کھانے کھانا ___ عَنِ الشَّیِٔ : پرہیز کرنا۔

الطِرْس۔ صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج اَطْرَاس و طُرُوْس۔

طَرِشَ (س) طَرَشًا۔ بہرا ہونا۔ صفت اَطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش۔

تَطَارَشَ۔ بتکلف بہرا بننا۔

الطَرَش و الطُرْشَة۔ بہراپن۔

الأُطْرُش و الأُطْرُوْش۔ بہرا۔

طَرْشَمَ۔ اللَیْل : تاریک ہونا۔

طَرِطَ (س) طَرْطًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِطٌ۔ ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت طَارِطُ۔ الحَاجِبَیْنِ و طَرِطُهُمَا و اَطْرَطُهُمَا و اَطْرَطُ۔ مؤنث طَرْطَاء۔ اِمْرَاَةٌ طَرْطَاءُ العَیْنَیْنِ جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔

طَرْطَرَ۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔

طُرْطُوْر۔ لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرْطُوْر اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُوْرَة بھی کہتے ہیں۔

طَرَفَهٗ (ض) طَرْفًا۔ طمانچہ مارنا۔ طَرَفَه عَنْهُ : واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهٗ اَوْ بِعَیْنِہٖ : جھپکانا۔ عَیْنَهٗ : آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَةٌ۔ طَرَفَتْ عَیْنُه : نظر پھرانا ___ فُلَانٌ : دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِیَتْ مِنْهُمْ عَیْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا سب مر گئے یا قتل کیے گئے۔

طَرُفَ (ک) طَرَافَةً۔ نیا مال ہونا۔

طَرَّفَهٗ۔ ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الخَیْلَ : گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَه : پورے کو مہندی سے رنگنا ___ الشَّیُٔ : پسند کرنا۔

اَطْرَفَ۔ نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ کَذَا بِکَذَا : لاحق کرنا ___ ہ الشَّیَٔ : تحفہ دینا۔

تَطَرَّفَ۔ ایک کنارہ میں ہونا ___ الشَّیُٔ : کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ___ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ___ الشَّیُٔ : اطراف سے لینا۔ پسند کرنا ___ عَلَیْهِمْ : غارت ڈالنا۔

اِطَّرَفَ۔ الشَّیَٔ : نئی چیز خریدنا۔

اِسْتَطْرَفَهٗ۔ نیا سمجھنا ___ الشَّیَٔ : نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔

الطَرْف۔ آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ ج۔ اَطْرَاف۔ الطَرْف : شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِیٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔

الطِرْف۔ نجیب الطرفین۔ ج اَطْرَاف۔ اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْفٌ و اَطْرَافٌ مؤنث طِرْفَةٌ۔ نیا مال۔ مِنَ النَبَاتِ : جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو ___ مِنَ النَاسِ : جو بوجہ ملالِ طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِیْ نَسَبِہٖ : نئی شرافت والا۔ اِمْرَاَةٌ طِرْفُ الْحَدِیْثِ : خوش کلام عورت۔

الطَرَف۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اَطْرَاف جج اَطَارِیْف۔ اَطْرَافُ البَدَنِ : دونوں ہاتھ' دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَاسِ : ادنی قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانی شرفاء۔ اَطْرَافُ الرَّجُلِ : اقرباء۔

الطَرِف۔ غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔

الطَرْفَة۔ خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔

الطُرْفَة۔ ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَفٌ۔

الطَرْفَاء۔ جھاؤ کا درخت۔

الطَارِف۔ فا۔ نیا مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَالِدُ : پرانا مال۔

الطَارِفَة۔ مؤنث طَارِفٌ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَیْنٍ" یعنی اتنا مالِ کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِف۔ الطَوَارِف : آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَاتَرَاهُ الطَوَارِفُ طَوَارِفُ الْخِبَاءِ" : خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لیے اٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ القَرَائِح : طبیعت کے لطائف و ظرائف۔

الطَرِیْف۔ نادر میوہ ___ مِنَ المَال : نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَلِیْد : پرانا مال۔ الطَرِیْف : نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرُف و طِرَاف۔

الطَرِیْفَة۔ طَرِیْف کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَرَائِف۔ کہا جاتا ہے "طَرَائِف الْحَدِیْثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَ كَ طَرِیْفَةُ خَبَرٍ تَطْرِفُنَا بِہٖ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔

الأُطْرُوْفَة۔ نئی عمدہ نادر بات۔

الطِرَاف۔ چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُرُف۔ شرافت و بزرگی۔

المُطْرِف۔ مِنَ المَالِ : نیا مال حاصل کرنے والا۔

المِطْرَف و المُطْرَف۔ نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مَطَارِف۔

طَرْفَسَ۔ نظر تیز کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا ___ اللَیْلُ : رات کا تاریک ہونا ___ المَوْرَدُ گھاٹ کا گدلا ہونا ___ المَاءَ : پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔

الطِرْفِسَان۔ تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔

الطِرْفِسَاء۔ تاریک۔

طَرَقَهٗ (ن) طَرْقًا۔ ہتھوڑا مارنا ___ النَجَّارُ الصُوفَ : اون دھنتا ___ الشَّیَٔ : بجانا ___ البَابَ : دروازہ کھٹکھٹانا ___ الاِبِلُ المَاءَ : اونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الرَّجُلُ : جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (___ طَرْقًا و طُرُوْقًا) الْقَوْمُ : رات کے وقت آنا۔

طَرِقَ(س)طَرَقًا۔گدلا پانی پینا ۔۔۔ طَرَقًا البَعِیرُ: اُونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی پنڈلی میں کجی ہونا۔صفت اَطْرَق۔مؤنث طَرْقَاء ج طُرْق۔

طَرَّقَ لَهٗ: راستہ بنانا ۔۔۔ المَوْضَعَ: راستہ اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا المَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔ "طَرَّقَ طَرِیْقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا ۔۔۔ الحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔ طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: بچے کو مشکل سے جننا۔ القَطَاةُ: انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّي" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔

طَارَقَ۔بَیْنَ الثَوْبَیْنِ: اُوپر نیچے پہننا۔ الظَلَامُ اوالغَمَامُ: تاریکی یا بادل کا پے در پے آنا۔

اَطْرَقَ۔ خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْرَقَ رَاسَهٗ" یعنی سر جھکایا ۔۔۔ اِلَی اللَّهْوِ: مائل ہونا ۔۔۔ الصَیْدَ: جال لگانا اَطْرَقَتِ الاِبِلُ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ الرَجُلُ: پیدل چلنا۔ نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ۔ اِلَیْهِ: چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔ اِلَی الاَمْرِ: راستہ تلاش کرنا۔

اِطَّرَقَتِ۔الاِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔ متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔ اِطَّرَقَ جَنَاحُ الطَیْرِ: پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا ۔۔۔ التُرَابُ: مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَیْئُ: پے در پے ہونا۔ تَطَارَقَتِ الاِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَطْرَقَ۔ الشَیْئَ: راستہ بنانا ۔۔۔ بَیْنَ الصُفُوْفِ: صفوں کے درمیان چلنا ۔۔۔ ہ: کنکری پھینکنے کو کہنا۔

الطَرْقُ و الطُرْقُ و الطَرْقَةُ۔ مرتبہ۔ دفعہ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ طَرْقَیْنِ" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا۔

الطَرْقُ والطِرْقُ۔پھندا۔جال ج اَطْرَاق۔

الطَرْقَةُ۔پھندا۔جال۔ج طُرَق۔

الطَرْقُ۔مشک کی سلوٹ۔ج اَطْرَاق۔ پانی جمع ہونے کے مواضع۔ اُونٹوں کے پیر کے نشانات۔ اَطْرَاقُ البَطْنِ: پیٹ کی سلوٹ۔

الطِرْقَةُ۔طَرَق کا اسم نوع۔طریقہ۔ج طِرَق۔

الطُرْقَةُ۔راستہ۔طریقہ۔عادت۔لالچ۔تہ بتہ پتھر ج طُرَق۔

الطِرَاقُ۔جوتے کا چمڑا۔لوہا کہ جس کو چوڑا کر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھیں۔ج طُرُق۔

الطَرِیقُ۔راستہ (مذکر و مؤنث) ج طُرُق اَطْرُق واَطْرِقَةٌ واَطْرِقَاءُ وجج طُرُقَات۔

الطَرِیْقَةُ۔ عادت۔ حالت۔ مذہب دھاری۔ کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔ لمبا کھجور کا درخت۔ خیمے کا ستون۔ سائبان کا ستون۔ قوم کا شریف اور افضل۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَرِیْقَةُ قَوْمِهٖ وهُمْ طَرِیْقَةُ قَوْمِهِمْ۔ یا وَهُمْ طَرَائِقُ قَوْمِهِمْ ج طَرَائِق۔ ثَوْبٌ طَرَائِقُ پرانا کپڑا اَطْرَائِقُ الدَهْرِ: حوادثِ دہر۔

الطَارِقُ۔ فا۔ رات کو آنے والا۔ ج طُرَّاق و اَطْرَاق۔ صبح کا ستارہ۔

الطَارِقَةُ۔طارق کا مؤنث۔مصیبت۔قبیلہ مرد۔ چھوٹا تخت۔ج طَوَارِق وطَارِقَات۔

الطِرِّیْقُ۔ مؤنث طِرِّیْقَةٌ۔ المِطْرَاقُ۔ ج مَطَارِیْق۔ بہت سر جھکانے والا۔

المِطْرَقُ و المِطْرَقَةُ۔ روئی، اُون دھننے کا ڈنڈا۔ ہتھوڑا۔ ج مَطَارِق۔

المَطْرُوْقُ۔ مفع۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جنون اور بیوقوفی ہو۔ مَاءٌ مَطْرُوْقٌ: وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی و پیشاب کریں۔

المِطْرَاقُ۔ نظیر۔ ج مَطَارِیق۔ المَطَارِیْقُ: پیدل چلنے والے لوگ۔ اُونٹوں کی قطار۔

طَرِمَ(س)طَرَمًا۔بَیْتُ النَحْلِ: شہد سے بھرنا ۔۔۔ طَرَمًا العَسَلُ: چھتے سے شہد بہنا۔

اَطْرَمَتْ۔اَسْنَانُهٗ: دانتوں پر میل جمنا۔ اَطْرَمَ فُوْهُ: منہ کا بد مزہ یا بدبو دار ہونا۔

تَطَرَّمَ فِی الکَلَامِ: کلام کرنے میں رک جانا۔

الطَرْمُ و الطِرْمُ و الطِرْیَمُ۔شہد۔ الطِرْیَمُ تہ بتہ بادل۔ رَجُلٌ طِرْیَمٌ: مرد دراز قد۔

الطَرْمَةُ۔جگر۔

الطَرْمَةُ والطِرْمَةُ والطُرْمَةُ۔اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الطُرَامَةُ۔ دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا۔ منہ کے اوپر خشک تھوک۔

الطَرِیْمُ۔غصہ۔

الطُرْمُوْثُ۔بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

طَرْمَحَ۔البِنَاءَ: لمبی بنانا۔

الطِرْمَاحُ والطِرِمَّاحُ والطُرْمُوحُ۔ لمبا۔

الطِرِمَّاحُ: مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بیں۔

طَرْمَذَ۔ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت طِرْمَاذ و طِرْمِذَان۔

طَرْمَسَ۔ گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ جاننا۔ بھاگنا ۔۔۔ الوَجْهُ: ترش رو ہونا ۔۔۔ الکَاتِبُ الکِتَابَةَ: مٹانا (۔۔۔ واطْرَمَّسَ) اللَیْلُ: تاریک ہونا۔

الطِرْمَاسُ و الطِرْمِسُ و الطِرْمِسَاءُ۔ سخت تاریکی۔

الطُرْمُوْسُ و الطُرْمُوْسَةُ۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

الطُرْمُوْقُ۔چمگادڑ۔

طَرُوَ یَطْرُوْ و طَرِیَ یَطْرَی طَرَاوَةً و طَرَاءَةً و طَرَاوَةً و طَرَاءَةً۔ الغُصْنُ او اللَّحْمُ: ٹہنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طَرِیٌّ۔

طَرَا یَطْرُوْ طُرُوًّا۔عَلَیْهِمْ: دور سے آنا۔

طَرَّی۔الشَیْئَ: تر و تازہ کرنا ۔۔۔ الطِیْبَ: خوشبوؤں کو مخلوط کرنا ۔۔۔ الطَعَامَ: کھانے میں مسالہ ملانا۔

اَطْرَی اِطْرَاءً فُلَانًا: تعریف میں مبالغہ کرنا۔

اِطْرَوْرَی۔ تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔

الطَرَا۔جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔ لاتعداد مخلوق۔

الطَرِیُّ۔نرم تازہ۔

الاِطْرِیَةُ۔سویاں۔

الاُطْرُوَانُ مِنَ الشَبَابِ: ابتدائے شباب۔ عنفوانِ شباب۔

طَرِیَ(س)طَرًی۔اِلَیْهِ: متوجہ ہونا۔

طَرَزَهٗ(ن)طَرْزًا۔گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَسَّهُ (ن) طَسًّا۔ غالب آنا اور خاموش کرنا
ـــــ ہ فِی الْمَاءِ: غوطہ دینا۔ طَسَّ الْقَوْمَ: سیر میں دُور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ طَسَّ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
طَسْتَسَ۔ جانا ـــــ فِی الْبِلَادِ: سفر کرنا۔
الطَّسُّ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج اَطْسَاس و طُسُوس و طَسِیس۔
الطِّسَّۃ و الطَّسَّۃ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج طَسَّات و طِسَّات و طِسَسٌ و طِسَاس۔
الطَّسَّاس۔ برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔
الطِّسَاسَۃ۔ برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔
طَسَأَ (ف) طَسْأً و طَسِئَ (س) طَسْأً تخمہ ہونا۔ صفت طَاسِئٌ طَسِیْئٌ۔ طَسَاْمِنْہُ: شرم کرنا۔
اَطْسَأَہُ۔ بدہضمی کرنا۔
الطُّسْأَۃ۔ تخمہ۔ ہیضہ۔
الطَّسْتُ۔ ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طُسُوْت۔
طَسَعَ (ف) طَسْعًا فِی الْبِلَادِ: جانا۔
طَسِعَ (س) طَسَعًا۔ بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ و طَسِیْع۔
طَسَمَ (ن) طَسْمًا۔ الشَّیْئَ: مٹانا۔
طَسَمَ (ض) طُسُوْمًا۔ مٹنا۔
طَسِمَ (س) طَسَمًا۔ ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔
الطَّسَم۔ تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔
طَسْمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَاب: تھوڑے سے بادل۔
الطَّسَام و الطُّسَام و الطَّسَّام۔ مِنَ الْغُبَار: بہت زیادہ غبار۔
طَشَتِ (ن ض) طَشًّا و اَطَشَّتِ السَّمَاءُ: پھوہار برسانا۔
طُشَّ۔ الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔
الطُّشَاشُ و الطُّشَّۃ۔ زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔
الطَّشَاش۔ کمزوری نگاہ۔
الطِّشَّۃ۔ چھوٹا بچہ۔

طَعِمَ (ش) طَعْمًا و طُعْمًا۔ الشَّیْئَ: چکھنا
ـــــ عَلَیْہِ: قادر ہونا۔
طَعِمَ (س) طَعْمًا و طَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (ـــــ طَعْمًا) الغُصْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔
طَعَمَ (ف) طَعْمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَطْعَمُ آکِلُ ھٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔
طَعَّمَ الغُصْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَّمَ العَظْمُ" گودے دار ہونا۔
اَطْعَمَ۔ الغُصْنَ: پیوند لگانا ـــــ ہٗ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا ـــــ الشَّجَرُ: پھل دینا' پھل پکنا ـــــ الشَّیْئُ: مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔
طَاعَمَ و تَطَاعَمَ۔ الحَمَامَ: مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَہٗ: ساتھ کھانا۔
تَطَعَّمَ۔ الشَّیْئَ: چکھنا۔
اِطَّعَمَ۔ مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَۃُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "ھُوَ لَا یَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کردے۔
اِسْتَطْعَمَ۔ مزہ پانا ـــــ ہ: کھانا مانگنا ـــــ الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنے کے لیے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمَہ الحَدِیْثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لیے کہا۔
الطَّعْم۔ مزہ ج طُعُوم۔ کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْطَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔
الطُّعْم۔ کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا طَعَامٌ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لیے ڈالے جائیں۔
الطِّعْمَۃ۔ کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔
الطُّعْمَۃُ۔ خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَیْعَتِی طُعْمَۃً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لیے عاریت پر دے دی ج

طُعَم۔
الطَّعَام۔ خوراک ج اَطْعِمَۃ جج اَطْعِمَات۔ گیہوں۔
الطَّعِمُ و الطَّاعِم۔ خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِکُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُوْرٌ طَعُوْمٌ و طَعِیْم۔ ذبح کرنے کے اُونٹ نہ دُبلے نہ موٹے۔ الطعومۃ: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔
الطَّعَامِیّ۔ کھانا بیچنے والا۔
المَطْعَم۔ کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم۔
المِطْعَم۔ زیادہ کھانے والا۔
المُطْعَام۔ مہمان نواز۔
المُطْعَم۔ مفعر۔ رزق دیا ہوا۔
المُطْعُوْم۔ مفعر۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ ٹیکہ۔
طَعَنَہٗ (ف ن) طَعْنًا۔ نیزہ مارنا اور چبھونا ـــــ فِی المَفَازَۃِ: جانا ـــــ فِی السِّنِّ: بوڑھا ہونا ـــــ الفَرَسُ فِی الْعِنَانِ: لگام کھینچ کر تیز چلنا ـــــ طَعْنًا و طَعَنَانًا: فِی الرَّجُلِ و عَلَیْہِ) عیب لگانا۔ طَعَنَہٗ: مارنا ـــــ اللَّیْلَ: ساری رات چلنا۔
طُعِنَ۔ الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔
تَطَاعَنَ الْقَوْمُ تَطَاعُنًا و طِعَانًا و اِطَّعَنُوْا۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الطَّعْنَۃ۔ نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان۔ ج طَعْن و طَعَنَات۔
الطَّاعُوْن۔ پلیگ۔ وبائی موت۔ ج طَوَاعِیْن۔
الطَّعَّان و المِطْعَن و المِطْعَان۔ بہت نیزہ مارنے والا ج مَطَاعِن و مَطَاعِیْن اور اسی سے ہے "ھُوَ طَعَّانٌ فِی اَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔
الطَّعِیْن۔ نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعُنٌ۔
الطِّعِّیْن۔ جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔
المَطْعَنَۃ۔ نیزہ بازی۔
طَغَرَہٗ (ف) طَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الطُّغْرَاء و الطُّغْرَی۔ شاہی فرامین اور سکون

کی علامت۔ج طُغرِاءات و طُغرِیات۔
الطُغرائِیّ۔ طغرا بنانے والا۔
تَطَغَّمَ۔ عَلَیْہِ :جاہل بننا۔
طُغمَۃ۔ جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُغمَات و طُغَم۔
الطَغم۔ سمندر۔بہت پانی۔
الطَغام۔ کمینے لوگ (واحد و جمع) معمولی۔ پرندے۔ واحد طَغامَۃٌ۔ الطَغامَۃ :بیوقوف۔
الطُغمُومَۃ و الطُغمُومِیَّۃ۔ بیوقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغمَشَ الرَّجُلُ :کمزور نظر ہونا۔ اِلَیْہِ :کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغمِشٌ۔
الطَغمَشَۃ۔ ضعف بصر۔
طَغَا یَطغُو طُغُوًا اُطغُوًّا و طُغوَانًا۔ حد سے بڑھ جانا ـــــ البَحرُ :سمندر کا جوش مارنا۔ السَّیلُ :سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَی۔ المَوجُ :موجوں کا جوش مارنا۔
اَطغَاہ و طَغَّاہُ۔ سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اَطغَاہ المَالُ و نَحوُہٗ :سرکش بنا دینا۔
الطَغوَۃ۔ بلند جگہ۔ ج طَغَوَات۔
الطَغوَی۔ سرکشی۔
الطَاغُوت۔ ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل۔ ج طَوَاغ و طَوَاغِیت۔ الطَوَاغِی و الطَوَاغِیت : بت خانے۔
طَغَی و طَغِیَ یَطغَی طَغیًا و طُغیَانًا و طِغیَانًا بمعنی طَغَا اور ی ـــــ الکَافِرُ :کفر میں غلو کرنا ـــــ الرَّجُلُ :ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا ـــــ المَاءُ :بلند ہونا۔
طَغَّی و اَطغَی۔ فُلانًا :سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔ سرکش بنانا۔
الطَغیَۃ۔ اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَاغِی۔ فا۔ ظالم۔ طُغَاۃ۔ طَاغُونَ۔
الطَاغِیَۃ۔ مؤنث طَاغِی۔ جبار۔ متکبر۔ سرکش۔ بیوقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب اور بسا اوقات عرب رومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ (ن ض) طَفًّا الشَّیْءُ مِنْہُ :قریب ہونا ـــــ الحَائِطَ :دیوار پر چڑھنا۔ طَفَّہٗ بِرِجلِہٖ او بِیَدِہٖ :پیر سے یا ہاتھ سے اٹھانا۔
طَفَّفَ۔ المِکیَالَ :کم ناپنا ـــــ الطَّائِرُ : پرندہ کا بازو پھیلانا ـــــ عَلٰی عِیَالِہٖ :بال بچوں پر بخل کرنا۔ طَفَّفَتِ الشَّمسُ :آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــــ بِہٖ مَوضِعَ کَذَا :قریب کرنا۔
اَطَفَّ عَلَیْہِ :جھانکنا ـــــ الکَیْلَ :بھرنا ـــــ لَہٗ :فریب دینے کا ارادہ کرنا ـــــ عَلَیْہِ :مشتمل ہونا ـــــ عَلَیْہِ بِحَجَرٍ :پھینکنے کے لیے اٹھانا ـــــ لَہُ السَّیفَ :تلوار کو جھکانا۔
اِستَطَفَّ عَلَیْہِ :جھانکنا۔ اِستَطَفَّتِ الحَاجَۃُ :حاجت کا پورا ہونا۔
الطَفُّ۔ بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن۔ مکان۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج طُفُوف۔ (ـــــ و الطَفَف و الطَفَاف و الطِفَاف و الطُفَافَۃ) مِنَ الاِنَاءِ : برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ الطَفَاف و الطِفَاف :رات کی تاریکی۔ طَفَافُ الشَّمسِ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا عِندَ طَفَافِ الشَّمسِ" غروب آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔
الطَفِیف۔ کم۔ نامکمل۔ حقیر خسیس۔
الطَافَّۃ۔ باغ کا گرد اگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔
الطَفُّ و الطَفَّاف۔ مِنَ الخَیلِ :ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔
اِنَاءٌ طَفَّان۔ لبالب برتن۔
طَفِئَت (س) طُفُوءًا۔ النَّارُ :آگ کا بجھنا ـــــ عَینُہٗ :آنکھ کا بے نور ہونا۔
اَطفَأَ۔ النَّارَ :آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "اَطفَأَ الفِتنَۃَ او الحَربَ :یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔
اِنطَفَأَت اِنطِفَاءً۔ النَّارُ :آگ کا بجھنا۔
المُطفِئُ۔ فا۔ مُطفِئُ الجَمرِ :ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطفِئُ الرَّضفِ :مصیبت۔
مُطفِئَۃُ الرَّضفِ :چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔
المِطفَأۃ۔ آگ بجھانے کا آلہ۔ ج مَطَافِئ۔
طَفَحَ (ف) طَفحًا و طُفُوحًا الاِنَاءُ :بھر جانا اور بہہ پڑنا ـــــ الاِنَاءَ :بھر دینا (لازم و متعدی) ـــــ السَّکرَانُ :شراب سے پُر ہونا ـــــ المَرأۃُ بِالوَلَدِ :پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "اَطفَحْ عَنِّی" یعنی جاؤ۔
طَفَّحَ و اَطفَحَ الاِنَاءَ :بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔
اِطَّفَحَ۔ القِدرُ :جھاگ نکالنا۔
الطِفَاح۔ پری۔
الطُفَاحَۃ۔ ہانڈی کے جھاگ۔
الطَفحَان۔ لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفحَی۔
الطَافِحَۃ۔ مؤنث طَافِحٌ۔ خشک۔
فَرَسٌ طَفَّاحُ۔ القَوَائِم :بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِطفَحَۃ۔ کفگیر۔
طَفَدَ (ض) طَفدًا۔ المَیِّتَ :دفن کرنا۔
الطَفدُ و الطَفَد۔ قبر۔ ج اَطفَاد۔
طَفَرَ (ض) طَفرًا و طُفُورًا۔ کودنا۔ اونچائی میں کودنا۔
طَفَّرَ۔ اللَّبَنُ :بالائی والا ہونا (ـــــ و اَطفَرَ) الفَرَسَ النَّهرَ :گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔
الطَفرَۃ۔ اونچائی کی کودائی ـــــ مِنَ اللَّبَنِ :بالائی۔
طَفِسَ (س) طَفَسًا و طَفَاسَۃً۔ گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ۔
طَفَسَ (ن) طُفُوسًا۔ الرَّجُلُ :مرنا۔
طَفطَفَ طَفطَفَۃً۔ دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔
الطَفطَفَۃ و الطِفطِفَۃ۔ کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف۔
الطُفطَاف۔ جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تر و تازہ نرم شاخیں۔
طَفِقَ (س) و طَفَقَ (ض) طَفقًا و طُفُوقًا۔ یَفعَلُ کَذَا۔ شروع کرنا۔ طَفِقَ المَوضِعَ :لازم ہونا۔ طَفِقَ بِمُرَادِہٖ :کامیاب ہونا۔
اَطفَقَہٗ بِمُرَادِہٖ :کامیاب کرانا۔
طَفُلَ (ک) طُفُولَۃً و طَفَالَۃً۔ نرم و نازک پروردہ

ہونا۔

طَفَلَ (ن) طُفُوْلاً۔ رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔

طَفِلَ (س) طَفَلاً و طُفِلَ النَّبَاتُ : نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔

طَفَّلَ اللَّیْلُ : قریب ہونا۔ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ___ الرَّجُلُ : طفیلی ہونا ___ الکَلَامَ : غور کرنا۔

طَفَّلَهٗ : نرمی برتنا اور یہ طَفَّلَ الرَّاعِیُ الاِبِلَ سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔

اَطْفَلَ۔ رات کے وقت داخل ہونا۔

اِطْفَلَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا ___ الاُنْثٰی : بچے والی ہونا۔ اَطْفَلَ الکَلَامَ : سوچنا۔

تَطَفَّلَ۔ بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔

الطَّفْلُ۔ نرم و نازک۔ ج طِفَال و طُفُوْل مؤنث طَفْلَة۔

الطِّفْلُ۔ ہرچیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسْعٰی لِیْ فِیْ اَطْفَالِ الحَاجَاتِ" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر وحشی جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة۔ کہا جاتا ہے جَارِيَةٌ طِفْلٌ و طِفْلَةٌ اور طِفْلٌ واحد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے اسلئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِّفْلُ : حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تَطَايَرَتْ اَطْفَالُ النَّارِ" یعنی چنگاری اُڑی۔ رِيْحٌ طِفْلٌ : نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج اَطْفَال۔

الطَّفَلُ۔ بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الغَدَاةِ : طلوعِ آفتاب کے کچھ بعد۔ طَفَلُ العَشِیِّ : غروبِ آفتاب سے کچھ قبل۔

الطُّفَالُ و الطِّفَالُ۔ خشک گارا۔

الطُّفُوْلِيَّةُ و الطَّفَالَةُ و الطُّفُوْلَةُ۔ بچپنا۔

الطُّفَيْلُ۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الطُّفَيْلِیُّ۔ بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔

المُطْفِلُ۔ بچے والی (انسان ہو یا جانور) ج مَطَافِل و مَطَافِيْل۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مُطْفِلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔

طَفَنَ (ن) طَفْنًا۔ مرنا ___ ہ : قید کرنا۔

اِطْفَانَّ۔ المَكَانُ : قابل اطمینان ہونا ___ الرَّجُلُ : اچھی عادت والا ہونا۔

الطَّفَانِيْنُ۔ جھوٹ۔ لغو بیہودہ گفتگو۔ قید۔

طَفَا يَطْفُوْ طَفْوًا و طُفُوًّا۔ پانی پر آجانا اور تہ نشین نہ ہونا اور اسی سے ہے "السَّمَكُ الطَّافِیْ" جو مچھلی کہ پانی میں مرجائے اور اوپر آجائے ___ الظَّبْیُ : ہرن کا تیز دوڑنا ___ فَوْقَ الفَرَسِ : کود کر گھوڑے پر بیٹھنا ___ فِی الاَرْضِ : داخل ہونا ___ فُلَانٌ : مرنا۔

الطُّفَاوَةُ۔ ہانڈی کا جھاگ۔ کہا جاتا ہے "اَصَبْنَا طُفَاوَةً مِنَ الرَّبِيْعِ" یعنی کچھ تھوڑا سا حصہ ملا۔ آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔

الطَّفْوَةُ۔ باریک گھاس۔

الطُّفْيَةُ۔ خبیث قسم کا ایک سانپ ج طُفًی۔

طَقْ۔ پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔

الطَّقْسُ۔ طریقہ۔ طریقۂ دینیہ پر عموماً استعمال ہوتا ہے۔ ج طُقُوْس اور عوام کے نزدیک بمعنی حالت جو اور تغیرات جو اس میں لاحق ہوں۔

طَقْطَقَتْ طَقْطَقَةً۔ الدَّوَابُّ : جانوروں کے پاؤں سے آواز نکلنا۔

طَلَّ (ن) طَلًّا۔ الغَرِيْمَ : ٹالنا ___ ہ حَقَّهٗ کم کرنا یا باطل کرنا۔ طَلَّتِ السَّمَاءُ الاَرْضَ : زمین پر ہلکی بارش ہونا ___ ہ بِالدُّهْنِ : تیل ملنا۔ طَلَّ الاِبِلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا۔

طَلَّ (س) و طُلَّ طَلًّا و اُطِلَّ الدَّمُ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ صفت طَلِيْل و مَطْلُوْل و مُطَلّ۔

اَطَلَّ الدَّمَ : بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ الزَّمَانُ : قریب ہونا ___ عَلَيْهِ : جھانکنا ___ عَلٰی حَقِّیْ : غالب آنا۔ کہا جاتا ہے "اَطَلَّ عَلٰی فُلَانٍ بِالاَذٰی" یعنی ہمیشہ تکلیف پہنچائی۔

تَطَالَّ۔ گردن اُٹھا کر دور کی چیز دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَطَالَلْتُ لَهٗ" میں نے اس کو دیکھنے کے لیے گردن اُٹھائی۔

اِسْتَطَلَّ۔ عَلَيْهِ : جھانکنا ___ الفَرَسُ ذَنَبَهٗ و بِذَنَبِهٖ : گھوڑے کا دُم اُٹھانا۔

الطَّلُّ۔ ہلکی بارش۔ نمی ج طِلَال و طِلَل خوش نما دل پسند۔ بڑی عمر والا۔ سانپ (___ الطُّلّ) دودھ و بقول بعض خون۔ اونٹنی کے دودھ کی قلت۔

الطِّلُّ۔ سانپ۔

الطَّلَّةُ۔ خوش نما دل پسند۔ لذیذ خوشبو۔ لذیذ شراب۔ بیوی۔ ہلکی بارش کا تر کیا ہوا باغ۔ کھانے پینے کی وسعت۔ بڑھیا عورت۔ بدزبان۔

الطُّلَّةُ۔ ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن ج طُلَل۔

الطُّلَّاءُ۔ بے بدلہ خون۔

الطَّلَلُ۔ بلند جگہ۔ ویران مکانات کے نشانات۔ ہرچیز کا جسم اور اسی سے ہے "اَعْجَبَنِیْ طَلَلُهٗ وَ رَاقَنِیْ هَيْكَلُهٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا ج اَطْلَال و طُلُوْل۔ طَلَلُ السَّفِيْنَةِ : کشتی کا پردہ۔ طَلَلُ المَاءِ : پانی کی سطح

الطَّلَلُ مِنَ الدَّارِ : چبوترہ۔

الطَّلَالَةُ۔ ہرچیز کا جسم۔ اچھی ہیئت۔ اچھی حالت۔ ترو تازگی۔ شادمانی۔ ویران مکان کے نشانات۔

الطَّلِيْلُ۔ پرانی چٹائی۔ ج طِلَّة و اَطِلَّة و طُلُل۔

المُطِلُّ۔ بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔

المَطْلُوْلُ۔ مفعو ___ مِنَ الاَمَاكِنِ : جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

المُطَلِّل۔ کہر۔

طَلَبَ (ن) طَلَبًا۔ الشَّیْءَ : ڈھونڈنا۔ اِلَيْهِ : راغب ہونا۔

طَلَبَ (س) طَلَبًا۔ دور ہونا۔

تَطَلَّبَ و اِطَّلَبَ۔ الشَّیْءَ : تکلف کے ساتھ اور بار بار ڈھونڈنا۔

طَلَّبَ۔ الشَّیْءَ : مہلت سے ڈھونڈنا۔

طَالَبَهٗ طِلَابًا و مُطَالَبَةً۔ اپنا حق مانگنا۔

اَطْلَبَهٗ۔ مانگنے کے لیے مجبور کرنا۔ طلب کردہ چیز کو دینا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَبَهُ الفَقْرُ" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کردیا۔ اَطْلَبَ المَاءُ : دور ہونا کہ

بغیر ڈھونڈے نہ مل سکے۔

الطِّلْبَة۔ اسم ہے مطالبہ کا۔ طلب کی نوعیت (ـــــ و الطَّلِبَة) جو چیز طلب کی جائے۔

الطِّلْب۔ جو چیز طلب کی جائے۔ طلب کرنے والا۔ ج اَطْلاَب و طَلِبَة۔

الطُّلْبَة۔ دُور کا سفر۔

الطَّالِب۔ فا۔ شاگرد۔ ج طَلَبَةٌ و طُلاَّبٌ و طَلَبٌ و طُلَّبٌ۔

الطَّلُوْب۔ بہت زیادہ طلب کرنے والا۔ بِئْرٌ طَلُوْبٌ: کنواں جس کا پانی دور ہو۔ ج طُلُب۔

الطَّلِيْب۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔ ج طُلَبَاء۔

الطَّلاَّب۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔

الطَّلِيْبَة مؤنث طَلِيْبٌ ج طَلاَئِب۔

المَطْلَب۔ طلب کرنا۔ مقصد۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ ج مَطَالِب۔

المُطْلِب۔ فا۔ مَاءٌ مُطْلِبٌ: دور کا پانی۔

المَطْلُوْب۔ مفع۔ جو طلب کیا جائے۔ ج مَطَالِيْب۔

طَلَثَ (ن) طُلُوْثًا۔ المَاءُ: پانی بہنا۔ جاری ہونا۔

طَلَّثَ عَلَى كَذَا: زیادہ ہونا۔

الطُّلْثَة۔ جاہل۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن۔

طَلَحَ (ف) طَلْحًا و طَلاَحَةً البَعِيْرُ: اُونٹ کا تھکنا۔ صفت طَلْحٌ و طِلْحٌ و طَلِيْحٌ۔

طَلَّح البَعِيْرَ و طَلْحَهٗ و اَطْلَحَهٗ۔ تھکانا۔

طَلَّح عَلٰى فُلاَنٍ: اصرار کرنا۔ طَلَّحَ البَعِيْرُ: تھکنا۔

طَلَحَ (ن) طَلاَحًا۔ فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔

طَلِحَ (س) طَلَحًا و طَلِحَ: پیٹ خالی ہونا۔ صفت طَلِيْحٌ و طَلِح و طِلْحٌ۔ طَلِحَتِ الإِبِلُ طَلَحًا: ببول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔

الطَّلْح۔ شگوفہ۔ درخت خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلْحَة۔

الطِّلْح۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِيْرٌ طِلْحٌ و نَاقَةٌ طِلْحٌ ج اَطْلاَحٌ و طِلاَحٌ۔

مَكَانٌ طَلِحٌ۔ جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔

الطَّلَح۔ نعمت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ طَلَحٍ" وہ خوش عیش ہے۔

الطَّالِح۔ فا۔ بدکار۔ ج طَالِحُوْن و طُلَّحٌ۔ نَاقَةٌ طَالِحٌ و اِبِلٌ طُلَّحٌ: تھکے ہوئے اُونٹ۔

الطِّلاَح۔ کیکر کا درخت۔ اِبِلٌ طِلاَحٌ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اُونٹ۔

الطَّلِيْح۔ چیچڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِيْرٌ طَلِيْحٌ و نَاقَةٌ طَلِيْحَة و طَلِيْحٌ ج طَلاَئِح و طَلْحٰى۔

الطَّلْحِيَّة۔ کاغذ کا ایک ورق ج طَلاَحِي۔

المُطَّلِح فِيْ الْكَلاَمِ: بہتان گھڑنے والا ـــــ فِيْ المَالِ: مال میں ظلم کرنے والا۔

طَلَخَ (ن) طَلْخًا۔ الشَّيْءَ: کالا کرنا ـــــ الكِتَابَةَ۔ خراب کر دینا ـــــ فُلاَنًا بِالقَذَرِ: لت پت کر دینا۔

اِطْلَخَّ۔ الدَّمْعُ: بہنا۔ بکھرنا۔

الطَّلْخ۔ خراب پانی۔

الطَّلْخَاء۔ بیوقوف عورت۔

اِطْلَخَمَّ۔ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔

اُمُوْرٌ مُطْلَخِمَات۔ سخت و دشوار اُمور۔

طَلَسَ (ض) طَلْسًا۔ البَصَرَ: نگاہ کا ضائع ہونا (ـــــ و طَلَّسَ) الكِتَابَةَ: لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔

طَلِسَ (س) طَلَسًا و طَلُسَ (ک) طُلْسَةً۔ خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت اَطْلَس ج طُلْس۔

طُلِّسَ بِهٖ فِيْ السِّجْنِ: قید خانے میں ڈالا جانا۔

تَطَلَّسَ۔ الكِتَابُ: مٹنا (ـــــ و تَطَيْلَسَ) الرَّجُلُ: طَيْلَسَان استعمال کرنا۔

اِنْطَلَسَ الأَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔

اِطْلَنْسٰى اِطْلِنْسَاءً۔ العَرَقُ: سارے جسم پر پسینہ بہنا۔

الطَّلْس۔ کالی چادر۔

الطِّلْس۔ مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا ج اَطْلاَس۔

الطُّلْسَة۔ خاکستری مائل بہ سیاہی۔ پتلا پتلا بادل ج طُلَس۔

الطَّلاَّسَة۔ چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔

الطَّلِيْس۔ اندھا۔

الطَّيْلَس۔ سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ و علماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے ج طَيَالِس۔

الطَّيْلَسَان۔ بمعنی طَيْلَس ج طَيَالِس و طَيَالِسَة۔

الاَطْلَس۔ بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو۔ پرانا کپڑا۔ میلا۔ چور۔ ریشمی کپڑا۔

طَلْسَمَ عَنِ القِتَالِ: لڑائی سے پیچھے ہٹنا ـــــ الرَّجُلُ: سر جھکانا اور منہ بگاڑنا ـــــ السَّاحِرُ: جادوگر کا منتر لکھنا۔

الطِّلَسْم۔ جادو کی لکیریں یا تحریر ج طَلاَسِم۔

الطِّلَّسْم۔ بمعنی طِلَسْم ج طِلَّسْمَات۔

الطَّلَش۔ چھری۔

طَلْطَلَهٗ۔ حرکت دینا۔

الطُّلَطِل و الطُّلَطِلَة۔ مصیبت۔

الطُّلاَطِلَة۔ مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوّا۔

الطُّلاَطِل۔ موت۔ سخت مرض۔

طَلَعَ (ن) طُلُوْعًا و مَطْلَعًا و مَطْلِعًا الكَوْكَبُ و نَحْوُهٗ: ستارہ وغیرہ کا نکلنا ـــــ عَلَيْهِمْ متوجہ ہونا ـــــ عَنْهُمْ: غائب ہونا اور دور ہونا۔

طَلَعَ (ف ن) و طَلِعَ (س) طُلُوْعًا الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ـــــ عَلَى الأَمْرِ: جاننا ـــــ البِلاَدَ: ملکوں کا قصد کرنا۔ المَكَانَ: پہنچنا ـــــ مِنَ البِلاَدِ: شہروں سے نکلنا (ـــــ و طَلَّعَ) النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا۔ طَلَّعَ الكَيْلَ: پیمانہ کو بھرنا۔

طَالَعَهٗ مُطَالَعَةً و طِلاَعًا۔ زیادتی غور و فکر سے مطلع ہونا ـــــ الكِتَابَ: کتاب پڑھنا ـــــ هٗ بِالأَمْرِ: پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَالِعْنِي كُلَّ وَقْتٍ بِكُتُبِكَ" یعنی اپنی کتابوں کو ہر وقت میرے سامنے پیش کرو۔

اَطْلَعَ الكَوْكَبُ: ستارہ کا نکلنا ـــــ النَّبَاتُ: نباتات کا اُگنا ـــــ النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا ـــــ الشَّجَرُ: درخت کے پتے نکلنا ـــــ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا ـــــ عَلَى الشَّيْءِ: جھانکنا ـــــ الفَجْرَ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا ـــــ هٗ عَلَى سِرِّهٖ

واقف کر دینا۔ اَطْلَعَ اِلَیْهِ مَعْرُوْفًا اچھا سلوک کرنا۔ اَطْلَعَهٗ طِلْعَ اَمْرِهٖ : حقیقت حال کو ظاہر کر دینا ــــ الرَّجُلُ : قے کرنا ــــ الرَّامِی : تیر کا نشانہ کے اوپر سے نکل جانا ــــ عَلٰی فُلَانٍ : اچانک پہنچ جانا۔

اِطَّلَعَ الاَمْرَ و عَلَیْهِ : جاننا ــــ عَلَیْنَا : اچانک آجانا ــــ الفَجْرَ : طلوعِ فجر کو دیکھنا۔ اِطَّلَعَ طِلْعَ العَدُوِّ : دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہونا۔

تَطَلَّعَهٗ۔ جاننا۔ چہرے کی طرف دیکھنا۔ الرَّجُلَ : پالینا۔ غالب آنا۔ تَطَلَّعَ المِکْیَالُ : پیمانہ کا بھرجانا ــــ المَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ : پانی کا برتن کے کناروں سے اُبل پڑنا۔

اِسْتَطْلَعَهٗ۔ ظاہر ہونے کی خواہش کرنا۔ حقیقت حال دریافت کرنا۔ "اِسْتَطْلَعَ رَایَ فُلَانٍ و اِسْتَطْلَعَهٗ رَایَه" کسی کی رائے و تدبیر پر غور کرنا۔

الطَّلْع۔ مقدار۔ تم کہتے ہو "الجَیْشُ طَلَعُ اَلْفٍ" یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے ــــ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا گابھا۔ شگوفہ۔

الطِّلْع۔ اسم ہے اطلاع کا۔ کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلْعَ العَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقت حال کو جان گیا۔ سانپ۔

الطَّلْع والطِّلْع۔ بلند مکان جہاں سے جھانکیں۔ گوشہ۔

الطَّلْعَة۔ دیدار۔ چہرہ۔

اِمْرَاَةٌ طُلَعَةٌ۔ عورت بہت زیادہ ظاہر ہونے والی۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ طُلَعَةٌ" یعنی اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا نفس۔

الطِّلَاع مِنَ الْاِنَاء : پری ج طُلُعٌ۔ و طِلَاعُ الشَّیْءِ : مقدار شئی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِلَاعُ هٰذَا" یعنی یہ اس کی مقدار ہے "عَیْنٌ طِلَاعٌ" آنسو سے بھری ہوئی آنکھ۔ قَدَحٌ طِلَاعٌ : بھرا ہوا پیالہ۔

الطَّلَّاع۔ مبالغہ طالع۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَلَّاعُ الثَّنَایَا و الاَنْجُد" یعنی وہ بڑے بڑے اُمور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے۔

الطُّلَعَاء والطُّوْلَع۔ قے۔

الطَّلِیْعَة مِنَ الجَیْش : ہراول۔ مقدمة الجیش جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے احوال و کوائف کی تفتیش کرے۔ واحد و جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ ج طَلَائِع۔

الطَّالِع۔ فا۔ پہلی رات کا چاند۔ فجر کاذب ــــ عِنْدَ اَصْحَابِ الفَاْلِ : زائچہ۔ ستاروں کے طلوع سے جس پر سعد و نحس کا شگون لیا جائے۔ ج طَوَالِع۔

الطَّلُوْع۔ بمعنی طَالِع۔

المَطْلَع والمَطْلِع۔ ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ ج مَطَالِع۔ مَطْلَعُ الاَمْرِ : کسی کام کے حصول کا ذریعہ و طریقہ۔ مَطْلَعُ القَصِیْدَة : قصیدہ کا پہلا شعر۔

المُطَّلِعَ۔ فا۔ قوی غالب۔

المُطَّلَع۔ مفع۔ آنے کی جگہ۔ اونچے سے جھانکنے کی جگہ۔

طَلَّفَ عَلَیْهِ : زیادہ کرنا۔

اَطْلَفَهٗ کَذَا : ہبہ کرنا۔ اَطْلَفَ الدَم : خون کو رائیگاں کر دینا۔

الطَّلَف۔ داد و دہش۔ آسان چیز۔ زائد چیز (ــــ و الطَّلْف) رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ طَلْفًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔

الطَّلِیْف۔ ماخوذ۔ رائیگاں۔ باطل۔

طَلَقَ (ض) طَلْقًا۔ الشَّیَ فُلَانًا : دینا طَلَقَ یَدَهٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا۔

طَلَقَتْ (ن) طَلَاقًا۔ المَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اس کو چھوڑ دینا۔ صفت طَالِق ج طُلَّق و طَالِقَة۔ ج طَوَالِق النَّاقَة : پاؤں باندھنے کی رسّی سے کھل جانا۔

طَلِقَ (س) طَلَقًا۔ بعید ہونا۔

طَلُقَ (ک) طُلُوْقًا و طُلُوْقَةً۔ اللِسَانُ : فصیح خوش بیان ہونا۔

طَلُقَ (ک) طُلُوْقَةً و طَلَاقَةً الرَّجُلُ : ہنس مکھ ہونا۔

طُلِقَتِ المَرْاَةُ طَلْقًا۔ درد زہ والی ہونا۔ صفت مَطْلُوْقَةٌ۔

طَلَّقَ قَوْمَهٗ : قوم کو چھوڑ دینا۔ جدائی اختیار کرنا ــــ المَرْاَةَ زَوْجُهَا : قید نکاح سے علیحدہ کر دینا۔ النَّخْلَةَ : درخت خرما میں گابھا دینا۔

اَطْلَقَ المَرْاَةَ و النَّخْلَةَ : بمعنی طَلَّقَ ــــ المَوَاشِیَ : چھوڑ دینا ــــ الاَسِیْرَ : قیدی کو آزاد کرنا ــــ یَدَهٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کیلئے ہاتھ کھولنا ــــ فِیْ کَلَامِهٖ : تعمیم کرنا۔ مقید نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَقَ رِجْلَهٗ" یعنی جلدی کی "اَطْلَقَ الدَّوَاءُ بَطْنَهٗ" یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست جاری ہوگیا۔ "اَطْلَقَ خَیْلَهٗ فِیْ الحلبَةِ" یعنی اپنے گھوڑے کو میدانِ مسابقت میں دوڑایا۔

تَطَلَّقَ وَجهُه : کشادہ رو ہونا۔ تَطَلَّقَتِ الخَیْلُ : گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا۔

اِنْطَلَقَ۔ جانا ــــ لِسَانُهٗ : زبان کا رواں ہونا ــــ وَجْهُهٗ : کشادہ رو ہونا ــــ نَفْسهٗ لِلْاَمْرِ : شرح صدر ہونا ــــ اُنْطُلِقَ بِهٖ : لے جایا جانا۔

اِطَّلَقَ۔ ہنس مکھ ہونا۔

اِسْتَطْلَقَ۔ البَطْنُ : پیٹ چلنا ــــ الظَّبْیُ۔ ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف مائل نہ ہونا ــــ الاَمْرَ : کام میں جلدی کرنا۔

الطَّلْق۔ مص۔ درد زہ۔ ہرن۔ ج اطلاق (ــــ و الطِلْق و الطُلْق و الطُلُق و الطَلِق و الطَلِیْق) آزاد۔ غیر مقید۔ کہا جاتا ہے "حُبِسَ طَلْقًا و طُلُقًا" یعنی بغیر ہتھکڑی کے قید کیا گیا۔ یوم طَلْق : دن جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔ فَرَسٌ طَلْقُ الیَدِ : گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو۔ رَجُلٌ طَلْقُ الیَدَیْنِ : سخی۔ رَجُلٌ طَلْقُ الوَجْهِ و طِلْقُهٗ و طُلُقُهٗ و طَلِقُهٗ و طَلِیْقُهٗ۔ کشادہ رو مرد۔ ہنس مکھ۔ کہا جاتا ہے "لِسَانُهٗ طُلُقٌ و طَلِقٌ و طَلِیْقٌ" یعنی اس کی زبان تیز و طرار ہے۔ الطِلْق : حلال۔ حصہ۔ کھال کا بنا ہوا بند۔ الطِلْق و الطَلْق : ابرک۔

الطَّلَق۔ مص۔ گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر۔ آنت۔ رسّی مضبوط بٹی ہوئی۔ کھال کا بنایا ہوا بند ج اطلاق۔ کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْ مَالِهٖ طَلَقًا" مجھے اس کے مال سے حصہ ملا۔ کہا جاتا ہے

"عَلَى الإِطْلَاقِ او مُطْلَقًا" یعنی عام طریقہ سے بلا کسی استثناء کے۔

الطُّلَقَاءُ۔ وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا۔

الطَّلَّاقُ والمِطْلَاقُ والمِطْلِيقُ۔ بہت زیادہ طلاق دینے والا۔

المُطْلَقُ۔ خلاف مقید ـــــ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو۔

طَلَمَ (ن) طَلْمًا وطَلَّمَ۔ الخُبْزَةَ: روٹی کو ہاتھ سے ہموار کرنا۔ طَلَّمَ العَرَقَ عَنْ جَبِينِهِ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

الطُّلْمُ۔ روٹی پھیلانے کا تختہ۔

الطَّلَمُ۔ دانتوں کا میل۔

الطُّلْمَةُ۔ روٹی ج طُلَمٌ۔ المِطْلَمَةُ۔ بیلن۔ عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں۔

طَلْمَسَ۔ ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا ـــــ الكِتَابَ: مٹانا۔

اِطْلَمَّسَ۔ اللَّيْلُ: سخت تاریک ہونا۔

الطِّلْمِسَاءُ۔ تاریکی۔ بغیر کسی علامت کے زمین۔ پتلا پتلا بادل۔

طَلَهَ (ف) طَلْهًا۔ الرجلُ فِي البِلَادِ: جانا۔ آہستہ چلنا۔

اِطْلَهَ اِطْلَاهًا۔ مطلع ہونا۔

الطُّلَهُ۔ پتلا بادل۔

الطُّلْهَةُ۔ بقیہ مال۔

طَلَاهُ يَطْلُوهُ طَلْوًا۔ ٹانگ باندھنا۔

طَلَا يَطْلُو طَلَاوَةً الرَّجُلُ: دیر کرنا۔

اَطْلَتِ الوَحْشِيَّةُ: بچے والی ہونا۔

اِطْلَوْلَى اِطْلِيلَاءً۔ اچھی گفتگو والا ہونا۔

الطَّلَا والطَّلْوُ۔ ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت۔ ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلَاءٌ وطِلَاءٌ وطُلِيٌّ وطِلْيَانٌ وطُلْيَانٌ۔

الطِّلْوُ۔ بھیڑیا۔

الطِّلْوَةُ۔ جانوروں کا بچہ۔

الطُّلْوَةُ۔ صبح کی سفیدی۔

الطُّلَاوَةُ والطَّلَاوَةُ والطِّلَاوَةُ۔ وہ حسن و رونق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ مَا عَلَيْهِ طَلَاوَةٌ" یعنی یہ ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔ منہ میں کھانے کا بقیہ۔ جلاو۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی۔ الطُّلَاوَةُ: جو کسی چیز پر طلاء کیا جائے۔

طَلَى يَطْلِي طَلْيًا: ٹانگ باندھ کر رکھنا۔ البَعِيرَ القَطِرَانَ او بالقَطِرَانِ: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) ـــــ الشَّيْءَ: روکنا۔

طَلِيَ (س) طَلَى فُوهُ: دانتوں میں زردی ہونا ـــــ لِسَانُهُ: زبان کا ثقیل ہونا۔

طَلَّى تَطْلِيَةً۔ گانا ـــــ فُلَانًا: قید کرنا۔ گالی دینا ـــــ البَعِيرَ القَطِرَانَ: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) ـــــ اللَّيْلُ الآفَاقَ: رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔

اَطْلَى۔ کمزوری یا کسی وجہ سے گردن کا جھکنا۔

تَطَلَّى۔ کھیل کود میں منہمک رہنا (ـــــ واطَّلَى) بِالقَطِرَانِ: قطران سے لت پت ہونا۔

الطَّلِيُّ۔ شخص۔ قطران ملا ہوا۔ سخت مریض۔ ہرن کا بچہ ج اَطْلَاءٌ۔ خواہش۔ کہا جاتا ہے "قَضَى طَلَاهُ" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔

الطِّلَى۔ لذت۔

الطِّلَاءُ۔ قطران۔ انگور کا رس جس میں سے پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے۔ اور شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے۔ رسی جس سے ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں (ـــــ والطُّلَايَةُ) ہر وہ چیز جس کو طلا کیا جائے۔

الطُّلَاءُ۔ خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطُّلَّى۔ دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

الطُّلْيَةُ والطُّلَاةُ۔ گردن ج طُلًى۔

الطَّلِيُّ۔ بکری کا چھوٹا بچہ ج طُلْيَانٌ (ـــــ والطِّلْيَانُ) دانتوں کی زردی۔

المِطْلَى والمِطْلَاءُ۔ تنگ نالہ ج مَطَالٍ۔

المُطَلَّى۔ دائم المرض۔ کمزور مریض۔ قیدی کہ جس کی رہائی کی امید نہ ہو۔

طَمَّ (ن) طَمًّا وطُمُومًا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا ـــــ الشَّعْرَ: بال کاٹنا یا کرہ لگانا ـــــ المَاءُ: ڈھانپ لینا ـــــ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا ـــــ الأَمْرُ: بڑا ہونا۔

طَمَّ (ض ن) طَمًّا البِئْرَ: کنوئیں کو پاٹ دینا۔

طَمَّ (ن ض) طَمًّا وطَمِيمًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔

طَمَّمَ وطَمْطَمَ وتَطَمَّمَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا ٹہنی پر اُترنا۔

اَطَمَّ واسْتَطَمَّ الشَّعْرُ: بال کاٹنے کا وقت قریب ہونا۔

الطِّمُّ۔ پانی۔ سمندر۔ عدد کثیر۔ عمدہ گھوڑا۔ تعجب۔ تعجب انگیز۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالطِّمِّ والرِّمِّ" یعنی بہت مال لایا۔

الطُّمَّةُ مِنَ النَّاسِ: جماعت طُمَّةُ القَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔

الطَّمِيمُ۔ آہستہ دوڑ۔ عمدہ گھوڑا۔ طَمِيمُ النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ۔

فَرَسٌ طَمُومٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

الطَّامَّةُ۔ بڑی مصیبت۔ قیامت۔

الأَطَامِيمُ۔ ٹانگیں۔

طَمْأَنَ۔ دیکھو مادہ "طَمَنَ"

طَمَثَ (ن ض) طَمْثًا۔ الشَّيْءَ: چھونا۔

طَمَثَتْ وطَمِثَتْ (ن ک) طَمْثًا۔ المَرْأَةُ: حائضہ ہونا۔ صفت طَامِثٌ۔

الطَّمْثُ مص۔ میں کچیل۔ فساد۔ خون۔ حیض۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "مَا بِفُلَانٍ طَمْثُ رِيبَةٍ" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔

طَمَحَ (ف) طَمْحًا وطِمَاحًا وطُمُوحًا بَصَرُهُ إِلَيْهِ: نگاہ اٹھنا۔ بِبَصَرِهِ إِلَيْهِ: بلندی کی جانب دیکھنا ـــــ بِأَنْفِهِ: مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا ـــــ بِهِ: لے جانا ـــــ فِي الطَّلَبِ: کوشش کرنا۔

طَمَحَتْ (ف) طِمَاحًا وطُمُوحًا۔ الدَّابَّةُ جانور کا سرکش ہونا ـــــ المَرْأَةُ عَلَى زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت طَامِحٌ ج طَوَامِحُ۔

طَمَّحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اٹھانا ـــــ بِالشَّيْءِ فِي الهَوَاءِ: پھینکنا۔

اَطْمَحَ بَصَرَهُ إِلَيْهِ: نگاہ اٹھانا۔

بَحْرٌ طَمُوحُ المَوْجِ: بلند موج والا سمندر۔

طَمَحَاتُ الدَّهْرِ وطَمَحَاتُهُ: مصائب۔

الطِّمَاحُ۔ غرور۔ فخر۔

الطَّمَّاحُ۔ دور۔ حریص۔

طَمَخَ(ن)طَمْخًا۔بِأنْفِهِ: تکبر کرنا۔

طَمَرَ(ض)طَمْرًا۔الشَّئَ: دفن کرنا۔چھپانا(۔۔۔ طَمْرًا و طُمُوْرًا و طِمَارًا و طَمَرَانًا) کودنا۔اُچھلنا۔

طَمَرَ(ن)طُمُوْرًا۔جانا۔سفر کرنا۔

طَمَرَ(ن)طَمْرًا۔المطمورۃ: کھیتی بھرنا۔

(۔۔۔ و طَمِرَ (س) طَمَرًا) الجُرْحُ: سوج جانا۔

الیَدُ: ورم آجانا۔

طُمِرَ فِیْ ضِرْسِهٖ: داڑھ میں درد ہونا۔

طَمَّرَ الشَّئَ: لپیٹنا اور دفن کرنا ۔۔۔ البَیْتَ: پردہ لٹکانا۔

اِطَّمَرَ۔عَلٰی فَرَسِهٖ: پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔

الطِّمْر۔پرانا کپڑا جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج اَطْمَار۔کہا جاتا ہے "لَاَحَبَّ الشَّمْسُ فِیْ الاَطْمَارِ" یعنی زرد رنگ کا ہوگیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔

الطِّمِرّ و الطِّمِرّ و الطِّمْرِیْر و الطُّمْرُوْر لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔

الطَّامِر۔فا۔پسو۔ج طَوَامِر۔کہا جاتا ہے "هُوَ طَامِرُ بْنُ طَامِر" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔

الطُّمُرّ۔جہل نادانی۔

طُمَرَّةُ الشَّبَابِ: ابتدائے شباب۔عنفوانِ شباب۔

الطَّامُوْر و الطُّوْمَار۔صحیفہ ج طَوَامِیْر۔کہا جاتا ہے "کَتَبَ فِیْ الطُّوْمَار و الطَّوَامِیْر۔"

المِطْمَر و المِطْمَار۔معماروں کا دھاگا۔ پرانے لباس والا۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی مِطْمَارِ اَبِیْهِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

المَطْمُوْرَة۔کھیتی۔قید۔

طَمَسَ(ن)طُمُوْسًا۔دور ہونا۔کہا جاتا ہے "لَا اَدْرِیْ اَیْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ۔۔۔ بِعَیْنِهٖ: دور تک دیکھنا۔

طَمَسَ (ن ض) طَمْسًا وطُمُوْسًا و تَطَمَّسَ و انْطَمَسَ۔مٹنا۔طَمَسَ النَّجْمُ او البَصَرُ ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔

طَمَسَ(ض)طَمْسًا الشَّئَ: مٹانا۔ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔جڑ کھودینا ۔۔۔ الغَیْمُ النُّجُوْمَ: بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا۔

طَمَسَ(ض)طَمَاسَةً الشَّئَ: اندازہ کرنا۔

رُبُوْعٌ طِمَاسٌ۔مٹے ہوئے مکانات۔

الطَّمِیْس و المَطْمُوْس۔اندھا۔

طَمْطَمَ۔وسط سمندر میں تیرنا۔

الطُّمْطَام۔وسط سمندر۔

الطِّمْطِمُ و الطِّمْطِمِیُّ و الطُّمْطُمَانِیُّ زبان کی لکنت والا۔

طَمِعَ (س) طَمَعًا و طِمَاعًا و طَمَاعِيَةً فِیْ الشَّئِ و بِهٖ: لالچ کرنا۔صفت طَامِعٌ و طَمِعٌ و طَمُعٌ ج طَمِعُوْنَ و طُمَعَاء و اَطْمَاع و طَمَاعٰی۔

طَمُعَ(ک)طَمَاعَةً۔بہت لالچ کرنا۔

طَمَّعَهٗ۔لالچ پر برانگیختہ کرنا۔

اَطْمَعَهٗ۔لالچ میں ڈالنا۔

تَطَمَّعَ۔لالچی ہونا۔خواہش مند ہونا۔

الطَّمَع۔وہ چیز جس کی خواہش کی جائے۔لشکر کی تنخواہ ج اَطْمَاع۔

الطَّمَاعَة۔خواہش مندی۔

الطَّمَّاع و المِطْمَاع۔بہت زیادہ لالچی۔

المَطْمَع۔جس کی خواہش کی جائے۔ج مَطَامِع۔

المَطْمَعَة۔باعث طمع۔لالچ پر اکسانے والی چیز۔

طَمِعَتْ (س) طَمَعًا عَیْنُهٗ: آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔

طَمَلَ(ن)طَمْلًا الخَبَّازُ الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا ۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو گہرا رنگنا۔

الدَّمُ السَّهْمَ و غَیْرَهٗ: خون کا تیر کو لتھیڑنا۔

الرَّاعِیُ: چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔

طَمِلَ (س) و طَمُلَ طَمَلًا۔خون، تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔صفت طَمِیْل۔

اَطْمَلَ۔الکِتَابَ: مٹا دینا۔

اِنْطَمَلَ الرَّجُلُ: چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔

الطَّمْل۔خمیر گوندھا ہوا آٹا۔مخلوق۔

الطِّمْل۔بیوقوف۔کمینہ۔بدکار۔بد زبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔کالا کمبل۔فقیر۔بدحال بدشکل ہار۔پرانا کپڑا۔ج طُمُوْل (۔۔۔ والطَّمْلَة والطُّمْلَة) گدلا پانی۔کیچڑ۔

الطَّامِل۔فا۔مرد بدکار جو اپنے فعل کی پروانہ کرے۔

الطَّمِیْل۔گدلا پانی۔گمنام۔چٹائی۔ہار، تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔بکری کا بچہ۔سَهْمٌ طَمِیْلٌ خون سے لت پت تیر۔خُبْزٌ طَمِیْلٌ: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔

الطُّمْوُل۔بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔

الطُّمْوُلَة۔بدکار کی بدکاری۔

المِطْمَلَة۔بیلن۔

طَمْأَنَ طَمْأَنَةً و طَأْمَنَ۔ظَهْرَهٗ: پیٹھ کو پست کرنا۔جھکانا ۔۔۔ الشَّئَ: ساکن کرنا۔

تَطَامَنَ۔پست ہونا۔

اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا و طُمَأْنِيْنَةً اِلَیْهِ: آرام لینا۔قرار پکڑنا۔پست ہونا۔کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا کَانَ یَفْعَلُهٗ" یعنی چھوڑ دیا۔

الطَّمِن۔ساکن ج طُمُوْن۔

المُطْمَئِنّ۔ساکن ۔۔۔ مِنَ الاَرْضِ: نرم پست زمین۔

طَمَا یَطْمُوْ طُمُوًّا و طَمٰی یَطْمِیْ طَمْیًا الماءُ: پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا ۔۔۔ البَحْرُ: سمندر کا بھر جانا ۔۔۔ النَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا۔بڑھنا۔

طَمَتْ هِمَّتُهٗ: ہمت بلند ہونا۔طَمَا بِهِ الهَمُّ او الخَوْفُ: غم یا خوف کا سخت ہونا۔

طَنَّ (ض) طَنًّا و طَنِيْنًا و طَنَّنَ الذُّبَابُ او النَّاقُوْسُ و شِبْهُ ذٰلِكَ۔بھنبھنانا۔بجنا۔آواز دینا۔

و طَنَّ فُلَانٌ: مرنا۔

اَطَنَّ۔بجانا۔آواز کرانا۔اَطَنَّ السَّاقَ پنڈلی کو کاٹ دینا۔

الطُّنّ۔جسم ج اَطْنَان و طِنَان۔بانس کا گٹھا اور ایک بانس طُنَّة کہلاتا ہے۔الطُّنّ ڈھکی ہوئی روئی کا بوجھ۔

الطَّنّان- زیادہ بجنے والا- کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ ذِكْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے "و تِلْكَ قَصِيدَةٌ طَنَّانَةٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے-

الطَّنِيّ- مِنَ الرِّجَالِ: بڑے ڈیل ڈول کا-

طَنَأَ (ف) طَنْأً و طَنِئَ (س) طَنَأً- شرم کرنا-

اَطْنَأَ- کسی مکان کی طرف مائل ہونا-

اَطْنَأَ اِلَى الحَوْضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا-

اَطْنَأَ اِلَى البِسَاطِ: بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا- کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ لَا تُطْنِئُ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مرجائے-

الطِّنْءُ- بقیہ روح- کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلَانٌ فِي طِنْئِهِ" یعنی مرگیا- بجھی ہوئی راکھ- خواہش نفس کی طرف میلان- بدکاری- بچھونا- فرش- باغ- ہمت- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيدُ الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے- منزل- تہمت-

طَنِبَ (س) طَنَبًا- الرُّمْحُ: نیزے کا ٹیڑھا ہونا ___ الفرس: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا- صفت اَطْنَب مؤنث طَنْبَاء-

طَنَّبَ الخَيْمَةَ: خیمہ لگانا ___ بالمكان: اقامت کرنا ___ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا ___ السِّقَاءَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا-

طَانَبَ القَوْمَ: قوم کے خیموں کی رسّی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسّی ملانا-

اَطْنَبَتِ الرِّيحُ: ہوا کا غبار کو اُڑانا- ___ الإِبِلُ: بعض اُونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا- ___ فِي الوَصْفِ او العَدْوِ: مبالغہ کرنا-

تَطَانَبَ القَوْمُ: خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا-

الطُّنُب- خیمہ کی لمبی رسّی- جسم کا پٹھا- درخت کی جڑ ج اَطْنَاب و طِنَبَة- کہا جاتا ہے "مُدَّتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا- "تَقَضَّبَتْ اَطْنَابُهَا" یعنی غروب ہوا (___ و الإِطْنَابَة) کمان کے قبضہ پر باندھنے کا تسمہ ج اَطَانِيب- کہا جاتا ہے "خَيْلٌ اَطَانِيبُ" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے-

المَطْنَب- کندھا- مونڈھا- ج مَطَانِب-

المُطْنِب- فا- بہت تعریف کرنے والا-

جَيْشٌ مِطْنَابٌ- بہت بڑا لشکر-

الطُّنْبُوْرُ و الطِّنْبَار- ستار ج طَنَابِير-

طَنْبَلَ طَنْبَلَةً الرَّجُلُ: عقلمندی کے بعد بیوقوف بننا- کہا جاتا ہے "كَانَ بَيْنَهُم طَنْبَلَةٌ" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے-

الطَّنْبَل- بیوقوف- کند ذہن-

الطَّنْجَرَة- تانبے کی دیگچی-

الطِّنْجِير- کڑاہی- کنایہ از بزدل و کمینہ-

طَنِخَ (س) طَنَخًا- بدہضمی ہونا- دل پر چربی غالب ہونا- موٹا ہونا- صفت طَنِخٌ و طَانِخ

طَنِخَتْ نَفْسُه: جی کا بگڑنا-

اَطْنَخَهُ و طَنَّخَهُ- بدہضمی کرانا- کہا جاتا ہے "مَرَّ طَنْخٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا-

طَنَزَ (ن) طَنْزًا بِه: تمسخر کرنا-

تَطَانَزَ- القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا-

الطَّنَّاز- تمسخر کرنے والا-

الطُّنْطُلَة- عِنْدَ العَامَّةِ: حلق کا کوا- صحیح لفظ طُلَاطِلَة ہے-

طَنْطَنَ طَنْطَنَةً- الجَرَسُ و الطَّسْتُ و الذُّبَابُ و نَحْوُهَا: جرس کا بجنا- طشت کا آواز دینا- مکھی کا بھنبھنانا-

طَنِفَ (س) طَنَفًا- متہم ہونا (___ طَنَافَةً و طُنُوْفَةً و طَنَفًا) بدباطن ہونا- صفت طَنِف-

طَنَّفَهُ- متہم کرنا- طَنَّفَ الجِدَارَ: دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا- کانس نکالنا- مہتابی بنانا ___ نَفْسَهُ اِلَى كَذَا: لالچ کے قریب کرنا-

تَطَنَّفَ القَوْمَ: قوم پر پہنچ کر گھیر لینا-

الطَّنَف و الطُّنْف و الطَّنَف و الطُّنُف- پہاڑ کی چوٹی- پہاڑ کی اُبھری ہوئی چٹان- چھجہ- کانس- مہتابی ج طُنُوف و اَطْنَاف-

المُطَنِّف- چھجہ یا کانس والا- پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا-

طَنْفَسَ- بدخلق ہونا- بہت کپڑے پہننا-

الطِّنْفِس- ردّی- بدشکل-

الطُّنْفُسَة و الطَّنْفَسَة و الطِّنْفِسَة- فرش- چٹائی- کپڑا- ج طَنَافِس-

الطَّنْو- بدکاری-

الطِّنْو- فرش-

طَنِيَ (س) طَنًى و اَطْنَى- تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا- صفت طَنٍ و طَنِيٌّ فِي فُجُوْرِه او فَسَادِه: بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا (___ طَنِيَ) اللَّدِيغُ مِنَ لَدْغِ العَقْرَبِ بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا- اَطْنَاهُ المرض: مرض کا باقی رہ جانا-

طَنَّى- تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا-

الطَّنَى- تہمت- بجھی ہوئی راکھ- مرض-

الطِّنَى- بدکاری و فساد-

الطَّانِي- فا- زنا کار ج طُنَاة-

طَهَرَ (ن) و طَهُرَ (ک) طُهْرًا و طُهُوْرًا و طَهَارَةً- پاک ہونا- صفت طَاهِرٌ ج اَطْهَار طَهِرٌ ج طَهِرُوْنَ و طَهِيْر ج طَهَارَى- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّيَابِ" یعنی پاک دامن-

طَهَرَهُ (ف) طَهْرًا- دُور کرنا-

طَهَّرَهُ- پاک کرنا- طَهَّرَ الشَّيْءَ بِالمَاءِ: دھونا-

تَطَهَّرَ و اِطَّهَّرَ- میل کچیل سے پاک ہونا- نہانا-

الاَطْهَار- عورت کی پاکی کا زمانہ-

الطَّهُوْر- جس سے پاکی حاصل کی جائے-

الطُّهْرَةُ- پاکی- پانی سے نہانا-

المَطْهَر- موت کے بعد ایک مدتِ معینہ کے لیے ابرار و صالحین کے نفوس کے پاک کرنے کی جگہ (کلمہ نصرانیہ)

المَطْهَرَة و المِطْهَرَة- لوٹا- طہارت حاصل کرنے کا مکان- کہا جاتا ہے "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے- ج مَطَاهِر-

المُطَهِّرَة- متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ-

طَهَسَ (ف) طَهْسًا- فِي الاَرْضِ: داخل ہونا اور گھسنا-

طَهَشَ (ف) طَهْشًا العَمَلَ: کام کو بگاڑ دینا-

اَطْهَفَ- السِّقَاءُ: نرم ہونا- ڈھیلا ہونا- فِي الكَلَامِ: آسان اور روانی سے کہنا ___

لِفُلَانٍ مِنْ مَّالِهٖ طِهْفَةٌ : کچھ حصہ دینا۔
الطَّهْف۔ بھوسہ۔
الطِّهْف۔ پناہ۔
زُبْدَةٌ طَهْفَة۔ نرم مکھن۔
الطِّهْفَة۔ مِنَ الشَّيْءِ : ٹکڑا۔
الطِّهَاف۔ مِنَ السَّحَابِ : بلند بادل۔
الطُّهَافَة۔ گیسو۔
طَهَقَ (ف) طَهْقًا۔ تیز چلنا۔
طَهَلَ و طَهِلَ (ف س) طَهْلًا و طَهَلًا و تَطَهَّلَ۔ المَاءُ : بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ و طَهِلٌ۔
أَطْهَلَتِ۔ الأَرْضُ : تھوڑی سی گھاس اُگانا۔
الطُّهْلَة۔ تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے
طَهِمَ الشَّيْءُ : موٹا ہونا ___ مِنْهُ : نفرت کرنا۔
تَطَهَّمَ الطَّعَامَ : ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔
المُطَهَّم۔ موٹا۔ کمزور۔ کمل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔
طَهَا يَطْهُو طَهْوًا۔ سفر کرنا۔ جانا۔
طَهَا يَطْهُو و يَطْهَى طَهْوًا و طُهُوًّا و طُهِيًّا و طَهَايَةً۔ اللَّحْمَ : پکانا یا بھونا۔
اِطَّهَى اِطِّهَاءً۔ پکانے یا بھوننے میں ماہر ہونا۔
الطَّهْو۔ کام۔
الطَّهْي۔ تنکا۔
الطُّهْي۔ گناہ۔ پکاہوا۔
الطَّهْي۔ سخت مار۔ پتلا بادل۔
الطَّاهِي۔ فا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا ج طُهَاة و طُهِي مؤنث طَاهِيَةٌ ج طَوَاهٍ و طَاهِيَاتٌ۔
الطِّهَايَة۔ پکانے کا پیشہ۔
الطُّهَاوَة۔ دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطَّهَاءَة۔ بلند بادل۔
طَاءَ يَطَاءُ و يَطُوءُ طَوْءًا۔ آنا جانا۔ فِي الأَرْضِ : دور تک نکل جانا۔
تَطَاءَتْ تَطَايُؤًا۔ الأَسْعَارُ : بھاؤ کا گراں ہونا۔
الطَّاءَة۔ کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوئِيٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الطُّوب۔ پکی اینٹ۔ واحد طُوبَة۔
الطَّوَّاب۔ خشت پز۔
طَاحَ يَطُوحُ طَوْحًا۔ حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا ___ السَّهْمُ : نشانہ سے خطا کرنا۔
طَوَّحَهُ۔ حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِهٖ : خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاء آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهٖ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔
طَوَّحَ تَطْوِيحًا و طَيَّحَ تَطْيِيحًا الشَّيْءَ : ضائع کرنا۔
طَاوَحَهُ مُطَاوَحَةً۔ بِكَذَا : ایک دوسرے پر پھینکنا۔
أَطَاحَهُ۔ ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ أَطَاحَ الشَّعْرَ۔ بال گرادینا۔
تَطَوَّحَ۔ فِي البِلَادِ : سرگرداں ہونا اور ادھر ادھر پھرنا۔ فِي البِئْرِ : کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلٰى مَطِيَّتِهٖ يَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے۔
تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا القَوْمُ فُلَانًا بِالأَمْرِ او بِالضَّرْبِ : آپس میں تنازع کرنا۔ تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوٰى۔ فراق اور بعد نے اس کو پھینک دیا۔
الطَّوْح۔ دور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِيَّةٌ طَوْحٌ" دور کی نیت۔
الطَّوَائِح۔ شدائد۔ مہلکات۔
المَطَاوِح۔ ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَة۔
المِطْوَاح۔ لاٹھی۔
طَاخَهُ يَطُوخُهُ طَوْخًا۔ قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاخ۔
طَادَ يَطُودُ طَوْدًا۔ ثابت رہنا۔
طَوَّدَ و تَطَوَّدَ فِي البِلَادِ : پھرنا۔ طَوَّدَ بِهٖ مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْطَادَ۔ ہوا میں بلند ہونا۔
الطَّوْد۔ مص۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج أَطْوَاد و طِوَدَة۔
المَطَادَة۔ دور دراز کا بیابان۔
المَطَاوِد۔ خطرناک مقامات۔
المُنْطَاد۔ بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِيد۔
طَارَ يَطُورُ طَوْرًا و طُؤُورًا بِفُلَانٍ : قریب ہونا۔
الطَّوْر۔ اندازہ و حد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهٗ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ "و جَاوَزَ طَوْرَهٗ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهٗ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار ج أَطْوَار۔ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ أَطْوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔
الطُّوْر۔ پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔
الطَّوَار۔ وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔ (___ و الطِّوَار) مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّارُ عَلٰى طَوَارِ دَارِي" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔
الطُّوْرِيّ و الطُّوْرَانِيّ۔ وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّوْرِي : اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوْرِيٌّ او طُوْرَانِيٌّ" یعنی کوئی نہیں۔
طَارَةُ المُنْخُلِ : چھلنی کا گھیرا۔ اور یہ محرف ہے صحیح "الإِطَار" ہے۔
الطَّارَة و الطَّارُ۔ عِنْدَ العَامَّةِ : دائرہ۔ دف۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الأَطْوَرِيْنَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی۔ اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِي العِلْمِ أَطْوَرَيْهِ" فلاں علم کی دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔
طَاسَ يَطُوسُ طَوْسًا۔ الوَجْهُ : چہرے کا خوبصورت ہونا ___ الشَّيْءَ : روندنا۔
طَوَّسَهُ۔ مزین کرنا۔ طَوَّسَ المُصَوِّرُ : مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهٖ : لے جانا۔
تَطَوَّسَ للحمامة : کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ المَرْأَةُ : آراستہ و مزین ہونا۔
الطَّوْس۔ چاند۔
الطُّوس۔ ایک مسہل دوا کا نام۔
الطَّاس۔ پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طَاسَات۔
الطَّاوُوس الطَّاوُوس۔ مور۔ تصغیر طُوَيس

ج اَطْوَاس و طَوَاوِیس۔

طَوَّشَ۔ الرَّجُلُ: ٹال مٹول کرنا ـــــ الذَّکَرَ: آختہ کرنا۔

الطَّوَاشِیُّ۔ آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِیَةٌ۔ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔

طَاعَ یَطُوْعُ و یَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ: فرماں بردار ہونا۔ صفت طَائِع ج طُوَّع و طَائِعُوْن کہا جاتا ہے "اَمَرَهٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقعہ پر بابِ افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُهٗ لَا یَطُوْعُ بِکَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی "و طَاعَ لَهُ الْمَرْتَع" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔

اَطَاعَهٗ اِطَاعَةً و طَاعَةً۔ فرمانبردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَهُ الْمرعی: و اَطَاعَهٗ: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔

اِنْطَاعَ اِنْطِیَاعًا۔ لَهٗ: فرمانبردار رہونا۔

تَطَوَّعَ۔ بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِی الْجُنْدِیَّةِ: لشکر میں رضاکارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّیْءِ: تبرع کرنا ـــــ بِالشَّیْءِ و لِلشَّیْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا ـــــ الشَّیْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔

اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَةً۔ الْاَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذفِ تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِیْعُ بھی کہا جاتا ہے۔

الطَّوَاعَةُ۔ طوع کا اسم مصدر ہے۔

الطَّوَاعِیَةُ۔ فرماں برداری۔

الطَّاعُ و الطَّوْعُ و الطَّیِّعُ۔ فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوْعُ یَدِكَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے فَرَسٌ طَوْعُ الْعِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔ "عَمِلَهٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔

الْمِطْوَاعُ و الْمِطْوَاعَةُ۔ فرمانبردار۔

الْمُطَوِّعَةُ۔ رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔

الْمُتَطَوِّعُ و الْمُطَّوِّعُ۔ فرائض و واجبات کے علاوہ اعمالِ صالحہ کو بطورِ نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ یَطُوْفُ طَوْفًا و طَوَافًا و طَوَفَانًا بِالْمَکَانِ و حَوْلَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا ـــــ فِی الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا ـــــ بِهٖ الْخَیَالُ فِی النَّوْمِ: خواب میں نظر آنا۔

طَوَّفَهٗ تَطْوِیْفًا و تَطْوَافًا۔ گھومنا۔ طَوَّفَ فِی الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔

طَوَّفَ و تَطَوَّفَ و اِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَةً بِالشَّیْءِ و حَوْلَهٗ: بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ او الْجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔

اِسْتَطَافَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

اَطَافَ۔ بِالشَّیْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا۔ قریب ہونا ـــــ عَلَیْهِ و بِهٖ: رات کو آنا ـــــ عَلَیْهِ گرد گھومنا۔

الطَّوْفُ۔ پانی پر تیرنے والی چیز۔ کشتی۔

الطَّوْفُ۔ رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج اَطْوَاف۔

الطَّافُ۔ بہت زیادہ طواف کرنے والا۔

الطُّوْفَانُ۔ سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔

الطَّائِفُ۔ فا۔ چوکیدار۔

الطَّائِفَةُ۔ مؤنث طَائِف۔ جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا' وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف۔

الطَّوَّافُ۔ بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ کشتی۔ کشتی بنانے والا۔

الْمَطَافُ۔ طواف کرنے کی جگہ۔

طَاقَ یَطُوْقُ طَوْقًا و طَاقَةً و اَطَاقَ الشَّیْءَ: قادر ہونا۔

اَطَاقَ عَلَی الشَّیْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَهُ الشَّیْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَهٗ الطَّوْقَ۔ طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَهٗ بِالسَّیْفِ وَ غَیْرِهٖ" اس نے اُسے تلوار باندھ دی۔

اِطَّوَّقَ و تَطَوَّقَ۔ طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الْحَیَّةُ: کنڈلی مارنا۔

الطَّاقُ۔ محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات و طِیْقَان۔

الطَّاقُ: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا (ـــــ الطَّائِقُ) پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ و طَائِقُ کُلِّ شَیْءٍ: احاطہ کرنے والا۔

الطَّوْقُ۔ گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا ج اَطْوَاق۔

الطَّوْقُ و الطَّاقَةُ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فِیْ طَوْقِیْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ۔ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

الْمُطَوَّقَةُ۔ کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔

طَالَ یَطُوْلُ طُوْلًا۔ لمبا ہونا ـــــ عَلَیْهِ۔ غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔

طَوَّلَهٗ۔ لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَهٗ: مہلت دینا ـــــ لِلدَّابَّةِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔

تَطَوَّلَ تَطَوُّلًا۔ عَلَیْهِ: احسان کرنا۔

اَطَالَهٗ و اَطْوَلَهٗ اِطَالَةً و اِطْوَالًا: لمبا کرنا۔ اَطَالَتِ الْمَرْاَةُ: لمبے لمبے بچے جننا۔

طَاوَلَهٗ مُطَاوَلَةً۔ ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔

تَطَاوَلَ۔ دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا ـــــ تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ـــــ عَلَیْهِ الْعُمُرُ: بڑھنا۔ تَطَاوَلَا: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَةً۔ طویل ہونا ـــــ عَلَیْهِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا ـــــ عَلٰی عِرْضِهٖ: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَی الْقَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّوْلُ۔ فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّوْلُ۔ لمبائی ج اَطْوَال۔

الطِّیْلَةُ۔ عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰهُ طِیْلَتَهٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔

الطُّوَّلُ۔ لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الطِّیَلُ و الطِّوَلُ و الطَّوَالُ و الطِّیَالُ۔ زمانہ بھر۔

الطَّائِلُ و الطَّائِلَةُ۔ قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کہا

جاتا ہے "بَيْنَهُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَوَائِل هٰذَا اَمْرٌ لَا طَائِلَ فِيْهِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُوَ بِطَائِلٍ اَوْ هُوَ غَيْرُ طَائِلٍ" یعنی گھٹیا ہے۔ اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الطَّوِيْل۔ لمبا۔ ج طِوَال و طِيَال۔ مؤنث طویلة ج طویلات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ الْبَاعِ" یعنی سخی ہے۔ "هُوَ قَصِيْرُ الْبَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الْاَطْوَل۔ اسم تفضیل ج اَطَاوِل مؤنث طُوْلٰی ج طُوَل۔ الطُّوْلٰی: بلند مرتبہ۔ والسَّبْعُ الطُّوَل: سات بڑی بڑی سورتیں قرآنِ پاک کی۔

الطُّوَال۔ لمبا۔ مؤنث طُوَالَةٌ۔

الطُّوَّال۔ بہت زیادہ لمبا۔

الْمِطْوَل۔ رسّی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل۔

طَوَیٰ يَطْوِيْ طَيًّا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو لپیٹنا ____ ہ اللّٰهُ عُمْرَهٗ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوَیٰ فُلَانٌ وَهُوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَی الْحَدِيْثَ: بات چھپانا ____ کَشْحَهٗ عَلَی الْاَمْرِ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَیٰ کَشْحَه عَنِّيْ" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ و طَوَی الْبِلَادَ: قطع مسافت کرنا ____ الْبِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَوَی الرَّجُلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا ____ السَّيْرُ فُلَانًا: لاغر کرنا۔

طَوِيَ (س) طَوًی و اَطْوَی۔ بھوکا ہونا۔ صفت طَيَّان و طَوٍ و طَاوٍ۔ مؤنث طَيَّا و طَوِيَة و طَاوِيَةٌ۔

تَطَوَّتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْطَوَیٰ۔ الْقَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھا ہونا (____ و اِطَّوَیٰ) لپیٹا جانا۔

الطَّوٰی۔ بھوک۔ مشک۔

الطُّوٰی و الطِّوٰی۔ لپٹی ہوئی چیز۔

الطَّيّ۔ لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الْغَيُّ فِيْ طَيِّ قَلْبِهٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے۔

الطِّيَّة۔ حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی لِطِيَّتِهٖ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا "لَقِيْتُهٗ بِطِيَّاتِ الْعِرَاق" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِي الْبَطْنِ: پتلے پیٹ والا۔

الطَّايَة۔ سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَايَات۔

الطَّوِيّ۔ گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الْاَطْوَاء (____ و الطَّوِيَّة) من بنا ہوا کنواں۔

الطَّوِيَّة: نیت۔ ضمیر۔

الْاَطْوَاء۔ ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طَوًی۔

الْمَطْوَی۔ لپیٹ۔ ج مَطَاوٍ۔ مَطَاوِي الْحَيَّةِ: سانپ کی کنڈلی۔

الْمِطْوَیٰ۔ جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَابَ يَطِيْبُ طِيْبًا و طَابًا و طِيْبَةً و تَطْيَابًا۔ لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا طَابَتِ النَّفْسُ بِكَذَا: دل خوش ہونا۔ طَابَ عَيْشُهٗ۔ خوش عیش ہونا ____ عَنِ الشَّيْءِ نَفْسًا: خوشی سے چھوڑ دینا ____ الشَّيْءَ: اچھا کرنا۔ طَابَتِ الْاَرْضُ: گھاس اگانا۔

طَيَّبَ۔ الشَّيْءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔

طَيَّبَ خَاطِرَهٗ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَابَ اِطَابَةً الشَّيْءَ: اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطْيَبَ اِطْيَابًا۔ الشَّيْءَ: اچھا پانا۔

طَايَبَهٗ مُطَايَبَةً۔ ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔

تَطَيَّبَ۔ خوشبو لگانا۔

اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً۔ الْقَوْمُ: شیریں پانی مانگنا (____ و اِسْتَطْيَبَ اِسْتِطْيَابًا) الشَّيْءَ: اچھا پانا۔

الطَّاب۔ لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّيْب۔ خوشبو۔ ج اَطْيَاب و طُيُوْب۔ حلال۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَطْيَبُ لَكَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَة۔ شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّيْبَة۔ حلال۔ طیبة الخمر: صاف شراب۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِطِيْبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔

الطَّيَّاب۔ بہت زیادہ پاکیزہ۔

الْاَطْيَب۔ اسم تفضیل ج اَطَايِب مؤنث طُوْبٰی ج طُوْبَيَات۔

الطُّوْبٰی۔ رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّيِّب۔ پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَيِّبَة ج طَيِّبَات و طُوْبٰی۔ کہا جاتا ہے "كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ" پاکیزہ کلمہ۔ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو "بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الْاَطَايِب و الْمَطَايِب۔ مِنَ الشَّيْءِ: عمدہ اشیاء

شَرَابٌ مُطَيِّبَةٌ۔ عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاحَ يَطِيْحُ طَيْحًا۔ بمعنی طَاحَ يَطُوْحُ طَوْحًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَيَّحَهٗ۔ ہلاک کرنا ____ الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔

اَطَاحَهٗ۔ ہلاک کرنا۔

تَطَايَحَ۔ الشَّيْءُ: بکھرنا۔

الطَّيْحَة۔ تباہی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُمْ طَيْحَةٌ" یعنی ایسے اُمور پیش آئے جس نے تفریق کرا دی۔ "و طَوَّحَتْهُم طَيْحَات" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاخَ يَطِيْخُ طَيْخًا۔ برے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔

____ الْاَمْرُ: کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهٗ و طَيَّخَهٗ۔ قبیح بات میں آلودہ کرنا۔ طَيَّخَ اَصْحَابَهٗ: گالی دینا۔

تَطَيَّخَ۔ برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّيْخَة۔ فتنہ (____ و الطَّائِخ و الطَّيَّاخ) بے برکت۔ بیوقوف۔

طَارَ يَطِيْرُ طَيْرًا و طَيَرَانًا و طَيْرُوْرَةً الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا ____ صِيْتُهٗ: مشہور ہونا۔

____ الشَّعْرُ: بال لمبے ہونا ____ بِكَذَا: سابق ہونا۔

____ اِلٰی كَذَا: دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهٗ" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آ کر جلد بازی کرنا۔

طَیَّرَهٗ و طَیَّرَبِهٖ واَطَارَهٗ اِطَارَةً و طَایَرَهٗ مُطَایَرَةً۔ اُڑانا۔ اَطَارَ و طَیَّرَ المَال تقسیم کرنا۔ طَیَّرَ نَوْمَهٗ: نیند اُڑا دینا۔

اِطَّیَّرَ و تَطَیَّرَ۔ بِالشَّیْءِ ومِنْهُ: بدفالی لینا۔

تَطَایَرَ۔ متفرق ہونا ـــــ الشَّیْءَ: لمبا ہونا۔ السَّحَابُ فِی السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

اِنْطَارَ۔ الشَّیْءُ: پھٹنا۔

اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَةً الشَّیْءَ: متفرق ہونا۔ منتشر ہونا ـــــ الحَائِطُ: دیوار کا پھٹنا ـــــ السَّیْفَ: جلدی سے سونتنا۔ الطَّیْرَ: پرندے کو اُڑانا۔

اُسْتُطِیْرَ۔ خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لے جایا جانا ـــــ الصَّدْعُ فِی الحَائِطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِرُ۔ فا۔ پرندہ ج طَیْر اور طُیُوْر و اَطْیَار جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں۔ نصیب۔ روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔ "سِرْ عَلَی الطَّائِرِ المَیْمُوْنِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کیلئے دعا ہے) "هُوَ سَاکِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے۔

الطَّیْرُ۔ جمع طائر۔ اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُ اللّٰهِ" جیسا لَا اَمْرَ اِلَّا اَمْرُ اللّٰهِ۔ اور طَیْرُ اللّٰهِ لَا طَیْرُكَ جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُكَ اور کہا جاتا ہے "کَاَنَّ عَلٰی رُؤُوْسِهِمُ الطَّیْرُ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اسکی یہ ہے کہ کوّا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوّا اُڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "واُزْجُرْ اَحْنَاءَ طَیْرِكَ" دور کر اپنی خفت وغصہ کو۔

الطِّیَرَة الطِّیْرَة۔ بدشگون جس سے لیا جائے۔

الطَّیْرَة و الطَّیْرُوْرَة۔ طیش۔ ہلکا پن۔ اوچھا پن۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاكَ و طَیْرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَیْرُ۔ طَیْر کی تصغیر۔

الطَّیَّار۔ منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکہ تولنے کی ترازو۔

الطَّیَّار و المُطَار۔ مِنَ الخَیْلِ: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

اَرْضٌ مُطَارٌ۔ کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّیَّارَة۔ مؤنث طَیَّار۔ ہوائی جہاز۔

المَطَار۔ اُڑنے کی جگہ۔

المُطَیَّر۔ مفع۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِیْر۔ فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِیْرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ یَطِیْسُ طَیْسًا الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔

الطَّیْس۔ عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔

طَاشَ یَطِیْشُ طَیْشًا۔ اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا ـــــ السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش۔

اَطَاشَ اِطَاشَةً۔ السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔

الطَّیَّاش۔ بمعنی طَائِشٌ۔ جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّیْشَان۔ سبکی۔ اوچھا پن۔

طَاعَ یَطِیْعُ طَیْعًا۔ بمعنی طَاعَ یَطُوْعُ طَوْعًا۔

طَافَ یَطِیْفُ طَیْفًا و مَطَافًا الخَیَالُ: خواب میں خیال آنا۔

طَیَّفَ تَطْیِیْفًا و اَطَافَ اِطَافَةً و تَطَیَّفَ تَطَیُّفًا۔ بہت پھرنا۔

الطَّیْف۔ خیال جو خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔

الطِّیَاف۔ رات کی تاریکی۔

طَامَ یَطِیْمُ طَیْمًا۔ نیکوکار ہونا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا عَلَی الخَیْرِ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّیْمَاء۔ جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ یَطِیْنُ طَیْنًا و طَیَّنَ الحَائِطَ: دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الکِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَی الخَیْرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔

تَطَیَّنَ۔ گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔

الطِّیْن و الطِّیْنَة۔ گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّیْنَة: گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَابِسُ الطِّیْنَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے "لَهٗ طِیْنَةٌ طَیِّبَةٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔

مَکَانٌ طَانٌ۔ بہت گارے کی جگہ۔

الطِّیَانَة۔ گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّیَّان۔ گارا بنانے والا۔

ظَأَبَ(ن)ظَأْبًا۔ نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا
ـــــ التَیْسُ :بکری کا ممیانا۔

ظَاءَبَهُ مُظَاءَبَةً۔ سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔

تَظَاءَبَا۔ ہم زلف ہونا۔

الظَأْب۔ مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوب و اَظْؤُب۔

ظَأَرَ(ف)ظَأْرًا و ظِئَارًا و اَظْأَرَ اِظْآرًا و ظَاءَرَ مُظَاءَرَةً۔ النَاقَةَ او المَرْأَةَ عَلٰی وَلَدِ غَیْرِهَا۔ مہربان کرانا۔ فَظَأَرت و اِظَّأَرت۔ مہربان ہونا۔ اور صفت "ظَؤُوْر و ظَؤُوْرَة ج اَظْآر و ظُؤَار۔ ظَائَرَهُ اِلٰی کَذَا: مہربان کرانا۔ ظَأَرَ عَلٰی عَدُوِّهِ: حملہ کرنا۔ ظَأَرَهُ و ظَاوَرَهُ و اَظْأَرَهُ عَلٰی کَذَا: مہربان کرنا۔ ظَاءَرَهُ عَلٰی الْاَمْرِ: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَاءَرَ الرَجُلُ :دایہ بنانا۔
ظَاءَرَتِ المَرْاَةُ :دایہ گری کرنا۔

اِظَّأَرَ۔ لِوَلَدِهِ ظِئْرًا :لڑکے کے لیے دایہ مقرر کرنا۔

الظِئْر۔ غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْؤُر و اَظْآر و ظُؤُوْر و ظُؤُورَة و ظُؤَار۔ ظِئْرُ القَصْر :ستون۔
الظِئْرَة۔ تھونی۔ کھمبا۔
الظُؤْرَة۔ دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَاءَمَهُ مُظَاءَمَةً و تَظَاءَمَا تَظَاؤُمًا۔ ہم زلف بننا۔

الظَأْم۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔

الظُبَة۔ تلوار وغیرہ کی دھار۔ ج ظُبَات و ظُبیً و ظُبُوْن و ظِبُوْن و اَظْب۔

اَظْبَی المکَانُ :بہت ہرنیوں والی ہونا۔

الظَبْیُ۔ ہرن نر یا مادہ ج ظِبَاءٌ و اَظْبٍ و ظُبِیٌّ و ظَبَیَات۔
صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهِ دَاءُ الظَبْیِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اسلئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَیْتَهُمْ فَارْبِضْ فِی دَارِهِم ظَبْیًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔

الظَبْیَة۔ ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاء و ظَبَیَات۔ الظَبْیَة وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔

اَرْضٌ مَظْبَاة۔ بہت ہرن والی سرزمین۔

ظَرَّ (ن) مَظَرَّةً۔ دھار دار پتھر توڑنا۔ النَاقَةَ: اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَرَّ۔ دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا۔
ـــــ المَکَانَ : بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔

الظِرّ و الظُرَرَ و الظُرَرَة۔ پتھر۔ دھار دار پتھر ج ظُرَّان و ظِرَّان و ظِرَار و اَظِرَّة۔

الظِرَّان۔ چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ "والطُوْر الظِرِّی و الظِرَّانِی" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

اَرْضٌ ظَرِیْرٌ و مَظَرَّة۔ بہت چقماق والی سرزمین۔ الظَرِیْر : رہنمائی کا نشان۔ ج ظِرَارٌ و اَظِرَّة و ظِرَّان۔

المِظَرَّة۔ چقماق۔ ج مَظَارّ۔

ظَرِبَ(س)ظَرَبًا۔ بِکَذَا :چپکنا۔

الظَرِب۔ اُبھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ ج ظِرَاب و اَظْرُب۔

الظُرُبُّ مِنَ الرِجَالِ :چھوٹے قد کا موٹا۔

الظَرِبَان و الظَرِبَّاء۔ بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور ج ظَرَابِی و ظَرَابِیْن۔ کہا جاتا ہے "فَسَابَیْنَهُمْ الظَرِبَانُ" یعنی ان میں نااتفاقی ہوگئی۔

الظِرْبِی و الظِرْبَاء۔ ظِرْبَان کا اسم جمع۔

الاَظْرَب۔ نواجذ کے پیچھے کے چار دانت
اَظْرَابُ اللِجَامِ :لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا و ظَرَافَةً۔ خوش شکل چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظریف۔ ج ظُرَفَاء و ظِرَاف و ظُرُفٌ و ظُرُوْفٌ و ظَرِیْفُوْنَ مؤنث ظَرِیْفَة ج ظَرِیْفَات و ظَرَائِف۔ ظَرَفَهُ ظَرِیْفٌ تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِی فَظَرَفْتُهُ۔"

اَظْرَفَ۔ ظریف اولاد پیدا ہونا ـــــ
المَتَاعَ :برتن بنانا۔

تَظَرَّفَ و تَظَارَفَ۔ ظرف بننا۔

اِسْتَظْرَفَ۔ ظریف طلب کرنا ـــــ ہ: ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَرْف دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ المُهْدِی بِالظَرْفِ" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام مشکیزہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔
الظَرْف : ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَمَانِ والمَکَانِ"

اور کہا جاتا ہے "هو نقی الظرف" یعنی وہ امین ہے "رَأَیْتُهٗ بِظَرْفِهٖ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظُرَّاف و الظُّرَّاف۔ ظریف ج ظُرَفَاء و ظُرُوْفُوْن۔

المَظْرُوْف۔ مفعو۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَّسَائِلِ مَظْرُوْفَةً۔"

ظَرِیَ(ض) ظَرْیًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِیَ (س) ظَرًی۔ الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَیٰ اِظْرِیْرَاءً۔ پیٹ پھولنا۔

الظَّارِی۔ فا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظَّرَوْرَیٰ۔ زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا و ظَعَنًا و ظُعُوْنًا و مَظْعَنًا۔ کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِیَارِهِمْ" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

اَظْعَنَ۔ کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ۔ الهَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔

الظِّعَان و الظُّعُوْن و الظِّعَام۔ ہودہ باندھنے کی رسّی۔

الظَّعُوْن و الظَّعُوْنَة۔ بار بردار اُونٹ۔ ہودہ اُٹھانے والا اُونٹ ج ظُعُن۔

الظَّعِیْنَة۔ ہودہ ج ظَعَائِن و ظُعْن و ظُعُن جج اَظْعَان و ظُعُنَات۔ بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُهٗ" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَان۔ مِنَ الخیل و النوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اُونٹنی۔

ظَفَرَهٗ (ض) ظَفْرًا۔ چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَرًا و اِظَّفَرَ المَطْلُوْبَ و بِهٖ و عَلَیْهِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَیْنُهٗ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَةٌ اور شخص کی مَظْفُوْر۔

ظَفَّرَهٗ۔ کامیابی کی دُعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا ـــــ الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا ـــــ الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهٗ

و اَظْفَرَهٗ بِعَدُوِّهٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ اَظْفَر فُلَانًا: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظِّفْر و الظُّفُر و الظُّفْر۔ ناخن ج اَظْفَار جج اَظَافِیْر۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِیَ فِی الدَّارِ ظُفْر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا" و رَأَیْتُهٗ بِظُفْرِهٖ" یعنی میں نے اس کو دیکھا و "قَلَّمَ اَظْفَارَهٗ عَنْ اَذَی النَّاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا" و کَسَّرَ اَظْفَارَهٗ فِی فُلَانٍ" یعنی غیبت کی۔ "ظُفْرُ القِطِّ و ظُفْرُ النَّسْرِ و ظُفْرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظُّفْرُ و الظَّفْرة۔ ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری)

الظَّفَرة۔ ظافر کی جمع ہے۔

الظَّفِر و الظِّفِّیْر و الظِّفِّیْر۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔

الاَظْفَر۔ لمبے چوڑے ناخن والا۔

الاَظْفَار۔ ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثَّوْبِ: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَار: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر و المِظْفَار۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا و ظُلُوْلًا۔ یَفْعَلُ کَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ و ظَلْتُ و ظِلْتُ"

ظَلَّ ظَلَالَةً۔ الیَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ـــــ الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَهٗ۔ سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْطِ: دھمکانے کے لیے حرکت دینا۔

اَظَلَّ۔ الیَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ـــــ ہ سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔

اَظَلَّكَ الشَّهر یعنی مہینہ آگیا۔

تَظَلَّلَ۔ بِالشَّجَرَةِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا ـــــ مِنَ الشَّیْءِ: سایہ لینا ـــــ الکَرْمُ: انگور کی شاخ کا گتھ جانا ـــــ العُیُوْن: چشمے کے پانی کا نیچے اُتر جانا ـــــ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل

میں چھپ جانا۔

الظِّلُّ۔ سایہ ج ظِلَال و اَظْلَال و ظُلُوْل۔ عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی ـــــ مِنَ القَیْظِ: گرمی کی شدت ـــــ مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَّبَابِ او الشِّتَاءِ: جوانی یا جاڑے کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عِنْدِیْ ظِلَّ النَّهَار" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لیے کہ ظل کا بقاو زوال شئے کے زوال و بقاء پر موقوف ہے۔" و هُوَ فِی ظِلِّهٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے۔" و مَشَیْتُ عَلٰی ظِلِّیْ او انْتَعَلْتُ ظِلِّی" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لیے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "کَانَ ذٰلِكَ الیَوم اَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ القَنَاةِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ یُبَارِیْ ظِلَّ رَاسِهٖ" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلَاعِبُ ظِلِّهٖ او خَاطِف ظِلِّهٖ ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَّلَل۔ درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظَّلَّة۔ اسم مرۃ۔ اقامت۔

الظُّلَّة۔ تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس کی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَل و ظِلَال۔

الظَّلَال و الظِّلَال و الظِّلَّة و الظِّلَالَة۔ ہر سایہ دار۔ ظِلَالُ البَحْرِ: سمندر کی موجیں۔

الظَّلِیْل۔ سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَّلِیْلَة۔ مؤنث ظَلِیْل۔ زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّة و المَظَلَّة۔ جس سے سایہ لیا جائے۔ بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظَالٌّ۔ عید المظال: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

یَوْمٌ مُظِلٌّ۔ سائے والا دن۔

ظَلْظَل۔ کشتیاں۔

ظَلَعَ (ف) ظَلْعًا۔ البَعِیْرُ : اُونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ۔ ظَلَعَتْ بِھِمُ الاَرْضُ : زمین تنگ ہونا۔

الظَّلْع۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلٰی ظَلْعِک" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رُک جاؤ۔ "لَا یَرْبَعُ عَلٰی ظَلْعِک مَنْ لَیْسَ یَحْزُنُہٗ اَمْرُک" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غم خوار ہو گا۔ "اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِكَ" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "اِرْقَأْ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کر یا اتنی ہی تکلیف اُٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی و عاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لیے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَّلَعُ۔ لنگڑا پن۔

الظَّالِع۔ فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) اور مؤنث کے لیے ظَالِعَۃ بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع۔

الظُّلَّاع۔ جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہ ہو۔

ظَلَفَہٗ (ن) ظَلْفًا۔ کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَہٗ عَنِ الشَّیْءِ : باز رکھنا۔

ظَلِفَ (ن ض) ظَلْفًا۔ القَوْمَ : قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَّفَ و ظَالَفَ مُظَالَفَۃً اَثَرَہٗ : قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الاَرْضُ : سخت ہونا ___ مَعِیْشَۃُ فُلَانٍ : تکلیف دہ ہونا ___ نَفْسُہٗ رُک جانا۔

ظُلِفَ الرَّجُلُ : سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَہٗ عَنْ کَذَا : دور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلٰی کَذَا : زیادہ کرنا۔

اَظْلَفَہٗ۔ دور کرنا۔

اِظَّلَفَ و تَظَلَّفَ۔ سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

الظِّلْف۔ پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوْف و اَظْلَاف۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا عَلٰی ظِلْفِهٖ" یعنی اس کے نشان قدم پر آئے۔ الظِّلْف : حاجت و تنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظِّلْف۔ باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے "ذھب دمه ظِلْفًا و ظَلْفًا و ظَلِیْفًا۔ یعنی اس کا خون بیکار گیا۔

الظَّلَف و الظَّلِف۔ پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ : اوصافِ ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلْفَۃ و ظَلِفَۃٌ و ظَلَفَۃٌ۔ سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِیْف۔ بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُف ظُلُف۔

رَجُلٌ ظَلِیْفُ النَّفْسِ : اخلاقِ رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِظَلَفِهٖ و بِظَلِیْفِهٖ و بِظَلَفَتِهٖ و بِظَلِیْفَتِهٖ۔ یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلْفَاء۔ ہموار لمبا پتھر۔

الاُظْلُوْفَۃ۔ تیز پتھروالی زمین ج اَظَالِیْف۔

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا و ظَلْمًا و مَظْلِمَۃً۔ بے موقع رکھنا ___ ہ : ظلم کرنا ___ ہٗ حَقَّہٗ : گھٹانا ___ الاَرْضَ : بے موقع کھودنا ___ الطَّرِیْقَ : راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَلَمَكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِیْرَ : بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلْمًا و اَظْلَمَ اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ اَظْلَمَ اللّٰہُ اللَّیْلَ : رات کو تاریک کرنا۔ اَظْلَمَ الرَّجُلُ : تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَہٗ۔ ظلم کی طرف نسبت کرنا ___ ہ الحَاکِمُ : ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلَانٌ اِلَی الحَاکِمِ مِنْ فُلَانٍ فَظَلَّمَہٗ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کر دی۔

تَظَلَّمَ مِنْہُ : ظلم کی شکایت کرنا ___ ہٗ حَقَّہٗ۔ گھٹا دینا ___ الرَّجُلُ : ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُہٗ فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القَوْمُ : بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ و انْظَلَمَ۔ ظلم برداشت کرنا۔

الظَّلْم۔ برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوْم۔

الظَّلْم۔ بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظَّلَم : بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوْم۔

لَیْلٌ ظَلِمٌ : بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَۃ و الظُّلُمَۃ۔ تاریکی ج ظُلَم و ظُلْمَات و ظُلُمَات و ظُلَمَات۔

الظُّلَم۔ قمری مہینے کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں راتیں۔

الظُّلَامَۃ و المَظْلِمَۃ۔ ظلم جو تم اُٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج مَظَالِم۔

الظَّالِم۔ فا۔ ج ظَالِمُوْن و ظَلَمَۃ و ظُلَّام۔

الظَّلَام و الظَّلْمَاء۔ تاریکی۔ ابتدائی رات۔

لَیْلَۃ ظَلْمَاء : بہت تاریک رات۔ اور لَیْلٌ ظَلْمَاء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

الظِّلَام۔ ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَیَّ ظِلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔

الظَّلَّام و الظَّلِیْم و الظَّلُوْم۔ بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَّلِیْم۔ مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمَان و ظُلْمَان و اَظْلِمَۃ۔

الظَّلِیْمَۃ۔ جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مُظْلَام۔ دشوار و مشکل کام۔

ظَمِئَ (س) ظَمَأً و ظَمْأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَۃً سخت پیاسا ہونا ___ اِلَیْہِ : مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِئٌ و ظَامِئٌ و ظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِئَۃ و ظَامِئَۃ و ظَمْآی و ظَمْآنَۃ۔ ج ظِمَاء مذکر و مؤنث دونوں کے لیے۔

ظَمَّأَہٗ و اَظْمَاَہٗ۔ پیاسا کرنا۔ دبلا کرنا۔

تَظَمَّأَ۔پیاس پر صبر کرنا۔

الظِمءُ۔پیاس۔ج اَظْمَاء۔

الظَمَاو الظَمَاء۔پیاس۔

المِظْمَاء۔سخت پیاس والا۔

المَظْمَأُ۔پیاس لگانے والی جگہ۔

ظَمِيَ يَظْمِي ظَمًى۔گندم گوں ہونا۔صفت اَظْمٰی۔مؤنث ظَمْيَاء ج ظُمْي۔شَفَةٌ ظَمْيَاءُ : پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَيْنٌ ظَمْيَاءُ : باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَةٌ ظَمْيَاءُ : کم خون والے مسوڑھے۔سَاقٌ ظَمْيَاء :کم گوشت والی پنڈلی۔

اَظَمْيَاءُ۔سیاہ اُونٹنی۔

المُظْمٰی۔ وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔

ظَنَّ (ن) ظَنًّا۔جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف۔اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَيْدًا صَاحِبَكَ۔"

ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ و اِظَّنَّهُ و اِظْطَنَّهُ بِكَذَا۔ تہمت لگانا۔اَظَنَّهُ الشَّيْءَ :وہم میں ڈالنا۔

اَظَنَّ فِيْهِ النَّاسَ : تہمت کیلئے پیش کرنا۔

تَظَنَّنَ و تَظَنّٰى۔گمان کرنا۔

الظَّنُّ۔گمان۔اور شک ویقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُوْن جج اَظَانِيْن (خلافِ قیاس)

الظِنَّة۔ تہمت۔کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔تھوڑی چیز۔ج ظِنَن و ظَنَائِن۔

الظَنَانَة۔تہمت۔

الظَنَّان و الظَنُوْن۔بدگمان۔رَجُلٌ ظَنُوْنٌ :کم حیلہ۔کمزور۔جس پر بھروسہ نہ کیا جائے بِئْرٌ ظَنُوْنٌ :کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔دَيْنٌ ظَنُوْنٌ :قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔رَجُلٌ ظَنُوْن :جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔

الظَنِيْن۔ متہم۔بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔بے برکت۔ج اَظِنَّاء۔

الاَظَنُّ۔خیال رکھے جانے کے لائق۔

نَفْسٌ ظَنَّاء : نفس متہم۔

مَظَنَّةُ الشَّيْءِ : جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَظَنَّةُ الخَيْرِ و فِيْ المَسْأَلَةِ مَظَنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ۔

الظُنْبُوْب۔قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِيْب۔کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الْاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا۔"قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَه و سَاقَه" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف) ظُهُوْرًا۔ ظاہر ہونا۔باہر آنا۔ظَهَرَهُ ظَهْرًا :پیٹھ پر مارنا۔ظَهَرَ بِعِلْمِهِ :فخر کرنا ـــــ الشَّيْءَ و بِهِ :پیٹھ پیچھے ڈال دینا ـــــ الثَّوْبَ : ابرہ بنانا (ـــــ ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ :مکان پر چڑھنا ـــــ عَلَيْهِ : اعانت کرنا ـــــ بِفُلَانٍ و عَلَيْهِ :غالب ہونا ـــــ عَلَى السِّرِّ : بھید پر مطلع ہونا ـــــ فُلَانٌ بِحَاجَتِيْ : حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَهُرَ (ن) ظَهَارَةً۔مضبوط پیٹھ والا ہونا۔

ظَهِرَ (س) ظَهَرًا۔پیٹھ میں شکایت ہونا۔صفت ظَهِرٌ۔

اَظْهَرَ۔ الشَّيْءَ : ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا ـــــ الكِتَابَ : ازبر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلٰى عَدُوِّهِ۔ دشمن پر غالب کرانا ـــــ هُ عَلَى السِّرِّ :بھید پر مطلع کرنا ـــــ بِهِ : مرتبہ بڑھانا (ـــــ و ظَهَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔

ظَهَّرَ و اِظَّهَّرَ حَاجَتِيْ : ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔غافل ہونا۔

ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً و ظِهَارًا۔مدد کرنا ظَاهَرَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ :اوپر نیچے کپڑے پہننا۔تَظَاهَرَ :ظاہر ہونا ـــــ بِالشَّيْءِ :ظاہر کرنا ـــــ القَوْمُ :ایک دوسرے سے دُور ہونا۔ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَظْهَرَ۔احتیاط کرنا ـــــ الشَّيْءَ :بچانے کیلئے پیٹھ پیچھے کرنا ـــــ بِهِ: مدد طلب کرنا ـــــ لَهُ : تیاری کرنا ـــــ عَلَيْهِ : چڑھنا غالب ہونا ـــــ الدَّرْسَ : سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَهْر۔پیٹھ۔پیٹ کا مقابل ج اَظْهُر و ظُهُوْر و ظُهْرَان۔الظَهْر : بار برداری کا اُونٹ۔مالِ کثیر۔تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔خشکی کا راستہ۔کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِيْ طَرِيْقِ الظَّهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔سخت زمین۔قِدْرٌ ظَهْرٌ : پرانی ہانڈی۔کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ عَلٰى ظَهْرِ قَلْبِهِ اَو عَلٰى ظَهْرِ لِسَانِهِ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے ازبر پڑھا" و اَعْطَاهُ عَنْ ظَهْرِ يَدٍ" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔" و هُوَ نَازِلٌ بَيْنَ ظَهْرَيْهِمْ و ظَهْرَانَيْهِمْ و بَيْنَ اظهرهم" وہ ان کے درمیان نازل ہوا۔"رأیتہ بین ظَهْرَانَي اللَّيْلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔"قَلَّبَ لَهُ ظَهْرَ الْمِجَنِّ" یعنی وہ اس کیلئے بدل گیا اور دشمنی کی "قَلَّبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔"قَتَلَهُ ظَهْرًا" اس نے اچانک مار ڈالا۔"هُوَ يَاكُلُ عَلٰى ظَهْرِ يَدَيَّ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔"لَا تَجْعَلْ حَاجَتِيْ بِظَهْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِهْرِيّ۔ اُونٹ برائے ضرورت۔پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔بھولا ہوا۔ج ظَهَارِيّ۔

الظُهْر۔ دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظْهَار۔

الظِهْرَة۔ مدد۔کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِيْ ظِهْرَتَه" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

الظِهْرَة و الظُهْرَة۔مددگار۔الظُهْرَة : کچھوا۔

الظَهْرَة۔گھر کا سامان' کہا جاتا ہے ـــــ "جَاءَنَا بِظِهْرَتِهِ و بِظُهْرَتِهِ و بِظَهْرَتِهِ" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔

الظَهِيْر۔مددگار۔مضبوط پیٹھ والا۔بیمار پیٹھ والا۔

الظَهِيْرَة۔ مؤنث ظَهِيْر' دن کے آدھے ہونے کی حد۔ج ظَهَائِر۔

الظُهَار۔تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

الظِهَارَة۔کپڑے کا ابرا۔

الظَاهِر۔فا۔ باطن کا ضد۔ظَاهِرُ البَلَدِ بیرونِ

شمر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ ظَاهِرًا" یعنی حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔

الظَّاهِرَة۔ مؤنث ظاہر ـــــــ مِنَ الْعُيُوْنِ : ابھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَات و ظَوَاهِر۔

ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ : کنبہ، قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الْجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی الظَّوَاهِر : بلند زمینیں۔

الْمَظْهَر۔ جائے ظہور۔

الْمُظْهِر۔ فا۔ سواری والا۔

الْمُظَهَّر۔ قوی پیٹھ والا۔

الظَّوْءَة۔ بیوقوف۔

ظَافَهُ يَظُوْفُهُ و يَظَافُهُ ظَوْفًا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔

ظَوْفُ۔ الرَّقَبَةِ و ظَافُهَا۔ گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِظَوْفِ رَقَبَتِهِ اَوْبِظَافِهَا" یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔

اَظْوَى۔ بیوقوف۔

الظِّبَة۔ مردار جب سڑنا شروع ہو۔

الظَّيّ و الظَّيَّان۔ شہد۔ الظَّيَّان : جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔

الْمَظْيَاة و الْمَظْوَاة مِنَ الاَرَاضِي : جنگلی چنبیلی والی زمین۔

ظَيَّاهُ تَظْيِيْتًا۔ غمگین کرنا۔

الظَّيْأَة۔ بیوقوف۔

عَبَّ (ن) عَبًّا- تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا ـــــ المَاءَ : جانوروں کی طرح مُنہ لگا کر پانی پینا- عَبَّتِ الدَّلْوُ : ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (ـــــ عُبَابًا) البَحْرُ : موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا-

تَعَبَّبَ-النَّبِيْذَ : ڈگڈگا کے پینا-

الأَعَبُّ- نقیر- سخت ناک والا-

العَبُّ- مـ- اولے- عَبُّ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی-

العُبُّ- آستین کا سرا- ج عُبَاب-

العُبَبُ- اُچھلنے والے پانی-

العَسْجَر- نمک-

عَسَدَ (ض) عَسْدًا- الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا ___ جَارِيَتَهُ: جماع کرنا-

العِسْوَدّ- بہت مضبوط- سانپ-

عَسَرَ (ن ض) عِسْرًا وعُسْرًا- الغَرِيْمَ: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا ___ الزَّمَانُ سخت ہونا ___ عَلٰى فُلَانٍ: مخالف ہونا ___ عَلَيْهِ مَا فِيْ بَطْنِهِ: پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا-

عَسَرَهُ (ض) عَسْرًا- بائیں جانب سے آنا-

عَسَرت وعَسَرَانًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا دوڑنے میں دم اٹھانا ___ المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا-

عَسِرَ (س) عَسَرًا- بائیں ہاتھ سے کام کرنا- صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْرَاءُ ج عُسْر-

عَسِرَ (س) عُسْرًا وعُسُرًا وعَسَرًا ومَعْسُوْرًا وعَسُرَ (ک) عُسْرًا وعَسَارَةً دشوار ہونا- کہا جاتا ہے "عَسِرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہو گیا ___ الرَّجُلُ: بد خلق ہونا- صفت عَسِر وعَسِيْر-

عَسَّرَ الاَمْرَ: دشوار کرنا ___ عَلَيْهِ: تنگ کرنا- مخالفت کرنا ___ ہ: بائیں جانب سے آنا-

اَعْسَرَ- تنگ دست ہونا ___ الغَرِيْمَ: قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا-

اَعْسَرَتِ المَرْاَةُ: عورت کے جننے میں دشواری ہونا-

عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً- تنگی کا معاملہ کرنا-

تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا- پیچیدہ ہونا ___ عَلَيْهِ القَوْلُ: ملتبس ہونا-

تَعَاسَرَ البَيِّعَانِ: بائع مشتری کا متفق نہ ہونا-

اِعْتَسَرَهُ- مجبور کرنا ___ الكَلَامَ: قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا-

اِسْتَعْسَرَ۔الْاَمْرُ :دشواری پانا ___ الْاَمْرُ عَلَيْهِ :سخت اور پیچیدہ ہونا۔
الْعُسْرُ والْعُسُرُ۔تنگ دستی۔سختی۔تنگی۔
الْعُسْرَةُ والْعُسْرىٰ والْمَعْسَرَةُ والْمَعْسُرَةُ تنگی اور سختی۔
الْاَعْسَرُ۔بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَعْسَرُ يَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔"يَوْمٌ اَعْسَرُ" یعنی سخت اور منحوس دن۔
الْعُسْرىٰ۔مؤنث الاعسر :تنگی۔دشواری۔
الْمُعْسِرُ۔اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔
الْمَعْسُوْرُ۔تنگ حال۔
عَسْعَسَ۔اللَّيْلُ : رات کا گزرنا۔رات کا تاریک ہونا ___ السَّحَابُ: بادل کا زمین سے قریب ہونا ___ الْاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔معمہ بنا دینا ___ الشَّيْئَ : حرکت دینا (___ وتَعَسْعَسَ الذِّئْبُ) : بھیڑیے کا رات میں پھرنا۔تَعَسْعَسَ الشَّيْئَ :سونگھنا۔
الْعَسْعَسُ۔ رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔
الْعَسْعَاسُ۔ رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔
سراب۔ہر چیز میں سے ہلکا۔
عَسَفَ (ض) عَسْفًا السُّلْطَانُ : ظلم کرنا۔جور کرنا ___ ہ : ظلم کرنا۔خدمت لینا ___ الدَّمْعُ الْجُفُوْنَ : آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا ___ الشَّيْئَ :زبردستی لے لینا۔فِي الْاَمْرِ :بغیر سوچے سمجھے کرنا ___ لِفُلَانٍ : کسی کے لیے کام کرنا۔الطَّرِيْقَ و عَنِ الطَّرِيْقِ : راستے سے ہٹ جانا۔
الْمَفَازَةَ :بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔کہا جاتا ہے "بَاتَ يَعْسِفُ اللَّيْلَ و بِاللَّيْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔
اَعْسَفَ۔ رات میں بے راہ چلنا۔غلام سے سخت کام لینا۔
عَسَّفَ۔بغیر علامت نشان کے چلنا ___ الْبَعِيْرَ :چلنے سے تھکا دینا۔
تَعَسَّفَ۔فِي الْقَوْلِ :بے راہ روی کرنا۔ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو ___ عَنِ الطَّرِيْقِ :ہٹ جانا ___ الْاَمْرَ :بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا ___ فُلَانًا۔ظلم کرنا۔خدمت لینا۔
اِعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِيْقِ : راستے سے ہٹ جانا ___ الطَّرِيْقَ : راستہ کو بغیر جانے پہچانے چلنا ___ الْاَمْرَ :بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا۔فُلَانًا : ظلم کرنا۔خدمت لینا۔
اِنْعَسَفَ الشَّيْئُ :مڑنا۔
الْعَسْفُ۔ظلم۔موت۔
الْعَاسِفُ۔فا۔مِنَ الْاِبِلِ :عساف کی بیماری والا اُونٹ۔کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِفٌ" ج عَوَاسِفُ۔
الْعُسَافُ۔ اُونٹوں میں ایک بیماری۔جس میں سانس زیادہ لیتا ہے۔
الْعَسُوْفُ والْعَسَّافُ والْمِعْسَفُ۔ بہت ظالم۔
الْعَسِيْفُ۔مزدور ج عُسَفَاءُ و عِسَفَةٌ۔
الْعِسِّيْفُ۔بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا۔کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا فِيْ مَعَاسِيْفِ الْبِيْدِ و مَعَامِيْهَا" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔
عَسِقَ (س) عَسَقًا و تَعَسَّقَ بِهٖ :چمٹنا۔عَلَيْهِ :طلب کرنے میں اصرار کرنا۔
الْعَسَقُ۔تنگ خوئی۔اوّل رات کی تاریکی۔
الْعَسِيْقَةُ۔ردی شراب۔
عَسْقَلَ۔السَّرَابُ :سراب کا چمکنا۔
عَسْقَلَانُ۔شام کے ساحل پر ایک شہر۔
الرَّاسِ :سر کا اوپر کا حصہ۔
الْعُسْقُلُ۔سانپ کی چھتری۔ج عَسَاقِلُ۔
الْعَسَاقِلُ و الْعَسَاقِيْلُ۔ سراب۔متفرق بادل۔صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔
عَسِكَ (س) عَسَكًا بِهٖ :لازم ہونا۔چمٹنا۔
تَعَسَّكَ۔الرَّجُلُ فِيْ مَشْيِهٖ :مٹک کر چلنا۔
عَسْكَرَ الْقَوْمُ :جمع ہونا۔اللَّيْلُ : تاریکی زیادہ ہونا۔الشَّيْئَ :جمع کرنا۔جمع کردہ کو مُعَسْكَر کہتے ہیں۔
الْعَسْكَرُ۔جمع۔لشکر ج عَسَاكِرُ۔ہر چیز کا بہت۔کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْهُ عَسَاكِرُ الْهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دُور ہو گئی۔
الْعَسْكَرَةُ۔سختی و خشک سالی۔
عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا وعَسَّلَ الطَّعَامَ کھانے میں شہد ملانا۔عَسَلَ وعَسَّلَ الْقَوْمَ : شہد کھلانا۔شہد کا توشہ دینا۔عَسَّلَتِ النَّحْلُ : مکھیوں کا شہد بنانا۔عَسَّلَ الشَّيْئُ : شہد جیسا ہونا۔عَسَّلَ النَّائِمُ :اونگھنا۔
عَسَلَ (ض) عَسَلًا وعُسُوْلًا وعَسَلَانًا الرُّمْحُ :زیادہ حرکت کرنا۔الْمَرْاَةَ :جماع کرنا۔
عَسَلَ (ن) عَسْلًا و عَسَلَانًا الْمَاءُ :ہوا کی وجہ سے لہرانا۔
اِسْتَعْسَلَ۔ شہد طلب کرنا۔اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ :مکھیوں کا شہد بنانا۔کہا جاتا ہے عَسَلًا لَهٗ بمعنی تَعْسًا لَهٗ یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو۔
الْعَسَلُ۔ شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَالٌ وعُسُلٌ وعُسُلٌ وعُسُوْلٌ وعُسْلَانٌ۔تھوڑے سے کو عَسَلَةٌ کہتے ہیں۔الْعَسَلُ :کھجور کا شیرہ۔کہا جاتا ہے "مَالِفُلَانٍ مَضْرِبُ عَسَلَةٍ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں۔"مَاتَرَكَ لَهٗ مَضْرِبَ عَسَلَةٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔
اَبُوْ عِسْلَةَ۔بھیڑیا۔
الْعَسَلِيُّ۔شہد کے رنگ کا۔
الْعَاسِلُ۔فا (___ والْعَسُوْلُ) نیکو کار جس کی ثناو صفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسُلٌ۔
الْعَاسِلُ۔ شہد نکالنے والا ج عُسَّلٌ وعَوَاسِلُ۔ بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُوْلٌ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔
الْعَسَّالُ بمعنی الْعَاسِلِ۔
خَلِيَّةٌ عَاسِلَةٌ۔چھتہ مع شہد کے۔
الْعَسَّالَةُ۔چھتہ۔
الْعَسَّالَةُ۔شہد کی مکھی۔شہد کے نکالنے والے۔
الْعَسِيْلُ۔عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ہاتھی اور اُونٹ کا عضو تناسل ج عُسُلٌ۔
الْمَعْسَلَةُ والْمَعْسُلَةُ۔شہد کا چھتہ۔
الْمَعْسُوْلُ۔ مفع۔ رَجُلٌ مَعْسُوْلٌ : شیریں زبان۔خوش آواز۔مَعْسُوْلُ الْمَوَاعِيْدِ : سچے

وعدے۔

عَسْلَجَ۔الشجر :نرم ٹہنیاں نکالنا۔

العُسْلَجُ۔نرم ٹہنیاں۔ج عَسَالِجُ۔

العُسْلُوجُ۔نرم ٹہنیاں۔ج عَسَالِيجُ۔

عَسْلَطَ۔غیر مربوط کلام بولنا۔

كَلَامٌ مُعَسْلَطٌ۔غیر مربوط گفتگو۔

العَسْلَقُ۔سراب۔بھیڑیا۔شیر۔نر شترمرغ۔ہر شکاری درندہ۔بدخصلت۔چست چالاک۔دراز گردن۔لومڑی۔ج عَسَالِقُ۔

عَسَمَ (ض) عَسْمًا و عُسُومًا فِي الأَمْرِ: لالچ کرنا۔کوشش کرنا۔عَسَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔

عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الكَفُّ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔صفت مذکر أَعْسَمُ۔صفت مؤنث عَسْمَاءُ۔

أَعْسَمَ يده: خشک کر دینا۔أَعْسَمَتْ عَيْنُهُ آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔

إِعْتَسَمَ۔کمائی کرنا فُلَانًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔

العَسُومُ۔بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ج عُسُمٌ۔

العَاسِمُ۔بمعنی العَسُومُ۔

العَسَمَةُ و العُسُومُ۔خشک روٹی کے ٹکڑے

العُسُومُ: قلت۔

المَعْسَمُ۔جائے طمع۔کہا جاتا ہے "مَالَكَ فِي بَنِي فُلَانٍ مَعْسَمٌ۔"

عَسِنَ (س) عَسَنًا الكَلَأُ فِي الدَّابَّةِ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔عَسِنَتِ الدَّابَّةُ۔چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔

تَعَسَّنَ۔الشَّيْءَ: پتہ نشان تلاش کرنا۔أَبَاهُ: مشابہ ہونا (___ و أَعْسَنَ) المَكَانُ: کچھ سبزی اُگانا۔

العَسَنُ۔چربی۔بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔

العِسْنُ۔مثل ونظیر (___ و العُسْنُ) چربی۔

العَسْوَنُ و الأَعْسَنُ۔موٹا۔ج عُسْنٌ۔

أَعْسَانُ۔الشَّيْءِ: نشان۔کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى أَعْسَانٍ مِنْ أَبِيهِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔

العُسْنُجُ۔نر شترمرغ۔

عَسَا يَعْسُو عَسَاءً و عُسُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔عَسَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا ___ اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔عَسَا يَعْسُو عَسْوًا و عُسُوًّا و عُسِيًّا و عَسَاءً و عَسْوَةً الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔

العَسْوُ۔مص۔موم۔

العَاسِي۔فا۔سخت مزاج۔

العِسْوَةُ۔بڑھاپا۔

عَسِيَ يَعْسَى عَسًى۔النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔

عَسَى۔افعال مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔محبوب میں اُمید کے لیے اور مکروہ میں خوف کے لیے مستعمل ہے۔

العَسِي و العَسِيُّ و المَعْسَاةُ بِالأَمْرِ: لائق۔مناسب۔

أَعْسِ بِهِ: فعل تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهِ :یعنی کسی قدر لائق ہے۔

العَاسِي۔فا۔درخت خرما۔بقول ابوعبید درخت خرما کا گچھا۔

المِعْسَاءُ۔قریب البلوغ لڑکی۔

عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔جمع کرنا ___ القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا ___ المَعْرُوفَ: تھوڑا سا دینا۔عَشَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔عَشَّ الطَّائِرُ۔پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔

عَشَّ (ن) عُشُوشَةً و عَشَاشَةً و عَشَشًا البَدَنُ۔لاغر ہونا۔صفت عَشٌّ

عَشَّشَ الطَّائِرُ پرندے کا گھونسلہ بنانا۔

عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ۔درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔عَشَّشَ الكَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔

عَشَّشَ الخُبْزُ: روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔

أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا۔باز رکھنا ___ الظَّبْيَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا ___ البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا ___ الرَّجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔

إِعْتَشَّ۔گھونسلہ بنانا ___ البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔

اِنْعَشَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند والا ہونا۔

العَشُّ۔مص۔عطاء قليل۔رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔

العَشُّ و العُشُّ۔گھونسلہ ج عِشَاشٌ و عِشَشَةٌ و أَعْشَاشٌ و عُشُوشٌ۔

العَشَّةُ۔کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔کم درخت والی سرزمین۔

المَعَشُّ۔مطلب۔

المُعَشَّشُ۔مفع۔وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔

عَشِبَ (س) عَشَبًا۔خشک ہونا۔

عَشِبَ (س) عَشَبًا و عَشُبَ (ك) عَشَابَةً۔المَكَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔صفت عَاشِبٌ۔

عَشُبَ (ك) عَشَابَةً و عُشُوبَةً الرَّجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔صفت مذکر عَشَبٌ۔صفت مؤنث عَشَبَةٌ۔

أَعْشَبَ۔القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اُتر پڑو۔

أَعْشَبَ و عَشَّبَ المَكَانُ: سبز گھاس اُگانا۔

إِعْتَشَبَ و تَعَشَّبَ۔سبز گھاس چرنا۔موٹا ہونا۔

إِعْشَوْشَبَ۔سبز گھاس پر پہنچنا ___ المَكَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔

العُشْبُ۔سبز گھاس۔ج أَعْشَابٌ و واحد عُشْبَةٌ۔

العَشَبَةُ۔بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔

العَشَابَةُ۔سبز گھاس کی کثرت۔

العَشِبُ و العَشِيبُ و المُعْشِبُ و المِعْشَابُ: سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ و عَشِبَةٌ و عَشِيبَةٌ و مُعْشِبَةٌ و مِعْشَابٌ۔بہت سبز گھاس والی زمین۔

التَّعَاشِيبُ۔سبز گھاس کے متفرق قطعے۔

العَشَّابُ۔سبز گھاس والا۔سبزی والا۔

عَشَرَ (ض) عَشْرًا۔دس میں سے ایک لینا۔نو

پر ایک زائد کرنا ___ القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا ___ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

عَشَرَ (ن) عَشْرًا و عُشُوْرًا و عَشَّرَ المَالَ: دسواں حصّہ لینا ___ القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصّہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینگنا۔ عَشَّرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

أَعْشَرَ العَدَدُ: دس کر دینا ___ القَوْمُ: دس ہونا۔ أَعْشَرَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔

عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً۔ باہم مل جل کے رہنا۔

إِعْتَشَرَ و تَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔

العِشْر دسواں حصّہ۔ اُونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج أَعْشَار۔

العُشْر۔ دسواں حصّہ ج عُشُوْر و أَعْشَار

الأَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پَر۔

العُشَر۔ ہر مہینے کی دسویں، گیارہویں، بارہویں رات۔

العَشَرَة۔ دس اور یہ مذکر کے لیے ہے۔ کہاجاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لیے دونوں جزء مذکر جیسے "أَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً" اور مؤنث کے لیے دونوں جزء مؤنث۔ جیسے إِحْدَىٰ عَشْرَةَ امْرَأَةً ___ اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلاً اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جز مؤنث جیسے خَمْسَ عَشْرَةَ امْرَأَةً ج عَشَرَات۔

العِشْرُوْنَ۔ بیس (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔)

العِشْرَة۔ صحبت۔ مخالطت۔

العَاشِر۔ فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اُونٹ ج عُشَّر مؤنث عَاشِرَة۔ ج عَوَاشِر۔ العَوَاشِر: پرندے کے اگلے بڑے پَر۔

العَشُوْرَىٰ و العَاشُوْر و العَاشُوْرَاء و العَاشُوْرَىٰ۔ محرم کی دسویں تاریخ۔

العَشَّار۔ دسواں حصّہ وصول کرنے والا۔

العُشَرَاء۔ مِنَ النُّوقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اُونٹنی ج عِشَار و عُشَرَاوَات یا وہ اُونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔

العُشَرَاءُ و العُوَيْشَرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچّوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا عُشَارَ و مَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)

ثَوْبٌ عُشَارِيّ۔ دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِيّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة۔

عُشَارَة۔ دسواں حصّہ۔

الأَعْشَارِي۔ أَعْشَار جمع عشر کی طرف منسوب۔

العَشِيْر۔ قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء۔

العَشِيْر۔ دسواں حصّہ۔ ج أَعْشِرَاء۔

العَشِيْرَة۔ قبیلہ۔ عَشِيْرَةُ الرَّجُلِ: برادرانِ باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر۔ و عَشِيْرَات۔

الأَعْشَر۔ بیوقوف۔

المَعْشَر۔ جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر۔

المِعْشَار۔ دسواں حصّہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار: بہت دودھ والی اُونٹنی۔

العَشَارِب و العَشَرَّب۔ شیرٌ رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔

عَشَزَ (ض) عَشَزَانًا۔ کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا ___ عَلَىٰ عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

العَشُوْز۔ دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (___ والعَشَوَّز) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔

عَشِقَهُ (س) عِشْقًا و عَشَقًا و مَعْشَقًا بہت محبّت کرنا۔ محبّت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ج عُشَّاق و عَاشِقُوْن۔ صفت مؤنث عَاشِقَةٌ و عَاشِقٌ ج عَوَاشِق عَشِقَ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔

تَعَشَّقَ۔ بتکلف عاشق بننا ___ ہ: بہت محبّت کرنا۔

العِشْق۔ محبّت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

العَشَقَة۔ عشق۔ پیچان۔ بیلو۔ ج عَشَق۔

العَشِيْق۔ عاشق۔ معشوق۔ العَشِيْق والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق۔

العَشَّاق والعِشِّيْق۔ بہت زیادہ عشق والا۔

عَشِمَ (س) عَشَمًا و عُشُوْمًا و تَعَشَّمَ الشَّيْءُ: خشک ہونا۔

العَشَم۔ لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔

العَشَمَة۔ لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "شَيْخٌ عَشَمَةٌ و عَجُوْزٌ عَشَمَةٌ"

خُبْزٌ عَيْشَمٌ خشک یا خراب شدہ روٹی۔

الأَعْشَم۔ دو مخلوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء۔

عَشَنَ (ن) عَشْنًا و أَعْشَنَ و عَشَّنَ و اِعْتَشَنَ۔ رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔

العُشَان و العُشَانَة۔ گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔

عَشَا يَعْشُو عَشْوًا۔ رتوندوالے کی طرح کام کرنا ___ الإِبِلَ: اُونٹوں کو رات میں چرانا۔ ___ الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا ___ ہ و إِلَيْهِ۔ قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا ___ عَنْهُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (___ عَشْوًا و عَشْيًا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (___ عَشْوًا و عُشُوًّا) النَّارَ و إِلَى النَّارِ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی اُمید میں جانا (___ عَشْوًا و عَشِيَ يَعْشَىٰ عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ و أَعْشَىٰ۔ عَشِيَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْيَان۔ عَشِيَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔ عَشِيَتِ الإِبِلُ: اُونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِيَةٌ ج عَوَاشٍ۔

عَشَّى تَعْشِيَةً۔ الرَّجُلَ : شام کا کھانا کھلانا ــــــ الطَّيْرَ : آگ روشن کر کے اندھا بنا کر شکار کرنا ــــــ عَنِ الشَّئِ : نرمی برتنا۔ملاطفت کرنا ــــــ الإبِلَ : اُونٹ کو رات میں چرانا۔

اَعْشَى اِعْشَاءً الرَّجُلَ : دینا۔ رات کا کھانا کھلانا ــــــ اللّٰهُ الرَّجُلَ : رتوند میں مبتلا کر دینا۔

تَعَشَّى۔ رات کا کھانا کھانا۔

تَعَاشَى۔ رتوندی والا ظاہر کرنا۔

عَنْهُ : جاہل بننا۔

اِعْتَشَى اِعْتِشَاءً ا۔ عشا کے وقت چلنا ــــــ النَّار : رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔

اِسْتَعْشَى اِسْتِعْشَاءً نَارًا : آگ کی روشنی میں راستہ پانا ــــــ الرَّجُلَ : متحیر پانا۔

العَشَاء۔ شام کا کھانا۔ ج اَعْشِيَةٌ۔

العَشَا و العَشَاوَة۔ نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔

العَشِيُ۔ شام کا کھانا۔

العِشَاء و العَشِيِّ۔ رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی۔ یا دن کا آخری حصہ۔

العِشَاءَ انِ۔ مغرب اور عشا۔ بَعِير عَشِيٌّ رات کو دیر تک چرنے والا۔

العَشِيَّة۔ شام ج عَشِيٌّ و عَشَايَا و عَشِيَّات اور نسبت کے لیے عَشَوِيّ۔ العَشِيَّة : بادل۔

العَشْوَة۔ تاریکی۔ رات کے اوّل ربع کی تاریکی۔

العُشْوَة و العِشْوَة۔ آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے۔

العُشْوَة و العِشْوَة و العَشْوَة۔ اَمر مشتبہ کو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْطَأَه عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے اَمرِ مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے۔

العَشْوَاء۔ مؤنث الاَعْشَى۔ اُونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "هُوَ اَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاء" و "اِنَّهُمْ لَفِيْ عَشْوَاءِ مِنْ اَمْرِهِم" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں۔ و "رَكِبَ العَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء : تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔

عَصَّ (س) عَصًّا و عَصَصًا۔ سخت ہونا۔

عَصَّصَ عَلٰى عَزِيْمِهِ : قرض دار سے اصرار کرنا۔

العُصّ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ العُصِّ۔"

العُصَص و العُصُص۔ دُم کی ہڈی۔

عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّئَ : لپیٹنا۔ موڑنا۔ بٹنا۔ باندھنا ــــــ القُطْنَ : روئی کاتنا۔ الرِّيْقُ بِالْفَمِ : تھوک کا منہ پر خشک ہونا ــــــ النَّاقَةَ : دوہنے کے لیے اُونٹنی کی رانیں باندھنا ــــــ الرَّجُلُ بَيْتَهُ : اقامت کرنا ــــــ الغُبَارُ رَاسَهُ : سر پر غبار لگ جانا ــــــ القَوْمَ بِهِ : اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا (ــــــ عَصْبًا و عُصُوْبًا) الاَسْنَانُ : دانتوں کا میلا ہونا ــــــ الاُفُق : کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا (ــــــ عَصْبًا و عِصَابًا) الشَّئَ : قبضہ کرنا۔

عَصِبَ (س) عَصَبًا اللَّحْمُ : گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔ صفت۔ عَصِب ــــــ القَوْمُ بِهِ : اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔

عَصَّبَهُ۔ بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔

عَصَّبَ فُلَانًا : سردار بنانا۔

اَعْصَبَتِ الإبِلُ : اُونٹوں کا تیز چلنا۔

تَعَصَّبَ۔ پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا ــــــ لَهُ و مَعَهُ : مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا ــــــ عَلَيْهِ : مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا ــــــ فِيْ دِيْنِهِ و مَذْهَبِهِ : دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا ــــــ بِالشَّئِ : راضی ہونا۔

اِعْتَصَبَ القَوْمُ : گروہ بننا ــــــ المَلِكُ : بادشاہ کا تاج پہننا ــــــ التَّاجُ عَلٰى رَاسِهِ : تاج کا سر پر فٹ ہونا ــــــ بِالشَّئِ قناعت کرنا اور راضی ہونا۔

اِنْعَصَبَ الشَّئُ : سخت ہونا۔

اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ : سخت ہونا ــــــ القَوْمُ : مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔

العَصْب۔ عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر (ــــــ و العُصُب) عشق پیچاں۔

العَصَب۔ مع۔ پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچاں ج اَعْصَاب۔

العَصَبَة۔ عصب کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات۔

العِصْبَة۔ پٹی باندھنے کی ہیئت۔

العُصْبَة۔ مِنَ الرِّجَالِ و الخَيْلِ و الطَّيْرِ : مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب۔

العِصَاب۔ جس سے باندھا جائے۔

العِصَابَة۔ جماعت مردوں، گھوڑوں، پرندں کی پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب۔

العَاصِب۔ فا۔ رَجُلٌ عَاصِبٌ : وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے۔

العَصِيْب۔ پھیپھڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب و اَعْصِبَة۔ يَوْمٌ عَصِيْبٌ : سخت گرم۔

التَّعَصُّب۔ مص دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات۔

العَصَبِيّ۔ قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔

العَصَبِيَّة۔ دھڑابندی۔

المُعَصَّب۔ مفم۔ سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔

المَعْصُوْب۔ مفم۔ باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْب الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پر گوشت۔

العَصَبْصَب۔ سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔

عَصَدَ (ض) عَصْدًا و اَعْصَدَ۔ الشَّئَ : موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَهُ عَلَى الاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (ــــــ عُصُوْدًا) الرَّجُلُ : مرنا۔

العَصِيْد۔ گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔

العَصِيْدَة۔ ایک قسم کا کھانا جو گھی، آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔

عَصَرَ (ض) عَصْرًا۔ العِنَبَ او الثَّوْبَ : انگور یا کپڑے کو نچوڑنا ــــــ الدُّمَّلَ : پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا ــــــ الرَّكْضُ الفَرَسَ :

پسینہ لاتا ــــ الشَّیْئَ عَنْهُ: منع کرنا ــــ فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔
عَصَّرَ الشَّیْئَ: بار بار نچوڑنا ــــ الزَّرْعُ کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔
اَعْصَرَ۔ عصر کے وقت میں داخل ہونا۔
اَعْصَرَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر۔ ج مَعَاصِر و مَعَاصِیْر۔ الرِّیْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔
اُعْصِرَ الْقَوْمُ: بارش کیا جانا۔
عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً۔ ایک زمانہ میں ہونا۔
تَعَصَّرَ۔ نچوڑا جانا ــــ بِهٖ: پناہ لینا۔
اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ او الثَّوْبَ و نَحْوَهُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا ــــ الْعَصِیْرَ: شراب بنانا ــــ الْعَطِیَّةَ: عطیہ واپس لینا ــــ مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا ــــ مِنَ الشَّیْئِ: لینا ــــ بِفُلَانٍ: پناہ لینا ــــ عَلَیْهِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَا غَصَّ بِهٖ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔
اِنْعَصَرَ۔ نچڑنا ــــ الْعِنَبُ و نَحْوُهُ: شیرہ نکل جانا۔
الْعَاصِرُ فا۔ ج عَصَرَة و عَاصِرُوْن مؤنث عَاصِرَة ج عَوَاصِر و عَاصِرَات۔ رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔ بخیل۔
الْعَصْرُ۔ دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ۔ عطیہ ج اَعْصُر و عُصُوْر۔ الْعَصْرَان۔ صبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔
الْعَصْرُ و الْعِصْرُ و الْعُصُرُ۔ زمانہ ج عُصُوْر و اَعْصُر و عُصُر و اَعْصَار۔ اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِیر۔
الْعُصْرُ و الْعَصَرُ و الْعُصْرَة و الْمُعْتَصَرُ: جائے پناہ۔
الْعَصَرُ۔ عصر۔ سکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک۔

الْعَصَرَة۔ خوشبو کی بھڑک عَاصِر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔
الْعَصِیْرُ و الْعَصِیْرَة و الْعُصَار۔ رس۔ نچوڑ۔
الْعَصِیْرُ: نچوڑا ہوا۔
الْعِصَار۔ سخت غبار۔ وقت۔
الْعُصَارَة۔ رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرِیْمُ الْعُصَارَةِ" یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔
الْاِعْصَار۔ بگولہ ج اَعَاصِر و اَعَاصِیْر۔ کہتے ہیں "وَعْدُهٗ اِعْصَارٌ لَیْسَ بَعْدَهٗ اِعْصَار" یعنی اس کے وعدہ کے لیے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔
اُعْصِرَ الْقَوْمُ کا بمعنی بارش ہونا۔
الْمَعْصَرَة و الْمَعْصَر۔ نچوڑنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِیْمُ الْمَعْصَر" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔
الْمِعْصَر و الْمِعْصَرَة۔ انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔
الْمِعْصَار۔ وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔
الْمُعْصِرَات۔ بادل۔
الْعُصْعُصُ و الْعَصْعَص۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِص۔ الْعُصْعُص: مرد کم خیر دشوار خو۔ مضبوط توانا۔
الْعُصْعُوْص۔ دُم کی ہڈی۔ ج عَصَاعِیْص۔
عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا و عُصُوْفًا الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت عَاصِفَةٌ و عَاصِفٌ النَّاقَةُ: بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا تیز لے جانا ــــ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ عَصَفَ الشَّیْئُ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الْحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کر دیا۔ "عَصَفَ الدَّهْرُ بِهِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا (ــــ و اِعْتَصَفَ) عِیَالَهٗ: بال بچوں کے لیے کمانا۔
عَصَفَ (ن) عَصْفًا۔ الزَّرْعَ: کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔
اَعْصَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔
اَعْصَفَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَةٌ و مُعْصِفٌ ج مَعَاصِف و مَعَاصِیْف ــــ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔

اَعْصَفَتِ الْحَرْبُ بِهِمْ: تباہ و برباد کر دینا۔
اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ: تناور ہونا۔
الْعَصْف۔ مد۔ کھیت کے پتے۔ عَصْفُ التِّبْنِ: گھاس کے تنکے۔ عَصْفُ الْاَثْمِدِ وغیرہ اثمد وغیرہ کا غبار۔
الْعَصْفَة۔ عَصَفَ۔ کا اسم مرۃ۔ شراب کی بو۔ کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔
الْعَاصِف۔ فا۔ سَهْمٌ عَاصِفٌ: نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔ یَوْمٌ عَاصِفٌ: تیز ہوا کا دن۔
الْعَاصِفَة۔ مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ و عَوَاصِف۔
الْعَصُوْف۔ تیز ہوا۔ ج عُصُف۔
الْعَصِیْف۔ تیز ہوا۔
الْعَصِیْفَة۔ پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔
الْعُصَافَة۔ تنکے جو خوشے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اُڑا کر لائے۔
عَصْفَرَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔
تَعَصْفَرَ۔ الثوب: زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔ تَعَصْفَرَتِ الْعُنُقُ: گردن ٹیڑھی ہونا۔
الْعُصْفُر۔ زرد رنگ۔
الْعُصْفُوْر۔ چڑیا۔ کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِیْر مؤنث عُصْفُوْرَة۔ الْعُصْفُوْر: پیشانی۔ پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔ لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔ گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اُٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔ کتاب۔ کشتی کی میخ۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "نَقَّتْ او صَاحَتْ عَصَافِیْرُ بَطْنِهٖ" یعنی بھوکا ہوا۔
الْعُصَیْفِرَة۔ گل خیری کا زرد پھول۔
الْعُصْقُوْل۔ نر ٹڈی۔ ج عَصَاقِیْل۔
الْعَصَاقِیْل: بگولہ۔
عَصِلَ (س) عَصَلًا۔ الشَّیْئُ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلٌ و اَعْصَلُ مؤنث عَصِلَةٌ و عَصْلَاءُ ج عِصَال و عُصْل (ــــ و اَعْصَلَ) سخت ہونا۔
عَصَلَ (ن) عَصْلًا الْعُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا

کرنا۔
عَصَّلَ السَّهْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔
العِصْلُ و العَصَلُ۔ آنت ج اَعْصَال۔
المِعْصَل۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔
المِعْصَال و المِعْصِيل۔ ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقِيلَة" یا "بَاکُور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِيل۔
عَصْلَبَ۔ سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔
العَصْلَب و العُصْلُب و العُصْلُبِيُّ و العُصْلُوْب۔ بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔
عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلُ: کمائی کرنا۔ الشَّيْءَ: روک لینا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا مِنَ المَکْرُوهِ محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَةَ: مشک کو رسّی سے باندھنا ـــــ اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا۔
عَصِمَ (س) عَصَمًا۔ الظَّبْيُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔
اَعْصَمَ بِهٖ: پکڑنا اور لازم ہونا۔ بِالفَرَسِ: ایال پکڑنا ـــــ مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا ـــــ القِرْبَةَ: رسّی سے باندھنا۔
اِعْتَصَمَ۔ بِهٖ: ہاتھ سے پکڑنا ـــــ بِصَاحِبِهٖ: لازم ہونا ـــــ بِاللّٰهِ: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا ـــــ مِنَ الشَّرِّ وَ المَکْرُوهِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔
اِنْعَصَمَ۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔
اِسْتَعْصَمَ بِهٖ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔
العُصْم و العُصُم۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العِصَام۔ سرمہ۔ دُم کا باریک حصہ۔ مِنَ القِرْبَةِ: مشک باندھنے کی رسّی۔ مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد۔ اور یہ باب مجاز سے ہے ج اَعْصِمَة و عُصُم و عِصَام۔
العِصَامِيُّ۔ نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "کُنْ عِصَامِيًّا لَا عِظَامِيًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آباؤ اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔
العِصْمَة۔ بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔
العِصْمَة۔ گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم و اَعْصَم و عِصَمَة ج اَعْصَام۔
العَصَمَة۔ گلوبند۔ پٹہ۔
الاَعْصَم۔ اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم۔
العَصِيم۔ پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العَصُوْم و العَيْصُوْم۔ بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)
العَاصِمَة۔ مدینہ منورہ کا لقب۔ دار السلطنت۔ ج عَوَاصِم۔
المِعْصَم۔ کلائی ج مَعَاصِم۔
المُعْتَصَم۔ پناہ لینے کی جگہ۔
عَصَا يَعْصُوْ عَصْوًا۔ الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا ـــــ الجُرْحَ: زخم کو باندھنا ـــــ القَوْمَ: نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔
عَصِيَ يَعْصَى عَصًا۔ لاٹھی لینا (ـــــ و اِعْتَصٰی) بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا۔ و اِعْتَصَی الشَّيْءَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔ اِعْتَصٰی عَلَيْهِ: ٹیک لگانا۔
عَصّٰی تَعْصِيَةً فُلَانًا العَصَا: لاٹھی دینا۔
اَعْصٰی اِعْصَاءً۔ الکَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ۔ لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔
العَصَا۔ لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِيّ و عِصِيّ و اَعْصٍ و اَعْصَاء اور ثنیٰ عَصَوَان العَصَاء: اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَهُ العَصَا" متنبہ کیا "قَشَرَ لَهُ العَصَا" عندیہ ظاہر کر دیا "قَرَعَهٗ بِعَصَا المَلَامَةِ" حد سے زیادہ ملامت کی "اَلْقَى المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَى عَصَا التَّرْحَالِ یعنی اس نے اقامت کی "النَّاسُ عَبِيْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔
العُصَيَّة۔ عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔
عَصٰی يَعْصِي عَصْيًا و مَعْصِيَةً سَيِّدَهٗ: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة و عَاصُوْن ـــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنا ـــــ العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً و تَعَصّٰی عَلَيْهِ تَعَصِّيًا۔ نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّی الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً۔ النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔
اِسْتَعْصٰی۔ سَيِّدَهٗ: مالک کی نافرمانی کرنا ـــــ الشَّيْءُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔
العَصِيّ۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصِيُّوْن و اَعْصِيَاء۔
العَصَّاء۔ نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْن۔
المَعْصِيَة۔ گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِي۔
عَضَّهٗ (س) عَضًّا و عَضِيْضًا دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ بَا اور عَلٰی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِهٖ اور عَضَّ عَلَيْهِ بھی بولا جاتا ہے ـــــ ہ الزَّمَانُ: سخت ہونا الشَّيْءَ: لازم ہونا اور پکڑنا۔
عَضَّضَ۔ بہت کاٹنا۔
عَاضَّتْ مُعَاضَّةً و عِضَاضًا الدَّوَابُّ: جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
اَعَضَّهُ۔ الشَّيْءَ: دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔
تَعَاضًّا۔ ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔
العِضُّ۔ بد خلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ مصیبت۔ ہسر۔ مال کا منتظم ج اَعْضَاض و عُضُوْض۔ العِضُّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض۔
العُضُّ۔ جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔ چھوٹا کانٹے دار درخت۔
العَضَاض۔ جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔

العِضَاض۔ دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِضَاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِيْض۔ مع۔ سخت کاٹ۔ ہمسر۔
العَضُوْض و العَضَّاض۔ بہت کاٹنے والا۔ بئر عَضُوْض :بہت پانی والا کنواں۔
العُضَاض و العُضَّاض۔ ناک کا اوپر کا سخت حصّہ۔
عَضَبَ (ض) عَضْبًا قطع کرنا ___ ہ المَرَضُ :حرکت سے روکنا ___ ہ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ___ ہ بِالعَصَا :لاٹھی مارنا ___ ہ عَنِ الأَمْرِ : روک دینا ___ ہ بِلِسَانِهِ : گالی دینا عَضَبَ عَنْهُ : رجوع کرنا (___ و أَعْضَبَ) النَاقَةَ و نَحْوَهَا :اُونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضَبًا الكَبْشُ : مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوْبًا و عُضُوْبَةً۔ چرب زبان ہونا۔
عَاضَبَهُ مُعَاضَبَةً۔ القَرْنُ :سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب۔ تیز تلوار۔ چرب زبان۔
الأَعْضَب۔ پھٹے کان والا۔ ٹوٹے سینگ والا۔ جس کا بھائی نہ ہو۔ بے مددگار۔ مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب۔
العَضَّاب۔ بہت کاٹنے والا۔ بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوْب۔ کمزور۔ لُنجا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَمَعْضُوْبُ اللِّسَانِ" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضْبَرَ عَضْبَرَةً الكَلْبُ :شیر کی مانند ہونا۔
العِضْبَارَة۔ جنگلی کلباٹ۔ دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَهُ (ن) عَضْدًا۔ مدد کرنا۔ بازو پر مارنا۔
عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشَّجَرَةَ : درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔ اُونٹوں کیلئے پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س) عَضَدًا و عُضِدَ عَضْدًا۔ بازو میں درد ہونا۔ صفت عَضِد مؤنث عَضِدَة۔
عَضَّدَ و أَعْضَدَ السَّهْمُ۔ تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عَاضَدَهُ مُعَاضَدَةً۔ مدد کرنا۔
تَعَاضَدُوْا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
إِعْتَضَدَهُ و تَعَضَّدَهُ۔ بغل میں لینا۔
إِعْتَضَدَ بِهِ :مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
إِسْتَعْضَدَ۔ الشَّجَرَةَ :درخت کو ہنسیا سے کاٹنا ___ الثَّمَرَةَ :پھل چننا۔
العَضُد۔ مع۔ مددگار۔ گوشہ۔ ج أَعْضَاد۔
العَضْد و العُضْد و العَضِد۔ بازو ج أَعْضَاد و أَعْضُد۔
عَضُدُ كُلِّ شَيْئٍ و عَضُدُهُ و أَعْضَادُهُ وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔ جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔
عَضُدُ الطَّرِيْقِ :راستہ کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ عَضُدِهِ" یعنی اپنے اعوان و انصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد۔ کٹا ہوا درخت۔ قوۃ۔ اُونٹ کے بازو میں ایک مرض۔ جھاڑے ہوئے پتے۔
العَضَاد۔ پستہ قد مرد یا عورت۔ موٹے بازو والا۔
العِضَاد۔ بازو بند۔ تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔ درانتی۔ ہنسیا۔ اُونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضَادَةُ مِنَ الطَّرِيْقِ :راستہ کا پہلو۔ عِضَادَتَا البَابِ :چوکھٹ کے دونوں بازو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِضَادَةُ فُلَانٍ" فلاں فلاں کا معاون و مددگار ہے۔
العِضَادِيُّ و العَضَادِيُّ و العُضَادِيُّ :موٹے بازو والا۔
العَضِيْد۔ کھجور کے درختوں کی قطار۔ درخت سے کٹا ہوا۔ ج عِضْدَان۔
الأَعْضَد۔ دُبلے بازو والا۔ جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَوَاضِد۔ درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد۔ درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد۔
المِعْضَاد۔ بازو بند۔ ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ ہنسیا۔ درانتی۔
المِعْضَدَة۔ تھیلی۔ بٹوہ۔
العُضْرُس و العُضَارِس۔ سردی، اولے، برف، ٹھنڈا میٹھا پانی۔ گورخر۔ ج عَضَارِس۔
العُضْرُط۔ کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ ج عَضَارِط و عَضَارِطَة۔
العُضْرُط و العِضْرِط۔ کمینہ۔
قَوْمٌ عَضَارِيْط۔ فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا۔ عَلَيْهِ : تنگی کرنا۔ منع کرنا۔ بِهِ الأَمْرُ : سخت ہونا ___ الرَّجُلَ : عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) و عَضِلَ (س) عَضْلًا و عِضْلًا و عِضْلَانًا المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ :نکاح کرنے سے روکنا۔ منع کرنا ___ الرَّجُلَ : رانڈ کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا۔ بہت سخت گوشت والا ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل و عَضْل۔
عَضَّلَ۔ عَلَيْهِ : تنگی کرنا۔ کسی کے حصولِ مقصد میں حائل ہو جانا۔ عَضَّلَ المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ۔ نکاح کرنے سے روکنا ___ المَكَانُ : تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الأَرْضُ بِأَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہو گئی۔ عَضَّلَتِ المَرْأَةُ او الدَّجَاجَةُ و غَيْرُهُمَا مِنَ الحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا بچہ جننا دشوار ہو گیا۔ صفت مُعَضِّل۔
أَعْضَلَ الأَمْرُ : سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ أَعْضَلَتِ المَرْأَةُ و نَحْوُهَا مِنَ الحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا : بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِل و مُعْضِلَة ج مَعَاضِيْل۔ أَعْضَلَ بِهِ الأَمْرُ : مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا ___ الأَمْرُ فُلَانًا : غالب آنا اور عاجز کر دینا۔ أَعْضَلَنِي فُلَانٌ :فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کر دیا۔ (___ و تَعَضَّلَ) الدَّاءُ الأَطِبَّاءَ : بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا۔
العِضْل۔ بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔
العَضَل۔ بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان۔
العَضَلَة۔ سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل و عَضَلَات۔ العَضَلَة : کنیر کے مشابہ ایک درخت۔
العَضِيْلَة۔ بمعنی عَضَلَة ج عَضَائِل۔

العُضلَة۔ مصیبت۔ ج عُضل و عُضَل۔
العُضَال۔ سخت۔ دَاءٌ عُضَال: عاجز کر دینے والا مرض۔
المُعضِل۔ فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعضِلٌ: تھکا دینے والا یا لاعلاج مرض۔
المُعضِلَة۔ مؤنث مُعضِل۔ پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعضِلات۔ المُعضِلات۔ سختیاں۔
المُعضِلَة و المُعضَّلَة۔ پیچیدہ مشکل معاملہ۔
العَضْم۔ کمان کا قبضہ ج عِضَام۔ گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضم و اَعضِمَةٌ۔
عَضَهَ (ف) عَضْهًا و عَضَهًا و عِضَهَةً و عَضِيهَةً۔ جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (___ عَضْهًا) البَعِيرُ: ببول کا درخت کھانا ___ الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔
عَضِهَ (س) عَضْهًا و اَعْضَهَ۔ بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔
العَاضِه۔ فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهٌ و عَاضِهَةٌ۔ سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے ج عَوَاضِه۔
العِضَة۔ جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُون۔
العِضَاه۔ ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَة و عِضَةٌ: کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهِ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔
العِضَاهِيّ و العِضَهِيّ و العَضَوِيّ مِنَ الإِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا اُونٹ۔ مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔
العَاضِهَة۔ مؤنث عاضِه۔ جھوٹ۔ بہتان ج عَوَاضِه۔
عَضَا يَعْضُو عَضْوًا و عَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا ___ الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔
عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔
العُضْو و العِضْو۔ بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج اَعْضَاء۔
العِضَة۔ فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُون۔
رَجُلٌ عَاضٍ۔ مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔
عَطَّ (ن) عَطًّا و عَطَّطَ و اعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيط۔ عَطَّ الرَّجُلَ إِلَى الاَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔
اِنْعَطَّ العُودُ: لکڑی کا مڑنا (___ و تَعَطَّطَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔
العَطَاط۔ بڑا بہادر۔ شیر۔
الاَعَطّ۔ لمبا۔
عَطِبَ (س) عَطَبًا و اِعْتَطَبَ۔ ہلاک ہونا ___ الفَرَسُ و نَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔
عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔
اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔
عَطَبَ (ن) عَطْبًا و عُطُوبًا۔ القُطْنُ رُوئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔
عَطَّبَ۔ الشَّرَابَ: خوشبو دار کرنے کی تدبیر کرنا ___ الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔
اَعْطَبَهُ۔ ہلاک کرنا۔
العُطْب و العُطُب۔ رُوئی۔
العُطْبَة۔ رُوئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ رِيحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی رُوئی یا چیتھڑے کی بُو محسوس کرتا ہوں۔
المُعْطِب۔ فقیر۔
المَعْطَب۔ ہلاکت کی جگہ ج مَعَاطِب۔
العُطْبُل و العُطْبُول و العُطْبُولَة۔
العَيْطَبُول۔ جوان، خوبصورت، دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل و عَطَابِيل۔ العُطْبُل و العُطْبُول۔ دراز گردن ہرنی۔
عَطِرَ (س) عَطَرًا۔ خوشبو دار ہونا۔ صفت عَطِرٌ۔
عَطَّرَهُ۔ خوشبو دار کرنا۔
تَعَطَّرَ و اِسْتَعْطَرَ۔ خوشبو دار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔
العِطْر۔ خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُور۔
العَاطِر۔ عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر۔
العَطَّار۔ بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (العِطَارَة) کہتے ہیں۔
المِعْطَار و المِعْطِير۔ بہت خوشبو والا۔ (مذکر و مؤنث)
عُطَارِد۔ بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ (منصرف و غیر منصرف)
عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا و عُطَاسًا چھینکنا ___ الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے عَطَسَ فُلَانٌ و عَطَسَتْ بِهِ اللُّجُمُ: یعنی مر گیا۔
عَطَّسَ۔ چھینکوانا۔
العَاطِس۔ فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صبح۔
العَاطُوس۔ ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔
المَعْطَس و المَعْطِس۔ ناک۔ ج مَعَاطِس۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَمَتِ المَعَاطِسُ" یعنی دشمن مغلوب ہو گئے۔
عَطِشَ (س) عَطَشًا۔ پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش و عَطْشَى و عَطَاشَى۔ مؤنث عَطْشَى و عَطْشَانَة ج عِطَاش۔
اَعْطَشَهُ و عَطَّشَهُ۔ پیاسا کرنا۔ اَعْطَشَ الرَّجُلُ: پیاسے جانور والا ہونا۔
عَاطَشَهُ فَعَطَشَهُ۔ پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعولی مَعْطُوش۔
تَعَطَّشَ۔ پیاسا بننا۔
العَطِش و العَطُش۔ پیاسا۔ مؤنث عَطِشَةٌ عَطُشَةٌ۔
العُطَاش۔ بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔
المَعْطَش۔ پیاس کا وقت ج مَعَاطِش۔
المَعْطَشَة۔ زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش۔
المِعْطَاش۔ بہت پیاسا (مذکر و مؤنث)
عَطْعَطَ۔ القَوْمُ عَطْعَطَةً۔ لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ: کلام میں خلط ملط کرنا۔
عَطَفَ (ض) عَطْفًا و عُطُوفًا إِلَيْهِ: مائل ہونا ___ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا ___ عَنْهُ: پھر جانا ___ ہ عَنِ الاَمْرِ: ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ: لگام پھیرنا ___ كَلِمَةً عَلَى اُخْرَى: حرفِ عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا ___ الوِسَادَةَ: تکیہ کو دوہرا کرنا ___ الشَّيْءَ: جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا:

اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللہُ قَلْبَہٗ وبِقَلْبِہٖ :دل کو مہربان کر دینا۔

عَطِفَ (س) عَطَفًا۔ لمبی پلکوں والا ہونا۔

عَطَّفَ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلٰی وَلَدِھا :مہربان کرانا۔ الشَّیْءَ :جھکانا۔

تَعَطَّفَ۔ جھکنا اور مائل ہونا ــــ عَلَیْہِ : رحم دل ہونا اور احسان کرنا ــــ الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ :کپڑا اوڑھ لینا۔

اِعْتَطَفَ۔ الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ :کپڑا اوڑھ لینا۔

اِنْعَطَفَ۔ مڑنا۔

تَعَاطَفَ۔ القَوْمُ : بعض کا بعض پر مہربانی کرنا ــــ فِیْ مَشْیَتِہٖ : ناز سے سرہلاتے ہوئے چلنا۔

اِسْتَعْطَفَہٗ۔ مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔

العَطْف۔ کجی۔ جھکاؤ۔

العِطْف۔ بغل ــــ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ : کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ : مرد کے دونوں پہلو ج اَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوْف۔ کہا جاتا ہے "ثَنٰی عَنِّیْ عِطْفَہٗ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "ھُوَ یَنْظُرُ فِیْ عِطْفَیْہِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّثَانِیَ عِطْفِہٖ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔

العِطْفَةُ۔ انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔

العَطَفُ۔ پلکوں کی درازی، درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچاں۔ واحد عَطَفَةٌ۔

العِطَاف۔ چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف واَعْطِفَةٌ۔

العَاطِف۔ فا۔ ازار۔ گھوڑدوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة۔ والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ : حرف عطف جیسے واو۔ فا۔ ثُمَّ۔ حتّٰی وغیرہ۔

العَاطِفَة۔ مؤنث عاطِف۔ شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف۔

العَطِیْف۔ مِنَ النِّسَاءِ : نازک فرمانبردار عورت۔

العَطِیْفَة۔ کمان۔ ج عَطَائِف۔

العَطُوْف۔ مہربان محسن۔ اِمْرَأَةٌ عَطُوْفٌ شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف

(ــــ والعَاطُوْف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِیْف۔

قَوْسٌ عَطْفِیٌّ۔ ٹیڑھی کمان۔

المِعْطَف۔ چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف۔

مُنْعَطَفُ الوَادِی ومُنْعَطَفُہٗ۔ وادی کا موڑ۔

المَعْطِف۔ گلا ج مَعَاطِف۔

عَطِلَ (س) عَطَلًا الرَّجُلُ مِنَ المَالِ او الاَدَبِ وکَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ : خالی ہونا۔ صفت عَاطِلٌ وعُطُلٌ وعُطُلٌ۔ ج اَعْطَال۔

عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلًا وعُطُوْلًا۔ المَرْأَةُ :عورت کا بے زیور ہونا۔ صفت عَاطِل وعَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات وعَوَاطِل وعُطَّل واَعْطَال۔

عَطَلَ (ن) عَطَالَةً۔ الاَجِیْرُ :مزدور کا بیکار ہونا۔

عَطَّلَ۔ الشَّیْءَ : بے کار چھوڑ دینا ــــ المَرْأَةَ :زیور اُتار لینا ــــ القَوْسَ :کمان سے تانت نکال لینا۔ عَطَّلَتِ الاِبِلُ :بغیر چرواہے کے ہونا۔ عَطَّلَ الاِبِلَ : بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا البِئْرَ :کوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع ذائع کرکے چھوڑ دیا جائے اس پر تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُوْدُ او الثُّغُوْرُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جوتی بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِیَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہی ایسی قوم کو "مُعَطَّلُوْن" کہیں گے۔

تَعَطَّلَ۔ بیکار ہونا۔ تَعَطَّلَتْ واِسْتَعْطَلَتِ المَرْأَةُ :عورت کا بے زیور ہونا۔

العَطَل۔ گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ عَطَلَہٗ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔

العُطْلَة۔ بیکاری۔

العَطِیْل والعَیْطَل : نر کھجور کے خوشے کا تنہ۔

العَیْطَل :خوبصورت دراز گردن۔

العَطْلَاءُ مِنَ النِّسَاءِ :بے زیور عورت۔

المِعْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ : بے زیور رہنے کی عادی۔

التَّعْطِیْل۔ بیکار رہنا۔ مَذْھَبُ التَّعْطِیْل۔ صفات باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔

المُعَطِّلَة۔ مذہب تعطیل والے۔

اِعْتَطَمَ۔ الرَّجُلُ :ہلاک ہونا۔ صفت عَاطِمٌ وعَطِیْمٌ ج عُطُم۔

العُطْم۔ دھنکی ہوئی اُون۔

عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا۔ الجِلْدَ :کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔ صفت مفعولی عَطِیْنٌ ومَعْطُوْنٌ (ــــ عُطُوْنًا) البَعِیْرُ : اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔ صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ وعُطُوْن وعَطَنَةٌ مؤنث عَاطِنَة ج عَاطِنَات وعَوَاطِنُ وعُطُوْنٌ۔

عَطِنَ (س) عَطَنًا۔ الجِلْدُ :کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔ صفت عَطِنٌ۔

عَطَّنَ الجِلْدَ :کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (ــــ واَعْطَنَ) الاِبِلَ :دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔ عَطَّنَ لِلاِبِلِ : اُونٹ کے لیے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔ عَطَّنَتِ الاِبِلُ : اُونٹ کا سیراب ہو کر بیٹھنا۔

اِنْعَطَنَ الجِلْدُ :کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔

العَطَن والمَعْطِن والمَعْطَن۔ اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَعَاطِن۔

العِطَان۔ گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہو جائیں۔

رَجُلٌ عَطِیْنٌ وعَطِیْنَةٌ۔ بدبودار مرد۔

عَطَا یَعْطُوْ عَطْوًا۔ الشَّیْءَ و اِلَیْہِ :لینا اِلَیْہِ یَدَہٗ :بلند کرنا۔

عَطّٰی تَعْطِیَةً الرَّجُلَ : جلدی کرانا۔ خدمت کرنا۔

اَعْطٰی اِعْطَاءً۔ ہ الشَّیْءَ :دینا۔ اَعْطَی البَعِیْرُ او اَعْطَی البَعِیْرُ بِیَدِہٖ : مطیع ہونا۔

عَاطٰی مُعَاطَاةً وعِطَاءً الرَّجُلَ الشَّیْءَ :دینا ــــ ہ :خدمت کرنا۔

تَعَاطٰی تَعَاطِیًا۔ الشَّیْءَ :لینا۔ الاَمْرَ : مشغول ہو جانا ــــ الرَّجُلُ : کسی چیز کو پکڑنے کے لیے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاطَیْنَا فَعَطَوْتُہٗ" وادو دہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہو گیا۔

تَعَطَّی تَعَطِّیًا- جلدی کرنا ـــــ الْاَمْرَ : مشغول ہو جانا۔
تَعَاطٰی و اِسْتَعْطٰی اِسْتِعْطَاءً- عطیہ مانگنا۔
العَطَا و العَطَاءُ- جو چیز دی جائے۔ ج اَعْطِیَۃ جج اَعْطِیَات۔
العَطِیَّۃ- بمعنی عطا ج عَطَایَا و عَطِیَّات۔
العَطَاءَۃ و العَطَاوَۃ- بمعنی عطا۔
المِعْطَاء- بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث) ج مَعَاطٍ و مَعَاطِی۔
عَظَّہُ (ن) عَظًّا بِالْاَرْضِ : چپکا دینا۔ عَظَّتْہُ الحَرْبُ : تکلیف پہنچانا۔
عَاظَّہُ مُعَاظَّۃً و عِظَاظًا- سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ عَاظَّ القَوْمُ : جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔
العَظَّۃ- جنگ میں سختی۔
عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطَّائِرُ : پرندے کا دم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔
عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا و عُظُوْبًا جِلْدُہٗ- کھال خشک ہونا ـــــ یَدُہٗ : کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔
عَظِبَ (س) عَظَبًا عَلَی العَمَلِ : صبر سے برداشت کرنا۔ موٹا ہونا۔ صفت عَظُوْب۔
عَظَّبَہٗ عَنْ بُغْیَتِہٖ : ٹالنا۔ تاخیر کرنا ـــــ ہ عَلَی الشَّیْءِ : عادی اور رسیا بنانا۔
العَاظِبُ و العَظِبُ : جنگل اور خشک مقامات میں اُترنے والا۔
عَظِیْبُ- الخُلُقِ : بد خلق۔
عَظَرَ (س) عَظْرًا- الاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
اَعْظَرَہُ الشَّرَابُ : معدہ میں ثقیل ہونا اور اسم اس سے (العِظَارَۃ) ہے۔
العَظُوْر- شراب سے شکم سیر ج عُظْر۔
العِظَار- شراب کی وجہ سے امتلاء۔
عَظْعَظَ السَّہْمُ : تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا ـــــ الجَبَانُ : بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا ـــــ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔
عَظَلَ (ن) و عَظِلَ (س) عَظْلًا و تَعَاظَلَ و عَظَّلَ و اِعْتَظَلَ الکِلَابُ و الجَرَادُ : کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔

عَاظَلَ الشَّیْءَ : سوار ہونا ـــــ الکَلَامَ : کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا ـــــ الشَّاعِرُ فِی القَافِیَۃِ : تضمین کرنا بالکَلَامِ : اپنے ہی اوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔
عَظَّلَ و تَعَظَّلَ- القَوْمُ عَلَیْہِ : مارنے کے لیے ہجوم کرنا- تَعَظَّلَ فِی اَثَرِہٖ : تلاش کرنا۔
العَاظِلُ و العَاظِلَۃُ و العَظْلٰی مِنَ الجَرَادِ : ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔
تَعَظْلَمَ اللَّیْلُ : سخت تاریک ہونا۔
العَظْلَمَۃ- تاریکی۔
عَظُمَ (ک) عِظَمًا و عَظَامَۃً- بڑا ہونا۔ صفت عَظِیْم ج عُظَمَاءُ و عِظَامٌ و عُظُمٌ ـــــ الْاَمْرُ عَلَیْہِ : دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔
عَظَمَ (ن) عَظْمًا- الکَلْبَ : کتے کو ہڈی کھلانا ـــــ عَظْمَۃً الرَّجُلَ : ہڈی پر مارنا۔
اَعْظَمَ الْاَمْرُ : بڑا ہونا ـــــ الشَّیْءَ : بڑا کرنا۔ بڑا سمجھنا- اعظم الکَلْبَ عَظْمًا : کتے کو ہڈی کھلانا- کہا جاتا ہے "مَا یُعْظِمُنِیْ اَنْ اَفْعَلَ کَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔
عَظَّمَہٗ : تعظیم کرنا۔ توقیر کرنا- عَظَّمَ الشَّاۃَ : ہڈی ہڈی کاٹنا۔
تَعَظَّمَ- تکبر کرنا۔
تَعَاظَمَ- تکبر کرنا- تَعَاظَمَہُ الْاَمْرُ : بڑا ہونا- کہا جاتا ہے "اَمْرٌ لَا یَتَعَاظَمُہٗ شَیْءٌ" وہ ایسا امر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔
اِسْتَعْظَمَ- تکبر کرنا ـــــ الْاَمْرَ : بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا ـــــ الشَّیْءَ : بڑا حصہ لے لینا۔
العَظْم- ہڈی ج اَعْظُمٌ و عِظَامٌ و عِظَامَۃ۔
عَظْمُ الشَّیْءِ و عُظْمُہٗ چیز کا بڑا حصہ- ج اَعْظَام۔
العِظْمُ و العِظَمُ و العُظْمُ- بڑائی۔
عَظْمُ الطَّرِیْقِ : راستہ کا درمیان۔
العُظَام و العُظَّام- بڑا- مؤنث عُظَامَۃ و عُظَّامَۃ۔
العَظْمَۃ- ہڈی کا ٹکڑا۔
العَظَمَۃ مِنَ السَّاعِدِ و اللِّسَانِ : کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمَات- عَظَمَاتُ القَوْمِ

سرداران قوم (ـــــ و العَظَمُوْت و العُظَّامَۃ) تکبر۔ نخوت۔ فخر۔
العِظَامَۃُ و العُظَّامَۃُ و العُظْمَۃُ و الاِعْظَامَۃ- گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
العَظِیْمَۃ- مؤنث عَظِیْم- سخت مصیبت- ج عَظَائِم- عَظَائِمُ اللّٰہِ : اللہ کے بڑے بڑے اُمور۔
العَظْمِیُّ- سفیدی مائل کبوتر۔
مُعْظَمُ الشَّیْءِ : چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم- کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَۃَ المُرَاعَاۃِ" فلاں کے لیے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔
المُعْظَمَۃ- سخت مصیبت۔
عَظَا یَعْظُوْ عَظْوًا- فُلَانًا : غمگین کرنا- غیبت کرنا- بھلائی سے روکنا- زہر پلانا۔
عَظِیَ یَعْظٰی عَظًی فُلَانًا : غمگین کرنا۔
العَظَایَۃ و العِظَایَۃ و العِظَاءَۃ و العَظَاءَۃ- چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ و عِظَاءٌ و عَظَایَات و عَظَایَا۔
عَفَّ (ض) عَفًّا و عِفَّۃً و عَفَافًا و عَفَافَۃً و تَعَفُّفًا- حرام یا غیر مستحسن سے رکنا- پاک دامن ہونا- صفت مذکر عفیف و عِفٌّ ج اَعِفَّۃٌ و اَعِفَّاءُ و عِفُّوْنَ- صفت مؤنث عَفِیْفَۃٌ و عِفَّۃٌ ج عَفِیْفَات و عَفَائِف و عِفَّات عَفَّ عَنْ کَذَا : باز رہنا- تَعَفَّفَ : بتکلف پاک دامن بننا- تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔
اَعَفَّ اللّٰہُ فُلَانًا : پاکدامن کرنا۔
تَعَافَّ النَّاقَۃَ : اونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا ـــــ المَرِیْضَ : علاج کرنا۔
اِعْتَفَّ و اسْتَعَفَّ عَنِ الخَبِیْثِ : رُکنا ـــــ البَعِیْرُ الیَبِیْسَ : اونٹ کا مٹی کے اوپر اوپر خشک گھاس چرنا۔
العِفَّۃ- مص- پارسائی- پاکدامنی- طہارت بدن۔
العُفَّۃ و العُفَافَۃ- تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَاَلْتُہٗ فَمَا اَعْطَانِیْ اِلَّا عُفَافَۃً یعنی تھوڑا سا دیا- العِفَاف : دوا- کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی عِفَّانِ ذٰلِکَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔

عَفَتَ (ض) عَفْتًا الشَّيَ : موڑنا اور توڑنا ــــ كَلَامَهُ وَفِي كَلَامِهِ: لکنت کی وجہ سے بولنے میں مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات۔
العَفْت۔ لکنت۔
الأَعْفَت۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بیوقوف۔
عَفَجَه(ض)عَفْجًابالعَصَا :لاٹھی مارنا۔
العَفْج و العِفْجُ و العَفَج و العَفِج آنت ج اعْفَاج وعِفَجَةٌ۔
المِعْفَج۔ بیوقوف۔
المِعْفَجَة والمِعْفَاج۔ لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری۔ اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔
عَفَدَ(ض)عَفْدًا و عَفَدَانًا۔ دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔
إِعْتَفَدَ۔ بھوک کی وجہ سے مرنے کے لیے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔
عَفَرَه (ض) عَفْرًا فِي التُّرَابِ : مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا ــــ الشَّيَ :زمین پر پٹک دینا۔
عَفِر (س) عَفَرًا و إِسْتَعْفَرَ۔ خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت أَعْفَرُ۔
عَفَّرَه۔فِي التُّراب :مٹی میں لتھیڑنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کیلئے "قَدْ عُفِرَ وأُرْغِم" بولا جاتا ہے "عَفِرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا ــــ الشَّيَ : سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرْأَةُ فِي العِظَامِ : عورت کا دودھ چھڑانے کے لیے پستان پر مٹی لگانا۔
إِعْتَفَرَ۔ الشَّيُ : خاک آلود ہونا ــــ الثَّوبُ فِي التُّرَابِ : کپڑے کو مٹی میں لتھیڑنا ــــ فُلَانٌ: قادر ہونا۔ قوی ہونا ــــ الرَّجُلَ : زمین پر پٹک دینا۔ کودانا ــــ ہ الأَسَدُ :شیر کا پھاڑنا۔
تَعَافَرَ۔الثَّرِيدُ :ثرید کا سفید ہونا۔
تَعَفَّرَ و إِنْعَفَرَ فِي التُّرَابِ : مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا ــــ الشَّيُ :خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ الوَحْشُ :وحشی جانور کا موٹا ہونا۔
العَفْرو العَفَر۔ مٹی۔ خاک۔ ج أَعْفَار۔

العِفْرو العُفُر۔ نر سور یا مطلقاً سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفُر : بعد۔ بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں، آٹھویں، نویں رات۔ مرد دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج أَعْفَار وَعِفَار۔
رَجُلٌ عِفْرٌ و عِفِرٌّ و عِفِرَّى و عُفَارِيَة۔ خبیث مرد۔
الأَعْفَر۔ ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔
العُفْرَة۔ خاکستری رنگ۔
العُفْرَة و العَفَرَة۔مِنَ الدِيكِ :مرغ کے گردن کے بال ــــ مِنَ الإِنسَانِ :وسط سر کے بال ــــ مِنَ الأَسَدِ : شیر کے بال۔ عُفْرَةُ الحَرِّ : گرمی کی شدت۔
العُفْر۔ زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔
العُفُرَّةُ۔ مخلوط لوگ۔ عُفُرَّة و عُفُرَّة الحَرِّ او البَرْدِ :گرمی یا سردی کی شدت۔
العَفَار۔ بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفَارَةٌ۔
العَفَارَة۔ خباثت۔ بُرائی۔
العِفْرِيَة۔ بڑا سخت مکار۔ خبیث۔
العِفْرِيَةُ والعِفْرَاةُ مِنَ الدِيكِ والإِنْسَانِ :بمعنی عُفْرَة۔ جب کوئی غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَنَا فِشَاعِفْرِيَتَه۔"
العَفِير۔ گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِيرٌ : بلا سالن کے روٹی (ــــ والمَعْفُورُ) مٹی میں لتھیڑا ہوا۔ العَفِير : وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔
العَفِيرَة۔ کھرپلا کی گولی۔
العُفَّار۔ مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا پھول ڈالنے والا۔
العَفْرَاء۔ الأَعْفَر کا مؤنث ج عُفْر۔ سفید زمین ــــ مِنْ لَيَالِي القَمَر : تیرھویں رات۔
العِفْرِين۔ مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَيْثُ عِفِرِينَ : شیر۔ عِفْرِين : نام شیر کی جھاڑی کا۔
المُعَافِر۔ ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔
تَعَفْرَتَ۔ دیو ہونا۔ شریر ہونا۔
العِفْرِيت۔ سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو

کر ڈالنے والا۔ اور یہ اِنسان، جِنّات، شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِيت مؤنث عِفْرِيتَه۔
عَفْرَسَه۔ پچھاڑنا اور غالب ہونا۔
العِفْرِس والعِفْرِيس والعِفْرَاس والعُفْرُوس و العَفَرْنَس :شیر۔
العَفَارِيس۔ شتر مرغ۔
عَفَزَ(ض) عَفْزًا۔ اَهْلَه :اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا ــــ الجَمَالُ بَعِيرَه : ساربان کا اُونٹ کو بٹھانا۔
العَفْز۔ مص ــــ والعَفَاز : کھایا ہوا اخروٹ۔
العَفَازَة۔ ٹیلہ۔
عَفَسَه (ض) عَفْسًا۔ پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا ــــ عَنْ حَاجَتِهِ :حاجت سے باز رکھنا، روکنا ــــ المَاشِيَة :جانور کو بغیر چارے کے رکھنا ــــ هُ :زمین پر چمٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا ــــ هُ بِرِجْلِهِ :چوتڑ پر لات مارنا۔
عَافَسَهُ۔ کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يُعَافِسُ الاُمُورَ۔"
تَعَافَسَ و إِعْتَفَسَ القَوْمُ : آپس میں کشتی کرنا۔
إِنْعَفَسَ فِي التُّرَابِ : خاک آلود ہونا۔ فِي المَاءِ :پانی میں غوطہ لگانا۔
العِفَاس۔ فساد۔
المَعْفُوس۔ قیدی۔
عَفَشَ(ض)عَفْشًاالشَّيَ :جمع کرنا۔
العُفَاشَة۔ بے خیر و برکت آدمی۔
الأَعْفَش۔ کمزور نگاہ والا۔
عَفَصَه(ض)عَفْصًا۔ اُکھیڑنا۔ موڑنا۔
الرَّجُلَ : کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّهُ مِنْهُ :حق لینا۔
عَفَّصَ و أَعْفَصَ القَارُوْرَةَ : شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ أَعْفَصَ الْحِبرَ : روشنائی میں مازو ڈالنا۔
عَفَّصَ الثَّوبَ :کپڑے کو مازو سے رنگنا۔
عَافَصَهُ مُعَافَصَةً۔ کشتی لڑنا۔
العَفْص۔ مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔

العَفص۔ناک کی کجی۔
العَفِص۔کسیلا۔
العُفُوصَة۔کسیلا پن۔
العِفَاص۔کاگ۔ڈاٹ۔شیشی کا سربند۔
عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا و عَفِيْطًا و عَفَطَانًا۔ العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا ـــــ الضَأنُ: بھیڑ کا چھینکنا ـــــ (عَفْطًا) الرَّاعِي: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔ بِغَنَمِهٖ: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا ـــــ فُلَانٌ فِيْ كَلَامِهٖ: لکنت کرنا۔
العَافِط فا (ـــــ و العَفِط) بہت گوز کرنے والا۔
العَافِطَة۔مؤنث عافط۔بھیڑ۔اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَه عَافِطَةٌ و لَا نَافِطَه" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔مراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔
الأعْفَط۔بیوقوف۔
العَفَّاط العِفَاطِيّ و العِفْطِيّ۔ہکلا۔لکنت والا۔
عَفَقَ (ض) عَفْقًا۔الرَّجُلُ: غائب ہونا۔بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔تیز جانا۔تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔عَفَقَهٗ بِالسَّوطِ: کوڑے سے بہت مارنا ـــــ ہ عَنِ الأمْرِ: منع کرنا ـــــ العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا ـــــ الشَيْئَ: جمع کرنا ـــــ عَلَيْهِ الصَيْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا ـــــ الرِيحُ الشَيْئَ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔
عَفَقَ الغنم بعضها علي بعض: بکریوں کو اکٹھا کرنا۔
عَافَقَه مُعَافَقَةً و عِفَاقًا۔فریب دینا۔عَافَقَ الذِئبُ الغَنَمَ: بھیڑیئے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔
أعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔
تَعَفَّقَ بِهٖ: پناہ لینا۔
إعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُيُوفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا ـــــ الأسَدُ فَرِيْسَةَ: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔

إنْعَفَقَ۔فِيْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرنا۔
العَفَاقَة۔دُبر۔
رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّيَارَةِ: بہت ملاقات کرنے والا۔
المُنْعَفِق۔پانی پر سے واپس ہونے والا۔
عَفَكَ (ض) عَفْكًا الكَلَامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔بیہودہ کلام کرنا۔
عَفِكَ (س) عَفَكًا و عَفْكًا۔سخت بیوقوف ہونا۔صفت أعْفَك و عَفِك و عَفِيْك مؤنث عَفْكَا ج عُفْك۔ الأعْفَكُ۔بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
عَفَنَ (ض) عَفْنًا و عَفَّنَ اللَحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَفِنَ (س) عَفَنًا و عُفُونَةً و تَعَفَّنَ الشَيْئَ: تری کی وجہ سے خراب ہونا ـــــ اللَحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔صفت عَفِنٌ و مَعْفُوْنٌ و مُعَفَّنٌ و مُتَعَفِّن۔
أعْفَنَ۔الشَيْئَ: بدبودار پانا۔
عَفَا يَعْفُوْ عَفْوًا عَنْهُ و لَهٗ ذَنْبَهٗ و عَفَا عَنْ ذَنْبِهٖ: درگزر کرنا۔معاف کرنا۔سزا کو چھوڑ دینا ـــــ اللّٰهِ عنه: گناہوں کو معاف کرنا ـــــ عَنِ الشَيْئِ: رکنا ـــــ عَنِ الحَقِّ: ساقط کرنا ـــــ الشَيْئَ: زیادہ کرنا ـــــ عَلَيْهِ فِي العِلْمِ: بڑھ جانا ـــــ الصُوْفَ: اون کاٹنا ـــــ فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کیلئے جانا۔عَفَتِ الأرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا ـــــ الشَيْئَ: زیادہ اور لمبا ہونا۔عَفَتِ الرِّيْحُ الأثَرَ أوِ المَنْزِلَ: مٹا دینا (عَفَا عَفْوًا و عَفَاً و عُفُوًّا) الأثَرُ او المَنْزِلُ: مٹنا ـــــ أثَرُ فُلَانٍ: ہلاک ہونا۔مرنا۔
عَفَا يَعْفُوْ اعَفْوًا و عَفِي يَعْفِي عَفْيًا الشَعْرَ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔عَفَّي تَعْفِيَةً بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَّتِ الرِّيْحُ المَنْزِلَ: مٹا دینا ـــــ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔عَفَّتِ العِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔
عَافَى مُعَافَاةً و عِفَاءً و عَافِيَةً اللّٰهُ فُلَانًا: صحت دینا' بلا اور برائی سے بچانا۔

أعْفَى إعْفَاءً اللّٰهُ فُلَانًا: عافیت دینا ـــــ الشَّعْرَ: بالوں کو بڑھنے کیلئے چھوڑ دینا ـــــ الرَّجُلُ: بہت مال دار ہونا۔زائد مال کو خرچ کرنا ـــــ ہ مِنَ الأمْرِ: بری کر دینا ـــــ زَيْدًا بِحَقِّهٖ: حق کو پورے طریقہ سے ادا کر دینا ـــــ الرَّجُلَ: دینا ـــــ المَرِيْضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
تَعَفَّى تَعَفِّيًا۔مٹنا اور مضمحل ہونا۔
تَعَافَى تَعَافِيًا۔عافیت پانا ـــــ الشَيْئَ: چھوڑنا۔
إعْتَفَى إعْتِفَاءً: فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لیے آنا۔اِعْتَفَتْ و اِسْتَعْفَتِ الإبِلُ اليَبِيْسَ: اُوپر اُوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔اِسْتَعْفَى الرَّجُلُ مُكَلِّفَه: استعفیٰ دینا۔معافی طلب کرنا۔کہا جاتا ہے "اِسْتَعْفَى مِنَ الخُرُوْجِ فَأعْفَاه" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔
العَفَاء۔مٹی۔بارش۔گھروں کی بربادی۔ہلاکت۔آنکھ کا پھولا۔
العِفَاء۔زیادہ لمبے بال۔شتر مرغ کے پر۔اُونٹ کے بال۔
العَفْوُ۔عمدہ چیز۔فضل و معروف۔ مِنَ المَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو۔زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔
العَفَا و العَفْو و العِفْو و العُفْو۔گدھے کا بچہ۔ ج عِفَا و عَفْوَة۔
العَفْوَةُ۔ریت۔گدھے کا مادہ بچہ۔ج عَفْو۔
العَفْوة و العِفْوَة و العُفْوَة۔ہانڈی کا جھاگ۔
عفوة الشي: چیز کا خالص۔عَفْوَةُ الطَّعَامِ وَ الشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی۔العِفْوَة و العُفْوَة مرد کے سر کے بال۔
العِفَاوَة۔شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔
العِفَاوَة۔دیگ کا نچلا شوربہ۔
العِفَاوَة و العَفَاوَة و العُفَاوَة۔ہانڈی کا جھاگ۔
العَفُوُّ۔معاف کرنے والا' بہت معاف کرنے والا۔

العَافِي ۔فا۔ بخشنے والا۔ در گزر کرنے والا۔ لمبے بال والا۔ مٹنے والا ج عُفِیٌّ۔ دیگ کا نچلا شوربہ۔ گھاس' پانی طلب کرنے والا۔ گھاٹ پر اُترنے والا مہمان۔ ہر طالب بخشش و رزق۔ ج عُفَاۃٌ و عُفِیٌّ و عَافِیَۃ۔ کہا جاتا ہے "کَثُرَتْ عَلَی الْکَرِیْمِ عَافِیَۃٌ" کریم پر بخشش کے طلب کرنے والے بہت ہوئے۔

العَافِیَۃ۔ عافی کا مصدر یا اسم۔ کامل صحت ہر طالب رزق ج عَافِیَات و عَوَافٍ۔

المُعَفّٰی۔فا۔ ساتھی جو سلوک کا طالب نہ ہو۔

عَقَّ (ن) عَقًّا الثَّوْبَ : کپڑا پھاڑنا۔ عَقَّتِ الرِّیْحُ الْمُزْنَ : بارش برسانا ــــ الدَّلْوُ : کنوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا (ــــ عُقُوْقًا و مَعَقَّۃً) الوَلَدُ وَالِدَہٗ : والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ و عَاقٌّ ج عَقَقَۃٌ و اَعِقَّۃٌ و اَعَقٌّ و عُقَّقٌ و عُقُقٌ۔

عَقَّ (س) عَقَقًا۔ پھٹنا۔

عَقَّتْ (ض) عَقَقًا و عَقَاقًا و عِقَاقًا الفَرسُ : گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوْقٌ۔

عَاقَّ مُعَاقَّۃً اَبَاہُ : مخالفت کرنا۔

اَعَقَّ الْکَرْمُ انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا۔ فُلَانٌ نافرمانی کرنا۔ اَعَقَّتِ الفَرسُ۔ گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت۔ عَقُوْق۔

اِنْعَقَّ۔ الوَادِی : وادی گہری ہونا ــــ الغُبَارُ : غبار بلند ہونا ــــ العُقْدَۃُ : گرہ مضبوط ہونا ــــ البَرْقُ : بجلی کا بادل میں چھپ جانا (ــــ واِعْتَقَّ) پھٹنا۔ اِعْتَقَّ السَّیْفَ : تلوار سونتنا ــــ المُعْتَذِرُ : عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔

العَاقّ۔ اسم فاعل ج عاقُّوْنَ و عَقَقَۃ و اَعِقَّۃ مؤنث عَاقَّۃٌ ج عَوَاقٌّ وَ عَاقَّاتٌ۔

العَقّ و العَقَّۃ۔ گہرا گڑھا۔

العُقّ و العُقَاق ۔مِنَ المَاءِ : کڑوا پانی۔

العِقَّۃ۔ نوزائیدہ بچّے کے بال ج عِقَق۔

العَقُوْق مِنَ الخَیْلِ : حاملہ گھوڑی۔ غیر حاملہ گھوڑی ج عُقُق جج عِقَاق۔

العَقِیْق۔ سرخ مہرے۔ واحد عَقِیْقَۃ : وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جس کو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج اَعِقَّۃ : نوزائیدہ بچّے کے بال۔ عرب میں چند مقامات کے نام۔

العَقِیْقَۃ۔ نوزائیدہ بچّے کے بال۔ توشہ دان۔ نہر۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے۔ تیر جس کو زمانۂ جاہلیت میں سہم الاِعْتِذَار کہتے تھے۔ اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنے کے لیے آسمان کی طرف پھینکتے تھے۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے۔

عِقَّان الکَرْم او النَّخِیْل : شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں۔

عَقَبَ (ض ن) عَقْبًا۔ ایڑی مارنا۔ عَقَبَ القَوْسَ اوِ السَّھْمَ : پٹھا لپیٹنا (ــــ عَقْبًا و عُقُوْبًا و عَاقِبَۃً) الرَّجُلَ او مَکَانَ الرَّجُلِ پیچھے آنا۔ جانشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی۔

عَقِبَ عَقَبًا۔ ایڑی میں درد ہونا۔

عَقَّبَہ۔ پیچھے آنا۔ پیچھے لانا۔ عَقَّبَ الصَّلٰوۃ نماز پوری کر لینے کے بعد دعا وغیرہ کیلئے بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "عَقَّبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی ــــ فِی الاَمْرِ : کسی چیز کے طلب کرنے کے لیے کوشش کرنا اور آمد و رفت رکھنا ــــ الحَاکِمُ عَلٰی حُکْمِ سَلَفِہٖ : حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا۔

عَلَیْہِ : بدنام کرنا اور غلطیوں کو بیان کرنا۔

عَاقَبَہ مُعَاقَبَۃً۔ پیچھے آنا۔ عَاقَبَہ فِی الرَّاحِلَۃِ : نوبت بنوبت سوار ہونا۔

عَاقَبَہ عِقَابًا و مُعَاقَبَۃً۔ بِذَنْبِہٖ و عَلٰی ذَنْبِہٖ۔ مواخذہ کرنا۔ سزا دینا۔ اسم العقوبۃ۔

اَعْقَبَہ۔ جانشین ہونا۔ اچھا بدلہ دینا۔ عرب کہتے تھے "اَعْقَبْتُ الرَّجُلَ" یعنی بہترین بدلہ دیا اور "عَاقَبْتُہٗ" یعنی برا بدلہ دیا۔ عَاقِبَہ اچھے بدلے کو اور عِقَاب بُرے بدلے کو کہتے ہیں۔ اَعْقَبَہ فِی الرَّاحِلَۃِ۔ نوبت بنوبت سوار ہونا۔ اَعْقَبَ فُلَانٌ : مرنا اور اولاد چھوڑ جانا ــــ الْاَمْرُ : اچھا انجام ہونا ــــ الرَّجُلُ : برائی سے بھلائی کی طرف لوٹنا۔ اَعْقَبَتِ الاَرْضُ : زمین کا چرے جانے کے بعد پھر سرسبز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْقِبَ عِزَّہٗ ذُلًّا" یعنی اس کی عزت ذلت سے بدل گئی۔

تَعَقَّبَہٗ۔ تلاش کرنا۔ نقائص تلاش کرنا۔ پیروی کرنا۔ جرم پر گرفت کرنا۔ تَعَقَّبَ عَنِ الْخَبَرِ شک کی وجہ سے خبر کو دوسری مرتبہ پوچھنا۔ تَعَقَّبَ مِنَ اَمْرِہٖ : نادم ہونا۔

تَعَاقَبَ۔ الرَّجُلَانِ اَوِ اللَّیْلُ و النَّھَارُ : ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ تَعَاقَبَا عَلَی الرَّاحِلَۃِ : نوبت بنوبت سوار ہونا۔

القَوْمُ فِی الشَّیْءِ اَوِ الاَمْرِ : باری باری کرنا۔

تَعَاقَبُوا عَلٰی فُلَانٍ بِالضَّرْبِ کسی کو مارنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِعْتَقَبَ الْبَائِعُ السِلْعَۃَ : قیمت پر قبضہ کرنے کے لیے سامان کو روک لینا ــــ الرَّجُلَ : قید کرنا ــــ مِنْ کَذَا نَدَامَۃً انجام میں ندامت اُٹھانا ــــ القَوْمُ عَلَیْہِ : مدد کرنا۔

اسْتَعْقَبَہ۔ عیوب و نقائص کو تلاش کرنا۔

العَقْب۔ ہر پیچھے آنے والی چیز۔

العَقْب و العَقِب۔ ایڑی۔ بیٹا۔ پوتا۔ ج اعقَاب۔ اَعْقَابُ الاُمُوْرِ : اُمور کے انجام۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَقِبَہٗ و بِعَقِبِہٖ" جانشین ہوا "رَجَعَ عَلٰی عَقِبِہٖ" وہ جلدی سے اسی راستے سے واپس گیا جس سے آیا تھا "وَطِیَ عَقِبَہٗ" وہ اس کے نشانِ قدم پر چلا "سَافَرَ عَلٰی عَقِبِ الشَّھْرِ" اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا۔

العُقْب و العُقُب۔ انجام۔ نتیجہ۔ ج اَعْقَاب۔

العَقَب۔ پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے۔ ج اَعْقَاب۔

العُقْبَۃ۔ باری۔ بدل۔ تم کہتے ہو "تَمَّتْ عُقْبَتُکَ" تمہاری باری پوری ہو گئی "اَخَذْتُ مِنْ اَسِیْرِی عُقْبَۃً" میں نے اپنے قیدی سے بدلہ لے لیا۔ العُقْبَۃُ مِنَ الجَمَالِ : حسن کا اثر۔

العُقْبَۃُ : کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے۔ شوربے کا بقیہ حصّہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے۔ رات دن۔ اس لیے کہ یہ باری باری آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عُقْبَۃُ بَنِی فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب اَبُوْ عُقْبَۃَ : سور۔

العِقْبَة۔ حسن کا اثر۔
العَقَبَة۔ دشوار گزار گھاٹی۔ پہاڑی و دشوار راستہ۔ ج عِقَاب و عَقَبَات۔
العُقْبٰی۔ کام کا بدلہ۔ ہر چیز کا آخر۔ آخرت۔
العُقُوبَة و العِقَاب و المُعَاقَبَة۔ بدی کا بدلہ۔ سزا۔
العُقَاب۔ ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقْبَان و اَعْقُب ج عَقَابِین۔ العُقَاب: ایک ستارے کا نام۔ حوض کی طرف پانی کی نالی۔ ٹیلہ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے۔
العَقِیب۔ پیرو۔ پیچھے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَقِیبُه" وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے۔
العُقْبُوب۔ اُمورِ خیر میں پیروی کرنے والا۔ اچھا جانشین۔
العَاقِب۔ فا۔ نائب۔ اچھا جانشین۔
العَاقِبَة۔ مؤنث۔ عاقب۔ نسل۔ ہر چیز کا آخر۔ اچھا بدلہ۔ ج عواقب۔
العُقْبَان۔ بمعنی عاقبت۔
العُقَیب۔ ایک شکاری پرندہ جو چوہے اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو "مُرْزَة" بھی کہتے ہیں۔
المِعْقَب۔ ہانکنے میں ماہر۔ اوڑھنی۔ بالی۔
المُعْقَاب۔ وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی۔ وہ مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔
المُعَاقِب۔ فا۔ بدلہ لینے والا۔
المُعَقِّبَات۔ رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔
الیَعْقُوب۔ نر چکور۔ ج یَعَاقِیب۔ یا زائدہ ہے۔
العُقْبُول و العُقْبُولَة۔ سختی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِیل۔
عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ: گرہ لگانا۔ البَیْعَ او الیَمِینَ: بیع یا قسم کو پکا کرنا ___ الحَاسِبُ: حساب لگانا ___ ہ عَلَی الشَّیْءِ: معاہدہ کرنا ___ لَهُ الشَّیْءَ: ضامن ہونا ___ الخَیْطَ: دھاگے میں گرہ لگانا ___ البَنَّاءُ: معمار کا محراب بنانا ___ البَنَّاءَ بِالجَصِّ: عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا ___ الزَّهْرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا ___ العَسَلُ و نَحْوُه: شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَه" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کیلئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَهُ اِلَیْهِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَهُ الرِّئَاسَةَ فِی قَوْمِه" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنادیا "عَقَدَ لَهُ عَلَی الجَیْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنادیا۔
عَقِدَ (س) عَقَدًا۔ گرہ دار زبان والا ہونا ___ اللِّسَانُ: زبان کا رکنا۔ صفت اَعْقَد و عَقِد۔
عَقَّدَ۔ البَیْتَ: محراب بنانا ___ الیَمِینَ: قسم کو پکا کرنا ___ الحَبْلَ: رسی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا ___ الکَلَامَ: مبہم کلام کرنا (___ و اَعْقَدَ) الدِّبْسَ و نَحْوَه: شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔
عَاقَدَه مُعَاقَدَة۔ معاہدہ کرنا۔
تَعَقَّدَ۔ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا ___ الرَّمْلُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا ___ السَّحَابُ: بادل کا محراب کے مانند ہونا ___ الاَمْرُ: دشوار ہونا ___ الاِخَاءُ: مضبوط ہونا۔
اِنْعَقَدَ۔ گرہ لگنا ___ الاَمْرُ لِفُلَانٍ: خالص ہونا ___ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا الزَّهْرُ: پھول کے اجزاء کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔
تَعَاقَدَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔
اِعْتَقَدَ المَالَ: جمع کرنا ___ الاَمْرَ: تصدیق کرنا۔ نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا ___ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوٰی" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے الاِخَاءُ بَیْنَهُمَا: پکی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا الدُّرَّ و نَحْوَهُ: موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔
العَقْد۔ محراب ج اعقاد و عقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس، بیس، تیس، نوے تک۔
العِقْد۔ ہار ج عُقُود۔
العَقِد و العَقَد۔ ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَة و العَقَدَة۔
العُقْدَة۔ گرہ۔ جائیداد۔ شہر کی حکومت۔ حاکموں کی بیعت ___ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقَدُه" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔
العَاقِد۔ فا۔ ج عَقَدَة کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَه" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔
العَاقِدَة۔ مؤنث عَاقِد۔ ج عَاقِد و عَاقِدَات
العاقدات: جادوگرنیاں۔
العَقَدَة۔ زبان کی جڑ۔
العَقَّاد۔ بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
العِقَادَة۔ دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔
العَقِید۔ معاہدہ کرنے والا ___ مِنَ الدِّبْسِ: گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِیدُ الکَرَمِ اَوِ اللُّوْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعاً کریم یا لئیم ہے۔
العَقِیدَة۔ جس پر پختہ یقین کیا جائے۔ جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد۔
الاَعْقَد۔ وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کنایا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْدَاءُ ج عُقْد۔
العُنْقُود و العِنْقَاد مِنَ العِنَبِ و نَحْوِه گچھا۔ ج عَنَاقِید۔
المَعْقِد۔ گرہ بندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّی مَعْقِدُ الاِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد۔
المَعَاقِد: وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔
المِعْقَاد۔ بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لیے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔
المُعَقِّد۔ فا۔ جادوگر۔
المُعْتَقَد۔ اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔
عَقَرَه (ض) عَقْرًا۔ زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔ عَقَرَ الاِبِلَ: کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَ بِه: چلنے سے روک دینا ___ بالصَّیْدِ: شکار کے پیچھے لگنا۔
عَقَرَت (ض) عَقْرًا و عُقْرًا و عُقَارًا و

عقَرَت (ک) عُقْرًا و عَقَارَةً و عِقَارَةً و عُقِرَتْ۔ المراةُ او الناقة : بانجھ ہونا۔ صفت العَاقِر۔

عَقُر (ک) عُقْرًا۔ الْاَمْرُ : بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ (س) عَقَرًا۔ دہشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا۔ کانپنا۔

عَقَّرَ الاِبِلَ : اُونٹ کو بہت زخمی کرنا۔

عَاقَرَ مُعَاقَرَةً۔ الشَّئَ : لازم پکڑنا۔ ہیشگی کرنا ــــــ الخَمرَ : شراب پینے میں مداومت کرنا ــــــ ہ : گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ ہجو کرنا۔ اُونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔

اَعْقَرَهُ۔ دہشت زدہ کرنا۔ اَعْقَرَ اللّٰه الْمَرْاَةَ عورت کو بانجھ کر دینا۔

تَعَقَّرَ النَبَاتُ : نباتات کا لمبا ہونا ــــــ شَحْمُ النَّاقَةِ : چربی کا گٹھا ہوا ہونا ــــــ الرَّجُلُ جائیداد زیادہ ہونا ــــــ الغَيثُ : لگاتار بارش ہونا (ــــــ واِعْتَقَر واِنْعَقَر) ظَهْرُ الدَّابَّةِ مِنَ الرَّحْلِ او السَرْجِ : کجاوہ یا زین سے جانور کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ اِنْعَقَرَتْ قَوَائِم البَعِيْرِ : کونچیں کٹ جانا۔

تَعَاقَرَ الرَّاعِيَانِ : اُونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔

العَقْر۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ محلّہ۔ قوم۔ بلند عمارت۔ اُترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔

العُقْر۔ عورت کا مہر۔ قوم کے اُترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہتر شعر۔ محل۔ ج اَعْقَار۔ بيضة العُقْر : مرغی کا پہلا انڈا۔

العُقْر : بانجھ (ــــــ و العُقُر) بڑی آگ۔

العَقْرة و العُقْرَة و العَقَارَة۔ بانجھ پن۔

العَقْرَاء۔ مؤنث الاَعْقَر۔ اُونچا ٹیلہ۔

العَقَار۔ گھر کا سامان۔ جائیداد ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عقَارَات۔

العُقَار۔ گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔

العُقَر و العُقَرة و المِعْقَر۔ جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمرأة عقرة : رحم کی بیماری والی عورت۔

العَقَّار۔ بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عقَاقِيْر۔

العِقِّيْر۔ صیغہ مبالغہ۔ درخت۔

العَقُوْر۔ کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُر۔

المُقْرة والعَاقُوْر والمِعْقَر والمِعْقَار والمُعَقِّر۔ مِنَ السروج : پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین۔

العَقِيْر۔ زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرَى

رَجُلٌ عَقِيْرٌ : بے اولاد مرد۔

العَقِيْرَة۔ زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ عَقِيْرَتَه" آواز بلند کی نَخْلَةٌ عَقِيْرَةٌ کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔

العَاقِر۔ بانجھ عورت ج عُقر و عَوَاقِر۔ رَجُلٌ عَاقِرٌ : بے اولاد مرد ج عُقَّر۔

الاعْقَر۔ اُونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔ مؤنث عَقْرَاء ج عُقْر۔

العَقْرَى۔ جائیداد۔

المُعْقِر۔ بہت جائیداد والا۔

اَرْضٌ مَعْقَرة۔ بہت بچھوؤں والی زمین۔

العَقْرَب۔ بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمُّ عَرِيْط او اُمُّ سَاهِرة کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عقربان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عقْرَبة کہتے ہیں۔ ج عَقَارِب۔ العَقْرَب : آسمان کے ایک برج کا نام۔

العَقَارِب : سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَقَارِبُه۔ و دَبَّتْ مِنْهُ عَقَارِبُ السَّعَايَةِ وَاِنَّه لَتَدِبُّ عَقَارِبُهُ" یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَيْشٌ ذُوْ عَقَارِبَ : سختی و تنگی کی زندگی۔ عَقَارِبُ الشِّتَاءِ : ٹھنڈک کی سختی۔ عَقْرَبُ السَّاعَةِ : گھڑی کی سوئی۔

العَقْرَبَاءِ۔ مادہ بچھو۔

اَرْضٌ مُعَقْرِبَة۔ بہت بچھوؤں والی زمین۔

المُعَقْرَب۔ موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔

العَقَرْطَلَ و العِقِرْطِل۔ مادہ ہاتھی۔ ہتھنی۔

عَقَشَ (ن) عَقْشًا۔ العُودَ : لکڑی کو موڑنا ــــــ المَالَ : جمع کرنا۔

عَقَصَ (ض) عَقْصًا۔ الشَّعْرَ : بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا ــــــ المَرْاَةُ شَعْرَهَا : عورت کا جوڑا باندھنا۔

عَقِصَ (س) عَقَصًا۔ التَّيْسُ : مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا ــــــ الرَّجُلُ : بخیل ہونا۔ بد خلق ہونا۔ مڑی ہوئی اُنگلی والا ہونا۔

العَقِص۔ بخیل۔ بد خلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

العُقْصَة۔ مِنَ الْقَرْنِ وغَيْرِهٖ : سینگ وغیرہ کی گرہ ج عُقَص۔

العِقْصَةُ۔ چوٹی ج عِقَص و عِقَاص۔

العَقِيْصَةُ۔ چوٹی ج عَقَائِص و عِقَاص۔

العِقَاص۔ موباف ج عُقُص۔

الاَعْقَص۔ وہ شخص جس کی اُنگلیاں مڑی ہوئی ہوں۔ جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل ــــــ مِنَ التُّيُوْسِ مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاء ج عُقْصٌ۔

المِعْقَص۔ ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِص۔

المِعْقَاص۔ مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔

عَقْعَقَ عَقْعَقَةً الطَّائِرَ بِصَوْتِهٖ : ٹکری کرنا۔

العَقْعَق۔ کوّے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوّا۔ عوام اسے قعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بد فالی لیا کرتے تھے۔

عَقَفَ (ض) عَقْفًا و عَقَّفَ العُوْدَ و نَحْوَه : فَتَعَقَّفَ و اِنْعَقَفَ : کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت اَعْقَف و مَعْقُوْف۔

العَقْفَاء۔ مؤنث اعقف۔ لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر کجی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُقْف (ــــــ و العُقَيْفَاء) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مر جاتی ہیں۔

العَقُوْف۔ مِنْ ضُرُوْعِ البَقَر : گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔

العُقَاف۔ بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے

ہیں اور اس کی جمع عواقِف ہے۔
العُقَّافَة۔ لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو
شَوْکَةٌ عَقِیْفَة۔ مڑا ہوا کانٹا۔
المَعْقُوْف۔ مڑا ہوا۔ وہ جانور جس کو عُقَاف کی بیماری ہو۔ شَیْخٌ مَعْقُوْفٌ :خمیدہ کمر بڈھا۔
عَقَلَ (ن ض) عَقْلاً۔ الدَّوَاءُ بَطْنَه :دواء کا قبض کر دینا ___ البَعِیْرَ : ٹانگ ران ملا کر رسّی سے باندھنا ___ المَرْأَةُ شَعْرَھَا :بالوں میں کنگھا کرنا ___ القَتِیْلَ :مقتول کی دیت ادا کرنا ___ عَنْ فُلَانٍ : کسی کی جانب سے تاوان یا دیت ادا کرنا ___ لَهُ دَمَ فُلَانٍ :دیت پر راضی ہو جانا اور قصاص کو چھوڑ دینا۔
عَقَلَ (ض) عَقْلاً و مَعْقُولاً الغُلَامُ :لڑکا کا سمجھدار ہونا۔ دانا ہونا ___ فُلَانٌ بَعْدَ الصِّبَا غلطی کو پہچان لینا (___ عَقْلاً) الشَّیْءَ : سمجھنا۔ تدبر کرنا۔ صفت عَاقِل۔ ج عَاقِلُوْنَ و عُقَلَاءِ و عُقَّال۔ صفت مؤنث عَاقِلَةٌ ج عَاقِلَاتٌ و عَوَاقِل۔
عَقَلَ (ض) عَقْلاً و عُقُوْلاً المُصَارِعُ خَصْمَهُ : ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرانا ___ الوَعْلُ :بلند پہاڑ پر چڑھ جانا اور محفوظ ہو جانا۔ اِلَیْهِ :پناہ لینا۔
عَقِلَ (س) عَقَلاً البَعِیْرُ : اُونٹ کا ٹیڑھی ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَعْقَل مؤنث عَقْلَاءَ ج عُقْل۔
عَقَّلَ۔ الغُلَامُ :لڑکے کا عقل مند ہونا۔ الغُلَامَ :لڑکے کو عقل مند بنانا ___ البَعِیْرَ :اُونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا ___ الرَّجُلَ عَنْ حَاجَتِهِ :روک دینا۔
عَاقَلَه مُعَاقَلَةً۔ سمجھ بوجھ میں مقابلہ کرنا۔
اَعْقَلَهُ۔ عقل مند پانا۔ اَعْقَلَ الرَّجُلُ :سال کی زکوٰۃ واجب ہونا۔
تَعَقَّلَ الغُلَامُ :لڑکے کا سمجھ دار ہونا۔ بتکلف عقل مند بننا۔ تَعَقَّلَهُ : منع کرنا۔ روکنا۔ تَعَقَّلَ الرَّجُلَ : پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا ___ الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ :کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا۔
تَعَاقَلَ۔ بتکلف عقلمند بننا۔ تَعَاقَلُوْا دَمَ القَتِیْلِ :دیت کے ادا کرنے میں شریک ہونا۔
اِعْتَقَلَ الرُّمْحَ : نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا ___ البَعِیْرَ : اُونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا ___ الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ : کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا ___ مِنْ دَمِ فُلَانٍ : دیت لینا ___ الدَّوَاءُ بَطْنَه : دوا کا قبض کرنا۔ الرَّجُلَ :پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا۔ اِعْتَقَلَه : روکنا۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر پچھاڑنا ___ الشَّاةَ :بکری کی ٹانگ کو اپنی ران اور پنڈلی کے درمیان دبا کر دوہنا۔
اُعْتُقِلَ۔ لِسَانُهُ :زبان بند ہو جانا۔
العَقْل۔ روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے۔ دل۔ دیت ج عُقُوْل۔
العَقْلِیُّ۔ عقل کی طرف نسبت۔ جس میں حس باطنی کو دخل نہ ہو۔
العَقْلَة۔ زبان کی روک۔
العُقْلَة۔ جس سے باندھا جائے ج عُقَل۔
العِقَال۔ رسّی جس سے اُونٹ کے زانو کو باندھا جائے۔ سر پر باندھنے کی رسّی۔ العِقَال۔ اُونٹ یا بکری کی ایک سال کی زکوٰۃ۔ کہا جاتا ہے "اَدَّیْتُ عِقَالَ سَنَةٍ" یعنی ایک سال کی زکوٰۃ میں نے ادا کر دی۔ عِقَالُ المِئِیْنَ :وہ شریف جو قید کیا جائے تو وہ سو اُونٹوں کا فدیہ ادا کرے۔
العَاقِل۔ فا۔ سمجھدار ج عُقَلَاء و عَاقِلُوْنَ و عُقَّال اور عورت کو بھی عاقل کہا جاتا ہے العَاقِل : پہاڑی بکرا۔ دیت ادا کرنے والا۔ ج عَاقِلَه۔
العَاقِلَة۔ مؤنث عاقل۔ سمجھنے کی قوت۔ عَاقِلَةُ الرَّجُلِ :باپ کی طرف کے رشتہ دار۔
العَقُوْل۔ سمجھ دار۔ قابض دوا۔
العَقِیْل۔ معقول۔
العَاقُوْل۔ دریا کا بڑا حصہ۔ موج۔ وادی یا نہر کا موڑ۔ بے نشان زمین۔ مبہم امور۔ ج عَوَاقِیْل۔
العُقَّال۔ جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔
العَقِیْلَة۔ مِنَ النِّسَاءِ : شریف پردہ نشین عورت ___ مِنَ الاِبِلِ : عمدہ قسم کے اُونٹ ___ مِنَ القَوْمِ :سردار ___ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا عمدہ حصہ۔ عقیلة البحر : موتی ج عَقَائِل۔
المَعْقِل۔ جائے پناہ۔ اُونٹ باندھنے کی جگہ۔ بلند پہاڑ ج مَعَاقِل۔
المَعْقُلَة۔ خون بہا۔ تاوان۔ کہا جاتا ہے "صَارَ دَمُهُ مَعْقُلَةً عَلٰی قَوْمِهِ" یعنی اس کا خون تاوان ہو گیا جس کو وہ ہر سال ادا کرتے ہیں۔ ج مَعَاقِل۔
المَعْقُوْل۔ سمجھا ہوا۔ عقل ج معقولات۔ علم المَعْقُوْلَاتُ :وہ علم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے۔
عُقِمَتْ (ن) عَقْمًا و عُقْمًا و عَقُمَتْ (ک) عَقْمًا و عَقِمَتْ (س) عَقَمًا و عُقِمت عَقْمًا و عُقْمًا۔
المَرْأَةُ اَوِ الرَّحِمُ : بانجھ ہونا۔ صفت عَقِیْم۔ عُقِمَت مَفَاصِلُه :جوڑوں کا خشک ہونا۔
عَقِمَ (س) عَقَمًا۔ خاموش ہونا۔
عَقَمَ (ض) عَقْمًا وَاَعْقَمَ وعَقَّمَ اللّٰهُ المَرْأَةَ :بانجھ کرنا۔ عَقَّمَه :خاموش کرنا۔ عَقَّمَ الشَّیْءَ :جراثیم کو مار دینا۔
عَاقَمَه مُعَاقَمَةً۔ جھگڑا کرنا۔ خصومت کرنا۔ گالی دینا۔
اِعْتَقَمَ اِلَیْهِ : آ جانا ___ فِی الاَمْرِ :دخل دینا۔
العَقْم و العَقْمَةُ و العِقْمَة۔ سرخ کپڑا۔ نقش و نگار کی ایک قسم۔
المَرْأَةُ العَقِیْم۔ بانجھ عورت ج عَقَائِم و عُقُم۔
الرَّجُلُ العَقِیْم۔ بے اولاد مرد ج عُقَمَاء و عِقَام و عقمی۔ عقل عقیم : عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
حَرْبٌ عَقِیْم : سخت لڑائی۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْیَا عَقِیْم" یعنی دنیا بے برکت ہے۔
حَرب عَقَامٌ و عُقَام۔ سخت لڑائی۔ دَاءٌ عُقَامٌ :لاعلاج مرض۔ یَوْمٌ عُقَامٌ : سخت دن۔
العَقَام :بے اولاد۔ بد خلق۔
العَقِیْمَة۔ مِنَ الاَرْحَام :بانجھ۔ ج عَقَائِم۔
العُقْمِیُّ و العِقْمِیُّ مِنَ الکَلَامِ : پوشیدہ کلام۔
العُقْمِیُّ :خاندانی شرافت والا۔
المَعْقِم۔ ہڈیوں کا جوڑ۔ ریڑھ کی ہڈی کے

مہرے ج مَعَاقِم-مَعَاقِمُ الْخَيْلِ: گھوڑے کے جوڑ۔

المَعْقُوْم-مِنَ الرِّجَالِ: بے اولاد۔

عَقَا يَعْقُوْ عَقْوًا وَاِعْتَقَى اِعْتِقَاءً- کنواں کھودنا اور ایک جانب سے سوت نکالنا- عَقَا العَلَم: جھنڈا بلند ہونا- عَقَا الْاَمْرُ: مکروہ جاننا ــــ فُلَانًا: روکنا اِعْتَقَى الرَّجُلُ: رکنا۔

عَقَاهُ وعَاقَاهُ: روکنا۔

العَقْوَة-گھر کا گرداگرد-میدان-محلہ ج عِقَاء۔

عَقِيَ يَعْقَى عَقْيًا-الْاَمْر: مکروہ جاننا (ــــ وعَقَّى) الْوَلَدَ: بچے کو گھٹی پلانا- عَقَّى الطَّائِرُ: اڑنے میں بلند ہونا۔

اَعْقَى اِعْقَاءً ا- کڑوا ہونا ــــ الشَّيْءَ: مکروہ جاننا۔

العِقْي-نوزائیدہ بچے کا پاخانہ ج اَعْقَاء۔

العِقْيَان-خالص سونا۔

عَكَّ (ن ض) عَكًّا الْيَوْمُ: سخت گرمی مع گھٹن کے ہونا- صفت عَكٌّ و عَكِيكٌ- عَكَّة الْحُمّٰى: لگاتار بخار ہونا ــــ الرَّجُلَ: حق کا ٹال مٹول کرنا عَكَّه عَنْ حَاجَتِه: باز رکھنا ــــ هُ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا ــــ هُ بِالْاَمْرِ اَوْ بِالْقَوْلِ: بار بار بات کہہ کے تھکا دینا ــــ هُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا ــــ هُ بِشَرٍّ: بار بار کرنا ــــ الْكَلَامَ: وضاحت کرنا۔

عُكَّ: گرمی سے جوش مارنا ــــ الرَّجُلُ سخت بخار چڑھنا۔

عَاكَّه-عَلَيْهِ: مائل کرانا۔

العَكَّة والعِكَّة والعُكَّة والعِكَاكُ و العَكِيْك- گھٹن کے ساتھ سخت گرمی- العُكَّة والعُكَّة: تیز بخار-گرم ریت- العُكَّة: گھی کا ڈبہ ج عُكَك و عِكَاك- اور اسی سے ہے سَمِنَ الضَّبِيُّ حَتّٰى صَارَ كَالعُكَّة بچہ موٹا ہوا یہاں تک کہ مانند ڈبے کے ہو گیا- لَيْلَةٌ عَكَّةٌ: سخت گرمی والی رات-يَوْمٌ عَكِيْك: سخت گرم دن ج عِكَاك۔

عَكَبَت (ن) عُكُوْبًا الْاِبِلُ: اونٹوں کا بھیڑ کرنا۔

ــــ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا- عَكَبَ الرَّجُلُ: ٹھہرنا۔

عَكِبَ (س) عَكَبًا موٹے ہونٹ اور جبڑے والا ہونا- پیر کی قریب قریب انگلی والا ہونا- صفت اَعْكَبُ مؤنث عَكْبَاء ج عُكْبٌ۔

عَكَّبَتِ النَّارُ: دھوئیں والی آگ ہونا۔

تَعَكَّبَتْهُ-الهُمُوْمُ: تفکرات اور غموں کا ہجوم کرنا۔

اِعْتَكَبَ الغُبَارُ: غبار اٹھنا ــــ الغُبَارَ: غبار اڑانا ــــ المَكَانُ: غبار والا ہونا ــــ الْاِبِلُ: کسی جگہ میں جمع ہونا اور غبار اڑانا۔

العَكْبُ والعَكُوْبُ العَاكُوْبُ والعُكَاب- غبار- العُكَاب: دھواں-ہانڈی کی بھاپ۔

العَاكِب-فا-بھیڑ-انبوہ ج عُكُوْب۔

الاَعْكَب والعِكَاب والعُكْب-عنکبوت بمعنی مکڑی کا اسم جمع۔

العَكُوْب-غبار-ایک قسم کی خار دار سبزی کو کچی اور پکی دونوں طرح سے کھائی جاتی ہے۔

العِكْبِر-ایک چیز جس کو شہد کی مکھی اپنے بازو وغیرہ پر لگا کر لاتی ہے اور اس کو شہد کی جگہ میں رکھتی ہے۔

عَكْبَشَة-مضبوط باندھنا۔

تَعَكْبَشَ-فِيْهِ الغُصْنُ: ٹہنی کے کانٹے چبھنا۔

عَكَدَ (ض) عَكْدًا و اَعْكَدَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔

عَكَدَ الْاَمْرُ فُلَانًا: ممکن ہونا۔

عَكِدَ (س) عَكَدًا- الضَّبُّ بجو کا موٹا ہونا- صفت عَكِد۔

عَكِدَ بِه و اِعْتَكَدَه لازم ہونا۔

اِسْتَعْكَدَ الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا- المَاءُ: پانی کا جمع ہونا۔

عَكْدُ الشَّيْءِ: چیز کا درمیان- کہا جاتا ہے عَكْدُكَ هٰذَا الْاَمْرُ یعنی فلاں امر تمہارے لئے غایت ہے۔

العُكْدَة-دمغزہ کی ہڈی، قوت، گوہ کا سوراخ۔

عَكِدَة-اللِّسَانِ: زبان کی جڑ۔

عَكَرَ (ن ض) عَكْرًا و عُكُوْرًا عَلَيْهِ: حملہ کرنا- پھرنا- مڑنا- مائل ہونا- کہا جاتا ہے "عَكَرَ عَلَيْهِ الزَّمَانُ بِخَيْرٍ" زمانہ اس پر خیر و برکت کے ساتھ مائل ہوا۔

عَكِرَ (س) عَكَرًا-المَاءُ و نَحْوُهُ: پانی کا گدلا ہونا- صفت عَكِر۔

عَكَّرَ و اَعْكَرَ المَاءَ: پانی کو گدلا کرنا۔

و اَعْكَرَ اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔

اَعْكَرَ الرَّجُلُ: مرد کا دوبارہ حملہ کرنا۔

اِعْتَكَرَ-عَلَيْهِ: حملہ کرنا ــــ اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا ــــ المَطَرُ: سخت بارش ہونا- اِعْتَكَرَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا غبار اڑانا (ــــ و تَعَاكَرَ) القَوْمُ فِي الحَرْبِ: گھمسان کی جنگ کرنا۔

العَكَرَ-تلوار کا مورچہ ــــ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: تلچھٹ۔

العِكْر-اصل-جڑ- کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ اِلٰى عِكْرِه" یعنی فلاں اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا-عادت۔

العَكْرَة و المَعْكَر- بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ۔

العَكَرَة-اونٹوں کا گلہ- زبان کی جڑ ج عَكَر- اختلاط و التباس- کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِي عَكَرَةٍ" یعنی وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

العَكَّار-بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔

غلامٌ عَكَرْدٌ-موٹا تازہ لڑکا۔

العِكْرِشَة-خرگوش مادہ۔

عِكْرِمُ اللَّيْلِ: رات کی تاریکی- عِكْرِمَة معرفہ بحالت علم- اور العِكْرِمَة: کبوتری یا مادہ قمری۔

عَكَزَ (ن) عَكْزًا-الرُّمْحَ: نیزہ گاڑنا ــــ بِالشَّيْءِ: راستہ پانا (ــــ و تَعَكَّزَ) عَلٰى عُكَّازَتِه: ڈنڈے پر سہارا لینا- تَعَكَّزَ قَوْسَه: کمان کو سہارا بنانا۔

عَكِزَ (س) عَكَزًا-سکڑنا۔

عَكَّزَ الرُّمْحَ: نیزے میں پھل لگانا۔

العِكْز-بخیل-بد خلق۔

العُكَّاز و العُكَّازَة-ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عَكَاكِيْز و عُكَّازَات- العَكَازِيل- شیر کا بچہ۔

عَكَسَ (ض) عَكْسًا الكَلَامَ و نَحْوَهُ: کلام

کو اُلٹ دینا۔ الشَیْءَ : آخر کو اوّل کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھٹکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البَعِیْرَ : اُونٹ کو نکیل لگا کر رسّی کو ٹانگ سے باندھ دینا ___ رَأسَ البَعِیْرِ : اُونٹ کے سر کو موڑنا ___ ہ عَنِ الْاَمْرِ : پھیر دینا۔ ہٹا دینا ___ عَلٰی فُلَانٍ اَمْرَہٗ : کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا ___ الطَّعَامَ : کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔

عَکِسَ (س) عَکَسًا۔ تنگ خو ہونا۔

عَاکَسَ مُعَاکَسَةً و عِکَاسًا الکَلَامَ : کلام کو پلٹ دینا ___ ہٗ : ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔

تَعَکَّسَ فِیْ مَشْیَتِهٖ : رینگ کر چلنا۔

تَعَاکَسَ وَاعْتَکَسَ وَانْعَکَسَ۔ پلٹ جانا۔

اِعْتَکَسَ : دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔

عِکَاسُ البَعِیْرِ : نکیل کی رسّی جو اُونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔

العُکَاس۔ نر مکڑی۔

العَکِیْس۔ دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسّی جس سے اُونٹ کو روکتے ہیں۔ درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلتا ہے۔

العَکِیْسَة۔ بہت سے اُونٹ۔ تاریک رات۔

عَکِشَ (س) عَکَشًا۔ الشَّعْرُ : بالوں کا پیچیدہ اور ستہ بتہ ہونا ___ النبتُ : نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

عَکَشَ (ض) عَکْشًا الشَیْءَ : جمع کرنا۔ صفت عَکِش۔ صفت مفعولی معکوش ___ الرجلَ : مضبوط باندھنا ___ عَلَیْهِ : حملہ کرنا۔

تَعَکَّشَ الْاَمْرُ : دشوار ہونا ___ الشَیْءُ : سکڑنا ___ الشَّعْرُ : بالوں کا پیچیدہ اور ستہ بتہ ہونا۔

العَکِشُ۔ مِنَ الشَّعْرِ : پیچیدہ اور ستہ بتہ بال۔ بیکار و فضول آدمی۔ شَجَرَةٌ عَکِشَةٌ : بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔

العُکَاش والعُکَّاش والعُکَاشَة والعُکَّاشَة۔ مکڑی یا مکڑی کا جالا۔

عَکَصَہ (س) عَکْصًا عَنْ حَاجَتِهٖ : ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَکِصَ (س) عَکَصًا بدخو ہونا۔ صفت عَکِص عَکِصَتِ الدَّابَّةُ : سرکشی کرنا۔

تعکص بِکَذَا عَلَیْهِ : بخل کرنا۔

رَملةٌ عَکِصَةٌ۔ دشوار گزار تودہ ریت۔

عَکَظَہٗ (ض) عَکْظًا۔ مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا ___ الشَیْءَ : رگڑنا ___ الادِیْمَ : چمڑے کو دباغت کیلئے رگڑنا۔ عَکَظَ بالشَیْءِ : فخر کرنا۔ عَکَظَہٗ و عَکَّظَہٗ عَنْ حَاجَتِهٖ : ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَاکَظَہٗ مُعَاکَظَةً۔ ٹال دینا۔

تَعَکَّظَ۔ عَلَیْهِ الْاَمْرُ : دشوار ہونا ___ القَوْمُ : اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

تَعَاکَظَ۔ القَوْمُ : مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

العَکِظ و العَکِیْظ۔ چھوٹے قد والا۔

عُکَاظ۔ عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مؤنث ہے)

عَکَفَہٗ (ن ض) عَکْفًا عَنِ الْاَمْرِ : منع کرنا ___ ہٗ عَلَی الْاَمْرِ : کسی چیز پر روکے رکھنا۔ (___ عَکْفًا و عُکُوْفًا) القَوْمُ حَوْلَهٗ و بِهٖ : گردا گرد چکر لگانا۔ عَکَفَ عَلَی الْاَمْرِ : ہمیشہ لازم رہنا (___ و اِعْتَکَفَ و تَعَکَّفَ) فِی الْمَکَانِ : بند رہنا۔

عَکَّفَ الجَوْهَرَ : تہ بتہ رکھنا ___ الشَّعْرَ : بالوں کو گھنگریالا کرنا ___ ہٗ عَنْ کَذَا : روکنا۔ منع کرنا۔

عَاکَفَہٗ مُعَاکَفَةً۔ لازم رہنا۔

العَکِفُ مِنَ الشَّعْرِ : گھنگریالے بال۔

العَاکِف۔ فا۔ مقیم۔ ج عَاکِفُوْن و عُکَّفٌ و عُکُوْفٌ شَعْرٌ مَعْکُوْفٌ۔ کنگھی چوٹی کئے ہوئے بال۔

المُعَکَّف۔ مفعو۔ مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔

عَکَلَ (ن ض) عَکْلًا۔ الشَیْءَ : بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا ___ المَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا۔ الرَّجُلَ : پچھاڑنا ___ البَعِیْرَ : اُونٹ کو رسّی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عَکَلَ فِی الْاَمْرِ : کوشش کرنا ___ فُلَانٌ : مرنا (___ وَاَعْکَلَ و اِعْتَکَلَ) عَلَیْهِ : مشکل و مشتبہ ہونا۔

اِعْتَکَلَ الرَّجُلُ : جدا ہونا۔ الثَّوْرَانِ : بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔

العُکُلُ و العِکْلُ۔ لئیم۔ کمینہ ج اَعْکَال۔

العَاکِل۔ فا۔ بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُکُل۔

العِکَال۔ اُونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔

المِعْکَل۔ چرواہے کی سوئی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔ ج مَعَاکِل۔

عَکَمَ (ض) عَکْمًا۔ المَتَاعَ : سامان کی گٹھری باندھنا ___ عَلَیْهِ : حملہ کرنا ___ الرَّجُلَ : انتظار کرنا ___ عَنِ الْاَمْرِ : پیچھے ہٹنا ___ ہٗ عَنْ زِیَارَتِهٖ : ہٹانا ___ البَعِیْرَ : اُونٹ پر باندھنا ___ لِاَرْضِ کَذَا : قصد کرنا۔

عُکِمَ عَنْهُ : ہٹایا جانا۔

عَکَمَتِ۔ الْاِبِلُ : اُونٹوں کا موٹا ہونا۔

اَعْکَمَہٗ۔ باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔

عَاکَمَہٗ مُعَاکَمَةً عَلٰی فُلَانٍ : مدد کرنا۔

اِعْتَکَمَ الشَیْءُ : ڈھیر لگنا۔

العِکْم ج اعکام و عکوم۔ لعکام ج عِکَم : گٹھری۔

العِکْم۔ بوری۔ بنڈل۔ گٹھر۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ عُکُوْمٌ عَنْ کَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔

المِعْکَم : پرگوشت۔

تَعَکَّنَ۔ البَطْنُ : موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا۔

العُکْنَة۔ پیٹ کی سلوٹ۔ ج عُکَن و اَعْکَان و دِرْعٌ ذَاتُ عُکَنٍ : وسیع و کشادہ زرہ۔

العِکَان۔ گلا۔

العَکْنَاء مِنَ النُّوْقِ او الشَاء : موٹے تھن والی اُونٹنی یا بکری۔

العَکَنَان۔ بہت اُونٹ۔ بہت شتر مرغ۔

عَکَا یَعْکُوْ عَکْوًا۔ ذَنَبَ الدَّابَّةِ : جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ

مَعْكُوٌّ" یعنی دُم مڑا ہوا گھوڑا ____ ہٗ فِی الحَدِیْدِ: قید کرنا اور باندھنا۔ عَکَتِ الْاِبِلُ: موٹا ہونا۔ عَکَا الضَّبُّ بِذَنْبِهٖ: گوہ کا اپنی دم کو موڑنا۔ الدُّخَانُ: دھوئیں کا اوپر چڑھنا ____ عَلٰی قَوْمِهٖ: مائل ہونا ____ بِاِزَارِهٖ: ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔

العَکْوَة و العُکْوَة۔ جانور کی دم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازاربند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصّہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العکوه: تکلا۔ ج عُکًا و عِکَاء۔

العَکِیُّ مِنَ اَلْبَانِ الضَّانِ: ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔

الْاَعْکٰی۔ سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔ مؤنث عَکْوَاء۔

عَکِیَ یَعْکٰی عَکْیًا و عَکِیَّ و اعْکٰی۔ مرنا۔ عَکّٰی بِاِزَارِهٖ: ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا ____ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت عَاکٍ ج عُکَاة۔ اَعْکَاهُ: مضبوط۔ باندھنا۔ عَکَّی الدُّخَانُ: دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔

عَلَّ (ن ض) عَلاًّ وَ عَلَلاً وَ تَعِلَّةً دوسری مرتبہ پینا ____ ہٗ: دوسری مرتبہ پلانا ____ ہٗ ضَرْبًا: لگاتار مارنا۔

عُلَّ عِلَّةً۔ مریض ہونا۔

عَلَّلَهٗ۔ بار بار پلانا۔ ہٗ بِکَذَا: مشغول کرنا۔ کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْئَ: علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا ____ الکَلِمَةَ: کلمہ کی تعلیل کی وجہ بیان کرنا۔ تعلیل کرنا ____ الثَّمرة: بار بار پھل توڑنا۔ المَال: بہترین انتظام کرنا ____ ہٗ: علاج کرنا۔

اَعَلَّ۔ الرَّجُلَ: گھونٹ گھونٹ پلانا ____ ہٗ اللّٰهُ: بیمار کرنا ____ الکَلِمَة: تعلیل کرنا۔

تَعَلَّلَ۔ حجت ظاہر کرنا ____ بِکَذَا: مشغول رہنا۔

تَعَلَّلَتْ و تَعَالَتْ۔ المَرْاَةُ مِنْ نِفَاسِهَا: نفاس سے پاک ہو جانا۔ تَعَالَلَ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ: بچّے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔

اِعْتَلَّ۔ مریض ہونا ____ بِالْاَمْرِ: مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اِعتلت الریح: نرم ہونا ____ ہٗ: بہتان لگانا۔ اِعتلت الکلمة: حرف علت والا ہونا ____ الرَّجُلُ: دوسری مرتبہ پینا ____ عَنْهُ: اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔

العَلُّ۔ موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت۔ ج اَعْلَالٌ۔

العَلَّة۔ بہلاوہ۔ سوکن ج عَلاَّت۔ کہا جاتا ہے بنو علات: یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولاد اخیاف کہتے ہیں۔

عَلَّ۔ لعلَّ میں ایک لغت ہے۔

العِلَّة۔ بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ۔ اور اسی سے ہے "لَا یَعْدَمُ مَانِعٌ عِلَّةً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کیلئے منع کر دیتا ہے عِلَّةَ الشَّیْئِ: سبب ج عِلاَّت و عِلَل جج اَعْلَال العِلاَّت: حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرٰی عَلٰی عِلاَّتِهٖ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والعِلَّةُ فِی العُرُوْضِ: وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حرف العله: الف' واو' یا۔

العَلَلَ۔ دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے عَلَلٌ بعد نهل پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔

العُلاَلَة و التَّعِلَّة۔ بہلاوہ۔ العُلاَلَة: پہلی مرتبہ دودھ دوھنے کی مہلت کے بعد دوھا ہوا دودھ۔ بقیہ دودھ' نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی' دوڑ کے بعد دوڑ۔

العَلِیْل۔ مریض ج اَعِلاَّء۔

المُعَلُّ و المَعْلُوْل۔ مریض۔

العَلِیْلَة۔ مؤنث عَلِیْل عورت جو بار بار خوشبو لگائے۔ ج عَلِیْلاَت و عَلاَئِل۔

الیَعْلُوْل۔ سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ۔ ج یَعَالِیْل۔ یا زائدہ ہے۔

عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلَّبَ الشَّیْئَ: کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔

عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلِبَ (س) عَلَبًا۔ سخت ہونا۔ صفت عَلِب۔

عَلَبَ و عَلِبَ و اسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ: سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ: دندانہ دار ہونا۔

العَلْب۔ مار کا نشان (____ و العِلْبُ و العَلِب) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ سخت چیز ج عُلُوْب۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْبٌ" سخت ظالم آدمی۔

العُلْبَة۔ چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلاَب و عُلَب۔

العِلْبَة۔ درخت کی موٹی گرہ۔ ج عِلَب۔

العِلْبَاء گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلاَبِیّ۔ کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلْبَاءُهُ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلْثًا۔ الشَّیْئَ: جمع کرنا۔ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے علث البُرَّ بِالشعیرِ گیہوں کو جو میں ملا دیا ____ الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

عَلِثَ (س) عَلَثًا القَوْمُ: آپس میں سختی سے لڑنا۔

تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوْبَ: حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔ بِهٖ: چمٹنا ____ الشَّیْئَ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعْتَلَثَ۔ بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔

العَلَث۔ گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (____ و العَلِیْثَة) گیہوں جو سے ملا ہوا۔

العُلاَثَة۔ دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز ادھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

اَعْلاَثُ۔ الزَّادِ: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلِیْث۔ جو گیہوں کی روٹی۔

العَلِث و المُعْتَلِث۔ جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَهُ (ن) عَلْجًا۔ معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجًا۔ مضبوط ہونا۔

عَالَجَهُ مُعَالَجَةً و عِلاَجًا۔ مشق کرنا ____ الْمَرِیْضَ: بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرَّمَلُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَعَالَجَ۔ علاج کرنا ____ القَوْمُ: آپس میں جنگ کرنا۔

اِعْتَلَجَ الْقَوْمُ : لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔
اِعْتَلَجَتِ الْوَحْشُ : ایک دوسرے کو مارنا ___ الْاَرْضُ : لمبے لمبے سبزہ والی ہونا ___ الْاَمْوَاجُ : موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے اِعْتَلَجَتِ الْهُمُوْمُ فِیْ صَدْرِهٖ : غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے الرَّمَلُ : ریت کا جمع ہونا۔
اِسْتَعْلَجَ جِلْدُهٗ : کھال کا موٹا ہونا۔
فُلَانٌ : داڑھی نکلنا۔
العِلْجُ۔ گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر۔ اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔
ج عُلُوج و اَعْلاج و عِلَجَة۔
رَجُلٌ عَلْجٌ و عَلِجٌ و عُلَجٌ و عُلَّجٌ۔ مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔
العِلاَج۔ دواء۔ مشق۔ دفاع۔
العَلَج۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
العُلُوج۔ پیغام۔ پیغامبر۔
العُلْجَان۔ کانٹے دار درخت۔
العَلْجَم۔ لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔
العُلْجُمُ و العُلْجُوْم۔ بہت سیاہ۔
العُلْجُوْم۔ بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلاَجِیْم۔
عَلِدَ عَلَدًا۔ سخت و مضبوط ہونا۔ صفت عَلْد۔
العَلْد۔ گردن کا پٹھا۔ ج اَعْلاد۔
العَلَنْدَی و العُلَنْدَی مِنْ كُلِّ شَیْئٍ : سخت و موٹا ج عَلاَنِد و عَلاَدَی۔
العَلَنْدَد۔ مِنْ كُلِّ شَیْئٍ : سخت و موٹا۔
العَلَنْدَس۔ بہت سخت۔ العَلَنْدَسَة مؤنث
العَلْدَمِی۔ پیٹو۔ بندۂ شکم۔
عَلِزَ (س) عَلَزًا و عَلَزَانًا۔ بے چین ہونا۔ صفت عَلِزٌ۔ عَلِزًا اِلَی الشَّیْئِ : مائل ہونا۔ مشتاق ہونا ___ مِنْ كَذَا : بہ تکلف مریض بننا۔
اَعْلَزَهٗ۔ عاجز کرنا ___ هٗ الوَجْعُ : بے چین کردینا۔
عَلَسَ (ض) عَلْسًا المَاءَ : پینا ___ الْاِبِلُ اونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔
عَلِّسَ۔ الدَّاءُ : مرض کا سخت ہونا ___ الرَّجُلُ شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَّسُوْهُ تَعْلِيْسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔
العَلْسُ و العُلاَس و العَلُوْس۔ خوراک کھانا۔
العَلَس۔ گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چچڑی۔
المُعَلَّس۔ تجربہ کیا ہوا۔
العِلَّوْش۔ گیدڑ۔ بھیڑیا۔
عَلَّصَتِ التُّخَمَةُ فِیْ مِعْدَتِهٖ : بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔
عَالَصَهٗ عِلاَصًا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔
اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَیْئًا : تھوڑا سا لینا۔
العُلْصَة۔ تھوڑا سا۔
العِلَّوْص۔ بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلَّوْصٌ" بدہضمی والا مرد۔
عَلَصَهٗ (ض) عَلْصًا۔ الوَتَدَ و نَحْوَهٗ : کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
عَلَطَ (ن ض) عَلْطًا و عَلَّطَ النَّاقَةَ : اونٹنی پر داغ لگانا ___ هٗ بِشَرٍّ : بدگوئی کرنا۔ عَلَّطَ البَعِيْرَ : اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔
تَعَلَّطَ۔ القَوْسَ : تانت چڑھانا۔
اِعْتَلَطَ۔ الرَّجُلُ و بِهٖ : جھگڑا کرنا۔
اِعْلَوَّطَ۔ البَعِيْرَ : اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا ___ الْاَمْرَ : بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔
العُلُطُ مِنَ النُّوْقِ : بے نشان و بے مہار اونٹنی ج اَعْلاَط۔ اَعْلاَطُ الكَوَاكِبِ : بے نام کے ستارے۔
العُلْطَة۔ گردن کا پٹہ۔ ج عُلَط۔
العِلاَط۔ گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسی ج اَعْلِطَة و عُلُط (___ و الاعْلِيط) اونٹ کی گردن کا نشان۔
عَلَفَ (ض) عَلْفًا و عَلَّفَ و اَعْلَفَ۔ الدَّابَّةَ : جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ الرَّجُلُ : بہت پینا۔
اَعْلَفَ و عَلَّفَ الطَّلْحُ : پھلی نکلنا۔
تَعَلَّفَ۔ چارہ ڈھونڈنا۔
اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ : چارہ کھانا۔
اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ : ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
العِلْف۔ بہت کھانے والا۔
العَلِيْف۔ چارہ ہی کھانے والا۔ ج عَلاَئِف۔
المَعْلُوْفَة۔ چارہ ہی کھانے والا۔
العَلَف۔ چارہ ج عُلُوْفَة و اَعْلاَف و عِلاَف۔
العَلاَّف۔ چارہ بیچنے والا ج عَلاَّفَة۔
العَلِيْفَة۔ چارہ ہی کھانے والا جانور ج عَلاَئِف۔
العَلُوْفَة۔ چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع)
العُلُوْفَة : چارہ ج عُلُف۔
المَعْلَف و المِعْلَف۔ تھان۔ چارہ کھانے کی جگہ ج مَعَالِف۔
عُلَّف۔ ببول کی پھلی۔
عَلْفَطَ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ : ملانا۔
عَلَقَ (ن) عَلْقًا و عُلُوْقًا البَعِيْرُ و نَحْوُهٗ النَّبَاتَ و مِنَ النَّبَاتِ : اوپر اوپر سے چرنا ___ الصَّبِیُّ : انگلیاں چوسنا۔ (___ عَلْقًا) الرَّجُلَ : گالی دینا ___ هٗ بِلِسَانِهٖ : بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا۔
عَلِقَتْ (س) عُلُوْقًا المَرْاَةُ وَكُلُّ اُنْثٰی بِالْوَلَدِ : حاملہ ہونا ___ الوَحْشُ بِالْحِبَالَةِ : وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا ___ الدَّابَّةُ : جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا ___ الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ : کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا (___ عَلْقًا) الْاِبِلُ فِی الْوَادِیْ۔ چرنے کے لئے جانا۔
عَلِقَ (س) عُلُوْقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلاَقَةً فُلاَنًا و عَلِقَ بِهٖ : محبت کرنا۔ حُبُّهٗ بِقَلْبِهٖ : محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَلِقَ مِنْهُ كُلَّ مَعْلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہوگئی۔ عَلِقَ دَمَ فُلاَنٍ : قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کیلئے عَلِقَ مَعَالِقَهٗ بولتے ہیں (___ عِلْقًا) اَمْرَهٗ : جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ كَذَا : کرنے لگا۔

عَلِقَ الرَّجُلُ: گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوْق کہتے ہیں۔
عَلَّقَ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ و عَلَیْہِ و مِنْہُ: لٹکانا ___ الْاَمْرَ: چمٹ جانا ___ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بَابًا عَلٰی دَارِہٖ: دروازہ لگانا۔
عُلِقَۃً۔ دل کا مائل ہونا۔
اَعْلَقَ الرَّجُلُ: جونک لگانا ___ الْقَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا ___ الصَّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا ___ ظُفْرَہٗ بِالشَّیْئِ: ناخن چبھو دینا ___ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: لٹکا دینا۔
تَعَلَّقَ الشَّیْئَ: لٹکانا ___ الشَّوْکُ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا ___ الصَّیْدُ بِالْحِبَالَۃِ شکار کا جال میں پھنسنا (___ و اِعْتَلَقَ) فُلَانًا و بِہٖ: محبّت کرنا۔
اَلْعَلَقُ۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "فِیْ ثَوْبِہٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے اُلجھنے سے پھٹن ہے (___ و العِلْق) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلَاق و عُلُوْق۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عِلْقُ عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔
اَلْعَلَقُ۔ مص۔ خون۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصّہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَۃ۔
اَلْعِلْقَۃُ۔ لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔
اَلْعُلْقَۃُ۔ درخت کا وہ حصّہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلّق ج عُلَق۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ ھٰذَا الْمَالِ عُلْقَۃٌ" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلّق ہے "لَمْ یَبْقَ عِنْدَہٗ عُلْقَۃٌ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔
اَلْعُلَقُ۔ موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔
اَلْعَلَاقُ۔ درخت کا وہ حصّہ جس کو جانور پا سکے، وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوے کے طور پر کھائیں۔
اَلْعَلَاقَۃُ۔ مص۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلّق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلّق۔ محبت۔ ج عَلَائِق۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ عَلَاقَۃٌ" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلّق ہے۔
اَلْعِلَاقَۃُ۔ ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلَائِق۔
اَلْعَلُوْقُ۔ مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلّق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔
اَلْعَوْلَقُ۔ بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ ذم۔
اَلْعَلِیْقُ۔ جانوروں کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔
اَلْعُلَّیْقُ و الْعُلَّیْقٰی۔ ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔
اَلتَّعْلِیْقَۃُ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعَالِیْق۔
اَلْمُعَلَّقَۃُ۔ مؤنث معلّق۔ وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔
اَلْمُعَلَّقَاتُ۔ زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔
اَلْمِعْلَقُ۔ پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔
اَلْمِعْلَاقُ۔ زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَعَالِیْق۔ وَرَجُلٌ مِعْلَاقٌ: جھگڑالو۔ عوام کے نزدیک (مِعْلَاق) کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے، جگر، دل پر ہوتا ہے اور فصیح (سُحَارَۃ) ہے۔
عَلْقَمَ الشَّیْئُ: کڑوا ہونا ___ الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔
اَلْعَلْقَمُ۔ اندرائن۔ حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔
عَلَکَ (ن ض) عَلْکًا۔ العِلْکَ و نَحْوَہٗ: چبانا ___ نَابَیْہِ: دانت پیسنا۔
عَلَّکَ الْجِلْدَ: کھال کی اچھی طرح سے دباغت کرنا ___ یَدَیْہِ عَلٰی مَالِہٖ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔
اَلْعِلْکُ ہر گوند جو چبایا جائے۔ ج عُلُوْک و اَعْلَاک۔ ایک ٹکڑے کو العِلْکَۃ کہتے ہیں۔
اَلْعَلِکَۃُ۔ وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔
اَلْعَلِکُ۔ لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے۔
اَلْعُلَاکُ و الْعَلَاکُ۔ جو چیز چبائی جائے۔
اَلْعَلَّاکُ۔ بہت چبانے والا۔ گوند بیچنے والا۔
عَلَمَہٗ (ن ض) عَلْمًا۔ نشان لگانا۔ عَلَمَ الشَّفَۃَ: ہونٹ چیرنا۔
عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُلُ: حقیقت علم کو پالینا۔ ___ الشَّیْئَ: پہچاننا۔ یقین کرنا ___ الشَّیْئَ و بِہٖ: جاننا۔ ادراک کرنا ___ الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔
عَلِمَ (س) عَلَمًا اوپر کا ہونٹ پھٹنا۔ صفت اَعْلَم۔
عَلَّمَہٗ تَعْلِیْمًا و عِلَّامًا الصَّنْعَۃَ وَغَیْرَھَا: سکھلانا۔ عَلَّمَ لَہٗ عَلَامَۃً: پہچاننے کے لئے علامت مقرر کرنا۔
اَعْلَمَہُ الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: جتا دینا۔ اطلاع دینا۔
اَعْلَمَ الْفَرَسَ: لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان۔ گھوڑے پر لگانا ___ الثَّوْبَ: کپڑے پر نشان بنانا۔ نقش و نگار کرنا ___ نَفْسَہٗ: لڑائی کی علامت لگانا ___ عَلٰی کَذَا مِنَ الْکِتَابِ وَغَیْرِہٖ: علامت لگانا۔
عَالَمَہٗ۔ علم میں غلبہ کرنا۔
تَعَلَّمَ۔ سیکھنا ___ الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔ اور تَعَلَّمْ صیغہ امر اِعْلَمْ کے معنی میں ہے۔
اِعْتَلَمَ۔ الْمَاءُ: پانی بہنا ___ الشَّیْئَ: جاننا ___ الْبَرْقُ: پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔
تَعَالَمَ الْقَوْمُ الشَّیْئَ: جاننا۔
اِسْتَعْلَمَہُ الْخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
اَلْعَلَمُ۔ کپڑے کا نقش۔ جھنڈا۔ قوم کا سردار۔ ج اَعْلَام۔ العَلَمُ: راستہ کا نشان۔ اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منار ج اعلام و عِلَام۔
اَلْعِلْمُ۔ مص۔ حقیقت شی کا ادراک۔ یقین و معرفت ج عُلُوْم۔
عَلَامَ۔ علی حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے اور الف حذف کر دیا گیا ہے۔
اَلْعَلَامَۃُ۔ نشان۔ راستہ کا نشان۔ ج عَلَام و عَلَامَات۔
اَلْعَالَمُ۔ ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ۔ ج عَوَالِم و عَالَمُوْن و عَلَالِم۔
اَلْعَالِمُ۔ فا۔ ج عُلَّام و عَالِمُوْنَ (___ و الْعَلِیْمُ) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء۔
اَلْعَلَّامُ و الْعُلَّامُ و الْعَلَّامَۃُ و التِّعْلَامَۃُ مبالغہ

کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔
العُلاَم و العُلاَّم۔ شکرہ۔ باز۔
العُلاَمِیُّ۔ سبک روح۔ تیز فہم۔
العَلَم۔ مص۔ عالم۔
الاَعْلَم۔ اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مؤنث عَلْمَاء ج عُلْم
العَلْمَاء زرہ۔
الاُعْلُوْمَة۔ علامت۔ ج اَعَالِیْم۔
العُلْمَة و العَلَمَة۔ اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔
العَیْلَم۔ سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک موٹا۔ نازک بدن (___ و العَیْلاَم) نر بجو ج عَیَالِم و عَیَالِیم۔
المَعْلَم۔ راستہ کی نشانی۔ معلمُ الشَّیْءِ: چیز کے پائے جانے کی جگہ۔ ج معالم۔ کہا جاتا ہے "خَفِیَتْ مَعَالِمُ الطَّرِیق: راستہ کی نشانیاں مخفی ہوگئیں۔
المَعْلُوْمِیَّة۔ معلوم کی طرف نسبت۔
العِلْمَاد و العِلْمَادَة۔ جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلاَمِدَة و عَلاَمِید۔
عَلَنَ (ن ض) و عَلُنَ (ک) و عَلِنَ (س) عَلَنًا و عَلاَنِیَةً و عُلُوْنًا و اِعْتَلَنَ و اِسْتَعْلَنَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ صفت عَالِنٌ و عَلِنٌ و عَلِیْنٌ۔
عَالَنَ مُعَالَنَةً و عِلاَنًا العَدَاوَةَ و بِالعَدَاوَةِ: کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
عَالَنَهٗ وَ اَعْلَنَهُ الاَمْرَ و بالامر و علنَّهٗ اِلَیْهِ: ظاہر کرنا۔
اِسْتَعْلَنَ۔ الاَمْرُ و بِالاَمْرِ: ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔
العَلاَنِیَة۔ مص۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلاَنِیَةٌ" یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلاَنُوْنَ۔
العَلاَنِیُّ۔ وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلاَنِیُّوْنَ۔
العُلْنَة جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔
عَلِهَ (س) عَلَهًا۔ منہمک ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابل ملامت ہونا۔ گھبراہٹ سے آنا جانا۔ بد فطرت ہونا۔ صفت مذکر عَلْهَانُ ج عِلاَه صفت مؤنث عَلْهٰی ج عَلاَهٰی۔

العَلِه۔ وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو۔ وہ شخص جو متحیر ہو کر آئے جائے۔
العَالِه۔ شتر مرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے۔ مختلف قسم کے ارادے کرے۔
العَلَه۔ مص۔ برائی۔ غم۔
عَلاَ یَعْلُوْ عُلُوًّا و عَلِیَ یَعْلَی عَلاَءً و اِعْتَلٰی الشَّیْءُ او النَّهَار: بلند ہونا۔ عَلاَ الرَّجُلَ: غالب ہونا ___ هُ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا ___ المَکَانَ و بِهٖ چڑھنا ___ الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ عَلاَ فِی الاَرْضِ: تکبر کرنا۔ عَلاَ بِهٖ: بلند کرنا ___ الاَمْرُ وَلَهٗ: طاقت رکھنا۔ صفت عَالٍ بِالاَمْرِ: مستقل ہونا۔ قِرْنَهٗ: ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَتِ العَیْنُ عَنْ فُلاَنٍ: کسی سے نگاہ کا ناموافق ہونا۔ عَلاَ و عَلِیَ فِی المَکَارِمِ درجہ میں بلند ہونا۔ اِعْتَلَی الشَّیْءَ: قوی ہونا۔ غالب ہونا۔
عَلّٰی و اَعْلٰی الشَّیْءَ: چڑھنا۔
عَلّٰی وَ اَعْلٰی و عَالَی الشَّیْءَ: بلند کرنا۔ عَلَّی الکِتَابَ عنوان لکھنا۔ عَلّٰی و اَعْلٰی المَتَاعَ عَنِ الدَّابَّةِ۔ اتارنا۔ عَلَی اللّٰهُ فُلاَنًا: اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔ عَالَی الشَّیْءَ و بِهٖ: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّیْ یعنی مجھ سے دور ہو۔
تَعَلَّی الرَّجُلُ: آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تَعَلَّتِ المَرْاَةُ مِنْ مَرَضِهَا: صحت پانا۔
تَعَالٰی۔ بلند ہونا۔ تَعَالَتِ المَرْاَةُ مِنْ مَرَضِهَا: صحت پانا۔ "تَعَالَ" آجا۔ (فعل امر)
اِسْتَعْلَی النَّهَارُ: بلند ہونا ___ هُ: غالب ہونا (___ و اِعْلَوْلَی) الشَّیْءَ: چڑھنا۔
عَلُ۔ اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو "مِنْ عَلُ" مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں "مِنْ عَلٍ" کہا جاتا ہے اور "اَتَیْتُهُ مِنْ عَلاً" بھی کہا جاتا ہے۔
العَلاء و العُلٰی۔ بلندی۔ شرافت۔
العَلْیٰ و العَلاَیَة۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْیُ القَوْمِ" یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔
عَلْوُ الشَّیْءِ و عُلْوُهٗ و عِلْوُهٗ و عُلاَوَتُهٗ۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ عَلْوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔
العِلاَوَةُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز میں سے زیادہ

بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلاَوَی و عَلاَوِیُّ۔ کہا جاتا ہے اَعْطَیْتُکَ اَلْفَ دِیْنَارٍ و دِیْنَارًا عِلاَوَةً۔ میں نے تجھ کو ہزار دینار دیئے اور ایک دینار زائد دیا۔
العَلاَةَ۔ نہائی۔ بلند اونٹنی ج عَلَوَات و عَلاً۔
العَلِیُّ۔ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ سخت ج عِلِیُّوْن و عِلْیَه۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْیَةُ القَوْمِ" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔
العِلِیُّ۔ بلندی۔
العَلَوِیُّ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب نسبت۔ ج عَلَوِیَّه۔
العُلِّیَّة و العِلِّیَّة۔ بالا خانہ ج عَلاَلِی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عُلِّیَّةِ قَوْمِهٖ و عِلِّیَّتِهِمْ و عِلْیِهِمْ و عُلْیِهِمْ" یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت و شرف ہے۔
العَالِی فَارَجُلٌ عَالِی الکَعْبِ: شریف۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهُ مِنْ عَالٍ" یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔
العَالِیَه۔ مؤنث عالی۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلی ج عَالِیَات و عَوَالٍ۔
العَوَالِی نیزے۔ العَوَالِی: مدینہ طیبہ کے ارد گرد کے گاؤں اور ان کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عَالِیٌّ و عُلْوِیٌّ کہتے ہیں۔ عَالِیَةُ الشَّیْءِ: چیز کا بلند حصہ۔ عَالِیَةُ الوَادِی وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔
الاَعْلٰی اسم تفضیل: زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْلٰی بِهِمْ عَیْنًا" یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے مؤنث عُلْیَا ج عُلٰی۔
المُعْتَلِی۔ شیر۔
العُلْیَا و العَلْیَا۔ ہر بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے شَفَةٌ عُلْیَاء و عَلْیَاء العَلْیَا: پہاڑ کی چوٹی۔ آسمان۔
العِلِّیُّوْنَ۔ اعلی جنت کا نام اور یہ جمع عِلِّیٌّ کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں۔ اور تونگر اور اہل شرافت کو "اہل عِلِّیِّیْنَ" کہتے ہیں۔ پست درجے کے لوگوں کو "سِفْلِیُّوْنَ"۔
العِلْیَان و العَلْیَان۔ موٹا لمبا۔ کہا جاتا ہے

"رَجُلٌ عَلْيَانٌ وامْرَأةٌ عَلْيَانٌ" نرجو۔
العِلْيَانُ والعِلِّيَانُ۔ بلند آواز۔
العُلْيَانُ۔ کتاب کا عنوان۔
المَعْلَاةُ۔ شرف وبلندی ج مَعَالٍ۔
المُعَلَّى۔ جوئے کا ساتواں تیر۔
الحُرُوْفُ المُسْتَعْلِيَة خ۔ ص ض ط ظ غ ق۔
عَلْوَنَ عَلْوَنَةً و عَلْوَانًا۔ الكِتَابَ: خط پر پتہ لکھنا۔
عَلْوَانُ الكِتَابِ: سرنامہ۔
عَلَى يَعْلِيْ عَلْيًا و عُلِيًّا السَّطْحَ: چڑھنا۔
العَلْيُ والعِلِيُّ و العُلْيَا و العَلْيَاءُ والعِلْيَانُ والعُلْيَانُ و العَلَايَةُ و العِلْيَةُ و العَلِيُّ و العِلِّيُّ۔ مادہ ع ل و میں ذکر ہو چکا۔
عَلَى۔ حروف جر میں سے ہے۔ مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے۔
(۱) استعلاء: جیسے حُمِلَ عَلَى الدَّابَّةِ (جانور پر لاد اگیا)
(۲) مصاحبت: جیسے بَذَلَ المَالَ عَلَى الفَقْرِ: (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا۔)
(۳) مجاوزہ: بمعنی عَنْ جیسے رَضِيَ عَلَيْهِ اَیْ رَضِيَ عَنْهُ یعنی وہ اس سے راضی ہوا۔
(۴) تعلیل: جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِيْ (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو۔)
(۵) ظرفیت: جیسے دَخَلَ المَدِيْنَةَ عَلَى حِيْنِ غَفْلَةٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہوا۔)
(۶) موافقت باء: جیسے اِرْكَبْ عَلَى اِسْمِ اللهِ (اللہ کے نام سے سوار ہو۔)
(۷) استدراک: جیسے عَلَى اِنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَيْرٌ مِنَ البُعْدِ (لیکن گھر کا قرب دوری سے بہتر ہے۔)
(۸) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلَى جَنَاحِ الهَيْكَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَيَّ كَذَا و بِكَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو۔ عَلَيْكَ زَيْدًا۔ یعنی زید کے ساتھ لازم رہو عَلَيْكَ بِكَذَا۔ یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو۔ اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے۔

عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّيْءُ: عام ہونا ــــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا ساری زمین کو عام ہونا (ــــ عَمًّا) القَوْمَ بِالعَطِيَّةِ: سب کو شامل کرنا (ــــ عمومة) چچا ہونا۔
عُمِّمَ رَأْسُهُ عَمًّا و عُمِّمَ۔ پگڑی لپیٹا جانا۔
عُمِّمَ الرَّجُلُ: سردار بنایا جانا۔
اَعَمَّ۔ معزز چچوں والا ہونا۔
الغِنَی والغِنْیَة والغُنْیَة والغُنْیَان- اکتفا- تونگری- مالداری- کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَنْهُ غِنًی و غُنْیَةٌ و غُنْیَانٌ" یعنی اس کے لیے اس سے چارہ نہیں-

الغِنَی والغَنَاء- اکتفا تونگری- کہا جاتا ہے "لَا غِنًی عَنْهُ" یعنی ضروری ہے-

الغِنَاء- عَنِ الصَّوْتِ : گیت- سُر-

الأُغْنِیَّة والإِغْنِیَّة والأُغْنِیَة والإِغْنِیَة- گیت- سُر- راگ- ج اَغَانِیّ و اَغَانٍ-

الغَنِيّ- اکتفا کرنے والا- تونگر- مالدار- کہا جاتا ہے "هُوَ غَنِيٌّ عَنْهُ" یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیَاء-

الغَانِي- فا- غنی- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَانٍ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے بے نیاز-

الغَانِیَة- مؤنث- غَانِي- وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہو- نکاح کرنے والی- ج غَانِیَات و غَوَانٍ-

المَغْنَی- منزل- ج مَغَانٍ کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبَانِیهِم وخَلَتْ مَغَانِیهِم" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہو گئے- "ومَالَهُ عَنْهُ مَغْنًی" یعنی اس کیلئے اس سے چارہ نہیں-

غَهِبَ (س) غَهَبًا و اَغْهَبَ- عَنْهُ- غافل ہونا- بھولنا-

اِغْتَهَبَ- تاریکی میں چلنا-

الغَهَب- مص- کہا جاتا ہے "اَصَابَ الصَّیْدَ غَهَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلاقصد کے پہنچ گیا- "فَعَلَهُ غَهَبًا" اس کو بلاقصد کیا-

الغَیْهَب- تاریکی- بہت تاریک رات- بہت سیاہ گھوڑا- غافل' بیوقوف اور کمزور ج غَیَاهِب-

الغَیْهَبَان- تاریکی- ہیبت-

الغَیْهَبَة- مؤنث- غَیْهَب- لڑائی کا شور-

غَیْهَقَ غَیْهَقَةً- تاریکی کا نظر کو کمزور کر دینا-

الغَیْهَق- نشاط- دیوانگی-

الغَوْهَق- دیوانگی- کالا کوا-

الغَهِق- لمبا اونٹ-

غَاثَهُ یَغُوثُهُ غَوْثًا و اَغَاثَهُ اِغَاثَةً و مَغُوثَةً- اعانت کرنا- مدد کرنا-

غَوَّثَ- الرَّجُلُ : واغوثاہ کہنا-

اِسْتَغَاثَ الرَّجُلَ و بِهِ : مدد طلب کرنا-

الغَوْث والغُوَاث والغَوَاث- مدد-

الغَوْث والغِیَاث والغَوِیث- کھانے وغیرہ کی مدد-

المَغَاوِث۔ پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کیلئے مفرد نہیں۔
غَاجَ يَغُوْجُ غَوْجًا و تَغَوَّجَ۔ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا' مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ فِيْ مَشْيَتِهٖ: چال میں لچکنا۔
الغَوْج۔ کشادہ سینہ کا گھوڑا۔
غَارَ يَغُوْرُ غَوْرًا۔ پستی کی طرف آنا۔
المَاءُ: گہرائی میں جانا۔ صفت (غَائِر)
النَّهَارُ: سخت گرمی والا ہونا ____ الرَّجُلُ: دوپہر میں سونا ____ الشَّيْئَ او القَوْمَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِيْ غَيْرِ مَغَار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔
غَارَت تَغُوْرُ غَوْرًا و غُؤُوْرًا۔ عَيْنُهٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔
غَوْرًا و غُؤُوْرًا و غِيَارًا۔ فِي الأَمْرِ: معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا ____ فِي الشَّيْئِ: ____ داخل ہونا۔
غَارَتْ غِيَارًا او غُؤُوْرًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔
غَارَلَهُمُ اللّٰهُ غِيَارًا و غَارَهُمْ۔ رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔
غَوَّرَ۔ پستی کی طرف آنا ____ المَاءُ: زمین میں اُترنا ____ الرَّجُلُ: دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا ____ القَوْمَ: قوم کو شکست دینا ____ غَوَّرَتِ الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ: غروب ہونا' ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّهَارُ: جبکہ دن ڈھل جائے۔
اَغَارَ اِغَارَةً۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا ____ الحَبْلَ: رسّی کو مضبوط بٹنا۔
اَغَارَ اِغَارَةً و غَارَةً و مُغَارًا۔ عَلَيْهِمْ۔ لوٹ ڈالنا ____ الفَرسُ: تیز دوڑنا ____ بِهِمْ و اِلَيْهِم: مدد دینے کے لیے آنا۔
غَاوَرَ مُغَاوَرَةً۔ العَدُوَّ: دشمن پر لوٹ ڈالنا ____ بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔
تَغَوَّرَ۔ پستی کی طرف آنا ____ ظَاهِرُ الْعَيْنِ دھنس جانا۔
تَغَاوَرَ۔ القَوْمُ۔ بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتَارَ اِغْتِيَارًا۔ نفع اٹھانا۔ غلّہ حاصل کرنا۔
اِسْتَغَارَ۔ عَلَيْهِم۔ لوٹ ڈالنا ____ الرَّجُلُ: پست زمین میں اُترنے کا ارادہ کرنا۔ موٹا ہونا ____ الجُرْح: زخم کا سوجنا۔
اِسْتَغْوَرَهٗ اِسْتِغْوَارًا۔ غلّہ مانگنا۔
الغَار۔ غارج اَغْوَار و غِيْرَان۔ ایک قسم کا درخت واحد (غَارَة) غبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔ غیرت۔ ٹھوڑی کا گڑھا۔ الغَارَان: ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں' اوپر نیچے کے تالو۔
الغَارَة۔ مع۔ لوٹ۔ اسم ہے اغارة کا ج غَارَات۔ تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے حَبْلٌ شَدِيْدُ الغَارَةِ مضبوط بٹی ہوئی رسّی و "شَنَّ الغَارَةَ عَلَيْهِم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑا۔
الغَوْر۔ مع۔ پست زمین۔ نیچے اُترا ہوا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيْدُ الغَوْر" فلاں نہایت باریک بین ہے۔
و "غُرْتُ غَوْرَ المَسْأَلَةِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔
الغَائِرَة۔ مؤنث غائر۔ دوپہر۔ دوپہر کا سونا۔
الغَوْرَة۔ آفتاب۔ قیلولہ۔
الغِوَر۔ خون بہا۔
الغَوْرَى۔ ہر چیز کا گڑھا۔
المَغَار و المُغَار و المَغَارَة و المُغَارَة۔ غار' لوٹ ج مَغَاوِرُ و مَغَارَات ____
المُغَار: لوٹ کی جگہ۔
المِغْوَار و المُغَاوِر۔ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لوٹ ڈالنے والا۔ فَرَسٌ مِغْوَارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
غَازَهٗ يَغُوْزُهٗ غَوْزًا۔ قصد کرنا' ارادہ کرنا۔
الغَاز۔ گیس۔ ج غَازَات۔
غَاصَ يَغُوْصُ غَوْصًا و غِيَاصًا و غِيَاصَةً و مَغَاصًا۔ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غَائِص) ج غُوَّاص و غَاصَة۔ غَاصَ عَلَى الشَّيْئِ: اچانک آ جانا۔ عَلَى المَعَانِي: معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔
غَوَّصَهٗ۔ غوطہ لگوانا۔
الغَوَّاص۔ بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کیلئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِيَاصَة" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔
الغَوَّاصَة۔ غواص کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔
المَغَاص۔ مع۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی کے اوپر کا حصّہ۔
غَاطَ يَغُوْطُ غَوْطًا۔ الحُفْرَة: گڑھا کھودنا۔ فِيْهِ: داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے هٰذَا رَمْلٌ تَغُوْطُ فِيْهِ الأَقْدَامُ یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔
غَوَّطَ۔ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔
الطَّعَامَ: بڑے بڑے لقمے نگلنا۔
تَغَوَّطَ۔ پاخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ و بَالَ۔ پیشاب یا پاخانہ کیا۔
تَغَاوَطَا۔ فِي المَاءِ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
اِنْغَاطَ۔ العُوْدُ: لکڑی کا مڑنا۔
الغَائِط۔ فا۔ پاخانہ۔ پاخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔
الغَوْط و الغَاط و الغَوْطَة۔ پست زمین۔ ج غُوْط و اَغْوَاط و غِيَاط و غِيْطَان۔ الغَاط۔ جماعت۔
الغُوْطَة۔ شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔
بِئْرٌ (غَوِيْط) بہت گہرا کنواں۔
الغَاغ۔ پودینہ۔ واحد (غَاغَةٌ)
الغَاغَة۔ بہت سے مختلف لوگ۔
الغَوْغَاء۔ ٹڈی جو اُڑنے کیلئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔
غَالَهٗ يَغُوْلُهٗ غَوْلًا و اِغْتَالَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ غَالَتْهُ الخَمْرُ: شراب کا مست کر دینا۔
غَاوَلَ مُغَاوَلَةً۔ جلدی چلنا۔
تَغَاوَلَا۔ ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔
تَغَوَّلَ۔ الأَمْرُ: ابتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ المَرْأَةُ: رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْهُمُ الغِيْلَانُ: بے راہ کر

دینا ـــــ الأرْض بِفُلانٍ: ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔

الغَوْل۔ مص۔ درد سر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دُوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔

الغُوْل۔ مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ۔ ج اغوال و غیلان سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج اَغْوَال۔

الغِیْلَة۔ اسم ہے اِغْتِیَال کا۔

الغَائِلَة۔ مؤنث غَائِل۔ مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ بُرائی ج غَوَائِل۔

الأغْوَل۔ مِنَ العَیْش: آسودہ زندگی۔

المِغْوَل۔ ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ گپتی۔

المَغَالَة۔ ہلاکت۔

غَوَی یَغْوِی غَیًّا و غَوِی یَغْوَی غَوَایَةً۔ گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔

وغَوَّی و اَغْوَی۔ الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

غَوِیَ یَغْوَی و غَوِیَ یَغْوِی غَوًی الفَصِیْلُ۔ اُونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)

تَغَاوَی۔ بہ "تکلیف گمراہ بنا" بتکلف جاہل بننا ـــــ القَوْمُ عَلَیْهِ: قتل کرنے کے لیے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

إنْغَوَی۔ الرَّجُلُ: گرنا اور جھکنا۔

إسْتَغْوَی۔ الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًی وَ غَوِیًّا وَ مُغْوِیًا وَ مَغْوِیًّا و مَغْوِیًّا) یعنی میں نے تمازت بسر کی۔

الغَیَّةُ و الغِیَّةُ۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ وَلَدُ غَیَّةٍ" یعنی وہ ولد الزنا ہے۔

الغَاوِی۔ فا ج غَاوُوْنَ و غُوَاةٌ۔ رَاسٌ غَاوٍ: چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔

والغَوِیّ و الغَوِیّ و الغَیَّان گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔

الغَاوِیَة۔ مؤنث غاوی۔ مشک جس میں پانی ہو۔

الأُغْوِیَّة۔ مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِیْ أُغْوِیَّة" ج اَغَاوِی۔

المَغْوَاة۔ گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ۔

المُغَوَّاة۔ گمراہی کی جگہ ج مُغَوَّیَات۔

غَابَ یَغِیْبُ غَیْبًا و غَیْبَةً و غِیَابًا و غُیُوْبًا و مَغِیْبًا۔ عَنْهُ: غائب ہونا۔ دُور رہنا۔ جدا ہونا۔

غَابَتِ الشَّمْسُ غِیَابًا و غُیُوْبَةً۔ آفتاب کا غروب ہونا ـــــ الشَّیْءُ عَنْ فُلَانٍ۔ پوشیدہ ہونا ـــــ عَنْ بِلادِهِ: سفر کرنا۔

غَابَ یَغِیْبُ غِیَابًا و غَیَابًا و غِیْبَةً و غِیَابَةً و غُیُوْبَةً الشَّیُّ فِی الشَّیْءِ: چھپ جانا۔

غَابَهُ غِیْبَةً و اغْتَابَهُ و اِغْتِیَابًا۔ غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔

غَیَّبَهُ۔ دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَیَّبَهُ غَیَابُهُ یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔

اَغَابَتِ۔ المَرْأَةُ: غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِیْبٌ و مُغِیْبَةٌ و مُغِیْبٌ)

غَایَبَهُ مُغَایَبَةً۔ پیٹھ پیچھے بات کرنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا مَعَکُمْ لَا اُغَایِبُکُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔

تَغَیَّبَ۔ عَنْهُ: غائب ہونا۔

تَغَایَبَ۔ القَوْمُ: غائب ہونا۔

الغَیْب۔ مص۔ شک۔ ہر وہ چیز جو تم سے غائب ہو۔ بھید۔ پست زمین۔ ج غِیَاب و غُیُوْب۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَیْبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔

الغَیْبَة و الغَیَابَة۔ پست زمین۔ قبر۔ الغَیَابَةُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: پردہ ـــــ مِنَ الوَادِی او الجُبِّ: وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِیْبَة۔ پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِب۔ فا۔ ج غَیَب و غُیَّب و غُیَّاب

غَائِبُوْنَ۔ غَائِبُكَ: جو چیز تم سے غائب ہو۔

الغَابَة۔ بانس کی جھاڑی۔ پست زمین۔ لوگوں کی جماعت' لمبا نیزہ۔ ج غَاب و غَابَات غَابَةُ البَحْرِ: سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغَیَاب۔ مص۔ قبر۔ غَیَابُ الشَّجَرِ و غَیَابَتُهُ: درخت کی جڑیں۔

الغَیُوْب و الغَیَّاب۔ غائب کا اسم مبالغہ۔

الغُیَیْبُوْبَة۔ غروب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ عِنْدَ غُیَیْبُوْبَةِ الشَّمْسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیْثُ غَیْثًا۔ اللّٰهُ البِلَادَ: برسانا۔

غَاثَ الغَیْثُ الأَرْضَ: بارش کا زمین پر برسنا۔

غِیْثَتِ۔ الأَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔ صفت (مَغِیْثَة و مَغْیُوْثَةٌ) غَاثَ النُّوْرُ: روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ۔ البَعِیْرُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیْث۔ بارش۔ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔ کہا جاتا ہے "رَعَیْنَا الغَیْثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوْث و اَغْیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔ سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلا دھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغْیَدُ غَیَدًا۔ الغُلَامُ: لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر (اَغْیَد) صفت مؤنث (غَیْدَاء) ج غِیْد۔

تَغَایَدَ۔ فِیْ مِشْیَتِهِ: نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیَد۔ مص۔ نزاکت۔

الأَغْیَد۔ نرم و نازک پودہ: مکان اغید بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَة۔ نرم و نازک بدن عورت۔ تروتازہ شاخ۔ ج غَادَات۔

غَیْدَانُ الشَّبَابِ۔ اول جوانی۔

غِیْدِ غِیْدِ۔ مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو' جلدی کرو۔

غَیْدَقَ۔ المَطَرُ: بارش کا بہت ہونا۔

الغَیْدَق۔ مص۔ بہت پانی۔

الغَیْدَاق۔ سرسبز۔ فیاض۔

والغَیْدَق و الغَیْدَقَان۔ نرم و نازک۔ غَارَ یَغَارُ غَیْرَةً و غَیْرًا و غَارًا۔ الرَّجُلُ عَلَی اِمْرَأَتِهِ مِنْ فُلَانٍ و هِیَ عَلَیْهِ مِنْ فُلَانَةٍ: غیرت کھانا۔ صفت (غَیْرَان و غَیُوْر و مِغْیَار) مؤنث (غَیُوْر و غَیْرَی) ج غَیَارَی و غُیَارَی و غُیُر و مَغَایِیْر اور اسم الغَیْرَة۔

غَارَهُ یَغِیْرُهُ غِیَارًا۔ نفع دینا۔ کہا جاتا ہے "غَارَهُ بِخَیْرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ و

"غَارَهُمُ اللّٰهُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَهُ یَغِیْرُهُ غَیْرًا و غِیَرَةً۔ خون بہا دینا۔ غَیَّرَ الشَّیْئَ: بدل دینا۔ تغیر کر دینا۔

غَایَرَهُ غِیَارًا و مُغَایَرَةً۔ تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ خرید و فروخت میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔ مغایرت برتنا۔

اَغَارَهُ اِغَارَةً۔ غیرت پر برانگیختہ کرنا۔

___ الرَّجُلُ اِمْرَأَةً: مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ۔ بدل جانا ___ عَلٰی اِمْرَاَتِهٖ: بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ۔ الزَّوْجَانِ: ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔ تَغَایَرَتِ الْاَشْیَاءُ: چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا۔ الرَّجُلُ: غلّہ مہیا کرنا۔

الغَیْرُ۔ مص۔ اسم ہے غِیَرٌ سے کہا جاتا ہے "مَنْ یَکْفُرْ بِاللّٰهِ یَلْقَی الغِیَرَ" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہو گا کہ صلاح سے فساد کی جانب پہنچ جائے گا۔ بَنَاتُ غَیْرٍ: جھوٹ اور باطل باتیں اور (غَیْر) کالفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج اَغْیَار اور لاَ کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت کے منصوب ہوتا ہے۔ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ" بمعنے لا باغیا ___ اور اِلاَّ کے معنی میں بھی۔ پس اسم لازم الاضافۃ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافۃ بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آسکے اور اس سے پہلے لَیْسَ یا لاَ ہو اور اضافت کے وقت رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے۔ کہو گے "قَبَضْتُ عَشَرَةً لَیْسَ غَیْرُهَا وَلَیْسَ غَیْرَهَا وَلَیْسَ غَیْرٌ وَلَیْسَ غَیْرُ وَلَیْسَ غَیْرًا وَلَیْسَ غَیْرَ" بمعنی لَیْسَ اِلاَّ اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ غَیْرَ مَرَّةٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الغِیَرَةُ۔ خون بہا۔ غلّہ کا ذخیرہ۔ نخوت اسم ہے غَارَ کا ج غِیَر۔

غِیَرُ۔ الدَّهْرِ: زمانے کا حوادث۔

الغَیْرِیَّةُ۔ عینیت کے خلاف۔ ہر روش میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیْرُ و المَغْیُوْرُ۔ سیراب شدہ مقامات۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیْرٌ و مَغْیُوْرٌ و اَرْضٌ مَغِیْرَةٌ و مَغْیُوْرَةٌ۔"

غَاضَ یَغِیْضُ غَیْضًا و مَغَاضًا و تَغْیَاضًا وانْغَاضَ۔ پانی کا کم ہونا۔ نیچے اتر جانا ___ الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔

غَاضَ و غَیَّضَ و اَغَاضَ المَاءَ و الثَّمَنَ: پانی یا قیمت کم کرنا۔ دَمْعَهُ: آنسو روکنا۔

الغَیْضُ۔ مص۔ ناتمام بچہ۔ قلیل۔

الغَیْضَةُ۔ ایک مرتبہ کم کرنا۔ جھاڑی۔ پانی کی جگہ میں بہت درخت۔ ج غِیَاض و اَغْیَاض و غَیْضَات۔

المَغِیْضُ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج مَغَایِض۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَغِیْضٌ" یعنی وہ پانی جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاطَ یَغِیْطُ غَیْطًا۔ فِیْهِ: داخل ہونا۔

المُغَایَطَةُ۔ خصومت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ مُغَایَطَةٌ" یعنی ان کے درمیان خصومت ہے۔

الغَیْطُ۔ باغ۔

غَاظَهُ یَغِیْظُهُ غَیْظًا و غَیَّظَهُ و اَغَاظَهُ و غَایَظَهُ۔ غصہ دلانا۔ غصہ پر برانگیختہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَایَظَ صَاحِبَهُ فِی الْعَمَلِ" مقابلہ کرنا۔

تَغَیَّظَ۔ الحَرُّ: سخت گرمی ہونا (___ و اِغْتَاظَ) غضبناک ہونا۔

الغَیْظُ۔ مص۔ غضب یا سخت غضب۔

الغِیَاظُ۔ غم۔ مشقت۔

المَغِیْظُ۔ ناراض۔ رنجیدہ۔

غَافَتْ تَغِیْفُ غَیَفَانًا و اَغْیَفَتْ و تَغَیَّفَتْ۔ الشَّجَرَةُ: دائیں بائیں جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ صفت (غَیْفَاء) (غَیَّف) بھاگنا۔ بزدل ہونا (___ و تَغَیَّفَ) عَنِ الاَمْرِ: انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔

اَغَافَ۔ الغُصْنَ: ٹہنی کو جھکانا۔

الغَافُ۔ ایک درخت ہے جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے واحد غَافَةٌ ہے۔

الغَیْفُ۔ پرندوں کا جھنڈ۔

الاَغْیَفُ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ اَغْیَفُ" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی۔ مؤنث

غَیْفَاء شجرۃ غیفاء: جھکی ہوئی ڈالیوں والا درخت۔

الغَیَّافُ۔ بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔

الغَیْفَانُ و الغَیَفَانُ۔ متکبرانہ چال۔

غَیَّقَ۔ المَالَ: بگاڑنا۔ فاسد کرنا ___ فِی رَاْیِهِ: غیر مستقل مزاج ہونا ___ الطَّائِرُ: اپنی جگہ پر پھڑپھڑانا ___ بَصَرَهُ: نگاہ کو پھیرنا۔

تَغَیَّقَتْ۔ العَیْنُ: آنکھ کا تاریک ہونا۔

غَاقِ۔ مبنی علی الکسر۔ کوے کی آواز کی حکایت اگر نکرہ کیا جائے تو (غَاقٍ) تنوین سے کہا جاتا ہے۔

الغَاقُ۔ کوا (___ و الغَاقَةُ) ایک آبی پرندہ ہے جس کو غواص اور غُرَابُ المَاءِ بھی کہتے ہیں۔

غَالَتْ تَغِیْلُ غَیْلاً و اَغَالَتْ اِغَالَةً المَرْأَةُ وَلَدَهَا: بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔ صفت (غَائِلٌ و مُغِیْلٌ و مُغْیِلٌ)

غَالَهُ یَغِیْلُهُ غِیَالاً و غِیَالَةً و غُؤُوْلاً۔ چرانا۔

اَغْیَلَتْ اِغْیَالاً۔ المَرْأَةُ وَلَدَهَا: بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا ___ الشَّجَرَةُ: درخت کا بڑا اور گھنا ہونا ___ الغَنَمُ: بکری کا سال میں دو مرتبہ بچہ جننا۔

تَغَیَّلَ۔ القَوْمُ: کثیر المال ہونا۔

تَغَیَّلَتْ و اِسْتَغْیَلَتْ۔ الشَّجَرَةُ: درخت کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (مِغْیَال)

اِغْتَالَ اِغْتِیَالاً۔ الغُلاَمُ: موٹا تازہ ہونا۔

الغَیْلُ۔ حالت حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا۔ مؤنث غَیْلَةٌ۔ زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی جس میں چشمے جاری ہوں۔ دور کی چیز جو نزدیک دکھائی دے۔

الغِیْلُ۔ جھاڑی۔ گنجان درخت۔ وادی جس میں پانی ہو۔ شیر کی ماند ج اَغْیَال و غُیُوْل۔

الغِیْلَةُ۔ دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔ حمل میں دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ غِیْلَةً" دھوکے سے مار ڈالا۔

الغَائِلَةُ۔ شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف۔ ج غَوَائِل۔ الغَوَائِلُ: مصیبتیں۔

المَغَالَةُ۔ بدی۔ برائی۔

الاَغْیَلُ۔ پُرگوشت۔

الغَیَّال۔ اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ غَیْل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔
المُغْیال۔ گھنا سایہ دار درخت۔
غَامَتْ تَغِیْمُ غَیْمًا و غَیَّمَتْ و اَغَامَت اِغَامَةً و اَغْیَمَتْ اِغْیَامًا و تَغَیَّمَتِ السَّمَاءُ : بادل والا ہونا۔ غَامَ البَعِیْرُ : اونٹ کا پیاسا ہونا۔ صفت (غَیْمَان) مؤنث (غَیْمٰی) اَغْیَمَ القَوْمُ : پیاسا ہونا اَغْیَمُوا اِلَی المکانِ : اقامت کرنا۔
غِیْمَ البعیر : اونٹ کا پیاسا ہونا۔
الغَیْم۔ مد۔ بادل ج غُیُوْم : واحد (غَیْمَةٌ) پیاس۔ اونٹ کی ایک بیماری جس سے پیاس لگتی ہو۔
یَوْمٌ (غَیُوْمٌ) بدلی کا دن۔
غَانَ یَغِیْنُ غَیْنًا۔ پیاسا ہونا۔
غَانَتْ نَفْسُهٗ : متلانا۔ غَانَت و غِیْنَتِ السَّمَاء۔ آسمان پر بادل گھر آنا۔
غِیْنَ و اُغِیْنَ۔ عَلٰی قَلْبِهٖ : خواہشات کا غالب ہونا۔

اَغَانَ السَّحَابُ السَّمَاءَ : بادل گھر آنا۔
غَیَّنَ۔ غَیْنًا : حرفِ غ لکھنا۔
الغَیْن۔ مد۔ حروفِ تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔
الغَیْنَة۔ بلا پانی کے گھنے درخت۔
الغِیْنَة۔ پیپ مُردار سے جو بہے ' جھاڑی۔
الاَغْیَن۔ مِنَ الشَّجَرِ و النَّبَات : سرسبز اور لمبا۔ مؤنث غَیْنَاء ج غِیْن۔
الغَیْهَم۔ تاریکی۔
غَیَّا تَغْیِیَةً و اَغْیَا اِغْیَاءً ا۔ الغَایَة ای الرَّایَة : جھنڈا گاڑنا۔ غَیَّا القَوْمُ : جھنڈا گاڑنا ـــــ الطَّیْرُ عَلَی الشَّیْءِ : پرندہ کا پھڑپھڑانا۔
اَغْیَا السَّحَابُ : بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغْیَا الرَّجُلُ : شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا۔
الفَرَسُ فِیْ سَبَاقِهٖ : گھوڑے کا حد مقررہ پر پہنچنا۔
غَایَا مُغَایَاةً۔ القَوْمُ فِیْ رَاسِهٖ بِالسُّیُوْف : کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔
تَغَایَت۔ الطَّیْرُ عَلَی الشَّیْءِ : پرندہ کا منڈلانا۔

کہا جاتا ہے : "تَغَایَوْا عَلَیْهِ حَتّٰی قَتَلُوْهُ" یعنی ایک دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الغَایَةُ۔ مدت۔ جھنڈا۔ نتیجہ۔ ج غَایَات۔ و غَایٌ اور نسبت کیلئے (غَائِیٌّ) اور کہا جاتا ہے "غَایَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ و الغَایَة : پھڑپھڑانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے کی لے۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بَعِیْدُ الغَایَةِ" یعنی تمہاری رائے درست ہے۔
الغیایة آفتاب کی شعاع کی روشنی کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ انداز ہو۔ جیسے بادل۔ گرد و غبار ج غَیَایَات۔
الغَیَّة غوی کا مادہ دیکھئے۔
المُغَیَّا۔ جس کیلئے غایت مقرر کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "الغَایَةُ لَا تَدْخُلُ فِی المُغَیَّا" یعنی حد محدود میں داخل نہیں۔

الفَاء- یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے۔
(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَیْدٌ فَعَمْرٌو۔
(۲) تعقیب جیسے حَبَسَ زَیْدٌ افَقَتَلَهٗ۔
(۳) سببیت جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ افَمَاتَ۔
(۴) رابطہ- جوابِ شرط میں جیسے اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِيْ فَاحْفَظُوْ وَصَایَایَ- شبہ جوابِ شرط میں جیسے اَلَّذِيْ یَاتِیْنِيْ فَلَهٗ دِرْهَمٌ۔
(۵) ناصبہ مضارع کیلئے بتقدیر اَنْ جیسے زُرْنِيْ فَاُكْرِمَكَ۔
(۶) استیناف کیلئے جیسے یَقُوْلُ كُنْ فَیَكُوْنُ۔
(۷) زائدہ جیسے زَیْدٌ فَلَا تَضْرِبْهُ- خَرَجْتُ فَاذَ الْاَسَدُ فِي الدَّارِ- وَلَمَّا قُمْتَ فَقُمْنَا۔
اِفْتَأَتَ- بِرَایِهٖ: رائے میں منفرد ہونا- اکیلا ہونا ـــــ عَلَى الْبَاطِلِ: گھڑلینا۔
اُفْتِئِتَ- اچانک مرجانا۔
فَأَدَهٗ (ف) فَأْدًا- دل پر مارنا- دل پر لگنا- فَأَدَ الخوف فُلَانًا: بزدل بنانا ـــــ اللَّحْمَ فِي النَّارِ: گوشت بھونا ـــــ الْخُبْزَ: روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔
فُئِدَ فَأْدًا وفَئِدَ (س) فَأَدًا- دل کی بیماری والا ہونا۔
اِفْتَادَ الرَّجُلُ: بھوننے کیلئے آگ جلانا۔
اللَّحْمَ فِي النَّارِ: گوشت بھونا۔
تَفَأَّدَتِ- النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الفُؤَاد- دل- بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق ہوتا ہے- ج اَفْئِدَةٌ۔
الفَئِيْد- آگ- بھنا ہوا- بزدل۔
الأُفْؤُوْد- بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی- بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ- ج اَفَائِيْد۔
المُفْتَأَد- آگ جلنے کی جگہ۔

المِفْأَد والمِفْأَاد والمِفْأَدَة- آگ کریدنے کا لوہا یا لکڑی- ج مَفَائِدُ ومَفَائِيْدُ۔
المَفْؤُوْد- دل کی بیماری والا- بزدل- بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی- بھنا ہوا۔
فَأَرَ (ف) فَأْرًا- التُّرَابَ: مٹی کھودنا۔
ـــــ الشَّيْءَ: دفن کرنا- چھپانا۔
فَئِرَ (س) فَأْرًا- الْمَكَانُ: بہت چوہے والا ہونا۔
الفَار- مص- چوہا- ج فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ واحد (اَلْفَأْرَة) مذکر و مؤنث دونوں کیلئے۔
الفَأْرَة- مشک کا نافہ۔
مَكَانٌ (فَئِرٌ) وَاَرْضٌ (فَئِرَةٌ ومَفْأَرَةٌ) بہت چوہوں والا مکان- بہت چوہوں والی زمین۔
فَأَسَ (ف) فَأْسًا- الخَشَبَةَ: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا ـــــ الرَّجُلَ: کلہاڑی سے مارنا- سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔
الفَأْس- مص- کلہاڑی- کبھی بغیر ہمزہ کے بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَاسٌ) اور یہ مؤنث سماعی ہے ج اَفْؤُس وفُؤُوْس فَأْسُ الرَّاسِ: سر کے پچھلے حصہ کی اُبھری ہوئی ہڈی- فَأْسُ الفَمِ: منہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں- فَأْسُ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔
فَأْفَأَ فَأْفَأَةً- الرَّجُلُ: حرف فا کثرت سے بولنا- صفت (فَأْفَاءٌ وفَأْفَأٌ)
فَاقَ (ف) فُؤَاقًا- ہچکی آنا۔
فَأَّلَهٗ تَفْئِيْلًا- بالشَّيْءِ: فال لینا۔
تَفَأَّلَ وتَفَاءَلَ وافْتَأَلَ- بِهٖ: اچھا شگون لینا۔
الفَال- نیک شگون- جیسے مریض کسی کو یا سالم کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہو جائے گی- کہا جاتا ہے "لَا فَالَ عَلَيْكَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں- ج فُؤُوْل واَفْؤُل۔

فَأَمَ (ف) فَأْمًا- مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
فَأَمَ وفَئِمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ- البَعِيْرُ: گھاس سے منہ بھرنا۔
فَأَّمَ واَفْأَمَ- القَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا- اَفْأَمَ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔
الفِئَام- لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُمٌ کہا جاتا ہے قَطَّعُوْهُ (فُؤُمًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کردیئے۔
فَأَى یَفْأَى فَأْوًا وفَأْیًا- رَاسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔
اَفْأَى- تنگ وادی میں پڑنا۔
تَفَأَّى- القَدَحُ: پیالہ کا پھٹنا۔
اِنْفَأَى- کھلنا ـــــ الشَّيْءُ: پھٹنا۔
الفَأْو- مص- دو پہاڑوں کے درمیان شگاف- وادی میں تنگ جگہ- چکنی جگہ- ریت کا تودہ- رات- آفتاب غروب ہونے کی جگہ- پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔
الفِئَة- جماعت- گروہ ج فِئَات وفِئُوْن۔
فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ- الشَّيْءَ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا- کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ سَاعِدِهٖ" یعنی اس نے اس کو کمزور کردیا- "فَتَّ فِيْ عُضُدِهٖ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان وانصار کو متفرق کردیا۔
اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ- ٹوٹنا۔
الفَتّ- مص- پتھر میں پھٹن- کہا جاتا ہے "هُمْ اَهْلُ بَیْتٍ فَتٍّ وفِتٍّ وفُتٍّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔
الفَتَّة الفُتَّة- خشک ٹہنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے- کہا

جاتا ہے "هٰذَا الاَیُسَاوِی فُتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔
الفُتَات۔ چورا۔
الفَتِیتَة۔ ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِتُ۔
الفَتِیتُ و الفَتُوتُ و المَفْتُوتُ۔ چورا کیا ہوا۔
فَثَأَ (ف) فَثْأً۔ النَّارَ: آگ بجھانا۔ فَثَأَهُ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔
فَتِیَٔ (س) فَتْأً۔ عَنْهُ: رُکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَافَتَأَ (ف س) و مَافَتِیَٔ (س) یفعل ذٰلِكَ" یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا۔ اور یہ افعالِ ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔
فَتَحَ (ف) فَتْحًا۔ البَابَ: دروازہ کھولنا۔
____ القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔
____ البِلَادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا ____ الحَاکِمُ بَیْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا ____ اللّٰهُ عَلَیْهِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا ____ سِرَّهُ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔
فَتْحًا و فَتَاحَةً۔ اللّٰهُ عَلٰی فُلَانٍ: مدد کرنا۔
فَتَّحَ۔ بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
تَفَتَّحَ۔ کھلنا ____ فِی الکَلَامِ۔ بِالمَالِ عَلٰی فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الاَکِمَةُ عَنِ الشَّیْءِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنفَتَحَ کھلنا۔ اِنفَتَحَ عَنِ الشَّیْءِ: کھل جانا۔
فَاتَحَهُ۔ فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهُ بِالاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَیْعَ: بیع میں آسانی کرنا ____ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
تَفَاتَحَ۔ القَوْمُ کَلَامًا بَیْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اِفْتَتَحَ۔ البِلَادَ: ملک فتح کرنا (____ و استفتح) الاَبْوَابَ: دروازے کھولنا ____ الاَمْرَ بِکَذَا: شروع کرنا۔ اِستَفْتَحَ الرَّجُلُ: مدد طلب کرنا۔
الفَاتِحُ۔ فا۔ ج فَتَحَةٌ و فَاتِحُونَ۔
الفَتْحُ۔ مص۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوح۔ یَوْمُ الفَتْحِ: قیامت کا دن۔ الفَتْحَةُ: زبر۔
الفُتُوحَات۔ لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔
الفَتْحَة۔ ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔
الفَتَاحَة۔ مص۔ مدد۔
الفِتَاحَة و الفُتَاحَة۔ دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا فُتَاحَات" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔
الفُتُح۔ کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیشی۔
الفُتْحٰی۔ ہوا۔
الفُتْحَة۔ کشادگی۔ مال یا علم و ادب پر ناز۔ ج فُتَح۔
الفَاتِحَة۔ مِنَ الشَّیْءِ: ابتدا اور اسی سے ہے فَاتِحَةُ الکِتَابِ ج فواتح۔
الفُتُوح۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُح۔
الفُتَاح و الفِتَاح و الفُتُوحَة۔ حکومت۔
الفَتَّاح اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔
الاِستِفْتَاح۔ مص۔ اور حرفِ استفتاح۔ نحویوں کے نزدیک اِلَّا ہے۔
المَفْتَح۔ خزانہ۔ دفینہ۔ ج مَفَاتِح۔
المِفْتَح۔ کنجی۔ ج مَفَاتِح۔ المِفْتَح: پانی کی نالی۔
المِفْتَاح۔ کنجی۔ ج مَفَاتِیح۔
فَتِخَ (س) فَتَخًا۔ ڈھیلے نرم و کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخ)
فَتَخَ (ف) فَتْخًا و فَتَّخَ۔ اَصَابِعَه: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔
اَفْتَخَ۔ الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔
تَفَتَّخَ۔ چھلا پہننا۔
الفَتَخَة و الفَتْخَة۔ چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔
ج فَتَخ (فَتَخَات و فُتُوخ و فِتَاخ۔ فُتُوخُ الاَسَدِ) شیر کے پنجے۔
الاَفْتَخ۔ نرم کمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث۔ فتخاء ج فتخ۔ اَسَدٌ اَفْتَخ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْف: کمزور نگاہ والا مرد۔
الفَتْخ و الفَتْخَة۔ گٹے سے باز تک کا باطنی حصہ۔
فَتَرَ (ن ض) فُتُورًا و فُتَارًا و تَفَتَّرَ تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا ____ المَاءُ: حرارت کم ہونا ____ عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔
فَتْرًا و فُتُورًا جِسْمُهُ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔
فَتْرَةً و فُتُورًا۔ الحَرُّ: کم ہونا۔
فَتَرَهُ (ن ض) فَتْرًا۔ انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔
فَتَّرَ۔ تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا ____ السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادۂ بارش ہونا۔ فَتَّرَهُ: سکون و نرمی پر برانگیختہ کرنا۔
فَتَّرَ المَاءَ: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔
اَفْتَرَ۔ کمزور پلکوں والا ہونا ____ الشَّرَابُ: شراب کا مست کر دینا ____ هُ الدَّاءُ او السُّکْرُ: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف و کمزور کر دینا۔
اِستَفْتَرَ۔ الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیئے جانے کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔
الفَتْر۔ کمزوری۔ فتور۔
الفِتْر۔ انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔
الفَتْر۔ آٹا چھاننے کیلئے کھجور کی چٹائی۔
الفَتْرَة۔ سستی و کمزوری۔ صلح۔ بخار کے دوباری کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج فَتَرَات۔
و الفِتَر۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔
الفُتَار۔ مص۔ بیہوشی کی ابتدا (مَاءٌ فَاتُورٌ) نیم گرم پانی۔
فَتَرْصَهُ فَتْرَصَةً۔ کاٹنا۔
فَتَشَ (ض) فَتْشًا و فَتَّشَ۔ الشَّیْءَ: ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ فتش و فتش عنه: سوال کرنا اور بحث کرنا۔
الفَتَّاش۔ بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
فَتَغَ (ف) فَتْغًا الشَّیْءَ: روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَتَّغَ۔ ریزہ ریزہ ہونا۔

فَتْفَتَ اِلَیْهِ فَتْفَتَةً چپکے چپکے بات کہنا۔ کہا جاتا
ہے "مَاهٰذِهِ الْفَتْفَتَةُ وَالدَّنْدَنَةُ"
الْفَتَافِتُ۔ پوشیدہ اقوال۔
فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا و فَتَّقَ۔ الشَّیْئَ: پھاڑنا
___ الثَّوْبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ اُدھیڑنا
___ الْمِسْكَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔
الْعَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔
___ بَیْنَ الْقَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔
الْكَلَامَ: واضح کہنا۔
فَتِقَ (س) فَتَقًا۔ المكان: سرسبز ہونا۔
اَفْتَقَ۔ الْقَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔ قَرْنُ
الشَّمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔
___ السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا ___
الرَّجُلُ۔ مختلف مصائب و آفات والا ہونا۔
تَفَتَّقَ و اِنْفَتَقَ پھٹنا و اِنْفَتَقَتِ الْمَاشِیَةُ:
مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فُلَانٌ بِالْكَلَامِ: زبان کا
رواں ہونا۔
الْفَتْقُ۔ مص۔ کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ
فُلَانٌ اِلٰی فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا
جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے ج
فُتُوْق۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ ذُوْ فُتُوْقٍ" کم بارش کا
سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں خلل۔
الْفَتْقُ و الْفَتَقُ۔ صبح۔
الْفِتَاقُ۔ خمیر کا بڑا پیڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی
شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دوائیوں کا
مرکب۔
الْفُتُوْقُ۔ آفات جیسے مرض بھوک فقیری
تھوڑی بارش۔
الْفَتِیْقُ۔ موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔
الصُّبْحُ الْفَتِیْقُ: چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِیْقُ
اللِّسَانِ تیز زبان مرد۔
اِمْرَاَةٌ (فَتْقٌ و مُتَفَتِّقَةٌ) تیز زبان۔ جلد جواب
دینے والی عورت۔
الْمَفْتُوْقُ۔ مفعو فتق کی بیماری والا۔
الْفَیْتَقُ۔ دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ۔
مَفْتَقُ۔ الْقَمِیْصِ: قمیص کا گریبان۔
الْفَتْقَاءُ۔ کشادہ شرمگاہ والی عورت۔
فَتَكَ (ن ض) فَتْكًا و فِتْكًا و فُتْكًا و فُتُوْكًا۔
الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔
___ بِفُلَانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔
___ فِی الْاَمْرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ
کرنا۔
فَتَكَ (ن ض) فُتُوْكًا۔ فِیْ صَنَاعَةٍ: اپنے پیشہ
میں ماہر ہونا ___ فِی الْخُبْثِ: خیانت میں
مبالغہ کرنا۔
فَتَّكَ۔ الْقُطْنَ: روئی دھننا۔
اَفْتَكَ۔ الرَّجُلُ: بمعنی فَتَكَ۔
فَاتَكَهٗ مُفَاتَكَةً۔ کھلم کھلا قتل کرنا فَاتَكَ الشَّیْئَ
و الْاَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا ___ ہ: ہنر
مندی سے مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔
تَفَتَّكَ۔ بِاَمْرِهٖ: خود رائی سے کام کرنا اور کسی
سے مشورہ نہ کرنا۔
الْفَاتِكُ۔ فا۔ دلیر۔ بہادر۔ ج فُتَّاك کہا جاتا ہے
"هُوَ فَاتِكُ الْقَلْبِ" یعنی وہ کر گزرنے والا۔ کہا
جاتا ہے "مَا اَفْتَكَهٗ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔
فَتَلَ (ض) فَتْلًا و فَتَّلَ۔ الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ کہا
جاتا ہے "فَتَلَ وَجْهَهٗ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے
چہرے کو پھیر لیا" و فَتَلَ ذُؤَابَةَ فُلَانٍ" یعنی اس کو
رائے سے ہٹا دیا۔ فَتَلَ الْبُلْبُلُ: چہچہانا۔ اور مثال
ہے "مَا زَالَ یَفْتِلُ مِنْ فُلَانٍ فِی الذِّرْوَةِ
و الْغَارِبِ" یعنی وہ فلاں کے فریب دہی کیلئے چکر
لگاتا ہے۔
فَتِلَ (س) فَتَلًا۔ بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت
(افتل) مؤنث (فَتْلَاء)
تَفَتَّلَ و اِنْفَتَلَ۔ رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔
الْفَتْلَةُ۔ فتل کا اسم مرة۔ ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔
بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ ج فَتَلٌ۔
الْفَتَلَةُ۔ درخت عُرْفُط اور عضاہ کا دانہ ج
فتل۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْكَ فَتْلَةً او فَتَلَةً"
یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔
الْفَتِیْلُ۔ بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِیْلَةٌ: کھجور کی گٹھلی
کے شگاف کی باریک بتی (___ و الْفَتِیْلَةُ) بدن
کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا
جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْكَ فَتِیْلًا" یعنی میں تم کو کچھ
بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔ الْفَتِیْلَةُ: بتی۔ ج فَتَائِل
و فَتِیْلَات۔
الْفَتَّالُ۔ بہت بٹنے والا ___ بلبل۔
الْمِفْتَلُ۔ بٹنے کا آلہ۔
الْمَفْتُوْلُ۔ مفعو۔ مفتول الخلق: مضبوط اور
گٹھا ہوا جسم والا۔
فَتَنَهٗ (ض) فَتْنًا و فُتُوْنًا و فَتَّنَهٗ و اَفْتَنَهٗ۔ تعجب
میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔
فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی)
صفت (فَاتِنٌ) ج فُتَّانٌ۔
فَتَنَ (ض) فُتُوْنًا و فُتِنَ۔ اِلَی النِّسَاءِ: عورتوں
سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔
فَتَنَ (ض) فِتْنَةً و مَفْتُوْنًا فُلَانًا: گمراہ کرنا۔
آزمائش کرنا۔
فَتَنَ۔ الشَّیْئَ: جلانا ___ فُلَانًا عَنْ رَاْیِهٖ:
روک دینا۔ پھیر دینا۔
فِتْنَةُ۔ الصَّائِغِ الذَّهَبَ: سنار کا سونے کو پگھلا
کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔
فُتِنَ و اُفْتُتِنَ۔ مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل
جاتی رہنا ___ فِیْ دِیْنِهٖ: اعراض کرنا۔
اِفْتَتَنَ۔ فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَتَنَهٗ: فتنہ میں ڈالنا۔
تَفَتَّنَهٗ۔ فتنہ میں ڈالنے کیلئے تکلف کرنا۔
الْفَاتِنُ۔ فا۔ چور' شیطان' حق سے گمراہ کرنے
والا۔
الْفَتْنُ۔ مص۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے
"الْعُمْرُ فَتْنَانِ" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی
اور بری۔
الْفِتْنَةُ۔ مص۔ آزمائش۔ گمراہی و کفر رسوائی۔
رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال و
اولاد۔ اختلاف آراء و وقوع جنگ و جدال ج
فِتَن۔
الْفَتَّانُ۔ بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔
الْفَتَّانَانِ: چاندی و سونا۔
الْفَتَّانَةُ۔ مؤنث۔ فَتَّان۔ کسوٹی۔
الْفَتِیْنُ۔ پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے
ہوئے جیسے ہوں ج فُتُنٌ۔ ذَهَبٌ فَتِیْنٌ: جلا ہوا
سونا۔
الْفَیْتَنُ۔ بڑھئی۔
الْمَفْتُوْنُ۔ مص۔ مفعو۔ دیوانہ۔ پاگل۔
فَتَا یَفْتُوْ فَتْوًا۔ الرَّجُلُ: سخاوت و جوانمردی

میں غالب ہونا۔

فَتِيَ (س) فَتًى و تَفَتّٰى تَفَتِّيًا۔ جوان ہونا۔

فُتِّيَ تَفْتِيَةً و تَفَتّٰى تَفَتِّيًا۔ فُتِّيت البنت و تفتت : پردہ نشینی کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَفَتَّى الرَّجُلُ : صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرَزُوْمِنْ شَيْخٍ يَتَفَتّٰى۔"

اَفْتٰى اِفْتَاءً۔ فُلَانًا فِي الْمَسْأَلَةِ : فتویٰ دینا۔

فَاتٰى۔ الرَّجُلَ : جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔

تَفَاتٰى۔ صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَفَاتَوْا اِلَى الْعَالِمِ : فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔

اِسْتَفْتٰى اسْتِفْتَاءً۔ الْعَالِمَ فِيْ مَسْأَلَة : فتویٰ طلب کرنا۔

الْفَتَاءُ و الْفُتُوَّةُ۔ جوانی۔ الْفُتُوَّة : سخاوت کرم۔ مروت۔

الْفُتْوٰى و الْفَتْوٰى و الْفُتْيَا۔ شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الْفَتَاوِي و الْفَتَاوٰى۔

الْفَتٰى۔ نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا تثنیہ فَتَوَان و فَتَيَان اور ج فِتْيَان و فِتْيَةٌ و فِتْوَةٌ و فُتُوٌّ و فُتِيٌّ و فِتِيٌّ۔

الْفَتَيَان۔ دن رات۔

الْفَتَاة۔ نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتيات و فَتَوَات۔

الْفَتِيُّ۔ ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ و اَفْتَاء مؤنث فَتِيَّةٌ۔

الْمُفْتِي۔ فا ___ ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔

فَثَّ (ن) فَثًّا۔ الْقُفَّةَ : ٹوکری سے بکھیر دینا۔ الحَارَّبِالْبَارِدِ : ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔

اِنْفَثَّ۔ الْعُوْدُ : لکڑی کا ٹوٹنا ___ الرَّجُلُ شکستہ دل ہونا۔

تَمْرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور۔

الْمَفَثَّة۔ زیادتی کثرت۔

فَثَأَ (ف) فَثْأً و فُثُوْءًا۔ الْقِدْرَ : ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا ___ الْغَضَبَ : غصہ کی تیزی کم کرنا ___ الشَّيْئَ عَنْهُ : روکنا۔

اَفْثَأَ۔ تھکنا۔ سست ہونا ___ بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا (___ و اِنْفَثَأَ) الْحَرُّ : گرمی کا کم ہونا۔

فَثَجَ (ن) فَثْجًا۔ الشَّيْئَ : کم کرنا ___ الْمَاءِ الْحَارَّ بِالْبَارِدِ گرمی کم کرنا (___ و فَثَّجَ و اَفْثَجَ و اُفْثِجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا يُفْثَجُ" فلاں بحر ناپید اکنار ہے۔

الْفَاثِج۔ فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج۔

الْفَاثُوْر۔ سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شربا کا برتن۔ جاسوس۔

فَثَغَ (ف) فَثْغًا۔ رَاسَهٗ : پھوڑنا۔

فَجَّ (ن) فَجًّا۔ الْقَوْسَ : کمان کو کھینچنا۔ مابين رجليه : کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّتِ النَّاقَةُ لِلْحَلَبِ : اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔

فَجَّ (س) فَجَجًا۔ چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجُّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجٌّ۔

اَفَجَّ۔ مَابَيْنَ رِجْلَيْهِ : کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجٌّ) ___ فِي الْمَشْيِ : جلدی چلنا۔ درہ میں چلنا اَفَجَّ الْاَرْضَ بِالْمِحْرَاثِ : ہل چلانا۔

تَفَاجَّ۔ ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔

اِنْفَجَّتْ۔ الْقَوْسُ : کمان کا کھنچ جانا۔

اِفْتَجَّ۔ الرَّجُلُ : درے میں چلنا۔

الْفَجُّ۔ درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج۔

الْفُجَاج۔ درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔

الفِجُّ و الْفَجَاجَة۔ مِنَ الْفَوَاكِهِ وَغَيْرِهَا : کچا میوہ وغیرہ۔

الْفُجَّة۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَمْشِيْ (مُفَاجًّا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے۔

الاُفْجُوْج۔ کشادہ وادی۔ تنگ و گہرا۔

الْفُجْفُج۔ کاہل و سست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کو ناپسند کیا جائے۔

فَجَأَ (ف) و فَجِئَ (س) فَجْأً و فَجْأَةً و فُجَاءَةً و فَاجَأَ مُفَاجَأَةً و اِفْتَجَأَ اِفْتِجَاءً۔ الرَّجُلَ : اچانک آ جانا۔ جلدی کرنا۔

الْفُجَاءَة۔ مص۔ اچانک۔

حَرْفُ (الْمُفَاجَاة) لفظ اذا ہے جیسے خَرَجْتُ فَاِذَا الْاَسَدُ بِالْبَابِ اور اس کو الفُجَائِيَه بھی کہا جاتا ہے۔

فَجَرَ (ن) فَجْرًا۔ الْمَاءَ : پانی بہانا۔ جاری کرنا الْقَنَاةَ : نالی نکالنا۔

اللّٰهُ الْفَجْرَ : فجر طلوع کرنا فُلَانًا : جھٹلانا۔ نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

فَجَرَ (ن) فُجُوْرًا۔ عَنِ الْحَقِّ : تجاوز کرنا۔ عَنْ سَرْجِهٖ : زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔

فَجَرَ (ن) فَجْرًا و فُجُوْرًا۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا ___ اَمْرُهُمْ : بگڑنا۔ خراب ہونا۔ ___ مِنْ مَرَضِهٖ : صحیح و تندرست ہونا۔

فَجِرَ (س) فَجَرًا۔ فیاضی کرنا۔

فَجَّرَ۔ الْمَاءَ : پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ الرَّجُلَ : بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔

فَاجَرَ فِجَارًا و مُفَاجَرَةً۔ الْمَرْأَةَ : زنا کرنا۔

اَفْجَرَ۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مال کثیر لانا ___ الْيَنْبُوْعَ : چشمہ جاری کرنا۔ ___ فُلَانًا : فاجر پانا۔

اِنْفَجَرَ۔ عَلَيْهِمُ الْعَدُوُّ : دشمنوں کی طرف سے بکثرت آ جانا۔ ___ و تَفَجَّرَ۔ الْمَاءُ : پانی کا جاری ہونا۔ ___ الصبح : صبح کا روشن ہونا ___ بالعطاء فیاضی کرنا۔ اِنْفَجَرَ عَنْهُ اللَّيْلُ : رات کا ختم ہونا۔

اِفْتَجَرَ۔ فِي الْكَلَامِ : گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا۔

تَفَاجَرَ۔ الْقَوْمُ : گناہوں میں منہمک ہونا۔

الْفَجَرُ۔ بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرتِ مال۔ الْفَجْر۔ مص۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ فَجْرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔

الْفَجْرَةُ۔ فجر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فَجَرَةَ" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الْفُجْرَة۔ مِنَ الْوَادِي : وادی کا وسیع حصہ جس

میں پانی بہہ رہا ہو- ج فُجَر-
الفُجْرَة و المَفْجَرَة و المُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ- مُنْفَجَر الرَّمْلِ: ریگستان میں راستہ-
فَجَار- الفجور کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "فَحَمَلْتُ بَرَّةَ وَاحْتَمَلْتِ فَجَارِ" اور عورت کیلئے بھی فَجَارِ بمعنی فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے-
الفِجَار- کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں-
الفَاجِر- فا- زانی- گناہوں کا تابعدار- جادوگر ج فَاجِرُوْن و فَجَرَةٌ و فُجَّار-
الفَاجِرَة- مؤنث فَاجِر- کہا جاتا ہے "يَمِيْنٌ فَاجِرَةٌ" یعنی جھوٹی قسم-
الفَجُوْر- زانیہ- زانی- گناہوں میں منہمک ج فُجُر-
الفَاجُوْر- زناکار- گناہوں میں منہمک-
فَجَزَ(ن) فَجْزًا- تکبر کرنا-
فَجَسَ (س) فَجْسًا- تکبر کرنا- شرارت گھڑنا ___ فُلَانًا: غالب آنا-
اَفْجَسَ- باطل پر فخر کرنا-
تَفَجَّسَ- عَلَيْهِ: تکبر کرنا- بڑائی ظاہر کرنا-
فَجَشَ(ن) فَجْشًا- سر توڑنا- چوڑا بنانا-
فَجَعَهٗ (ف) فَجْعًا و فَجَّعَهٗ- دردمند کرنا- مصیبت زدہ بنانا- کہا جاتا ہے "فُجِعَ فِيْ مَالِهٖ وَبِمَالِهٖ" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی-
اَفْجَعَتْهُ- المُصِيْبَةُ: مصیبت زدہ کرنا-
تَفَجَّعَ- دردمند ہونا- صلہ اس کا لام ہے-
الفَاجِع- فا- بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو- جدائی کا کوّا- کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ فَاجِعٌ" دردمند عورت- رَجُلٌ (فَاجِعٌ و مُتَفَجِّعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد- حسرت و افسوس کرنے والا مرد- مَوْتٌ فَاجِعٌ و فَجُوْعٌ- مصیبت لانے والی موت-
الفَاجِعَة- مصیبت ج فَوَاجِع-
الفَجِيْعَة- مصیبت ج فَجَائِع-
فَجَلَ (ن) فَجْلًا و فَجِلَ (س) فَجَلًا- الشَّيْئُ: ڈھیلا اور موٹا ہونا-

فَجَّلَ- الشَّيْئَ: چوڑا کرنا-
اِفْتَجَلَ- الاَمْرَ: ایجاد کرنا-
الفَاجِل- فا- جواری-
الفُجْلُ و الفِجْلُ- مولی- واحد فُجْلَة-
الفَجَّال- مولی بیچنے والا-
الاَفْجَل- وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دُوری ہو-
فَجِمَ (س) فَجَمًا- موٹے جبڑے والا ہونا- صفت (اَفْجَم)
تَفَجَّمَ و انْفَجَمَ- الوَادِيْ: وادی کا کشادہ ہونا-
فَجْمَةُ- الوَادِيْ و فُجْمَتُهٗ: وادی کی کشادہ جگہ-
اَفْجَن- سداب کھانے کی مداومت کرنا-
الفَيْجَن- سداب (ایک قسم کی گھاس)
فَجَا يَفْجُو فَجْوًا- البَابَ: دروازہ کھولنا ___ القَوْسَ: کمان کھینچنا-
فَجِيَ يَفْجَى فَجًا- پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا- صفت (اَفْجَى) مؤنث فجواء فجيت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا- النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا-
تَفَاجَى- کشادہ جگہ ہونا-
اِنْفَجَى- البَابُ: دروازہ کھلنا ___ القَوْمُ عَنْ فُلَانٍ: علیحدہ ہونا- ہٹ جانا- القَوْسُ: کمان کھنچ جانا-
الفَجْوَةُ- دو چیزوں کے درمیان کشادگی- مکان کا میدان- صحن- کشادہ جگہ ج فَجَوَاتٌ و فِجَاءٌ-
الفَجْوَاءُ- مؤنث اَفْجَى: کشادہ زمین-
فَجِيَ يَفْجَى فَجًى- بمعنی فَجِيَ الوَادِيْ-
فَجَّى تَفْجِيَةً- الشَّيْئَ: ظاہر کرنا- ننگا کرنا- الشَّيْئَ عَنْهُ: دُور کرنا- علیحدہ کرنا-
اَفْجَى اِفْجَاءً- الرَّجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا-
فَحَّ (ن ض) فَحًّا و فَحِيْحًا و تَفْحَاحًا النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا ___ الاَفْعٰي: سانپ کا پھنکارنا-
فَحَّةُ- الفِلْفِل: مرچ کی تیزی-
الفُحُح- پھنکارنے والے سانپ-
الفَحِيْح- مص- فحيح الاَفْعٰي: سانپ کے

منہ کی آواز-
فَحَجَ(ف) فَحْجًا- تکبر کرنا-
فَحِجَ(س) فَحَجًا و فَحْجَةً و فَحَّجَ فِيْ مَشْيَتِهٖ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دُور کرنا- صفت (اَفْحَج) فَحَّجَ رِجْلَيْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا-
اَفْحَجَ- عَنِ الاَمْرِ: رکنا- ہٹ جانا-
تَفَحَّجَ- الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا-
اِنْفَحَجَتْ- سَاقَاهُ: کشادہ و بعید ہونا-
فَحَسَ (ف) فَحْسًا- الشَّيْئَ: مِنَ المَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا- جولی کو ہاتھ سے ملنا-
تَفَحَّسَ- فِيْ مَشْيَتِهٖ: ناز سے چلنا-
فَحُشَ(ک) فُحْشًا و فَحَاشَةً الاَمْرُ: بُرا ہونا- فَحُشَتِ المَرْاَةُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا-
فَحَّشَ بِهٖ: طعن و تشنیع کرنا-
اَفْحَشَ و تَفَاحَشَ- بُری بات کہنا- بُری بات کرنا- اَفْحَشَ الرَّجُلُ: بخل کرنا-
تَفَاحَشَ الاَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا-
تَفَحَّشَ- عَلَيْهِم بِلِسَانِهٖ: بدکلامی کرنا- گالی سنانا-
الفَاحِش- قبیح- بدخلق- بہت بخیل- ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے- کہا جاتا ہے غَبَنٌ فَاحِشٌ جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو- رَجُلٌ فَاحِشٌ یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا مؤنث فَاحِشَةٌ-
الفَاحِشَة- زنا- بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِش-
الفَحْشَاء- زنا- بہت سخت قبیح گناہ-
الفَحَّاش- فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَة-
الفُحْش- مص- قبیح قول یا فعل-
المُتَفَحِّش- بدزبان، بے حیا-
فَحَصَ (ف) فَحْصًا- عَنْهُ: تفتیش کرنا- کھود کرید کرنا ___ المَطَرُ التُّرَابَ: بارش کا مٹی کو اُلٹ پلٹ دینا ___ التُّرَابَ: کھودنا ___ بِرِجْلِهٖ: پاؤں سے کھودنا- الظَّبْيُ: ہرن

کا تیز دوڑنا ___ للخُبْزَة : روٹی کے لیے آگ میں جگہ بنانا۔

فَاحَصَهُ فِحَاصًا و مُفَاحَصَةً۔ ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔

فَحَّصَهُ و اَفْحَصَه۔عَنْهُ۔ دُور کرنا۔

تَفَحَّصَ و اِفْتَحَصَ۔عَنْهُ : کھود کرید کرنا۔

الفَحْص۔ مص امتحان۔ ہر رہنے کی جگہ۔ ج **فُحُوْص۔**

الفَحْصَة۔ فحص کا اسم مرۃ۔ چاہ زنخدان۔

الفَحِيْص۔ ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔

الفَحَّاص۔ بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔

المَفْحَص۔ گڑھا جو سنگ خوار تے انڈے دینے کیلئے بنایا ہو ج **مَفَاحِص۔** کہا جاتا ہے **لَيْسَ لَهُ مَفْحَصُ قَطَاةٍ۔**

الأُفْحُوص۔ بمعنی مفحص ج **اَفَاحِيْص۔**

فَحَضَ (ف) فَحْضًا۔ توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال تر چیز کیلئے آتا ہے جیسے لکڑی وغیرہ۔

فَحْفَح۔ خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔

الفَحْفَاح۔ وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث **فَحْفَاحَةٌ۔**

فَيْحَق فَيْحَقَةً۔بَيْنَ رِجْلَيْهِ : ٹانگوں کے درمیان کشادہ کرنا۔

اَرْضٌ (فَيْحَقٌ) کشادہ زمین۔

اِنْفَحَق۔ کشادہ ہونا۔

فَحَلَ (ف) فَحْلًا و اِفْتَحَلَ۔اِبِلَه فَحْلًا كَرِيْمًا : عمدہ سانڈ جفتی کیلئے ڈھونڈنا۔

تَفَحَّلَ۔ سانڈ کے مشابہ ہونا ___ **الشَّجَر :** درخت کا بے پھل ہونا۔

اِسْتَفْحَلَ۔الْأَمْرُ : بڑا ہونا۔ **اِسْتَفْحَلَتِ النَّخْلَةُ :** درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔

الفَحْل۔ سانڈ۔ نر ہر حیوان کا۔ ج **فُحُوْلٌ و اَفْحُلٌ و فِحَال و فِحَالَةٌ و فُحُوْلَةٌ**

فُحُوْل الشُّعَرَاء : فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔

الفَحْل و الفُحَّال۔ نر کھجور ج **فَحَاحِيْل۔**

الفَحْلَةُ مِنَ النِّسَاء : تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو۔

الفِحْلَة و الفُحُوْلَة و الفِحَالَة مردانگی۔

الفَحِيْل۔ بمعنی فحل۔ صاحب مروّت۔

فَحْلٌ فَحِيْلٌ : شریف۔

فَحَمَ (ف) فَحْمًا۔ جواب سے ساکت ہونا۔

فَحَمَتْ (ن) فُحُوْمًا۔البِئْرُ : پانی ٹھہر جانا۔

فَحِم (س) و فُحِم فَحْمًا و فَحَامًا و فُحُوْمًا و اَفْحَم۔ الصَّبِيُّ : بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔

فَحُمَ (ک) فُحُوْمًا و فُحُوْمَةً۔ کالا ہونا۔

فَحَّمَ۔الشَّيْءَ : کالا کرنا۔

اَفْحَمَهُ۔ دلیل دے کر خاموش کر دینا۔ کہا جاتا ہے **"هَاجَاهُ فَاَفْحَمَهُ" و "وَجَدَهُ مُفْحَمًا"** یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا یا خاموش پایا یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا ___ **اَفْحَمَ الرَّجُلُ :** عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل ہونا ___ **اَلْهَمُّ الشَّاعِرَ :** غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔

الفَحْم و الفَحَم و الفَحِيْم۔ کوئلہ۔

الفَحْمَة۔ کوئلے کا ٹکڑا۔ **فحمة الليل :** سخت تاریکی ج **فِحَام و فُحُوْم۔**

الفُحُوْمَة۔ سیاہی۔

الفَحَّام۔ کوئلہ بیچنے والا۔ ج **فَحَّامَة۔**

الفَحُوْم۔ جواب نہ دے سکنے والا۔

الفَاحِم۔ فا۔ **مَاءٌ فَاحِمٌ :** ٹھہرا ہوا پانی۔

الفَاحِم و الفَحِيْم۔ کالا۔

المُفْحِم۔ فا۔ **جواب مفحم :** خاموش کر دینے والا جواب۔

المُفْحَم۔ مفعلا جواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا۔

المَفْحَمَة۔ کوئلہ کی جگہ۔

فَحَا يَفْحُوْ فَحْوًا و فَحَّى۔بِكَلَامِهِ اِلَى كَذَا : اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔

الفَحَا و الفِحَى : مسالہ یا خشک مسالہ ج **اَفْحَاء۔**

الفَحْوَى و الفَحْوَاء و الفُحْوَاء۔ مِنَ الكَلَامِ : مضمون کلام ج **فَحَاوٍ۔**

فَخَتْ (ض) فَخًّا و فَخَّةً و فَخْخًا رِجْلَاهُ : ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت **(اَفَخّ)** مؤنث **فَخَّاء** ج **فُخّ۔**

فَخَّ (ن) فَخًّا و فَخِيْخًا اِفْتَخَّ۔ النَّائِمُ خراٹے لینا۔ **فخت الافعی :** سانپ کا پھنکارنا۔ ___ **الرَّائِحَة :** خوشبو کا بھڑکنا۔

الفَخّ۔ جال۔ ج **فِخَاخ و فُخُوْخ** کہا جاتا ہے **"وَثَبَ فُلَانٌ مِنْ فَخِّ الشَّيْطَانِ"** یعنی توبہ کر لیا۔

الفَخَّة۔ خراٹے لینے والے کی نیند۔ گندی عورت۔

فَخَتَ (ف) فَخْتًا۔السَّقْفُ : چھت میں سوراخ کرنا ___ **رَاْسَهُ بِالسَّيْفِ :** سر پر تلوار مارنا ___ **الشَّيْءَ :** کاٹنا ___ **الاِنَاءَ :** برتن کھولنا۔ **فَخَتَ الرَّجُلُ :** جھوٹ بولنا۔

فَخَّتَ۔الفَاخِتَة : فاختہ کا کو کو کرنا۔

تَفَخَّتَ۔ فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔

اِنْفَخَتَ۔السَّقْفُ : چھت کا سوراخ دار ہونا۔

الفَخْت۔ مص۔ جال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔

الفَاخِتَة۔ فاختہ ج **فَوَاخِت۔**

فَخَجَ (ف) فَخْجًا۔الرَّجُلُ : تکبر کرنا۔ ___ **فُلَانًا و بِهِ :** ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔

فَخِجَ (س) فَخَجًا۔ جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت **(اَفْخَج)**

فَخَذَهُ (ف) فَخْذًا۔ ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ **فُخِذَ :** اس کی ران ٹوٹ گئی۔

فَخَّذَ۔قَوْمَهُ : قبیلے قبیلے کو پکارنا۔ **بَيْنَهُمْ :** جدا جدا کرنا ___ **القَوْمَ عَنْ فُلَانٍ :** مدد نہ دینا ___ **فُلَانًا :** قبیلہ سے بھگا دینا۔

تَفَخَّذَ۔ معاملہ سے ہٹ جانا۔ **تَفَخَّذَهُ :** کسی کی ران پر ران رکھنا۔

اِسْتَفْخَذَ۔ جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔

الفَخْذ و الفِخْذ و الفَخِذ۔ ران کلمہ مؤنث ہے ج **اَفْخَاذ۔**

الفَخْذ۔ قبیلہ ج **اَفْخَاذ۔** یہ کلمہ مذکر ہے۔

فَخَرَ (ف) فَخْرًا و فَخَرًا و فَخَارًا و فَخَارَة

وفِخِّيرَى وفِخِّيرَاءُ وافْتَخَرَ- فخر کرنا-
فَخَرَهُ: فخر کرنے میں غالب ہونا-
فَخَرَهُ (ف) وفَخَّرَهُ وافْخَرَهُ- عَلٰى فُلَانٍ فخر کرنے میں فضیلت دینا-
فَخِرَ مِنْهُ(س) فَخْرًا وتَفَخَّرَ- ننگ سمجھنا- ناک چڑھانا- تکبر کرنا-
فَاخَرَهُ فِخَارًا ومُفَاخَرَةً- فخر کرنے میں غالب ہونا-
تَفَاخَرَ- القَوْمُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا- ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا-
اِسْتَفْخَرَ-الشَّيَ: قابل فخر سمجھنا- قابل فخر بنانا-
الفَخْرُ والفَخَرُ-مص فضیلت-بڑائی-
الفَخْرَةُ-فخر-
الفَاخِرُ- ہر چیز میں کا عمدہ-
الفِخِّيرُ والفِخِّيرَةُ- بہت فخر کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے-
الفَخُورُ والفَخِيرُ- فخر کرنے والا الفَخِيرُ: فخر کرنے میں مغلوب-
الفَخَّارُ- ٹھیکری- پکی ہوئی مٹی- واحد (فَخَّارَةٌ)
الفَخَّارِيُّ- ٹھیکری بیچنے والا کمہار-
الفَاخُورُ-ایک قسم کا پھول ج فَيَاخِيرُ-
المَفْخَرَةُ والمَفْخُرَةُ-افعالِ حمیدہ-وہ چیز جس پر فخر کیا جائے-ج مَفَاخِرُ-
فَخَزَ (ف) وفَخِزَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ- تکبر کرنا- بڑائی ظاہر کرنا-
الفَخْزُ-مص-فضیلت-
فَخَشَ(ف)فَخْشًا-الاَمْرَ: ضائع کرنا-
فَخْفَخَ فَخْفَخَةً-الرَّجُلُ: لغو و باطل کرنا-
الفَخْفَخَةُ- مص - کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ-
تَفَخَّلَ- حلم و وقار ظاہر کرنا- عمدہ کپڑے پہننا-
فَخُمَ (ک) فَخَامَةً- موٹا ہونا- عظیم المرتبہ ہونا-
فَخَّمَهُ- تعظیم کرنا- فَخَّمَ الحُرُوفَ فِي اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا-

الفَخْمُ- عظیم المرتبہ ــــ مِنَ المَنْطِقِ: درست بات-
الفُخْمِيَّةُ- بڑائی- برتری- الاَفْخَمُ- اعظم- بڑے مرتبہ والا-
فَدَّ (ض) فَدِيدًا-الرَّجُلُ: آواز بلند کرنا- دوڑنا ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا- فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا-
فَدَّدَ- خرید و فروخت میں چلانا- تکبر و غرور سے چلنا-
الفَدَّادُ- متکبر- بہت چلانے والا- بہت روندنے والا- سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُونَ- الفَدَّادُونَ چرواہے- اونٹ والے- گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہو-
الفَدَّادَةُ-مونث-فَدَّادٍ- مینڈک' بزدل-
فَدَحَهُ (ف) فَدْحًا- الاَمْرُ او الحَمَلُ او الدَّيْنُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا-
اَفْدَحَ واسْتَفْدَحَ-الاَمْرَ: بوجھل پانا-
الفَادِحُ- مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو- کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِهِ اَمْرٌ فَادِحٌ ورَكِبَ دَيْنٌ فَادِحٌ" اس پر امر گرانبار آ پڑا- اس پر قرض گرانبار ہو گیا-
الفَادِحَةُ- مصیبت ج فَوَادِحُ-
فَوَادِحُ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ-
فَدَخَ(ف)فَدْخًا-الشَّيَ: توڑنا-
العُوْدَ: تازہ لکڑی توڑنا-
فَدَرَ (ض) فَدْرًا وفُدُورًا- اللَّحْمُ المَطْبُوخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا-
فَدَّرَ-الحِجَارَةَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا-
تَفَدَّرَ-الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا-
الفَدْرُ-پہاڑی بکرا-ج فُدُورٌ-
الفَدُورُ- پہاڑی بکرا ج فُدْرٌ-
الفَدِرُ-بیوقوف- جلدی ٹوٹنے والی لکڑی-
الفِدْرَةُ- پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا- پہاڑ کا ایک حصہ- رات کا ایک ٹکڑا- ج فِدَرٌ:
الفُدْرَةُ- قوم سے علیحدہ رہنے والا- تنہا چلنے والا-

الفُدْرُ- چاندی- موٹا لڑکا-
الفَادِرُ- پکا ہوا ٹھنڈا گوشت- پہاڑی بکرا- علیحدہ رہنے والی اونٹنی ج فُدْرٌ وفَوَادِرُ وفُدُورٌ-
الفَادِرَةُ- مونث فَادِرٍ- پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان-
المَفْدَرَةُ- بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ-
اَفْدَسَ- الرَّجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا-
الفُدْسُ- مکڑی- ج فِدَسَةٌ-
الفَيْدَسُ- مٹکا- بڑا گھڑا-
فَدَشَ(ن)فَدْشًا-رَاسَهُ: سر پھوڑنا-
فَدَشَهُ(ض)فَدْشًا- دفع کرنا-
الفَدْشُ-مادہ مکڑی-
فَدِعَ (س) فَدَعًا- ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا- صفت (اَفْدَعُ) مونث (فَدْعَاءُ) ج فُدْعٌ-
فَدَعَهُ(ف)فَدْعًا- کچلنا یا تھوڑا پھاڑنا-
فَدَّعَهُ- ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا-
الفَدَعُ- ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی' جوڑوں کی کجی-
الفَدَعَةُ- جوڑوں کی کجی کی جگہ-
فَدَغَهُ(ف)فَدْغًا- توڑنا-
اِنْفَدَغَ- ٹوٹنا ــــ الشَّيُ اليَابِسُ: نرم ہونا-
المِفْدَغُ- توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغُ-
فَدْفَدَ فَدْفَدَةً- آواز بلند کرنا- بھاگتے ہوئے دوڑنا-
الفَدْفَدُ- سخت آواز والا- بلند آواز والا- بہت زیادہ روندنے والا- الفُدْفِدُ- جما ہوا دودھ-
فَدَكَ- القُطْنَ: روئی دھنتا- فَدْكَةُ القُطْنِ: روئی دھنوانا-
فَدَمَ (ض) فَدْمًا الاِبْرِيقَ وعَلَى الاِبْرِيقِ: چھاگل پر سر بند لگانا-
فَدُمَ(ک) فُدُومَةً وفَدَامَةً- بیوقوف ہونا-
فَدَّمَ وافْدَمَ- فَمَ الآنِيَةِ: برتن پر سرپوش رکھنا-
الفَدْمُ- کلام میں عاجز- بیوقوف- کم سمجھ- گاڑھے خون والا- ج فِدَامٌ- گہرے سرخ رنگ

والاموّنث فَذِمَةٌ۔

الفِدَام والفَدَام۔ چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم۔

الفَدَّام والفَدَّامَة والفَدُّوم۔ بمعنی الفِدَام۔

الفِدَام والفِدَامَة۔ چھینکا جو اُونٹ کے مُنہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھانہ سکے۔

المُفَدَّمَات۔ قبضے والے لوٹے۔ مٹکے۔

فَدَّنَ۔ الإبِلَ: اُونٹ کو موٹا کرنا ___ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا ___ الثَّوبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔

الفَدَن۔ سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج اَفْدَان۔

الفَدَان والفَدَّان۔ بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن و اَفْدِنَةٌ و فَدَادِيْن۔

الفَدَان: کھیتی۔ و فِيْ المَسَاحَةِ: چار سو مربع زمین۔

الفَادِن۔ فِيْ اِصْطِلَاحِ البنائيں سَاہل: ج فَوَادِن۔

الفَدَوْكَس۔ شیر۔ مضبوط مرد۔

فَدَىٰ يَفْدِي فَدًى وفِدًى وفِدَاءً الرَّجُلُ مِنَ الاَسْرِ ونَحْوِهٖ: مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعلی (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِيّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَرْأَةُ نَفْسَهَا مِنْ زَوْجِهَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔

فَدَى وفَدَّى تَفْدِيَةً۔ فلانا بنفسه اپنے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔

فَادَى فِدَاءً و مُفَادَاةً۔ الرَّجُلَ: چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔

اَفْدَى اِفْدَاءً۔ فُلَانًا الاَسِيْرَ: کسی سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا ___ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

تَفَادَى تَفَادِيًا القَوْمُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا۔

الرَّجُلُ مِنْ كَذَا: پرہیز کرنا اور یکسو ہونا۔

اِنْفَدَى اِنْفِداءً۔ فدیہ دیا جانا۔

اِفْتَدَىٰ۔ بِهٖ: فدیہ دینا ___ مِنْه بِكَذَا: پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراة نفسها من زوجها یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔

الفَدَاء۔ حجم۔ موٹاپا۔ ڈھیر۔ انبار جو گیہوں، کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن۔ تاجر کے سامان و غلے وغیرہ کی جگہ۔ ج اَفْدِيَةٌ۔

الفِدَاء والفَدَى والفِدَى۔ مص۔ مال جو چھڑانے کے لیے دیا جائے کہا جاتا ہے "فَدَى لَكَ اَبِيْ وفِدَاكَ اَبِي" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دُعا اور اظہارِ محبت اور تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرفِ با کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِاَبِيْ التِّلْمِيْذ المُجْتَهِد" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔

الفِدْيَة۔ مال جو چھڑانے کیلئے دیا جائے ج فِدًى وفِدَيَاتٌ۔

فَذَّهٗ (ن) فَذًّا۔ سختی سے دھتکارنا۔

اَفَذَّت۔ الشَّاةُ: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفِذٌّ و مُفَذَّةٌ) اور اگر یہی عادت ہو جائے تو اس کو (مِفْذَاذٌ) کہتے ہیں۔

تَفَذَّذَ و اِسْتَفَذَّ۔ بِالاَمْرِ: خود رائی کرنا۔

الفَذّ۔ مص۔ اکیلا۔ جوئے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذ و فُذُوْذٌ و كَلِمَةٌ (فَذَّةٌ و فَاذَّةٌ) کلمہ شاذہ۔

الاَفَذّ۔ بے پَر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "اَكَلْنَا فَذَاذَى و فُذَاذَى و فَذَاذًا و فُذَاذًا" یعنی ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔

فَذْفَذَ فَذْفَذَةً۔ اچانک کودنے کے لیے سمٹنا۔

فَذْلَكَ فَذْلَكَةً۔ الحساب: فارغ ہونا۔

الفَذْلَكَةُ۔ مص۔ میزانکل، مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)

فَرَّ (ض) فَرًّا و فِرَارًا و مَفَرًّا و مَفِرًّا۔ بھاگنا۔ پوبہ دوڑنا۔

فَرَّ (ن) فَرًّا و فَرَارًا و فِرَارًا و فُرَارًا۔ الدَّابَةَ: جانور کی عمر معلوم کرنے کیلئے دانتوں کو دیکھنا ___ اِلَى الشَّيْئِ: جانا ___ عَنِ الاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَّ الاَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔

فَارَرْتُهٗ۔ میں نے اُس کے حال کی اور اُس نے میرے حال کی تحقیق کی۔

اَفَرَّ اِفْرَارًا۔ رَاسَهٗ بِالسَّيْف: تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفَرَّتِ الخَيْلُ او الإبِلُ: اُونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا۔ اَفَرَّهٗ: بھگانا۔

تَفَارَّ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بھاگنا۔

تَفَرَّرَ۔ بِالشَّيْئِ: ہنسنا۔

فَہَضَہٗ(ف) فَہْضًا۔ توڑنا۔ کچلنا۔
فَہَقَ(ف) فَہْقًا۔ الرَّجُلَ: چنبر گردن پر مارنا۔
فَہِقَ(س) فَہَقًا و فَہْقًا۔ الاِنَاءُ: برتن کا لبریز ہو کر چھلکنا۔
اَفْہَقَ۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا ___ البَرْقُ وغَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
تَفَہَّقَ و اِنْفَہَقَ الحَوْضُ بِالمَاءِ: حوض کا پانی سے چھلکنا ___ البَرْقُ و غَیْرُہٗ: بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
الفَقْہَۃ۔ گردن کے جڑ کی ہڈی۔ ج فِہَاق۔
الفَاہِقَۃ۔ زخم جس سے خون جاری ہو۔ بِئْرٌ مِفْہَاقٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔
اَلْمُنْفَہِق۔ کشادہ۔
الفَیْہَق۔ کشادہ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
فَہِمَ (س) فَہْمًا و فَہَمًا و فَہَامَۃً و فِہَامَۃً و فَہَامِیَۃً۔ سمجھنا۔
فَہَّمَہٗ و اَفْہَمَہٗ۔ سمجھانا۔
تَفَہَّمَ۔ الکَلَامَ: تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
تَفَاہَمَ۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے سمجھنا۔
اِسْتَفْہَمَہٗ الاَمْرَ: دریافت کرنا۔ سمجھانے کے لئے کہنا۔
الفَہْم۔ مص۔ سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔
الفَہِم۔ تیز سمجھ دار۔
الفَہَّامَۃ۔ بہت سمجھنے والا۔ تا مبالغہ کیلئے ہے۔
الفَہِیْم۔ سمجھ دار۔ ج فُہَمَاء۔ فَہَا (ن) فَہْوًا۔ عَنِ الاَمْرِ: بھولنا۔
الاَفْہَاء۔ بیوقوف لوگ۔
فو۔ ف و کا مادہ دیکھئے۔
فَاتَ یَفُوْتُ فَوْتًا و فَوَاتًا الاَمْرُ: گزرنا۔ وقت جاتا رہنا ___ ہٗ الاَمْرُ۔ حاصل کرنے میں ناکام رہنا ___ ہٗ فُلَانٌ فِیْ کَذَا۔ آگے بڑھ جانا ___ الشَّیئَ: تجاوز کرنا۔
اَفَاتَہٗ اِفَاتَۃً الاَمْرَ: گزرنے دینا ___
تَفَوَّتَ عَلَیْہِ فِیْ مَالِہٖ: غلبہ کرنا۔
تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا و تَفَاوِتًا و تَفَاوَتًا الشَّیْئَانِ: مختلف ہونا۔ دور دور ہونا۔
تَفَاوِتًا فِی الفَضْلِ: فضل و کمال میں مختلف ہونا۔
اِفْتَاتَ الکَلَامَ: نئی گفتگو کرنا ___ بِرَأْیِہٖ: خود رائی کرنا ___ بِاَمْرِہٖ: کر گزرنا اور مشورہ نہ کرنا۔
___ عَلٰی فُلَانٍ فِی الاَمْرِ: حکم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
___ ہٗ الاَمْرُ: فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُفْتَاتُ عَلَیْہِ" فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کیا جاتا۔
الفَوْت۔ مص۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی ج اَفْوَات۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللّٰہُ رِزْقَہٗ فَوْتَ فَمِہٖ" یعنی اللہ نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دیکھتا ہے اور اس تک پہنچتا نہیں۔
الفَوَات۔ مص موتُ الفَوَات: اچانک موت۔
الفُوَیْت۔ خود رائے جو کسی سے مشورہ نہ کرے۔ (مذکر و مؤنث)
فَاجَ یَفُوْجُ فَوْجًا۔ المِسْکُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا ___ النَّہَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔
فَوَّجَ۔ عَنْ نَفْسِہٖ: ٹھنڈا کرنا۔
اَفَاجَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا ___ الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا۔
اُسْتُفِیْجَ۔ ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔
الفَوْج۔ جماعت۔ گروہ۔ ج اَفْوَاج و فُوُوْج و جج اَفَاوِج و اَفَائِج و اَفَاوِیْج۔
الفَائِجَۃ۔ جماعت۔ ریت یا سخت زمین کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادگی۔
فَاحَتْ تَفُوْحُ فَوْحًا و فُوُوْحًا و فَوَحَانًا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا ___ الشَّجَۃُ: زخم کا خون پھینکنا۔ فَاحَ و تَفَاوَحَ الزَّہْرُ: پھول کا مہکنا۔ خوشبو بھڑکنا۔ فَاحَ المِسْکُ او الطِّیْبُ: مشک یا خوشبو کا بھڑکنا۔
اَفَاحَ۔ الدَّمَ: خون گرانا ___ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
فَاخَتْ تَفُوْخُ فَوَخَانًا۔ الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا اور آواز نکلنا۔
فَاخَ و اَفَاخَ۔ الرَّجُلُ: گوز کرنا۔ اَفَاخَ الزِّقَّ: مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا۔
فَادَ یَفُوْدُ فَوْدًا۔ مرنا ___ الشَّیئَ بِالشَّیئِ: ملانا ___ المَالُ لِفُلَانٍ: ثابت ہونا۔ اور اسم اس سے الفَائِدَۃ ہے۔
اَفَادَ اِفَادَۃً الرَّجُلَ: مارنا۔ ہلاک کرنا۔ اَفَادَ و فُلَانٌ المَالَ: جمع کرنا۔ کمائی کرنا ___ فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: دینا یا نفع پہنچانا۔

تَفَوَّدَ۔ الوَعِلُ فَوْقَ الجَبَلِ : پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا۔

اِسْتَفَادَهٗ۔ حاصل کرنا۔

الفَوْدُ۔ مص۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ کہا جاتا ہے "بَدا الشَّيْبُ بِفَوْدَيْهِ" یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہو گئیں۔ الفَوْد : بڑا تھیلا۔ بوری۔ فوج۔ کنارہ۔ فود الخِبَاء او الوَادِي : خیمہ یا وادی کا کنارہ ج اَفْوَاد۔

المِفْوَاد۔ تکلف کرنے والا۔

الفَوْدَج۔ ہودج۔ دُلہن کی پالکی۔

فَارَت تَفُوْرُ فَوْرًا و فَوَرَانًا و فُؤُوْرًا۔ القِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ فَارَ المَاءُ : پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا ___ العِرْقُ : رگ کا مضطرب ہونا (___ فَوْرًا و فَوَرَانًا المِسْكُ) : خوشبو کا بھڑکنا۔

فَوَّرَ و اَفَارَ۔ القِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا۔

___ فَارَ المِيزَانُ : ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے بنانا۔

الفَار۔ چوہا۔ واحد فَارَةٌ۔ فَارَةُ الاِبِلِ : کھال کے تر ہو جانے کے بعد کی بو۔

الفَوْر۔ مص۔ جلدی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مِنْ فَوْرِهٖ" جلدی واپس ہوا۔ فَوْرُ كُلِّ شَيْئٍ : ہر چیز کا اوّل۔

الفُوْر۔ ہرنیاں۔ واحد فَائِر۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَالَاَلَاتِ الفُوْرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

الفَوْرَةُ مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ : گرمی یا غُصّہ کی تیزی۔ فَوْرَةُ النَّهَارِ : دن کی ابتدا۔ فَوْرَةُ النَّاسِ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

فَوْرَةُ العِشَاءِ : عشاء کی نماز کے بعد کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ الشَّيْئَ بِفَوْرَتِهٖ" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔

الفِيَارَان۔ ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے۔

الفَائِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فَارَ فَائِرُه" اس کا غُصّہ بھڑکا۔

الفُوَارَة۔ ہانڈی کا اُبال۔

الفَوَّار۔ اسم مبالغہ۔

الفَيُّور۔ بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔

الفَوَّارَة۔ مؤنث فَوَّار۔ پانی کا چشمہ۔ فوارہ۔

فَازَ يَفُوْزُ فَوْزًا۔ بِالاَمْرِ : کامیاب ہونا ___ مِنَ المَكْرُوْهِ : نجات پانا ___ الرَّجُلُ : ہلاک ہونا۔ مرنا۔

فَوَّزَ تَفْوِيْزًا الرَّجُلُ : گزرنا۔ مرنا ___ الطَّرِيْقُ : ظاہر ہونا ___ الرَّاعِي بِاِبِلِهٖ : چرواہے کا اُونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا۔

___ و تَفَوَّزَ ایک مُلک سے دوسرے مُلک میں جانا۔

اَفَازَ فُلَانًا بِكَذَا : کامیاب کرانا۔

الفَازَة دو کھمبوں والا خیمہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بِالمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔

المَفَازَة۔ نجات۔ کامیابی۔ ہلاکت۔ بیابان جس میں پانی نہ ہو ج مَفَازَات و مَفَاوِز۔

فَوَّضَ تَفْوِيْضًا۔ اِلَيْهِ الاَمْرَ : سپرد کر دینا۔

___ المَرْاَةَ : بغیر مہر کے نکاح کر دینا۔

فَاوَضَهٗ مُفَاوَضَةً فِي الاَمْرِ : برابر ہونا۔ شریک ہونا۔ اہم بات چیت کرنا۔

تَفَاوَضَ القَوْمُ فِي كَذَا : بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا ___ الشَّرِيْكَانِ فِي المَالِ شریک ہونا اور برابر ہونا تَفَاوَضُوْا فِي الحَدِيْثِ : بات چیت میں مشغول ہونا۔ کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضٰى ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "وَ اَمْرُهُمْ فَوْضٰى بَيْنَهُمْ و فَوْضُوْضٰى و فَوْضُوْضَاء" ان کا معاملہ مختلط ہے۔ ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے "اَمْوَالُهُمْ فَوْضٰى بَيْنَهُم و فَوْضُوْضٰى و فَوْضُوْضَاء" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔ کہا جاتا ہے شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ و شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے و مُفَاوَضَةُ العُلَمَاء : علمی مسائل کا مذاکرہ۔

فَوَّطَهٗ۔ ازار پہنانا۔

الفُوْطَة۔ ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔

فَاظَ يَفُوْظُ فَوْظًا و فَوَاظًا مرنا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْظُهٗ" یعنی اس کی موت کا وقت آ گیا۔

الفَوْعَة۔ مِنَ الطِّيْبِ : خوشبو۔ ___ مِنَ السُّمِّ : زہر کی تیزی ___ مِنَ الشَّبَابِ جوانی کی ابتداء۔

فَاغَ يَفُوْغُ فَوْغًا الطِّيْبُ : خوشبو بھڑکنا۔ مہکنا۔

الفَوْغَة مِنَ الطِّيْبِ : خوشبو کی بھڑک۔

الفَائِغَةُ۔ تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔

الفَوَغ۔ مُنہ کی موٹائی۔

الاَفْوَغ۔ موٹے مُنہ والا۔ کہا جاتا ہے فَمٌ اَفْوَغ : موٹا مُنہ "وَ رَجُلٌ اَفْوَغُ" موٹے مُنہ والا مرد۔

فَافَ يَفُوْفُ فَوْفًا۔ انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا۔

الفَوْف و الفُوْف۔ گائے بیل کا مثانہ۔ جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔ واحد فَوْفَةٌ و فُوْفَةٌ ج اَفْوَافٌ۔

الفُوْف و الفُوْفَة۔ دانہ کا چھلکا۔

ثَوْبُ اَفْوَافٍ و ثَوْبٌ مُفَوَّفٌ باریک کپڑا۔ سفید دھاری دار کپڑا۔

فَاقَ يَفُوْقُ فَوْقًا و فَوَاقًا الشَّيْئُ : بلند ہونا۔

___ اَصْحَابَهٗ بِالفَضْلِ او العِلْمِ : بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔

فُوَاقًا ہچکی آنا (___ فُوَاقًا و فُؤُوْقًا) الرَّجُلُ : قریب المرگ ہونا یا مرنا (___ فَوْقًا : السَّهْمَ : سوفار تیر کو توڑنا الشَّيْئَ : توڑنا۔

فَاقَ يَفَاقُ و فَوِقَ يَفْوَقُ فَاقًا و فَوقًا و فَوَقًا السَّهْمُ : سوفار میں کجی ہونا۔

فَوَّقَهٗ عَلٰى قَوْمِهٖ! فضیلت دینا۔ فَوَّقَ السَّهْمَ : سوفار لگانا ___ الفَصِيْلَ : مہلت

دے دے کے دودھ پلانا۔
اَفَاقَ اِفَاقَةً مِنْ مرضہ : صحت یاب ہونا۔
___ الحَالِبُ : دودفعہ کے دوہنے کے بیچ میں آرام لینا۔ اَفَاقَتِ النَّاقَةُ : تھن میں دودھ جمع ہونا۔ صفت مُفِيْقٌ و مُفِيْقَةٌ ج مَفَاوِيْق و فُيُق
___ السَّكْرَانُ مِنْ سُكْرِهٖ : ہوش میں آنا۔ مِنَ النَّوْمِ : بیدار ہونا ___ المَجْنُوْنُ مِنْ جُنُوْنِهٖ : ہوشیار ہونا ___ الزَّمَان : تنگی کے بعد فراخی آنا ___ عَنْهُ النُّعَاسُ : نیند کا اُچٹ جانا مِنْ غَفْلَتِهٖ : چوکنا ہونا ___ و اَفْوَقَ اِفْوَاقًا و اَوْفَقَ اِيْفَاقًا السَّهْمَ : تانت پر سوفار رکھنا۔
تَفَوَّقَ الشَّرَابَ : تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔ عَلٰى قَوْمِهٖ : بلند ہونا ___ النَّاقَةَ : دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا ___ الفَصِيْلُ : مہلت دے کر دودھ پینا ___ مَالَهٗ : ٹھہر ٹھہر کے خرچ کرنا۔
اِنْفَاقَ اِنْفِيَاقًا۔ السَّهْمُ : سوفار ٹوٹنا۔
___ الجَمَلُ : اُونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک ہونا۔
اِفْتَاقَ الرَّجُلُ : محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔
اِسْتَفَاقَ الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِهٖ او مَرَضِهٖ او غَفْلَتِهٖ : بمعنی افاق ___ النَّاقَةَ : اُونٹنی کو دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔
الفَاقُ۔ کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنکھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔
الفَاقَةُ۔ حاجت۔ فقر۔ محتاجی۔
فَوْقَ مص۔ اوپر۔ اور یہ ظرفِ مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اَقَمْتُ فَوْقَ شَهْرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشَرَةُ فَوْقَ التِّسْعَةِ و "هٰذَا فَوْقَ ذَاكَ" اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ كَقَوْلِهٖ۔ و اِذَا ذُكِرَتْ فَكُلٌّ فَوْقَ دُوْنَ۔
الفَوْقَانِي۔ اُوپر والا۔ اعلیٰ۔ نقیض تحتانی۔
الفُوْقُ۔ سوفار۔ ج فُوَق و اَفْوَاق۔ زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَّ عَلٰى فُوْقِهٖ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں و لَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوْقٍ یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔
الفَوْقُ۔ سوفار میں کجی۔
الفُوْقَةُ۔ سوفار ج فُوَق و فُقًا۔
الفِيْقَةُ۔
دودھ جو دو دفعہ دوہنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الفِيْقَةُ مِنَ اللَّيْلِ : رات کا اکثر حصہ۔ فِيْقَةُ الضُّحٰى : چاشت کی ابتداء ج فِيَق و فِيَق و فِيْقَات و اَفْوَاق و اَفَاوِيْق۔ تم کہتے ہو "اَرْضَعَنِي اَفَادِيْقَ بِرِّهٖ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کئے الاَفَاوِيْق : پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔
الفَوَاقُ و الفُوَاقُ۔ مص۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت۔ اور اسی سے ان کا قول ہے۔ "اَمْهِلْنِي قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "و لَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوَاقٍ" اس کیلئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔ الفُوَاقُ : جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَفْوِقَةٌ و آفِقَةٌ و جج اَفْوِقَات۔ الفُوَاق : اسم ہے اَفَاقَ و اِسْتَفَاقَ العَلِيْلُ سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔
الفَائِقُ۔ فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فائقون و فوقة۔ الفائق : سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔
السَّهْمُ الاَفْوَقُ۔ وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔
شَاعِرٌ مُفِيْقٌ۔ شاعر بلیغ۔
طَعَامٌ مُفَوَّقٌ۔ کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔
الفُوْلُ۔ لوبیا۔
الفَوَّالُ لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا پکانے والا۔
فَوَّمَ۔ روٹی پکانا۔
الفُوْمُ۔ لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فومان۔
الفُوْمَةُ۔ فوم کا واحد۔ خوشہ، چٹکی جو دو انگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوْم۔
الفَامِيُّ۔ سبزی فروش۔
فَاهَ يَفُوْهُ فَوْهًا و تَفَوَّهَ۔ بِكَذَا : بولنا۔ و تَفَوَّهَ المَكَانَ : دہانہ میں داخل ہونا۔
فَوِهَ (س) فَوَهًا۔ فراخ دہن ہونا۔
فَوَّهَهٗ۔ فراخ دہن بنانا۔
فَاوَهَ مُفَاوَهَةً و فَاهٰى مُفَاهَاةً فُلَانًا : گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔
تَفَاوَهَ القَوْمُ بِكَذَا : آپس میں گفتگو کرنا۔
اِسْتَفَاهَ اِسْتِفَاهًا و اِسْتِفَاهَةً کمی کے بعد بہت کھانا پینا۔
الفُوْهُ و الفَاهُ و الفِيْهُ۔ منہ ج افواہ
فو اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالتِ رفعی میں واو اور حالتِ نصبی میں الف اور حالتِ جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِيْهِ یعنی وہ اپنے منہ کے بل گرا۔ و "كَلَّمْتُهٗ فَاهُ اِلٰى فِيَّ" یعنی میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہوگا۔ جیسے كَلَّمْتُهٗ فُوْهُ اِلٰى فِيَّ۔
الفُوَيْهُ۔ فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔
الفَوَهُ۔ منہ کی کشادگی۔ دانتوں کا ہونٹ سے نکلنا۔
الفُوَّهُ و الفُوَّةُ۔ ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔
الفَوْهَةُ۔ فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔
الفُوْهَةُ۔ مِنَ الوَادِي و الطَّرِيْقِ و جَبَلِ النَّارِ : وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْهَات۔
الفَيِّهُ۔ بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَيِّهَةٌ۔
الفُوَّهَةُ۔ اول شئ ___ مِنَ الطَّرِيْقِ و الوَادِي و جَبَلِ النَّارِ۔ راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوَّهَات و اَفْوَاه و فَوَائِه۔

الفُوَّهَه: گفتگو- چغلی- تم کہو گے "فُلَانٌ یَخَافُ فُوَّهَةَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے- اِنَّهٗ لَذُوْ فُوَّهَةٍ وہ بڑا تیز زبان، زبان زور ہے "وَاِنَّ رَدَّ الْفُوَّهَةِ لَشَدِیْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے-

الاَفْوَہ- چوڑے مُنہ والا- مؤنث فَوْهَاء ج فُوْهٌ- طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب-

الاَفْوَاه- مسالے- خوشبو کی ڈبیاں- قسمیں- ج اَفَاوِیه واحد فُوْه-

المُفَوَّه- بڑا بولنے والا- بلیغ- کہا جاتا ہے خطیب مُفَوَّهٌ- شراب مفوّہ: خوشبو ملی ہوئی شراب (___ و المَفْوِیّ) فوہ سے رنگا ہوا- دیکھئے الفُوَّة-

الفُوْ- ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مفواة) زمین جس میں فوۃ بہت ہو- (دیکھئے الفُوَّة)

فِیْ- حرفِ جر- معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے (۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِی الزِّقِّ (۲) مصاحبت جیسے جَاءَ فِی الْقَوْمِ. قُمْتُ فِیْ شُرُوْقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِیْ ذَنْبِهٖ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِیْ فِیْ بَحْرِهِ الْاَقْطِرَةٌ (۵) استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی باجیسے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِیْ عَمَلِكَ بمعنی اِلٰی جیسے رَدَّیْدَهٗ فِیْ جَیْبِهٖ بمعنی مِنْ جیسے مَضَتْ عَلٰی ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ فِیْ ثَلَاثِ سِنِیْنَ-

فَاءَ یَفِیْءُ فَیْئًا- لوٹنا ___ الظِلُّ: سایہ کا ہٹ جانا ___ الغَنِیْمَة: غنیمت حاصل کرنا ___ (___ فَیْئًا و فُیُوْءًا) الاَمْر: لوٹ آنا-

فَیَّأَ تَفْیِئَةً الشَّجَرُ: درخت کا سایہ دار ہونا-

فَیَّأَتِ الرِّیَاحُ الغُصُوْنَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا-

اَفَاءَ اِفَاءَةً- الظِلُّ: سایہ کا لوٹنا ___ ہ اِلٰی کَذَا: لوٹانا- اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَیْهِ مَالَ الْقَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا ___ عَلَی الْقَوْمِ فَیْئًا: دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا-

تَفَیَّأَ تَفَیُّؤًا- الظِلُّ: سایہ کا پلٹنا ___ الشَّجَرَةَ و فِی الشَّجَرَةِ: درخت کا سایہ لینا- سایہ ڈھونڈنا ___ الاَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا- کہا جاتا ہے تَفَیَّأَ بِفَیْئِهٖ: سایہ میں پناہ لینا-

اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَةً- لوٹنا ___ المَالَ: مالِ غنیمت لینا ___ الاَخْبَرَ: خبر کی سن گن لینا-

الفَیْءُ- مص- سایہ- غنیمت- خراج ج اَفْیَاء و فُیُوْء- الفَیْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی-

الفَیْئَةُ- فاء کا اسم مرة- لوٹنا- وقت-

الفِیْئَةُ- فاء کا اسم نوع- کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ حَسَنُ الفِیْئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے- کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰی (تَفِیْئَةِ) فُلَانٍ یعنی فلان کے نشانِ قدم پر داخل ہوا-

المُفَاء- افاء کا اسم مفعول-

المَفْیَاءَة و المَفْیُوْءَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو- سایہ دار جگہ-

اَفَاجَ- فِیْ عدوه: دوڑنے میں دیر کرنا ___ القَوْمُ فِی الاَرْضِ: ملک میں پھیل جانا-

الفَیْج- پیک- ایلچی- ہرکارہ- خادم- لوگوں کی جماعت- پست زمین- ج فُیُوْج-

الفَائِجَة- دو پہاڑوں کے درمیان وادی- ج فَوَائِج-

فَاحَ یَفِیْحُ فَیْحًا و فَیَحَانًا- الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا- فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (___ فَیْحًا و فُیُوْحًا) الرَّبِیْعُ: سرسبز ہونا ___ الدَّمُ: خون گرنا ___ الشَّجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا-

فَاحَ یَفِیْحُ و فَاحَ یَفَاحُ فَیْحًا- کشادہ ہونا-

فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا- منتشر ہونا-

فَیَّحَ- الشَّیْءَ: بکھیرنا- متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَكْتَ الدُّنْیَا یَفِحْتَهَا فِیْ یَوْمٍ وَّاحِدٍ" اگر تم دُنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے-

اَفَاحَ- القِدْرَ: جوش دینا ___ الدِمَاء: خون بہانا-

الفَیْح و الفَیَح- کشادگی-

فَیَاحِ- اسم ہے غارت کا- کہا جاتا ہے "فِیْحِیْ فیاحِ" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا- اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑوں کو کہتے ہیں-

الفَیَّاح- اسم مبالغہ- فیاض- بَحْرٌ فَیَّاحٌ بہت وسیع سمندر- رَجُلٌ فَیَّاحٌ- فیاض- بڑا دیالو مرد- مؤنث فَیَّاحَةٌ-

الاَفْیَح- کشادہ- مؤنث فَیْحَاء- ج فِیْح-

الفَیْحَاء: وسیع مکان- بصرہ- دمشق اور طرابلس شام کا لقب-

فَاخَ یَفِیْخُ فَیْخًا و فَیَخَانًا- بمعنی فَاخَ یَفُوْخُ وادی-

فَادَ یَفِیْدُ فَیْدًا- مرنا ___ المَالُ لَهٗ: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے- جاتا رہنا- فادت لَهٗ فائدة: حاصل ہونا (___ و فَیَدَ) الرَّجُلُ: ناز سے چلنا- فَیَّدَ: اُلو کی آواز سے بدفالی لینا-

اَفَادَ اِفَادَةً- الرَّجُلَ عِلْمًا او مَالًا: فائدہ پہنچانا- ___ الرَّجُلَ: مار ڈالنا ___ الجَزُوْرَ: ذبح کرنا- (___ و اِسْتَفَادَ) مِنْهُ عِلْمًا او مَالًا: حاصل کرنا-

تَفَایَدَ- القَوْمُ بِالمَالِ: ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا-

تَفَیَّدَ الرَّجُلُ: ناز سے چلنا-

الفَیْد- مص- زعفران کی پتی-

الفَائِدَة- زیادتی جو انسان کو حاصل ہو- علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد-

الفَیَّاد- نر اُلو (___ و الفَیَّادَة) ناز سے چلنے والا- کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِیْ عَلَی الاَرْضِ فَیَّادًا مَیَّادًا" وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے-

الفِیْرُوْز و الفَیْرُوْز و الفَیْرُوْزَج و الفِیْرُوْزَج- ایک قسم کا قیمتی پتھر-

فَاشَ یَفِیْشُ فَیْشًا- فخر کرنا- تکبر کرنا- صفت فَائِش-

فَیَّشَ- عَنِ الاَمْرِ: بزدلی کرنا- پیچھے ہٹنا-

فَایَشَهٗ فِیَاشًا و مُفَایَشَةً- مفاخرت کرنا-

فَایَشَ الرَّجُلُ: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول

دھمکی دینا۔
تَفَیَّش۔ الْاَمْرَ : لغو دعویٰ کرنا ـــــ عَنْهُ : عاجزی سے پلٹ جانا۔
تَفَایَش۔ الْقَوْمُ : ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
الْفَیَّاش۔ بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔
الْفَیُوْش۔ فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔
فَاضَ يَفِيْضُ فَيْضًا۔ فِي الْاَرْضِ : جانا ـــــ مِنْهُ : ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا فِضْتُ اَفْعَلُ" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ فَاصَهُ جدا ہونا۔
اَفَاضَ۔ الْكَلَامَ : ظاہر کرنا۔ اَفَاصَتْ يَدُهُ : انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے مَالَكَ عَنْهُ (مَفِيْضٌ) تمہارے لئے کوئی ہٹنے کی جگہ نہیں۔
فَاضَ يَفِيْضُ فَيْضًا و فَيْضَانًا و فُيُوْضًا و فُيُوْضًا و فُيُوْضَةً و فَيْضُوْضَةً۔ السَّيْلُ : کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔
ـــــ كُلُّ سَائِلٍ : جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ عَيْنُهُ" یعنی آنسو بہ پڑے فَاضَ الْجُرْحُ پھیل جانا ـــــ الشَّيْءُ : بہت ہونا (ـــــ فَيْضًا و فُيُوْضًا) مرنا۔ فَاضَتْ نَفْسُهُ : روح نکلنا (فَيْضًا) الْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا ـــــ صَدْرُهُ بِالسِّرِّ : بھید کو چھپا نہ سکنا۔
اَفَاضَ اِفَاضَةً۔ الدَّمْعَ : آنسو بہانا ـــــ الْمَاءَ : پانی گرانا ـــــ الْاِنَاءَ : برتن کو لبریز کر دینا۔
ـــــ الْقَوْمُ مِنَ الْمَكَانِ : متفرق و منتشر ہو جانا۔
ـــــ الْقَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ : گفتگو میں مشغول ہونا۔
الْقَوْمُ عَلَى الرَّجُلِ : غالب ہونا ـــــ بِالشَّيْءِ : ـــــ پھینکنا، دفع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَفَاضَ بِكَلِمَةٍ" یعنی کچھ نہیں بولا۔
تَفَيَّضَ۔ الْجَفْنُ : آنسو بہانا۔

اِسْتَفَاضَ اِسْتِفَاضَةً الْخَبَرُ : پھیلنا۔ الْمَكَانُ : کشادہ ہونا ـــــ الْوَادِي شَجَرًا : وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا ـــــ الْقَوْمُ فِي الْحَدِيْثِ : مشغول ہونا ـــــ الرَّجُلُ : پانی بہانے کو کہنا۔ الْقِدَاحَ و بِالْقِدَاحِ : تیر سے جوا کھیلنا۔
الْفَيْضُ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبْنَا فِي فَيْضِ فُلَانٍ" فلاں کے جنازہ میں گئے۔ الْفَيْضُ مِنَ الْخَيْلِ : بہت تیز رو گھوڑا۔ ج فُيُوْض و اَفْيَاض۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فَيْضٌ" بہت پانی "و اَعْطَاهُ غَيْضًا مِنْ فَيْضٍ" اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ رَجُلٌ فَيْضٌ : فیاض و سخی آدمی۔
الْفَيَّاض۔ بہت پانی والا۔ رَجُلٌ فَيَّاضٌ : بہت جود و بخشش کرنے والا۔
حَدِيْثٌ (مُفَاضٌ و مُسْتَفِيْضٌ و مُسْتَفَاضٌ فِيْهِ) : پھیلی ہوئی بات۔
دِرْعٌ (مُفَاضَةٌ) کشادہ زرہ۔
فَاظَ يَفِيْظُ فَيْظًا و فَيَظَانًا و فُيُوْظًا و فَيْظُوْظَةً۔ مرنا۔
اَفَاظَ اللّٰهُ : موت دینا۔ کہا جاتا ہے ضَرَبْتُهُ حَتّٰى اَفَظْتُ نَفْسَهُ میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الْفَيْظ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَيْظُهُ" اس کی موت آ گئی۔
الْفَيْف۔ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ ج اَفْيَاف و فُيُوْف۔ الْفَيْفُ مِنَ الْاَرْضِ : مختلف ہواؤں والی زمین۔
الْفَيْفى و الْفَيْفَاء و الْفَيْفَاة۔ بمعنی الْفَيْف ج فَيَافٍ۔ الْفَيْفَاء۔ چکنا پتھر۔
فَاقَ يَفِيْقُ فَيْقًا۔ جان دینا۔ مرنا۔
اَفْيَقَ اِفْيَاقًا۔ الشَّاعِرُ : بمعنی اَفْلَقَ۔
الْفَيْق۔ مرغی کی آواز۔
فَالَ يَفِيْلُ فَيْلَةً و فُيُوْلَةً و فَيْلُوْلَةً رَايُهُ : کمزور اور غلط ہونا۔ صفت فَائِلُ الرَّاي و فَالُهُ و فِيْلُهُ و فَيِّلُهُ۔ و فَالَ الرَّجُلُ : ہاتھی جیسا ہونا۔
فَيَّلَ رَايَهُ : غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا ـــــ الرَّجُلُ فِي رَايِهِ۔ صواب کو نہ پہنچنا۔
تَفَيَّلَ۔ رَايُهُ : کمزور ہونا ـــــ النَّبَاتُ : نباتات کا بڑھنا ـــــ الشَّبَابُ : جوانی ڈھلنا۔
ـــــ الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔
الْفَال۔ شگون۔ فال کا مخفف۔
الْفِيْل۔ ہاتھی۔ ج اَفْيَال و فِيَلَةٌ و فُيُوْل مؤنث فِيْلَة۔ الْفِيْل : مرد فرومایہ۔ دَاءُ الْفِيْلِ : ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
الْفَيَّال۔ مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَةٌ۔
فَائِلُ الرَّاي و فَالُهُ و فِيْلُهُ۔ کمزور رائے والا۔
فَيِّلُ۔ اللَّحْمِ : بہت گوشت والا۔ فَيِّلُ الرَّاي : کمزور رائے والا۔
الْفَيَالَة۔ رائے کی کمزوری۔
الْمَفْيُوْلَاء۔ ہاتھی کے بچے۔
الْفَيْلَجَة۔ ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج۔
الْفَيْلَق۔ بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيَالِق۔
الْفَيْلَم۔ بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دستر خوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج۔ فَيَالِم (ـــــ و الْفَيْلَمَانِي) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
فَانَ يَفِيْنُ فَيْنًا۔ آنا۔
الْفَيْنَة۔ وقت۔
الْفَيْنَان۔ خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْنَانَةٌ۔
تَفَيْهَق۔ فِي الْكَلَامِ : بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔
ـــــ فِي مِشْيَتِهِ : ناز سے چلنا ـــــ عَلَيْهِ كَذَا : بڑا بننا۔
الْفَيْهَق۔ ہر کشادہ جز ء ج فَيَاهِق۔
الْفَيْهَك۔ بیوقوف عورت۔

قَأَبَ (ف) قَأْبًا الطَّعَامَ: کھانا ___ المَاءَ: پانی پینا۔

قَئِبَ (س) قَأْبًا قَأَبًا مِنَ الشَّرَابِ: زیادہ پینا۔

القَؤَّاب والقَوأَبِی۔ مِنَ الانِیَۃِ: بہت پانی کا برتن۔

القَؤُوب والمِقْأَب۔ بہت پینے والا۔

القَاقَاء۔ کوّے کی کائیں کائیں۔

القِئْقِئُ۔ انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔

قَأَی (ف) قَأْيًا۔ الرَّجُلُ: حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا خشک ہونا ___ الشَّیْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔

___ القُبَّۃَ: گنبد بنانا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا۔ یَدَفُلَانٍ: ہاتھ کاٹنا۔

قَبَّ (ض) قُبُوْبًا۔ اللَّحْمُ ونَحْوُہٗ: گوشت وغیرہ خشک ہونا ___ القَوْمُ: جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔

قَبَّ (ض) قَبًّا و قَبِيْبًا۔ الأَسَدُ او الفَحْل: دانت پیسنا۔ قَبَّ طَیَّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔

قَبَّ و قَبِبَ (س) قَبَبًا۔ الخَصْرُ او البَطْنُ: کمر کا باریک یا پیٹ کا دُبلا ہونا۔

قَبَّبَ۔ الرَّجُلُ: گنبد بنانا ___ البَیْتَ: گھر کو گنبددار بنانا ___ التَّمْرُ: کھجور کا خشک ہونا۔

الشَّیْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔

تَقَبَّبَ۔ القُبَّۃَ: گنبد میں داخل ہونا۔

اِقْتَبَّ۔ یَدَہٗ: ہاتھ کاٹنا۔

القَبُّ۔ مص جوان گھوڑا۔ سردار قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلّہ کا ایک پیمانہ۔

القَبُّ و القِبُّ۔ سردار قوم۔ القِبُّ: دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

القَبَّان۔ غلّہ کا ایک پیمانہ۔

القَبَب مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔

القُبَّۃ۔ گنبد۔ ج قِبَاب و قُبَب۔ قُبَّۃُ الاسلام، بصرہ۔ قبۃ الشھادۃ عند الیھود: ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبۃ الزمان بھی کہتے تھے اَلْقُبَّۃُ الخَضْرَاء او الزَّرْقَاء: گنبد آسمان۔

القِبَّۃ۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔

القَابُّ۔ فا۔ آئندہ تیسرا سال، کہا جاتا ہے انک لا تنجح العامَ الحاضرَ ولا القابلَ ولا القابَّ تُو نہ تو امسال کامیاب ہوگا، نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

القَابَّۃ۔ قَابّ کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔

القَبَّاب۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔

القُبَاب۔ مِنَ السُّیُوْفِ ونحوھا: شمشیر براں۔

___ مِنَ الأُنُوْفِ: موٹی ناک۔

الأَقَبُّ۔ مِنَ الخَیْلِ: باریک کمر، پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاء ج قُبٌّ۔

القُبِّی۔ لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دُبلے پیٹ والا۔

القَبِیْب۔ خشک نباتات۔

الأَقَبُّ و المُقَبَّب و المَقْبُوْب۔ دُبلا۔

القَبَج۔ چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قبجۃ) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔

قَبُحَ (ک) قَبْحًا و قُبْحًا و قَبَاحَۃً و قُبَاحًا و قُبُوْحًا و قُبُوْحَۃً۔ بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔

قَبَحَہٗ (ف) قَبْحًا و قُبُوْحًا و قَبَّحَہُ اللّٰہُ عَنِ الخَیْرِ: افعالِ خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَقْبُوْحٌ اور کہا جاتا ہے "قَبَحْتُ لَہٗ وَجْھَہٗ" یعنی میں نے اس کے لئے قَبَحَہ اللّٰہ کہا قَبَحَ البَیْضَۃَ: انڈا توڑنا۔ قَبَّحَ عَلَیْہِ فِعْلَہٗ: برائی ظاہر کرنا۔ قَبَّحَ لَہٗ وَجْھَہٗ: کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔

قَابَحَہٗ مُقَابَحَۃً۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

أَقْبَحَ۔ الرَّجُلُ: بُرا فعل کرنا۔

إِسْتَقْبَحَ۔ الشَّیْءَ: بُرا سمجھنا۔

القُبْح۔ مص۔ قول، فعل یا صورت کی بُرائی۔

القَبِیْح۔ بُرا۔ ج قِبَاح و قَبْحَی و قَبَاحَی۔

(___ و القَبَاح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔

القُبَّاح۔ بوڑھا ریچھ۔

القَبِیْحَۃ۔ قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قِبَاح و قَبَائح۔

قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا و مَقْبَرًا۔ المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا۔

أَقْبَرَہٗ۔ قبر بنانا۔ دفن کرنا ___ القَوْمَ: مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔

القَبْر۔ مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر۔

الْقُبَّرَة وَالْقُنْبَرَة وَالْقُنْبُرَة وَالْقُنْبَرَاء وَالْقُنْبُرَاء۔ ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اُردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ ج قُبَّر وقُبَرو قَنَابِر۔

الْقُبَّار۔ شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔

الْقُبُوْر۔ پست زمین۔

الْمَقْبَر وَالْمَقْبَرَة وَالْمَقْبُرَة وَالْمَقْبِرَة وَالْمِقْبَرَة۔ قبرستان۔ ج مَقَابِر۔

الْمَقْبَرِيّ وَالْمَقْبُرِيّ۔ مقبرہ کی طرف نسبت۔

الْقُبْرُس۔ عمدہ تانبا۔ قُبْرُوس: بحر روم کا ایک بڑا جزیرہ۔ اور نسبت کے لئے قُبْرُوْسِيّ ج قبارسة۔

القِبْز۔ ایک قسم کا باجا۔

القِبْز۔ پست قد۔ بخیل۔

قَبَسَ (ض) قَبْسًا۔ مِنْهُ النَّارَ: شعلہ لینا۔ ___ النَّارَ: آگ جلانا ___ العِلْمَ: علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَهُ النَّارَ: کسی کے لئے آگ لانا۔

(___ وَأَقْبَسَ) فُلَانًا العِلْمَ: سکھلانا۔ وَأَقْبَسَ فُلَانًا: کسی کو آگ دینا۔

اِقْتَبَسَ مِنْهُ النَّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَسَ۔ ___ مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا۔ وَاقْتَبَسَهُ نَارًا: کسی سے آگ لینا۔

الْقَابِس۔ قا: آگ طلب کرنے والا۔ ج اَقْبَاس۔

الْقِبْس۔ اصل۔

القَبَس والمِقْبَاس: آگ کا شعلہ۔

القَبْسَة۔ قَبَسَ کا اسم مرة۔ قَبْسَةُ العَجْلَانِ: جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔

القَابُوْس۔ خوب صورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔

القَوَابِس۔ اچھی بات سکھانے والے لوگ۔

المَقْبِس۔ لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو ج مَقَابِس۔

المُقْتَبِس۔ آگ کا شعلہ۔

المِقْبَاس والمِقْبَس۔ وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ المِقْبَاس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔

القُبْشُوْر۔ وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔

قَبَصَ (ض) قَبَصًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفت (قَبُوْص) الرَّجُلُ۔ سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ الغُلَامُ۔ لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَصَ) الشَّیْءَ: چٹکی سے لینا۔

قَبِصَ قَبَصًا۔ بڑے سر والا ہونا۔ درد جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔

(___ وتَقَبَّصَ) الجَرَادُ عَلَی الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔

اِقْتَبَصَ۔ قَبْصَةً مِنْ کَذَا: چٹکی سے لینا۔

القِبْص والقَبْص۔ بہت ریت کا ڈھیر۔

القِبْصُ: بہت سے آدمی۔

القَبْص والقَبَص۔ جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔

القَبْصَة والقُبْصَة۔ چٹکی ___ مِنَ الطَّعَامِ: لپ بھر خوراک۔ ج قُبَص۔

القَبِیْصَة۔ بمعنی قَبْصَة ___ القَبِیْصَة: مٹی کا ڈھیر۔ کنکری۔

القَبُوْص۔ ہلکا پھلکا۔ چست۔

حَبْلٌ قَبِصٌ: چھوٹی رسی۔ القَبِص۔ ہلکا پھلکا چست۔

القَبِصَّی۔ تیز دوڑ۔

الأَقْبَص۔ بڑی کھوپڑی والا ___ مِنَ الخَیْلِ: چست تیز رفتار گھوڑا۔ الأَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اُڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصَاء ج قُبْص۔

القَبْصَاء۔ بڑی کھوپڑی۔

القَبِیْص۔ مٹی کا ڈھیر۔

القَوَابِص۔ جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قَابِصَة۔

المِقْبَص۔ رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقَابِص۔

حَبْلٌ مُتَقَبِّص۔ چھوٹی رسی۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا۔ بِیَدِهِ الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجہ سے پکڑنا ___ یَدَهُ عَنِ الشَّیْءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ: ہٹانا۔ دُور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّیْءَ: سمیٹنا ___ الحَادِی الإِبِلَ: اُونٹ کو تیز ہانکنا ___ الطَّائِرُ جَنَاحَهُ: پرندہ کا بازو سمیٹنا ___ الدَّارَ ونَحْوَهَا: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ یَقْبِضُنِیْ مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی و"فُلَانٌ الخَیْرُ یَبْسُطُهُ والشَّرُّ یَقْبِضُهُ" فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ یَقْبِضُ ویَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا واقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ: اپنے لئے لینا ___ قَبْضَةً: مٹھی بھر لینا۔

قَبَضَ (ض) قَبْضًا وانْقَبَضَ۔ فِی حَاجَتِهِ: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا ___ القَوْمُ: چھوڑ دینا ___ بَطْنُهُ: قبض ہونا۔ اِنْقَبَضَ الشَّیْءُ: ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔

قُبِضَ۔ المَرِیْضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔

قَبَّضَ۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَّضَ وَجْهَهُ فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔ "وقَبَّضَ مَا بَیْنَ عَیْنَیْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ قَبَّضَ المَالَ فُلَانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔

قَابَضَهُ مُقَابَضَةً۔ ہاتھ میں ہاتھ دینا۔

اَقْبَضَ۔ السَّیْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا ___ فُلَانًا المَتَاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔

تَقَبَّضَ۔ جمع ہونا ___ الجِلْدُ فِی النَّارِ: کھال سکڑ جانا ___ الرَّجُلُ عَنِ الأَمْرِ: نفرت کرنا۔ ___ اِلَیْهِ: کودنا ___ عَلَی الأَمْرِ: توقف کرنا۔

تَقَابَضَ۔ المُتَبَایِعَانِ: بائع اور مشتری کا مبیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔

القَبْض۔ مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِی قَبْضِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔

القَبَض۔ قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔

القَبضَة۔ قَبَض کا اسم مرۃ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِیْ قَبضَتہ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبضَۃُ السَّیفِ: تلوار کا قبضہ۔
القَبضَة و القُبضَة۔ مقبوضہ شئی مِنَ الشَّیَٔ: مٹھی بھر کر۔
القُبضَة۔ منتظم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبضَة رُفضَة" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔
القَبَاض و القَبَاضَة۔ سکڑ جانا۔ جلدی۔
القُبَّاض و القُبَّاضَة۔ بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔
القَابِض۔ فا ___ مِنَ الطَّعَامِ: زبان پکڑنے والی خوراک ___ مِنَ الْاَدْوِیَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الْاَرْوَاحِ حضرت عزرائیل علیہ السلام۔
القَبِیْض۔ سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متوجہ رہے۔
المِقْبَض والمُقْبَض والمَقْبِض والمِقْبَضَة والمَقْبَضَة والمَقْبِضَة تلوار کا قبضہ ج مَقَابِض۔
قَبَطَ (ن) قَبْطًا۔ الشَّیَٔ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔
قَبَّطَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔
القِبْط۔ مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِیٌّ ج اَقْبَاط۔
القُبْطِیَّة و القِبْطِیَّة۔ کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَبَاطِیّ و القُبَاطِی۔
القُبَّا و القُبَّیط و القُبَّیْطٰی و القُبَّیْطَاء ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔
قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا۔ القُنْفُذ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا ___ الرَّجُلُ فِیْ قَمِیْصِه: گریبان میں سر ڈالنا ___ رَاسَهُ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا ___ فِی الْاَرْضِ: جانا (___ قَبْعًا) الجَوَالِقَ۔ گون کے کنارے موڑنا۔ (___ قَبْعًا و قُبُوْعًا) عَنْ اَصْحَابِهِ: تخلف کرنا ___ النَّجْم: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا ___ الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ___ المَرْاَةُ: عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا و قِبَاعًا و قُبَاعًا) الخِنْزِیْرُ: سور کا غرانا۔ الفِیْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا (___ و اقْتَبَع) المَزَادَةَ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔
القُبَع۔ بگل۔
القُبَع و القُبَاع۔ سیہی۔ ایک قسم کا دریائی جانور۔
القُبَاع۔ بیوقوف مرد، ایک بڑا پیمانہ۔
القُبَعَة۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "یَا ابْنَ قُبَعَة و یَا ابْنَ قَابِعَاء" یعنی اے بیوقوف۔ ___ "اِمْرَاَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔
القُبَّعَة۔ بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔
القُبَّاع۔ بزدل سور۔
القُبَاعِیّ۔ بڑے سر کا مرد۔
القَبِیْعَة۔ مِنَ السَّیفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔
القَبِیْعَةُ و القُنْبُعَة۔ سور کی ناک کا سوراخ۔
القَوَابِع، گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔
القَبَعْثَرٰی و القَبَعْثَر۔ بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِث۔
القَبَعْثٰی۔ بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة۔
قَبْقَبَ قَبْقَبَةً۔ الفحلُ: بڑبڑانا ___ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔
القَبْقَب۔ پیٹ۔
القَبْقَبَة۔ مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔
القِبْقِب۔ دریائی سیپی۔
القَبْقَاب۔ کھڑاوں۔ ج قَبَاقِیب۔
القَبْقَاب و القُبَاقِب۔ بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی القُبَاقِب: آئندہ تیسرا سال۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تُفْلِحُ العَامَ وَلَا القَابِلَ وَلَا القُبَاقِبَ" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
قَبِلَ (س) قَبُوْلًا و قُبُوْلًا۔ الشَّیَٔ: لینا۔ قبول کرنا ___ الکَلَامَ: تصدیق کرنا۔
قَبِلَتْ (ن) قَبْلًا و قُبُوْلًا۔ رِیْحُ القَبُوْل: پروائی ہوا چلنا۔
قَبَلَ (ن) قَبْلًا۔ عَلَی الشَّیَٔ: مشغول ہونا اور لازم ہونا ___ المَکَانَ: متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِیَةُ الوَادِیَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔
قَبَلَ (ف) قَبْلًا۔ الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔
قَبِلَتْ (س) قِبَالَةً المَرْاَةُ: عورت کا دائی جنائی ہونا ___ القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔
قَبِلَ (س) و قَبَلَ (ن ض) قِبَالَةً بِه کفیل و ضامن ہونا۔
قَبَلَ (ن) قَبْلًا و قَبِلَ (س) قَبَلًا آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔
قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔
قَبَّلَهُ۔ بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا۔ اور ضمان کو (القَبَالَة) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْهُ الحُمّٰی: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔
قَابَلَهُ۔ سامنے ہونا ___ قَابَلَ الشَّیَٔ بِالشَّیَٔ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔
اَقْبَلَ۔ الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔ اَقْبَلَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔ بکثرت ہونا۔ اَقْبَلَ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا ___ اِلَیْهِ: آنا ___ عَلَی الشَّیَٔ: شروع کرنا اور لازم ہونا ___ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا ___ فُلَانًا الشَّیَٔ: آگے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَیْدًا مَرَّةً وَ اَدْبَرْتُهُ اُخْرٰی" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذْهَبْ فَاَقْبِلْهُ الطَّرِیْقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کرلو۔
تَقَبَّلَهُ۔ لینا۔ تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔ ___ اللّٰهُ دُعَاءَهُ: دعا قبول کرنا ___ اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تَقَبَّلَتْهُ السَّعَادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔
تَقَابَلَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِقْتَبَلَ الکَلَامَ: فی البدیہہ کہنا ___ الاَمْرَ: کام از سر نو کرنا ___ الرَّجُلُ: بیوقوفی کے بعد

عقل مند ہونا۔

اِقْبَلَّتْ وَاقْبَالَّتْ عَيْنُهُ اِقْبِلَالاً وَاقْبِيْلَالاً۔ نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ۔ الشَّيْئَ : سامنے ہونا ___ الرَّجُلَ :توجہ کرنا۔سامنا کرنا۔مقابلہ کرنا۔

قَبْل۔ پہلے۔ آگے۔ اور یہ ظرفِ زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ وَمَاتَ الوَزِيْرُ قَبْلَه وَ مِنْ قَبْلِه۔ کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ وَمَاتَ الوَزِيْر قَبْلُ وَمِنْ قَبْلُ۔ اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِيْفَةُ وَمَاتَ الوَزِيْر قَبْلاً وَمِنْ قَبْلٍ۔

قُبَيْل۔ قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ قُبَيْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

القُبْل والقُبُل۔ اگلا حصّہ ___ مِنَ الزَّمَانِ : ابتدائی زمانہ ___ مِنَ الجَبَلِ : دامن کوہ ج اَقْبَال کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبُلَهُ یعنی اس نے اُس کا قصد کیا "رَاَيْتُهُ (قُبْلاً وقَبَلاً وقُبُلاً وقِبَلاً وقَبِيْلاً وقَبَلِيًّا)" میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

القَبَل۔ مص۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهُ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ القَبَل : دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبَل فِي العَيْنِ : آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا ___ فِي العَيْنَيْنِ : ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔

القِبَل۔ طاقت۔ قدرت جیسے "مَالِي بِهِ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں۔ کہا جاتا ہے "لِي قِبَلَ فُلَانٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "وَاَتَانِيْ مِنْ قِبَلِه" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

القِبْلَة۔ قَبَلَ کا اسم نوع۔ جہت۔ اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّي اس جہت کیلئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهُ فِيْ هٰذَا الاَمْرِ قِبْلَةٌ وَلَا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "وَاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

القُبْلَة۔ بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل۔

القَبَلَة۔ ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل۔ القَبْلَة۔ بسکون الباء اور القُبْلَه بضم القاف و سکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

القِبَال۔ مِنَ النَّعْلِ : تسمہ : کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَالِ مردید رائے۔

القَبَالَة۔ مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهُ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

القَبُوْل۔ مص۔ اچھی ہیئت۔ باد صبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

القَبِيْل۔ ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل و قُبَلاء۔ القَبِيْل : خدا کی اطاعت (دَبِيْر : خدا کی نافرمانی) القَبِيْل مِنَ النِّسَاء : دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "مَايَعْرِفُ قَبِيْلاً مِنْ دَبِيْر" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "وَمِنْ قَبِيْلِ ذٰلِكَ" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ قَبِيْلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

القَبِيْلَة۔ ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من کا پتھر۔ چمڑے کا ہر ایک ٹکڑا۔ ج قَبَائِل۔ قَبَائِلُ الرَّاسِ : سر کی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قبائل الطير : پرندوں کی قسمیں۔ قبائل الثوب : کپڑے کے ٹکڑے۔

الاِسْتِقْبَال۔ مص مِنَ الزَّمَانِ : حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الاَقْبَل۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اِقْبَل" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قَبْلاء۔ ج قُبْل۔

القَابِل۔ فا۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ متاثر۔ ج قَبَلَة۔

القَابِلِيَّة۔ قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

القَابِلَة۔ قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِل و قَابِلَاتٌ۔ قَوَابِلُ الاَمْرِ : اوائل امر۔

المُقَابَل۔ مفع۔ الرَّجُلُ المُقَابَل : ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَر" نجیب الطرفین مرد۔

المُقَبَّل۔ مفع۔ مقبول ___ مِنَ الثِّيَاب پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقْتَبَلُ) الشَّبَاب : مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

المُسْتَقْبِل۔ فا۔ (المُسْتَقْبِل والمُسْتَقْبَل) مِنَ الزَّمَان : آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُوْنًا۔ الرَّجُلُ : ملک میں جانا۔

قَبَّنَ۔ الشَّيْئَ : قبان سے تولنا (دیکھئے قَبَّان)

اَقْبَنَ۔ دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

القُبْنَة۔ ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

القَبَّان۔ بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

القَبِيْن۔ اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا يَقْبُوْ قَبْوًا۔ البِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا ___ الزَّعْفَرَانَ : زعفران توڑنا اور جمع کرنا ___ الشَّيْئَ : کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا (___ قَبَا) الشَّيْئَ : کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الحَرْفَ : ملانا۔

قَبَّى تَقْبِيَةً۔ المَتَاعَ : سامان مہیا کرنا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو قبا بنانا ___ عَلٰى فُلَانٍ : ظلم کرنا۔

تَقَبَّى۔ الشَّيْئَ : گنبد جیسا ہونا ___ القَبَاءَ : قبا پہننا ___ الرَّجُلَ : پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبَى۔ عَنْهُ : پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبَى۔ المَتَاعَ : سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

القَبْوُ۔ پچھی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبد دار کمرہ۔

القَبْوَة۔ قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

القَابِيَاء۔ لئیم۔ بَنُوْ قَابِيَا : شراب پینے کے لئے جمع ہونے والے۔

القَبَاء۔ ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِيَةٌ۔

القِبَاء- مقدار- کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِبَاء قَوْسَيْنِ وقَابَ قَوْسَيْنِ" یعنی دو کمان کے مقدار- کنایہ قریب سے-

القِبَةُ- اوجھ کا وہ حصّہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے- تا واو محذوفہ کے بدلہ میں ہے۔

المَقْبُوّ- مفع- جمع کیا ہوا- ملا ہوا-

المَقْبِيُّ- بہت چربی والا-

القُبى- مقدار-

القَبَايَة- بیابان-

قَتَّ (ن) قَتًّا- جھوٹ بولنا ___ الثَوْبَ: کپڑے کو لسبائی میں کاٹنا ___ الشَيَ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا- کم کرنا- مہیا کرنا- قَتَّ اِلٰی فُلَانٍ وقَتَّ اَثَرَ فُلَانٍ: ارادہ معلوم کرنے کیلئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا-

قَتَّ وقَتَّتَ- الاحادیثَ: سخن چینی کرنا- وقَتَّتَ الاَفَادِيَةَ: ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا- کہا جاتا ہے "هُوَ يَقُتُّ الحَدِيْث" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے-

تَقَتَّتَ- الحَدِيْث: بات کے پیچھے پڑنا- کان لگانا-

اِقْتَتَّ- الشَيَ: کسی چیز کو جڑ سے اُکھیڑنا-

القَتُّ- مص- جھوٹ- اسپست یا اسپست خشک- ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں- واحد (قَتَّةٌ)

القَتَات- ایک قسم کی نباتات-

القَتَّات و القَتُوْت- چغل خور- اِمْرَاَةٌ قَتَّاتَةٌ و قَتُوْت: چغل خورن-

القِتِّيْتٰى- چغلی- رَجُلٌ قِتِّيْتٰى: چغل خور مرد- قول (مَقْتُوْت و مُقَتَّت) جھوٹا قول-

قَتَبَه (ن) قَتبًا- بھنی ہوئی آنت کھلانا-

اَقْتَبَ- البَعِيْرَ: اُونٹ پر پالان باندھنا-

___ ہ يَمِيْنًا: سخت قسم دینا ___ ہ الدَيْنُ: گرانبار و بوجھل کر دینا-

القِتْب- آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے اردگرد ہو- پالان- ج اَقْتَاب-

القِتْبَة- آنتیں- ج اَقْتَاب-

القَتَب- کجاوہ- آنتیں- ج اَقْتَاب- کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ يَعَضُّ بِالغَارِب" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے-

القَتِب- تنگ خو- جلدی غضبناک ہونے والا-

القَتُوْبَةُ- وہ اُونٹ جس پر پالان ہو-

رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الكَاهِلِ: ٹیڑھے کندھے والا مرد-

قَتَّدَ- القَتَادَ: قتاد کے کانٹے دُور کرکے اُونٹوں کو چارہ دینا-

قُتِدَ- القَتَادُ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا-

القَتَاد- ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں- کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الاَمْرِ خَرْطُ القَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مُراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے-

القَتَد و القِتَد کجاوہ کی لکڑی- ج اَقْتَاد و اَقْتُد و قُتُوْد-

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا- عَلٰى عَيَالِهٖ: بال بچّوں پر نفقہ میں تنگی کرنا- صفت (قَاتِر و قَتُوْر و اَقْتَر) ___ الشَيَ: بعض کو بعض سے ملانا-

___ الدِرْعَ: زرہ میں میخوں کے سرے بنانا-

___ الاَمْرِ: لازم ہونا ___ قَتْرًا و قَتَرًا و قُتُوْرًا) مَا بَيْنَ الاَمْرَيْنِ- تخمینہ کرنا- اندازہ کرنا-

قَتِرَ الرَجُلُ: روزی کا تنگ ہونا-

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا و قُتُوْرًا و قَتِرَ (س) قَتَرًا- البُخُوْرُ و اللَحْمُ: بدبودار ہونا ___ النَارُ: دھوئیں والی ہونا-

قَتَّرَ- عَلٰى عَيَالِهٖ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا- اللَحْمُ: گوشت کا بودار ہونا ___ الصَيَّادُ لِلْاَسَدِ: شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ___ ہ: خاک پر پچھاڑنا ___ الشَيَ: ایک دوسرے کے قریب کرنا ___ الرَجُلُ: پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا ___ الوَحْشَ: اُونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بُو محسوس کرکے بھاگ نہ جائے ___ مَا بَيْنَ الاَمْرِين: اندازہ کرنا-

اَقْتَرَ- مال کم ہونا ___ عَلٰى عَيَالِهٖ: نان و نفقہ میں تنگی کرنا ___ الشَيَ: لازم ہونا ___ اللّٰه رزقه: روزی تنگ کرنا ___ النَارَ: دھوئیں والی کرنا- اَقْتَرتِ المَرْاَةُ: عود کی دھونی دینا-

تَقَتَّرَ- غضبناک ہوکر آمادہ جنگ ہونا-

___ لِلصَيْد: شکار کے لئے قترہ میں چھپنا- (دیکھئے قُتْرَةٌ) ___ فُلَانًا: فریب دینے کا ارادہ کرنا ___ عَنْهُ: جدا ہونا ___ الاَمْرَ: آمادہ ہونا ___ لِلْاَمْرِ كَذَا: نرمی برتنا-

تَقَاتَرَ- القَوْمُ: ایک دوسرے کو فریب دینا-

اَقْتَرَ- الصَائِدُ: شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرة)

القَتْر- مص- زندگی بسر کرنے کے قابل- اندازہ-

القِتْر- تیر کا پھل- چھوٹا تیر- تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے-

القَتَر- گرد و غبار- اندازہ-

القُتْر و القُتُر- گوشہ و جانب ج اَقْتَار- قطر میں ایک لغت ہے-

القَتِر- متکبر- مغرور-

القَتِرةٌ- قَتَر کا اسم مرۃ- گرد و غبار-

القِتْرَة- قَتر کا اسم نوع- القِتر کا واحد- اَبُوْ قِتْرَةَ: ابلیس کی کنیت- اِبْنُ قِتْرَةَ: ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں- ج بَنَاتُ قِتْرَة- قترة ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے-

القُتْرَة- شکاری کا مچان- زرہ کا حلقہ- تنگی عیش- روشن دان- قُترةُ البُسْتَان: باغ کی نالی- قُتْرَةُ البَاب: دروازہ میں بند کرنے کی جگہ- ج قُتَر-

القُتَار- پختہ چیز کی بھاپ- بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو-

القَتِيْر- زرہ کی میخوں کے سرے- زرہ- بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء-

القَاتِر و القَتُوْر و الاَقْتَر- بخیل- جو بال بچّوں پر نان و نفقہ میں تنگی کرے- کہا جاتا ہے "سرجٌ (قَاتِرٌ و مُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے- "ولَحْم قَاتِر" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو-

الاَقْتَر- خاکستری رنگ والا-

التَقْتِير- مص- قوت لایموت-

قَتَعَ (ف) قُتُوعًا۔ ذلیل ہونا۔
قَاتَعَهُ مُقَاتَعَةً۔ مقاتلہ کرنا۔
القِتْع۔ شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَع۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد (قَتَعَة) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع بمعنی دیمک۔
القَتَعَة۔ ذلیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ (أَقْتَعُ مِنْهُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث قَتْعَاءُ۔ ج قُتْع۔
قَتَلَهُ (ن) قَتْلاً و تَقْتَالاً۔ مار ڈالنا۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن و قَتَلَة و قُتَّال۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ بِأَخِيهِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمْرَةَ: شراب میں پانی ملانا۔ الجُوْعَ او البَرْدَ: بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَيْءَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا" و قَتَلَ غَلِيْلَه" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قَتَّلَ۔ القَوْمَ: بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَهُ قِتَالاً و قِيْتَالاً و مُقَاتَلَةً۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ــــ هُ اللّٰهُ: لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَا اَشْعَرَهُ" مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا۔
اَقْتَلَهُ۔ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ۔ چلنے میں لچکنا ــــ لِلاَمْرِ: مہلت دینا ــــ لِفُلَانٍ: جھکنا۔ فرمانبردار ہونا (تَقَتَّلَ و تَقَاتَلَ و اِقْتَتَلَ) القَوْمُ: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ۔ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔ فِي الاَمْرِ: کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل۔ مع القَتْلُ العَمَد: قتل جو مقصود ہو القَتْلُ الخَطَا: قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْل۔ دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ جنگجو۔ بہادر ج اَقْتَال۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتْلَة۔ قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ قِتْلَةَ سَوْءٍ" اس نے اس کو بُرے طریقہ سے قتل کیا۔
القَتَال۔ نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ ذَاتُ قَتَالٍ" مضبوط اونٹنی۔
القَتُوْل۔ بہت قتل کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قُتْل۔
القَتِيْل۔ مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلَى و قُتَلاء و قَتَالَى۔
المَقْتَل۔ جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ قتل ج مَقَاتِل۔
المُقَاتِلَة۔ لڑنے والی جماعت۔ تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَتَل۔ میدان جنگ۔
المُقَتَّل۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جس کو عشق نے ہلاک کر دیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُوْمًا و قَتِمَ (س) قَتَمًا۔ الغُبَارُ: غبار کا بلند ہونا۔
قَتُمَ (ض) قَتَامَةً و قُتُوْمًا۔ سیاہی مائل ہونا (ــــ قُتُوْمًا) وَجْهُهُ: چہرے کا متغیر ہونا۔
اَقْتَمَ۔ اليَوْمُ: بہت غبار والا دن۔
اِقْتَمَّ اِقْتِمَامًا۔ الشَيْءُ: کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔
القَتَم۔ مہ۔ غبار۔
القَتَام و القَتَمَة۔ کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِم۔ فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِمٌ" بہت کالا۔ ج قَوَاتِم۔
الاَقْتَم۔ سیاہی مائل۔ بھورا۔
حَيَاضُ قُتَيْمٍ۔ موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُوْنًا۔ السَمَكُ: مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً و اَقْتَنَ۔ کم خوراک ہونا۔ دُبلا ہونا۔
القَتَان و القُتَان۔ گرد و غبار۔
القَاتِن۔ فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ قَاتِن بہت سیاہ۔
القَتِيْن۔ کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دُبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چیچڑی۔
القَتَن۔ ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔
قَتَا يَقْتُوْ قَتْوًا و قَتًا و قُتُوًّى و قِتْيًى و مَقْتًى المُلُوْكَ: اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قَاتٍ)
اِقْتَوَى۔ الرَجُلُ: خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ اِفْعِلَال لازم ہے)
القَتْوَةُ۔ قتا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔
المَقْتَى۔ جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مَقْتَوُوْن و مَقَاتِوَة و مَقَاتِيَة۔
المَقْتَوِيّ۔ بمعنی مَقْتَى۔
قَتَّ (ن) قَتًّا۔ الشَيْءَ: کھینچنا ــــ الاِبِلَ: اونٹ کو پانی پلانا (ــــ واقْتَتَّ) الشَجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ قَتَّ (ن) قَتًّا و قِتِّيْتَى۔ المَالَ: بکثرت جمع کرنا۔
القُتَّات۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ بِقُتَّاتِهِم و قُتَّاتِيهِم" قوم مع اپنے ساز و سامان کے آ گئی۔
القَتَّات۔ چغل خور۔
القَتَاتَة و القَتِيْتَة و المَقَتَّة۔ لوگوں کی جماعت۔
اَقْثَأَ۔ المَكَانُ اَو القَوْمُ: بہت ککڑی والی ہونا۔
القُثَّاء و القِثَّاء۔ ککڑی۔ واحد (قُثَّاءَة قِثَاءَة الحِمَار): کریلا۔
المَقْثَأَة و المَقْثُؤَة۔ ککڑی کی جگہ۔ ج مقاثئ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَاة و مَقْثُؤَة" ککڑی والی سرزمین۔
قَثَدَ (ن) قَثْدًا۔ ککڑی یا کھیرا کھانا۔
اِقْتَثَدَ۔ کھیرا یا ککڑی کاٹنا۔
القَثَد۔ کھیرا یا ککڑی۔
اِقْتَثَرَ۔ الشَيْءَ: گھر کے لیے سامان بنانا۔
تَقَثَّرَ۔ بدول ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القَثْرَة۔ گھر کا سامان۔
القُثْرُد و القِثْرِد و القَثْرَد۔ گھر کا سامان۔
القَثْرَد و القُثْرُد و القُثَار۔ گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔

القِثْرِد۔ انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔
القَثَارِد۔ قمیص کے دامن۔
قَثْقَثَ قَثْقَثَةً۔ الوَتِد: کھونٹی کو اُکھیڑنے کے لئے حرکت دینا ــــ المِکْیَالَ: ناپ پورا کرنا۔
قَثَمَ (ض) قَثْمًا۔ الشَّیءَ: شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا (ــــ واقْتَثَم) المَالَ: بہت لینا۔ اِقْتَثَمَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا ــــ الشَّیءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
قَثَمَ (ن) قَثْمًا۔ لَهُ مِنَ المَالِ: یکبارگی دینا ــــ فِی مَشْیِهِ: سُست چلنا۔
قَثِمَ (س) وقَثُمَ (ک) قُثْمَةً و قَثَمًا شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔
قَثِمَ (س) قَثَمًا و قَثَامَةً۔ گرد آلود ہونا۔
القُثَم و القَثُوم۔ خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔
القُثَم: بہت دینے والا (قاثِم سے معدول ہے)
القَاثِم۔ فا۔ دینے والا۔
القُثَم۔ سخی لوگ۔
القُثْمَة۔ خاکستری رنگ۔
قَثَام۔ مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت قَثَا يَقْثُو قَثْوًا و قَثَى يَقْثِي قَثْيًا و اِقْتَثَى المَالَ: جمع کرنا۔
القَثَا۔ ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قَحَّ (ن) قُحُوحَةً و قَحَاحَةً۔ خالص ہونا۔
القُحّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمٌ قُحٌّ و أَعْرَابِیٌّ قُحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج أَقْحَاح۔ القُحّ: سخت اور بدخو۔ مؤنث قُحَّة۔ کہا جاتا ہے أَعْرَابِيَّةٌ قُحَّةٌ۔
القُحَاح۔ خالص۔
قَحَبَ (ن) قَحْبًا و قُحَابًا و قَحَبَ۔ کھانسنا۔
قَحَبَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بدکار ہونا۔
القَحْب۔ سن رسیدہ کھانسی والا۔
القَحْبَةُ۔ قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔ بڑھیا۔ ج قِحَاب۔
سُعَالٌ قَاحِبٌ۔ سخت کھانسی۔
قَحَثَ (ف) قَحْثًا۔ الشَّیءَ: کل لے لینا۔

قَحَدَ (ف) قُحُودًا و اَقْحَدَ۔ البَعِیْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَدَتِ۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَةٌ قَحِدَةٌ و مِقْحَادٌ۔ بڑے کوہان والی اُونٹنی۔ ج مَقَاحِید۔
القَحَدَة۔ کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قِحَادٌ و اَقْحُد۔
القَحَّاد۔ وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَة۔ کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزًا۔ کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا (ــــ قُحُوزًا) مردہ کی طرح گرنا (ــــ قَحْزًا و قُحُوزًا و قَحَزَ) بِهِ: پچھاڑنا۔ قَحَزَهُ قَحْزًا و قَحَّزَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا (قَحَزَ قَحْزًا و قُحُوزًا و قَحَزَانًا) الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔
قَحَّزَ و تَقَحَّزَ۔ لَهُ الکَلَامَ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات۔ سختیاں۔
القُحَّازَة۔ پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّقْحِیْز۔ مص۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوْعٌ مُقْحِزٌ۔ سخت بھوک۔
قَحْزَلَ قَحْزَلَةً۔ ڈالنا۔ مارنا۔
القَحْزَلَة۔ لاٹھی۔
قَحْزَمَ قَحْزَمَةً۔ لوٹانا۔
تَقَحْزَمَ۔ فِی أَمْرِهِ: مشغول ہونا۔
قَحْزَنَ قَحْزَنَةً۔ پچھاڑنا۔
القَحْزَنَة۔ لاٹھی۔ ج قَحَازِن و قَحْزَنَات۔
قَحَصَ (ن) قَحْصًا بِرِجْلِهِ: لات مارنا۔
قَحَصَ: تیز دوڑنا۔ جھاڑ دینا۔
أَقْحَصَ۔ دور کرنا۔
قَحَّصَ۔ دور کرنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا۔ سخت مارنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا و قَحِطَ (س) قَحَطًا المَطَرُ: بارش رکنا۔
قَحَطَ (ف) و قَحِطَ (س) قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوطًا و قُحِطَ و اَقْحَطَ العَامُ: بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط و اَقْحَطَ اللّٰهُ الأَرْضَ: قحط ڈالنا۔ اَقْحَطَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ قَحِطَ و قُحِطَ

و اَقْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحَّطَ۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحِطٌ و قَحِیْطٌ و مَقْحُوْطٌ: خشک سال۔
سَنَةٌ قَحِیْطٌ۔ خشک سال۔
المِقْحَط۔ نہ جھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَهُ (ف) قَحْفًا۔ کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ ــــ الشَّیءَ: بہا لے جانا ــــ مَا فِی الإِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا ــــ الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔
ــــ الرُّمَّانَةَ: انار چھیلنا: چھلکا اُتارنا ــــ قُحَافًا: کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ۔ مَا فِی الإِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا ــــ السَّیْلُ کُلَّ شَیءٍ: بہا لے جانا۔
القِحْف۔ کھوپری۔ کھوپری کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج اَقْحَاف و قُحُوف و قِحَفَة۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِأَقْحَافِ رَأْسِهِ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلَانٌ مَالَهُ قِدٌّ و لَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف۔ ڈگڈگا کے پینا۔
القُعَاص- ایک بیماری ہے جو سینہ میں ہوتی ہے اور گردن کو توڑ دیتی ہے-

القَعْص- مص - فی الفور موت- منہدم شدہ مکان-
القَعَاص و المِقْعَص و المِقْعَاص- شیر جو شکار کو فوراً مار ڈالے-
القَعُوْص- بکری جو دوہنے والے کو مارے اور دوہنے نہ دوے-
قَعَضَ (ن) قَعْضًا الغُصْنَ: شاخ کو موڑنا-
اِنْقَعَضَ- جھکنا-
القَعْض- مص - جھکا ہوا- کہا جاتا ہے "عُوْدٌ قَعْضٌ" جھکی ہوئی لکڑی- یہ وصف بالمصدر ہے-
قَعْضَبَ قَعْضَبَةً- جڑ سے اکھیڑنا-
القَعْضَب- بہت دلیر- قوی- القَعْضَبِیَّة: سختی-
القَعْضَم- بڈھا جس کے دانت گر گئے ہوں-
قَعَطَ (ف) قَعْطًا- بہت چیخنا- بزدل ہونا- خشک ہونا ___ فُلَانًا: دھکا دینا- پچھاڑنا- ___ الشَّیْئَ: ضبط کرنا ___ عَنْ وَجْھِہٖ: چہرہ کھولنا- ___ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا (___ و اِقْتَعَطَ) العِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا- قَعَطَ و قَعَّطَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا- صفت قَعَّاط و قَعَطَ و قَعَّطَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار پر سختی کرنا- تقاضا کرنے میں سختی کرنا- و قَعَطَ فِی القَوْلِ: بیہودہ بکنا-
قَعِطَ (س) قَعَطًا- ذلیل ہونا-
اَقْعَطَ- سخت چیخنا ___ فِی الْقَوْلِ: بیہودہ بکنا- اَقْعَطَہٗ: اہانت کرنا- ذلیل کرنا ___ القَوْمُ عَنْہُ: علیحدہ ہونا- جدا ہونا ___ فِیْ اَثَرِہٖ: پیچھے دوڑنا-
تَقَعَّطَ و اِنْقَعَطَ السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا-
القَاعِط- فا- قرض دار پر سختی کرنے والا-
القَعَّاط و المُقَعِّط- سخت قسم کا گھنڈی-
القَعْط- مص- بہت بکریاں-
المِقْعَط و المِقْعَطَة- عمامہ- پگڑی جو سر کے اوپر باندھی جائے-
قَعْطَبَ- الشَّیْئَ: کاٹنا-
قَعْطَرَہٗ- پچھاڑنا- مضبوط باندھنا- قَعْطَرَ- الاِنَاءَ: برتن بھرنا-
اِقْعَطَرَ- سانس منقطع ہونا-

قَعْطَلَہٗ- پچھاڑنا- قَعْطَلَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے قرض کے مطالبہ میں سختی کرنا-
القَعْطَل- تیز- جلد باز-
قَعَفَ (ف) قَعْفًا- التُّرَابَ: تیز دوڑنے کی وجہ سے غبار اڑانا ___ النَّخْلَةَ: درخت خرما کو جڑ سے اکھیڑنا ___ مَا فِی الْاِنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی لینا ___ المَطَرُ الحِجَارَةَ: بارش کا پتھر کو بہا لے جانا-
قَعِفَ (س) قَعْفًا الحَائِطُ: دیوار کا گرنا-
تَقَعَّفَ و اِنْقَعَفَ و اِقْتَعَفَ الحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے منہدم ہونا ___ الجُرُف: وادی کے کناروں کا گرنا ___ الشَّیْئُ: اپنی جگہ سے زائل ہونا- و اقْتَعَفَ الشَّیْئَ: حرص سے لینا-
القَعَف- مص - چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو سلسلہ وار ہوں-
القَاعِف- فا- سخت بارش-
سَیْلٌ قُعَافٌ- سخت سیلاب جو تمام چیزوں کو بہا لے جائے-
قَعْفَزَ الرَّجُلُ: اکڑوں بیٹھنے والے کی طرح بیٹھنا ___ فِی المَشْیِ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا- لَہُ الکَلَامَ: کسی کو سخت کلامی سے اپنے آپ سے ہٹانا-
تَقَعْفَزَ- الرَّجُلُ: بیٹھنا-
اِقْعَنْفَزَ- اس شخص کی بیٹھک بیٹھنا جو کودنے کو تیار ہو-
اَلْقَعْنَفَزَی- اس شخص کی بیٹھک جو کودنے کو تیار ہو-
قَعْقَبَ قَعْقَبَةً- زخم کرنا-
القَعْقَبَة- زخم-
القَعْقَب- ایک قسم کا پرندہ جو سانپوں کو کھاتا ہے-
قَعْقَعَ قَعْقَعَةً- السِّلَاحُ: جھنکار ہونا-
قَعْقَعَتْ عُمُدُھُمْ: کوچ کرنا ___ الشَّیْئَ الیَابِسَ: آواز کے ساتھ حرکت دینا ___ القِدَاحَ: تیروں کو جوئے میں گھمانا ___ فِی الاَرْضِ: جانا- کہتے ہیں "فُلَانٌ مَا یُقَعْقَعُ لَہٗ بِالشِّنَانِ" اس شخص کے متعلق جو حوادثات زمانہ سے خائف نہ ہو اور بیباک رہے-

تَقَعْقَعَ۔ مضطرب ہونا۔ متحرک ہونا۔ حرکت کے وقت آواز دینا۔ تَقَعْقَعَتْ عُمُدُهُمْ :وہ کوچ کر گئے۔
القُعْقُع۔ ایک قسم کا کوا جو سفید و سیاہ رنگ کا ہوتا ہے اور دم لمبی ہوتی ہے۔
القَعْقَاع۔ ہتھیار کی جھنکار۔ خشک کھجور۔ لرزہ کے ساتھ بخار۔ دشوار گزار راستہ (____ و القُعْقَانی) وہ شخص جس کے چلنے میں پیر کے جوڑوں سے آواز نکلے۔
القَعَاقِع۔ بادل کے گرج کی لگاتار سخت آواز اور یہ قَعْقَعة کی جمع ہے۔ القَعْقَعَة دانتوں کی کڑکڑاہٹ۔
القُعَاقِع۔ بہت آواز والا۔
اَقْعَل و اِقْعَالَّ اِقْعِنْلَالاً۔ النَوْرُ : شگوفہ نکلنا۔
اِقْعَالَّ الرَّاکِبُ :سوار کا سیدھا ہونا۔
اِقْتَعَلَ۔ القُعَالَ :شگوفہ کو دُور کرنا۔
القُعَالَة : واحد قُعَال : شگوفہ جو جھڑ جائے۔ اُونٹ کا گرا ہوا خون۔
القَعْل۔ انگور کی سبز شاخوں کے نیچے لگانے کی لکڑی۔
القَعِيْل۔ نر خرگوش۔
القَاعِلَة۔ بلند پہاڑ۔ ج قَوَاعِل۔
القَوْعَلَة۔ چھوٹی پہاڑی۔ چھوٹا ٹیلہ۔
القَيْعَلَة۔ سخت بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔ پہاڑ کی چوٹیوں کا رہنے والا عقاب۔
قَعَمَ(ن) قَعْمًا السِنَّوْر : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
قَعِمَ(س) قَعَمًا و اُقْعِمَ الرَّجُلَ : بیمار ہو کر فوراً مرنا۔ اَقْعَمَتِ الحَيَّةُ : ڈسنا اور فوراً مار ڈالنا۔
____ الشَمْسُ : آفتاب کا بلند ہونا۔
القَعْم۔ مص۔ بلی کی آواز۔
القَعَم۔ ناک میں جھکاؤ۔
الاَقْعَم۔ ناک میں جھکاؤ والا۔
قُعْمَةُ۔ المَالِ : عمدہ مال۔
القَيْعَم۔ بلی۔ بوڑھا اونٹ۔
قَعْمَصَ قَعْمَصَةً۔ ایک ہی مرتبہ میں سب پائخانہ کرنا۔
القُعْمُوص۔ سانپ کی چھتری۔ پائخانہ۔

القُعْمُوط و القُعْمُوطَة : چھوٹے بچے کے گرد لپیٹنے کا کپڑا۔ ج قَعَامِيْط۔ القُعْمُوطَة : گبریلا کی گولی۔
قَعِنَ (س) قَعَنًا الاَنْفُ : ناک کا چپٹا ہونا۔ بانسہ بلند ہونا۔ صفت اَقْعَن۔ مؤنث قَعْنَاء ج قُعْنٌ اور تصغیر قُعَيْن۔
القَعْن۔ آٹا گوندھنے کا بڑا برتن۔
القَعَان۔ ناک کا چپٹاپن۔
القَيْعُوْن۔ ایک قسم کی گھاس۔
القَعْنَب و القُعَانِب۔ سخت شیر۔
القَعْنَبَة۔ پستہ قد عورت۔ کجی۔ کہا جاتا ہے "فِيْ فُلَانٍ قَعْنَبَةٌ" فلاں کے اندر کجی ہے۔
قَعْوَشَةً۔ پچھاڑنا۔ قَعْوَشَ البِنَاءَ : توڑنا۔
تَقَعْوَشَ البَيْتُ : منہدم ہونا۔
الجِذْعُ : جھکنا الرَّجُلُ : عمر رسیدہ ہونا۔
قَعِيَ يَقْعَى قَعًا بانسہ کا بلند ہونا پھر جھکنا۔ صفت اَقْعٰی۔ مؤنث قَعْوَاء۔
اَقْعَى الكَلْبُ : کتے کا چوتڑ پر بیٹھنا ____ اَنْفَهُ : ناک بلند بانسہ والی ہونا ____ فَرَسَهُ : گھوڑے کو پچھلے پاؤں لوٹانا۔
قَعَا يَقْعُوْ قَعْوًا و قُعُوًّا الفَحْلَ و الطَائِرُ : جفتی کرنا۔
اِقْتَعٰی۔ جفتی کرنا۔
القَعْو۔ مص۔ لکڑی یا لوہے کا دھرا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ القَعْوَان : دو لکڑیاں یا لوہے کہ جس میں چرخی کا دھرا ہوتا ہے ج قُعِيّ۔
القَعْوَة۔ ران کی جڑ۔ ج قُعِيّ۔
قَفَّ (ن) قُفُوْفًا العَشْبُ او الشَجَرُ : گھاس یا درخت کا خشک ہونا۔ قَفَّتِ الاَرْضُ : خشک پیداوار والی ہونا ____ الشَعْرُ : رونگٹے کھڑا ہونا ____ الشَيْءُ : سمٹنا۔ سکڑنا ____ الثَوْبُ : کپڑے کا دھونے کے بعد خشک ہونا ____ الصَيْرَفِيُّ : صراف کا دو انگلیوں کے درمیان دراہم کو چرانا۔
اَقَفَّ۔ خشک چراگاہ پانا۔ اَقَفَّتِ الدَجَاجَةُ : مرغی کا انڈے دینے سے رُکنا ____ العَيْنُ : آنسو خشک ہونا۔
اِسْتَقَفَّ۔ سمٹنا۔ سکڑنا۔

القَفّ و القَفِيْف۔ خشک سبزی۔
القُفّ۔ پستہ قد۔ چیز کا بیرونی حصہ۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ کلہاڑی کے مانند ایک چیز۔ بلند زمین۔ چٹانی زمین سلسلہ وار کہ جس کے درمیان نرم زمین نہ ہو۔ پہاڑ کے مانند سیاہ بادل۔ قُفُّ البِئْرِ : کنوئیں کے اردگرد کا چبوترہ ____ مِنَ النَاسِ : مختلف قسم کے لوگ ج قِفَاف و اَقْفَاف۔
القُفَّة۔ خشک درخت۔ خشک کدو۔ کلہاڑی کی مانند ایک چیز۔ بلند زمین۔ کھجور کی پتیوں کی ٹوکری۔ ج قُفَف۔
القُفَّة و القَفَّة۔ مِنَ الرِجَالِ : پستہ قد۔ کمزور۔ القُفَّة : خرگوش۔ القُفَّة و القَفَّة و القِفَّة بخار کی وجہ سے کپکپی۔
القِفَة۔ اسم نوع۔ نوزائیدہ بچے کا پہلا پائخانہ۔
القَفَّاف۔ صراف جو درہم کو انگلیوں کے درمیان چرالے۔
القَفَّان۔ امانت دار۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ عَلٰى قَفَّانِ ذٰلِكَ" میں اس کے پاس اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ "و هٰذَا قَفَّانُه" یہ اُس کا وقت ہے۔
القَفَّان : جماعت۔
قَفِئَ (س) قَفَأً المَكَانُ : بارش یا مٹی پڑ جانے کی وجہ سے تباہ شدہ پودوں والی ہونا۔
اِقْتَفَأَ الخَرْزَ : توشہ دان وغیرہ کی سلائی دوبارہ کرنا۔
قَفْقَلَ۔ الشَيْءَ : جلدی سے لے جانا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔
قَفَحَهُ (ف) قَفْحًا : ناپسند کرنا اور چھوڑ دینا۔ ____ الشَيْءَ : دوا کی طرح پھانکنا۔ قَفَحَ عَنِ الشَيْءِ : باز رہنا۔
القَفِيْحَة۔ مکھن جس پر بکری کا دودھ دوہا جائے۔
قَفَخَهُ (ف) قَفْخًا و قِفَاخًا۔ مارنا۔ کھوکھلی یا خشک چیز یا سر ہی مارنے کے لئے مستعمل ہے۔
القَفِيْخَة۔ ایک قسم کا کھانا جو چربی اور کھجور سے بنایا جاتا ہے۔
القَفْخَة۔ گائے جو جفتی کی خواہش مند ہو۔
القُفَاخ۔ متناسب الاعضاء پر گوشت عورت۔

القُفَاخِرُ و القُفَاخِرِيّ۔ بڑے جثہ کا۔

القُفَاخِرِي :نازک بدن پُرگوشت۔

قَفَدَ (ض) قَفْدًا۔ کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَتُ اَقْفِدُلَكَ مُذِ الْيَوْمِ" میں آج کے دن تمہارے لئے کام کرتا رہا ___ هٗ :گدی پر تھپڑ رنا۔بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھنا۔

قَفِدَ(س)قَفَدًا۔ڈھیلی یا موٹی گردن والا ہونا۔

الاَقْفَد۔ ڈھیلی یا موٹی گردن والا۔ پنجوں کے بل چلنے والا۔ موٹے ہاتھ پیر چھوٹی انگلیوں والا۔ مؤنث قَفْدَاءُ ج قُفْد کہا جاتا ہے "اَعْتَمَّ القَفْدَاء و القَفَدَ" بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھی۔

القَفْدَان و القَفْدَانَة۔ سرمہ دانی کا غلاف۔ چمڑے کی تھیلی جس میں خوشبو رکھتے ہیں(دخیل)

القَفَنْدَر و القَفَنْدَر۔ بدصورت۔ بد قوارہ۔

القَفَنْدَر :سخت اور چھوٹے سروالا۔پستہ قد۔

قَفَرَ (ن) قَفْرًا و تَقَفَّرَ و اِقْتَفَرَ الاَثَرَ : پیچھے جانا، تلاش کرنا۔اِقْتَفَرَ العَظْمَ :ہڈی چوڑنا۔

قَفِرَ (س) قَفَرًا۔ مَالُهٗ :کم ہونا۔ صفت قَفِرُ المَالِ ___ الطَّعَامُ :کھانا بغیر سالن کے ہونا۔

قَفَرَ التُّرَابَ و نَحْوَهٗ :مٹی وغیرہ جمع کرنا۔

اَقْفَرَ۔بیابان بے آب وگیاہ کی طرف جانا۔ ___ المَكَانُ : گھاس پانی اور آدمی سے خالی ہونا۔ ___ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهٖ : اکیلا ہونا ___ رَاْسُهٗ مِنَ الشَّعْرِ سر کا بال سے خالی ہونا۔ بھوکا ہونا۔ بے کھانا ہونا۔ بے سالن ہونا۔ بے سالن کے روٹی کھانا ___ البَلَدَ :شہر کو خالی پانا ___ العَظْمَ :ہڈی چوڑ کے صاف کردینا۔

القَفْرُ۔ گھاس پانی آدمی سے خالی زمین۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَفْرٌ و اَرْضٌ قِفَارٌ" بے آب وگیاہ چٹیل میدان۔ "نَزَلْنَا بِبَنِي فُلَانٍ فَبِتْنَا القَفْرَ" یعنی ہم بنو فلاں میں اترے اور انہوں نے ہماری مہمانداری نہیں کی "و بَاتَ فُلَانٌ القَفْرَ و الوَحْشَ" یعنی فلاں کی مہمانداری نہیں کی گئی۔ القَفْرُ :بیل جو کھیتی کرنے کے لئے ماں سے جدا کرلیا جائے۔

القَفَرُ۔مص۔بال۔

القَفِرُ۔ کم بال والا۔ بھیڑیا۔

خُبْزٌ قَفْرٌ و قَفَارٌ۔ بے سالن کی روٹی۔

القَفِيرُ۔ شہد کا چھتہ۔ ٹوکری۔ بے سالن کی روٹی ج قُفْرَان۔

القَافُوْرُ و القَفُّوْرُ و القَفُّوْرَةُ۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مِقْفَارٌ" خالی زمین۔

قَفَزَ (ض) قَفْزًا و قَفَزَانًا و قِفَازًا و قُفُوْزًا مرنا ___ الغَزَالُ : ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا۔

قَفِزَ (س) قَفَزًا۔ الفَرَسُ : گھوڑے کی اگلی ٹانگوں میں گھٹنے تک سفیدی ہونا۔

قَفَّزَ۔ کودانا۔

تَقَفَّزَ بِالحِنَّاءِ :مہندی سے نقش ونگار کرنا۔

تَقَافَزَ القَوْمُ :باہم کودنا۔

القَفَزَى۔ اچھل۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَتِ الخَيْلُ القَفَزَى" یعنی گھوڑے کود کود کر دوڑے۔

القَافِزَة۔ قافز کا مؤنث۔ تیز رفتار گھوڑا۔ مینڈک۔ ج قَوَافِز۔

القَفِيزُ۔ ایک پیمانہ کا نام ___ مِنَ الاَرْضِ : ایک سو چوالیس شرعی گز۔ ج اَقْفِزَة و قُفْزَان۔

الاَقْفَزُ و المُقَفَّزُ مِنَ الخَيْلِ : اگلی ٹانگ میں گھٹنے تک سفید گھوڑا۔

القُفَّاز۔ عورتوں کے ہاتھ پیروں کا زیور۔ دستانہ۔ عوام كَفُوف کہتے ہیں۔ ج قَفَافِيز۔

القَفَّاز۔ بہت کودنے والا۔

القُفَّيْزَى۔ بچوں کا ایک کھیل کہ لکڑی گاڑ کر اس پر کودتے ہیں۔

قَفَسَ (ن ض) قَفْسًا و قُفُوْسًا مرنا ___ الشَّيْءَ : غصہ سے زبردستی پکڑنا ___ فُلَانًا : بال پکڑنا اور نیچے گھسیٹنا (___ قفسا) الظَّبْيَ : ہرن کی ٹانگوں کو باندھ دینا (___ قُفَاسًا) جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔

قَفِسَ (س) قَفَسًا۔ بانسہ کے کنارے کا بڑا ہونا۔

تَقَفَّسَ۔ الظَّبْيُ :ہرن کا چھلانگ مارنا۔

تَقَافَسَ الرَّجُلَانِ بِشُعُوْرِهِمَا : ایک دوسرے کے بال پکڑنا۔

القَافِسَة۔ قَافِس کا مؤنث :کمینے لوگ۔

قَفَاسِ۔ مبنی علی الکسر : کمینی لونڈی۔

الاَقْفَس باندی بچہ۔ ہر وہ چیز جو لمبی اور جھکی ہوئی ہو۔ عَبْدٌ اَقْفَس :کمینہ غلام۔

القَفْسَاء۔ اقفس کا مؤنث۔ کمینی لونڈی۔ معدہ یا پیٹ۔

قَفَشَ (ن ض) قَفْشًا۔ الطَّعَامَ :بہت حرص سے کھانا ___ الشَّيْءَ : لینا اور جمع کرنا۔ هٗ بِالعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا ___ النَّاقَةَ : اونٹنی کو تیز دوہنا ___ مَا فِي الضَّرْعِ :دودھ کر جلد ختم کردینا ___ المَرْاَةَ :بہت جماع کرنا (___ قَفْشًا و قُفُوْشًا) مرنا۔

اِنْقَفَشَ و اِقْتَفَشَ و اِقْفَنْشَشَ العَنْكَبُوْتُ و نَحْوُهٗ :مکڑی وغیرہ کا سمٹ کر بیٹھنا۔

القَفْش۔ مص نشاط۔ چھوٹا چرمی موزہ۔

القَفَش۔ چور (القَفْشَلِيْل) کف گیر۔

قَفَصَ (ض) قَفْصًا الظَّبْيَ : ہرن کی ٹانگیں باندھنا ___ الشَّيْءَ : قریب قریب رکھنا ___ الرَّجُلَ : تکلیف دینا ___ اليَعْسُوْبَ :دھاگے سے باندھ کر چھتے میں رکھنا ___ الطَّائِرَ :پنجرے میں بند کرنا۔

قَفِصَ (س) قَفَصًا۔ ہلکا پھلکا ہونا۔ سردی سے سن ہونا ___ الفَرَسُ : پورے دوڑ سے نہ دوڑنا۔ صفت قَفِص۔

قَفَّصَ۔ الظَّبْيَ :ہرن کی ٹانگیں باندھنا۔

تَقَفَّصَ۔ اکٹھا ہونا۔

تَقَافَصَ۔ مخلط ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

اَقْفَصَ۔ الرَّجُلُ :پنجرے والا ہونا۔

القَفَص۔ پنجرا۔ القَفَص : غلہ وغیرہ رکھنے کا برتن ج اَقْفَاص (___ القَفِص و القُفُص) مخلط۔

القَافِصَة۔ قافص کا مؤنث ج قَوَافِص کمینے لوگ۔

القُفَاص۔ پہاڑی بکرا۔ ایک بیماری ہے جو جانوروں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں خشک ہوجاتی ہیں۔

المُقَفَّص۔ مفع۔ ثَوْبٌ مُقَفَّصٌ :پنجرے کی طرح منقش کپڑا۔

القُفَصْل۔ شیر۔

قَفَطَ (ن ض) قَفْطًا۔ جفتی کرنا ___ هٗ

بَخِيْرٍ :بدلہ دینا۔
القَفَطي و القَيْفَط۔ بہت جماع کرنے والا۔
المُتَقَفِّط۔ مستعد۔
قَفْطَلَهٗ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ :سامنے سے اُچک لینا۔
قَفَعَهٗ (ف) قَفْعًا بِالمِقْفَعة :چھڑی سے مارنا۔
____ ہٗ عَنْ كَذَا : منع کرنا۔
قَفِعَتْ (س) قَفَعًا و تَقَفَّعَتْ الأُذُنُ : کان کا سکڑنا۔ ایسے کان کو قَفْعَاء اور ایسے کان والے کو اَقْفَع کہتے ہیں ____ الرِجْلُ : اُنگلیوں کا قدم کی جانب مڑا ہوا ہونا ____ الشَّاةُ : چھوٹی دُم والی ہونا۔ تَقَفَّعَ الشَّيْءُ : سمٹنا۔
قَفَّعَ الشَّيْءَ : برتن میں رکھنا ____ البَرْدُ اَصَابِعَهٗ سردی کا اُنگلیوں کو خشک کر دینا۔ سکڑا ہوا کر دینا۔
اِنْقَفَعَ۔ النَبَاتُ :نباتات کا خشک اور سخت ہونا ____ عَنْهُ :باز رہنا۔
القَفْع مص ایک جنگی آلہ ہے جس کو حصار کے موقع پر استعمال کرتے تھے اور اس کے اندر داخل ہو کر قلعہ کی دیوار تک پہنچ کر سوراخ کرتے تھے۔ واحد قَفْعَة۔
القَفَع۔ مص۔ تنگی۔ تھکن۔
القَفْعَة۔ نیچے سے کشادہ اور تنگ منہ کی ٹوکری ج قِفَاع و قَفَعَات۔
القَفَعَة۔ ٹڈی دل۔
القُفَاع و القُفَّاع۔ ایک بیماری جو بکریوں کو لاحق ہوتی ہے جس سے ان کی ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔
القَفَّاع۔ اسم مبالغہ۔
القُفَّاعَة۔ ایک قسم کا پھندا جو درخت خرما کی شاخ سے بناتے ہیں اور اس سے پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔
الاَقْفَع۔ سکڑے ہوئے کان والا۔ سکڑی ہوئی اُنگلیوں والا۔ ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ چھوٹی دُم والا۔
القَفْعَاء۔ اَقْفَع کا مونث ج قُفْع۔ ایک قسم کی گھاس جس میں انگوٹھی کے مانند حلقے ہوتے ہیں مگر دونوں کنارے ملے ہوئے نہیں ہوتے۔ شَاةٌ قَفْعَاء :چھوٹی دُم والی بکری۔

المُقَفَّع۔ ہمیشہ سر جھکائے رکھنے والا۔ رَجُلٌ مُقَفَّعُ اليَدَيْنِ :سکڑے ہوئے ہاتھوں والا مرد۔
المِقْفَعَة۔ ہاتھ یا اُنگلی پر مارنے کی چھڑی۔
قَفْقَفَ قَفْقَفَةً و تَقَفْقَفَ۔ سردی وغیرہ سے کانپنا ____ النَبْتُ :نباتات کا خشک ہونا۔
قَفْقَفَا الطَائِرِ :پرندے کے دونوں بازو۔
قَفْقَفَا البَعِيْرِ :اُونٹ کے دونوں جبڑے۔
قَفَلَ (ن ض) قَفْلاً و قُفُوْلاً۔ سفر سے لوٹنا ____ فِي الجَبَلِ :پہاڑ پر چڑھنا ____ الاَمِيْرُ الجُنْدَ :امیر کا فوج کو لوٹانا ____ الشَّيْءَ :اندوختہ کرنا (____ قَفْلاً) الطَعَامَ :گرانی میں بیچنے کیلئے جمع کرنا۔
قَفَلَ (ض) قُفُوْلاً الفَرَسُ :لاغر ہونا۔ صفت قَافِل ____ الفَحْلُ :جفتی کیلئے ہیجان میں ہونا۔
قَفَلَ (ن) قُفُوْلاً و قَفِلَ (س) قَفَلاً۔ الجِلْدُ : کھال کا خشک ہونا۔
قَفَّلَ الجِلْدُ : کھال کا خشک ہونا ____ الاَبْوَابَ :دروازے بند کرنا۔ تالا لگانا۔
اَقْفَلَ البَابَ و عَلَى البَابِ :دروازہ پر تالا لگانا۔ البَابَ :دروازہ بند کرنا ____ القَوْمَ :پیچھے سے دیکھتے رہنا۔ اَقْفَلَهُم عَنْ مَبْعَثِهِمْ لوٹانا ____ الجِلْدَ :کھال کو خشک کرنا ____ المَالَ :ایک ہی مرتبہ میں سب مال دینا۔
____ القَوْمَ عَلَى الاَمْرِ : جمع کرنا ____ الجَيْشَ :فوج کو لوٹانا۔
تَقَفَّلَ و اِنْقَفَلَ و اِقْتَفَلَ البَابُ :دروازہ بند ہونا۔ تَقَفَّلَ فِي الجَبَلِ :پہاڑ پر چڑھنا۔
اِنْقَفَلَ الغُزَّاةُ :غازیوں کا واپس ہونا۔ لوٹنا۔
____ الرَجُلُ :جس کام میں ہوا سے کر گزرنا۔
اِسْتَقْفَلَ البَابَ : دروازہ بند کرنا ____ الرَجُلُ : بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَقْفَلَتْ يَدَاهُ فَهُوَ مُسْتَقْفِلٌ" یعنی وہ بخیل ہے۔
القُفْل۔ مص (____ و القُفْلَة و القَفَلَة) سوکھا ہوا درخت۔
القَفْلَة۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ ایک ہی مرتبہ میں دینا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ الْفًا قَفْلَةً" اس نے تم کو ایک ہزار ایک ہی مرتبہ دے دیا۔
القُفْل۔ تالا۔ ج اَقْفَال و اَقْفُل و قُفُوْل۔

القَفَل۔ مص۔ اسم جمع بمعنی قافلہ۔
القُفْلَة۔ ہر سنی ہوئی چیز کو یاد کر لینے والا۔
القَافِل۔ فا۔ خشک کھال یا ہاتھ والا۔ لوٹنے والا۔ ج قَافِلَة و قُفَّال۔
القَافِلَة۔ قَافِل کا مؤنث : کارواں۔ سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے کہ ان پر بھی تفاؤلاً قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے ج قَوَافِل خَيْلٌ قَوَافِل :دُبلے گھوڑے۔
القَفِيْل۔ خشک درخت۔ کوڑا۔ تنگ گھاٹی۔ جِلْدٌ قَفِيْلٌ :خشک کھال۔
القَفَّال۔ اسم مبالغہ۔
القِيْفَال۔ ہاتھ میں ایک رگ کا نام جس کی فصد لی جاتی ہے۔
رَجُلٌ مُقْفَلُ اليَدَيْنِ و مُتَقَفِّلُهُمَا و مُقْتَفِلُهُمَا۔ بخیل کنجوس آدمی کہ جس کے ہاتھوں سے کسی کو کچھ خیر پہنچے ہی نہیں۔
قَفْلَطَهٗ قَفْلَطَةً۔ مِنْ يَدِهٖ :اُچک لینا۔
قَفَنَ (ن) قَفْنًا۔ گدی پر مارنا۔ لاٹھی یا کوڑے سے مارنا ____ الكَلْبُ : کتے کا منہ ڈالنا (____ و اَقْفَنَ و اِقْتَفَنَ) الشَاةَ :بکری کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا۔ جھٹکا کرنا۔ صفت مفعولی قَفِيْنَة۔
قَفَنَ (ض) قُفُوْنًا۔ مرنا۔
قَفَّنَ رَاْسَهٗ :سر کاٹ دینا۔
القَفْن۔ مص۔ موت۔ مقاتلہ۔
القَفَن و القَفَنّ۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی
القَفَن :کوڑا۔
القِفَنّ۔ مرد سخت بدزبان۔
القَفَّان۔ امین۔ تولنے کا ایک پیمانہ۔ قَفَّانُ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کی جماعت۔ انجام کار۔ شَاةٌ قَفِيْنٌ : ذبح کردہ بکری۔
قَفَا يَقْفُوْ قَفْوًا و قُفُوًّا۔ الرَجُلَ :گدی پر مارنا۔ صریحاً تہمت لگانا ____ اَثَرَهٗ :پیروی کرنا۔ اَللّٰه اَثَرَهٗ :مٹانا۔ محو کرنا (____ و اَقْفَى و اِقْتَفَى) الرَجُلَ بِاَمْرٍ :متعین کرنا۔ مخصوص کرنا۔ اَقْفَى كَذَا عَلَى كَذَا : فضیلت دینا۔ اِقْتَفَاهُ : اتباع کرنا۔ و اِقْتَفَى الشَّيْءَ : اختیار کرنا۔ اِقْتَفَى بِفُلَانٍ :کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔

قَفَّی تقفیۃً۔ آنا ____ فُلاَنًا زَیْدًا وبِزَیْدٍ : پیروی کرنا۔ پیچھے چلانا۔ کہا جاتا ہے "قَفَّیْتُ عَلٰی اَثَرِہٖ بِفُلاَنٍ" میں نے فلاں کو اس کے نشانِ قدم پر چلایا۔ قَفّٰی عَلَیْہِ: لے جانا۔

تَقَفَّی الرَّجُلَ : پیچھا کرنا ____ الاَکَمَۃَ : ٹیلے پر چڑھنا ____ الشَّیْءَ : چننا ____ بِفُلاَنٍ : اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا (____ واِسْتَقْفٰی) فُلاَنًا بِالعَصَا : پیچھے سے آکر سر پر لاٹھی مارنا۔

تَقَافَی الرَّجُلَ : جھوٹی تہمت لگانا۔

____ القَوْمُ : ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔

القَفَا و القَفَاء۔ سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے ج اَقْفٍ و اَقْفِیَۃ و اَقْفَاء و قُفِیّ و قِفِیّ و قَفُوْنَ کہا جاتا ہے "لاَ اَفْعَلُہٗ قَفَا الدَّھْرِ" میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔

القَفْوَۃ۔ غبار جو بارش کی ابتدا میں اُٹھتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَفْوَتِی وقَفْوَتِی" وہ میرا برگزیدہ ہے "و بِئْسَ القَفْوَۃُ قَفْوَتُکَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو۔

القِفْوَۃ۔ تہمت۔ بری بات کی نسبت کرنا۔ گناہ۔

القَفَاوَۃ۔ مہربانی۔ نوازش۔ مہمانی کا اکرام۔ جس چیز سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ موروثی عزت۔

القُفْیَۃ۔ شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے۔

القِفْیَۃ۔ عیب۔

القَفِیّ۔ نہایت مہربان۔ مکرم مہمان۔ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ بہترین بھائی۔ متہم بھائی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قَفِیُّھُم و قِفْیَتُھُم" وہ ان کا قائم مقام ہے۔

القَفِیَّۃ۔ فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو۔ گوشہ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے شَاۃٌ قَفِیَّۃٌ : سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری اور کہا جاتا ہے "لاَ اَفْعَلُہٗ قَفِیَّۃَ الدَّھْرِ" یعنی میں زمانہ بھر اس کو نہیں کروں گا۔

القَافِیَۃ۔ گلے کا پچھلا حصہ۔ شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ج قَوَافٍ۔ قَافِیَۃُ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا آخری۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ عَلٰی قَافِیَۃِ الشَّیْءِ" میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔

الکَلاَمُ المُقَفّٰی۔ وہ کلام جس میں سجع و قافیہ ہو۔

التَقْفِیَۃ۔ مص ____ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ : اشعار میں حرف آخر کا موافق ہونا۔

المُقَفّٰی مِنَ الغَنَمِ : گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔

رَجُلٌ مُقَفًّی و مُقَفًّی بِہٖ : چنا ہوا مرد۔ عزت کیا ہوا مرد۔

قَفَی یَقْفِی قَفْیًا الرَّجُلَ : گدی پر مارنا۔ قبیح بات کا عیب لگانا۔

القَاقُلَّۃ۔ الائچی۔

القَاقُلّٰی۔ ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔

القَوْقَل۔ نر چکور۔

القَاقُم و القَاقُوْم۔ ایک جانور ہے جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ اور اس کا رنگ گرمی میں سرخ سیاہی مائل اور جاڑے میں بہت سفید ہوتا ہے۔

قَلَّ (ض) قِلاًّ و قُلاًّ وقِلَّۃً کم ہونا ____ الرَّجُلُ : کم مال والا ہونا ____ الجِسْمُ : بدن کا دبلا اور چھوٹا ہونا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقِلُّ عَنْ کَذَا" یعنی وہ چھوٹا ہے۔ و قَلَّ الشَّیْءُ : بلند ہونا اور کبھی قَلَّ کے ساتھ ما کافہ لاحق ہوتا ہے جیسے "قَلَّمَا جِئْتَنِیْ" اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا نہیں ہوتا۔ اور قَلَّمَا دو معنے کے لئے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے (____ قَلاًّ) الشَّیْءَ : اُٹھانا۔ قَلَّہٗ عَنِ الاَرْضِ: بلند کرنا۔

قَلَّلَ الشَّیْءَ : کم کرنا ____ الشَّیْءَ فِی عَیْنِ فُلاَنٍ : ہیچ دکھلانا۔

اَقَلَّ الشَّیْءَ : کم کرنا ____ الرَّجُلُ : کم لانا۔ کم مال والا ہونا۔ محتاج ہونا ____ الشَّیْءَ : بلند کرنا۔ اُٹھانا۔ اَقَلَّتْہُ الرِّعْدَۃُ : کپکپی لگنا۔

قَالَّ لَہُ العَطَاءَ : تھوڑا دینا۔

تَقَالَّ الشَّیْءَ : کم گننا۔ تَقَالَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا بلند ہونا۔

تَقَلَّلَ الشَّیْءَ : کم سمجھنا۔

اِسْتَقَلَّ الشَّیْءَ : اُٹھانا اور بلند کرنا۔ کم سمجھنا ____ الطَّائِرُ فِی طَیَرَانِہٖ : پرندہ کا اُڑان میں بلند ہونا ____ القَوْمُ : کوچ کرنا۔ اِسْتَقَلَّتْہُ الرِّعْدَۃُ : کپوانا ____ بِرَاْیِہٖ : رائے میں متفرد ہونا ____ بِکَذَا : اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ کرنا ____ فُلاَنٌ غَضَبًا : ناراضی کی وجہ سے اُٹھ جانا ____ بِالاَمْرِ : طاقت رکھنا ____ السَّحَابُ : بادل کا بلند ہونا۔

القِلّ۔ چھوٹی دیوار۔ کپکپی۔

القِلّ و القُلّ۔ کم ____ مِنَ الشَّیْءِ : بکثر۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلٌّ" اکیلا آدمی "ھُوَ قُلٌّ اِبْنُ قُلٍّ" وہ غیر معروف ہے "قُلَّ رَجُلٌ او اَقَلُّ رَجُلٍ یَقُوْلُ ذٰلِکَ الاَّ زَیْدٌ" یعنی سوائے زید کے کوئی نہیں کہتا۔

القُلَّۃ۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔

القُلَّۃ۔ سر کا یا پہاڑ کا یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑا گھڑا۔ چھوٹا کوزہ قُلَّۃُ السَّیْفِ : تلوار کے قبضہ کی زیبائش ج قُلَل و قِلاَل۔

قِلاَلَۃُ الجَبَلِ : پہاڑی کی چوٹی۔

القِلَّۃ۔ کمی۔ مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔ کپکپی۔ ج قِلَل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَوِیْلُ القِلَّۃِ" یعنی لمبے قد کا مرد۔ اَخَذَہٗ بِقَلِیَّتِہٖ و بِقَلِیْلَتِہٖ و بِاَقْلِیلاَۃٖ و بِقَلِیلاَۃٖ اس نے سب لے لیا و "رَحَلُوْا بِقَلِیَّتِھِم" وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔ و اَکَلَ الضَّبَّ بِقَلِیَّتِہٖ" یعنی گوہ کو کھال و ہڈی سمیت کھا گیا۔

القِلِّیَّۃ۔ عمارت۔ مشابہ معبد نصاریٰ۔

القَلِیْل۔ کم۔ لاغر۔ ج قَلِیْلُوْنَ و اَقِلاَّء و قُلُل و قُلُلُوْنَ مؤنث قَلِیْلَۃ ج قَلِیْلاَت و قَلاَئِل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلِیْلُ الخَیْرِ" مرد کم خیر و "قَلِیْلٌ مِنَ الرِّجَالِ یَقُوْلُ ذٰلِکَ" یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ "مَا اَخَذْتُ مِنْہُ قَلِیْلَۃً ولا کَثِیْرَۃً" میں نے اس سے کچھ نہیں لیا۔ تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔

القَلاَل و القُلاَل۔ کم۔ ج قُلُل۔ القَلاَل زمین

سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے کیلئے تھونی۔
القُلُل مِنَ النّاسِ: متفرق لوگ۔
الاَقَلّ۔ کمتر (ــــ والمُقِل) فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔
القُلّی۔ پستہ قد لڑکی۔
قَوْمٌ اَقِلّة۔ خسیس درجہ کے لوگ۔
المُقَلَّل۔ مفع ــــ مِنَ السُّیُوْفِ: جس کے قبضہ پر چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔
المُسْتَقِلّ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِهٖ" وہ خود مختار ہے۔
قَلَبَ (ض) قَلْبًا الشَّیْءَ: پلٹ دینا۔ اُوپر کا نیچے کر دینا۔ اندر کا باہر کر دینا ــــ القَوْمَ: پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "قَلَبَ المُعَلِّمُ الصِّبْیَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا ــــ المَجْنُوْنَ عَیْنَهٗ: غضبناک ہونا۔ قَلَبَتِ البُسْرَةُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔ قَلَبَ الاَرْضَ لِلْزِّرَاعَةِ: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔
قَلَبَهٗ (ن ض) قَلْبًا۔ دِل پر مارنا۔ قَلَبَ النَّخْلَةَ: گودا نکالنا ــــ اللّٰهُ فُلَانًا اِلَیْهِ: موت دینا۔
قَلِبَ (س) قَلَبًا۔ اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔ صفت اَقْلَب۔ قَلِبَتِ الشَّفَةُ: اُلٹا ہونا۔ صفت قَلْبَاء۔
قُلِبَ البَعِیْرُ: اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔
قَلَّبَهٗ۔ بمعنی قَلَبَهٗ اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ یُقَلِّبُ کَفَّیْهِ" وہ نادم ہونے لگا۔ "وقَلَّبَ الاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔
اَقْلَبَ الشَّیْءَ: اُلٹ دینا ــــ هُ اللّٰهُ اِلَیْهِ: موت دینا۔ اَقْلَبَ العِنَبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا ــــ الخُبْزُ: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا ــــ القَوْمُ: دل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔
تَقَلَّبَ۔ پلٹنا ــــ عَلٰی فِرَاشِهٖ: کروٹیں لینا۔
فِی الاُمُوْرِ: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِیْ نَعْمَائِهٖ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہوں۔
اِنْقَلَبَ۔ اُلٹا جانا۔ اُوندھا جانا۔ واپس ہونا۔
القَلْب۔ مص۔ دل۔ عقل۔ قَلْبُ الجَیْشِ: فوج کا درمیانی حصہ۔ قَلْبُ کُلِّ شَیْءٍ: گودا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ بِهٰذَا الاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔ قَلْبُ العَقْرَبِ: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ ج قُلُوْب
اَفْعَالُ القُلُوْبِ: ظن اور اس کے امثال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "امْرَأَةٌ قَلْبَةٌ"
القُلْب والقَلَب والقِلْب مِنَ الشَّجَرِ: درخت کے اندر کا نرم گودا ج اَقْلَاب وقُلُوْب وقِلَبَة: القُلْبُ: کنگن۔ سفید سانپ۔
القُلْبَةُ۔ سرخی۔
القَلَبَة۔ وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر تڑپے۔
القُلَاب۔ دِل کی بیماری۔
القَالِب۔ فا۔ سرخ رنگ کی کچی کھجور۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ قَالِبُ اللَّوْنِ" ماں کے مخالف رنگ کی بکری (ــــ والقَالَب) سانچہ۔ موزہ۔ جوتا بنانے کا فرمہ۔ ج قَوَالِب۔
القُلَّب۔ پلٹنے والا۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ حُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِیٌّ وقُلَّبِیٌّ" یعنی حیلہ گر۔ معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔
القَلُوْب۔ بہت اُلٹنے پلٹنے والا (ــــ والقِلَاب) بھیڑیا۔
القَلِیْب۔ کنواں۔ کنواں بغیر من کا۔ پُرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج قُلُب وقُلْب واَقْلِبَة
القَلُوْب والقُلُوْب والقَلِیْب۔ بھیڑیا۔ شیر۔
المِقْلَب۔ کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔
المُنْقَلَب۔ مص۔ انقلاب کا اسم ظرف۔ لوٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ امْرِیءٍ یَصِیْرُ اِلٰی مُنْقَلَبِهٖ"
المَقْلُوْبَة۔ مفع کان۔
قَلِتَ (س) قَلَتًا۔ ہلاک ہونا۔
اَقْلَتَهٗ۔ ہلاک کرنا۔ اَقْلَتَتِ المَرْأَةُ وکُلُّ اُنْثٰی بے اولاد ہونا۔ اور اسم قَلْت ہے۔ القَلَت: خوف۔ اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہو گیا۔
القَلْت۔ چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج قِلَات۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِیْ قَلْتِ خَاصِرَتِهٖ" اس نے اس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وطَعَنَهٗ فِیْ قَلْتَیْ تَرْقُوَتِهٖ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو قَلْت کہتے ہیں۔
ورَجُلٌ قَلْتٌ وقَلِتٌ۔ کم گوشت۔ دُبلا پتلا مرد۔
القَلْتَة۔ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
شَاةٌ قَلِتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔
اَلْمَقْلَتَة۔ ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔
المِقْلَات۔ وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِیْت۔
قَلِحَ (س) قَلَحًا۔ زرد دانتوں والا ہونا۔ قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر قَلِح واَقْلَح۔ صفت مؤنث قَلِحَة وقَلْحَاء۔ ج قُلْح۔
قَلَّحَهٗ۔ دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔
تَقَلَّحَ۔ میلے کپڑے والا ہونا و تَقَلَّحَ البِلَادَ: قحط کے زمانہ میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔
القَلَح۔ بڈھا گدھا۔
القَلَح والقُلَاح۔ زردی جو دانتوں پر آجاتی ہے۔
القِلْح۔ میلا کپڑا۔
الاَقْلَح۔ زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔
رَجُلٌ اَقْلَح: تجربہ کیا ہوا۔
المُقَلَّح۔ تجربہ کیا ہوا۔
القَلْحَزَة۔ پستہ قد کی چال۔ القِلْحَز: موٹا متکبر۔
القِلْحَاس۔ مرد بد صورت۔ بد قوارہ۔
اِقْلَحَمَّ الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
القِلْحَمّ۔ متکبر۔ بوڑھا۔
شَیْخٌ قِلْحَامَة۔ بہت بوڑھا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِیْخًا الشَّجَرَةَ: درخت

اُکھاڑنا۔

قَلَخَ (ف) قَلْخًا و قَلِیْخًا و قُلاَخًا البَعِیْرُ : اُونٹ کا بڑبڑانا۔

قَلَّخَهٗ۔ بِالسَّوْطِ : کوڑا مارنا۔ قَلَّخَ النَّبْتُ : نباتات کا سخت ہونا۔

القَلْخ۔ مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (۔۔۔ و القُلاَخ) بڑے سر والا۔

القِلَّخم۔ بڑے کوہان کا موٹا اُونٹ۔

قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ : رسّی بٹنا ۔۔۔ الحَدِیْدَةَ : لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا ۔۔۔ الرَّجُلُ السَّیْفَ : تلوار کو حمائل کرنا۔

۔۔۔ المَاءَ فِی الحَوْضِ او الشَّرَابَ فِی البَطْنِ : جمع کرنا ۔۔۔ الزَّرْعَ : کھیتی سیراب کرنا ۔۔۔ الشَّیْئَ : موڑنا : الحُمّٰی فُلاَنًا : بخار ہر روز آنا۔

قَلَّدَهٗ۔ السَّیْفَ : گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔

۔۔۔ القِلاَدَةَ : ہار پہنانا ۔۔۔ ہ العَمَلَ : کام سپرد کرنا ۔۔۔ ہ الدَّیْنَ : قرض سونپ دینا۔ قَلَّدَ البَعِیْرَ : اُونٹ کی گردن میں کھینچنے کیلئے پٹہ ڈالنا۔

۔۔۔ فُلاَنًا القَضَاءَ فِی بَلَدِ کَذَا : قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قَلَّدَ حَبْلَهٗ" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا" و "قَلَّدَهٗ فِی کَذَا" اِس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔

اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَیْهِم : غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔

تَقَلَّدَتِ المَرْاَۃُ القِلاَدَةَ : عورت کا ہار پہننا۔

تَقَلَّدَ الاَمْرَ : ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا ۔۔۔ السَّیْفَ : گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔

تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ : پانی پر باری باری آنا۔

اِقْتَلَدَ المَاءَ : پانی کا چلو لینا۔

اِقْلَوَّذَ النُّعَاسُ فُلاَنًا : نیند کا غالب آنا۔

القَلْد۔ مص بیچ دیا ہوا۔ اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی پر بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلاَد و قُلُوْد۔

القِلْد۔ بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِی کُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ ج اَقْلاَد۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُهٗ قِلْدَ اَمْرِی" میں نے اپنے معاملہ کو دروبست اس کے سپرد کر دیا۔

القِلْدَة۔ گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔

القَلْدَة۔ دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔

القِلاَد و الاِقْلِیْد۔ انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔

القِلاَدَة۔ ہار۔ مالا۔ ج قَلاَئِد و قِلاَد۔ چھ ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلاَئِدُ الشِّعْرِ : اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

القَلُوْد۔ بہت پانی والا کنواں۔

القَلِیْد و المَقْلُوْد۔ بٹا ہوا۔

القِلِّیْد و المِقْلاَد۔ خزانہ۔

التَّقْلِیْد۔ مص۔ ج تَقَالِیْد و تَقْلِیْدَات التَّقَالِیْد عِنْدَ النَّصَارٰی : نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں۔ اور تقلید کا اطلاق اس فرمان شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کیلئے جاری ہوتا ہے۔

الاِقْلِیْد ج اَقَالِیْد۔ المِقْلَد ج مَقَالِد۔ و المِقْلاَد۔ ج مَقَالِیْد : کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِیْدُ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہو گئے "و اَلْقٰی اِلَیْهِ مَقَالِیْدَ الاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے سونپ دیئے

المِقْلَد : برتن۔ توبرہ۔ پیمانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔

المُقَلَّد۔ مفع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ : اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

القَلَد۔ ایک کیڑا ہے چوپاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔

القُلَیْذَم۔ بہت پانی والا کنواں۔

قَلَزَهٗ (ن ض) قَلْزًا۔ مارنا۔ قَلَزَ الاَرْضَ بِعَصَاهُ : کریدنا ۔۔۔ بِسَهْمِهٖ : تیر پھینکنا ۔۔۔ بِقَیْئِهٖ : اُلٹی کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا ۔۔۔ ہ المَاءَ : گھونٹ گھونٹ پلانا۔

(۔۔۔ قَلَّزَ و اَقْلَزَ) الجَرَادُ : انڈے دینے کے لئے دم کو زمین پر مارنا۔

تَقَلَّزَ۔ چست ہونا ۔۔۔ الوَعْلُ : پہاڑی بکری کا دوڑنا۔

اِقْتَلَزَ الکَاْسَ : گھونٹ گھونٹ لینا۔

القَلْزُ۔ مِنَ الرِّجَال : ہلکا پھلکا کمزور مرد۔

القِلِزّ و القُلُزّ۔ سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة و قُلُزَّة۔

قَلْزَمَ و تَقَلْزَمَ الشَّیْئَ : نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ : کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔

القِلْزِم۔ کمینہ۔

القُلْزُم۔ مصر اور مکہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔

القَلْزَمَة۔ مص۔ کمینہ پن۔ شور۔

قَلَسَ (ض) قَلْسًا و قَلَسَانًا۔ کھانا یا پانی کا پیٹ سے منہ تک آنا۔ بہت شراب پینا ۔۔۔ نَفْسُهٗ : جی متلانا ۔۔۔ الکَاْسُ بِالشَّرَابِ : چھلک پڑنا ۔۔۔ الاِنَاءُ : بہہ پڑنا ۔۔۔ النَّحْلُ : العَسَلَ : شہد بنانا ۔۔۔ السَّحَابَةُ بِالنَّدٰی : جھلا پڑنا ۔۔۔ الرَّجُلُ : گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔

قَلَّسَ۔ دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا ۔۔۔ القَوْمُ : گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا ۔۔۔ لَهٗ : سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا ۔۔۔ الرَّجُلَ : ٹوپی پہنانا۔

تَقَلَّسَ۔ ٹوپی پہننا۔

القَلْس۔ مص۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ ج قُلُوْس و اَقْلاَس۔ القَلَس : بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو منہ تک آئے۔ قے۔ قَلْسُ البَحْرِ : بادل۔

القَالِس۔ وہ شخص جس کے منہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آ جائے۔

القَلاَّس۔ اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلاَّسٌ : زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

القَلِیْس۔ شہد۔ شہد کی مکھی۔

قَلْسَی الرَّجُلَ : ٹوپی پہنانا۔

تَقَلْسَی تَقَلْسِیًا۔ ٹوپی پہننا۔

الاَنْقَلِیْس و الاِنْقَلِیْس۔ ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔

القَلاَّش۔چھوٹا۔سکڑا ہوا۔
القَلاَّشَة۔کوتاہی۔چھوٹا پن۔
القَلاَّش والاَقْلَش۔حیلہ گر(دخیل)
قَلَصَ(ض)قُلُوْصًا۔الرَّجُلُ :کودنا ____ القَوْمُ :اکٹھا ہو کر چلنا ____ القَوْمُ عَنِ الدارِ : ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہو کر چلنے کا وقت آنا۔ ____ المَاءُ :پانی کا ختم ہونا ____ البِئْرِ :اوپر تک چڑھنا ____ الظِلُّ عَنْ کَذَا :سایہ کا سمٹ آنا۔صفت قَالِص ____ الثَوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ : کپڑے کا سکڑنا ____ الغُلامُ : جوان ہونا ____ الشَفَةُ :ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔
قَلَصَت(ض)قُلُوْصًا وقَلِصَت(س)قَلَصًا نَفْسُهُ :جی متلانا۔
قَلَّصَ قَمِيْصَهُ فَتَقَلَّصَ هُوَ : سمیٹنا۔ سمٹنا۔ لازم و متعدی۔ قَلَّصَت الدِرْعُ : زرہ کا چست ہونا ____ النَاقَةُ بِرَاكِبِهَا : اونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔ دوڑے جانا ____ القَوْمُ : اونٹنیوں پر سوار ہونا۔
اَقْلَصَ البَعِيْرُ :کوہان کا کچھ ظاہر ہونا ____ النَاقَةُ :گرمی میں موٹی ہونا۔
تَقَلَّصَ۔اکٹھا ہونا۔سکڑنا۔قریب قریب ہونا۔
القَلْصَة۔پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر ختم ہو جائے۔ج قَلَص و قَلَصَات۔ اور کہا جاتا ہے "مَا وَجَدتُ فِي البِئْرِ اِلاَّ قَلْصَةً مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں میں نے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔
القَلُوْص مِنَ الاِبِلِ : لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ جوان اونٹنی یا چلتی ہوئی اونٹنی۔ اونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ ج قَلاَئِص و قِلاَص و قُلُص و قُلْصَان۔القَلُوْص مادہ شتر مرغ۔ شتر مرغ کا مادہ بچہ۔ شوات کا بچہ۔ جوان لڑکی۔ جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہو۔
القَلِيْص۔ بہت ____ مِنَ المِيَاهِ : ختم ہونے والا پانی۔
القَلاَّص مِنَ المِيَاهِ : ختم ہونے والا پانی۔ اونٹنی کو دوہنے والا۔
المِقْلاَص۔ اونٹنی کو دوہنے والا ____ مِنَ النُوْقِ : گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اونٹنی۔
فَرَسٌ مُقَلِّصٌ :لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔
قَلَطَ(ن)قَلْطًا۔بدصورت ہونا۔
القَلَط۔جن کے بچے۔شیطان کے بچے۔
القَلَطِي و القِلِيْط۔ مرد خبیث' سرکش (____ و القُلاَّط)بہت پستہ قد۔ آدمی ہو یا بلی یا کتا۔
القَلِيْط۔خصیہ میں سوجن۔
القَيْلَط و القِيْلِيْط۔خصیہ میں سوجن والا۔
القَلْطَبَان۔بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔بھڑوا۔
قَلَعَ(ف)قَلْعًا و قَلَّعَ و اِقْتَلَعَ الشَيْءَ : جڑ سے اکھیڑنا۔ قَلَعَ الوَالِي فُلاَنًا :معزول کرنا۔ اِقْتَلَعَ الشَيْءَ :چھیننا۔
قَلِعَ(س)قَلَعًا و قَلَعَةً۔الرَاكِبُ :سوار کا زین پر جم کر نہ بیٹھنا ____ الرَجُلُ :کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا ____ المُصَارِعُ : کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔
قُلِعَ قَلْعًا۔الرَجُلُ : حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔
اَقْلَعَ عَنْ کَذَا : باز رہنا اور چھوڑنا ____ المَلاَّحُ السَفِيْنَةَ : بادبان اٹھانا ____ اَصْحَابُ السَفِيْنَةِ : روانہ ہونا ____ الشَيْءُ : روشن ہونا ____ الاَمِيْرُ : قلعہ بنانا ____ الحُمّٰى عَنْ فُلاَن :بخار کا اتر جانا۔ قرآن مجید میں ہے "يَاسَمَاءُ اَقْلِعِيْ"یعنی اے آسمان بارش سے رک جا۔
قَالَعَهُ مُقَالَعَةً۔ایک دوسرے کو اکھیڑنا۔
تَقَلَّعَ و اِنْقَلَعَ و اِقْتَلَعَ۔ جڑ سے اکھڑنا۔ تَقَلَّعَ فِي مَشْيِهِ :آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔
القَلْع۔ مص۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ج اَقْلُع و قُلُوْع۔ قَلْعُ الحُمّٰى : بخار اترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے۔"تَرَكْتُهُ فِي قَلْعٍ و قِلْعٍ وقَلَعٍ مِنْ حُمَّاهُ" میں نے اس کو بخار اترتی ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِيٌّ و قَلَعِيٌّ"
القِلْع۔بادبان۔ج قُلُوْع و قِلاَع۔
القِلْع۔بخار کے اترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔
القَلْع۔چلنے میں قوی مرد۔
القَلَع۔ مص۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو ____ مِنَ الحُمّٰى :بخار اترنے کا دن۔
القَلِع۔جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ و شَيْخٌ قَلِعٌ : کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔
القَلْعَة۔ قلعہ۔ ج قِلاَع و قُلُوْع۔ القِلْعَة : کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔
القِلْعَة۔قَلْع کا اسم نوع۔لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ج قِلَع۔
القُلْعَة۔ کھرنڈ والا' کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے' ہمیشہ نہ رہنے والا مال' منگنی کا مال' درخت سے جو اکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "ومَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقُلَعَةٍ و قُلْعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اٹھنا پڑتا ہے۔
القَلَعَة۔ بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَع۔چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ج قِلاَع و قَلَع۔
القُلَعَة۔کھرنڈ والا۔
القُلاَّع۔جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلاَّعَة
القُلاَع : مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلاَعُ الاُذُن :کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔ القُلاَّعَة : پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ بِقُلاَّعَةٍ"یعنی لاجواب کر دیا گیا۔
القِلاَعَة۔کشتی و جہاز کا بادبان۔
القَلاَّع۔وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ

رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔

القَلُوْع۔ بڑی اُونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں اُلٹ جائے۔ ج قُلُع۔

اِقْلاَعُ الحُمّٰی و مُقْلَعُها۔ بخار کا اُترنا۔

المَقْلَع۔ پتھر اُکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِع۔

المِقْلاَع۔ گوپھن۔ ج مَقَالِيْع۔

القَيْلَع۔ بڑے پاؤں والی بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

اِقْلَعَتَّ الشَّعَرُ: بال سخت گھنگھریالے ہونا۔

تَقَلْعَثَ فِيْ مَشْيِهِ: اس طرح چلنا کہ گویا کیچڑ میں سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا ___ فُلاَنٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔

اِقْلَعَطَّ الشَّعَرُ: بال گھنگھریالے اور سخت ہونا۔

المُقْلَعِطّ۔ فا۔ خوفزدہ بھاگنے والا۔ سخت گھنگھریالے بال والا سر۔

اِقْلَعَفَّ الشَّيْئُ: سمٹنا ___ اَنَامِلُ فُلاَنٍ: سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

القَلْعَطَة۔ بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا ___ الشَّيْئَ: پلٹنا (___ وَاِقْتَلَفَ) الظُّفْرَ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِيْرَ: جھاگ لانا۔

قَلَفَ (ن) قَلْفًا۔ القُلْفَة: کاٹنا۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا و قُلْفَةً الدِّنَّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا (___ وقَلَّفَ) السَّفِيْنَةَ: کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تار کول ڈالنا۔ اسم القلافة ہے وقَلَّفَ الجزور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَّبِيُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف۔

تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔

اِنْقَلَفَتِ السُّرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔

القِلْف۔ درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة سخت جگہ۔

القِلْفَة۔ ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔

القُلْفَة و القَلَفَة۔ عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف۔

القَلِفَة مِنَ الشِّفَاهِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

القُلاَفَة۔ درخت وغیرہ کی چھال۔

القَلِيْف ج قُلُف و القَلِيْفَة ج قَلَائِف والمَقْلُوْفَة ج مَقْلُوْفَات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔

القَلِيْف والمَقْلُوْف۔ مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِيْف۔ خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔ کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قَلِيْفَة۔

الاَقْلَف۔ بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفَاء ج قُلْف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَفُ" سرسبز سال "عَيْشٌ اَقْلَفُ" خوش حال زندگی۔

التَّقْلِيْف۔ کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔

قَلْفَحَ۔ الطَّعَامَ: سب کچھ کھا لینا۔

تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَّيْئُ: چھل جانا۔

القِلْفَع و القِلْفِع۔ خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔

القلفعة۔ سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اُونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔

قَلِقَ (س) قَلَقًا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق و مِقْلاَق۔ صفت مؤنث قَلِقَةٌ و مِقْلاَق۔

قَلَقَ (ن) قَلْقًا الشَّيْئَ: حرکت دینا۔

اَقْلَقَهُ۔ بے قرار کرنا۔ اَقْلَقَ الشَّيْئَ مِنْ مَكَانِهِ: حرکت دینا ___ القَوْمُ السُّيُوْفَ فِي الغِمْدِ: آسانی کیلئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔

القَلْقَاس۔ اروی۔

قَلْقَلَ قَلْقَلَةً۔ آواز نکالنا (___ قَلْقَلَةً وقِلْقَالاً و قَلْقَالاً) الشَّيْئَ: حرکت دینا۔ الحُزْنُ وَمَعَهُ: آنسو بہانا ___ فِي الأَرْضِ: سفر کرنا۔

تَقَلْقَلَ۔ متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا ___ فِي البِلاَدِ: ملک میں پھرنا۔

القِلْقِل و القُلْقُلاَن۔ ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔

حروف القَلْقَلَة پانچ حروف ہیں۔ ب' ج' د' ط' ق۔

القَلْقَال۔ ہمیشہ سفر کرنے والا۔

القُلاَقِل و القُلْقُل۔ پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل: سفر میں ہلکا پھلکا۔

قَلَمَ (ض) قَلْمًا و قَلَّمَ الشَّيْئَ: کاٹنا ___ الظُّفْرَ: ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ: تھوڑا تھوڑا کاٹنا

القَلَم۔ قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہے بننے سے پہلے قَصْبَةٌ اور یراعہ کہتے ہیں۔

القَلَمَ: جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلاَم و قِلاَم۔

القَالِم۔ فا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة۔

القُلاَمَة۔ تراشہ۔ قُلاَمَةُ الظُّفْرِ: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔

الاِقْلِيْم۔ ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقَالِيْم (دخیل)

المِقْلَمَة۔ قلم دان۔ ج مَقَالِم۔

مَقَالِمُ الرُّمْحِ: نیزے کی گرہیں۔

المُقَلَّمَة۔ بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سَارَتْ اَلْفٌ مُقَلَّمَةٌ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ مَقْلُوْمُ الظُّفْرِ و مُقَلَّمُ الظُّفْرِ" یعنی ضعیف و ذلیل ہے۔

المِقْلاَم۔ قینچی۔

القَلَمَّس۔ بہت پانی والا کنواں۔ بہت فیاض۔ دور اندیش۔ ہوشیار۔ غیر معروف۔

قَلْمَعَ رَاْسَهُ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ مونڈنا۔ ___ الشَّيْئَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

القَلْمَعَة-مص-کمینے لوگ-
قَلْنَسَهُ-ٹوپی پہنانا-قَلْنَسَ الشَیءَ :چھپانا-
____الرَجُلُ :سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا-
تَقَلْنَس-ٹوپی پہننا-
القَلَنْسُوَة و القَلَنْسِیَة- ٹوپی ج قلانس وقَلَانِیْس وقَلَاسٍ وقَلَاسِی اور تصغیر قُلَیْنِسَة وقُلَیْسِیَة اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتا ہے اس کو عوام قَلُّوْسَة کہتے ہیں-
قَلاَ یَقْلو قَلْوًا- اللَحْمَ وغَیْرَهُ : گوشت کڑاہی میں بھونا- صفت فاعلی-قَلَّاء اور صفت مفعولی مَقْلُوٌّ ____الاِبِلَ :اُونٹوں کو ہانکنا-
____ القُلَةَ وبِالقُلَةِ : گلی ڈنڈا کھیلنا (____ قِلاً وقَلَاءً)الرَجُلُ :بغض رکھنا-
تَقَلّٰی اِلَیْهِ :نفرت کرنا-بغض ظاہر کرنا ____ عَلٰی فِرَاشِهٖ :مضطرب ہونا- تلملانا-
تَقَالَی الرَجُلاَنِ :ایک دوسرے سے بغض رکھنا- کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ تَقَالٍ" ان کے درمیان بغض ہے-
اِقْلَوْلٰی اِقْلِیْلَاء- کوچ کرنا- بے آرام ہونا- سکڑنا- جگہ سے علیحدہ ہونا ____فِی الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا ____ الطَائِر : پرندہ کا اُڑنے میں بلند ہونا- درخت کے اوپر کے حصہ پر اُترنا ____هُ :پیٹھ پر سوار ہونا-
القِلْو-ہلکا پھلکا-جوان ہلکا گدھا-
القُلَة- ج قُلَات وقِلُوْن وقُلُوْن (المِقْلٰی والمِقْلَاء) گلی ڈنڈا- القُلَة : ہرن کے پھنسانے کے لیے ایک قسم کا پھندا-
القِلْوَة- جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے-
القَلَوْلٰی-بلند پرواز پرندہ-
قَلٰی یَقْلِیْ قَلْیًا اللَحم وغیرہ : گوشت بھوننا صفت فاعلی قَلَّاء- صفت مفعولی مَقْلِیّ ____ فُلَانًا : سر پر مارنا(____الرَجُلُ وقَلِیَه یَقْلَاه قِلًی وقَلَاءً ومَقْلِیَةً) بغض رکھنا- صفت فاعلی قَالٍ اور صفت مفعولی مَقْلِیّ-
القِلَی والقِلٰی- بجی-
القُلٰی- پہاڑوں کی چوٹیاں- مُردوں کی کھوپڑیاں-واحد قُلَة-

القَلَّاء- کڑاہی بنانے والا- کڑاہی میں گوشت بھوننے والا-
القَلَّاءَة-وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں-
القَلِیَّة- جو بھونا جائے- شوربا جو اُونٹ کے گوشت سے بنایا جائے- راہب کی کوٹھری- ج قلایا-
المِقْلٰی والمِقْلَاة- کڑاہی- فرائی پان- ج مَقَالٍ-
المَقْلَاة-وہ مقام جہاں کڑائی بنائی جائے-
المَقْلِیّ-جو بھونا جائے-
قَمَّ(ن)قَمًّا-خشک ہونا ____شَارِبَهُ :مونچھ جڑ سے مونڈنا ____البَیْتَ :گھر میں جھاڑو دینا- صفت قَامّ و قَمَّام (____ وَاِقْتَمَّ) مَا عَلٰی المَائِدَة :کھانا واِقْتَمَّ الشَیءَ :مزاولت کرنا-اعتماد کرنا-خطانہ کرنا-
قَمَّمَهُ- خشک کرنا- قَمَّم النَجْمُ : ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا-
تَقَمَّمَ مَا عَلٰی المَائِدَة : دستر خوان پر سے سب کچھ کھالینا ____الشَیءَ : کسی چیز پر چڑھنا- ____النَخْلَةَ :درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا ____ الرَجُلُ قِرنَهُ : ہمسر پر غالب آنا-
القِمَّة- ہر چیز کی چوٹی-لوگوں کی جماعت-بدن-قد و قامت ج قِمَم-
القُمَّة-شیر کا لقمہ-کوڑا گھر-
القَمِیْم-خشک سبزی-ستو-
القُمَامَة- کوڑا کرکٹ- لوگوں کی جماعت ج قِمَمْ-
المِقَمّ والمُقْتَم- دستر خوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا-
المِقَمَة- جھاڑو-ج مَقَامّ(____ والمِقَمَّة) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ-
قَمَأَ (ف) وقَمُؤَ (ک) قَمَأَةً وقُمْأَةً وقِمَأَةً وقَمَأَةً- ذلیل و خوار ہونا- صفت قَمِیْءٌ ج قُمَاء وقِمَاء-
قَمَأَ (ف) قَمْأَ المَکان و بِهٖ : داخل ہونا اور اقامت کرنا ____هُ :اُکھیڑنا-
قَمَأَتْ (ف) قَمْأً وقَمُؤَت (ک) قُمُوْءًا وقُمْؤَةً وقَمْأً وقَمَاءً وقَمَأَةً-المَاشِیَةُ :جانور کا موٹا ہونا ____ بِالمَکَانِ : سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا-
اَقْمَأَ الرَجُلَ : ذلیل کرنا ____ الشَیءُ او المکان فُلَانًا : تعجب میں ڈالنا اَقْمَأَتِ المَاشِیَةُ :جانور کا موٹا ہونا-
قَامَأَهُ مقَامَأَةً- موافقت کرنا- کہا جاتا ہے مَا قَامَأَهُ المکان : جگہ اس کو موافق نہیں آئی-
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المکان :موافق ہونا اور اقامت کرنا ____ الشَیءَ : تھوڑا تھوڑا جمع کرنا- عمدہ لینا-
اِقْتَمَأَ الشَیءُ :جمع کرنا-
القَمْءُ- وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں-
القَمْأَة- ج قِمَاء والمَقْمَأَة والمَقْمُؤَة وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے-
القَمْأَة والقُمْأَة- سرسبزی- آرام-
القَمِیْءُ-ذلیل و خوار-
القَمَیْئَل-بُری چال چلنے والا-
قَمَحَ (ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَحَ البَعِیْرُ : سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اُٹھانا صفت قَامِح ج قِمَاح وقَمَّح وتَقَمَّحَ الشَرَابَ ومِنَ الشَرَاب :ناپسند کرنا-
قَمِحَ (س) قَمْحًا واقْتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَوِیْقَ ستو پھانکنا ____الشَرَابَ : ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا-
قَمَّحَ فُلَانًا : حق سے کم دے کر ہٹانا-
اَقْمَحَ السُنْبُلُ :خوشہ میں دانہ بیٹھنا ____ البُرُّ : تیار گیہوں ہونا ____ الرَجُلُ : سر اُٹھانا اور آنکھ بند کرنا ____ بِاَنْفِهٖ : بڑائی جتانا- مغرور ہونا ____ الغلُّ الاَسِیْرَ : تنگی کی وجہ سے سر کو لٹکا ہوا چھوڑ دینا ____فُلَانٌ : شراب پینا-
القَمْح-گیہوں-واحد قَمْحَة-
القَمْحَة- پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا-
(____ والقُمُحَان والقُمَّحَان) زعفران-
القِمَحْدُوَة- سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ-

القَمِيْحَة۔ پھکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوْحٌ لِلنَّبِيْذِ: بہت پینے والا۔
القَمَحْدُوَة۔ سر کے پچھلے حصہ میں اُٹھی ہوئی جگہ۔
اَقْمَخَ اِقْمَاخًا بِاَنْفِهٖ: بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ (ض) قَمْدًا و قُمُوْدًا۔ انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ (س) قَمَدًا۔ لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَقْمَدُ مؤنث قَمْدَاء۔
اَقْمَدَ الرَّجُلُ: گردن بلند کرنا۔
القُمُدُ و القُمُدُّ و القُمَاد۔ مضبوط۔ موٹا۔
القُمُدُّ و القُمُدَّة و القُمُدَّانِيَّة۔ لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القِمْدَر۔ لمبے قد والا۔
قَمَرَ (ض) قَمْرًا۔ جوا کھیلنا ___ الرَّجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔
قَمَرَ (ن ض) قَمْرًا الرَّجُلَ مَالَهٗ: مال چھین لینا۔
قَمِرَ (س) قَمَرًا الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا۔
___ الرَّجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا ___ الکَلَأُ والمَاءُ و غَیْرُهُمَا گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا
___ الإِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَهٗ مُقَامَرَةً و قِمَارًا۔ باہم جوا کھیلنا۔
اَقْمَرَ اللَّیْلُ: چاندنی کا کھیت کرنا ___ الهِلَالُ: پورا چاند بننا ___ القَوْمُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا ___ الثَّمَرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی آجائے پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا ___ الإِبِلُ: اُونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔
تَقَمَّرَ۔ چاندنی رات میں شکار کیلئے نکلنا۔
___ الرَّجُلَ: جوے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا ___ الطَّیْرَ و الظِّبَاءَ: پرندوں یا ہرنوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا ___ الطَّیْرَ: پرندہ کو شکار کیلئے رات میں آگ سے چندھا کردینا۔

تَقَامَرَ القَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔
اِقْمَارَّ اِقْمِیْرَارًا۔ سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔
القَمَر۔ چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ
القمران: آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ العِلْمِ و شُمُوْسُه: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْعَيْتُهُ الشَّمْسَ و القَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔
القُمْرَة۔ سبزی مائل۔ سفید رنگ۔
المَاء القَمِر۔ بہت پانی۔ لَيْلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔
الحُرُوْفُ القَمَرِيَّة۔ چودہ حروف ہیں جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَرُ۔
القُمْرِيّ۔ فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِيَّة ج قُمْر و قَمَارِيّ۔
القِمَار۔ مصدر۔ جوا۔
القَمِيْر۔ جواری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِيْرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار۔ جیسے نَصِیْر و اَنْصَار۔
الاَقْمَر۔ سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید وَجْهٌ اَقْمَر: چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَر: پانی سے بھرا ہوا بادل۔
القَمْرَاءُ۔ الاقمر کا مؤنث۔ چاندنی۔
لَيْلَةٌ مُقْمِرٌ و مُقْمِرَةٌ۔ چاندنی رات۔ عرب کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کرلیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ۔"
المَقْمُوْر۔ مغمور۔ برائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ يَدِي بَيْنَ اِحْدَى مَقْمُوْرَتَيْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔
القِمْرِز۔ پستہ قد۔ چھوٹے کان والا۔
قَمْرَصَ قَمْرَصَةً۔ بادام کھانا ___
لَبَنٌ قُمَارِص۔ دودھ جس کے پینے میں چرپراہٹ لگے۔ بہت کھٹا دودھ۔

قَمَزَ (ن ض) الشَّیْءَ: جمع کرنا ___ الشَّیْءَ: ___ اُنگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بیکار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔
القَمَز۔ بے کار مال۔
القُمْزَة۔ کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ ج قِمَز۔
قَمَسَهٗ (ن ض) قَمْسًا و اَقْمَسَهٗ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الکَوْکَبُ: ستارے کا غروب ہونا ___ قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِي المَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِهٖ فِي البِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا۔
الوَلَدُ فِي البَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا و قُمُوْسًا و انْقَمَسَ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ اِنْقَمَسَ الکَوْکَبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اِنْقَمَسَ فِي الرَّكِيَّةِ: کنوئیں میں کود پڑنا۔
قَمَّسَ الرَّجُلُ: اُونٹوں کو سیراب کرنا۔
قَامَسَهٗ قِمَاسًا و مُقَامَسَةً۔ غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ کہا گیا ہے "هُوَ يُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔
تَقَامَسُوْا فِي المَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔
القَمَّاس۔ غوطہ خور۔
القَامُوْس۔ سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِيْس۔
القَامُوْس۔ علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔
القِمَاس۔ کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔
القَمِيْس ج قَمَامِيْس القَمِيْس سمندر۔
القَمُوْس۔ کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔
القُمُس۔ مرد شریف ج قَمَامِس و قَمَامِسَة۔
القَوْمَس۔ امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج

قَوَامِس :القَوَامِس : مصیبتیں۔

قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وقَمَّشَ القُمَاشَ : اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

تَقَمَّشَ۔ جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔

اِقْتَمَشَ۔القُمَاشَ :اِدھر اُدھر سے کھانا۔

القُمَاش۔ ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ۔ النَّاسِ : رذیل لوگ۔ قُمَاشُ البَیْتِ : گھر کا سامان۔ج اَقْمِشَه۔

القَمْش۔مص۔ردی چیز۔

القَمَّاش۔سامان بیچنے والا۔

قَمَصَ (ن ض) قُمَاصًا وقِمَاصًا وقَمْصًا الفَرَسُ وغَیْرُهٗ :گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اُٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا ___ العَیْرُ : گدھے کا کودنا اور بھاگنا (___ قَمْصًا) مِنْهُ : نفرت کرنا۔ اعراض کرنا ___ النَّاقَةُ بِالرَّدِیْفِ : اُونٹنی کا اُچھلتے ہوئے لے جانا (___ وقَمَّصَ) البَحْرُ بِالسَّفِیْنَةِ : موج سے حرکت دینا۔ وقَمَّصَهٗ : قمیص پہنانا۔ قَمَّصَ الثَّوْبَ :کرتا قطع کرنا۔

تَقَمَّصَ۔کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلَایَةَ والاِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ :ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔

القَمَص۔ انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ مکھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اُڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة۔

القِمَاص۔مص۔ قلق۔

القَمِیْص۔ کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان۔ القَمِیْص :نوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوْفُ قَمِیْصَ قَلْبِهٖ" خوف نے اس کے دل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

القَمِیْص والقَمُوْص۔وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔القَمُوْص :شیر۔بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَمُوْصُ الحَنْجَرَةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

القِمِصَّی۔تیز دوڑ۔

قَمَطَهٗ (ن ض) قَمْطًا وقَمَّطَهٗ۔گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا ___ الاِبِلَ : اُونٹوں کو قطار میں کرنا ___ طَعْمَ الشَّیْءَ : چکھنا ___ الشَّیْءَ : لینا۔ قَمَطَ الدِّیْكُ : مرغ کا جفتی کرنا ___ المَرْأَةَ : عورت سے جماع کرنا۔

القِمَاط :رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ج قُمُط (___ والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لیے باندھیں۔

عَامٌ قَمِیْطٌ۔ پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ حَوْلاً قَمِیْطًا او شَهْرًا قَمِیْطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

القَمَّاط۔چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لیے پٹی بنانے والا۔

القُمَّاط۔بہت سے چور۔

قَمْطَرَ قَمْطَرَة الشَّیْءُ : جمع ہونا ___ الشَّیْءَ :جمع کرنا ___ القِرْبَةَ : مشک کو بندھن سے باندھنا۔مشک کو بھرنا ___ العَدُوُّ :دشمن کا بھاگنا۔قَمْطَرَ الجَارِیَةَ :جماع کرنا۔

اِقْمَطَرَّ۔ منتشر ہونا۔سکڑنا ___ لِلشَّرِّ : آمادہ ہونا ___ الیَوْمُ :دن کا سخت ہونا ___ عَلَیْهِ الشَّیْءُ :بھیڑ ہونا۔

القِمَطْر والقِمَطَّر۔بستہ۔جزدان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و مؤنث اور کبھی اِمْرَأَةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ج قَمَاطِر

القِمَطْر :شکر دانی۔

القِیْقَاةُ و القِیْقَاءَةُ۔ سخت زمین۔ ج قَوَاقٍ و قِیَاقٍ و قِیْقٌ۔

القَیْقَبُ۔ ایک درخت کا نام۔ زین کا تسمہ۔ وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے (ـــ و القَیْقَبَان) زین۔ ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔

القَیْقَابُ۔ کپڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔

قَالَ یَقِیْلُ قَیْلًا و قَائِلَةً و قَیْلُوْلَةً و مَقَالًا و مَقِیْلًا۔ دوپہر میں سونا (ـــ قَیْلًا) دوپہر میں دودھ دوہنا اور پینا۔

قَیَّلَهُ۔ دوپہر میں پلانا۔

قَایَلَهُ۔ معاوضہ میں دینا۔ تبادلہ کرنا۔

اَقَالَ اِقَالَةً البَیْعَ: بیع توڑنا۔

اللّٰهُ عَثْرَتَكَ: گرنے سے اٹھانا۔ درگزر کرنا۔

اَقَالَ الاِبِلَ: دوپہر میں پلانا۔

تَقَیَّلَ۔ دوپہر میں سونا ـــ اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا ـــ المَاءُ: پانی کا جمع ہونا۔ تَقَیَّلَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا دوپہر میں پینا۔

تَقَایَلَ الرَّجُلَانِ البَیْعَ: بیع کو فسخ کرنا۔

اِقْتَالَ شَیْئًا بِشَیْئٍ: تبدیل کرنا۔

اِسْتَقَالَهُ اِسْتِقَالَةً البَیْعَ: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔

اِسْتَقَالَهُ عَثْرَتَهُ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔

القَیْلُ۔ مص۔ رئیس۔ حمیر کے بادشاہوں کا لقب۔ اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

القَیْلُ و القَیُوْلُ۔ دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔

القَیْلَةُ و القَیُوْلَةُ۔ اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

القَیْلَةُ و القِیْلَةُ۔ خصیہ کا سوجن۔

القَائِلُ۔ دوپہر میں سونے والا۔ ج قَیْلٌ و قُیَّلٌ و قُیَّالٌ۔

القَائِلَةُ۔ قائل کا مؤنث۔ دوپہر۔

القَائِلَةُ و القَیْلُوْلَةُ۔ دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں لیٹنا۔

رَجُلٌ قَیَّالٌ۔ ہمیشہ دوپہر میں سونے والا۔

الاِقَالَةُ۔ مص۔ عقد کا فسخ کرنا۔

المَقِیْلُ۔ مص قیلولہ کرنے کی جگہ۔ دوپہر میں سونا یا لیٹنا۔

المِقْیَلُ۔ دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔

دَوْحَةٌ مِقْیَالٌ۔ بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔

قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا الحَدِیْدَ: لوہے کو برابر کرنا ـــ الاِنَاءَ: برتن کو درست کرنا ـــ الشَّیْئَ: جمع کرنا ـــ اللّٰهُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: پیدا کرنا ـــ المَرْاَةُ المَرْاَةَ: بناؤ سنگار کرنا۔

قَانَ يَقِيْنُ قَيْنًا وقِيَانَةً۔لوہار ہونا۔
قَيَّنَه۔مزین کرنا۔
تَقَيَّنَ۔مزین ہونا ـــــ النَّبْتُ :اچھا ہونا۔
اِقْتَانَ اِقْتِيَانًا النَّبْتُ :اچھا ہونا۔ الرَّوْضَةُ : باغ کا سرسبز و شاداب ہونا۔

الرَّجُلُ :مزین ہونا۔
القَانُ۔ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔واحد قَانَة۔
القَيْنُ۔غلام۔ج قِيَان ـــــ لوہار اور ہر کاریگر ج قُيُوْنٌ و اَقْيَانٌ۔

القَيْنَةُ۔باندی۔لونڈی۔گانے والی۔کنگھی چوٹی کرنے والی۔ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔ ج قِيَان۔
المُقَيِّنَةُ۔مُقَيِّنٌ کا مؤنث۔کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

كَ۔ مخاطب اور مخاطبہ کیلئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے جیسے ضَرَبَكَ وكِتَابُكَ وضَرَبَكِ وكِتَابُكِ وضَرَبَكُمَا وكِتَابُكُمَا و ضَرَبَكُمْ وكِتَابُكُم وضَرَبَكُنَّ وكِتَابُكُنَّ۔

(۲) حرفِ جار کبھی تشبیہ کیلئے جیسے زَيْدٌ كَالْاَسَدِ اور کبھی تعلیل کیلئے جیسے اُذْكُرُوْا اللّٰهَ كَمَا هَدَاكُمْ یعنی اللہ کو یاد کرو اس لیے کہ اس نے تمہاری ہدایت کی اور کبھی تاکید کے لیے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے "لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ۔"

(۳) حرفِ غیر جار اور اس صورت میں معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے ذٰلِكَ وَتِلْكَ وَاِيَّاكَ وإِيَّاكُمَا وَرُوَيْدَكَ۔

كَئِبَ (س) كَأْبًا وكَأْبَةً وكَآبَةً۔ غمگین ہونا۔ شکستہ دِل ہونا۔ صفت كَئِبٌ و كَئِيبٌ اور مجازاً کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَئِيبَةُ الْوَجْهِ۔"

اَكْاَبَ الرَّجُلُ : غمگین ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا۔
____ الرَّجُلَ : غمگین کرنا۔

اِكْتَابَ۔ غمگین ہونا۔

اَلْكَأْبَاءُ۔ سخت غم۔ اِمْرَأَةٌ كَأْبَاءُ : شکستہ دِل و غمگین عورت۔ کہا جاتا ہے مَا اَكْبَأَهُ : اس کا غم کس قدر شدید ہے۔

الْمُكْتَئِبُ۔ غمگین۔ کہا جاتا ہے "رَمَادٌ مُكْتَئِبُ اللَّوْنِ" یعنی راکھ سیاہی مائل۔

الْكَؤُبَةُ۔ ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے۔

كَأَجَ (ف) كَأْجًا۔ الرَّجُلُ : حماقت زیادہ ہونا۔

الكِئَاجُ۔ حماقت۔ بیوقوفی۔

كَأَدَ (ف) كَأْدًا۔ شکستہ دِل و غمگین ہونا۔ غم سے بدحال ہونا۔

تَكَأَّدَ وتَكَاءَدَ الْاَمْرُ فُلَانًا : دشوار ہونا
____ الْاَمْرَ : مشقت اُٹھانا۔

اِكْوَأَدَّ الشَّيْخُ : بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

اَلْكَأْدَاءُ۔ غم۔ سختی۔ پرہیز۔ تاریک رات۔ عَقَبَةٌ كَأْدَاءُ و كَؤُوْدٌ۔ دشوار گزار گھاٹی۔

الْكُؤَدَاءُ۔ غم یا تھکن کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔

الكَأْسُ۔ پیالہ (مؤنث) ج كُؤُوْس واَكْؤُس وكَأْسَات وكِئَاس۔ كَأْسُ الزَّهْرَةِ : کلی کا غلاف۔ الكَأْسُ : شراب۔

كَأَشَ (ف) كَأْشًا الطَّعَامَ : کھانا۔

كَأَصَهُ (ف) كَأْصًا۔ ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا
____ الشَّيْءَ : بہت کھانا یا پینا۔ کہا جاتا ہے "كَأَصْنَا عِنْدَهُ مِنَ الطَّعَامِ مَاشِئْنَا" یعنی ہم نے اس کے پاس جو کچھ چاہا کھایا۔

كَأْكَأَ كَأْكَأَةً۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔

تَكَأْكَأَ۔ بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا ____ الْقَوْمُ عَلَيْهِ : قوم کا کسی پر جمع ہونا ____ فِيْ كَلَامِهٖ : گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔

الكَأْكَاءُ۔ بزدلی۔ چور کی بھاگنے کے وقت کی دوڑ۔

الْمُتَكَأْكِئُ۔ فا۔ پستہ قد۔

كَأَلَ (ف) كَأْلًا وكَأْلَةً وكُؤُوْلًا۔ قرض کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا۔ مثلاً تمہارا قرض کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض سے بیچ لو۔

اِكْوَأَلَّ اِكْوِئْلَالًا۔ پستہ قد ہونا۔

كَأَنَ (ف) كَأْنًا الرَّجُلُ : مضبوط ہونا۔

كَأَنَّ۔ حروفِ مُشَبَّہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع۔ اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) تشبیہ۔ جیسے "كَأَنَّ زَيْدًا اَسَدٌ" گویا زید شیر ہے اور اکثر استعمال اسی میں ہوتا ہے۔

(۲) شک و ظن جیسے "كَأَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" شاید زید کھڑا ہے۔

(۳) تقریب جیسے كَأَنَّكَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ قریب ہے کہ تم جاڑے میں پہنچو۔

كَأَيَ يَكْأَيُ كَأْيًا الرَّجُلَ : گفتگو سے رنجیدہ کرنا۔

اَكْأَى عَنْهُ : ناپسند کرنا۔

كَأَيِّنْ وكَأَيٍّ۔ کاف تشبیہ اور اَيٍّ سے مرکب ہے۔ کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے كَأَيٍّ مِنْ رَجُلٍ اور كَأَيٍّ رَجُلًا رَاَيْتُ میں نے بہت سے آدمی دیکھے۔ اور قلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود ﷺ کے لیے كَأَيٍّ تَقْرَأُ سورة الاحزاب یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورہ احزاب کی تلاوت کی تو اُنہوں نے جواب دیا۔ تہتر مرتبہ۔

كَبَّ (ن) كَبًّا الْاِنَاءَ : برتن کو اوندھا کر دینا۔
____ الرَّجُلَ عَلٰى وَجْهِهٖ ولِوَجْهِهٖ : پچھاڑنا
____ الْغَزْلَ : کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا
____ الشَّيْءُ : بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔

كَبَّبَ۔ کباب بنانا۔

اَكَبَّ۔ فُلَانًا : پچھاڑنا ____ الرَّجُلُ : پچھڑ جانا۔ سرنگوں ہونا ____ عَلَى الْعِلْمِ وغَيْرِهٖ : بہمہ تن مشغول ہونا۔ اَكَبَّ عَلَيْهِ : کسی کو

بچانے کے لیے اس پر چھا جانا۔
تَکَبَّبَ۔ کپڑے میں لپٹنا ___ الرّملُ او الشّجرُ: تہ بتہ ہونا۔ تَکَبَّبَتِ الإبلُ: اُونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔
تَکَابَّ القومُ علَی الشّیْئِ: بھیڑ کرنا۔
اِنکَبَّ علَی الأمرِ: لازم ہونا۔
الکُبُّ۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔
الکُبَّۃ۔ گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت۔ بڑا اُونٹ۔ بوجھ۔ کُبَّۃُ الغَزلِ او الخُیُوطِ: کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج کُبَبٌ۔
الکُبَّۃُ و الکَبَّۃُ۔ حملہ۔ اور کہا جاتا ہے "کَانَتْ لَھُمْ کَبَّۃٌ فِی الحَرْبِ" یعنی انھوں نے لڑائی میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ
الکَبَّۃ: لوگوں کی جماعت۔ کَبَّۃُ النّارِ: آگ کا بڑا حصہ۔ کَبَّۃُ الشِّتاءِ: سردی کا یکبارگی آنا۔ سردی کی شدت۔
الکَبَاب۔ کباب۔
الکُبَاب۔ بہت اُونٹ بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت۔
المِکَبُّ۔ دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مِکَبَّات و مَکَابُّ۔
المُکِبُّ و المِکْبَاب۔ زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔
کَبَتَہٗ (ض) کَبْتًا۔ پچھاڑنا۔ رُسوا کرنا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَبَتَہٗ لِوَجْھِہٖ" یعنی اس نے اس کو منہ کے بل پچھاڑ دیا۔ و "کَبَتَ فُلَانٌ غَیْظَہٗ فِی جَوْفِہٖ" یعنی فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ و "کَبَتَ اللّٰہُ العَدُوَّ" یعنی اللہ دشمن کو رُسوا و ذلیل کرے۔
اِنْکَبَتَ۔ پچھاڑا جانا۔ رُسوا ہونا۔ پھرنا۔ ٹوٹنا۔
المُکْتَبِت۔ غم سے بھرا ہوا۔
کَبِثَ (س) کَبَثًا اللّحمُ: گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت کَبِیْثٌ و مَکْبُوْثٌ۔
کَبَثَ السّفِیْنَۃَ: کشتی کو زمین کی طرف کھینچ کر لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔
کَبَحَ (ف) کَبْحًا الدّابّۃَ باللّجامِ: چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ کَبَحَہٗ عَنِ الحَاجَۃِ: باز رکھنا۔ کَبَحَہٗ بِالسّیفِ: تلوار سے مارنا۔ کَبَحَ الحَائِطُ السّھمَ: دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔
اَکبَحَ الدّابّۃَ باللّجامِ: چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
کَابَحَہٗ مُکَابَحَۃً۔ گالی گلوچ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔
اُکْبِحَ المکانُ: بلند ہونا۔ صفت مُکْبِح و مُکْبَح۔
الکَابِح۔ فا۔ بدشگونی کی چیز۔ ج کَوَابِح۔
بَعِیْرٌ اَکْبَح۔ مضبوط اُونٹ۔
کَبَدَہٗ (ن ض) کَبْدًا۔ جگر پر مارنا۔
کَبَدَ الأمرَ: ارادہ کرنا ___ البردُ القومَ: سردی کا تکلیف دہ ہونا۔
کَبِدَ (س) کَبَدًا و کَبِدَ۔ درد جگر والا ہونا۔ صفت مَکْبُوْد۔
کَابَدَ کِبَادًا و مُکَابَدَۃً الأمرَ: مشقتیں برداشت کرنا ___ المُسَافِرُ اللّیلَ: رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔
کَبَّدَتِ الشّمسُ السّماءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تَکَبَّدَ الأمرَ: ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا ___ المکانَ: وسط میں پہنچنا ___ الشّمسُ السّماءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔ اللّبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔
الکَبْد و الکِبْد و الکَبِد مِنَ الأمعاءِ: جگر۔ کلیجہ (مذکر و مؤنث) ج اَکْبَاد و کُبُوْد: الکَبد: اندرون۔ پہلو۔ وسط شی۔ معظم شی۔ کَبِدُ القوسِ: علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ کَبِدُ الأرضِ: معدنی چیزیں جیسے چاندی، سونا وغیرہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ تُضْرَبُ اِلَیْہِ اَکْبَادُ الإبلِ" یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کر کے آتے ہیں۔
الکَبْد و الکَبَد و الکَبْدَاء و الکُبَیْدَاء و الکُبَیْدَاۃ مِنَ السّماءِ: وسط آسمان۔
الکَبْدَاء: ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیان حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔ الکَبَد: پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ فضاء آسمانی۔ سختی۔ ریت کا درمیان حصہ۔
الکَبْدَۃ۔ کَبد کا اسم مرۃ۔ دوستی و محبت کا مہرہ۔
الکُبَاد۔ درد جگر۔
الکُبَّاد۔ چکوترہ۔
الأکْبَد۔ ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث کَبْدَاء ج کُبْد۔
الکَابِد۔ فا۔ مشقت کی برداشت۔
کَبِرَ (س) کِبَرًا و مَکْبِرًا فِی السِّنِّ: عمر رسیدہ ہونا۔
کَبَرَ (ن) کَبَرَ فُلَانًا بِالسِّنِّ: کسی سے بڑا ہونا (عمر میں)
کَبُرَ (ک) کِبَرًا و کُبْرًا و کَبَارَۃً فِی القَدْرِ: مرتبہ میں بڑا ہونا۔ کَبُرَ عَلَیْہِ الأمرُ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔
کُوبِرَ الرّجلُ فِی مَالِہٖ: ظلم سے لیا جانا۔ صفت مُکَابَرٌ عَلَیْہِ۔
کَبَّرَ تَکْبِیْرًا و کِبَّارًا۔ اللہ اکبر کہنا ___ الشّیْئَ: بڑا بنانا۔
کَابَرَہٗ۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ کرنا ___ عَلٰی حَقِّہٖ: حق کا انکار کرنا۔
اَکْبَرَ الأمرَ: بڑا سمجھنا ___ الرّجلَ: بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔
تَکَبَّرَ و تَکَابَرَ۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ تَکَابَرَ الرّجلُ: اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا۔
اِسْتَکْبَرَ۔ متکبر ہونا ___ الأمرَ: بڑا سمجھنا۔ بڑا شمار کرنا۔
الکِبْر۔ غرور۔ بڑا گناہ۔
الکِبْر و الکُبْر۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شرف۔ رفعت
الکِبْر: کفر و شرک۔
الکِبَر و الکَبْرَۃ و الکِبْرَۃ۔ بڑھاپا۔ و الکِبْرَۃُ: بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کُبْرُھُمْ و کِبْرَتُھُمْ و کُبْرُھُمْ و کُبُرَّتُھُمْ و اِکْبِرَّتُھُمْ و اَکْبِرَّتُھُم" وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے و فُلَانٌ کِبْرَۃُ وَلَدِ اَبِیْہِ: فلاں اپنے باپ کی اولاد میں سب سے بڑا ہے۔ اس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔
الکَبَر۔ ڈھول۔ ج کِبَار و اَکْبَار (دخیل) ایک درخت کا نام۔
الکِبْرِیَاء۔ بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔

الكُبَار و الكُبَّار و الكَابِر۔ بڑا۔ الكَابِر: بلند مرتبہ سردار۔ مورثِ اعلیٰ۔
الكَبِير۔ بڑا۔ ج كِبَار و كُبَرَاء۔ معظم۔ رئیس اور کبیر اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الكَبِيرَة۔ کبیر کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ ج كَبِيرَات و كَبَائِر۔
الأَكْبَر۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے الأَكْبَر والأَصْغَر بمعنی كَبِير وصَغِير ج أَكَابِر وأَكْبَرُون۔ أَكَابِرُ القَوْمِ: شرفاء قوم۔ کہا جاتا ہے "آتَانِيْ فُلَانٌ أَكْبَرَ النَّهَارِ: فلاں میرے پاس دن چڑھے کے وقت آیا۔
الإِكْبِر والأَكْبَر۔ ایک میٹھی چیز ہے خشک حلوے کی مانند۔ جس کو شہد کی مکھی جمع کرتی ہے اور یہ شہد اور موم کے علاوہ ہے۔
الكُبْرىٰ۔ اکبر کا مؤنث۔ ج كُبَر و كُبْرَيَات اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الجَارِيَةُ مِنْ كُبْرَى بَنَاتِ فُلَانٍ" یہ لڑکی فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی ہے۔
المَكْبِر والمَكْبَرة۔ عمر کی بڑائی۔
المَكْبُورَاء۔ اسم جمع بمعنی كُبَرَاء۔
كَبْرَتِ الشَّيْءَ: کسی چیز پر گندھک ملنا۔
الكِبْرِيت۔ گندھک۔ سرخ سونا۔ سرخ یاقوت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبٌ كِبْرِيتٌ وفِضَّةٌ كِبْرِيتٌ" خالص سونا چاندی۔
كَبَسَ (ض) كَبْسًا عَلَى الشَّيْءِ: حملہ کرنا اور بھینچنا ___ البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی سے پاٹنا ___ رَأْسَهُ فِي الثَّوْبِ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔
القَوْمُ دَارَه: اچانک حملہ کرنا ___ السَّنَةَ بِيَوْمٍ: سال میں ایک دن زائد کرنا ___ النَّاصِيَةُ جَبْهَتَهُ: پیشانی کو چھپالینا۔
كَبِسَ (س) كَبَسًا۔ بڑے سر والا ہونا۔ صفت أَكْبَس مؤنث كَبْسَاءُ۔ ج كُبْس۔
كَبَّسَ الجَسَد: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔
___ عَلَى الشَّيْءِ: گھس پڑنا۔
تَكَبَّسَ وانْكَبَسَ النَّهْرُ او البِئْرُ: نہر یا کنوئیں کا مٹی سے بھر جانا۔ تَكَبَّسَ الرَّجُلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَكَبَّسَ عَلَى الشَّيْءِ: گھس پڑنا۔
الكِبْس۔ کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ۔ اصل۔ مٹی کا گھر۔
الكِبَاسَة۔ کھجوروں کا گچھا۔ ج كَبَائِس۔
جِبَالٌ كُبْسٌ و كُبَّسٌ۔ سخت پہاڑ۔
الكَابُوس۔ ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہے۔
الكُبَّاس۔ سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پُر گوشت۔ هَامَةٌ كُبَاس: موٹی گول کھوپڑی۔
الكَبْسَة۔ اچانک حملہ۔
الكَابِسَة۔ کابس کا مؤنث۔ أَرْنَبَةٌ كَابِسَةٌ اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ نَاصِيَةٌ كَابِسَةٌ: پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔
الكَبِيس۔ ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے۔ السَّنَةُ الكَبِيسَة: وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے جیسے سنہ ۱۹۴۰ء و سنہ ۱۹۴۴ء
المِكْبَس۔ ج مَكَابِس والمِكْبَاس ج مَكَابِيس اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ۔
المَكَابِيس: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔
المُكَبِّس۔ فا۔ سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک آنے والا اور دبانے والا۔
كَبَشَ (ن) كَبْشًا الشَّيْءَ: مٹھی بھر کر لینا۔
الكَبْش۔ مینڈھا جب کہ دو سال کا ہو۔ اور بقول بعض چار سال کا۔ ج كِبَاش و أَكْبَاش و أَكْبُش و كَبْشَة۔ الكَبْش: سردار قوم۔ بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ کرنے کیلئے لگایا جائے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔
الكِبَاش۔ جواں مرد لوگ۔
الكَبَّاش۔ مینڈھوں والا۔
الكُبَاص و الكُبَاصَة۔ مضبوط و قوی اونٹ یا گدھا۔
كَبَعَ (ف) كَبْعًا الشَّيْءَ: کاٹنا ___ هُ عَنْ كَذَا: منع کرنا، روکنا ___ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔
كَبَعَ (ف) كُبُوعًا۔ ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
كَبَّعَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الكَبَع۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اونٹ) بھی کہتے ہیں۔
كَبْكَبَ كَبْكَبَةً وكِبْكِبَةً الشَّيْءَ: الٹنا، پچھاڑنا۔ المَوَاشِي الشَّارِدَةَ۔ بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا ___ الشَّيْءَ: گڑھے میں پھینکنا۔
تَكَبْكَبَ فِي ثِيَابِهِ: لپٹنا ___ القَوْمُ: جمع ہونا۔
الكَبْكَبُ والكِبْكِبُ۔ ایک قسم کا کھیل۔
الكُبْكُبَة بتثليث الكافين والكُبْكُوب والكُبْكُوبَة: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔
الكُبْكُب والكُبَاكِب: گٹھے بدن والا۔
الكِبْكِبَة والكِبْكِب۔ کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔
كَبَلَهُ (ض) كَبْلًا و كَبَّلَهُ۔ بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔
كَبَلَهُ و كَابَلَهُ مُكَابَلَةً الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا ___ كَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خرید لے اور پھر شفعہ سے لے لینا۔
تَكَبَّلَ۔ بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔
اِكْتَبَلَ الأَسِيرَ: بیڑی ڈالنا ___ الكِيْسَ: تھیلی کو باندھنا ___ هُ بِخَيْرِهِ: روک رکھنا۔
الكَبْل والكِبْل۔ بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج كُبُول و أَكْبُل۔ الكُبُل: ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔
الكَبَل والكَابِلِيّ۔ تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْوٌ كَبَلٌ او كَابِلِيٌّ"
الكَابُول۔ شکاری کا جال۔
المَكْبُول۔ مفع۔ قیدی۔
الكَابُلِيّ۔ پستہ قد۔
الكَبُولَاء۔ ایک قسم کا کھانا۔

کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا ___ الشَّیْءَ : غائب کرنا ___ عَنِ الشَّیْءِ : بدول ہونا۔ باز رہنا ___ عَنْهُ لِسَانَهُ : زبان روکنا ___ هَدِیَّتَهُ : روک لینا۔

کَبَنَ (ض) کَبْنًا و کُبُوْنًا الظَّبْیُ : ہرن کا زمین سے چمٹنا ___ الرَّجُلُ : سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر رکھے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ چھوٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔

اِکْبَنَ۔ لِسَانَهُ عَنْهُ : زبان روکنا۔

اِکْبَأَنَّ اِکْبِئْنَانًا۔ سمٹنا۔ سکڑنا۔

الظَّبْیُ : ہرن کا زمین سے چمٹنا ___ الرَّجُلُ : شکستہ دل ہونا۔

الکِبْنُ۔ مص ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔

الکُبُنُّ و الکُبُنَّةُ۔ بخیل۔ کنجوس۔ الکُبُنَّةُ خشک روٹی۔

الکُبَانُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

المَکْبُوْنُ۔ مفو۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔

___ مِنَ الخَیْلِ : چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْنُ۔ رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الأَصَابِعِ : سخت اور موٹی انگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَةٌ۔

المَکْبُوْنَةُ : جلد باز عورت۔

کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا و کُبُوًّا الوَجْهِ : منہ کے بل گرنا ___ الزَّنْدُ : چقماق کا بے آگ ہونا۔

کَبَتِ النَّارُ : آگ کا راکھ میں چھپنا ___ النُّوْرُ : روشنی کم ہونا۔

___ النَّبْتُ : نباتات کا پژمردہ ہونا ___ الغُبَارُ : غبار کا اوپر کو چڑھنا ___ الجَمْرُ : بلند ہونا۔

___ لَوْنُ الصُّبْحِ او الشَّمْسِ : تاریک ہونا ___ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر نہ لگنا ___ مَاءًا فِی الوِعَاءِ : پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا ___ الکُوْزَ : کوزہ سے گرا دینا ___ الشَّیْءَ : صاف کرنا ___ البَیْتَ : جھاڑ دینا۔

کَبَّی تَکْبِیَةً النَّارَ : آگ کو راکھ میں چھپانا۔

ثَوْبَهُ بِالکِبَاءِ : کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کِبَاء)

اَکْبَی اِکْبَاءً۔ الزَّنْدُ : چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اَکْبَی وَجْهَهُ : متغیر کرنا۔

کَابَی مُکَابَاةً السَّیْفَ : تلوار کو میان میں رکھنا۔

تَکَبَّی عَلَی المِجْمَرَةِ : عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔

اِکْتَبَی بِالعُوْدِ : دھونی دینا۔

اِنْکَبَی۔ منہ کے بل گرنا۔

الکُبَاءُ۔ بلند۔

الکِبَاءُ و الکِبَی ج اکباء و الکُبَةُ : ج کُبُوْن : کوڑا کرکٹ۔

الکِبَاءُ۔ زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے اِدھر اُدھر غلیظ جھاگ۔

الکِبَاءُ۔ دھونی کی لکڑی۔ ج کُبًی۔

الکَبْوَةُ۔ کَبَا کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔

الکُبْوَةُ۔ دھونی دینے کی انگیٹھی۔

الکَابِی۔ فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِی الرَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِی : بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٍ : باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ کَابٍ : بلند غبار۔

الکَابِیَةُ۔ کَابِی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَةٌ : راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔

کَتَّهُ (ن) کَتًّا۔ شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِجَیْشٍ مَا یُکَتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور فوج لے کر آیا۔

کَتَّ و اَکَتَّ و اکْتَتَّ الکَلَامَ فِی اُذُنِهِ : چپکے چپکے کہنا۔

کَتَّ (ن) کَتِیْتًا۔ آہستہ چلنا۔

کَتَّ (ض) کَتًّا البَعِیْرُ : اونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ کَتَّتِ القِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔ ابلنا۔

کَتَّ الرَّجُلَ : ذلیل کرنا۔ غمگین کرنا۔

اِکْتَتَّ الحَدِیْثَ : بات سننا۔

تَکَاتَّ النَّاسُ : شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔

الکَتُّ۔ مص دُبلا (مذکر و مؤنث) ___

الکَتَّةُ۔ کَتَّ کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔

الکَتَّةُ۔ روئی کا بال۔

الکَتِیْتُ۔ مص۔ ہانڈی ابلنے کی آواز۔ جوش شراب کی آواز۔ جوان اونٹ کی آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَتِیْتُ الیَدَیْنِ" یعنی بخیل مرد۔

الکَتِیْتَةُ۔ ایک قسم کا کھانا۔

کَتَبَ (ن) کَتْبًا و کِتَابًا و کِتْبَةً و کِتَابَةً الکِتَابَ : لکھنا۔ کَتَبَ عَلَیْهِ کَذَا : واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ اللّٰهُ عَلٰی عِبَادِهِ الطَّاعَةَ وَ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ" یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔ کَتَبَ القِرْبَةَ کَتْبًا : مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔

کَتَّبَ الکِتَابَ : لکھنا ___ الوَلَدَ : لکھنا سکھانا ___ الجُنُوْدَ : فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔

کَاتَبَهُ مُکَاتَبَةً۔ خط و کتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ کَاتَبَ العَبْدَ : مال معینہ کی ادائیگی کی شرط پر آزاد کرنا۔

اَکْتَبَهُ۔ لکھنا۔ سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔

اَکْتَبَهُ القَصِیْدَةَ : لکھوانا۔ اَکْتَبَ القِرْبَةَ : مشک کا منہ باندھنا۔

تَکَتَّبَ الرَّجُلُ : کپڑے سمیٹ کر ہوشیار ہونا۔ تَکَتَّبَتِ الکَتَائِبُ : فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔

تَکَاتَبَ القَوْمُ : ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا۔

اِکْتَتَبَ الکِتَابَ : لکھنا۔ املا کرانا۔ لکھوانا۔ لکھنے کو کہنا ___ الغُلَامَ : لکھنا سکھانا ___ القِرْبَةَ : مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا ___ بَطْنُهُ : بند ہونا ___ الرَّجُلُ : رجسٹر میں اپنا نام لکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِکْتَتَبَ بِمَالٍ او اِعَانَةٍ"

اِسْتَکْتَبَهُ الشَّیْءَ : لکھنے کو کہنا ___ ہٗ القَصِیْدَةَ : قصیدہ املا کرانے کو کہنا ___ الغُلَامَ : کاتب بنانا۔

الکِتْبَةُ۔ مص۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔

الکُتْبَةُ۔ سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔

الکِتَاب۔ مص۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔

صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُب و کُتْب والکِتَابُ عَلَی الْاِطْلَاق: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ اَھْلُ الْکِتَاب: وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ الْکِتَاب: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔

الْکُتُبِیّ۔ کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔

الْکِتَابَۃ۔ مص۔ لکھا ہوا۔ مالِ معین کی ادائیگی پر غلام کو آزاد کرنا۔

الْکَتِیْب۔ بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔

الْکَتِیْبَۃ۔ لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِب۔

الْکَاتِب۔ فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کَاتِبُوْن و کَتَبَۃ و کُتَّاب۔

الْکُتَّاب۔ جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج کَتَاتِیْب۔

الْمَکْتَب۔ تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَکَاتِب۔

الْمَکْتَبَۃ۔ لائبریری۔ کتب خانہ ج مَکَاتِب۔

الْمُکْتِب۔ فا رَجُلٌ مُکْتِبٌ: کتابیں نقل کرانے والا۔

الْمُکَتِّب۔ فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔

الْمَکْتُوْب۔ مفعو۔ خط۔ ج مَکَاتِیْب۔

کَتَحَ (ف) کَتْحًا الطَّعَامَ: شکم سیر ہو کر کھانا۔

کَتَحَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔

الدَّبَی الْاَرْضَ: کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔

الْکَتَد و الْکَتِد۔ دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج اَکْتَاد و کُتُوْد اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا و اَکْدَادًا" وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔

الْاَکْتَد۔ کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ والا۔

الْکُتْر و الْکِتْر و الْکَتَر و الْکُتْرَۃ۔ بلند کوہان

اَلْکِتْر: بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہو وہ۔ ہر چیز کا درمیان۔

الْکُتْر و الْکُتْرَۃ۔ لڑکھڑاہٹ کی چال۔

الْکِتْرَۃ۔ قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔

کَتَشَ (ن) کَتْشًا لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔

کَتِعَ (س) کَتَعًا۔ سکڑنا۔ لنجا ہونا ___ فِی الْعَمَلِ: مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔

کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ: لے جانا (___ کُتُوْعًا) فِی الْاَرْضِ: دور ہونا اور بھاگنا۔

کَتَّعَ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کَاتَعَہُ اللہُ: تباہ و برباد کرنا۔

تَکَاتَعَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔

الْکُتَع ج کِتْعَان و الْکَتِیْع: لئیم و ذلیل

الْکُتَع: مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ لنجا۔ راستہ کا واقف۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الْکَتِیْع: اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ کَتِیْعٌ او کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ کَتِیْعٌ: پورا سال۔

الْکُتْعَۃ۔ ج کِتَاع و الْکُتَعَۃ ج کُتَع و الْکِتْعَۃ ج کِتَع: ڈولچی۔

کُتَعُ۔ کَتْعَاء کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ ھٰذِہِ الدَّار جَمْعَاء کَتْعَاء" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَاَیْتُ اَخَوَاتِكَ جُمَعَ کُتَعَ" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا۔ اور کُتَعُ وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَعَ کو جُمَعَ پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَعُ کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اسلئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الْاَکْتَع۔ لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ کے توابع میں سے ہے۔ اور بغیر اَجْمَعُ کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُھُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاء۔

الْکَتْعَاء۔ باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کیلئے جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَاْیٌ مُکْتَعٌ۔ قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُکْتَعِفًا و مُکْرَنْبِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

کَتَفَ (ض) کَتْفًا و کَتِیْفًا۔ آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

___ فِی الْاَمْرِ: نرمی برتنا (___ کَتْفًا و کِتَافًا) الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ___ السَّرْجُ الدَّابَّۃَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا ___ الْاِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ___ الْاَمْرَ: ناپسند کرنا (___ کُتُوْفًا و کَتَفَانًا) الطَّائِرُ پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

کَتِفَ (س) کَتَفًا۔ چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ دردمند مونڈھے والا ہونا۔ کَتِفَ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

کَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا ___ الْاِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ___ اللَّحْمَ وَنَحْوَہٗ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا ___ الْفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَکَتَّفَ۔ سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَکَتَّفَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔

الْکَتْف و الْکِتْف و الْکَتِف۔ شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج کِتَفَۃ و اَکْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّہٗ لَیَعْلَمُ مِنْ اَیْنَ تُؤْکَلُ الْکَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الْکَتَف۔ مص درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الْکُتَاف۔ درد شانہ۔

الْکِتَاف۔ مشکیں کسنے کی رسی۔ ج اَکْتِفَۃ و کُتُف و کُتْف۔

الْکَاتِف۔ فا: ناپسند کرنے والا۔

الْاَکْتَف مِنَ الْخَیْلِ و الْجِمَالِ: درد شانہ والا۔ مؤنث کَتْفَاء ج کُتْف۔ الْاَکْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الْخَیْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الْکَتِیْف۔ لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج کُتُف۔

الْکَتِیْفَۃ۔ دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج کَتَائِف۔

الْکُتْفَان و الْکِتْفَان۔ ٹڈی جو پہلی مرتبہ اڑے۔ واحد کُتْفَانَۃ۔

الْمِکْتَاف۔ جانور جس کا شانہ زین سے زخمی

ہو گیا ہو۔
کَتْکَتَ الرَّجُلُ : بغیر قہقہہ کے ہنسا۔ (ــــ و تَکَتْکَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔
الکَتْکَات۔ جلدی جلدی بولنے والا۔
کَتَلَهُ(ن) کَتْلاً۔ قید کرنا۔ باز رکھنا۔
کَتِلَ (س) کَتَلاً۔ چمٹنا۔ صفت کَتِلٌ ــــ الحِمَارُ : گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔
کَاتَلَهُ اللّٰهُ : تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔
کَتَّلَ الشَّیْئَ : جمع کرنا اور گول بنانا۔
تَکَتَّلَ القَصِیْرُ : پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ــــ الشَّیْئُ : جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔
اِنْکَتَلَ۔ گزرنا۔ جانا۔
الکُتْلَةُ مِنَ الطِّیْنِ و نَحْوِهٖ : مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا کھجاج کُتَل۔
الکَتَال۔ نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (ــــ و الکَتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیْهِ کَتَالَهٗ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔
الکَتِیْلَة۔ درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج کتائل۔
الاَکْتَل۔ سخت۔ مصیبت۔
المِکْتَل و المِکْتَلَة۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَکَاتِل
المِکْتَل : زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔
الکَاثُوْلِیک۔ رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاثولیکی ج کَاثُوْلِیکِیُّوْن (دخیل)
کَتَم (ن) کَتْمًا و کِتْمَانًا و کَتَّمَ و اکْتَتَم الشَّیْئَ : پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کَتَمْتُ زَیْدًا الحَدِیْثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اول میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "کَتَمْتُ مِنْ زَیْدٍ
الحَدِیْثَ کَتَّمَ الشَّیْئَ" : چھپانے میں مبالغہ کرنا۔
و اِکْتَتَمَ الشَّیْئُ : زرد ہونا۔
کَتَمَ (ن) کُتُوْمًا و کِتَامًا الاِنَاءُ : بہنے سے رو کے رکھنا۔
کَاتَمَهٗ مُکَاتَمَةُ السِّرَّ : چھپانا۔ کہا جاتا ہے کَاتَمَهُ العَدَاوَةَ : یعنی دشمنی کو چھپایا۔
تَکَاتَمَ الرَّجُلَانِ الحَدِیْثَ : ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔
اِنْکَتَمَ۔ چھپنا۔
اِسْتَکْتَمَ السِّرَّ فُلَانًا : بھید چھپانے کو کہنا۔
الکِتْمَة۔ پوشیدگی۔
الکَتَم و الکُتْمَان و سمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔
الکَاتِم۔ فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ کَاتِمٌ بمعنی مَکْتُوْمٌ یعنی چھپا ہوا بھید وَقَوْسٌ کَاتِمٌ کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔
الکَتْمَة۔ کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعْتُهٗ کَتْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔
الکُتَمَة و الکَتَّام و الکَتَّامَة بھید کو بہت چھپانے والا۔
الکَتُوْم۔ بھید کو چھپانے والا (ــــ و الکَتِیْم) مِنَ القِسِیِّ : ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ کَتِیْم : درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الاَکْتَم۔ بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔
المُکْتَتِم۔ فا۔ سَحَابٌ مُکْتَتِم : بادل جس میں گرج نہ ہو۔
کَتِنَ (س) کَتَنًا۔ الوَسْخُ عَلَی الشَّیْئِ : میل کا چسپاں ہونا ــــ الشَّیْئُ : میل کچیل لگنا ــــ دھوئیں سے سیاہ ہونا ــــ النَّخْلَةُ : درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا ــــ فُلَانٌ : سیاہ لب ہونا۔
کَتَّنَ و اکْتَتَنَ الشَّیْئَ : چپکانا۔
تَکَتَّنَتِ المَرْاَةُ : برقع دستانے اور موزے پہننا۔
الکَتَن۔ ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی
وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چس پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔
الکَتْن و الکَتِن۔ پیالہ۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ : میلی کچیلی مشک۔
الکَتَّان۔ السی کا پودہ۔ الکَتَّان : سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ کَتَّانَهٗ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔
الکَتُّوْنَة۔ کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)
الکُتَّان۔ کھٹل۔
کَتَا یَکْتُوْ کَتْوًا۔ چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
اکْتَتٰی اِکْتِتَاءً۔ دشمن پر غالب آنا۔
اکْتَوْتٰی اِکْتِیْتَاءً۔ غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔
کَثَّ (ض) کَثَاثَةً و کُثُوْثَةً و کَثَّ (س) کَثَثًا۔ گاڑھا ہونا ــــ الشَّعْرُ : بالوں کا گھنا ہونا ــــ اللِّحْیَةُ : داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا ــــ بِسَلْحِه : پاخانہ کرنا۔
اَکَثَّ الرَّجُلُ : گھنی داڑھی والا ہونا۔
صفت کَثٌّ۔ ج کِثَاث و اَکَثُّ مؤنث کَثَّاء۔ ج کُثٌّ۔
الکَثّ و الکَثِیْث۔ گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کَثُّ اللِّحْیَةِ و کَثِیْثُهَا" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "وَ اِمْرَاَةٌ کَثَّةٌ و کَثَّاءُ" گھنے بال والی عورت۔ الکَثّ : میلا کچیلا۔
الکَثِیْث۔ سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔
الکَاثّ۔ کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اُگ آئے۔
کَثَأَ (ف) کَثْأً و کَثَأً تَکْثِئَةً اللَّبَنُ و نَحْوُهٗ دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا ــــ القِدْرُ : ہانڈی کا جھاگ دینا ــــ اللِّحْیَةُ : داڑھی لمبی اور گھنی ہونا ــــ الزَّرْعُ : کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا ــــ القِدْرَ : ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا ــــ الرَّجُلُ : بالائی کھانا ــــ اَوْبَارُ الاِبِلِ ــــ اُونٹ کے بال کا نکلنا۔
اَکْثَأَتِ اللِّحْیَةُ : داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔

الکَثَأَۃ و الکُثْأَۃ مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔
___ مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آجائے۔ کہا جاتا ہے "خُذْ کُثْأَۃَ قِدْرِک" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
کَثَبَ (ن ض) کَثْبًا الشَّیْئَ: جمع کرنا ___ الشَّیْئَ: جمع ہونا ___ القَوْمُ: اکٹھا ہونا ___ فِی المَکَانِ: داخل ہونا ___ المَاءَ: پانی گرانا۔
___ التُّرَابَ: مٹی اُڑانا ___ عَلَیْہِ: حملہ کرنا۔
___ الصَّیْدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَثَبَکَ الصَّیْدُ فَارْمِہِ" شکار تمہارے قریب آچکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ یَکْثُبُہٗ وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ کَثَبَ لَبَنُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
کَثَّبَ الشَّیْئَ: کم ہونا۔
کَاثَبَ القَوْمَ: قوم سے قریب ہونا۔
اَکْثَبَ الرَّجُلُ وَاِلَیْہِ وَمِنْہُ وَلَہٗ: قریب ہونا۔
فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِنْکَثَبَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔
الکَثَبُ۔ قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ مِنْ کَثَبٍ او عَنْ کَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الکُثْبَۃُ۔ تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج کُثَبٌ۔
الکَاثِبَۃُ: کَاثِبٌ کا مؤنث ___ مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاثِبُ۔
الکُثَّابُ۔ بہت۔
الکَثَّابُ و الکُثَّابُ۔ بے پیکان و بے پر کا تیر۔
الکَثِیْبُ۔ ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُبٌ و کُثْبَانٌ و اَکْثِبَۃٌ۔
الکَثْبَاءُ۔ مٹی۔
کَثَجَ (ض) کَثْجًا مِنَ الطَّعَامِ: بقدر کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔
کَثَحَ (ف) کَثْحًا الشَّیْئَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔

کَثَحَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ عَلَیْہِ: غبار ڈالنا۔ کَثَحَ مِنَ المَالِ: خواہش کے موافق لینا (___ و کَثَّحَ) عَنْ کَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَثَّحَتْہُ الرِّیْحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔
تَکَافَحَ القَوْمُ بِالسُّیُوْفِ: تلوار بازی کرنا۔
تَکَثَّحَ بِالحَصٰی: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔
الکَثْحَۃُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔
رَجُلٌ کُثْحُمُ اللِّحْیَۃِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ کُثْحَمَۃٌ مِنْ دَرِیْنٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْیَۃٌ کُثْمَحَۃٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔
کَثُرَ (ک) کَثْرَۃً و کَثَارَۃً۔ بہت ہونا۔ صفت کَثْرٌ و کَثِیْرٌ و کُثَارٌ و کَاثِرٌ و کَیْثَرٌ۔
کَثَرَ (ن) کَثْرًا۔ الرَّجُلُ: کثرت میں غالب ہونا۔
کَثَّرَہٗ زیادہ کرنا۔
اَکْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔
___ الشَّیْئَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا
___ النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَکْثَرَ اللّٰہُ فِیْنَا مِثْلَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔
کَاثَرَہٗ۔ کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ کَاثَرَ المَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔
تَکَثَّرَ بِمَالِ غَیْرِہٖ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا ___ مِنَ الشَّیْئِ: بہت لے لینا ___ بِالکَلَامِ: بہت گفتگو کرنا ___ فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔
تَکَاثَرَ القَوْمُ۔ کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا ___ الشَّیْئَ: بہت سمجھنا۔
اِسْتَکْثَرَ الشَّیْئَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا ___ مِنَ الشَّیْئِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔
الکِثْرُ و الکُثْرُ۔ بہت۔ کُثْرُ الشَّیْئِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی القُلِّ و الکُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔
الکَثْرَۃُ۔ بہتات۔ زیادتی۔
الکِثْرَۃُ۔ کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسے کہ کہا جائے اَلقِلَّۃُ

و الکِثْرَۃُ۔
الکُثْرٰی مِنَ النَّبِیْذِ و نَحْوِہٖ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔
الکَثِیْرُ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ کَثِیْرٌ و کَثِیْرَۃٌ و کَثِیْرُوْنَ۔ و نِسَاءٌ کَثِیْرٌ و کَثِیْرَۃٌ و کَثِیْرَاتٌ اور کہا جاتا ہے "کَثِیْرًا مَا یَعْمَلُوْنَ کَذَا" (بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لیے ہے۔ اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کیلئے مانتے ہیں۔
الکُثَارُ۔ بہت (___ و الکِثَارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِی الدَّارِ کُثَارٌ اَوْ کِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لیے مستعمل ہیں۔
الکَیْثَرُ۔ بہت فیاض مرد۔
المُکْثِرُ۔ مالدار۔
المِکْثَارُ و المِکْثِیْرُ۔ بہت بولنے والا (مذکر و مؤنث)
المَکْثُوْرُ۔ مفعو۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔
کَثَعَ (ف) کَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔
کَثَعَتْ (ف) کُثُوْعًا الغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔
کَثَعَتْ (ف) کَثْعًا و کُثُوْعًا و کَثِعَتْ (س) کَثَعًا الشَّفَۃُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو کَاثِعَۃ اور ایسے ہونٹ والے کو اَکْثَعُ کہتے ہیں۔
کَثَّعَ اللَّبَنُ او الغَنَمُ: بمعنی کَثَعَ۔ کَثَّعَتِ الاَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا ___ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا ___ الجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا ___ لِحْیَۃُ فُلَانٍ: داڑھی کا لمبی اور گھنی ہونا۔
فُلَانُ السِّقَاءِ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو

کھاتا۔
الکَثْعَة والکُثْعَة۔ بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الکُثْعَة :اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔
الکَثْعَة۔ گارا۔ کیچڑ۔
المُکَثِّع۔ فا۔ اِمْرَأَةٌ مُکَثِّعَة : ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔
الکُثْعَم۔ چھپا۔ اور بقول بعض تیندوا۔
کَثُفَ (ک) کَثَافَةً و تَکَاثَفَ۔ موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت کَثِیْفٌ۔
کَثَّفَهٗ۔ موٹا کرنا۔
اَکْثَفَ مِنْهُ : قریب ہونا۔ قدرت دینا۔
اِسْتَکْثَفَ الشَّیْءُ : گاڑھا ہونا ـــــ الشَّیْءَ : گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا ـــــ الْاَمْرُ :بلند ہونا۔
اَلْکَثَفُ۔ جماعت۔
الکَثِیْف۔ گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَثِیْفٌ یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد ـــــ و الکُثَاف) بہت۔
کَثْکَثَ الرَّجُلُ : گھنی داڑھی والا ہونا۔
الکَثْکَثُ و الکِثْکِثُ۔ مٹی۔ سنگریزے۔
کَثَلَ (ن) کَثْلاً الشَّیْءَ :جمع کرنا۔
الکُثْلُ۔ گروہ۔ گیہوں کا انبار۔
الکَوْثَلُ و الکَوْثَلَ۔ دنبالہ کشتی۔
الکَاثُوْلِیْك۔ دیکھئے کَاثُوْلِیْک۔
کَثَمَ (ض) کَثْمًا الشَّیْءَ : جمع کرنا ـــــ الْاَثَرَ : تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا ـــــ الشَّیْءَ : منہ میں رکھ کر توڑنا ـــــ هٗ عَنِ الْاَمْرِ :باز رکھنا۔
کَثِمَ (س) کَثْمًا۔ شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَکْثَم۔
کَاثَمَهٗ۔ قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَکْثَمَ القِرْبَةَ : مشک بھرنا ـــــ فِیْ بَیْتِهٖ : روپوش ہونا۔ اَکْثَمَهُ الصَّیْدُ : شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَکَثَّمَ۔ حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْکَثَمَ۔ غمگین ہونا ـــــ عَنْ وَجْهٍ کَذَا : پھر جانا۔

الکَثِمُ و الکَاثِمُ مِنَ الطِّیْنِ و نَحْوِهٖ : گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
کَثَمُ الطَّرِیْقِ : راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ عَنْ کَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
الاَکْثَمُ۔ کشادہ راستہ۔ "وَطْبٌ اَکْثَمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔
الکُثْنَة۔ گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الکَثْنَب۔ سخت۔
الکُثْوَ۔ مٹی کا ڈھیر۔ تھوڑا دودھ۔ سنگ خوار پرندہ۔
کَجَّ (ن) کَجًّا الغُلَامُ :لڑکے کا گیند کھیلنا۔
الکُجَّة۔ گیند۔
الکَجْکَجَة۔ ایک کھیل ہے کہ اس کو است الکلبہ بھی کہتے ہیں۔
الکُحُّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
کَحَّبَ الکَرْمُ : کچا انگور ظاہر ہونا۔
الکَحْب۔ کچا انگور واحد۔ کَحْبَة ـــــ : ذبر۔
الکَاحِب۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ دَرَاهِمُ کَاحِبَةٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔
الکَاحِبَه :آگ جس کا شعلہ بلند ہو۔
الاَکْحَتُ۔ پستہ قد۔
کَحَثَ (ف) کَحْثًا لَهٗ مِنَ الْمَالِ : دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
کَحْفَلَ کَحْفَلَةً۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔
الکَحْفَلَة۔ پیٹ کی بڑائی۔
کَحَصَ (ف) کُحُوْصًا الاَثَرُ :نشان مٹنا۔
الظَّلِیْمُ :شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھائی نہ دے ـــــ الرَّجُلُ : پشت دے کر بھاگنا (ـــــ کَحْصًا) البِلٰی فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔ بِرِجْلِهٖ : پاؤں سے کریدنا ـــــ الْاَرْضَ : زمین سے غبار اڑانا ـــــ الشَّیْءَ :کوٹنا ـــــ کَحْصًا و کَحَّصَ) الاَثَرَ :نشان مٹانا۔
الکَاحِص۔ فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج کَاحِصَةٌ۔ کَوَاحِص۔ اَظْلَافٌ کَوَاحِص :

مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
کَحَطَ (ف) کَحْطًا العَامُ :خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ۔
الکُحْوُف۔ جسم کے اعضاء۔
کَحَلَ (ف ن) کَحْلاً و کَحَّلَ العَیْنَ : آنکھ میں سرمہ لگانا ـــــ فُلَانًا : دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ و کَحَّال اور کہا جاتا ہے کَحَلَ السُّهَادُ عَیْنَهٗ کنایہ ہے بے خوابی سے۔
کَحَلَ (ف) کَحْلاً و اَکْحَلَ العَامُ : سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَتِ السِّنُوْنُ القَوْمَ : قحط لاحق ہونا۔
کَحَلَ و اَکْحَلَ و تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ و اِکْحَالَّ المکانُ بِالخَضْرَةِ : ابتدائی سبزی والا ہونا۔
کَحِلَتْ (س) کَحَلاً و اِکْحَالَّتِ العَیْنُ آنکھ کا سرگیں ہونا۔ و کَحِلَ الرَّجُلُ : سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ۔ آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِکْتَحَلَ فُلَانٌ : نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِکْتَحَلَ السُّهَادَ :بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا ـــــ وَجْهُهٗ بِالهَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِی بِكَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الکُحْلُ۔ مه۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
کَحْلُ و کُحَلُ و کَحْلَةُ۔ تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الکُحْل۔ سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الکَحَل۔ خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
الکِحَال۔ سنگ سرمہ و سرمہ (ـــــ و الکِحَلُ و الکِحْلَة) مہرۂ تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظربد۔
عَیْنٌ کَحِلٌ و کَحِیْلٌ و کَحِیْلَةٌ سرگیں آنکھ ج کَحْلٰی و کحائل۔
اَعْیُنٌ کَحْلَاءُ۔ سرگیں آنکھیں۔
الکُحَیْل۔ نفط۔ قطران۔

الْاَکْحَل۔ مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الْکَحْلَاء۔ الْاَکْحَل کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْل۔
الْکَحْلَاء و الْکُحَیْلَاء۔ گاؤزبان۔
الْکُحْلِی۔ سرمہ بنانے والا۔
الْمِکْحَل و الْمِکْحَال۔ سرمہ کی سلائی۔
الْمُکْحُلَة۔ سرمہ دانی۔
الْکَحْمَة۔ آنکھ۔
کَخی یَکْخِیْ کَخْیًا الشَّیْئُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
کَخَّ (ض) کَخًّا و کَخِیْخًا فِیْ نَوْمِهٖ: خراٹے لینا۔
کَخْمَهٗ (ف) کَخْمًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الْکَیْخَم۔ بڑا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا۔ کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ انگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا ___ الرَّجُلَ: تھکانا ___ الرَّاسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا ___ الشَّیْئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
کَدَّدَهٗ۔ سختی سے ہٹانا۔
تَکَدَّدَ۔ مشقت برداشت کرنا۔
اَکَدَّ و اِکْتَدَّ۔ کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ و اِکْتَدَّ الشَّیْئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِکْتَدَّهٗ و اِسْتَکَدَّهٗ۔ کام میں محنت کرانا۔
الْکَدُّ۔ مص۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ هٰذَا مِنْ کَدِّكَ وَلَا کَدِّ اَبِیْكَ" یعنی یہ تمہاری محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الْکِدَّة و الْکَدِیْد۔ سخت زمین۔ الْکَدِیْد: موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الْکُدَادَة و الْکُدَدَة و الْکَدَدَة ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
کُدَادَةُ السَّمْنِ: گھی کا تلچھٹ۔ کُدَادَةُ الْکَلَاِ: تھوڑی گھاس۔
الْکَدُوْد۔ بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْرٌ کَدُوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔

الْاَکَدَّة۔ چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ اَکْدَاد و اَکَادِیْد۔ شکست خوردہ قوم (ان کیلئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُمْ اَکْدَادًا و اَکَادِیْدَ" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا" و اِبِلٌ اَکْدَاد "تیز چلنے والا اونٹ۔
الْمِکَدُّ۔ کنگھی۔
الْمَکْدُوْد۔ مفع مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَة: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
کَدَأَ و کَدِیَ (ف س) کَدْءًا و کُدُوْءًا النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
کَدِیَ (س) کَدَأَ الْغُرَابُ: کوّے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا ___ الْبَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا ___ الْاِبِلُ: اونٹ کا کم بال والا ہونا۔
کَدَأَ و کَدَّأَ الْبَرْدُ النَّبَاتَ: زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔
اَرْضٌ کَادِئَةٌ۔ دیر سے اُگنے والی یا اُگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَادِئَةُ الْاَوْبَارِ: کم بال والے اونٹ۔
الْکَدْب و الْکُدْب و الْکَدَب و الْکَدِب جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدْبَة۔ دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔
کَدِجَ (س) کَدْجًا الرَّجُلُ: بقدرِ کفایت پینا۔
کَدَحَ (ف) کَدْحًا فِی الْعَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اٹھانا۔ کَدَحَ لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا۔ رَاْسَهٗ بِالْمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (___ و کَدَّحَ) الْوَجْهَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِکْتَدَحَ لِعِیَالِهٖ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَکَدَّحَ الْجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَکَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔
الْکَدْح۔ مص۔ خراش۔ ج کُدُوح۔
کَدَرَ (ن) و کَدُرَ (ک) و کَدِرَ (س) کَدَرًا و کَدَارَة و کُدُوْرًا و کُدُوْرَة و کُدْرَة۔ تیرہ گوں ہونا۔ میلا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلٰی فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ الْعَیْشُ: زندگی تلخ ہوئی۔

کَدَّرَ الشَّیْئَ: تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔
تَکَدَّرَ و اِکْدَرَّ الشَّیْئُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنْکَدَرَ فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا ___ عَلَیْهِ الْقَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْکَدَرَتِ النُّجُوْمُ بکھر جانا۔
الْکُدْرَة۔ مص ___ مِنَ الْاَلْوَانِ: میالا۔
الْکُدْرَةُ مِنَ الْحَوْضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج کُدَر (___ و الْکُدْرِیّ و الْکُدَارِیّ) پتلا بادل۔
الْکُدْر و الْکَدَر و الْکَدِیْر مِنَ الْعَیْشِ او الْاَلْوَانِ و غَیْرِ ذٰلِكَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الْکُدُرّ۔ موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّة۔ موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّة۔
الْکُدَارَة۔ ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الْاَکْدَر۔ میالا۔ مؤنث کَدْرَاء۔ ج کُدْر۔ سخت سیلاب۔ عَیْشٌ اَکْدَر: تلخ زندگی۔
کَدَسَهٗ (ض) کَدْسًا و کُدَاسًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا۔ کَدَسَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا چھینکنا ___ الْمُثْقَلُ فِیْ سَیْرِهٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا ___ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (___ کَدْسًا) بدفالی لینا (___ و کَدَّسَ) الْحَصِیْدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔
تَکَدَّسَ۔ ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔
تَکَدَّسَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ ابھار کر چلنا ___ الْفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔
الْکَدْسَة و الْکُدَاس۔ جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے و الْکُدَاس مِنَ الْفَلْجِ او الْحَصِیْدِ و مَا اَشْبَهَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جوان کی طرح ہو۔
الْکُدْس۔ ج اَکْدَاس و الْکُدَّاس ج کَدَادِیْس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکْدَاس

الرَّمل: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الکُدَاسَة۔ ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔
الکَادِس۔ فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوَادِس۔
المُتَکَادِس۔ فا۔ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان درخت۔
کَدَشَه (ض) کَدْشًا۔ خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔
کَدَشَ لِعِیَالِه: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (____ واکْدَشَ واکْتَدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً: حاصل کرنا واکْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔
تَکَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔
الکَدْش۔ زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدْشٌ" خراش زدہ کھال۔
الکَدَّاش۔ بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔
کَدَعَهُ (ف) کَدْعًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکُدْعَة۔ ذلیل و رُسوا۔
اَکْدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔
الکَدْفَة۔ ٹاپ یا چاپ کی آواز۔
کَدْکَدَ الرَّجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَةً و تَکَدْکَدَهُ۔ سختی سے ہٹانا۔
الکَدْکَدَة۔ مص۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔
کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا۔ اگلے دانتوں سے کاٹنا ____ الصَّیْدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِیْ غَیْرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔
کَادَمَتِ الدَّابَّةُ الحَشِیْشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔
اُکْدِمَ الاَسِیْرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔
تَکَادَمُوْا۔ بِالاَفْوَاهِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔
الکَدْم۔ مص۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوْم۔
الکَدْم۔ دانت کاٹنے کا نشان۔
الکُدَم۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سر والی کالی ٹڈی۔ واحد کُدَمَة۔
الکَدْمَة۔ کَدْم کا اسم مرۃ۔ داغ، نشان۔
الکَدَمَة۔ حرکت۔
الکَدُوْم و الکَدَّام۔ دانت کاٹنے والا۔
الکُدَام۔ گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔
الکُدَامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔
الکُدَامَة و الکُدَام۔ کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔
المَکْدَم۔ دانت کاٹنے کی جگہ۔
المُکْدَم۔ مِنَ الجِبَالِ والاَکْسِیَةِ: مضبوط بٹی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ: موٹے دل کا شیشے کا پیالہ اَسِیْرٌ مُکْدَمٌ: رسی سے بندھا ہوا قیدی۔
المُکَدَّم۔ دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُکَدَّمٌ جنگ کا زخمی شدہ۔
کَدَنَ (ن) کَدْنًا۔ بِالثَّوْبِ: پٹکا باندھنا۔
الکَدْن و الکِدْن۔ کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن۔
الکِدْنَة۔ کوہان۔
الکِدْنَة و الکُدْنَة چربی اور گوشت کی کثرت۔
الکَدَانَة۔ نااہلی۔ فرومایگی۔
الکَدِن۔ بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَة ج کَدِنَات۔
الکَدَن۔ مُیالا۔
الکَذَّان۔ نرم پتھر (اور یہ کَذَّان کی تحریف ہے)
الکَدَّانَة۔ نرم پتھر کا ٹکڑا۔
کَدَهَهُ (ف) کَدْهًا و کَدَّهُ۔ الشَّیْءَ: توڑنا۔ ____ بِالحَجَرِ: پتھر سے سخت رگڑنا ____ عَلَیْهِ: غالب ہونا ____ ہ الهَمُّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْدُوْدٌ مِنَ الهَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔ ____ لِاَهْلِهِ: مشقت سے کمائی کرنا ____ شَعْرَهُ بِالمُشْطِ: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔
تَکَدَّهَ۔ ٹوٹنا۔
الکَادِه: فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّه۔
الکَدْه۔ مص۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْه۔
کَدَا یَکْدُوْ کَدْوًا و کُدُوًّا۔ الزَّرْعُ: خراب فصل ہونا ____ الاَرْضُ: دیر سے اُگنا ____ کِدَاءًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔
کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًی بِالعَظْمِ: ہڈی کا گلے میں اٹکنا ____ المِسْکُ: بے خوشبو ہونا۔ صفت کَدٍ و کَدِیٌّ۔ کَدِیَتْ اَصَابِعُه: انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔
تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا۔ مشقت برداشت کرنا۔
کَدَیٰ یَکْدِیْ کَدْیًا الرَّجُلَ: روکنا۔ مشغول کرنا ____ الوَجْهَ: چہرے میں خراش لگانا ____ الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔
اَکْدَیٰ اِکْدَاءً الرَّجُلُ: حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاهُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ ہونا۔ الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَه فَاَکْدَیٰ" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا ____ النَّبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا ____ العَامُ: خشک سالی ہونا ____ المَطَرُ: بارش کم ہونا ____ الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔
کَدَّیٰ تَکْدِیَةً۔ سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔
تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا۔ عطیہ طلب کرنا۔
الکُدْیَة۔ سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی۔ الکُدْیَة: طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ (____ و الکَدَاة و الکَدَایَة) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔
الکَادِیَة۔ زمانہ کی سختی۔
کَذَّ (ن) کَذًّا۔ کھردرا ہونا۔
اَکَذَّ۔ نرم پتھر پر چلنا۔
الکَذَّان۔ نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَة۔
کَذَبَ (ض) کَذِبًا و کِذْبًا و کَذْبَةً و کِذْبَةً و کِذَابًا و کِذَّابًا۔ جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔
کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَّائِیْ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْكَ عَیْنُكَ" یعنی تیری

نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وکَذَبَ السَّیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وکَذَبَ القَوْمُ السُّرٰی: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَهُ الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

کُذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

کَذَّبَهٗ۔ جھوٹا بتانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهٗ: رُک جانا ـــــ الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا ـــــ عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَذَّبَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی کَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (ـــــ تَکْذِیْبًا و کِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَذَّبَ بِآیَاتِ رَبِّهٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَکْذَبَهٗ۔ جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَکْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَکْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الإکْذَاب ہے۔

کَاذَبَهٗ کِذَابًا و مُکَاذَبَةً۔ کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَکَذَّبَ۔ بتکلف جھوٹ بولنا ـــــ فُلَانًا و عَلَیْهِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَکَاذَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الکَذَاب۔ بتثلیث الکاف والکُذْبٰی و الکُذْبَان: جھوٹ۔

الاُکْذُوْبَة۔ جھوٹ۔ ج اَکَاذِیْب۔

الکَاذِب۔ فا ج کَذَبَةٌ و کُذَّابٌ و کُذُبٌ۔

الکَاذِبَة۔ کاذب کا مؤنث ج کَاذِبَات و کَوَاذِب۔ جھوٹ۔

الکَذُوْب۔ ج کُذُب والکُذْبَان والکَیْذَبَان والکَیْذُبَان: بڑا جھوٹا۔

الکَذُوْب: نفس۔

الکَذَّاب والکَذْبَة والکَذُوْبَة والتِکِذَّاب والمَکْذَبَان والمَکْذَبَانَة بڑا جھوٹا۔

الکَذُوْبَةُ: نفس۔

المَکْذَبَة والمَکْذِبَة۔ ج مَکَاذِب والمَکْذُوْب والمَکْذُوْبَة ج مَکَاذِیْب: جھوٹ۔

التَکَاذِیْب۔ جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔

کَذَا۔ دو طریقہ سے مستعمل ہے۔

(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَأَیْتُ زَیْدًا فَاضِلًا و رَأَیْتُ عَمْرًوا کَذَا۔ اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھٰکَذَا۔

(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ کَذَا و کَذَا دِرْهَمًا یا غیر عدد سے جیسے بِمَکَانِ کَذَا و کَذَا۔

الکَاذِی۔ کیوڑہ۔

کَرَّ (ن) کُرُوْرًا۔ لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ کَرَّ عَلَیْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لیے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت کَرَّار۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ یَصْلُحُ لِلْکَرِّ وَالفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ـــــ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ: رات دن کا باری باری آنا (ـــــ کَرًّا) الرَّجُلُ: لوٹانا (ـــــ کَرًّا و کُرُوْرًا و تَکْرَارًا) الفَارِسُ عَلَی العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور ٹوٹ پڑنا۔

کَرَّ (ن) کَرِیْرًا۔ المَرِیْضُ: جان دینا۔

کَرَّ (س ن) کَرًّا صَدْرُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔

کَرَّرَ تَکْرَارًا و تَکْرِیْرًا و تَکِرَّةً۔ الشَّیْئَ: بار بار کرنا۔

تَکَرَّرَ۔ بار بار ہونا۔

الکَرُّ۔ مع۔ کھجور کے پتوں کی رسّی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج کُرُوْر (ـــــ والکُرُّ) کنواں۔ ج کِرَار۔

الکُرُّ۔ نماز پڑھنے کے لیے مصلی۔ ج اَکْرَار و کُرُوْر۔

الکُرُّ۔ ایک پیمانہ کا نام۔ چار ج اَکْرَار۔

الکَرَّة۔ لڑائی میں حملہ ـــــ عند المولدین مِنَ المحاسبین: ایک لاکھ ج کَرَّات۔ الکَرَّة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو کَرَّتَان اور رَقَّتَان کہتے ہیں۔

الکَرِّیُّ۔ لڑائی میں حملہ۔

الکَرِیْر۔ مع۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الکَرَّار والمِکَرُّ۔ لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِکَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِکَرَّة: اُونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

المَکَرُّ۔ حملہ کی جگہ۔

کَرَبَ (ن) کَرْبًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا ـــــ القَیْدَ عَلَی المُقَیَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔

ـــــ ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا ـــــ ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ کَرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسّی باندھنا ـــــ فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (ـــــ کُرُوْبًا) قریب ہونا۔

النَّارُ: آگ بجھنے لگنا۔ کَرَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ کَرَبَ النَّاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "کَرَبَ یَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے (ـــــ کَرْبًا و کِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَّرْعِ: کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔

کَرِبَ (س) کَرَبًا الرَّجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسّی والا ہونا۔

کُرِبَ۔ غم لاحق ہونا۔

کَرَّبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی رسّی

باندھنا ــــ الرَّجُلُ :بے درخت اور بے پانی
والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی
ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَكْرَبَ قریب ہونا ــــ الْاَمْرُ : قریب
الوقوع ہونا ــــ الْاِنَاءَ : برتن بھرنے کے
قریب ہونا۔
فِي السَّيْرِ : دوڑنا ــــ الْقِرْبَةَ : مشک
بھرنا۔
كَارَبَهٗ مُكَارَبَةً وَكِرَابًا۔ قریب ہونا۔
تَكَرَّبَ۔ تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
الکَفَاف مِنَ الرِّزْقِ: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی۔ کہا جاتا ہے "قُوْتُهُ کَفَافُ حَاجَتِهِ" یعنی اس کا گزارہ بغیر کی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "و فُلَانٌ لَحْمُهُ کَفَافٌ لِأَدِیْمِهِ" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا ابھرا ہوا ہے۔ کَفَافُ الشَّیْءِ: چیز کے مانند۔ کہا جاتا ہے "وَعْنِیْ کَفَافِ" یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا "و طَارَ البَرْقُ فِی کَفَافِ السَّحَابِ" یعنی بادل کے کناروں میں بجلی کوندی "و جِئْتُهُ فِی کَفَافِ اللَّیْلِ" میں اس کے پاس رات کے ابتدائی حصّہ میں آیا۔

الکِفَاف۔ مِنَ الشَّیْءِ: گھیرا — مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کی گوٹ۔ کِفَافُ السَّیْفِ: تلوار کی دھار کِفَافُ السَّحَابِ: بادل کا کنارہ۔ بادل کا نچلا حصّہ۔ ہر وہ جو کسی چیز کے ملنے کی جگہ ہوتی ہے۔ وہ کفاف ہے مثلاً کِفَافُ الأُذُنِ۔ ج أَکِفَّة۔

الکَاف۔ فا۔ ج کَفَفَة۔ و نَاقَةٌ کَافٌّ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اُونٹنی۔ رَجُلٌ کَافٌّ: اپنے نفس کو روکنے والا مرد۔

الکَافَّة۔ کاف کا مؤنث۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ النَّاسُ کَافَّةً" یعنی سب آئے۔

(اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور اس کی اضافت نہیں ہوتی بلکہ ہمیشہ حالیت کی بنا پر منصوب رہتا ہے) الكَافَّةُ : بوڑھی اُونٹنی۔
الكَفُوف مِنَ النُّوقِ : بوڑھی ہونے کی وجہ سے گھسے ہوئے دانت والی اُونٹنی۔
المُكَافَأَةُ۔ ایک دوسرے کو روکنا۔
المَكْفُوف ج مَكَافِيْف والكَفِيْف : اندھا۔
المُسْتَكِفُّ۔ گول۔
المُسْتَكِفَّات۔ چشمے۔ اکٹھے اُونٹ۔
كَفَأَ (ف) كَفْأً پھرنا۔ شکست کھانا — عَنِ القَصْدِ : میانہ روی سے تجاوز کرنا۔
الرَّجُلَ : کسی کو دھتکارنا (— و كَفَأَ و اِكْتَفَأَ) الإِنَاءَ برتن کو اُلٹ دینا۔ اوندھا کردینا۔
كَافَأَ الرَّجُلَ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ : بدلا دینا — فُلَانًا : انتظار کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ نظیر ہونا۔ برابری کرنا۔ مداومت کرنا۔ بَيْنَ الْفَرَسَيْنِ بِرُمْحِهِ : ایک کے بعد دوسرے کو نیزہ مارنا۔
أَكْفَأَ۔ جھکنا — الإِنَاءَ : برتن کو الٹ دینا۔ جھکا دینا۔ أَكْفَأَتِ الإِبِلُ : اُونٹ کا بہت بچے دینا۔
أَكْفَأَ البَيْتَ : گھر پر پردہ لگانا — الشَّاعِرُ : بیت کے آخر کو روی کے بدلنے سے یا کسی اور طریقہ سے خراب کردینا۔
تَكَفَّأَ فِي مِشْيَتِهِ : لڑکھڑانا۔
اِكْتَفَأَ الإِنَاءَ : برتن کو جھکانا — پلٹ دینا۔ الإِبِلَ : اُونٹوں کو لوٹ ڈال کرلے بھاگنا۔
تَكَافَأَ القَوْمُ : ایک دوسرے کے برابر ہونا۔
اِنْكَفَأَ القَوْمُ : متفرق ہونا، واپس ہونا۔ شکست کھانا — إِلَى كَذَا : جھکنا — اللَّوْنُ : متغیر ہونا، رنگ بدلنا۔
اِسْتَكْفَأَ فُلَانًا إِبِلَهُ : ایک سال کی اُونٹوں کی پیدائش کسی سے مانگنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَكْفَأْتُهُ إِبِلَهُ فَأَكْفَأَنِيْهَا" یعنی میں نے اس سے اس کے اُونٹ کی ایک سال کی پیدائش کو مانگا تو اس نے مجھے دودھ، اُون، بچے سب دیدیے
"اِسْتَكْفَأْتُ فُلَانًا" : برتن کی چیز کو اپنے برتن میں انڈیلنے کو میں نے کہا۔
الكِفَاءُ و الكَفَاءَةُ۔ برابری۔ مساوات۔

الكِفَاءُ۔ مصدر کَافَأَ۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كِفَاءَ الوَاجِبِ" جتنی حمد واجب ہے اس کے برابر اللہ کے لیے حمد ثابت ہے۔ "وَهٰذَا كِفَاءُهُ" یہ اس کے مثل ہے "وَلَا كِفَاءَ لَهُ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ كِفَاءُ البَيْتِ : خیمہ کے اوپر سے نیچے تک کا پردہ جو آخر میں لگایا جاتا ہے۔ ج أَكْفِئَةٌ۔
الكُفْءُ و الكِفْءُ و الكَفْءُ مثل و نظیر۔ ج أَكْفَاء و كِفَاء۔
الكُفُوْءُ و الكُفُوء و الكَفِيْءُ وَ الكَفِيْئَةُ۔ مماثل۔
الكَفَاةُ و الكُفَاةُ مِنَ النَّخْلِ : درخت خرما کی ایک سال کی پیداوار — فِي الإِبِلِ : ایک سال کی پیدائش یا ایک سال یا اس سے زائد کے ناغہ کے بعد کی سالانہ پیدائش — فِي الأَرْضِ : سال بھر کی کھیتی۔ تم کہتے ہو — "مَنَحْتُهُ كَفَاةَ غَنَمِي" جبکہ تم ایک سال کے لیے دودھ صوف بچے سب دے دو اور اختتام سال پر بکریوں کو وہ تمہیں واپس کردے۔
الكَفِيْءُ۔ مماثل۔ بطن وادی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَفِيءُ اللَّوْنِ" یعنی اس کا رنگ بدلا ہوا ہے۔
كِفْءُ الوَادِي : اندرون وادی۔
الإِكْفَاءُ۔ مصدر أَكْفَأَ — عِنْدَ الشُّعَرَاءِ : حرف روی کو بدل بدل کر لانا۔ مثلاً کہیں میم کہیں دال کہیں نون۔ اور یہ ممنوع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ مُكْتَفِيَ اللَّوْنِ و مُكْفَأَ اللَّوْنِ" : میں نے اس کو متغیر اللون پایا۔
كَفَتَهُ (ض) كَفْتًا۔ پھیر دینا — هُ اللّٰهُ : وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اكْفِتْهُ إِلَيْكَ" اے اللہ اس کو وفات دے۔ كَفَتَ الشَّيْءَ : الٹ جانا — و كَفَّتَ الشَّيْءَ إِلَى نَفْسِهِ : اپنے ساتھ ملانا — الشَّيْءَ : قبض کرنا — فُلَانٌ ذَيْلَهُ : دامن سمیٹنا۔
كَفَتَ (ض) كَفْتًا و كِفَاتًا و كَفِيْتًا و كَفَتَانًا
تَكَفَّتَ الطَّائِرُ وَغَيْرُهُ : پرندہ کا تیز اڑنا یا دوڑنا اور سمٹنا۔ تَكَفَّتَ فِي مَسِيْرِهِ : دوڑنا۔ تَكَفَّتَ الثَّوْبُ : کپڑے کا سمٹنا۔
كَافَتَ مُكَافَتَةً و كِفَاتًا الرَّجُلَ : دوڑنے میں سبقت کرنا — الرَّجُلُ : اچانک مرنا۔
اِنْكَفَتَ۔ پھرنا۔ سکڑنا — الفَرَسُ : گھوڑے کا لاغر ہونا۔

اِكْتَفَتَ المَالَ۔ سب لے لینا۔
الكَفْتُ۔ مص۔ موت۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُبْزٌ كَفْتٌ" بے سالن کی روٹی۔ "رَجُلٌ كَفْتٌ" دبلا پتلا ہلکا پھلکا مرد (— و الكِفْتُ) چھوٹی ہانڈی۔
الكُفْتُ و الكُفْتَةُ مِنَ الخَيْلِ : بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا جو سوار نہ ہونے دے۔
الكِفَاتُ۔ مص۔ چیز جمع کرنے کی جگہ۔ جمع کی ہوئی چیز۔
الكَفِيْتُ۔ مص۔ توشہ دان — مِنَ الرِّجَالِ : ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيْتٌ : تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ كِفَاتًا و مُكَافَتَةً : اچانک مرگیا۔
الكَفَّاتُ۔ اسم مبالغہ۔ شیر۔
المُكَفَّتُ۔ دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔
كَفَحَ (ف) كَفْحًا العَدُوَّ : دشمن کے رو در رو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا — بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا — لِجَامَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کو ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا — الشَّيْءَ : سرپوش اتارنا۔ المَرْأَةَ : عورت کا اچانک بوسہ لینا۔
كَفِحَ (س) كَفْحًا عَنْهُ : شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔
كَافَحَ القَوْمُ أَعْدَاءَهُمْ : بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الأُمُوْرَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ : مداومت کرنا۔ كَافَحَ المَرْأَةَ : عورت کا اچانک بوسہ لینا۔
أَكْفَحَ الدَّابَّةَ : چوپایہ کو ٹھہرانے کی لیے لگام کھینچنا — فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ : ہٹانا۔ دفع کرنا۔
تَكَافَحَ القَوْمُ : آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔
تَكَافَحَتِ الأَمْوَاجُ : موجوں کا ٹکرانا — الكِبَاشُ : مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔
الكِفَاحُ۔ مص کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔
الكَفِيْحُ۔ نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا

مہمان۔

الاَکْفَح۔ کالا۔

الکَفْحَة۔ چھوٹی سی جماعت۔

کَفَحَهٗ (ف) کَفْحًا۔ طمانچہ مارنا — هٗ بِالْعَصَا :لاٹھی سے مارنا۔

الکَفْحَة۔ جمع شدہ سفید مکھن۔

رَجُلٌ مِکْفَحٌ و عَمُوْدٌ مِکْفَح :مضبوط۔

کَفَرَ (ن) کَفْرًا و کُفْرًا۔ الشَّیْءَ :چھپایا۔ کہا جاتا ہے "کَفَرَ دِرْعَه بِثَوْبِه" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا — اللَّیْلُ الشَّیْءَ و عَلَی الشَّیْءِ :ڈھانکنا — الجَهْلُ عَلٰی عِلْمِ فُلَانٍ : علم پر جہل کا غالب آنا (— کَفْرًا و کُفْرًا و کُفُوْرًا و کُفْرَانًا) ایمان کی ضد — بِالْخَالِقِ : نفی کرنا — کُفْرًا و کُفُوْرًا و کُفْرَانًا) نِعَمَ اللّٰهِ و بِنِعَمِ اللّٰهِ :ناشکری کرنا — بِکَذَا :بیزار ہونا۔

کَفَّرَ الشَّیْءَ : چھپانا — الرَّجُلَ : کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔

کَفَّرَ لَهٗ : تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا — اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ :معاف کرنا۔ گناہ مٹانا — عَنْ یَمِیْنِه اَوْ اِثْمِه :کفارہ ادا کرنا۔

کُفِّرَ۔ لِلْمَلِك : تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم کرنا لازم ہو۔

کَافَرَ مُکَافَرَةً۔ فُلَانًا حَقَّه :انکار کرنا۔

اَکْفَرَ۔ طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا — الرَّجُلَ : کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اَکْفَرَ الرَّجُلُ :دیہات میں رہنا۔

اِکْتَفَرَ۔ دیہات میں رہنا۔

الکَفْر۔ مع دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی مٹی۔ الکَفْر :دیہات۔ ج کفور (— و الکِفر و الکَفَرَة) رات کی تاریکی۔

الکُفْر و الکُفْرَان۔ ضد ایمان۔ الکُفْرَان : ناشکری۔ الکُفْر : فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الکَفْر و الکَفَرّیٰ و الکُفُرّیٰ و الکِفِرّیٰ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الکَفْر : پہاڑ کی گھاٹیاں واحد کَفْرَةٌ۔

الکَفِر مِنَ الْجِبَالِ :بڑا پہاڑ۔

الکَافِر۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج کَافِرُوْنَ و کَفَرَة و کُفَّار و کِفَار (کفار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مومن ہے اور کَفَرَةٌ کا استعمال اکثر اس کَافِر کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکر گزار ہے۔ الکَافِر : تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم الکَافِرُ مِنَ الْخَیْلِ :کالا گھوڑا۔

الکَافِرَة۔ کافر کا مؤنث۔ ج کَافِرَات و کَوَافِر۔

الکَوَافِر :شراب کے مٹکے۔

الکَفُوْر۔ کافر۔ ج کُفُر (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الکَافُوْر۔ ایک خوشبودار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج کَوَافِیْر و کَوَافِر۔

الکَفَّار۔ اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ کَفَّارٌ : اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الکَفَّارَة۔ کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُکَفِّر و المُتَکَفِّر۔ ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُکَفَّر۔ مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔ طَائِرٌ مُکَفَّرٌ :پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

کَفِسَ (س) کَفَسًا الصَّبِیُّ : ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت اَکْفَس۔ مؤنث کَفْسَاء۔ ج کُفْس۔

کَفِسَتْ و اِنْکَفَسَتْ رِجْلُه :پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ اِنْکَفَسَ الرَّجُلُ :مرد کا دوہرا ہونا۔

الکِفَاس۔ بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ کَفْکَفَهٗ عَنْ کَذَا : پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ کَفْکَفَ الدَّمْعَ : آنسو بار بار پونچھنا — الرَّجُلُ : قرض دار سے نرمی برتنا یا قرض دار سے تکلیف پہنچانے والے کو دور کرنا۔

تَکَفْکَفَ۔ عَنْهُ :باز رہنا۔ پھر جانا۔

کَفَلَ (ن) کَفْلًا و کَفَالَةً فُلَانًا :نان و نفقہ کا ذمہ دار ہونا — فِیْ صِیَامِه : لگاتار روزے رکھنا — الشَّیْءَ اِلَیْهِ :ملانا۔

کَفَلَ (ن س) و کَفِلَ (س) و کَفُلَ (ک) کَفْلًا و کُفُوْلًا الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ و المَالَ و بِالمَالِ : ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَفَلَ عَنْهُ بِالْمَالِ لِغَرِیْمِه" اس نے قرض خواہ کی لیے مال کی ذمہ داری کی۔

کَفَّلَهٗ۔ نان و نفقہ وغیرہ کا ذمہ دار ہونا۔

کَفَّلَه و اَکْفَلَهٗ اِیَّاهُ : ضامن بنانا۔ کَفَّلَ القَاضِی الخَصْمَ : ضامن لینا۔ اَکْفَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا :مال کا ضامن ہونا۔

کَافَلَهٗ مُکَافَلَةً۔ معاہدہ کرنا۔

تَکَفَّلَ لَهٗ بِکَذَا : ضامن ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَکَفَّلَ بِالمَالِ" یعنی اپنے ذمہ کر لیا (— و اِکْتَفَلَ) البَعِیْرَ : اُونٹ کے کوہان پر گول زین رکھ کر سوار کرنا۔ اِکْتَفَلَ بِفُلَانٍ : اپنے پیچھے سوار کرانا — بِالشَّیْءِ : پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے اِکْتَفَلُوْا بِالْجَبَلِ :یعنی پہاڑ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔

تَکَافَلَ القَوْمُ :بعض بعض کا ضامن ہونا۔

الکِفْل۔ دوچند ثواب یا گناہ پیچھے سوار ہونے والا۔ حصہ۔ نظیر۔ ضمانت۔ بیل کی گردن پر ہل کی لکڑی کے نیچے کا چیتھڑا۔ اون جو پہلے اون کے گرنے کے بعد نکلے' وہ شخص جو گھوڑے پر بیٹھ نہ سکے' وہ شخص جو میدان جنگ میں آخر میں رہے اور بھاگنے کے لیے مستعد رہے' وہ شخص جو اپنے جان و مال کو دوسرے کے ذمہ ڈال دے' چیتھڑے وغیرہ سے ایک گول سی چیز بناتے ہیں اور اس کو اُونٹ کے کوہان پر رکھتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آسانی رہے' وہ چیز جو سوار کی اس کے پیچھے سے حفاظت کرے۔ ج اَکْفَال۔

الکِفْلُ مِنَ الدَّابَّةِ :چوپایہ کا چوتڑ یا سرین کا پچھلا حصہ۔ ج اَکْفَال۔

الکَافِل۔ فا۔ ضامن۔ یتیم کا متولی۔ پے در پے روزے رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فُلَانٌ کَافِلًا" فلاں نے اس حالت میں رات گزاری

کہ نہ تو دن کو کھانا کھایا اور نہ رات میں۔ ج کُفَّلٌ۔

الکَفَالَۃُ۔ ضمانت (اسم ہے کَفَلَۃ سے) ج کَفَالَات۔

الکَفِیْل۔ ضامن۔ ہم مثل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَفِیْلٌ وامْرَأۃٌ کَفِیْلَۃٌ و قَوْمٌ کَفِیْلٌ" ج کُفَلاء۔

الکَفُوْلَۃ۔ اسم ہے کفل کا۔ اور کفل اس شخص کو کہتے ہیں جو گھوڑے پر نہ بیٹھ سکے۔

کَفَنَ (ض) کَفْنًا الجمر بالرَّمَادِ: چنگاری کو راکھ میں دبا دینا — الصُّوفَ: اون کاتنا — الخُبْزَۃَ فِی المِلَّۃِ: بھوبھل میں روٹی چھپانا۔ (— و کَفَّنَ) المَیِّتَ: کفن دینا۔

تَکَفَّنَ بِکَذَا: چھپنا۔

الکَفْن۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "طَعَام کَفْن" بے نمک کھانا۔

الکَفَن۔ کفن۔ ج اَکْفَان۔

الکَفْنَۃ۔ ایک درخت کا نام ہے۔ اور بقول بعض ایک گھاس ہے جو زمین پر بہت پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔

الکُفْنَۃ۔ عمدہ زمین جو ہر چیز کو اگائے۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مُکَفِّنُوْن یعنی ایسے لوگ جن کے پاس نمک نہ ہو۔

الکَافِۃُ۔ فوج کا سردار۔

اِکْفَھَرَّ اِکْفِھْرَارًا اللَّیْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا — السَّحَابُ: بادل گھٹا ٹوپ ہونا — الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا — النَّجْمُ: ستارہ کا سخت تاریکی میں چمکنا۔

المُکْفَھِرّ۔ فا۔ ہر تہ بتہ چیز۔ سخت اور بلند پہاڑ۔ کم گوشت۔ سخت اور بے حیا چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُکْفَھِرُّ اللَّوْنِ" یعنی فلاں کا رنگ تیرگی کی طرف مائل ہے "وفُلَانٌ مکفھرٌ" یعنی فلاں منقبض و ترش رو ہے۔ خوشی کے آثار اس کے اندر نہیں۔

الکُفُو والکُفْء۔ مثل اور نظیر۔

کَفٰی یَکْفِی کِفَایَۃً الشَّیْئُ: کافی ہونا۔ صفت کَافٍ۔ کَفَی الشَّیْئَ فُلَانًا: قناعت کرنا اور دوسرے سے مستغنی ہونا۔ و کَفٰی فُلَانًا مُؤْنَتَہٗ کارگزاری کر دینا۔ اور کارگزاری سے مستغنی کر دینا۔ کہا جاتا ہے "کَفَیْتُہٗ شَرَّ عَدُوِّہٖ" یعنی اس کو دشمن کے شر سے بچا دیا۔ اور کفی کے فاعل پر باکی زیادتی ہوتی ہے۔ جیسے "کَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا" یعنی اللہ تعالیٰ کی شہادت غیر سے مستغنی کر دیتی ہے۔ لفظ اللہ محلاً مرفوع ہے اور شہید اً تمیز ہے۔

کَافٰی کِفَاءً و مُکَافَاۃً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔ کافی ہونا۔

تَکَفَّی النَّبَاتُ: نباتات کا طویل ہونا۔

اِکْتَفٰی بِکَذَا: قناعت کرنا۔ مستغنی کرنا۔

اِسْتَکْفَی الرَّجُلَ الشَّیْئَ: کافی چیز مانگنا۔ تم کہتے ہو "اِسْتَکْفَیْتُہٗ الْاَمْرَ فکفَانِیْہِ" میں نے اس سے کافی چیز کی درخواست کی اس نے مجھے کافی دی۔

الکِفَایَۃ۔ مص۔ جو کافی ہو اور غیر سے مستغنی کر دے۔

الکَفْی والکِفْی والکُفْی۔ جس سے کفایت ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَفْیُكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد اس مرد سے تمہارے لیے کافی ہے اس میں مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔ الکِفْیُ: اندرون وادی۔ ج اَکْفَاء۔

الکُفْیَۃ۔ گزارہ۔ جو تمہاری زندگی گزارنے کے لائق ہو۔ ج کُفًی۔

الکَفِی و الکَافِی۔ جو تمہارے لیے کافی ہو اور تم کو غیر سے مستغنی کر دے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ کَافِیْکَ مِنْ رَجُلٍ و رَجُلَانِ کَافِیَاكَ مِنْ رَجُلَیْنِ و رِجَالٌ کَافُوْکَ مِنْ رِجَالٍ" یہ مرد تمہارے لیے فلاں مرد سے کافی ہے اور اسی قیاس پر تثنیہ اور جمع۔ کَفِیُّ الرَّجُلَ: مرد کا قائم مقام۔ الکَفِّی: بارش۔

المکافات۔ مص۔ احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ۔ اور کہا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُکَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی امید کی۔

کَلَّ (ض) کَلًّا وکِلَّۃً وکَلَالًا وکُلُوْلًا وکَلَالَۃ و کُلُوْلَۃً۔ تھکنا۔ صفت کَالٌّ۔ بے والد اور بے اولاد ہونا — السَّیْفُ وغَیْرُہٗ تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔ صفت کَلٌّ وَکَلِیْلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

کَلَّلَ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا — عَنِ الْاَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا — فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا — الرَّجُلُ: اپنے اہل و عیال کو ضائع ہونے کے لیے چھوڑ دینا — السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّلَ تَکْلِیْلَۃَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا — عَلَیْہِ بِالسَّیْفِ: تلوار سے حملہ کرنا — ہٗ: تاج پہنانا — ہٗ بِالْحِجَارَۃِ: پتھراؤ کرنا — السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَکَلَّ البُکَاءُ بَصَرَہٗ: نگاہ کا مدھم کر دینا — البَعِیْرَ: اونٹ کو تھکا دینا — الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ والا ہونا۔

تَکَلَّلَ۔ تاج پہننا — الشَّیْئُ بِہٖ: احاطہ کرنا۔ تَکَلَّلُوْہُ: لوگوں نے اس کا احاطہ کر لیا (— و اِکْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا و اِکْتَلَّ الغَمَامُ بِالبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔ کوندنا۔

اِنْکَلَّ السَّیْفُ: تلوار کا کند ہونا — البَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا — الرَّجُلُ: مسکرانا — السَّحَابُ عَنِ البَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا۔

الکَلّ۔ مص کمزور۔ وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔ یتیم۔ مرد گراں جان بے خیر۔ چھری یا تلوار کی پیٹھ۔ وکیل۔ بت۔ معیبت۔ فقیر۔ عیال بوجھ اور کَلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر و مؤنث کی جمع کُلُوْل کہتے ہیں۔

کُلّ۔ ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لیے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لیے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً۔ اور ما مصدر یہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کُلَّمَا اَتَاكَ زَیْدٌ اَکْرِمْہُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو۔ اور معرفہ و نکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔ جیسے "ھُوَ الْعَالِمُ کُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل

عالم ہے اور معرفہ و نکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلاً كَامِلاً كُلَّهُ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔ اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور مثنی کی جیسے "وَكُلُّ رَفِيْقَي كُلِّ رَحْلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَكُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَكُلُّ مُصِيْبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔ جیسے كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرَ یا كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں بھی لفظ و معنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔ جیسے كُلٌّ حَضَرَ وكُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے۔ اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے۔ اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ۔ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔ جیسے "مَا جَاءَ كُلُّ الْقَوْمِ": پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الكُلُّ لاِحَاطَةِ الاَفْرَادِ۔

كَلاَّ۔ ہرگز نہیں۔ حرف ردع ہے۔ تنبیہ اور زجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

الكَلَّة۔ كَلٌّ کا اسم مرة۔ کند چھری۔

الكُلَّة۔ تاخیر۔ دیر۔ کل کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے كُلَّةُ امْرَأَةٍ جیسے كُلُّ امْرِئٍ۔

الكِلَّة۔ باریک پردہ۔ مچھر دانی۔ ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ ج كِلَل و كِلاَّت (— و الكَلَل) حالت۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكَلَّلِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الكَلاَلَة۔ تھکن۔ جس کے والد اور ولد نہ ہو۔ وہ شخص جس کے لیے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔ کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الكَلاَلَةِ وابنُ عَمٍّ كَلاَلَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الكُلِّيُّ۔ کل کی طرف منسوب۔ العِلْمُ الكُلِّي: علم الٰہی۔

كُلِّيَّةُ الشَّيْءِ: بتمامہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكُلِّيَّتِهِ" یعنی بتمامہ لے لیا۔

الكُلِّيَّات فِيْ عُرف المنطقيين: وہ مفہوم ہے جو بہت افراد پر صادق ہو اور اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) جنس: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں مختلف ہوں۔ جیسے حیوان۔

(۲) نوع: وہ کلی جس کے افراد کی حقیقتیں متحد ہوں۔ جیسے انسان۔

(۳) فصل: وہ کلی جو ماعدا سے ممتاز کردے جیسے ناطق۔

(۴) خاصہ: وہ کلی عرضی جو ایک حقیقت کے ساتھ خاص ہو جیسے ضَاحِكٌ۔

(۵) عرضِ عام: وہ کلی عرضی جو ایک سے زائد حقیقت کے ساتھ ہو جیسے مَاشِي۔

الإِكْلِيْل۔ تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج اَكِلَّة و اَكَالِيْل: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ اِكْلِيْلُ الملك: ناخنہ۔ و اِكْلِيْلُ الجَبَل: ایک قسم کی نباتات۔

الكَلِيْل۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ كَلِيْلٌ" کمزور نگاہ "سَيْفٌ كَلِيْلٌ" کند تلوار۔ ج كِلاَل۔

كَلاَ (ف) كَلاءً و كِلاءً و كِلاءَةً اللّٰهُ فُلاَنًا: حفاظت کرنا۔ كَلاَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے مارنا۔ كَلاَ بَصَرَهُ فِي الشَّيْءِ: بار بار دیکھنا — النَّجْمَ مَتَى يَطْلُعُ: ستارے کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (— كَلاً و كُلُوْءَةً) الدَّيْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔ صفت كَالِئٌ و كَالٍ — عُمْرُهُ: عمر کا ختم ہونا۔

كَلاَ و كَلِيَ (س) كَلاَ الْمَكَانُ: سبزہ زار ہونا (— و اَكْلاَتِ) النَّاقَةُ: اونٹنی کا سبزی کھانا۔

كَلاَّ تَكْلِيْئًا و تَكْلِئَةً السَّفِيْنَةَ: کشتی کو کنارے سے قریب کرنا — الرَّجُلَ: باز رکھنا — فِي الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا — اِلَى فُلاَنٍ فِي الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (— تَكْلِيْئًا) بیعانہ لینا۔ (— تَكْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ میں آنا — فِي الطَّعَامِ وغیرہ: بیع سلم کرنا۔

كَالاَهُ مُكَالاَةً و كِلاَءً۔ انتظار کرنا۔

تَكَلاَّ و اِسْتَكْلاَ۔ الكُلاَةَ: بیعانہ لینا۔

اِسْتَكْلاَ الْمَكَانُ: سبزہ زار ہونا۔

اِكْتَلاَ كُلاَةً: بیعانہ لینا۔ اِكْتَلاَتْ عَيْنُهُ بے خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِكْتَلاَ مِنْ فُلاَنٍ: بچنا۔

الكَلاَ۔ گھاس۔ ج اَكْلاَء۔

الكَلاَّء۔ بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔

الكَالِئُ و الكَالِي۔ بیعانہ۔ ادھار ج كَوَالِي و كَوَالٍ۔

مَكَانٌ كَلِئٌ و مُكْلِئٌ۔ بہت سبزہ زار۔ مؤنث كَلِئَةٌ و مُكْلِئَةٌ۔

رَجُلٌ كَلُوْءُ العَيْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ عَيْنٌ كَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔

الكُلاَةُ۔ بیعانہ۔ ادھار۔

الاَكْلاَ۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ اللّٰهُ بِكَ اَكْلاَ العُمْرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری انتہائی عمر کرے۔

اَرْضٌ مَكْلاَةٌ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

المُكَلاَّ۔ بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔

كَلَبَ (ن) كَلْبًا الفَرَسَ: گھوڑے کو مہیز مارنا — المَزَادَةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔

كَلَبَ (ض) كَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے بھونکنے کے لیے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔

الكَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔

كَلِبَ (س) كَلَبًا۔ پیاسا ہونا — الكَلْبُ: دیوانہ ہونا — الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا — عَلَى الْاَمْرِ: حریص ہونا — فِيْ كَذَا: امید رکھنا — عَلَى الرَّجُلِ: اصرار کرنا — الرَّجُلُ: بغیر آسودگی

کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔ غضبناک ہونا۔ فرومایگی کرنا۔ — الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا — القِدُّ عَلَی الاَسِیْرِ: خشک ہونا — الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا — الشِّتَاءُ و الزَّمَانُ: سخت ہونا۔

کُلِبَ کَلَابًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانہ ہونا۔

کَلَّبَ الکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔

کَالَبَ کِلَابًا و مُکَالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔

اَکْلَبَ القَوْمُ: پیاسے اُونٹوں والا ہونا۔

تَکَالَبَ القَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا — عَلٰی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا" یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہو گئے۔

اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔ — الکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے کھانے کا عادی ہونا۔

الکَلْبُ۔ ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ ج کِلَابٌ۔ و اَکْلُبٌ و جج اَکَالِبُ و کِلَابَاتٌ

الکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔ کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِهٖ" وہ اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا جاتا ہے "کَفَّ عَنْهُ کِلَابَهٗ" یعنی اس نے گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی۔ اور فُلَانٌ بَوَادِی الکَلْبِ" جبکہ گھر بار نہ ہو جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔

الکَلْبُ: وادی کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ المَاءِ او کَلْبُ البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الکَلْبُ و کَلْبُ الجَبَّارِ و الکَلْبُ الاَکْبَرُ و الکَلْبُ الاَصْغَرُ و کَلْبُ الرَّاعِی: ستاروں کے نام۔ کَفُّ الکَلْبِ: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الکَلْبِ: ایک نباتات۔

الکَلَابُ۔ کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الکَلَبُ۔ کَلِبَ کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْكَ کَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الکَلْبَةُ۔ کتیا۔ کاٹنا۔ اُمِّ کَلْبَةٍ: بخار۔

الکَلْبَتَانِ۔ لوہار کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو کَلَّابَةٌ بھی کہتے ہیں۔

الکُلْبَةُ۔ سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الکَلَّابُ و الکَلُّوْبُ۔ مہمیز۔ آگ نکالنے کی لیے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج کَلَالِیْبُ: کَلَالِیْبُ البَازِی: باز کے پنجے۔ کَلَالِیْبُ الشَّجَرِ: درخت کے کانٹے۔

الکَلَّابُ و الکَالِبُ۔ کتے والا۔ الکَلَّابُ کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کی لیے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لیے لوہے کا کنڈا۔ ج کَلَالِیْبُ۔

الکَالِبُ و الکَلِیْبُ۔ کتوں کا جھنڈ۔

الکَلِبُ ج کَلِبُوْنَ و الکَلِیْبُ ج کَلْبٰی۔ کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ کَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ کَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ کَلِبٌ: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ کَلِبٌ عَلٰی کَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الکَلِبَةُ۔ کَلِبٌ کا مؤنث۔ خار دار درخت اَرْضٌ کَلِبَةٌ و اَرْضٌ کَلِبَةُ الشَّجَرِ: خشک زمین۔

المُکَلَّبُ۔ مقید بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ کِلَابٌ مُکَلَّبَةٌ: سدھے ہوئے کتے۔

المُکَلِّبُ۔ کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُکَالِبُ۔ دلیر۔

اَرْضٌ مَکْلَبَةٌ۔ بہت کتوں والی زمین۔

کَلَتَ (ض) کَلْتًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کَلَتَ بِهٖ: پھینکنا۔ کَلَتَهُ فِی الاِنَاءِ: برتن میں انڈیلنا الفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْکَلَتَ المَاءُ: ڈالا جانا — الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِکْتَلَتَ المَاءَ: پینا۔

الکُلْتَةُ۔ کھانے کا حصہ۔

الکَلِیْتُ و الکِلِّیْتُ۔ لمبا پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

کَلْتَبَ کَلْتَبَةً فِیْ اَمْرِهٖ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الکَلْتَبُ و الکُلْتُبُ کاموں میں سستی کرنے والا۔

کَلْثَمَ کَلْثَمَةً لَحْمُ الوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الکُلْثُوْمُ۔ چہرے اور رخساروں پر زیادہ گوشت ہونا۔ جھنڈے کے سرے پر ریشم کا ٹکڑا۔

الکَلَنْجُ۔ بہادر سخی۔

الکُلْجُ۔ قوی لوگ۔

کَلَحَ (ف) کُلُوْحًا و کُلَاحًا وَجْهُهٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت کَالِحٌ۔ کہا جاتا ہے "کَلَحَ فِیْ وَجْهِ الصَّبِیِّ او المَجْنُوْنِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

کَلَّحَ وَجْهَهٗ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اَکْلَحَ وَجْهَهٗ: تیوری چڑھا ہوا ہونا — وَجْهَه: تیوری چڑھانا۔

کَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا — القَمَرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَکَلَّحَ الوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا — البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اِکْلَوَّحَ وَجْهُهٗ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ کُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

کَلَاحِ۔ مبنی برکسرہ: قحط زدہ سال۔

الکَلَحَةُ۔ منہ اور اس کا اردگرد۔

الکالِح۔ فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَھْرٌ اَوْ شِتَاءٌ کَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔
الکَوْلَح۔ قبیح۔
کَلْحَبَ کَلْحَبَةً۔ تلوار سے مارنا۔
الکَلْحَبَةُ۔ آگ بھڑکنے کی آواز۔
الکلحِم۔ مٹی۔ خاک۔
کَلَدَ (ض) کَلْدًا و کَلَّدَ الشَّیْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔
تَکَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔
الکَلَد۔ سخت زمینیں۔ واحد کَلَدَةٌ۔
الاَکْلِید۔ کنجی۔ (دخیل)
الکَلْدَم۔ سخت۔
الکَلْدُوم۔ پستہ قد۔
کَلَزَ (ض) کَلْزًا و کَلَّزَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
اِکْلَأَزَّ اِکْلِئْزَازًا۔ البَازِی: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا — الرَّجُلُ: سکڑنا۔
الکِلِز۔ مضبوط پٹھے والا مرد۔
کَلَّسَ البَیْتَ۔ گچ سے استرکاری کرنا۔ — الشَّیْءَ: گچ کی مانند بنانا۔ کَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا — عَلَیْهِ: حملہ کرنا — مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
تَکَلَّسَ۔ چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔ — مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
الکِلْس۔ چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔
الکُلْسَة۔ بھورا رنگ۔
الاَکْلَس۔ چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیْفٌ کَلَّاسٌ: شمشیر براں۔
المُتَکَلِّس۔ تیز دوڑنے والا۔
الاَنْکَلِیس۔ ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنْکَلِیس بھی کہتے ہیں (دخیل)
کَلْسَمَ اِلَیْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔
الکَلْشَمَة۔ بڑھیا۔
کَلْصَمَ۔ الرَّجُلُ: بھاگنا۔
کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُهُ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔
کَلِعَ (س) و کَلَعَ (ف) کَلْعًا۔ الوَسْخُ عَلٰی رَاْسِهِ او فِیْ رَاْسِهِ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاْسُهُ: سر کا میلا ہونا۔ کُلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَّةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا (— کَلْعًا و کُلَاعًا) البَعِیْرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔
اَکْلَعَهُ الوَسْخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بتہ جمنا۔
تَکَلَّعَ القَوْمُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔
الکِلْع۔ مربد قوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلَعَةٌ۔
الکَلَع۔ بوائی۔ پیر کی پھٹن۔
اَلکَلِع۔ بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلِعَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْوَدُ کَلِعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔
الکَلْعَة۔ بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔
الکُلْعَة، ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔
الکَوْلَع۔ میل کچیل۔
الکُلَاع۔ مہ۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔
الکُلَاعِیّ۔ مرد دلیر۔
کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجْهُ: چہرہ کا جھائیں والا ہونا۔ صفت اَکْلَف۔ مؤنث کَلْفَاء۔ بِهِ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ — الاَمْرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَهُ دشوار کام کا حکم دینا۔
اَکْلَفَهُ بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمْرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔
اِکْلَافَّ اِکْلِیفَافًا۔ جھائیں کے رنگ کا ہونا۔
الکَلَف۔ سیاہی زردی مائل۔ جھائیں۔
الکِلِف۔ عاشق زار۔
الکُلْفَة۔ جھائیں کا رنگ۔
الکُلْفَة۔ مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف۔
التَکْلِفَة۔ مشقت۔ ج تکالیف۔
الکَلُوف۔ دشوار امر۔
الکَلَافَة۔ سخت محبت۔ اشتیاق۔
الکَلْفَاء۔ اَکْلَف کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخ سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔
المُکَلَّف و المُتَکَلِّف تکلفات کرنے والا۔ اُمورِ لایعنی میں پڑنے والا۔
الکَلَک۔ چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات۔
الکَلْکَل ج کَلَاکِل و الکَلْکَال۔ سینہ۔ بغلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ — مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے
الکَلَاکِل: جماعتیں۔
الکُلْکُل و الکُلَاکِل۔ مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلْکُلَة و کُلَاکِلَة۔
کَلَمَهُ (ن ض) کَلْمًا۔ زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکْلِمُ العِرْضَ وَالدِّیْنَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔
کَلَّمَهُ تَکْلِیْمًا۔ زخمی کرنا (— تَکْلِیْمًا و کِلَّامًا) بات چیت کرنا۔
کَالَمَهُ مُکَالَمَةً۔ گفتگو کرنا۔
تَکَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَیْنِ فَاَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقع پر یَتَکَالَمَانِ ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَانِ نہیں۔
تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا و تِکِلَّامًا الرَّجُلُ کَلِمَةً و بِکَلِمَةٍ بات کہنا۔
الکَلْم۔ مہ۔ زخم۔ ج کُلُوْم و کِلَام۔
الکَلِمَة۔ ج کَلِم و کَلِمَات و الکِلْمَة۔ ج کِلَم و الکَلْمَة ج کَلْمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَّوْحِیْدِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کَلِمَةُ التَّقْوٰی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ العَشْرُ الکَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے دس احکام جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الکَلِمَةُ و کَلِمَةُ اللّٰهِ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ اور کلمة کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔
الکَلَام۔ قول۔ گفتگو۔ جملہ۔
الکُلَام۔ سخت زمین۔
الکَلْمَانِیّ و الکِلِمَّانِیّ و الکِلِّمَانِیّ

والکِلِّمَانِی فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِکْلَامٌ و تِکِلَّام و تِکْلَامَۃ و تِکِلَّامَۃ عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الکَلِیْم۔ مجروح۔ ج کَلْمٰی — تمہارا ہم کلام ج کُلَمَاء۔ الکَلِیْم و کَلِیْمُ اللّٰہِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

رَجُلٌ کِلِّیْمٌ۔ بہت بولنے والا۔

المُتَکَلِّم۔ فا۔ علم کلام کا ماہر۔

المُتَکَلَّم۔ گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَکَلَّمًا یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

کَلٰی یَکْلِی کَلْیًا۔ الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعولی مَکْلِیّ۔

کَلِیَ (س) کَلًی و اِکْتَلٰی۔ گردے پر لگنا۔ و اِکْتَلَاہُ: گردے پر مارنا۔

کُلِیَ۔ درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

کَلّٰی تَکْلِیَۃً۔ چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِکْلَوْلٰی اِکْلِیْلَاءً۔ شکست کھانا۔

اَلْکُلْیَۃ و الکُلْوَۃ۔ گردہ۔ مثنٰی کُلْیَتَان و کُلْوَتَان ج کُلًی و کُلْیَات۔ کُلَی الْوَادِی: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْکُلٰی" دبلی پتلی بکریاں و "لَقِیْتُہٗ بِشَحْمِ کُلَاہُ" میں نے اُس سے آغاز جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔ والکُلْیَۃ مِنَ الْقَوْس: کمان کے قبضہ سے تین بالشت — مِنَ السَّحَاب: بادل کا نیچے کا حصہ الکُلی مِنَ الطَّیْر: بازو کے چار پر۔

الکَلِیّ۔ درد گردہ والا۔

کِلَا و کِلْتَا۔ یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور کلا سے مذکر کی اور کلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَاَیْتُ کِلَا الرَّجُلَیْنِ و کِلْتَا الْمَرْاَتَیْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو تثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ کِلَاھُمَا و رَاَیْتُ الرَّجُلَیْنِ کِلَیْھِمَا و الْمَرْاَتَیْنِ کِلْتَیْھِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "کِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ اٰتَتْ اُکُلَھَا" و "زَیْدٌ و عَمْرٌو وَ کِلَاھُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "کِلَاھُمَا قَامَا" و زَیْدٌ و عَمْرٌو و کِلَاھُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "کِلَاھُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِہٖ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی کُلٌّ مِنْھُمَا کے ہیں۔

الِاکْلِیْرُس۔ گرجا کے خادم۔ واحد اِکْلِیْرِیْکِیٌّ۔ ج اِکْلِیْرِیْکِیُّوْنَ۔

کَمْ۔ دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے کَمْ دِرْھَمًا لَکَ یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے کَمْ عَبْدٍ او عَبِیْدٍ مَلَکْتُ۔ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

کَمَّ (ن) کَمًّا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ البَعِیْرَ: اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا — النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

کَمَّتْ و کُمَّتْ کَمًّا و کُمُوْمًا النَّخْلَۃُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَکْمُوْم۔

کَمَّمَ و اَکَمَّ الْقَمِیْصَ: کرتے میں آستین لگانا۔

کَمَّمَتْ و اَکَمَّتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَکَمَّمَ بِثِیَابِہٖ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَکَمَّمَہٗ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُکُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الکَمُّ و الکَمِّیَّۃُ۔ مقدار۔

الکَمِّی۔ کم کی طرف نسبت۔ مؤنث کَمِّیَّۃٌ۔

الکُمُّ۔ آستین۔ ج اَکْمَام و کِمَمَۃٌ۔

الکُمَّۃ۔ گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الکِمُّ۔ غلاف شگوفہ۔ ج اَکِمَّۃٌ و اَکْمَام و کِمَام و اَکَامِیْم۔

اَکِمَّۃُ الْخَیْلِ: توبرہ۔ واحد۔ کِمَام۔

الکِمَامَۃ۔ پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الکِمَامَۃ و الکِمَام۔ تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

المَکْمُوْم۔ منع — مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

المِکَمَّۃ۔ تھوتھنی۔

کَمِئَ (س) کَمْأً۔ پوشیدہ ہونا — عَنِ الْاَخْبَارِ ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔ کَمِئَتْ یَدُہٗ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

کَمَاَہٗ (ف) کَمْأً۔ سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَکْمَاَ اِکْمَاءً۔ اَلْمَکَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا — الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا — السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَکَمَّاَہٗ۔ ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَکَمَّاَتْ عَلَیْہِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ یَتَکَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لیے نکلے۔

الکَمْءُ۔ مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَکْمُؤٌ و کَمْأَۃٌ۔

الکَمَّاء۔ سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کے لئے چننے والا۔

المَکْمَأَۃ و المَکْمُؤَۃ۔ سانپ کی چھتری کی جگہ۔

کَمُتَ (ک) کُمْتًا و کَمَاتَۃً و کُمْتَۃً الفَرَسُ۔ کمیت ہونا۔

کَمَتَ (ن) کَمْتًا۔ الغَیْظَ: غصہ کو دبانا۔

کَمَّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔

کُمِّتَتْ تَکْمِیْتًا الْخَمْرُ و الفَرَسُ و غَیْرُھُمَا: کمیت بنایا جانا۔

اَکْمَتَ و اِکْمَتَّ و اِکْمَاتَّ الفرسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔

الکُمْتَۃ۔ کمیت رنگ۔

الکُمَیْت مِنَ الْخَیْلِ (للمذکر و المؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا۔ اور یہ خلاف قیاس اَکْمَت کی تصغیر ہے۔ ج کُمْت۔ الکُمَیْت: شراب۔ کہا

جاتا ہے خَیلٌ کُمَاتِیّ : کُمیت گھوڑے۔
الکُمیتَۃ۔ جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکُمیتَتِہٖ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔
کَمتَرَ۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا —— الْقِرْبَۃَ : مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِقَاء مشک بھرنا —— القَصِیرُ :پست قد کا دوڑنا۔
الکُمتُر و الکُمَاتِرُ۔ موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط۔
کَمتَرَ الشَیُٔ : جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکُمَاتِرُ۔پستہ قد۔
الکُمَّثرَیٰ۔الوث۔واحد کُمَّثرَاۃٌ۔ناشپاتی۔
الکَمَجُ۔بن ران۔
کَمَحَ (ف) کَمحًا الدَابَّۃَ :چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکمَحَ الدَابَّۃَ :چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔
الکرمُ :پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔
اُکمِحَ الرَجُلُ :بڑا اینٹھا جانا۔
المُکمَحُ۔بڑا اینٹھا ہوا۔
کَمَخَ (ف) کَمخًا بِاَنفِہٖ : تکبر کرنا —— الفَرَسَ بِاللِّجَامِ : گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔
اَکمَخَ الکَرمُ :پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔
الکُمَاخُ۔غرور۔بڑا اینٹھنا۔
الکَامَخُ۔ سالن۔ اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ج کَوَامِخُ (دخیل)
کَمِدَ(س) کَمَدًا۔بدلے ہوئے رنگ والا ہونا —— الرَجُلُ : غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت کَامِدٌ و کَمِدٌ و کَمِیدٌ۔ و کَمِدَ الثَوبُ :پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
کَمَدَ (ن) کَمدًا و کُمُودًا القَصَّارُ الثَوبَ دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔اور اسم الکِمَادُ ہے۔
اَکمَدَ الھَمُّ فُلَانًا : غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا —— و کَمَّدَ العُضوَ :ٹکور کرنا۔ سینکنا۔صفت مفعولی مَکمُودٌ۔

الکَمدُ و الکَمَدُ و الکُمدَۃُ۔ رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔غم۔سخت اندوہ۔
الکِمَادُ۔ ٹکور کرنا۔ سینکنا (—— و الکِمَادَۃُ) ٹکور کرنے کی پٹی۔
اَکمَدُ اللَّونِ :بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔
الکَمَرُ۔ ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔
کَمَزَ (ض) کَمزًا العَجِینَ و نَحوَہٗ :گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔
الکُمزَۃُ۔ کھجور وغیرہ کا گچھا۔ریت یا مٹی کا ٹیلہ۔ ج کُمَزٌ۔
کَمَسَ (ن) کُمُوسًا۔تیوری چڑھانا۔
الاَکمَسُ۔جو دیکھ نہ سکتا ہو۔
کَمَشَ (ن) کَمشًا النَاقَۃَ : اونٹنی کے تھن باندھنا —— فُلَانًا بِالسَیفِ : تلوار سے اعضاء کو کاٹنا —— الزَادُ :توشہ ختم ہونا۔
کَمِشَ (س) کَمَشًا۔ پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔
کَمُشَ (ک) کَمَاشَۃً۔ دلیر ہونا۔ کَمُشَتِ المَرْ ۃُ : چھوٹے پستان والی ہونا (—— و اَکمَشَ) فِی السَیرِ و غَیرِہٖ : تیز چلنا۔ اَکمَشَ بِالنَاقَۃِ :اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔
کَمَّشَ الحَادِی بِالسَّوقِ : حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا —— فُلَانًا :جلدی کرانا —— ذَیلَہٗ :دامن سمیٹنا۔
اِنکَمَشَ و تَکَمَّشَ الرَجُلُ :دوڑنا۔ تَکَمَّشَ الجِلدُ و نَحوُہٗ : سکڑنا۔ اِنکَمَشَ الثَوبُ بَعدَ الغُسلِ :کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا' سمٹنا۔
الکَمشُ والکَمِشُ والکَمِیشُ مِنَ الرِجَالِ :پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔عرب کے امثال سے ہے "کَمِیشُ الاِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔یعنی پھرتیلا۔
الکَمشُ والکُمُوشُ والکَمِشَۃُ والکَمِیشَۃُ مِنَ الاِنَاثِ :چھوٹے تھن یا پستان والی۔
الاَکمَشُ۔چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث کَمشَاءُ ج کُمشٌ۔
کَمَعَ (ف) کَمعًا فِی الاِنَاءِ :برتن میں منہ لگا کر پینا —— قَوَائِمَ الدَابَّۃِ :چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا۔ —— فِی المَاءِ :پانی میں اترنا۔ کَمَعَتِ الدَابَّۃُ : آہستہ چلنا۔
کَامَعَہٗ۔ملانا۔ہم بستری کرنا۔
اِکتَمَعَ الاِنَاءَ :برتن میں منہ لگا کر پینا۔
الکِمعُ اترنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِی کِمعِہٖ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین (—— و الکَمِیعُ) ہم خوابہ۔
الکَمَعُ۔ ران کی گرہ۔
المُکَامِعُ۔فا۔اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
کَمکَمَ کَمکَمَۃً الشَیءَ :پوشیدہ کرنا۔
تَکَمکَمَ۔گول ٹوپی پہننا —— فِی ثِیَابِہٖ :چھپنا۔
الکَمکَامُ۔ پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کَمکَامَۃٌ۔
کَمَلَ (ن) و کَمُلَ (ک) و کَمِلَ (س) کَمَالًا و کُمُولًا و تَکَمَّلَ و تَکَامَلَ و اِکتَمَلَ۔ پورا ہونا۔کامل ہونا۔
کَمَّلَ و اَکمَلَ و اِستَکمَلَ الشَیءَ : پورا کرنا۔ کَمَّلَ و اَکمَلَ الشَیءَ :ٹوٹل کر دینا۔
الکَمَلُ کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اَعطَیتُہٗ المَالَ کَمَلًا" میں نے اس کو پورا مال دیا۔ اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعطَیتُہٗ المَالَ کُلَّہٗ جیسا ہے۔
الکَمَالُ۔ مص۔اسم مصدر۔کہا جاتا ہے "لَکَ کَمَالُ الشَیءِ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔
الکَمِیلُ۔کامل۔
الکَامِلُ۔فا۔جس کے اجزا پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ضد ناقص ج کَمَلَۃٌ۔
تَکمِلَۃُ الشَیءِ : جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المِکمَلُ۔خیر یا شر میں کامل مرد۔
کَمَنَ (ن) و کَمِنَ (س) کُمُونًا چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔
کَمَنَ(ن) کُمُونًا الشَیءَ :پوشیدہ کرنا۔چھپانا۔

كَمِنَ (س) و كَمِنَ كُمُوْنًا آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ كَمِنَتْ و كُمِنَتْ عَيْنُهٗ تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔

اَكْمَنَ الشَّیْءَ : چھپانا۔

تَكَمَّنَ و اِكْتَمَنَ۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔

الكُمْنَة۔ آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔

الكَمِيْن۔ بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج كُمَنَاء۔ گھات اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ فِيْهِ كَمِيْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔

الكَمُّوْن۔ زیرہ۔ الكَمُّوْنُ الحُلْوُ : انیسون واحد كَمُّوْنَةٌ۔

المَكْمَن۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مَكَامِن۔

المُكْتَمِن۔ غمگین۔

الكَمَنْجَة۔ دو تارہ۔ سارنگی (دخیل)

كَمِهَ (س) كَمَهًا۔ اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا — بَصَرُهٗ : تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا — النَّهَارُ : دن کا غبار والا ہونا — الرَّجُلُ : رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَكْمَه۔ مؤنث كَمْهَاء۔ ج كُمْهٌ۔

الاَكْمَه : اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

تَكَمَّهَ فِي الْاَرْضِ : حیران پھرنا صفت كَامِهٌ و مُتَكَمِّهٌ۔ کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ اِبِلُهٗ كُمَّهَى۔ یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔

مُكَمَّهُ الْعَيْنَيْنِ : جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

كَمْهَلَ الرَّجُلُ : کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا — عَلَيْنَا : حق روکنا — الحَدِيْثَ : پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا — المَالَ : جمع کرنا۔

تَكَمْهَلَ الشَّیْءُ : جمع ہونا۔

اِكْمَهَلَّ الرَّجُلُ : سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

كَمَى يَكْمِيْ كَمْيًا و اَكْمَى۔ شَهَادَتَهٗ و غَيْرَهَا : چھپانا كَمَى و كَمَّى نَفْسَهٗ : زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَكْمَى عَلَى الْاَمْرِ : پکا ارادہ کرنا۔ اَكْمَى الْمُحَارِبُ لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اَكْمَى الرَّجُلُ مَنْزِلَهٗ : مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تَكَمَّى السَّوْءَ : چھپنا — الشَّیْءَ : حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَكَمَّتِ الْفِتْنَةُ النَّاسَ : گھیر لینا۔

تُكُمِّيَ الْجَيْشُ ۔ لشکر کے بہادر یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا — القَوْمُ : مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔

اِنْكَمَى۔ پوشیدہ ہونا۔

اِكْتَمَى اِكْتِمَاءً۔ چھپنا۔

الكَمِيُّ۔ بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج كُمَاة و اَكْمَاء۔

المُتَكَمِّيُّ۔ ہتھیار بند۔ دلیر۔

كَنَّ (ن) كَنًّا و كُنُوْنًا و كَنَّنَ و اَكَنَّ الشَّیْءَ : گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا — العِلْمَ وَ غَيْرَهٗ فِي نَفْسِهٖ : دل میں چھپانا۔

اِكْتَنَّ الرَّجُلُ : چھپنا — الشَّیْءُ : سفید ہونا۔ — المَرْاَةُ : عورت کا شرم و حیا سے منہ چھپانا۔ — الشَّیْءَ : چھپانا۔

تَكَنَّى تَكَنِّيًا۔ ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَكَنَّنَ ہے)

اِسْتَكَنَّ۔ چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

اَلكِنُّ۔ ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَكْنَان و اَكِنَّةٌ۔

الكَنَّة۔ كِنّ کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج كَنَائِن۔

الكِنَّة۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الكُنَّة۔ چھجہ۔ الگنی۔ کوٹھڑی کے اندر چھوٹی کوٹھڑی۔ ج كُنَّات و كِنَان۔

الكِنَان۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج اَكِنَّة۔

الكِنَانَة۔ ترکش۔ تیر دان۔ ج كَنَائِن و كِنَانَات۔

كَانُوْنُ الاَوَّلِ و كَانُوْنُ الثَّانِي ۔ رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الكَانُوْن و الكَانُوْنَة۔ انگیٹھی۔ ج كَوَانِيْن۔ وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تاکہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الكَنِيْن۔ چھپا ہوا۔

المُسْتَكِنَّة۔ کینہ۔

كَنَبَ (ن) كُنُوْبًا الرَّجُلُ : سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔

كَنَبَ (ض) كَنْبًا الشَّیْءَ فِي جِرَابِهٖ : جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

كَنِبَتْ (س) كَنَبًا اليَدُ : ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

اَكْنَبَ الشَّیْءُ و اليَدُ : سخت ہونا — عَلَيْهِ لِسَانُهٗ : زبان رکنا — عَلَيْهِ بَطْنُهٗ : سخت ہونا۔

الكَانِب۔ فا۔ شکم سیر۔

الكَنَب۔ مع۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الكِنَاب۔ خوشہ خرما۔

الكَنِيْب۔ خشک درخت۔

الكُنْبَة۔ ظالم خبیث۔

المِكْنَب و المُكْنِب۔ کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ حَافِرٌ مِكْنَبٌ و مُكْنِبٌ : سخت کھر۔

المُكْنَبِث۔ مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔

كَنْبَثَ و تَكَنْبَثَ الرَّجُلُ : سکڑنا۔

رَجُلٌ كُنْبُثٌ و كُنَابِث۔ گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الكُنْبَاث۔ گرنے والی ریت۔

وَجْهٌ كُنَابِذٌ۔ بد صورت چہرہ۔

رَجُلٌ كُنَابِذٌ۔ مرد بد صورت۔

اَلكُنْبُرَة۔ ناک کا موٹا سرا۔

الكِنْبَار۔ ناریل کی رسی۔

تَكَنْبَشَ القَوْمُ : خلط ملط ہونا۔

الكُنْبُوْش و الكُنْبُوْش۔ عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج كَنَابِيْش (دخیل)

كَنَتَ (ن) كُنُوْتًا فِي خُلُقِهٖ ۔ مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔

كَنِتَ (س) كَنَتًا اليَدُ ۔ ہاتھ کا کھردرا اور سخت ہونا

اِكْتَنَتَ الرَّجُلُ : خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقَاءٌ كَنِيْتٌ۔ پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

الكُنْتِيُّ۔ قوی مضبوط۔

کَنْثَاتُ کَنْثَاۃُ اللِحْیَۃُ : داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔
رَجُلٌ کَنْثَأُ اللِحْیَۃِ و کَنْثَاؤُھَا۔ لمبی داڑھی والا مرد۔
کَنَدَ (ن) کُنُوْدًا النِعْمَۃَ : نعمت کی ناشکری کرنا۔
کَنَدَ(ن)کَنْدًاالشَیَٔ :کاٹنا۔
الکِنْدَۃ۔ پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔
الکُنْد۔ ناشکرا۔(مذکر ومؤنث)
الکَنُود۔ ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر ومؤنث) اَرْضٌ کَنُوْدٌ : کچھ نہ اگانے والی زمین۔
الکَنَّاد۔ ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔
الکُنْدُر۔ ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا۔ اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْیَانٌ کَنَادِرَۃ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔
الکَنْدَرَۃ۔ باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت و اونچی زمین۔
الکُنَار۔ بیر(رخیل)
الکَنَارِیَّ۔ ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔
الکِنَارَۃ و الکَنَّارَۃ۔ بربط یا ڈھول یا دف۔ ج کَنَانِیْر و کِنَارَات۔ الکِنَّارَۃ :کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔
کَنَزَ (ض) کَنْزًا المَالَ : جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا — الرُمْحَ :نیزہ کو زمین میں گاڑنا — الشَیَٔ فِیْ وِعَاءٍ او اَرْضٍ : برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا — السِقَاءَ :مشک بھرنا (— کَنَازًا و کِنَازًا) التَمْرَ : خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کرکے رکھنا۔
اِکْتَنَزَ۔ بھرنا۔ جمع ہونا — اللَحْمُ :جمع ہونا اور سخت ہونا — الشَیُٔ فِیْ الوِعَاءِ :برتن میں ہاتھ سے دبانا۔
تَکَنَّزَ لَحْمُہٗ :گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔

الکَنْز۔ مص ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج کُنُوْز۔ اور کہا جاتا ہے "شَدَّ کَنْزَ القِرْبَۃِ" یعنی بھر دیا۔
رَجُلٌ کَنْزُ اللَحْمِ و کَنِیْزُہٗ و مَکْنُوْزُہٗ و مُکْتَنِزُہٗ بہت اور سخت گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "کِتَابٌ مُکْتَنِزٌ بِالْفَوَائِد" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔
الکَنَاز۔ کھجوریا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔
الکِنَاز۔ ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَۃٌ او نَاقَۃٌ کِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج کُنُزٌ و کِنَازٌ۔
الکَنِیْز۔ کھجوریں جو سردی کے زمانہ کیلئے جمع کی جائیں۔
الکَنَّاز۔ مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔
المَکْنُز۔ جس میں ذخیرہ کیا جائے ج مَکَانِز۔
کَنَسَ (ن) کَنْسًا و کَنَسَ الْبَیْتَ : گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "کَنَسَ فِیْ وَجْہِ فُلَانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "وَمَرُّوْا بِھِمْ فَکَنَسُوْھُمْ" وہ ان کے اوپر گزرے اور ان کی جڑ مٹا دی۔
کَنَسَ (ض) کُنُوْسًا و تَکَنَّسَ الظَّبْیُ : ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَ الرَجُلُ خیمہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَتِ المَرْأَۃُ :عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔
اِکْتَنَسَتِ الظِّبَاءُ و البَقَرُ : ہرنوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔
الکُنَاسَۃ۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ۔
الکَنِیْس۔ تو بڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔
الکَنِیْسَۃ۔ عِنْدَ النَصَارٰی : گرجا۔ اور نصاریٰ اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج کَنَائِس۔ الکَنِیْسَۃ : خوبصورت عورت۔
الکِنَاس۔ ہرن کے پناہ لینے کی جگہ۔ ج اَکْنِسَۃ و کُنُس۔
الکَانِس۔ فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج کُنَّس و کُنُوس و کَوَانِس "و الجَوَارِی

الکُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔
الکَنَّاس۔ بھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔
المِکْنَسَۃ۔ جھاڑو۔ ج مَکَانِس۔
المُکَانِس۔ ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔
المَکْنَس۔ وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ۔
کَنَشَ (ن) کَنْشًا الثَوْبَ : کپڑے کے کنارے بُننا — المِسْوَاکَ الخَشِنَ :مسواک کا سرا نرم کرنا۔
اَکْنَشَہٗ عَنِ الْاَمْرِ :جلدی کرانا۔
الکُنَّاشَۃ۔ بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔
الکُنَّاشَات۔ جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں واحد کُنَّاشَۃ۔
الکِنْشَاءُ مِنَ الرِجَالِ : چھوٹے گھنگھریالے بال والا بد صورت مرد۔
کَنَّصَ۔ ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔
الکُنَّاص۔ قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔
کَنَظَ (ن ض) کَنْظًا و تَکَنَّظَ الْاَمْرُ فُلَانًا : غمگین کرنا۔
الکُنْظَۃ۔ غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔
کَنَعَ (ف) کُنُوْعًا۔ سمٹنا — عَنِ الْاَمْرِ : بزدل ہونا اور بھاگنا — النَجْمُ : ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا — اِلَیْہِ : فروتنی کرنا اور نرم ہونا — فِیْہِ : لالچ کرنا۔ بِاللّٰہِ : اللہ کی قسم کھانا — الْاَمْرُ : قریب ہونا — المِسْکُ بالثَوْبِ :مشک کا کپڑے سے چپکنا — العُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا — اَصَابِعَہٗ :انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔
کَنِعَ (س) کَنَعًا۔ خشک ہونا۔ سکڑنا۔ صفت کَنِعٌ۔ و کَنِعَ الرَجُلُ : پچھاڑا جانا — الشَیُٔ : لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔
کَنَّعَ الشَیَٔ :قبضہ کرنا — یَدَہٗ : ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا — فُلَانًا بِالسَّیْفِ : بند دست پر تلوار مارنا — عَنْہُ :علیحدہ ہونا۔
اِکْتَنَعَ۔ فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا — العُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ

پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا- القَوْمُ :اکٹھا ہونا —الابِلَ :اُونٹوں کو قریب کرنا-

تَكَنَّعَ- قلعہ بند ہونا — الاَسِيْرُ فِيْ قِدِّهٖ : تسمہ سے باندھا جانا —بِهٖ :چمٹنا-

اِكْتَنَعَ- حاضر ہونا- قریب ہونا — عَلَيْهِ : مہربان ہونا — القَوْمُ :اکٹھا ہونا- فُلَانٌ مِنِّيْ : قریب ہونا-

الكَانِعُ- فا- وہ جو قریب ہو- جو چھوٹا ہو- جو بعض بعض سے قریب ہو- کہا جاتا ہے "اَنْفٌ كَانِعٌ" چپٹی ناک "اَسِيْرٌ كَانِعٌ" تسمہ سے بندھا ہوا قیدی رَجُلٌ كَانِعٌ وہ شخص جو مع اہل و عیال کے تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل و احسان کا طامع ہو-

الكَنِيْعُ- سکڑا ہوا- راستہ سے ہٹا ہوا- ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا —مِنَ الجُوْعِ :سخت بھوک-

الكُنَاعُ- مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے-

الاَكْنَعُ والمُكْنَعُ والمُكَنَّعُ شل شدہ ہاتھ والا- والاَكْنَعُ مِنَ الاُمُوْرِ :ناقص- ادھورا- ج كُنْعٌ- يَدٌ مُكْتَنِعَةٌ :شل ہاتھ-

المَكْنُوْعُ- مفع- دونوں ہاتھ کٹا ہوا-

الكُنْعَتُ- ایک قسم کی مچھلی-

الكُنْعُدُ- ایک قسم کی دریائی مچھلی-

الكَنْعَرَةُ- بڑے ڈیل ڈول کی اونٹنی- ج كَنَاعِرُ-

كَنَفَ (ن) كَنْفًا الشَّيْئَ :حفاظت کرنا- اپنے میں ملانا — الابِلَ و لِلْاِبِلِ :اُونٹوں کے لئے باڑہ بنانا —عَنْهُ :علیحدہ ہونا — الدَّارَ :گھر میں پائخانہ بنانا —يَدَهٗ :پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا —فُلَانًا عَنِ الاَمْرِ :روکنا-

كَنَّفَ و اَكْنَفَ و كَانَفَ الرَّجُلَ :مدد کرنا- اعانت کرنا-

كَنَّفَ الرَّجُلَ :احاطہ کرنا- گھیرنا-

اِكْتَنَفَ- اُونٹوں کے لئے باڑہ بنانا (— و تَكَنَّفَ) القَوْمُ فُلَانًا :احاطہ کرنا- واِكْتَنَفَ القَوْمُ :پائخانہ بنانا-

الكِنْفُ- تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن-

الكَنَفُ- جانب- سایہ- پرندہ کا بازو- ج اَكْنَافٌ- و كَنَفُ الاِنْسَانِ :پہلو- یا دونوں بازو اور سینہ- کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِيْ كَنَفِ اللّٰهِ" تم اللہ کے حفظ و امان میں ہو (— و الكَنَفَةُ) گوشہ-

الكَنِيْفُ- پردہ- پردہ کرنے والا- ڈھال- جانوروں کا باڑہ- پائخانہ- دروازہ کا چھجہ- ج كُنُفٌ و كُنُفٌ-

الكَانِفَةُ- روکنے والا- کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُكَنَّفُ اللِّحْيَةِ :بڑی داڑھی والا مرد- دراز ریش مرد-

الكَنْفَرَةُ- ناک کا بانسہ-

رَجُلٌ كَنْفَلِيْلُ اللِّحْيَةِ :بڑی داڑھی والا مرد- لِحْيَةٌ كَنْفَلِيْلَةٌ :بڑی داڑھی-

كَنْكَنَ- گھر میں بیٹھنا- کاہلی کرنا- بھاگنا-

الكَنْمَةُ- زخم-

اَكْنَهَ و اِكْتَنَهَ الشَّيْئَ :حقیقت کو پہنچنا-

الكُنْهُ اَصْلُ شَيْئٍ- حقیقت شئے- جو ہر شئے غایت- الكُنْهُ :وقت-

كَنَا يَكْنُوْ و كَنَى يَكْنِيْ كِنَايَةً بِالشَّيْئِ عَنْ كَذَا :کنایہ کرنا- لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا- مثلاً تم کہو "زَيْدٌ كَثِيْرُ الرَّمَادِ" اور مراد لو کہ زید کریم ہے- متکلم کو کان اور لفظ کو مَكْنِيٌّ عَنْهُ کہتے ہیں-

كَنَى يَكْنِيْ كَنْيَةً و كِنْيَةً و كَنَّى تَكْنِيَةً و اَكْنَى اِكْنَاءً- زَيْدًا اَبَا فُلَانٍ و كَنَاهُ و كَنَّاهُ بِاَبِيْ فُلَانٍ :کنیت رکھنا-

تَكَنَّى تَكَنِّيًا و اِكْتَنَى اِكْتِنَاءً بِكَذَا :اپنی کنیت رکھنا- و تَكَنَّى الرَّجُلُ :مشہور ہونے کیلئے اپنی کنیت بیان کرنا- چھپنا-

الكُنْيَةُ و الكِنْيَةُ و الكُنْوَةُ و الكِنْوَةُ- وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کیلئے بولا جائے وہ نام جو- اب- ابن- ام یا بنت سے شروع کیا جائے- ج كُنًى و كِنًى-

الكِنَايَةُ- مص- اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لئے کرتے ہیں- مثلاً سامعین سے بات کو مبہم رکھنا-

الكَانِي- فا- ج كُنَاةٌ و كَانُوْنَ-

الكَنِيُّ- ہم کنیت- کہا جاتا ہے "هُوَ كَنِيُّهٗ" یعنی دونوں کیلئے ایک کنیت ہے- جیسے تم کہتے ہو "هُوَ سَمِيُّهٗ" یعنی دونوں ہم نام ہیں-

كَهِبَ (س) و كَهُبَ (ک) كَهَبًا و كُهُوْبًا- سیاہی مائل بھورا ہونا- صفت كَاهِبٌ و اَكْهَبُ-

اِكْهَابَّ اِكْهِيْبَابًا- لَوْنُهٗ :رنگ متغیر ہونا-

الكُهْبَةُ- سیاہی مائل بھورا رنگ-

رَجُلٌ اَكْهَبُ اللَّوْنِ :متغیر رنگ والا-

الكَهْبَلُ- پستہ قد-

كَهَدَ (ف) كَهْدًا و كَهَدَانًا الحِمَارُ : گدھے کا دوڑنا — الحِمَارَ :گدھے کو دوڑانا — الرَّجُلُ :تھکنا — فِي الطَّلَبِ :اصرار کرنا-

اَكْهَدَ- تھکنا —فُلَانًا :تھکانا-

الكَهْدُ- مص- مشقت-

الكَهْدَاءُ- باندی- لونڈی- کہا جاتا ہے اَتَانٌ كَهُوْدُ اليَدَيْنِ :تیز رفتار گدھی-

الكَهْدَلُ- جوان موٹی عورت- بڑھیا- مکڑی- نوجوان لڑکی-

كَهَرَ (ف) كَهْرًا فُلَانًا :حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا- جھڑکنا- قہر کرنا- سسر داماد کا تعلق کرنا — النَّهَارُ :دن کا بلند ہونا — الرَّجُلُ :ہنسنا —الحَرُّ :گرمی تیز ہونا-

الكُهْرُوْرُ و الكُهْرُوْرَةُ- ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے- ج كَهَارِيْرُ- الكُهْرُوْرَةُ :ترش روئی-

لَثْلَثَ الْمَطَرُ : بارش کا چند دن تک برسنا۔ — الرَّجُلُ : کمزور ہونا — عَلٰی فُلَانٍ : اصرار کرنا — ہٗ عَنْ کَذَا : منع کرنا- روکنا — ہٗ فِی التُّرَابِ : لوٹ لگوانا- لَثْلَثَ الْبَعِیْرَ : اُونٹ کو تھکانا — کَلَامَهٗ : صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَثْلِثُوْا بِنَا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو(— و تَلَثْلَثَ) فِی الْاَمْرِ : تردد کرنا- دیر کرنا — بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا- تَلَثْلَثَ فِی التُّرَابِ : مٹی میں لوٹ لگانا — الْغَیْمُ و السَّحَابُ : بادلوں کا آنا جانا۔

اللَثْلَثُ و اللَثْلَاثُ و اللَثْلَاثَة و المُلَثْلِث- ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب کبھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کرے گا تو کاہلی کر جائے۔

لَثَمَ (ض) و لَثِمَ (س) لَثْمًا الْفَمَ او الْوَجْهَ : بوسہ لینا۔

لَثَمَ (ض) لَثْمًا اَنْفَه : ناک پر مکا مارنا — اَلْحِجَارَ خُفَّ الْبَعِیْرِ : ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا — الْبَعِیْرُ الْحِجَارَةَ بِخُفِّهٖ : ٹھوکر سے توڑ دینا۔

لَثَمَ و لَثِمَ و لَثَّمَ و تَلَثَّمَ والْتَثَمَ الرَّجُلُ: ڈھاٹا باندھنا۔
لَاثَمَهُ۔ بوسہ لینا۔
تَلَاثَمَا۔ ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔
اللَّثَم۔ مص۔ ناک اور اس کا ماحول۔
اللاثِم۔ فا۔ ج لُثَّم۔
اللِّثْمَة۔ بوسہ لینے کی ہیئت۔
اللَّثْمَة۔ لَثَمَ کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔
اللِّثَام۔ ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے اردگرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ ج لُثُم۔
لَثِيَ يَلْثَى لَثىً۔ تھوڑا پانی پینا۔ اَلْقِدْرَ: ہانڈی کو خوب چاٹنا (— والْتَثَى) شَجَرُ السَّمُرِ: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لَثِيَتِ الْيَدُ مِنْ طِيْنٍ و نَحْوِهِ: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لَثِيَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔ اَلْثَتِ الشَّجَرَةُ مَاحَوْلَهَا: نمناک کرنا۔
تَلَثَّى و اِلْتَثَى۔ گوند نکالنا۔ تَلَثَّى الشَّجَرُ: گوند بہنا۔
اللَّثَى۔ مص۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لَثَى الثَّوْبِ: کپڑے کا میل۔
اللِّثَة۔ مسوڑھا۔ ج لِثًى و لِثَات و لُثِيٌّ۔
اللَّثِي۔ نمناک۔ ثَوْبٌ لَثٍ پسینہ سے تر اور میلا۔
اللَّثِيّ۔ گوند کھانے کا حریص۔
اللَّثَاة۔ حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔
الحُرُوف اللَّثَوِيَّة۔ ثاء۔ ذال۔ ظا۔
لَجَّ (ض س) لَجَجًا و لَجَاجًا و لَجَاجَة۔ سخت جھگڑا کرنا۔ دشمنی میں مداومت کرنا — فِي الْأَمْرِ: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا — بِهِ الْهَمُّ و نَحْوه: لازم رہنا — عَلَى فُلَانٍ فِي الْمَسْأَلَةِ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔
لَجَّجَ و اَلَجَّ الْقَوْمُ: قوم کا پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا۔ لَجَّجَتِ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ اَلَجَّتِ الْإِبِلُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔
لَاجَّ۔ خَصْمَهُ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔

تَلَجَّجَ و اِسْتَلَجَّ مَتَاعَ فُلَانٍ: کسی کے سامان پر دعوی کرنا۔ اِسْتَلَجَّ بِيَمِيْنِهِ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔
اِلْتَجَّ الْبَحْرُ: سمندر کا متلاطم ہونا — الْأَرْضُ بِالسَّرَابِ: موج جیسا ہونا — الْأَمْرُ و الْمَوْجُ معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا — الظَّلَامُ: اندھیرے کا گھٹا ٹوپ ہونا۔ اِلْتَجَّتِ الْأَرْضُ: زیادہ اور لمبی نباتات والی ہونا — الْأَصْوَاتُ: آوازوں کا مخلوط ہونا۔
اللُّجُّ۔ پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَدْهَمُ لُجٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔
اللُّجَّة۔ پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُجَّةٌ وَاسِعَةٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ ج لُجٌّ و لُجَج و لِجَاجٌ
اللَّجَّةُ: آئینہ۔
اللُّجِّي۔ لُجّ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ لُجِّيٌّ" یعنی بحر بے پایاں۔ اتھاہ سمندر۔
اللَّجَّة۔ لَجّ کا اسم مرۃ: شور۔
اللَّاجُّ و اللَّجُوْج و اللَّجُوْجَه و اللَّجَاجَة و الْمِلْجَاج۔ سخت جھگڑالو۔
الْمُلْتَجَّة۔ بہت سیاہ آنکھ۔ بہت سبزہ زار زمین۔
لَجَأَ (ف) لَجَأً و لُجُوْءًا و لَجِيَ (س) لَجَأً و الْتَجَأَ إِلَى الْحِصْنِ وَغَيْرِهِ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔
لَجَّأَ تَلْجِئَةً۔ فُلَانٌ مَالَهُ: بعض ورثاء کے لیے خاص کر دینا (— و اَلْجَأَ) فُلَانًا: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ اَلْجَأَهُ: بچانا۔ اَلْجَأَ اَمْرَهُ إِلَى اللهِ: سپرد کرنا۔
تَلَجَّأَ إِلَيْهِ: سہارا لینا — مِنَ الْقَوْمِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔
اللَّجَأُ۔ مص۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔ ج اَلْجَاء۔ وارث۔ بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَاةٌ ہے۔
التَّلْجِئَة۔ مص — عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔
الْمَلْجَأ۔ جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ ج مَلَاجِي۔

لَجِبَ (س) لَجَبًا الْبَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا — الْقَوْمُ: شور مچانا۔
لَجُبَتْ (ک) لُجُوْبَةً و لَجِبَتْ الشَّاةُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔ لَجَّبَه بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اللَّجَب۔ مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بہادروں کا شور۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ ذُوْ لَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔
اللَّجِب۔ شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جَيْشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج۔
اللَّجْبَة و اللِّجْبَة و اللُّجْبَة و اللَّجَبَة و اللَّجِبَةُ و اللِّجَبَة۔ کم دودھ والی بکری۔ زیادہ دودھ والی بکری۔ ج لِجَاب و لَجَبَات۔
المِلْجَاب۔ تیر کہ جس میں پر لگا دیئے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔
لَجَذَ (ن) و لَجِذَ (س) لَجْذًا و لَجَذًا۔ الْكَلْبُ الْإِنَاءَ: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا (— لَجْذًا) الرَّجُلُ: کھانا۔ ایک دفعہ دیئے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا — الحِمَارُ: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا الْمَاشِيَةُ الْكَلَأَ: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا — مِنَ الشَّيْءِ: تھوڑا سا لینا — فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ تم کہتے ہو "لَجَذَنِي عَلَى كَذَا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔
لَجَفَهُ (ن) لَجْفًا۔ سخت مارنا۔
لَجِفَتْ (س) لَجَفًا الْبِئْرُ: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لَجْفَاء۔
لَجَّفَ الْبِئْرَ: کنوئیں کو وسیع کرنا — الشَّيَ: جوانب سے کشادہ کرنا۔
تَلَجَّفَ الْبِئْرُ: جوانب سے کھودنا۔ تَلَجَّفَتْ و الْتَجَفَتِ الْبِئْرُ: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تَلَجَّفَ الْوَحْشُ الْكِنَاسَ: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے اردگرد کھودنا۔
اللَّجَف: مص۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔

ج اَلْجِفاف۔
اللِّجاف۔ پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصّہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ ج اَلْجِفة و لُجُف۔
اللَّجِيفَة۔ دروازے کے پہلو۔
بِئرٌ مُلْتَجِفَة۔ منہدم کنواں۔
لَجْلَجَ لَجْلَجَةً و تَلَجْلَجَ۔ تتلانا۔
فِيْ صَدْرِهٖ شَيْئٌ : کھٹکنا۔ لَجْلَجَ اللُّقْمَةَ فِيْ فِيْهِ : بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔ تَلَجْلَجَ بِالشَّيْئِ : سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تَلَجْلَجَ دَارَهٗ مِنْهُ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔
اللَّجْلاج۔ ج۔ توتلا۔ ہکلا۔
لَجَمَ (ن) لَجْمًا الثَّوْبَ : کپڑا سینا۔
اَلْجَمَ الدَّابَّةَ : چوپایہ کو لگام لگانا۔
اَلْقِدْرَ : دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا۔
النَّاقَةَ : لگام سے داغ لگانا ـــ ہٗ عَنْ حَاجَتِهٖ روکنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَالْجَمْتُهٗ وَ الْقَمْتُهُ الْحَجَرَ" اس نے گفتگو کی تو میں نے اسے بند کر دیا۔
اَلْجَمَ و لَجَمَ الْمَاءُ فُلَانًا : پانی کا منہ تک پہنچنا۔
اِلْتَجَمَتِ الدَّابَّةُ : لگام لگنا۔
اِسْتَلْجَمَ فُلَانًا الْفَرَسَ : لگام لگانے کو کہنا۔
اَللَّجَم۔ زمین نہ پست نہ بلند۔ ج اَلْجَام۔ (ـــ و اللُّجْم و اللُّجَم) گرگٹ۔ مینڈکیں۔ جانور جس سے بدفالی لیں۔ اللُّجْم : فضاء آسمانی۔
اللِّجَام۔ لگام۔ ج لُجُم و لُجُم و اَلْجِمَة۔ اونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ وَ قَدْ لَفَظَ لِجَامَهٗ" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَتْبِعِ الْفَرَسَ لِجَامَهَا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کیلئے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔
اللَّجَّام۔ لگامیں بنانے والا۔
اللُّجَام۔ جس سے بد شگونی لی جائے۔
اللَّجَمَةُ و الْمُلْجَم۔ لگام دینے کی جگہ۔
اللَّجَمَةُ : لَجَم کا واحد۔ زمین کے لیے علم۔
لَجَمَةُ الْوَادِي : کنارہ وادی۔
اللُّجْمه۔ مسطح پہاڑ۔ زمین کے لیے علم لُجْمَةُ

الْوَادِي : وادی کا کنارہ۔
الْمِكْيَالُ الْمُلْجَم۔ ڈھائی صاع کا پیمانہ۔
لَجَنَ (ن) لَجْنًا و لَجَّنَ وَرَقَ الشَّجَرِ و نَحْوِهٖ : پتوں کو کوٹ کر آٹا یا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔
لَجَنَ (ن) لُجُوْنًا و لِجَانًا الْبَعِيْرُ : اونٹ کا اڑیل ہونا ـــ فِي الْمَشْيِ : آہستہ چلنا۔
لَجِنَ (س) لَجَنًا بِهٖ : چمٹنا۔
تَلَجَّنَ الشَّيْئُ : لیس دار ہونا ـــ رَاْسُهٗ : میلا ہونا ـــ الْقَوْمُ : پتے اور آٹا یا جو ملا کر چارہ بنانا۔
اللَّجِن۔ میلا۔
اللَّجِيْن۔ کٹے ہوئے پتے اور آٹا یا جو ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔
اللُّجْنَة۔ جماعت۔ پارٹی۔
اللَّجُوْنُ مِنَ الْجِمَالِ اوِ النُّوْقِ : سست رفتار اونٹ یا اونٹنی۔
اللُّجَيْن۔ چاندی (تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے)
اللُّجَيْنِيَّة دراہم۔ (لُجَيْن کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)
اِلْتَجٰى اِلٰى غَيْرِ قَوْمِهٖ : غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔
لَحَّتْ (ن ض) لَحًّا الْقَرَابَةُ بَيْنَنَا : رشتہ داری نزدیک ہونا۔
لَحَّتْ (س) لَحًّا و لَحَحًا الْعَيْنُ : کیچڑ سے پلکوں کا چپکنا۔
اَلَحَّ فِي السُّؤَالِ : سوال میں اصرار کرنا ـــ السَّحَابُ بِالْمَطَرِ : بادل کا لگاتار برسنا ـــ الْمَطِيُّ : سواری کا تھک کر دیر کرنا ـــ الْقَتَبُ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَّةِ : پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا ـــ الْجَمَلُ : اونٹ کا اڑیل ہونا۔
تَلَحَّحَ عَلَيْهِ : مثل اَلَحَّ عَلَيْهِ۔
اللَّحّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ وَ عَمِّيْ لَحًّا" وہ میرا قریبی چچا زاد ہے۔ اور لَحًّا حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے کہ اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "هُوَ ابْنُ عَمٍّ لَحٍّ" جر کے ساتھ اس لیے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مؤنث اور تثنیہ اور جمع۔

اللَّاحّ۔ فَا۔ مَكَانٌ لَاحٌّ و لَحِحٌ۔ تنگ جگہ۔
الْمِلْحَاح۔ بہت اصرار کرنے والا۔ پالان جو پیٹھ کو زخمی کر دے۔ سَحَابٌ مِلْحَاحٌ : لگاتار برسنے والا بادل۔
لَحَبَ (ف) لَحْبًا الطَّرِيْقَ : راستہ پر چلنا۔ راستہ کو واضح کرنا ـــ الشَّيْئَ : اثر کرنا ـــ بِفُلَانٍ الْاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ہٗ بِالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا ـــ اللَّحْمَ : گوشت کو لمبائی میں کاٹنا ـــ اللَّحمَ عَنِ الْعَظْمِ : گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ـــ الرَّجُلُ : سیدھا چلنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَلْحَبُ" (ـــ لُحُوْبًا) الطَّرِيْقُ : راستہ کا واضح ہونا ـــ ظَهْرُ الْفَرَسِ : گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ جھکا ہونا ـــ الْمَرْاَةَ : جماع کرنا۔
لَحِبَ (س) لَحَبًا الرَّجُلُ : بڑھاپے کی وجہ سے دبلا ہونا ـــ لَحْمُ زَيْدٍ : لاغر ہونا۔
لَحَّبَ الشَّيْئَ : اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ فُلَانًا : ذلیل کرنا ـــ ہٗ : بِالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا۔
اِلْتَحَبَ الطَّرِيْقَ : راستہ پر چلنا۔
اَللَّحْب۔ مص (ـــ و اللَّاحِب) کشادہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ لَحْبٌ و لَاحِبٌ" کشادہ راستہ۔
اللَّحِيْب۔ پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔
الْمِلْحَب۔ بہت گالی بکنے والا۔ بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔
الْمَلْحُوْب مفع رَجُلٌ مَلْحُوْبٌ : لاغر مرد۔ طَرِيْقٌ مَلْحُوْبٌ و مُلَحَّبٌ : واضح راستہ۔
لَحَتَ (ف) لَحْتًا۔ الْعَصَا : لاٹھی کو چھیلنا ـــ فُلَانًا بِالْعَصَا : لاٹھی سے مارنا ـــ الرَّجُلَ : سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لَحَتُوْكُمْ كَمَا يُلْحَتُ الْقَضِيْبُ" انہوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔
اللَّحْت۔ مص۔ خالص۔
اللَّحَاتَة۔ اتاری ہوئی چھال۔
لَحَجَه (ف) لَحْجًا مارنا ـــ ہٗ بِعَيْنِهٖ : نظر بد لگانا۔ لَحَجَ اِلَيْهِ : پناہ لینا۔

لَحِجَ(س)لَحَجًا السَّيْفُ و نَحْوُهٗ : تلوار کا میان میں چمٹ کر رہ جانا — بِالْمَكَانِ :لازم پکڑنا — الشَّيْئُ : تنگ ہونا — اللحيُ : کج ہونا۔ صفت اَلْحَج۔ لَحِجَتْ عَيْنُهٗ : کیچڑ والی آنکھ ہونا۔

لَحَّجَ عَلَيْهِ الْخَبَرَ :غلط خبر دینا۔

اَلْحَجَهٗ اِلَيْهِ :مجبور کرنا۔

اِلْتَحَجَ اِلَيْهِ :مائل ہونا — اِلَيْهِ :مائل کرنا۔ مجبور کرنا۔

تَلَحَّجَ الْاَمْرَ عَلٰى فُلَانٍ : ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

اِسْتَلْحَجَ الْبَابُ :دروازہ کا بند ہونا۔

اللَّحْج۔ مص آنکھ کا گڑھا۔

اللُّحْج آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ و کنارہ۔ ج اَلْحَاج۔

مکان لَحِجٌ۔ تنگ مکان۔

اللَّحَج۔ آنکھ کی کیچڑ۔

المُلْحَج و المُلْتَحَج۔ جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِي النَّاسِ لَمَلْحَجًا" لوگوں میں جائے پناہ ہے قُفْل مُلْحَج :بند تالا۔

المَلَاحِج۔ تنگیاں۔

المَلَاحِيج۔ پہاڑ کے تنگ راستے۔

لَحْوَجَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ : ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحَدَ(ف)لَحْدًا۔ الْمَيتَ : میت کو دفن کرنا — اللَّحْدَ :کھودنا — لِلْمَيِّتِ :بغلی قبر کھودنا — السَّهْمَ عَنِ الْهَدَفِ : نشانہ سے خطا کرنا — اِلٰى فُلَانٍ :مائل ہونا — فِي الدِّيْنِ :بے دینی اختیار کرنا — عَلَىَّ فِيْ شَهَادَتِهٖ :گنہگار ہونا۔

اَلْحَدَ اِلْحَادًا۔ الْمَيتَ :مردہ کو دفن کرنا — اللَّحدَ :کھودنا — لِلْمَيتِ :بغلی قبر کھودنا — عَنِ الدِّيْنِ : دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکام خداوندی کو چھوڑنا اور ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کرنا — فِي الْحَرَمِ : محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا — السَّهْمُ الْهَدَفَ نشانہ کے ایک جانب میں لگنا — بِهٖ : عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لَاحَدَ مُلَاحَدَةً صَاحِبَهٗ : ہر ایک کا ایک دوسرے سے کجی برتنا۔

اِلْتَحَدَ عَنِ الدِّيْنِ : دین سے پھرنا — اِلٰى كَذَا :مائل ہونا — اِلٰى فُلَانٍ :پناہ لینا۔

اللَّحْد و اللُّحْد۔ بغلی قبر۔ قبر۔ ج اَلْحَاد و لُحُوْد۔

الاِلْحَاد۔ اَلْحَدَ کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی۔

اللَّحُوْد۔ مائل ہونے والا۔

اللَّاحِد۔ فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قَبْرٌ لَاحِدٌ و مَلْحُوْد" بغلی قبر۔

المُلْحِد۔ فا۔ کافر۔ بے دین۔ ج مَلَاحِدَة و مُلْحِدُوْن المَلَاحِدَة : کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔

المُلْحَدُ و المَلْحُوْد۔ بغلی قبر۔ قبر۔

المَلْحَادَة۔ دین میں بہت طعن کرنے والا۔

المُلْتَحَد۔ جائے پناہ۔

لَحِزَ (س) لَحَزًا۔ بخیل ہونا۔ صفت لِحْز و لَحِزٌ۔

لَحَزَه (ف)لَحْزًا اصرار کرنا۔

تَلَحَّزَ۔ بخیل ہونا۔ کھٹی چیزوں کے کھانے کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لیے کمر کسنا — عَنْهُ : پیچھے ہٹنا۔

تَلَاحَزَ الْقَوْمُ : کلام میں مقابلہ کرنا — الصِّبْيَانُ :اشعار کا نقل کرنا۔

المَلْحَز۔ تنگ جگہ۔ ج مَلَاحِز۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِي الْمَلَاحِز" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔

المُتَلَاحِزُ مِنَ الشَّجَرِ : گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔

اللُّحَيْزَاء۔ ذخیرہ۔ خزانہ۔

لَحَسَ (ف) لَحْسًا الدُّوْدُ الصُّوْفَ : کیڑے کا اون کو چاٹنا — الْجَرَادُ الْخَضِرَ : ٹڈیوں کا سبزیوں کو چٹ کر جانا۔

لَحِسَ (س) لَحْسًا و لَحْسَةً و لُحْسَةً و مَلْحَسًا الْقَصْعَةَ : پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَسْرَعُ مِنْ لَحْسِ الْكَلْبِ اَنْفَهٗ" کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔

لَحَّسَه الشَّيْئَ :چٹانا۔

اَلْحَسَ الْمَاشِيَةَ : تھوڑا سا چرنا۔ اَلْحَسَتِ الْاَرْضُ :سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔

اِلْتَحَسَ مِنْهُ حَقَّهٗ :حق لینا۔

اللَّحْس۔ مص۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔ سَنَةٌ لَاحِسَةٌ۔ سخت سال۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُمْ لَوَاحِسُ" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے مَالَكَ عِنْدِيْ لُحْسَةٌ تمہارے لیے میرے پاس کوئی چیز نہیں۔

اللَّحُوْس۔ مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی۔

اللَاحُوْس۔ بدبخت۔ منحوس (— و اللَّحْوَسُ و المُلْحِس و المِلْحَس) لالچی جو ہر چیز کو لے لے المِلْحَس :بہادر۔

اللَّحَّاس۔ بہت چاٹنے والا۔

اللَّحَّاسَة۔ لَحَّاس کا مؤنث۔ شیرنی۔

اللُّخْسُم۔ وادی کی تنگ نالی۔ ج لَخَاسِم۔

لَحَصَ (ف) لَحْصًا فِي الْاَمْرِ :مشغول ہونا۔ خَبَرَ فُلَانٍ : پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔

لَحَّصَ خَبَرَهٗ :بمعنی لَحَصَهٗ — فِيْ كَذَا : سختی کرنا۔ تنگی کرنا — هٗ عَنْ كَذَا : روکنا۔ سست کرنا — الْكِتَابَ :پختہ کرنا۔

اِلْتَحَصَ الْاَمْرُ :معاملہ کا سخت ہونا۔

اِلْتَحَصَتِ الْاِبْرَةُ :سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔

اِلْتَحَصَهُ الشَّيْئُ :مشغول ہونا — هٗ اِلٰى كَذَا : مجبور کرنا — الْبَيْضَةَ و نَحْوَهَا : انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا — هٗ عَنْ كَذَا : روکنا۔ سست کرنا۔ اِلْتَحَصَتْ عَيْنُهٗ : کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا۔

لَحَاصِ۔ مبنی بر کسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔

اللَّحَص۔ اوپر کے پوٹے کی شکن۔

اللَّحَصَان۔ دوڑ۔ تیزی۔

اللَّحِيْص۔ تنگ۔ سکڑا۔

المَلْحَص۔ جائے پناہ۔

لَحَطَه (ف) لَحْطًا۔ پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔

اِلْتَحَظَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
لَحَظَ (ف) لَحْظًا و لَحَظَانًا فُلَانًا و اِلٰی فُلَانٍ بِالْعَیْنِ: گوشہ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ (لَحْظًا و لَحَّظَ تَلْحِیظًا) البَعِیْرَ: اُونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔
لَاحَظَه لِحَاظًا و مُلَاحَظَةً انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔
تَلَحَّظَ الشَّیْئُ: تنگ ہونا۔
تَلَاحَظَتِ الْاَشْیَاءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْوَالُهُمْ مُتَشَاكِلَةٌ مُتَلَاحِظَةٌ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں۔
اللَّحْظ۔ مص۔ آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لِحَاظ و اَلْحَاظ۔
اللَّحَاظ و اللِّحَاظ۔ کنپٹی کی جانب گوشہ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لُحُظ۔ اللِّحَاظ: گھر کا صحن۔ و لِحَاظُ السَّهْمِ: تیر کے اوپر کا پر۔ لِحَاظُ الرِّیْشَةِ: پر کا سفید نچلا حصہ۔
اللَّحَّاظ۔ بہت سخت دیکھنے والا۔
التَّلْحِیظ۔ مص آنکھ کے نیچے کا داغ۔
اللَّاحِظَة۔ لَاحِظ کا مؤنث۔ آنکھ۔ ج لَوَاحِظ۔
اللَّحْظَة۔ لَحَظ کا اسم مرۃ۔ ج لَحَظَات۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ عِنْدَهٗ لَحْظَةً" میں اس کے پاس ایک لحہ بیٹھا۔
اللَّحُوْظ۔ تنگ۔
اللَّحِیْظ۔ شبیہ و نظیر۔
المَلْحَظ۔ دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ۔ ج مَلَاحِظ۔
لَحَفَهٗ (ف) لَحْفًا۔ لحاف اوڑھانا — ہٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا — ہٗ بِجُمْعِ کَفِّهٖ: مکا مارنا — ہٗ سَهْمًا: تیر مارنا — النَّارَ الْحَطَبَ: آگ میں لکڑی ڈالنا۔ لَحَفَ الشَّیْئَ: چاٹنا — عِنْهُ اللَّحْمَ: گوشت اتارنا۔ لُحِفَ الْقَمَرُ: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔ لُحِفَ لَحْفَةً الرَّجُلُ فِیْ مَالِهٖ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لَحَفَنِیْ فَضْلَ لِحَافِهٖ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔
لَحَّفَ اِزَارَهٗ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔
اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار سے مانگنا۔

ہٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کیلئے لحاف بنانا — الرَّجُلَ: دوسرے کیلئے لحاف خریدنا — ضَیْفَهٗ: سرما میں مہمان کیلئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا — شَارِبَهٗ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا — بِهٖ: نقصان پہنچانا — الظُّفُرَ: جڑ سے ناخن کاٹنا — الرَّجُلُ: دامن کوہ میں پہنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔
لَاحَفَهٗ۔ مدد کرنا۔ ایک دوسرے کیلئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُضَاجِعُ السَّیْفَ وَیُلَاحِفُ الْخَوْفَ" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔
تَلَحَّفَ و اِلْتَحَفَ۔ اپنے لیے لحاف بنانا۔ بِاللِّحَافِ وَغَیْرِهٖ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا۔
اللِّحْف۔ دامن کوہ۔
اللِّحْفَة۔ لَحَفَ کا اسم نوع۔ لحاف اوڑھنے والے کی حالت۔
اللِّحَاف۔ رضائی۔ لحاف۔ ج لُحُف۔
المِلْحَف و المِلْحَفَة۔ چادر۔ اوپر کا لباس ج مَلَاحِف۔
لَحِقَ (س) لَحْقًا و لَحَاقًا فُلَانًا و بِفُلَانٍ: پا لینا۔ آملنا۔ آپہنچنا — اِلٰی قَوْمٍ کَذَا: چمٹنا۔
لَحِقَ (س) لُحُوْقًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا — الثَّمَنُ فُلَانًا: قیمت لازم ہونا۔
لَاحَقَهٗ: پیچھے ہونا۔
اَلْحَقَهٗ۔ پالینا۔ آملنا — ہٗ بِفُلَانٍ: ملا دینا۔ لاحق کر دینا۔
تَلَاحَقَ۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ تَلَاحَقَتِ الْمَطَایَا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا۔
اِلْتَحَقَ بِهٖ: ملنا یا چمٹنا۔
اِسْتَلْحَقَهٗ۔ اپنے خاندان میں ملانا۔ اِسْتَلْحَقَ الرَّجُلُ: وادی کی نکلی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔
اللَّحَق۔ جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے۔ پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج اَلْحَاق۔ اللَّحَق۔ قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اُس کے گزر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لَحَقُ الْغَنَمِ: بکری کے بچے (— و المُلْحَق) شی زائد۔ تتمہ کتاب۔
اللُّحَاق۔ وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللَّحَق ہے۔
اللِّحَاق۔ کمان کا غلاف۔
اللَّاحِق۔ فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ اَبُوْ لَاحِق: باز۔
اللَّاحِقَه۔ لَاحِق کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لَوَاحِق۔
اللُّوَیْحِق۔ باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ۔ جس کی پیٹھ مٹیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
المِلْحَاق۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان، اُونٹنی جس سے اُونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔
المُلْحَق۔ خاندان میں ملایا ہوا۔
لَحَكَ (ف) لَحْكًا و لَاحَكَ و تَلَاحَكَ الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ: چپکنا۔ تَلَاحَكَ الشَّیْئُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَلَاحَكَ الْبُنْیَانُ: عمارت کا مضبوط ہونا۔ و لَحَكَ الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔
لُوحِكَتْ فِقَارُ ظَهْرِهٖ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
لَحِكَ (س) لَحْكًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اللُّحَكَة و اللُّحَكَاء۔ چھپکلی کی مانند ایک کیڑا جو ریت میں رہتا ہے۔
اللَّحِک۔ وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔
المَلَاحِك۔ تنگیاں۔
لَحْلَحَ و تَلَحْلَحَ۔ القَوْمُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔
اللَّحْلَح۔ تنگ جگہ۔
المُلَحْلَح۔ قوم کا بڑا۔ سردار۔
لَحَمَ (ن) لَحْمًا الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔ القَصَّابُ الْعَظْمَ: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا — ہٗ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ الصَّائِغُ الْفِضَّةَ: سنار کا چاندی کو درست کرنا۔
لَحَمَهٗ (ف) گوشت کھلانا۔
لَحِمَ (س) لَحْمًا بِالْمَكَانِ: لازم ہو کے رہنا۔ الصَّقْرُ و نَحْوُهٗ: گوشت کا خواہش مند ہونا۔
لَحِمَ (س) لَحْمًا و لَحُمَ (ک) لَحَامَةً۔ موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت

خواہش مند ہونا۔

لُحِمَ لَحْمًا۔ قتل کیا جانا۔ صفت لَحِیْم۔

لَاحَمَ الْحَبْلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا۔ لَاحَمَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

اَلْحَمَ۔ الثَّوْبَ: کپڑا بننا — الشِّعْرَ: اشعار کہنا — الزَّرْعُ: کھیتی میں دانہ بیٹھنا — بَیْنَ الْقَوْمِ شَرًّا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا۔ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا — ہٗ بَصَرَہٗ: تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ اَلْحَمَ الرَّجُلَ: غمگین کرنا — فُلَانًا الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا — ہٗ عِرْضَ فُلَانٍ: گالی دینے کا موقع دینا۔ اَلْحَمَتِ الدَّابَّۃُ: ٹھہر جانا۔ آگے نہ بڑھنا۔ اَلْحَمَ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا — الرَّجُلُ: گھر میں بہت گوشت والا ہونا — الْقَوْمَ: گوشت کھلانا — الشَّیْئَ: درست کرنا۔ اَلْحَمَہُ الْقِتَالُ: گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ اُلْحِمَ الرَّجُلُ: مرنا۔

تَلَاحَمَ الْقَوْمُ: باہم مقاتلہ کرنا۔ تَلَاحَمَتِ الشَّجَّۃُ: زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا (— وَالْتَحَمَ) الشَّیْئَ: جڑ جانا اور درست ہونا — اِلْتَحَمَتِ الْحَرْبُ بَیْنَہُمْ" گھمسان کی جنگ ہونا۔ "اِلْتَحَمَ الْجُرْحُ لِلْبُرْءِ": زخم بھر جانا اور درست ہو جانا۔

اِسْتَلْحَمَ الطَّرِیْقُ: راستہ کا کشادہ ہونا۔ الطَّرِیْقَ اَوِ الطَّرِیْدَۃَ: پیچھے پڑنا — الْخَطْبُ فُلَانًا: مشغول کر دینا — الزَّرْعُ: گنجان ہونا۔ اُسْتُلْحِمَ الرَّجُلُ: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔

اللَّحْم وَاللَّحَم مِنْ جِسْمِ الْحَیَوَانِ: گوشت۔ ج لِحَام و لُحُوْم و لِحْمَان و لُحْمَان و اَلْحُم۔ لَحْمُ کُلِّ شَیْئٍ: مغز لَحْمُ الْبَحْرِ: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَکَلَ لَحْمِیْ وَرَتَعَ لَحْمِیْ" یعنی میری غیبت کی۔

اللَّحْمَۃ۔ گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لَحْمَۃُ الثَّوْبِ کپڑے کا بانا۔

اللُّحْمَۃ۔ قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم۔

اللِحَام۔ جس سے پھٹن کو درست کیا جائے۔

اللَّحَّام۔ گوشت بیچنے والا۔

اللَّاحِم۔ گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو۔ بَازٌ لَاحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔

اللَّحِم۔ جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند۔ بَازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ اللَّحِم: شیر۔

اللَّحِیْم۔ جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَحِیْمُ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔

الْمُلْحَمُ۔ مفع۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

الْمُلْحِم۔ فا۔ گوشت کھلانے والا یا جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔

الْمَلْحَمۃ۔ گھمسان کی جنگ کا موقع۔ ج مَلَاحِم۔

الْمُلَاحِمُ مِنَ الْحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ کہا جاتا ہے شَجَّۃٌ مُتَلَاحِمَۃ: زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔

الْمُسْتَلْحِم۔ فا۔ شیر۔

لَحَنَ (ف) لَحْنًا و لَحَنًا و لُحُوْنًا و لَحَانَۃً و لَحَانِیَۃً فِیْ کَلَامِہٖ اَوْ فِی الْقِرَاءَۃِ: اعرابی غلطی کرنا۔ صفت لَاحِن و لَحَّان و لَحَّانَۃٌ (— لَحْنًا) لِفُلَانٍ: کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تاکہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لَاحِن۔ اور لَحَّان نہیں کہا جاتا اِلَیْہِ: قصد کرنا۔ مائل ہونا — قَوْلَہٗ: سمجھنا۔

لَحِنَ (س) لَحْنًا الرَّجُلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا — الْکَلَامَ: سمجھنا۔

لَحَّنَہٗ۔ غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ لَحَّنَ فِی الْقِرَاءَۃِ: خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔

لَاحَنَ الْقَوْمَ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔

اَلْحَنَ فُلَانًا الْقَوْلَ فَلَحِنَہٗ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔

اللَّحْن۔ مص — مِنَ الْاَصْوَاتِ: موزوں آواز۔ سُر۔ ج اَلْحَان و لُحُوْن۔ صِنَاعَۃُ الْاَلْحَانِ۔ فن موسیقی لَحْنُ الْکَلَامِ: مضمون کلام۔ اللَّحْنُ فِی الْکَلَامِ: اعراب وبنا کی غلطی۔

اللَّحَن۔ لغت۔ سمجھ۔

اللَّحِن۔ زیرک۔ سمجھ دار۔

اللَّاحِن۔ فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔

اللُّحْنَۃ۔ وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں۔

اللُّحَنَۃ۔ بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔

الْاَلْحَنُ۔ بہت زیادہ سمجھ دار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔

لَحَا یَلْحُو لَحْوًا و اِلْتَحَی اِلْتِحَاءً۔ الشَّجَرَۃَ: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاہُ: گالی دینا۔

الْمِلْحٰی۔ لکڑی چھیلنے کا اوزار۔

لَحْوَجَ لَحْوَجَۃً عَلَیْہِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحٰی یَلْحٰی لَحْیًا الشَّجَرَۃَ: درخت کو چھیلنا۔ فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ صفت فاعلی لَاحٍ۔ صفت مفعولی مَلْحِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "لَحَا اللّٰہُ فُلَانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔

لَاحٰی لِحَاءً و مُلَاحَاۃً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاکَ فَقَدْ عَادَاکَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی — فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلْحٰی اِلْحَاءً۔ قابل ملامت کام کرنا۔ الْعُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔

تَلَحّٰی تَلَحِّیًا۔ ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔

تَلَاحٰی تَلَاحِیًا الْقَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔

اِلْتَحٰی اِلْتِحَاءً۔ داڑھی اگنا۔ داڑھی رکھنا — الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

اللَّحْی۔ جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْیَان دونوں جبڑے۔ لَحْیَا الْغَدِیْرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ و لُحِیٌّ۔

اللِحَاء۔ مص۔ لکڑی یا درخت کی چھال۔ اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَیْنَ الْعَصَا و لِحَائِہَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان

داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔

اللَّحْيَان۔ لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لَحْيَانَة۔

اللِّحْيَة۔ داڑھی۔ ج لِحىً و لُحىً اور نسبت کیلئے لَحَوِيٌّ۔ لِحْيَةُ الْحِمَار: پرسیاؤشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔

اللِّحْيَان۔ تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِحْيَانَة۔

الأَلْحَى و اللِّحْيَانِيّ۔ لمبی یا بڑی داڑھی والا۔

لَخَّهُ (ن) لَخًّا طمانچہ مارنا۔ لَخَّ الْخَبَر: پوری خبر معلوم کرنا — فِي الْكَلَام: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا — هُ بِالطِّيب: خوشبو لگانا — فِي الْجَبَل: پہاڑ میں پیچھا کرنا — فِي الْحَفْر: کھودنے میں جھکنا۔

لَخَّتْ لَخًّا و لَخِيخًا و لَخِخَتْ (س) لَخَخًا عَيْنُه: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخِخَة۔

اِلْتَخَّ الأَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا۔

الْعُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔

تَلاَخَّ الْوَادِي: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔

وَادٍ لاَخٌّ تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔

اللَّخَّة۔ ناک۔ اِمْرَأَةٌ لَخَّةٌ: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوخٌ۔ عیب دار اصل۔

سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ۔ بدمست۔ ہوش و حواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔

لَخَبَهُ (ف ن) لَخْبًا و لاَخَبَهُ مُلاَخَبَةً طمانچہ مارنا — الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اللَّخَب۔ گوگل کا درخت۔ واحد لَخَبَةٌ۔

الْمُلَخَّب۔ طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔

اللَّخَج۔ آنکھ کی بری کیچڑ۔

اللَّخْز۔ تیز چھری۔

لَخِصَ (س) لَخَصًا۔ اوپر کے موٹے پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ شحص کی صفت 'أَلْخَص: آنکھ کی صفت۔ لَخْصَاء۔ ج لُخْصٌ۔

لَخَّصَ الْكَلاَمَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِي خَبَرَكَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔

الشَّيْءَ: خالص لینا۔

اللَّخَص۔ مص۔ خلقتاً۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔

اللَّخَصَة۔ آنکھ کے اندر کا گوشت۔ ج لِخَاص۔

الأَلْخَص۔ ظاہر۔ مختصر۔

ضَرْعٌ لَخِصٌ۔ زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ وَرَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد۔ اور کہا جاتا ہے "جُفُنٌ لَخِص" موٹا پپوٹا۔

الْمُلَخَّص۔ مفع کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوهُ" یہ لوگوں کے قول کا خلاصہ ہے۔

لَخَفَهُ (ف) لَخْفًا۔ زور سے مارنا۔

اللَّخْف۔ مص۔ پتلے جھاگ۔

اللَّخْفَة۔ سفید باریک پتھر ج لِخَاف۔

لَخَمَهُ (ن) لَخْمًا طمانچہ مارنا — لَخَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

لَخُمَ (ف) لَخَمًا الرَّجُلُ: پُر گوشت چہرے والا ہونا۔

لاَخَمَهُ لِخَامًا و مُلاَخَمَةً۔ باہم طمانچہ بازی کرنا۔

اللَّخْمَة۔ سستی۔ افسردہ دلی۔

رَجُلٌ لُخَمَةٌ و لَخِمَة۔ افسردہ دل مرد۔ لئیم۔

اللُّخْمَة۔ سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔

اللَّخَام۔ ہڈیاں۔

لَخِنَ (س) لَخَنًا۔ بدبودار ہونا — الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں بدبو ہونا۔ صفت أَلْخَن۔ مؤنث لَخْنَاء۔ ج لُخْن۔

لَخَّنَهُ۔ یا ابن اللخناء کہنا۔

اللَّخَن۔ مص غیر مختون بچے کے قلفہ کی سپیدی۔

لَخَاهُ يَلْخُوهُ لَخْوًا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔

لَخَاهُ يَلْخِيهِ لَخْيًا و أَلْخَاهُ۔ مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔

لَخِيَ يَلْخَى لَخًى۔ ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا۔

لاَخَى لِخَاءً و مُلاَخَاةً۔ الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا — فُلاَنًا عَلَى فُلاَنٍ اکسانا۔ بھڑکانا — بِهِ: چغل خوری کرنا۔

اِلْتَخَى اِلْتِخَاءً۔ الصَّبِيُّ: ترکردہ روٹی کھانا اسم لَخَاء ہے۔

اللَّخَا و اللَّخَى و اللَّخَاء و الْمِلْخَى۔ جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔

الأَلْخَى۔ ہرزہ سرا۔ بکواس کرنے والا (— و اللَّخِي مِنَ الْجِمَال) جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔

اللَّخْوَاء۔ الأَلْخَى کا مؤنث۔ عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔

لَدَّ (ن) لَدًّا و لاَدَّ لِدَادًا و مُلاَدَّةً و أَلَدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا۔ لَدَّهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ لاَدَّعَنْهُ: مدافعت کرنا۔

لَدَّ (ن) لَدًّا و لُدُدًا و أَلَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے کنارے سے دوا پلانا۔ لَدًّا لِلَّدُودِ: منہ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار کرنا۔

أَلَدَّهُ: سخت جھگڑالو پانا۔ الَدَّ بِهِ: ٹالنا۔ کہا جاتا ہے أَلْدَدْتُ بِهِ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔

لَدَّ (س) لَدَدًا۔ بہت جھگڑالو ہونا۔ صفت أَلَدُّ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَلَدُّ بَيِّنُ اللَّدَدِ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔

لَدَّدَهُ۔ حیران کرنا۔ لَدَّدَ بِهِ: بدنام کرنا۔

تَلَدَّدَ۔ متحیر ہونا۔ دائیں بائیں دیکھنا۔ فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔

اِلْتَدَّ۔ منہ کے کنارے سے دوا پینا۔

عَنِ الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔

اللَّدّ۔ مص۔ بورا۔

اللَّدَد۔ مص۔ سخت جھگڑالو۔

اللَّدُّ و اللاَّدُّ و اللُّدُود و اللَّدِيد۔ ج أَلِدَّة و الأَلَدّ۔ مؤنث لَدَّاء۔ ج لِدَاد و لُدّ۔ و

الاَلَنْدَد و الیَلَنْدَد۔ سخت جھگڑالو۔ اللَّدِیْد و اللَّدُوْد: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے۔

اَللَّدِیْدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے، ہر چیز کے دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَنْهُ مُحْتَدٌّ ولا مُلْتَدٌّ" یعنی اس کیلئے کوئی چارہ نہیں۔

المُتَلَدَّد۔ گردن۔

لَدَحَهُ (ف) لَدْحًا۔ پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّیْئَ: چاٹنا۔ ۂ بِیَدَیْهِ: مارنا —ۂ بِحَجر: پتھر مارنا۔

لَدَّسَ الْخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔

اَلْدَسَتِ الْاَرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔

اللِّدْس۔ سُست و نرم۔

اللَّدِیْس۔ موٹا۔ ج اَلْدَاس۔

المِلْدَس۔ گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ ج مَلَادِس۔

لَدَغَهُ (ف) لَدْغًا و تَلْدَاغًا۔ ڈسنا۔ کہا جاتا ہے "لَدَغَه بِكَلِمَةٍ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔

اَلْدَغ۔ العَقْرَبَ فُلَانًا: ڈسنے کے لیے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔

اللَّادِغ۔ فا۔ مؤنث لَادِغَة ج لُدَّغ۔

اللَّدْغَةُ۔ لدغ کا اسم مرۃ۔

اللُّدَّاغ۔ کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔

اللُّدَّاغَة مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے والا۔

اَللَّدِیْغ۔ ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغٰی و لُدَغَاء۔ اور کہا جاتا ہے "هُمْ قَوْمٌ لَدْغٰی وَلُدَغَاء" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔

اَلْمِلْدَغ۔ وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔

لَدِكَ (س) لَدَكًا و لَدَكَابِهٖ: چپکنا۔

لَدَمَهُ (ض) لَدْمًا۔ طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔

اَلْخُبْزَ مِنَ الْمَلَّةِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (— و لَدَّمَ) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا، درست کرنا۔

اَلْدَمَتْ عَلَيْهِ الْحُمّٰى: لگاتار بخار رہنا۔

تَلَدَّمَ۔ بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا —الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

اِلْتَدَمَ۔ پریشان و مضطرب ہونا۔ اِلْتَدَمَتِ النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔ اِلْتَدَمَهٗ مارنا اور رہٹانا۔

اللَّدْم۔ مص پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔

اللَّدَم۔ عزت۔ قرابت۔

اللَّادِم۔ فا۔ ج لَدَم (کخادم و خَدَم)

اللِّدَام۔ پیوند۔

اَللَّدَّام۔ پیوند لگانے والا۔

اللَّدِیْم۔ مِنَ الثِّیَابِ: پیوند لگا ہوا کپڑا۔

المِلْدَم۔ بیوقوف۔ سُست۔ پرگوشت اُمُّ مِلْدَم: بخار (— و المِلْدَام) گٹھلی توڑنے کا پتھر۔

لَدُنَ (ک) لَدَانَةً و لُدُوْنَةً۔ نرم ہونا۔ صفت لَدْنٌ۔ مؤنث لُدْنَة ج لُدْن و لِدَان۔ لَدُنَتْ اَخْلَاقُهٗ: نرم اخلاق ہونا۔

لَدَّنَ الشَّیْئَ: نرم کرنا —ۂ فِی الْاَمْرِ: ٹھہرانا۔

لَدَّنَ ثَوْبَهٗ: تر کرنا۔

تَلَدَّنَ۔ ٹھہرنا —بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — عَلَيْهِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنَتْ عَلَیَّ رَاحِلَتِیْ" جبکہ وہ نہ چلے۔

اللَّدُنُ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جس کی روٹی اچھی نہ پکے اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَدْنُ الْخَلِيْقَةِ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔

لَدُنْ و لَدَنْ و لُدْنُ و لَدْنِ و لُدْنَ و لَدَنِ۔ عِنْدَ کے معنی میں ظرف زمان و مکان ہے۔ مگر عِنْدَ سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے۔ اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے "لِیْ اِلَيْهِ لُدُنَّةٌ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔

اَلْدَی اِلْدَاءً۔ زیادہ ہم عمر والا ہونا۔

لَدَیْ۔ ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنْ کے ہے۔

اللِّدَة۔ ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِدَتِیْ" وہ میرا ہم عمر ہے۔ ج لِدَات و لِدُوْن۔ اللِّدَة: وقت ولادت۔ (کلمہ یا مادہ وَلَدَ سے ہے) جیسے عِدَةٌ وعد سے۔

لَذَّ (س و ض) لَذَاذًا و لَذَاذَةً۔ الشَّیْئُ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذٌّ و لَذِیْذٌ۔

لَذَّ (س) لَذًّا و تَلَذَّذَ و اِلْتَذَّ الشَّیْئَ و بِهٖ و اِسْتَلَذَّ الشَّیْئَ: لذیذ پانا۔

لَذَّذَهٗ۔ لذیذ بنانا۔

تَلَاذًّا۔ ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔

اللَّذ۔ مص۔ لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔

الاَلَذّ۔ زیادہ لذیذ۔

اللَّذَّة۔ خوشی۔ مزہ۔ حصول مرغوبات۔ ج لَذَّات۔ شراب۔

اللَّذِیْذ۔ مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لُذٌّ و لِذَاذ۔

المَلَذّ۔ لذت کی جگہ۔ ج مَلَاذّ۔

المَلَذَّة۔ خواہش۔ ج مَلَذَّات۔

لَذَبَ (ن) لُذُوْبًا و لَاذَبَ مُلَاذَبَةً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَذَجَهُ (ن) لَذْجًا۔ سوال میں اصرار کرنا لَذَجَ الْمَاءَ: گھونٹ لگانا۔

لَذَعَ (ف) لَذْعًا۔ فُلَانًا بِلِسَانِهٖ: زبان سے تکلیف پہنچانا۔ لَذَعَتِ النَّارُ الشَّیْئَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَذَعَ الْحُبُّ قَلْبَهٗ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔ لَذَعَ الْبَعِیْرَ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا — الرَّجُلُ بِذُكَائِهٖ: جلدی سمجھنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔

تَلَذَّعَ۔ دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا۔ تیز ذہن ہونا۔ تَلَذَّعَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔

اِلْتَذَعَ۔ درد میں سوزش ہونا۔

اللَّاذِعَة۔ لاذع کا مؤنث۔ ج لَوَاذِع

لَوَاذِعُ الْكَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ لَوَاذِعِهٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

اللَّذَّاع۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ" یعنی بڑا خلاف وعدہ۔ اسلئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر

کے تکلیف پہنچاتا ہے۔

اللَوْذَع واللَوْذَعِیّ۔ تیز ذہن۔ تیز خاطر۔ فصیح۔

اللاَذِقِیَّة۔ شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لیے لاَذِقَانِیّ و لاَذِقِیّ۔

لَذْلَذَ۔ چست و پھرتیلا ہونا۔

اللَذْلاَذ۔ چست و پھرتیلا۔ بھیڑیا۔

لَذِمَهٗ (س) لَذَمًا الشَّیْئُ : تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔

لَذِمَ (س) لَذَمًا بِالْمَکَانِ : چمٹے رہنا — بِالشَّیْئِ : حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلْذَمَهُ الشَّیْئَ وبِهٖ : حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا۔

— هٗ : بِفُلاَنٍ : لازم کرنا۔ اَلْذَمَ بِالْمَکَانِ : ثابت رہنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْذِمْ بِفُلاَنٍ کَرَامَتَکَ" یعنی ہمیشہ کرو۔

اُلْذِمَ بِفُلاَنٍ : فریفتہ کیا جانا۔

اللُذَمَة۔ گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ کسی چیز کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا۔

رَجُلٌ لَذِمٌ و لُذُومٌ و مِلْذَمٌ بِالشَّیْئِ : چیز کا شوقین۔ المِلْذَم : بہادر۔

اللاذن واللاذنة۔ گوند کی ایک قسم۔

لَذِیَ یَلْذَیٰ لَذًی بِالْاَمْرِ : لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلَّذِیْ۔ اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ اَللَّذِ و اللَّذْ و اللَّذِیُّ و اللَّذِیّ وَلَذِیْ مؤنث اَلَّتِیْ (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللَّذَا و اللَّذَانّ ج اَلَّذِیْنَ و اللاُّوْن و اللاُّؤُذ۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْن حالت رفعی میں اور اَلَّذِیْنَ بہ حالت نصبی و جری میں۔ اور اَلَّذِیْ کی تصغیر اللَّذَیَّا اور تثنیہ کی اللَّذَیَّانِ اور جمع کی اللَّذَیُّوْنَ۔

لَزَّ (ن) لَزًّا و لَزَزًا و لِزَازًا۔ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ : باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا — الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ : ملنا۔ اَلْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَزَّهٗ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا۔

— هٗ : اِلٰی کَذَا : مجبور کرنا۔

لَزَّ اللّٰهُ فُلاَنًا : مضبوط جسم والا بنانا۔

لاَزَّ لِزَازًا و مُلاَزَّةً۔ چمٹنا اور جھگڑے میں تنگ کرنا۔

اَلَزَّ الشَّیْئَ : باندھنا اور چمٹانا۔

اِلْتَزَّ بِهٖ : چمٹنا۔ ملنا۔

اللَزّ۔ مص۔ دروازہ کا حلقہ۔

اللَزَزُ و اللِزَاز۔ مص۔ دروازے کی بلی۔ سخت جھگڑا۔

اللِزّ۔ چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ لِزُّ شَرٍّ و لَزِیْزُ شَرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔

عَیْشٌ لِزَزٌ۔ تنگ زندگی۔

اللَزِیْزَة۔ لَزِیْز کا مؤنث ج لَزَائِز۔ اللَزَائِز سینہ کی ہڈیاں۔

المِلَزّ۔ سخت جھگڑالو۔ (مذکر و مؤنث)

لَزَأَ (ف) لَزْأً و اَلْزَأَ و لَزَّأَ : الْاِنَاءَ : برتن بھرنا — المَاشِیَةَ : جانور کو سیر کرنا۔ لَزَّأَ فُلاَنًا : دینا۔ کہا جاتا ہے "لَزَّاَتْهُ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔

تَلَزَّأَ الْاِنَاءُ : برتن کا بھر جانا۔

لَزَبَ (ن) لُزُوْبًا۔ مضبوطی سے قائم رہنا۔

— بِهٖ : چمٹنا۔ لَزَبَتِ السَّنَةُ : خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔

لَزَبَتْ (ض) لَزْبًا۔ العَقْرَبُ فُلاَنًا : بچھو کا ڈسنا۔

لَزِبَ (س) لَزَبًا و لَزُبَ (ک) لَزَبًا و لُزُوْبًا الطِّیْنُ : چپکنے والی اور سخت ہونا۔ لَزِبَ الشَّیْئُ : بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَلاَزَبَ الشَّیْئُ : تہ بتہ ہونا۔

اللِزْب۔ تنگ راستہ۔

اللاَزِب۔ فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْاَمْرُ ضَرْبَةَ لاَزِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہو گیا۔ طِیْنٌ لاَزِبٌ : ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔

اللَزِب۔ کم۔ تھوڑا۔ ج لِزَاب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَزَبٌ لَزِبٌ" اس کے نہ جورو ہے نہ جاتا۔

اللَزْبَة۔ سختی۔ قحط۔ ج لِزَب و لَزَبَات سَنَةٌ لَزْبَةٌ : سخت سال۔

المِلْزَاب۔ بڑا کنجوس۔ ج مَلاَزِیْب۔

لَزِجَ (س) لَزَجًا و لُزُوْجًا۔ لیس دار ہونا۔ چپکنے والا ہونا۔ صفت لَزِج۔ لَزِجَ الْعَسَلُ بِاِصْبَعِهٖ : شہد کا انگلی میں چپکنا۔

تَلَزَّجَ۔ چپکنے والا ہونا — البَقْلُ : نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا — الدَّابَّةُ البُقُوْلَ : سبزی کے لیے جانا۔

اللُزُوْجَة۔ چپک۔ چسپیدگی۔

رَجُلٌ لُزَجَةٌ و لِزِجَةٌ لُزَیْجَةٌ۔ گھری پر رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔

لَزِقَ (س) لُزُوْقًا و اِلْتَزَقَ بِهٖ : چپکنا — لَزَقًا الرِّئَةُ بِالْجَنْبِ : پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔

لاَزَقَهٗ لِزَاقًا و مُلاَزَقَةً۔ چپکانا۔

اَلْزَقَهُ بِهٖ : چپکانا۔

لَزَّقَ الشَّیْئَ : چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔

اللِزْق۔ قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِزْقِیْ او بِلِزْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللِزَاق۔ مص۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لیئی گوند وغیرہ۔ لِزَاقُ الذَّهَبِ و لِزَاقُ الْحَجَرِ و لِزَاقُ الرُّخَامِ : دواؤں کے نام۔

اللِزَاق : جماع۔

اُذُنٌ لَزْقَاء۔ کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔

اللَزُوْق و اللاَزُوْق۔ زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔

اللَزِیْق۔ قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَزِیْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللُزَیْق۔ سمندری گھونگا۔

اللَزَق و اللُزَّیْقَاء و اللُزَّیْقَی۔ خود رو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔

اَلْمُلْزَق۔ خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَزِکَ (س) لَزَکًا الجُرْحُ : بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا۔ اور یا صواب لدک دال مہملہ سے ہے۔

لَزِمَ (س) لُزُوْمًا لَزَمًا و لِزَامًا و لَزَامًا و لِزَامَةً و لُزْمَةً و لُزْمَانًا الشَّیْئَ : لازم رہنا — بَیْتَهٗ : گھر سے جدا نہ ہونا — هُ الْمَالُ : واجب ہونا — الْغَرِیْمَ و بِهٖ : قرض دار کو چمٹے رہنا — الْاَمْرُ : حکم واجب ہونا — کَذَا عَنْ کَذَا لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا — (لَزْمًا) الشَّیْئَ : جدا کرنا۔ متمیز کرنا۔

لاَزَمَهٗ لِزَامًا و مُلاَزَمَةً۔ چمٹے رہنا اور جدا نہ

ہونا۔

اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّیْءَ :لازم کرنا ـــ ہُ الْمَالَ والعَمَلَ او بِالْمَالِ و بِالعَمَلِ :واجب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِی" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔

اِلْتَزَمَہٗ۔ بمعنی لَازَمَہٗ ـــ فُلَانًا :گردن پکڑنا ـــ العَمَلَ او المَالَ :اپنے اوپر واجب کرلینا ـــ القَرْیَۃَ او العُشْرَ او غَیْرَھُمَا :مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)

اِسْتَلْزَمَ الشَّیْءَ :لازم سمجھنا۔ چاہنا۔

اللِزَام۔ مص ۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (ـــ و اللِزَم) فیصلہ کرنے والا۔

لَزَامِ۔ بِالْبِنَاءِ عَلَی الکَسْرِ :لگاتار۔ پیوستہ۔ کہاجاتا ہے "ضَرْبَۃٌ لَزَامِ" یعنی لگاتار مار۔

اللُزَمَۃ۔ جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔

اللُزُوْمِیَّۃ۔ اسم ہے لَزِمَ سے۔

اللَازِم۔ فا۔ مؤنث لَازِمَۃٌ جمع لَوَازِم۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْاَمْرُ ضَرْبَۃَ لَازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَۃَ لَازِبٍ"

المِلْزَم و المِلْزَمَۃ۔ لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج ملازِم۔

المَلْزُوْم۔ مفعو۔ لازم کیا ہوا۔

لَزَنَ (ن) لَزْنًا و لَزِنَ (س) لَزَنًا و تَلَازَنَ الْقَوْمُ :ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

اللَزْن۔ مص ۔ سختی۔ عَیْشٌ لَزْنٌ : تنگ زندگی مَاءٌ لَزْنٌ :وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔ مَکَانٌ لَزْنٌ و لَزِنٌ و مَلْزُوْنٌ۔ بھیڑ والی جگہ۔

اللَزْنَۃ و اللِزْنَۃ۔ سختی لَیْلَۃٌ لَزِنَۃٌ : بھوک، سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن۔

زَمَانٌ اَلْزَن۔ سخت زمانہ۔

لَسَّ (ن) لَسًّا الْقَصْعَۃَ :پیالہ چاٹنا۔ لَسَّتِ الدَّابَّۃُ الْکَلَاَ :چوپایہ کا زبان کی اطراف سے چرنا ـــ الطَعَامَ :کھانا۔

اَلَسَّ الْمَکَانُ :ابتداءِ نباتات کا نکالنا۔

اللُسَاس و اللُسَّاس۔ ایک سخت اور کمزوری گھاس۔ اللُسَاس : ہریاول جس کو جانور چر نہ سکے۔ اور اطراف زبان سے چرے۔

اللُسْس۔ ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔

لَسَبَتْہُ (ض) لَسْبًا الْحَیَّۃُ : سانپ کا ڈسنا۔ لَسَبَہٗ بِالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا ـــ ہٗ بِلِسَانِہٖ :برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔

لَسِبَ (س) لَسَبًا بِہٖ :چپکنا ـــ اَلْعَسَلُ :شہد چاٹنا۔

اَلْسَبَ الْحَیَّۃُ فُلَانًا : سانپ سے ڈسوانا۔ رَجُلٌ لَسَّابَۃٌ لِلنَّاسِ :لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔ کہاجاتا ہے "مَا تَرَکَ لَسُوْبًا و لُسُوْبًا" یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔

لَسَدَ (ض) لَسْدًا و لَسِدَ (س) لَسَدًا الْاِنَاءَ : برتن چاٹنا ـــ العَسَل :شہد چاٹنا ـــ اُمَّہٗ : تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

فَصِیْلٌ مِلْسَد۔ بہت چاٹنے والا اور اونٹنی کا بچہ۔

لَسَعَہٗ (ف) لَسْعًا ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ لَسَعَ ڈنک سے ڈسنے کو اور لَدَغَ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔ بچھو کیلئے تَلْسَع اور سانپ کیلئے تَلْدَغ کا استعمال ہے۔ لَسَعَہٗ بِلِسَانِہٖ : عیب لگانا۔ گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لَسَعَ فِی الْاَرْضِ جانا۔ سفر کرنا۔

اَلْسَعَ فُلَانًا عَقْرَبًا : بچھو سے ڈسوانا ـــ بَیْنَ الْقَوْمِ :دشمنی ڈالنا۔ بھڑکا دینا۔

لُسِعَ الرَّجُلُ :خانہ نشین ہونا۔

اللَسَّاع و اللُسَعَۃ۔ لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔

اللَسِیْع۔ ڈسا ہوا۔ ج لَسْعٰی و لُسَعَاء۔

اللُسُوْع۔ بہت سے شگاف۔

المِلْسَع۔ ماہر راہبر۔

المُلَسَّعَۃ۔ خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔

المُلَسِّعَۃ۔ مقیم جماعتیں۔

لَسِقَ (س) لُسُوْقًا و اِلْتَسَقَ۔ چپکنا۔

اَلْسَقَ۔ چپکانا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لِسْقِی و لَسِیْقِی" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَسُوْق۔ وہ دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔

المُلْسَق۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَسَمَ (ن) لَسْمًا۔ چکھنا۔ کہاجاتا ہے "مَا لَسَمَ لِسَامًا" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

لَسِمَ (س) لَسَمًا۔ حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔

لَسِمَہٗ لُسُوْمًا۔ لازم ہونا۔

اَلْسَمَہٗ کَلَامًا : سمجھانا۔ کلام سکھانا ـــ ہٗ الطَّرِیْقَ :راستہ اختیار کرانا۔ اَلْسَمَ و اِسْتَلْسَمَ الشَّیْءَ :ڈھونڈھنا۔

لَسِنَ (س) لَسَنًا۔ فصیح و بلیغ ہونا۔

لَسَنَ (ن) لَسْنًا فُلَانًا :بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔ لَسَنَتْہُ العَقْرَبُ : ڈسنا ـــ وَلَسَّنَ الشَّیْءَ :کنارہ کو زبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔

لَاسَنَ مُلَاسَنَۃً الرَّجُلَ : جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔

اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا او رِسَالَۃً :پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْسِنِّی فُلَانًا و اَلْسِنْ لِیْ فُلَانًا کَذَا و کَذَا" یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچا دو۔

تَلَسَّنَ عَلٰی فُلَانٍ : جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا ـــ الجَمْرُ :چنگاری سے زبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔

اللِسْن۔ زبان۔ لغت۔ گفتگو۔

اللَسَن۔ فصاحت۔

اللِسَان۔ زبان (مذکر و مؤنث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَۃ و اَلْسُن و لُسُنٌ و لِسَانَات لغت۔ پیغام۔ لِسَانُ الْعَرَبِ :عرب کی زبان لِسَانُ الْقَوْمِ :قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الْحَالِ :زبانِ حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسَانُ الصِّدْقِ :اچھی شہرت۔ لِسَانُ الْمِیْزَانِ ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔ لِسَانُ النَّارِ :شعلہ۔ لِسَانُ الْحَمَلِ و ـــ الثَّوْرِ و ـــ الکَلْبِ و ـــ السَّبُعِ و ـــ العَصَافِیْرِ : مختلف نباتات کے نام۔ و الحُرُوْفُ اللِسَانِیَّۃ :ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ لِسَانَیْنِ" یعنی فریبی دغا باز۔ منافق۔ غیبت کرنے والا۔ "و اَلْسِنَۃُ النَّاسِ عَلَیْہِ حَسَنَۃٌ" لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔

اللَسِن۔ جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو (ـــ و الاَلْسَن) فصیح بلیغ۔ مؤنث لَسْنَاء ج لُسْنٌ۔

المُلَسِّن۔ فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔

المِلَسَّن۔ پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگا دیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کر دیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔

المُلَسَّن۔ مفع۔ زبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔

المُلَسِّن۔ فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔

المَلْسُوْن۔ جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زبان بریدہ۔

لَسَا يَلْسُوْ لَسْوًا۔ تھوڑا کھانا۔

لَشَّهٗ(ن) لَشًّا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اللَشّ۔ مص۔ ماش۔

لَشْلَشَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔

الشَّلاَش۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنے والا۔

لَشَا يَلْشُوْ لَشْوًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

لاَشَي مُلاَشَاةً الشَّيْءَ: لاشي کر دینا۔ معدوم کر دینا (یہ لاشي سے بنایا گیا ہے)

تَلاَشٰي تَلاَشِيًا الشَّيْءُ: معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔

التَلاَشِي۔ مص۔ اضمحلال۔

لَصَّ (س) لَصَصًا و لِصَاصًا و لُصُوْصِيَّةً و لَصُوْصِيَّةً۔ چور ہونا۔

لَصَّ (ن) لَصًّا البَابَ: بند کرنا ـــ الشَّيْءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔

لَصَّصَ الْبُنْيَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ میں۔

تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔

اللَّصُّ و اللِّصُّ و اللُّصُّ۔ چور۔ ج لُصُوْص و اَلْصَاص و لِصَصَة و لِصَاص مؤنث لِصَّة۔ ج لِصَّات و لَصَائِص۔

الَّصَص۔ مص۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوبِ انسانی سے ہے۔

الاَلَصّ۔ قریب قریب مونڈھوں والا۔

اللَّصَّاء۔ اَلَصّ کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کا ایک سینگ آگے اور دوسرا پیچھے ہو۔ ج لُصّ۔

المَلَصَّة۔ بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنی لُصُوْص۔

لَصِبَ (س) لَصَبًا۔ اَلْجِلْدُ بِاللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ اَلْخَاتَمُ فِي الاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔ السَّيْفُ فِي الْغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔

اِلْتَصَبَ الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔

اللِّصْب۔ وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ ج لُصُوْب و لِصَاب۔

اللَّصِب۔ بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔

اللَّوَاصِب۔ گہرے تنگ کنوئیں۔

کہا جاتا ہے "سَيْفٌ مِلْصَابٌ" میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔

طَرِيْقٌ مُلْتَصِبٌ۔ تنگ راستہ۔

اَللِّصْت و اللَّصْت و اللُّصْت چور۔ ج لُصُوْت۔

لَصَغَ (ف) لُصُوْغًا الْجِلْدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔

لَصِفَ (س) لَصَفًا الْجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔

لَصَفَ (ن) لَصْفًا الْحِجَارَةَ: ترتیب سے جوڑنا ـــ لَصْفًا و لَصِيْفًا و لُصُوْفًا لَوْنُهٗ: رنگ کا چمکنا۔

لَصِقَ (س) لَصْقًا و لُصُوْقًا و اِلْتَصَقَ بِالشَّيْءِ: چپکنا۔

اَلْصَقَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا ـــ بِعُرْقُوْبِ الْبَعِيْرِ: زخمی کرنا۔

لاَصَقَهٗ مُلاَصَقَةً۔ چپکانا۔

اللِّصْق و اللَّصِيْق۔ جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِصْقِيْ و بِلِصْقِيْ و لَصِيْقِيْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّصُوْق۔ زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔

المُلْصَق۔ مفع۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَةٌ۔

لَصْلَصَ الْوَتَدَ و نَحْوَهٗ: اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

لَصَا يَلْصُوْ لَصْوًا۔ الْمَرْأَةَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاهُ و لَصَا اِلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔

لَصَي يَلْصِي لَصْيًا و لَصِيَ يَلْصٰى لِصًى اِلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاهُ لَصْيًا: عیب لگانا۔ وَلَصِيَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔

اللَصَاة۔ عیب۔

لَضْلَضَ لَضْلَضَةً۔ دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔

اللَضْلاَض۔ ماہر راہبر۔

لَضَمَهٗ (ن) لَضْمًا سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔

لَضَا يَلْضُوْ لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔

لَطَّ (ض) لَطًّا البَابَ: دروازہ بند کرنا ـــ الشَّيْءَ: چھپانا ـــ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا الرَّجُلَ حَقَّهٗ و عَنْ حَقِّهٖ: حق کا انکار کر دینا ـــ عَنْهُ و عَلَيْهِ الْخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا ـــ بِالْاَمْرِ: لازم ہونا ـــ الشَّيْءُ بِكَذَا: چمٹانا۔ لَطَّتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دم کو رانوں میں دبا لینا۔

لَطَّهٗ (ن) لَطًّا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔

اَلَطَّ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: چھپانا ـــ الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا ـــ الْغَرِيْمُ: حق روکنا فُلاَنًا: مدد کرنا۔ اَلَطَّ بِالْحِجَابِ: پردہ لٹکانا۔ (ـــ و تَلَطَّطَ) حَقَّ فُلاَنٍ: انکار کرنا۔ اور تین طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تَلَطّٰى حَقَّهٗ بھی کہا جاتا ہے۔

اِلْتَطَّ۔ چھپنا ـــ الشَّيْءَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بِالْمِسْكِ: مشک سے لت پت ہونا۔

اللَّطّ۔ مص اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاط۔ اللَّطّ: خصم۔

اللَطَّة و اللَطِيْطَة۔ سویاں۔

اللَطَط۔ قرض خواہ کا حق روکنا۔ دانتوں کا

گر جانا یا دانتوں کا کھد ر جانا۔ چیز کا چھپانا۔

اللّطاط و المِلْطاط۔ پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔

اللِطَاط۔ وادی کا کنارہ۔

اللاَّطُّ فا (— و المُلِطّ) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔

الاَلَطّ۔ جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھالیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔

المِلْطاط۔ سمندر کا کنارہ۔ کشادہ راہ گزر' گھر کا صحن۔ پلاستر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ وادی کا کنارہ۔

المَلْطُوط۔ مفع تَرَسٌ مَلْطُوْطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔

لَطَأَ (ف) لُطُوْءًا و لَطِئَ لَطَأَ بالاَرْضِ: زمین سے چمٹنا۔ لَطَأَهُ بِالعَصَا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔

اللاَّطِئَة۔ اچھا نہ ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔

اللَّطَأ۔ بھیڑیا۔ شکاری۔

المِلْطَأ و المِلْطَاة۔ سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔

لَطَثَهُ (ن) لَطْثًا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ تھپڑ مارنا — ہُ بِحَجَر: پتھر مارنا۔ لَطَثَ الشَّیَٔ: جمع کرنا — الشَّیَٔ: بگاڑنا۔ خراب کرنا — ہُ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

تَلاَطَثَ المَوْجُ: موجوں کا ٹکرانا — القَوْمُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔

المَلاَطِث۔ جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔

لَطَخَهُ (ف) لَطْخًا۔ باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لَطَخَ بِہٖ: زمین پر پٹک دینا۔

لَطَخَ (ف) لَطْخًا و لَطَّخَ الشَّیَٔ بِالمِدَادِ و نَحْوِہٖ: آلودہ کرنا — ہُ بِشَرٍّ: شر کی نسبت کرنا۔

تَلَطَّخَ۔ آلودہ ہونا — بِاَمْرٍ قَبِیْحٍ: ملوث ہونا — بِشَرٍّ: برائی کا ارتکاب کرنا۔

اللَطْخ۔ مصـ۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ لَطْخًا مِنْ خَبَرٍ میں نے تھوڑی سے خبر سنی" وفِی السَّمَاءِ لَطْخٌ مِنَ السَّحَابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔

اللَطِخ۔ گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔

اللُطْوُخ۔ جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔

اللَطَخَة۔ بیوقوف۔ ج لَطَخَات۔

اللِطِّيخ۔ بیوقوف۔

لَطَسَهُ (ن) لَطْسًا۔ طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّیَٔ: سخت کوٹنا — ہُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا — الشَّیَٔ: سخت روندنا — الحَجَرَ بِالحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔

لاَطَسَهُ مُلاَطَسَةً۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

تَلاَطَسَ المَوْجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔

المِلْطَس۔ ج مَلاَطِس۔ المِلْطَاس۔ ج مَلاَطِیْس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔

لَطَعَ (ف) و لَطِعَ (س) لَطْعًا۔ الشَّیَٔ بِلِسَانِہٖ: زبان سے چاٹنا — فُلاَنًا: پیچھے سے لات مارنا۔ لطع الغَرَضَ: نشانہ لگانا — فُلاَنًا بِالعَصَا لاٹھی مارنا — عَیْنَہٗ: آنکھ پر طمانچہ مارنا — الکَلْبُ او الذِئْبُ المَاءَ: پینا — اِسْمَہٗ: نام کو دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔

لَطَعَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "لَطَعَ اِصْبَعَہٗ" یعنی مر گیا۔

لَطِعَ (س) لَطَعًا۔ دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلْطَع۔

تَلَطَّعَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔

اِلْتَطَعَ۔ برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا۔ — الشَّیَٔ: چاٹنا۔

اللَطَع۔ مصـ۔ تالو۔ ج اَلْطَاع۔

اللَطْعَاء۔ الاَلْطَع کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ ج لُطْع۔

اللَطَع: مصـ۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔

رَجُلٌ لُطَعٌ۔ کمینہ آدمی۔

اللَطَّاع۔ کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔

لَطَفَ (ن) لُطْفًا بِفُلاَنٍ و لِفُلاَنٍ مہربانی کرنا — اللّٰہُ بِالعَبْدِ وَلَہٗ: توفیق دینا۔ بچانا — الشَّیَٔ: قریب ہونا۔

لَطُفَ (ک) لُطْفًا و لَطَافَةً باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِیْف۔ کَلاَمُہٗ: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عَنْهُ" چھوٹا ہونا و "لُطِفَ بِہٖ" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔

لَطَّفَ الشَّیَٔ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔

لاَطَفَهُ مُلاَطَفَةً۔ بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفتگو کرنا۔

اَلْطَفَ السُّؤَالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا۔ — ہُ بِکَذَا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلْطَفَ الشَّیَٔ بِجَنْبِہٖ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

تَلَطَّفَ۔ خاکساری کرنا — بِہٖ: حیلہ کر کے بھیدوں کو معلوم کرنا — الاَمْرَ و فِی الاَمْرِ: نرمی برتنا۔

تَلاَطَفَ القَوْمُ: باہم میل ملاپ کرنا۔

تَلاَطَفُوا فِی الاَمْرِ: باہم نرمی برتنا۔

اِسْتَلْطَفَهُ۔ لطیف پانا۔ اِسْتَلْطَفَ الشَّیَٔ بِجَنْبِہٖ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

اللَطَف۔ بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا کھانا۔ ج اَلْطَاف۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلاَءِ اَلْطَافُ فُلاَنٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔

اللَطَفَة۔ تحفہ۔ ہدیہ۔

اللُطْف۔ مصـ — مِنْ قِبَلِ اللّٰہِ: توفیق و عصمت خداوندی۔ ج اَلْطَاف۔

اللَطِیْف۔ باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج لِطَاف و لُطَفَاء۔ اللَطِیْف: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی میں سے ہے۔ یعنی بندوں کے ساتھ بھلائی اور احسان کرنے والا' نیز باریک سے باریک اُمور کا جاننے والا۔ اللَطِیْفُ مِنَ الکَلاَمِ: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں — مِن الاَجْرَامِ: نازک جسم۔

اللَطَّاف۔ بہت نرمی برتنے والا۔

اللَطِیْفَة۔ لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے

مَرَّ (س ن) مَرَارَۃً۔ کڑوا ہونا۔
مَرَّرَ الشَّیَٔ: کڑوا کرنا۔ زمین پر پھیلانا۔
اَمَرَّ فُلَانًا بِکَذَا: گزارنا —— الحَبْلَ: رسّی بٹنا اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یُمِرُّ عَلَیْہِ" فلاں اس کے ساتھ لپٹتا رہا تاکہ اسے پٹک دے "و فُلَانٌ ذُو نَقْضٍ و اِمْرَارٍ" یعنی فلاں صاحب حل و عقد ہے اَمَرَّ الشَّیُٔ: کڑوا ہونا —— الشَّیَٔ: کڑوا کرنا۔ اَمَرَّہٗ عَلَی الْجِسْرِ: اس نے اسے پل پر سے گزارا —— یَدَہٗ عَلَی الشَّیِٔ: ہاتھ پھیرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ" و "مَا اَحْلٰی" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی۔ "و مَا یُمِرُّ و مَا یُحْلِی" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔
مَارَّ مِرَارًا و مُمَارَّۃً عَلَی الْاَرْضِ: کھینچنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنے کیلئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔
اِمْتَرَّ بِہٖ و عَلَیْہِ: گزرنا۔
تَمَارَّ القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔
تَمَارَّ مَا بَیْنَهُمْ: ایک دوسرے کے ساتھ بغض و دشمنی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔
اِسْتَمَرَّ۔ گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا —— بِہٖ عَلٰی کَذَا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا —— الرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا —— الشَّیَٔ: کڑوا پانا —— بِالشَّیِٔ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔
المَرّ۔ مص۔ رسّی۔ پھاوڑی۔
المُرّ۔ کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارَیٰ: اندرائن۔
المَرَّۃ۔ ایک بار۔ ج مَرٌّ و مِرَارٌ و مِرَرٌ و مُرُوْرٌ و مَرَّات۔

الْمِرَّة۔ مص۔ وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَر۔ ج اَمْرَار۔ صفرا یا سودا۔ ج مِرَار۔ الْمِرَّة۔ بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِيْدُ الْمِرَّةِ" مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ ذو مرة: لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

الْمُرَّة۔ الْمُرُّ کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِر۔ بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ و اَمْرَار۔ اَبُو مُرَّة: کنیت ابلیس عَلَيْهِ اللَّعَن۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْمُرَّتَيْنِ" شر کو اور بڑے امر کو۔

الْمَرَارَة۔ پتا۔ ج مَرَائِر و مَرَارَات۔ تلخی۔

الْمُرَيْرَاء۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

الْمَارُوْرَة۔ نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

الْمُرِّيُّ۔ سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

الْمُرَار۔ ایک درخت ہے جس کو عوام الْمُرَيْر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

الْمَرِيْر و الْمَرِيْرَة۔ پختہ ارادہ ——— مِنَ الْحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ اَمْرٌ مَرِيْرٌ: مضبوط معاملہ رَجُلٌ مَرِيْرٌ: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِيْرُهٗ" یعنی ضعف کے بعد قوی ہو گیا۔

"وَاسْتَمَرَّتْ مَرِيْرَتُهٗ عَلٰى كَذَا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔ الْمَرِيْرَة: عزت نفس۔ رسی کی لڑی۔ ج مَرَائِر۔

الْأَمَرُّ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرّٰی۔ الْأَمَرّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے) الْأَمَرَّانِ: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْأَمَرَّيْنِ" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔

الْمَمَرّ۔ مص۔ گزرگاہ۔

الْمُمَرّ۔ مفع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسی۔

قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ۔ بھری ہوئی مشک۔

مَرَأَ و مَرِئَ (س) و مَرُؤَ (ک) مَرَاءَةً۔ الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا۔ اور "هَنَأَنِيْ و مَرَأَنِي الطَّعَامُ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنانی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِي باب افعال سے کہا جائے گا۔

مَرَأَ (ف) مَرْءً۔ الرَّجُلُ۔ کھانا۔ (——— وَامْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا۔ نافع و مفید ہونا۔

مَرِئَ (س) مَرَءًا۔ بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَةً۔ صاحب مروت ہونا۔ (مَرَاءَةً) الْمَكَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأَهٗ۔ کسی کو هَنِيْئًا مَرِيْئًا کہنا۔

تَمَرَّأَ۔ بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ نخوت چاہتا ہے۔

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔

الْمَرْءُ مثلثة الميم: مرد۔ ج رِجَالٌ (من غير لفظه) اور مَرْؤُوْن بھی سنا گیا ہے۔ اور نسبت کیلئے مَرْئِيٌّ مؤنث مَرْأَةٌ و مَرَةٌ۔

امْرُؤٌ۔ مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخری حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جَاءَ امْرُؤٌ رَأَيْتُ امْرَأً مَرَرْتُ بِامْرِئٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ۔ ج نِسَاء و نِسْوَة (من غير لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَيْءٌ و مُرَيْئَةٌ۔ اور اُمْرِئَ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَةٌ پر داخل ہونا نادر ہے۔

الْمَرْأَةُ۔ مَرَأَ کا اسم مرة۔ مَرِئَ الطَّعَامُ کا اسم۔

الْمُرُوْءَة۔ نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَة ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّة۔

الْمَرِيْءُ۔ نرخرہ۔ ج مُرُؤٌ و اَمْرِئَةٌ صاحب مروت۔ کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِيْءٌ" خوشگوار کھانا۔ و كَلَأٌ مَرِيْءٌ بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "هَنِيْئًا مَرِيْئًا" کھانے پینے والے کیلئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

الْمَرِيْئَة۔ مَرِيْءٌ کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِيْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین۔

مَرَتَ (ض) مَرْتًا۔ الشَّيْءَ: نرم و چمکدار کرنا۔

الْمَرْت۔ مص۔ (——— والمَرُوْت) جنگل جس میں سبزی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَات و مُرُوْتٌ و اَمَارِيْتُ رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْتُ الْجَسَدِ: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں غُلَامٌ مَرْتُ الْعِذَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔

اَرْضٌ مَمْرُوْتَةٌ۔ زمین سبزی سے خالی۔

الْمُرُوْتَة۔ الْمَرْت کا اسم۔ زمین کا سوکھاپن۔

مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّيْءَ: نرم کرنا ——— الصَّبِيُّ اِصْبَعَه: بچے کا انگلی چبانا ——— ثَدْيَ اُمِّهٖ: چوسنا ——— الرَّجُلَ: مارنا ——— الدَّوَاءَ فِي الْمَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التمر بِيَدِهٖ فِي الْمَاءِ: بھگونا۔ اور ریزہ ریزہ ہونے کے لیے ہلانا۔

مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَى الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ و مِمْرَث۔ ج مَمَارِث۔

مَرَّثَ الثَّرِيْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔

مَرِجَ (س) مَرَجًا الْأَمْرُ و الْعَهْدُ و الْأَمَانَةُ و الدِّيْنُ: خراب ہونا۔ فاسد ہونا ——— الْخَاتَمُ فِي الْأُصْبُعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔

مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کیلئے چھوڑنا۔ مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَهٗ فِيْ اَعْرَاضِ النَّاسِ" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الْكِذْبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا ——— السُّلْطَانُ رَعِيَّتَهٗ فساد کرنے دینا۔ مَرَجَ الْأَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا ——— الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔

اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا ——— الشَّيْءَ: ملانا ——— الْعَهْدَ: پورا نہ کرنا۔

اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔

الْمَرْج۔ مص۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْج۔

الْمَارِج۔ فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے

دھوئیں کا انگارہ۔

المَرَّاج۔ باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔

المَرْجَان۔ چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَة مونگا۔

المَرِيْج۔ سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَةٌ۔ اَمْرٌ مَرِيْجٌ : گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِيْجٌ : ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِيْج : شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

المِمْرَاج۔ وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ" : وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزَّرْعُ : کھیتی میں خوشہ نکلنا ـــــ السَّحَابُ : بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَيْنُه : آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا ـــــ الْعَيْنُ بِمَائِهَا و قَذَاهَا : آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ : بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ۔ ج مَرْحٰی و مَرَاحٰی۔ و مِرِّيْح ج مِرِّيْحُوْن۔ کہا جاتا ہے "لاَ تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَرَّحَ الْجِلْدَ : کھال پر تیل ملنا ـــــ المزادَةَ الْجَدِيْدَة : پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ الْبُرَّ : گیہوں صاف کرنا ـــــ الْمُهْرَ : بچھیرے کو سدھانا ـــــ الرَّجُلُ : بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْرَحَ۔ اِترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الْكَلَأَ الْفَرَسَ : نشاط میں ڈالنا۔

المِرَاح۔ نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔

مَرْحٰی۔ کلمہ تعجب ہے جو تیرانداز کے لیے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے۔ اور اسی کے مانند ہے "مَرْحِيًّا"

المَرْحٰی۔ بڑی لڑائی (مادہ رح ی سے)

المِرْحَة۔ مَرِح کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

المَرُوْح۔ شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مَرُوْحٌ : اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح و المِمْرَاح۔ چست۔ خوش و خرم۔

المِمْرَاح۔ بہت آنسوؤں والی آنکھ، بہت جلد اگانے والی زمین۔

المُمَرَّح۔ مفع۔ كَرْمٌ مُمَرَّح : ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

التِمْرَاحَة۔ بہت خوش و خرم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ تِلْعَابَةٌ تِمْرَاحَة" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَرْحَبَ فُلَانًا و بِهٖ : مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا : وسعت و گنجائش میں رکھنا ـــــ هُ : وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَرْخًا۔ مذاق کرنا ـــــ جَسَدَهٗ بِالدُّهْنِ : جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَرْخًا۔ الْعُرْفُجُ : طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ۔

مَرَّخَه۔ تیل ملنا۔ مَرَّخَ و اَمْرَخَ۔ الْعَجِيْنَ : خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ : اپنے آپ کو تیل ملنا۔

المَرْخ۔ مص۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوْخ۔ مالش کرنے کی چیز۔

المَارِخ۔ فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ : بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ : پانی بہانے والا مرد۔

المِرَخ و المِرِّيْخ۔ بہت تیل لگانے والا بیوقوف ـــــ مِنَ الشَّجَرِ : نرم و پتلا۔ المِرِّيْخ : سبعہ سیارہ میں سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

المُرْخَة۔ کچی کھجور۔ ج مُرَخ۔

المُرَّخ۔ دم۔ پونچھ۔

المَرِيْخ۔ سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج اَمْرِخَة۔

ثَوْرٌ اَمْرَخ۔ سپید سرخ داغ والا بیل۔

المَرْخَاء۔ چست تیز چلنے والی اونٹنی۔

مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مَرُدَ (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَة۔ سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَى النِّفَاقِ و نَحْوِهٖ : نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔

مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّيْءَ : نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا ـــــ فُلَانًا : ہتک عزت کرنا ـــــ الدَّابَّةَ : چوپایہ کو زور سے ہانکنا ـــــ الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ : ہاتھوں سے ملنا ـــــ المَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ : کشتی کو چپو سے چلانا ـــــ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ : پانی میں ملنا ـــــ الْغُصْنَ : ٹہنی کی چھال چھڑانا۔

مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً۔ الْغُلَامُ : لڑکے کا دیر تک بے داڑھی کے رہنا ـــــ الرَّجُلُ : دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔

مَرَّدَ تَمْرِيْدًا و تَمْرَادًا الْغُصْنَ : ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا ـــــ الْبِنَاءَ : عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا ـــــ لِلْحَمَامِ تَمْرَادًا : کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔

تَمَرَّدَ۔ مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا ـــــ عَلَى النَّاسِ : سرکشی کرنا ـــــ الرَّجُلُ : ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔

المَرَاد و المَرَّاد۔ گردن۔ ج مَرَاوِيْد۔

المَرْد۔ پیلو کا تازہ پھل۔

المُرْدِيّ۔ کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِيّ۔

المَارِد۔ فا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَةٌ و مَارِدُوْنَ و مُرَّاد۔

اَلْمِرِّيْد۔ سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء

المَرِيْد : دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔

الاَمْرَدُ۔ بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ : گھوڑا جس کے کھر کے ارد گرد بال نہ ہوں۔ مؤنث مَرْدَاءُ ج مُرْدٌ۔ کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلٰى جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔

المَرْدَاء۔ بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ۔

التِمْرَاد۔ کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمَارِيْد۔

المِرِّيْد۔ سخت سرکش۔

المَرْدَقُوْش۔ دونا مروا۔ زعفران۔ رَجُلٌ مَرْدَقُوْش : نرم کان والا مرد۔

مَرَذَ (ن) مَرْذًا۔ الْخُبْزَ : روٹی کو نرم کرنے

کے لیے ملنا۔
مَرَزَہٗ (ن) مَرْزًا۔ کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں ـــــ الرَّجُلَ : عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا ـــــ الشَّيْءَ : ٹکڑا کرنا ـــــ الصَّبِيُّ ثَدْيَ أُمِّهٖ : بچّے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔
مَارَزَہٗ مُمَارَزَۃً۔ مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
اِمْتَرَزَ۔ عِرْضَہٗ : عیب لگانا ـــــ شَرِيْكَہٗ : شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا ـــــ مِنْ مَالِهٖ مَرْزَۃً : کچھ لے لینا۔
الْمُرْزَۃُ و الْمِرْزَۃُ۔ حصّہ۔ ٹکڑا۔
الْمَرْزَتَانِ۔ لوسے اوپر ابھرا حصّہ۔
الْمَرْزَۃُ۔ ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَّیب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِيْزٌ۔ آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
الْمَرْزُبَانُ عِنْدَ الْفُرْسِ : رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَۃ۔ وَالْمَرْزَبَۃُ عِنْدَهُمْ : سرداری۔
الْمَرْزَنْجُوْش۔ دونا مروا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ : پانی میں بھگونا اور ملنا ـــــ الصَّبِيُّ إِصْبَعَهٗ : بچّے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا ـــــ يَدَهٗ بِالْمِنْدِيْلِ : رومال سے پونچھنا ـــــ حَبْلُ الْبَكَرَۃِ : چرخی سے اُترکر ایک جانب ہو جانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا الْبَكَرَۃُ : رسّی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهٗ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہوگئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ : کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا و مُمَارَسَۃً الْأَمْرَ : مشق کرنا۔ محنت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ خود کو کسی کام میں لگانا۔
أَمْرَسَ۔ حَبْلَ الْبَكَرَۃِ : چرخی پر رسّی کو دوبارہ چڑھانا۔
تَمَرَّسَ و اِمْتَرَسَ بِالشَّيْءِ : رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّيْبِ : خوشبو سے لت پت ہونا ـــــ بِالرَّجُلِ : برائی کے در پے ہونا ـــــ بِدِيْنِهٖ : دین سے کھیلنا ـــــ بِالشَّيْءِ : مارنا ـــــ بِالنَّوَائِبِ و الْخُصُوْمَاتِ حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الْخُطَبَاءُ وَالْأَلْسُنُ فِي الْخُصُوْمَۃِ : خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ : باہم جنگ و پیکار کرنا۔
الْمَرْس۔ مص۔ لگاتار چال۔
الْمَرِس۔ کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسّی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج أَمْرَاس۔
الْمَرَسَۃ۔ رسّی۔ ج مَرَس و جج أَمْرَاس۔
أَمْرَاسُ الْمَرْكَبِ : سواری کی رسیاں۔
الْمِرَاس و الْمَرَاسَۃ۔ طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ الْمِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ الْمِرَاسِ کہا جاتا ہے۔
الْمَرَّاس۔ مضبوط۔ طاقتور۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَۃٌ مَرَّاسَۃٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
الْمَرْؤُوْس۔ چرخی جس سے رسّی ایک طرف کو گر گئی ہو۔
الْمَرِيْس۔ پانی میں بھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔
الْمَارَسْتَان و الْمَارِسْتَان۔ شفاخانہ ج مَارِسْتَانَات۔ (دخیل)
مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهٗ : چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا ـــــ ہٗ : کلام سے ایذا پہنچانا۔
مَرَشَ الْمَاءُ : پانی بہنا۔
اِمْتَرَشَ الشَّيْءَ : کھینچنا۔ اُچک لینا ـــــ لِعِيَالِهٖ : کمائی کرنا ـــــ الشَّيْءَ : جمع کرنا۔
الْمَرْش۔ مص۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش و أَمْرَاش۔ الْمَرْش : پہاڑ کا پست حصّہ۔
الْأَمْرَش۔ بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش۔ الْمَرْشَاء : ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔
الْمَرَّاش۔ بہت کماؤ۔
التَّمْرِيْش۔ تھوڑی بارش۔
مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْيَ و نَحْوَہٗ : پستان کو انگلیوں سے دبانا۔
مَرَضَ (ن) مَرَضًا الرَّجُلُ : سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَمَرَّضَ الْقِشْرُ عَنِ الشَّعِيْرِ و نَحْوِهٖ : جو وغیرہ سے چھلکا اتر جانا۔
الْمَرُوْض۔ تیز رفتار اونٹنی۔
مَرِضَ (س) مَرَضًا و مَرْضًا۔ بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ و مَرِيْضٌ و مَارِضٌ۔
مَرَّضَہٗ۔ علاج کرنا۔ تیمار داری کرنا۔ مریض کر دینا۔ مَرَّضَ فِي الْأَمْرِ : کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا ـــــ الْبُرَّ : گیہوں بکھیرنا۔
أَمْرَضَ۔ مریض ہونا ـــــ اللّٰهُ فُلَانًا : مریض بنانا ـــــ ہٗ : مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُ زَيْدًا فَأَمْرَضْتُهٗ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا ـــــ أَجْفَانَہٗ : پلکوں کو پست کرنا ـــــ الرَّجُلُ : حاجت برآری کے قریب ہونا۔ الْقَوْمُ : مریض چوپائے والے ہونا۔
تَمَرَّضَ۔ کام میں کمزور ہونا۔
تَمَارَضَ۔ بتکلف مریض بننا ـــــ فِيْ أَمْرِهٖ : کمزور ہونا۔
الْمَرْض و الْمَرَض۔ بیماری ج أَمْرَاض۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرْضَۃٌ شَدِيْدَۃٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔
الْمَرِيْض۔ ج مَرْضٰى و الْمَرِض ج مِرَاض بیمار۔ قَلْبٌ مَرِيْضٌ : کمزور دین والا۔ رَأْيٌ مَرِيْضٌ : کمزور رائے۔ عَيْنٌ مَرِيْضَۃٌ : کمزور آنکھ۔ رِيْحٌ مَرِيْضَۃٌ : سُست ہوا۔ لَيْلَۃٌ مَرِيْضَۃٌ : رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ أَرْضٌ مَرِيْضَۃٌ : تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِيْضَۃٌ : بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِيْضَۃ کی جمع مِرَاض و مَرْضٰى۔
الْمِمْرَاض۔ بہت بیماری والا۔
الْمَمْرُوْض و الْمُتَمَرِّض۔ بیمار۔
مَرَطَ (ن) مَرْطًا و مَرَّطَ۔ الشَّعْرَ و الرِّيْشَ : بال یا پَر نوچنا ـــــ الشَّيْءَ : جمع کرنا ـــــ بِسَلْحِهٖ : پاخانہ کرنا۔ مَرَطَتِ الْمَرْأَۃُ

بِوَلَدِهَا: جننا ــــ مَرْطًا و مُرُوْطًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا ــــ فُلَانًا: ٹھکانا دینا۔ مَرَّطَ الثَّوْبَ: آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا۔

مَرِطَ (س) مَرَطًا۔ کم بالوں والا ہونا۔

اَمْرَطَ الشَّعْرُ: بال کا نوچنے کے قابل ہونا۔

اَمْرَطَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما سے کچی کھجوریں گرانا ــــ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا چلنے میں تیز ہونا۔

مَارَطَهُ مُمَارَطَةً۔ ایک دوسرے کے بال نوچنا۔

تَمَرَّطَ و اِمَّرَطَ و اِنْمَرَطَ الشَّعْرُ: بال گرنا۔

تَمَرَّطَ السَّهْمُ: تیر کا پر سے خالی ہونا۔

اِمْتَرَطَ الشَّیَٔ: اُچک لینا۔

المِرْط۔ ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی چادر۔ ج مُرُوْط۔

الاَمْرَط۔ کم بال والا۔ بھیڑیا جس کے بال نُچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مَرْطاء ج مُرْط

شَجَرَةٌ مَرْطاء: بے پتوں کا درخت۔

سَهْمٌ مَرِيْطٌ و مِرَاطٌ و اَمْرَط۔ بے پر کا تیر۔

الْمُرْط مِنَ السِّهَام: بے پر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "سَهْمٌ مُرْطٌ" ج اَمْرَاط و مِرَاط۔

المُرَاطَة۔ جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں گرے۔ المُرُوْط۔ تیز رفتاری۔ فَرَسٌ مَرَطَی۔ تیز رفتار گھوڑا۔

المِمْرَطَةَ مِنَ النُّوْقِ: تیز رفتار اُونٹنی۔ ج مَمَارِط۔

المُرَيْطَى۔ حلق کا کوا۔

المُرَيْطَاء۔ ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان بغل۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔

المِرْطَاوَان۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔

مَرَغَ (ف) مَرْغًا رَاسَهُ بِالدُّهْنِ: سر پر تیل ملنا ــــ شَعْرَهُ: بال میں کنگھی کرنا۔

مَرِعَ (س) مَرَعًا و مَرُعَ (ک) مَرَاعَةً المَكَانُ: سرسبز ہونا ــــ الرَّجُلُ: خوش حال ہونا۔ مَرِعَ (س) مَرَعًا ــــ الرَّجُلُ: سبزہ زار میں پہنچنا۔

اَمْرَعَ المَكَانُ: سرسبز ہونا ــــ رَاسَهُ بِالدُّهْنِ خوب تیل ملنا ــــ القَوْمُ: سرسبز جگہ پانا۔

تَمَرَّعَ۔ جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔

اِنْمَرَعَ فِي الْبِلَادِ: جانا۔ سیر کرنا۔

المَرْعُ۔ گھاس۔ ج اَمْرُع و اَمْرَاعٌ۔

مَكَانٌ مَرِعٌ۔ سبزہ زار جگہ۔ رَجُلٌ مَرِعٌ: سبزہ زار ڈھونڈنے والا مرد۔

المُرْعَة و المِرَاع۔ چربی۔

المُرْعَة و المُرَعَة۔ ایک پرندہ تیتر کے مانند۔ ج مُرَعٌ و مِرْعَانٌ۔

مَكَانٌ مَرِيْعٌ۔ سبزہ زار جگہ۔ ج اَمْرَاعٌ و اَمْرُعٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَرِيْعُ الْجَنَابِ" فلاں بہت سخی و فیاض ہے۔

الْاُمْرُوْعَة۔ سبزہ زار زمین۔ ج اَمَارِيْع۔

المِمْرَاع۔ سبزہ زار۔

مَمَارِيْعُ الْاَرْضِ: عمدہ زمینیں (اس کا واحد نہیں)

المِرْعِزَّ و المِرْعِزَّی و المَرْعِزِّی و المِرْعِزَاء و المَرْعِزَاء۔ بکری کے بالوں کے نیچے کا رواں۔ نرم اُون۔

مَرَغَ (ف) مَرْغًا الْحَيَوَانُ الْعُشْبَ: چارہ چرنا ــــ فِي الْعُشْبِ: چرنے کیلئے ٹھہرنا ــــ الْبَعِيْرُ: اُونٹ کا جھاگ ڈالنا۔

مَرِغَ (س) مَرَغًا عِرْضُهُ: عزت پر دھبہ لگنا۔

مَرَّغَهُ تَمْرِيْغًا و تَمْرَاغًا فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹانا۔ مَرَّغَ الْعِرْضَ: آبرو کو داغ دار کرنا ــــ رَاسَهُ: خوب تیل لگانا۔

مَارَغَه۔ فریب دینا ــــ هُ فِي التُّرَابِ: مٹی میں چپکانا۔

اَمْرَغَ۔ سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا ــــ العَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر نرم کرنا ــــ عِرْضَهُ: آبرو کو داغ دار کرنا۔

تَمَرَّغَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹنا ــــ فِي الْاَمْرِ: تردد کرنا ــــ عَلَى فُلَانٍ: دیر لگانا۔ الْحَيَوَانُ: جانور کا جھاگ نکالنا۔ تَمَرَّغَتِ السَّائِمَةُ: چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا ــــ الرَّجُلُ: برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چمکیلا اور نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا ــــ فِي النَّعِيْمِ: نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔

المَرْغ۔ مص۔ لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب مالش۔

المَارِغ۔ فا۔ بیوقوف۔

المَرِغ مِنَ الشَّعْرِ: بہت تیل جذب کرنے والے بال۔

المَرَاغ و المَرَاغَة و المُتَمَرَّغ۔ جانور کے لوٹنے کی جگہ۔

المَرْغَة۔ مرغ کا اسم مرة۔ باغ۔

الاَمْرَغ۔ افعال رذیلہ میں آلودہ۔ مؤنث مَرْغَاء ج مُرْغ۔

المِمْرَغَة۔ ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی کہتے ہیں۔

مَرَقَ (ن) مُرُوْقًا السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ: تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا ــــ مِنَ الدِّيْنِ: گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔

مَرَقَ (ن ض) مَرْقًا الْقِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا ــــ الْجِلْدَ: کھال سے اون اکھیڑنا ــــ هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

مَرِقَتْ (س) مَرَقًا الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہو کر پانی بننا ــــ النَّخْلَةُ: درخت خرما سے زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔

اَمْرَقَ الْقِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا ــــ الْجِلْدُ: اون اکھیڑے کے قابل ہونا ــــ النَّخْلَةُ زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گرنا۔ اسم اَلْمَرَق ہے۔

مَرَّقَ۔ گانا ــــ الْقِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا۔

تَمَرَّقَ الشَّعْرُ: بال اکھیڑا جانا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے بال جھڑ جانا ــــ الثَّوْبُ: کپڑے کا عصفر سے رنگا جانا۔

اِنْمَرَقَ و اِمَّرَقَ السَّهْمُ: چھید کر پار ہونا۔ الشَّعْرُ: بال گرنا۔

اِمْتَرَقَ الشَّیُٔ: جلدی سے گزر جانا۔ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے سونتنا۔

المَرْق۔ مص۔ دھنکی ہوئی اون۔ بدبودار اون یا کھال۔ خوشہ کے خار۔ ج اَمْرَاق۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ ذٰلِكَ فِي مَرْقِكَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔

المِرْق۔ بدبودار اون یا کھال۔

الْمَرَق والمَرَقَة۔شوربا۔

الْمُرَاقَة۔ اکھیڑی ہوئی اُون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔

الْمَارِق۔دین سے نکل جانے والا۔ج مَارِقُوْنَ ومُرَّاق۔الْمَارِق :چھید کرکے پار ہوجانے والا۔

الْمَارِقَة۔الْمَارِق کامؤنث۔خوارج۔

الْمُرَّيْق والمُرَيْق۔ عصفر۔ ثَوْبٌ مُتَمَرِّق : عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔

الْمَمْرَق۔نکلنے کی جگہ۔روشن دان۔

لَحْمٌ مُمَرَّق۔بہت چکنا گوشت۔الْمُمَرِّق : گویا۔(گانے والا)

مَرْمَرَ۔غضبناک ہوتا — الْمَاءَ : سطح زمین پر پانی بہانا۔

تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ : ریت کا موج مارنا — الجسمُ : جسم کا تھلتھلاتا — عَلٰی اَصْحَابِہٖ : امیر ہوتا۔

الْمَرْمَرَ۔ سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (— و الْمَرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔

الْمُرَامِر۔باطل۔نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔

الْمَرْمَرَة۔مص۔بہت بارش۔

الْمَرْمَرِیْس۔ چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔

الْمِرْمِیْس۔گینڈا۔

مَرَنَ(ن)مُرُوْنَةً ومُرُوْنًا ومَرَانَةً تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا — یَدُہٗ عَلَی الْعَمَلِ و وَجھُہٗ عَلَی الْاَمْرِ : سخت ہونا (— مُرُوْنًا و مَرَانَةً)عَلَی الشَّیْئِ :عادی ہونا۔

مَرَنَ(ن)مَرْنًا الْجِلْدَ :کھال کو نرم کرنا۔ — مِنْ عَدُوِّہٖ : دشمن سے بھاگنا — بِہِ الْاَرْضَ :زمین پر پٹک دینا۔

مَرَّنَ الشَّیْئَ :نرم کرنا —فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ : عادی بنانا —بِہِ الْاَرْضَ :زمین پر پٹک دینا۔

تَمَرَّنَ۔ بتکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا —عَلَی الشَّیْئِ :عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ :دودھ دینے سے رک جانا۔

الْمَرْن۔مص۔ایک قسم کا کپڑا۔نرم کھال۔لباس' پوستین۔ عطیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان۔ مرنا۔ الْاَنْف :ناک کے دونوں جانب۔

الْمَرَن۔مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔

الْمَرِن۔ملائم و سخت۔عادت۔کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مَرِنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِكَ مَرْنِی" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔الْمَرِن :شور و جنگ۔

الْمُرَّان۔ ٹھوس و لچک دار نیزے۔ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔واحد مُرَّانَةٌ۔

الْمَارِن۔ فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَوَارِن۔رُمْحٌ مَارِنٌ :ٹھوس لچک دار نیزہ۔

الْمَیْرُوْن۔ عِنْدَ النَّصَارٰی : عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔

اَمْرَانُ الذِّرَاعِ :ہاتھ کا پٹھا۔

مَرِهَتْ(س)مَرَھًا عَیْنُہٗ : سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَرِہٌ و اَمْرَہٗ۔ رَجُلٌ مَرِہُ الْفُؤَاد : مرد بیمار دل۔سَحَابٌ اَمْرَہٗ :سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔

الْمَرْھَاء۔الْاَمْرَہ کا مؤنث۔شَاةٌ مَرْھَاء :سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ج مُرْہٌ اَرْضٌ مَرْھَاءُ :کم درخت والی زمین۔

الْمُرْھَة۔ سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

مَرْھَمَ مَرْھَمَةً۔الْجُرْحَ :زخم پر مرہم لگانا۔

الْمَرْھَم۔زخم پر لگانے کی دوا۔ج مَرَاھِم۔

الْمَرْو۔ ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد الْمَرْوَة کہا جاتا ہے "قَرَعَ الدَّھْرُ مَرْوَتَہٗ" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔

الْمَرْو :ایک خوشبودار پودہ۔

الْمَرْوَة۔ مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔

مَرٰی یَمْرِیْ مَرْیًا النَّاقَةَ : دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا — الدَّمَ و نَحْوَہٗ : خون نکالنا — حَقَّہٗ : حق کا انکار کرنا — الرِّیْحُ : السَّحَابَ : ہوا کا بادل سے بارش برسانا — الشَّیْئَ : نکالنا — الْفَرَسَ : کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ یَمْرِیْ دَابَّتَہٗ بِسَاقِہٖ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کود کھلا رہا تھا۔ — فُلَانًا مِاۃَ سَوْط : کوڑے مارنا۔ مَرَی الْفَرَسُ گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔

اَمْرَتِ النَّاقَةُ :اُونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

مَارٰی مِرَاءً و مُمَارَاةً :جھگڑا کرنا۔

تَمَارَیَا۔باہم جھگڑا کرنا۔

اِمْتَرٰی فِی الشَّیْئِ : شک کرنا (— و اِسْتَمْرٰی اللَّبَنَ و نَحْوَہٗ) :دودھ دوہنا۔ نکالنا۔

تَمَرّٰی تَمَرِّیًا۔بِکَذَا : آراستہ ہونا۔

الْمِرْیَة و الْمُرْیَة۔ جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِیْہِ مِرْیَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک

الْمِرْیَة :دودھ جو اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ مِرْیَةَ النَّاقَةِ" اُونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔

الْمَرِیّ۔بہت دودھ والی اُونٹنی۔رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَایَا۔ الْمَرَایَا : جمع مِرْآة بمعنے آئینہ اور بجائے هَنِیْئًا مَرِیْئًا کے هَنِیًّا مَرِیًّا بھی کہا جاتا ہے۔

الْمَرِیَّة۔بہت دودھ والی اُونٹنی۔

الْمَارِی۔ سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِیَّةٌ۔ چھوٹی دھاری دار کملی۔قطا پرندہ کا شکاری۔

الْمَارِیَة و الْمُمْرِیَة۔ سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔

اَمْرٌ مُمْرٍ۔سیدھا معاملہ۔

مَزَّ(س)مَزَازَةً الرَّجُلُ :فضیلت والا ہونا — الشَّیْئُ :بہت ہونا۔ صفت مَزِیْزٌ (— مَزَازَةً و مُزُوْزَةً)الطَّعْمُ :کھٹ مٹھا ہونا۔

مَزَّ(ن)مَزًّا۔الشَّیْئَ :چوسنا۔

مَازَ مُمَازَّةً۔بَیْنَهُمَا :دور دور کرنا۔

مَزَّزَہٗ۔ فضیلت والا سمجھنا — بِکَذَا : فضیلت دینا۔

تَمَازَّتِ النِّیَّةُ بِہٖ :دور ہونا۔

تَمَزَّزَ الشَّرَابَ :چوسنا۔ کھٹمٹھا کھانا یا پینا۔

الْمَزّ۔ دُشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ" یہ سخت کام ہے۔

الْمِزّ۔ مرتبہ و فضل۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے

"شَیْئٌ مِزٌّ" فاضل چیز۔
اَلْمُزُّ۔ کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّۃ۔
اَلْمُزُّ و الْمُزَّاءُ و الْمَزَّۃ۔ خوشگوار شراب اَلْمَزَّۃ : ایک مرتبہ چوسنا۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِیَ فِی الْاِنَاءِ اِلَّا مَزَّۃٌ" برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔
اَلْمَزُّ۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے "فَعَلْتُہٗ عَلٰی مَزٍّ" یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔
اَلْمَزِیْزُ۔ فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دُشوار۔
اَلْاَمَزُّ۔ فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاءُ ج مُزٌّ۔
مَزَجَ (ن) مَزْجًا و مِزَاجًا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ : پانی ملانا — فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ : اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
مَازَجَہٗ مُمَازَجَۃً۔ مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔
مَزَّجَ السُّنْبُلُ : سبزی کے بعد زرد ہونا۔
فُلَانًا : کچھ دینا۔
تَمَازَجَا۔ باہم ایک دوسرے کا ملنا۔
اِمْتَزَجَ بِہٖ : ملنا۔
اَلْمِزْجُ و الْمَزْجُ۔ شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔
اَلْمِزَاجُ۔ مہ۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَۃ۔
رَجُلٌ مَزَّاجٌ۔ جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔
اَلْمَزِیْجُ۔ ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔
مَزَحَ (ف) مَزْحًا۔ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔
مَزَّحَ السُّنْبُلُ او العِنَبُ : رنگ پکڑنا۔
مَازَحَہٗ مِزَاحًا و مُمَازَحَۃً۔ ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَازَحَا۔ باہم ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَزَّحَ بِہٖ : فخر کرنا۔
اَلْمَزْحُ۔ مہ۔ خوشہ۔
اَلْمُزَاحَۃُ و المُزَاحُ۔ ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔
اَلْمَزَّاحُ۔ بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔
اَلْمُزَّحُ مِنَ النَّاسِ : ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔
اَلْمَزْدُ۔ سردی۔
مَزَرَ (ن) مَزْرًا۔ مِنَ اللَّبَنِ : تھوڑا سا پینا۔ — اللَّبَنَ : دودھ کو چکھنے کے لیے پینا — ہٗ : آہستہ سے چٹکی لینا۔ غصہ دلانا (— و مَزَّرَ) الْقِرْبَۃَ : مشک بھرنا۔
مَزُرَ (ک) مَزَارَۃً۔ ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔
تَمَزَّرَ النَّبِیْذَ : تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔
اَلْمَزْرُ۔ مہ۔ مردِ ظریف۔
اَلْمِزْرُ۔ جو یا گیہوں کی شراب ۔۔۔ف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ الْمِزْرِ" ۔۔۔ اصل ہے۔
اَلْمَزِیْرُ۔ ظریف۔ سخت دل۔ ج اَمَازِرُ۔
اَلْاَمْزَرُ۔ اسم تفضیل ہے مُزر سے مؤنث مَزْرَاءُ ج مُزْرٌ و اَمَازِرُ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ آمَازِرِ النَّاسِ" وہ افاضل الناس میں سے ہے۔
اَلْمَزْرَۃُ۔ ایک مرتبہ چوسنا۔
مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْیُ و نَحْوُہٗ : ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (— و مَزَّعَ) الْقُطْنَ : روئی نومنا۔ مَزَّعَ الشَّیْئَ : متفرق کرنا۔
تَمَزَّعَ۔ جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوْا الشَّیْئَ بَیْنَھُمْ : انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کرلی اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَتَمَزَّعُ غَیْظًا" وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔
اَلْمِزْعَۃُ۔ روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مزع (— والْمُزْعَۃُ) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ : گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔
— مِنَ الْمَاءِ : پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَعٌ و مُزَعٌ۔
اَلْمَزَّاعُ۔ بہت دوڑنے والا۔ سیمی۔
اَلْمُزَاعَۃُ۔ مِنَ الشَّیْئِ : روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو نوچتے وقت گرے۔
اَلْمَزِعِیُّ۔ چغل خور۔
فَرَسٌ مِمْزَعٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا و مَزْقَۃً الثَّوْبَ : پھاڑنا — عِرْضَھُمْ : طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مَزِقٌ۔ ج مَزِقُوْنَ۔ جیسے "اَتَانِیْ اَنَّھُمْ مَزِقُوْنَ عِرْضِیْ" مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں — الطَّائِرُ بِسَلْحِہٖ : پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَزَّقَ الثَّوْبَ : چیر چیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّقَھُمُ اللّٰہُ کُلَّ مُمَزَّقٍ" اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔
مَازَقَہٗ۔ دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔
تَمَزَّقَ۔ پھٹنا — الْقَوْمُ : متفرق ہونا۔
اِنْمَزَقَ۔ پھٹنا۔
اَلْمِزْقَۃُ۔ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ مِزَقٌ و مَزِقٌ و مَزِیْقٌ" پھٹا ہوا کپڑا۔
نَاقَۃٌ او فَرَسٌ مِزَاقٌ۔ تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔
مَزْمَزَہٗ۔ اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔
تَمَزْمَزَ۔ حرکت کرنا — لِلْقِیَامِ : اُٹھنے کے لیے تیار ہونا۔
مَزَنَ (ن) مَزْنًا و مُزُوْنًا۔ چلا جانا — وَجْھُہٗ : چہرہ کا چمک اُٹھنا — مِنَ الْعَدُوِّ : دشمن سے بھاگنا (— و مَزَّنَ) الْقِرْبَۃَ : مشک بھرنا — فُلَانًا : تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔
تَمَزَّنَ۔ چلا جانا — عَلَی الْقَوْمِ : مہربانی و سخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا — عَلَی الْاَمْرِ : عادی ہونا۔
اَلْمُزْنُ۔ بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ الْمُزْنِ : اولہ۔
اَلْمُزْنَۃُ۔ بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ الْمُزْنَۃِ : نیا چاند۔
اَلْمَزَنُ۔ عادت۔ طریقہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰی ھٰذَا الْمَزَنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔
اَلْمَازِنُ۔ فا۔ چیونٹی کے انڈے۔
مُزَیْنَۃُ۔ معنر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لیے مُزَنِیٌّ۔
مَزَہٗ (ف) مَزْھًا۔ ہنسی مذاق کرنا۔
مَزَا یَمْزُوْ مَزْوًا۔ تکبر کرنا۔
مَزَّاہُ تَمْزِیَۃً۔ تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّیْتُ مَتَاعَہٗ حَتّٰی نَفَّقْتُہٗ لَہٗ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کردیا۔
تَمَازَی الْقَوْمُ : قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوی کرنا۔
اَلْمَزْوُ و الْمَزِیَّۃُ۔ ج مَزَایَا و الْمَازِیَۃُ۔ ج مَازِیَاتٌ۔ علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔
مَزِیَ یَمْزِیْ۔ تکبر کرنا۔

مَزَّیٰ تَمْزِیَۃً الرَّجُلَ :تعریف کرنا۔
کہا جاتا ہے "قَعَدَ عَنِّیْ مَازِیًا و مُتَمَازِیًا" یعنی مجھ سے دور مخالفت ہو کر بیٹھا۔
اَلْمُزَأَۃُ۔ سرکش لوگ۔ مفرد مَاز۔
المَازِیَۃ۔ ج مَازِیَات۔ و المَزِیَّۃ۔ ج مَزَایَا۔ علم۔ کرم۔ شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔
المَزِیْ۔ مرد خوش طبع۔ زیرک۔
مَسَّ (ن س) مَسًّا و مَسِیْسًا و مِسِّیْسٰی الشَّیْئَ : چھونا۔ پہنچنا — المَرضُ او الکِبَرُ فُلاَنًا : لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَۃُ اِلٰی کَذَا مجبور کرنا — مَسَّنِیَ الشَّیْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ : شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَّتْ فُلاَنًا مَوَاسُّ الْخَیْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "و مَسَّت بِكَ رَحِمُ فُلاَنٍ" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔
مُسَّ مَسًّا۔ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوْس۔
مَاسَّہُ مُمَاسَّۃً و مِسَاسًا۔ چھونا۔ جماع کرنا۔
اَمَسَّہُ الشَّیْئَ :چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْھَہُ الْمَاءَ او بَدَنَہُ الطِّیْبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔
تَمَاسَّ الشَّیْئَانِ :ایک دوسرے کو چھونا۔
المَاسّ فا۔ حَاجَۃٌ مَاسَّۃٌ :شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ رَحِمٌ مَاسَّۃٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔
مَسَاسِ۔ اسم فعل بمعنے امر یعنی چھو۔ اور کہا جاتا ہے لَامَسَاسِ یعنی مت چھو۔
المَسُوْس مِنَ المَاءِ :پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ کَلاَ مَسُوْس : چرنے والے جانوروں کے لیے مفید گھاس۔
المِسّ۔ تانبا۔
الاَمَسّ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے ھُوَ اَمَسّ مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"۔
المَاسُوْس و المَمْسُوْس۔ پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔

مَسِیْسُ الْحَاجَۃِ :حاجت کا مجبور کرنا۔
المَسَّاس۔ بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَۃٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔
مَسَأَ (ف) مَسْأً و مُسُوْءًا : بیباک ہونا — المَاشِي :دیر کرنا — الْحَقَّ :حق کو دیر میں ادا کرنا — الطَّرِیْقَ : راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَی الشَّیْئِ : عادی ہونا — الرَّجُلَ بِالْقَوْلِ وَغَیْرِہٖ : کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (— و اَمْسَأَ) بَیْنَ الْقَوْمِ :فساد ڈالنا۔
تَمَسَّأَ الثَّوْبُ :کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّیْئَ : پونچھنا۔ مریض کے لیے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللّٰہُ مَا بِكَ مِنْ عِلَّۃٍ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں — ہٗ بِالدُّھْنِ :تیل ملنا — ہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار سے کاٹنا — ذَوَائِبَ المَرْأَۃِ : کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَسَحَہٗ او مَسَحَ رَاسَہٗ" یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ القَوْمَ قَتْلاً" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا" و مَسَحَہ اللّٰہُ" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔
مَسَحَ فُلاَنًا :مارنا۔
— عُنُقَہٗ :گلا کاٹنا — الْإِبِلَ :اونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا — سَیْفَہٗ : تلوار سونتنا — المَرْأَۃَ : جماع کرنا۔
مَسَحَ (ف) مَسْحًا و مِسَاحَۃً :پیمائش کرنا (— مَسْحًا و تَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔
مَسَحَ (ف) مُسُوْحًا فِی الْاَرْضِ :جانا۔
مَسِحَ (س) مَسَحًا۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔
مُسِحَ بِالعِتْقِ او الکَرَمِ : کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔
مَسَّحَ الشَّیْئَ :پونچھنا۔ مَسَّحَہٗ بِالدُّھْنِ :تیل ملنا مَسَّحَ فُلاَنًا : فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا — الْإِبِلَ :اونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔
مَاسَحَہٗ مُمَاسَحَۃً۔ فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا — ہٗ عَلٰی کَذَا :معاہدہ کرنا۔
تَمَسَّحَ بِالْمَاءِ و مِنَ المَاءِ : غسل کرنا —

الشَّیْئَ :پونچھنا۔ و تَمَسَّحَہٗ بِالْمَاءِ او الدُّھْنِ : نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ یُتَمَسَّحُ بِہٖ" فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔
تَمَاسَحَا۔ اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوْا عَلٰی کَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا "والْتَقَوْا فَتَمَاسَحُوْا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔
اِمْتَسَحَ السَّیْفَ : تلوار سونتنا۔
المِسْح۔ ٹاٹ۔ کمبل۔ ادنیٰ لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج اَمْسَاح و مُسُوْح۔
المَسْحَۃُ۔ مسح کا اسم مرۃ۔ کیلئے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَیْہِ مَسْحَۃٌ مِنْ جَمَالٍ او ھُزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔
المَسَح۔ مص۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔
المِسَاحَۃ۔ مصدر یا مَسَحَ الْاَرْضَ کا اسم ہے عِلْمُ الْمِسَاحَۃِ : وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔
المَسِیْح۔ تیل لگا ہوا ج مُسَحَاء و مَسْحٰی۔ لقب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پسینہ۔ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا — مِنَ الدَّرَاھِمِ : گھسا ہوا درہم۔
المَسِیْحِیّ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تابع۔
المَسِیْحَۃ۔ سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِح۔
المَاسِح۔ فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے والا۔
المَاسِحَۃ۔ الماسح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مواسح۔
المَسَّاح۔ زمین کی پیمائش کرنے والا۔
المِسِّیْح۔ بڑا سیاح۔
الاَمْسَح۔ کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران

یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا- ہموار تلوے والا- بڑا جھوٹا — مِنَ الْأَرْضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِح : بڑا سیاح- کانا- مؤنث مَسْحَاء-

المَسْحَاء- کنکریوں والی ہموار زمین- سرخ زمین- ج المِسَاح والمَسَاحِي : چھوٹے پستانوں والی عورت- کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مَسْحَاءُ الثَّدْيِ-"

التِمْسَح- بڑا جھوٹا- فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا- بڑا سرکش (— والتِمْسَاح) مگرمچھ ج تَمَاسِح و تَمَاسِيح-

المِمْسَح والمِمْسَحَة جس سے پونچھا جائے-

مَسَخَهُ (ف) مَسْخًا- بری صورت میں بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا-

صفت مفعولی مَسْخٌ و مَسِيْخٌ ج مُسُوْخٌ — الْكَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو لاغر کرنا — طَعْمَ اللَّحْمِ: گوشت کو بے مزہ کرنا-

اَمْسَخَ الوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا-

تَمَسَّخَ الغَزْلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا-

امَّسَخَتْ و اِنْمَسَخَت العَضُدُ: کم گوشت والا ہونا- اسم المَسَخ-

اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا-

المَاسِخِيّ- کمان ساز-

المَسِيْخ- بدشکل — مِنَ الطَّعَامِ: بے مزہ یا بے نمک- بیوقوف-

الأَمْسُوْخ- ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے-

المَمْسُوْخ- مفعو- فَرَسٌ مَمْسُوْخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا-

مَسَدَ (ن) مَسْدًا الْحَبْلَ: رسی بٹنا یا مضبوط بٹنا — فِي السَّيْرِ: تھکانا-

مَسِدَ البَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا-

مَسَّدَ الشَّيْئَ و عَلَى الشَّيْئِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا-

المَسَد- کھجور کے ریشہ کی رسی- یا مضبوط بٹی ہوئی رسی- کھجور کا ریشہ- لوہے کا ڈھرا- ج مِسَاد و اَمْسَاد-

المِسَاد- شہد کا مشکیزہ- درشتی- کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْسَن مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے بالوں کی درشتی تیرے بالوں سے اچھی ہے-

المَمْسُوْد مفعو- رَجُلٌ مَمْسُوْدٌ: گٹھے بدن کا مرد-

سَاقٌ مَسْدَاء- اچھی ہموار پنڈلی-

مَسَرَهُ (ن) مَسْرًا- کھینچنا اور تنگی سے باہر نکالنا — النَّاسَ: نکتہ چینی کرنا- ورغلانا-

مَسَطَ (ن) مَسْطًا انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا — الثَّوْبَ: تر کرنا- پھر نچوڑنا — فُلَانًا بِالسِّيَاطِ: کوڑے سے مارنا — السِّقَاء: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا-

المَاسِط- فا- کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر دے- ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے-

المَسِيْط- گارا- گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے-

المَسِيْطَة- گدلا پانی- تھوڑا پانی بہانے والی وادی-

اَلْمِسَح- شمالی ہوا-

المَسْعِيُّ- بہت سیر و سفر کرنے والا مرد-

اَمْسَغ و اِمْتَسَغَ الرَّجُلُ: علیحدہ ہونا-

مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا- چمٹنا- متعلق ہونا- بِالنَّارِ: زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا-

مَسُكَ (ک) مَسَاكَةً السِّقَاءُ: مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا-

مَسَكَ بِهِ: چمٹنا- مَسَّكَهُ: مشک سے خوشبودار کرنا-

اَمْسَكَهُ روکنا- اَمْسَكَ بِهِ: چمٹنا — الشَّيْئَ عَلَى نَفْسِهِ: اپنے لیے حفاظت کرنا — اللّٰهُ الْغَيْثَ: بارش روکنا — عَنِ الْأَمْرِ: رکنا- باز رہنا — عَنِ الْكَلَامِ: خاموش رہنا-

تَمَسَّكَ و تَمَاسَكَ و اِمْتَسَکَ بِهِ: چمٹنا- اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا- "و غَشِيَنِي اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَتَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجدہ معاملہ آ پڑا اس لیے میں رک گیا- "وَمَا بِهِ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "و اِمْتَسَكَ فِي الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہرا رہا-

اِسْتَمْسَكَ بِهِ: چمٹنا — عَنْ كَذَا: باز رہنا — بَوْلُهُ: پیشاب بند ہونا — الرَّجُلُ عَلَى رَاحِلَةٍ: جم کر بیٹھنا-

المَسْک- مص- کھال- ج مُسُک و مُسُوْک- ایک ٹکڑے کو "مَسْكَة" کہتے ہیں-

المَسَک- پانی روکنے کا بند- زمین کے طبقات- ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب- کچھوے کی کھال- مچھلی کی ہڈی- واحد مَسَكَةٌ-

المُسْک- بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل-

المِسْک- مشک- کستوری- یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ المِسک کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَة کہتے ہیں- ج مِسَک- مِسْكُ الْبَرِّ و مِسْكُ الْجِنِّ: دو قسم کی نباتات- لفظ مِسْک فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں-

المُسْكَة- جس سے تعلق کیا جائے- بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی- عقل تام و رائے کامل- سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَک- کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "و لَيْسَ لِاَمْرِهِ مُسْكَةٌ" یعنی اس امر کے لیے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے- "و فِيْهِ مُسْكَةٌ مِنْ خَيْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے- "وَمَافِي سِقَائِهِ مُسْكَةٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں-

المُسُكَة و المُسُكَة- بخل-

المُسَكَة- بخیل- وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے- وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو- ج مُسَک-

المَسَاک- پانی روکنے کا بند- بخل-

المِسَاک- بخل- روکنے والی چیز- تلوار وغیرہ کا

دستہ اور کہا جاتا ہے "مَافِیْهِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔

المَسَاكَة والمِسَاكَة۔ بخل۔

المَسَاكَات۔ وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔

المُسْكَان۔ بیعانہ۔ ج مَسَاكِين۔

المِسْكِين والمَسْكَنَة۔ دیکھو مادہ س ک ن۔

المُسْك والمَسَّاك والمُمْسِك۔ بخیل۔

المَسِيْك ج مُسْك والمِسِّيْك۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ مَسِيْك ومِسِّيْكٌ" مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وَمَا فِيْهِ مَسِيْك" اس کے اندر خیر نہیں۔

الْإِمْسَاك۔ مص۔ بخل۔

المَسِيْكَةُ والْأَرْضُ المَسِيْكَةُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔

المَسِيْكَةُ والمُسَيْكِيَّةُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

مَسَلَ (ن) مَسْلاً الماءُ: پانی بہنا۔

اِمْتَسَلَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المَسَل۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَةٌ ومُسُلٌ مُسْلَانٌ ومَسَائِل۔

مُسَالَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔

مَسَالَةُ الْوَجْهِ: حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔

المَسِيْل۔ بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ تر ٹہنی۔ ج مُسُل و اَمْسِلَة۔ مَسِيْلُ الماءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔

مَسْمَسَ مَسْمَسَةً ومِسْمَاسًا الْأَمْرُ: مختلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَمْرِهِ فِيْ مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔

مُسْمِسَ الرَّجُلُ: جنونی کیفیت لاحق ہونا۔

المِسْمَاس۔ ہلکا۔

مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: بے باک ہونا۔ ہ: مارتے مارتے گرا دینا ― الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: کھینچنا۔

مَسَا يَمْسُوْ مَسْوًا۔ الْحِمَارُ: گدھے کا اڑنا ― ومَسَّى تَمْسِيَةً الرَّجُلُ: کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔

مَسَّاهُ تَمْسِيَةً۔ شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے "مُسِّي بِهِ اللَّيْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔

اَمْسَى اِمْسَاءً ومُمْسًى۔ شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسَى زَيْدٌ ضَاحِكًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔

اَمْسَاهُ اِمْسَاءً۔ کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔

مَاسَاهُ مُمَاسَاةً۔ مخول کرنا۔

اِمْتَسَى اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

المَسَاءُ ج اَمْسِيَة والمُسْي والمِسْيُ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الْأُمْسِيَّة۔ شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهُ اُمْسِيَّةَ اَمْسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

المُمْسَى۔ مص۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسَى يَمْسِيْ مَسْيًا الشَّيْءَ: ہاتھ سے پونچھنا ― الْحَرُّ الْمَاشِيَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا ― السَّيْفَ: تلوار سونتنا ― الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَمَاسَى و تَمَسَّى الشَّيْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسَى اِمْتِسَاءً۔ پیاسا ہونا۔

المَاسِي۔ فا۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے۔

رَجُلٌ مَاسٍ: ہلکا پھلکا مرد۔

التَّمَاسِي۔ مص۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا الْعَظْمَ: ہڈی کے اطراف کو چوسنا ― النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ دینا۔ سارا دودھ دوھنا ― مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا ― يَدَهُ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کیلئے پونچھنا ― فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا ― الشَّيْءَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا۔

مَشَّشَ و تَمَشَّشَ الْعَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ الْعَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّيْءُ: حاصل ہونا۔

اَمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا ― مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا ― مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا ― الْعَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا ― الْمُتَغَوِّطُ: پائخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

المُشَاش۔ مُشَاشَة کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْمُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے و مُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و حضر کے خدام۔

المُشَاشَة۔ نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاشٌ۔ مُشَاشَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

المَشّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهُ هَشًّا مَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

المَشَش۔ سفیدی جو اونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الْأَمَشُّ۔ مِنَ الْإِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اونٹ۔ مؤنث مَشَّاءُ ج مُشٌّ۔

المَشُوْش۔ ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال، تولیہ وغیرہ۔

مَشَجَهُ (ن) مَشْجًا بِكَذَا: ملانا۔ کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَيْنَهُمَا"

المَشَج والمَشِيْج والمَشْج والمِشْج مخلوط ج اَمْشَاج۔ الْأَمْشَاج: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا ― السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا۔ اترانا۔ اکڑباز ہونا۔ مَشَرَ و مَشَّرَ و اَمْشَرَ و تَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا ― مَشَّرَهُ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّيْءَ: تقسیم کرنا و اَمْشَرَ الرَّجُلُ کھل کر دوڑنا ― بَدَنُهُ: بدن کا پھولنا ― الْأَرْضُ: سبزی اگانا۔ و تَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِأَهْلِهِ شَيْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لیے لباس خریدنا ― الشَّجَرُ: سرسبز ہونا ― الْقَوْمُ:

کپڑے پہننا۔

اِمْتَشَر الرَّاعِیُ وَرَقَ الشَّجَرِ : چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔

المِشْرمِنَ الرِّجَالِ : سخت سرخ مرد۔

المَشَر۔ نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهُ مَشَرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔

المَشْرَة: نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے' نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَشْرَةُ غِنًى" یعنی اس کے اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔

مَشْرَةُ الْاَرْضِ و مَشْرَتُهَا۔ سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔

اَرْضٌ مَاشِرَةٌ۔ بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔

الاَمْشَر۔ چست و چالاک۔

المَوْشُوْر۔ دیکھیے مادہ وش ر۔

مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا و مَشَّطَ الشَّعْرَ بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیَٔ : ملانا — البَعِيْرَ : اُونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔

مَشِطَت (س) مَشْطًا يَدُهٗ : کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا (— و مَشَّطَت) النَّاقَةُ : دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔

اِمْتَشَطَ۔ کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَت الشَّعْرَ : کنگھی کرنا۔

المُشْط و المَشْط و المِشْط و المُشُط و المَشِط و المُشُطّ۔ کنگھی ج اَمْشَاط و مِشَاط۔

المُشْط۔ کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اُونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والمُشْط ایک دریائی مچھلی جس کو مُلْطِیَّ بھی کہتے ہیں۔

المِشْطَة۔ مَشَطَ کا اسم نوع۔

المِشَاطَة۔ مَشَّاطہ گری۔

المُشَاطَة۔ کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

المَشَّاط۔ شانہ ساز۔

المَاشِطَة و المَشَّاطَة۔ کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔

المَشِيْط۔ کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِيْطٌ وَلِمَّةٌ مَشِيْطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔

المِمْشَط۔ کنگھی۔

المَمْشُوْط۔ مفعو۔ رَجُلٌ مَمْشُوْطٌ : پتلا و لمبا مرد۔

مَشِظَ (س) مَشْظًا و مَشَظًا۔ پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ يده : یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَت الدَّابَّةُ : گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔

مَشَظَ (ن) مَشْظًا۔ البَلَدَ : شہر کو اقامت کے لیے پسند کرنا — فُلَانًا : کچھ لے لینا۔

المَشْظ و المِشْظَة۔ پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنے کا پچر۔

المَشْظَة : مشظ کا اسم مرة — مِنَ الْاَخْبَارِ مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔

قَنَاةٌ مَشِظَةٌ۔ نیا سخت نیزہ کہ جو لے اسی کا ہاتھ چھل جائے۔

مَشَغَ (ف) مَشْغًا الشَّیَٔ : کمانا۔ اُچک لینا — القُطْنَ : روئی تومنا — الغَنَمَ : بکری دوہنا — بِبَوْلِهٖ : پیشاب کرنا — فُلَانًا بِالحَبْلِ وَغَيْرِهٖ : رسی وغیرہ سے مارنا — الرَّجُلُ : آہستہ چلنا۔

مَشَّغَ الشَّیَٔ : صاف کرنا۔ پونچھنا — القَصْعَةَ : پیالہ میں سے سب کھالینا۔

اِمْتَشَغَ ثَوْبَ صَاحِبِهٖ : چھین لینا۔

مَافِی الضَّرْعِ او مَافِی يَدِ فُلَانٍ : سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔ السَّيْفَ : جلدی سے سونتنا (— و تَمَشَّغَ) الرَّجُلُ : اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔

المِشْغة و المَشِيْغَة۔ توی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

المَشُوْغ۔ بہت کمائی کرنے والا — ذِئْبٌ مَشُوْغٌ : بہت اچکنے والا بھیڑیا۔

مَشَغَه (ف) مَشْغًا۔ مارنا۔ عیب لگانا — الرَّجُلُ : لکڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔

مَشَّغَ الثَّوْبَ : گیرو سے رنگنا — عِرْضَ فُلَانٍ : آبرو میں داغ لگانا۔

المِشْغ۔ گیرو۔

المِشْغَة۔ بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

مَشَقَ (ن) مَشْقًا۔ جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا — هٗ بِالسَّوْطِ : کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْرَ : بالوں میں کنگھی کرنا — الکَتَّانَ و نَحْوَهٗ : رانچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّیَٔ : دراز ہونے کیلئے کھینچنا — الثَّوْبَ : کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا — النَّاقَةَ : اُونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا — فِی الکِتَابَةِ : بڑے بڑے حروف لکھنا' لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوْا رِحِيْلَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔

مُشِقَ مَشْقًا۔ پتلا و لمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِیْقٌ و مَشِیْقٌ و مُمْشُوْقٌ۔

مَشِقَ (س) مَشَقًا۔ رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ و اَمْشَق اور اسم المُشْقَة۔

مَاشَقَهٗ مُمَاشَقَةً۔ گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

مَاشَقَهُ الشَّیَٔ : کسی سے چیز کو کھینچنا۔

اَمْشَقَهٗ بِالسَّوْطِ : کوڑا مارنا اَمْشَقَ الثَّوْبَ : گیرو سے رنگنا۔

مَشَّقَ تَمْشِيْقًا الْاِبِلَ الکَلَاَ : اُونٹ کو گھاس چرانا۔

تَمَشَّقَ الثَّوْبُ : کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا — الغُصْنُ : ٹہنی کا چھلنا — اللَّيْلُ : رات کا ختم ہونا۔

اِمْتَشَقَ۔ چھین لینا۔ اچک لینا — مَا فِی الضَّرْعِ : سارا دودھ دوہنا — السَّيْفَ تلوار سونتنا — فِی الشَّیِٔ : داخل ہونا — الکَتَّانَ : رانچھ میں ڈال کر خراب و ردی حصہ کو علیحدہ کرنا — الشَّیَٔ : اپنے لیے لینا — مَا فِی يَدِ الرَّجُلِ : سارا لے لینا۔

المَشْق۔ مص۔ گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِی قَدِّهٖ مَشْقٌ" اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔

المِشْقَة و المُشَاقَة۔ رانچھ کا نکلا ہوا خراب و ردی حصہ۔ المِشْقَة : روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق۔

المُشْقَة۔ نئے کپڑے کی دھجی۔

الْمَثِىُّ- پہنا ہوا کپڑا — مِنَ الْخَيْلِ دُبلا گھوڑا-

الْمَاشِق-فا-ج مُشُق-

قَلَمٌ مَشَّاق- تیز چلنے والا قلم-

ثَوْبٌ مِشَق و مُمَشَّق و اَمْشَاق- گیرو سے رنگا ہوا کپڑا-

الْمَشْقَة-مَشَقَ کا اسم مرة-جانور کی ٹانگ میں رسّی کا نشان-

الْمَمْشُوْق-مفعہ-کم گوشت کا مرد-

مِنَ الْخَيْلِ :دُبلا گھوڑا — مِنَ الْقُضْبَان :پتلی لمبی شاخ-کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَمْشُوْقٌ" لمبا پتلا قد-مؤنث مَمْشُوْقَةٌ-

التَّمَاشِق-جھگڑا-

الْمِمْشَقَة- رانچھ-کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ-ج مَمَاشِق-

مَشَلَ (ن) مُشُوْلاً لَحْمُهٗ :گوشت کم ہونا (— مَشْلاً) اللَّبَنَ : دودھ کم دوہنا (— و اِمْتَشَلَ) السَّيْفَ : تلوار سونتنا-

الْمَاشِل و الْمَمْشُوْل-دُبلا پتلا-کم گوشت-

الْمَشَل-کم دوہائی-

الْمِمْشَل-نرمی سے دوہنے والا-

الْمِشْلَوْز- میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْزٌ سے مرکب ہے)

الْمِشْمِش-زرد آلو-واحد مِشْمِشَةٌ-

مَشَنَه (ض) مَشْنًا- خراش لگانا- مَشَنَهٗ بِالسَّوْطِ :کوڑا مارنا — هٗ بِالسَّيْفِ : تلوار مار کر کھال چھیلنا-مَشَنَ الْجَارِيَة :جماع کرنا — وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ : سارا دودھ دوہنا- صفت مَاشِن- ج مُشَّن- و اِمْتَشَنَ السَّيْفَ : تلوار سونتنا — الشَّیَٔ : اُچک کر اپنے لئے لے لینا — ثَوْبَهٗ-کپڑا چھین لینا-

مَشَّنَتِ النَّاقَةُ :اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا- کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَّرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا-

الْمِشَان و الْمُشَان-ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور-

اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ : مسہل دوا پینا-اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشَى بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے-

الْمَشْو و الْمَشُوّ و الْمَشِىُّ و الْمَشَاء-دست آور دوا-

مَشٰى (ض) مَشْيًا و تِمْشَاءً- چلنا-بہت مویشی والا ہونا — زَيْدٌ :ہدایت پانا اور اسم الْمِشْيَة (— مَشَاءً) الْمَرْأَةُ او الْمَاشِيَةُ :بہت بچوں والی ہونا — بِالنَّمِيْمَةِ : چغل خوری کرنا- بَطْنُهٗ : پیٹ چلنا-

مَشّٰى تَمْشِيَةً- چلنا — الرَّجُلَ :چلانا-

اَمْشَى الرَّجُلَ :چلانا-اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ :دست لانا (— و اِمْتَشٰى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا-

مَاشَاهُ مُمَاشَاةً-ساتھ چلنا-

تَمَشّٰى-چلنا-

تَمَاشَيَا-باہم مل کے چلنا-

الْمِشْيَة-چال-

الْمَشِيَّة-ارادہ-خواہش-

الْمَاشِى :فا-ج مُشَاة و مَاشُوْن-چوپائے والا-

الْمُشَّاة :چغلی کھانے والے — مِنَ الْعَسْكَرِ : پیدل دستہ-

الْمَاشِيَةُ-مَاشِى کا مؤنث-مویشی-ج مَوَاشِى-

الْمَشَّاء-بہت چلنے والا؛ چغل خور-

الْمَمْشٰى- چلنے کی جگہ- غلام گردش ج مَمَاشِى-

مَصَّ- (س ن) مَصًّا و تَمَصَّصَ و اِمْتَصَّ چوسنا-

اَمَصَّ اللَّبَنَ :چوسانا-

الْمَصّ-مع-قَصَبُ الْمَصِّ :گنا-

الْمُصَّة و الْمُصَاص مِنَ الشَّیِٔ : خالص-کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ الْمُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهٖ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو- اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں-

الْمُصَاصَة-جو چیز چوسی جائے-

الْمَصَّاص-بہت چوسنے والا- پچھنے لگانے والا-

الْمَصَّان- کمینہ- کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا- اور گالی کے موقع پر مرد کے لیے یا مَصَّان اور عورت کے لیے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے-الْمَصَّان :پچھنے لگانے والا-

الْمُصَّان-گنا-

الْمَصُوْص- پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے-

الْمَصِيْصَة-پیالہ-

مَصِيْصُ الثَّرٰى :نمناک مٹی یا ریت-

الْمِمَصّ-چوسنے کا آلہ-

مَصَتَ (ن) مَصْتًا الْجَارِيَة : جماع کرنا- النَّاقَةَ :ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا-

مَصَحَ (ف) مَصْحًا و مُصُوْحًا الشَّیُٔ :جاتا رہنا- منقطع ہونا — بِالشَّیِٔ : لے جانا- مَصَحَتِ الدَّارُ : گھر کا نشان مٹ جانا- مَصَحَ الثَّوْبُ : کپڑے کا پرانا ہونا — النَّبَاتُ : نباتات کا مرجھانا — الْكِتَابُ : کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا — لَبَنُ النَّاقَةِ :اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا (مَصَحَ (ف) و مَصِحَ (س) مَصَحًا) الظِّلُّ : کم یا تنگ ہونا-صفت اَمْصَح-

مَصَحَ و مَصَّحَ و اَمْصَحَ اللّٰهُ مَرَضَكَ : صحت دینا-مرض کو زائل کرنا-

الْمُصَاحَات-اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے-

مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّیَٔ : کھینچنا-

تَمَصَّخَ و اِمْتَصَخَ الشَّیَٔ : کھینچ کر نکالنا-

و اِمْتَصَخَ الشَّیُٔ عَنِ الشَّیِٔ :جدا ہونا-

اِمَّصَخَ الْوَلَدُ :ماں کے پیٹ سے جدا ہونا-

الْاُمْصُوْخَة بُردی کا سفید گودا- ثمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوْخ و اَمَاصِيْخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)

الْمَصُوْخَة-بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو-

الْمُصَّاخ-ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں-

مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِىُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ :بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا — الشَّیَٔ : چوسنا- الرَّجُلَ : مطیع و فرمانبردار کرنا-

الْمَصَاد بلند پشتہ- پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة و مُصْدَان-

الْمَصْد و الْمَصَد-گرمی کی شدت- سردی کی

زیادتی-بادل کی گرج-بارش-بلند پشتہ-
المَصْدَة-بارش-
مَصَرَ (ن) مَصْرًا- النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا-
مَصَّرَ الْعَطِيَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا
مَصَّرُوا الْمَكَانَ: شہر بنانا — الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا-
تَمَصَّرَ الْمَكَانُ: شہر ہونا — الشَّيْءُ او الْعَطَاءُ: کم ہونا — الْقَوْمُ: پراگندہ ہونا — الشَّيْءَ: پیچھا کرنا- تلاش کرنا (— وامْتَصَرَ) النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا-
المَاصِر- فا- دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے-
المِصْر- دو چیزوں کے درمیان روک- دو ملکوں کے درمیان کی سرحد- شہر- گوشہ- ج أَمْصَار و مُصُوْر و مِصْر: ملک مصر-
المِصْرَان: کوفہ وبصرہ-
المِصْرِيّ- منسوب اِلٰی مِصْر- مصر کا رہنے والا- مؤنث مِصْرِيَّةٌ ج مَصَارٍ و مَصَارِيّ- کہا جاتا ہے حُمُرٌ مَصَارٍ و مَصَارِيّ-
المَصُوْر مِنَ الْاِبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے- ج مِصَار و مَصَائِر و عَطَاءٌ مَصُوْرٌ: تھوڑا عطیہ-
المَصِيْر- آنت- ج أَمْصِرَةٌ و مُصْرَان- جج مَصَارِيْن-
المُمَصَّر- گیرو سے رنگا ہوا-
المُمَصَّرَة- المُمَصَّر کا مؤنث- کتے ہوئے سوت کا گولا-
مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا-
المَصْطَكَى و المُصْطَكَى و المُصْطَكَاء مصطگی- ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)
مَصَعَ (ف) مَصْعًا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا — الدَّابَّةُ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دم ہلانا — فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا — الْفَرَسُ: آہستہ سے گزرنا — الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا — الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: بچہ گرا دینا — فُؤَادُ فُلَانٍ: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا — هُ: ملنا (— مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا- ناقہ کی صفت مَاصِعٌ و مَاصِعَةٌ — مَاءُ الْحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا — الرَّجُلُ فِي الْاَرْضِ: جانا- سفر کرنا-
اَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا-
— الْعَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا — الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِهِ: بچہ گرا دینا — الْقَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا — لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا-
مَصَّعَ الْقَضِيْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لیے چھوڑ دینا-
مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَةً- جنگ کرنا- مقاتلہ کرنا — قِرْنَهُ: تلوار وغیرہ سے مارنا — بِلِسَانِهِ: تہمت لگانا-
تَمَاصَعَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: باہم جنگ کرنا-
اِنْمَصَعَ و امْتَصَعَ فِي الْاَرْضِ: جانا- سفر کرنا-
اِنْمَصَعَ الْحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا-
المَصْع- مص- ہانکنا- پھینکا جانا-
المُصْعَة و المُصَعَة- ایک چھوٹا پرندہ- عوسج درخت کا پھل- ج مُصْعٌ و مُصَعٌ-
المَاصِع- فا- کھاری پانی- کم- گدلا- چمکیلا- پشت پھیرنے والا- مؤنث مَاصِعَةٌ-
المِصَع- تلوار باز- لڑکا جو بنے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو-
المَصُوْع- خوفزدہ مرد-
مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللَّبَنَ: پانی ٹپکنے کے لیے کپڑے میں لٹکانا — مَالَهُ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا و مُصُوْلًا) الْجُبْنَ و نَحْوَهُ ٹپکنا — الْجُرْحُ: زخم کا رسنا-
اَمْصَلَ مَالَهُ: مال تباہ کرنا- لغویات میں خرچ کرنا — الْغَنَمَ: سارا دودھ دوہ لینا-
اَمْصَلَتِ الْمَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرا دینا- صف مُمْصِلٌ-
المَصْل- مص- (— و المَصَالَة و المُصَالَة) مِنَ اللَّبَنِ و نَحْوِهِ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی
المُصَالَة: تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے-
المَاصِل- فا- تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ-
المَصْلَاء- باریک بازوؤں والی عورت-
المِمْصَل- دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن- لغویات میں مال تباہ کرنے والا-
مَضْمَضَ الْمَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا — الثَّوْبَ: کپڑا دھونا- صاف کرنا-
المُضَامِض- ہر چیز کا خالص- کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُضَامِضٌ فِي قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے-
مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِيْضًا الْجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا- تکلیف پہنچانا — الْكُحْلُ الْعَيْنَ بِحِدَّتِهِ: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا — الْخَلُّ فَاهُ: سرکہ کا منھ کو جلا دینا — الشَّيْءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (— مَضًّا) الشَّيْءَ: چوسنا-
مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّيْءِ: دردمند ہونا- (— مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِيْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا-
اَمَضَّهُ الْاَمْرُ: دردمند کرنا- جلن پیدا کر دینا-
اَمَضَّهُ الْجُرْحُ و نَحْوُهُ: دردمند کرنا- کہا جاتا ہے "اَمَضَّنِيْ كَلَامُ فُلَانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "اَمَضَّهُ جِلْدُهُ" اس کی کھال کھجلائی-
مَاضَّهُ مُضَاضًا- لعنت ملامت کرنا-
مَضَّضَ تَمْضِيْضًا- بہت کھاری پانی پینا- کھٹا دودھ پینا-
تَمَاضَّ الْقَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا-
المَضّ- مص- كُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ- رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد-
المِضّ- ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا-
مِضُّ و مِضِّ و مِضِ مبنی و مِضٌّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لا نفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو-
المَضَّة اسم مرۃ- مؤنث المَضّ- اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کر سکے اَلْبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ-
المَضَض- مص- مصیبت کی تکلیف- کھٹا دودھ-

المَضَاض- جلن-

المُضَاض- خالص- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ القَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے- بہت کھاری پانی جو پیانہ جاسکے- آنکھ کی جلن-

المَضَّاض- جلانے والا-

مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَهٗ: عیب لگانا- مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا — الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا — الْإِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا — المزادَةُ: رسنا-

مَضِدَ (س) مَضَدًا- کینہ رکھنا-

مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س) مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَّبِيْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا-

مَضَّرَهٗ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا- اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی- مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا-

تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا- قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا-

تَمَضَّرَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا-

لَبَنٌ مَضِرٌ و مَاضِرٌ و مَضِيْرٌ- کھٹا دودھ- و عَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهٗ خِضْرًا مِضْرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا- "اَخَذَهٗ خِضْرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تروتازہ لیا یا بلاقیمت لیا-

المَضِيْرَة- ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے-

المُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی-

مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا-

مَاضَغَهُ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا-

اَمْضَغَه و مَضَّغَهٗ- چبوانا- اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا- اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا-

المَضَاغ- چبانا (— و المُضَاغَة) جو چیز چبائی جائے- کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لیے کوئی چیز نہیں- المُضَاغَة: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے-

المَاضِغ- فا- ج مُضَّغ-

المُضْغَة- گوشت وغیرہ کا ٹکڑا- ج مُضَغ و مُضَغُ الْأُمُوْرِ و الجِرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے چھوٹے کام-

المَضِيْغَةُ- ہڈی سے لگا ہوا گوشت- جبڑا- عضلہ- ج مَضِيْغ و مَضَائِغ-

المَضَّاغَه- بیوقوف- بہت چبانے والا-

المَاضِغَان و المَاضِغَتَان- دونوں جبڑے-

المَوَاضِع- ڈاڑھیں-

مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مَضْمَاضًا و مِضْمَاضًا المَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا — الثَّوْبَ وَغَيْرَهٗ: دھونا (— و تَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا- تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِهٖ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا-

المِضْمَاض- جلن- ہلکا پھلکا مرد- نیند-

المَضْمَضَة- مص- سانپ وغیرہ کی آواز- کلی-

مَضٰى يَمْضِي و مَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا مُضُوًّا او مُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (— مُضُوًّا) سَبِيْلَهٗ و لِسَبِيْلِهٖ: مرنا-

مَضٰى يَمْضِي و يَمْضُو مَضَاءً و مُضُوًّا عَلَى الْأَمْرِ: مداومت کرنا- جاری کرنا اور پورا کرنا- جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں- عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا- مَضٰى مَضَاءً السَّيْفُ: کاٹنا-

اَمْضٰى اِمْضَاءً الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا- کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهٗ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا — الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا- اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ و الرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا- اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهٗ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا-

مَضّٰى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا-

تَمَضّٰى الْاَمْرُ: نافذ ہونا- پورا ہونا — الرَّجُلُ: آگے بڑھنا-

المُضْوَاء- آگے بڑھنا- کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلٰى مُضْوَائِهٖ" وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا-

المَاضِي- فا: گزشتہ زمانہ — عِنْدَ النُّحَاةِ وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر وضعاً دلالت کرے

المَاضِي: تلوار- ج مَوَاضٍ-

المِضَاء- پختہ ارادہ والا- کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِضَاءٌ عَلٰى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو-

مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا — الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا — خَدَّهٗ: تکبر کرنا- کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَه" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی- الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا — خَطَّهٗ او خُطُوْطَهٗ: دراز کرنا-

مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا — الرَّجُلَ: گالی دینا-

تَمَطَّطَ- کھینچنا- کہا جاتا ہے "هٰذَا دِبْسٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِهٖ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے — فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا-

المَطَاط- اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ-

المَطَّاط- ربڑ-

المُطَيْطٰى و المُطَيْطَاء و المَطِيْطَاء- مغرورانہ چال- چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا-

المَطِيْطَة- گدلا- گاڑھا پانی- ج مَطَائِط-

مَطَأَ (ف) مَطْأً الْجَارِيَةَ: جماع کرنا-

مَطَحَهٗ (ف) مَطْحًا بِيَدِهٖ: مارنا-

تَمَطَّحَ و امْتَطَحَ الْوَادِي: بہت اور بلند پانی والی ہونا-

مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا — الرَّجُلَ بِيَدِهٖ: مارنا — عِرْضَهٗ: آبرو کو داغدار کرنا-

المَاطِخ- فا- سست رفتار گھوڑا-

المَطَّاخ- بیوقوف- مغرور- فحش گو- جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطْخٍ مَطْخٍ او رِمَطْخٍ مِطْخٍ" یعنی تیرا قول باطل ہے-

مَطَرَتْ (ن) مَطَرًا و مَطْرًا اَمْطَرَتِ السَّمَاءُ: بارش ہونا — السَّمَاءُ الْقَوْمَ: پانی برسانا و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا- بارش میں ہونا- کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُ فُلَانًا فَامْطَرَ و اسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی

تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آگیا۔ اَمْطَرَ الْمَكَانُ بارش شدہ پانا۔
مَطَرَ (ن) مُطُوْرًا و مَطْرًا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا — الْقِرْبَةَ: مشک کو بھرنا — الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ وَلَا أَدْرِي مَنْ مَطَرَ بِه" وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (— مُطُوْرًا) فِي الْأَرْضِ: جانا — الْعَبْدُ: بھاگنا — الشَّيْئَ: بلند ہونا۔
تَمَطَّرَ۔ بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا — الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ: جانا — الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اُترنا — بِه فَرَسُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔ تَمَطَّرَتِ الْخَيْلُ: گھوڑوں کا تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔
اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ: بارش طلب کرنا — الْمَكَانُ او الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہونا — الرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہنا — لَوْبَةٌ: برساتی پہننا۔ اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: عنایت و کرم کی التجا کرنا — لِلسِّيَاطِ: کوڑوں کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَيْلَ" گھوڑوں کے درپے مت ہو۔
الْمَطَر۔ بارش ج أَمْطَار۔
الْمُطْر۔ چینا کا خوشہ۔ عادت۔
الْمَطْرَة۔ بارش کی ایک بوچھاڑ (— والْمِطْرَة و الْمَطْرَة) عادت۔ الْمَطْرَة: مشک۔ حوض کا وسط۔
الْمَطَار و الْمَطَارَة مِنَ الْآبَارِ: چوڑے منہ کا کنواں۔
الْمِطَّارُ مِنَ الْخَيْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔
الْمَطِرُ و الْمَاطِرُ و الْمَطِيْر۔ بارش والا۔
الْمَطِيْر: جس پر بارش ہو۔
سَحَابٌ مِمْطَارٌ۔ موسلا دھار برسنے والا بادل۔
الْمِمْطَرُ و الْمِمْطَرَة۔ برساتی۔ عوام مَشْمَّع کہتے ہیں۔
الْمُتَمَاطِر۔ بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

الْمُتَمَطِّر۔ تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔
الْمُسْتَمْطِر۔ فا۔ بارش کا منتظر۔
الْمُسْتَمْطَر۔ مف۔ بارش کیلئے کھلا میدان۔
الْمَطْرَان و الْمِطْرَان۔ پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَة و مَطَارِيْن۔
مَطَزَ (ن) مَطْزًا الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَطَسَ (ض) مَطْسًا الْقَذِرَةَ: یکبارگی پاخانہ کرنا — وَجْهَهُ: چہرہ پر طمانچہ مارنا۔
مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِي الْأَرْضِ: جانا اور گم ہونا — الشَّيْئَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔
الْمَاطِع۔ فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "بَيَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔
تَمَطَّقَ الطَّعَامَ: چکھنا — الرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔
تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
الْمَطَقَةُ۔ مٹھاس۔ کہا جاتا ہے "تَمْرُهُمْ لَهُ مَطَقَةٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔
مَطَلَ (ن) مَطْلًا الْحَبْلَ: رسی تاننا۔ الْحَدِيْدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرنا — هُ حَقَّهُ و بِحَقِّه: ٹال مٹول کرنا — الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔
اِمْتَطَلَهُ حَقَّهُ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ: لمبا اور گنجان ہونا۔
اِمْطَلَّ الشَّيْئُ: دراز ہونا۔
الْمَطْلَةُ و الْمَطَلَةُ۔ حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔
الْمُطْلَة۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔
الْمِطَالَة۔ لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔
الْمَطَّال۔ لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا (— و الْمَطُوْل) بہت ٹالنے والا۔
الْمَطِيْلَة۔ کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔
الْمِمْطَل۔ چور۔ لوہار کا گھن۔
الْمَمْطُوْل۔ مف۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔
مَطْمَطَ۔ گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔
تَمَطْمَطَ الْمَاءُ: گاڑھا ہونا۔
مَطَا يَمْطُوْ مَطْوًا۔ چلنے میں جلدی کرنا۔

بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔
مَطِيَ يَمْطَى مَطًى۔ پھیلنا اور لمبا ہونا۔
أَمْطَى الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا۔
أَمْطَاهُ الدَّابَّةَ: سوار کرانا۔
اِمْتَطَى۔ الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔
تَمَطَّى۔ پھیلنا اور لمبا ہونا — الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔
الْمَطَا۔ مص۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج أَمْطَاء۔
الْمِطْو و الْمَطْو۔ شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء و أَمْطَاء و مَطِيّ۔ الْمِطْو: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء۔
الْمُطَوَاءُ۔ بروزن غُلَوَاءُ۔ انگڑائی۔ لمبائی۔
الْمَطْوَة۔ مطا کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطْوَةٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔
الْمَطِيَّة۔ سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لیے ہے بعیر اور ناقة دونوں کو مَطِيَّة کہتے ہیں۔ ج مَطَايَا و مَطِيّ۔
الْأُمْطِيّ۔ سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔
مَظَّهُ (ن) مَظًّا۔ ملامت کرنا۔
مَاظَّهُ مِظَاظًا و مُمَاظَّةً۔ جھگڑا کرنا۔ گالی دینا۔
مَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔
أَمَظَّهُ۔ گالی دینا۔
تَمَاظُّوا۔ باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
الْمَظّ۔ مص۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔
الْمَظَاظَة۔ سختی و بد مزاجی۔
مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مَظَّعَ الْوَتَرَ: تانت کو خشک اور چمکیلا کرنا۔
تَمَظَّعَ الْمَأْكُوْلَ: سب کا سب چاٹ جانا۔ — الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنا — فِي الرَّعْيِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔
الْمُظْعَة۔ گھاس کا بقیہ۔
الْمُظْعَة۔ باقی ماندہ گفتگو۔
مَعَ و مَعْ۔ اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اَللّٰهُ مَعَكُمْ" اور

اَفْعَلْ هٰذَا مَعَ هٰذَا۔
(۲)وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ۔
(۳)بمعنی عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ۔ اور
بلا مضاف ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس
پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی
تثنیہ اور جمع کے لیے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ
زَیْدٌ و عَمْرٌو مَعًا وَ جِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے
لیے مَعِی اور اسی سے واو معیت ہے۔
مَعَّ (ن) مَعًّا الشَّحْم :چربی کا پگھلنا۔
مَعَتَ (ف) مَعْتًا الشَّیْءَ :ملنا دلنا۔
مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ :نرمی کے ساتھ تیز
رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج۔ مَعَجَ الْبَحْرُ :سمندر
کا موج مارنا — السَّیْلُ :سیلاب کا تیز بہنا —
بِالْقَلَمِ فِي الدَّوَاةِ :قلم کو روشنائی لگنے کیلئے
دوات میں ہلانا — الفَصِیلُ ضَرْعَ أُمِّهِ :اونٹ
کے بچّہ کا دودھ اتارنے کے لیے تھن پر سر مارنا۔
اور کہا جاتا ہے "الرِّیحُ تَمْعَجُ فِي النَّبَاتِ" ہوا
پودوں کو ادھر ادھر کر رہی ہے — الْجَارِیَةَ :
جماع کرنا — الرَّجُلَ جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔
مُعِّجَتِ النَّبَاتُ :لہلہانا۔
تَمَعَّجَ السَّیْلُ او الْحَیَّةُ :سیلاب یا سانپ کا
بل کھاتے ہوئے چلنا۔
المَعْج۔ مص۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا
کا چلنا۔
المَعْجَة۔ مَعج کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا
جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ مَعْجَةِ شَبَابِهٖ" اس
نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔
المَعَّاج اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ :دوڑنے
میں ادھر ادھر ہونے والا گدھا۔
رِیْحٌ مَعُوْج۔ تیز چلنے والی ہوا۔
فَرَسٌ مِمْعَج۔ نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ (ف) مَعْدًا الشَّیْءَ :چھین لینا۔ اچک لینا۔
لے جانا — الشَّیْءَ :جلدی سے کھینچنا —
الرُّمْحَ :مرکز سے کھینچنا — فِي الْأَرْضِ :دور
تک جانا — الشَّیْءُ :تباہ ہونا — لَحْمَهُ :
گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا — السَّیْفَ :
تلوار سونتنا — الرَّجُلَ :معدہ پر مارنا — مَعْدًا
و مُعُوْدًا بِالشَّیْءِ :لے جانا — الدَّلْوَ وبِهَا :
ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔
مُعِدَ۔ درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْد۔
اِمْتَعَدَ الشَّیْءَ :چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔
المَعْد۔ مص۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ ترو تازہ پھل۔ تیز
رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ ثُعْدٌ ولا مَعْدٌ" اس
کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
المَعَدّ۔ پیٹ۔ پہلو۔
المَعِدَة و المِعْدَة۔ آنتوں میں پہنچنے سے پہلے
کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِد و مِعَد۔
المُتَمَعِّدَة۔ مِنَ الرُّطَبِ :ترو تازہ۔
تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ :لڑکے کا جوان ہونا —
الْمَرِيْضُ :بیمار کا صحت یاب ہونا —
الْمَهْزُوْلُ :موٹا ہونے لگنا۔
مَعِرَ (س) مَعَرًا الرَّيْشُ او الشَّعْرُ :بال کم ہونا
— النَّاصِیَةُ :پیشانی کے سب بال گر جانا —
الظُّفُرُ :ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔
مَعَّرَ۔ مفلس ہونا — وَجْهَهُ :چہرہ کا غصہ سے
بدلنا۔
اَمْعَرَ الرَّيْشُ او الشَّعْرُ :بال کم ہونا —
الرَّجُلُ :محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْأَرْضُ :کم
نباتات والی ہونا — الرَّجُلَ :مال چھین کر فقیر بنا
دینا۔
القَوْمُ :قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا
— الْمَوَاشِيُ الْأَرْضَ :چر کر صاف کر دینا۔
تَمَعَّرَ وَجْهُهُ :چہرے کا رنگ بدل جانا —
رَأْسُهُ :سر کے بال گر جانا۔
المَعَارَة۔ بد خلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔
المَعِر۔ کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے
گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم
گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ :کم نباتات والی زمین۔
الاَمْعَر۔ کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چمڑے
کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاء۔
ج مُعْر۔ نَاصِیَةٌ مَعْرَاءُ :بے بال کی پیشانی۔
المَمْعُوْر۔ مقعر۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔
مَعُزَ (س) مَعَزًا الشَّیْءُ :سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ
و مَاعِزٌ — الرَّجُلُ :اپنے کام میں کوشش کرنا
— و اَمْعَزَ الرَّجُلُ :بہت بکریوں والا ہونا۔
مَعَزَ (ف) مَعْزًا۔ الرَّاعِي المعزیٰ عَنِ
الضَّانِ :بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔
تَمَعَّزَ وَجْهُهُ :چہرہ کا سکڑنا — البَعِيْرُ :تیز
دوڑنا۔
اِسْتَمْعَزَ۔ کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا
اَمْعَزَهُ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت
ہے۔ "و مَا اَمْعَزَ رَأيه" وہ کس قدر مضبوط رائے
والا ہے۔
المَعْز و المَعَز۔ بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد
مَاعِز ج اَمْعُز و مَعِيْزٌ۔ المَعَز :زمین کی سختی۔
الاُمْعُوْز ج اَمَاعِز و اَمَاعِيْز و المَعِيْز و
المِعْزىٰ و المَعَاز۔ بکری۔ الاُمعوز :تیس سے
چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔
المَاعِز۔ فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب و صحب)
بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں۔
جمع مَوَاعِز۔ المَاعِز و المَعِز و المُسْتَمْعِز :
اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ و المَاعِز :
بکری۔ بکری کی کھال' مرد تیز طبیعت چالاک
دوسروں کو منع کرنے والا۔
المِعْزَاة۔ بکری۔
الاَمْعَز۔ بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث
مَعْزَاء ج مُعْز و مَعْزَاوَات و اَمَاعِز۔
المَعَّاز۔ بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔
المَعْزِيّ۔ بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو
منع کرے۔
رَجُلٌ مُمَعَّزٌ۔ خلقتاً سخت کھال والا مرد۔
مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّیْءَ :سخت ملنا —
الرَّجُلَ :بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس۔ دودھ۔ حرکت۔
المَعَّاس و المُتَمَعِّس۔ لڑائی میں پیش قدمی
کرنے والا۔
مَعِصَ (س) مَعَصًا الرَّجُلُ :موچ والا ہونا یا
بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت
مَعِصٌ و مَعِيْصٌ۔
تَمَعَّصَ بَطْنُهُ :پیٹ کا دردمند ہونا —
الرَّجُلُ :شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ (س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ مِنَ الْأَمْرِ :
غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ
و مَاعِضٌ۔

مَعَّضَهٗ و اَمْعَضَهٗ۔ غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا۔
اَمْعَض الشَّیَٔ :جلانا۔
مَعَط (ف) مَعْطًا الشَّیَٔ : کھینچنا — الرِّیْشَ : پر اکھیڑنا — بِحَقِّ فُلَانٍ : ٹالنا(— وامتعط) السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِیَۃَ :جماع کرنا — الجَسَدُ : جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س)مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِّئْبُ :بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ و اَمْعَط۔
تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و اِنْمَعَطَ و اِمْتَعَطَ الشَّعْرُ : بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمَّعَطَ و اِمْتَعَطَ النَّھَارُ : دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَہٗ : نیزہ کھینچا۔
المَعِطُ و الاَمْعَط۔ جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطَاء ج مُعْطٌ۔ وَلِصٌّ اَمْعَطُ : بھیڑیے کے مشابہ چور۔ رَمَلٌ اَمْعَطُ : بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطَاءُ :بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَہٗ(ف)مَعْقًا۔ ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّیْلُ الْاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہالے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا۔ الرَّجُلُ :فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک) مَعْقًا و مَعَاقَۃً النَّھْرُ :گہرا ہونا۔ صفت مَعِیْقٌ مؤنث مَعِیْقَۃٌ۔
اَمْعَقَ البِئْرَ :کنواں گہرا کھودنا۔
تَمَعَّقَ۔ گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے ”تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا“ یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی۔
المَعْق و المَعَق و المُعُق۔ گہرائی۔ ج اَمْعَاق و اَمَاعِق و اَمَاعِیْق۔ المَعْق : بدخلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَکَ(ف)مَعْکًا الشَّیَٔ :ملنا — الرَّجُلَ : ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا — فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ : غالب آنا۔ مَعَکَہٗ دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ : قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُکَ(ک)مَعَاکَۃً۔ بیوقوف ہونا۔
مَعَّکَہٗ۔ زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّکَ۔ زمین میں لوٹنا۔
مَاعَکَہٗ مُمَاعَکَۃً بِدَیْنِہٖ : قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المَعِک۔ بیوقوف۔ سخت جھگڑالو (— والمِمْعَک) قرض کو ٹالنے والا۔
اِبِلٌ مَعْکَی۔ بہت اونٹ۔
المَعْکُوْکَاء گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف) مَعْلًا الشَّیَٔ۔ چھین لینا۔ اُچک لینا — الخَشَبَۃَ : لکڑی چیرنا — اَمْرَہٗ : کام کو ساتھیوں سے پہلے کرلینا — الرَّجُلُ : تیز چلنا — الحِمَارَ :گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَہٗ و اَمْعَلَہٗ عَنِ الشَّیِٔ :جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلُ :پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِلُ مِنَ النَّاسِ :پھرتیلا ' جلدباز۔
المَعْل۔ مص۔ کہا جاتا ہے ”مَالَکَ مِنْہُ مَعْلٌ“ تیرے لیے ضروری ہے۔
المَعَالَۃ۔ بدی۔
حِمَارٌ مَمْعُوْل۔ خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ۔ جلدی کام کرنا — الشَّیُٔ المُحْتَرِقُ : جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا — القَوْمُ : سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا — الرَّجُلُ : گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا — السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَی الْاَرْضِ سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔
المَعْمَع۔ تیز خاطر عورت۔ اور کہا جاتا ہے ”ھُوَ ذُوْ مَعْمَعٍ“ وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَۃ۔ مص۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ
اَلْمَعَامِعُ :لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِیّ۔ جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان و المَعْمَعَانِی مِنَ الْاَیَّامِ : سخت گرم۔ المَعْمَعَانُ : سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے ”جَاءَ فِیْ مَعْمَعَانِ الصَّیْفِ“ :یعنی وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِیْ مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔
مَعَنَ (ن) مَعْنًا النِّعْمَۃَ : نعمت کی ناشکری کرنا — بِالْحَقِّ : حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)
مَعَنَ (ف) مَعْنًا و مَعُنَ (ک) مُعُوْنًا المَاءُ : آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِیْن۔ مَعَنَ الفَرَسُ : گھوڑے کا دور تک دوڑنا — المَطَرُ الْاَرْضَ :پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔
مَعِنَ (س)مَعَنًا المَکَانُ او النَّبْتُ :پانی سے سیراب ہونا۔
اَمْعَنَ فِی الطَّلَبِ :ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا — فِی الْاَمْرِ :معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔ الضَّبُّ فِیْ جُحْرِہٖ :گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا — الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا — النَّظَرَ فِی الْاَمْرِ : نہایت غور کے ساتھ سوچنا — الوَادِیُ : زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا — مَالُہٗ :بہت ہونا' کم ہونا — بِالْحَقِّ :حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا — المَاءُ : پانی کا آہستہ آہستہ بہنا — فُلَانٌ المَاءَ : پانی بہانا۔
اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ :زمین کا سیراب ہونا۔
تَمَعَّنَ۔ ذلیل و حقیر ہونا۔
المَعْن۔ مص۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔
المَعْنَۃ۔ مَعْن کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے ”مَالَہٗ سَعْنَۃٌ وَلَا مَعْنَۃٌ“ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المَعْنِیّ۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔
المَعَان۔ منزل۔
المَاعُوْن۔ بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی' چمچہ' ڈول' رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ — عِنْدَ العَامَّۃِ :کاغذ کا دستہ یا رِم۔
المَعِیْن۔ بہتا ہوا پانی۔ اور کہا جاتا ہے ”مَاءٌ مَعِیْنٌ“ جاری پانی ”سِقَاءٌ مَعِیْنٌ“ بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات و مُعُن۔
المُعُنَات و المُعْنَان۔ پانی بہنے کی جگہ' وادی میں پانی کے نالے۔
کَلَا مَمْعُوْن۔ گھاس جس میں پانی جاری ہو
رَوْضٌ مَمْعُوْن : جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔

تَمَعْنَى يَتَمَعْنَى۔ معنی سمجھنا۔ معنے بیان کرنا۔
مَعَا يَمْعُوْ مُعَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَمْعى النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا — الْبُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَعَّى السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا — الشَّرُّ بَيْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔
المَعْو۔ تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
المَعْيُ والمِعْى ج اَمْعَاء۔ والمِعَاءُ ج اَمْعِيَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مَغَثَ(ف)مَغْثًا الدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا — الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَغَثَتْهُمُ الحُمّٰى" ان کو بخار آگیا۔ مَغَثَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَهُ مِغَاثًا و مُمَاغَثَةً۔ جھگڑا کرنا۔
المَغْث۔ مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث۔
المَغِث۔ سخت قسم کا پہلوان۔
المَغِيْث۔ گھاس جس کو بارش نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔
المُغَاث۔ چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
المَمْغُوْث۔ بخار زدہ۔ بارش سے بچھی ہوئی گھاس۔
مَغَجَ(ن)مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ چلنا۔
مَغَدَ(ف)مَغْدًا الشَّيْءَ: چوسنا۔
الفَصِيْلُ اُمَّهُ: اونٹ کے بچّہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا — النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا — الرَّجُلُ فِيْ عَيْشِهٖ: آسودہ زندگی گزارنا — شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا — الْعَيْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا — فُلَانٌ: کامل جوان ہونا — الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ(ف)و مَغِدَ(س) مَغْدًا البَدنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
اَمْغَدَ۔ دیر تک پینا — الصَّبِيَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
المَغْد۔ مص۔ عَيْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔
المَغْدُ: ببول کا گوند' بیری کا گوند — یبروج الصنم: (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک' نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِي الْبِلَادِ: تیز جانا — بِهٖ بَعِيْرُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔
اَمْغَرَهُ بِالسَّهْمِ: آرپار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ النَّاقَةُ اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر۔
المَغْرَة والمَغَرَة۔ گیرو۔
المَغَر و المُغْرَة۔ غیر خالص سرخی کا رنگ۔
المَغَارَة۔ دیکھئے مادہ غور۔
الاَمْغَرُ۔ غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔
لَبَنٌ مَغِيْرٌ۔ سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
المَمْغَرَة۔ وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِيَدِهٖ: چھونا — هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا — الْمَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِسَ۔ آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغِصَ (س) مَغْصًا و مُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوْص۔
اَمْغَصَهُ۔ مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ و تَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔
المَغْصُ۔ مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔
المَغَصُ۔ عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص۔ واحد مَغَصَةٌ۔
مَغَطَ (ف) مَغْطًا و مَغَّطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لیے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ و اِمَّغَطَ الشَّيْءُ: کھنچنا و طویل ہونا۔
تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔ — الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
اِمْتَغَطَ۔ کھنچنا اور طویل ہونا — السَّيْفَ۔ تلوار سونتنا۔
المُمَّغِط۔ انتہائی لمبا۔
مَغَلَ (ف) مَغْلاً و مَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔
مَغِلَت(س)مَغَلاً عَيْنُهُ: خراب ہونا۔
الْحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔
مَغَلَتْ (ف) و مَغِلَتْ (س) مَغْلاً الدَّابَّةَ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَةٌ و مَمْغُوْلَةٌ اور اسم المَغْلَة۔
اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا — الْحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانہ حمل کا دودھ پلانا — بِهٖ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔
المَغْل و المُغَل۔ زمانہ حمل میں عورت کا دودھ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال۔
المُغْل۔ ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل۔
المَغْلَة۔ مغل کا اسم مرۃ: فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچّے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال۔
المَغَالَة۔ مص خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔
الْكَلَامَ: مبہم کہنا — الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا — فِيْ عَمَلِهٖ: ناقص و ردی طریقے سے کرنا — الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا — الْكَلْبُ فِي الْاِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔
المَغْنَطِيْس و المَغْنَاطِيْس۔ چمک پتھر۔
مَغَا يَمْغُوْ مَغْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
المُغَاء و المُغُوّ۔ بلی کی آواز۔
مَغَى يَمْغِي مَغْيًا۔ غیر مفہوم گفتگو کرنا۔
تَمَغَّى الْاَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغْنُ مص —— فِي الْأَدِيْمِ : چمڑے کا ڈھیلا پن۔
فِي الْإِنْسَانِ: مذاقاً یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔
مَفَجَ (ف) مفجًا الرَّجُلُ :بیوقوف ہونا۔
رَجُلٌ مَفَاجَةٌ۔ بیوقوف مرد۔
مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّئَ :چیز کو کھولنا —— اللّٰهُ عَيْنَه :اکھیڑنا۔
مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرخَهٗ :پرندہ کا بچّہ کو چوگا دینا۔
عَلٰى عِيَالِهٖ :فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔
تَمَقَّقَ الشَّرَابَ :تھوڑا تھوڑا پینا —— مَا فِي الْعَظْمِ :ہڈی سے سارا گودا نکال لینا(—— و اِمْتَقَّ) الفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ :تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
المَقَقُ۔ پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دُوری۔
المَقَقَةُ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔
الاَمَقُّ۔ پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقٌ۔ بَلَدٌ اَمَقُّ :وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء : گوشت سے خالی ران۔ ج مُقٌّ۔
مَقَتَ (ن) مَقْتًا و مَاقَتَ الرَّجُلُ :بہت بغض رکھنا۔
مَقُتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ اِلَيَّ :ناپسند ہونا۔
مَقَّتَهٗ۔ بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهٗ اِلٰى قُبْحِ فِعْلِهٖ :مبغوض کر دینا۔
تَمَقَّتَ اِلَيَّ :ناپسند ہونا۔
تَمَاقَتُوْا۔ بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔
المَقْتُ۔ مص زَوَاجُ الْمَقْتِ :باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔
المَقْتِيّ۔ باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔
المَقِيْت و المَمْقُوْت۔ ناپسند۔
مَقَرَ (ن) مَقْرًا عُنُقَه :لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا —— السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ :نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّئُ :کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِرٌ۔

اَمْقَرَ السَّمَكَةَ الْمَالِحَةَ :نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا —— الشَّئُ :کڑوا ہونا —— اللَّبَنُ :دودھ کا بے مزہ ہونا۔
اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ :پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔
اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا۔ الرَّجُلُ :اُبھری ہوئی رگ والا ہونا۔
المَقْرُ و المَقِرُ۔ ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
المَمْقُوْرُ۔ سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔
المُمْقِرُ۔ کم پانی والا کنواں۔
مَقَسَ (ن) مَقْسًا الْقِرْبَةَ :مشک بھرنا۔
الشَّئَ فِي الْمَاءِ :پانی میں ڈبونا —— المَاءُ :پانی کا جاری ہونا —— فُلَانٌ فِي الْاَرْضِ :جانا۔
مَقِسَتْ (س) مَقَسًا و تَمَقَّسَتْ نَفْسُهٗ :جی متلانا۔
مَاقَسَه مُمَاقَسَةً۔ باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔
مَقَطَهٗ (ن ض) مَقْطًا :غصہ میں ڈالنا مَقَطَهٗ بِالْعَصَا :لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّئَ :باندھنا۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا —— عُنُقَهٗ :توڑ دینا —— الْكُرَةَ :زمین پر مارنا پھر اٹھانا —— هٗ بِالْاَيْمَانِ :قسم دلانا —— الْحَبْلَ :رسّی بٹنا —— الشَّئُ گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالْقِرْنِ و مَقَطَهٗ و مَقَّطَهٗ :پچھاڑنا —— مَقَطَ بِالْاِبِلِ : مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا۔
المَاقِطُ۔ فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسّی۔
المِقَاطُ۔ مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ ج مُقُطٌ۔
المَقِطُ۔ چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچّہ۔
المُقْطُ۔ پرندہ پھنسانے کا دھاگہ ج اَمْقَاطٌ۔
مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ :ڈگڈگا کے پینا۔
—— هٗ بِشَرٍّ :تہمت لگانا —— الفَصِيْلُ اُمَّهٗ : اونٹ کے بچّے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
اِمْتَقَعَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ :تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
اُمْتُقِعَ۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔
المَقْعُ۔ مص۔ ٹھہرا ہوا پانی۔ ج اَمْقُعٌ۔
مَقَلَهٗ (ن) مَقْلًا۔ دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا" وَ مَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔
—— هٗ :پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِي الْمَاءِ :غوطہ لگانا۔
—— المَقْلَةَ :برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آجائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔
مَاقَلَهٗ۔ ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
تَمَاقَلَا۔ باہم غوطہ زنی کرنا۔
اِمْتَقَلَ۔ بار بار غوطہ لگانا۔
المَقْلُ۔ مص۔ کنوئیں کی تہ۔ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
المُقْلُ۔ گوگل کا پھل۔ گوگل۔
المَقْلَةُ۔ مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آجاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔
المُقْلَةُ۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَلٌ۔
مَقْمَقَ الشَّئُ :نرم اور آسان ہونا —— الشَّئَ :ذلیل کرنا —— الْوَلَدُ اُمَّهٗ :زور سے چوسنا۔
المُقَامِقُ۔ حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔
مَقِهَ (س) مَقَهًا۔ سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَهُ۔
المَقَهُ۔ سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔
الاَمْقَهُ۔ دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔ خود سر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْهَاء ج مُقْهٌ۔
مَقَا يَمْقُوْ مَقْوًا و مَقٰى يَمْقِيْ مَقْيًا السَّيْفَ :تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الْفَصِيْلُ اُمَّهٗ :زور سے

دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَكَّ (ن) مَكًّا و تَمَكَّكَ و اِمْتَكَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَكَّ الشَّيْئَ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا ـــــ غَرِيْمَهُ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اِمْتَكَّ و تَمَكَّكَ الْفَصِيْلُ مَافِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَكَّكَ عَلٰى غَرِيْمِه: قرض دار سے اصرار کرنا۔

اَلْمُكَاكُ و الْمُكَاكَةُ۔ ہڈی کا گودا۔

اَلْمَكُّوْكُ۔ پینے کا پیالہ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَكَاكِيْكُ۔

مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْكَتَ۔ پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَكَثَ (ن) مَكْثًا و مُكْثًا و مُكُوْثًا و مُكْثَانًا و مِكِّيْثٰى و مِكِّيْثَاءَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاكِثٌ اور اسم الْمُكْثُ والمِكْثُ۔

مَكُثَ (ک) مَكَاثَةً۔ ٹھہرنا۔

اَمْكَثَهُ۔ ٹھہرانا۔

تَمَكَّثَ۔ انتظار کرنا اور ٹھہرنا ـــــ بِالْمَكَانِ ٹھہرنا ـــــ فِي الْاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔

اَلْمَكِيْثُ۔ ٹھہرنے والا۔ رنجیدہ۔ ج مُكَثَاءُ و مَكِيْثُوْنَ۔

مَكَدَ (ن) مَكْدًا و مُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاكِدٌ۔ مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاءُ و مَكُوْدٌ۔ ج مُكُدٌ و مَكَائِدُ۔

المِكْدُ۔ کنگھا۔

مَكَرَ (ن) مَكْرًا۔ الرَّجُلَ و بِهٖ: دھوکہ دینا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَكَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ـــــ هُ: رنگنا ـــــ الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَكِرَ (س) مَكَرًا۔ سرخ ہونا۔

مَاكَرَهُ۔ فریب دینا۔

مَكَّرَ۔ گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْكَرَهُ۔ دھوکا دینا ـــــ هُ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاكَرُوْا۔ بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔

اِمْتَكَرَ و اِمْتُكِرَ۔ گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔

اَلْمَكْرُ۔ مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔

اَلْمَكْرَةُ۔ مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْرٌ و مُكُوْرٌ۔

اَلْمَاكِرُ۔ فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْنَ۔

اَلْمَكَّارُ و الْمَكُوْرُ۔ بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔

مَكَسَ (ض) مَكْسًا۔ ٹیکس جمع کرنا ـــــ فِي الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا ـــــ هُ: ظلم کرنا۔

مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔

مَاكَسَه مِكَاسًا و مُمَاكَسَةً۔ قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔

تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِي الْبَيْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔

اَلْمَكْسُ۔ مص محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْسٌ۔

اَلْمَاكِسُ و الْمَكَّاسُ۔ ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔

مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا ـــــ الْمُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔

مَكُنَ (ک) مَكَانَةً عِنْدَ الْاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔

مَكِنَتْ (س) مَكْنًا الْجَرَادَةُ و نَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَكُوْنٌ۔ ج مِكَانٌ۔

مَكَّنَهُ و اَمْكَنَهُ مِنَ الشَّيْئِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔

اَمْكَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمْكِنُهُ النُّهُوْضُ" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ و اَمْكَنَنِي الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آگیا۔ اَمْكَنَتِ الْجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔

تَمَكَّنَ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔

اَلْمَكَانُ و بِهٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (ـــــ و اِسْتَمْكَنَ) مِنَ الْاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔

اَلْمَكْنُ و الْمَكِنُ۔ ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَكْنَةٌ و مَكِنَةٌ ج مَكْنَاتٌ و مَكِنَاتٌ۔

اَلْمُكْنَةُ۔ قوت۔ طاقت۔

اَلْمَكِنَةُ۔ قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَكِنَاتٌ۔

اَلْمَكَانُ۔ موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْكِنَةٌ و اَمْكُنٌ۔ و جج اَمَاكِنُ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَكَانٍ" اس کے لیے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "و هٰذَا مَكَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

اَلْمَكَانَةُ۔ مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَكَانَاتٌ۔

اَلْمَكِيْنُ۔ صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكِيْنٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْكَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُكَنَاءُ۔

اَلْمَكِيْنَةُ۔ آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكِيْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔

اَلْمُتَمَكِّنُ فِي عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔

و الْمُتَمَكِّنُ الْاَمْكَنُ۔ اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔

و الْمُتَمَكِّنُ غَيْرُ الْاَمْكَنِ۔ اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔

غَيْرُ الْمُتَمَكِّنِ۔ وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے كَيْفَ و اَيْنَ۔

مَكَا يَمْكُوْ مُكَاءً و مَكْوًا۔ منہ سے سیٹی بجانا۔

مَكِيَتْ تَمْكٰى مَكًى يَدُهُ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔

تَمَكّٰى تَمَكِّيًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔

اَلْمَكَا و الْمَكْوُ۔ خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج

اَمْکَاء۔
المُکَّاء۔ سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَکَاکِیّ۔
المَکْوَۃُ۔ دبر۔
مَلَّ (ن) مَلاًّ الثَّوْبَ : کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا ـــ الشَّیْئَ فِی الْجَمْرِ : انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعلی مَلاَّل صفت مفعولی مَمْلُوْلٌ و مَلِیْلٌ۔
ـــ السَّھْمَ بِالنَّارِ : تیر کو آگ سے سیدھا کرنا ـــ اللَّحْمَ اوِ الْخُبْزَ : گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِی الْمَشْیِ : تیز دوڑنا ـــ عَلَیْہِ السَّفَرُ : سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلاًّ۔ ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ـــ الشَّیْئَ : الٹ پلٹ کرنا۔
المَحْمُوْمُ : بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلاً و مَلاَلاً و مَلَّۃً و مَلاَلَۃً الشَّیْئَ و مِنَ الشَّیْئِ : تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِیْلاً الشَّیْئَ : الٹ پلٹ کرنا۔
اَمَلَّ عَلَیْہِ السَّفَرُ : طویل ہونا۔ اَمَلَّہُ الْاَمْرُ و اَمَلَّ عَلَیْہِ الْاَمْرُ : دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔
اَمَلَّہُ الشَّیْئَ : بھوبھل میں ڈالنا۔
اَمْلَلْتُ اِمْلاَلاً و اَمْلَیْتُ اِمْلاَءً الْکِتَابَ عَلَی الْکَاتِبِ : املا کرانا۔
تَمَلَّلَ۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ـــ فِی الْمَشْیِ : تیز دوڑنا ـــ مِلَّۃً کَذَا : مذہب اختیار کرنا ـــ الْخُبْزَۃَ : روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔
اِنْمَلَّ۔ کھینچا جانا۔ نکل آنا۔
اِسْتَمَلَّ الشَّیْئَ : زچ ہونا۔
المَلُّ۔ مص۔ رَجُلٌ مَلٌّ : اکتایا ہوا مرد۔
المَلَّۃُ۔ اسم مرۃ۔ چنگاری، بھوبھل، بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ و خُبْزُ الْمَلَّۃِ : بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَلَّۃٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔
المِلَّۃُ۔ مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَلٌ۔
المُلَّۃُ۔ کچی سلائی۔ ج مُلَلٌ۔
المَلِّیُّ۔ بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔
المَلَلُ و المَلاَلُ۔ تنگ دلی۔

المُلاَلُ۔ مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔
المَلُوْلُ و المَلُوْلَۃُ و المَلاَّلَۃُ و المَالُوْلَۃُ تنگ دل۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لیے ہے۔
المَلِیْلُ و المَمْلُوْلُ۔ بھوبھل میں بھنا ہوا۔
الشَّیْئُ الْمَمْلُوْلُ : باعث ملال۔ المَلِیْلُ : کریلنی۔ رَجُلٌ مَلِیْلٌ : آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔
المَلِیْلُ و المُمَلُّ مِنَ الطُّرُقِ : بہت چلتا ہوا راستہ۔
ـــ المَلِیْلَۃُ : اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔
مَلَاَہٗ (ف) مَلاً و مَلاَۃً و مِلاَۃً۔ بھرنا۔
ـــ الْاِنَاءَ مَاءً و بِالْمَاءِ و مِنَ الْمَاءِ : برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعولی مَمْلُوْءٌ۔ اور کہا جاتا ہے مَلاَہٗ عَلَی الْاَمْرِ : اس کی اس نے مدد کی "و نَظَرْتُ اِلَیْہِ فَمَلاَتْ مِنْہُ عَیْنِیْ" میں نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا و مَلاَ عَلَیْہِ الْاَرْضَ : اس نے اس پر زمین تنگ کر دی۔
مَلُؤَ (ک) مَلاَءً و مَلاَءَۃً۔ توانگر ہونا۔ مَلُؤَ (ک) و مُلِیَٔ مَلاَءَۃً : زکام والا ہونا۔
مَلِیَٔ (س) مَلاً و تَمَلاً۔ پر ہونا۔ صفت مَلْاٰن۔
مَلاَّہٗ تَمْلِئَۃً۔ خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) مَلاَ فِیْ قَوْسِہٖ : کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔
اَمْلاَہٗ۔ باعث زکام ہونا۔ صفت مَلْاٰن۔ اَمْلاَ فِی الْقَوْسِ : خوب زور سے کھینچنا۔
تَمَلاَ۔ پر ہونا۔ تَمَلاَتِ الْمَرْاَۃُ : عورت کا چادر اوڑھنا۔
مَالاَہٗ مُمَالاَۃً و مِلاَءً عَلَی الْاَمْرِ : موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔
تَمَالاَ الْقَوْمُ عَلَی الْاَمْرِ : اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔
اِسْتَمْلاَ فِیْ دَیْنِہٖ : قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔
المِلْءُ۔ برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَمْلاَءٌ۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَنَامُ مِلْءَ جَفْنِہٖ" وہ بے غم سوتا ہے و "فُلاَنٌ مِلْءُ کِسَائِہٖ" فلاں موٹا ہے۔
المَلاَ۔ قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ الْمَلاُ الْاَعْلٰی : ملائکہ مقربین۔ المَلاُ : مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا کَانَ ھٰذَا الْاَمْرُ عَنْ مَلاٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَمْلاَءٌ اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَلاَ بَنِیْ فُلاَنٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔
المَالِیُٔ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِیٌٔ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ و شَابٌّ مَالِیُٔ الْعَیْنِ : آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔
المُلاَءُ و المُلاَۃُ و المُلاَءَۃُ۔ زکام۔ المُلاَءَۃُ تہ بند۔ دہری چادر۔ ج مُلاَءٌ۔
المِلاَۃُ۔ مص۔ بھرنے کی ہیئت۔ بد ہضمی۔
المَلْاٰنُ۔ بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلْاٰی و مَلْاٰنَۃٌ ج مِلاَءٌ۔
المَلِیُٔ و المَلِیُّ۔ توانگر۔ ج مِلاَءٌ و اَمْلِیَاءُ و مُلاَءُ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَمْلاَ الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلاَنٌ اَمْلاَ لِعَیْنِیْ مِنْ فُلاَنٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔
مَلَتَہٗ (ض) مَلْتًا۔ حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔
مَلَثَہٗ (ن) مَلْثًا۔ بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔ مَلَثَہٗ بِالشَّرِّ : آلودہ کرنا۔ مَلَثَ الظَّلاَمُ : گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
مَالَثَہٗ مِلاَثًا و مُمَالَثَۃً۔ کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔
مَلْثُ اللَّیْلِ و مَلَثَۃٌ : رات کی ابتدائی تاریکی۔
المَلْثَۃُ۔ مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔
المِلْثُ۔ وہ شخص جو جماع کرنے سے سیر نہ ہو۔
مَلَجَ (ن) و مَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِیُّ اُمَّہٗ : بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ پینا۔
اَمْلَجَہٗ۔ دودھ پلانا۔
اِمْتَلَجَ۔ مَا فِی الثَّدْیِ : چوسنا۔
المُلْجُ۔ گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَمْلاَجٌ۔
المُلُجُ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔
المَلِیْجُ۔ دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الأَمْلَحُ۔ چٹیل میدان۔ آملہ۔
الأُمْلُوْج۔ ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی۔ اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں وبادی جائے۔ ج اماليج۔
المَالِج۔ کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَالِج۔ (دخیل)
مَلَحَ (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا ـــــ الرَّجُلَ: غیبت کرنا ـــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑپھڑانا ـــــ الْمَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيْهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔
مَلَحَ (ف) و مَلُحَ (ک) مُلُوْحَةً و مَلَاحَةً و مُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيْح اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔
مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً و مُلُوْحَةً۔ خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْح و مُلَاح و مُلَّاح۔
مَلِحَ (س) مَلَحًا نیلگوں رنگ کا ہونا۔
مَلَّحَ الشَّيْءَ: نمکین کرنا ـــــ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا ـــــ السَّمَكَ و نَحْوَهُ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا ـــــ الدَّابَّةَ: چوپائے کے جبڑے پر نمک ملنا۔ الْمَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔
أَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا ـــــ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا ـــــ الْإِبِلُ: کھاری پانی پر جانا ـــــ الرَّجُلُ کھاری پانی پر پہنچنا ـــــ الرَّاعِيَ الْإِبِلَ: کھاری پانی پلانا ـــــ الشَّيْءُ: نیلگوں رنگ کا ہونا۔
الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔ اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا أَمْلَحَهُ و ما أُمَيْلَحَه" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔
مَالَحَهُ مِلَاحًا و مُمَالَحَةً۔ ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمَالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔
تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا ـــــ الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ و يَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔
اِمْلَحَّ الْكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔
اِمْلَاحَّ النَّخْلُ: سرخ اور زرد پکی کھجور کا ہونا۔
اِسْتَمْلَحَ الشَّيْءَ: ملیح سمجھنا۔
المَلَح۔ عمدہ عمدہ باتیں۔
المِلْح۔ نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَيْحَة۔ ج مِلَاح۔ المِلْح: چربی، موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم۔ علماء۔ مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ مَالِح بھی کہا جاتا ہے۔ ج مِلَح و مِلْحَة و مِلَاح و اِمْلَاح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِلْحُهُ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔
المِلْح و المِلْحَة۔ حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والمِلْحَة: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئْرٌ مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔
المُلَح۔ سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔
المَلْحَة۔ اسم مرۃ۔ موج دریا۔
المُلْحَة۔ سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔ برکت۔
المُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح۔
المُلْحَة۔ کلمہ ملیحہ۔
المِلَاح۔ کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا پھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔
المُلَاح۔ خوبصورت۔ ج مُلَاحُوْن۔
المَلَاحَة۔ خوبصورت ہونا۔
المِلَاحَة۔ جہاز رانی۔
المَمْلَحَة و المَلَّاحَة۔ نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ المَلَّاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔
الأُمْلُوْحَة مِنَ الْكَلَامِ: عمدہ مستحسن کلام ج أَمَالِيْح۔
المَلَّاح۔ نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔
المُلَّاح۔ ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَة
رَجُلٌ مُلَّاح: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُوْن۔
المِلَاحِيَّة۔ جہاز راں کا پیشہ۔
المُلُوْحَة۔ مص۔ نمکینی۔
المَلِيْح۔ خوبصورت۔ مؤنث مَلِيْحَةٌ ج مِلَاح و أَمْلَاح ـــــ مِنَ الْمَاءِ: کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِيْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔
الأَمْلَح۔ اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْحٌ۔ الأَمْلَح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔
المَلْحَاء۔ تانیث أَمْلَح۔ سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحَاوات۔
المُلَاحِي و المُلَّاحِي۔ سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔
المِمْلَحَة۔ نمک دان۔ ج مَمَالِح۔
المُتَمَلِّح۔ نمک والا یا سوداگر نمک۔
مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا ـــــ الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا ـــــ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا ـــــ فِي الْبَاطِلِ: لغو و باطل میں بہت مشغول ہونا ـــــ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَلُخَ (ک) مَلَاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔
مَالَخَهُ مِلَاخًا و مُمَالَخَةً۔ باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب و فاسد ہونا ـــــ الشَّيْءَ: کھینچنا۔
اِمْتَلَخَ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا ـــــ يَدَهُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَيْهِ: کھینچ لینا ـــــ السَّيْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْكُوْزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔
المَلَّاخ۔ بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عَبْدٌ مَلَّاخٌ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوْخِيَّة۔ ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِيْخ۔ بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلَخُ الْعَقْل: محروم العقل۔

مَلَذَ(ن)مَلَذًاالشَّیَ : کھینچنا۔
مَلِذَ(س) مَلَذًا الْغُصْنُ : شہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّذَالْاَدِیْمَ : چمڑے کو نرم کرنا —— الرِّیْحُ الْغُصْنَ : شہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَذ۔ جوانی۔ نزاکت۔ ج اَمْلَاذ۔
المَلَذان۔ شہنی کی نزاکت۔
المَلْد والاَمْلَد والاُمْلُد والاُمْلُوْد والاِمْلِیْد والاُمْلُدَان والاُمْلُدَانِیّ۔ نرم و نازک شہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ اُمْلُوْدٌ و شُبَّانٌ اَمَالِیْد" اَلْمَلْد : بھوت۔
المَلْدَاء۔ تانیث اَمْلَد۔ ج مُلْد۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ مَلْدَاءُ و اُمْلُوْد و اُمْلُوْدَةٌ و اُمْلُدَانِیَّةٌ یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ(ن)مَلْذًا الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا —— فُلَانًا : نیزہ مارنا —— الفَرَسُ : گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (—— مَلْذًا و مَلَاذَةً) الرَّجُلَ : محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ(س)مَلَذًا الظَّلَامُ : گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا —— الرَّجُلُ : خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الاَمْلَذ والمَلَذان والمَلَذَانِیّ و المَلَاذَانِیّ و المَلَّاذ و المِلْوَذ۔ خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا۔ پیچھے رہنا —— بِالشَّیْءِ : لے جانا۔
مَلَزَهُ مِنْهُ : چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیْءُ عَنِّیْ : جاتا رہنا۔
اَمْلَزَهُ و تَمَلَّزَهُ و اِمْتَلَزَهُ۔ نکال لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔ و تَمَلَّزَ مِنْهُ : چھٹکارا پانا۔
اِنْمَلَزَ و اِمَّلَزَ مِنْهُ : بچ کر نکل جانا و اِمَّلَزَ عَنْهُ پیچھے رہنا۔
المَلِزُ مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط پٹھوں والا۔
المِلَّاز۔ بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔
مَلَسَ(ن)مَلْسًا الشَّیْءَ : جڑ سے اکھیڑنا۔ —— الْاِبِلَ : زور سے ہانکنا —— الظَّلَامُ : گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا —— الرَّجُلَ بِلِسَانِهٖ : مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ (س) و مَلُسَ (ک) مُلُوْسَةً و مَلَاسَةً۔ نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت اَمْلَس۔
مَلَّسَ الشَّیْءَ : نرم و چمکدار کرنا —— الاَرْضَ : زمین کو ہموار کرنا —— هُ مِنَ الْاَمْرِ : چھڑانا۔
اَمْلَسَ الظَّلَامُ : گھٹاٹوپ اندھیرا ہونا۔
اَمْلَسَتِ الشَّاةُ : گرے ہوئے اون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ۔ چکنا ہونا —— مِنْ بَیْنِ القَوْمِ : خارج ہونا —— مِنَ الشَّرَابِ : نشہ سے ہوش میں آنا (—— و اِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ) مِنَ الْاَمْرِ : بچ نکلنا، رہائی پانا۔
اِمْتَلَسَ الشَّیْءَ : اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُهٗ : اس کی نگاہ جاتی رہی۔
اِمْلَاسَّ۔ چکنا ہونا —— مِنَ الْاَمْرِ : بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
الْمَلَس۔ ہموار جگہ۔ ج مُلُوس و اَمْلَاس۔ و جج اَمَالِیْس۔ مَلَسُ الظَّلَامِ : سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔
المَلَسٰی۔ بہت تیز رفتار اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے بَایَعَهُ الْمَلَسٰی اس نے اس سے بلا شرط بیع کی۔
الاَمْلَس۔ نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاء۔
المَلْسَاء : آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاء خشک سال۔ ج اَمَالِس و اَمَالِیْس۔ الاَلِفُ الْمَلْسَاءُ : الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔
المَلِیْس۔ نرم اور چکنا۔
المُلَیْسَاء۔ دوپہر۔ مغرب اور عشاء کا درمیان۔
الاِمْلِیْس و الاِمْلِیْسَة۔ خشک جنگل۔ ج اَمَالِیْس اور اَمَالِس شاذ ہے۔
المِلَاَّتَه و المِمْلَسَة۔ ہنگا۔ سراون۔ پٹیلا۔
مَلَشَ(ن)مَلْشًا الشَّیْءَ : ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
المَالُوْش عِنْدَ الْعَامَّةِ : ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِیْش۔
مَلِصَ(س) مَلَصًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِهٖ : چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَكَةُ مِنْ یَدِیْ" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی —— الرَّجُلُ : بھاگ نکلنا۔
مَلَصَ(ن) مَلْصًا بِسَلْحِهٖ : پاخانہ کرنا۔
اَمْلَصَتِ الْحَائِلُ : حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص۔ اَمْلَصَ الشَّیْءَ : پھسلانا۔
تَمَلَّصَ و اِنْمَلَصَ و اِمَّلَصَ مِنْهُ : بچ نکلنا۔ رہائی پانا —— الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ : پھسل جانا۔
المَلْص۔ ننگا۔
المَلَص۔ مص۔ پھسلن۔
المَلَص۔ مِنَ الْجِبَالِ و نَحْوِهَا : پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَكَةٌ مَلِصَةٌ : پھسلنے والی مچھلی۔
المَلِیْص۔ بمعنی مَلِص۔ اسقاط شدہ بچہ۔
الاَمْلَص۔ نرم و تر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاسِ : سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
المِمْلَاص۔ وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
المُمْلَص۔ ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ (ن) مَلْطًا الْحَائِطَ : مٹی سے لیپنا —— الشَّعْرَ : بال مونڈنا۔
مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الْحَامِلُ جَنِیْنَهَا : حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِیْشُ السَّهْمِ : تیر کے پر کا گر جانا —— الرَّجُلُ : محتاج ہونا۔
مَلَطَ(ن) و مَلُطَ(ک) مُلُوْطًا الْغُلَامُ : غیر معروف النسب ہونا۔
مَلِطَ (س) مَلَطًا و مُلْطَةً۔ بے بال کے جسم والا ہونا۔
مَلَّطَ الْحَائِطَ : دیوار کو مٹی سے لیپنا —— الشَّاعِرُ : ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
نَحَبَ (ف ض) نَحْبًا و نَحِیْبًا الرَّجُلُ : رونے میں آواز بلند کرنا (— نَحْبًا) بِکَذَا : شرط لگانا۔
نَحَبَ (ض) نَحْبًا و نُحَابًا الْبَعِیْرُ : کھانسنا۔
نَحَبَ (ن) نَحْبًا و نَحَّبَ الرَّجُلُ : نذر ماننا۔
نَحَبَ و نَحَّبَ الْقَوْمُ فِیْ سَیْرِھِمْ : جلدی سے چلنا۔ نَحَّبَ عَلَی الشَّیَٔ : مشغول ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔
نَاحَبَہٗ مُنَاحَبَۃً۔ مفاخرت کرنا — ہٗ عَلٰی کَذَا : شرط لگانا — ہٗ اِلٰی فُلَانٍ : فیصلہ کے لیے جانا۔
تَنَاحَبَ الْقَوْمُ : جنگ وغیرہ کیلئے وقت معین کرنا۔
اِنْتَحَبَ۔ بہت رونا۔ زور سے لمبے لمبے سانس لینا۔ پھوٹ کر رونا۔
النَّحْب۔ مص۔ سخت گریہ۔ کھانسی۔ سختی۔ موت۔ مدت۔ وقت۔ بڑا خطرہ۔ ہمت۔ نفس۔ نیند۔ موٹاپا۔ بڑے جسم کا اُونٹ۔ حاجت۔ دلیل۔ جوا۔ تیز چال۔ یا آہستہ چال۔ نذر۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی فُلَانٌ نَحْبَہٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کردی۔ یعنی مر گیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی۔
النُّحْبَۃ۔ قرعہ۔
المُنْتَحِب۔ فا۔ سَیْرٌ مُنْتَحِبٌ : تیز چال۔
نَحَتَ (ض ن) و نَحِتَ (س) نَحْتًا الْعُوْدَ : لکڑی چھیلنا — الحَجَرَ : پتھر کو ہموار کرنا — الخَشَبَۃَ : لکڑی چھیل کر ہموار کرنا — ہٗ : پچھاڑنا — السَّفَرُ الْبَعِیْرَ : دُبلا کرنا — الجَبَلَ : پہاڑ کھودنا — الْکَلِمَۃَ : دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنانا جیسے صَھْصَلَقَ۔ صہل و صلق سے بَسْمَلَۃٌ۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم سے۔ حَوْقَلَۃٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سے۔ فَذْلَکَۃٌ فَذٰلِکَ کَذَا و کَذَا سے نَحَتَہٗ بِالْعَصَا : لاٹھی مارنا — ہٗ بِلِسَانِہٖ : غیبت کرنا۔ ملامت کرنا۔ گالی دینا — عِرْضَہٗ : طعن کرنا۔ بے آبروئی کرنا — اَثْلَتَہٗ و فِیْ اَثْلَتِہٖ : مذمت کرنا۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فُلَانٌ عَلَی الْکَرَمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے۔
نَحَتَ (ف) نَحِیْتًا۔ پیچش ہونا۔
اِنْتَحَتَ مِنَ الْخَشَبَۃِ مَا یَجْعَلُہٗ فِی النَّارِ : آگ میں ڈالنے کیلئے کھپٹیاں کاٹنا و اِنْتَحَتَ الْخَشَبَۃُ : لکڑی کا کھپٹیاں ہونا۔
النَّحْت مص۔ (— و النُّحَات و النَّحِیْتَۃ) طبیعت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ النَّحِیْتَۃِ" وہ کریم الطبع ہے۔ النَّحِیْتَۃُ : پیچش۔
النُّحَاتَہ۔ تراشہ۔ چھیلن۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں۔
النَّحَّات۔ سنگ تراش۔ بہت چھیلنے والا۔
النَّحِیْت۔ مص۔ چھیلا ہوا۔ گریہ و زاری۔ پیچش۔ دُبلا اُونٹ۔ ردی چیز۔ کنگھی، قوم میں اجنبی — مِنَ الْحَوَافِرِ : کنارے گھسا ہوا کھر۔
المِنْحَت ج مَنَاحِت و المِنْحَات ج مَنَاحِیْت لکڑی تراشنے کا آلہ۔ بسولہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَھُمْ کِرَامُ الْمَنَابِتِ وَالْمَنَاحِتِ" وہ لوگ فیاض و اصل خاندان سے ہیں۔
نَحَرَ (ف) نَحْرًا و تَنْحَارًا۔ الْبَھِیْمَۃَ : سینہ پر مارنا۔ ذبح کرنا — فُلَانًا : مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَیْتِیْ بَیْتَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے و "نَحَرَ الْاُمُوْرَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا۔ الصَّلَاۃَ : اول وقت میں نماز پڑھنا — المُصَلِّی فِی

الصَّلَاةِ: سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔
نَاحَزَهُ مُنَاحَزَةً۔ جھگڑا کرنا۔
تَنَاحَرَ الْقَوْمُ عَلَى كَذَا: جھگڑا کرنا۔
تَنَاحَرَتِ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا — الْقَوْمُ عَنِ الطَّرِيقِ: راستہ سے تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا — عَلَى الطَّرِيقِ وَغَيْرِهِ: پے درپے آنا۔
اِنْتَحَرَ الرَّجُلُ: خودکشی کرنا — الْقَوْمُ عَلَى الْأَمْرِ: جھگڑا کرنا۔ اِنْتَحَرَ السَّحَابُ: بہت پانی لے کر اٹھنا — هُ بِالْعَصَا: مارنا۔
النَّحْرُ۔ مص۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج نُحُورٌ۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ فِي نَحْرِ فُلَانٍ" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا۔ "نَحْرُ النَّهَارِ اَوِ الشَّهْرِ" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ۔ يَوْمُ النَّحْرِ: ماہِ ذی الحجہ کا دسواں دن۔
النِّحْرُ۔ حاذق۔ ماہر۔ سمجھ دار۔ دانا بینا۔
النَّاحِرُ۔ فا۔ النَّاحِرَانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام۔
النَّاحِرَةُ۔ النَّاحِرُ کا مؤنث۔ مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَوَاحِرُ و نَاحِرَاتٌ۔ النَّاحِرَتَانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام۔
النَّحُورُ: ذبح کرنے والا۔
النِّحْرِيرُ۔ حاذق۔ سمجھ دار۔ عقلمند۔ ج نَحَارِيرُ۔
النَّحِيرُ۔ ذبح کیا ہوا۔ ج نَحْرَى و نُحَرَاءُ و نَحَائِرُ۔
النَّحِيرَةُ۔ نَحِيرٌ کا مؤنث۔ طبیعت — مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَحَائِرُ۔
الْمَنْحَرُ۔ حلق میں ذبح کرنے کی جگہ۔ مقام ذبح۔
الْمُنْتَحَرُ۔ کشادہ راستہ۔
الْمِنْحَارُ۔ کریم۔ فیاض۔ بہت ذبح کرنے والا۔ مہمان نواز۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَمِنْحَارٌ بَوَائِكَهَا" وہ موٹے اونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے۔
الْمَنْحُورُ۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج مَنَاحِيرُ۔
نَحَزَهُ (ف) نَحْزًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ چبھونا۔ ہاون میں کوٹنا — بِرِجْلِهِ: ٹھوکر مارنا — فِي صَدْرِهِ:
نُحِزَ و نَحُزَ (ک) و نَحِزَ (س) نَحْزًا و نَحَزًا البَعِيرُ: پھیپھڑے کی بیماری والا ہونا۔ صفت نَحِزٌ و نَاحِزٌ و نَحِيزٌ و مَنْحُوزٌ۔
نَحِزَ (س) نَحَزًا۔ الرَّجُلُ: کھانسنا۔
اَنْحَزَ الْقَوْمُ: پھیپھڑے کی بیماری والے اونٹوں کا مالک ہونا۔
النُّحَازُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں — و النِّحَازُ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ النِّحَازِ" وہ کریم الاصل ہے۔
النَّحِيزَةُ۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ النَّحِيزَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔ سخت راستہ۔ بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ۔ ج نَحَائِزُ۔
الْمِنْحَازُ۔ ہاون۔ اوکھلی۔
نَحَسَ (ف) نَحْسًا و نَحُسَ (ک) نَحَاسَةً و نُحُوسَةً طَالِعُ الْإِنْسَانِ: بدقسمت ہونا۔ منحوس ہونا۔ صفت نَحْسٌ و نَحِسٌ و مَنْحُوسٌ اور کہا جاتا ہے "يَوْمٌ نَحْسٌ و نَحِسٌ و نَاحِسٌ و نَحِيسٌ و اَيَّامٌ نَوَاحِسُ و نَحْسَاتٌ و نَحِسَاتٌ" نامبارک دن۔
نَحَسَهُ (ف) نَحْسًا ظلم کرنا۔
اَنْحَسَتِ النَّارُ: آگ کا زیادہ دھوئیں والی ہونا۔
نَحَّسَ الْاَخْبَارَ: تجسس کرنا۔ سن گن لینا۔
تَنَحَّسَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا — لِشُرْبِ الدَّوَاءِ: دوا پینے کے لیے بھوکا رہنا (و اِسْتَنْحَسَ) الْاَخْبَارَ وَ عَنْهَا: تجسس کرنا اور حقیقت دریافت کرنا۔
تَنَاحَسَ و اِنْتَحَسَ فُلَانٌ: اوندھا گرنا۔
عَامٌ نَاحِسٌ۔ خشک سال ج نَوَاحِسُ۔
النَّحْسُ۔ مص نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے يَوْمٌ نَحْسٌ و اَيَّامٌ نَحْسٌ: نامبارک دن ج نُحُوسٌ و اَنْحُسٌ۔ النحس: مشقت و تکلیف۔ ایسا معاملہ جس کا کوئی حل نظر نہ آئے۔ ٹھنڈی پچھوائی ہوا۔ اطرافِ آسمان میں غبار۔ النَّحْسَانِ: زحل اور مریخ السَّعْدَانِ: مشتری اور زہرہ۔
النُّحَسُ۔ مہینہ کی انیسویں، بیسویں، اکیسویں رات جن کو ظلم بھی کہتے ہیں۔
النُّحَاسُ۔ بتثلیث النون: تانبا۔ آگ۔ دھواں بغیر شعلہ کے۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ النُّحَاسِ" وہ فیاض طبیعت کا ہے۔ ہر چیز کا اصل۔ چنگاری جو لوہے وغیرہ کو کوٹتے وقت جھڑے۔
النَّحَّاسُ۔ ٹھٹھیرا۔ تانبے کا کام کرنے والا۔
الْمَنَاحِسُ۔ نامبارک و منحوس چیزیں۔ باعث نحوست امور۔
النِّحَاسَةُ۔ جلی ہوئی روئی۔
نَحَصَتْ (ف) نُحُوصًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت موٹا ہونا۔ یا موٹاپے کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا۔ صفت نَحُوصٌ و نَحِيصٌ۔ ج نُحُصٌ و نَحَائِصُ۔
النُّحْصُ۔ دامن کوہ۔ الْمِنْحَاصُ: دبلی پتلی لمبی عورت۔
نَحَضَ (ف ض) نَحْضًا اللَّحْمَ: گوشت اتارنا — فُلَانًا: اصرار سے سوال کرنا — الْعَظْمَ: ہڈی سے سب گوشت اتار لینا — السِّنَانَ: بھالا تیز کرنا — هُ الدَّهْرُ: نقصان پہنچانا۔
نَحُضَ (ف) نُحُوضًا و نُحِضَ و اُنْتُحِضَ دبلا ہونا۔ کم گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِيضٌ و مَنْحُوضٌ۔
نَحُضَ (ک) نحاضةً۔ موٹا ہونا۔ زیادہ گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِيضٌ و مَنْحُوضٌ۔
اِنْتَحَضَ الشَّيْءَ: بمعنی نَحَضَ الشَّيْءَ۔
النَّحْضُ۔ مص۔ موٹا گوشت۔ ج نِحَاضٌ و نُحُوضٌ۔
النَّحْضَةُ۔ گوشت یا موٹے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔
نَحَطَ (ض) نَحْطًا و نَحِيطًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا تھکن سے ہنہنانا (— نَحِيطًا) لمبے لمبے سانس لینا (— نَحْطًا) السَّائِلَ: مانگنے والے کو سوال کے وقت جھڑک دینا۔
النَّاحِطُ۔ فا۔ سخت کھانسی والا۔

النَّحْط و النُّحَاط و النَّحِيْط- سینے میں رونے کی دبی ہوئی آواز-

النَّحْطَة- اسم مرۃ- اونٹ اور گھوڑوں کی ایک بیماری جو سینے میں ہوتی ہے اور جس سے بہت کم بچتے ہیں-

المُنْحَطَة و المَنْحُوْطَة- سینہ کی بیماری والا اونٹ یا گھوڑا-

النَّحَّاط- متکبر- مغرور-

نَحِفَ (س) و نَحُفَ (ک) نَحَافَةً لاغر ہونا یا خِلْقَةً دُبلا ہونا- صفت نَحِيْفٌ ج نَحِفُوْن وَ نَحِيْفٌ ج نُحَفَاء و نِحَاف- و مَنْحُوْف-

اَنْحَفَهُ- لاغر کرنا- دُبلا کرنا-

نَحَلَ (ف ن) و نَحِلَ (س) و نَحُلَ (ک) و نُحُوْلاً- بیماری یا تھکن سے دُبلا ہونا-

نَحَلَ (ف) نَحْلاً الرَّجُلَ: دینا ـــــ المَرْأَةَ: مہر دینا- اسم النِّحْلَة (ـــــ نَحْلاً) القَوْلَ: غلط بات منسوب کرنا ـــــ زَيْدًا: گالی دینا ـــــ هُ المَرَضُ: لاغر کرنا-

نُحِلَ الشَّاعِرُ قَصِيْدَةً: دوسرے کا قصیدہ منسوب کیا جانا-

اَنْحَلَ و نَحَّلَ فُلَانًا مَاءً: دینا ـــــ هُ مَالاً: دینے کے لیے خاص کرنا- اَنْحَلَهُ الهَمُّ او المَرَضُ: غم یا بیماری کا کسی کو لاغر کرنا-

اِنْتَحَلَ و تَنَحَّلَ مَذْهَبَ كَذَا او قَبِيْلَةَ كَذَا: منسوب ہونا- اِنْتَحَلَ و تَنَحَّلَ الشِّعْرَ او القَوْلَ: دوسرے کے شعر یا قول کو اپنی طرف منسوب کرنا-

النَّحْل- شہد کی مکھیاں- واحد نَحْلَة- النَّحْل: لاغر و دبلا- عطیہ- بخشش- نیا چاند- کہا جاتا ہے "اَهِلَّةٌ نُحْلٌ"

اَلنُّحْل و النُّحْلٰی و النُّحْلَان- عطیہ- ہبہ-

النِّحْلَة و النُّحْلَة- عطیہ- ہبہ- عورت کو مہر دینا- دعویٰ- مذہب- دین- ج نِحَل- و نُحَل- کہا جاتا ہے "مَا نِحْلَتُكَ" یعنی تمہارا دین کیا ہے-

النُّحْل- النُّحْلَة- لاغری-

النَّاحِل- فا- باریک- کہا جاتا ہے "سَيْفٌ نَاحِلٌ" یعنی باریک تلوار- "وَجَمَلٌ نَاحِلٌ" یعنی لاغر اونٹ- ج نُحُوْل (جیسے شاہد و مشہود)

النَّاحِلَة- النَّاحِل کا مؤنث- ج نَوَاحِل-

النَّوَاحِل: وہ تلواریں جن کی دھاریں کثرتِ استعمال سے پتلی ہوگئی ہوں-

النَّحِيْل- دبلا- ج نَحْلٰی-

نَحَمَ (ض) نَحْمًا و نَحِيْمًا و نَحَمَانًا الرَّجُلُ: کھنکھارنا-

الاَسَدُ: شیر کا گونجنا-

اِنْتَحَمَ عَلٰی كَذَا و كَذَا: پختہ ارادہ کرنا-

النُّحَام- سرخ رنگ اور لمبی گردن اور ٹیڑھی چونچ والی مرغابی- واحد نُحَامَة-

النَّحْمَة- کھانسی-

النَّحِيْم- پیٹ کی گڑگڑاہٹ-

رَجُلٌ نَحِمٌ- پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد-

النَّحَّام- بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا- شیر- بخیل-

نَحْنُ- ہم- جمع متکلم کی ضمیر-

نَحْنَحَ و تَنَحْنَحَ الرَّجُلُ: گلا صاف کرنا- کھنکھارنا- سینے سے آواز نکالنا- نَحْنَحَ فُلَانًا: بری طرح سے ہٹانا- کہا جاتا ہے "مَا اَنَا بِمُنْحَنِحِ النَّفْسِ عَنْ كَذَا" میرا جی اس سے خوش نہیں-

النَّحَانِحَة- بخیل و کمینے-

نَحَا يَنْحُو نَحْوًا الشَّیْءَ: قصد کرنا- نَحَا نَحْوَ فُلَانٍ پیروی کرنا- نَحَا بَصَرَهُ اِلَيْهِ: کسی کی طرف نگاہ پھیرنا ـــــ الرَّجُلُ: اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا ـــــ فُلَانًا عَنْهُ: پھیرنا- ہٹانا ـــــ الشَّیْءَ: جھکانا-

نَحّٰی تَنْحِيَةً الرَّجُلَ عَنْ مَوْضِعِهِ: ہٹانا- معزول کرنا- علیحدہ کرنا-

نَاحَاهُ مُنَاحَاةً- باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا-

اَنْحٰی اِنْحَاءً- اعتماد کرنا- کسی جانب جھکنا ـــــ عَلٰی فُلَانٍ ضَرْبًا: متوجہ ہونا ـــــ بَصَرَهُ عَنْهُ: نگاہ پھیر لینا ـــــ عَلَيْهِ: اعتماد کرنا-

اِنْتَحٰی اِنْتِحَاءً الشَّیْءَ او الرَّجُلَ: قصد کرنا ـــــ لَهُ: اعتماد کرنا اور جھکنا ـــــ البَعِيْرُ عَلٰی شِقِّهِ الاَيْسَرِ: اونٹ کا بائیں جانب جھکنا-

تَنَحّٰی عَنْ مَوْضِعِهِ: جدا ہونا ـــــ لِلشَّیْءِ: اعتماد کرنا ـــــ الرَّجُلُ: کلام میں اعراب استعمال کرنا-

النَّحْو- جانب- جہت- راستہ- مثل- مقدار- قصد و ارادہ- اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج اَنْحَاء- و عِلْمُ النَّحْوِ: وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب و بناو ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو اس وجہ سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے- ج اَنْحَاء و نُحُوٌّ اور تصغیر نُحَيَّةٌ جیسے دَلْوٌ و دُلَيَّةٌ-

النَّحْوِیُّ- علم نحو کا جاننے والا- ج نَحْوِيُّوْنَ-

النَّاحِی- فا- نحو کا جاننے والا- ج نُحَاة-

النَّاحِيَة- جانب و جہت- ج نَاحِيَات و نَوَاحٍ و اَنْحِيَة-

نَحٰی يَنْحٰی و يَنْحِیْ نَحْيًا- اللَّبَنَ: دودھ بلونا- متھنا- مسکہ نکالنا ـــــ الشَّیْءَ: زائل کرنا ـــــ بَصَرَهُ اِلَيْهِ: نگاہ پھیرنا-

نَحَاهُ يَنْحِيْهِ نَحْيًا- ایک گوشہ میں کرنا-

اَنْحٰی لَهُ السِّلَاحَ: ہتھیار سے مارنا ـــــ عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا- کہا جاتا ہے اَنْحٰی عَلَيْهِ بِاللَّوَائِمِ وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا-

نَحَّاهُ تَنْحِيَةً- زائل کرنا- جھکانا-

تَنَحّٰی تَنَحِّيًا- زائل ہونا- جھکنا-

اِنْتَحٰی فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا ـــــ فِی الشَّیْءِ: اعتماد کرنا-

النَّحْیُ و النِّحْیُ و النِّحِیُّ- گھی کی مشک- دودھ بلونے کا برتن- چوڑے پھل کا تیر- ج اَنْحَاء و نِحَاء و نُحِیٌّ-

النَّحِيَّة- ارادہ- نشانہ- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَحِيَّةُ الشَّدَائِدِ" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے-

المَنْحَاة- پانی بہنے کی پیچ دار جگہ- پانی لانے والے اونٹ کا راستہ- ج مَنَاحٍ- اَهْلُ المَنْحَاةِ: بیگانے لوگ-

نَخَّ (ن) نَخًّا- تیز چلنا ـــــ الاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ـــــ الاِبِلَ و بالاِبِلِ: اونٹ بٹھانے کے لیے اِخْ اِخْ یا نِخْ نِخْ کہنا-

النَّخُّ- مع- لمبا فرش- ج اَنْخَاخ-

النَّخَّة- اسم مرۃ- ہلکی بارش- کام کرنے والے

بیل- باندی غلام- خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو-

النَّخَّة- کام کرنے والے بیل-

النُّخُّ و النُّخَاخَة- گودا- مغز-

نَخَبَ (ن) نَخْبًا الشَّیَٔ: کھینچنا- عمدہ حصہ لینا- نَخَبَتِ النَّمْلَةُ: چیونٹی کا کاٹنا —— الصَّقْرُ الصَّیْدَ: باز کا شکار کے دل کو نکال لینا-

نَخِبَ (س) نَخَبًا- بزدل ہونا- صفت نَخِبٌ و نَخْبٌ و نُخَبٌ و نَخِیْبٌ و اَنْخَبُ-

اَنْخَبَ الرَّجُلُ: بزدل بچہ پیدا کرنا- بہادر بچہ پیدا کرنا-

اِنْتَخَبَ الشَّیَٔ: کھینچ کر نکالنا- چننا-

اَلنَّخْبُ- مص- بزدلی- دل کی کمزوری- بزدل- جام صحت- اور عوام کہتے ہیں "شَرِبَ سِرَّهُ او عَلٰی صِحَّتِهٖ" (—— و النَّخْبَة) دُبر-

النَّخِبَةُ: بزدل-

النُّخْبَة و النُّخَبَة- چنا ہوا- ج نُخَب-

النُّخْبَةُ- منتخب لوگ- دوست کے جام صحت کا پینا- پلانا- ج نُخَبَات- النُّخَبَات: بزدل لوگ-

النَّخِیْب ج نُخُب و المَنْخُوْب و المِنْخُوْب بزدل- بے دل- المَنْخُوْب: دُبلا کم گوشت والا و المِنْخُوْب: لمبا-

النِّخَاب- دل کی جھلی-

المَنْخَبَة- حلقۂ دبر-

المِنْخَاب- کمزور- ناکارہ- ج مَنَاخِیْب-

نَخَتَ (ن) نَخْتًا الطَّائِرُ الشَّیَٔ: پرندہ کا چونچ مارنا —— القَوْلَ: انتہا تک پہنچانا —— الشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا-

نَخَجَ (ض) نَخْجًا السَّیْلُ فِیْ سَنَدِ الْوَادِیْ: سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا الدَّلْوَ و بِالدَّلْوِ فِی الْبِئْرِ: ڈول کو بھر جانے کیلئے کنوئیں میں ہلانا —— الجَارِیَةَ: جماع کرنا-

اِسْتَنْخَجَ الرَّجُلُ: سختی کے بعد نرم ہونا-

النَّخِیْخَة- باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے-

تَنَخَّذَ- ناخدا ہونا- جہاز کا کپتان ہونا-

نَاخُذَاةٌ- جہاز کا کپتان- ج نَوَاخِذَة-

نَخَرَ (ض ن) نَخْرًا و نَخِیْرًا الْاِنْسَانُ او الدَّابَّةُ خراٹے لینا-

نَخَرَ (ف) نَخْرًا الحَالِبُ النَّاقَةَ: دوہنے کے لیے نتھنوں میں انگلی ڈال کر کھجلانا-

نَخِرَ (س) نَخَرًا العُوْدُ او العَظْمُ و نَخُوْرًا: لکڑی یا ہڈی کا بوسیدہ ہونا- ریزہ ریزہ ہونا- صفت نَاخِرَةٌ و نَخِرٌ-

نَخَّرَهُ- بوسیدہ کرنا- گفتگو کرنا-

النُّخْرَة مِنَ الرِّیْحِ: ہوا کا تیز بہاؤ (—— و النُّخْرَةُ) ناک کا اگلا حصہ- ج نُخَر-

النَّاخِر- فا- بوسیدہ- ریزہ ریزہ- حملہ کرنے والا سور- گدھا- اور بقول بعض گھوڑا- ج نُخُر- کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَاخِرٌ" گھر میں کوئی نہیں-

النَّاخِرَة- النَّاخِر کا مؤنث- بوسیدہ ہڈیاں- گھوڑے یا گدھے-

النَّخَّار- بہت خراٹے لینے والا-

النِّخْوَار- بزدل- کمزور- شریف- مغرور ج نَخَاوِرَةٌ-

المَنْخَر و المِنْخَر و المَنْخِر و المِنْخِر و المُنْخُر و المُنْخُوْر- ناک- نتھنا ج مَنَاخِر و مَنَاخِیْر-

النَّخُوْر- اونٹنی کہ جب تک نتھنوں میں انگلی ڈال کر نہ کھجلائیں دودھ نہ دے-

النَّخْوَرِیُّ- چوڑے منہ والا- بڑے پیٹ والا-

اِمْرَأَةٌ مِنْخَار- وہ عورت جو جماع کے وقت بہت خراٹے لے گویا دیوانی ہے-

نَخْرَبَ الشَّجَرَةَ: درخت میں سوراخ کرنا-

النُّخْرُوْب- سوراخ- پتھر کا شگاف- ج نَخَارِیْب- نَخَارِیْبُ النَّحْلِ: شہد کے چھتے کے خانے-

نَخَزَهُ (ف) نَخْزًا- بِالْحَدِیْدَةِ: مارنا —— هٗ بِکَلِمَةٍ: تکلیف پہنچانا-

نَخَسَ (ف ن) نَخْسًا الدَّابَّةَ: جانور کے پہلو یا پچھلے حصہ پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا —— بِفُلَانٍ: بھڑکانا- برانگیختہ کرنا —— البَکْرَةَ: چرخی میں پچڑ لگانا-

نُخِسَ لَحْمُهٗ: کم ہونا —— البَعِیْرُ: اونٹ کی دم کے قریب خارش ہونا- صفت مَنْخُوْس-

تَنَاخَسَتِ الغَنَمُ: بھیڑ بکری کا سردی کی وجہ سے ایک دوسرے سے گرمی حاصل کرنا- الغُدْرَانُ: تالابوں کا ایک دوسرے میں پانی پہنچانا-

النَّاخِس- فا- اونٹ کی دم کے قریب خارش (—— و النَّخُوْس) جوان پہاڑی بکرا-

النَّخِیْس- چرخی کہ اس کا سوراخ چوڑا ہو گیا ہو تو پچڑ لگا کر تنگ کر دیا جائے-

النَّخِیْسَة- بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ- مکھن-

النِّخَاس- چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کا پچڑ- نِخَاسَا الْبَیْتِ: گھر یا خیمہ کے ستون-

النِّخَاسَة- بمعنی نِخَاس (—— و النَّخَاسَة) غلاموں یا جانوروں کی بیع-

النَّخَّاس- بہت چبھونے والا- غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنے والا-

المِنْخَس- آنکس- مہمیز- ج مَنَاخِس- کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ نَخْسَةٍ" وہ حرامی بچہ ہے-

نَخَشَهٗ (ن) نَخْشًا- برانگیختہ کرنا- تکلیف دینا —— الشَّیَٔ: حرکت دینا —— الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا —— العُوْدَ: لکڑی چھیلنا-

نَخُشَ (ف) نَخَشًا و نُخْشًا- دبلا ہونا-

نَخِشَ (س) نَخَشًا الشَّیُٔ: کسی چیز کا نچلا حصہ بوسیدہ ہونا-

النَّخْشُ اِلٰی کَذَا: حرکت کرنا-

تَنَخَّشَ- مص- مال کا ایک ٹکڑا-

نَخَصَ (ف ن) نَخْصًا الرَّجُلُ: لاغر ہونا- جھریوں والا ہونا-

نَخَصَهٗ و اَنْخَصَهُ الْکِبَرُ او الْمَرَضُ: لاغر کرنا- جھریوں والا ہونا-

نَخِصَ (س) نَخَصًا و اِنْتَخَصَ لَحْمُهٗ: کم گوشت ہونا-

عَجُوْزٌ نَاخِصٌ- جھریوں والی بڑھیا-

نَخَطَ (ن) نَخْطًا اِلَیْهِمْ: اچانک آنا-

الْمُخَاطَ مِنْ اَنْفِهٖ: ناک سے رینٹ صاف کرنا-

نَخَطَ (ن) نَخِیْطًا لِفُلَانٍ: گالی دینا- عیب ظاہر کرنا —— عَلَیْهِ: تکبر کرنا-

اِنْتَخَطَه- مشابہ ہونا- اِنْتَخَطَ الْمُخَاطَ مِنْ

اَنْفِهٖ :ناک صاف کرنا۔

النَّخط و النُّخط۔ لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ النَّخطِ ھُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔

النُّخط :حرام مغز۔ بچہ دانی کی جھلی کا پانی۔

النُّخط۔ بہادری کی وجہ سے نیزہ سے کھیلنے والے لوگ۔

نَخَعَ (ف) نَخْعًا الذَّبِیْحَۃَ :ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا ـــــ الْاَمْرَ عِلْمًا : اچھی طرح سے آگاہ ہونا ـــــ ہٗ الطَّاعَۃَ او النَّصِیْحَۃَ : فرمانبرداری یا نصیحت یا خالص طریقے سے کرنا ـــــ الرَّجُلُ :سینے یا ناک سے کسی چیز کو گرانا (ـــــ نُخُوْعًا) لَہٗ بِحَقِّہٖ :اقرار کرنا۔

نَخِعَ (س) نَخْعًا العُوْدُ او النَّبَاتُ : لکڑی یا نباتات سے پانی نکلنا ـــــ فُلَانٌ بِحَقِّیْ :اقرار کرنا۔

تَنَخَّعَ الرَّجُلُ : کھنکھارنا (ـــــ اِنْتَخَعَ) السَّحَابُ : سارا پانی برسا دینا۔ وانْتَخَعَ الرَّجُلُ عَنْ اَرْضِہٖ :دور ہونا۔

النَّخاع۔ بتثلیث النون : حرام مغز۔ ج نُخُعٌ۔

النُّخاعَۃ۔ کھنکھار۔ بلغم۔

النُّخُوْع۔ مص۔ حق کا اقرار۔

الْاَنْخع۔ اسم تفضیل۔ بمعنی اول و اقرب۔ بہت زیادہ ہلاک کرنے والا۔

المَنْخَع۔ گردن اور سر کا اندرونی جوڑ۔ حرام مغز کٹنے کی جگہ۔

نَخَفَ (ف ن) نَخْفًا و نَخِیْفًا۔ چھینکتے ہوئے آواز نکالنا (اور یہ بکری کے لیے خاص ہے)

اَنْخَفَ۔ چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا۔

النَّخفَۃ۔ پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین۔

النِّخاف۔ چرمی موزہ۔ ج اَنْخِفَۃ۔

نَخَلَ (ن) نَخْلًا الدَّقِیْقَ : آٹا چھاننا۔ بھوسی دور کرنا ـــــ الشَّیْئَ : چننا۔ صاف کرنا۔ النَّصِیْحَۃَ اَوِ الْوُدَّ لِفُلَانٍ : سچی خیرخواہی یا خالص دوستی کرنا۔ (ـــــ و نَخَّلَ) السَّحَابُ الثَّلْجَ : بادل کا ٹھہر برسانا۔ برف گرانا۔

تَنَخَّلَ و اِنْتَخَلَ الشَّیْئَ :چننا۔ عمدہ لینا۔

النَّخْل و النَّخِیْل۔ کھجور کا درخت۔ واحد نَخْلَۃٌ و نَخِیْلَۃٌ۔

النُّخالَۃ۔ بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے۔ غلہ جو چھانا جائے۔

النَّخِیْلَۃ۔ طبیعت۔ خالص خیر خواہی۔ ج نَخائل۔ کہا جاتا ہے "لَا یَقْبَلُ اللّٰہُ اِلَّا نَخَائِلَ الْقُلُوْبِ" اللہ تعالیٰ صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں۔

النَّاخِل۔ فا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ نَاخِلُ الصَّدْرِ" وہ خیر خواہ ہے و "نَصِیْحَۃٌ نَاخِلَۃٌ" سچی خیر خواہی۔

النَّخَّال۔ بہت کھجور کے درختوں والا۔ آٹا چھاننے والا۔

المُنْخُل و المُنْخَل۔ چھلنی۔ ج مَنَاخِل۔

نَخَمَ (ن) نَخْمًا۔ کھیلنا۔ عمدہ گانا۔ صفت نَاخِم۔

نَخِمَ (س) نَخَمًا و نَخْمًا و تَنَخَّمَ۔ کھنکھارنا۔ ناک صاف کرنا۔

نَخِمَ (س) نَخَمًا الرَّجُلُ : تھکنا۔

النُّخَامَۃ۔ کھنکار۔ رینٹ۔ بلغم۔

النَّخْمَۃ۔ اسم مرۃ۔ کھنکھار۔ رینٹ۔ خوبصورتی و زیبائی۔ بہادری۔ طمانچہ۔

نَخْنَخَ الْبَعِیْرَ : اونٹ کو بٹھانا ـــــ نَخْنَخَ فُلَانًا : ڈانٹنا۔ ہٹانا۔ نَخْنَخَ الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ نَخْنَخَ بِالْاِبِلِ اِخْ اِخْ کہہ کر ڈانٹنا تاکہ بیٹھ جائے۔

تَنَخْنَخَ الْبَعِیْرُ :اونٹ کا بیٹھنا۔

نَخَا یَنْخُوْ نَخْوَۃً الرَّجُلُ : تعریف کرنا۔

نُخِیَ نَخْوَۃً الرَّجُلُ :فخر کرنا۔ بڑا بننا۔

اَنْخٰی اِنْخَاءً۔ کبر و غرور زیادہ ہونا۔

اِنْتَخٰی اِنْتِخَاءً عَلَیْنَا :بڑا بننا۔ تکبر کرنا ـــــ مِنْ کَذَا :تنگ جانا۔

النَّخْوَۃ۔ مص۔ دلیری۔ مروت۔ بڑائی۔ کبر و غرور۔ فخر۔

نَدَّ (ض) نَدًّا و نَدِیْدًا و نُدُوْدًا و نِدَادًا الْبَعِیْرُ : اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا۔ کہا جاتا ہے نَدَّتِ الْکَلِمَۃُ :شاذ ہونا۔ کم مستعمل ہونا۔

نَدَّدَ الْاِبِلَ : اونٹوں کو متفرق کرنا ـــــ بِالشَّیْئِ :بدنام کرنا ـــــ بِفُلَانٍ :عیوب ظاہر کرنا۔ قبیح بات سنانا ـــــ صَوْتَہٗ :آواز بلند کرنا۔

اَنَدَّ الْاِبِلَ :اونٹوں کو متفرق کرنا۔

نَادَّہٗ مُنَادَّۃً۔ مخالفت کرنا۔

تَنَادَّ الْقَوْمُ :باہم مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے سے بدکنا۔ متفرق ہونا۔ تَنَادَّتِ الْاِبِلُ :اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا۔

النَّادُّ۔ فا۔ اور کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَھُمْ نَادٌّ" ان کیلئے رزق نہیں۔ ج نُدَّاد۔

النَّدِ۔ ٹیلہ۔ بلند پشتہ۔

النِّدِ۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ نِدٌّ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ ج اَنْدَادٌ۔

النَّدِیْد۔ مثل و نظیر۔ ج نُدَدَاءُ۔ مؤنث نَدِیْدَۃٌ۔ ج نَدَائِدُ۔ کہا جاتا ہے مَالَہٗ نَدِیْدٌ اس کی کوئی نظیر نہیں۔

التَّنَادُّ۔ مص "یَوْمُ التَّنَادِّ و یَوْمُ التَّنَادِ" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبُوْا اَنَادِیْدَ و تَنَادِیْدَ" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہوگئے۔

نَدَأَہٗ (ف) نَدْأً۔ خوف دلانا۔ نَدَأَ اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں دبانا ـــــ المَلَّۃَ :بھوبھل بنانا ـــــ عَلَیْھِمْ :ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔

النَّدِیْئُ۔ آگ میں دبایا ہوا گوشت۔

النَّدِیُٔ و النَّدْأَۃُ و النُّدْأَۃُ۔ آفتاب کے طلوع و غروب کے وقت بادلوں کی سرخی۔ قوس قزح۔

النَّدْأَۃ و النُّدْأَۃ : آفتاب کا دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات۔

النُّدْأَۃُ و النَّدْأَۃ۔ متفرق گھاس کا ایک حصہ۔ ج نُدَاءٌ۔

نَدَبَ (ن) نَدْبًا الْمَیِّتَ : میت پر رونا۔ میت کی خوبیاں شمار کرنا ـــــ فُلَانًا اِلَی الْاَمْرِ او لِلْاَمْرِ : بلانا۔ برانگیختہ کرنا ـــــ ہٗ اِلَی الْحَرْبِ :لڑائی کی جانب متوجہ کرنا۔ صفت فاعلی نَادِبٌ۔ صفت مفعولی مَنْدُوْب اور امر کو مَنْدُوْبٌ اِلَیْہِ کہتے ہیں اور اسم النُّدْبَۃ۔

نَدِبَ (س) نَدَبًا و نُدُوْبًا و نُدُوْبَۃً الظَّھْرُ :پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا۔ صفت ندیب (ـــــ نَدَبًا و اَنْدَبَ) الْجُرْحُ :نشان زخم سخت ہونا۔ اَنْدَبَ فُلَانٌ نَفْسَہٗ و بِنَفْسِہٖ : خطرے میں ڈالنا۔ اَنْدَبَ الْجُرْحُ فُلَانًا : نشان ڈالنا ـــــ

بِظَهْرِهٖ وفِي ظَهْرِهٖ: نشان چھوڑنا۔
نَدُبَ (ک) نَدَابَةً الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔ ہوشیار و چست ہونا۔
اِنْتَدَبَ لِفُلَانٍ: تردید کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْتَدَبَ لَهٗ فُلَانٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔ اِنْتَدَبَهٗ لِاَمْرٍ: بلاوے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "خُذْ مَا انْتَدَبَ" یعنی لو جو آسان ہو۔
النَّدْبُ۔ مص۔ فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔ شریف دانا۔ مرد کم حاجت۔ ج نُدُوْب و نُدَبَاء۔ فَرَسٌ نَدْبٌ: تیز گھوڑا۔
النَّدَبُ۔ مص۔ نشان زخم۔ ج نُدُوْب۔ گھوڑ دوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو لے لے۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْنَا نَدَبًا" یعنی تیز تیز پھینکنے والی کمان چلائی۔ ج اَنْدَاب۔
النَّدْبَةُ۔ اسم مرۃ۔ مؤنث النَّدْب (—— و النَّدَبَةُ) نشان زخم جو جسم پر باقی رہ جائے۔ ج نَدْبٌ جج نُدُوْب و اَنْدَاب۔
النُّدْبَةُ۔ میت کے محاسن و فضائل بیان کرنا اور کہا جاتا ہے کہ "عَرَبِيٌّ نُدْبَةٌ" یعنی فصیح عربی
المَنْدَبُ۔ میت پر رونا۔ ج مَنَادِب۔
المِنْدَبِيّ: مرد کم حاجت۔
نَدَحَ (ف) نَدْحًا الشَّيْءَ: کشادہ کرنا۔
نَادَحَهٗ: کسی سے کسی چیز کے زیادہ ہونے میں مقابلہ کرنا۔
تَنَدَّحَ و اِنْتَدَحَتِ الْغَنَمُ فِي مَرَابِضِهَا او مَسَارِحِهَا: بکریوں کا بیٹھنے کی جگہ یا چراگاہ میں منتشر ہونا۔ متفرق ہونا۔ و تَنَدَّحَتْ پری شکم سے پھولنا۔
النَّدْحُ و النُّدْحُ۔ کشادگی۔ کثرت۔ پہاڑ کا کنارہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَنْدَاح۔
النَّدْحُ و النُّدْحُ و النَّدْحَةُ و النُّدْحَةُ۔ کشادہ زمین۔
البِدْحُ۔ بوجھ۔ چیز جس کو تم دور سے دیکھو۔
المَنْدُوْحَةُ و المُنْتَدَحُ۔ کشادگی۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْدُوْحَةٌ او مُنْتَدَحٌ" تم کو اس کام میں آزادی ہے اور تم کو اس کا چھوڑنا ممکن ہے "وَلَكَ مُنْتَدَحٌ فِي الْبِلَادِ" تمہارے لیے ملکوں میں گنجائش ہے —— اَرْضٌ مَنْدُوْحَةٌ: دور دور کی کشادہ زمین۔
المَنَادِحُ۔ دور کی کشادہ زمین۔
نَدَخَهٗ (ف) نَدْخًا۔ ٹکرا دینا۔ سمندر کا مسافر کہتا ہے "اَنْدَخْنَا الْمَرْكَبَ سَاحِلَ كَذَا" ہم نے جہاز کو فلاں ساحل سے ٹکرا دیا۔
تَنَدَّخَ الرَّجُلُ: بڑ ہانکنا۔
الْاَنْدَخُ۔ بیوقوف غبی کم بولنے والا۔
المِنْدَخُ۔ بری بات کہنے اور سننے میں لاپرواہ۔
نَدَرَ (ن) نَدْرًا و نُدُوْرًا۔ الشَّيْءُ: نادر ہونا۔ کسی چیز میں سے گر کر نمایاں ہونا —— مِنْ مَوْضِعِهٖ: زائل ہونا —— فُلَانٌ مِنْ قَوْمِهٖ: نکل جانا —— الشَّجَرَةُ: پتیاں نکلنا یا سبز ہونا —— الشَّيْءَ: تجربہ کرنا —— النَّبَاتُ: پتوں والی ہونا —— الرَّجُلُ: مرنا —— الرَّجُلُ فِي فَضْلٍ او عِلْمٍ: فضیلت یا علم میں بڑھ جانا۔
نَدُرَ (ک) نَدَارَةً الكَلَامُ: فصیح ہونا۔ عمدہ ہونا۔ عجیب و غریب ہونا۔
اَنْدَرَ۔ نادر قول یا فعل کرنا —— الشَّيْءَ: گرانا —— العَظْمَ: جگہ سے ہٹانا۔
تَنَادَرَ عَلَيْنَا: نوادر بیان کرنا۔ و تَنَادَرُوا الشَّيْءَ: گرانا۔
اِسْتَنْدَرَهٗ۔ نادر سمجھنا —— القَوْمُ اَثَرَهٗ: پیچھے جانا۔
النَّدْرُ۔ نادر۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَدْرٌ" نادر چیز یہ وصف بالمصدر ہے۔
النَّدْرَةُ۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے (—— و النُّدْرَةُ) کمی۔ کمیابی۔ کہا جاتا ہے "لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اِلَّا نَدْرَةً وفِي النَّدْرَةِ" یعنی یہ بہت کم ہے۔
النَّادِرُ۔ فا —— مِنَ الكَلِمِ: کمیاب۔ شاذ و مخالف قیاس —— مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔
النَّادِرَةُ۔ النَّادِرُ کا مؤنث۔ ج نَوَادِر۔ نَوَادِرُ الكَلَامِ: عجیب کلام۔ شاذ۔ فصیح و عمدہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَادِرَةُ الزَّمَانِ" وہ یکتائے زمانہ ہے۔
النَّدَرَى۔ نادر کمیاب اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ نَدَرَى وَفِي نَدَرَى و النَّدَرَى و فِي النَّدَرَى" یعنی میں نے اس سے گاہے ماہے ملاقات کی۔
الْاَنْدَرُ۔ گیہوں کا کھلیان۔ کھلیان۔ ج اَنَادِر۔
الْاَنْدَرِيُّ۔ موٹی رسی۔
نَدَسَهٗ (ن) نَدْسًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ —— هٗ بِكَلِمَةٍ: کسی کے متعلق کوئی کلمہ کہہ دینا۔ نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا —— هٗ عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹانا —— عَلَيْهِ الظَّنَّ: بدگمانی کرنا —— الْاَرْضَ بِرِجْلِهٖ: زمین پر پاؤں پٹکنا۔
نَدِسَ (س) نَدَسًا الغُلَامُ: سمجھدار و زیرک ہونا۔ صفت نَدُسٌ و نَدِسٌ و نَدْسٌ۔
نَادَسَهٗ۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
تَنَدَّسَ۔ گر پڑنا۔ پچھڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ فَتَنَدَّسَ" اس نے اس کو زمین پر پٹک دیا اور وہ گر گیا —— مَاءُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے پانی کا بہنا —— الرَّجُلُ الْاَخْبَارَ و عَنِ الْاَخْبَارِ: خبروں کی جستجو کرنا تاکہ دوسروں سے مخفی خبر معلوم ہو جائے۔
تَنَادَسَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔
النَّدُسُ۔ مص۔ پست آواز۔ پست آواز کو تیز سننے والا۔ سمجھ دار۔
النَّدَسُ۔ سمجھ و زیرکی۔
رِمَاحٌ نَوَادِسُ۔ لگنے والے نیزے۔ زخم کرنے والے نیزے۔
المِنْدَاسُ مِنَ النِّسَاءِ: ہلکی پھلکی سمجھ دار عورت۔
المَنْدُوْسَةُ۔ گبریلا۔
نَدَشَ (ض) نَدْشًا و نَدَشًا عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا —— القُطْنَ: روئی دھنتا۔
نَدَصَ (ن) نَدْصًا و نُدُوْصًا الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: نکل جانا —— الرَّجُلُ: جلدی سے نکلنا —— عَلَى القَوْمِ: مکروہ چیز کے ساتھ ظاہر ہونا —— القَوْمَ: لوگوں کے ساتھ شرارت کرنا (—— نُدُوْصًا) عَيْنُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی مانند آنکھیں باہر کو نکل پڑنا۔
نَدِصَتْ (س) نَدَصًا البَثْرَةُ: پھنسی سے دبانے کی وجہ سے خون نکلنا۔

أَنْدَصَ وَاسْتَنْدَصَ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ : حق وصول کرنا۔حاصل کرنا۔

المِنْدَاصُ۔ قوم کے ساتھ ہمیشہ بدی و شرارت کرنے والا۔ج مَنَادِيْصُ۔

اِمْرَأَةٌ مِنْدَاصٌ و نُدَصَةٌ۔ بیوقوف بدزبان عورت۔خفیف العقل عورت۔

نَدَغَهٗ (ف) نَدْغًا انگلی چبھونا ——— ہٗ بِالرُّمْحِ اَوِ الكَلَامِ : نیزہ مارنا۔ برا کہنا ——— الرَّجُلَ : غمگین کرنا۔ نَدَغَتْهُ العَقْرَبُ : بچھو کا ڈسنا۔

نُدِغَ الصَّبِيُّ : گدگدایا جانا۔

نَدَّغَ العَجِيْنَ : گوندھے ہوئے آٹے پر خشک آٹا ڈالنا۔

نَادَغَهٗ۔ باہم عشق بازی کرنا۔

اَنْدَغَ بِهٖ : برا سلوک کرنا۔

اِنْتَدَغَ۔ آہستہ ہنسنا۔

النَّدْغُ والنِّدْغُ۔ جنگلی صعتر۔النِّدْغ شہد۔

النُّدْغَةُ والمِنْدَغَةُ۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

المِنْدَغُ۔ نیزہ باز۔کلام سے تکلیف پہنچانے والا۔

نَدَفَ (ض) نَدْفًا القُطْنَ : روئی دھنتا۔

——— بِالعُوْدِ اَوِ المِزْهَرِ : بربط یا سارنگی بجانا ——— الطَّعَامَ : کھانا ——— الدَّابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ نَدَفَتِ السَّمَاءُ بِالثَّلْجِ : آسمان کا برف برسانا۔

نَدَفَتْ (ض) نَدْفًا و نَدِيْفًا و نَدَفَانًا الدَّابَّةُ : رفتار میں تیزی سے دونوں اگلی ٹانگوں کو پھرانا۔

أَنْدَفَ۔ بربط کی آواز کی طرف مائل ہونا۔ ——— الدَّابَّةَ : چوپایہ کو تیز ہانکنا ——— الكَلْبَ : کتے کو پلانا۔

نَدَّفَ تَنْدِيْفًا القُطْنَ : روئی دھننا۔

النُّدْفَةُ۔ تھوڑا سا دودھ۔

النَّدَّافُ۔ دھنیا۔ بربط نواز۔ بہت کھانے والا۔

النِّدَافَةُ۔ روئی دھننے کا پیشہ۔

النَّدِيْفُ مِنَ القُطْنِ : دھنی ہوئی روئی۔

المِنْدَفُ والمِنْدَفَةُ۔ روئی دھننے کی کمان۔

نَدَلَ (ن) نَدْلًا الشَّيْءَ : جلدی سے اچک لینا۔ منتقل کرنا ——— الدَّلْوَ مِنَ البِئْرِ : کنوئیں سے ڈول کھینچنا ——— بِسَلْحِهٖ : پاخانہ کرنا۔

نَدِلَتْ (س) نَدَلًا يَدُهٗ : ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔

تَنَدَّلَ و تَمَنْدَلَ۔ بِالمِنْدِيْلِ : رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔

اِنْتَدَلَ المَالَ : برداشت کرنا۔

النَّدَلُ۔ مص۔ میل کچیل۔

النُّدُلُ۔ کھانا کھلانے والے خدام۔

المَنْدَلُ۔ چرمی موزہ۔ عود۔ ج مَنَادِلُ۔

المِنْدَلُ والمِنْدِيْلُ والمَنْدِيْلُ رومال۔ ج مَنَادِلُ و مَنَادِيْلُ۔ المِنْدَلُ : اچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلو لے۔

النَّوْدَلُ۔ پہتان۔

نَدِمَ (س) نَدَمًا و نَدَامَةً و تَنَدَّمَ عَلَى مَا فَعَلَ : پشیمان کرنا۔

أَنْدَمَهٗ۔ پشیمان کرنا۔

نَادَمَهٗ نِدَامًا و مُنَادَمَةً عَلَى الشَّرَابِ ہم نشین ہونا۔

تَنَادَمَ القَوْمُ عَلَى الشَّرَابِ : ہم نشینی کرنا۔

اِنْتَدَمَ الاَمْرُ : آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ مَا اِنْتَدَمَ" لو جو آسان ہو۔

النَّادِمُ۔ پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نَادِمُوْنَ و نُدَّامٌ۔

النَّدْمَانُ۔ پشیمان و شرمندہ۔ ج نَدَامَى و نَدْمَانٌ (مثل مفرد) مؤنث نَدْمَانَةٌ و نَدْمٰى۔ النَّدْمَانُ : مجلس شراب کا ہم نشین۔

النَّدْمُ۔ تیز طبیعت۔ زیرک۔

النَّدَمُ۔ مص۔ نشان۔

النَّدِيْمُ والنَّدِيْمَةُ۔ مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق و ساتھی۔ ج نِدَامٌ و نُدَمَاءُ و نُدْمَانٌ۔

المَنْدَمُ۔ پشیمانی۔

المَنْدَمَةُ۔ باعث پشیمانی۔

نَدَهَ (ف) نَدْهًا الرَّجُلُ : آواز دینا ——— الرَّجُلَ : ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا ——— الاِبِلَ : اکٹھا ہانکنا۔

اِنْتَدَهَ و اسْتَنْدَهَ الاَمْرُ : درست ہونا۔

النَّدْهَةُ والنُّدْهَةُ۔ بہت مویشی۔ النَّدْهَةُ : آواز۔

النَّوَادِهُ۔ دھمکیاں۔

نَدَا يَنْدُوْ نَدْوًا۔ القَوْمُ : جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا ——— القَوْمَ : مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْدُوْهُمُ النَّادِي" مجلس میں ان کیلئے گنجائش نہیں ——— الرَّجُلُ : بخشش کرنا۔ جدا ہونا ——— الشَّيْءُ : متفرق ہونا۔

نَدِيَ يَنْدَى نَدًى و نَدَاوَةً و نُدُوَّةً الشَّيْءُ : تر ہونا ——— الاَرْضُ : تری پہنچنا ——— الصَّوْتُ دور کی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا نَدِيَنِيْ بِشَيْءٍ مِنْ فُلَانٍ" میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و "رَمَيْتُ بِبَصَرِيْ فَلَمْ يَنْدَنِيْ شَيْءٌ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لیے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وَمَا نَدِيَنِيْ مِنْ فُلَانٍ شَيْءٌ اَكْرَهُهٗ" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و "لَمْ يَنْدَ مِنْهُمْ نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا۔

نَدَّى تَنْدِيَةً الشَّيْءَ : تر کرنا ——— الفَرَسَ : گھوڑے کو پلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔

نَادَى مُنَادَاةً و نِدَاءً الرَّجُلَ و بِالرَّجُلِ پکارنا ——— فُلَانًا : مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مفاخرت کرنا۔ نَادَى بِسِرِّهٖ : بھید ظاہر کرنا ——— الشَّيْءَ : دیکھنا اور جاننا ——— فُلَانًا : مشورہ کرنا ——— النَّبْتُ : نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادَى الطَّرِيْقُ لِفُلَانٍ و نَادَاهُ" یعنی فلاں کیلئے راستہ ظاہر ہو گیا۔

اَنْدَى اِنْدَاءً الرَّجُلُ : بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا ——— الشَّيْءَ : تر کرنا ——— الكَلَامُ : بدانجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔

تَنَدَّى الرَّجُلُ : سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰى تَنَدّٰى" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا ——— المَكَانُ : گیلا ہونا۔

تَنَادَى القَوْمُ : ایک دوسرے کو پکارنا (——— و انْتَدَى) القَوْمُ : مجلس میں جمع ہونا۔ و انْتَدَى الرَّجُلُ : مجلس میں حاضر ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِنْتَدَيْتُ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کوئی خیر حاصل نہیں کی۔

النَّدَى۔ مص۔ بارش۔ سبز گھاس۔ شبنم۔ تری۔ بخور کے مانند ایک چیز جس سے خوشبودار کرتے ہیں۔ انتہا۔ بخشش۔ فضل و خیر۔ چربی۔ ج اَنْدَاءٌ

وأَنْدِيَةٌ۔

النِّدَاءُ والنُّدَاءُ۔ پکار۔ آواز۔

النَّدْوَة۔ اسم مرۃ۔ جماعت۔ مجلس۔

دَارُ النَّدْوَة: مجلس مشورہ۔ النَّدْوَة: بخشش۔ مشورہ۔

النُّدْوَة۔ اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ۔

النَّدِيُّ والنَّدِيَ۔ گیلا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَدِيُّ الْكَفِّ و نَدِيُّ الْكَفِّ" فلاں فیاض و سخی ہے مؤنث نَدِيَةٌ و نَدِيَّةٌ۔ النَّدِي: مجلس۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَدِيُّ الصَّوْتِ" وہ بلند آواز ہے۔

النَّدْيَان۔ گیلا۔

النَّادِي۔ فا۔ مجلس جب تک کہ لوگ اس میں موجود رہیں۔ ج أَنْدِيَة و نَوَادٍ و ج أَنْدِيَات۔

النَّادِيَة۔ النَّادِي کا مؤنث ج نَادِيَات و نَوَادٍ و نَادِيَاتُ الشَّيْءِ: چیز کے اوائل۔ و نَوَادِي الدَّهْرِ حوادث زمانہ۔ النَّوَادِي: گوشے۔ متفرق اونٹیاں نَخْلٌ نَادِيَةٌ: پانی سے دور کھجور کے درخت۔

الأَنْدَى۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَنْدَى مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے زیادہ فیاض ہے "وَهُوَ أَنْدَى صَوْتًا مِنْهُ" وہ اس سے زیادہ بلند آواز ہے۔

التَّنَادِي مصدر يَوْمُ التَّنَادِ: یوم قیامت۔

التَّنْدِيَة۔ مص تَنْدِيَةُ الْخَيْلِ: گھوڑوں کو چھریرا بنانا اور دوڑانا یہاں تک کہ پسینہ آجائے اور ڈھیلاپن جاتا رہے۔

المُنَدَّى۔ گھوڑوں کو چھریرا بنانے اور دوڑانے کی جگہ۔

المُنْدِيَة۔ ایسا کلمہ جو حیا کی وجہ سے پیشانی کو پسینہ آلود کردے۔ ج مُنْدِيَات۔

المُنْتَدَى۔ مجلس۔

نَذَّ (ن) نَذِيذًا۔ رینٹ یا کھنکھار نکلنا۔ پیشاب کرنا۔

النَّذِيذ۔ مص۔ رینٹ۔ کھنکھار۔ تھوک۔

نَذَخَ (ف) نَذْخًا و أَنْذَخَ الْبَعِيرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔

النَّوْذَخ۔ بزدل۔

نَذَرَ (ن ض) نَذْرًا و نُذُورًا۔ نذر ماننا۔ غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا جیسے کہا جاتا ہے "نَذَرَ مَالَهُ" و "نَذَرَ عَلَى نَفْسِهِ لِلّٰهِ مِنَ الْمَالِ كَذَا۔" و نَذَرَ الْجَيْشُ فُلَانًا: فوج کا کسی کو دیدبان بنانا۔ الأَبُ الْوَلَدَ: خادم کلیسا بنانا۔

نَذِرَ (س) نَذْرًا بِهِ: جاننا اور چوکنا ہونا اور تیاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَذِرُوا بِالْعَدُوِّ" وہ دشمن سے واقف ہو کر چوکنا ہوگئے۔

أَنْذَرَهُ بِالأَمْرِ إِنْذَارًا و نَذِيرًا و نُذْرًا و نُذُرًا۔ جتلانا اور انجام سے ڈرانا۔ (چار آخر کے مصدر غیر قیاسی ہیں۔)

تَنَاذَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو ڈرانا۔ تَنَاذَرُوا الْعَدُوَّ: دشمن سے ایک دوسرے کو خوف دلانا۔

اِنْتَذَرَ عَلَى نَفْسِهِ كَذَا: واجب کرنا۔

النَّذْر۔ مص۔ تاوانِ زخم۔ کہا جاتا ہے "قَضَى بِالنَّذْرِ" اس نے تاوان زخم ادا کیا۔ ہر وہ چیز جو اللہ کے لیے مانی جائے۔ ج نُذُور۔

النُّذْرُ والنُّذُرُ والنِّذَارَة۔ ڈرانا۔

النَّاذِر۔ فا۔ "فُلَانٌ نَاذِرٌ إِلَيَّ بِعَيْنِهِ و مُنْذِرٌ" فلاں میری طرف تیز نظر سے گھور رہا ہے۔

النَّذِير۔ مص۔ اسم بمعنی انذار۔ ڈرانے والا قاصد۔ بڑھاپا۔ اس لیے کہ قرب موت سے ڈراتا ہے۔ ج نُذُر۔

النَّذِيرَة۔ نذر میں جو دیا جائے۔ دیدبان۔ ڈرانا۔ ج نَذَائِر۔

المُنْذِر۔ فا۔ ڈرانے والا۔ أَبُو الْمُنْذِرِ: مرغ کی کنیت۔ اِبْنُ الْمُنْذِرِ: حیرہ کے ایک بادشاہ کی کنیت جس کا نام نعمان تھا۔

المَنَاذِرَة۔ شاہانِ حیرہ۔

المُتَنَاذِر۔ فا۔ شیر۔

نَذَعَ (ف) نَذْعًا الْمَاءُ و الْعَرَقُ: پانی ٹپکنا۔ پسینہ نکلنا۔

النِّذْعَة۔ پانی وغیرہ کا قطرہ۔

نَذُلَ (ک) نَذَالَةً و نُذُولَةً۔ خسیس و حقیر ہونا۔ دین یا حسب میں کمتر درجہ کا ہونا۔ صفت نَذْلٌ ج أَنْذَال و نُذُول۔ و نَذِيل۔ ج نُذَلَاءُ و نِذَال۔

النَّرْجِس و النِّرْجِس۔ نرگس۔ واحد نَرْجِسَة (دخیل)

النَّارَجِيل و النَّارْجِيل۔ ناریل۔ واحد نَارَجِيلَةٌ اور اسی سے ہے النَّارَجِيلَة بمعنی گڑگڑی حقہ۔ عوام أَرْكِيلَة کہتے ہیں۔

النَّرْد۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا کھیل جس کو اردشیر بن بابک شاہ ایران نے ایجاد کیا تھا۔

النَّرْدِين و النَّارْدِين۔ ایک خوشبودار پودہ۔ سنبل رومی۔

النَّرَنْج و النَّارَنْج۔ لیموں۔

نَزَّ (ض) نَزًّا و نَزِيزًا و أَنَزَّ الْمَكَانُ: بہت چشموں والی جگہ ہونا۔ کثرت سے پانی رسنے والی جگہ ہونا۔ کثرت سے سوتا ہونا۔ نَزَّ الْوَتَرُ: تیر پھینکتے وقت تانت کا حرکت کرنا۔ نَزَّ فُلَانٌ عَنِّي: دور ہونا اور اکیلا ہونا (—— نَزِيزًا) الظَّبْيُ: ہرن کا دوڑنا۔ آواز نکالنا۔ أَنَزَّ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

نَزَّزَ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پاک کرنا۔ دور کرنا۔

نَزَّزَتِ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا: پرورش کرنا۔

نَازَّهُ مُنَازَّةً۔ خطاب میں باہم مقابلہ کرنا۔

النِّزُّ والنَّزُّ۔ زمین سے رس کر بہنے والا پانی۔ سوتا۔ ج نُزُوز۔ النَّزُّ و النِّزُّ: خوش طبع۔ تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے۔ اور کہا جاتا ہے مَكَانٌ نَزٌّ رس کر پانی بہنے کی جگہ و "رَجُلٌ نِزُّ شَرٍّ" برائی کے ساتھ لازم رہنے والا مرد۔

النَّزَّة۔ اسم مرۃ۔ زبردست خواہش۔

أَرْضٌ نَزَّةٌ رس کر پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَةٌ نَزَّةٌ سبک اونٹنی۔

النِّزَاز۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نِزَازُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

النَّزَّاز۔ اسم مبالغہ۔

النَّزِيز۔ مص۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع۔ خواہش مند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَزِيزُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

المِنَزّ۔ بہت حرکت کرنے والا۔ گہوارہ۔ کہا جاتا ہے "الصَّبِيُّ فِي الْمِنَزِّ" بچہ گہوارے میں ہے۔

نَزَأَ (ف) نَزْءًا و نُزُوءًا بَيْنَ الْقَوْمِ: برانگیختہ کرنا اور فساد ڈالنا (—— نَزْأً) عَلَى فُلَانٍ: حملہ کرنا —— فُلَانًا عَلَيْهِ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا —— ہ عَنْ كَذَا: روکنا۔ ہٹا دینا۔

نَزِیَ بِکَذَا: شیفتہ ہونا۔ صفت مفعولی مَنْزُوٌّ بِہٖ۔
رَجُلٌ نَزَّاءٌ۔ بہت شیفتہ و فریفتہ۔
النَزِیُّ۔ چھوٹی مشک۔
نَزَبَ(ض) نَزْبًا و نُزَابًا و نَزِیْبًا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا آواز نکالنا۔
تَنَازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو بُرا لقب دینا۔
النَزْب۔ لقب۔ ج اَنْزَاب۔
النَیْزَب۔ نر ہرن۔ بیل۔
نَزَجَ(ن) نَزْجًا الْغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔
نَزَحَ(ف) نَزْحًا و نُزُوْحًا۔ دور ہونا۔
نَزَحَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَازِح و نَزُوْحٌ و نَزَحٌ۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ لَایَنْزَح" پانی جو ختم نہ ہو(—— و اَنْزَحَ) الْبِئْرَ: پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔
القَوْمُ: کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔
نُزِحَ بِفُلَانٍ: اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔
اِنْتَزَحَ عَنْ دِیَارِہٖ: اپنے وطن سے دور رہنا۔
تَنَازَحَ۔ دور رہنا۔
النَزَح۔ گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا تمام پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزَاح۔
النَازِح و النَزِیْح و النَزُوْح۔ دور۔
المُنْتَزَح۔ دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِمُنْتَزَحٍ مِنْ کَذَا" وہ اس سے دوری پر ہے۔
قَوْمٌ مَنَازِیح۔ اپنے وطن سے دور لوگ۔
المِنْزَحَة۔ ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنَازِح۔
نَزَرَہٗ(ن) نَزْرًا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ جلدی کرنا۔ نَزَرَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا —— فُلَانًا: حکم دینا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا —— الشَّرَابُ فُلَانًا: مست کر دینا۔
نَزُرَ(ک) نَزْرًا و نُزْرَةً و نَزَارًا و نَزَارَةً و نُزُوْرَةً۔ کم ہونا(—— نَزَارَةً) الرَّجُلُ: بے برکت ہونا —— النَّاقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔

نَزَّرَ و اَنْزَرَ۔ الْعَطَاءَ: کم دینا۔
تَنَزَّرَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔ تَنَزَّرَ مِنَ الشَّیْءِ: کم لینا۔
النَزْر و النَزِیْر۔ بہت کم۔ نَزِیْر کی جمع نُزَر۔ رَجُلٌ نَزْرٌ: بے برکت مرد۔ النَزَر: اونٹنی کے تھن کا ورم۔ اور کہا جاتا ہے "مَاجِئْتَ اِلَّا نَزْرًا" تم بہت تاخیر سے آئے۔
النَزِرَة و النَزُوْر۔ مِنَ النِّسَاءِ: کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَزُوْر: کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ ج نُزُر۔
المَنْزُوْر۔ بہت کم۔ اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ عَطَاءً مَنْزُوْرًا" اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا" وَعَطَاءٌ غَیْرُ مَنْزُوْرٍ" اور ایسا عطیہ جس میں اصرار کرنا نہ پڑے۔
نَزَعَ (ض) نَزْعًا الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِہٖ: اکھیڑنا —— الْاَمِیْرُ الْعَامِلَ: معزول کرنا —— بِالسَّهْمِ: تیر پھینکنا —— فِی الْقَوْسِ: کمان کھینچنا —— عَنِ الْقَوْسِ: کمان سے پھینکنا —— الدَّلْوَ و بِالدَّلْوِ: کھینچنا۔ ڈول نکالنا —— یَدَہٗ: گریبان سے نکالنا —— الشَّمْسُ: آفتاب کا مغرب کی طرف جانا —— الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔
نَزَعَ (ض) نُزُوْعًا عَنْ کَذَا: رکنا۔ باز رہنا —— الوَلَدُ اَبَاہُ و اِلٰی اَبِیْہِ: مشابہ ہونا۔
نَزَعَ(ف) نَزْعًا مَعْنًی جَیِّدًا: عمدہ معنی نکالنا۔
نَزَعَ (ف) نِزَاعًا و نُزُوْعًا اِلٰی اَهْلِہٖ: مشتاق ہونا(—— نِزَاعًا) اِلَی الشَّیْءِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ نَزْعَةٌ اِلٰی کَذَا" اس کو فلاں چیز کی طرف میلان ہے۔
بِفُلَانٍ اِلٰی کَذَا: بلانا: دعوت دینا۔
نَزِعَ(س) نَزَعًا۔ کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔ صفت اَنْزَع۔ مؤنث نَزْعَاءُ (مگر یہ مستعمل نہیں بلکہ اَنْزَع کی مؤنث زَعْرَاءُ ہے)
نَازَعَ نِزَاعًا الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔ نَازَعَہٗ نِزَاعًا و مُنَازَعَةً جھگڑا کرنا۔ نَازَعَہٗ الثَّوْبَ: کپڑے سے کھینچنا۔ اور اسی سے ہے "اَرْضِیْ تُنَازِعُ اَرْضَکُمْ" یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔ نَازَعَ اِلٰی اَهْلِہٖ: مشتاق ہونا —— فُلَانًا: مصافحہ کرنا ——

الْکَاسَ: پیالہ دینا۔
نَزَّعَ الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِہٖ: اکھیڑنا۔
اَنْزَعَ الرَّجُلُ: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔
تَنَزَّعَ اِلَیْہِ: دوڑ کر جانا۔
تَنَازَعَ الْقَوْمُ: اختلاف کرنا۔ تَنَازَعُوْا الشَّیْءَ: باہم کھینچنا —— الْکَاسَ: پیالہ دینا —— فِی الشَّیْءِ: جھگڑا کرنا۔
اِنْتَزَعَ الشَّیْءَ: اکھڑنا —— الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ اِنْتَزَعَ بِالشِّعْرِ او الْآیَةِ: شعر یا آیت کو بطور شاہد و مثال کے پیش کرنا اور کوئی شخص عمدہ معنی پیش کرے تو کہا جاتا ہے "فَقَدِ انْتَزَعَ مَعْنًی جَیِّدًا۔"
اِسْتَنْزَعَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: رک جانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "رَآہُ مُکِبًّا عَلَی الشَّرِّ فَاسْتَنْزَعَہٗ" اس نے اس کو برائی میں منہمک دیکھا تو اس سے باز رہنے کو کہا۔
النَزْع و النِزَاع و المُنَازَعَة و نَزْعُ الحیوةِ: قرب موت کی حالت۔
النِزَاع النَزَاعَة و المُنَازَعَة۔ جھگڑا خصومت۔
النَزَعَة۔ نَازِع کی جمع۔ تیر پھینکنے والے اور عرب کے امثال میں سے ہے "عَادَ السَّهْمُ اِلَی النَّزَعَةِ" یعنی حق حق دار کو مل گیا۔ النَزَعَة: کنپٹیوں پر بال جھڑ جانے کی جگہ۔ ج نَزَعَات۔
النَزَعَة: پہاڑی راستہ۔
النَازِع۔ فا۔ مسافر۔ ج نَزَعَةٌ و نُزَّاعٌ و نُزَّعٌ مؤنث نَازِعَةٌ۔ ج نَوَازِع و نَازِعَات۔ کہا جاتا ہے "شَاةٌ نَازِعٌ" یعنی وہ بکری جو بکرے کی طالب ہو۔
النَزِیْع۔ مسافر۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ نَزِیْعٌ" دور کی جگہ۔ کم گہرا کنواں۔ وطن کا مشتاق۔ لونڈی بچہ۔ شریف۔ اور ایسا ہی "فَرَسٌ نَزِیْعٌ" اصیل گھوڑا۔ ج نُزَّاعٌ۔ نُزَّاعُ الْقَبَائِلِ: اجنبی لوگ جو دوسرے قبائل کے پڑوس میں رہیں۔
النَزِیْع: اکھیڑا ہوا۔ تَمْرٌ نَزِیْعٌ: توڑا ہوا پھل۔ مؤنث نَزِیْعَةٌ ج نَزَائِع۔
النَزِیْعَة مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جس کی شادی دوسری قوم میں کی گئی ہو۔ وہ عورت جو اپنے

وطن کی مشتاق ہو — مِنَ النَجَائِب : وہ اصیل اُونٹیاں جو دوسرے ملک میں لے جائی گئی ہوں ج نَزَائِع۔ النَزَائِع : چوپائی ہوا — مِنَ الإبِلِ وَالخَيْلِ : مسافروں سے چھینے ہوئے اُونٹ یا گھوڑے۔

النَزُوْع۔ وطن کا مشتاق۔ بِئْر نَزُوْعٌ : کم گہرا کنواں۔ فَلَاةٌ نَزُوْعٌ : دور کا بیابان۔ ج نُزُع و نِزَاعٌ۔

النُزَاعَة۔ ہاتھ سے اکھیڑ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الأَنْزَع۔ کنپٹیوں سے گنجا۔ مؤنث نَزْعَاء۔

المَنْزَع۔ کھینچنے کی جگہ۔ ج مَنَازِع۔

المِنْزَع۔ سخت کھینچنے والا۔ دور پھینکا ہوا تیر۔

المِنْزَعَة۔ جھگڑا۔ شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔

المَنْزَعَة والمَنْزِعَة۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بَعِيْدُ الْمَنْزَعَة فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ انجام کار و تدبیر کہ جس کی طرف آدمی رجوع کرے اور کہا جاتا ہے "شَرَابٌ طَيِّبُ الْمَنْزَعَةِ" لذیذ شراب۔

نَزَغَهُ (ف) نَزْغًا۔ انگلی چبھونا یا نیزہ مارنا۔ تھوڑی سی حرکت دینا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا — بِكَلِمَةٍ : طعن و تشنیع کرنا۔

نَزَغَ (ف ض) نَزْغًا بَيْنَ الْقَوْمِ : فساد ڈالنا اور کہا جاتا ہے "نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُمْ" شیطان نے بعض پر بعض کو ورغلا دیا و "نَزَغَهُ الشَّيْطَانُ إِلَى المَعَاصِيْ" شیطان نے اس کو گناہوں پر اکسایا۔

النَزْغ۔ مص — اکسانے والا کلام۔ نَزْغُ الشَّيْطَانِ شیطانی وسوسے۔ وہ چیزیں جن سے انسان گناہوں میں آلودہ ہو جائے۔

النَزْغَة۔ نَزَغَ کا اسم مرۃ۔ طعن و تشنیع۔ ج نَزَغات۔

النَزَّاغ والمِنْزَغ والمِنْزَغَة قوم کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَازِغَة۔ نازغ کا مؤنث۔ ج نَوَازِغ

النَوَازِغ : فساد ڈالنے والیاں۔

النَزِيْغَة۔ بُرا کلمہ۔

نَزَفَ (ض) نَزْفًا۔ مَاءَ الْبِئْر : کنوئیں سے سارا پانی نکال ڈالنا — البِئْر : کنوئیں کا پانی نکالا جانا — دَمَ فُلَانٍ : پچھنا یا فصد سے خون نکالنا — عَبْرَتَهُ : آنسو ختم کرنا — الدَّمُ فُلَانًا : بہت خون نکل جانا۔

نُزِفَ مَاءُ الْبِئْرِ : کنوئیں سے سارا پانی نکالا جانا — الرَّجُلُ : بے عقل ہونا یا بدمست ہونا — فِي الْخُصُوْمَةِ : حجت و دلیل سے خاموش ہو جانا — ونُزِفَ الرَّجُلُ دَمًا : نکسیر چل کے سارا خون نکل جانا۔

نَزِفَتْ (س) نَزَفًا عَبْرَتُهُ : آنسو خشک ہونا۔

أَنْزَفَ الْبِئْرَ : کنوئیں سے سارا پانی نکال لینا۔ العَبرات : آنسو ختم کر دینا۔ أَنْزَفَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں سے سارا پانی نکل جانا۔ أَنْزَفَ الرَّجُلُ : نادار ہونا۔ بدمست ہونا۔ بے عقل ہونا۔ جھگڑے میں حجت منقطع ہونا۔

إِسْتَنْزَفَ۔ الدَّمْعَ او الْمَاءَ : سب نکال لینا۔

النَزْف۔ مص — نَزْفُ الدَّم : خون کا بہنا۔

النُزْف۔ کنوئیں کا پانی نکالنا۔ بہت خون نکل جانے سے کمزوری۔

النَازِف۔ فا۔ عِرْقٌ نَازِفٌ : رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزَّف۔

النُزْفَة۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزَف۔

النَزُوْف۔ کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔

نَزَافِ۔ اسم فعل بمعنے امر۔ کہا جاتا ہے "نَزَافِ مَاءَ الْبِئْرِ" یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔

النَزِيْف والنَزُوْف۔ کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان والا۔ النَزِيْف : بدمست۔ بخار زدہ۔ بِئْرٌ نَزِيْفٌ : کم پانی والا کنواں۔ المَنْزُوْف : بے عقل۔

المِنْزَفَة۔ جس سے پانی نکالا جائے۔ ڈھیکلی۔

نَزِقَ (س) نَزَقًا و نُزُوْقًا الرَّجُلُ : غصہ کی وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا۔ صفت نَزِقٌ۔ مؤنث نَزِقَةٌ (— نَزَقًا) الإِنَاءُ : برتن کا لبالب ہونا۔

نَزِقَ (س) و نَزَقَ (ض ن) نَزْقًا و نُزُوْقًا الفَرَسُ : گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔

نَزَقَ (ض) نَزْقًا الإِنَاءَ : برتن کو لبالب کرنا۔

نَزَّقَ و أَنْزَقَ الفَرَسَ : گھوڑے کو کودانا۔ أَنْزَقَ الرَّجُلُ فِي الضِحْكِ : بہت زیادہ ہنسنا۔ فُلَانٌ : عقل کے بعد خفیف العقل ہونا — النَعِيْمُ فُلَانًا : کسی پر برانگیختہ کرنا۔

نَازَقَهُ نِزَاقًا و مُنَازَقَةً۔ قریب ہونا۔ گالی دینا۔

تَنَازَقَا۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔

النَزَق۔ مص۔ سبکی۔ جہالت و حماقت کی وجہ سے جلدبازی۔ مَكَانٌ نَزَقٌ : قریب جگہ۔

النَزْقَة۔ اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اچھل کود۔

النَيْزَق۔ نَيْزَک میں لغت ہے بمعنی چھوٹا نیزہ ج نَيَازِق۔

النِزَاق والنَزِقَة۔ مِنَ النُوْقِ : سرکش اُونٹنی۔

النِزَاق : تیز رفتار اُونٹنی۔

المُنَازِق۔ بہت باتیں کرنے والا۔

نَزَكَهُ (ن) نَزْكًا۔ نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ بُرا کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔

النَزَّاک والنُزَک۔ بہت عیب لگانے والا۔

النَزِيْكَات۔ شریر لوگ۔

النَيْزَک۔ چھوٹا نیزہ۔ ج نَيَازِک۔ النَيَازِک ٹوٹے ہوئے ستارے۔

نَزَلَ (ض) نُزُوْلًا مِنْ عُلُوٍ إِلٰى أَسْفَل : اترنا — بِهِ : اُتارنا — بِهِ الْأَمْرُ : واقع ہونا — فُلَانٌ عَنِ الْحَقِّ : چھوڑ دینا (— نِزَالَةً) مسافرت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أَنْزِلُ" میں ہمیشہ سفر کرتا رہا (— نُزُوْلًا و مَنْزَلًا و مَنْزِلًا) الْقَوْمَ و بِالْقَوْمِ و عَلَى الْقَوْمِ : قوم کے پاس اترنا۔

نَزِلَ (س) نَزْلَةً الرَّجُلُ : زکام میں مبتلا ہونا (— نَزْلًا) الزَّرْعُ : کھیتی کا بڑھنا — الْمَكَانُ : سختی کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ ہونا۔

نَزَّلَهُ۔ اُتارنا۔ نَزَّلَ الشَّئَ : مرتب کرنا — الشَّئَ مَكَانَ الشَّئْ : قائم مقام کرنا — اللّٰهُ كَلَامَهُ عَلٰى أَنْبِيَائِهِ : تدریجاً وحی نازل کرنا — الْقَوْمَ : منازل میں اُتارنا — الْحَاسِبُ الرَّقَمَ : رقم لکھنا۔

أَنْزَلَ إِنْزَالًا و مُنْزَلًا الشَّئَ : اُتارنا۔ أَنْزَلَ الضَّيْفَ : مہمان اُتارنا — اللّٰهُ الْكَلَامَ : یکبارگی وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "أَنْزَلَ

حَاجَتَهٗ عَلٰی کَرِیْمٍ" اس نے اپنی حاجت کریم کے سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست کی۔
نَازَلَهٗ نِزَالاً و مُنَازَلَةً فِی الْحَرْبِ :مقابلہ میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے "تَنَازَلُوْا بِالنِّزَالِ" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔
تَنَازَلَ الْقَوْمُ :اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اتر کر جنگ کرنا —— الْقَوْمُ فِی السَّفَرِ :کبھی اس کے پاس کبھی اس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے استعمال میں تَنَازَلَ الرَّجُلُ کے معنی درجے سے اترنے کے ہیں۔
تَنَزَّلَ۔ آہستہ آہستہ اترنا —— عَنِ الْحَقِّ :حق چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلَانًا :اتارنا۔
اِسْتَنْزَلَهٗ۔ اتارنا۔ اِسْتَنْزَلَهٗ عَنْ رَأْيِهٖ او حَقِّهٖ :رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے لیے کہنا۔ اُسْتُنْزِلَ فُلَانٌ : مرتبہ سے اتارا جانا۔
النُّزْلُ و النُّزُلُ۔ کھانا جو مہمان کے سامنے پیش کیا جائے۔ ج اَنْزَالٌ۔ النُّزُلُ : بابرکت کھانا۔ الْمَنْزِلُ :اترنے والے لوگ۔
النُّزْلُ و النُّزُلُ و النَّزَالُ۔ کھیتی کی بالیدگی اور ستھرائی۔ داد و دہش و فضل۔ النَّزَلُ :بارش رَجُلٌ ذُوْ نُزْلٍ :بہت داد و دہش والا۔ بابرکت ج اَنْزَالٌ۔ اَنْزَالُ الْقَوْمِ :قوم کی روزیاں۔
النِّزْلُ۔ جمع شدہ۔ ج نُزُوْلٌ۔
النَّزِلُ۔ جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے مَکَانٌ نَزِلٌ
النَّزْلَةُ۔ نَزَلَ کا اسم مرۃ۔ اور کہا جاتا ہے "لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی" اس نے اس کو یقیناً دوسری مرتبہ دیکھا۔ زکام نزلہ۔ اَرْضٌ نَزِلَةٌ :عمدہ کھیتی والی زمین۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهُمْ عَلٰی نَزَلَاتِهِمْ و نَزِلَاتِهِمْ" میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔
النِّزَالَةُ۔ سخت زمین ہونے کی وجہ سے تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔
النِّزَالَةُ۔ سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے "کُنَّا فِیْ نِزَالَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ و

"فُلَانٌ مِنْ نِزَالَةٍ سُوْءٍ" فلاں لئیم باپ سے ہے۔
النَّازِلَةُ۔ النَّازِلُ کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج نَازِلَاتٌ و نَوَازِلُ۔
النَّزَّالُ۔ بہت اترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے والا۔
النَّزِیْلُ۔ مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَزِیْلٌ" کامل کپڑا و "فُلَانٌ نَزِیْلِیْ" فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے۔ ج نُزَلَاءُ۔
التَّنْزِیْلُ۔ مص۔ ترتیب۔ اوپر سے نیچے اترنا۔
الْمَنْزِلُ۔ اترنے کی جگہ۔ مکان۔ چشمہ۔ ج مَنَازِلُ۔
الْمَنْزِلَةُ۔ اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے و "هُوَ رَفِیْعُ الْمَنْزِلَةِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے۔
نَزْنَزَ الرَّجُلُ : سرہلانا —— الْاُمُّ صَبِیَّهَا :ماں کا بچے کو دوانا۔ نچانا۔
نَزَهَ (ن) نَزْهًا الْاِبِلَ : اونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔
نَزِهَ (س) و نَزُهَ (ک) نَزَاهَةً و نَزَاهِیَةً برائی سے دور ہونا۔ پاک دامن ہونا —— الْمَکَانُ : صحت افزا ہونا۔
نَزَّهَهٗ۔ بری بات سے دور کرنا۔ "نَزَّهَ نَفْسَهٗ عَنِ الْقَبِیْحِ" : اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا۔ نَزَّهَ اللّٰهَ عَنِ السُّوْءِ :اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا۔
تَنَزَّهَ عَنْ کَذَا :دور رہنا۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "یَتَنَزَّهُ عَنِ الْمَطَامِعِ و عَنْ مَلَائِمِ الْاَخْلَاقِ" وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے۔ فُلَانٌ :سیر کو نکلنا۔
اِسْتَنْزَهَ عَنْ کَذَا :دور ہونا —— فُلَانٌ :سیرو تفریح کو جانا۔
النَّزْهُ و النَّزِهُ و النَّزِیْهُ۔ پاک دامن۔ برائیوں سے دور۔ ج نُزَهَاءُ و اَنْزَاهٌ و نِزَاهٌ۔ مکان نَزْهٌ و نَزِهٌ و نَزِیْهٌ :لوگوں سے دور جگہ۔ صحت افزا مقام۔
النُّزْهَةُ۔ اسم ہے تَنَزَّهَ سے بمعنی سیرو تفریح نُزَهٌ۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ بِنُزْهَةٍ مِنَ الْمَاءِ و عَنِ الْمَاءِ" وہ پانی سے دور ہے۔
النَّزْهُ و النَّزَاهَةُ۔ برائی سے دور۔

النَّازِهُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَازِهُ النَّفْسِ" وہ پاک دامن ہے۔
الْمُتَنَزَّهُ۔ سیرو تفریح کی جگہ۔
نَزَا یَنْزُوْ نَزْوًا و نُزُوًّا و نَزَوَانًا۔ کودنا۔ عَلَیْهِ : کسی پر گرنا اور روندنا —— الذَّکَرُ عَلَی الْاُنْثٰی : جفتی کرنا۔ اور اسم النِّزَاءُ و النُّزَاءُ اور اس کا استعمال چوپایوں کے لئے ہے۔ نَزَا بِهٖ قَلْبُهٗ اِلٰی کَذَا : شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ نَزَتِ الْحُمُرُ : گدھوں کا اچھلنا کودنا۔ نَزَا الطَّعَامُ :غلہ کا گراں ہونا —— نَزَوَانًا) بچ کر نکل بھاگنا۔
نُزِیَ نَزْوًا الرَّجُلُ :سارا خون نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ جُرْحٌ فَنُزِیَ مِنْهُ فَمَاتَ" اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مرگیا۔
نَزَّاهُ تَنْزِیَةً و تَنْزِیًا و اَنْزَاهُ اِنْزَاءً۔ کودانا جفتی کرانا۔
تَنَزَّی تَنَزِّیًا اِلَی الشَّرِّ :برائی کی طرف جلدی کرنا۔
اِنْتَزَی اِنْتِزَاءً۔ برائی کی طرف جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَزَی عَلٰی اَرْضٍ کَذَا فَاَخَذَهَا" اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا۔
النُّزْوَةُ۔ کودائی۔ ہر چھوٹی چیز۔
النَّازِیَةُ۔ النَّازِی کا مؤنث۔ تیزی و تیز روی۔ کم گہرا پیالہ۔ اَکَمَةٌ نَازِیَةٌ۔ اردگرد سے بلند ٹیلہ۔
النَّزِیُّ و النَّزَّاءُ و الْمُنْتَزِی۔ بہت اچھل کود والا۔
النَّزِیَّةُ۔ النَّزِیُّ کا مؤنث۔ بادل۔ کم گہرا پیالہ
النَّزِیَّةُ :اچانک شوق۔ اچانک مصیبت۔ کلہاڑی کی دھار۔
النَّزَوَانُ۔ تیزی و جوش۔
نَسَّ (ض ن) نَسًّا و نَسِیْسًا النَّاقَةَ :ہانکنا اور ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ یَنُسُّ اَصْحَابَهُمْ" یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا —— نَسًّا و نَسَاسًا) الْقَوْمُ :پانی پر پہنچنا۔
نَسِیْسًا و نُسُوْسًا) الْخُبْزُ و اللَّحْمُ۔ روٹی یا گوشت کا خشک ہونا —— فُلَانٌ :جلدی سے ہر کام پر گزرنے والا ہونا۔

نَسَّ (ض) نُسُوْسًا الْحَطَبُ: لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا — لِفُلَانٍ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔

نَسَّسَ الْمَاشِيَةَ: جانور کو چلانا — الصَّبِيَّ: بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرانے کے لیے اِس اِس کہنا۔

اَنَسَّ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔

تَنَسَّسَ مِنْهُ الْاَخْبَارَ: سُن گُن لینا۔ خبردار ہونے کی کوشش کرنا۔

النَّاسُّ۔ فا۔ خُبْزٌ نَاسٌّ: خشک روٹی۔

النَّسِيْسُ۔ مص۔ ہانکا ہوا۔ سخت بھوک۔ پوری کوشش۔ لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے۔ ج نُسُس (— و النَّسِيْسَةُ) طبیعت۔ النَّسِيْسُ: جسم میں بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنْهُ نَسِيْسَهُ و نَسِيْسَتَهُ" یعنی مرنے لگا النَّسِيْسَةُ: چغل خوری۔ تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو۔ ج نَسَائِس۔

النُّسْنُس۔ ردی جڑیں۔

التَّنْسَاس۔ مص۔ تیز چال۔

المِنَسَّةُ و المِنْسَاس۔ لاٹھی۔

نَسَاَ (ف) نَسْاً الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا — اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا — هٗ: لسی پلانا۔ نَسَاَتِ الْمَاشِيَةُ: موٹائی ظاہر ہونا (— نَسْاً و مَنْسَاَةً) الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَسَاَ اللّٰهُ اَجَلَه و فِي اَجَلِهٖ" مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا — فُلَانًا: نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا — هٗ الْبَيْعَ و فِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا (— نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهٗ ادائیگی قرض کے لیے مہلت دینا۔

المِنْقَعَة۔ خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (— والمَنْقَعَة) بمعنے مُنْقُع۔
نَقَفَ (ن) نَقْفًا هَامَةَ الرَّجُلِ: کھوپڑی توڑ دینا — فُلَانًا: ہلکی ضرب مارنا — الْفَرْخُ الْبَيْضَةَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الرُّمَّانَةَ: انار چھیل کر دانے نکالنا — الحَنْظَلَ وَ نَحْوَهُ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعولی نَقِيْفٌ و مَنْقُوْفٌ — الشَّرَابَ: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا — عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔ نَقَفَهُ بِظُفْرِهِ: ناخن سے مارنا۔
نَاقَفَهُ مُنَاقَفَةً و نِقَافًا سر پر تلوار مارنا۔

أَنْقَفَ الْجَرَادُ الْوَادِي: انڈوں سے بھر دینا — فُلَانًا العَظْمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کیلئے دینا (— و تَنَقَّفَ الْحَنْظَلَ) دانہ نکالنے کیلئے اندرائن توڑنا۔
اِنْتَقَفَ الشَّيْءَ: نکالنا — الحَنْظَلَ: دانہ نکالنے کے لیے اندرائن توڑنا۔
رَجُلٌ نِقَافٌ۔ دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَا فِيْ نِقَافٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نِقَاف اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں۔ اور کہا جاتا ہے "الْيَوْمَ قِحَافٌ وَغَدًا نِقَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔
النِقْف و النَقَف۔ بچہ جس وقت کہ انڈے سے نکلے۔
النَقَفَة۔ پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔
النَقَّاف۔ اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔
رَجُلٌ نَقَّافٌ: مرد دور اندیش۔
النَقَّافَة۔ سوال کرنے میں حریص۔
النَقِيْف۔ تنہ جس کو دیمک نے کھا لیا ہو ج نُقُفٌ۔
المِنْقَاف۔ پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔
المَنْقُوْف۔ مفعو۔ زرد رو۔ دبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْقُوْفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَانِ مَنْقُوْفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔
نَقَلَ (ن) نَقْلًا الشَّيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا — خُفَّ الْبَعِيْرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا — الْكَلَامَ عَنْ قَائِلِهِ: روایت کرنا — الْكِتَابَ: نقل کرنا — الْكِتَابَ إِلَى لُغَةِ كَذَا: ترجمہ کرنا۔
نَقَّلَ الشَّيْءَ: زیادہ منتقل کرنا — الْخُفَّ او الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ الْعَظْمَ: زخم کا ہڈی کو توڑنا — فُلَانٌ الضَّيْفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)
نَاقَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ نَاقَلْتُهُ الْحَدِيْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَاقَلَهُ الْأَقْدَاحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَاقَلْتُ فُلَانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔
أَنْقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ: درست کرنا۔
تَنَقَّلَ مِنْ مَكَانٍ إِلَى آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا — الرَّجُلُ: نقل کھانا۔ (دیکھئے نقل)
تَنَاقَلُوْا الْحَدِيْثَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ: بعض کا بعض سے نقل کرنا۔
اِنْتَقَلَ مِنْ مَكَانٍ إِلَى آخَرَ: منتقل ہونا۔ فُلَانٌ إِلَى رَحْمَةِ اللّٰهِ او إِلَى رِضْوَانِهِ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔
النَّاقِلُ۔ فا۔ ج نَاقِلُوْنَ و نَقَلَةٌ۔
النَّاقِلَة۔ النَّاقِل کا مؤنث ج نَوَاقِل۔ و نَوَاقِلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔ النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔ نَوَاقِلُ الْعَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔
النِقَال۔ مصدر نَاقَلَ۔ چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقْلَةٌ۔ النِقَال: اُونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الْإِبِلُ نِقَالًا" اُونٹ نے خود بخود پانی پیا۔
النَقَّال۔ اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
النَقْل۔ مص۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقْلٌ و خُفٌّ نَقْلٌ" النَّقْل و النُّقْل وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ، سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْل و نُقُوْلَات مختصر راستہ۔
النَّقْلُ عِنْدَ أَهْلِ الْعَرَبِيَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لیے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لیے وضع کرنا۔

النِقْل۔ پرانا جوتا یا چری موزہ۔
النَقَل۔ پرانا جوتا یا چری موزہ۔ ج اَنْقَال ونِقَال۔ النَقَل :شور و شغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ سَهْمِي بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔
مَكَانٌ نَقِلٌ۔ چھوٹے چھوٹے پتھروں والی جگہ۔
رَجُلٌ نَقِلٌ۔ حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔
النَقْلَة۔ نَقَل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد۔
النُقْلَة۔ اسم ہے بمعنے انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ۔
النِقْلَة۔ نَقَل کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبر سنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ۔
النَقِيل۔ مسافر (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِيلٌ و امْرَأَةٌ نَقِيلٌ" مسافر مرد، مسافر عورت۔ سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُو نَقِيلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے النَقِيل : مختصر راستہ۔ جوتے۔
النَقِيلَة۔ مسافر عورت۔ جوتہ یا چری موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِل و نَقِيل۔
فَرَسٌ مُنَاقِلٌ و نَقَّال و مِنْقَلٌ تیز رفتار گھوڑا۔
المَنْقَل۔ پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا یا پرانا چری موزہ۔
المَنْقَلَة۔ سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔ اَرْضٌ مَنْقَلَةٌ :چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔
المِنْقَلَة۔ نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِل والمِنْقَلَةُ عِنْدَ الْمولدين :ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔
نَقَمَ (ض) و نَقِمَ (س) نَقْمًا و تِنْقَامًا مِنْ فُلَانٍ : سزا دینا — الْأَمْرَ عَلَى فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ : عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا۔ کہا جاتا ہے "نَقِمَ فُلَانٌ وِتْرَهُ" یعنی بدلہ لیا۔ "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم (— نَقْمًا)
الشَّيْءَ :جلدی کھانا۔
نَقَّمَ تَنْقِيمًا۔ بہت زیادہ مکروہ جاننا۔
اِنْتَقَمَ مِنْهُ :سزا دینا۔
اَلنَقَم۔ معہ۔ راستہ کا وسط۔
النَقْمَة والنِقْمَة والنَقِمَةُ۔ اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ و نِقَمٌ و نَقِمَاتٌ۔
النَقِيمَة۔ بدل ہے نَقِيبَةٌ سے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَيْمُونُ النَقِيمَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔
لَقَنَقَ الضِفْدَعُ :مینڈک کا ٹرٹر کرنا۔ تَقَنْقَتِ الْعَيْنُ :آنکھ کا دھنس جانا۔
النِقْنِق۔ نر شتر مرغ۔ ج نَقَانِق۔
نَقَهَ (ف) نُقُوهًا و نَقِهَ (س) نَقَهًا۔ فُلَانٌ مِنْ مَرَضِهِ : صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ — نَقْهًا و نُقُوهًا و نَقَهَانًا) الْحَدِيثَ : سمجھنا۔ صفت نَقِهٌ و نَاقِهٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَفْقَهُ وَلَا يَنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔
اَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهِ : مرض سے عافیت دینا — فُلَانًا الْحَدِيثَ : سمجھانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَنْقِهْ لِي سَمْعَكَ" یعنی میری طرف کان لگا۔
اِنْتَقَهَ مِنَ الْحَدِيثِ : تسلی پانا — مِنْ مَرَضِهِ :مرض سے صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔
اِسْتَنْقَهَ۔ پوچھنا —الْحَدِيثَ : سمجھنا۔
النَقْهَة۔ نَقَهَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَهُ فِي كُلِّ عَامٍ مَرْضَةٌ و نَقْهَةٌ" اس کیلئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔
نَقَا يَنْقُو نَقْوًا۔ الْعَظْمَ :ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقِيَ يَنْقَى نَقَاوَةً و نَقَاءً و نَقَاءَةً و نُقَاوَةً و نَقَايَةً۔ صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نَقِيٌّ۔
نَقَّاهُ تَنْقِيَةً وَ اَنْقَاهُ إِنْقَاءً۔ صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نَقَّى و اَنْقَى الطَّعَامَ : غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔
اَنْقَى الْبُرُّ :موٹا دانہ ہونا۔ اَنْقَتِ الْإِبِلُ وَ غَيْرُهَا : موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقِيَةٌ ج مُنْقِيَات۔ وَ اَنْقَى الْعُودُ :لکڑی کا تر ہونا۔
اِنْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً۔ چننا۔ اِنْتَقَى الْعَظْمَ :ہڈی سے گودا نکالنا۔
تَنَقَّاهُ تَنَقِّيًا۔ چننا۔ تَنَقَّى الْعَظْمَ :ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقَاوَةُ الشَّيْءِ و نُقَاوَتُهُ و نُقَايَتُهُ و نَقَاتُهُ۔ عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُقَاوَةٌ کی جمع نَقَاوَى و نُقَاءٌ اور نُقَايَةٌ کی جمع نَقَايَا و نُقَاءٌ۔
نَقَاةُ الطَّعَامِ و نُقَاتُهُ و نَقَايَتُهُ و نُقَايَتُهُ :غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النَقَاة : ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔
النُقَاوَة۔ ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ ج نَقَاوَى۔
النَقَا۔ ریت کا محدب ٹیلہ۔ مثنی نَقَوَان و نَقَيَان ج اَنْقَاء و نُقِيٌّ و نُقْيَان۔ بنات النَقَا ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شَحْمَةُ النَقَا بھی کہا جاتا ہے۔
النَقَا و النَقْوُ و النِقْوُ۔ گودے دار ہڈی ج اَنْقَاء۔
النَقْوَة۔ چیز کا عمدہ حصہ۔
النِقَةُ۔ ثِقَة کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثِقَةٌ نِقَةٌ" اور اس کی اصل نِقْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تا لایا گیا ہے۔
النَقِيُّ۔ صاف ستھرا۔ ج نِقَاء و اَنْقِيَاء و نُقَوَاء۔
الاَنْقَى۔ اسم تفضیل۔ مؤنث نُقْوَى۔ رَجُلٌ اَنْقَى :باریک لمبی ہڈیوں والا امرد۔ مؤنث نَقْوَاءُ فَخِذٌ نَقْوَاءُ :باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔
نَقِيَ يَنْقِي نَقْيًا الْعَظْمَ :ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقِيَهُ يَنْقَاهُ نَقَاءً۔ ملاقات کرنا۔
النِقْي۔ ہڈی کا مغز۔ موٹائی کی وجہ سے آنکھ کی چربی۔ ج اَنْقَاء۔
النَقِيَّةُ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَقِيَّةَ حَقٍّ" میں نے کلمہ حق سنا۔
النَقِيُّ۔ صاف ستھرا۔ ج نِقَاء و اَنْقِيَاء و نُقَوَاء۔
النَقِيَّة۔ النَقِيُّ کا مؤنث۔ کلمہ۔ ج نقایا۔
المُنَقِّيُّ والمُنْقِي۔ راستہ۔
نَكَّ (ن) نَكًّا۔ عَلَى الْغَرِيمِ : قرضدار پر سختی برتنا — الْعَمَلَ :درست کرنا۔
نَكَأَ (ف) نَكْءً الْقَرْحَةَ :زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا — الْعَدُوَّ و فِي الْعَدُوِّ :

قتل و خونریزی کرنا — فُلَانًا حَقَّهٗ: کسی کا حق پورا کرنا۔

اِنْتَکَا اِنْتِکَاءً حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُکَاءٌ نُکَاءٌ" وہ ماوجب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔

نَکَبَ (ن) نَکْبًا و نُکُوْبًا عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا (— نَکْبًا) الشَّیْءَ و بِهٖ: ڈال دینا۔ الْاِنَاءَ: برتن سے سب کچھ بہادینا — الْکِنَانَةَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔ نَکَبَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَهٗ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (— نَکْبًا و نَکَبًا) الدَّهْرُ فُلَانًا: مصیبت پہنچانا۔ نَکَبَتْ نُکُوْبًا الرِّیْحُ ہوا کا بے رخ چلنا۔

نَکَبَ (ن) نِکَابَةً و نُکُوْبًا فُلَانٌ عَنْ قَوْمِهٖ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔

نَکِبَ (س) نَکَبًا عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹ جانا — الْبَعِیْرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب۔) — الرَّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔

نُکِبَ۔ مصیبت زدہ ہونا۔

نَکَّبَ۔ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹ جانا' الگ ہونا — الشَّیْءَ: الگ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَکَّبَهُ الطَّرِیْقَ و نَکَّبَ بِهِ الطَّرِیْقَ و نَکَّبَ بِهٖ عَنِ الطَّرِیْقِ" یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

نَاکَبَهٗ۔ مونڈھے کے مقابل ہونا۔

تَنَکَّبَ عَنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا — عَلَی الشَّیْءِ: ٹیک لگانا — کِنَانَتَهٗ او قَوْسَهٗ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تَنَکَّبْ عَنْ وَجْهِیْ" میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔

اِنْتَکَبَ الرَّجُلُ کِنَانَتَهٗ او قَوْسَهٗ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔

النَّکْبُ۔ مص۔ مصیبت۔ ج نُکُوْب۔

النَّکِبُ۔ وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

النَّکَبُ۔ مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔

الْاَنْکَبُ۔ جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مرد ستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْکَبُ عَنِ الْحَقِّ و نَاکِبٌ عَنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔

النَّکْبَاءُ۔ الْاَنْکَبُ کا مؤنث۔ رِیْحٌ نَکْبَاءُ: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُکْبٌ و نَکْبَاوَات۔ نُکْبُ الرِّیَاحِ چار ہیں۔ ۱۔ الْاَزْیَبُ۔ صبا اور جنوب کے درمیان ۲۔ الصَّابِیَةُ۔ صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُکَیْبَاءُ بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کیلئے ہے اس لیے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے تھے۔ ۳۔ الْجِرْبِیَاءُ شمال اور دبور کے درمیان۔ اور الْهَیْفُ جنوب اور دبور کے درمیان۔

النَّکْبَةُ۔ نَکَبَ کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نَکَبَات۔

النُّکْبَةُ۔ غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نُکَب۔

النَّکِیْبُ۔ کھر کا گرد اگرد۔

الْمِنْکَابُ۔ مرد ستم گار و جفا کار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْکَابٌ عَنِ الْحَقِّ حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔

الْمَنْکِبُ۔ مونڈھا۔ ج مَنَاکِب۔ کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ الْمَنَاکِبُ والرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هُوَ مَنْکِبَهٗ لِکَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وَ فُلَانٌ مَعِیَ عَلٰی حَدِّ مَنْکِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ الْمَنْکِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِیْ مَنْکِبٍ مِنَ الْاَرْضِ اَوِ الْجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔ الْمَنْکِبُ مِنَ الْقَوْمِ: چودھری مددگار — مِنَ الْاَرْضِ: راستہ۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِیْ مَنَاکِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْکِبُ الْجَوْزَا و مَنْکِبُ ذِی الْعَنَانِ و مَنْکِبُ الْفَرَسِ: ستاروں کے نام۔

الْمَنَاکِبُ۔ مَنْکِب کی جمع — فِی رِیْشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

الْمَنْکُوْبُ۔ مفو۔ مصیبت زدہ (— النَّکِیْبُ) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

نَکَتَ (ن) نَکْتًا الْاَرْضَ بِقَضِیْبٍ او بِاِصْبَعِهٖ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا — النَّاسَ بِالْحَصٰی: زمین پر کنکری پھینکنا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الْفَرَسُ یَنْکُتُ" گھوڑا اچھلتا ہوا گزرا — الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا — فُلَانًا: سر کے بل گرانا۔ اور اسی سے ہے "لَاَنْکُتَنَّ بِكَ الْاَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرادونگا — کِنَانَتَهٗ: ترکش سے بکھیر دینا۔

نَکَّتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا — فِی قَوْلِهٖ: نکتہ چینی کرنا۔

اِنْتَکَتَ۔ سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَکَتَهٗ فَانْتَکَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔

النُّکْتَةُ۔ داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُکَتٌ و نِکَاتٌ۔ النُّکْتَةُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ' مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔

النَّکَّاتُ۔ بڑا نکتہ چیں۔ بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔

النَّکِیْتُ۔ مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔

الْمَنْکُوْتُ۔ مفو۔ سر کے بل گرا ہوا۔

نَکَثَ (ن ض) نَکْثًا الْعَهْدَ او الْبَیْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا — الْحَبْلَ او الْکِسَاءَ: رسی یا کمبل ادھیڑنا — الْمِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔

تَنَاکَثُوْا۔ عُهُوْدَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔

اِنْتَکَثَ۔ الْحَبْلُ وَغَیْرُهٗ: رسی وغیرہ کو ادھیڑا جانا — السِّوَاكُ: کوچی بننا — فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ اِلٰی اُخْرٰی: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔

النُّکَاثُ۔ پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔

النُّكَافَةُ- رسّی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔
النِّكْثُ- دوبارہ کاتنے کیلئے اُدھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ- ج أَنْكَاث- کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِكْثٌ وأَنْكَاثٌ" اُدھیڑی ہوئی رسّی۔
النَّكِیْثُ- ادھیڑا ہوا- مؤنث نَكِیْثَةٌ۔
النَّكِیْثَةُ- نفس- طبیعت- قوت- پوری طاقت- مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں- اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَكِیْثَةَ فِیْهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِیْهِ نَكِیْثَتَهُ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی- "و وَقَعُوْا فِی النَّكِیْثَةِ" وہ مشکل کام میں پڑ گئے- "وَهُوَ ذُوْ نَكِیْثَةٍ حَسَنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے- ج نَكَائِث۔
النَّكَّاث- بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا- کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ مُنْتَكِثٌ" لاغر و دبلا اُونٹ۔
نَكَحَ (ف ض) نِكَاحًا و نَكْحًا المَرْأَةَ: عورت سے شادی کرنا- نَكَحَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا شادی کرنا- صفت نَاكِحٌ و نَاكِحَةٌ۔
نَكَحَ الْمَطَرُ الْأَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا — الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا — النُّعَاسُ عَیْنَهُ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔
أَنْكَحَهُ الْمَرْأَةَ: شادی کرانا۔
تَنَاكَحُوْا- ایک دوسرے سے شادی کرنا۔
تَنَاكَحَتِ الْأَشْجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھ جانا۔
اِسْتَنْكَحَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ: شادی کرنا۔
فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ: نکاح کرنا — النَّوْمُ عُیُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔
الْمَنَاكِحُ- عورتیں۔
نَكَخَ (ف) نَكْخًا فُلَانًا فِیْ حَلْقِهِ: حلق میں مکا مارنا- نیزہ مارنا۔
نَكَدَ (ن) نَكْدًا فُلَانًا حَاجَتَهُ: محروم کر دینا' تھوڑا سا دینا- نَكَدَ الْغُرَابُ: کوے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا — الْقَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا- نُكِدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَكِدَ (س) نَكَدًا الْعَیْشُ: تنگ ہونا — الرَّجُلُ: تنگ گزران والا ہونا- نَكِدَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔
نَكَّدَ- عَیْشَهُ: زندگی کو تنگ بنا دینا — فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔
نَاكَدَهُ- سختی برتنا۔
أَنْكَدَهُ- کم داد و دہش والا پانا۔
تَنَكَّدَ- عَیْشُهُ: مکدر رہنا۔
تَنَاكَدَا- باہم سختی برتنا۔
النَّاكِدُ فا- نَاقَةٌ نَاكِدٌ: کم دودھ والی اُونٹنی' وہ اُونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں- ج نُكُدٌ — رَجُلٌ نَكِدٌ و نَكَدٌ و نَكْدٌ دشوار خو- کم داد و دہش والا- ج أَنْكَادٌ و مَنَاكِید۔
أَرْضُوْنَ نِكَادٌ- کم نباتات والی زمین۔
النُّكْدُ- بے دودھ والی اُونٹنیاں- بہت دودھ والی اُونٹنیاں (ضد) واحد نَكْدَاءُ۔
النُّكْدُ و النَّكَدُ- کم داد و دہش- مَاءٌ نُكُدٌ: کم پانی۔
الْأَنْكَدُ- مرد دُشوار خو- کم داد و دہش والا- مؤنث نَكْدَاءُ ج نُكْدٌ- کہا جاتا ہے: جَاءَ مُنْكِدًا: وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔
عَطَاءٌ مُنَكَّدٌ و مَنْكُوْدٌ- تھوڑا عطیہ- رَجُلٌ مَنْكُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔
نَكِرَ (س) نَكَرًا و نُكْرًا و نُكُوْرًا و نَكِیْرًا الْأَمْرَ: ناواقف ہونا — الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔
نَكُرَ (ک) نَكَارَةً الْأَمْرُ: دُشوار ہونا۔
نَكَّرَهُ- دگرگوں کر دینا- نَكَّرَ الْإِسْمَ: نکرہ بنانا۔
نَاكَرَهُ مُنَاكَرَةً- مقابلہ کرنا- لڑائی کرنا- دھوکا دینا۔
أَنْكَرَهُ- جاہل ہونا- أَنْكَرَ حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا۔
أَنْكَرَ عَلَیْهِ فِعْلَهُ: عیب لگانا اور منع کرنا۔
تَنَكَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا' دگرگوں ہونا — فُلَانٌ: بد خلق ہونا — لِفُلَانٍ: اجنبی ہونا۔
تَنَاكَرَ- دانستہ ناواقف بننا — الْأَمْرَ: ناواقف ہونا — الْقَوْمُ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔

اِسْتَنْكَرَ الْأَمْرَ: ناواقف ہونا — أَمْرًا بِجَهْلِهِ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔
النَّكَارَةُ- مص- چالاکی- تیز فہمی- جہالت۔
النَّكْرُ- مص- چالاکی و تیز فہمی۔
النُّكْرُ- مص- چالاکی و تیز فہمی- بُرا کام- بہت بُرا کام۔
رَجُلٌ نَكِرٌ و نَكُرٌ و نُكُرٌ- چالاک تیز فہم- ج أَنْكَار- اِمْرَأَةٌ نَكُرٌ: چالاک و سمجھ دار عورت۔
النُّكُرُ- ناشناختہ- سخت کام۔
النَّكْرَاءُ- چالاکی و تیز فہمی- ناشناختہ مصیبت- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نَكْرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وأَصَابَتْهُمْ مِنَ الدَّهْرِ نَكْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔
نَكْرَاءُ الدَّهْرِ: زمانے کی سختی۔
النَّكِرَةُ- انکار- ضد معرفہ- خون یا پیپ کا پھوڑا- ج نَكِرَات۔
النَّكِرَةُ- اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَةٌ اِنْفَاقٌ کا۔
النَّكِیْرُ- دگرگونی- أَمْرٌ نَكِیْرٌ: سخت کام- حِصْنٌ نَكِیْرٌ: مضبوط قلعہ۔
الْمُنْكَرُ- مفر- خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے- ج مُنْكَرَات و مَنَاكِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْكَرٌ" چالاک تیز فہم مرد- ج مُنْكَرُوْنَ و مَنَاكِیْر۔
الْمَنْكُوْرُ- مفر- مجہول- ج مَنَاكِیْر۔
الْمَنَاكِیْرُ- خلاف مرضی خدا امور- کہا جاتا ہے "هُمْ یَرْكَبُوْنَ الْمَنَاكِیْرَ وَالْمُنْكَرَات" یعنی وہ لوگ امور غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔
الْمُنْكَرُ عِنْدَ النُّحَاةِ: اسم نکرہ- ضد معرفہ۔
نَكَزَتْ (ن) نَكْزًا- الْحَیَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا — فُلَانًا: مار کر ہٹانا — الشَّیْءَ: چھونا — الدَّابَّةَ بِعَقِبِهِ: ایڑ لگا کر ہانکنا — نَكْزًا و نُكُوْزًا الْمَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا — الْبَحْرُ: خشک ہونا — الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔
نَكِزَتْ (س) نَكَزًا الْبِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا- نَكِزَ الْبَحْرُ: گھٹنا۔
أَنْكَزَ الْبِئْرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔

النَّاکِزُ- فا- بِئْرٌ نَاکِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو- ج نَوَاکِز-

النِکْز- رذیل لوگ- ہڈی میں باقی ماندہ مغز (— والمُنْکِز) خالی- کہا جاتا ہے "جَاءَ نِکْزًا و مُنْکِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا-

بِئْرٌ نَکِزٌ- کم پانی والا کنواں-

النَکَّاز- اسم مبالغہ- ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو مُنہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَکَاکِیز و نَکَّازَات-

البِئْرُ النَکُوْز- کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو ج نُکُزٌ- کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِمَنْکَزَةٍ مِنَ الْعَیْشِ: فلاں تنگ زندگی میں ہے-

نَکَسَهٗ (ن) نَکْسًا- اوندھا کر دینا- نَکَسَ رَاْسَهٗ: ذلت سے سر جھکانا — الطَّعَامُ وَغَیْرُهٗ دَاءَ الْمَرِیْضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا — الخِضَابَ: بار بار لگانا- کہا جاتا ہے "نَکَسْتُ فُلَانًا فِی ذٰلِكَ الْاَمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا-

نُکِسَ الْمَرِیْضُ: دوبارہ بیمار ہونا — الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا — الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِهٖ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا-

نَکَّسَهٗ تَنْکِیْسًا اوندھا کرنا- نَکَّسَ الفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا- صفت- مُنَکِّس-

تَنَکَّسَ- اوندھا ہونا-

اِنْتَکَسَ- سر کے بل گرانا — الْمَرِیْضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا-

النَّاکِس- فا- سر جھکانے والا مرد ج نَوَاکِس (شاذ)

النُکَاس- صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا-

النُکْس- صحت یابی کے بعد مریض کا عود کرنا- گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا- اور کہا جاتا ہے تَعْسًا لِفُلَانٍ و نُکْسًا او وَنَکْسًا- کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لیے ہلاکت و سرنگونی ہو-

النِکْس- تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصّے کو نیچے کر دیا گیا ہو- کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصّہ بنائیں (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و ہیچ و بے برکت مرد- پست قد- کرم و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا- ج اَنْکَاس-

النُکَّس- بہت بوڑھے لوگ- واحد نَاکِس-

المُنَکِّس- فا- آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے 'وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے-

المَنْکُوْس- مفع- دوبارہ بیمار ہونے والا- مِنَ الْاَوْلَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوْسٌ مَنْکُوْسَةٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں-

نَکَشَ (ن ض) نَکْشًا البِئْرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا — الشَّیْءَ: فنا کر دینا — الشَّیْءَ و مِنَ الشَّیْءِ: فارغ ہو جانا-

اِنْتَکَشَ البِئْرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا-

المِنْکَش- معاملات میں خوب غور کرنے والا-

المِنْکَاش- کنواں صاف کرنے کا آلہ- ج مَنَاکِیْش-

المَنْکُوْش- مفع- سَفَطٌ مَنْکُوْشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو-

نَکَصَ (ن ض) نَکْصًا و نُکُوْصًا و مَنْکَصًا عَنِ الْاَمْرِ: رُک جانا- صفت نَاکِصٌ نَکَصَ عَلٰی عَقِبَیْهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اس کا استعمال عموماً خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)

نَکَّصَهٗ- ہٹا دینا-

اِنْتَکَصَ الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا-

المَنْکَص- مص- ہٹنے کی جگہ-

نَکَظَ (ن) نَکْظًا- بہت بھوکا ہونا- فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرانا-

نَکِظَ (س) نَکَظًا- اپنی ضرورت میں جلدی کرنا — لِلْخُرُوْجِ: نکلنے کے لیے جلدی کرنا-

الرَّحِیْلُ: قریب ہونا-

نَکَّظَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرانا- نَکَّظَ حَاجَتَهٗ: دشوار کرنا-

اَنْکَظَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: جلدی کرانا-

تَنَکَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا — عَلٰی فُلَانٍ: بخل کرنا — الْاَمْرُ عَلَیْهِ: پیچیدہ ہونا-

النَکْظُ والنَکَظُ والنَکْظَة والنَکَظَة والمَنْکَظَةُ- کوشش- سفر کی سختی- جلدی-

نَکَعَهٗ (ف) نَکْعًا عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا یا رد کرنا — فُلَانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا — فُلَانًا حَقَّهٗ: حق روک دینا (— نَکْعًا و تَنْکَاعًا) المَاشِیَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا — فُلَانٌ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا- اور مَا نَکَعَ بمعنے مَا زَالَ افعال ناقصہ میں سے ہے "وَمَا اَدْرِی اَیْنَ نَکَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا-

نَکِعَ (س) نَکَعًا- چھلی ہوئی ناک والا ہونا-

نَکَّعَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: ہٹا دینا- جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا-

اَنْکَعَهٗ- رد کرنا- دفع کرنا- تھکانا- عَنِ الْاَمْرِ: جلدی کرانا- ہٹانا- اَنْکَعْتُ فُلَانًا بُغْیَتَهٗ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا- کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فَاَنْکَعَهٗ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا" و شَرِبَ فَاَنْکَعَهٗ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی-

النَکِع- مرد سرخ فام- چھلی ہوئی ناک والا- کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ نَکِعٌ" یعنی بہت سرخی والا-

النُکَع- سرخ رنگ- مرد سیاہ- سرخی مائل-

نَکَعَةُ الْاَنْفِ: ناک کا کنارہ-

النُکَعَة- مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو- بیوقوف کہ جب کہیں بیٹھ جائے تو ٹلے نہیں-

النُکَعَة- ناک کا کنارہ- ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل- درخت قتاد کا گوند- مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی-

الْاَنْکَعُ- مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو-

المُنْکَعُ- پیچھے کو لوٹنے والا- اَنْفٌ مُنْکَعٌ: چپٹی ناک-

نَکَفَ (ن) نَکْفًا عَنْ کَذَا: ناک بھوں چڑھانا- باز رہنا- الگ ہونا- صفت نَاکِفٌ-

فُلَانٌ الْغَیْثُ: بارش منقطع ہونا- کہا جاتا ہے "هٰذَا غَیْثٌ لَا یَنْکُفُهٗ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے

جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وَغَیْثٌ لَا یُنْکَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش۔ "وھٰذَا جَیْشٌ او بَحْرٌ لَا یُنْکَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر راتھاہ ہے۔ نَکَفَ الدَّمْعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا۔

نَکِفَ (س) نَکَفًا مِنْهُ او عَنْهُ: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔ نَکِفَتِ الْیَدُ: درد رسیدہ ہونا — الرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا۔

نَاکَفَهُ الْکَلَامَ مُنَاکَفَةً۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

اَنْکَفَهُ۔ ننگ و عار سے پاک کرنا۔ اَنْکَفَ اللّٰهَ: تنزیہ وتقدیس کرنا۔

نَکَّفَتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کی ٹھڈی کے نیچے غدود ظاہر ہونا۔

تَنَاکَفُوْا الْکَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا۔

اِنْتَکَفَ الْغَیْثَ: منقطع کرنا — الْقَوْمُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا — اِلَیْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَکَفْتُ لَهٗ فَضَرَبْتُهٗ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا۔ — الْحَبْلُ: رسّی کا ادھڑنا — الرَّجُلُ: بیزار ہونا — الْعَرَقَ عَنْ جَبِیْنِهٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

اِسْتَنْکَفَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا — مِنْ کَذَا: ننگ و عار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا ـــــ

النُّکَافُ۔ اُونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے۔

النَّکَفُ۔ مص - کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ واحد نَکَفَةٌ۔

رَجُلٌ نِکْفٌ۔ مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے۔

النَّکَفَتَانِ و النُّکْفَتَانِ۔ داڑھی۔ بچّہ کے دائیں بائیں کے جبڑے۔ ج نَکَفَات۔

النَّکْفَةُ۔ کان کا درد۔

الْمَنْکُوْفُ۔ مفعو - نکاف زدہ اُونٹ (دیکھیے نُکَاف)

نَکَلَ (ض ن) نُکُوْلًا و نَکِلَ (س) نَکَلًا عَنْ کَذَا او مِنْ کَذَا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَکَلَ عَنِ الْعَدُوِّ و عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الْجَوَابِ" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا۔

نَکَلَ (ن) نَکْلَةً بِفُلَانٍ: عبرتناک سزا دینا۔

نَکِلَ (س) نَکَلًا۔ سزا قبول کرنا۔

نَکَّلَ بِهٖ: مصیبت ڈالنا۔ عبرتناک سزا دینا۔ نَکَّلَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔ یکسو کرنا۔

اَنْکَلَهٗ عَنْهُ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

النَّاکِلُ۔ فا۔ بزدل کمزور۔

النَّکَالُ۔ عقوبت۔ سزا۔ عبرتناک سزا۔

النِّکْلُ۔ مضبوط بیڑی۔ ج اَنْکَال و نُکُوْل۔ لگام کا لوہا۔ مہار "فُلَانٌ نِکْلُ شَرٍّ" فلاں برائی کے لیے قید ہے۔ یعنی دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔

النَّکَلُ۔ قوی مرد۔ ہمسر پر غالب آنے والا۔ مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَکَلُ شَرٍّ" فلاں دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے۔

النُّکْلَةُ۔ عبرتناک سزا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِنُکْلَةٍ" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔

الْمُنَکَّلُ۔ عبرتناک سزا۔

الْمِنْکَلُ۔ سزا دینے کا سامان۔

النَّکْمَةُ۔ سخت مصیبت۔

نَکْنَکَ نَکْنَکَةً الْاَمْرَ: درست کرنا — عَلٰی غَرِیْمِهٖ: سختی کرنا۔

نَکَهَ (ف ض) نَکْهًا لِفُلَانٍ و عَلَیْهِ: کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نَکَهَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔

نَکِهَهٗ و نَکَهَهٗ (س ف) نَکْهًا۔ کسی کا منہ سونگھنا۔

نُکِهَ الرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے منہ کی بُو کا بدل جانا۔

اِسْتَنْکَهَهٗ۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْکَهْتُ الرَّجُلَ فَنَکَهَ فِیْ وَجْهِیْ" میں نے مرد کے منہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے منہ کے سامنے سانس لیا۔

النَّکْهَةُ۔ نَکَهَ کا اسم مرة۔ منہ کی بو۔

نَکٰی یَنْکِیْ نِکَایَةً الْعَدُوَّ و فِی الْعَدُوِّ: قتل کر کے یا زخمی کر کے غالب آنا۔ صفت فاعلی نَاكٍ اور صفت مفعولی مَنْکِیٌّ — الْقَرْحَةَ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔

نُکِیَ یُنْکٰی نَکًی۔ شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ مقہور ہونا۔

النُّلْنُلُ۔ کمزور بڈھا۔

نَمَّ (ن ض) نَمًّا الْحَدِیْثَ: چغل خوری کرنا — الْحَدِیْثُ: ظاہر ہونا — بَیْنَ النَّاسِ: بھڑکانا — الْکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا — الشَّیْءُ: خوشبو پھیلنا۔ نَمَّتِ الرِّیْحُ: ہوا کا بُو کو لانا۔

النَّامُّ۔ فا۔ ج نُمَّام۔

النَّامَّةُ۔ النَّامّ کا مؤنث۔ حس۔ حرکت۔ زندگی۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰهُ نَامَّتَهٗ" یعنی اللہ اسے موت دے۔

النَّمُّ۔ مص۔ چغل خور۔ ج نَمُّوْن و اَنِمَّاء و نُمٌّ۔

النَّمَّامُ۔ چغل خور۔ ایک خوشبو دار قسم کی نباتات۔ واحد نَمَّامَةٌ۔

النَّمَّةُ۔ نَمَّ کا اسم مرة۔ نَمٌّ کا مؤنث۔ سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ۔ اور کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَمَّتَهٗ" میں نے اس کی حرکت سنی۔

النِّمَّةُ۔ نَمَّ کا اسم نوع۔ جوں۔

النِّمِیُّ۔ خیانت۔ عیب۔ دشمنی۔ طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل۔ نُمِّیُّ الرَّجُلِ: مرد کی طبیعت۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ نُمِّیٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

النُّمِّیَّةُ۔ نُمی کا واحد۔ فاختہ۔ طبیعت۔

النَّمُوْمُ۔ چغل خور۔

النَّمِیْمُ و النَّمِیْمَةُ۔ چغل خوری۔ حرکت۔ لکھنے کی آواز۔ لکھائی۔ گفتگو کی نرم آواز۔ ج نَمَائِم۔

النَّمَمُ۔ چغل خوری۔

الْمِنَمَّمُ۔ چغل خور۔

النَّمْءُ و النَّمَأُ۔ چھوٹی چھوٹی جوئیں۔

نَمَرَ (ن) نَمْرًا فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

نَمِرَ (س) نَمَرًا الرَّجُلُ: غضبناک و بدخلق ہونا — السَّحَابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔

نَمَّرَ و تَنَمَّرَ۔ غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔

نَمَّرَ وَجْهَهٗ تَنْمِیْرًا۔ ترش رُو کردینا۔

اَنْمَرَ- صاف پانی پانا-

تَنَمَّرَ- عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا — بِفُلَانٍ : بگڑنا- خفا ہونا- دھمکی دینا- دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا-

النَّامِرَةُ و النَّامُوْرَةُ- بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کیلئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں-

النَّامُوْر- خون-

النَّمِر و النِّمْر و النَّمْر- چیتا- اور اس کی کنیت اَبُو الاَبْرَدِ اور اَبُو الْاَسْوَدِ ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں- ج اَنْمُرٌ و اَنْمَار و نُمُرٌ و نِمَارٌ و نِمَارَةٌ و نُمُوْرٌ و نُمُوْرَةٌ و نُمْرٌ- کہا جاتا ہے "لَبِسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَّمِرِ" فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا-

النَّمِر- صاف پانی- خالص حسب- بہت مِنَ الْمَاءِ : زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو- ج اَنْمَار-

النُّمْرَة- داغ- کہا جاتا ہے "بِہٖ نُمْرَةٌ مِنْ غَيْرِ لَوْنِهٖ" ج نُمَرٌ-

النَّمِرَة- النَّمِر کا مؤنث- مادہ چیتا- بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں-

النَّمِرَة- بھیڑیئے کو شکار کرنے کے لیے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں- چتکبرا رنگ- دھاری دار چادر- اُون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں- ج نِمَارٌ-

النَّمِيْر- صاف پانی- خالص حسب- کہا جاتا ہے مَاءٌ نَمِيْرٌ و حَسَبٌ نَمِيْرٌ : بہت — مِنَ الْمَاءِ : پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو-

الْاَنْمَر- سیاہ و سفید داغ والا — مِنَ الْخَيْلِ و النَّعَمَ : داغ دار اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں- مؤنث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَنْمَرُ" وہ شیر جس میں ٹمیالا پن اور سیاہی ہو-

طَيْرٌ مُنَمَّرٌ- کالے کالے نقطے والا پرند-

النُّمْرُق و النُّمْرُقَة و النَّمْرَق و النَّمْرَقَة و النِّمْرِق و النِّمْرِقَة- چھوٹا تکیہ- زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا- النِّمْرِقَة : پھٹے پھٹے بادل-

نَمَسَ (ض) نَمْسًا السِّرَّ : بھید چھپانا — الرَّجُلَ : چپکے چپکے بات کرنا — بَيْنَ الْقَوْمِ : فساد ڈالنا- بھڑکانا-

نَمِسَ (س) نَمَسًا السَّمَنُ و كُلُّ طِيْبٍ و دُهْنٍ : گھی، خوشبو اور تیل کا خراب ہونا- بگڑنا- صفت نَمِسٌ-

نَمَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ : ملتبس کرنا- خلط ملط کرنا — الشَّعْرُ : بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا — السَّمَنُ او الْجُبْنُ : گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا- صفت مُنَمِّسٌ-

نَامَسَ مُنَامَسَةً الصَّائِدُ : شکاری کا گھات میں بیٹھنا — فُلَانًا : چپکے چپکے بات کرنا-

اَنْمَسَ بَيْنَ الْقَوْمِ : فساد ڈالنا- بھڑکانا-

تَنَمَّسَ الْاَمْرُ : ملتبس ہونا- خلط ملط ہونا- — الصَّائِدُ : شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا-

اِنَّمَسَ اِنِّمَاسًا الرَّجُلُ : چھپنا — فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا-

النَّامُوْس- رازدار- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوْسُ الْاَمِيْرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے- وحی- حاذق- جھوٹا- چغل خور- شکاری کے گھات کی جگہ، راہب کی کوٹھری- جال- مکر و فریب- حیلہ نہانی- چیونٹی کی شکل کا ایک ٹمیالا جانور- شیر کی جھاڑی ج نَوَامِيْسُ- النَّامُوْسُ الْاَكْبَرُ : حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب (دخیل)

النَّامُوْسَة- شیر کی جھاڑی- مچھر-

النَّامُوْسِيَّة- مچھردانی (دخیل)

النِّمْس- چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں- ج نُمُوْس-

النَّمَس- گھی و خوشبو کی خرابی- دودھ یا چکنائی کی بو-

النَّمَسَة- بدبو-

النَّمَّاس- چغل خور-

الْاَنْمَس- ٹمیالا- مؤنث نَمْسَاء- ج نُمْس-

الْمُنَامِس- چپکے چپکے بات کرنے والا- گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا-

نَمْسَة- ملک آسٹریا- (دخیل)

نَمْسَاوِيّ- آسٹریا کا باشندہ (دخیل)

نَمَشَ (ن) نَمْشًا- چغل خوری کرنا- جھوٹ بولنا — الْكَلَامَ : جھوٹی بات بنانا — الْجَرَادُ الْاَرْضَ : کھا کے سب صاف کرنا- مِنَ الْاَرْضِ بیہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا-

نَمَشَهٗ (ض) نَمْشًا- منقش کرنا-

نَمِشَ (س) نَمَشًا- داغ دار ہونا- دھاری دار ہونا- صفت اَنْمَشُ و نَمِشٌ-

نَمَّشَ فِي اُذُنِهٖ : کان میں چپکے چپکے بات کہنا-

اَنْمَشَ الرَّجُلُ : چغل خوری کرنا- اور کہا جاتا ہے "اَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا-

النَّمْش- مص- چکنی چپڑی گفتگو-

النَّمَش- مص- داغ- دھاری- نقش و نگار کے خطوط-

النَّمِش- داغ دار- دھاری دار- سَيْفٌ نَمِشٌ- دھاری دار تلوار- وَجْهٌ نَمِشٌ : داغ دار چہرہ-

الْاَنْمَش- داغ دار- مؤنث نَمْشَاء- ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاءُ : داغ دار بکری-

رَجُلٌ مُنْمِشٌ- فساد آمیز مرد-

نَمَصَ (ن) نَمْصًا- الشَّعْرَ او النَّبْتَ : بال یا نباتات اکھیڑنا-

نَمَّصَ تَنْمِيْصًا و تَنَمَّصًا الشَّعْرَ : بال اکھیڑنا-

اَنْمَصَ النَّبْتُ : جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اُگنا-

تَنَمَّصَتِ الْمَاشِيَةُ : مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا — الْمَرْاَةُ : اکھیڑنے کیلئے پیشانی کے بال کو پکڑنا-

النِّمَاص- سوئی کا دھاگا-

النُّمَاص- مینہ- ج نُمُصٌ و اَنْمِصَةٌ-

النَّمَص- روئیں کی طرح نرم و ملائم بال- چھوٹے چھوٹے پر- ابتدائی نباتات- ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں-

النَّمِيْص- اکھیڑا ہوا — مِنَ النَّبْتِ وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں- یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے-

الْمِنْمَص و الْمِنْمَاص- موچنا-

نَمَّطَ تَنْمِيْطًا بِفُلَانٍ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ : — راہنمائی کرنا۔
اَنْمَطَ لَهُ الْعَطَاءَ : کم دینا۔
النَمَط۔ ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ نَمَطِ هٰذَا" یہ اس کی قسم سے ہے "وَمَاعِنْدَهُ نَمَطٌ مِنَ الْعِلْمِ" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔
النَمَط۔ ایک قسم کا اُونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج اَنْمَاط و نِمَاط اور نسبت کے لیے اَنْمَاطِيٌّ و نَمَطِيٌّ۔ النَمَط۔ لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔
الأَنْمَط۔ طریقہ۔
النَمْغَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نومولود بچّہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
النَمَاغَة۔ سر کا بالائی حصہ۔ نومولود بچّہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔
نَمَقَ(ن) نَمْقًا عَيْنَ فُلَانٍ : آنکھ پر طمانچہ مارنا — الْكِتَابَ : لکھنا۔
نَمَّقَ الْكِتَابَ : کتاب کو خوبصورت لکھنا — الْجِلْدَ : کھال کو منقش کرنا۔
اَنْمَقَتِ النَّخْلَةُ : درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور رہونا۔
التَمَق۔ کتاب۔ نَمَقُ الطَّرِيْقِ : راستہ کا وسط۔
النَمَقَة۔ بدبو۔
ثَوْبٌ نَمِيْقٌ و مُنَمَّقٌ۔ منقوش کپڑا۔ وَعْدٌ او قَوْلٌ مُنَمَّقٌ : بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔
نَمَلَ (ن) نَمْلًا و نَمِلَ (س) نَمَلًا و اَنْمَلَ چغل خوری کرنا۔ نَمَلَ و نَمِلَ فِي الشَّجَرِ : درخت پر چڑھنا۔
نَمِلَتْ(س) نَمَلًا يَدُهُ : ہاتھ کا سُن ہونا۔
تَنَمَّلَ الْقَوْمُ : حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
النَّامِل۔ فا۔ چغل خور۔
النَّامِلَة۔ النَّامِل کا مؤنث عام راستہ۔
النَمْل و النُمُل۔ چیونٹی۔ واحد نَمْلَةٌ و نُمْلَةٌ (مذکر و مؤنث) ج نِمَال۔ النَمْلُ : پہلو کی پھنسیاں۔
النَمِل۔ چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَمِلٌ و اَرْضٌ نَمِلَةٌ" اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الْقَوَائِمِ" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے و "رَجُلٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الْاَصَابِعِ" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔
النَمْلَة۔ جھوٹ۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔
النُمْلَة۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذُو نُمْلَةٍ" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔
النَمْلَة۔ بتثلیث النّون : چغل خوری۔
النَمَلَانُ۔ کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔
النَمَّال۔ چغل خور۔
النَمِيْلَة۔ چغل خوری۔
الأنْمَلَة۔ تسع لغات بتثلیث الهمزه والمیم : سرانگشت۔ اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج اَنَامِل و اَنْمُلَات (بتثلیث الحرفَیْنِ)
النَمْلَى و المُنَمَّلَة مِنَ النِّسَاءِ : ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔
المِنْمَل و المُنْمِل۔ چغل خور۔
المُنْمَل و المُنَمَّل۔ لکھا ہوا۔ گنجان لکھا ہوا۔
المَنْمُوْل۔ زبان۔ طَعَامٌ مَنْمُوْلٌ : کھانا جس میں چیونٹیاں پڑ گئی ہوں۔
نَأْمَلَ نَأْمَلَةً۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُنَأْمِلُ فِيْ قَيْدِهِ"
نَمْنَمَهُ۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا۔ منقش کرنا۔
نَمْنَمَتِ الرِّيْحُ الرَّمَلَ او الْمَاءَ : دھاری ڈالنا۔ لہر ڈالنا۔ نَمْنَمَ كِتَابَهُ : گنجان ڈالنا۔
النَمِيْم و النِمْنِيْم۔ ریت پر کی دھاری۔ لہر۔
النِمْنِمُ و النُمْنُم۔ جوانوں کے ناخن پر کی سپیدی۔ واحد نِمْنِمَةٌ و نُمْنُمَةٌ۔
المُنَمْنَم۔ مفعو۔ ثَوْبٌ نَمْنَمٌ : منقش کپڑا۔ بِنْتٌ مُنَمْنَمٌ : گنجان نباتات۔ كِتَابٌ مُنَمْنَمٌ : منقش کتاب نَاقَةٌ مُنَمْنَمَةٌ : موٹی اُونٹنی۔
نَمِهَ (س) نَمَهًا۔ حیرانی جیسی لاحق ہونا۔ صفت نَامِهٌ و نَمِهٌ۔
نَمَا يَنْمُوْ نُمُوًّا۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا — الْخِضَابُ : سرخی یا سیاہی زائد ہونا — الْحَدِيْثُ اِلٰى فُلَانٍ : نسبت کرنا۔
النُمُوُّ۔ بڑھاؤ۔ زیادتی۔
النَمْوَة۔ زیادتی۔
النَمُوْذَج و الأنْمُوْذَج : نمونہ۔ ج نَمُوْذَجَاتٌ و اَنْمُوْذَجَاتٌ۔
نَمٰى يَنْمِيْ نَمْيًا و نُمِيًّا و نَمَاءً و نَمِيَّةً الْمَالُ و غَيْرُهُ : زیادہ ہونا۔ بہت ہونا — السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا — الحِبْرُ فِي الْكِتَابِ : روشنائی کا لکھنے کے بعد چمک اُٹھنا — الْخِضَابُ فِي الْيَدِ او الشَّعْرِ : سیاہی زیادہ ہونا — الشَّيْءَ عَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز سے بلند کرنا — النَّارَ : آگ کو خوب بھڑکانا — الرَّجُلُ : موٹا ہونا — الْمَاءُ : پانی کا چڑھنا — اَلْحَدِيْثُ اِلٰى فُلَانٍ : کسی کی جانب نسبت کرنا — الرَّجُلُ اِلٰى اَبِيْهِ : نسبت کرنا۔ نَمَتِ الْإِبِلُ : موٹا ہونا۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک جانا — الصَّيْدَ : شکار کا زخم لگ جانے کے بد نگاہ سے او جھل ہونا اور مرجانا۔
نَمّٰى تَنْمِيَةً الشَّيْءَ : بڑھانا — النَّارَ : آگ کو خوب بھڑکانا — اَلْحَدِيْثَ اِلٰى فُلَانٍ : نسبت کرنا۔ فساد انگیزی کے لحاظ سے پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُنَمِّيْ اَحَادِيْثَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی باتوں کو فساد انگیزی کے لیے پہنچاتا ہے۔
اَنْمٰى اِنْمَاءً الشَّيْءَ : زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ اَنْمٰى : بڑھنا — اَلْحَدِيْثَ : چغل خوری کے لحاظ سے پھیلانا — الصَّيْدَ : شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے او جھل ہو کے مرجانا اور اس کے مقابل میں "اَصْمٰى" ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ تیر لگنے کے بعد فوراً مرجائے اور اسی سے عرب کا قول ہے "كُلْ مَا اَصْمَيْتَ وَدَعْ مَا اَنْمَيْتَ" — اَنْمَى الرَّاعِي الْإِبِلَ : چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لے جانا۔ اَنْمَاهَا الْكَلَأُ : گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا۔ اَنْمَى الْكَرْمُ : انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا۔ اَنْمَيْتُ لِفُلَانٍ : کسی کی معمولی غلطی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑی غلطی میں مبتلا ہو جائے اور پھر اس کیلئے کوئی عذر باقی نہ رہے۔

تَنمّی تَنمّیًا الشَّیئُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور بلند ہونا۔
اِنْتَمٰی اِنْتِمَاءً فُلَانٌ اِلٰی اَبِیْهِ: منسوب ہونا — اَلْبَازِی: ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا۔ وَانْتَمٰی فُلَانٌ فَوْقَ الْوِسَادَةِ: بلند ہونا۔
النَّامِی۔ فا۔ نجات پانے والا۔
النَّامِیَة۔ النَّامِی کا مؤنث۔ بڑھنے کی طاقت، مخلوق — مِنَ الْاِبِلِ: موٹے اونٹ۔ نَامِیَةُ الْکَرْمِ: پھلدار شاخ۔ ج النَّوَامِی۔
النَّمَاة: چھوٹی جوں۔ ج نَمِی۔
نَهَأَ یَنْهَأُ نَهْأً الْاِنَاءَ: بھرنا اور کہا جاتا ہے شَرِبَ فُلَانٌ حَتّٰی نَهَأَ: فلاں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہو گیا۔
نَهِیَ یَنْهَأُ وَنَهُؤَ یَنْهُؤُ نَهْأً وَنَهَأً وَنَهَاءَةً وَنُهُوْءً او نَهَاوَةً اللَّحْمُ: گوشت کا کچا رہنا۔ صفت نَهِیءٌ۔
اَنْهَأَ اِنْهَاءً اللَّحْمَ: گوشت کچا رکھنا — الْاَمْرَ: مضبوط نہ کرنا۔
النَّاهِی۔ شکم سیر۔ سیراب۔
النُّهُوْءَة۔ پختگی۔
نَهَبَ (ف ن) وَنَهِبَ (س) نَهْبًا الْغَنِیْمَةَ مَالِ غنیمت لوٹنا — الْقَوْمُ فُلَانًا: سخت سست کہنا۔
نَهَبَهُ الْکَلْبُ: کتے کا ایڑی پر کاٹ لینا۔
نَاهَبَهُ مُنَاهَبَةً۔ دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔
نَاهَبَ الْقَوْمُ فُلَانًا: سخت سست کہنا — الْغَنِیْمَةَ: مالِ غنیمت لوٹنا۔
اَنْهَبَ الرَّجُلُ مَالَهُ: لوٹنے کا موقع دینا۔
اَنْهَبَهُ الْمَالَ: لٹا دینا۔
تَنَاهَبَتِ الْاِبِلُ الْاَرْضَ: ٹانگوں کے نیچے کرنا۔ تَنَاهَبَ الْفَرَسَانِ: باہم لوٹنا اور دوڑنے میں مسابقت کرنا۔
اِنْتَهَبَ الْفَرَسُ الشَّوْطَ: غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَوَادٌ یَنْتَهِبُ الْغَایَةَ: گھوڑا جو غایت تک سابق ہوتا ہے "وَانْتَهَبَ النَّهْبَ" مالِ غنیمت کو لینا۔
النَّهْب۔ مص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَانُ النَّهْبِ" یہ لوٹ کا وقت ہے۔ غنیمت۔ ہر وہ چیز جو لوٹی جائے۔ ج نِهَابٌ۔ النَّهْبُ: ایک قسم کی دوڑ۔

النُّهْبَة والنُّهْبٰی والنُّهَیْبٰی والنُّهَّیْبٰی لوٹ: لوٹی ہوئی چیز۔
النَّهَّاب۔ بہت لوٹنے والا۔
المِنْهَب۔ دوڑ میں فوقیت لے جانے والا گھوڑا۔
المُنْتَهَب۔ مصدر میمی بمعنی انتہاب۔ لوٹ کی جگہ۔
المَنْهُوْب۔ مفعو۔ فوری مطلوب۔
النَّهَابِر والنَّهَابِیْر۔ ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کی بلند جگہیں۔ اور بقول بعض ٹیلوں کے درمیان گڑھے۔ واحد نُهْبُرَةٌ و نُهْبُوْرٌ و نُهْبُوْرَةٌ۔
النَّهَابِر: جہنم اور کہا جاتا ہے "غَشِیَ بِهِ النَّهَابِیْرَ" اس نے اس کو سخت کام پر برانگیختہ کیا۔
النَّهْبَرَة۔ لمبی لاغر عورت یا قریب بہ ہلاکت۔
النُّهْبُوْغ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ ایک قسم کی لمبی تیز رفتار کشتی جس کو دونیج بھی کہتے ہیں۔ جو معرب ہے دونی کا۔
نَهْبَلَ۔ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا اور لنگڑے بجو کی طرح چلنا۔
النَّهْبَل۔ عمر رسیدہ۔ کہا جاتا ہے "شَیْخٌ نَهْبَلٌ وَعَجُوْزٌ نَهْبَلَةٌ" عمر رسیدہ بڈھا۔ عمر رسیدہ بڑھیا۔
النَّهْبَلَة۔ گرانباری کی چال۔ موٹی اونٹنی۔
نَهَتَ (ض) نَهَاتًا وَنَهِیْتًا الْاَسَدُ او الْحِمَارُ او الرَّجُلُ: شیر کا گونجنا۔ گدھے کا رینکنا۔ مرد کا آواز کرنا۔ نالہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهُ یَنْهِتُ کَمَا یَنْهِتُ الْقِرْدُ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اس طرح آواز نکال رہا تھا جیسے بندر نکالتا ہے۔
النَّاهِت۔ فا۔ حلق۔
النَّهَّات۔ رینکنے والا — والمُنْهِت) شیر۔
نَهْتَرَ فُلَانٌ عَلَیْنَا: جھوٹ باندھنا۔
نَهَجَ (ض) وَنَهِجَ (س) نَهَجًا الرَّجُلُ: ہانپنا۔ دمہ والا ہونا۔
نَهَجَ (ف ن) نَهْجًا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت نَهِج۔
نَهَجَ (ف) نَهْجًا الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔ بوسیدہ کرنا — الْاَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا — الطَّرِیْقَ: راستہ میں چلنا۔
نَهَجَ (ف) نَهْجًا و نُهُوْجًا الطَّرِیْقُ او الْاَمْرُ: راستہ کا یا معاملہ کا واضح ہونا۔

اَنْهَجَ الطَّرِیْقُ او الْاَمْرُ: راستہ یا معاملہ کا واضح ہونا ظاہر ہونا — الطَّرِیْقَ او الْاَمْرَ: راستہ یا معاملہ کو واضح کرنا۔ ظاہر کرنا — الدَّابَّةَ: چوپایہ پر سوار ہو کر سانس چڑھانا — فُلَانًا: سانس چڑھانا — الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا — الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا یا کہنگی شروع ہونا۔
اِنْتَهَجَ الرَّجُلُ: چلنا۔ اور بقول بعض واضح راستہ تلاش کرنا — الطَّرِیْقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔
اِسْتَنْهَجَ۔ الطَّرِیْقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ فُلَانٌ سَبِیْلَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔
طَرِیْقٌ نَاهِجَةٌ۔ واضح راستہ۔
النَّهْج۔ مص۔ واضح راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ نَهْجٌ و طُرُقٌ نَهْجَةٌ و نَهْجَاتٌ و نُهُجٌ و نُهُوْجٌ"
نَهْجُ الْبَلَاغَة۔ بلاغت کے واضح طریقے۔ ایک کتاب کا نام جس میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے خطبات، اقوال، مکاتیب، نصائح جمع کیے گئے ہیں۔
النَّهَج والنَّهِیْج۔ ہانپنا۔
المَنْهَج والمِنْهَج والمِنْهَاج: کشادہ راستہ۔ ج مَنَاهِج۔
المُنْهَج۔ جلدی بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔
نَهَدَ (ف ن) نُهُوْدًا الثَّدْیُ: پستان کا ابھرنا۔
نَهَدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت نَاهِدٌ و نَاهِدَةٌ — الْقِرْبَةُ: مشک کا بھرنے کے قریب ہونا — نَهْدًا و نَهَدًا لِلْعَدُوِّ وَاِلَی الْعَدُوِّ: دشمن پر جلدی حملہ کرنا — الْهَدِیَّةَ: ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا۔
نَهَدَ (ف) نَهْدًا۔ اٹھنا — اِلَیْهِ: کھڑا ہونا۔ جیسے دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَنَهَدَ النَّاسُ یَسْأَلُوْنَهُ" یعنی وہ مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کھڑے ہو کر اس سے پوچھنے لگے۔
نَهُدَ (ک) نُهُوْدَةً الْفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔
نَهَّدَتِ الْمَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت مُنَهِّدٌ۔

ناھَدَہٗ مُناھَدَۃً۔ لڑائی میں کسی کا مقابلہ کرنا۔
اَنْہَدَ الْعَطِیَّۃَ: عطیہ کو بڑھانا — الْحَوْضَ او الْاِنَاءَ: حوض یا برتن کو بھرنا یہاں تک کہ چھلکنے لگے۔ اَنْہَدَتِ الْمَرْاَۃُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا — فُلَانًا: اٹھانا۔
تَنَہَّدَ الرَّجُلُ: ٹھنڈی سانس لینا۔
تَنَاھَدَ الْقَوْمُ: برابر برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ خریدیں اور جو نفقہ نکالا جائے اس کو النِّہْد کہتے ہیں۔ تَنَاھَدَ الْقَوْمُ الشَّیئَ: آپس میں لین دین کرنا۔ تَنَاھَدُوا فِی الْحَرْبِ: لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَنْہَدَہٗ لڑائی میں اٹھنے کیلئے بلانا۔
النَّاھِد۔ فا۔ ج نُہَّدَاء و نُہَّادٌ۔ ابھرے ہوئے پستان والی عورت۔ ج نَوَاھِد۔ النَّاھِد۔ شیر۔ غُلَامٌ نَاھِدٌ: قریب البلوغ لڑکا۔
النُّھَادُ۔ مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا نُھَادُ مِائَۃٍ" یہ مقدار سو کے ہے۔
النَّہْد۔ مص۔ بلند چیز۔ شیر۔ کریم۔ عمدہ مضبوط گھوڑا۔ مسکہ۔ پستان۔ ج نُہُود۔
النِّہْد۔ نفقہ جو شرکاء سفر برابر برابر نکالیں۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَ نِہْدَہٗ مَعَ الْقَوْمِ" یعنی اس نے ان کی مدد کی۔
النَّہْدَاءُ۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔
حَوْضٌ او اِنَاءٌ نَہْدَانٌ۔ بھرا ہوا حوض یا برتن جو ابھی چھلکتا نہ ہو۔
النَّہِیْد۔ گاڑھا مسکہ۔
النَّہِیْدَۃ۔ گاڑھا مسکہ۔ ایک قسم کا کھانا جو اندرائن کے بیج کے مغز کو آٹے سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
الْمَنْہُوْد اِلَیْہِ: جس کا قصد کیا جائے جس کی طرف اٹھا جائے۔
الْمُنَاھَدَۃ۔ مص۔ جھگڑا کرنا۔
نَہَرَ (ف۔س) نَہْرًا الدَّمُ: خون کا زور سے بہنا — الْمَاءُ: پانی کا بہنا اور نہر بنالینا — النَّہْرَ: نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا — السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا — وَنَہِرَ (س) نَہَرًا الْحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ الْبِئْرَ حَتّٰی نَہِرْتُ" میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔
اَنْہَرَ النَّہْرَ: نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور یہ نیزہ کے زخم کیلئے بھی آتا ہے) — الدَّمَ: خون نکالنا۔ بہانا — الدَّمُ: خون کا بہنا — الْعِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا — فُلَانٌ: بھلائی کو نہ پہنچنا — فِی الْعَدْوِ: تاخیر کرنا۔ سستی کرنا — الرَّجُلُ: دن کرنا — الْبَطْنُ: پیٹ چلنا — الْحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔
اِنْتَہَرَ السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا — الْعِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا — بَطْنُہٗ: پیٹ چلنا۔
اِسْتَنْہَرَ النَّہْرُ: نہر کا اپنے بہنے کے لیے مضبوط جگہ بنانا — الشَّیئُ: وسیع و کشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کیلئے اِسْتَنْہَرَ کا استعمال کرتے ہیں۔
النَّاھِر۔ فا۔ سفید انگور۔
النَّہَار۔ دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج اَنْہُر و نُہُر۔
النَّہَارِیّ۔ کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔
النَّہْر۔ ندی۔ دریا۔ ج اَنْہُر و اَنْہَار و نُہُر و نُہُوْر۔
النَّہَر گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔
النَّہِر۔ سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَہْرٌ نَہِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَہَارٌ نَہِرٌ" روشن دن "مَاءٌ نَہِرٌ" بہت پانی۔
النَّہِیْر۔ بہت۔
النَّہِیْرَۃ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
الْاَنْہَر۔ اسم تفضیل۔ نہار اَنْہَر: بہت روشن دن۔
الْاَنْہَرَانِ مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ: چاند کے منازل میں عَوَّاء اور سَمَاک نامی دو ستارے۔
النَّاھُوْر۔ بادل۔
الْمَنْہَر۔ پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنالیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔
الْمَنْہَرَۃ۔ لوگوں کے گھروں کے درمیان کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَمَامَ دَارِھِمْ مَنْہَرَۃٌ" ان کے گھروں کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔
نَہَزَہٗ (ف) نَہْزًا۔ دفع کرنا اور مارنا۔ نَہَزَ رَاْسَہٗ: سر ہلانا — الشَّیئَ: قریب ہونا — فُلَانٌ: کچھ لینے کیلئے اٹھنا — الْفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّہٖ اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا — الدَّابَّۃُ: چوپایہ کا سینہ نکال کر چلنا — الدَّابَّۃُ بِرَاْسِھَا: چوپایہ کا اپنے آپ سے دفع کرنا۔ اور جب دودھ چھڑانے کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَہَزَ لِلْفِطَامِ" صفت مذکر نَاھِزٌ اور صفت مؤنث نَاھِزَۃٌ: نَہَزَ بِالدَّلْوِ فِی الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں بھر جانے کے لیے ہلانا — الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں سے نکالنا — نَہَزَ الرَّجُلُ: قے کرنے کے لیے گردن اٹھانا اور سینہ نکالنا — قَیْحًا: پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے "نَہَزَتْنِیْ اِلَیْکَ حَاجَۃٌ" مجھے ضرورت تمہارے پاس لے آئی۔
نَاھَزَ مُنَاھَزَۃً۔ قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاھَزَ الْخَمْسِیْنَ" اس کی عمر پچاس کے قریب ہے "وَنَاھَزَ لِلْفِطَامِ" وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہنچا — الصَّیْدَ: سبقت کرنا — الْفُرْصَۃَ: غنیمت جاننا۔ نَاھَزْتُھُمُ الْفُرَصَ: فرصت پانا۔
اَنْہَزَہٗ۔ دفع کرنا۔ اٹھانا۔
تَنَاھَزَا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاھَزُوا الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جاننے کی وجہ سے سبقت کی۔
اِنْتَہَزَ الْفُرْصَۃَ: غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا — الشَّیئَ: قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا — فِی الضَّحْکِ: بہت زور سے ہنسنا۔
النَّاھِز۔ فا۔ نَاھِزُ الْقَوْمِ: قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔
النُّہَاز و النِّہَاز۔ قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا نُہَازُ ذَاکَ" یہ اس کے مقدار ہے۔
النَّہْز۔ مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کیلئے اٹھنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَہْزُہٗ کَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔
النَّہْز۔ شیر۔
النَّھَّاز۔ اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔
النُّہْزَۃ۔ فرصت۔ ج نُہَز۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ

نُهْزَةُ الْمُخْتَلِس "وہ ہر ایک کا شکار ہے۔
الْمُنْهَزِمِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کا من۔
الْمُنَاهَزَة۔ مص۔ مسابقت۔

نَهَسَ (ف) و نَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الْكَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔
اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا — فُلَانًا: غیبت کرنا۔
النُّهَسُ والنَّهْس۔ لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان۔
النَّهَّاس والنَّهُوْس والمَنْهَس والمِنْهَس بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
الْمَنْهَس: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَثِيْرَةُ الْمَنَاهِسِ" بہت چراگاہ والی زمین۔
النَّهِيْس۔ کم گوشت والا۔ دُبلا۔ الْمَنْهُوس۔ مفع۔ کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْهُوْسُ الْقَدَمَيْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔

نَهْسَرَ نَهْسَرَةً۔ اللَّحْمَ: گوشت کاٹنا — الطَّعَامَ: کھانا۔
النَّهْسَر۔ بھیڑیا۔ یا بجو سے بھیڑیئے کا بچہ۔ ہلکا پھلکا۔ تیز رفتار۔ گوشت کا بہت حریص۔

نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا۔ اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا — الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔
نُهِشَتْ وانْتَهَشَتْ اَعْضَاؤُنَا: لاغر ہونا۔
النَّهَاوِش۔ مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهَشَهُ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الْيَدَيْنِ او القَوَائِم": وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔
الْمَنْهُوْش۔ مفع۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔

نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا — فُلَانًا: دانت سے کاٹنا — الشَّيْءَ: سخت بھوکے کی مانند کھانا۔
النَّهْشَل۔ بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڑھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَةٌ۔

نَهَضَ (ف) نَهْضًا و نُهُوْضًا۔ کھڑا ہونا — عَنْ مَكَانِهِ: اٹھنا — اِلَى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا — النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا — لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا — الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کیلئے بازو پھیلانا (— نَهْضًا) فُلَانًا: ظلم کرنا — الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔
نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً۔ مقابلہ کرنا۔
اَنْهَضَهُ۔ اٹھانا۔ کھڑا کرنے کیلئے ہلانا۔ اَنْهَضَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا — الْقِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔ اَنْهَضَهُ بِالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔
تَنَاهَضُوْا فِي الْحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْتَهَضَ۔ کھڑا ہونا — فُلَانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا — الْقَوْمُ: مقاتلہ کے لیے کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کیلئے اٹھنے کو کہنا۔
النَّاهِض۔ فا۔ اُڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا "ومَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔
نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد۔ اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِض۔ النَّوَاهِض بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔
النِّهَاض مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاض: جلدی۔
النَّهْض۔ مص — مِنَ البَعِيْرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُض۔ النَّهْض: ظلم و زبردستی۔ سخت زمین۔
النَّهْضَة۔ نَهَضَ کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زمین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاض۔ کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلَى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيْرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔
النَّهَّاض۔ بہت اٹھنے والا۔ گلا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
النَّهْضَل۔ عمر رسیدہ آدمی یا گدھ یا باز۔

نَهَطَهُ (ف) نَهْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
نَهَعَ (ف) نُهُوْعًا۔ قے کرنا اور کچھ نہ نکلنا۔
نَهَفَ (ف) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔

نَهَقَ (ف ن ض) ونَهِقَ (س) نَهْقًا ونَهِيْقًا و نُهَاقًا و تَنْهَاقًا الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِق۔
تَنَاهَقَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا رینکنا۔
النَّاهِقَانِ۔ کھر دار جانور کے جبڑے کی وہ اُبھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النَّوَاهِق بھی کہتے ہیں۔
نَاهِقُ الحِمَارِ و نَوَاهِقُهُ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نَوَاهِق اُن کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد نَاهِقَةٌ۔
النَّهْق۔ مص۔ پرندہ کی ایک قسم (— والنَّهَق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهْقَةٌ و نَهَقَةٌ۔

نَهَكَهُ (ف) نَهْكًا و نَهَاكَةً۔ غالب ہونا۔ نَهَكَ الثَّوْبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا — مِنَ الطَّعَامِ و فِيْهِ: کھانے میں مبالغہ کرنا — عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا — الضَّرْعَ: تھن سے دودھ نکال لینا۔ نَهَكَتِ الاِبِلُ مَاءَ الْحَوْضِ: سارا پی جانا — الحُمّٰى فُلَانًا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا — الشَّرَابُ فُلَانًا: دُبلا کرنا۔
نَهِكَهُ (س) نَهْكًا و نَهْكَةً۔ سخت سزا دینا (— نَهْكًا و نَهَكًا و نَهْكَةً و نَهَاكَةً) الحُمّٰى فُلَانًا: لاغر و دبلا کرنا (— نَهْكًا) فُلَانٌ الشَّرَابَ: ختم کرنا۔
نُهِكَ نَهْكًا۔ لاغر و دبلا ہونا۔ صفت مَنْهُوْكٌ۔
نَهُكَ (ک) نَهَاكَةً۔ دلیر ہونا۔
اَنْهَكَهُ۔ سخت سزا دینا۔
اِنْتَهَكَتْهُ الْحُمّٰى: لاغر و دبلا کرنا۔ اِنْتَهَكَ فُلَانٌ الْحُرْمَةَ: اپنے چال چلن کو خراب کرنا — الشَّيْءَ: بے عزتی کرنا — فُلَانًا: بے آبروئی کرنا۔
النَّاهِک۔ فا۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔
النَّهْک۔ مص۔ بحر رجز کے دو ثلث کو حذف کرنا۔ جزء اخیر کو یا باقی کو مَنْهُوْک کہتے ہیں۔

النَّهْكَة- نہک کا اسم مرۃ- کہا جاتا ہے "بَدَتْ فِيهِ نَهْكَةُ الْمَرَضِ" اس میں مرض کا اثر دبلا پن ظاہر ہوا۔

النَّهُوك- دلیر۔

المَوْبِق۔ ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْكَبُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَيَفْعَلُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ يَبِلُ وَبْلًا فُلَانٌ بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا ــــ الصَّيْدَ: شکار کو تیز ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ يَوْبُلُ وَبْلًا و وَبَالًا و وُبُوْلًا و وَبَالَةً المَكَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا ــــ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

وَابَلَهُ مُوَابَلَةً۔ ہمیشگی کرنا۔

اِسْتَوْبَلَ اسْتِيْبَالًا المَكَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الْإِبِلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الوَبْل و الوَابِل۔ تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الوَابِلَة۔ وابل کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الوَبَال۔ مص۔ سختی۔ بدہضمی۔ برا انجام۔

الوَبْلَة والاَبَلَة۔ گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ وَبْلَةُ الطَّعَامِ او ابَلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہو گئی۔

الوَبِيْل۔ سخت۔ مَرْعًى وَبِيْلٌ: مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِيْلٌ: مضر صحت کھانا۔ الوبيل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری۔ اور کہا جاتا ہے "اَبِيْلٌ عَلَى وَبِيْلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا (ــــ والوَبِيْلَة والمَوْبِل ــــ والمِيْبَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

المِيْبَل والمِيْبَلَة۔ کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لیے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل۔

وَبْنٌ۔ کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الوَبْنَة۔ تکلیف۔ بھوک۔

وَبَهَ و وَبِهَ يَوْبَهُ وَبْهًا و وَبَهًا و وُبُوْهًا و اَوْبَهَ اِيْبَاهًا لِفُلَانٍ و بِهِ: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لا يُوْبَهُ بِهِ اَوْلَهُ" فلاں کی پروا نہیں کی جاتی۔

وَتَأَيَتَأُ وَتَأً فِي مِشْيَتِهِ: سست رفتار چلنا۔

وَاتَأَهُ مُوَاتَأَةً و وِتَاءً عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔

الوَتُّ والوَتَّة۔ قمری کی آواز۔

وَتُحَ يَوْتُحُ و تَاحَةً و وَتُحَةً و وُتُوْحَةً الْعَطَاءُ: داد و دہش کم ہونا۔

وَتَحَ يَتِحُ وَتْحًا و تِحَةً العَطَاءَ: داد و دہش کم کرنا۔

اَوْتَحَ اِيْتَاحًا و وَتَّحَ تَوْتِيْحًا العَطَاءَ: کم کرنا۔

اَوْتَحَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا ــــ فُلَانًا: رنج و مشقت میں ڈالنا ــــ لَهُ الشَّيْءَ: کم کرنا۔

تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا۔

الوَتْح والوَتِح والوَتِيْح۔ تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وَتِحٌ: خسیس مرد۔ طَعَامٌ وَتْحٌ: بے برکت کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْهُ وَتْحَةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَتَخَ يَتِخُ وَتْخًا الرَّجُلَ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اَوْتَخَ اِيْتَاخًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچنا۔

الوَتَخَة۔ کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْهُ وَتَخَةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

المِيْتَخَة۔ چھڑی۔

وَتَدَيَتِدُ وَتْدًا و تِدَةً و وَتَّدَ الْوَتَدَ: میخ گڑ جانا ــــ الوَتَدَ: میخ گاڑنا۔ وَتَدَ فِي بَيْتِهِ اقامت کرنا۔

وَتَدَ الزَّرْعُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور قوی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "وَتَّدَ رِجْلَهُ فِي الْاَرْضِ" اس نے اپنے پیر کو زمین میں دھنسا دیا۔

اَوْتَدَ اِيْتَادًا الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔

الوَتْد و الوَتِد و الوَتَد۔ میخ۔ کھونٹی۔ کان کے سامنے کاسہ کے مانند ابھرا ہوا حصہ۔ ج اَوْتَاد۔ اَوْتَادُ الْاَرْضِ: پہاڑ۔ اَوْتَادُ الْبِلَادِ: ملک کے بڑے بڑے آدمی۔ اَوْتَادُ الْفَمِ: دانت وَالْوَتِد عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: تین حروف جن میں سے دوسرا یا تیسرا ساکن ہو۔ اگر دوسرا ساکن ہو تو وتد مفروق کہلاتا ہے جیسے قَوْلٌ۔ اور تیسرا ساکن ہو تو وتد مجموع جیسے عَلَى۔

المِيْتَد و المِيْتَدَة۔ میخ گاڑنے کی لکڑی یا لوہے کی موگری۔

الوَاتِد۔ فا۔ ثابت۔ قَرْنٌ وَاتِدٌ: کھڑا سینگ۔ وَتِدٌ وَاتِدٌ مبالغہ کیلئے ہے جیسے شُغْلٌ شَاغِلٌ۔

وَتَرَيَتِرُ وَتْرًا وَتِرَةً فُلَانًا: گھبرا دینا۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا ــــ فُلَانًا مَالَهُ او حَقَّهُ: گھٹا دینا۔ القَوْمَ: جفت کو طاق کر دینا ــــ القَوْسَ: تانت لگانا۔

اَوْتَرَ اِيْتَارًا القَوْسَ: کمان کے لیے تانت بنانا یا کمان میں تانت لگانا ــــ الشَّيْءَ: طاق بنانا ــــ بَيْنَ الْاَشْيَاءِ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا۔

وَاتَرَ وِتَارًا و مُوَاتَرَةً الْاَشْيَاءَ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا ــــ الكُتُبَ: لگاتار بھیجنا ــــ القَوْمَ: ایک یا دو روز کا ناغہ دے کر روزہ رکھنا۔

وَتَّرَ القَوْسَ: کمان میں تانت لگانا۔

تَوَتَّرَ الْعَصَبُ وَنَحْوُهُ: پٹھے وغیرہ کا تانت کی

مانند سخت ہونا۔

تَوَاتَرَتِ الْاَشْیَاءُ: وقفہ کے ساتھ لگاتار ہونا۔

اَلْوَتْرُ و الْوِتْرُ۔ بے جوڑ۔ طاق۔ بدلہ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ ج اَوْتَار۔

اَلْوَتَرُ۔ وَتَرَۃٌ کی جمع ہے بمعنی تانت۔ ج اَوْتَارٌ و وِتَارٌ۔

اَلْوَتَرَۃُ۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ نتھنے کا کنارہ یا ناک کے بانسہ اور مونچھ کے درمیان کا حصہ۔ کمان سے تیر نکلنے کی جگہ۔ زبان کے نیچے کا پٹھا۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ ہر چیز کا گھیرا۔ ہر چیز کا خالص حصہ ج وَتَرٌ و وَتَرَاتٌ۔

اَلْوَتِیْرَۃُ۔ طریقہ۔ وقفہ۔ سستی۔ نیزہ بازی سیکھنے کا دائرہ۔ قبر۔ گھوڑے کی پیشانی کا گول سفید داغ۔ بدلہ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ قید۔ تاخیر۔ نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔ کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ ہونٹ کا حلقہ۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ سفید زمین۔ گلاب کا شگوفہ۔ پہلی دہائی کا نام۔ یعنی جب دس کا عدد پورا ہوتا ہے تو اُسے وَتِیْرَۃ کہتے ہیں۔

تَتْرٰی۔ اس کی اصل وَتْرٰی ہے اور اس کے معنے ایک کے بعد ایک کا آنا جیسے اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرٰی۔

اَلْمَوْتُوْرُ۔ مفع۔ وہ شخص جو اپنے مقتول کے خون کا بدلہ نہ لے سکے۔

اَلْوَتْشُ۔ ہر چیز کا قلیل۔ کمینے۔

وَتِغَ یَوْتَغُ وَتَغًا۔ گنہگار ہونا۔ دین یا دنیا کے بارے میں ہلاک ہونا۔ دردمند ہونا۔ بد خلق ہونا۔ ملامت زدہ ہونا۔ گفتگو میں نا سمجھ ہونا۔ برا قول کہنا اور حد درجہ جاہل ہونا ___ فِیْ حُجَّتِہٖ غلطی کرنا۔

اَوْتَغَہٗ اِیْتَاغًا۔ ہلاک کرنا۔ قید کرنا اور بقول بعض مصیبت میں ڈالنا۔ دردناک کرنا۔ اَوْتَغَہٗ عِنْدَ السُّلْطَانِ: مضرات کی تلقین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْتَغَ دِیْنَہٗ بِالْاِثْمِ" تم اس نے اپنے دین کو گناہ سے خراب کیا۔

اَلْوَتِیْغَۃُ۔ دلیل میں غلطی۔

اَلْمَوْتَغَۃُ۔ ہلاکت۔

وَتَنَ یَتِنُ وُتُوْنًا و تِنَۃً الْمَاءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا اور ختم نہ ہونا ___ بِالْمَکَانِ: ٹھہرنا اور اقامت کرنا (___ وَتْنًا و وَتِیْنًا) الرَّجُلَ: شہ رگ پر مارنا۔

وُتِنَ۔ شہ رگ پر مارنا۔

وَاتَنَہٗ مُوَاتَنَۃً۔ چمٹنا۔ دوسرے کے مانند کام کرنا۔

وَاتَنَ الْمَکَانَ: دیر تک ٹھہرنا۔

اِسْتَوْتَنَ الْمَالُ: مال (یعنی جانوروں کا) موٹا ہونا۔

اَلْوَاتِنُ۔ فا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا۔ ج وُتَّنٌ۔ ہمیشہ بہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔

اَلْوَتْنَۃُ۔ مقروض کا پیچھا۔ مخالفت۔

اَلْوَتِیْنُ۔ مع۔ شہ رگ۔ دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے۔ ج وُتُنٌ و اَوْتِنَۃٌ۔

وَثَأَ یَثَأُ وَثْأً اللَّحْمَ: مردار کرنا ___ الْوَتَدَ: کھونٹی کے سرے کو پاش پاش کر دینا (___ و اَوْثَأَ) یَدَہٗ: موچ ڈالنا۔

وَثِئَتْ تَوْثَأُ وَثْأً و وَثَأً و وُثُوْءًا و وُثِئَتْ یَدُہٗ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت وَثِئَۃٌ و مَوْثُوْءَۃٌ و وَثِیْئَۃٌ۔

وَثُؤَ یَوْثُؤُ وَثَاءَۃً۔ موچ لاحق ہونا۔

اَلْوَثَاءَۃُ و الْوَثْءُ۔ موچ۔

اَلْوَثِیْءُ۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔

اَلْمِیْثَأَۃُ۔ میخ گاڑنے کا آلہ۔

وَثَبَ یَثِبُ وَثْبًا و وُثُوْبًا و وَثَبَانًا و وِثَابًا و وَثِیْبًا و ثِبَۃً۔ اُٹھنا۔ کودنا۔ عرب کا قول ہے "وَثَبَ اِلَی الشَّرَفِ وَثْبًا" وہ عزت پر دفعتاً پہنچ گیا۔

وَثَّبَہٗ تَوْثِیْبًا۔ گدی پر بٹھانا ___ ہُ الْوِسَادَۃَ: بیٹھنے کیلئے بچھانا۔ وَثَّبَہٗ وِثَابًا: کسی کیلئے فرش بچھانا۔

اَوْثَبَہٗ اِیْثَابًا۔ کودانا۔ اَوْثَبَہُ الْمَوْضِعَ: کسی مقام سے کودانا۔

وَاثَبَہٗ مُوَاثَبَۃً۔ سبقت کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔

تَوَثَّبَ عَلَیْہِ فِیْ اَرْضِہٖ: ظلماً قبضہ کر لینا۔

تَوَاثَبَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الْوِثَابُ۔ تخت۔ بچھونا۔ بیٹھنے کی جگہ۔

اَلْوَثَبٰی۔ بہت کودنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَوْ نَاقَۃٌ وَثَبٰی" بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اُونٹنی۔

اَلْوَثَّابُ۔ بہت کودنے والا۔ فَرَسٌ وَثَّابَۃٌ تیز رفتار گھوڑا۔

اَلْمِیْثَبُ۔ کودنے والا۔ بیٹھنے والا۔ بلند زمین۔ نرم زمین۔ چھوٹا چشمہ۔

اَلْمَوْثَبَانُ۔ غزوہ نہ کرنے والا بادشاہ۔

وَثُجَ یَوْثُجُ و ثَاجَۃً۔ گاڑھا ہونا۔ الْفَرَسُ گھوڑے کا موٹا ہونا ___ الْمَکَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ صفت وَثِیْجٌ۔

اَوْثَجَہٗ اِیْثَاجًا۔ زیادہ کرنا۔

اِسْتَوْثَجَ الْمَالُ: زیادہ ہونا ___ مِنَ الْمَالِ: زیادہ لینا ___ الْفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا اور گٹھا ہونا ___ النَّبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

اَلْوَثِیْجُ۔ گاڑھا۔ گٹھا۔ ثَوْبٌ وَثِیْجٌ۔ گف بنا ہوا کپڑا۔

اَلْوَثِیْجَۃُ۔ بہت درختوں والی زمین۔ گنجان درختوں والی زمین۔

اَرْضٌ مُوْثِجَۃٌ و مُتَّثِجَۃٌ۔ بہت گھاس والی زمین۔

اَلْمَوْثُوْجُ مِنَ الثِّیَابِ۔ نرم بنا ہوا کپڑا۔

اَلْوَثْخَۃُ۔ پانی کی تری۔

اَلْوَثِیْخَۃُ۔ گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تر و تازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین۔

رَجُلٌ مُوَثَّخُ الْخَلْقِ و مَوْثُوْخَۃٌ۔ کمزور جسم کا مرد۔

وَثُرَ یَوْثُرُ وَثَارَۃً الْفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔ صفت وَثِیْرٌ ___ لَحْمُہٗ: بہت گوشت والا ہونا ___ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

وَثَرَ یَثِرُ وَثْرًا و وَثَّرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔

اِسْتَوْثَرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔ مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔

اَلْوَاثِرُ۔ فا۔ ثابت قدم۔

اَلْوَثْرُ۔ مع۔ چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور پر لمبا کاٹا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔

اَلْوِثْرُ۔ ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم (___ و الْمِیْثَرَۃُ) زین پر رکھنے

کاگدیلا-ج مَوَاثِرُ و مَيَاثِرُ-

الوَثِرُ و الوَثِيْرُ- نرم و ملائم-الوَثِيْرُ :بمعانی وِثْر-

الوَثِيْرَة- وثیر کا مؤنث-بہت گوشت والی-ج وَثَائِرُ و وِثَارٌ-

الوِثَار- نرم بچھونا-

الوَثَارَة و الوِثَارَة- بچھونے کی نرمی-

المَوَاثِرُ و المَيَاثِرُ- درندوں کی کھالیں-ریشم و دیبا کی بنی ہوئی-

وَثَغَ يَثِغُ وَثْغًا رَاسَهٗ :توڑنا- کچلنا-

الْوَثْغَةُ مِنَ الْمَطَرِ : تھوڑی بارش-

الوَثِيْغَة- موسم بہار کی اُبھی ہوئی گھاس-

الوَثِيْغَةُ مِنَ المَطَرِ : تھوڑی بارش-

وَثَفَ يَثِفُ وَثْفًا و وَثَّفَ وَاَوْثَفَ الْقِدْرَ : ہانڈی کے لیے پایہ بنانا-

وَثِقَ يَثِقُ ثِقَةً و وُثُوْقًا و مَوْثِقًا بِفُلَانٍ بھروسہ کرنا- صفت فاعلی وَاثِقٌ اور صفت مفعولی مَوْثُوْقٌ بِهٖ-

وَثُقَ يَوْثُقُ وَثَاقَةً الشَّئُ : قوی و مضبوط ہونا-

وَثُقَ الرَّجُلَ :مضبوط و استوار کرنا-

وَثَّقَ الْاَمْرَ : مضبوط کرنا ــــ الرَّجُلُ : کسی شخص کو معتبر کہنا-

اَوْثَقَهٗ اِيْثَاقًا- رسّی سے باندھنا-

وَاثَقَهٗ وِثَاقًا و مُوَاثَقَةً- معاہدہ کرنا-

تَوَثَّقَ- مضبوط و قوی ہونا ــــ فِي الْاَمْرِ : وثیقہ لینا-

تَوَاثَقَ الْقَوْمُ :باہم عہد و پیمان ہونا-

اِسْتَوْثَقَ مِنْهُ : وثیقہ لینا ــــ مِنَ الْاَمْوَالِ حفاظت میں مبالغہ کرنا-

الثقه- مص قابل بھروسہ-لفظ واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لیے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر و مؤنث دونوں کے لیے جمع لاتے ہیں-اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَخُوْ ثِقَةٍ" یعنی فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے-

الوَثَاق و الوِثَاق- باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ ج وُثُقٌ-

الوَثِيْق- مضبوط-ج وِثَاق-

الوَثِيْقَة- وَثِيق کا مؤنث- قابل اعتماد- کام کی مضبوطی-اَرْضٌ وَثِيْقَةٌ :بہت گھاس والی زمین ج وَثَائِق-

الْاَوْثَق- اسم تفضیل- مؤنث وُثْقٰى اور اسی سے ہے "اِسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى" اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا- اور کہا جاتا ہے "خُذِ الْاَمْرَ بِالْاَوْثَقِ" معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو-

المَوْثِق و المِيْثَاق- عہد-ج مَوَاثِق و مَيَاثِق و مَوَاثِيْق و مَيَاثِيْق-

وَثَّلَ الْمَالَ :مال جمع کرنا ــــ الشَّئَ : مضبوط و استوار کرنا-

الوَثَل- درخت خرما کے چھال کی رسی-چمڑے کا میل کچیل-

الوَثِيْل- درخت خرما کی چھال- درخت خرما کی چھال کی رسّی یا جوٹ کی رسّی-

وَثَمَ يَثِمُ وَثْمًا الشَّئَ :توڑنا-کوٹنا-وَثَمَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ : زور سے بارش ہونا ــــ الفَرَسُ الْاَرْضَ :گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا-

وَثَمَتْ وَثْمًا و وِثَامًا الْحِجَارَةُ رِجْلَهٗ : پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا-

وَثِمَ يَوْثَمُ وَثْمًا الْمَكَانُ : کم گھاس والی ہونا-

وَثُمَ يَوْثُمُ وَثَامَةً- بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا-صفت وَثِيْمٌ-

وَاثَمَ مُوَاثَمَةً فِي الْعَدْوِ : دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا-

الوَثِيْمَة- پتھر- چقماق کا پتھر- گھاس یا نباتات کا ڈھیر-

الوَثْم- کمی-

خُفٌّ مِيْثَمٌ- بہت پامال کرنے والا کھر-

وَثَنَ يَثِنُ وُثُوْنًا- عہد پر قائم رہنا-

اَوْثَنَهٗ اِيْثَانًا- بہت عطیہ دینا ــــ مِنَ الْمَالِ : بہت لینا-

اِسْتَوْثَنَ اِسْتِيْثَانًا الشَّئُ : باقی رہنا- مضبوط ہونا ــــ المَالُ : مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا ــــ مِنَ المَالِ :بہت لینا-

اِسْتَوْثَنَتِ الْاِبِلُ اولاد کا بڑھنا-

الوَاثِن- فا-ایک جگہ پر قائم رہنے والا-ج وُثَّنٌ-

الوَثَن- بت-ج اَوْثَانٌ و وُثُنٌ و وُثْنٌ و اُثُنٌ-

الوَثَنِيُّ- بت پرست-

وُثِيَتْ تُوْثٰى وَثْيًا يَدُهٗ : ہاتھ میں موچ ہونا- صفت مَوْثِيَّةٌ-

اَوْثٰى اِيْثَاءً الرَّجُلُ : زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا-

الوَثْيُ- موچ-

الوُثٰى- تکلیفیں-

المِيْثَاءَة- موگری-ہتھوڑا-

وَجَّ يَوُجُّ وَجًّا- تیز چلنا-دوڑنا-

الوَجَّ- مص تیزی- شتر مرغ- قطا- ہل کی لکڑی- ایک دوا کا نام-

وَجَاَ يَوْجَاُ وَجْاً و تَوَجَّاَ فُلَانًا بِالسِّكِّيْنِ او بِيَدِهٖ : کسی کی چھری یا ہاتھ سے مارنا- صفت مفعولی مَوْجُوْءٌ و وَجِيْءٌ اور اسم الوِجَاء ــــ التَّمَرَ : کھجور کو کوٹنا-

وَجَّاَ تَوْجِئًا الْبِئْرَ : ختم شدہ پانی والا پانا-

اَوْجَاَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا پانی ختم ہونا-اَوْجَاَ الرَّجُلُ : ناکام ہونا ــــ فُلَانًا عَنْهُ : دور کرنا-ہٹانا-

اِتَّجَاَ التَّمْرُ : کھجور کا گودے دار ہونا-

الوَجْءُ و الوَجَاُ و الوَجَاءُ- بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں-

الوَجِيْئَة- گائے- کھجور یا ٹڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا-

وَجَبَ يَجِبُ وُجُوْبًا وَجْبَةً الشَّئُ : ثابت ہونا- لازم ہونا- کہا جاتا ہے "وَجَبَ الْبَيْعُ و وَجَبَ لِيْ عَلٰى فُلَانٍ كَذَا" یعنی بیع لازم ہو گئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہو گئی (ــــ وَجْبَةً الْحَائِطُ و نَحْوُهٗ) دیوار کا زمین پر گرنا ــــ الرَّجُلُ :دن میں ایک دفعہ کھانا (ــــ وَجْبًا و وُجُوْبًا) الرَّجُلُ : مرتے ہوئے گرنا- کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَوَجَبَ" اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا فُلَانًا عَنْهُ :باز رکھنا-ہٹا دینا-وَجَبَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا ــــ الْعَيْنُ : آنکھ کا دھنس جانا- وَجَبَ وَجْبًا وَجِيْبًا و وَجَبَانًا الْقَلْبُ :دل کا تڑپنا- دھڑکنا-

وَجُبَ يَوْجُبُ وُجُوْبَةً- بزدل ہونا-

وَجَّبَ- دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا-

ہٗ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَهٗ وَلِنَفْسِهٖ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوھنا ــــ الْاَمْرَ عَلَیْهِ: لازم کرنا ــــ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ وَجَّبَتِ الْإِبِلُ: اُونٹ کا تھکنا۔ وَجَّبَ اللِّبَأُفِيْ ضَرْعِ النَّاقَةِ: بچوسی کا تھن میں جم جانا۔ الْبَعِیْرُ: اُونٹ کا بیٹھنا۔

اَوْجَبَ اِیْجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّهٗ: رعایت کرنا۔ کہا جاتا ہے قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِیْجَابًا لِحَقِّهٖ میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا ــــ الشَّیْءَ: واجب کرنا یا سمجھنا۔ اَوْجَبَ الْبَیْعَ: لازم کرنا ــــ الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔ جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا ــــ اللّٰهُ قَلْبَهٗ: دل کو تڑپانا۔ دھڑکانا۔

وَاجَبَهٗ وِجَابًا و مُوَاجَبَةً۔ لازم کرنا۔

تَوَجَّبَ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

تَوَاجَبُوْا۔ باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)

اِسْتَوْجَبَ اِسْتِیْجَابًا الشَّیْءَ: مستحق ہونا۔ واجب ولازم جاننا۔

الْوَجْبُ۔ مص بڑی مشک۔ ج وِجَابٌ (ــــ والوَجَّاب والوَجَّابَة) بزدل۔ قَلْبٌ وَجَابٌ: بہت دھڑکنے والا دل۔

الْوَجَبُ۔ گھوڑدوڑ یا تیر اندازی کی شرط۔

الْوَجْبَة۔ مص دھماکے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ج وَجَبَات۔

الْوُجُوْب۔ مص ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں محقق ہونا۔

الْوَجِیْبَة۔ وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔ پھر پہلے پہل لینا اور جب لے کر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے "قَدِاسْتَوْفَیْتَ وَجِیْبَتَكَ۔"

الْوَاجِب۔ فا۔ لازم اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ الوَاجِب: مقتول وَاجِبُ الْوُجُوْد: جس کا وجود بذاتہٖ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے۔

الْمُوْجِب۔ فا۔ سبب۔ باعث۔

الْمُوْجَب۔ مفع ــــ مِنَ الْكَلَامِ: جس میں نفی نہی استفہام ہو۔

الْمُوْجِبَة۔ بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو۔

الْمُوْجِب۔ موت۔ ج مَوَاجِب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ اِلٰی مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی۔

وَجَحَ الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔

اَوْجَحَ۔ ظاہر ہونا ــــ الْحَافِرُ: کھودنے میں چٹان تک پہنچنا ــــ الْبَیْتَ: گھر پر پردہ لٹکانا ــــ ہٗ اِلٰی كَذَا: مجبور کرنا۔ اَوْجَحَتِ النَّارُ: آگ کا چمکنا ــــ غُرَّةُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا۔ اَوْجَحَ الْبَوْلُ فُلَانًا: ــــ پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔

الْوَجَاح۔ چکنا پتھر (ــــ الْوُجَاح والوِجَاح) پردہ۔

الْوَجَح۔ غار کے مانند۔

الْمُوْجَح۔ مفع۔ جائے پناہ۔ چکنا چمڑا (ــــ والوَجِیْح) مضبوط وگف بنا ہوا کپڑا۔

الْمَوْجُوْح مِنَ الْاَبْوَاب: بند کیا ہوا دروازہ۔

وَجَدَ و وَجِدَ یَجِدُ وَجْدًا و وُجْدًا و جِدَةً و وُجُوْدًا و وِجْدَانًا و اِجْدَانًا الْمَطْلُوْبَ: پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گم شدہ کو پالیا وَجَدَ افعال القلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ كَلَامَكَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُوْدٌ ہے۔

وَجَدَ یَجِدُ وَجْدًا و وُجْدًا و وِجْدًا۔

وَجَدَ الْمَالَ و نَحْوَهٗ: مستغنی ہونا۔

وَجَدَ یَجِدُ و یَجُدُ وَجْدًا و جِدَةً و مَوْجِدَةً و وِجْدَانًا عَلَیْهِ: غضبناک ہونا (ــــ وَجْدًا) بِفُلَانٍ: بہت محبت کرنا ــــ لَهٗ: غمگین ہونا۔

وَجِدَ یَوْجَدُ وَجْدًا۔ بہت محبت کرنا۔ لَهٗ: غمگین ہونا۔

وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّیْءُ عَنْ عَدَمٍ: نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ۔

اَوْجَدَ اِیْجَادًا اللّٰهُ الشَّیْءَ: موجود کرنا ــــ فُلَانًا: غنی کرنا۔ قوی کرنا ــــ ہٗ مَطْلُوْبَهٗ: کامیاب کرنا۔ فتح مند کرانا۔ حاصل کرانا۔ اَوْجَدَهٗ عَلَی الْاَمْرِ مجبور کرنا۔ اَوْجَدَهٗ اِلَیْهِ: مضطر کرنا۔

تَوَجَّدَ بِهٖ: محبت کرنا ــــ لَهٗ: غمگین ہونا ــــ السَّهَرَ و نَحْوَهٗ: بے خوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔

تَوَاجَدَ۔ محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا۔

الْوَجْد۔ مص پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج وِجَادٌ (ــــ والوُجْد والوِجْد) محبت۔ خوشی۔ تونگری۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ وَجْدِیْ" یہ میری قدرت میں ہے۔

الْجِدَة۔ مص تونگری۔ قدرت۔

الْوِجْدَان۔ مص۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔

الْوِجْدَانِی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِیَّات۔

الْوَاجِد۔ فا۔ تونگر۔ محب اور کہا جاتا ہے اَنَا وَاجِدٌ لِلشَّیْءِ: میں اس پر قادر ہوں۔

الْوَجَّاد۔ بہت غضبناک۔

الْوَجِیْد۔ ہموار زمین۔ ج وُجْدَان۔

الْوُجُوْد۔ مص ہست۔ عدم کا خلاف۔

الْوُجُوْدِیُّ۔ عدمی کا خلاف۔

اَوْجَدَهٗ اِلٰی كَذَا: مضطر کرنا ــــ عَلَیْهِ: مجبور کرنا۔

الْوَجْذ۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَاذ و وُجْذَانٌ۔

مَكَانٌ وَجِذٌ۔ بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔

وَجِرَ یَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ كَذَا: خوف کرنا۔ صفت مذکر وَجِرٌ و اَوْجَرُ۔ صفت مؤنث وَجِرَةٌ و وَجْرَاء۔

وَجَرَهٗ یَجِرُهٗ وَجْرًا۔ منہ میں دوا ڈالنا۔ وَجَرَ فُلَانًا: ناپسندیدہ باتیں سنانا۔

اَوْجَرَهٗ اِیْجَارًا۔ الْوَجُوْرَ: منہ میں دوا ڈالنا ــــ ہٗ الرُّمْحَ: منہ میں نیزہ مارنا۔

تَوَجَّرَ الْمَاءَ: ناپسندیدگی سے پینا ــــ الدَّوَاءَ: دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔

اِتَّجَرَ۔ وَجُور سے علاج کرنا (اس کی اصل

اَوْتَجَزَ ہے)دیکھئے وَجُور۔

الوَجْر۔مص۔پہاڑ میں غار کے مانند ج اَوْجَارٌ۔

الوَجْرَۃُ وَالوَجَرَۃُ۔ وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ج اَوْجَار۔

الوِجَار والوَجَار :بجو وغیرہ کا بھٹ۔وادی کا وہ حصہ جس کو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ج اَوْجِرَۃٌ ووُجُرٌ۔

الوَجُوْرُ والوُجُوْر۔ منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

المِیْجَرُ والمِیْجَرَۃ۔ منہ میں دوا ٹپکانے کا آلہ۔

المِیْجَار۔ چوگان کے مانند ایک لکڑی جس سے گیند کو مارتے ہیں۔

وَجَزَیَجِزُوَجْزًاالکَلَامَ :کلام مختصر کرنا۔

(ووَجُزَ یَوْجُزُ وَجْزًا و وَجَازَۃً و وُجُوْزًا) الرَّجُلُ فِی مَنْطِقِہٖ :مختصر گو ہونا۔

وَجُزَیَوْجُزُوَجَازَۃً الکَلَامُ :کلام مختصر و بلیغ ہونا۔

اَوْجَزَ اِیْجَازًا الکَلَامَ : مختصر ہونا ___ الکَلَامَ وَفِی الکَلَامِ :مختصر کرنا ___ العَطِیَّۃَ : جلدی دینا۔

تَوَجَّزَالشَّیْئَ :حاجت پوری کرنے کو کہنا۔

اِسْتَوْجَزَ اِسْتِیْجَازًا الکَلَامَ : زوائد کو حذف کر دینا۔

الوَجْز۔رَجُلٌ وَجْزٌ :جلدی دینے والا یا پھرتیلا (___ وَالوَجِیْز والوَاجِز) ہلکا اور مختصر ___ مِنَ الکَلَامِ : جلدی سے سمجھ میں آنے والا مختصر کلام۔

المِیْجَاز۔ مختصر کلام بولنے کا عادی۔

وَجَسَ یَجِسُ وَجْسًا۔ پوشیدہ ہونا۔

وَجَسَتِ الاُذُنُ :کان کا آہٹ محسوس کرنا (___ وَجْسًاوَوَجَسَانًا) سنی ہوئی چیز سے گھبرانا۔

اَوْجَسَ اِیْجَاسًا الرَّجُلُ : محسوس کرنا اور دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَسَ القَلْبُ فَزَعًا" یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔

اَوْجَسَتِ الاُذُنُ :کان کا آہٹ سننا۔

تَوَجَّسَ۔ آہٹ پر کان لگانا ___ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ : تھوڑا تھوڑا چکھنا ___ فَزَعًا : گھبراہٹ محسوس کرنا ___ الصَّوْتَ :خوفزدہ ہو کر سننا۔تَوَجَّسَتِ الاُذُنُ : آواز سننا۔

الوَجْس۔مص۔ آہستہ آواز۔دل کی گھبراہٹ۔

الوَاجِس۔فا۔دل میں آنے والا خیال۔

الاَوْجَس۔ تھوڑی خورد نوش۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ سَجِیْسَ الاَوْجَسِ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔

وَجِعَ یَوْجَعُ وَجَعًا مریض اور دردمند ہونا۔ اس کے مضارع میں یَجِعُ اور یَاجَعُ واو کو یا یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں و وَجِعَ فُلَانًا رَاْسُہٗ و وَجِعَ فُلَانٌ رَاْسَہٗ "فلاں کے سر میں درد ہے۔

اَوْجَعَہٗ اِیْجَاعًا۔ دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا

اَوْجَعَ فِی العَدُوِّ :دشمن کی بہت خونریزی کرنا۔

تَوَجَّعَ۔شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا ___ لَہٗ نرم دل ہونا۔

الوَجَع۔مرض و تکلیف۔ج وِجَاعٌ وَاَوْجَاعٌ۔

الوَجِع۔ درد والا۔ ج وَجِعُوْنَ و وَجْعٰی و وَجَاعٰی ووِجَاعٌ واَوْجَاعٌ مؤنث وَجِعَۃٌ ج وَجَاعٰی ووَجِعَات۔

الجِعَۃ۔جو کی نبیذ۔

الاَوْجَع۔ بہت تکلیف پہنچانے والا۔ (یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لیے کہ اَوْجَعَ ثُلَاثِی مزید سے بنایا گیا ہے)

الوَجْعَاء۔دبر۔ج وجعاوات۔

الوَجِیْع۔دردپہنچانے والا۔کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ وَجِیْعٌ" دردناک مار۔ جیسے کہا جاتا ہے عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔

وَجَفَ یَجِفُ وَجْفًا ووَجِیْفًا ووُجُوْفًا الشَّیْئُ :مضطرب ہونا (___ وَجِیْفًا) القَلْبُ :دل کا دھڑکنا۔صفت وَجَّافٌ وواجِفٌ (___ وَجْفًاو وَجِیْفًا) الفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ صفت وَاجِفٌ۔

اَوْجَفَ الفَرَسَ :گھوڑے کو تیز دوڑانا۔الشَّیْئَ : حرکت دینا۔ مضطرب کرنا ___ البَابَ :دروازہ بند کرنا۔

اِسْتَوْجَفَ الحُبُّ فُؤَادَہٗ :محبت کا دل کو شیفتہ کرنا

نَاقَۃٌ مِیْجَافٌ۔ تیز دوڑنے والی اونٹنی۔

الوَجِیْف۔مص۔خوف سے گرنا۔

الوُجَاق والاُوْجَاق۔ آتش دان۔ انگیٹھی : فوج کی ترتیب۔ج وُجَاقَات (دخیل)

وَجِلَ یَوْجَلُ وَجَلًا وَمَوْجَلًا۔ ڈرنا یا خوف محسوس کرنا۔ اور اس کا مضارع یَیْجَلُ اور یَاجَلُ واؤ کو یاء یا الف سے بدل کر اور یِیْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔

وَجَلَہٗ یَوْجُلُہٗ وَجْلًا۔ خوف میں بڑھ جانا۔

وَجُلَ یَوْجُلُ وَجَالَۃً۔ بوڑھا ہونا۔

وَاجَلَہٗ مُوَاجَلَۃً فَوَجَلَہٗ۔ خوف میں مقابلہ کرنا۔

اَوْجَلَہٗ۔ڈرانا۔

الوَجَل۔خوف۔ج اَوْجَال۔

الوَجِل۔ خوف کرنے والا۔ ج وَجِلُوْنَ و وِجَال۔مؤنث وَجِلَۃٌ۔

الاَوْجَل۔ خوف کرنے والا (مؤنث کیلئے وَجْلَاء نہیں بلکہ وَجِلَۃٌ بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَوْجَلُ مِنْکَ" وہ تم سے زیادہ خائف ہے۔

الوَجِیْل والمَوْجَل۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔المَوْجَل :خوف کی جگہ۔

الوُجُوْل۔بڈھے۔

وَجَمَہٗ یَجِمُہٗ وَجْمًا۔ مکا مارنا (___ وَجْمًا وُجُوْمًا) شدت غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَجِمْ عَنْہُ" میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا۔ شدت غم کی وجہ سے ترش رو ہو کر سر جھکانا۔ صفت وَجِمٌ و وَاجِمٌ۔

وَجَمَ مِنَ الاَمْرِ ناپسند کر کے رک جانا ___ الشَّیْئَ :ناپسند کرنا۔وَجَمَ لِفُلَانٍ مِنْ کَذَا :نرم دل اور غمگین ہونا۔

الوَجْم۔مص۔رَجُلٌ وَجْمٌ :ناکارہ مرد۔کہا جاتا ہے "ھُوَ وَجْمُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔

الوَجْم۔بخیل۔لئیم۔ہلکا پھلکا۔

الوَجْم والوَجَم۔ قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ج وُجُوْم واَوْجَام۔بَیْتٌ وَجْمٌ ووَجَمٌ :بڑا گھر۔

الْاَوْجَم۔ اسم تفضیل۔ اَوْجَمُ الرَّمَلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔
الوَجْمَة۔ ایک مرتبہ کی خوراک۔
الوَجَمَة۔ ننگ وعار۔
الوَجِيْمِ مِنَ الْاَيَّامِ: سخت گرم دن۔
الوَجِيْمَةُ۔ گیہوں یا چارہ۔ آفت رسیدہ۔
المِيْجَمَةُ۔ دھوبی کی موگری۔
وَجَن يَجِنُ وَجْنا بِالشَّيِ: پھینکنا ___ الوَتَد: کھونٹی ٹھونکنا ___ بِهِ الْاَرْض: زمین پر پٹکنا ___ الْقَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھوڑنا۔
وَجَّنَ الْجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کیلئے کوٹنا۔
تَوَجَّنَ۔ ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
الوَجْنَة وَالوِجْنَة وَالوُجْنَة وَالوَجَنَة والوَجِنَة والاَجْنَة والاِجْنَة والاُجْنَة رخسارہ میں اُبھری ہوئی جگہ ج وَجَنَات۔
الوَجْن والوَجَن والوَاجِن۔ پتھریلی سخت زمین۔
الوَجِين۔ وادی کا کنارہ۔ سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُنٌ۔
الْاَوْجَن۔ سخت پہاڑ۔ بڑے رخساروں والا۔ مؤنث وَجْنَاءُ۔ نَاقَةٌ وَجْنَاء: سخت اُونٹنی۔
المُوَجَّن۔ بڑے رخساروں والا۔ بہت گوشت والا موٹا۔
المِيْجَنَة۔ موگری۔ ج مَيَاجِن و مَوَاجِن۔
المَوْجُوْن۔ مفع۔ شرمندہ۔
المَوْجُوْنَة۔ دلہن کا آراستہ کمرہ۔
وَجَهُ يَجِهُ وَجْهًا فُلَانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا۔ لوگوں کے نزدیک وجاہت میں بڑھ جانا۔
وَجُهَ يَوْجُهُ وَجَاهَةً۔ وجیہ ہونا۔ صاحب وجاہت ہونا۔
وَجَّهَ اِلَى فُلَانٍ: کسی کے پاس جانا ___ هُ اِلَى فُلَانٍ: کسی کے پاس بھیجنا ___ هُ الْاَمِيْرُ: باعزت بنانا ___ وَجَّهَ الشَّيَ: کسی طرف پھیر دینا۔ القَوْمُ الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا۔ لِعَبْدِهٖ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کیلئے کہنا ___ الْمَطَرُ الْاَرْض: ایک روش کی بارش ہونا۔ سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا ___ الرِّيْحُ الْحَصٰی: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا ___ الْمَيِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا۔
اَوْجَهَ اِيْجَاهًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔ وجیہ پانا۔ رد کرنا۔
وَاجَهَهٗ وِجَاهًا وَ مُوَاجَهَةً رُو در رُو مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهٗ مُوَاجَهَةً وَ وِجَاهًا" اس نے اس سے رُو در رُو ملاقات کی۔
تَوَجَّهَ اِلَيْهِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا ___ الْجَيْشُ: شکست کھانا ___ الشَّيْخُ: بڈھا ہونا۔
تَوَاجَهَ الرَّجُلَانِ اَوِ الْمَنْزِلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِتَّجَهَ اِلَيْهِ: متوجہ ہونا ___ لَهٗ رَاْیٌ: خیال سوجھنا۔
الْوَجْه۔ چہرہ۔ ج اَوْجُهٌ وَ وُجُوْهٌ و اُجُوْه۔ وَجْهُ الثَّوْبِ وَنَحْوِهٖ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔ وَجْهُ الدَّهْرِ: زمانہ کا اوّل۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى وَجْهِ الدَّهْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا۔
الوَجْه۔ مص۔ جانب۔ قصد و نیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو۔ عزت و مرتبہ وَجْهُ الْكَلَامِ: مقصود کلام۔ رضامندی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ لِوَجْهِ اللّٰهِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کیلئے کیا۔ "وَضَرَبَ وَجْهَ الْاَمْرِ وَ عَيْنَهٗ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔ "وَمَضٰی عَلٰی وَجْهِهٖ" وہ لاپروائی سے گزر گیا اور "اِبْيَضَّ وَجْهُهٗ وَبَيَّضَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل محمود کرے اور اسی طرح اِسْوَدَّ وَجْهُهٗ وَسَوَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے ___ ج وُجُوْهٌ: سردار قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَجْهٌ" یعنی صاحب عزت و مرتبہ مرد۔ الوَجْه: نوع و قسم جیسے "اَلْكَلَامُ فِيْهِ عَلٰى وُجُوْهٍ عَلٰى اَرْبَعَةِ وُجُوْهٍ۔ وَلَيْسَ لِكَلَامِكَ وَجْهٌ" یعنی تمہارے کلام کیلئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالوَجْهُ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِهٰذَا الْقَوْلِ وَجْهٌ" یعنی اس قول کے لیے ماخذ ہے "وفُلَانٌ اَحْسَنُ الْقَوْمِ وَجْهًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لیے کہ عموماً حسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَرَفَ الشَّيَ عَنْ وَجْهِهٖ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا "وَرَجُلٌ ذُوْوَجْهَيْنِ" جبکہ ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔
الوَجْهُ والوَجَه۔ تھوڑا پانی۔
الوِجْهُ والوُجْه۔ جانب۔ گوشہ۔
الوَجِهُ والوَجْه۔ صاحب عزت و مرتبہ۔
الجِهَة والجَهَة والجُهَة ج جِهَات و جَهَات وجُهَات والوُجْهَة والوِجْهَة۔ جانب۔ گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔ اور کہا جاتا ہے "ضَلَّ وَجْهَةَ اَمْرِهٖ" وہ اپنے مقصد سے بھٹک گیا۔
الوَجَاهَة۔ مص۔ مرتبہ۔ عزت۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ وَجَاهَةٌ عِنْدَ النَّاسِ" اس کی لوگوں کے نزدیک عزت و حرمت ہے۔
التَّوْجِيْه۔ مص۔ ___ فِيْ عِلْمِ العروض: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔ روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وِجَاهُ اَلْفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔ کہا جاتا ہے وَجَاهَهٗ و وِجَاهَهٗ و وُجَاهَهٗ و تِجَاهَهٗ و تُجَاهَهٗ و تَجَاهَهٗ۔ سامنے۔ مقابل اور کہا جاتا ہے "قَعَدُوْا تُجَاهَهٗ و وُجَاهَهٗ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔
الوَجِيْه۔ سردار قوم۔ آبرو والا۔ مرتبہ والا ج وُجَهَاءُ۔ مؤنث وَجِيْهَةٌ ج وَجِيْهَاتٌ و وَجَائِهُ۔ الوَجِيْه مِنَ الْاَكْسِيَةِ: دو رخی چادر۔ الوَجِيْه پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ۔
الوَجِيْهَة۔ وَجِيْه کا مؤنث۔ ایک قسم کا دو رخہ مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور بسا اوقات اس کو نظر بد سے بچنے یا حصول عزت کے لیے گردن میں لٹکاتے ہیں۔
الْاَوْجَه۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَهُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے۔ کہا جاتا ہے نَظَرُوْا اِلَيَّ بِاُوَيْجَه سُوْءٍ یعنی انہوں نے مجھ کو بری نظر سے دیکھا۔ اُوَيْجَه۔ اَوْجُه جمع وَجْه کی تصغیر ہے۔
المُوَجَّه۔ مرتبہ والا ___ مِنَ الْكِسَاءِ: دو رخی چادر۔ شَيْءٌ مُوَجَّهٌ: ایک روش پر بنی ہوئی

چیز۔

المُوَاجَهَة۔ مص - کسی کا کلام یا چہرے سے استقبال کرنا۔

وَجِیَ یَجِی وَجْیًا الرَّجُلَ :ناکارہ و نکما پانا۔

وَجِیَ یَوْجَی وَجیً و تَوَجّٰی الْمَاشِی :ننگے پاؤں ہونا یا قدم گھسنا۔ صفت وَجٍ و وَجِیّ۔ مؤنث وَجِیَةٌ و وَجْیَاء۔

اَوْجَی اِیْجَاءً ا۔ الرَّجُلَ :پاؤں گھسانا۔ دینا عَلَیْهِ :بخل کرنا ــــ عَنْ کَذَا :اعراض کرنا ــــ الشَّیْءَ :دور کرنا ــــ فُلَانًا :حاجت سے ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَاهُ عَنْهُ" اس نے اس کو اس سے ہٹا دیا "وَاَوْجَیْتُ عَنْکُمْ ظُلْمَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو دور کر دیا۔اَوْجَی الرَّجُلُ :حاجت کیلئے آنا اور ناکام واپس ہونا اور کہا جاتا ہے "سَاَلَ حَاجَةً فَاَوْجَی" اس نے حاجت کا سوال کیا اور محروم رہا۔

الوِجَاءُ۔ چھوٹی بوری۔ج اَوْجِیَةٌ۔

الوَجِیُّ۔ نکما ناکارہ۔

الوُحَاب۔ اُونٹ کی ایک بیماری کا نام۔

وَحِجَ یَوْحَجُ و حَجَّابِهٖ :پناہ لینا۔

اَوْحَجَهُ۔ پناہ دینا۔

الوَحَح۔ جائے پناہ۔

وَحَدَ یَحِدُ وَحْدًا و وَحْدَةً وَحِدَةً و وُحُوْدًا و وَحُدَ یَحِد وَحَادَةً و وُحُوْدَةً اکیلا ہونا۔ صفت وَحِیْدٌ۔

وَحَّدَهُ تَوْحِیْدًا وَاَحَّدَهُ۔ ایک بنانا وَحَّدَ اللّٰهُ تَعَالٰی :ایک اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا۔ یکتا کہنا یا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

اَوْحَدَهُ اِیْحَادًا۔ اکیلا چھوڑ دینا۔ یکتا جاننا اَوْحَدَهُ لِلْاَعْدَاءِ :چھوڑ دینا۔اَوْحَدَتِ الشَّاةُ بکری کا ایک بچہ جننا۔ صفت مُوْحِد۔

تَوَحَّدَ۔ تنہا باقی رہنا ــــ بِرَاْیِهٖ :اپنی رائے میں اکیلا رہنا۔ تَوَحَّدَهُ بِالْفَضْلِ :کسی پر مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ کرنا۔

اِتَّحَدَ الشَّیْئَانِ : ایک ہونا ــــ الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ :ایک چیز کا دوسری چیز سے گھل مل جانا ــــ القَوْمُ :متفق ہونا۔

الوَحْد۔ مص - کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُ وَحْدَهُ اَوْ جَاءَ وَحْدَهُ" میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ اکیلا آیا۔مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا اور یہ حالیت کی وجہ سے بتقدیر منفرداً منصوب ہے اور بعضوں کے نزدیک اسم متمکن ہے کہا جاتا ہے "جَلَسَ وَحْدَهُ وعَلٰی وَحْدِهٖ و عَلٰی وَحْدِهِمَا و حَدَیْهِمَا و وَحْدِهِمْ" اور بعضوں کے نزدیک اس کی اضافت صرف فُلَانٌ نَسِیْجُ وَحْدِهٖ بصورت مدح اور عُیَیْرُ وَحْدِهٖ یا جُحَیْشُ وَحْدِهٖ بصورتِ ذم میں ہوتی ہے اور کبھی رُجَیْلُ وَحْدِهٖ بھی کہتے ہیں۔رَجُلٌ وَحْدٌ :تنہا مرد۔اَجِیْرُ الْوَحْدِ :اَجیر خاص۔

الوَاحْدَانِیُّ۔اکیلا۔

الوَحْدَانِیَّة۔اکیلا ہونے کی حالت۔

الحِدَة۔مص۔کہا جاتا ہے "بَقِیَ عَلٰی حِدَتِهٖ" وہ تنہا باقی رہا۔"وَفَعَلَهُ عَلٰی ذَاتَ حِدَتِهٖ وَمِنْ ذَاتِ حِدَتِهٖ وَمِنْ ذِیْ حِدَتِهٖ" اس نے اس کو خود بخود بغیر کسی کی مدد و رائے کے کیا۔

الوَحْدَة۔مص۔تنہائی۔

الوَحَد والوَحِد۔ اکیلا۔ مؤنث وَحَدَةٌ و وَحِدَةٌ۔

الْاَحَد۔ اکیلا۔ کہا جاتا ہے [illegible] اکیلا مرد۔اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ و ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے "الْاَحَد" :لاثانی۔بے نظیر۔اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا مرادف ہے۔ایک باری تعالیٰ کی صفت میں کہا جاتا ہے "هُوَ الوَاحِدُ وهُوَ الْاَحَد" اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔

دوسرے اسماءِ عدد میں جیسے اَحَدٌ و عِشْرُوْنَ و وَاحِدٌ و عِشْرُوْنَ۔اور لفظ اَحَد مذکر کیلئے آتا ہے کبھی مؤنث کیلئے بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے "لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ" اس وقت شَیْءٌ کے معنے میں ہے اور احد کی تانیث احدیٰ ہے۔ اور اس کا استعمال دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحْدٰی و عِشْرُوْنَ و اِحْدٰی عَشَرَةٌ و اِحْدٰی بَنَاتِ طَبَقٍ :مصیبت۔سانپ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْنُ اِحْدَاهَا" وہ شریف ماں باپ والا ہے (آدمی ہو یا اُونٹ) ضمیر امہات کی طرف راجع ہے۔یَوْمُ الْاَحَدِ اتوار کا دن۔ج آحَاد۔

الْوَاحِد۔ ایک مؤنث۔ وَاحِدَةٌ۔ تثنیہ وَاحِدَانِ ج وَاحِدُوْنَ۔لاثانی۔کہا جاتا ہے "هُوَ وَاحِدُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں لاثانی ہے یعنی علم و فضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے ج وُحْدَان و اُحْدَان اور وَاحِدٌ کا استعمال اَحَدٌ کے معنی میں ہے یعنی یکتا و لاثانی ہے۔اسماء حسنیٰ میں اسی معنی کے لحاظ سے ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے اَلْفٌ وَاحِدٌ و عَشَرَةٌ وَاحِدَةٌ۔

الوَحِیْد۔اکیلا۔

الْاَوْحَد۔واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اللّٰهُ الْاَوْحَدَ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْحَدُ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان۔ وَلَسْتُ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ بِاَوْحَدٍ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کیلئے وَحْدَاءُ کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَادُ و اُحَادُ و مَوْحَد۔ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُوْا وُحَادَ و اُحَادَ و مَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے' اور ایسا ہی مؤنث کیلئے بھی۔ اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔

التَّوْحِید۔ مص - باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

المُوَحِّد۔فا۔اللہ کی وحدانیت کا معتقد۔

المُوَحَّدِ مِنَ الْحُرُوْفِ :ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

المِیْحَاد۔اکیلا ٹیلہ۔ج مَوَاحِیْد۔

وَحِرَ یَحِرُ و یَوْحَرُ و یَیْحَرُ و حَرًا عَلَیْهِ۔سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔صفت وَحِرٌ۔

وَحِرَ یَوْحَرُ وَحَرًا و وَحِرَةً۔ چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔زہر آلود چیز کو کھانا یا پینا اور زہر کا اثر کرنا ــــ الطَّعَامُ :وحرہ سے زہر آلود ہونا۔ صفت وَحِر۔

اَوْحَرَهُ۔ غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔اَوْحَرَتِ الْوَحَرَةُ الطَّعَامَ :زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

الوَحْر۔کینہ۔سخت غضب۔خیانت۔

الوَحَر-مص-غصہ-کینہ-سینہ کی سوزشیں-
الوَحَرَة- چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے- پستہ قد عورت یا اُونٹ ج وَحَرٌ-اِمْرَأَةٌ وَحَرَةٌ :سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت-
وَحَشَ يَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِهِ أَوْ سِلَاحِهِ : کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا-
أَوْحَشَ إِيحَاشًا الْمَكَانُ :ویران ہونا- الْمَكَانَ : خالی پانا ___ الرَّجُلُ : بھوکا ہونا- بے توشہ ہونا ___ الرَّجُلَ :وحشت محسوس کرنا-
تَوَحَّشَ- وحشی کے مانند ہونا- بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا- کپڑے پھینکنا ___ الْمَكَانُ ویران ہونا-
اِسْتَوْحَشَ- وحشت محسوس کرنا ___ مِنْهُ مانوس نہ ہونا ___ الْمَكَانُ :ویران ہونا-
الوَحْش- مص - جنگلی جانور- ج وُحُوش و وُحْشَان واحد وَحْشِيٌّ- حِمَارٌ وَحْشٍ وحِمَارٌ وَحْشِيٌّ :جنگلی گدھا- وَبَقَرُ الْوَحْشِ : نیل گائے- کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَحْشٌ" ویران وخالی جگہ "وَمَشَى فِي الْأَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری-اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "هُمْ أَوْحَاشٌ" اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے-
الوَحْشَة- تنہائی- تنہائی کی وجہ سے خوف یا طبیعت کا منقبض ہونا- غم- بے تعلقی- دوستی- محبت کی دوری- ویران زمین-
الوَحْشِيّ- وَحْش کا واحد- لوگوں سے بدکنے والا- ہر چیز کا دایاں پہلو ___ مِنَ الْقَوْسِ کمان کی پشت ___ الْوَحْشِيُّ مِنَ التِّينِ و نَحْوِهِ :جنگلی انجیر-
الوَحْشِيَّة- وَحْشِيّ کا مؤنث- تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے-
الوَحِيش- جنگلی جانور- الْجَانِبُ الْوَحِيش دایاں پہلو-
الوَحْشَان- غمگین-ج وَحَاشَى-

أَرْضٌ مَوْحُوشَةٌ- جنگلی جانوروں والی زمین-
وَحَفَ يَحِفُ وَحْفًا البعيرُ او الرجلُ :زمین پر گر پڑنا- بیٹھنا ___ مِنْهُ : قریب ہونا ___ إِلَيْهِ : توجہ کرنا ___ إِلَى كَذَا : تیز چلنا-
وَحِفَ يَوْحَفُ وَحَفًا و وَحُفَ يَوْحُفُ وَحَافَةً ووُحُوفَةً الشَّعْرُ او النَّبَاتُ : گنجان ہونا-
وَحَّفَ- تیز چلنا- زمین پر گر پڑنا ___ فُلَانًا : ڈنڈے سے مارنا-
أَوْحَفَ إِيحَافًا- تیز چلنا- جلدی جانا-
الوَحْف- مص - خوبصورت گنجان کالے بال- تازہ گھاس (___ والوَاحِف) مِنَ الْأَجْنِحَةِ : بہت پروں والا بازو-
الوَحَف-مص-خوبصورت گنجان بال-
الوَحْفَة-وحف کا اسم مرۃ- کالا پتھر-گول-بلند کالی زمین- آواز-ج وِحاف-
الوَحْفَاءِ مِنَ الْأَرَاضِي :وہ زمین جو سنگستان نہ ہو اور اس میں کالے پتھر ہوں- سرخ زمین- ج وَحَافَى-
المَوْحِف- اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِف-
المِيحَافُ مِنَ النُّوقِ :ہمیشہ اپنے تھان پر رہنے والی اُونٹنی-ج مَوَاحِيف-
بَعِيرٌ مُوَحَّفٌ- دُبلا اُونٹ-
وَحِلَ يَوْحَلُ وَحَلًا و مَوْحَلًا- کیچڑ میں پڑنا-
أَوْحَلَهُ- کیچڑ میں ڈالنا ___ هُ شَرًّا : برائی میں پھنسا دینا-
وَاحَلَهُ مُوَاحَلَةً- کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کرنا- کہا جاتا ہے "وَاحَلَهُ فَوَحَلَهُ" اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا-
اِتَّحَلَ اِتِّحَالًا فِي يَمِينِهِ : قسم کھانے میں استثناء کرنا-
تَوَحَّلَ- کیچڑ سے لت پت ہونا (___ واسْتَوْحَلَ) الْمَكَانُ :کیچڑ والی ہونا-
الوَحْل- بِالتَّسْكِينِ : وحل میں ایک ردی لغت-
الوَحَل- کیچڑ-ج أَوْحَال و وُحُول-
الوَحِل- کیچڑ میں لت پت-
المَوْحِل- کیچڑ کی جگہ- کیچڑ میں گرنا- یہ وَحِل سے اسم ہے-

وَحِمَتِ الْمَرْأَةُ تَحِمُ و تَوْحَمُ وَحَمًا و تَوَحَّمَتْ حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا خواہش مند ہونا- کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہو جانا- صفت وَحْمَى ج وِحَام و وَحَامَى- اور اسی سے مثال ہے- "وَحْمَى وَلَا حَبَل" اس لالچی کے متعلق بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے-
وَحِمَ الشَّيْءَ :خواہش کرنا-
وَحَمْتُ وَحْمَهُ- ارادہ کرنا-
وَحَّمَ الْحُبْلَى : حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا ___ لَهَا : حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا-
الوَحَم- مص - حاملہ کی خواہش- پرندہ کی پھڑپھڑاہٹ اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ ذَاتُ وَحَمٍ" بہت گرم رات-
الوِحَام و الوَحَام- حاملہ کی خواہش-
الوَحِيم- بہت گرم دن-
وَحَنَ يَحِنُ و وَحِنَ يَوْحَنُ وَحْنًا و وَحِنَةً- عَنْ فُلَانٍ : کینہ رکھنا-
تَوَحَّنَ- ذلیل ہونا- ہلاک ہونا- بڑے پیٹ والا ہونا-
الوَحْنَة- اسم مرۃ- پھسلانے والی کیچڑ-
وَحْوَحَ- آواز گلو گرفتہ نکالنا- سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُح اُح یا حوحو کہنا-
تَوَحْوَحَ- الظَّلِيمُ فَوْقَ الْبَيْضِ : شترمرغ کا انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا-
الوَحْوَح و الوَحْوَاح- قوی- کتا- آواز نکالنے والا- الوَحْوَح : جلد باز تیز آدمی- ہلکا پھلکا آدمی- ج وَحَاوِح- الوَحْوَاح : سردار اور رئیس ج وَحَاوِيح-
وَحَى يَحِي وَحْيًا إِلَى فُلَانٍ :اشارہ کرنا- پیغامبر بھیجنا ___ إِلَيْهِ او وَحَى إِلَيْهِ كَلَامًا : چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا ___ اللّٰهُ فِي قَلْبِهِ كَذَا : دل میں ڈالنا ___ الْكِتَابَ : لکھنا ___ الذَّبِيحَةَ : جلدی سے ذبح کرنا (___ وَحْيًا و وَحِيٌّ و وَحَا و تَوَحَّى)

جلدی کرنا۔
أَوْحٰی اِیْحَاءً اِلٰی فُلَانٍ : اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا ـــــ اللّٰہُ اِلَیْہِ بِکَذَا : وحی بھیجنا ـــــ الْکِتَابَ : لکھنا ـــــ نَفْسَہٗ : خوفزدہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ : محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا ـــــ الْقَوْمَ : چلانا ـــــ الْعَمَلَ :جلدی کرنا ـــــ الدَّوَاءُ الْمَوْتَ :جلدی موت واقع کرنا۔
وَحّٰی تَوْحِیَۃً۔ ذَبِیْحَتَہٗ : جلدی ذبح کرنا۔
وَحَّاہُ : جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَحِیُّ الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوانے فوراً موت واقع کی۔
تَوَاحٰی تَوَاحِیًا الْقَوْمُ : بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔
اِسْتَوْحَاہُ۔ پکارنا۔ جلدی کرانا ـــــ ہٗ الشَّیْءَ :دریافت کرنا۔
الْوَحْی۔ مص ۔ لکھا ہوا۔ پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کیلئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء ﷺ کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو القاء ہو اس پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہوا ـــــ والوَحَاۃ) آواز۔
الْوَحٰی۔ مص ۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِیٌّ اور جلدی کرانے کے لیے بولا جاتا ہے "اَلْوَحیَ الْوَحیَ" "والوَحَاکَ الوَحَاکَ" یعنی سبقت کرو' سبقت کرو۔
الْوَاحِیُّ۔ فا۔ ج وَاحُوْن و وُحَاۃ۔
الْوَحِیُّ۔ بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِیٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَکَاۃٌ وَحِیَّۃٌ" جلدی کا ذبح۔
الْاَوْحٰی۔ زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتْلُ بِالسَّیْفِ اَوْحٰی" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔
وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا و وَخِیْدًا و وَخَدَانًا الْبَعِیْرُ :اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شترمرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ و وَخُوْدٌ و وَخَّادٌ۔
الْوَخْد۔ وَخَدَ کا اسم ج وُخُوْد۔
وَخَزَہٗ یَخِزُہٗ وَخْزًا۔ چبھونا ـــــ ہٗ الشَّیْبُ : سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا ـــــ فُلَانٌ :شہد کا ٹرید بنانا۔

الْوَخْز۔ مص ۔ ہر چیز کا تھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔
الْوَخِیْز۔ شہد کا ٹرید۔
وَخُشَ یَوْخُشُ وُخُوْشَۃً و وَخَاشَۃً و وُخُوْشًا الشَّیْءُ : نکما اور ردی ہونا ـــــ رَاسُ الْکَبْشِ :خشک ہونا اور سکڑنا۔
وَخَّشَ الشَّیْءَ : نکما و ردی کرنا ـــــ الْعَطِیَّۃَ :کم دینا۔
اَوْخَشَ لَہٗ بِالْعَطِیَّۃِ : کم دینا ـــــ فِیْ عِرْضِہٖ بے عزتی کرنا ـــــ الشَّیْءَ : خلط ملط کرنا۔
الْوَخْش۔ ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے اور کبھی وِخَاش و اَوْخَاش جمع آتی ہے۔
وَخَصَ یَخِصُ وُخُوْصًا۔ حرکت کرنا۔
اَوْخَصَ اِیْخَاصًا فُلَانًا لِیْ بِعَطِیَّۃٍ :کم دینا۔
وَخَصَ یَخِصُ وَخْصًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ نیزہ چبھونا ـــــ ہُ الشَّیْبُ :بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔
الْوَخِیْص۔ نیزہ زدہ۔
وَخَطَ یَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ :نیزہ مارنا
وَخَطَہٗ بِالسَّیْفِ :دور سے تلوار سے کوچنا۔
ـــــ ہُ الشَّیْبُ : سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
وَخَطَ فِی الْبَیْعِ :کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔
وُخِطَ۔ سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
الْوَخَّاط۔ تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شترمرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ اور رُمْحٌ وَخَّاطٌ :پار ہونے والا نیزہ۔
الْمِیْخَط۔ پار ہونے والا۔
وَخَفَ یَخِفُ وَخْفًا السَّوِیْقَ :ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا ـــــ السَّوِیْقُ :ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا ـــــ الرَّجُلَ : بدگوئی کرنا۔ برائی سے یاد کرنا۔
وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِیْقَ : ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّہٗ لَیُوْخِفُ فِی الطِّیْنِ" اس احمق کے لیے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔
اِتَّخَفَتْ رِجْلُہٗ :پاؤں کا پھسلنا۔
الْوَخْفَۃ۔ اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔
الْوَخِیْفَۃ۔ ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔
الْمُوْخِف۔ بیوقوف۔
الْمِیْخَف۔ ستو گوندھنے کا برتن۔
وَخُمَ یَوْخُمُ وَخَامَۃً و وُخُوْمَۃً وُخُوْمًا الْمَکَانُ او الطَّعَامُ : مضر صحت یا ناقابل ہضم ہونا۔
وَخَمَہٗ یَخِمُہٗ وَخْمًا۔ زیادہ بدہضمی والا ہونا۔
وَخِمَ یَوْخَمُ وَخَمًا و اتَّخَمَ۔ مِنْ و عَنْہُ۔ بدہضمی ہونا۔
وَاخَمَہٗ مُوَاخَمَۃً فَوَخَمَہٗ (ض) وَخْمًا بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
اَتْخَمَہٗ اِتْخَامًا الطَّعَامُ :بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَہٗ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)
وَخَّمَ الشَّیْءَ :مضر صحت بنانا۔
تَوَخَّمَ وَاسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ : کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَکَانَ : کسی جگہ کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔
الْوَخْم والوَخِم مِنَ الرِّجَالِ : ست ج اَوْخَام۔ شَیْءٌ وَخِمٌ :وبا زدہ۔
الوَخَم۔ مص ۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لیے استعارہ کیا جاتا ہے۔
الوَخِیْم والوَخُوْم مِنَ الرِّجَالِ : گندا۔ ست۔ ج وَخَامٰی و وِخَام۔ بَلَدٌ وَخِیْمٌ : ناموافق شہر۔ شَیْءٌ وَخِیْمٌ وبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِیْمُ الْعَاقِبَۃِ :مضر ردی۔
اَرْضٌ وَخْمَۃٌ و وَخِمَۃٌ و وَخَامٌ و وَخُوْمٌ و وَخِیْمَۃٌ و مَوْخِمَۃٌ و مَوْخَمَۃٌ و مُوْخِمَۃٌ :مضر صحت گھاس والی زمین۔ وبازدہ زمین۔
التُّخَمَۃ :بدہضمی (اس کی اصل وُخَمَۃٌ ہے) ج تُخَمات و تُخَم۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَۃٌ" : یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَۃٌ ہے)
تَوَخَّنَ۔ خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔
الْوَخْنَۃ۔ فساد۔
وَخٰی یَخِی وَخْیًا الْاَمْرَ : قصد کرنا۔ وَخَتِ

النَّاقَةُ: اونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخَى وَخْيَهُ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِيْ اَيْنَ وَخَى" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔

وَخَى الْاَمْرَ: طلب کرنا ـــــ هُ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔

وَاخَى مُوَاخَاةً فُلَانًا: بھائی بندی کرنا (آخاہٗ میں ایک ضعیف لغت ہے)

تَوَخَّى تَوَخِّيًا وَتَاخَّى تَاخِّيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ طلب کرنا۔

اِسْتَوْخَى الْقَوْمَ: خیر طلب کرنا۔

اَلْوَخْيُ۔ مص۔ ارادہ۔ قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِيٌّ و وِخِيٌّ۔

الوِخي و الخِيَة۔ ارادہ۔

وَدَّهُ يَوَدُّهُ وُدًّا و وَدًّا و وِدًّا و وَدَادًا و وُدَادًا و وِدَادًا و وَدَادَةً و مَوَدَّةً و مَوْدِدَةً و مَوْدُوْدَةً۔ خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ كَانَ كَذَا وَلَوْ اَنَّكَ فَعَلْتَ كَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا' مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)

وَادَّهُ وِدَادًا و مُوَادَّةً۔ محبت ظاہر کرنا۔

تَوَدَّدَهُ۔ دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَيْهِ: دوستی کرنا۔

تَوَادَّ الرَّجُلَانِ: آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

اَلْوَدُّ و الوُدُّ و الوِدُّ۔ محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "نَوَدِّيْ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوْدَادٌ و اَوُدٌّ و اَوِدٌّ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَدُّكَ وَهُمْ اَوْدَادُكَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنے محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ۔

اَلْوَدُوْدُ۔ بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہو گے هُوَ وَدُوْدٌ۔ وہی وَدُوْدٌ۔

اَلْوَدِيْدُ۔ محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّةٌ و اَوِدَّاءُ اور وَدِيْدًا اسم جمع بمعنے محبین بھی ہے۔

اَلْاَوَدُّ۔ اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ۔

اَلْمَوَدُّ۔ بہت محبت کرنے والا۔

وَدَاَ يَدَاُ وَدْاً الشَّيْءَ: برابر کرنا ـــــ بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔

وَدِئَ يَوْدَاُ وَدْءًا۔ منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْهُ" اس کی خبریں منقطع ہوگئیں۔

وَدَّاَ تَوْدِيْئًا و تَوْدِئَةً عَلَيْهِ الْاَرْضَ: ہموار کرنا ـــــ عَلَيْهِ وَبِهٖ: ہلاک کرنا۔ وَدَّاَتْهُ الْاَرْضُ چھپا لینا۔

تَوَدَّاَ عَلَيْهِ: ہلاک کرنا۔ تَوَدَّاَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا ـــــ عَلَيْهِ و عَنْهُ الْاَخْبَارُ خبریں منقطع ہونا۔ تَوَدَّاَ الرَّجُلُ: مرنا ـــــ فُلَانٌ عَلٰى مَالِهٖ: لینا اور رجع کرنا۔

اَلْوَدْاُ۔ مص۔ ہلاکت۔ اَلتَّوْدِئَةُ مص۔ دفن کرنا۔

اَلْمُوَدَّاَةُ۔ ہلاکت۔ بیابان۔ میت کا گڑھا۔

اَلْوَدَبُ۔ بدحالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى وَدَبٍ" وہ بدحالی میں جتلا ہے۔

وَدَجَ يَدِجُ وَدْجًا و وَدَّجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔ وَدَجَ بَيْنَ الْقَوْمِ: معاملات درست کرنا۔ شروفساد دور کرنا۔

وَادَجَهُ مُوَادَجَةً۔ صلح کرنا۔ نرمی برتنا۔

اَلْوَدَجُ۔ ج اَوْدَاجٌ و الوِدَاجُ۔ گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَجٌ اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔ اَلْوَدَجُ: وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فُلَانٌ وَدَجِيْ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کیلئے وسیلہ ہے ج اَوْدَاجٌ۔

اَلْوَدَجَانِ: دو بھائی۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ هُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو برے بھائی ہیں۔

اَوْدَجَ لَهُ: مطیع ہونا۔ اقرار کرنا ـــــ الْاِبِلُ اونٹ کا موٹا ہونا۔ اچھی حالت والا ہونا ـــــ الْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا۔

اَلْوَدَحَةُ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰى عَنِّيْ وَدَحَةً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَدِرَ يَدِرُ وَدَرًا۔ بیہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا ـــــ الشَّيْءَ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

وَدَّرَهُ۔ بھڑکانا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ وَدَّرَ الرَّسُوْلَ قاصد بھیجنا ـــــ الشَّيْءَ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا ـــــ الْمَالَ: فضول خرچی کرنا ـــــ الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

تَوَدَّرَ۔ فضول خرچ ہونا ـــــ فِي الْاَمْرِ: پڑنا ـــــ هُ: ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَسَ يَدِسُ وَدْسًا عَلَيَّ الشَّيْءُ: پوشیدہ رہنا ـــــ بِالشَّيْءِ: چھپانا ـــــ اِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا ـــــ الرَّجُلُ: جانا۔

وَدَّسَ الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔ وَدَّسَتِ الْمَاشِيَةُ ہریاول چرنا ـــــ اِلَيْهِ بِكَلِمَةٍ: کوئی بات کہنا۔

وَدَسَ و وَدَّسَ و تَوَدَّسَ الْمَكَانُ: ہریاول والا ہونا۔

اَوْدَسَتِ الْاَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔

اَلْوَدْسُ و الوِدَاسُ و الوَدَاسُ۔ نباتات جو سطح زمین کو چھپالے۔ الوَدَسُ: عیب۔

اَلْوَدِيْسُ۔ خشک نباتات۔ پتلا شہد۔

اَرْضٌ مَوْدُوْسَةٌ۔ کم گھاس والی زمین۔

وَدَصَ يَدِصُ وَدْصًا اِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔

وَدَعَ يَدَعُ وَدْعًا الشَّيْءَ: چھوڑنا ـــــ مَالًا عِنْدَهٗ امانت رکھنا ـــــ الشَّيْءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) (ـــــ وَدْعًا) الْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَدَعُوْهُ" جبکہ کسی کیلئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے ـــــ الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (ـــــ و وَدُعَ يَوْدُعُ وَدَاعَةً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔ صفت وَدِيْعٌ و وَادِعٌ۔

وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا ـــــ الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کیلئے جانا ـــــ فُلَانًا: چھوڑنا ـــــ الصَّبِيَّ او الْكَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا ـــــ الثَّوْبَ فِيْ صِوَانٍ و نَحْوِهٖ: کپڑے کو گٹھری وغیرہ میں محفوظ کرنا ـــــ فَرَسَهُ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔

وَادَعَهُ مُوَادَعَةً و وِدَاعًا۔ صلح کرنا۔ اسم الوَدَاعُ۔

أَوْدَعَهُ الشَّيْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔ ۃ
السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو
کہنا۔ أَوْدَعَ كِتَابَهُ كَذَا: خط میں لکھنا ____
الْكَلَامَ مَعْنًى حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین
کرنا اور کہا جاتا ہے أَوْدَعْتُهُ مَالًا یعنی میں نے
اپنے پاس امانت رکھنے کے لیے اس سے مال لیا۔
تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا
____ الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا ____
فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔
تَوَادَعَ الْقَوْمُ۔ باہم صلح کرنا۔ ایک دوسرے کو
رخصت کرنا۔
اِتَّدَعَ۔ آرام کرنا۔ تن آسانی اختیار کرنا۔ قرار
پکڑنا۔
اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے
لیے مال دینا۔
الْوَدْعُ۔ مص۔ قبر۔ تیراندازی کا نشانہ۔ ج وُدُوعٌ
(____ والْوَدَعُ) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعَة
و وَدَعَةٌ۔ ج وَدَعَاتٌ۔
الْأَوْدَعُ۔ جنگلی چوہا۔
الْوَدَاعُ۔ رخصت۔
الْوَدَاعَة۔ وَدُعَ کا مصدر۔ سکون ووقار۔
الدَّعَةُ والتُّدْعَةُ والتُّدَاعَةُ سکون۔
راحت۔ فراخی زندگانی۔
الْوَدِيعُ ج وُدَعَاءُ: چپ چاپ۔ ٹھہرنے والا
ج وَدَائِعُ۔ عہد۔ مقبرہ۔
الْوَدِيعَة۔ وَدِيع کا مؤنث۔ امانت۔ ج وَدَائِعُ۔
الْمُسْتَوْدَعُ۔ حفاظت کی جگہ۔ رحم مادر۔
الْمِيدَعُ۔ ج مَوَادِعُ والْمِيدَعَة
والْمِيدَاعَة: پرانا استعمالی کپڑا۔ کپڑے وغیرہ
محفوظ کرنے کی چیز۔ كَلَامٌ مِيدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔
الْمِيدَاعَةُ: آرام طلب مرد۔
الْمُوَدَّعُ۔ مفع ____ مِنَ الْخَيْلِ: پُرسکون
آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔
الْمَوْدُوعُ۔ سکون ووقار۔
وَدَفَ يَدِفُ وَدْفًا پگھل کر بہنا ____
الْإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا ____ لَهُ الْعَطَاءَ: کم دینا۔
تَوَدَّفَ الْخَبَرَ: کھود کرید کرنا۔ تَوَدَّفَتِ
الْأَوْعَالُ فَوْقَ الْجَبَلِ: پہاڑی بکروں کا پہاڑ کی
چوٹی سے جھانکنا۔
اِسْتَوْدَفَ الشَّحْمَ: چربی ٹپکانا ____ اللَّبَنَ:
دودھ برتن میں ڈالنا ____ فِي الْإِنَاءِ: برتن کا
سرا کھول کر جھانکنا ____ الْخَبَرَ: کھود کرید کرنا
____ مَعْرُوفَ فُلَانٍ: مانگنا ____ النَّبَاتُ:
نباتات کا لمبا ہونا۔
الْوَدْفَة والْوَدِيفَة۔ مرغزار سبز۔
الْوَدْفَة۔ چربی۔ ایک نباتات کا نام جس کو نصی
بھی کہتے ہیں۔
وَدَقَ يَدِقُ وَدْقًا الْمَطَرُ: ٹپکنا ____ وَدْقًا و
وُدُوقًا) إِلَيْهِ: قریب ہونا ____ بِهِ: مانوس ہونا
____ بَطْنُهُ: وسیع ہونا یا پیٹ چلنا ____
السَّمَاءُ: برسانا ____ السَّيْفُ: تلوار کا تیز ہونا۔
وَدَقَ يَدِقُ و وَدِقَ يَوْدَقُ و وَدُقَ يَوْدُقُ وَدْقًا
و وُدْقًا و وُدُوقًا و وِدَاقًا و وَدَقَانًا۔ کہا جاتا ہے
"وَدَقَتْ ذَاتُ الْحَافِرِ" یعنی سم دار مادہ جانور کا
خواہش مند جفتی ہونا۔ صفت وَادِق و وَدُوق و
وَدِيقٌ اور اسم الوِدَاق۔
وَدِقَتْ تِيدَقُ وَدْقًا عَيْنُهُ: آنکھ میں سرخ
پھنسی ہونا۔
أَوْدَقَتِ السَّمَاءُ: برسانا۔
الْوَدْق۔ مص۔ بارش۔
الْوَدْقَة والْوَدَقَة۔ سرخ پھنسی جو آنکھ میں نکلتی
ہے ج وَدْق و دَوْقٌ۔
الْوَدِيقَة۔ سخت گرمی۔ سبزہ زار ج وَدَائِق۔
الْمَوْدِق۔ ہرن وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ
جہاں سے وہ درخت کے پتوں کو کھاسکیں۔ گھمسان
لڑائی کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان آڑ۔
وَدِكَ يَوْدَكُ وَدَكًا۔ چربی دار اور موٹا ہونا۔
وَدَّكَ الثَّرِيدَ: ثرید میں چربی ڈالنا۔
الوَادِك والوَدِك۔ موٹا۔
الْوَدَك۔ گوشت اور چربی کی چکناہٹ۔ رَجُلٌ
ذُوْ وَدَكٍ: موٹا۔ وَدَكُ الْمَيْتَةِ: وہ چیز جو مردہ سے
بہے۔
الْوَدَّاك۔ چربی بیچنے والا۔
الدِّكَة۔ چربی۔
دَجَاجَة وَدُوكٌ و وَدِيكٌ و وَدِيكَةٌ موٹی
مرغی۔
الْوَدِيكَة۔ ودیک کا مؤنث۔ چربی ملا ہوا آٹا۔
بَنَاتُ أَوْدَك۔ مینگیں۔
وَدَلَ يَدِلُ وَدْلًا السِّقَاءَ: مشکیزہ میں بلونا۔
وَدَنَ يَدِنُ وَدْنًا الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا ____ ہ
بِالْعَصَا: ڈنڈے سے مارنا ____ الشَّيْءَ:
گھٹانا، حقیر کرنا۔ کوٹنا۔ صفت مفعول مَوْدُونٌ (
____ وَدْنًا و وِدَانًا) الشَّيْءَ: تر کرنا۔ بھگونا
____ الجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کے لیے مٹی
کے نیچے گاڑنا۔
وَدِنَت تَوْدَنُ وَدْنًا و وَدَنَتْ تَدِنُ وَدْنًا
الْمَرْأَةُ: کمزور جسم کے بچے جننا۔
وَدَّنَ الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا۔ تر کرنا۔ نرم کرنا۔
گھٹانا۔
أَوْدَنَ الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا۔ حقیر کرنا۔ أَوْدَنَتِ
الْمَرْأَةُ: لاغر بچہ جننا۔
تَوَدَّنَ الْجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا۔
اِتَّدَنَ الْجِلْدَ: کھال بھگونا ____ الْجِلْدُ:
کھال کا بھیگنا۔
الْأَوْدَن۔ نرم ونازک۔
الْمُودَن والْمَوْدُون۔ لاغر بچہ۔ الْمَوْدُون
چھوٹی گردن اور چھوٹے ہاتھوں والا۔ ناقص
الخلقت۔ تنگ کندھوں والا۔ مؤنث مَوْدُونَةٌ۔
الْمُوَدَّن۔ چھوٹا ناقص الخلقت۔
الْوَدِين۔ بھگویا ہوا۔
وَدَهَ يَدِهُ وَدْهًا فُلَانًا عَنِ الْأَمْرِ: ہٹانا۔
أَوْدَهَ إِيدَاهًا بِالْإِبِلِ: اونٹ کو ڈانٹنا۔
____ فُلَانًا عَنْ كَذَا: باز رکھنا۔
اِسْتَوْدَهَ الْخَصْمُ: مغلوب ہونا۔ مطیع ہونا۔
اِسْتَوْدَهَتِ الْإِبِلُ: اکٹھا ہونا۔
اِسْتَيْدَهَ الرَّجُلَ: ہلکا سمجھنا ____ الْأَمْرُ:
درست ہونا۔
الْوَدْهَاءُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت سفید
عورت۔
وَدَى يَدِي وَدْيًا وَدِيَةً الْقَاتِلُ الْقَتِيلَ: خون
بہا دینا ____ الْأَمْرَ: قریب کرنا (____ وَدْيًا)
الشَّيْءُ: بہنا۔ اور اسی سے وادی کا اشتقاق ہے
اس لیے کہ اس میں پانی بہتا ہے۔ اور وَدَى يَدِي
سے امر کے صیغے یہ ہیں۔ دِ۔ دِيَا۔ دُوْا۔ دِي۔ دِيَا۔

دِیْنَ-
اَوْدَیٰ اِیْدَاءً- ہلاک ہونا ـــــ بِهِ الْمَوْتُ : ہلاک کرنا- وَاَوْدَیٰ بِالشَّیْءِ : لے جانا-
اِتَّدَیٰ اِتِّدَاءً- دیت لینا (اس کی اصل اِوْتَدَیٰ ہے)
اِسْتَوْدَیٰ اِسْتِیْدَاءً بِحَقِّهٖ : حق کا اقرار کرنا-
الدِّیَةُ- مص - خون بہا- ج دِیَات (اس کی اصل وَدْیٌ ہے) تاء واوٗ محذوفہ کے عوض میں ہے جیسے عِدَةٌ و زِنَةٌ میں-
الوَدَیٰ- ہلاکت-
الوَصِيَّة۔ اِيْصَاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا۔ وَصَايَا اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کیے ہیں۔

الوَصِيَّة: کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِيٌّ۔

الوَصَاة۔ ج وَصًى والوَصَايَة والوِصَايَة وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

الوَصِيّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِيَاء۔

الوَاصِي۔ پیچیدہ گھاس۔ اَرْضٌ وَاصِيَةٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔

وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوْءًا و وَضَاءَةً الشَّيْءُ: پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔

وَضَاءَهٗ يَضُؤُهٗ وَضْأً۔ پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔

وَضَّأ تَوْضِئَةً۔ بِالْمَاءِ: پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔

وَاضَاءَهٗ۔ پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَاءَهٗ فَوَضَاءَهٗ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلٰوةِ: وضو کرنا —الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ: بالغ ہونا۔

الوَضُوْء۔ وضو کا پانی۔

الوَضِيْءُ ج وِضَاء و اَوْضِيَاء و الوَاضِئ ج وَضَاءَةٌ والوُضَّاء ج وُضَّاءُوْنَ و وَضَاضِئ: پاکیزہ وخوبصورت۔

الاَوْضَأُ: زیادہ خوبصورت وپاکیزہ۔

المِيْضَاة والمِيْضَاءَة۔ وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔

المُتَوَضَّأ۔ وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

وَضَحَ يَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً و وُضُوْحًا و تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْاَمْرُ او الْكَلَامُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِح و وَضَّاح۔

وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا۔ برص کے داغوں والا ہونا۔

اَوْضَحَ الْاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا —الْاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّاسِ زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ اَوْضَحَ فِيْ رَاسِهٖ: زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔

وَضَّحَ الْاَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيْضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ: بحث کرنا —هُ الْاَمْرَ او الْكَلَامَ: وضاحت کرانا —الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا —الشَّمْسَ: نگاہ تنگ کرکے گھورنا۔

الوَضَح۔ مص۔ روشنی و سپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الوَضَحُ: چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھر اور رہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَأَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الوَضَح: دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج اَوْضَاح وَضَحُ الطَّرِيْقِ: شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ: تلوے کی سپیدی۔ اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کیلئے واحد نہیں)

الوَضَحَة۔ گدھی۔

الوَاضِح۔ فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِح الحَسَبِ: پاک صاف حسب والا۔ الوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

الوَاضِحَة۔ واضح کا مؤنث ج وَاضِحَات و اَوَاضِح۔ الوَاضِحَةُ: دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

الوَضَّاح۔ سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الوَضَّاحُ: پاک صاف نسب۔ بِكْرُ الوَضَّاحِ: صبح کی نماز۔

الوَضِيْحَة۔ مویشی۔ ج وَضَائِح۔

المُتَوَضِّح۔ فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا —مِنَ الْاِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَ الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔

اَوْضَخَ بِالدَّلْوِ: کم پانی کھینچنا۔

وَاضَخَه وِضَاخًا و مُوَاضَخَةً۔ پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

تَوَاضَخَ الْقَوْمُ: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الوَضُوْخ۔ پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔

وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا۔ میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِر۔ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضْرٰی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ و فِيْ اَخْلَاقِهٖ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔

وَضَّرَهٗ۔ میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهٗ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔

الوَضَر۔ مص۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل، پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار۔

الوَضْرٰی۔ دبلا —والوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔

وَضَعَهُ یَضَعُهُ وَضْعًا- کمینہ بنانا- ذلیل کرنا- وَضَعَ عُنُقَهُ: گردن پر مارنا — الْحَدِیْثَ: بات گھڑنا — الْکِتَابَ: تالیف کرنا- — السِّلَاحَ فِی الْعَدُوِّ: مقاتلہ کرنا — یَدَهُ عَنْ فُلَانٍ: روکنا — الْجِنَایَةَ عَنْ فُلَانٍ: بلا کی دور کرنا — عَصَاهُ: اقامت کرنا- وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا- صفت وَاضِع- وَضَعَ الشَّیَّ بَیْنَ یَدَیْهِ: سامنے چھوڑ دینا — یَدَهُ فِی الطَّعَامِ کھانا — الْجِزْیَةَ اَوِ الْحَرْبَ: ساقط کرنا-

وَضَعَ یَضَعُ وَضْعًا و مَوْضِعًا و مَوْضُوْعًا الشَّیْءَ: رکھنا — الشَّیَّ مِنْ یَدِهٖ: گرانا — مِنْ فُلَانٍ مرتبہ سے گھٹانا — عَنْ غَرِیْمِهٖ: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا (— وَضْعًا و مَوْضُوْعًا) الْبَعِیْرُ: سر جھکا کر تیز چلنا-

وَضَعَ یَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً و وُضُوْعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا-

وَضَعَتْ وَضْعًا و وُضْعًا و تُضْعًا الْمَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا- صفت وَاضِع-

وَضِعَ یُوْضَعُ و وُضِعَ ضَعَةً و وَضِیْعَةً فِیْ تِجَارَتِهٖ: نقصان اٹھانا- صفت مَوْضُوْعٌ فِیْهَا-

وَضُعَ یَوْضُعُ ضَعَةً و ضِعَةً و وَضَاعَةً لئیم ہونا- ردی ہونا- خسیس ہونا-

وَضَّعَ الشَّیَّ: جوڑنا — الْجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا- وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَیْضَهَا: شتر مرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا — الرَّجُلَ: ذلیل کرنا-

اَوْضَعَ الْبَعِیْرَ: اونٹ کا تیز دوڑنا — الْبَعِیْرَ اونٹ کو تیز دوڑانا — اَوْضَعَ فِی تِجَارَتِهٖ: تجارت میں نقصان اٹھانا-

وَاضَعَهُ وِضَاعًا و مُوَاضَعَةً- شرط لگانا- ہُ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا- وَاضَعَهُ الْبَیْعَ: بیع کو چھوڑنا- وَاضَعَهُ الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا- اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ اُوَاضِعْكَ الرَّأْیَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں-

اِتَّضَعَ- ذلیل ہونا- عاجز ہونا- لئیم ہونا- حسب میں کم رتبہ ہونا — الْبَعِیْرَ رَاکِبُهُ: اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا-

تَوَاضَعَ- ذلیل ہونا- عاجز ہونا- خاکسار ہونا- تَوَاضَعَتِ الْاَرْضُ: پست ہونا- تَوَاضَعَ الْقَوْمُ عَلٰی کَذَا: متفق ہونا — مَا بَیْنَنَا: دور ہونا-

اِسْتَوْضَعَ اِسْتِیْضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لیے کہنا — ہُ فِیْ دَیْنِهٖ: قرض میں نرمی طلب کرنا-

الْوَضْع- مص- جگہ- ج اَوْضَاع-

الْوَضْعَة و الوِضْعَة- جگہ- مرکز-

الْوَاضِع- فا- اِمْرَأَةٌ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت- نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی-

الْوَضِیْع- خسیس، ردی، امانت- کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِیْعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی-

الْوَضِیْعَة- قیمت کی کمی- امانت- ترش نباتات- عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے- منہ بولا بیٹا- لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے- ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں- ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِع

الْوَضَائِع: مسافروں کا اسباب-

التَّوْضِیْع- مص- کہا جاتا ہے "فِیْ کَلَامِهٖ تَوْضِیْعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے-

الْمَوْضَع و الْمَوْضِع- مص- رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع-

الْمَوْضِعَة- موضع میں ایک لغت ہے اور کہا جاتا ہے "لَهٗ فِیْ قَلْبِیْ مَوْضِعَةٌ و مَوْقِعَةٌ" اس کی میرے دل میں محبت ہے-

الْمُوَضَّع- مفع- توڑا ہوا- ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا-

الْمَوْضُوْع- مص- مفع- مَوْضُوْعُ الْعِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے- جیسے علم طب میں جسم انسان مِنْ حَیْثُ الصِّحَّة والمرض موضوع الکلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو- ج مَوَاضِیْع و مَوْضُوْعَات- الْاَحَادِیْثُ الْمَوْضُوْعَة: گھڑی ہوئی باتیں-

وَضَفَ یَضِفُ وَضْفًا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تیز چلنا-

وَضَمَ یَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا-

وَضَمَ یَضِمُ وُضُوْمًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا- قریب قریب ہونا- بَنُوْ فُلَانٍ عَلٰی بَنِیْ فُلَانٍ: فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آگئی-

اَوْضَمَ اِیْضَامًا اللَّحْمَ وَ لِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا — الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا-

اِسْتَوْضَمَهُ اِسْتِیْضَامًا- ظلم کرنا-

الْوَضَم- گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ- ج اَوْضَام و اَوْضِمَة- کہا جاتا ہے "تَرَکَهُمْ لَحْمًا عَلٰی وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور دردمند بنا دیا-

الْوَضَم- لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کیلئے رکھا جائے- دسترخوان-

الْوَضِیْم- انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ-

الْوَضِیْمَة- میت کا کھانا (— و الْوَضْمَة) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت-

الْمِیْضَمَة- گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم-

وَضَنَ یَضِنُ وَضْنًا الشَّیَّ: تہ بہ تہ رکھنا- ایک کو دوسرے پر موڑنا- دگنا کرنا- النِّسْعَ: بٹنا-

تَوَضَّنَ لَهُ: ذلیل و عاجز ہونا- محبوب ہونا-

اِتَّضَنَ بِهٖ: متصل ہونا-

الْوَضِیْن- تہ بتہ کیا ہوا- چوڑا استر- بال یا تسموں سے بنا ہوا- اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُن-

الْمَوْضُوْنَة- باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ-

الْمِیْضَنَة- کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا- ج مَوَاضِن-

الْمِیْضَانَة- زنبیل- ج مَوَاضِیْن-

وَظَّ یَئِظُّ وَظًّا الْوَظْوَاظُ: چمگادڑ کا آواز کرنا — الْمَحْمِلُ: چرچرانا-

وَطِئَ یَطَاُ وَطْأً الشَّیَّ بِرِجْلِهٖ: پیر سے روندنا — الْفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا — اَرْضَ عَدُوِّهٖ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا-

وَطَا يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ : تیار کرنا۔ آسان کرنا۔
وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً وَوُطُوْءَةً الْمَوْضَعَ : نرم ہونا۔
وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّيْءَ بِرِجْلِهِ : پیر سے روندنا — **الْفِرَاشَ** : بچھونا نرم کرنا — **الْأَمْرَ** : درست کرنا۔ آسان کرنا — **الْمَوْضَعَ** : نرم بنانا — **الشِّعْرَ وَفِيْهِ** : لفظاً و معنیاً قافیہ دہرانا۔
اَوْطَأَ اِيْطَاءً فُلَانًا الْأَرْضَ وَ بِالْأَرْضِ : روندوانا۔ **اَوْطَاَهُ فَرَسَهُ** : سوار کرانا۔ **اَوْطَاَهُ عَلَى الْأَمْرِ** : موافقت کرنا۔ **اَوْطَأَ الشِّعْرَ وَفِي الشِّعْرِ** : لفظاً و معنیٰ قافیہ دہرانا۔
وَاطَأَ مُوَاطَاةً فُلَانًا عَلَى الْأَمْرِ : موافقت کرنا — **فِي الشِّعْرِ** : لفظاً و معنیٰ قافیہ دہرانا۔
تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِهِ : کچلنا۔ روندنا — **هُ عَلَى الْأَمْرِ** : موافقت کرنا — **الْقَوْمُ عَلَى الْأَمْرِ** : ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
اِتَّطَأَ اِتِّطَاءً وَاِيْتَطَأَ اِيْتِطَاءً الشَّيْءُ : آسان ہونا۔ تیار ہونا — **الْأَمْرُ** : درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔
اِسْتَوْطَأَ الشَّيْءَ : نرم پانا۔
الْوَطْؤُ مص۔ (— **وَالْوَطَاءُ**) پست و نرم زمین۔
الْوِطَاءُ وَالْوَطَاءُ۔ فرش۔
الْوَطْأَةُ۔ وطا کا اسم مرة۔ قدم کی جگہ۔ بھینچ یا دباؤ۔
الْوَطَاءَةُ وَالْوُطُوْءَةُ۔ مص۔ نرمی، آسانی۔ کہا جاتا ہے "**اَنَا اُحِبُّ وَطَاءَةَ الْعَيْشِ**" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔
الْوَاطِئَةُ وَالْوَطْأَةُ۔ راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ **الْوَاطِئَةُ** : گری ہوئی کھجوریں۔
الْوَطِيْءُ۔ پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔
الْوَطِيْئَةُ۔ **وَطِيْءٌ** کا مؤنث۔ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا، گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔
الْمَوْطَأُ وَالْمَوْطِئُ۔ قدم کی جگہ۔
الْمِيْطَأُ۔ پست و نرم زمین۔
الْمُوَطَّأُ۔ مفعو۔ کہا جاتا ہے "**رَجُلٌ مُوَطَّأُ الْاَكْنَافِ**" نرم اخلاق والا، فیاض مہمان نواز مرد۔ "**وَهُوَ مُوَطَّأُ الْعَقِبِ**" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔
الْوَطْبُ۔ دودھ کی مشک ج **اَوْطُبٌ وَوِطَابٌ وَاَوْطَابٌ** و جج **اَوَاطِبُ**۔ کہا جاتا ہے **صَفِرَتْ وِطَابُهُ** یعنی مرگیا یا قتل کیا گیا۔ **الْوَطْبُ** بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔
الْوَطْبَاءُ۔ بڑی پستان والی عورت۔
وَطَحَهُ يَطَحُهُ وَطْحًا وَطِحَةً۔ ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔
تَوَاطَحَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ **تَوَاطَحَتِ الْاِبِلُ عَلَى الْحَوْضِ** : اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔
الْوَطْحُ۔ مص۔ کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔
وَطَدَ يَطِدُ وَطْدًا الشَّيْءَ : مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا۔ بوجھل کرنا۔ صفت مفعولی **وَطِيْدٌ وَمَوْطُوْدٌ** — **الْاَرْضَ** : سخت ہونے کے لیے کوٹنا — **الشَّيْءَ اِلَيْهِ** : ملانا — **لَهُ مَنْزِلَةً** : تیار کرنا — **هُ اِلَى الْاَرْضِ** : جھکانا دبانا — **الشَّيْءُ** : ثابت و قائم ہونا۔ چلنا — **الصَّخْرَ عَلَى الْغَارِ** : تہ بہ تہ رکھنا۔
وَطَّدَ الشَّيْءَ : بمعنے **وَطَدَهُ**۔
تَوَطَّدَ۔ مضبوط و ثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "**وَطَّدَهُ فَتَوَطَّدَ**" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "**وَتَوَطَّدَتْ لَهُ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ**" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔
الْوَاطِدُ وَالْوَطِيْدُ وَالْمَوْطُوْدُ۔ مضبوط و ثابت۔
الْاَوْطَادُ۔ بہت سے پہاڑ۔
الْوَطِيْدَةُ۔ عمارت کی بنیاد۔ پایہ دیگدان ج **وَطَائِدُ**۔ کہا جاتا ہے "**اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الْحَقِّ**" تو سچائی کا ستون ہے۔ "**وَلَهُ عِنْدَهُ وَطِيْدَةٌ**" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔
الْمِيْطَدَةُ۔ دُرمُٹ۔
الْمُتَوَاطِدُ۔ مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔
الْوَطَرُ۔ حاجت۔ مطلوب۔ ج **اَوْطَارٌ**۔ کہا جاتا ہے "**قَضٰى مِنْهُ وَطَرَهُ وَاَوْطَارَهُ**" اس نے اپنی حاجت پوری کرلی۔
وَطَسَهُ يَطِسُهُ وَطْسًا۔ چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا — **الشَّيْءَ** : توڑنا۔ کوٹنا۔
تَوَاطَسَ۔ الْمَوْجُ : موجوں کا باہم ٹکرانا۔ **الْقَوْمُ عَلَيَّ** : بھیڑ کرنا۔
الْوَطَّاسُ۔ چرواہا۔
الْوَطِيْسُ۔ تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدانِ جنگ۔ کہا جاتا ہے **حَمِيَ الْوَطِيْسُ** یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ ج **اَوْطِسَةٌ وَوُطُسٌ**۔
الْوَطِيْسَةُ۔ معاملہ کی سختی۔
وَطَشَهُ يَطِشُهُ وَطْشًا۔ مارنا — **هُ عَنْ فُلَانٍ** : ہٹانا۔ دور کرنا — **الْحَدِيْثَ اَوِ الْخَبَرَ** : کچھ بیان کرنا — **الْكَلَامَ** : وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "**مَا وَطَشَ لَنَا بِشَيْءٍ**" اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔
وَطَّشَ الْحَدِيْثَ : کچھ بیان کرنا — **لَهُ** : گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا — **هُ** : تھوڑا سا دینا — **الْقَوْمَ عَنْهُ** : ہٹانا — **فِيْهِ** : اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "**ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ**" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا "**سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَّشَ اِلَيْهِمْ بِشَيْءٍ**" لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔
وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا۔ گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت **اَوْطَفُ**۔ مؤنث **وَطْفَاءُ** ج **وُطْفٌ**۔ **وَطِفَ الْمَطَرُ** : زور سے برسنا۔
وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا۔ شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔
الْوَطَفُ۔ مص۔ اور کہا جاتا ہے "**فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ**" جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔
ظَلَامٌ اَوْطَفُ۔ سخت تاریکی۔ **سَحَابٌ اَوْطَفُ** : زمین سے قریب بادل۔ **عَامٌ اَوْطَفُ** فراخ سالی : **عَيْشٌ اَوْطَفُ** : خوشحال زندگی۔ **سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ** : پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔
الْوَطْفَةُ۔ تھوڑے بال۔
الْوِطَاقُ۔ خیمہ۔ ج **وِطَاقَاتٌ**۔
وَطَمَهُ يَطِمُهُ وَطْمًا۔ روندنا۔ **وَطَمَ السِّتْرَ** : پردہ لٹکانا۔
وَطِمَ يَوْطَمُ وَطْمًا وَوُطِمَ الرَّجُلُ : پاخانہ روکنا۔
وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا وَاَوْطَنَ اِيْطَانًا بِالْمَكَانِ :

اقامت کرنا۔

وَطَّنَ و اَوْطَنَ و تَوَطَّنَ و اِتَّطَنَ و اِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ۔ وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهٗ عَلَى الْاَمْرِ و لِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُهٗ عَلٰی كَذَا: اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔

وَاطَنَهٗ عَلَى الْاَمْرِ: کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔

اَلْوَطَن۔ جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان۔

اَلْمَوْطِن۔ وطن۔ میدان جنگ۔ ج مَوَاطِن۔

اَلْمِيْطَان۔ غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں۔ اور آخری جگہ کو مِيْتَاء و مِيْدَاء کہتے ہیں۔

وَطْوَطَ۔ کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔

اَلْوَطْوَاط۔ چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط و وَطَاوِيط۔ اَلْوَطْوَاط: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔

اَلْوَطْوَاطَة۔ جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔

وَطّٰی تَوْطِيَةً الشَّيْءَ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔

تَوَطّٰی۔ پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَأَ و تَوَطَّأَ میں ایک لغت ہے۔

وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرَ و عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت وَاظِبٌ (— وَظْبًا) الشَّيْءَ: روندنا۔

وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ هٗ عَلٰى خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔

تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ: لگاتار پے در پے آنا۔

اَلْمِيْظَب۔ گول تیز پتھر۔

اَلْمَوْظُوْب۔ مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا مرد جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔

وَظِرَ يَوْظَرُ وَظَرًا۔ موٹا و پُر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ۔

وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيْرَ: پاؤں کی رسی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا — الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔ — الشَّيْءَ عَلٰى نَفْسِهٖ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔

وَظَّفَ۔ روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔ وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لیے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ اٰيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللهِ اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لیے مقرر کیں۔

وَاظَفَهٗ۔ موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔

اِسْتَوْظَفَ۔ الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔

اَلْوَظِيْف۔ گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ و اَوْظِفَة۔ اَلْوَظِيْفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْاِبِلُ عَلٰى وَظِيْفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔

اَلْوَظِيْفَة۔ عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف و وُظُفٌ۔ اور بسا اوقات منصب اور خدمت کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِفُ" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔

اَلْوَعُّ۔ گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچّے کے رونے کی آواز۔

وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔

اَوْعَبَ اِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جمع کرنا — الْاَمْرَ: فارغ ہونا — الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا — الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: پورا داخل کر دینا — فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا — الْقَوْمُ: پوری قوم کا نکل جانا۔

اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جڑ سے اُکھیڑنا — الْحَدِيْثَ: پوری بات حاصل کرنا — الْمَكَانُ او الْوِعَاءُ الشَّيْءَ: گنجائش ہونا۔

اَلْوَعْب۔ کشادہ راستہ۔ ج وِعَابٌ۔

اَلْوَعِيْب۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ و وِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

اَلْمُوْعَب۔ کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا و وَعَثًا و وَعُثَ يَوْعُثُ و وُعُوْثَةً الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار گزار ہونا —

الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ و وَعِثٌ و مُوْعَثٌ و اَوْعَثُ۔

وَعِثَتْ تَوْعَثُ و عَثًا يَدُهٗ: ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ۔

وَعَّثَهٗ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔

اَوْعَثَ۔ سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا — الرَّجُلُ: خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا — فِيْ مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا۔ الْمُتَكَلِّمُ گفتگو سے عاجز ہونا — الْاَمْرَ: بگاڑنا۔ فاسد کرنا — فُلَانًا: دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

اَلْوَعْث۔ مص۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعْثٌ و وُعُوْثٌ۔

اَلْوَعْثَاء۔ مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

اَلْوُعُوْث۔ سختی و برائی۔

اَلْمَوْعُوْث۔ ناقص حسب والا۔

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا و عِدَةً و مَوْعِدًا و مَوْعِدَةً و مَوْعُوْدًا و مَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ و بِالْاَمْرِ: وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ: عمدہ فصل ہونے کی اُمید ہونا (— وَعِيْدًا) الرَّجُلَ: دھمکی دینا — الْفَحْلُ: بڑبڑانا۔

اَوْعَدَهٗ اِيْعَادًا۔ وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَهٗ مُوَاعَدَةً۔ ایک دوسرے سے وعدہ کرنا — هٗ الْمَوْضِعَ او الْوَقْتَ: وعدہ پورا کرنے کیلئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ و اِتَّعَدَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهٗ۔ دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا۔ وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا — هٗ: دھمکی دینا۔

اِيْتَعَدَ يَاتَعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ۔ اِتَّعَدَ میں ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهٗ۔ وعدہ کرانا۔

اَلْوَعْد۔ مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْد آتی ہے۔

الْعِدَةُ۔ وعدہ۔
الْمَوْعِد۔ مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِد۔
الْمِيْعَاد۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنے مُوَاعَدَة ج مَوَاعِيْد۔
اَموعُوْد۔ مفع۔ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْد: قیامت کا دن۔
وَعَزَ يَعِزُ وَعْزًا فُلَانًا: روکنا۔ ہٹانا (— وَعْزًا و وُعُوْزًا و وَعِزَ يَوْعَزُ و يَعِزُ و وَعُزَ يَوْعُزُ وعَارَةً و وُعُوْرَةً) الْمَكَانُ: سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْرٌ و وَعُرٌ الشَّئُ: کم ہونا۔ صفت وَعْرٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرُ الْمَعْرُوْفِ" مرو کم احسان و کم خیر۔
وَعَّرَ الْمَكَانُ: سخت بنانا — الرَّجُلَ: روکنا۔ ہٹانا — الْمُتَكَلِّمَ: بات کاٹ دینا۔
اَوْعَرَ اِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا — الرَّجُلُ: سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا — الشَّئَ: کم کرنا (— و اِسْتَوْعَرَ) الْمَكَانَ او الطَّرِيْقَ: دشوار و سخت پانا۔
تَوَعَّرَ الْمَكَانُ: سخت ہونا — الْاَمْرُ عَلَيَّ: سخت و مشکل ہونا — الرَّجُلُ: سختی کرنا — فِي الْكَلَامِ سرگشتہ و متحیر ہونا — هُ فِي الْكَلَامِ: حیران بنانا۔
الْوَاعِر۔ فا۔ دشوار (— و الْوَعْر) ج اَوْعُرٌ و وُعُوْر و اَوْعَار و وُعُوْرَة۔ و الْوَعِير ج اَوْعَار۔
الْاَوْعَر۔ سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الْوَعْرُ: خوفناک متوحش جگہ۔
الْوَعْرِيَّ مِنَ الْكَلَامِ: قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔
وَعِزَ يَعِزُ وَعْزًا و وَعَّزَ تَوْعِيْزًا و اَوْعَزَ اِيْعَازًا اِلَيْهِ فِي كَذَا اَنْ يَّفْعَلَهُ او يَتْرُكَهُ: آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔
وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّئَ: روندنا هُ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا۔
اَوْعَسَ اِيْعَاسًا الْقَوْمُ: ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ اَوْعَسَتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔
وَاعَسَهُ۔ رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔
وَاعَسَتِ الْاِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔
الْوَعْس۔ مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج اَوْعَاس۔
الْوَعْسَة۔ ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔
الْاَوْعَس۔ وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْسٌ و اَوْعُس و جج اَوَاعِس۔
الْوَعْسَاء۔ نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔
الْمَوْعِس۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔
الْمِيْعَاس۔ نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْس۔
الْمُوَعَّس۔ چلا ہوا راستہ۔
الْوَعَاط۔ سرخ یا زرد گلاب۔
وَعَظَهُ يَعِظُهُ وَعْظًا و عِظَةً۔ نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاح اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔
اِتَّعَظَ۔ نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔
الْوَعْظَةُ۔ وَعَظَ کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وَعَظَات۔
الْعِظَة۔ وعظ و نصیحت ج عِظَات۔
الْوَاعِظ۔ فا۔ ج وَاعِظُوْن و وُعَّاظ۔
الْوَعَّاظ۔ واعظ کا اسم مبالغہ۔
الْمَوْعِظَة۔ وعظ کا اسم ہے۔ وعظ و نصیحت ج مَوَاعِظ۔
وَعَفَ يَوْعُفُ وُعُوْفًا الْبَصَرُ: نگاہ کا کمزور ہونا۔
الْوَعْف۔ سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِعَاف۔
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا و وُعَاقًا و وَعِيْقًا الْفَرَسُ: گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً و تَوَعَّقَ و اِسْتَوْعَقَ کینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ و وَعِقٌ و وَعْقَةٌ و وَعِقَةٌ۔
وَعَّقَهُ۔ مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمَعُ او الْجَهْلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کردیا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَوْعَقَهُ" وہ کس قدر جلد باز ہے۔
الْوَعْقَة۔ اسم مرۃ۔ بدخلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے۔
الْوُعَاق و الْوَعِيْق۔ چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔
وَعَكَ يَعِكُ وَعْكًا و وَعْكَةً الْحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔ وَاعَكَتْهُ الْحُمّٰى: تیز بخار چڑھنا۔ صفت مفعولی مَوْعُوْك — الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچانا (— وَعْكًا) الشَّئَ: توڑنا (— و اَوْعَكَ) الشَّئَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔ اَوْعَكَتِ الْاِبِلُ عِنْدَ الْحَوْضِ: بھیڑ کرنا۔
تَوَعَّكَ۔ بخار چڑھنا۔
الْوَعْك۔ مص (— و الْوَعِك و الْمَوْعُوْك) بخار والا۔
الْوَعْكَة۔ مص۔ وَعَكَ کا اسم مرۃ۔ ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الْحُمّٰى: بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الْاَمْرِ: معاملہ کی سختی۔ وَعْكَةُ الْاِبِلِ: اُونٹوں کے گلے۔
الْمَوْعُوْك۔ مفع۔ بخار والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلًا الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔
تَوَعَّلَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَوْعَلَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الْاَوْعَالُ: پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
الْوَعْل و الْوَعِل و الْوُعِل۔ پہاڑی بکرا۔ ج اَوْعَال و وُعُوْلٌ و وُعُلٌ و وَعِلَة و مَوْعَلَة: آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وَعِلَات و وِعَال الْوَعْل: شریف۔ جائے پناہ۔ ج اَوْعَالٌ و وُعُوْلٌ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں "وَهُمْ

عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔
الوَعْلَة- پہاڑ میں بلند جگہ ــ مِنَ الْقَمِيْصِ قمیص کا تکمہ - وَعْلَةُ الْإِبْرِيْقِ :لوٹے کا دستہ-
المُسْتَوْعِل- پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مَسْتُوْعِلَات-
وعَمَ و وَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ :خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" وعَمَ بِالْخَيْرِ :نیکی کی خبر دینا-
الوَعْم- مص- پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام-
تَوَعَّنَ الشَّيْءَ :پورا لے لینا- تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا-
الوَعْنُ وَالوَعْنَةُ- سخت زمین- زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان- الوَعْنُ :جائے پناہ-
وَعْوَعَ وَعْوَعَةً و وَعْوَاعًا الْكَلْبُ او ابْنُ آوَى :بھونکنا ــ القَوْمُ :شور مچانا ــ القَوْمُ : قوم کو جھڑ جھڑا دینا-
الوَعْوَاع- مص- لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہو- بیہودہ گو- گیدڑ یا کتے کی آواز- دیدبان-
الوَعْوَع- گیدڑ- لومڑی- بلیغ خطیب- بیابان- دیدبان ج وَعَاوِع- الوَعَاوِع :دلاور لوگ-
الوَعْوَعِي :خوش طبع تیز خاطر-
وَعَى يَعِي وَعْيًا الشَّيْءَ : جمع کرنا ــ الْحَدِيْثَ : قبول کرنا- غور کرنا- یاد کرنا ــ الْأُذُنُ : سننا ــ القَيْحُ فِي الْجُرْحِ :پیپ کا زخم میں جمع ہونا ــ الْجُرْحُ :زخم سے پیپ بہنا ــ العَظْمُ :ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا-
أَوْعَى إِيْعَاءً الكَلَامَ اَو الشَّيْءَ :یاد کرنا- جمع کرنا ــ الزَّادَ و نَحْوَهُ :برتن میں رکھنا ــ الرَّجُلَ و عَلَيْهِ :بخل کرنا (ــ واِسْتَوْعَى اِسْتِيْعَاءً)الشَّيْءَ سارا لینا-
الوَعْي- مص- پیپ(ــ والوَعَى)شور- اور کہا جاتا ہے "مَالِي عَنْهُ وَعْيٌ" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں- "فَرَسٌ وَعْيٌ" مضبوط و قوی گھوڑا-
الوِعَاءُ والوُعَاءُ- برتن ج اَوْعِيَة وج اَوَاعٍ-

الوَاعِي- فا- وَاعِي الْيَتِيْمِ :یتیم کا والی و نگہبان-
الوَاعِيَة- وَاعِي کا مؤنث- آواز- چیخ- کہا جاتا ہے هُوَ اَوْعَى مِنْ فُلَانٍ :وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے- "وَهُوَ اَوْعَى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا ہے-
الوَعِيُّ- یاد کرنے والا- فقیہ-
مَوْعِيُّ الرُّسْغِ :مضبوط کلائی والا-
وَغَبَ يَوْغَبُ وَغَابَةً و وُغُوْبَةً الْجَمَلُ اُونٹ کا موٹا ہونا-
الوَغْب- ردی سامان- موٹا اونٹ- کمزور جسم والا- کمینہ- رذیل- ج اَوْغَاب و وِغَاب- مؤنث وَغْبَةٌ(ــ والوَغْبَةُ)بیوقوف-
وَغَدَ يَغِدُ وَغْدًا القَوْمَ :خدمت کرنا-
وَغُدَ يَوْغُدُ وَغَادَةً- ضعیف العقل و کمینہ ہونا-
وَاغَدَهُ مُوَاغَدَةً- کسی کے فعل کی نقل کرنا-
وَاغَدَ فُلَانًا فِي السَّيْرِ :رفتار میں مقابلہ کرنا-
الوَغْد- ضعیف العقل- بیوقوف- کمینہ- بچہ- قوم کا خادم- غلام- ج اَوْغَاد و وُغْدَان و وِغْدَان- مؤنث وَغْدَةٌ- الوَغْد :جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں- شکار-
وَغَرَ يَغِرُ وَغْرًا اليَوْمُ :سخت گرم ہونا- وَغَرَتْهُ الشَّمْسُ :تیز دھوپ پڑنا (ــ و وَغِرَ يَوْغَرُ و يَيْغَرُ و وَغَرًا)صَدْرُهُ عَلَى فُلَانٍ :غصہ سے بھڑک اٹھنا-
وَغَّرَهُ تَوْغِيْرًا عَلَيْهِ :کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا-
اَوْغَرَهُ اِيْغَارًا- غضبناک کرنا- اَوْغَرَ صَدْرَهُ غصہ سے بھڑکانا ــ المَاءَ :پانی گرم کرنا ــ هُ اِلَى كَذَا :پناہ لینے پر مجبور کرنا ــ الخِنْزِيْرَ :سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کر کے ذبح کرنا- "اَوْغَرَ الْمَلِكُ لِرَجُلٍ اَرْضًا وَاَوْغَرَهُ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا ــ القَوْمُ :گرمی کے وقت میں داخل ہونا- اَوْغَرُوْا بَيْنَهُمْ مِيْغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا-
تَوَغَّرَ- غصہ سے بھڑک اٹھنا-
الوَغْر والوَغَر- مص - کینہ- دشمنی- وَغْرُ الْجَيْشِ لشکر کا شور-
الوَغْرَة- اسم مرۃ- گرمی کی بھڑک- کہا جاتا ہے لَقِيْتُهُ فِي وَغْرَةِ الْهَاجِرَةِ" میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی-
الوَغِيْر- گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (ــ والوَغِيْرَة)گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ-
المِيْغَر- وقت معینہ- وعدہ-
وَغَصَ تَوْغِيْصًا فِي الْإِنَاءِ :برتن میں بھرنا-
وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا و وُغُوْفًا البَصَرُ : نگاہ کمزور ہونا ــ الرَّجُلُ :جلدی چلنا اور دوڑنا-
اَوْغَفَ اِيْغَافًا الرَّجُلُ :جلدی چلنا اور دوڑنا- کمزور نگاہ والا ہونا- بقدر کفایت کھانا کھانا-
الكَلْبُ : کتے کا ہانپنا ــ الطَّائِرُ :پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا-
الوَغِيْق- چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز-
وَغَلَ يَغِلُ وُغُوْلًا فِي الشَّيْءِ :داخل ہو کر چھپنا' جانا اور دور جانا (ــ وَغْلًا وَ وُغُوْلًا و وَغَلَانًا)عَلَى الْقَوْمِ :بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آ کر پینا-
اَوْغَلَ اِيْغَالًا فُلَانًا فِي كَذَا :داخل کرنا ــ فِي السَّيْرِ :تیز چلنا ــ فِي الْعِلْمِ و نَحْوِهِ :پوری طرح جدوجہد کرنا القَوْمُ :دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (ــ و توغل) فِي الْبِلَادِ :جانا اور دور تک جانا-
الوَغْل- مص- سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا- جائے پناہ- ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں- گنجان درخت ج اَوْغَال (ــ والوَغِل)جھوٹا نسب کا دعوی کرنے والا- بد خوراک-
الوَغَّال- وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا- گراں فروش-
المُوْغِل- جلدی داخل ہونے والا-
وَغَمَهُ يَغِمُهُ وَغْمًا- مغلوب کرنا- وَغَمَ بِالْخَبَرِ خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا- وَغَمَ اِلَى الشَّيْءِ :خیال جانا-
وَغِمَ يَوْغَمُ وَغَمًا عَلَيْهِ :کینہ رکھنا-
اَوْغَمَهُ- کینہ ور بنانا-
تَوَغَّمَهُ عَلَيْهِ :غضبناک ہونا (ــ وتَوَاغَمَ) الْإِبْطَالُ فِي الْحَرْبِ :سخت جنگ کرنا- اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا-
الوَغْم- مص - دل میں بیٹھا ہوا کینہ- لڑائی و

مقاتلہ - نفس - بیوقوف - کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام - رَجُلٌ وَغْمٌ : کینہ ور -
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا - جنگ میں پیش قدمی کرنا - عَلَى الْمَعَاصِي : اصرار کرنا -
الوَغْنَة - کشادہ مٹکا -
الوَغْي و الوَغَى - شور و آواز - لڑائی -
وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا و وُفُوْدًا و وِفَادَةً و إِفَادَةً إِلَى او عَلَى الْأَمِيْرِ : قاصد بن کر آنا - صفت وَافِد - ج وَفْدٌ و وُفُوْدٌ و وُفَّادٌ و وُفَّدٌ و اَوْفَادٌ -
اَوْفَدَ اِيْفَادًا بلند ہونا —— عَلَيْهِ : اوپر سے جھانکنا - تَوَفَّدَتِ الْإِبِلُ او الطَّيْرُ : ایک دوسرے سے آگے نکل جانا -
تَوَافَدَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ : اکٹھے وارد ہونا -
اِسْتَوْفَدَ فِي قِعْدَتِهِ : غیر مطمئن بیٹھنا - (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) —— هُ : وفد بھیجنا -
الوَفْد - مص - وَافِد کی جمع - وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں - وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں - الوَفْدُ : ریت کے ٹیلہ کی چوٹی - ج وُفُوْد و اَوْفَاد -
الوَافِد - فا —— مِنَ الْإِبِلِ و نَحْوِهَا : سب سے آگے رہنے والا - رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے -
الوَفَّاد - بہت وفد والا -
وَفَرَ يَفِرُ وَفْرًا و فِرَةً لَهُ الْمَالَ : زیادہ کرنا - پورا کرنا —— عِرْضَ فُلَانٍ : حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا - کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهُ عِرْضَهُ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو —— عَطَاءَكَ : رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا —— الثَّوْبَ : کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (—— وَفْرًا و وُفُوْرًا وَفِرَةً و وَفُرَ يَوْفُرُ وَفَارَةً) الْمَالُ او الْمَتَاعُ : مال یا سامان بکثرت ہونا -
وَفَّرَ تَوْفِيْرًا الشَّيْءَ : زیادہ کرنا —— لِفُلَانٍ عِرْضَهُ : حفاظت کرنا - گالی نہ دینا —— الْمَالَ : کمی نہ کرنا —— حِصَّةً مِنَ الْمَالِ : باقی رکھنا - عَلَيْهِ حَقَّهُ : پورا حق دینا —— الثَّوْبَ : کپڑا کشادہ قطع کرنا —— لِفُلَانٍ طَعَامَهُ : پوری خوراک دینا —— اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا : کامل کرنا -
اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ : زیادہ کرنا - بڑھانا - پورا کرنا -
تَوَفَّرَ عَلَى كَذَا : ہمت صرف کرنا —— عَلَى صَاحِبِهِ : حرمت و عزت کا پاس و لحاظ کرنا -
تَوَافَرَ و اِتَّفَرَ الشَّيْءَ : زیادہ ہونا -
اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ : پورا کرنا —— الْحَقَّ : پورا حق لینا -
الوَفْر - مص - توانگری —— مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ بہتات - کثرت - یا صرف مال و متاع ہی کے لیے نہیں بلکہ ہر چیز کیلئے عام ہے - ج وُفُوْرٌ -
الوَفْرَة - اسم مرة - کثرت - بہتات - کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَار -
الوَافِر - فا - علم عروض کی ایک بحر -
الوَافِرَة - وافر کا مؤنث - دنبہ کی بڑی چکی -
الْأَوْفَر - کامل - تام - مکمل -
الوَفْرَاء - بھرا ہوا - مَزَادَةٌ وَفْرَاء : پوری کھال والا توشہ دان - أُذُنٌ وَفْرَاء : بڑا کان - اَرْضٌ وَفْرَاء بہت گھاس و نباتات والی زمین -
قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ - بہت لوگ -
المُوَفَّر - مفع - المُوَفَّرُ الشَّعْرِ : بہت اور لمبے بالوں والا - اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلَى اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا -
المَوْفُوْر - مفع - مکمل چیز -
اَوْفَزَهُ اِيْفَازًا - جلدی کرانا -
وَافَزَهُ - جلدی کرنا -
تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ : آمادہ ہونا - اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلَى فِرَاشِهِ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے گا -
اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِي قِعْدَتِهِ : غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لیے تیار رہنا -
الوَفْز و الوَفَز - جلدی ج اَوْفَاز و وِفَاز - مَكَانٌ وَفَزٌ : بلند جگہ - کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلَى وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کیلئے تیار ہیں -
اَوْفَضَ اِيْفَاضًا - تیز چلنا اور دوڑنا —— هُ : دھتکارنا —— الْإِبِلَ : اُونٹوں کو جدا جدا کرنا —— لِلرَّجُلِ : بیٹھنے کے لیے فرش بچھانا -
اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا - تیز چلنا اور دوڑنا - —— الْإِبِلُ : اُونٹوں کا متفرق ہونا —— جلدی کرانا - دھتکارنا - جلا وطن کرنا -
الوَفْض و الوَفَض - مص - جلدی ج اَوْفَاض -
الوِفَاض - چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا - وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُض -
الوَفْضَة - اسم مرة - ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے' چرواہے کا تھیلا - اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا - ج وِفَاض -
الْأَوْفَاض - لوگوں کی مختلف جماعتیں -
نَاقَةٌ اَوْ نَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ : تیز رفتار اُونٹنی یا شتر مرغ -
الوَفْع - بلند عمارت یا بلند جگہ - ج اَوْفَاع -
غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ و وَفَعَةٌ و وَافِعَةٌ نوجوان لڑکا -
الوَفِيْعَة - قلم صاف کرنے کا چیتھڑا - الوَفِيْعَة و الوَفْعَة - کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری -
الوَفِيْعَة و الوَفْعَة و الوِفَاع : شیشی کی ڈاٹ -
وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ : موافق پانا —— الْاَمْرُ : موافق ہونا -
وَفَّقَ الْاَمْرَ : موافق کرنا —— هُ اللّٰهُ : درست کرنا —— هُ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ : الہام کرنا —— بَيْنَ الْقَوْمِ اصلاح کرنا - وُفِّقْتُ لَهُ : اس نے مجھے پالیا اُس نے مجھ سے ملاقات کی -
وَافَقَهُ وِفَاقًا و مُوَافَقَةً - پانا —— هُ فِي او عَلَى الشَّيْءِ : موافق ہونا —— بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ دو چیزوں کو جوڑنا -
اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهُ : قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا - اور کہا جاتا ہے "اُوْفِقَ لِزَيْدٍ لِقَاءَنَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی -
اَوْفَقَ السَّهْمَ و بِالسَّهْمِ : تیر چلانے کیلئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فَوْق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے -
تَوَفَّقَ - کوشش کامیاب ہونا - توفیق پانا -
تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ : ایک دوسرے کے موافق ہونا - ایک دوسرے کے قریب ہونا - ایک دوسرے کی مدد کرنا -
اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ : اتفاق کرنا - قریب ہونا - متحد ہونا - اِتَّفَقَ مَعَهُ : موافقت کرنا -

الْاَمْرُ :واقع ہونا۔
اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ :اللہ سے توفیق مانگنا۔
الْوَفْقُ۔ مص ۔ دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبُهٗ وَفْقَ عِيَالِهٖ" اس کی کمائی اس کے اہل وعیال کے لیے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهٗ وَفْقَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔
التَّوْفِيْقُ۔ مص ۔ تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ و تَوَفَاقُهٗ و تِيْفَاقُهٗ و تِيْفَاقُهٗ و تَوَفُّقُهٗ و مِيْفَاقُهٗ : نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔
الْوَفِيْقُ۔ ہمراہی۔ ساتھی۔
الْمُوَفَّقُ۔ مص ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔
وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءَ : چھیلنا۔
وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ :زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔
الْوَفْلُ ۔مص۔ تھوڑی چیز۔
تَوَفَّنَ الشَّيْءُ :کم ہونا۔
الْوَفْنَةُ۔ کمی۔
وَفَهَ يَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِيُّ :خادم گرجا ہونا۔
الْوَافِهُ۔ گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔
الْوِفَاهَةُ۔ گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔
الْوَفْهِيَّةُ۔ گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفٰى يَفِيْ وَفَاءً بِالْوَعْدِ او الْعَهْدِ : پورا کرنا۔ محافظت کرنا — النَّذْرَ : نذر پوری کرنا — الشَّيْءُ : طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو — رِيْشُ الْجَنَاحِ :بازو کے پروں کا پورا ہونا (— وُفِيًّا) الشَّيْءُ :کامل ہونا اور بہت ہونا — الدِّرْهَمُ الْمِثْقَالَ :برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ لَا يَفِيْ بِذٰلِكَ" یہ چیز اس کے برابر نہیں ہے۔
وَفّٰى تَوْفِيَةً الرَّجُلَ حَقَّهٗ :پورا حق دینا۔
اَوْفٰى اِيْفَاءً بِالْوَعْدِ :پورا کرنا — النَّذْرَ نذر پوری کرنا — الْكَيْلَ : پورا ناپنا — فُلَانًا حَقَّهٗ :پورا حق دینا — الْمَكَانَ : آنا — عَلَى الْمَكَانِ :اوپر سے جھانکنا — عَلَى الْمِائَةِ :سو سے زائد ہونا — عَلَى الشَّيْءِ و فِي الشَّيْءِ : اوپر سے جھانکنا۔
وَافٰى مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهٗ : پورا حق دینا — الرَّجُلَ : آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الْحِمَامُ او الْكِتَابُ :موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافٰى تَوَافِيًا الْقَوْمُ :ساری قوم کا آنا۔
تَوَفّٰى تَوَفِّيًا: پورا ہونا — حَقَّهٗ :پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّيْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِيْ عَلَيْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا — الْمُدَّةَ : مدت کو پہنچنا — الشَّيْءَ : کامل بنانا — عَدَدَ الْقَوْمِ : پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ موت دینا۔ تُوُفِّيَ فُلَانٌ :فلاں مرگیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّي اور بندے کو مُتَوَفّٰى کہیں گے۔
اِسْتَوْفٰى اِسْتِيْفَاءً حَقَّهٗ :کامل و پورا حق لینا۔
الْوَفَاءُ۔مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مر گیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مر گیا اور تیری عمر دراز ہو۔
الْوَفٰى والمِيْفٰى والمِيْفَاةُ۔ زمین کا بلند حصہ۔
الْمِيْفٰى :تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔
الْوَفَاةُ۔ موت۔ ج وَفَيَات۔
الْوَفِيُّ۔ پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِيَاءُ۔
الْوَافِيْ۔ فا۔ مؤنث وَافِيَةٌ۔ ایک درہم اور چار دانق — عِنْدَ الشُّعَرَاءِ :وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
الْمِيْفَاءُ۔ وفا کرنے والا۔
وَقَبَ يَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ : متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔
وَقَبَتْ وَقْبًا و وُقُوْبًا الشَّمْسُ :آفتاب کا غروب ہونا — الظَّلَامُ :تاریکی پھیلنا — الْقَمَرُ :چاند کا گہن میں آنا — الرَّجُلُ :دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا — عَيْنَاهُ :آنکھوں کا دھنس جانا۔
اَوْقَبَ اِيْقَابًا۔ بھوکا ہونا — الشَّيْءَ : پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا — النَّخْلُ :درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔
الْوَقْبُ۔ مص ۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب و وِقَاب۔ الْوَقْبُ : بیوقوف۔ کمینہ ج اَوْقَاب۔ الْاَوْقَاب :گھر کا سامان۔
الْوَقْبَانُ۔ بیوقوف۔ ج وَقْبٰى۔
الْوَقْبَةُ۔ پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔
رَكِيَّةٌ وَقْبَاءُ۔ گہرے پانی کا کنواں۔
الْقِبَةُ۔ اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔
الْوَقْبِيُّ۔ بیوقوفوں کی صحبت کا حریص۔
الْمِيْقَبُ۔ کوڑی۔
الْمِيْقَابُ۔ بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ يَسِيْرُوْنَ سَيْرَ الْمِيْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔
وَقَتَ يَقِتُ وَقْتًا الْاَمْرَ :وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ الْاَمْرَ : وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الْاَمْرَ لِيَوْمِ كَذَا" اس نے کام فلاں دن کے لیے مقرر کیا۔
الْوَقْتُ۔ مص ۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات اَوْقَاتُ السَّنَةِ : سال کی فصلیں۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ و مُوَقَّتٌ :مقرر کردہ وقت۔
الْمَوْقِتُ۔ تعیین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔
الْمِيْقَاتُ۔ وقت۔ وعدہ جس کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کیلئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِيْت۔
الْمُوَقِّتُ۔ اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔
وَقُحَ يَقِحُ قِحَةً وقَحَةً و وَقِحَ يَوْقَحُ وقَحًا و وَقُحَ يَوْقُحُ وَقَاحَةً و وُقُوْحَةً۔ بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ — حَافِرُ الدَّابَّةِ :چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔
وَقَّحَ الْحَوْضَ : حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا — حَافِرَ الدَّابَّةِ :پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔
اَوْقَحَ و اِسْتَوْقَحَ الْحَافِرُ :کھر کا سخت ہونا۔
تَوَاقَحَ۔ بے حیائی ظاہر کرنا۔
الْوَقَاحُ (مذکر و مؤنث) بے شرم ج وُقُحٌ و وُقُحٌ۔ حَافِرٌ وَقَاحٌ : سخت کھر۔
رَجُلٌ وَقِيْحُ الْوَجْهِ :بے شرم مرد۔
الْمَوْقَحُ۔ مفہ۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِيْرٌ مُوَقَّحٌ :

کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔

وَقَدَ يَقِدُ وَقْدًا و وَقَدًا و وُقُوْدًا و وَقَدَانًا و قِدَةً و اِتَّقَدَ۔ روشن ہونا — النَّارُ : آگ جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِكَ زَنَادِيْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّدَ وَ اَوْقَدَ و تَوَقَّدَ و اِسْتَوْقَدَ۔ النَّارَ۔ آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ و اِسْتَوْقَدَتْ آگ بھڑکنا۔ تَوَقَّدَ الْكَوْكَبُ : ستارہ کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهٗ وَاَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهٗ اللہ اس کے گھر کو دور کر دے اور آگ میں اس کے اثر کو جلا دے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔

الوَقْدُ و الوَقَد۔ مص۔ آگ۔

الوَقْدَة۔ وَقَدَ کا اسم مرۃ۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔

القِدَة۔ مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قِدْوٌ ہے تا واؤ کے بدلہ میں ہے۔

الوِقَادُ و الوَقِيْدُ و الوَقُوْد۔ ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔

الوَقَّاد۔ اسم مبالغہ۔ كَوْكَبٌ وَقَّادٌ : بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ۔ تیز طبع روشن خاطر مرد۔

المَوْقِدُ ج مَوَاقِدُ و المُسْتَوْقِد : چولہا۔ زَنْدٌ مِيْقَادٌ۔ جلدی روشن ہونے والا چقماق۔

المتَوَقِّد۔ فا۔ روشن۔ تیز طبع۔

وَقَذَهٗ يَقِذُهٗ وَقْذًا۔ پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعول وَقِيْذٌ و مَوْقُوْذٌ — هُ النُّعَاسُ : غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا (— وَاَوْقَذَ) فُلَانًا : بیمار چھوڑنا۔

الوَقِيْذ۔ مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِيْذُ الْجَوَانِحِ : غمگین دل والا۔ مؤنث وَقِيْذَةٌ ج وَقَائِذ۔ الوَقَائِذ : بجھے ہوئے پتھر۔

المَوْقِذ۔ بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ۔ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذ۔

وَقَرَ يَقِرُ وَقْرًا العَظْمَ : ہڈی کا پھاڑنا۔ وُقِرَ العَظْمُ : ہڈی کا پھٹنا۔ صفت مفعولی مَوْقُوْرٌ و وَقِيْرٌ (— قِرَةً و وَقَارَةً و وَقْرًا و وُقُرَ يَوْقُرُ و قَارَةً و وَقَارًا) الرَّجُلُ : سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ يَقِرُ و قْرًا و وُقُوْرًا فِيْ بَيْتِهٖ : وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ وَقِرَتْ تَقِرُ و وَقِرَتْ تَوْقَرُ وَقْرًا و وُقِرَتْ اُذُنُهٗ : بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُوْرَةٌ۔

وَقَّرَ الشَّيْخَ : تعظیم کرنا — فُلَانًا : زخمی کرنا — الدَّابَّةَ : آرام دینا — لِلشَّيْئِ : نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِي الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشاق بنا دیا۔

اَوْقَرَ اِيْقَارًا و قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ : چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَتِ النَّخْلَةُ و اُوْقِرَتْ سُت پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ و مُوْقِرَة و مُوْقَرَة الدَّيْنُ فُلَانًا : قرض کا گرانبار کرنا۔

تَوَقَّرَ و اِتَّقَرَ۔ باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔

اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِيْقَارًا الْاِبِلُ : اونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقْرَهٗ طَعَامًا : بوجھ بھر کھانا لینا۔

الوَقْر۔ مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْر۔ کہا جاتا ہے "فِيْ صَدْرِهٖ وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ ہے۔

الوِقْر۔ بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار۔

الوَقْرَة۔ اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ : زمانہ کی سختی ج وَقَرات الوَقَرات : نشانیاں۔

القِرَة۔ مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات۔

الوَقَرِيّ۔ بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَار۔ سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (— و الوَقُوْر) مِنَ الرِّجَالِ : سنجیدہ و صاحب وقار مرد۔

الوَقُوْر (مذکر و مؤنث) صاحب وقار۔ ج وُقُر۔

الوَقِيْر۔ پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (— و الوَقِيْرَة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اُذُنٌ وَقِيْرَةٌ : بہرا کان یا بوجھل کان۔

المُوَقَّر۔ مفعو۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو۔

المُوَقَّر۔ پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔

المِيْقَار مِنَ النَّخْلِ : بہت پھل دار ج مَوَاقِيْر۔

وَقَسَ يَقِسُ وَقْسًا الْجَرَبُ فِيْ بَدَنِهٖ : کھجلی پھیلنا — الفَاحِشَةَ : بری بات کا ذکر کرنا — هٗ بِالْمَكْرُوْهِ : تہمت لگانا — الجِلْدَ : کھال چھیلنا۔ وُقِسَ الْاِبِلُ : کھجلی لگانا۔

الْاَوْقَاس۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔

وَقَشَ يَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمَ : نشان کاٹنا — مِنْ فُلَانٍ : عطیہ پانا (— وَاَوْقَشَ لَهٗ بِشَيْئٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔

تَوَقَّشَ۔ ہلنا۔

الوَقْش و الوَقْشَة و الوَقَشَة۔ آواز۔ حرکت۔

الوَقْش : عیب۔

الوَقْش و الوَقَش۔ آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔

الْاَوْقَاش۔ مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔

وَقَصَ يَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهٗ : گردن توڑ دینا وَقَصَتِ الْعُنُقُ : گردن کا ٹوٹ جانا — بِهِ الدَّابَّةُ : گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّيْئَ : عیب لگانا۔ گھٹانا — رَاسَهٗ : نیچے سے دبانا۔

وُقِصَ الرَّجُلُ : ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوْصٌ۔

وَقِصَ يَوْقَصُ وَقَصًا پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَصُ مؤنث وَقْصَاءُ ج وُقْصٌ اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَصُ و عُنُقٌ وَقْصَاءُ"

وَقَّصَ عُنُقَهٗ : گردن توڑ دینا — عَلَى النَّارِ : چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔

اَوْقَصَهٗ۔ اَوْقَص بنا دینا (دیکھئے اَوْقَص)

تَوَقَّصَ الْبَعِيْرُ : اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔

تَوَاقَصَ۔ کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔

الوَقْص۔ مص۔ عیب — فِي العَرُوْضِ : علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔

الوَقَص۔ مص۔ آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی

لکڑیاں ج اَوْقَاص۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔

اَلْوَقَّاص۔ پرندوں کے شکار کا جال۔ ج وَقَاصِیْص۔ کہا جاتا ہے "خُذْ اَوْقَصَ الطَّرِیْقَیْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔

اَلْوَقِیْصَة۔ گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ ج وَقَائِص۔

اَلْمَوْقُوْص۔ مفع ــ فِی الْعَرُوْضِ :اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرا دیا گیا ہو۔

وَقَطَهٗ یَقِطُهٗ وَقْطًا پچھاڑنا۔ مار کر کے ست کر دینا۔ وُقِطَ فِیْ رَاسِهٖ :بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَکَلْتُ طَعَامًا وَقَطَنِیْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنادیا اور رسلادیا۔

وَقَّطَ الصَّخْرُ :چٹان کا گڑھے والا ہونا۔

اِسْتَوْقَطَ اِسْتِیْقَاطًا الْمَکَانُ : لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔

اَلْوَقْط و الْوَقِیْطَة۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاط۔

اَلْوَقِیْط۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاط و وقطان و اِقَاط ــ مار یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقْطٰی و وقاطٰی مؤنث وقیط (مذکر کی مانند)

وَقَظَهٗ یَقِظُهٗ وَقْظًا۔ مہلک ضرب مارنا۔ وَقَظَ عَلَی الْاَمْرِ :ہیشگی کرنا۔

اَلْوَقِیْظ۔ وہ شخص جو اُٹھنے پر قادر نہ ہو۔

وَقَعَ یَقَعُ وُقُوْعًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ :گرنا۔ الْحَقُّ :ثابت ہونا ــ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ :واجب ہونا ــ الْاِبِلُ :اونٹ کا بیٹھنا ــ الدَّوَابُّ : جانوروں کا بیٹھنا ــ رَبِیْعٌ بِالْاَرْضِ :موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لیے سَقَطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا ــ الطَّیْرُ عَلٰی شَجَرٍ او اَرْضٍ :پرندہ کا درخت یا زمین پر اُترنا۔ صفت وُقُوْع و وَقِع ــ فِی الشَّرَكِ :جال میں پھنسنا ــ فِیْ اَرْضٍ فُلَاةٍ : داخل ہونا ــ الرَّجُلُ فِیْ عَمَلِهٖ :کام میں نرمی اختیار کرنا ــ فِی الْعَمَلِ شروع کرنا ــ الْکَلَامُ فِیْ نَفْسِهٖ : اثر کرنا ــ الْاَمْرُ :حاصل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ لَهٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (ــ وُقُوْعًا و وَقِیْعَةً) فِیْ فُلَانٍ : گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ غیبت کرنا۔ (ــ وَقْعًا) اِلٰی کَذَا :جلدی جانا ــ مِنْ کَذَا و عَنْ کَذَا :باز رہنا۔ الگ ہونا ــ النَّصْلَ بِالْمِیْقَعَةِ : تیز کرنا۔ صفت مفعولی وَقِیْعٌ ــ الْبَعِیْرَ :دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (ــ وَقْعًا و وَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ : دشمن کے مقاتلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "و وَقَعَ الْاَمْرُ مِنْهُ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَیِّئًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وفُلَانٌ لَیَسْقُفُ وَلَا یَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لَا تَقَعُ عَلٰی رِجْلِیْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔

وُقِعَ فِیْ یَدِهٖ :نادم و پشیمان ہونا (مانند سُقِطَ فِیْ یَدِهٖ کے)

وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعًا۔ ننگے پیر ہونا۔ سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا دردمند ہونا۔ صفت وَقِعٌ۔

وَقَّعَ الْوَبَرُ ظَهْرَ الْبَعِیْرِ :نشان ڈالنا ــ الْمَطَرُ الْاَرْضَ : کہیں کہیں اگانا ــ الْعَهْدَ او الْفَرْمَانَ :شاہی مہر لگانا ــ الْکِتَابَ او الصِّكَّ خط یا چیک پر دستخط کرنا ــ الْکَاتِبُ فِی الْکِتَابِ زوائد کو حذف کر دینا ــ الْاِبِلَ :اونٹ کا بیٹھنا ــ وَقَّعَ ظَنَّهٗ عَلَی الشَّیْءِ :اندازہ کرنا ــ عَلٰی فُلَانٍ :گمان کرنا ــ الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ تیز کرنے کے لیے متوجہ ہونا ــ الْحِجَارَةُ حَافِرَةً : کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ــ الْقَوْمُ : آخر رات میں آرام لینے کے لیے اُتر پڑنا۔

وَاقَعَهٗ وِقَاعًا و مُوَاقَعَةً۔ جنگ کرنا۔ وَاقَعَ الْاُمُوْرَ :امور کے قریب ہونا اور ان کو سرانجام دینا۔

اَوْقَعَهٗ اِیْقَاعًا۔ واقع کرنا۔ اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ : دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا ــ بِهٖ الشَّرَّ : بدی میں پھنسا دینا ــ الدَّهْرُ بِهٖ :زمانہ کا سختیاں ڈالنا ــ الرَّوْضَةُ :پانی روک لینا ــ الْمُغَنِّیْ : سُر ٹھیک کرنا۔

تَوَقَّعَ الْاَمْرَ :حاصل ہونے کی امید لگانا۔

تَوَاقَعَ الْاَعْدَاءُ : دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ :حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا ــ السَّیْفُ : تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔

اَلْوَقْعُ۔ مص۔ کسی چیز کی ضرب کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ و وَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَةٌ۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔

اَلْوَقَعُ۔ مص۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَةٌ۔

اَلْوَقِعُ۔ بارش کی امید دلانے والا بادل۔

اَلْوَقْعَة۔ وقع کا اسم مرۃ۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ آخری رات کی نیند۔ دن میں ایک بار کی قضاء حاجت۔ وَقَعَ الطَّائِرُ سے اسم جب کہ وہ اُڑتے اُڑتے نیچے اُترے۔ وَقْعَةُ السَّیْفِ : تلوار کا پڑنا۔ ج وَقَعَات۔

الوِقْعَة۔ وقع کا اسم نوع۔

اَلتَّوْقِیْع۔ مص۔ کسی چیز کا وہم و گمان کرنا۔ آخر رات میں اُترنا۔ کتاب سے فراغت کے بعد ضمیمہ لگانا۔ تَوْقِیْعُ السُّلْطَانِ : شاہی مہر۔ ج تَوَاقِیْع۔

اَلْاِیْقَاع۔ مص۔ سروں کی موزونیت۔

اَلْوَاقِع۔ فا۔ طَائِرٌ وَاقِعٌ :درخت پر یا گھونسلے میں رہنے والا پرندہ ج وُقَّعٌ و وُقُوْعٌ کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَاقِعُ الطَّیْرِ : نرم طبیعت مرد۔ النَّسْرُ الْوَاقِعُ :بنات النعش کے قریب ایک ستارہ۔

اَلْوَاقِعَة۔ وَاقِع کا مؤنث۔ لڑائی کی دھکا پیل۔ مصائب زمانہ میں سے ایک مصیبت۔ قیامت رَجُلٌ وَاقِعَةٌ۔ بہادر مرد۔

وِقَّاع۔ بروزن قِطَّام۔ دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ۔
الوَقَاعَة۔ زمین کی سختی جس کی وجہ سے پانی جذب نہ ہو سکے۔
وِقَاعَةُ السِّتْرِ: پردہ لٹکانے میں زمین پر پڑنے کی جگہ۔
الوَقِيْع۔ تیز کیا ہوا پھل۔ پتھروں سے رگڑ کھایا ہوا کھر۔ سخت جگہ جو پانی کو جذب نہ کرے ج وُقُع۔
الوَقِيْعَة۔ لڑائی اور مقاتلہ کا تصادم۔ لوگوں کی غیبت۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ج وِقَاعٌ و وَقَائِع۔ وَقِيْعَةُ الطَّائِرِ: وہ جگہ جہاں پرندہ کے اُترنے کی عادت ہو۔ وَقَائِعُ الْعَرَب: عرب کی لڑائیاں۔
الوَقَّاع والوَقَّاعَة۔ لوگوں کی غیبت کرنے والا۔
المَوْقِع۔ گرنے کی جگہ ج مَوَاقِع۔ مَوَاقِعُ الْقَطْرِ: بارش ہونے کی جگہ۔ مَوَاقِعُ الْقِتَالِ: جنگ کی جگہ۔
مَوْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اُترنے کی جگہ ج مَوَاقِع۔
المِيْقَعَة۔ ہتھوڑا۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے دھوتا ہے۔ چھری وغیرہ پر سان رکھنے کا لمبا پتھر۔ مِيْقَعَةُ الطَّائِرِ: پرندے کے اُترنے کی جگہ اور اس کی اُلفت کی جگہ ج مَوَاقِع۔
المُوَقِّع۔ فا۔ آہستہ قدم رکھنے والا۔ مہر شاہی کا محافظ۔ شاہی فرمان لکھنے والا۔
المُوَقَّع۔ مفع۔ مصائب زدہ۔ رہ چلتا راستہ۔ تیز کی ہوئی چھری۔
المَوْقُوْع۔ مفع۔ پتھروں سے رگڑ کھا کر ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔ قَدَمٌ مَوْقُوْعَةٌ: سخت قدم۔
وَقَفَ يَقِفُ وَقْفًا وَوُقُوْفًا۔ ٹھہرنا۔ چپ چاپ کھڑا ہونا — فِي الْمَسْأَلَةِ: شک کرنا القَارِئُ عَلَى الْكَلِمَةِ: وقف پڑھنا۔ کلمہ کے آخری حرف کو ساکن پڑھنا۔ وَقَفَ عَلَى الْأَمْرِ سمجھنا۔ مطلع ہونا (— وَقْفًا) الدَّابَّةَ: ٹھہرانا کھڑا کرنا — هُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا — الدَّارَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ: وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَهَا لَهُ وَعَلَيْهِ" اس نے اس کو اس کے لیے وقف کیا "وَقَفَ الْأَمْرَ عَلَى حُضُوْرِ فُلَانٍ" اس نے معاملہ کو فلاں کی موجودگی پر ملتوی کیا — هُ عَلَى الذَّنْبِ خبردار کرنا — القِدْرَ بِالْمِيْقَافِ: ہانڈی کے جوش کو ڈوئی سے کم کرنا — عَلَيْهِ: معائنہ کرنا (— وَقِيْفَى) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کرنا۔
وَقَّفَهُ۔ کھڑا کرنا — التُّرْسَ: ڈھال کے گرد اگر دلوہے وغیرہ کا حلقہ بنانا — المَرْأَةَ عورت کو کنگن پہنانا — السَّرْجَ: زین کی اس طرح مرمت کرنا کہ پیٹھ کو زخمی نہ کرے۔ الْحَدِيْثَ: بیان کرنا — القَارِئَ: وقف کے مواقع بتانا — الجَيْشَ: ایک دوسرے کے پیچھے کھڑا ہونا۔ وَقَّفَتِ المَرْأَةُ يَدَيْهَا بِالْحِنَّاءِ: عورت کا ہاتھوں کو نقطے دار رنگنا۔ وَقَّفَ الدَّابَّةَ: ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا — فُلَانًا عَلَى ذَنْبِهِ: خبردار کرنا۔
وَاقَفَهُ مُوَاقَفَةً و وِقَافًا فِي الْحَرْبِ او الْخُصُوْمَةِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔ — هُ عَلَى كَذَا: ثابت قدم رہنے کو کہنا۔
اَوْقَفَهُ۔ کھڑا کرنا۔ اَوْقَفَ الدَّارَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ: وقف کرنا — الجَارِيَةَ: لڑکی کو کنگن پہنانا — عَنِ الْأَمْرِ: باز رہنا اور چھوڑ دینا۔
تَوَقَّفَ فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا — عَلَى الْأَمْرِ: قائم ودائم رہنا — عَنْ كَذَا: رکنا۔ باز رہنا۔
تَوَاقَفَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: ایک دوسرے کے مقابل کھڑا ہونا۔
اِسْتَوْقَفَهُ۔ کھڑا ہونے کو کہنا۔
الوَقْف۔ مص۔ کلمہ کو مابعد سے قطع کرنا۔ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: ساتویں متحرک حرف کو ساکن کرنا جیسے مَفْعُوْلَاتُ کی تا کو ساکن کرنا۔ الوَقْفُ کنگن یا ہاتھی دانت کا کنگن — مِنَ التُّرْسِ: سینگ یا لوہے کی بنی ہوئی ڈھال کے گرد کا حلقہ وَالْوَقْفُ عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: کسی چیز کی منفعت کو اللہ کے راستہ میں تصدق کرنا۔ اور اصل کو اپنی ملک میں یا اللہ کی ملک میں رکھنا۔ موقوف چیز کو بھی وقف کہتے ہیں۔ ج اَوْقَاف و وُقُوْف۔
الوَقْفَة۔ اسم مرۃ۔ شک۔ مِنَ التُّرْسِ: ڈھال کے گرد کا حلقہ جو لوہے یا سینگ کا بنا ہوا ہو۔
الھَوَس۔ مص۔ جنون کی ایک قسم۔ ہلکی عقل۔ اور کہا جاتا ہے "بِرَأْسِہٖ ھَوَسٌ" اس کے سر میں چکر ہے۔

الھَوَّاس و الھَوَّاسَۃ۔ رات میں گھومنے والا شیر۔ تجربہ کار بہادر۔ رَجُلٌ ھَوَّاسٌ: بہت کھانے والا مرد۔

الھَوِیْس۔ فکر۔ وہ چیز جس کو تم اپنے دل میں چھپاؤ۔

الْأَھْوَس۔ ہوس والا۔ بہت کھانے والا مؤنث ھَوْسٰی: کہا جاتا ہے "النَّاسُ ھَوْسٰی وَالزَّمَانُ أَھْوَسُ" یعنی لوگ زمانہ کی لذیذ اور پاکیزہ چیزوں کو کھاتے ہیں اور زمانہ لوگوں کو کھا جاتا ہے۔

الْمُھَوَّس۔ مفع۔ رَجُلٌ مُھَوَّسٌ: خود بخود باتیں کرنے والا۔

ھَاشَ یَھُوْشُ ھَوْشًا الْمَالَ: حرام طریقہ سے جمع کرنا — الْقَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ قوم کے درمیان فتنہ واقع ہونا — أَھْلُ الْحَرْبِ بَعْضُھُمْ إِلٰی بَعْضِھِمْ: بعض کا بعض کی طرف اٹھنا — ھَاشَتِ الْخَیْلُ فِی الْغَارَۃِ: بدکنا، اِدھر اُدھر ہونا۔ صفت ھَوَائِش۔

ھَوِشَ یَھْوَشُ ھَوَشًا۔ مضطرب ہونا۔ اور بقول بعض لاغری کی وجہ سے چھوٹے پیٹ والا ہونا — الْقَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

ھَوَّشَ تَھْوِیْشًا الشَّیَٔ: ملانا۔ ھَوَّشَتِ الرِّیْحُ بِالْغُبَارِ: ہوا کا طرح طرح کا غبار اُڑا کے لانا — الْقَوْمَ: فتنہ اور اختلاف ڈالنا — الشَّیَٔ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

ھَاوَشَھُمْ مُھَاوَشَۃً۔ باہم ملنا۔

تَھَوَّشَ الْقَوْمُ تَھَوُّشًا و تَھَاوَشُوْا تَھَاوُشًا۔ ملنا۔ تَھَوَّشُوْا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔

الْھَائِش۔ فا۔ ھَوْش کی تاکید میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْھَوْشِ الْھَائِشِ" وہ بہت تعداد میں لایا۔

الْھَوْش مص۔ پیٹ کا خالی ہونا۔ مدد کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْھَوْشِ وَالْبَوْش" وہ لوگوں کی بڑی جماعت لے کر آیا۔

الْھَوْشَۃ۔ اسم مرۃ۔ مخلوط جماعت۔ فتنہ و اضطراب۔ ج ھَوْشَات۔ اور کہا جاتا ہے "إِیَّاکُمْ وَھَوْشَاتِ اللَّیْلِ" اپنے آپ کو رات کے حوادث اور مکروہات سے بچاؤ۔ "وَاتَّقُوْا ھَوْشَاتِ السُّوْقِ" اس سے بچو کہ بازار میں کوئی تمہارے ساتھ حیلہ کرکے تمہارا مال چُرا لے۔

الْھُوَاشَات۔ لوگوں کی جماعتیں۔ اونٹوں کے ریوڑ۔ مال حلال و حرام جمع کیا ہوا۔

الْھَوِیْشَۃ۔ مخلوط جماعت۔

التَّھَاوِش۔ مال حرام۔

الْمَھَاوِش۔ حرام طریقہ سے جمع کیا ہوا مال۔

ھَاعَ یَھَاعُ ھَوْعًا۔ سبک ہونا اور گھبرانا — الْقَوْمُ بَعْضُھُمْ إِلٰی بَعْضٍ: ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا — یَھَاعُ وَیَھُوْعُ ھَوْعًا الرَّجُلُ: بغیر تکلف کے قے کرنا۔ اسم الْھَوْع و الْھُوَاع و الْھَیْعُوْعَۃ۔

ھَوَّعَ تَھْوِیْعًا الرَّجُلَ مَا أَکَلَہٗ: قے کرا دینا اور تہویل کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَأُھَوِّعَنَّہٗ مَا أَکَلَہٗ" جو کچھ اس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔

تَھَوَّعَ تَھَوُّعًا۔ تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَھَوَّعَ الْقَیْءَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "وَتَھَوَّعَ نَفْسَہٗ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔

الھُوَاع و الھُوَاعَۃ۔ قے۔ الْھُوَاع: ماہ ذی قعدہ ج ھُوَاعَات و أَھْوِعَۃ۔

الھَاع۔ حیص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ھَاعٌ و لَاعٌ" یعنی لالچی مرد (اور یہ ھَائِع کا مقلوب ہے)

الھَوْع۔ مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔

الھَوْع و الھُوْع۔ دشمنی۔

المِھْوَع و المِھْوَاع۔ لڑائی میں چلانے والا۔

الھَوْع۔ بہت چیز۔

الھَوْف و الھُوْف۔ گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔

الھُوْف: خیر و برکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔

الھَوْقَۃ۔ جماعت۔ گروہ۔

ھَاکَ یَھُوْکُ ھَوْکًا۔ احمق ہونا۔ صفت ھَوْک۔

ھَوَّکَ تَھْوِیْکًا۔ گڑھا کھودنا۔ ھَوَّکَہٗ: بیوقوف بنانا۔

تَھَوَّکَ تَھَوُّکًا و اِنْھَاکَ اِنْھِیَاکًا۔ حیران ہونا اور لاپروائی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔

الھَوْک و الھَوِک و الأَھْوَک و الھِوَکُّ و الیَھْکُوْک۔ بیوقوف جس میں تھوڑی سی عقل بھی ہو۔

الھَوَک۔ مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بیوقوفی۔

الھُوْکَۃ۔ گڑھا۔

الھَوَّاک۔ حیران و سرگشتہ۔

الھَوَّاکَۃ۔ ھَوَّاک کا مؤنث۔ أَرْضٌ ھَوَّاکَۃٌ و ھَوِکَۃٌ: زمین شور۔

الأَھْکَاء۔ متحیر لوگ۔

المُتَھَوِّک۔ حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔

ھَالَ یَھُوْلُ ھَوْلًا الأَمْرُ فُلَانًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔

ھِیْلَ ھَوْلًا السَّکْرَانُ: حالتِ نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "ھِلْتُ مِنْہُ" میں اس سے گھبرایا۔

ھَوَّلَہٗ تَھْوِیْلًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ھَوَّلَتِ الْمَرْأَۃُ: لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔

ھَوَّلَ الأَمْرَ: بُرا دکھانا — عِنْدِی الأَمْرَ:

خوفناک بنانا — القَوْمُ عَلَی الرَّجُلِ بِکَذَا: گھبرا دینا — عَلَی الرَّجُلِ: حملہ کرنا۔
تَهَوَّلَ تَهَوُّلاً الرَّجُلَ: خوفناک ہونا — مَالَهُ: نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔
اِهْتَالَ اِهْتِيَالاً۔ گھبرانا۔ تم کہتے ہو "هِلْتُهُ فَاهْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔
اسْتَهَالَ يَسْتَهِيْلُ فُلَانٌ الْاَمْرَ: خوفناک پانا۔ بعض لوگ۔ "يَسْتَهْوِلُهُ" کہتے ہیں مگر جید لغت "يَسْتَهِيْلُهُ" ہی ہے۔
الْهَائِل۔ گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ مِنَ الْاُمُوْرِ: خوفناک۔ تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ هَائِلٌ" مانند "لَيْلٌ لَائِلٌ" کے۔
الْهَال۔ سراب۔
الْهَوْل۔ مص۔ خوف۔ ج اَهْوَال و هُؤُوْل۔
اَبُو الْهَوْل۔ ایک شاعر کا نام۔ اہرام مصر کے قریب ایک مجسمہ۔
الْهَالَة۔ چاند کا کنڈل۔
الْهُوْلَة۔ خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گندھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلانی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔
الْهِيْلَة۔ کسی کام کا خوف۔
التَّهَاوِيْل۔ سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد تَهْوِيْل۔ تَهَاوِيْلُ الرَّبِيْعِ: موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔
التَّهْوِيْل۔ مص۔ ڈرانے کی چیز۔
الْمَهَال و الْمَهِيْل۔ خوفناک جگہ۔
الْمُهْوِل۔ خوفناک۔
الْمُهَوِّل۔ فا۔ اور تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ مُهَوِّلٌ"
اَلْمُهَوِّل: قسم کھلانے والا۔
هَوَّمَ تَهْوِيْمًا و تَهَوَّمَ تَهَوُّمًا۔ اونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔
الْهُوَام۔ سخت پیاس۔
الْهَوْم۔ پست زمین۔ ہلکی نیند۔ هَوْمُ الْمَجُوسِ چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس کو هَوْمُ الْمَجُوْسِ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔
الْهَامَة۔ ہر چیز کا سرا۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردار قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج هَامٌ و هَامَاتٌ۔ الْهَامَة: ایک چھوٹی قسم کا اُلو جس کو "الصدی" بھی کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "هٰذَا هَامَةُ الْيَوْمِ او غَدٍ" یعنی وہ آج یا کل مرجائے گا "واَصْبَحَ فُلَانٌ هَامَةً" فلاں مر گیا۔ بَنَاتُ الْهَام: دماغ کا مغز۔
الْهِيْم۔ ریگستان جو کبھی سیراب نہ ہوتے ہوں۔ قَوْمٌ هِيْمٌ: پیاسے لوگ۔
الْهَوْمَاة و الْهَوْمَة۔ بے آب و گیاہ میدان۔
الْهُوَّام۔ شیر۔
الْاَهْوَم۔ بڑے سر والا۔
هَانَ يَهُوْنُ هَوْنًا الْاَمْرُ عَلٰی فُلَانٍ: نرم و آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُنْ عِنْدِی الْيَوْمَ" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو اور آرام کرو۔
هَانَ يَهُوْنُ هُوْنًا و هَوَانًا و مَهَانَةً الرَّجُلُ: ذلیل و حقیر ہونا۔ کمزور اور مسکین ہونا۔
هَوَّنَ تَهْوِيْنًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: نرم و ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَوِّنْ عَلَيْكَ" کوئی پروانہ کر۔ هَوَّنَ الشَّیْءَ: ہیچ سمجھنا۔
هَاوَنَ مُهَاوَنَةً نَفْسَهُ: نرمی کرنا۔
اَهَانَهُ اِهَانَةً۔ حقیر و ہیچ سمجھنا۔
تَهَاوَنَ بِهٖ تَهَاوُنًا و اسْتَهَانَ بِهٖ اِسْتِهَانَةً۔ حقیر سمجھنا۔ استہزاء کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔
اِهْوَاَنَّتْ اِهْوِنَانًا الْمَفَازَةُ: بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا۔
الْهَاوَن و الْهَاوُن و الْهَاوُوْن۔ دوا وغیرہ کوٹنے کا ہاون ج هَوَاوِيْن۔
الْهَوْن۔ مص۔ سکون و وقار۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰی هَوْنِكَ" یعنی اپنی روش پر چلو۔ "وَهٰذَا شَیْءٌ هَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے "اَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَّا" اپنے دوست سے دوستی کرو جس میں افراط نہ ہو۔
الْهُوْن۔ مص۔ رسوائی۔ قرآن میں ہے "فَاَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ" مخلوق کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْهُوْنِ هُوَ" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے۔
الْهُوْنَة۔ تسکین۔ صلح۔ ج هُوَن (— و الْهَوْنَة) آہستگی سے کام کرنے والی عورت۔
الْهِيْنَة۔ اسم نوع۔ سکون۔ وقار۔ کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰی هِيْنَتِكَ نرمی سے چلو۔
الْهُوَيْنَا۔ نرمی و ملائمت۔ اور یہ هُوْنٰی کی تصغیر ہے اور هُوْنٰی اَهْوَن کی تانیث ہے۔
الْهَيِّن و الْهَيْن۔ نرم۔ کمزور۔ ذلیل۔ آہستہ کار۔ ج اَهْوِنَاء و هَيِّنُوْنَ و هَيْنُوْنَ و مؤنث هَيِّنَةٌ و هَيْنَةٌ ج هَيِّنَاتٌ و هَيْنَاتٌ۔
الْاَهْوَن۔ اسم تفضیل۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ" وہ اس پر آسان ہے۔
الْمُهْوَئِنّ و الْمُهْوَانّ۔ دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مُهْوَئِنَّات۔
الْمِهْوَان۔ بہت نرم۔ ج مَهَاوِيْن۔
الْمَهَانَة۔ رسوائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِيْهِ مَهَانَةٌ" کمزور و ذلیل مرد۔
تَهَوَّةَ الرَّجُلُ: دردمند ہونا۔
الْهُوْهَة و الْهُوَاهِيَة۔ بزدل۔
الْهَوَاهِی۔ واہی تباہی باتیں۔
الْهُوْهَاءَة۔ بیوقوف (— و الْهُوْهَا) کنواں جس میں اُترنے والے کے لیے کوئی سہارا نہ ہو۔ رَجُلٌ هُوْهَاةٌ۔ کمزور دل۔ بیوقوف۔
الْهُوُّ۔ جانب۔ کنارہ۔ روشندان۔
الْهُوَّة۔ پست زمین۔ گہرا گڑھا۔ فضاء آسمانی۔ ج هُوًی و هُوُوٌّ و هُوِیٌّ۔
الْهُوَّاءَة۔ پست زمین۔ گہرا گڑھا۔
هَوَتْ تَهْوِیْ هُوِيًّا الطَّعْنَةُ: نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا — الْعُقَابُ: عقاب کا شکار وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا — يَدِیْ لَهُ: ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا — الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا — النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ هَوَی الرَّجُلُ: مرنا — فِی السَّيْرِ: گزرنا — فِی الْاَرْضِ: جانا۔
هَوَی يَهْوِیْ هَوِيًّا و هُوِيًّا و هَوَيَانًا الشَّیْءُ:

اُوپر سے نیچے گرنا- بلند ہونا- اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ الھَوِیُّ بِفَتْحِ الْھَاءِ ارتفاع کے لیے اور الھُوِیُّ انحدار کے لیے- ھَوَتِ الْاُمُّ ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا گم کرنا- صفت ھَاوِیَۃٌ-

ھَوَی یَھْوِیْ ھُوَّۃً- الجَبَلَ : پہاڑ پر چڑھنا-

ھَوَتْ تَھْوِیْ ھَوِیًّا الاُذُنُ : کان کا سنسانا-

ھَوِیَہٗ یَھْوَاہُ ھَوًی- محبت کرنا- خواہش کرنا- صفت ھَوٍ-

ھَاوَاہُ مُھَاوَاۃً وَھِوَاءً- مدارات کرنا- ھَاوٰی فُلَانٌ : تیز چلنا-

اَھْوٰی اِھْوَاءً- الشَّیْءُ : گرنا- اَھْوَتْ یَدِیْ لَہٗ : ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا- اور کہا جاتا ہے "اَھْوٰی اِلَیْہِ بِیَدِہٖ لِیَاخُذَہٗ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا- اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے- اور اس کی اصل "اَھْوٰی یَدَہٗ اِلَیْہِ" ہے- یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا- اور کہا گیا ہے "اَھْوَیْتُ بِالشَّیْءِ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا- "وَاَھْوَیْتُ لَہٗ بِالسَّیْفِ فَاطَرتُ اَرْنَبَۃَ اَنْفِہٖ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کا بانسہ اُڑا دیا- اَھْوَتِ العُقَابُ : عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا- اَھْوَی الشَّیْءَ : اوپر سے گرانا-

تَھَاوَی القَوْمُ فِی الْمَھْوَاۃِ : بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا- تَھَاوَی الرَّجُلُ : تیز چلنا-

اِھْتَوٰی اِھْتِوَاءً- اِلَیْہِ بِشَیْءٍ : اشارہ کرنا-

اِنْھَوٰی اِنْھِوَاءً الشَّیْءُ : اوپر سے نیچے گرنا-

اِسْتَھْوَاہُ اِسْتِھْوَاءً- سرگشتہ و حیران بنا دینا- مدہوش کر دینا- عشق کو مزین کر کے دکھلانا-

الھَاوِی- فا- ٹڈی- حرفِ الف کو بھی "ھَاوِی" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یا کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی ذُوالھَوَاء کے ہیں جیسے نَابِلٌ بمعنے ذُوالنَّبْلِ والنَّاشِب بمعنے ذُوالنُّشَّاب-

الھَاوِیَہ- قضا- بچہ گم کرنے والی عورت-

ھَاوِیَۃ- دوزخ- معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کر کے داخل کرتے ہیں-

الھَوَاء- فضاء آسمانی- ج اَھْوِیَۃٌ- خالی چیز- بزدل- واحد اور جمع اس میں برابر ہیں- کہا جاتا ہے "ھُوَ ھَوَاء او ھُمْ ھَوَاء" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں- الھَوَاء : ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو- جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو- ھَوَا کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو-

الھِوَاء و اللِّوَاء- کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا- کہا جاتا ہے "عَامَلَہٗ بِالْھِوَاءِ و اللِّوَاءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا-

الھَوٰی- ھَوِیَ کا مصدر- خواہش- عشق چاہے خیر ہو یا شر- محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے- کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِتَّبَعَ ھَوَاہُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے- ایسا ہی "فُلَانٌ مِن اَھْلِ الْاَھْوَاء" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں-

الھَوِی- مشتاق- شائق- مؤنث ھَوِیَۃٌ-

الھَوِیّ- کان میں سنسناہٹ- محبوب اور کہا جاتا ہے "مَضٰی ھَوِیٌّ او ھُوِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا- "وَجَلَسْتُ عِنْدَہٗ ھَوِیًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا-

الھَوِیَّۃ- گہرا کنواں ج ھَوَایَا-

الاَھْوٰی- ھَوِی کا اسم تفضیل- تم کہتے ہو "ھٰذَا الشَّیْءُ اَھْوٰی اِلَیَّ مِنْ کَذَا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے-

الاُھْوِیَّۃ- فضاء آسمانی- گہرا گڑھا- کہا جاتا ہے "مَضٰی تَھْوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گزر گیا-

المَھْوَی وَالْمَھْوَاۃ- فضا- دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَھَاوٍ-

ھَاءَ یَھِیْءُ و ھَیِیَ یَھَاءُ و یَھْیَاءُ و ھَیُوءَ یَھْیُؤُ ھَیْأَۃً و ھَیَاءَۃً- خوش شکل ہونا- ھَاءَ یَھَاءُ ھَیْأَۃً اِلَیْہِ : مشتاق ہونا (— یَھَاءُ و یَھِیْءُ ھَیْأَۃً لِلْاَمْرِ) تیار ہونا-

ھَیَّأَہٗ تَھْیِئَۃً و تَھْیِئًا- درست کرنا- تیار ہونا-

ھَایَأَہٗ مُھَایَأَۃً فِی الْاَمْرِ : موافقت کرنا- کبھی ہمزہ کو یاء سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "ھَایَیْتُہٗ مُھَایَاۃً" کہا جاتا ہے "ھَایَأَہٗ فِی دَارِ کَذَا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا- اور بقول بعض اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا-

تَھَیَّأَ تَھَیُّؤًا لِلْاَمْرِ : تیار ہونا- آمادہ ہونا- مستعد ہونا — الشَّیْءُ لِفُلَانٍ : قدرت دینا-

تَھَایَأُوْا تَھَایُؤًا عَلَی الْاَمْرِ : باہم موافقت کرنا — عَلٰی کَذَا : مجتمع ہونا-

الھَیْءُ وَالْھِیْءُ- کھانے پینے کا بلاوا-

الھَیْئَۃ والھِیْئَۃ- حالت- کیفیت- شکل صورت ج ھَیْئَات- عِلْمُ الْھَیْئَۃ : وہ علم جو اجرامِ سماویہ کے احوال سے بحث کرے-

اَلْھَیِّئُ وَالْھَیِیْءُ- خوش شکل-

ھَابَہٗ یَھَابُہٗ ھَیْبًا و ھَیْبَۃً و مَھَابَۃً خوف کرنا- بچنا- چوکنا رہنا- صفت فاعلی ھَائِبٌ و ھَیُوْبٌ و ھَیُوْبَۃٌ و ھَیَّابٌ و ھَیِبٌ و ھَیْبَان و ھَیَبَان و ھَیَّبَان و ھَیَّابَۃٌ اور مَھُوْبٌ و مَھِیْبٌ و ھَیُوْبٌ و ھَیَبَان اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں- اور ایک لغت ھَابَہٗ یَھِیْبُہٗ کی بھی ہے ھَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا : تعظیم و توقیر کرنا-

ھَیَّبَہٗ تَھْیِیْبًا اِلٰی فُلَانٍ : ہیبت دار بنانا- رعب دار بنانا-

اَھَابَ اِھَابَۃً الرَّاعِی بِغَنَمِہٖ : بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لیے چلانا — بِالْاِبِلِ اونٹوں کو "ھَاب" کہہ کے ڈانٹنا — بِالْخَیْلِ گھوڑے کو ھَبْ یا ھَبِیْ کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا- اَھَابَ بِصَاحِبِہٖ : پکارنا- بلانا-

تَھَیَّبَہٗ تَھَیُّبًا- خوف کرنا- گھبراہٹ میں ڈالنا- خوف دلانا- کہا جاتا ہے "تَھَیَّبَنِیْ زَیْدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا-

اِھْتَابَ اِھْتِیَابًا- ڈرنا- خوف کرنا-

الھَاب- سانپ-

الھَیْبَۃ- مص- خوف-

الھَیَّبَان- لوگوں سے ڈرنے والا- بزدل- اکا- چرواہا- مٹی- اونٹ کے منہ کے جھاگ- بہت-

الاَھْیَب- زیادہ رعب والا-

مَكَانٌ مَهَابٌ و مَهُوْبٌ۔ خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ مَهْيَبَةٌ لَكَ" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے۔

هَيَّتَ تَهْيِيْتًا بِفُلَانٍ: چلانا۔ پکارنا۔

هَاتِ اسم فعل بمعنے اَعْطِنِيْ۔ کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ و هَاتِي يَا اِمْرَأَةُ و هَاتِيَا يَا رَجُلَانِ و يَا اِمْرَأَتَانِ و هَاتُوْا يَا رِجَالُ و هَاتِيْنَ يَا نِسَاءُ۔"

الهَيْت۔ بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے هَيْتَ و هِيْتَ لَكَ (بتثليث التَّاءِ فِيْهِمَا) بمعنی هَلُمَّ و تَعَالَ یعنی آؤ' حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے هَيْتَ لَكُمَا و هَيْتَ لَكُمْ و هَيْتَ لَكُنَّ۔

هَاثَ يَهِيْثُ هَيْثًا و هَيَثَانًا لِفُلَانٍ تھوڑا سا دینا — مِنَ الْمَالِ: ضرورت کے مطابق پانا — فِي الشَّيْءِ: فساد ڈالنا اور ایسا ہی هَاثَ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ: بھیڑیے نے بکریوں میں تباہی ڈالی — بِرِعْلِهِ التُّرَابَ مٹی کو پاؤں سے کریدنا (— هَيْثًا) الْقَوْمُ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا — الشَّيْءُ: ہلنا۔

هَايَثَهُ مُهَايَثَةً۔ کثرت مال یا کثرت عدد پر فخر کرنا۔

تَهَيَّثَ تَهَيُّثًا لَهُ شَيْئًا: دینا۔

تَهَايَثُوْا۔ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا۔

اسْتَهَاثَ اسْتِهَاثَةً۔ مَا أَعْطَاهُ: زیادہ کرنا — الْمَالَ: تباہ کرنا۔

الهَيْثُ۔ حرکت۔

الهَيْثَةُ۔ لوگوں کی جماعت۔

هَايِثَةُ الْقَوْمِ: قوم کا شور۔

المُهَايِث۔ بہت لینے والا۔

هَاجَ يَهِيْجُ هَيْجًا و هِيَاجًا و هَيَجَانًا الشَّيْءُ: بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا — الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا — الرَّجُلُ: بیوقوفی سے مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا — الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ: برانگیختہ کرنا هَاجَتِ الْإِبِلُ۔ اُونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَتِ النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الْأَرْضُ: سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الْإِبِلَ: اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ فَمُطِرْنَا" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور ہمارے اوپر بارش ہوئی۔

هَيَّجَ تَهْيِيْجًا الشَّيْءَ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "هَيَّجَ بَيْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔

هَايَجَهُ و مُهَايَجَةً و هِيَاجًا۔ برانگیختہ کرنا اور لڑائی کرنا۔

اَهَاجَتْ اِهَاجَةً الرِّيْحُ النَّبْتَ ہوا کا نباتات کو خشک کرنا۔

اَهْيَجَ اِهْيَاجًا الْأَرْضَ: سوکھی نباتات والی پانا۔

تَهَيَّجَ تَهَيُّجًا۔ برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔

تَهَايَجَ تَهَايُجًا الْقَوْمُ: باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِيَاجًا الشَّيْءُ: بھڑکنا۔

الهَائِجُ فا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے "هَاجَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَدَأَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

الهَائِجَة۔ الهائج کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَائِجَةٌ: خشک یا زرد شدہ گھاس والی زمین۔

الهَيْج۔ مص۔ لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔ حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ هَيْجٌ" ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اول اول اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاجَ لَهُ هَيْجٌ حَسَنٌ۔"

شَيْءٌ هَيُوْجٌ و مِهْيَاجٌ۔ بھڑکی ہوئی چیز۔ مؤنث کے لیے بھی هَيُوْج مستعمل ہے۔

الهَاجَة۔ مینڈکی۔ ج هَاجَات۔

الهَيْجَا و الهَيْجَاء۔ لڑائی۔

هَادَهُ يَهِيْدُهُ هَيْدًا و هَادًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔ زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَهِيْدُنِيْ ذٰلِكَ" یہ چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ يَهِيْدُ کا استعمال حرف نفی کے ساتھ خاص ہے۔

هَيَّدَهُ تَهْيِيْدًا۔ بمعنے هَادَهُ (مذکورہ بالا معانی میں) هَيَّدَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَا هَيَّدَ عَنْ شَتْمِيْ" وہ مجھے گالی دینے سے نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔

الهَاد۔ مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کا کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے منع کیا جا سکتا ہے نہ ڈانٹا جا سکتا ہے۔

الهَيْد۔ مص۔ مضطرب و پریشان۔

الهَيْدَانُ۔ بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔ بخیل۔

هَيَّرَهُ فَتَهَيَّرَ هَوَّرَهُ فَتَهَوَّرَ میں ایک لغت۔

الهَيَار۔ جو منہدم اور ساقط ہو۔

الهَيْر و الهِيَر۔ باد شمالی۔ الهَيْر و الهَيْرُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَيِّرٌ: لاپروائی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الهَيْرَة۔ نرم زمین۔

رَجُلٌ هَيَّارٌ۔ کمزور مرد۔

الهَيْرُوْن۔ ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَيْرُوْنَة۔

هَاسَ يَهِيْسُ هَيْسًا الشَّيْءَ وَمِنَ الشَّيْءِ بکثرت لینا — فُلَانٌ: تیز چلنا۔

الأَهْيَس۔ بہادر۔ بہت کھانے والا۔

— مِنَ الْإِبِلِ: کسی چیز سے نہ رکنے والا اونٹ۔

الهَيْس۔ مص۔ جوتنے کے لیے بیلوں کی جوڑا اور بقول بعض اس کا کل سامان۔

هَاشَ يَهِيْشُ هَيْشًا الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا — الْقَوْمُ: جوش و حرکت میں آنا۔ کہا جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَيْنَا" تم لوگوں کے اوپر جوش و حرکت میں آئے — فُلَانٌ: بہت بولنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوہنا — الْمَالَ: جمع کرنا — الرَّجُلُ: شاد ہونا۔

الهَيْشَة۔ مخلوط جماعت۔ اضطراب۔ فتنہ ج هَيْشَات۔

هَاصَ يَهِيْصُ هَيْصًا بِالشَّيْءِ: سختی برتنا — عُنُقَهُ: گردن توڑنا — الطَّيْرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

المَهَايِص۔ پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہ۔ واحد مَهْيَص۔

الهَيْص۔ پرندے کی بیٹ۔

هَاضَ يَهِيْضُ هَيْضًا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا — فُلَانٌ الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَاثَلَ الْمَرِيْضُ فَهَاضَهُ كَذَا" مریض اٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ مبتلاء مرض کر دیا —

الحُزْنُ قَلْبَهٗ: بار بار غم لاحق ہونا۔
هَاضَهٗ۔ توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔
هَیَّضَهٗ۔ برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔
تَهَیَّضَ تَهَیُّضًا وَانْهَاضَ اِنْهِيَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔ تَهَیَّضَهُ الْمَرَضُ وَ نَحْوُهٗ: بیماری کا بار بار لوٹنا۔
اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔
الْهَیْض۔ پرندے کی بیٹ۔
الْهَیْضَاء۔ لوگوں کی جماعت۔
الْهَیْضَة۔ هاض کا اسم مرۃ۔ رنج و غم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا هَیْضَةُ الْکَرٰی: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے سستی عَظْمٌ مَهِیْضٌ جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔
الْمُسْتَهَاض۔ وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے' وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔
هَاطَ یَهِیْطُ هَیْطًا۔ شور مچانا۔
هَایَطَ مُهَایَطَةً وَهِيَاطًا۔ شور مچانا۔ فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔
تَهَایَطَ تَهَایُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔
الْهَیْطُ مص۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فِی هَیْطٍ و مَیْطٍ" وہ ہمیشہ شور و غوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِی هِيَاطٍ و مِيَاطٍ وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔
هَاعَ یَهِیْعُ و یَهَاعُ هَیْعًا الشَّیْءُ: زمین پر پھیلنا — الرَّصَاصُ: پگھلنا — الرَّجُلُ: بھوکا ہونا — الْاِبِلُ اِلَی الْمَاءِ: خواہش مند ہونا — الرَّجُلُ: بتکلف قے کرنا (— هَیْعًا و هَیْعَةً و هُیُوْعًا و هَیْعُوْعَةً و هَیَعَانًا: بزدل ہونا۔ گھبرانا (— هَیْعَةً وَهَاعًا) سخت حریص ہونا — مِنَ الشَّیْءِ: تنگ دل ہونا' زچ ہونا۔
تَهَیَّعَ تَهَیُّعًا وَانْهَاعَ اِنْهِيَاعًا۔ الشَّیْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَیَّعَ وَانْهَاعَ السَّرَابُ" سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔
الْهَائِع۔ فا۔ لَیْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔
الْهَائِعَة۔ الهائع کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔
الْهِیَاع۔ پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِیْحٌ هِیَاعٌ لِیَاعٌ" تیز ہوا۔
الْهَاع۔ سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد۔ اور ایسا ہی اِمْرَأَةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ۔"
الْهَیْعَة۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ اَرْضٌ هَیْعَةٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔
رَجُلٌ هَیِّعٌ لَیِّعٌ۔ کمزور گھبرانے والا مرد۔
الْمُتَهَیِّع۔ برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔
الْمَهْیَع۔ کھلا ہوا کشادہ راستہ۔ اور کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ مَهْیَعٌ" ج مَهَایِع۔ بَلَدٌ مَهْیَعٌ۔ کشادہ شہر۔
هَیْعَرَتْ هَیْعَرَةً۔ الْمَرْأَةُ: بدکار ہونا (— و تَهَیْعَرَتْ) ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔
الْهَیْعَرَة۔ مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔
هَیَّغَ تَهْیِیْغًا الْمَطَرُ الْاَرْضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔
اَهْیَغَ۔ الْقَوْمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔
الْاَهْیَغ۔ ترو تازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔ والْاَهْیَغَان: ترو تازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔
هَافَ یَهِیْفُ هَیْفًا۔ بہت پیاسا ہونا (— یَهَافُ هَیْفًا) الْعَبْدُ: غلام کا بھاگنا۔ (— هِیَافًا و هُیَافًا) الْاِبِلُ: اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔
هَیِفَ یَهْیَفُ و هَافَ یَهَافُ هَیْفًا و هَیَفًا الْغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْیَف۔ صفت مؤنث هَیْفَاء ج هِیْف۔
اَهَافَ اِهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
اِهْتَافَ اِهْتِیَافًا۔ پیاسا ہونا۔ صفت مُهْتَاف۔
اِسْتَهَاف۔ باد هَیْف کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هَیْف)
الْهَائِف۔ فا۔ سخت پیاس والا۔
الْهَائِفَة۔ هائف کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر باد هیف کی طرف رخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هَیْف)
الْهَیْف۔ مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هَیْفٌ لِاَدْیَانِهَا" اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے' یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔
رَجُلٌ هَافٌ۔ پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ اِبِلٌ هَافَةٌ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔
الْمِهْیَاف و الْهَیْفَان و الْهَیُوْف۔ پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔
اَهْیَقَ الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا لمبا ہونا۔
الْهَیْقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا۔ اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شتر مرغ۔ ج اَهْیَاق و هُیُوْق مؤنث هَیْقَة۔
الْاَهْیَق۔ لمبی گردن والا۔
هَیَّكَ تَهْیِیْكًا۔ جلدی کرنا۔ کھودنا۔
هَیْكَل و کہل کا مادہ دیکھئے۔
هَالَ یَهِیْلُ هَیْلًا عَلَیْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَیَّلَ تَهْیِیْلًا عَلَیْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لیے ہے)
تَهَیَّلَ تَهَیُّلًا وَانْهَالَ اِنْهِیَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهٗ فَانْهَالَ وَ هَیَّلَهٗ فَتَهَیَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْهَالُوْا عَلٰی فُلَانٍ: فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔
الْهَال۔ ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔
الْهَیْل۔ مص۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَیْلِ و الْهَیْلَمَان" یعنی وہ بہت مال لایا یا وہ ریت اور ہوا لایا۔
الْهَیَال۔ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔
الْهَیْلَان۔ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔
الْهَالَة۔ چاند کے ارد گرد کا حلقہ۔ ج هَالَات۔
الْهَیُوْلٰی۔ ذرات جو روشندان میں دھوپ

پڑتے وقت معلوم ہوں۔
الهَيُوْلٰى والهَيُّوْلٰى۔ مادۂ اولیٰ۔ نسبت کے لئے هَيُوْلِيٌّ وهَيُوْلَانِيٌّ ج هَيُوْلَات۔
هَيْلَلَ هَيْلَلَةً۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہنا۔
هَامَ يَهِيْمُ هَيْمًا و هُيُوْمًا و هِيَامًا و هَيَمَانًا و تَهْيَامًا بِكَذَا: محبت کرنا — عَلٰى وَجْهِهٖ: آوارہ پھرنا (— هِيَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هِمْ لِنَفْسِكَ" یعنی اپنی ذات کے لیے طلب کرو اور اسی کے لیے اہتمام کرو۔
هَيَّمَهُ الْحُبُّ: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔
تَهَيَّمَ تَهَيُّمًا الْهَوٰى فُلَانًا: پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا — فُلَانٌ: اچھی چال چلنا۔
اِهْتَامَ اِهْتِيَامًا لِنَفْسِهٖ: حیلہ کرنا۔
أُسْتُهِيْمَ فُؤَادُهٗ: محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُسْتَهَامُ الْفُؤَاد۔
الهَائِم۔ فا۔ حیران۔ ج هُيَّم و هُيَّام۔ الهُيَّام: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔
الهَيَام۔ ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت ج هُيُمٌ۔
الهُيَام۔ جنون عشق۔ سخت پیاس۔ الهُيَام: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔
الهَيْم۔ مص۔ کہا جاتا ہے "هَيْمُ اللّٰه" بمعنے "اَيْمُ اللّٰهِ" یعنی خدا کی قسم۔
الهَيْمَاء۔ بے پانی کا بیابان۔
الاَهْيَم۔ هُيَام کی بیماری والا۔ مؤنث هَيْمَاء ج هِيْمٌ۔ لَيْلٌ اَهْيَمُ و لَيْلَةٌ هَيْمَاءُ: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔
الهَيْمَان۔ پیاسا۔ هُيَام کی بیماری والا۔ مؤنث هَيْمٰى ج هِيَام و هَيْمٰى۔ رَجُلٌ هَيْمَان: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔
الهَيُوْم۔ حیران۔
رَجُلٌ اَهْيَم۔ سخت پیاس والا مرد۔
قَلْبٌ مُسْتَهَام۔ عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔
المَهْيُوْم۔ سخت پیاس والا۔ هُيَام کی بیماری والا۔
هَيْمَنَ هَيْمَنَةً۔ آمین کہنا۔
الطَّائِرُ عَلٰى فِرَاخِهٖ: پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔
فُلَانٌ عَلٰى كَذَا: نگہبان ہونا۔
المُهَيْمِنُ وَالْمُهَيْمَن۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنے خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت و حیات وغیرہ کا کفیل۔
الهَيْنَم۔ روئی۔
الهَيْنَمَة۔ پست آواز۔
الهَيْنُوْم۔ غیر مفہوم کلام۔
هِيْهِ هِيْهِ۔ کسی چیز کو دفع کرنے کیلئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)
هَيْهَاتَ۔ بتثلیث الاخر: اسم فعل ہے بمعنے دور ہوا۔ اور اس میں چند لغات اور ہیں اَيْهَاتَ وَاَيْهَانَ وَهَيْهَانَ وَهَايْهَات و هَايْهَان حرفِ آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔ معرب بھی ہیں اور مبنی بھی۔ اور ایک لغت اَيْهَا ہے۔
هَيَا۔ بعید کے لیے حروف نداء میں سے ہے اور اس کی اصل اَيَا ہے۔
هَيُّ بْنُ بَيٍّ وَهَيَّانُ بْنُ بَيَّانَ غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔
هَيِّ۔ اسم فعل بمعنے امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے رُوَيْدَك اور هَاكَ میں کہا جاتا ہے هَيِّك اور کبھی تثنیہ کے لیے "هَيَّا" اور جمع کے لیے "هَيُّوْ" کہا جاتا ہے۔
هَيَّا هَيَّا اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔
الهَيَّاة۔ شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "مَاهَيَّاتُهٗ" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

ی

الیَاءُ- ضمیر مؤنث کے لیے آتی ہے جیسے تَقُوْمِیْنَ و قُوْمِی۔ اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے جیسے ضَرَبَنِی وکِتَابِیْ-

یا- حرفِ ندا ہے- بعید و قریب دونوں کے لیے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یَا "لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ" وَیَا "رُبَّ کَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَةٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ" اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لیے ہے-

اور "اَیَالِی رَجُلٌ وَیَالَهٗ رَجُلاً اَوْ مِنْ رَجُلٍ" وَ "یَالَکَ مِنْ فَارِسٍ" جیسی ترکیبوں میں یا حرف ندا اور لام تعجب کے لیے ہے-

یَئِسَ یَیْاَسُ وَیَیْئِسُ یَأْسًا ویَئَاسَةً مِنْهُ : ناامید ہونا- صفت فاعلی یَائِسٌ و یَؤُسٌ و یَؤُوْسٌ- جمع یَؤُوْسٌ اور صفت مفعولی مَیْؤُوْسٌ مِنْهُ- اور کبھی یَئِسَ جاننے کے معنے میں آتا ہے- جیسے "اَلَمْ تَیْاَسُوْا اَنِّیْ ابْنُ فَارِسِ زَهْدَمٍ" کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں-

یَئِسَتِ الْمَرْاَةُ تَیْاَسُ- بانجھ ہونا- صفت یَائِسٌ-

اَیْاَسَهٗ اِیْئَاسًا وَاَیْسَهٗ اِیَاسًا و مُؤَایَسَةً- ناامید کرنا- اَیْاَسَ اللّٰهُ الْمَرْاَةَ بانجھ کرنا-

اِتَّاَسَ اِتِّئَاسًا واسْتَیْاَسَ اِسْتِیْأَسًا مِنْهُ : مایوس ہونا-

الیَأْسُ و الیَئَاسَة- ناامیدی-

یَأْیَاَیَأْیَاَةً وَیَأْیَاءً الْقَوْمَ : پکارنا- بِالْاِبِلِ : اَیْ کہہ کے ٹھہرانا (اَیْ ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو ڈانٹتے ہیں)

یَأْیَأْ- لوگوں کے جمع ہونے کے لیے پکارنے کا اسم صوت-

الیَأْیَاءُ- مص- یؤیؤ نامی شکاری پرندہ کی چیخ-

الیُؤْیُؤ- ایک قسم کا شکاری پرندہ- باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جَلَم بھی کہتے ہیں ج یَیَابِی-

یَبَّبَ الْمَنْزِلَ ویران کرنا- کہا جاتا ہے "خَرَّبُوْهُ وَیَبَّبُوْهُ" انہوں نے اسے تباہ و ویران کیا-

الیَبَاب- ویران- کہا جاتا ہے "مَنْزِلٌ خَرَابٌ یَبَابٌ" ویران منزل-

الاَیْبَد- ایک قسم کی نباتات-

یَبِسَ یَیْبَسُ و یَیْبِسُ یَبْسًا و یُبْسًا واِتَّبَسَ- خشک ہونا- صفت یَبْس و یَبِس و یَابِس و یَبُوْس و یَبِیْس و اَیْبَس- کہا جاتا ہے "یَبِسَ مَا بَیْنَهُمَا" ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے-

یَبَّسَ وَاَیْبَسَ الشَّیْئَ : خشک کرنا- اَیْبَسَ الْمَکَانُ : خشک نباتات والی ہونا- اَیْبَسَ الْقَوْمُ : خشک زمین میں چلنا- اَیْبَسَ الْعُوْدُ خشک ہونا- اور کہا جاتا ہے "اَیْبِس یَا رَجُلُ" یعنی چپ رہو-

اِسْتَیْبَسَ الرِّیْقُ : تھوک خشک ہونا-

اَلْیَابِس- فا- ج یَبَّس- رَجُلٌ یَابِسٌ : بے برکت آدمی- حَجَرٌ یَابِسٌ : سخت پتھر-

الیَبْس- خشک جس میں کبھی تری نہ رہی ہو- خشک جگہ جو پہلے تر رہی ہو شَاةٌ یَبْس بے دودھ کی بکری-

الیُبْس- مص- خشک- یَابِس کی جمع- جیسے رَاکِبٌ کی جمع رَکْبٌ- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ یَبْس" بے برکت شخص-

شَیْئٌ یَبَاسٌ- خشک چیز-

الیُبُوْسَة- خشکی-

یَبِیْسُ الْمَاءِ : پسینہ-

الاَیْبَسَانِ- کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا-

الاَیَابِس- سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے اَیْبَس کی جمع-

المِیْبَاس- پودوں کو خشک کرنے والی ہوا-

الیَتْوْع والیَتُّوْع- دودھ والے پودے ج یَتُوْعَات-

یَتَمَ یَیْتِمُ ویَتِمَ یَیْتَمُ ویَتُمَ یَیْتُمُ یُتْمًا و یَتْمًا الصَّبِیُّ مِنْ اَبِیْهِ : یتیم ہونا-

یَتِمَ (ض) یَتْمًا- کوتاہی کرنا- سستی کرنا- تھکنا- دیر کرنا —— مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ : رہائی پانا- تَیَتَّمَ الصَّبِیُّ : یتیم ہونا-

یَتَّمَهٗ وَاَیْتَمَهٗ- یتیم کرنا- اَیْتَمَتِ الْمَرْاَةُ یتیم بچوں والی ہونا- صفت مُؤْتِمٌ- ج مَیَاتِیْمُ-

الیَتِیْمُ- نابالغ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو —— مِنَ الْبَهَائِمِ : جس کی ماں مرگئی ہو ج اَیْتَام وَیَتَامٰی ویَتَمَةٌ ویَتِیْمَةٌ ویَتَائِم- الْیَتِیْمُ اکیلا- کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیْمٌ وَبَلَدٌ یَتِیْمٌ- علیحدہ ریگستان- بے نظیر- بے مثل-

الیَتِیْمَة- یتیم کا مؤنث- ج یَتَامٰی- علیحدہ ریگستان- دُرَّةٌ یَتِیْمَةٌ : بیش قیمت بے نظیر موتی-

الیَتْم- مص- غم-

الیُتْم- مص- یکتائی- یتیمی کی حالت-

الیَتَم- مص- یکتائی- یتیمی کی حالت- حاجت- اور کہا جاتا ہے "فِیْ سَیْرِهٖ یَتَمٌ" اس کی چال میں ضعف و فتور ہے-

صَبِیٌّ یَتْمَان- یتیم بچہ- کہا جاتا ہے اَلْحَرْبُ مَیْتَمَةٌ یعنی لڑائی بچوں کو یتیم بنانے والی ہوتی ہے-

یَتَّنَتْ تَیْتِیْنًا وَاَیْتَنَتْ اِیْتَانًا الْمَرْاَةُ او النَّاقَةُ الْوَلَدَ : پاؤں کی جانب سے پیدا ہونے والے بچہ

کو جننا۔ صفت مُؤتِنٌ و مُؤتِنَۃٌ۔ صفت مفعولی مَؤْتُوْنٌ اور قیاس مُؤتَن ہے۔
اَلیَتْن۔ وہ بچہ جس کے پیر پیدائش میں پہلے ظاہر ہوں۔
اَلمِیْجَار۔ کھیلنے کا ڈنڈا۔ چوگان۔
اَلیَحْمُوْر۔ سرخ۔ چھوٹی دم والا بارہ سنگھا۔
اَلیَحْمُوْم۔ بہت کالا۔
یَدَّعَ الثَّوْبَ : اَیْدَع سے رنگنا (دیکھئے لفظ اَیْدَع)
اَیْدَعَ الْحَجَّ عَلٰی نَفْسِہٖ : احرام کے وقت خوشبو لگا کر حج واجب کرنا۔
اَلاَیْدَع۔ زعفران۔ اور بقول بعض بقم کی لکڑی۔
یَدَیٰ یَدِی یَدْیًا الرَّجُلَ : ہاتھ پر مارنا۔ صفت فاعلی یَادٍ۔ صفت مفعولی مَیْدِیّ۔
یُدِیَ و یَدِیَ یَیْدَیٰ یَدًیٰ فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ : فائدہ حاصل کرنا۔ یَدِیَ فُلَانٌ مِنْ یَدِہٖ : ہاتھ جاتا رہنا۔ خشک ہونا۔ یَدِیَ الرَّجُلُ : کمزور ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَالًا یَیْدَیٰ بِہٖ وَیَبُوْعُ" اس کے پاس مال ہے جس کی وجہ سے وہ ہاتھ اور باع کو کشادہ رکھتا ہے (باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کا نام ہے)
یَادَیٰ مُیَادَاۃً الرَّجُلَ : بدلہ دینا یا دست بدست دینا۔
اَیْدَیٰ اِیْدَاءً عِنْدَ فُلَانٍ وَاِلَیْہِ : انعام کرنا۔ صفت فاعلی مُوْدٍ۔ وصفت مفعولی مُوْدًی اِلَیْہِ۔
اَلیَدُ۔ ہاتھ۔ ہتھیلی۔ کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے۔ اصل یَدَیٌ ہے تثنیہ یَدَانِ ج الاَیْدِی و الیُدِیّ۔ جج الاَیَادِی۔ اور اَیَادِی کا اکثر استعمال نعمت کے معنے میں ہوتا ہے اور الاَیْدِی کی جمع الاَیْدِیْن بھی آتی ہے۔ الید : نعمت و احسان ج یُدِیٌّ و یَدِیٌّ و یِدِیٌّ و اَیْدٍ۔ الید : جاہ و مرتبہ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "مَالَکَ عَلَیْہِ یَدٌ" تم کو اس پر طاقت حاصل نہیں۔ ندامت۔ ذلت۔ جماعت۔ کھانا۔ ظلم سے روک۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِھِمْ یَدَ الْبَحْرِ" وہ ان لوگوں کو سمندر کے راستہ سے لے گیا۔ فریاد رسی۔ اور کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْنِ" میں اس سے سب سے پہلے ملا۔ "وسُقِطَ فِی یَدَیْہِ" وہ پشیمان ہوا "وَلَہٗ یَدٌ بَیْضَاءُ فِی ھٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس کام میں ماہر کامل ہے "وَضَرَبَ الْقَاضِی عَلٰی یَدِہٖ" قاضی نے اس کو تصرف سے منع کر دیا "وَاَعْطٰی بِیَدِہٖ" وہ مطیع و فرمانبردار ہوا۔ یَدُ الطَّائِرِ : پرندہ کے بازو۔ یَدُ الدَّھْرِ : مدت زمانہ۔ یَدُ الْفَاسِ : کلہاڑے کا دستہ یَدُ الْقَوْسِ : کمان کے دونوں جانب جو جھکائے جائیں۔ الیَدُ الْعُلْیَا : دینے والا ہاتھ۔ الیَدُ السُّفْلٰی۔ مانگنے والا ہاتھ یا روکنے والا ہاتھ۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَوْمُ عَلَیْہِ یَدٌ وَاحِدَۃٌ" قوم اس کے اوپر ظلم کرنے میں یا دشمنی کرنے میں متفق ہے "وَھٰذَا فِی یَدِی" یہ میری ملکیت میں ہے۔ "وَالْاَمْرُ بِیَدِ فُلَانٍ" معاملہ فلاں کے قبضہ میں ہے۔ "وَیَدِیْ رَھِیْنَۃٌ بِکَذَا" میں اس کا ضامن ہوں "وَلَا یَدَیْنِ لَکَ بِھٰذَا" تم کو اس کی طاقت نہیں۔ اور امثال عرب سے ہے۔ "یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ" جماعت پر اللہ کی حفاظت ہے "وَالْیَدُ لِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ" فلاں کو فلاں پر طاقت وغلبہ ہے۔ "وبِعْتُہٗ یَدًا بِیَدٍ" میں نے دست بدست بیع کی "وَذَھَبُوْا اَیَادِی سَبَا او اَیْدِیْ سَبَا" وہ سب پراگندہ ہو گئے "یَدُ الْجَوْزَاءِ" : چند ستارے۔
اَلیَدُّ۔ بالتشدید و الیَدَیٰ و الیَدَۃ۔ ہاتھ۔ ید میں لغات ہیں۔
اَلیَدِیُّ۔ ماہر۔ حاذق۔ ثَوْبٌ یَدِیٌّ : وسیع کپڑا۔ عَیْشٌ یَدِیٌّ : آسودہ زندگی (— والیَدَوِیُّ) ید کی جانب منسوب۔
اَلیُدَیَّۃ۔ ید کی تصغیر۔
اَلیَدْیَاء۔ ماہر عورت۔
اَلمُوْدِی۔ احسان کرنے والا۔ انعام کرنے والا۔
اَلمُوْدیٰ اِلَیْہِ : جس پر انعام کیا جائے۔
اَلمَیْدِی۔ جڑ سے ہاتھ کٹا ہوا۔ ظَبْیٌ مَیْدِیٌّ : جال میں اگلی ٹانگ پھنسی ہوئی ہرنی۔
اَلیَرَّۃ۔ آگ۔
اَلیَرْبُوْع۔ چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی اور دم لمبی ہوتی ہے۔ ج یَرَابِیْع۔
اَلیَارَج۔ کنگن۔ (دخیل)
اَلیَارُوْج۔ تلوار۔
اَلاِیَارَجَۃ۔ دست آور معجون۔ ج اَیَارِج۔ (دخیل)
یَرِعَ یَیْرَعُ یَرَعًا۔ بزدل ہونا۔
اَلیَرَع۔ گائے کا بچہ۔
اَلیَرَاع۔ جگنو۔ نرکل۔ قلم۔ بانسری جس کو چرواہا بجاتا ہے۔ بزدل۔ کمزور۔ بے عقل۔ چھوٹے چھوٹے بھیڑ بکری۔
اَلیَرَاع و الیَرَع۔ بھنگا۔
اَلیَرَاعَۃ۔ جگنو۔ نرکل۔ ج یَرَاع۔ چرواہے کی بانسری۔ قلم۔ بیوقوف۔ بزدل۔ جھاڑی۔ شترمرغ۔
اَلیَرُوْع۔ خوف۔ ڈر۔
یُرِقَ۔ یرقان کی بیماری والا ہونا۔
اَلیَرَقَان و الیُرْقَان۔ کھیتی کے لیے ایک آفت جس میں کھیتی پیلی پڑ جاتی ہے۔ یا کیڑے جو کھیت کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس سے بدن پیلا ہو جاتا ہے۔
اَلمَیْرُوْق و المَأْرُوْق۔ مِنَ الزَّرْعِ وَالنَّاسِ : یرقان زدہ۔
اَلیَرْمَع۔ پھرکی۔ سفید چمکنے والی کنکریاں ج یَرَامِع۔
اَلیَرُوْن۔ ہاتھی کا دماغ۔ جانور کا پسینہ۔ نر جانور کی منی۔
یَرْنَأَ یَرْنَأَۃً الشَّیْءَ : مہندی سے رنگنا۔
اَلیُرَنَّأ و الیَرَنَّأ و الیُرَنَّاء۔ مہندی۔
یَسَرَ یَیْسِرُ یَسْرًا و یَسَرًا۔ نرم ہونا۔ مطیع ہونا۔
یَسَرَتِ الْمَرْأَۃُ : آسانی سے جننا۔ (— یَسْرًا) جوا کھیلنا — الرَّجُلَ : بائیں جانب سے آنا — الْقَوْمُ النَّاقَۃَ : حصے کر کے گوشت کو تقسیم کر لینا۔
یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا۔ کم ہونا۔ صفت یَسِیْرٌ۔
یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا و یَسِرَ یَیْسَرُ یَسَرًا الْاَمْرُ : آسان ہونا۔ صفت یَسِیْرٌ۔
یَسَّرَ الشَّیْءَ لِفُلَانٍ : آسان کرنا۔ توفیق دینا (خیر و شر دونوں کے لیے مستعمل ہے)
یَسَّرَتِ الْغَنَمُ : زیادہ دودھ و بچے والی ہونا۔
یَسَّرَ الرَّجُلُ : آسانی سے بچے جننے والی بکری اور اونٹ والا ہونا۔
اَیْسَرَ اِیْسَارًا۔ دولت مند ہونا۔ صفت مُوْسِرٌ

ج مَیَاسِیر- اَیْسَرَ الرَّجُلَ: مطالبہ میں سختی نہ کرنا- اَیْسَرَتِ الْمَرْاَۃُ: آسانی سے جننا-

یَاسَرَہٗ مُیَاسَرَۃً- نرمی برتنا- بائیں جانب سے آنا- یَاسَرَ الشَّیْئَ: بائیں جانب لینا- بِالْقَوْمِ: باہم آسانی و نرمی کرنا-

تَیَسَّرَ لِلْقِتَالِ: مقاتلہ کیلئے تیار ہونا — البِلَادُ: سرسبز ہونا — النَّھَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (— و اسْتَیْسَرَ) الْاَمْرُ: آسان ہونا- و اسْتَیْسَرَ لَہُ الْاَمْرُ: تیار ہونا-

تَیَاسَرَ- باہم آسانی کرنا — الرَّجُلُ: بائیں جانب سے کرنا — الْقَوْمَ: بائیں جانب لینا (— وَاتَّسَرَ و ایْتَسَرَ) الْقَوْمُ: جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو باہم تقسیم کرنا- اور کہا جاتا ہے "تَیَاسَرَتِ الْاَھْوَاءُ قَلْبَہٗ" خواہشات نے اس کے دل کو تقسیم کرلیا-

الْیُسْر و الْیُسُر و الْیَسَارَۃ- آسانی' نرمی' تونگری- الْیُسْر: ایک درخت کا نام جس کا دانہ بہت کالے رنگ کا ہوتا ہے اور خوشبو اچھی ہوتی ہے اس کو کھیلنے کے لئے دھاگے میں پرو لیتے ہیں-

الْیَسَار- آسانی- تونگری (— والیِسَار) بایاں- ج یُسُر و یُسْر-

الْیَسَر- مہ - آسان- تیار کیا ہوا- جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج اَیْسَار- کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَعْسَرُ یَسَرٌ" دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا مرد- اور مؤنث کے لیے عَسْرَاءُ یَسْرَاء-

الْیَاسِر- فا- آسان- بایاں- جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم- قصائی ج اَیْسَار-

الْیَسَرَۃ- ہاتھ کی غیر متصل لکیریں- دونوں ران کے داغ ج اَیْسَار و یَسَرَات-

الْیَسَرَات: ہلکی ٹانگیں-

الْیُسْریٰ ج یُسْرَیَات و الْیَسْرَہ: بایاں-

الْاَیْسَر- بائیں جانب والا- نرم و آسان-

الْیَسِیْر- کم- نرم آسان (— والیَسُور) غالب- جوئے باز- ج یُسُر-

الْمَیْسِر- جوا- تیروں کا جوا- ذبح شدہ جانور جن پر جوا کھیلا جائے- زمانہ جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے اور اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے اور تیروں میں حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے تھے جس شخص کے نام حصہ والا تیر نکلتا تھا وہ اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر بے حصہ کا تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا-

الْمَیْسَرَۃ- بائیں جانب- بائیں جانب کا دستہ فوج ج مَیَاسِر (— والمَیْسِرَۃ و المَیْسُرَۃ) آسانی- تونگری-

الْمَیْسُوْر- آسان کیا ہوا- آسان ج مَیَاسِیر-

الْیَاسَمِیْن و الْیَاسَمُوْن- چنبیلی-

یَسِنَ یَیْسَنُ یَسَنًا الْمَاءُ: متغیر ہونا-

الْیَشْب و الْیَشْف و الْیَشْم- یشب ایک نہایت بیش قیمت پتھر-

الْیَصْب و الْیَصْف- یشب-

الْاَیْصَر- سوکھی گھاس ج اَیَاصِر-

یَعَرَتْ تَیْعِرُ و تَیْعَرُ یُعَارًا الشَّاۃُ او الْمَعْزیٰ: بکری کا ممیانا-

الْیَعْر و الْیَعْرَۃ- بکری کا بچہ جس کو شیر اور بھیڑیئے کے شکار کے لیے گڑھے کے پاس باندھ دیتے ہیں ج یُعَار-

الْیَعْسُوْب- شہد کی مکھیوں کا بادشاہ- ج یَعَاسِیب-

الْیَعْفُوْر- ہرن-

الْیَعْر- ایک جانور جو کتے سے چھوٹا اور بلی سے بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو غُرَیر بھی کہتے ہیں-

یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا الْوَلَدَ: لڑکے کی چندیا پر مارنا-

الْیَافُوْخ و الْیَأْفُوْخ- نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے ج یَوَافِیْخ- اور کہا جاتا ہے "صَدَعَ الْقَوْمُ یَافُوْخَ اللَّیْلِ" جب کہ رات میں چلیں "وَمَسَّ بِیَافُوْخِہِ السَّمَاءَ" جبکہ تکبر کرے "وَوَطِیَ فُلَانٌ یَوَافِیْخَ الْقُرُوْمِ" جبکہ سب لوگ سرداری کو تسلیم کرلیں-

یَفَعَ یَیْفَعُ یَفْعًا وَاَیْفَعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا- یَفَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا-

تَیَفَّعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا — الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا- ٹیلہ پر آگ روشن کرنا-

الْیَفَع و الْیَفَاع- بلند ٹیلہ- بلند زمین- ج یُفُوْع- غُلَامٌ یَفَعٌ: نوجوان لڑکا- ج اَیْفَاع-

الْیَافِع- فا- غُلَامٌ یَافِعٌ: نوجوان لڑکا- ج یَفَعَۃٌ وبِفُلَانٍ مَجْدٌ یَافِعٌ: بڑی بزرگی-

الْیَفَعَۃ- لڑکا جو نوجوان ہوا اور بلوغ کے قریب ہو- کہا جاتا ہے غُلَامٌ یَفَعَۃٌ و غُلَامَانِ یَفَعَۃٌ و غِلْمَانٌ یَفَعَۃٌ-

الْیَافِعَۃ- یافع کا مؤنث- ج یَافِعَات الْیَافِعَاتُ مِنَ الْاُمُوْرِ: طاقت سے باہر کام — مِنَ الْجِبَالِ: بلند پہاڑ-

الْمَیْفَعَۃ- بلند زمین ج مَیَافِع-

الْیَفَن- بہت بوڑھا- پیر فرتوت- بوڑھا بیل- صاحب لنون ج یُفُن-

یَقَّ یَیَقُّ یُقُوْقَۃً- سفید ہونا-

الْیَقَق- روئی- کھجور کے اندر کا سفید گودا- ایک ٹکڑے کو یَقَقَۃ کہتے ہیں- کہا جاتا ہے "اَبْیَضُ یَقَقٌ و یَقِقٌ" بہت سفید ج یَقَائِق-

الْیَاقُوْت- ایک بیش قیمت پتھر واحد یَاقُوْتَۃٌ ج یَوَاقِیْت-

الْیَقْطِیْن- بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ- عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لیے ہوتا ہے واحد یَقْطِیْنَۃ-

یَقِظَ یَیْقَظُ یَقَظًا و یَقُظَ یَیْقُظُ یَقَاظَۃً- بیدار ہونا- چوکنا ہونا- صفت مذکر یَقِظٌ و یَقُظٌ و یَقْظَان ج اَیْقَاظ- صفت مؤنث یَقْظیٰ ج یَقَاظیٰ-

اَیْقَظَ اِیْقَاظًا و یَقَّظَ تَیْقِیْظًا الْغُبَارَ: غبار اڑانا — فُلَانًا: بیدار کرنا- جگانا-

تَیَقَّظَ تَیَقُّظًا و اسْتَیْقَظَ اسْتِیْقَاظًا بیدار ہونا- کہا جاتا ہے "تَیَقَّظَ لِلْاَمْرِ" وہ معاملہ پر متنبہ ہوگیا- اسْتَیْقَظَہٗ: بیدار کرنا-

الْیَقَظَۃ- بیداری-

اَبُو الْیَقْظَان- مرغ-

یَقِنَ یَیْقَنُ یَقْنًا و یَقَنًا الْاَمْرُ: واضح ہونا- صفت یَقِیْنٌ (— واَیْقَنَ و تَیَقَّنَ و اسْتَیْقَنَ) الْاَمْرَ و بِہٖ: جاننا- یقین کرنا-

الْیَقَن و الْیَقِن و الْیُقُن و الْیَقَنَۃ و المِیْقَان- ہر سنی ہوئی چیز پر یقین کرنے والا مؤنث مِیْقَانَۃٌ-

الیقن: زوال شک۔ رَجُلٌ یَقِنٌ بِالشَّیءِ: کسی چیز پر فریفتہ مرد۔

الیقین۔ زوال شک۔ یقینی امر۔ نظر و استدلال سے حاصل ہونے والا علم۔ حق الیقین۔ واضح اور خالص بے شبہ۔ اَمْرٌ یَقِینٌ: سچا واضح معاملہ۔

